نہایت صاف جلی اور نہایت صحیح قرآن شریف اگر درکار ہو تو ... قرآن مجید الجمعیۃ ... گلی قاسم جان دہلی سے طلب فرمائیے قیمت مجلد ... 

پادری کی لڑکی کا قبول اسلام

... منیجر الجمعیۃ دہلی


## بقیہ ہزارہ میں یوم انسداد ارتداد قادیان

### حکومت کی قادیانیت نوازی پالیسی کی مذمت

[illegible]

## دور جدید مدرسہ عالیہ نظامیہ الہ آباد

[illegible]

## غریب یتیم طلبا کو بھی یاد رکھئے

[illegible]

## قصبہ اجراڑہ میں جامع مسجد کی تعمیر

[illegible]


اخبار الجمعیۃ میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے

خاص رعایت

## حیات حافظ رحمت خاں

غیر مجلد دو روپے چار آنے میں خریدیئے

روہیلکھنڈ کے بادشاہ حافظ الملک حافظ رحمت خاں کی مشہور و معروف سوانح عمری کا پہلا ایڈیشن عنقریب ختم ہونے والا ہے صرف ... جلدیں باقی ہیں۔ جلد آرڈر دیجئے ورنہ دوسرے ایڈیشن کا انتظار کرنا پڑے گا۔

[illegible]

ملنے کا پتہ:- منیجر اخبار الجمعیۃ گلی قاسم جان دہلی

ہمالیہ پہاڑ جہاں سونے چاندی اور لوہے کی کانیں ہوتی ہیں ... سلاجیت پیدا ہوتا ہے ... ہزارہا سرٹیفکیٹ ہمارے پاس موجود ہیں۔

طاقت و قوت بڑھانے اور قوت مردمی کا بے تحاشا اضافہ کرنے والی تمام اقسام کے جریان و سلسل البول کو دور کرنے والی ... علماء و حکماء کا تعریف کردہ

اکسیر اعظم

## اصلی سلاجیت اصلی

[illegible]

پتہ:- مالک فرم ہمالیہ ڈپو - ہردوار ضلع سہارنپور

HIMALYA DEPO HARDOWAR (SAHARANPUR)

تصدیق ... [illegible]

## حمائل شریف مترجم مع خلاصۃ التفاسیر

[illegible]

ملنے کا پتہ:- منیجر اخبار الجمعیۃ گلی قاسم جان دہلی

مشہور و معروف دو ترجمہ والا معجز نما متوسط قرآن مجید مع مکمل تفسیر

## حیرت انگیز رعایتی اعلان

[illegible]

منیجر اخبار الجمعیۃ گلی قاسم جان دہلی

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

یداللہ علی الجماعۃ

تار کا پتہ: الجمعیۃ دہلی
ٹیلیفون نمبر ۵۷۳۸

عید مبارک

# سہ روزہ الجمعیۃ دہلی

مدیر مسئول: ہلال احمد زبیری (بی-اے)  معاون: محمد عثمان فارقلیط

جلد ۲۱ | دہلی - یوم چہارشنبہ ۳ شوال المکرم ۱۳۵۳ہجری مطابق ۹ جنوری ۱۹۳۵ء | نمبر ۲

## گلشن رحمت کی قدسی عندلیبوں کا ترانہ

### رمضان المبارک کے اختتام پر محاسبہ نفس کی ضرورت

### روزہ کے تین مراتب

(از مولانا محمد میاں صاحب معلم جامعہ قاسمیہ مدرسہ شاہی مراد آباد)

طاء اعلیٰ سے خصوصی رابطہ

(باقی صفحہ ۴ کالم ۲ کے نیچے ملاحظہ فرمائیے)

## معاصرین کے افکار و آراء

### کیمونل ایوارڈ کے خلاف دوسری مہم

(احسان)

### خطابات سال نو

### فائدہ اٹھاؤ اور تکلیف دو

### مغربی طریقہ

### ملک معظم اور ہندوستان

## پادری کی لڑکی کا قبول اسلام

اسپین کے ایک جلیل القدر پادری کی لڑکی نے جب اسلامی تعلیمات کا مقابلہ کیا اور مسلمانوں کے مذہب اور ان کے اعمال کو غور سے دیکھا تو اس کے دل میں اسلام کی صداقت و حقانیت جاگزیں ہوگئی اور اس نے یہ فیصلہ کیا کہ حقیقتاً اسلام ہی وہ مذہب ہے جو دنیا اور آخرت میں نجات کا راستہ بتاتا ہے۔ ...

ملنے کا پتہ: منیجر الجمعیۃ دہلی

Regd. No. L 1793.

# The Aljamiat

Vol. XXI No. 2 DELHI SATURDAY 5th JANUARY 1935. PRICE ONE ANNA

نورانی قرآن مجید

نہایت صاف جلی اور نہایت صحیح قرآن شریف اگر درکار ہو تو نورانی قرآن مجید الجمعیۃ بک ایجنسی گلی قاسم جان دہلی سے طلب فرمائیے قیمت مجلد پارچہ ۱۲؍

پادری کی لڑکی کا قبول اسلام

منیجر الجمعیۃ دہلی

## بفہ ہزارہ میں یوم انسداد ارتداد قادیان

### حکومت کی قادیانیت نواز پالیسی کی مذمت

(عبدالودود صدر جمعیۃ العلماء کیملپور)

## دور جدید مدرسہ عالیہ نظامیہ الہ آباد

(خادم القوم: محمد عبدالحفیظ مہتمم مدرسہ عالیہ نظامیہ الہ آباد)

## غریب یتیم طلباء کو بھی یاد رکھئے

## قصبہ اجراڑہ میں جامع مسجد کی تعمیر

اخبار الجمعیۃ میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے

خاص رعایت

حیات حافظ رحمت خاں

غیر مجلد دو روپے چار آنے میں خریدیئے

ملنے کا پتہ: منیجر اخبار الجمعیۃ گلی قاسم جان دہلی

ہمالیہ پہاڑ جہاں سونے چاندی اور لوہے کی کانیں ہوتی ہیں اس ملک کا رہائشی عنایت پروردگار سے یہ سلاجیت پیدا ہوتا ہے۔

طاقت قوت بڑھانے اور قوت مردمی کا بے تحاشا اضافہ کرنے والی تمام اقسام کے جریان سلسل البول کو دور کرنے والی نشیمنی علماء و حکماء کا تعریف کردہ

اکسیر اعظم

# اصلی سلاجیت اصلی

پتہ: مالک فرم ہمالیہ ڈپو ہردوار ضلع سہارنپور

HIMALYA DEPO HARDOWAR (SAHARANPUR)

تصدیق

## حمائل شریف مترجم مع خلاصۃ التفاسیر

ملنے کا پتہ: منیجر اخبار الجمعیۃ گلی قاسم جان دہلی

مشہور و معروف دو ترجمہ والا معجز نما متوسط قرآن مجید مع کامل تفسیر

## حیرت انگیز رعایتی اعلان

ملنے کا پتہ: منیجر اخبار الجمعیۃ گلی قاسم جان دہلی

اسلامیات

# اسلامی تاریخ کے جواہر پارے

## افونش اور یوسف بن تاشفین کے درمیان جنگ

### شاہ اشبیلیہ کے زخموں سے خون کے فوارے

### صلیبیوں کی شکست اور افونش کا ماتم

گزشتہ الجمعیۃ میں افونش کا وہ خط درج کیا جا چکا ہے جو اس نے یوسف کے نام معتمد کا لیبوں کے ساتھ بھیجا تھا اور ساتھ ہی یوسف کا جواب اور افونش کی سراسیمگی کا حال بھی درج کیا جا چکا ہے آج آگے ملاحظہ ہو۔

کی متفقہ فوج نے عیسائیوں کی لاشوں کے پشتے لگا دئے اور اس قدر قتل عام کیا کہ عیسائی فوج گھبرا کر افونش سے پہلے ہی بھاگ کھڑی ہوئی۔ اس جنگ میں عیسائیوں کو اس قدر فاش اور ذلت آمیز شکست ہوئی کہ خود عیسائیوں نے مدتوں اس پر آنسو بہائے۔ خود افونش اس جنگ میں سخت مجروح ہوا۔ اور پریشان ہو کر اپنی جان بچا کر بھاگا۔ اور اس کا تمام سامان حرب عربوں کے ہاتھ آیا۔

عربوں کو افونش پر یہ فتح ۱۲ رجب ۴۷۹ھ مطابق ۱۰۸۶ء بروز جمعہ حاصل ہوئی۔

### افونش کا ماتمی لباس

### جنگ کا آغاز

### المعتمد کے زخموں سے خون کے فوارے

ابا هاشم هشمتني الشفار
فلله صبري لذاك الاوار
ذكرت شخيصا تحت العجاج
فلم يثنني ذكره للفرار

### افونش کی شکست فاش

(باقی)

عربی اور ولایتی ڈاک

# مشرق و مغرب کی تازہ خبریں

## مشہور ترین پہاڑ رضوی کی تحقیقات

### سلطنت حجاز کے تحقیقاتی وفد کے انکشافات

آج کل والی حجاز سلطان ابن سعود حجاز مقدس کے مجہول اور نامعلوم مقامات کی تفتیش اور انکشافات احوال کیلئے خاص طور سے توجہ مبذول فرما رہے ہیں۔ ان مقامات مجہولہ میں سے ایک مقام جبل رضوی ہے جس کی تحقیقات اور انکشاف احوال کا جلالۃ الملک کو بہت ہی شوق ہے۔ اسی مقصد کے لئے عظمۃ السلطان نے شیخ عبداللہ السلیمان وزیر مال کو پہاڑ رضوی کی تحقیقات کے لئے روانہ فرمایا ہے۔

وكنت اظن ان جبال رضوى
تزول وان ربك العاصرية لا تزول

اس پہاڑ کی تحقیقات کے بعد وزیر مال نے سلطان کی خدمت میں جو رپورٹ ارسال کی ہے اس کا خلاصہ یہ ہے کہ پہاڑ کی مساحت شرقاً غرباً ... کیلو میٹر طول اور شمالاً جنوباً پچاس کیلو میٹر عرض ہے۔ اس طرح اس پہاڑ کی سطح مربع ۸۰۰ کیلو میٹر سے کم نہیں ہے۔ اس پہاڑ میں آبشاریں اور چشمے ہیں جن کا پانی منتشر ہو جاتا ہے ضرورت ہے کہ ان چشموں کے پانی کو بند لگا کر محفوظ کر لیا جائے اور اس سے آبپاشی کی جائے۔ اس پہاڑ پر بہت سے درخت بھی ہیں اور کھجوروں کے بھی۔ اور ہر قسم کے جانور بھی پائے جاتے ہیں۔

## جاپان یا مرکز علوم

### سال رواں میں علمی لٹریچر کی اشاعت

| | |
|---|---|
| تعلیمی کتابوں کی تعداد | ۲۷۰۰ |
| لٹریچر | ۲۵۰۰ |
| ادبیات | ۱۹۰۰ |
| ٹیکنیکل | ۱۲۰۰ |
| امور خانہ داری | ۱۰۰۰ |
| مذہبی | ۱۰۰۰ |

## حجاز مقدس میں کثرت باراں

### محتاجوں کیلئے شاہانہ عطیہ

حجازی اخبارات کی اطلاع ہے کہ چونکہ مقام عسیر تہامہ اور طائف میں ...

## بدوی قبائل میں علوم و تہذیب کی اشاعت

### خادم الحرمین بحیثیت استاد و معلم

سلطان عبدالعزیز ابن سعود شاہ حجاز و نجد بدوؤں میں اشاعت علم کی مساعی میں منہمک ہیں اور مختلف وسائل سے بدوی قبائل کو مہذب و تعلیم یافتہ بنانے کی کوشش کر رہے ہیں۔

اس مقصد کے لئے جلالۃ الملک نے کتابوں کی طباعت و اشاعت کا خاص اہتمام کر رکھا ہے جو طلباء کو دی جاتی ہیں۔ جلالۃ الملک کی طرف سے ہزاروں کتابیں اشاعت پذیر ہو چکی ہیں علاوہ ازیں سلطان حجاز گاؤں گاؤں اور قریہ قریہ مبلغین کا تقرر فرما رہے ہیں تاکہ بدوی قبائل زیور تعلیم سے آراستہ و پیراستہ ہو کر مہذب دنیا کے دوش بدوش چلنے کے قابل ہو سکیں۔

## ایران اور افغانستان کا جھگڑا

### تحقیقات کیلئے والی خراسان کا تقرر

معاصر "اصلاح" کابل رقمطراز ہے کہ تصفیہ نادرآباد (جس کے متعلق رائٹر نے طہران سے خبر اڑائی تھی) کے سلسلہ میں حکومت افغانستان نے ایران کو دعوت تحقیقات دی تھی اور اپنی طرف سے وزیر خارجہ کو مقرر کر کے حکومت ایران سے بھی درخواست کی تھی کہ وہ بھی اپنے وزیر خارجہ کے ذریعہ اس معاملہ کی تحقیقات کرائے۔

تازہ ترین اطلاعات سے معلوم ہوا کہ حکومت ایران نے مسئلہ نادرآباد کی تحقیقات کیلئے اپنے وزیر خارجہ کو سرحد پر روانہ کرنے کی ضرورت نہیں سمجھی بلکہ وزارت داخلہ ایران نے تحقیقات کے لئے والی خراسان کو ایک معاون کے ساتھ مقرر کر دیا ہے۔

## نجف اور مدینہ منورہ کے درمیان سڑک

## مکہ مکرمہ میں فوجی سکول کا قیام

مکہ مکرمہ میں حکومت حجاز نے ایک فوجی عربی اسکول قائم کیا ہے جس میں حربی و حربی فنون کے ماہر اساتذہ مقرر کئے گئے ہیں۔ اس مدرسہ میں نہ صرف فوجی ٹریننگ دی جائے گی بلکہ اساتذہ کی نگرانی میں فوجی قائد اور سر عسکر بھی تیار کئے جائیں گے۔ اس درسگاہ کی خصوصیت یہ ہے کہ اس میں جدید آلات حرب کا استعمال ضروری قرار دیا گیا ہے اور جدید سائنٹفک اصولوں کے ماتحت فوجی تنظیم کا لائحہ عمل مقرر کیا گیا ہے۔


بہاڑ جہاں سونے چاندی اور لوہے کی کانیں ہوتی ہیں ہاں ان کاسٹ سکیر عنایت پروردگار سے یہ سلاجیت پیدا ہوتا ہے ہم ایسے دشوار گزار مقامات سے عرصہ

ہمالیہ چوالیس سال سے منگا کر طب ویدک طریقہ سے صاف کرتے ہیں جو کہ ہر موسم میں استعمال کیا جا سکتا ہے اور جس کے ہزارہا سرٹیفکیٹ ہمارے پاس موجود ہیں۔

طاقت و قوت بڑھانے اور قوم مردمی کا بے تحاشہ ضائع ہونیوالی تمام اقسام کے جریان سلسل البول کو دور کرنے والی شی جسمی و علماء حکماء کا تعریف کردہ

اکسیر اعظم

اصلی سلاجیت اصلی

پانچ تولہ کی قیمت سوا دو روپے ... دس تولہ کی قیمت سوا چار روپے ... بیس تولہ کی آٹھ روپے ... چالیس تولہ ... اسی تولہ ...

پتہ: مالک فرم ہمالیہ ڈپو۔ ہر دوار ضلع سہارنپور

HIMALYA DEPO HADOWAR (SAHARANPUR)

تصدیق




## آل انڈیا تعلیمی کانفرنس کا خطبۂ صدارت

### حقیقی سیاست تعلیم کی روح رواں ہے

### انفرادی خدمت کو اجتماعی خدمت کا جزو قرار دیا جائے

### آئندہ تعلیمی عظمت کا ایک ڈھانچہ

(گزشتہ سے پیوستہ)

#### طلباء اور سیاسیات

#### راعی اور رعایا کی متحدہ مساعی

"حضرات و خواتین! شاید آپ دریافت کریں کہ یہ سب کام آخر کون انجام دے؟ میرا جواب یہ ہے کہ ہر شخص کو یہ کام کرنا چاہئے۔ اور چونکہ ملکی حکومت میں عنقریب تبدیلیاں ہونے والی ہیں اس لئے حکومت اور اہل ملک دونوں کو ..."

#### اجتماعی خدمت کے اجزاء

#### قومی زندگی کا حقیقی موقع

(باقی صفحہ ۹ کالم ۲)

افسانہ

## بہار و خزاں

### ادھر سے ادھر پھر گیا رخ ہوا کا

### فاقوں کے بعد امارت کے تخت پر جلوہ گاری

### دروازہ پر ایک سائل کی صدا

(آخری قسط)

اختر نے اپنے کام کا آغاز کلکتہ میں کی تجارت سے کیا ...

ان میں سب سے بڑی خوبی یہ تھی کہ وہ اپنے خریداروں سے بڑے اخلاق اور مروت سے پیش آتا۔ گفتگو کرتا تو ایسا معلوم ہوتا کہ منہ سے پھول جھڑ رہے ہیں۔ کوئی شخص خواہ وہ کس وضع کا ہو ایک بار اس کی دوکان پر آتا تو اسے اختر کی پیشانی پر بل نظر نہ آتا ...

اب اختر کو تجارت کرتے ہوئے چار سال کا عرصہ ہو گیا ہے۔ خدا نے خیرالنسا کے بطن سے اس کو دو بچے بھی عنایت فرمائے ہیں جن سے وہ اپنا دل خوش کرتا رہتا ہے ...

خیرالنسا: مائی ہی! یہ نواب صاحب ہیں ...

خیرالنسا: ہاں! واللہ تو! یہ تو کچھ عرصہ ہوا یہ سائل وہی نواب صاحب تھے جن سے تمہارا دہ سنا نہ تھا؟

(ختم)

(باقی صفحہ ۹ کالم ۴ کے نیچے ملاحظہ ہو)


کتب خانہ وحیدیہ کا خاص رعایتی اعلان

حضرت یعقوب کا اپنے بیٹوں کے لئے دعا کرنا

فلما ان جاء البشير القاه على ...

دو ترجمہ و الاحوش نما قرآن مجید معہ تفسیر و وضع البیان کامل

وقل انی انا النذیر المبین کما ...

ایک ترجمہ الاخوش نما قرآن مجید معہ فوائد موضح القرآن اردو

موضح القرآن

علم الانسان ما لم یعلم کلا ان الانسان

خوشنما حمائل شریف معریٰ

الاحزاب ۳۳ ... منزل ۵ ... ۳۸۶

فی کتب اللہ من المؤمنین والمہاجرین الا ان تفعلوا الیٰ اولیائکم معروفا کان ذلک فی الکتاب مسطورا و اذ اخذنا من النبیین

اس معریٰ قرآن مجید

ہر قسم کی کتابیں اور قرآن مجید ملنے کا پتہ: وحیدیہ کتب خانہ بازار ڈیری شیر افگن خاں بلیماران دہلی



موسم سرما شروع ہے

مفصل حالات جاننے کے لئے رسالہ "مخصوص مرداں" مفت منگوائیں!

اکسیر سیاحت باجی کرن نو شدھ

اکسیر سیاحت باجی کرن

اکسیر سیاحت باجی

کشتہ فولاد و شنگرفی

اکسیر کشتہ شنگرف

اکسیر کشتہ قلعی

طلاء

امرت دھارا ... لاہور

ہمارے ایجنٹ: میسرز بہاری لال گھاسی رام کھاری باؤلی اسٹریٹ دہلی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# الجمعیۃ دہلی

یوم چہارشنبہ ۳ شوال المکرم ۱۳۵۴ھ ہجری


## "اتحاد" کا اعلان جنگ

### جمعیۃ علماء، مسلم کانفرنس اور امارت شرعیہ

(۵)

مسائل شرعیہ سے ناواقفیت اور اسلام کے بنیادی اصولوں سے بے خبری کے باعث اتحاد کے مقالہ نگار نے امارت شرعیہ صوبہ بہار کے خلاف جو تین اعتراضات کئے تھے ان پر ہم گزشتہ اشاعت میں مختصراً بحث کر چکے ہیں۔ ہمیں یقین کامل ہے کہ اگر مولانا شفیع داؤدی اور ان کے اخبار اتحاد کے عملۂ ادارت سے یہ مطالبہ کیا جائے کہ وہ ادھر ادھر کی باتوں کو چھوڑ کر صرف شریعت حقۂ اسلامیہ کی روشنی ...

شرعیہ کے نام موجود ہے اور ظاہر ہے کہ اگر کہیں یہ جنگ چھڑ گئی تو امارت شرعیہ تو کیا خود شریعت کا نام و نشان بھی کہیں نظر نہ آئے گا۔ کیونکہ مولانا شفیع داؤدی صوبہ بہار کی کوئی معمولی شخصیت نہیں ہیں اور جیسا کہ خود اتحاد نے بھی ایک جگہ لکھا ہے وہ ترکی، ایران، اور افغانستان کی طرح ہندوستان کے مصطفیٰ کمال پاشا، رضا شاہ پہلوی اور بچہ سقہ بننا چاہتے ہیں۔

پہلا مطالبہ

دوسرا مطالبہ

## شذرات

### شرارت فیلسطنت کا مظاہرہ

### خواتین کی بیداری

### عید مبارک اور اسراف

## حوادث واحکام

### استفتاء

### الجواب



## غدر کے بعد مسلمانوں کو مولانا محمد علی مرحوم نے ہی خودداری کا سبق دیا

### بیداری ملت کے علم بردار کو گاندھی جی کا خراج عقیدت

### مولانا محمد علی مرحوم کا یوم وصال اور قائدین ملت کی تقریریں

دہلی ۵ جنوری۔ کل جامع مسجد میں بعد نماز جمعہ حضرت مولانا محمد علی مرحوم کی یادگار میں ایک جلسہ منعقد کیا گیا۔ جس میں مرحوم کے مذہبی اور سیاسی کارناموں پر روشنی ڈالی گئی ... قرآن کریم بھی ہوا اور مغفور کی روح کو ایصال ثواب کیا گیا۔

کل شب میں ... کے زیر اہتمام ... کالج ہال میں جناب ڈاکٹر انصاری صاحب کی صدارت میں یوم وفات مولانا محمد علی مرحوم منایا گیا ...

ڈاکٹر ... خان عبدالغفار خان نے ایک مختصر تقریر کی اور فرمایا کہ مولانا محمد علی مرحوم کے نام کو زندہ رکھنے کا طریقہ یہ ہے کہ ہم علی کام کریں ...

## ترکی حکومت کی جنگی و دفاعی تیاریاں

### فرانس کی ایک کمپنی کو ۳۰ ہوائی جہازوں کی تعمیر کا حکم

### جمہوریت کی سال گرہ پر جدید نقرئی سکوں کا اجراء

انگورہ کی تازہ ترین اطلاع مظہر ہے کہ ترکی گورنمنٹ نے فرانس کی ایک کمپنی سے ۳۰ جنگی ہوائی جہازوں کی تعمیر کے لئے ... یہ بھی شرط کی ہے کہ یہ تمام جہاز ۹ ماہ کے عرصہ میں تیار کر کے ترکی روانہ کر دئے جائیں ... جہازوں کی اس تعداد میں اضافہ کی تجویز زیر غور ہے۔

استانبول کی اطلاع ہے کہ حکومت ترکیہ نے استانبول کی ٹکسال میں چاندی کے سکے مضروب کرنے شروع کر دئے ہیں ... ان سکوں کی کثیر تعداد انگورہ روانہ کر دی گئی ہے جہاں جشن جمہوریت کی تقریب عمل میں آئے گی۔ اور اسی روز سے ملک میں جاری ہوں گے۔

## دہلی میں کانگریس ورکنگ کمیٹی کا اجلاس

## وزیر ہند خوفزدہ ہو گئے؟

### مسٹر چرچل کی اچھل کود

## ہٹلر جرمنی کیلئے کیا چاہتا ہے؟

## مشہور کانگرسی لیڈر کی گرفتاری

## تعزیری ٹیکس کیلئے نوٹس

## ترکی میں عورتوں کی فوج

## ہرن کی جگہ انسانی شکار

## تبت میں زلزلے کے جھٹکے

## شام و عراق کی سرحد پر جنگ

## جہازوں کے تصادم میں ڈبائی سو اشخاص غرق

## اسمبلی کیلئے سرکاری ممبران کی نامزدگی

## سکھوں نے تین مسلم عورتوں کو اغوا کر لیا

## جرمنی کو بد اخلاقی سے پاک کرنے کا ارادہ

## ضلع انبالہ میں ہندوؤں کی شرارت

### قرآن کریم کو آگ کی نذر کر دیا!

## سبھاش بابو کی ہندوستان سے روانگی

### وائنا میں اپریشن کے انتظامات

## گلگت سے ریاستی فوج اور توپخانہ کی واپسی

### برطانوی فوج مستقل قیام کریگی

## اسمبلی اور کونسل آف اسٹیٹ کا اجلاس

## دار الحکومت کی

### جامع مسجد پر ایک لاکھ مسلمانوں کا اجتماع

### رمضان المبارک کے آخری جمعہ کا نظارہ

## شہر میں مکھیوں کی کثرت کیوں ہے؟

### میونسپلٹی کے اجلاس کی کارروائی

## گلاب چند ایڈوکیٹ کے مقدمہ قتل کی سماعت

### گواہان استغاثہ کے بیانات

## نیشنل پبلک لائبریری کشن گنج کی رپورٹ

## اعلان تعطیل

بہ تقریب عید ... دفتر الجمعیۃ ... تعطیل ... (منیجر)

# دیہاتی صنعتی پروگرام سے حکومت کو خوف و ہراس

## اصلاحی اور تعمیری تحریک کی نگرانی کیلئے احکام جاری کردئے گئے

### "میں ہٹلر اور مسولینی کی طرح جبری اصلاح کا خواہشمند نہیں ہوں"

بمبئی ۸ر جنوری۔ حکومت ہند کے سرکلر کے مطابق صوبجاتی حکومتوں نے ضلع کے افسروں کے نام ہدایات جاری کردی ہیں کہ وہ اپنے اپنے حلقوں میں آل انڈیا دیہاتی صنعتی ایسوسی ایشن کی کارروائیوں پر ہوشیاری سے نظر رکھیں اور اس کی دیہاتی شاخوں کی ترقی کے سلسلہ میں دیہات کا خوب دورہ کریں اور جہاں تک ہوسکے گاندھی جی کے اثرات کا مقابلہ کریں اور انہیں بڑھنے نہ دیں۔ ساتھ ہی یہ ہدایت بھی کردی گئی ہے کہ وہ کانگریس کی دیہاتی اصلاح سے کھلم کھلا مخالفت کا اظہار نہ کریں۔

نئی دہلی ۸ر جنوری۔ کل میرٹھ کے ایک وفد نے گاندھی جی سے ملاقات کی اور دیہاتی صنعتی پروگرام پر تبادلہ خیال کیا۔ گاندھی جی نے فرمایا کہ میرا مقصد لوگوں کی ذہنیت کو تبدیل کرنا ہے ... اس طرح تو ترقی ہے کہ دیہاتی صنعتی کاموں کے لئے بھی میں ان کے خیالات کو موافق بنالونگا ... تاکہ دیہاتی صنعتوں کا احیاء ہوسکے۔

# پارلیمنٹری رپورٹ کے مجوزہ آئین کو قبول کرلینا چاہئے

## ساحل ہند پر قدم رکھتے ہی سر آغا خاں کا برطانوی پروپیگنڈہ

بمبئی ۸ر جنوری۔ ہز ہائینس سر آغا خاں کل صبح بمبئی تشریف لے آئے اور فوراً ہی ایک اپیل ملک کے نام ذیل کا پیغام دیا مجھے اس بات کا افسوس ہے کہ برطانیہ ہندوستان کے نمائندوں نے پارلیمنٹری کمیٹی کے روبرو جو ... اس کا نیا ضابطہ جواب نہیں دیا گیا ... مجوزہ اصلاحات والیان ہند ... بہتر یہی ہے کہ مجوزہ آئین کو قبول کیا جائے ...

سر آغا خاں نے کانگریس کی سول نافرمانی کی واپسی پر اظہار مسرت کیا لیکن گاندھی جی کی علیحدگی پر افسوس کا اظہار کیا۔ آپ کے خیال میں اگر دیہاتی اصلاح کی اسکیم کامیاب ہوگئی تو اس سے ملک کو تقویت پہونچے گی۔

# کاشغر میں روسی مال کی افراط

## ترکستان چینی کی درسگاہوں میں روسی مدرس

پشاور ۸ر جنوری۔ چینی ترکستان کی ایک اطلاع مظہر ہے کہ وہاں ہر خاص طور پر کاشغر کے بازار میں روسی مال ہے ... ترکستان کی درسگاہوں میں روسی اساتذہ کام کر رہے ہیں۔

# فرانس اور اٹلی میں معاہدہ ہوگیا

## مرکزی یورپ کی ریاستوں کا سمجھوتہ

# اٹلی اور حبش میں مصالحت کا امکان

لندن ۸ر جنوری۔ اطالوی حبشی تنازعہ میں زیادہ اعتدال پسندی کے آثار ... برطانیہ روم اور ادیس ابابا ... امید کی جاتی ہے ...

# امریکہ کی تاریخ جرائم میں لرزہ خیز واقعہ

## ایک بچے کے اغوا اور قتل کا مقدمہ

# قادیان میں مجلس احرار اسلام کا بے نظیر جلسہ

## پندرہ ہزار مسلمانوں کی شرکت

### قادیانی سیلاب کیلئے سد سکندری کی تعمیر

قادیان ... مجلس احرار اسلام قادیان کے زیر اہتمام پندرہ ہزار مسلمانوں کا اجتماع ہوا ...

# دیہاتیوں کی تعلیم کیلئے ریڈیو کا استعمال

نئی دہلی ۸ر جنوری۔ ہندوستانی دیہات میں تعلیم کی نشر و اشاعت اور دیہاتی اصلاح کی غرض سے امسال ریڈیو کے آلات مختلف دیہات میں نصب کرنے کی سکیم کو عملی جامہ پہنایا جائے گا۔

ہندوستانی انجمن فلاح و بہبود دیہات نے جس کے صدر لارڈ ولنگڈن ہیں ... حکومت صوبہ سرحد کے ساتھ یہ انتظام کیا ہے کہ پشاور کے اسٹیشن سے ... روزانہ نصف گھنٹہ کے لئے جاری کیا جائے ... زراعت و متعلقہ شعبہ جات حکومت سرحد کی نگرانی میں جاری رہے گا۔ اگر یہ تجربہ کامیاب ثابت ہوا تو حکومت ایک وسیع پیمانہ پر تمام ہندوستان میں اس قسم کا کام جاری کرنے کے لئے ضروری سہولتیں فراہم کرے گی۔

# بنگالی زبان کیلئے رومن رسم الخط!

کلکتہ ۸ر جنوری۔ ... ایک تجویز میں بنگالی رسم الخط کی بجائے رومن رسم الخط اختیار کریں تاکہ بنگالی زبان ترقی کرسکے اور تمام ہندوستان میں مقبول و رائج ہوسکے۔

# مجوزہ اصلاحات کو کوئی ہندوستانی تسلیم نہیں کرتا

## سر ہنری کرافٹ کی صاف گوئی

لندن ۸ر جنوری۔ سر ہنری کرافٹ نے ... ہندوستان کو اصلاحات دینے میں کسی قسم کی تاخیر نہ کی جائے ... کوئی ہندوستانی مدبر ان اصلاحات کو عملی جامہ پہنانے کو تیار نہیں۔

# اسمبلی کے نامزد ممبران کا اعلان

## ایک کے سوا تمام ممبران پرانے ہیں

| | |
|---|---|
| (۱) سر جواہر سنگھ | (۷) سر ہنری گڈنی |
| (۲) مسٹر ایس۔ کے۔ ... | (۸) رائے بہادر چودھری لال چند |
| (۳) ... راجہ | (۹) کپتان شیر محمد خاں |
| (۴) مسٹر ... | (۱۰) نواب میجر احمد نواب خاں |
| (۵) ڈاکٹر آر۔ ڈی۔ دلال | (۱۱) نواب ملک اللہ بخش خاں ٹوانہ |
| (۶) ڈاکٹر ڈی سوزا | (۱۲) مسٹر ایل۔ سی۔ ... |

# وزیر اعظم پٹیالہ ایک سال کی رخصت پر

## وزارت میں اہم تبدیلیوں کا امکان

# مشہور کانگریسی لیڈر کی وفات

# مغل لائن میں حجاج کو تکالیف

## حجاز کے عمال حکومت سے گذارش

میں ذیل میں چند تکلیفیں تحریر کرتا ہوں جو مغل لائن پر حجاج کو اور مکہ شریف میں عمال حکومت کی بے توجہی سے حجاج کو پیش آتی ہیں ... مغل لائن

حجازی حکام سے گذارش

# مسلمانان مراد آباد کا عظیم الشان جلسہ

## انجمن فدائے سنت کی اہم قراردادیں

(از نائب ناظم انجمن فدائے سنت مراد آباد)

# حضرت مولانا الحاج حافظ احمد سعید صاحب کی تقریر سیرت

حضرت مولانا الحاج حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند کی وہ بصیرت افروز و شریعت آموز تقریر جو ممدوح نے اٹاوہ کے جلسہ سیرت میں ارشاد فرمائی تھی اور جس کو بعد میں مزید تفصیل و تشریح کے ساتھ مرتب و مدون کرکے الجمعیۃ میں ... طباعت شروع ہوگئی ہے اور امید کی جاتی ہے کہ رمضان المبارک ہی میں کتاب چھپکر آجائے گی اور ہم شائقین سیرت کی خدمت میں حسب فرمائش ارسال کرسکیں گے۔

## بے شمار خصوصیات

جن حضرات نے اس تقریر کا شائع شدہ حصہ شروع سے آخر تک ملاحظہ فرمایا ہے ان کو تو ضرور یہ اندازہ ہوگیا ہوگا کہ رموز و معارف شریعت کا علم حاصل کرنے اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت مقدسہ کے متعلق ایک بے نظیر و بے عدیل مجموعہ معلومات ... لاکھوں مسلمان ایسے ہوں گے جو حضرت مولانا کے مواعظ حسنہ سے مستفید ہوچکے ہیں ... یہ مژدہ یقیناً جاں فزا ہوگا کہ یہ "تقریر سیرت" ...

## مختصر فہرست مضامین

روحانی اور جسمانی تربیت — عالم بالا کی خدمات — سب سے پہلی یونیٹی کانفرنس — فضل حق کا معاملہ — حضرت رابعہ بصریہ کا واقعہ — حضرت ابراہیم بن ادہم — پریشانی کے دور اور ان کا علاج — پنجاب کا نوری فرقہ — سینہ صدی کے نوجوان — ترغیب خواتین — سلسلہ ... — سلب اختیار — توبہ کی حقیقت — تربیت انبیاء کے مجرم — حضرت لوط اور ابراہیم علیہما السلام ...

حاوی کتاب دو سو صفحات پر مشتمل ہے اور نہایت بہتر کتابت و طباعت کے ساتھ شائع کی جارہی ہے ...

## رعایتی اعلان

قارئین الجمعیۃ کے اصرار پر رعایتی اعلان کی مدت میں مزید اضافہ کردیا گیا ہے ... منیجر الجمعیۃ گلی قاسم جان دہلی


# سچا ہمدم و رہبر بے دام

پاک صاف خیالات پیدا کرکے جسمانی و روحانی صحت حاصل کرنے کیلئے دنیا میں سچی خوشی دستیاب کرنے کیلئے آپ آج ہی ایک کارڈ تحریر کرکے کتاب کام شاستر بالکل مفت منگالیں

ویدخاستری جی جام نگر کاٹھیاواڑ

# قرص جریان

ہمدرد دواخانہ یونانی دہلی

# معجون مقوی معدہ

ہمدرد دواخانہ یونانی دہلی

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

یَدُ اللہِ عَلَی الجماعۃ

تار کا پتہ "الجمعیۃ دہلی"
ٹیلیفون نمبر ۵۷۳۸

# الجمعیۃ دہلی
سہ روزہ

مدیر مسئول ۔ ہلال احمد زبیری (بی ۔ اے)　معاون ۔ محمد عثمان فارقلیط

جلد ۲۱ | دہلی ۔ یوم چہارشنبہ ۱۰ شوال المکرم ۱۳۵۳ ہجری مطابق ۱۶ جنوری ۱۹۳۵ء | نمبر ۴

## زائرین بیت اللہ الحرام کو ضروری ہدایات
### کوئی حاجی اپنے ہمراہ گھی اور چاول وغیرہ نہ لیجائے
### اسباب کی مقدار اور جہاز پر خوراک لینے کے متعلق ضروری باتیں

## معاصرین کے افکار و آراء

### "سادہ زندگی"

### آغاخاں کا غلط مشورہ

(ہمدم)

### علماء اور انتخابات

(البشیر)

### خطابات

### جہاز پر خوراک کا نیا قانون

(ہند)

### کتاب بلاغ مبین کے متعلق ضروری اطلاع

(منیجر مکتبہ اسلامیہ سیوہارہ ضلع بجنور (یوپی)) یا دفتر بلاغ مبین ۔ دہلی


## پادری کی لڑکی کا قبول اسلام

اسپین کے ایک جلیل القدر پادری کی لڑکی نے جب اسلامی تعلیمات کا مقابلہ کیا اور مسلمانوں کے مذہب اور ان کے اعمال کو بغور دیکھا تو اس کے دل میں اسلام کی صداقت و حقانیت جاگزیں ہو گئی اور اس نے یہ فیصلہ کیا کہ حقیقتاً اسلام ہی وہ مذہب ہے جو دنیا اور آخرت میں نجات کا راستہ بتاتا ہے ۔ اور اس کے علاوہ جتنے مذاہب ہیں وہ سب باطل اور صراط مستقیم سے ہٹا دینے والے ہیں ۔ جب عیسائیوں کو اس کی خبر ہوئی تو تمام پادریوں نے ملکر اس لڑکی پر بے شمار مظالم ڈھائے اور اسقدر رنجان گداز اور صبر آزما مصائب میں مبتلا کیا کہ دیکھنے والوں کے رونگٹے کھڑے ہونے لگے مگر وہ لڑکی اسلام پر ثابت قدم رہی ۔ اور اس نے بالآخر تمام پادریوں کی ایک شاندار مجلس میں اسلام کی حقانیت پر ایک بصیرت افروز مناظرہ کیا ۔ فضیلت اسلام اور رد عیسائیت کے جسقدر دلائل ممکن تھے وہ تمام دلائل اس لڑکی نے پادریوں کے مقابلہ میں اس خوش اسلوبی کیساتھ پیش کئے کہ سامعین حیرت و استعجاب کے سمندر میں غرق ہو گئے اور پادریوں سے کوئی جواب بن نہ پڑا اور وہ لڑکی ہمیشہ کیلئے اسلام ہی سے وابستہ ہو گئی ۔ اس کا نام ازبیلا تھا اور اسکی زندگی کے واقعات ایک کتاب میں قلمبند کر دیئے گئے ہیں ۔ اگر آپ کو گذشتہ عظمت و سطوت کا مطالعہ کرنا ہے اور عیسائیت کے مقابلہ میں اسلام کی حقانیت کے بے شمار دلائل سے واقفیت حاصل کرنے کا شوق ہے اور آپ اس کتاب کے ذریعہ تبلیغ اسلام کا فریضہ ادا کرنا چاہتے ہیں تو فوراً طلب کیجئے ۔ پہلا ایڈیشن قریب الختم ہے اگر دیر ہوئی تو دوسرے ایڈیشن کا انتظار کرنا پڑے گا ۔ قیمت فی جلد ۱۲ ؍ علاوہ محصولڈاک ۔ تبلیغی مقاصد کے لئے بیس بائیس سے زائد جلدوں کے خریدار کو پچیس فی صدی کمیشن دیا جائے گا ۔

ملنے کا پتہ : منیجر الجمعیۃ دہلی


Regd No. L 1793.

# The Jamiat

Vol. XXI No. 3　DELHI WEDNESDAY 16th JANUARY 1935.　PRICE ONE ANNA

4612
Moulvi Mehdi
Hassan s/o Mufti
P.O. Rander
Dt Surat

نورانی
قرآن مجید
نہایت صاف جلی اور نہایت صحیح قرآن شریف اگر دیکھنا ہو تو نورانی قرآن مجید الجمعیۃ بک ایجنسی گلی قاسم جان دہلی سے طلب فرمائیے قیمت مجلد پارچہ عہ

پادری کی لڑکی کا قبول اسلام
منیجر الجمعیۃ دہلی

## جامعہ قاسمیہ مدرسہ شاہی مراد آباد کے مختصر حالات

## حکومت کی قادیانیت نواز پالیسی کی مذمت
### مسلمانان اجمیر کے عظیم الشان جلسہ کی تجاویز

بتاریخ ۲۸ دسمبر ۱۹۳۴ء بروز جمعہ مسلمانان اجمیر شریف کا ایک عظیم الشان جلسہ بعد نماز جمعہ شاہجہانی مسجد میں منعقد ہوا جس میں مولانا خلیل احمد صاحب ... فاضل دیوبند نے فتنہ قادیانیت کے متعلق ایک نہایت جامع و موثر تقریر فرمائی ۔ بعدہٗ مولانا محمد عبداللہ صاحب نے تمام مسلمانوں سے یہ ریزولیوشن متفقہ طور پر پاس کرایا ۔

(۱) مسلمانان اجمیر شریف کا یہ کثیر اجتماع حکومت ہند کی قادیانیت نواز پالیسی کی سخت مذمت کرتا ہے اور اس امر کو واضح کرتا ہے کہ حکومت کی قادیانیوں کے ساتھ یہ جانبدارانہ پالیسی مسلمانوں کے لئے ناقابل برداشت ہے اور یہ جلسہ حکومت ہند سے پرزور مطالبہ کرتا ہے کہ چودھری ظفر اللہ خاں قادیانی جو آنریبل سر فضل حسین کی جگہ پر مقرر ہوئے ہیں ۔ وہ کسی حیثیت سے بھی ہندوستان کے ۸ کروڑ مسلمانوں کا نمائندہ نہیں ہو سکتا ۔ لہٰذا چودھری ظفر اللہ خاں قادیانی کو فی الفور اس عہدے سے علیحدہ کیا جائے ۔

(۲) اور یہ جلسہ حکومت ہند کی اس پالیسی کے خلاف صدائے احتجاج بلند کرتا ہے جو اس نے ۸ کروڑ مسلمانان ہند کے مذہبی جذبات کو مجروح کرتے ہوئے قادیانیوں کی حمایت میں اختیار کر رکھی ہے جس کے نتائج میں مجاہد ملت شیر اسلام حضرت مولانا سید عطاء اللہ شاہ صاحب بخاری کی مظلومانہ گرفتاری اور حضرت ظفر الملت والدین مولانا ظفر علی خاں صاحب ...

... لئے نہایت مضر ثابت ہوں گے آخر میں یہ جلسہ شیر اسلام حضرت مولانا سید عطاء اللہ شاہ صاحب بخاری کے ساتھ ان کے مصائب و تکالیف میں دلی ہمدردی کا اظہار کرتا ہے ۔

(محمد عبداللہ مقیم دارالعلوم حنفیہ صوفیہ اجمیر شریف)


### اخبار الجمعیۃ
میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے

### محبوب عاشق کے قدموں پر

ہدیہ عمل تین روپے کے بجائے سوا روپیہ ۔ اس عظیم رعایت سے فائدہ اٹھائیے ...

ملنے کا پتہ : فضل شاہ عالم گلی راجان دہلی

### مفت ! مفت !! مفت !!!

گھر بیٹھے باقاعدہ تعلیم حاصل کرکے آیورویدک یونانی حکمت ہومیوپیتھک بایوکیمک کی سندات حاصل کرنے کا قاعدہ (قواعد) کارڈ ڈال کر مفت طلب کرو ۔

پرنسپل ورلڈ انڈین میڈیکل کالج انبالہ

### عید کا موقع ہے ۔ کپڑے کے نمونے

مع ناجرانہ فہرست و قواعد ایجنسی دو روپیہ بھیج کر طلب کریں ۔

المشتہر سیکرٹری آل انڈیا مسلم ٹریڈنگ کارپوریشن لمیٹڈ سہارنپور

### خاص رعایت
### حیات حافظ رحمت خاں

### جنت و دوزخ

ملنے کا پتہ : منیجر اخبار الجمعیۃ گلی قاسم جان دہلی

### سب سے مشہور دو ترجمہ والا معجز نما متوسط قرآن مجید معہ کامل تفسیر
### حیرت انگیز رعایتی اعلان

### حمائل شریف مترجم مع خلاصۃ التفاسیر

ملنے کا پتہ : منیجر اخبار الجمعیۃ گلی قاسم جان دہلی


(جید برقی پریس دہلی میں باہتمام ہلال احمد زبیری پرنٹر و پبلشر چھپ کر دفتر الجمعیۃ دہلی سے شائع ہوا)

# اسلامی تاریخ کے جواہر پارے

## جنگ پر افونش کی دوبارہ آمادگی

### افریقہ سے یوسف بن تاشفین کی دوبارہ آمد

### اختلال نظام اور خانہ جنگی کا نتیجہ

گزشتہ اشاعت میں عیسائی بادشاہ افونش کی ذلت آمیز ہزیمت اور یوسف بن تاشفین کی واپسی افریقہ تک کے حالات ہدیۂ ناظرین کئے جا چکے ہیں۔ آج آگے کا حال عرض کیا جاتا ہے۔

واقعہ یہ ہے کہ اگر اندلس مرحوم کے امراء اور خلفاء آپس میں متحد ہو گئے اور خانہ جنگی کی لعنت سے اپنے آپ کو دور رکھتے تو افونش کی شکست پھر کبھی عیسائیوں کو ابھرنے نہ دیتی اور دشمنوں کا قلع قمع ہمیشہ کے لئے ہو جاتا۔ مگر افسوس اسلام کی دست و گریبانی اور خانہ برانداز نزاعات نے اندلس کی حکومت کو اس قدر ...

محاصرہ کر لیا۔

### اختلاف کی کارفرمائیاں!

ادھر افونش کی ساری قوت قلعہ الیت پر جمع ہے، ادھر یوسف بن تاشفین اپنی افریقی فوج کے ہمراہ خیمہ زن ہے اور وقت قریب ہے کہ مسلمان اور عیسائیوں کا ہمیشہ کے لئے فیصلہ ہو جائے لیکن عربوں کی بدبختی دیکھو کہ عین جنگ کے موقعہ پر عبدالعزیز (جس کی حدود سلطنت میں قلعہ الیت واقع تھا) اور المعتمد میں باہمی تنازع ہو گیا اور یہ دونوں آپس میں لڑ پڑے نزاع اس قدر بڑھا کہ المعتمد کی شکایت پر یوسف بن تاشفین نے عبدالعزیز کو گرفتار کر کے المعتمد کے حوالہ کر دیا۔ اس رویہ کو دیکھ کر عبدالعزیز کی فوج جو عیسائیوں کے مقابلہ کے لئے آئی تھی واپس چلی گئی اور یوسف بن تاشفین کو اس قدر کوفت ہوئی کہ وہ قلعہ الیت کو اپنی حالت پر چھوڑ کر افریقہ واپس چلا گیا۔

... (باقی)

## ترکی میں فولاد کے کارخانوں کا اجراء

### جرمنی کی ایک کمپنی سے معاہدہ ہو گیا

جریدہ "اقدام" کی اطلاع ہے کہ صنعت آہن سازی کی ایجاد و تشکیلات کے لئے حکومت ترکیہ اور ایک جرمنی کمپنی کے مابین جو گفت و شنید ہو رہی تھی اس کا اتمام ہو گیا ہے۔ وزارت مال ترکی اور کمپنی کے نمائندوں کے درمیان معاہدہ پر دستخط ہو چکے ہیں۔ ...

## نئے شادی شدہ جوڑوں کی قدر

### ریل کے کرایہ میں ستر فیصدی کی کمی

اٹلی کے ڈکٹیٹر مسولینی نے ہنی مون (ماہ عسل) کے لئے ایک خاص پالیسی اختیار کر رکھی ہے ...

### افونش کی دوبارہ آمادگی

یوسف بن تاشفین کی واپسی افریقہ کے بعد عیسائیوں نے پھر افونش کو مسلمانوں کے مقابلہ کے لئے آمادہ کیا ...

### یوسف بن تاشفین کی دوبارہ آمد

...

# شمالی افریقہ کے مسلمانوں پر فرانس کے روح فرسا مظالم

## یہودیوں کی حمایت میں مسلمانوں پر آگ کی بارش

## پیرس میں مسلم سوسائٹی کے ارکان کی گرفتاری

### اسی لاکھ مسلمانوں کو عیسائی بنانے کا عزم

(نومسلم انگریز خالد شیلڈرک کے قلم سے)

جناب خالد شیلڈرک (نومسلم انگریز) نے جو آج کل ہندوستان تشریف لائے ہوئے ہیں انگریزی میں ایک بیان بغرض اشاعت ارسال فرمایا ہے جس کا ترجمہ درج ذیل ہے:۔

قسطنطین (شمالی افریقہ) کے واقعات نے فرانسیسی حدود میں بسنے والے مسلمانوں ...

قید کی سزا دی گئی اور دو ہزار ... کا جرمانہ کر دیا گیا!

مسلمانان فرانس کی یہ موجودہ حالت ہے۔ بورڈو، مارسیلیز، لیون، کلرمنٹ اور فرانس کے دیگر شہروں کے مسلمان سخت احتجاج کر رہے ہیں مگر کوئی شنوائی نہیں ہوتی۔

### مسلمانوں پر اشتراکیت اور انارکی کا الزام

عام طور پر فرانسیسی اخبارات مسلمانوں کو کمیونسٹ اور انارکسٹ قرار دے رہے ہیں اور شمالی افریقہ کے مسلمانوں پر (جو فرانس میں مقیم ہیں) سخت جارحانہ حملے کر رہے ہیں ...

### مسلمانوں کی اراضی پر قبضہ

### پیرس کے ایک وکیل کی تحقیقات

### فرانس کی "مسلم سوسائٹی" کا اقدام

### پیرس میں مسلمانوں کی گرفتاریاں

## اب جنگ بالکل رک جائے گی

### عورتوں نے بچے پیدا کرنے سے انکار کر دیا

لندن کی رپورٹ ہے کہ وہاں ہزار ہا بلکہ سینکڑوں برطانوی عورتیں ...

## فائد ملت ترکیہ کا جدید قانون

### پادریوں کے مذہبی لباس پر پابندی


## دھوکہ سے بچیں!

کوی نو دو وید بھوشن پنڈت ٹھاکر دت شرما وید کی ایجاد کردہ

# امرت دھارا

(رجسٹرڈ)

(تمہارے گھر کا حکیم)

کی شہرت دیکھ کر نقالوں نے اس کی نقلیں بنانا شروع کر دیں، اور کتوں نے پبلک کو دھوکہ دینے کے لئے ملتے جلتے نام رکھے ہیں، ایسی سب ادنیٰ معمولی سی نقلیں ہیں جو وقت پر مریض کو دھوکہ دیتی ہیں، امرت دھارا کا نسخہ پنڈت جی کے سوا اور کوئی نہیں جانتا ہے نہ جان سکتا ہے اسلئے ہوشیار رہیے اور

اصلی سچی امرت دھارا کے سوائے نقل نہ خریدیں

قیمت فی شیشی دو روپے آٹھ آنہ ... نمونہ صرف آٹھ آنے ... خط و کتابت و آمد کے لئے پتہ۔ امرت دھارا ... لاہور

مینجر امرت دھارا اوشدھالیہ امرت دھارا بھون، امرت دھارا روڈ، امرت دھارا ڈاکخانہ لاہور

ہمارے ایجنٹ ... میسرز بہاری لال گھاسی رام کھاری باؤلی اسٹریٹ دہلی

## بہترین اور عمدہ سویاں

اگر آپ کو ہر قسم کی بہترین اور بکفایت سویاں خریدنی ہیں تو آپ سید ارشاد حسین صاحب کی دوکان سے خریدئیے۔ یہ دوکان دہلی میں بازار لال چاہ لال مسجد کے نیچے واقع ہے۔

## سچا ہمدم و رہبر بے دام

پاک صاف خیالات پیدا کر کے جسمانی و روحانی صحت حاصل کرنے کیلئے دنیا میں اچھی خوشی خوشحالی ... اپنی ... ایک کارڈ تحریر کر کے کتاب کام شاستر بالکل مفت منگالیں۔

وید شاستری جام نگر، کاٹھیاواڑ


## مشرق و مغرب کی تازہ خبریں



کو ہدایت کر دی ہے کہ وہ فوراً سرحد کی طرف روانہ ہو جائیں۔

معاصر "اصلاح" کابل سے معلوم ہوا کہ حکومت افغانستان نے بھی اپنی طرف سے جناب ... حضرت فضل احمد خان مجددی وزیر عدلیہ کو مقرر فرمایا ہے اور سردار شیر احمد خان سفیر افغانستان مقیم طہران کو ہدایت کر دی ہے کہ وہ سرحد کیلئے روانہ ہو جائیں اور زور آباد کے واقعہ کی تحقیقات کریں تاکہ شاہ ایران اور دنیا کو معلوم ہو جائے کہ واقعہ کی اصلیت کیا ہے اور پورٹ کی اطلاع کہاں تک صحیح ہے۔

معاصر "اصلاح" سے یہ بھی معلوم ہوا کہ وزیر عدلیہ افغانستان اور سفیر ایران مقیم کابل عید نماز ظہر ہرات کی طرف روانہ ہو گئے۔

## شاہ افغانستان کی ہمشیرگان کا عقد مسنونہ

### مسلمانان ہند کیلئے نمونۂ عمل

معاصر "اصلاح" کابل میں شاہی خاندان کی شادی کے متعلق مندرجہ ذیل اطلاع شائع ہوئی ہے۔

اعلیٰ حضرت غازی محمد نادر شاہ غازی مرحوم کی دختر "زیب بیگم" کی نسبت سردار محمد داؤد خان اور دوسری دختر نیک اختر "زہرہ بیگم" کی نسبت سردار محمد نعیم خان (پسران سردار محمد عزیز خان شہید مرحوم) کے ساتھ ہوئی تھی اور چند ماہ پیشتر عقد نکاح عمل میں آیا تھا اور یہ فیصلہ ہوا تھا کہ نصف رمضان المبارک میں مراسم عروسی ادا کر دیئے جائیں گے۔ چنانچہ اس فیصلہ کے مطابق پہلے شاہ دخت "زیب بیگم" اور دوسرے روز شاہ دخت "زہرہ بیگم" کے مراسم عروسی کی تعمیل کی گئی۔ ... (کیا مسلمانان ہند کیلئے اس میں کوئی درس عبرت ہے؟)

## مجاہدین مراکش کا مستقبل

### کوہ اطلس کے دامن میں فرانسیسی افواج کی چھاؤنی

اطلاع ملی ہے کہ حکومت فرانس مجاہدین مراکش کے جہاد آزادی کو روکنے کیلئے اطلس کے قریب دجار میں ایک زبردست فوجی چھاؤنی قائم کرنے والی ہے۔ ...

فرانس کے فیلڈ مارشل نے فوجی مستقر کیلئے کوہ اطلس کا معائنہ کر کے یہ فیصلہ کیا ہے کہ ایک سال کے اندر اندر یہ جدید معسکر قائم کر دیا جائے۔

## اناطولیہ کے زلزلہ زدگان سے ہمدردی

### غازی کمال پاشا کا ورود مسعود

گزشتہ ۱۵ ۱۸ اناطولیہ کے بعض مقامات میں جو زلزلہ آیا تھا اور جس نے ۲۵ دیہات کو بالکل تباہ کر دیا تھا اس کے سلسلہ میں آفت رسیدہ مقامات کا دورہ خود غازی مصطفےٰ کمال پاشا اور عصمت پاشا وزیر اعظم ترکیہ نے کیا۔ ...

## ترکی اور روسی معاہدہ کی میعاد میں توسیع

انگورہ کی اطلاع مظہر ہے کہ ... معاہدہ مذکور کی میعاد میں مزید ۶ ماہ کی توسیع کر دی جائے۔

## فرانس اور ترکی میں ایک نئے میثاق کی تشکیل

### توفیق رشدی بیگ اور وزارت فرانس میں مذاکرات

انگورہ کی اطلاع ہے کہ توفیق رشدی بیگ وزیر خارجہ ترکیہ اور مسٹر بنٹولسکو فرانس وارد ہوئے۔ اور انہوں نے وزارت خارجہ فرانس سے بعض سیاسی اور ملکی امور پر گفت و شنید کا آغاز کر دیا ہے۔ آئندہ چند روز میں میونسپلٹی سے جنیوا کے پیچیدہ معاملات پر مذاکرات کا طویل سلسلہ جاری ہو جائے گا۔ ...

ترکی جرائد سے یہ بھی معلوم ہوا ہے کہ توفیق رشدی بیگ مسئلہ درہ دانیال پر کسی خارجی حکومت سے گفت و شنید کرنے کو تیار نہیں ہیں ...

## قصر دلکشا میں اٹلی اور فرانس کے سفراء

### شاہ افغانستان کی جوابی تقریر

## دولت ایران و افغانستان کا تحقیقاتی کمیشن

### جانبین کے نمائندے زور آباد روانہ ہو گئے

# ہندوستان کی صنعتی و زراعتی زندگی کا ایک پہلو

## ممالک غیر سے صنعتی تقابل

### فیکٹریوں اور ان میں کام کرنے والوں کی تعداد

۱۹۲۱ء کی مردم شماری کے مطابق ہندوستان میں پونے دو کروڑ آدمی یعنی کل کام کرنے والوں کی تعداد کا تقریباً دس فی صدی حصہ صنعت و حرفت کے کاموں میں لگا ہوا تھا۔ ...

### فیکٹریوں کی تعداد

### دوسرے ممالک سے مقابلہ

ہندوستان میں پونے دو کروڑ آدمی یعنی کل کام کرنے والوں کی تعداد کا تقریباً دس فی صدی حصہ صنعت و حرفت کے کاموں میں لگا ہوا ہے۔ دوسرے ممالک کے مقابلہ میں یہ تناسب بہت حقیر معلوم ہوتا ہے۔ جیسا کہ ذیل میں درج کئے ہوئے نقشہ سے ظاہر ہوگا:۔

| ملک اور سال مردم شماری | | تناسب کاریگروں کی صنعت | تناسب زراعت |
|---|---|---|---|
| برطانیہ | ۱۹۱۱ء | ۵۷ فی صدی | ۱۲ فی صدی |
| سوئٹزرلینڈ | ۱۹۱۱ء | ۴۳ " | ۲۸ " |
| جرمنی | ۱۹۰۷ء | ۴۲ " | ۲۹ " |
| فرانس | ۱۹۱۱ء | ۳۲ " | ۴۱ " |
| امریکہ | ۱۹۲۰ء | ۳۴ " | ۲۶ " |
| آسٹریا | ۱۹۱۰ء | ۲۷ " | ۴۸ " |
| ڈنمارک | ۱۹۱۱ء | ۲۷ " | ۳۶ " |
| ہندوستان | ۱۹۲۱ء | ۱۰ " | ۷۳ " |

(جامعہ)

## حکومت بلجیم کا مسلمان سفیر

### جدہ میں ورود

حکومت بلجیم نے حجاز کی سفارت کیلئے سید ابراہیم ... کو قنصل جنرل مقرر کیا ہے چنانچہ آپ اپنی سند نمائندگی کے ساتھ بندرگاہ جدہ پہنچے جہاں حکومت حجاز کی طرف سے سرکاری طور پر آپ کا خیر مقدم کیا گیا۔




## قرص جریان

جریان جیسے تباہ کن مرض کیلئے قرص جریان ایک نعمت ہیں ...



## معجون مقوی معدہ (رجسٹرڈ)

یہ دوا ان اشخاص کے لئے تجویز کی گئی ہے جن کا نظام ہضم جوانی کی غلط کاریوں کی وجہ سے خراب ہو چکا ہے۔ تجربہ شاہد ہے کہ اعضائے تناسل کے بیشتر مریض نظام ہضم کی خرابی میں مبتلا ہوتے ہیں۔ یہ معجون معدہ اور آنتوں کو نہایت قوت پہنچاتی ہے قبض کی شکایت کو رفع کرتی ہے۔ غذا جلد ہضم کرتی ہے قیمت فی ڈبیہ (بیس یوم کی دوا) دو روپے (للعہ)

تار کا پتہ "ہمدرد" ہمدرد دواخانہ یونانی دہلی ٹیلیفون نمبر ...

# شمالی افریقہ کے مسلمانوں پر ...

## یہودیوں کی حمایت میں مسلمانوں پر آگ کی بارش

## پیرس میں مسلم سوسائٹی کے ارکان کی گرفتاری

### اسی لاکھ مسلمانوں کو عیسائی بنانے کا عزم

(نو مسلم انگریز خالد شیلڈریک کے قلم سے)

جناب خالد شیلڈریک (نو مسلم انگریز) نے جو آج کل ہندوستان تشریف لائے ہوئے ہیں، انگریزی میں ایک بیان بغرض اشاعت ارسال فرمایا ہے جس کا ترجمہ درج ذیل ہے:-

فلسطین (شمالی افریقہ) کے واقعات نے فرانسیسی حدود میں بسنے والے مسلمانوں ... کی لہر دوڑا دی ہے۔ فلسطین کے مسلمانوں پر بلا استثناء ... زبردست حملہ کیا گیا ہے اس کے خلاف ٹیونس، الجزائر اور مراکو کے مسلمانوں نے سخت نفرت و ندامت کا اظہار کیا ہے۔ حال میں فلسطین کے یہودیوں نے نصف ایک ... بے حرمتی کی بلکہ نہایت ہونہار ... اپنے مکانوں کی چھتوں اور کھڑکیوں سے مسلمانوں پر سنگ باری کی۔ اس کے بعد ... ہو گیا اور یہودیوں ...

سیدھی اور تازہ ترین ڈاک

# مشرق و مغرب کی تازہ خبریں

## فرانس اور ترکی میں ایک نئے میثاق کی تشکیل

### توفیق رشدی بیگ اور وزارت فرانس میں مذاکرات

انگورہ کی اطلاع ہے کہ توفیق رشدی بیگ وزیر خارجہ ترکیہ اور مسٹر ... فرانس وارد ہوئے۔ اور انہوں نے وزارت خارجہ فرانس سے بعض سیاسی اور ملکی امور پر گفت و شنید کا آغاز کر دیا ہے۔ آئندہ چند روز میں ... سے جنیوا کے پیچیدہ معاملات پر مذاکرات کا طویل سلسلہ جاری ہو جائے گا۔ توفیق رشدی بیگ ... ایک نیا معاہدہ کریں گے جو مشرقی یورپ کی جنوبی ... کے سلسلہ میں فرانس اور ترکی کے عدم تعرض کی بنیاد پر منعقد ہوگا۔ اس معاملہ میں ... توفیق رشدی بیگ کی بہت کچھ امداد کی ہے کیونکہ ان کا خیال ہے کہ اس قسم کا معاہدہ، میثاق لوکارنو کے انعقاد میں سہولت پیدا کر دے گا۔

معلوم ہوا ہے کہ توفیق رشدی بیگ ... سے گفتگو کریں گے جس کا مطلب یہ ہوگا کہ ترکی کے خالص سیاسی معاملات اور داخلی امور میں نیز ریاستہائے بلقان کی آئندہ تشکیل میں کوئی اور حکومت ...

... کو ہدایت کر دی ہے کہ وہ فوراً سرحد کی طرف روانہ ہو جائیں۔

معاصر "اصلاح" کابل سے معلوم ہوا کہ حکومت افغانستان نے بھی اپنی طرف سے ... حضرت فضل احمد خاں مجددی وزیر عدلیہ کو مقرر فرمایا ہے اور سردار شیر احمد خاں سفیر افغانستان مقیم طہران کو ہدایت کر دی ہے کہ وہ سرحد کیلئے روانہ ہو جائیں اور زور آباد کے واقعہ کی تحقیقات کریں تاکہ شاہ ایران اور دنیا کو معلوم ہو جائے کہ واقعہ کی اصلیت کیا ہے اور یورپی اطلاع کہاں تک صحیح ہے۔

معاصر "اصلاح" سے یہ بھی معلوم ہوا کہ وزیر عدلیہ افغانستان اور سفیر ایران مقیم کابل عید کے بعد ہرات کی طرف روانہ ہو گئے۔

## شاہ افغانستان کی ہمشیرگان کا عقد مسنونہ

### مسلمانان ہند کیلئے نمونہ عمل

معاصر "اصلاح" کابل میں شاہی خاندان کی شادی کے متعلق مندرجہ ذیل اطلاع شائع ہوئی ہے:

اعلیٰ حضرت غازی محمد نادر شاہ غازی مرحوم کی دختر "زیب بیگم" کی نسبت سردار محمد داؤد خاں اور دوسری دختر نیک اختر "زہرہ بیگم" کی نسبت سردار محمد نعیم خاں ...

## قصر دلکشا میں اٹلی اور فرانس کے سفراء

### شاہ افغانستان کی جوابی تقریر

## مجاہدین مراکش کا استقلال

### کوہ اطلس کے دامن میں فرانسیسی افواج کی چھاؤنی

## اناطولیہ کے زلزلہ زدگان سے ہمدردی

### غازی کمال پاشا کا وعدہ

## دولت ایران و افغانستان کا تحقیقاتی کمیشن

### جانبین کے نمایندے زور آباد روانہ ہو گئے

## ترکی اور روسی معاہدہ کی میعاد میں توسیع

### پیرس میں مسلمانوں کی گرفتاریاں

## پیرس کے ایک وکیل کی تحقیقات

## فرانس کی مسلم سوسائٹی کا اقدام

# ہندوستان کی صنعتی و زراعتی زندگی کا ایک پہلو

## ممالک غیر سے صنعتی تقابل

### فیکٹریوں اور انمیں کام کرنیوالوں کی تعداد

۱۹۲۱ء کی مردم شماری کے مطابق ہندوستان میں پونے دو کروڑ آدمی یعنی کل کام کرنے والوں کی تعداد کا تقریباً دس فی صدی حصہ صنعت و حرفت کے کاموں میں لگا ہوا تھا صنعت پیشہ گروہ میں جو لوگ شامل کئے گئے تھے ان میں تعداد کی کثرت کے لحاظ سے خاص طور پر لائق ذکر جلاہے، دھوبی، بڑھئی، نائی، کمہار، موچی، کنجڑ، جنس بیچنے والے، درزی، راج، معمار، سنار، لوہار، دھان کوٹنے آٹا پیسنے والے، تیلی، رسی بٹنے والے، چمار، بھڑبھونجے وغیرہ ہیں۔ ذیل میں تعداد کی ترتیب کے لحاظ سے مختلف صنعت پیشہ جماعتوں کا ایک نقشہ درج کیا جاتا ہے جس سے ان کی نسبتی اہمیت کا اندازہ کیا جا سکتا ہے۔

| نام صنعت پیشہ جماعتوں کا | کام کرنیوالوں کی تعداد |
|---|---|
| روئی کے کاتنے، بننے اور کلف دینے والے | ۳۲ لاکھ |
| کپڑا دھونے اور صاف کرنے والے | ۱۳ لاکھ |
| بڑھئی، خراطی وغیرہ | ۱۱ لاکھ |
| نائی، حجام وغیرہ | ۱۰ لاکھ |
| مٹی کے برتن بنانے والے | ۱۰ لاکھ |
| ... | ... |

... مالا اور ... بنانے والے | ۱ ہزار
... بنانے والے | ۲۴
... بنانے والے | ۲۵

### فیکٹریوں کی تعداد

جو سے پیمانے کی صنعت اور فیکٹریوں کی تعداد ہندوستان میں بہت محدود ہے۔ کل فیکٹریوں کی تعداد ۹ ہزار ۲ سو ۲۲ ہے اور ان میں کام کرنے والے ۱۷ لاکھ ۲۳ ہزار ہیں جو تمام صنعت پیشہ آبادی کا صرف دسواں حصہ ہوتے ہیں۔ ہم ذیل میں ہم مختلف قسم کی فیکٹریوں کا نقشہ درج کرتے ہیں:-

| نوعیت فیکٹری معہ تعداد | کام کرنیوالوں کی تعداد |
|---|---|
| سرکاری، ریاستی اور میونسپلٹی کی فیکٹریاں = (اسمیں پارچہ بافی، تجارتی ... جہاز کے کارخانے، انجینئرنگ، ... نہریں ... ٹکسال، ... وغیرہ شامل ہیں) ۲۰۶ | ایک لاکھ ۴۲ ہزار |
| ... | ... |
| متفرق = (اسمیں ... اور دیگر متفرق کارخانے شامل ہیں) ۱۲۰ | ۱۷ ہزار |
| کل تعداد فیکٹری ۹ ہزار ۲ سو ۲۲ — کل تعداد مزدور | ۱۷ لاکھ ۲۳ ہزار |

### دوسرے ممالک سے مقابلہ

ہندوستان میں پونے دو کروڑ آدمی یعنی کل کام کرنے والوں کی تعداد کا تقریباً دس فی صدی حصہ صنعت و حرفت کے کاموں میں لگا ہوا ہے۔ دوسرے ممالک کے مقابلہ میں یہ تناسب بہت حقیر معلوم ہوتا ہے۔ جیسا کہ ذیل میں درج کئے ہوئے نقشہ سے ظاہر ہوگا:-

| ملک اور سال مردم شماری | | تناسب کان کنی و صنعت | تناسب زراعت |
|---|---|---|---|
| برطانیہ | ۱۹۱۱ء | ۵۷ فی صدی | ۱۲ فی صدی |
| سوئٹزرلینڈ | ۱۹۱۰ء | ۴۳ ″ | ۲۸ ″ |
| جرمنی | ۱۹۰۷ء | ۴۳ ″ | ۲۹ ″ |
| فرانس | ۱۹۱۱ء | ۳۹ ″ | ۴۱ ″ |
| امریکہ | ۱۹۲۰ء | ۳۲ ″ | ۲۶ ″ |
| آسٹریا | ۱۹۱۰ء | ۲۷ ″ | ۴۸ ″ |
| ڈنمارک | ۱۹۱۱ء | ۲۷ ″ | ۳۶ ″ |
| ہندوستان | ۱۹۲۱ء | ۱۰ ″ | ۷۳ ″ |

(جامعہ)

## حکومت بلجیم کا مسلمان سفیر

### جدہ میں ورود

حکومت بلجیم نے حجاز کی سفارت کیلئے سید ابراہیم ... کو قونصل جنرل مقرر کیا ہے چنانچہ آپ اپنی سفارتی ... کے ساتھ بندرگاہ جدہ پہنچے جہاں حکومت حجاز کی طرف سے سرکاری طور پر آپ کا خیر مقدم کیا گیا۔



## قرص جریان

جریان جیسے تباہ کن مرض کیلئے ... قرص جریان ... ہر ... اعضائے تناسل کی ... حالت میں لاتے ہیں ... جس میں ... یوم کے استعمال کی دوا ہے۔ صرف دو روپے ...

تار کا پتہ "ہمدرد" — ہمدرد دواخانہ یونانی دہلی — ٹیلیفون ...



## معجون مقوی معدہ (رجسٹرڈ)

یہ دوا ان اشخاص کے لئے تجویز کی گئی ہے جن کا نظام ہضم جوانی کی غلط کاریوں کی وجہ سے خراب ہو چکا ہے۔ تجربہ شاہد ہے کہ اعضائے تناسل کے بیشتر مریض نظام ہضم کی خرابی میں مبتلا ہوتے ہیں۔ یہ معجون معدہ اور آنتوں کو نہایت قوت پہنچاتی ہے۔ قبض کی شکایت کو رفع کرتی ہے۔ غذا جلد ہضم کرتی ہے۔ قیمت فی ڈبیہ (بیس یوم کی دوا) دو روپے (عہ)۔

تار کا پتہ "ہمدرد" ہمدرد دواخانہ یونانی — دہلی — ٹیلیفون نمبر ...

## سچا ہمدم و رہبر بے دام

## دہلی میں مسلم یونٹی بورڈ کا اجلاس

### ایجنڈہ کی اشاعت

مسلم یونٹی بورڈ کی ورکنگ کمیٹی کے گذشتہ جلسہ کے فیصلہ کے مطابق یونٹی بورڈ کا آئندہ جلسہ ۱۲ جنوری یوم دوشنبہ بوقت دس بجے دن دہلی میں بر مکان مولانا شوکت علی صاحب واقع ... دروازہ منعقد ہوگا۔ ایجنڈا حسب ذیل ہے:-

(۱) بورڈ کے دستور اساسی میں ایسی ترمیمات کی منظوری جن کی رو سے بورڈ کی ضلعوار اور صوبہ وار شاخوں کی نمائندگی مرکزی جماعت میں ممکن ہو۔

(۲) مسلمانوں کی سنی اور شیعہ جماعتوں میں زیادہ بہتر اور خوشگوار تعلقات کو ترقی دینے کی غرض سے اور ملک کے انتخابی اداروں اور مجالس قانون ساز میں شیعہ جماعت کو کافی نمائندگی دینے کے لئے ایسی اسکیم پر غور و بحث جس کی رو سے لازمی طور پر جماعت مذکور کو اپنا پورا اور جائز حق ملتا رہے۔

(۳) مسلم یونٹی بورڈ کے سالانہ اجلاس کے لئے صدر کا انتخاب اور تاریخ و دیگر تفصیلات کا تصفیہ۔

(۴) سیاسیات حاضرہ پر غور و بحث اور مسلمانان ہند کے لئے ایک سیاسی پالیسی و پروگرام کی ترتیب جو سالانہ اجلاس میں منظوری کے لئے پیش کیا جائے گا۔

(۵) بورڈ کی مزید صوبہ وار و ضلع وار شاخوں کے قیام اور صوبہ ...

## غازی آباد کے قریب مسلح ڈاکہ

### بندوقوں کے فائر میں مکان لوٹ لئے

## اسمبلی میں وائسرائے کی تقریر

### ممبروں سے درباری پوشاک پہننے کی درخواست

## کارخانہ داروں اور مزدوروں میں مصالحت

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# الجمعیۃ دہلی

یوم چہارشنبہ ۱۰ر شوال المکرم ۱۳۵۳ھ ہجری

# "اتحاد" کا "اعلان جنگ"

## جمعیۃ علماء، مسلم کانفرنس اور امارت شرعیہ

(۶)

### تیسرا مطالبہ

اتحاد کا تیسرا مطالبہ بھی یعنی

انجمن امارت کا باضابطہ انتخاب کیا جائے اور بہار کی ایک نمائندہ اسلامی کانفرنس کے اندر اس کے دستور اساسی کو منظور کیا جائے۔

دوسرے بے سروپا مطالبات کی طرح چند در چند غلط فہمیوں اور مغالطوں پر مبنی ہے۔ جہاں تک امارت شرعیہ کا تعلق ہے سب کو معلوم ہے کہ حضرت امیر شریعت صوبہ بہار کا باضابطہ و باقاعدہ انتخاب ہو چکا ہے۔ مسلمانان بہار نے اپنی شرعی تنظیم اور مذہبی زندگی کے لئے حضرت کے ہاتھ پر بیعت کی ہے۔ قانون شریعت کے مطابق امیر امام کی بیعت کے لئے جس قدر اہتمام ہو سکتا تھا وہ موجودہ امیر شریعت کی بیعت کے لئے کیا گیا اور اس سے بڑھ کر باضابطہ انتخاب شرعی نقطۂ خیال سے ہو ہی نہیں سکتا۔ اگر اس انتخاب امارت پر مولانا شفیع داؤدی کو کوئی اعتراض تھا تو آج سے بہت قبل انہیں کرنا چاہئے تھا۔ مگر نہ صرف یہ کہ انہوں نے اس انتخاب و بیعت پر کوئی اعتراض نہیں کیا بلکہ وہ ایک مدت مدید سے اسے تسلیم کرتے چلے آئے اور آج ان کے اخبار میں جو کچھ لکھا جا رہا ہے اور اس انتخاب ہی کو سرے سے بے ضابطہ بتایا جا رہا ہے، اس کی وجہ صرف گزشتہ انتخابات اسمبلی کی شکست کا انتقام ہے اور اس کے علاوہ کچھ نہیں ہے۔ رہا دستور اساسی کا ایک نمائندہ اسلامی کانفرنس میں منظور کیا جانا تو یہ موجودہ امیر شریعت کے انتخاب سے بھی بہت پہلے کی بات ہے۔ تقریباً چودہ پندرہ سال کا عرصہ ہوا کہ قیام امارت شرعیہ اور اس کے تاسیسی اصولوں کے متعلق شرح و بسط کے ساتھ بحث و تمحیص ہو چکی ہے اور اس کے تمام پہلوؤں پر غور کرنے کے بعد نہ صرف صوبہ بہار بلکہ تمام ہندوستان کے جید علماء کے باہمی مشاورت سے ایک دستور بنایا جا چکا ہے جو شریعت اسلامیہ کے بنیادی و اساسی اصولوں پر مبنی ہے اور جس میں لوگوں کی ذاتی و شخصی رائے کے بجائے شریعت حقہ کی ترجمانی کی گئی ہے۔ آج اس امر کی مطلق ضرورت نہیں ہے کہ امارت شرعیہ کے اس دستور اساسی کو ...

اغراض کے لئے قوم کی اسلامی زندگی کو تباہ و برباد کرنے اور امارت کے خلاف اعلان جنگ کر کے مذہب کے خلاف جنگ کرنے کی کوشش نہ کرنی چاہئے۔ گزرے زمانہ میں صوبہ بہار کی امارت شرعیہ کا نظام سب سے زیادہ صحیح مذہبی و قومی نظام ہے اور جس کی تنظیم پہلے ہی پوری طرح غور و خوض کے بعد کی گئی ہے۔

### پانچواں اور چھٹا مطالبہ

مولانا شفیع داؤدی صاحب ہوں یا ان کے رفقائے کار یا اخبار اتحاد کا کوئی مضمون نگار ہو، ان لوگوں کو حقیقۃً امارت شرعیہ کے ادارہ پر کسی اصولی حیثیت سے خواہ وہ مذہبی ہو یا عام اصطلاح کے مطابق دستوری اعتراض کا کوئی حق نہ ہو سکتا تھا۔ ہزاروں بار ان لوگوں نے اس حقیقت کو تسلیم کیا ہے کہ امارت شرعیہ صوبہ بہار کا ایک مفید ترین مذہبی ادارہ ہے اور اس کی عملی سرگرمیاں مسلمانان بہار کے اندر اسلامی روح پیدا کر رہی ہیں۔ ان حضرات کا اعتراف حقیقت غالباً اب بھی قائم رہتا اگر گزشتہ انتخابات میں امارت نے اپنی ایک انتخابی مجلس کے ذریعہ مولانا شفیع داؤدی کے خلاف حصہ نہ لیا ہوتا۔ امارت کا سب سے بڑا قصور جس کی وجہ سے ان کے اندر ہزاروں برائیاں نظر آنے لگی ہیں صرف یہی ہے کہ اس نے مولانا شفیع داؤدی کے خلاف ...

اس مطالبہ کو لکھتے ہیں کہ

"انجمن امارت کے لئے سیاسیات اور الکشن میں بحیثیت جماعت حصہ لینا خلاف آئین قرار دیا جائے۔"

اتحاد نے اسی مطالبہ کا ایک حصہ وہ ہے جس پر نمبر ۶ ڈال دیا گیا ہے اور جس میں یہ کہا گیا ہے کہ

"انجمن امارت کے صدر اور نائبین صدر اور دوسرے ذمہ دار عہدہ دار کو کسی خاص سیاسی پارٹی میں شخصی طور پر بھی حصہ لینا نہ چاہئے۔"

یہ سارا طوفان محض ان ہی مطالبات کے لئے باندھا گیا ہے ...

---

نہیں ہے امارت کو ہمیشہ اس سے واسطہ پڑتا رہا ہے۔ ساردا ایکٹ کی مخالفت میں جب سیاسی مظاہرے کئے گئے ہیں تو بدقسمتی یا خوش قسمتی سے مولانا شفیع داؤدی اور امارت کا نقطۂ نگاہ ایک تھا۔ اس لئے مولانا شفیع داؤدی نے ایک دن بھی امارت سے یہ مطالبہ نہ کیا کہ وہ سیاست میں حصہ کیوں لیتی ہے۔ اس وقت یہ اعتراض حامیان ساردا ایکٹ کو تھا۔ پھر جب ۱۹۳۰ء سے جنگ آزادی شروع ہوئی اور اس میں شرکت کے متعلق حضرت امیر شریعت کے بیانات شائع ہوئے تو بھی صورت حال یہی رہی مسلمانوں کا جو سیاسی طبقہ ان تحریکات کے موافق تھا اس نے ان اعلانات کو سراہا اور جو مخالفین تھے انہوں نے ہی اعتراض اٹھایا جو اس وقت اپنی غرض ہی شامل ہو جانے کی وجہ سے مولانا شفیع داؤدی نہایت شد و مد کے ساتھ اٹھا رہے ہیں۔ اس بحث سے ہمارا مقصد یہ ہے کہ امارت شرعیہ اپنے منصب اور اپنی نوعیت کار کے باعث نہ کبھی سیاسیات سے بالکل الگ متعلق رہی ہے اور نہ آئندہ ہو سکتی ہے۔ ہر دو کے اعتراض کرنے والے جدا جدا ہوتے ہیں۔

### امارت شرعیہ اور "الکشن"

اس کے بعد الکشن کا سوال آتا ہے اور اسی پر مولانا شفیع داؤدی اور ان کا اخبار اتحاد بہت زیادہ نقل در آتش ہیں۔ لیکن ہم سمجھتے ہیں کہ امارت شرعیہ کا یہ فیصلہ کرنا کہ وہ مجالس مقننہ کے انتخابات میں اپنی ایک مخصوص مجلس کے ذریعہ حصہ لیگی حقیقۃً اس کی گزشتہ زندگی کا ایک لازمی اور منطقی نتیجہ تھا۔ وہ سوائے اسکے اور کچھ کر ہی نہ سکتی تھی۔ جب ہندوستان کی آزادی کے لئے سیاسی مطالبات کو منوانے کے لئے، اور ملک کی عام سیاسی بیداری کو ترقی دینے کے لئے امارت شرعیہ اور اس کے کارکنوں کی سیاسی سرگرمیوں کو اس کے مقاصد کے خلاف قرار نہیں دیا گیا تو ملکی سیاسیات کے موجودہ مرحلہ پر امارت کا الکشن کی طرف متوجہ ہونا کیونکر خلاف مقصد ہو سکتا ہے جبکہ مقصد فی نفسہ ایک ہی ہے۔ علاوہ ازیں اسمبلی اور کونسلوں کا الکشن ایسی حالت میں جبکہ یہ مجالس شریعت کے خلاف قوانین وضع کرنے کا ایک مستقل آلہ بن چکی ہوں نہ صرف قابل نظر انداز ہی نہیں رہتا بلکہ اس کی طرف توجہ ضروری ہو جاتی ہے۔ سارداایکٹ اور اس کے بعد قوانین حج و تقف بل اور اسی طرح کے دوسرے قوانین نے امارت شرعیہ کو مجبور کر دیا کہ وہ مجالس مقننہ کی طرف متوجہ ہو۔ اس قسم کے مسودات قانون پر امارت کی جانب سے اعتراضات کئے گئے مظاہروں میں حصہ لیا گیا اور پوری طرح ان کی مخالفت کی گئی۔ کیونکہ یہی وہ قوانین ہیں جو امارت کے اصل کاموں میں رکاوٹ ڈالتے والے ہیں اور جن سے مسلمانوں کی شرعی و اسلامی زندگی پر براہ راست اثر پڑتا ہے۔ جب مجالس مقننہ کی کارروائیوں پر ہر روز اعتراضات اور ان کی مخالفت امارت کے لئے مذہبی حیثیت سے ضروری ہو گئی تو اس کے کوئی معنی نہ تھے کہ جب انتخاب کا وقت آئے تو امارت خاموش رہے اور پھر جب قابل اعتراض کارروائیاں شروع ہوں تو مخالفت کرنے لگے۔ امارت کو عام مسلمانوں کی ہدایت کے لئے کوئی نہ کوئی رہنمائی کرنی ضروری تھی اور اسی لئے اس نے یہ فیصلہ کیا کہ وہ اپنے معتمدین کی ایک مجلس اسی غرض کے لئے قائم کرے اور یہ کام اس کے سپرد کر دیا جائے کہ وہ الکشن کے معاملات میں مذہبی نقطۂ نگاہ سے دخل دے اور اپنے امیدواروں کو کھڑا کرے۔ امارت کے لئے یہ کام اپنی زندگی میں پہلا کام تھا۔ حکومت کی تمام قوتیں اس کے خلاف سرگرم عمل تھیں اور انواع و اقسام کے چھوٹے پروپگنڈوں کے لئے روپوں کی تھیلیاں کھل گئی تھیں۔ ایک جنبی ماحول میں اس قسم کی نئی مشکلات اور خانوادہ وائی افراد کی ذہنیتوں اور طریقوں کا تجزیہ ... ان سے گزرنا ناگزیر تھا۔ پھر بھی اس مرتبہ کے حالات آئندہ کا بہالی کا پورا یقین دلا رہے تھے۔ بہر حال سارداایکٹ کی مخالفت ہو، قوانین حج و تقف بل کی ترمیمات ہوں، یا قیام محکمہ قضا کی جد و جہد ... مجالس مقننہ کے خلاف سعی ہو یا جدید صحیح الخیال اراکین کو منتخب کرانے کی کوشش یہ سب صرف ایک ہی مقصد کے ماتحت ہیں اور وہ یہ ہے کہ "قانون شریعت" کا بول بالا رہے اور مسلمانوں کی زندگی کو نئے نئے غیر شرعی قوانین بنا کر جس طرح تباہ و برباد کیا جا رہا ہے اس کا راستہ بند ہو جائے۔ یہی مقصد ہے اور یہی نصب العین۔ اگر اس مقصد کی تکمیل مولانا شفیع داؤدی یا کسی دوسرے رکن اسمبلی کی مخالفت پر امارت کو مجبور کرتی ہے تو یہ کام اسی کو کرنا ہی پڑے گا خواہ اس کی بدولت دفتر اتحاد سے مجھر کے "اعلان" کی طرح کتنے ہی جنگی اعلانات کیوں نہ شائع ہوں۔ (باقی آئندہ)

# شذرات

### ہندوستان اور انگلستان کا معاہدہ

ایسی حالت میں جبکہ ہندوستان پر حکومت کرنے کا مقصد ہی یہ ہے کہ اس زرخیز ملک سے تجارتی فوائد حاصل کئے جائیں اور انگلستان کی دولت کو بڑھایا جائے تو پھر ظاہر ہے کہ موجودہ حکومت کے ماتحت جو کچھ تجارتی معاہدے ہوں گے وہ ہندوستان ہی کے مفاد کو نقصان پہنچانے والے ہوں گے۔ اگر ہندوستان کی اپنی حکومت ہوتی اور ہندوستان کی طرف سے گفت و شنید کرنے والے اور معاہدہ پر دستخط کرنے والے وہ لوگ ہوتے جن پر باشندگان ملک کو اعتماد ہوتا اور جو ان کی نمائندگی و نیابت کا حق ادا کر سکتے تو بلاشبہ اس معاہدہ پر جو تجارتی معاملات کے متعلق ابھی حال میں انگلستان و ہندوستان کے مابین ہوا ہے ... بحث کی جا سکتی تھی ... لیکن ایسی حالت میں کہ ہندوستان اور انگلستان دونوں کی جانب سے خود حکومت برطانیہ کے بالواسطہ یا بلا واسطہ مقرر کئے ہوئے نمائندوں نے معاہدہ پر دستخط کئے۔ اس قسم کے مطالبہ کے لئے کوئی گنجائش ہی نہیں ہے۔ حکومت کے گزشتہ اور موجودہ طرز عمل میں سوائے اس کے اور کوئی فرق ہمیں نظر نہیں آتا ... ہندوستان کو اس کے ساتھ تعلق رکھنے اور اپنی تجارت کو تباہ ہوتے ہوئے دیکھنے پر مجبور کر دیا گیا ہے ... اس قسم کی کارروائیوں میں حکومت کا ساتھ نہیں دے سکتا۔

### فرقہ وارانہ مظاہرے

پنڈت مالویہ جی اور ان کی نیشنلسٹ پارٹی نے کمیونل ایوارڈ کے مسئلہ پر جو کشمکش پیدا کر دی ہے اس کے نتائج بد ہمیں پہلے ہی سے نظر آ رہے تھے۔ مالویہ جی کی نیشنلسٹ پارٹی نے "اینٹی کمیونل ایوارڈ ہفتہ" کا جو آغاز کیا ہے اس کا پروگرام ... شروع ہونا ہے اور اس کی تائید ہندو مہاسبھا بھی کر رہی ہے۔ اب معلوم ہوا ہے کہ مسلم کانفرنس کے سکریٹری حاجی رحیم بخش صاحب نے بھی ... کے لئے اعلان کر دیا ہے ... ہندوستانی مسلمانوں کی مرضی کے بغیر نہیں بدل سکتا ... دونوں قوموں کو چاہئے کہ اس قسم کی حرکات سے باخبر رہیں اور اپنی حفاظت آپ کریں۔

### دو مشہور و قابل ہستیوں کی وفات

تمام ہندوستان میں یہ خبر نہایت رنج و اندوہ کے ساتھ سنی جائے گی کہ سر عبدالحلیم غزنوی ... جو بنگال میں ایک مشہور و نمایاں شخصیت کے مالک تھے اور مرکزی مجلس مقننہ کے رکن کی حیثیت سے متعدد مرتبہ منتخب ہو چکے تھے اور خاص علمی ذوق رکھتے تھے اتوار کے روز کلکتہ میں اچانک وفات پا گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ ہمیں مرحوم کے اعزاء و اقرباء کے ساتھ اس صدمۂ جانکاہ میں دلی ہمدردی ہے اور ہم اللہ رب العزت کی درگاہ میں دعا کرتے ہیں کہ وہ ان کی روح کو اپنے جوار رحمت میں جگہ دے اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔

ایک دوسرا حادثہ کراچی میں اتوار ہی کے روز ... کی اچانک وفات کا ہے ... ان کی خدمات کا اندازہ کر نا قابل تعریف ...

انجام دی تھیں ہم ان کے اعزاء و احباب کے ساتھ دلی ہمدردی کا اظہار کرتے ہیں۔

# حوادث واحکام

### استفتاء

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ ایک دوکاندار نے دوسرے ایک دوکاندار کے پاس تین سو روپیہ دیا اور کہا کہ بہ اس روپیہ کا نفع پچاس روپیہ دینا ہوگا نیکم ... جو شخص نے روپیہ لیا وہ اس بات کو اپنے جان لیا اور جو روپیہ دینے والا ہے وہ مسئلہ کا جاننے والا نہیں ... یہ نفع لینا سود ہے ...

### الجواب

تین سو روپیہ دے کر پچاس روپیہ نفع کا متعین کر لینا اور نقصان کا ذمہ دار نہ ہونا سود ہے ... والیس لے سکتا ہے ...

بندہ احمد سعید عفی عنہ

---



# دار الحکومت

## عید گاہ میں ایک لاکھ مسلمانوں کا اجتماع

### پولیس کا بہترین انتظام

۷ر جنوری۔ عید کی نماز عید گاہ میں آج صبح نہایت شاندار طریقہ کے ساتھ دس بجے ادا کی گئی۔ کم و بیش ایک لاکھ سے زائد مسلمانوں کی شرکت کا اندازہ کیا جاتا ہے۔ مسلمانوں کے علاوہ بعض غیر مسلم حضرات بھی بطور تماشائی جمع تھے جو مسلمانوں کے اس طرز عبادت کو نہایت حیرت و استعجاب کے ساتھ دیکھ رہے تھے۔ حسن اتفاق سے سرنائیڈو جو آج کل دہلی میں آئی ہوئی ہیں وہ بھی مسٹر آصف علی کے ہمراہ عید گاہ میں تشریف لائی تھیں۔ مسٹر آصف علی ایم۔ ایل۔ اے جب تک نماز میں مشغول رہے مسز نائیڈو مسلمانوں کی نماز کو نہایت مسرت کے ساتھ دیکھتی رہیں۔ ... پولیس کا انتظام بہترین تھا ...

## امبالہ اور روہیلکھنڈ ڈویژنوں کے ساتھ دہلی کو علیحدہ صوبہ بنایا جائے

### تیس ہزاری کے میدان کو پرانی دہلی کی میونسپلٹی کے حوالہ کیا جائے

### اسمبلی میں مسٹر آصف علی کے سوالات

دہلی ۱۲ر جنوری۔ دہلی حلقہ سے منتخب ہوتے ہی مسٹر آصف علی صاحب نے حکومت کو دہلی کے مسائل سے باخبر کرنا شروع کر دیا ہے۔ مسٹر آصف علی نے آئندہ اسمبلی کے لئے سوالات دریافت کرنے کا جو نوٹس دیا ہے اس کی فہرست طویل ہے۔ اس میں کا ایک سوال یہ ہے کہ دہلی کو ایک الگ اور مستقل صوبہ بنایا جائے۔ ایک دوسرے سوال کے ذریعہ حکومت کی توجہ پنجاب، یوپی، اور دہلی صوبہ کی از سرِ نو تقسیم کی جانب مبذول کرائی جائے گی۔ تاکہ پنجاب سے انبالہ ڈویژن کے اضلاع میرٹھ، آگرہ اور روہیلکھنڈ ڈویژن کو سوائے ضلع علی گڑھ کے صوبہ دہلی میں ملحق کر کے ایک الگ صوبہ بنا دیا جائے۔ ... جو پچاس سال سے بیکار پڑا ہے پرانی دہلی کی میونسپلٹی کے حوالہ کیا جائے۔

## مسٹر آصف علی کانگریس سے مستعفی ہو گئے

دہلی ۱۲ر جنوری۔ لالہ دیش بندھو کے کانگریس سے مستعفی ہونے کی خبر دی جا چکی ہے۔ مزید تحقیقات پر معلوم ہوا ہے کہ آپ کے بھائی مسٹر دھرم پال گپتا نے بھی مقامی کانگریس کمیٹی سے استعفیٰ دے دیا ہے ... واضح رہے کہ مسٹر آصف علی صوبہ کانگریس کمیٹی کے صدر منتخب ہو چکے ہیں۔

## امام منزل میں تقریب سعید

یہ امر تمام مسلمانوں کے لئے عموماً اور مسلمانان دہلی کے لئے خصوصاً موجب مسرت ہے کہ امسال شمس العلماء مولانا سید احمد صاحب امام جامع مسجد کے پوتے سید عبداللہ صاحب جن کی عمر تقریباً بارہ سال ہے قرآن شریف کے حفظ سے فارغ ہو گئے۔ ... امام صاحب موصوف نے ایک تقریر کی ... (منظور حسن دہلوی)

## مہاراجہ کوہلاپور کے نام ناظم جمعیۃ علماء ہند کا تار

### گولی چلنے کے واقعہ کی تحقیقات کا مطالبہ

دہلی ۱۲ر جنوری۔ حضرت مولانا حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند نے مہاراجہ کوہلاپور کے نام حسب ذیل برقیہ ارسال فرمایا ہے:

اجرا کے افسوسناک واقعہ نے مسلمانان ہندوستان کو بے چین کر دیا ہے مہربانی فرما کر فوراً تحقیقات کے لئے ایک ایسے آزاد کمیشن کا تقرر کیجئے جو مسلمانوں کی کافی تعداد پر مشتمل ہو۔

(مولانا) احمد سعید ناظم جمعیۃ علماء ہند

## ریاست کوہلاپور میں مسلمانوں کا قتل

### پولیس کی گولیوں سے نو مسلمان شہید

کوہلاپور ۹ر جنوری۔ کل ایک ماتحت ریاست اجرا کرنجی میں شدید ہنگامہ ہو گیا۔ اجرا نامی ایک چھوٹے سے گاؤں میں پولیس نے ... نو مسلمان شہید اور بہت سے شدید طور پر زخمی ہوئے ...

## خالدہ ادیب خانم کا دہلی میں ورود مسعود

### سلسلۂ تقاریر کا پروگرام

دہلی۔ ترکی کی مشہور مصنفہ و انقلاب پسند خاتون خالدہ ادیب خانم ۸ر جنوری کی شب کو فرنٹیر میل سے دہلی تشریف لے آئیں۔ آپ جامعہ ملیہ اسلامیہ میں انقلاب ترکی کے مختلف پہلوؤں پر لیکچر دیں گی۔ ... جامعہ ملیہ میں آپ کی تقریروں کا سلسلہ ۱۵ر جنوری سے شروع ہوگا جس کا پروگرام حسب ذیل ہے:

| | | |
|---|---|---|
| لیکچر ۱ | ۱۵ر جنوری، ۷ بجے شام (مقامی ٹائم) | صدر ڈاکٹر انصاری صاحب |
| لیکچر ۲ | ۱۹ر جنوری، ۷ بجے شام | صدر گاندھی جی |
| لیکچر ۳ | ۲۲ر جنوری، ۷ بجے شام | صدر مولانا ابوالکلام آزاد |
| لیکچر ۴ | ۲۶ر جنوری | صدر سروجنی نیڈو |
| لیکچر ۵ | ۲۹ر جنوری | صدر کا اعلان بعد میں کیا جائیگا |
| لیکچر ۶ | ۲ر فروری | |
| لیکچر ۷ | ۵ر فروری | |
| لیکچر ۸ | ۹ر فروری | |

## کھڑکی فراشخانہ میں ایک پرانی قبر کا انکشاف

### مسلمانوں کا ہجوم۔ زعماء کی آمد

دہلی ۱۲ر جنوری۔ کل صبح کھڑکی فراشخانہ میں ایک میونسپل ٹھیکہ دار کی نگرانی میں ایک مکان کی بنیاد کھودی جا رہی تھی کہ وہاں یکایک ایک قبر نمودار ہوئی۔ ... مسلمانوں کو بھی اطمینان دلایا گیا ...

## جمعیۃ علماء ہند کی امداد

جمعیۃ علماء ہند کی امداد کے سلسلے میں رمضان المبارک میں یہ اعلان کیا گیا تھا کہ جو اہل خیر حضرات جمعیۃ علماء کی امداد کے لئے رقوم روانہ کریں وہ زکوٰۃ یا فطرہ وغیرہ کی تفصیل کر دیا کریں تاکہ ان کی رقم کو احتیاط کے ساتھ اسی میں صرف کیا جا سکے۔ چونکہ بعض حضرات نے روپیہ روانہ کرتے وقت اس قسم کی تفصیل کا اظہار نہیں کیا اس لئے مکرر یہ اعلان کیا جاتا ہے کہ جو صاحب امدادی رقوم روانہ کریں وہ مہربانی فرما کر روپیہ کی تفصیل ضرور دیا کریں تاکہ خط و کتابت کے مصارف کا بار دفتر پر نہ پڑے۔

## دہلی عید گاہ کی توسیع کا مسئلہ

### حکومت زمین دینے کو تیار ہے

دہلی ۱۱ر جنوری۔ معتبر ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ حکومت عید گاہ کی توسیع کے لئے ملحقہ آراضی نزول مسلمانوں کو دینے کے لئے تیار ہے ...

## مسلمان تعزیرات ہند کو نہیں مانتے

### مسٹر اسلم بیرسٹر پر مقدمہ چلایا جائیگا

کراچی ۱۱ر جنوری۔ اسلام رسول کی توہین کرنے والے کے قتل کی اجازت دیتا ہے۔ اور مسلمانوں کا تعزیرات ہند پر کوئی عقیدہ نہیں ہے۔ اور نہ مسلمان اس کی دفعات کے پابند ہیں۔ یہ ہیں وہ الفاظ جو نتھو رام کے قاتل عبدالقیوم کے وکیل مسٹر محمد اسلم نے عدالت کے روبرو بحث کے دوران میں استعمال کئے تھے۔ ...

## سرحد کے سیاسی کارکنوں پر پابندیاں

پشاور ۱۲ر جنوری۔ ضلع پشاور میں قانون امن عامہ کی چند دفعات کی تجدید کے نتیجہ میں ... سیاسی کارکنوں پر حکم امتناعی کے نوٹس کی تعمیل کی گئی ہے۔

## دہلی میں مسلم یونٹی بورڈ کا اجلاس

### ایجنڈہ کی اشاعت

مسلم یونٹی بورڈ کی ورکنگ کمیٹی کے گزشتہ جلسہ کے فیصلہ کے مطابق یونٹی بورڈ کا آئندہ جلسہ ۱۴ر جنوری یوم دوشنبہ بوقت دس بجے دن دہلی میں بمکان مولانا شوکت علی صاحب واقع فیض بازار دہلی دروازہ منعقد ہوگا۔ ایجنڈا حسب ذیل ہے۔

(۱) بورڈ کے دستور اساسی میں ایسی ترمیمات کی منظوری جن کی رو سے بورڈ کی ضلع وار اور صوبہ وار شاخوں کی ... ممکن ہو۔

(۲) مسلمانوں کی سنی اور شیعہ جماعتوں میں زیادہ بہتر اور خوشگوار تعلقات کو ترقی دینے کی غرض سے ...

(۳) مسلم یونٹی بورڈ کے سالانہ اجلاس کے لئے صدر کا انتخاب اور تاریخ و دیگر تفصیلات کا تصفیہ۔

(۴) ...

(۵) بورڈ کی مزید صوبہ وار و ضلع وار شاخوں کے قیام اور ...

(۶) دیگر مسائل بہ اجازت جناب صدر۔

نوٹ۔ ...

### ارکان کے اسمائے گرامی

جناب نواب محمد اسمٰعیل خاں صاحب۔ جناب راجہ صاحب سلیم پور۔ جناب نواب علی خاں صاحب۔ جناب مولانا مفتی کفایت اللہ صاحب۔ جناب مولانا احمد سعید صاحب۔ ... جناب چودھری خلیق الزماں صاحب ...

(سیکریٹری آل انڈیا مسلم یونٹی بورڈ)

## غازی آباد کے قریب مسلح ڈاکہ

### بندوقوں کے فائر۔ تین مکان لوٹ لئے

غازی آباد ۱۲ر جنوری۔ غازی آباد کے قریب ... ایک مسلح ڈکیتی کی اطلاع ملی ہے ... ڈاکوؤں نے تین مکانوں کو لوٹ لیا ...

## اسمبلی میں وائسرائے کی تقریر

### ممبروں سے درباری پوشاک پہننے کی درخواست

نئی دہلی ۱۳ر جنوری۔ وائسرائے اسمبلی میں ... تقریر کریں گے ممبروں سے درخواست کی جاتی ہے کہ ... درباری لباس پہن کر آئیں ...

## کارخانہ داروں اور مزدوروں میں مصالحت

دہلی ۱۳ر جنوری۔ ... کارخانہ داروں اور مزدوروں کے نمائندوں کے درمیان اجرت کے مسئلہ کے بارے میں سمجھوتہ ہو گیا ہے۔ ...

# اسمبلی میں مسٹر فضل الحق کی تجاویز

## وائسرائے کی ایگزیکٹو کونسل کو توڑ دیا جائے

نئی دہلی ۱۱ جنوری۔ بنگال کے مسٹر فضل الحق ممبر اسمبلی نے اسمبلی کے اجلاس میں ایک ریزولیوشن پیش کرنے کا نوٹس دیا ہے جس کے ذریعہ گورنر جنرل کی ایگزیکٹو کونسل کو توڑنے کا مطالبہ کیا ہے۔

اب تک اسمبلی ڈیپارٹمنٹ میں تقریباً ۲۰ ریزولیوشن اور ۳۰۰ سے زائد سوالات کے متعلق نوٹس موصول ہو چکے ہیں۔ جو سیاسی۔ اقتصادی اور سوشل معاملات کے متعلق ہیں۔

مسٹر فضل حق نے گورنر جنرل بہ اجلاس کونسل سے سفارش کی کہ بورڈ کی ڈسٹرکٹ جو آمدنی ہو وہ تمام صوبہ بنگال کو دیدی جائے تاکہ وہاں ابتدائی تعلیم مفت اور کسانوں کی بہبودی کی اسکیم پر عمل کیا جا سکے۔

سردار سردول سنگھ نے ایک ریزولیوشن کے ذریعہ پنجاب مارشل لا اور مقدمہ سازش لاہور بابت ۱۹۱۵ء کے قیدیوں کی رہائی کا مطالبہ کیا ہے۔

مسٹر فضل الحق نے ایک ریزولیوشن کا نوٹس دیا ہے کہ آٹھ ممبران اسمبلی پر مشتمل ایک کمیٹی مقرر کی جائے جو حکومت ہند کے اخراجات کے بارے میں تحقیقات کرے۔ اور تجاویز پیش کرے۔ آپ نے تجویز کیا کہ ۲۰۰ روپیہ ماہانہ سے کم تنخواہ پانے والے ملازمین کی پانچ فیصدی تخفیف کو بحال کر دیا جائے۔ اور کمی کو پورا کرنے کے لئے بھاری مشاہرہ پانے والے ملازمین کی تنخواہ میں کمی کر دی جائے۔

علیحدگی سندھ کے بارے میں اسمبلی میں بحث کی جائے گی جبکہ حکومت کو مسٹر این جی بھوپٹکر کے متعدد سوالات کا جواب دینا ہوگا جن کے ذریعہ انہوں نے دریافت کیا کہ آیا حکومت سندھ کے لئے ایک ڈپٹی گورنر مقرر کرنے کا ارادہ رکھتی ہے جیسا کہ سندھ ایڈمنسٹریشن کمیٹی نے سفارش کی تھی۔ آپ نے یہ بھی دریافت کیا ہے کہ علیحدگی کی صورت میں سندھ کا کیا کانسٹی ٹیوشن ہوگا۔

## آتشگیر مادہ پھٹ گیا

کلکتہ ۱۲ جنوری۔ یہاں کے نواحی مقام بلی گھوریا میں جو کلکتہ سے سات میل کے فاصلہ پر ہے ایک مکان میں آتشگیر مادہ پھٹنے سے بہت زور کا دھماکا ہوا۔ اسلئے پولیس فوراً موقعہ پر پہنچ گئی اور جگہ کا محاصرہ کر لیا۔ اور تین بنگالی نوجوانوں کو گرفتار کر لیا۔ جب تلاشی لی گئی تو وہاں سے بہت سے کاغذات نقشے اور کتابیں برآمد ہوئیں۔

## اسمبلی کے ممبران کی فہرست مکمل ہو گئی

نئی دہلی ۱۱ جنوری۔ مسٹر بے ایم چٹرجی اور مسٹر این آر کمرجی کو بنگال سے مسٹر گوندنا نراورائے بہار و چھوٹا ناگپور سے اور مسٹر آر گونڈر اس سے آسامی کے لئے نامزد کیا گیا ہے۔ ان کو ملا کر اب نامزد شدہ اور منتخب شدہ ممبران کی فہرست مکمل ہو گئی ہے۔ صرف دو ضمنی انتخاب باقی رہ گئے ہیں۔ ان میں سے ایک ناگپور سے اور دوسرا بردوان ڈویژن سے ہوگا۔ جو نشست مسٹر اسپیکر اور سیسل کی وفات سے خالی ہو گئی ہیں۔

# مرزائے قادیان کی تلبیات کی پردہ دری کرنا ہر مسلمان کا فرض ہے

## حکومت سواد اعظم کے جذبات کو چیلنج نہ دے

## مہتمم دار العلوم دیوبند کا اعلان

تبلیغ کانفرنس قادیان کے سلسلہ میں حکومت کی طرف سے زعیم ملت مولانا سید عطاء اللہ شاہ بخاری پر جو مقدمہ چلایا گیا ہے اس نے کروڑوں مسلمانوں کے قلوب میں اضطراب و ہیجان کی لہر پیدا کر دی ہے۔ مرزا غلام احمد قادیانی جس نے منصب دشمنی کے تیر دلسے عامہ مسلمین کے قلب و جگر کو چھلنی کر ڈالا اور جس کی مشق نادک افگنی سے شاید ذاتی و مذہبی باعث مستثنیٰ نہیں رہی حتیٰ کہ انبیاء علیہم الصلوۃ والسلام اور رب انبیاء کے سردار حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ رفیع بھی اس کی زبان درازیوں سے محفوظ نہ رہ سکی اگر اس کی تلبیات و مکائد کا پردہ فاش کرنا اور اس کی مرتدانہ گستاخیوں کا جائزہ لینا ہی شاہ صاحب ممدوح کا بڑا بھاری جرم تصور کیا گیا ہے تو میں پوری قوت کے ساتھ اعلان کرتا ہوں کہ اس جرم کے مجرم ہم سب ہیں اور کوئی کلمہ گو خواہ کسی فرقہ سے تعلق رکھتا ہو اس جرم کی حمایت سے بری نہیں۔ حکومت و قتیہ کا اس سلسلہ میں شاہ صاحب ممدوح پر مقدمہ چلا کر اسلامی سواد اعظم کے جذبات کو چیلنج کرنا یقیناً ایک غیر دانشمندانہ اقدام ہے۔

وقت آ گیا ہے کہ جمہور اہل اسلام بلا تفریق مسلک و مشرب اس فرقہ مارقہ کے مقابل متحدہ محاذ قائم کر کے مرزائیت کے جراثیم سے دنیا کو پاک کر دیں اور حق و باطل کے اس فیصلہ کن معرکہ میں اموال اور زبان و قلم سے ہر امکانی اعانت کے لئے تیار رہیں۔ میں تمام فرزندان دار العلوم سے خصوصی طور پر اپیل کرتا ہوں کہ وہ اس دور ابتلا میں اسلام کے وفادار خدام کی حیثیت سے کمربستہ ہو جائیں اور اسلام و مرزائیت کے مقابلہ میں ایک لمحہ کے لئے بھی غفلت و سستی اور جبن سے کام نہ لیں واللہ الموفق

(محمد طیب مہتمم دار العلوم دیوبند)

# ٹاؤن کانگریس کمیٹی اور صوبہ کمیٹی سے

## مولانا عبد الحلیم صاحب صدیقی کا استعفا

حسب ذیل خط مولانا عبد الحلیم صاحب صدیقی سابق وائس پریسیڈنٹ ٹاؤن کانگریس کمیٹی لکھنؤ

لکھنؤ ٹاؤن اور ضلع کانگریس کمیٹی کے جدید انتخابات کے نتائج میں کارکنوں کے باہمی اختلافات کی ناقابل تعریف اسپرٹ محسوس کر کے مجھکو دلی قلق ہوا۔ اسی وقت میں نے ارادہ کیا تھا کہ نیابت صدر کی ذمہ داری اور صوبہ کمیٹی کی ممبری سے علیحدہ ہو جاؤں لیکن بعض دوستوں کے امید دلانے سے کہ عنقریب حالات رو باصلاح ہو کر عارضی تلخی کو ختم کر دیں گے۔ میں نے برائے چندے تامل کیا۔ اب جبکہ کافی عرصہ گزر چکا ہے اور اختلافات کا خلیج برابر وسعت اختیار کرتا جا رہا ہے یہاں تک کہ مسٹر موہن لال سکسینہ جیسے مخلص اور باہمت رکن مایوس ہو کر اپنی علیحدگی کے اعلان پر مجبور ہوئے۔ میرے لئے قطعاً ناممکن ہے کہ بحالت موجودہ لکھنؤ کی کانگریس کمیٹیوں کی کسی ذمہ داری یا صوبہ کی ممبری پر قائم رہوں۔ لہذا اس ٹاؤن کانگریس کمیٹی کی وائس پریسیڈنسی اور صوبہ کمیٹی کی ممبری سے مستعفی ہوتا ہوں۔ اگر ان دو ذمہ داریوں کے علاوہ بھی کسی کمیٹی یا سب کمیٹی میں مجھکو چنا گیا ہو تو اس سے بھی میرا استعفا سمجھا جائے۔

آج کی تاریخ سے مندرجہ بالا ذمہ داریوں سے خود کو سبکدوش سمجھتا ہوا پریس کو اپنی علیحدگی اور استعفا کی اطلاع روانہ کر رہا ہوں۔ فقط

عبد الحلیم الصدیقی

سابق وائس پریسیڈنٹ ٹاؤن کانگریس کمیٹی

و رکن صوبہ کانگریس کمیٹی لکھنؤ

## وائسریگل ہاؤس کے پاس گولی چل گئی

دہلی ۹ جنوری۔ نئی دہلی سے اطلاع موصول ہوئی ہے کہ وائسریگل ہاؤس پر پہرہ دینے والے ایک گورے کی ایک ہندوستانی سپاہی سے کسی بات پر تکرار ہو گئی کہا جاتا ہے کہ گورے نے غصہ میں آ کر سپاہی ...

## برطانیہ اور ہندوستان کو جدید معاہدہ

نئی دہلی ۱۱ جنوری۔ حکومت ہند اور حکومت سلطنت متحدہ (یعنی حکومت برطانیہ و دیگر مقبوضات) کے درمیان ایک تجارتی معاہدہ طے ہوا ہے جس پر کل نو جنوری کو لندن میں طرفین کے نمائندوں نے دستخط کر دیئے ہیں۔ یہ معاہدہ در اصل اس معاہدہ کا ضمیمہ ہے جو ۱۹۳۳ء میں اوٹاوہ میں طے ہوا تھا۔ اس معاہدہ کے ساتھ وہ خطوط بھی شائع کئے گئے ہیں جو سر ڈالر انسی مین اور سر بی این مترا نے مذکورہ معاہدہ پر دستخط ہونے کے بعد ایک دوسرے کو لکھے ہیں۔

## علاقہ سار کی ملکیت کا اعلان

### مختلف طاقتوں کے مظاہرے

سار برکن ۱۱ جنوری۔ جرمن فورس نے اپنے تمام ہم خیالوں کو ہدایت کی ہے کہ ۱۲ جنوری کی شام کو تمام جرمن مکانات آراستہ کئے جائیں۔ تاکہ ان کی شناخت ہو سکے کہ یہ جرمن مکانات ہیں۔ مکانوں میں روشنی کرنے کی بھی ہدایت کی گئی ہے۔ مخالفوں نے بھی اسی قسم کی ہدایتیں جاری کی ہیں۔ کمیشن نے انتظام کیا ہے کہ سار کے باشندوں کو بذریعہ براڈ کاسٹ نتیجہ بتایا جا سکے۔ نتیجہ ۱۴ جنوری کو دس اور بارہ بجے کے درمیان نکل جائے گا۔ نتیجہ کو یورپین ممالک کو براڈ کاسٹ کیا جائیگا اس کے بعد اخباروں کے نمائندوں کو تار دینے اور ٹیلیفون کرنے کی اجازت دی جائے گی۔ براڈ کاسٹ اسلئے کیا جائے گا کہ لوگوں کا ہجوم نہ ہو۔ سب لوگ اپنے گھروں میں بیٹھے ہوئے نتیجہ معلوم کر سکیں۔ اور سار کی گلیوں میں بھی کسی قسم کا ہنگامہ نہ ہوگا۔

## ریلوے تصادم سے ۲۳ اشخاص ہلاک

ماسکو۔ ماسکو ایکسپریس کے حادثہ کے متعلق تازہ اعداد و شمار سے ظاہر ہوتا ہے کہ ہلاک شدگان کی تعداد ۲۳ تک پہنچ گئی ہے۔ مجروحین کی تعداد ۵۰ ہے۔ جن کی حالت خطرناک بیان کی جاتی ہے۔ بیان کیا جاتا ہے کہ بعض ریلوے ملازمین کی بے احتیاطی سے یہ حادثہ پیش آیا جس سٹیشن پر حادثہ ہوا تھا اس کا سٹیشن ماسٹر حادثہ کے بعد ہی روپوش ہو گیا تھا۔ اسے پولیس نے گرفتار کر لیا ہے۔

# محبوب عاشق کے قدمونپر

عملیات ... فائدہ اٹھائیے ...

ملنے کا پتہ۔ فضل شاہ عامل گلی راجان دہلی

نمبر ۱۲

## اشتہار مشعر حکم حاضری مدعا علیہ

(زیر آرڈر ۵۔ قاعدہ ۲۰ مجموعہ ضابطہ دیوانی)

### بعدالت جناب مولوی الٰہی بخش خاں صاحب منصف و جج مطالبہ خفیفہ کوئٹہ

نمبر مقدمہ ۱۳۰۸ بابتہ ۱۹۳۴ء

ہری چند لال چند بذریعہ ہری چند سکنہ بیک چند روڈ کوئٹہ مدعی بنام سردار خاں ولد ناؤ خاں سکنہ کوئٹہ حال عدم پتہ مدعا علیہ

دعویٰ للعہ

بنام سردار خاں سکنہ کوئٹہ حال عدم پتہ

مقدمہ مندرجہ عنوان بالا میں مدعا علیہ مسمی سردار خاں مذکور تعمیل سمن سے دیدہ و دانستہ گریز کرتا ہے اور روپوش ہے اسلئے اشتہار ہذا بنام مدعا علیہ سردار خان مذکور جاری کیا جاتا ہے کہ اگر مذکور بتاریخ ۱۷ جنوری ۱۹۳۵ء کو بمقام کوئٹہ حاضر عدالت ہذا نہیں ہوگا تو اس کی نسبت کارروائی یکطرفہ عمل میں آوے گی۔

آج بتاریخ ۷ دسمبر ۱۹۳۴ء کو بہ دستخط میرے اور مہر عدالت کے جاری ہوا۔

(مہر عدالت)

(دستخط جج بخط انگریزی)

## میونسپل کمیٹی۔ دہلی

## ٹرمنل ٹیکس ڈپارٹمنٹ

# نوٹس

کمیٹی نے بروئے اسپیشل میٹنگ قرارداد ۵ مورخہ ۵ دسمبر ۱۹۳۴ء مندرجہ ذیل اشیاء پر ٹرمنل ٹیکس بشرح جو ہر ایک کے بالمقابل درج ہے لگانے کا فیصلہ کیا ہے۔

اگر کوئی تحریری اعتراض یا مشورہ مورخہ ۱۰ فروری ۱۹۳۵ء یا اس سے پیشتر صاحب سکرٹری بہادر کے پاس پہنچے گا تو اس پر غور کیا جاویگا۔

| نام اشیاء | موجودہ شرح فی من | مجوزہ شرح فی من |
|---|---|---|
| (۱) میتھیلیٹڈ اسپرٹ | -/-/6 | -/2/- |
| (۲) اسٹوپر ساختہ دھات | -/5/- | -/8/- |
| (۳ الف) سوڈا بائی کارب (اگر بوری یا ڈرام میں ہو) | -/-/6 | -/1/- |
| (۳ ب) سوڈا بائی کارب (اگر پیکٹ یا بکس میں ہو) | -/6/- | -/6/- |
| (۴) کاسٹک سوڈا (اگر بوری یا ڈرام میں ہو) | -/-/6 | -/1/- |
| (۴ ب) کاسٹک سوڈا (اگر پیکٹ یا بکس میں ہو) | -/-/6 | -/6/- |

دستخط سوہن لال

آر۔ بی۔ ایم۔ بی۔ اے۔ پی۔ سی۔ ایس

سکرٹری میونسپل کمیٹی۔ دہلی

بعد نماز جمعہ کی تقریبات ... دوران جلوس اور اجلاس مساجد میں انجمن فدائے سنت و انجمن تبلیغ الاسلام نے نمایاں حصہ لیا۔

(قائم مقام سکرٹری انجمن فدائے سنت مراد آباد)

## یتیم خانہ اسلامیہ مراد آباد

یتیم خانہ اسلامیہ مراد آباد ایک عرصہ سے قومی خدمت انجام دے رہا ہے اس میں بچوں کو دینی تعلیم اور حفظ قرآن کے علاوہ کفش دوزی اور خیاطی کا کام بھی سکھایا جاتا ہے۔ اس کی مالی امداد کے لئے ایک سفیر یعقوب علی صاحب کو روانہ کیا جا رہا ہے۔ برادران اسلام ان کے ذریعہ اس مدرسہ کی امداد فرمائیں۔

(محمد عاشق علی مہتمم مدرسہ۔ مراد آباد محلہ مغل پورہ)

## سات اشخاص کو ہلاک کر کے خودکشی کر لی

کرنٹی ۱۰ جنوری۔ ایک شخص نے گھر کے جھگڑے کی حالت میں مغلوب الغضب ہو کر اپنی بندوق سے گولیاں چلانی شروع کر دیں۔ جس سے سات اشخاص ہلاک ہوئے۔ ان میں سے ایک خاندان کے تین بچے اور ان کے والدین تھے اور ایک میاں بیوی تھے۔ اول الذکر خاندان کے دو دیگر اشخاص زخمی ہوئے۔ پولیس نے اس شخص کو گرفتار کرنا چاہا لیکن اس نے گرفتاری سے قبل ہی خودکشی کر لی۔

## ایک ہفتہ میں ڈیڑھ کروڑ کا سونا یورپ کو

بمبئی ۱۲ جنوری۔ ۱۳ جنوری کو ختم ہونے والے ہفتہ میں بمبئی سے یورپ اور امریکہ کو ۱۲۷۵۹۹۰۹ روپیہ کا سونا چلا گیا۔ جب سے برطانیہ نے طلائی معیار ترک کیا ہے اس وقت سے اب تک تقریباً دو ارب اور پندرہ کروڑ کا سونا ہندوستان سے باہر جا چکا ہے۔

## شدید فساد سے سترہ اشخاص مجروح

بنگلور ۱۱ جنوری۔ ایک ہندو بیوہ کے ساتھ ایک مسلم نوجوان کے ناز یبا سلوک نے سلور اور دوقع کی گلی دو ذوں میں زبردست لڑائی کرا دی۔ جس میں ۱۷ اشخاص مجروح ہو گئے۔ ان میں سے ایک شدید مجروح ہوا۔ پولیس نے اس سلسلہ میں ۳۰ اشخاص کو گرفتار کر لیا ہے۔

## روس میں پھر ریل گاڑیوں کا تصادم

ماسکو ۱۰ جنوری۔ کل صبح راستوف ڈم واقع روس میں مجروح گاڑیاں لڑ گئیں جس سے چھ اشخاص ہلاک اور ۲۲ زخمی ہوئے۔ اس سے پہلے گاڑیوں کے تصادم میں ۱۳ اشخاص ہلاک ہوئے تھے۔

# صوبہ سرحد میں یوم شریعت کے شاندار مظاہرے

## ارکان کونسل سے شریعت بل پاس کرنے کا مطالبہ

### سرحد کے گوشہ گوشہ میں زندگی کی لہر

۲۹ جنوری کو بعد نماز جمعہ جامع مسجد مہابت خاں میں مسلمانان پشاور و مضافات پشاور نے حسب اعلان شریعت کانفرنس یوم شریعت بڑے اعلیٰ پیمانہ پر منایا۔ شہر کے علاوہ بیرونجات سے ہزاروں کی تعداد میں لوگوں نے شرکت فرمائی۔

تقریباً ۱۶۰۰۰ ہزار کا عظیم الشان مجمع تھا۔ جلسہ مرکزی جمعیت علماء صوبہ سرحد کے ماتحت سوا گیارہ بجے شروع ہوا۔ جلسہ کی صدارت جناب حکیم فضل حق صاحب فاضل دیوبند نے قبول فرمائی۔ صدر موصوف نے شریعت حقہ اسلامیہ کے فوائد اور رواج کے نقصانات پر بالتفصیل روشنی ڈالی اور کہا کہ مسلمانوں کی دینی دنیوی فلاح و بہبودی کا واحد ذریعہ قرآن کریم پر عمل کرنا ہے۔ اگر مسلمان چاہتے ہیں کہ وہ پستی سے بلندی و ذلت سے عزت حاصل کریں تو شریعت اسلامیہ کے نہایت سختی سے پابند ہو جائیں۔ صحابہ کرام اور قرون اولیٰ کے مسلمانوں کے عروج کا راز صرف یہی تھا کہ انہوں نے دین مبین کے اٹل اور ناقابل تنسیخ قوانین کو اپنا شعار و عمل بنایا۔ یہی وجہ تھی کہ تھوڑے عرصہ میں انہوں نے اقوام عالم کے سامنے اپنی زندگی کا ایسا زبردست ثبوت دیا کہ تمام قومیں حیرت و استعجاب میں انگشت بدنداں رہ گئیں۔

اس کے بعد مولانا عبد الودود صاحب نے مختصر سی تقریر کی اور ذیل کی تجویز پیش کی۔ مسلمانان پشاور کا یہ جلسہ عام مسودہ قانون شریعت بل کی پر زور تائید کرتا ہے۔ جو کہ مسلم آزاد جماعت نے مجلس قانون ساز سرحد میں پیش کیا ہے۔ اور تمام ارکان کونسل سے بالعموم اور مسلم ارکان کونسل سے بالخصوص استدعا کرتا ہے کہ وہ اس بل کو جلد از جلد قانونی شکل میں منظور کرائیں۔

مسلمانان سرحد کے متفقہ مذہبی مطالبہ کو پورا کریں اور یہ اجلاس حکومت سرحد سے بھی پر زور مطالبہ کرتا ہے کہ وہ بھی اس مسودہ قانون کی منظوری میں کسی قسم کی رکاوٹ پیدا نہ کرے۔

(ناظم اعلیٰ سکرٹری جمعیت علماء صوبہ سرحد پشاور)

### دیگر مقامات پر جلسے

(۱) اسی طرح ۲۸ جنوری کو بتہ زئی میں جلسہ ہوا اور مذکورہ بالا تجویز منظور کی گئی۔

(۲) مقام ... تحصیل مردان میں زیر صدارت جناب بہرام خاں جلسہ ہوا اور تجویز منظور کی گئی۔

(۳) تہکال میں زیر صدارت مولوی عبد الواحد صاحب جلسہ ہوا اور تجویز منظور ہوئی۔

(۴) ... تحصیل مردان میں زیر صدارت نقیر محمد صاحب جلسہ ہوا۔

(۵) ... تحصیل مردان میں زیر صدارت ملک زین خاں جلسہ ہوا اور تجویز منظور کی گئی۔

(۶) ... تحصیل مردان میں مولوی ... کی صدارت میں جلسہ ہوا اور تجویز منظور کی گئی۔

(۷) مقام کاٹلنگ تحصیل ... زیر صدارت میاں غلام احمد جلسہ ہوا اور تجویز منظور ہوئی۔

(۸) ... زیر صدارت مولانا عبد الودود جلسہ ہوا۔

(۹) مقام ... زیر صدارت مولوی شائستہ گل جلسہ منعقد ہوا اور تجویز منظور ہوئی۔

(۱۰) مقام شاہ ڈھنڈ محمد ابراہیم صاحب کی صدارت میں جلسہ ہوا۔

اسی طرح اتمان زئی، ترنگ زئی، چارسدہ، موضع رجڑ، عمرزئی، موضع سربابہ، ... ضلع کوہاٹ، تحصیل مردان ... وغیرہ مقامات میں عظیم الشان مظاہرے ہوئے، جن میں شریعت بل کی ہمہ گیر تائید کی گئی اور تجاویز مذکورہ بالا نہایت جوش و خروش سے منظور کی گئیں۔

## کتاب رہبر حجاج ختم ہو گئی

الجمعیۃ میں کتاب رہبر حجاج کے متعلق اعلان کیا گیا تھا کہ جو حضرات زیارت بیت اللہ کی سعادت سے بہرہ اندوز ہونے کا ارادہ رکھتے ہوں وہ ضروری معلومات کے لئے کتاب رہبر حجاج طلب فرمائیں جو دفتر الجمعیۃ کے تین پیسہ کے ٹکٹ موصول ہونے پر مفت ارسال کی جاتی تھی اب اعلان کیا جاتا ہے کہ یہ کتاب ختم ہو گئی ہے اس لئے کوئی صاحب طلب نہ فرماویں۔ صرف فارسی کے نسخے دفتر میں موجود ہیں جو عند الطلب روانہ کئے جا سکتے ہیں۔

(منیجر)

## مراد آباد میں ڈاکٹر خالد شیلڈرک کی آمد

۱۲ جنوری کو ڈاکٹر خالد شیلڈرک مفتی مسلم یہاں تشریف لائے مسلم سوپٹ ہائی اسکول اور جامع مسجد و مدرسہ قاسم الاسلام میں آپ کی نہایت موثر اور اتحاد پرور تقریریں ہوئیں۔ جامع مسجد سے آپ کو بذریعہ شاندار جلوس شاہی مسجد میں پہنچایا گیا جہاں حضرات علمائے کرام و اساتذہ و طلباء مدرسہ ... نے آپ کی خدمت میں سپاسنامہ پیش کیا جس کا جواب ڈاکٹر صاحب موصوف نے نہایت محبت آمیز الفاظ میں ادا فرمایا۔

## براڈ کاسٹنگ کے ساتھ ٹیلی وژن

### بادشاہ کی تصویر ہر گھر میں نظر آئے گی

لندن ... جنوری۔ معلوم ہوا ہے کہ گورنمنٹ کی طرف سے پارلیمنٹ میں ایک نیا قانون پیش کیا جانے والا ہے جس کی رو سے ملک کی تمام ٹیلی وژن سروس کو گورنمنٹ کے ماتحت کر دیا جائیگا۔ اس قانون کی ضرورت اس لئے پیش آئی کہ اس امر کا یقین کیا جا رہا ہے کہ ٹیلی وژن کے تجربات انتہائی طور پر کامیاب ہو گئے ہیں۔ اور عنقریب سلطنت کے مختلف حصوں میں اس سسٹم کا استعمال شروع کر [redacted] سرکاری اعلان ٹیلی وژن ... ہوگا۔ جو کنگ جارج اپنی رعایا کو دیں گے۔ اس موقع پر ان کی تصاویر دنیا بھر کے ان گھروں میں نظر آئیں گی جہاں یہ آلہ ... ہوگا۔

## سرحد اور پنجاب میں قتلوں کی بھرمار

### ایک سال کے اعداد و شمار

پشاور ۱۰ جنوری۔ حکومت سرحد صوبہ میں واقعات قتل کی بڑھتی ہوئی رفتار کو کم کرنے کے وسائل پر سنجیدگی سے غور کر رہی ہے یہاں تعلیم کی کمی قتل کی اہم ترین وجہ ہے۔

صوبہ سرحد کی آبادی ۱۳۱۵۸۱۸ مردوں اور ۱۱۰۹۲۵۸ عورتوں پر مشتمل ہے اور یہاں ۵۷۸ سکول اور تین آرٹس کالج ہیں۔ ابتدائی سکولوں میں تعلیم پانے والے طلباء کی تعداد وہاں صرف ۹۲۹ ہے۔ اپنی سنہ ۱۹۳۲-۳۳ء میں خواندہ اشخاص کی تعداد صرف ۵۰۳۵ فیصدی تھی۔ اور صرف ۱۰۲۷ عورتیں تعلیم یافتہ ہیں۔

۱۹۳۳ء میں صوبہ سرحد میں قتل کی ۷۶۵ وارداتیں ہوئیں پنجاب میں اس سال ۶۰۰ اور بنگال میں ۹۰۰ قتل ہوئے حالانکہ ان صوبوں کی بالترتیب آبادی ۲۳۵۸۰۸ ... اور ۴۸۷ ... نفوس ہے۔

گورنمنٹ سرحد نے پولیس رپورٹ بابت سال ۱۹۳۳-۳۴ء کے متعلق مندرجہ ذیل ریمارکس کئے ہیں۔ اگر قومی انجمنیں اور قومی اشخاص لوگوں کی ذہنیت کو بدلنے کے ضمن میں کوئی ٹھوس کام کریں تو قتل کی وارداتوں میں کمی واقع ہو سکتی ہے۔

## اجودھیا کے مسلمانوں کا خون رائیگاں گیا

### تمام ہندو ملزم بری

الہ آباد ۱۱ جنوری۔ اجودھیا کے گذشتہ فسادات کے سلسلہ میں ۲۲ ہندوؤں کے خلاف بلوہ کرنے کے الزام میں مقدمہ چل رہا تھا۔ ایڈیشنل سیشن جج نے سب کے سب ۲۲ ہندو ملزمان کو بری کر دیا ہے۔

# حضرت مولانا الحاج حافظ احمد سعید صاحب

کی

# تقریر سیرت

حضرت سحبان الہند مولانا الحاج حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند کی وہ بصیرت افروز شریعت آموز تقریر جو ... نے سیرت میں ارشاد فرمائی تھی اور جس کو بعد میں مزید تفصیل و تشریح کے ساتھ مرتب و مدون کر کے الجمعیۃ میں جزو جزو شائع کیا گیا تھا۔ ... اب ادارہ الجمعیۃ کی جانب سے کتابی شکل میں شائع کی جا رہی ہے ... حضرت مولانا کی تقریر سیرت ... حضرت مولانا کی اکثر تقریروں کا لب لباب ہے ... مضامین زیر بحث آئے ہیں ان کے بعض عنوانات بطور نمونہ درج ذیل کئے جاتے ہیں تاکہ کتاب کی ہمہ گیری و وسعت کا کچھ اندازہ کیا جا سکے۔

### مختصر فہرست مضامین

روحانی اور جسمانی تربیت۔ عالم بالا کی خدمات۔ مسلمانوں کے تہوار۔ عید الضحیٰ اور عید الفطر۔ عالم سفلی کے حضرات۔ دفن جو ابھیل۔ کفار کا شبہ۔ اردو زبان کی تبدیلی۔ روحانی اظہار۔ رسوم کا مفہوم۔ ریفارمر اور رسول کا فرق۔ حکایۃ متفقہ مسئلہ۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا دستخط۔ ہجرت کا ایک واقعہ۔

سب سے پہلی کانفرنس۔ فضل حق کا معاملہ۔ ہندوؤں اور مسلمانوں کا فرق۔ صلح حدیبیہ۔ عالم برزخ کے واقعات۔ عالم برزخ کی ایک اطلاع۔ برزخ کا دوسرا واقعہ۔ جاہل میلاد خواں۔ میلاد کا مقصد۔ حضرت عمر فاروق کا مطالبہ۔ صائب کا واقعہ۔ الفاظ و اعمال کا اشتباہ۔ کافر کی قبر میں ننانوے سانپ۔ نکیرین کا پہلا سوال۔

حضرت رابعہ بصری کا واقعہ۔ حضرت ابراہیم بن ادہم۔ انبیاء اور حکماء کا فرق۔ اندھوں کا ہاتھی۔ نبی کریم کے مشاہدات۔ دنیا کی تاریخ۔ انبیاء علیہم السلام کی تاریخ۔ مادیات و روحانیات کا فرق۔ اولاد آدم کی فرمانبرداری۔ قرآن کا فرمودہ۔ حضرت داؤد و آدم علیہ السلام کی ... حضرت داؤد علیہ السلام کی لغزش۔ حضرت آدم کو ملائکہ کا سجدہ۔ سجدہ یا حلف وفاداری۔

یوم میثاق کے دو اقرار نامے۔ الست بربکم قالوا بلیٰ۔ لفظ رب کی عربیت۔ حضرت یوسف علیہ السلام کا محل۔ معافی دستور۔ حضرت یوسف علیہ السلام کے ہمراہی۔ مشرکین اور اہل کتاب کا فرق۔ اہل کتاب سے شکایت۔ اہل کتاب اور اقرار ربوبیت۔ معاصی کا اقرار نامہ۔ حضرت عزیر کا واقعہ۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی تشریف آوری۔ متبعین غلام احمد قادیانی۔ مرزا کا کچا چٹھا۔

پنجاب کا نوری فرزند۔ رفاعہ کی بیوی کا قصہ۔ حلالہ کا حکم۔ جاہل پیروں سے سوال۔ مستقبل کی تاریخ۔ قبروں سے اٹھنا۔ مسلمانوں سے حضرت حق کا پہلا خطاب۔ موت ایک حیا ہے۔ مسلمانوں کی موت کا پالوری۔ موت کے وقت کی لوری۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام کا واقعہ۔ حضرت عمر بن الخطاب کا واقعہ۔ حضرت میر جعفر رحمۃ اللہ علیہ۔ حضرت بو علی قلندر رحمۃ اللہ علیہ۔

بیسویں صدی کے نوجوان۔ ترتیب قوانین۔ بیوہ کے ساتھ ظلم۔ قوانین اسلام کی ہمہ گیری۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی لقطات۔ سیدنا عیسیٰ علیہ السلام کا واقعہ۔ اسلامی قانون۔ نوجوانوں سے سوال۔ ستی کی رسم۔ دوسرا معجزہ۔ جادو اور معجزہ کا فرق۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا اعجاز۔ سراجاً منیرا کی تفسیر۔

سندھ کے پیر۔ پست اقوام پر اسلام کا احسان۔ رسم و رواج کی پابندی۔ معجزات کی بحث۔ مکان کے کونے کا آخری تیمم۔ ملت ابراہیمی کا اتباع۔ نماز کی مثال۔ حج کی مثال۔ حسد و حرص کی مثال۔ اچھی بری صحبت کی مثال۔ حضرت بایزید بسطامی کا واقعہ۔ مسرت حق کی مثال۔ الدنیا سجن المومن و جنۃ الکافر۔ حدیث شریف کے دو معنی۔ قید خانے کی زندگی۔ بہائم اور مذہب۔

سلب اختیار۔ توبہ کی مسرت کا تصور۔ اہل دل کا فقدان۔ مخلوق کی اقسام۔ گناہ کی صلاحیت و عدم صلاحیت۔ شیاطین اور جنات۔ حضرت امیر معاویہ کا واقعہ۔ ختم نبوت کی مثال۔ اہل عرب کی اصلاح۔ انبیاء اور ساتھیوں کا تذکرہ۔ حضرت عیسیٰ کی تمثیل۔ حضرت علی اور ایک یہودی کی گفتگو۔ امامت الاذیٰ کے معنی۔

توہین انبیاء کے مجرم۔ انبیاء میں تفاوت۔ حضرت امام الحرمین کا واقعہ۔ حدیث سے استدلال۔ ذکر الٰہی موجب نجات ہے۔ حضرت ذو النون مصری کا واقعہ۔ حضرت یونس کی معراج۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی معراج۔ شیطان کی اتباع۔ شیطان کا فریب۔ شیطان کا کورا جواب۔ ملائکہ اور شیاطین۔ قرآن کی قسمیں۔ حضوری کی زندگی۔

حضرت لوط اور ابراہیم علیہما السلام۔ قوم لوط اور فرشتے۔ حضرت لوط اور فرشتے۔ حضرت لوط کی لغزش۔ حضرت لوط اور یوسف کی شرکت۔ ادنیٰ الیٰ مرکن شدید۔ حدیث شریف کا تیسرا ٹکڑا۔ دانشی کی سات قسمیں۔ صاحب اسرار الفاتحہ کا واقعہ۔ سائل اور تائب کی تلاش۔ دوزخ سے آخری نجات پانے والا۔ سائل کی درستی ہی کشکش۔ قسموں کی مناسبت۔ مومن اور منافق کی مثال۔

پوری کتاب دو سو صفحات پر مشتمل ہے اور نہایت بہتر کتابت و طباعت کے ساتھ شائع کی جا رہی ہے۔ اس کے باوجود قیمت علاوہ محصول ڈاک صرف ایک روپیہ (عہ) رکھی گئی ہے تاکہ امیر و غریب سب حضرات مساوی فائدہ اٹھا سکیں۔

منیجر الجمعیۃ گلی قاسم جان۔ دہلی

# صوبہ سرحد میں یوم شریعت کے شاندار مظاہرے

## ارکان کونسل سے شریعت بل پاس کرنیکا مطالبہ

سرحد کے گوشہ گوشہ میں زندگی کی لہر

مسلمانان سرحد کے متفقہ مذہبی مطالبہ کو پورا کریں اور یہ اجلاس حکومت سرحد سے بھی پر زور مطالبہ کرتا ہے کہ وہ بھی اس مسودہ قانون کی منظوری پر کسی قسم کی رکاوٹ پیدا نہ کرے۔

(محمد اسرائیل سکرٹری جمعیت علماء صوبہ سرحد پشاور)

### دیگر مقامات پر جلسے

تقریباً ۲۰ ہزار کا عظیم الشان مجمع تھا۔ جلسہ مرکزی جمعیت علماء صوبہ سرحد ... صاحب فاضل دیوبند نے بقول فرمائی۔ صدر موصوف نے شریعت حقہ اسلامیہ کے ... اور رسم و رواج کے نقصانات پر بالتفصیل روشنی ڈالی اور کہا کہ مسلمانوں کی دینی و دنیوی فلاح و بہبودی کا واحد ذریعہ قرآن کریم پر عمل کرنا ہے۔ اگر مسلمان چاہتے ہیں کہ وہ پستی سے بلندی ... شریعت اسلامیہ کے نہایت سختی سے پابند ہو جائیں ... اپنی زندگی کا ایسا زبردست ثبوت دیا کہ تمام دنیا ... انگشت بدنداں رہ گئیں۔

## براڈکاسٹنگ کے ساتھ ٹیلی وژن

بادشاہ کی تقریر بہر گھر میں نظر آسکے گی

## سرحد اور پنجاب میں قتلوں کی بھرمار

### ایک سال کے اعداد و شمار

پشاور ۱۰ جنوری۔ حکومت سرحد صوبہ میں واقعات قتل کی بڑھی ہوئی رفتار کو کم کرنے کے وسائل پر ... یہاں تعلیم کی کمی قتل کی اہم ترین وجہ ہے۔

## یتیم خانہ اسلامیہ مراد آباد

یتیم خانہ اسلامیہ مراد آباد ایک عرصہ سے قومی خدمت انجام دے رہا ہے۔ اس میں بچوں کو دینی تعلیم اور حفظ قرآن کے علاوہ کفش دوزی اور خیاطی کا کام بھی سکھایا جاتا ہے۔ اس کی مالی امداد کے لئے ایک سفیر یعقوب علی صاحب کو روانہ کیا جا رہا ہے۔ برادران اسلام اُن کے ذریعہ اس مدرسہ کی امداد فرمائیں۔

(محمد عاشق علی مہتمم مدرسہ۔ مراد آباد محلہ مغل پورہ)

## سات اشخاص کو ہلاک کر کے خودکشی کرلی

کرنٹی ۱۰ جنوری۔ ایک شخص نے گھر کے جھگڑے کی حالت میں مغلوب الغضب ہو کر اپنی بندوق سے گولیاں چلانی شروع کردیں۔ جس سے سات اشخاص ہلاک ہوئے۔ ان میں سے ایک خاندان کے تین بچے اور ان کے والدین تھے اور ایک میاں بیوی تھے۔ اہل الذکر خاندان کے دو دیگر اشخاص زخمی ہوئے۔ پولیس نے اس شخص کو گرفتار کرنا چاہا لیکن اس نے گرفتاری سے قبل ہی خودکشی کرلی۔

## ایک ہفتہ میں ڈیڑھ کروڑ کا سونا یورپ کو

... یورپ ادا کرنے کے لئے ... روپیہ کا سونا ... ہندوستان سے باہر جا چکا ہے۔

## شدید فساد سے سترہ اشخاص مجروح

بنگلور ۱۰ جنوری۔ ایک ہندو بچہ کے ساتھ ایک مسلم نوجوان کے ناز یبا سلوک نے سلور اور دو قوم کی گلی روڈ میں زبردست لڑائی کرادی جس میں ۱۷ اشخاص مجروح ہوگئے۔ ان میں ایک شدید مجروح ہوا۔

پولیس نے اس سلسلہ میں ۳۰ اشخاص کو گرفتار کیا ہے۔

## روس میں ایکسپریس گاڑیوں کا تصادم

ماسکو ۱۰ جنوری۔ کل صبح راستوان ڈم واقع روس میں ایکسپریس گاڑیاں لڑگئیں۔ جس سے ۔۔۔ اشخاص ہلاک اور ۲۳ زخمی ہوئے۔ اس سے پہلے گاڑیوں کے تصادم میں ۱۲ اشخاص ہلاک ہوئے تھے۔

## مراد آباد میں ڈاکٹر خالد شیلڈرک کی آمد

۴ جنوری کو ڈاکٹر خالد شیلڈرک مفتی مسلم یہاں تشریف لائے۔ مسلم ہوسٹل ہائی اسکول اور جامع مسجد و مدرسہ قاسم العلوم میں آپ کی نہایت موثر اور کامیاب تقاریر ہوئیں ... جامع مسجد سے آپ کو بہ ہمراہ شاندار جلوس شاہی مسجد میں پہنچایا گیا جہاں حضرات علمائے کرام و اساتذہ و طلباء مدرسہ شاہی نے آپ کی خدمت میں سپاسنامہ پیش کیا جس کا جواب ڈاکٹر صاحب موصوف نے نہایت محبت آمیز الفاظ میں ادا فرمایا۔

## کتاب رہبر حجاج ختم ہوگئی

الجمعیۃ میں کتاب رہبر حجاج کے متعلق اعلان کیا گیا تھا کہ جو حضرات زیارت بیت اللہ کی سعادت سے بہرہ اندوز ہونے کا ارادہ رکھتے ہوں وہ ضروری معلومات کے لئے کتاب رہبر حجاج طلب فرمائیں ... اب اعلان کیا جاتا ہے کہ یہ کتاب ختم ہوگئی ہے اس لئے کوئی صاحب طلب نہ فرمائیں۔ صرف فارسی کے نسخے دفتر میں موجود ہیں جو عند الطلب روانہ کئے جاسکتے ہیں۔

(منیجر)

## اجودھیا کے مسلمانوں کا خون رائیگاں گیا

### تمام ہندو ملزم بری

الہ آباد ۱۰ جنوری۔ اجودھیا کے گذشتہ فسادات کے سلسلہ میں ۲۲ ہندوؤں کے خلاف بلوہ کرنے کے الزام میں مقدمہ چل رہا تھا۔ ایڈیشنل سیشن جج نے سب کے سب ۲۲ ہندو ملزمان کو بری کردیا ہے۔

# حضرت مولانا الحاج حافظ احمد سعید صاحب

کی

# تقریر سیرت

حضرت سحبان الہند مولانا الحاج حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند کی وہ بصیرت افروز شریعت آموز تقریر ... جلسہ سیرت میں ارشاد فرمائی تھی ... قارئین الجمعیۃ کے مسلسل ... ادارۃ الجمعیۃ کی جانب سے شائع کی جا رہی ہے ...

فہرست مضامین

پوری کتاب دو سو صفحات پر مشتمل ہے ...

منیجر الجمعیۃ گلی قاسم جان دہلی

---

# مرزائے قادیان کی تلبیسات کی پردہ دری کرنا ہر مسلمان کا فرض ہے

## حکومت سواد اعظم کے جذبات کو چیلنج نہ دے

### مہتمم دار العلوم دیوبند کا اعلان

تبلیغ کانفرنس قادیان کے سلسلہ میں حکومت کی طرف سے زعیم ملت مولانا سید عطاء اللہ شاہ بخاری پر جو مقدمہ چلایا گیا ہے اس نے کروڑوں مسلمانوں کے قلوب میں اضطراب و ہیجان کی لہر پیدا کردی ہے۔ مرزا غلام احمد قادیانی جس نے سب و شتم کے تیروں سے عامہ مسلمین کے قلب و جگر کو چھلنی کر ڈالا اور جس کی مشق ناوک افگنی سے شاید ہی کوئی مقدس ہستی مستثنیٰ رہی ہو ... حضرات انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام اور رب انعام کے سردار حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ رفیع بھی اس کی زبان درازیوں سے محفوظ نہ رہ سکی ...

(محمد طیب غفرلہ مہتمم دار العلوم دیوبند)

## ٹاؤن کانگریس کمیٹی اور صوبہ کمیٹی سے

### مولانا عبد العلیم صاحب صدیقی کا استعفا

بخدمت ٹاؤن کانگریس کمیٹی لکھنؤ و صوبہ پریسیڈنٹ ٹاؤن کانگریس کمیٹی لکھنؤ۔

لکھنؤ ٹاؤن اور ضلع کانگریس کمیٹی کے جدید انتخابات کے نتائج میں کارکنوں کے باہمی اختلافات کی ناقابل تعریف اسپرٹ محسوس کر کے مجھکو دلی قلق ہوا۔ اسی وقت میں نے ارادہ کیا تھا کہ نیابت صدر کی ذمہ داری اور صوبہ کمیٹی کی ممبری سے علیحدہ ہو جاؤں لیکن بعض دوستوں کے امید دلانے سے کہ جلد حالات روبہ اصلاح ہو کر عارضی تلخی کو ختم کردیں گے ... یہاں تک کہ مسٹر موہن لال سکسینہ جیسے مخلص اور باہمت رکن ہاؤس ہو کر اپنی علیحدگی کے اعلان پر مجبور ہوئے ... لہٰذا اس ٹاؤن کانگریس کمیٹی کی وائس پریسیڈنسی اور صوبہ کمیٹی کی ممبری سے مستعفی ہوتا ہوں ... آج کی تاریخ سے مذکورہ بالا ذمہ داریوں سے خود کو سبکدوش سمجھتا ہوا پریس کو اپنی علیحدگی اور استعفا کی اطلاع روانہ کر رہا ہوں۔ فقط

عبد العلیم الصدیقی

سابق وائس پریسیڈنٹ ٹاؤن کانگریس کمیٹی

و رکن صوبہ کانگریس کمیٹی لکھنؤ

## وائسریگل ہاؤس کے پاس گولی چل گئی

دہلی ۹ جنوری۔ نئی دہلی سے اطلاع موصول ہوئی ہے کہ وائسریگل ہاؤس پر پہرہ دینے والے ایک گورے کی ایک ہندوستانی سپاہی سے کسی بات پر تکرار ہوگئی۔ کہا جاتا ہے کہ گورے نے غصہ میں آکر سپاہی ...

## علاقہ سار کی ملکیت کا اعلان

### مختلف طاقتوں کے مظاہرے

سارہرکن ۱۱ جنوری۔ جرمن فورس نے اپنے تمام ہم خیالوں کو ہدایت کی ہے کہ ۱۲ جنوری کی شام کو تمام جرمن مکانات آراستہ کئے جائیں۔ تاکہ ان کی شناخت ہو سکے کہ یہ جرمن مکانات ہیں ...

## ریلوے تصادم سے ۲۳ اشخاص ہلاک

## برطانیہ اور ہندوستان کو جدید معاہدہ

نئی دہلی ۱۱ جنوری۔ حکومت ہند اور حکومت سلطنت متحدہ (یعنی حکومت برطانیہ و دیگر مقبوضات) کے درمیان ایک تجارتی معاہدہ طے ہوا ہے۔ جس پر کل ۹ جنوری کو لندن میں طرفین کے نمائندوں نے دستخط کر دیئے ہیں۔ یہ معاہدہ در اصل اس معاہدہ کا ضمیمہ ہے جو ۱۹۳۲ء میں اوٹاوہ میں طے ہوا تھا۔ اس معاہدہ کے ساتھ وہ خطوط بھی شائع کئے گئے ہیں جو مسٹر والٹر رانسی مین اور سر بی این مترا نے مذکورہ معاہدہ پر دستخط ہونے کے بعد ایک دوسرے کو لکھے ہیں۔

## اسمبلی میں مسٹر فضل الحق کی تجاویز

### وائسرائے کی ایگزیکٹو کونسل کو توڑ دیا جائے

نئی دہلی ۱۱ جنوری۔ مسٹر اے کے فضل الحق ممبر اسمبلی نے اسمبلی کے اجلاس میں ایک ریزولیوشن پیش کرنے کا نوٹس دیا ہے جس کے ذریعہ گورنر جنرل کی ایگزیکٹو کونسل کو توڑنے کا مطالبہ کیا ہے۔

اب تک اسمبلی ڈیپارٹمنٹ میں تقریباً ۲۰ ریزولیوشن اور ۱۰۰ سے زائد سوالات کے متعلق نوٹس موصول ہو چکے ہیں۔ جو سیاسی۔ اقتصادی اور سوشل معاملات کے متعلق ہیں۔

مسٹر فضل حق نے گورنر جنرل بہ اجلاس کونسل سے سفارش کی کہ جوٹ کی ڈیوٹی سے جو آمدنی ہو وہ تمام صوبہ بنگال کو دیدی جائے تاکہ وہاں ابتدائی تعلیم مفت اور کسانوں کی بہبودی کی اسکیم پر عمل کیا جاسکے۔

سردار سردول سنگھ نے ایک ریزولیوشن کے ذریعہ پنجاب مارشل لا اور مقدمہ سازش لاہور بابت ۱۹۱۵-۱۶ء کے قیدیوں کی رہائی کا مطالبہ کیا ہے۔

مسٹر فضل الحق نے ایک ریزولیوشن کا نوٹس دیا ہے کہ آٹھ ممبران اسمبلی پر مشتمل ایک کمیٹی مقرر کی جائے جو حکومت ہند کے ... کہ ۳۰۰ روپیہ ماہانہ سے کم تنخواہ پانے والے ملازمین کی پانچ فیصدی تخفیف کو بحال کر دیا جائے۔ اور کمی کو پورا کرنے کے لئے بھاری مشاہرہ پانے والے ملازمین کی تنخواہ میں کمی کر دی جائے۔

علیحدگی سندھ کے بارے میں اسمبلی میں بحث کی جائے گی جبکہ حکومت کو مسٹر این جی کھٹو کے متعدد سوالات کا جواب دینا ہوگا جن کے ذریعہ انہوں نے دریافت کیا کہ آیا حکومت سندھ کے لئے ایک ڈپٹی گورنر مقرر کرنے کا ارادہ رکھتی ہے جیسا کہ سندھ ایڈمنسٹریشن کمیٹی نے سفارش کی تھی۔ آپ نے یہ بھی دریافت کیا ہے کہ علیحدگی کی صورت میں سندھ کا ...

## آتش گیر مادہ پھٹ گیا

## اسمبلی کے ممبران کی فہرست مکمل ہوگئی

نئی دہلی ۱۱ جنوری۔ مسٹر جے ایم چٹرجی اور مسٹر اینا آر کرجی کو ...

## محبوب عاشق کے قدموں پر

ملنے کا پتہ۔ فضل شاہ عامل گلی راجان دہلی


میونسپل کمیٹی۔ دہلی

ٹرمنل ٹیکس ڈپارٹمینٹ

# نوٹس

کمیٹی نے بروئے اسپیشل میٹنگ قرارداد نمبر ۵۰ مورخہ ۵ دسمبر ۱۹۳۴ء مندرجہ ذیل اشیاء پر ٹرمنل ٹیکس بشرح جو ہر ایک کے بالمقابل درج ہے لگانے کا فیصلہ کیا ہے۔

اگر کوئی تحریری اعتراض یا مشورہ مورخہ ۱۰ فروری ۱۹۳۵ء یا اس سے پیشتر صاحب سکرٹری بہادر کے پاس پہنچے گا تو اس پر غور کیا جاویگا۔

| نام اشیاء | موجودہ شرح فی من | مجوزہ شرح فی من |
| --- | --- | --- |
| (۱) میتھیلیٹڈ اسپرٹ | -/-/6 | -/2/- |
| (۲) اسٹوپر ساختہ دھات | -/5/- | -/8/- |
| (۳ الف) سوڈا بائی کارب (اگر بوری یا ڈرام میں ہو) | -/-/6 | -/1/- |
| (۳ ب) سوڈا بائی کارب (اگر پیکٹ یا بکس میں ہو) | -/6/- | -/6/- |
| (۴ الف) کاسٹک سوڈا (اگر بوری یا ڈرام میں ہو) | -/-/6 | -/1/- |
| (۴ ب) کاسٹک سوڈا (اگر پیکٹ یا بکس میں ہو) | -/-/6 | -/6/- |

دستخط سوہن لال

آر۔ بی۔ ایم۔ بی۔ اے۔ پی۔ سی۔ ایس

سکرٹری میونسپل کمیٹی۔ دہلی



نمبر ۱۲

اشتہار شعر حکم حاضری مدعا علیہ

(زیر آرڈر ۵۔ قاعدہ ۲۰ مجموعہ ضابطہ دیوانی)

بعدالت جناب مولوی الٰہی بخش خاں صاحب منصف و جج مطالبہ خفیفہ کوئٹہ

نمبر مقدمہ ۱۳۸ بابتہ ۱۹۳۴ء

ہری چند لال چند بذریعہ ہری چند سکنہ بیک چند روڈ کوئٹہ مدعی بنام سردار خاں ولد ناؤ خاں سکنہ کوئٹہ حال عدم پتہ مدعا علیہ

دعویٰ للعہ

بنام سردار خاں سکنہ کوئٹہ حال عدم پتہ

مقدمہ مندرجہ عنوان بالا میں مدعا علیہ مسمیٰ سردار خاں مذکور تعمیل سمن سے دیدہ و دانستہ گریز کرتا ہے اور روپوش ہے اسلئے اشتہار ہذا بنام مدعا علیہ سردار خاں مذکور جاری کیا جاتا ہے کہ اگر مذکور بتاریخ ۱۷ جنوری ۱۹۳۵ء کو بمقام کوئٹہ حاضر عدالت ہذا نہیں ہوگا تو اس کی نسبت کارروائی یک طرفہ عمل میں آوے گی۔

آج بتاریخ ۷ دسمبر ۱۹۳۴ء کو بہ دستخط میرے اور مہر عدالت کے جاری ہوا۔

مہر عدالت

(دستخط جج بخط انگریزی)

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

یداللہ علی الجماعۃ

تار کا پتہ "الجمعیۃ دہلی"
ٹیلیفون نمبر ۵۰۳۴

سہ روزہ
# الجمعیۃ دہلی

مدیر مسئول: ہلال احمد زبیری (بی۔اے) معاون: محمد عثمان فارقلیط

جلد ۲۱ | دہلی یوم یکشنبہ ۱۴ شوال المکرم ۱۳۵۳ ہجری مطابق ۲۰ جنوری ۱۹۳۵ء | نمبر ۵

## خدائی انکم ٹیکس اور مسلمانوں کا اجتماعی نظام

### سوشلزم اور اشتراکیت کے اصول قطعاً غیر فطری ہیں
### زکوٰۃ کی اجتماعی تقسیم اور مسلمانان ہند کا فرض

[illegible]

جامع ادارہ مسلمہ انسان مسلسل

برادران عزیز! دراصل بات یہ ہے کہ جہاں اسلام کا نفس ... جاتا ہے

(باقی صفحہ ... پر ملاحظہ فرمایئے)

## معاصرین کے افکار و آراء

### ہندوستان میں آنریری مجسٹریٹوں کی اہمیت

[illegible]

### جاپانی حکومت کا زہد

[illegible]

### کسانوں کا معاشی تحفظ

[illegible]

### زکوٰۃ دینے والے مسلمان

[illegible]

### اسلامی انکم ٹیکس

[illegible]

### اسمبلی اور مذہبی مداخلت

ایک ذمہ دار حکومت کو ... کی اصلاح کے لئے کوئی قانون بنانے تو لازمی ...

## پادری کی لڑکی کا قبول اسلام

[illegible]

ملنے کا پتہ: منیجر الجمعیۃ دہلی

---

Regd No. L 1793.

# The Aljamiat

Vol. XXI No. 4 DELHI WEDNESDAY 16th JANUARY 1935. PRICE ONE ANNA

قرآن مجید
نہایت صاف جلی اور نہایت صحیح قرآن شریف اگر درکار ہو تو نورانی قرآن مجید الجمعیۃ بک ایجنسی دہلی سے طلب فرمایئے۔ قیمت مجلد ... عہ

پادری کی لڑکی کا قبول اسلام
اور اسکے حیرت انگیز کارنامے معلوم کرنے ہوں تو ملاحظہ کر دیکھئے جس کو پڑھ کر آپ اسلام کی حقانیت کے قائل ہو جائینگے
قیمت فی جلد ۱۲ر علاوہ محصولڈاک
منیجر الجمعیۃ دہلی

## راجپوتانہ میں مسلمانوں کا دینی مدرسہ

اس ضرورت کو محسوس کرتے ہوئے کہ صوبہ راجپوتانہ میں مسلمانوں کا کوئی ایسا دینی آزاد مدرسہ نہیں ہے جس میں قرآن و تفسیر و حدیث و فقہ کی تعلیم مسلمان بچوں کو دی جائے۔ حضرت العلامہ مولٰینا معین الدین صاحب قبلہ نے معین الدین نگر میں ایک اسلامی مدرسہ کی سنگ بنیاد دار العلوم حنفیہ صوفیہ کے نام سے رکھی۔ اللہ تعالیٰ کا ہزار ہزار شکر ہے کہ مولانا صاحب قبلہ کی یہ سعی جمیلہ کامیاب ہوئی جس کو عرصہ چودہ سال سے یہ خالص اسلامی ادارہ قرآن۔ تفسیر و حدیث و فقہ جیسے اسلامی علوم و فنون کی نشر و اشاعت میں بڑی انہماک کیساتھ مشغول ہے۔ ہندوستان کے مختلف صوبوں کے طلبہ کے علاوہ ممالک اسلامیہ تجارا ترکستان۔ یمن۔ قندھار۔ برما وغیرہ ہزاروں تشنگان علوم نبوی اس دینی سرچشمے سے اپنی پیاس بجھا کر اپنے وطن میں اسلام کی خدمت تقریر و تحریر و تدریس کے ذریعہ انجام دے رہے ہیں۔ اس وقت بھی طلبہ کی ایک کثیر تعداد مدرسہ ہذا میں تحصیل علوم میں منہمک ہے۔ اس مدرسہ کی کوئی مستقل آمدنی کا ذریعہ نہیں بعض اہل خیر حضرات کے چندے پر اب تک چلتا رہا ہے مسلمانوں کی بے توجہی سے اس خالص دینی ادارے کا وجود معرض خطرہ میں ہے پانچ ہزار روپیہ کا مدرسہ مقروض ہو چکا ہے۔ کئی مہینوں سے مدرسین کی تنخواہیں نہیں ملیں ہم جمیع اہل خیر حضرات کی توجہ گرامی اس طرف مبذول کراتا [illegible]

چاہئے ہیں کہ خدا کے واسطے بر خواہ ... اس خالص اسلامی مدرسہ کی اعانت و امداد فرما کر ثواب دارین حاصل کریں۔

(محمد عبد الحکیم ناظم مدرسہ حنفیہ صوفیہ اجمیر شریف)

## مسودہ قانون شریعت کی حمایت

آج تاریخ ۲۳ رمضان المبارک مولانا محمد اکرام صاحب صدر ... [illegible] ... منظور ہونے کی رائے رکھتے ہیں اور حق حق کر گو کوئی راج منظور کرتا ہے وہ ہمارا نمایندہ نہیں ہو سکتا +

(محمد شیرین)

## مدرسہ انوار العلوم گیا

مدرسہ انوار العلوم گیا رمضان شریف کی تعطیل کلاں کے بعد حسب معمول ۷ شوال المکرم ۵۳ھ کو کھلیگا اور پندرہ شوال تک داخلہ ہوگا۔ اس لئے شائقین علوم دینیہ کو اطلاع دی جاتی ہے کہ وہ پندرہ شوال تک مدرسہ میں پہونچ جائیں تاکہ اسباق [illegible]

## کتاب دین و دولت

انجمن اسلامیہ سکھانی دالہ ضلع ڈیرہ غازی خان نے مسلمانوں میں اقتصادی بیداری پیدا کرنے کے لئے "دین و دولت" کتاب شائع کی ہے جس میں مفتی ... علمائے کرام کی آراء بھی درج کر دی گئی ہیں علامہ مفتی محمد کفایت اللہ صدر جمعیۃ علماء ہند اور علامہ شیخ احمد مولانا [illegible]

قیام و طعام ... [illegible] ... جاتی ہے۔

(مہتمم مدرسہ انوار العلوم گیا)

حسین احمد صاحب مدنی نے بھی اپنی آراء سے اس کتاب کو مزین کیا ہے کتاب خاص مفت ہے جو مندرجہ بالا پتہ سے مل سکتی ہے۔

## بہار کے ایک بزرگ کا ارتحال!

۹ رمضان المبارک کو جناب حاجی محمد طاہر علی صاحب تاجر چرم بھاگلپور مرض فالج انتقال فرما گئے اناللہ وانا الیہ راجعون۔ مرحوم کی تمام زندگی اسلام اور مسلمانوں کی خدمت میں گذری بھاگلپور میں مدرسہ کی بنیاد آپ ہی نے رکھی اور چھپا ... بھی آپ کی نگرانی میں ایک مدرسہ چلا رہا۔ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنے جوار رحمت میں جگہ دے اور ان کے اقربا کو صبر جمیل کی توفیق ارزانی فرمائے۔ آمین۔

(محمد اسحٰق ناظم جمعیۃ علماء بھاگلپور)

مفت! مفت!! مفت!!!
گھر بیٹھے یا با قاعدہ تعلیم حاصل کر کے آیورویدک یونانی حکمت ہومیوپیتھک بایوکیمک کی سندات حاصل کرنے کا قاعدہ (قواعد) کارڈ ڈال کر مفت طلب کرو۔
پرنسپل اولڈ انڈین میڈیکل کالج انبالہ شہر

خضاب چھوڑو
اس تیل سے بال کا یکبارگی سیاہ بال کالا پیدا ہو اگر سفید ہو برس تک کالا نہ رہے تو دو ناد ام دیئے جائیں۔ شرط لکھالیں۔ ایک آدھ بال پکا ہو تو تین روپیہ اس سے زیادہ پکا ہو تو چھ روپیہ نصف سے زیادہ یا کل پکا ہو تو ۹ روپیہ کا تیل منگالیں۔
پتہ: بال کالا اسٹورس پوسٹ کنسی سمری (دربھنگہ)

خاص رعایت
حیات حافظ رحمت خاں
غیر مجلد دو روپے چار آنے میں خریدیئے
روہیلکھنڈ کے بادشاہ حافظ الملک حافظ رحمت خاں کی مشہور و معروف سوانحعمری کا پہلا ایڈیشن عنقریب ختم ہونے والا ہے۔ صرف ڈھائی سو جلدیں باقی ہیں۔ جلد آرڈر دیجئے ورنہ دوسرے ایڈیشن کا انتظار کرنا پڑے گا۔
[illegible]
آپ بھی اس لاجواب کتاب کے مطالعہ سے فائدہ اٹھایئے
[illegible]
ملنے کا پتہ: منیجر اخبار الجمعیۃ گلی قاسم جان دہلی

ہمالیہ
پہاڑ جہاں سونے چاندی اور لوہے کی کانیں ہوتی ہیں ان کاست لیکر عنایت پروردگار سے یہ سلاجیت پیدا ہوتا ہے۔ ہم ایسے دشوار گذار مقامات سے عرصہ چالیس سال سے منگا کر طب ویدک طریقہ سے صاف کرتے ہیں جو کہ ہر موسم میں استعمال کیا جا سکتا ہے اور جس کے ہزارہا سرٹیفکٹ ہمارے پاس موجود ہیں
طاقت قوت بڑھانے اور قوت مردمی کا بے تحاشا اضافہ کرنیوالی تمام اقسام کے جریان و سلسل البول کو دور کرنے والی شئے جس کی اطباء و حکماء تعریف کرتے ہیں
اکسیر اعظم
اصلی سلاجیت اصلی
[illegible]
پتہ: مالک فرم ہمالیہ ڈپو ہردوار ضلع سہارنپور
HIMALA DEPO, HARDOWAR, DISH SAHARANPUR.
تصدیق [illegible]

حمائل شریف مترجم مع خلاصۃ التفاسیر
[illegible]
ملنے کا پتہ: منیجر اخبار الجمعیۃ گلی قاسم جان دہلی

مشہور و معروف دو ترجمہ والا معجز نما متوسط قرآن مجید معہ کامل تفسیر
حیرت انگیز رعایتی اعلان
[illegible]
ملنے کا پتہ: منیجر اخبار الجمعیۃ گلی قاسم جان دہلی

[illegible]

# اسلامی تاریخ کے جواہر پارے



## اندلس کے امراء عرب کی گوشمالی

### عیسائی حاکم سرقسطہ کی تباہی

### اندلس کے عرب حاکم افریقہ بھیج دیئے گئے

گزشتہ اشاعت میں لکھا جا چکا ہے کہ یوسف بن تاشفین نے تیسری بار اندلس کی افواج کے پایہ تخت طلیطلہ پر حملہ کیا مگر اندلس کے عربوں نے بروقت امداد کرنے سے انکار کر دیا۔ آگے ملاحظہ ہو۔

عربوں کی اس حرکت سے یوسف کو سخت کوفت ہوئی اور اس نے ان کی سرزنش کا ارادہ کر لیا۔ گویا یوسف افریقہ سے اسلئے آیا تھا کہ عیسائیوں کی قوت کا بہیشہ کے لئے خاتمہ کر دے مگر مسلمانوں کی بدبختی نے جنگ کا رخ پھیر دیا اور بجائے عیسائیوں کے مقابلہ میں محاذ جنگ قائم کرنے کے اندلس اور افریقہ کے مسلمان آپس ہی میں متصادم ہوگئے اور عیسائیوں نے اسکو تائید غیبی سمجھ کر اپنے لئے فال نیک سمجھا اور خاموشی سے مسلمانوں کی جنگ و پیکار کا تماشہ دیکھتے رہے کیونکہ اس فلسفہ سے خوب واقف تھے کہ

دو مرغ جنگی کنند فائدہ تیرگر

### شاہ غرناطہ اور حاکم المالقہ کی گرفتاری

### افریقہ سے یوسف کا حکم

جب سیر بن ابی بکر کو اندلس کی فتوحات سے کچھ اطمینان ہوا تو اس نے یوسف کو تمام حالات سے مطلع کیا اور یہ بھی لکھا کہ

"ہم یہاں افریقہ سے دور پڑے ہوئے جہاد اور جنگ کی مصیبتیں جھیل رہے ہیں مگر یہاں کے عرب امراء عیش پرستیوں اور آرام و راحت میں مشغول اور رنگ رلیوں میں منہمک ہیں امراء نے ہر موقعہ پر ہماری امداد سے پہلو تہی کی ہے اب آپ حکم دیجئے کہ ہم ان کے ساتھ کیا طریقہ اختیار کیا جائے۔"

یوسف نے افریقہ سے جواب دیا کہ

"تم امرائے عرب کو جہاد پر آمادہ کرو تاکہ عیسائیت کا کلی استیصال ہو جائے اگر وہ لوگ امداد پر آمادہ نہ ہوں تو ان سے جنگ کرکے ان کے شہروں پر قبضہ کر لو مگر یہ خیال رہے کہ پہلے ان ہی مقامات کو قبضہ میں کیا جائے جو عیسائیوں کی سرحدوں پر واقع ہیں اور جب تک کامل طور پر تسلط نہ ہو جائے المعتمد سے نہ بگاڑنا اور جن جن شہروں پر قبضہ کرو وہاں ہر جانب ایک حاکم مقرر کر دینا۔"

### عیسائی ابن ہود کی شکست

اس حکم کے ملتے ہی سیر بن ابی بکر نے سب سے پہلے عیسائی بادشاہ ابن ہود حاکم سرقسطہ کی طرف رخ کیا اور اس کے مضبوط اور مستحکم قلعہ کا محاصرہ کر لیا۔ یہ قلعہ ایک پہاڑ کی بلندی پر واقع تھا اور اس کا راستہ اسقدر دشوار گزار تھا کہ کوئی حملہ آور کامیاب نہ ہو سکتا تھا ...

ابن ہود کی گرفتاری کے بعد قلعہ والوں نے بھی کوئی مزاحمت نہ کی اور سیر بن ابی بکر نے نہایت آسانی سے قلعہ اور شہر پر قبضہ کر لیا۔

# مشرق و مغرب کی تازہ خبریں

## شنگھائی یا طلاق کا مرکز

### تہذیب جدید کے وبائی کرشمے

شہر شنگھائی (چین) مشرق میں طلاق کا مرکز ہے۔ چین کے اندرون شہروں میں جہاں تہذیب نوکی ہوا نہیں پہنچی ہے طلاق کو ملکی روایات کے خلاف تصور کیا جاتا ہے لیکن بڑے بڑے متمدن شہروں میں یہ وبا اسقدر عام ہوگئی ہے کہ دنیا میں اس کا مقابلہ سوائے امریکہ کے اور کوئی ملک نہیں کر سکتا۔ شنگھائی کی عدالتوں میں جب کوئی طلاق کا مقدمہ پیش ہوتا ہے تو عورت اور مرد کی رضامندی دیکھ کر جج صاحبان فوراً علیحدگی کا حکم صادر کر دیتے ہیں۔

نکاح سے پہلے جو سگائی ہوتی ہے اس کو شکست کرنے کے لئے بھی عدالتوں کی طرف رجوع کرنا پڑتا ہے۔ جہاں بہت آسانی سے علیحدگی کا پروانہ مل جاتا ہے ...

## شراب کی تجارت سے امریکن اخبارات کو فائدہ

### صرف اشتہارات پر پچیس لاکھ پونڈ خرچ ہوئے

## ایک شہر میں ۶۲ لاکھ نفوس کی آبادی

### جاپان کے معمور اور آباد شہروں کی تعداد

کی آبادی کے مقابلہ میں ۹۵۶۳۰۰ زیادہ ہے۔ مردوں کی تعداد ... اور عورتوں کی تعداد ۳۲۹۱۵۹۰۰ ہے۔

ٹوکیو کے علاوہ جاپان کے تین شہر ایسے ہیں جن میں دس لاکھ نفوس سے زیادہ کی آبادی ہے۔ کوبے کی آبادی ۷۸۵۳۰۰ اور یوکوہاما کی آبادی ۷۰۴۹۰۰ افراد پر مشتمل ہے۔ جاپان کے ۳۴ شہر ایسے ہیں جن میں ایک ایک لاکھ سے زائد نفوس کی آبادی ہے۔

## ترکی میں ملکی حرفتی نمائش کا افتتاح

### رونق، ترقی صنعت اور حاضری کا حسین نظارہ

ترکی میں امسال گزشتہ ماہ ملکی صنعتی نمائش کا افتتاح اعلیٰ پیمانہ پر ہوا ...

اس نمائش کے قومی اور انتظامی مظاہرہ سے اس امر کا اندازہ کیا جا سکتا ہے کہ اگر ترکی کی حرفتی تحریک بدستور ترقی پذیر رہی تو وہ نہ صرف اپنے قدموں پر آپ کھڑا ہو جائے گا بلکہ دیگر ممالک کو اپنی صنعتی اشیاء سے مالا مال کر سکے گا۔

## نمائش گاہ کی چند خصوصیات

### زندہ ترکوں کے حیات پرور نقشے

ترکی میں صنعتی نمائش کو جس پیمانہ پر منایا گیا وہ تاریخ میں یادگار رہے گی۔ نمائش گاہ میں مختلف مقامات پر غازی مصطفےٰ کمال پاشا کی قد آدم عکسی تصویریں آویزاں تھیں ...

## خدائی انکم ٹیکس مسلمانوں کا اجتماعی نظام

### (سلسلہ کے لئے ملاحظہ ہو)

### حق مساوات اور مقدار مساوات

### سوشلزم کی غیر فطری مساوات

# عہد حاضر کا مغرب اخلاقی مفاسد کا سرچشمہ بن چکا ہے

## مغرب سے مغرب کی تباہی کے آثار پیدا ہو چکے ہیں

### مادی اور روحانی توازن کے بگڑ جانے کا نتیجہ

### ترکی مفکرہ خالدہ ادیب خانم کا پہلا لیکچر

دہلی ۱۴ جنوری۔ کل رات بہ شب جامعہ ملیہ میں حسب پروگرام ترکی کی مشہور مفکرہ و مورخ و افسانہ نویس خاتون محترمہ خالدہ ادیب خانم نے "مشرق و مغرب کی آویزش" کے عنوان پر اپنا پہلا لیکچر دیا۔ ہال حاضرین سے کھچا کھچ بھرا ہوا تھا ...

### خالدہ خانم کا تعارف

ڈاکٹر انصاری صاحب نے محترمہ خالدہ ادیب خانم کا تعارف کراتے ہوئے ...

سوال یہ ہے کہ مشرق اپنی اس خصوصیت کو کیسے برقرار رکھ سکا اس لئے کہ دنیاوی اور مادی حقائق سے بے نیازی ترقی اور حکومت کو اس نے تقاضہ یا قسمت پر محمول کیا ...

### مشرق کی غلامی کا سبب

### مغربی تہذیب کا سرچشمہ

### اناطولیہ کی مرکزیت

### مغرب کی تباہی کے آثار

### مشرق و مغرب کی خصوصیات

# مہاراشٹر میں بے گناہ مسلمانوں کا قتل عام

## مسلم وقف پر قبضہ کرنیکے ناپاک منصوبے

### شہداء میں تین مسلم خواتین بھی ہیں

### آجرہ کا واقعہ ہائلہ اور مسلمانوں کی ہجرت

(الجمعیۃ کے نامہ نگار خصوصی کے قلم سے)

مہاراشٹر میں ریاست کولہاپور کے قریب انچل کرنجی نامی ایک چھوٹی سی ریاست ہے جہاں کا راجہ برہمن قوم سے ہے۔ اس ریاست کے ماتحت آجرہ تحصیل نامی ایک گاؤں ہے جس میں مسلمانوں کی دو تہائی آبادی ہے۔ اس آجرہ گاؤں میں ایک قدیم قبرستان بھی ہے۔ دس پندرہ سال پیشتر مسلمانوں نے اس قبرستان میں صندل کے درخت لگوائے تھے اب یہ درخت اچھی طرح بڑھ گئے ہیں۔

ریاست چاہتی ہے کہ ان درختوں پر قبضہ کر لے اور ان کو کاٹ ڈالے مگر مسلمان اس بات سے ناراض ہو کر مزاحمت کرتے رہے۔ ... حکومت کو چاہئے کہ ہمارے بیت المال پر جبراً قبضہ نہ کرے ...

### نعشوں کا حشر

### دوسرے نامہ نگار کی اطلاع

... مسلمانوں کا خدا ہی حافظ ہے۔ حق انصاف خدا ہی کے دربار میں ہونے والا ہے۔ آخر ظلم کی حد ہو گئی ہے۔

(سید محمد نصیر الدین پیرزادہ چکوڑی)

## اصلاح حج کے انتظامات

### بیت اللہ الحرام میں حکومت کی مساعی

سنا گیا ہے کہ امسال کا حج اکبر ہوگا۔ حکومت حجازیوں تو ہر سال حجاج کے آرام و آسائش کے لئے مختلف تدابیر اختیار کرتی ہے مگر اس سال اس نے کمال ہی کر دیا ہے۔ ...

## ترکی میں جنگ عظیم کی ایک دستاویز

### جرمنی سفیر سے ایک لاکھ پونڈ کی واپسی کا مطالبہ

آج کل استانبول میں گزشتہ جنگ عمومی کے حسابات کی جانچ ہو رہی ہے۔ اس سلسلہ میں ایک دلچسپ دستاویز ہاتھ لگی ہے۔ یہ دستاویز عثمانی حکومت اور جرمنی انجینیئر یارول کے درمیان ایک معاہدہ ہے ...

ابھی تک جرمنی سفیر کی طرف سے کوئی جواب موصول نہیں ہوا ہے۔

## دیہات میں حکومت کا پروپیگنڈہ


بہترین اور عمدہ سویاں

اگر آپ کو ہر قسم کی بہترین اور بکفایت سویاں خریدنی ہیں تو آپ سید ارشاد حسین صاحب کی دوکان سے خریدیئے۔ یہ دوکان دہلی میں بازار لال چاہ لال مسجد کے نیچے واقع ہے۔

سچا ہمدم و رہبر بے دام

پاک صاف خیالات پیدا کر کے جسمانی و روحانی صحت حاصل کرنے کیلئے دنیا میں سچی خوشی دستیاب کرنے کیلئے آپ آج ہی ایک کارڈ تحریر کر کے کتاب کام شاستر بالکل مفت منگائیں۔

وید شاستری جام نگر کاٹھیاواڑ

قرص جریان

ہمدرد دواخانہ یونانی دہلی

ہمالیہ

طاقت و قوت بڑھانے اور قوت و ہی کا بے تحاشا اضافہ کرنیوالی تمام اقسام کے جریان سیلان بول کو دور کرنے والی شئی و منی بعلاج جس کا تعریف کرے

اکسیر اعظم

اصلی سلاجیت اصلی

پانچ تولہ کی قیمت سوا دو روپے (عہ) دس تولہ کی قیمت سوا چار روپے۔ بیس تولہ کی آٹھ روپے محصول ڈاک ۔ چالیس تولہ آدھ سیر ساڑھے پندرہ روپے۔ اسی تولہ یا ایک سیر تیس روپے علاوہ محصولڈاک

پتہ :- مالک فرم ہمالیہ ڈپو۔ ہردوار۔ ضلع سہارن پور

HIMALYA DEPO HARDOWAR (SAHARANPUR)

تصدیق

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# الجمعیۃ دہلی

یوم یکشنبہ ۱۴؍ شوال المکرم ۱۳۵۳ھ ہجری

# ”اتحاد“ کا ”اعلان جنگ“

## جمعیۃ علماء، مسلم کانفرنس اور امارت شرعیہ

(۶)

### ساتواں اور آٹھواں مطالبہ

اتحاد کے ساتویں ... تیسرے مطالبہ کی طرح چیرہ دستی ... کیا گیا ہے کہ گویا کوئی ... جاری ہے اور اس کے دستور اساسی میں ایک ”مجلس عام“ ایک ”مجلس شوریٰ“ اور ایک ”مجلس عاملہ“ کی تشکیل متصور ہے حالانکہ یہ امر پہلے ہی ظاہر کیا جا چکا ہے کہ نہ امارت شرعیہ صوبہ بہار کوئی انجمن ہے اور نہ اس ...

حضرات کو اتحاد سے سبق لینے کی کوئی ضرورت نہیں ہے۔

### نواں مطالبہ

اعلان جنگ سے قبل اتحاد کے مطالبات تسعہ کا آخری مطالبہ اس کی ذاتی کدورتوں اور شخصی عداوتوں کی ایک نہایت گھناؤنی مثال پیش کرتا ہے اور اس کے الفاظ ہی سے یہ اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ اس مضمون کے لکھنے ...

# شذرات

## کانگریس ورکنگ کمیٹی کا فیصلہ

کانگریس ورکنگ کمیٹی کا پہلا اجلاس ۱۶؍ جنوری کو ڈاکٹر انصاری صاحب کی کوٹھی پر منعقد ہوا جس میں منجملہ دیگر مسائل کے اس صورت حال پر بھی غور کیا گیا جو کانگریس کے اندر نئی نئی جماعتیں پیدا ہو جانے اور ان کے اصل نظام سے متصادم ہو کر خود کانگریس کی معینہ و طے شدہ پالیسی کو نقصان پہنچانے کے متعلق پیدا ہو گئی ہے جب سے کہ گزشتہ تحریک ... آزادی کے بعد کانگریس نے تعمیری کاموں کی طرف توجہ کی ...

... کی اشد ضرورت تھی اور ہم سمجھتے ہیں کہ ورکنگ کمیٹی ان کے نفاذ میں حق بجانب ہو گی۔

## کولہاپور میں گولیاں

ریاست کولہاپور میں ۸؍ جنوری کو مسلم رعایا کے خلاف جو فائرنگ ہوا ہے اور جس کی وجہ سے مہاراشٹر اور دکن کے مسلمانوں میں عموماً بہت زیادہ ہیجان و اضطراب پھیل گیا ہے اس کی تفصیلات سے معلوم ہوتا ہے کہ ریاست ...

... مرکزی حکومت کو کوئی کارروائی کرنی پڑے جس وقت قابل اعتماد کمیشن مقرر ہو جائے گا اور وہ اپنی تحقیقات کے نتائج پیش کر دے گا تو ہم تفصیل کے ساتھ اظہار خیال کریں گے۔

... مخالفت کریں ضروری کارروائی کر سکتی ہے، ایسی کمیٹیوں کو توڑا جا سکتا ہے، اور ان کی جگہ نئی کمیٹیاں قائم کی جا سکتی ہیں۔ اور اسی طرح ایسے افراد کو کانگریس کے نظام سے خارج بھی کیا جا سکتا ہے ...

# حوادث و احکام

### استفتاء

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین مندرجہ ذیل مسائل کے بارے میں:

(۱) نماز میں دو سجدہ فرض ہیں ... اگر کسی مقتدی کا کسی وجہ سے ایک سجدہ رہ جائے اور امام دونوں سجدہ کر چکے تو مقتدی کی نماز ہوگی یا نہیں؟

(۲) ... غائب پر نماز جنازہ ہو سکتی ہے یا نہیں ... جنازہ پڑھا جاوے تو درست ہے یا کہ نہیں؟

(۳) اگر مسلمان کلمہ کفر کہنے سے کافر ہو گیا ... چند منٹ یا چند گھنٹہ کے بعد توبہ تائب ہو گیا ہے اب اتنا عرصہ ... اس کا نکاح ٹوٹ جاتا ہے یا کہ نہیں؟

(۴) چٹھی رساں کی نوکری گورنمنٹ برطانیہ کی کرنی جائز ہے یا کہ نہیں؟

### الجواب

(۱) دوسرا سجدہ بھی فرض ہے ... السجود الثانی فرض کالاول باجماع الامۃ۔ کذا فی الہندیۃ (فتاویٰ عالمگیری) اگر مقتدی کو ایک سجدہ نہ ملا تو جس رکعت کا ایک سجدہ رہ گیا وہ رکعت محسوب نہ ہوگی۔

(۲) جنازہ غائب پر حنفیہ کے نزدیک نماز جنازہ نہیں ہے جس میت کو بغیر نماز پڑھے دفن کر دیا گیا ہو اس کی قبر پر حنفیہ کے نزدیک بھی نماز جنازہ جائز ہے ...

... یہ خبر باہر پہونچی ... شوہر باہر نکلا تو شوہر کے چچا نے پوچھا کہ یہ تم نے کیا کیا۔ شوہر نے جواب دیا کہ جو کچھ کیا اچھا کیا۔ شوہر کے چچا نے مزید دریافت حال کے لئے پوچھا ... بیوی کو طلاق دے دیا ... وقت کسی قسم کی کوئی شرارت نہ کی۔

اس واقعہ کو تین سال ہو چکے ہیں۔ لڑکی بدستور اپنی والدہ کے پاس ہے اور ... اس کی کفالت کرتی ہے۔ شوہر نے اس عرصہ میں کسی قسم کی کوئی خبر نہیں لی۔

واقعات مندرجہ بالا کے پیش نظر ... لڑکی کو طلاق ہوگی اور کیا لڑکی کا نکاح ثانی جائز ہوگا؟

### الجواب

جو واقعات سوال میں ذکر کئے گئے ... طلاق ... تین سال گزر چکے ہیں ... اب اگر لڑکی چاہے تو کسی دوسرے مسلمان سے نکاح کر سکتی ہے۔

کفایت اللہ کان اللہ لہ

### استفتاء

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ ایک مسلمان اپنا ...

---



# دہلی میں کانگریس کی ورکنگ کمیٹی کا اجلاس

## کانگریس کے منظور شدہ آئین کی خلاف ورزی کرنے والوں کو سزا

### جدید آئین کی مشکلات پر غور

دہلی ۱۷؍ جنوری۔ کل کانگریس ورکنگ کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا۔ معلوم ہوا ہے کہ اجلاس میں ان بہت سی درخواستوں پر غور کیا گیا جو کانگریس کے نئے آئین پر عمل درآمد کے سلسلہ میں مختلف کانگریس کمیٹیوں کی جانب سے موصول ہوئی ہیں۔ ان میں سے ایک شکایت آل انڈیا کانگریس کمیٹی کے امیدواروں کے انتخاب کے متعلق ہے۔ ... اجلاس ... جو آئین منظور کیا گیا تھا اس کی رو سے کوئی بھی ممبر انتخاب کے لئے اس وقت تک کھڑا نہیں ہو سکتا جب تک کہ وہ چھ ماہ تک کانگریس کے لئے کھدر پہننے اور کام کرنے ... قواعد کے مطابق ورکنگ کمیٹی کو یہ اختیار حاصل ہوگا کہ وہ کسی ایسی کانگریس کمیٹی یا کسی ممبر کے خلاف ضابطہ کی کارروائی کرے جو ... کانگریس کے فیصلوں یا پروگرام کے خلاف کارروائی یا پروپیگنڈہ کرنے کی مرتکب ہوں ... ایسے ممبر کو خارج کر دیا جائے گا ... یا بد اخلاقی کے مرتکب ہوں۔

معلوم ہوا ہے کہ مسٹر بھولا بھائی ڈیسائی نے ورکنگ کمیٹی کے ممبروں سے اس بارے میں تبادلہ خیال کیا کہ آیا اسمبلی کی صدارت کے لئے کانگریس کا امیدوار کھڑا کیا جائے یا نہیں۔ اور اسمبلی میں عام ... کیا ہونا چاہئے۔ ان مسائل کے بارے میں کل اور پرسوں پارلیمنٹری بورڈوں کے اجلاسوں میں غور ہوگا۔

## اسمبلی کا صدر کون ہوگا؟

### مسٹر جناح کے مشورہ سے کون مسلمان منتخب ہوگا

نئی دہلی ۱۵؍ جنوری۔ اسمبلی کا اجلاس بالکل قریب آگیا ہے اور اراکین بھی ...

... دیرینہ تجربہ رکھتے ہیں بلکہ پنڈت موتی لال نہرو کے دست راست ہونے کے ساتھ ساتھ کانگریس کی مجلس عاملہ کے بھی رکن رہ چکے ہیں۔

دوسرے امیدوار مسٹر آصف علی ہیں۔

لیکن ان دونوں حضرات میں سے کسی ایک کا امیدوار ہونا درحقیقت مسٹر جناح کی پارٹی کی تائید پر منحصر ہے جس امیدوار کو مسٹر جناح منظور کریں گے کانگریس کے اشتراک عمل کے بعد اس کی کامیابی یقینی تصور کی جاتی ہے۔

دوسری طرف سر غلام حسین ہدایت اللہ اور مولوی سر محمد یعقوب کے بھی کھڑے ہونے کی افواہ ہے۔ ... تاہم ان دونوں حضرات کی توقعات کا دارومدار حکومت کی تائید پر ہے۔ ... سر غلام حسین ہدایت اللہ غالباً کھڑے رہیں۔

سر عبدالرحیم کا نام بھی ایک حلقہ میں لیا جاتا ہے ... صورت میں ہے جب کہ مسٹر جناح اور کانگریس پارٹی میں ... مفاہمت نہ ہو سکے۔

اس سلسلہ میں سر عبدالمتین چودھری کا نام خصوصیت سے قابل ذکر ہے جنہوں نے گزشتہ چند سالوں میں بحیثیت ڈپٹی پریزیڈنٹ ... کے ساتھ کام کیا ہے اور تقریباً آخری نصف اجلاس کی ... صدارت کی ہے بہرحال ان کی امیدواری بھی مسٹر جناح کی مرضی پر ہی منحصر رہے گی۔

## جدید معاہدہ کی شرائط یک طرفہ ہیں

### مسٹر جمال محمد کا بیان

مدراس مسٹر جمال محمد نے برطانیہ کے ساتھ جدید معاہدہ کے متعلق ...

... اس قسم کی شرائط سے ہندوستانی صنعتوں کی ترقی میں زبردست رکاوٹ پڑے گی۔ یہی نہیں بلکہ معاہدہ نے حکومت ہند کی آزادی پر سخت پابندیاں لگا دی ہیں۔ وہ اب ایسے بہت سے کام نہیں کر سکتی جو ہندوستان کے مفاد کے لئے ضروری ہیں۔

## نماز کے اوقات میں باجہ کی ممانعت

### حکومت نظام کی مقررہ کمیٹی کا فیصلہ

حیدرآباد دکن ۱۵؍ جنوری۔ یہاں مسجدوں کے سامنے باجہ بجانے کے متعلق ضابطہ کی پڑتال کرنے کی غرض سے نواب ذوالقدر جنگ سکرٹری محکمہ تعلیم، جسٹس راجہ بہادر گری راؤ، مسٹر جے۔ اے۔ آرم سٹرانگ ڈائرکٹر جنرل ضلع پولیس، نواب اختر یار جنگ سکرٹری محکمہ انتظام مذہبی، راجہ بہادر ونکٹا راما ریڈی اور دو دیگر اصحاب پر مشتمل ایک کمیٹی مقرر کی گئی تھی ان کی سفارشات پر حکومت نے جو فیصلے کئے ہیں ان کو محکمہ مذہبی کی طرف سے ایک گشتی چٹھی کی شکل میں شائع کیا گیا ہے۔ اس گشتی چٹھی یعنی سرکلر میں نماز کے مقررہ اوقات کی وضاحت کی گئی ہے اور حکم دیا گیا ہے کہ ان اوقات میں مسجدوں یا احاطوں سے جہاں نماز پڑھی جاتی ہے ایک سو فٹ کے اندر ہر قسم کے باجے بجانے گانے کا شور کرنے کی سخت ممانعت ہے اسی طرح مرکزی مقامات میں واقع مسجدوں کے پاس باجہ وغیرہ بجانا ممنوع ہوگا۔ لیکن جہاں دیگر مذاہب کے مندروں یا عبادت گاہوں کے درمیان یا ان سے گھرے ہوئے مقامات پر مسجدیں بنی ہوئی ہیں وہاں یہ فاصلہ کی شرط عائد نہ ہوگی لیکن نماز کے اوقات میں کوئی باجہ وغیرہ بجایا جا سکے گا۔ جو شخص یا اشخاص ان احکام کی خلاف ورزی کریں گے ان کو سزائے قید یا جرمانہ یا دونوں ہو سکیں گی جو ایک ماہ قید محض یا دو سو روپیہ جرمانہ تک ہوگی۔

اس گشتی چٹھی میں اس بات کا اعادہ کیا گیا ہے کہ حکومت کی پالیسی بدستور مذہبی رسوم کی ادائیگی میں عدم مداخلت کی ہے۔ حکومت نہیں چاہتی کہ کسی بھی مذہب کے لوگوں کے احساس کو ٹھیس پہنچے اس لئے وہ اس کے لئے مناسب روک تھام کرنے کے لئے کوشاں ہے۔ نیز یہ لکھا ہے کہ حکومت کو ان احکام کے جاری کرنے کی ضرورت اس لئے ہوئی ہے کہ موجودہ وقت میں ہر جگہ اس کے متعلق علیحدہ علیحدہ رواج جاری تھے ان کو یکساں کر دینا مناسب ہے۔

## بندے ماترم اور ترنگا جھنڈہ کی مخالفت

### حکام کو حکومت بمبئی کی ہدایات

ناگپور ۱۷؍ جنوری۔ بیان کیا جاتا ہے کہ حکومت بمبئی نے مغربی علاقہ کے افسران اعلیٰ کو ”بندے ماترم“ کے ترانہ اور کانگریس کے ترنگے جھنڈے کے متعلق خاص ہدایات روانہ کی ہیں۔ اور لکھا ہے کہ یہ دونوں چیزیں صرف ہندوؤں سے تعلق رکھتی ہیں۔ اس لئے ان کی فرقہ وارانہ اسباب کی بنا پر مخالفت کی جائے۔ اور اگر کسی مجلس میں بندے ماترم کا ترانہ گایا جائے تو سرکاری ملازموں کو وہاں سے اٹھ کر آ جانا چاہئے۔ کیونکہ یہ گیت برطانیہ کے قومی ترانہ کے خلاف تیار کیا گیا ہے۔ اسی طرح کانگریس جھنڈا بھی یونین جیک سے دشمنی ظاہر کرتا ہے۔

# دہلی اور اجمیر کا مقیاس الحرارت درجہ انجماد سے بھی نیچے گر گیا

## پنجاب، بمبئی اور کابل میں قیامت خیز سردی

### جے پور میں زلزلہ۔ مٹکے اور برتنوں میں پانی جم گیا

دہلی ۱۶؍ جنوری۔ آج دہلی میں پورے سات سال کے بعد اتنی سخت سردی پڑی کہ درجہ حرارت ۱۰ اسٹک گر گیا۔ صرف ۱۹۲۹ء میں ایسی سردی پڑی تھی رات کے وقت درجہ حرارت میں اور کمی واقع ہو گئی۔

اجمیر میں ایک انچ گہری کہر پڑنے کی اطلاع آئی ہے۔ پانی کے تالابوں کی بالائی سطح برف کی مانند سخت بن گئی تھی۔ ٹمپریچر درجہ انجماد سے بھی نیچے تھا۔

گزشتہ شب بارہ بجے کے قریب جے پور میں زلزلہ کا خفیف جھٹکا محسوس ہوا اور گڑگڑاہٹ کی آواز بھی آئی۔ بعض عمارتوں میں ایسی گڑگڑاہٹ کی آواز پیدا ہوئی کہ بڑھ دس کے آدمی خوف زدہ ہو کر اپنی محبوب ترین ... سردی ہی کے اندر باہر نکل آئے۔ زلزلہ کا جھٹکا صرف چند سکنڈ باقی رہا۔

بمبئی میں آج اس قدر سردی تھی کہ تمام پچھلا ریکارڈ مات ہو گیا۔ آج درجہ حرارت ۵۳ تھا۔

ماہرین موسم کا خیال ہے کہ ابھی دو دن تک سخت سردی پڑے گی۔ اس کے بعد سردی کا زور کم ہونا شروع ہوگا۔

کابل سے ایک اطلاع مظہر ہے کہ وہاں درجہ انجماد سے ۲۰ درجے نیچے کہر پڑ رہی ہے تمام راستے بند ہو چکے ہیں۔ اور تمام پہاڑ برف کی سلیاں بنے ہوئے ہیں۔

شمالی ہند میں دیگر مقامات کی طرح لاہور میں بھی غضب کی سردی پڑ رہی ہے۔ کم از کم درجہ حرارت درجہ انجماد سے بھی نیچے پہنچ گیا ہے یعنی پارہ اس درجہ سے بھی نیچے گر گیا ہے جس پر کہ پانی برف کی صورت میں تبدیل ہو جاتا ہے۔ چنانچہ گھروں میں برتنوں اور مٹکوں کا پانی برف کی سلیوں میں تبدیل ہو گیا ہے۔

شہر میں نمونیہ کا زور ہے۔ تمام بازاروں اور گلیوں میں ڈھنڈھورے کے ذریعہ اعلان کیا گیا ہے کہ پبلک کو گرم کپڑوں کا ہر وقت استعمال کرنا چاہئے۔ اور گھروں کو گرم رکھنا چاہئے۔

## تین سپاہیوں کے خلاف توہین کا مقدمہ

### عدالت سے جرمانہ کی سزا

دہلی ۱۲؍ جنوری۔ اکبر علی نے ایک دیوانی دعویٰ ایک سب انسپکٹر پولیس، دو ہیڈ کانسٹیبل اور ایک کانسٹیبل کے خلاف چھ سو روپیہ ہرجانہ مطالبہ کے لئے کیا تھا۔

عدالت نے سب انسپکٹر پولیس کے متعلق حکم دیا ہے کہ اس کے خلاف کافی شہادت نہیں اس لئے اس پر خرچہ مقدمہ بھی نہیں ڈالا گیا ہے۔ باقی تمام پر پچیس پچیس روپیہ ہرجانہ اور خرچہ مدعی بحصہ رسد ڈالا جاتا ہے۔ مقدمہ ۱۹۳۳ء سے چل رہا تھا۔ معلوم ہوا ہے کہ مقدمہ کی خرچہ کی رقم بھی کئی سو روپیہ ہے۔

بنائے مقدمہ یہ تھا کہ اکبر علی کے مکان پر سپاہیوں نے اس کو اکبرا بدمعاش کہا۔

## دس طوائفوں پر جرمانہ

### ممنوعہ علاقہ میں رہنے کی پاداش

دہلی ۱۵؍ جنوری۔ رائے بہادر ڈاکٹر مہر رام اور خان صاحب ذوالفقار حسین فاضل مقبل پر مشتمل آنریری سپیشل بنچ نے آج حسب ذیل طوائفوں پر علاقہ ممنوعہ میں آباد رہنے کے جرمانہ کئے:-

مسماۃ بھالو۔ کچھو، راجکماری، لاڈو، درگا پر پچاس پچاس روپیہ جرمانہ ... مسماۃ چندو ... ایک ایک ہفتہ قید محض۔ ... طوائف جرمانہ ادا نہ کر سکیں اس لئے گرفتار ہو گئیں۔

## صدر کانگریس کو ایڈریس

ڈسٹرکٹ کانگریس کمیٹی کے جنرل سکرٹری اطلاع دیتے ہیں کہ بابو راجندر پرشاد کو دہلی شہر کی طرف سے ایڈریس دینے کے لئے ایک عظیم الشان جلسہ ۲۰؍ جنوری بروز اتوار بوقت ۲ بجے دوپہر منعقد ہوگا۔ جلسہ گاہ میں ڈائس اور لاؤڈ اسپیکر نصب کیا جائیگا۔ تمام کانگریسی ایم ایل اے اور ورکنگ کمیٹی کے ممبر جلسہ میں شرکت کریں گے۔

## ہندوستان میں شدت کی سردی

### کنوئیں جم گئے۔ مویشی ہلاک ہو گئے

دہلی میں کل سے ایسی شدید سردی پڑ رہی ہے کہ آج تک کبھی نہیں پڑی تھی۔ گزشتہ ہفتہ میں سردی کم ہو چکی تھی جس سے اندازہ کیا جاتا تھا کہ شاید اب نہ پڑے لیکن اتوار کی شب ہی سے یکایک پارہ نیچے آ گیا اور گرد و نواح میں انجماد کی نوبت آ گئی۔

گزشتہ دو شنبہ و سہ شنبہ کی درمیانی شب میں پارہ حرارت ۲ ڈگری سے بھی نیچے آ گیا تھا کل اور پرسوں کم سے کم ۳ تک تھا۔

آج سہ شنبہ کی صبح کو بھی سردی کے ساتھ ساتھ ہوا بھی تھی چنانچہ تقریباً ۱۱ بجے تک شہر کی سڑکیں سنسان تھیں اور جب دھوپ اچھی طرح پڑی تو لوگ نکلے۔

راجپوتانہ کی خبروں سے معلوم ہوتا ہے کہ وہاں کنوئیں تک جم گئے۔ سندھ سے بھی اسی قسم کی اطلاعات آئی ہیں کہ وہاں گھروں کے پانی جم گئے اور بہت سے مویشی سردی کی نذر ہو گئے۔

## دو سال کے اندر ہی ہندوستان ہاتھ سے نکل جائیگا

### سر مائیکل اوڈوائر کی پریشانی

لندن ۱۵؍ جنوری۔ سر مائیکل اوڈوائر نے انڈیا ڈیفنس لیگ (دفاع ہند) کے زیر انتظام ایک جلسہ میں جو کنگسٹن میں وائٹ ہنگری کے مقام پر منعقد ہوا تھا۔ تقریر کرتے ہوئے کہا کہ مسٹر بالڈون نے تو یہ کہا ہے کہ اگر وائٹ پیپر کی تجاویز منظور نہ کی گئیں تو ہندوستان دو نسلوں کے اندر برطانیہ کے قبضہ سے نکل جائے گا۔ لیکن میں یہ کہتا ہوں کہ اگر وائٹ پیپر کی سفارشات منظور کر لی گئیں تو ہم ہندوستان کو دو سال کے اندر ہی ہاتھوں سے کھو بیٹھیں گے۔

## ایک مفرور ٹیررسٹ کی ہلاکت خیزیاں

### مجسٹریٹ پر حملہ۔ دو افراد گولی کا نشانہ

الہ آباد ۱۷؍ جنوری۔ آج کل الہ آباد کی پولیس یوتی نام کے ایک مفرور کی تلاش میں مصروف ہے پولیس کو ڈاکہ کے ایک مقدمہ میں اس کی ضرورت ہے۔

میرٹھ کی ایک اطلاع مظہر ہے کہ اس نے دو افراد کو بندوق کا نشانہ بنایا اور ایک مجسٹریٹ کا تعاقب کیا اور جب وہ مجروح ہو گئے تب اس کو چھوڑ دیا۔

یہ واقعہ قصبہ ... ضلع میرٹھ کا بتایا جاتا ہے۔ اس واقعہ سے معلوم ہوتے ہی ایک پارٹی مفرور کے تعاقب میں ... لیکن مفرور نے ... کو گولی کا نشانہ بنا دیا۔

اس کے بعد ... آنریری مجسٹریٹ نے اس کی گرفتاری کے لئے ایک تدبیر سوچی۔ یوتی خود ان کے مکان پر ... بندوق سے فیر کئے جس سے وہ مجروح ہو گئے۔ پولیس کے پہونچنے سے قبل یوتی اور اس کے ساتھی بھاگ گئے۔

## ہنگری کے ۲۰ ہزار باشندوں کی جلاوطنی

بلگریڈ ۱۵؍ جنوری۔ یوگوسلاویہ میں ہنگری کے ۲۰ ہزار باشندے کافی عرصہ سے مقیم ہیں جو وہاں بطور شہری آرام کی زندگی بسر کر رہے تھے لیکن شاہ یوگوسلاویہ کے قتل کی سازش اور حکومت ہنگری کے ... ہنگری کے تمام باشندے ... کی بغاوتیں بھی ... جائیں گی۔

## دار الحکومت

### دہلی میں صدر کانگریس کا شاندار جلوس

#### سڑکوں پر دروازے۔ دوکانیں آراستہ

کانگریس کے صدر بابو راجندر پرشاد آج صبح دس بجے اسٹینڈرڈ ٹائم سے دہلی پہنچے۔ اسٹیشن پر مقامی کانگریسی کارکنوں اور لیڈروں کا کثیر مجمع تھا۔ جس وقت پلیٹ فارم پر پہنچے ہیں مجمع نے بندے ماترم کے نعروں سے خیر مقدم کیا۔ راجندر بابو کے ساتھ ڈاکٹر سید محمود صاحب سکرٹری آل انڈیا کانگریس کمیٹی بھی تھے۔

باوجود سخت انتظام کے پلیٹ فارم پر اس قدر کشمکش ہوئی کہ راجندر بابو کو باہر لانا دشوار ہو گیا۔

اسٹیشن کے باہر بھی لوگوں کا مجمع تھا۔ گاڑی بھی پھولوں سے آرائش کے ساتھ کھڑی ہوئی تھی خواتین کی بہت بڑی تعداد مجمع میں خصوصیت سے نمایاں تھی اور حق یہ ہے کہ انتظامات میں کامیابی انہی کا حصہ تھا۔

جلوس اسٹیشن سے کلاتھ مارکیٹ کے سامنے سے ہو کر کھاری باؤلی گیا اور مسجد فتحپوری ... کے راستہ سے کٹرہ ... ہوتے ہوئے چاندنی چوک آیا۔ آگے آگے خواتین کا دستہ تھا۔ اس کے بعد راجندر بابو کی سواری تھی۔ چاندنی چوک، کھاری باؤلی ... بہت سی دوکانیں آراستہ تھیں جگہ جگہ دروازے بھی بنائے گئے تھے۔

## رام پرتاب کے مقدمہ قتل کی سماعت

### گواہ استغاثہ پر ملزم کی جرح

دہلی ۱۸؍ جنوری کل سید اعجاز حسین شاہ مجسٹریٹ درجہ اول کے اجلاس میں پرتاب چند کے قتل کا مقدمہ پھر پیش ہوا۔ عبدالستار، عبدالغفور، روشن دین ملزمان موجود تھے۔

گنگا سنگھ نے عبدالستار کی جرح پر کہا کہ سیاہ بکس جو کمرہ میں رکھا تھا ... آج کہاں ہیں ... پولیس ٹیلیگراف ... سٹیشن پر ٹھہرا ... سے میں بھی ... مقدمہ ... ملتوی ہوا۔

بابو گلال چند کے قتل کا مقدمہ آج پیش ہوگا۔

## خالدہ ادیب خانم کا دوسرا لیکچر

نئی دہلی ۱۸؍ جنوری۔ خالدہ ادیب خانم کا دوسرا لیکچر ... ۱۹؍ جنوری کی شب کو ہوگا ... صدارت ... تیسرے لیکچر کے لئے مولانا ابوالکلام صدارت فرمائیں گے۔ ... علامہ سید سلیمان صاحب ندوی کو صدر مقرر کیا گیا ہے۔ باقی کے تین لیکچروں کی صدارت کے فرائض سر وجنی نائیڈو، مولانا شوکت علی اور سر تیج بہادر سپرو انجام دیں گے۔ آٹھویں لیکچر کی صدارت کے لئے سر راس مسعود منتخب کئے گئے ہیں ... پھر اس لیکچر کی صدارت مسٹر جناح فرمائیں گے۔

## دہلی کے قریب ایک سنگدلانہ قتل

دہلی ۱۷؍ جنوری۔ ... کے ذریعہ سے اطلاع موصول ہوئی ہے کہ ... نامی ایک جاٹ دیہاتیوں کے باہمی جھگڑے میں مارا گیا۔ بیان کیا جاتا ہے کہ ایک مشترکہ بل کے اوپر فریقین میں زبردست جھگڑا ہو گیا جس میں ... مر گیا۔ اس قتل سے قریب دو جنوری کے دیہات میں سنسنی پھیلی ہوئی ہے۔

# علاقہ سار کے متعلق رائے دہی کے نتیجہ کا سرکاری اعلان

## ۵ لاکھ ووٹوں میں نوے فی صدی ووٹ جرمنی کو ملے

### یورپ کی تاریخ میں اہم ترین واقعہ۔ جمعیۃ اقوام کی کمیٹی جرمنی کے حق میں

علاقہ سار کے متعلق جو رائے دہی اور استصواب عامہ ۱۳ جنوری کو ہوا تھا اس کے نتیجہ کا اعلان کل شائع کر دیا گیا جو تمام سار ... استصواب عامہ کا نتیجہ حسب ذیل ہے۔ جرمنی کے حق میں ۴۷۷۱۱۹ ووٹ۔ فرانس کے حق میں ۲۰۸۳ + موجودہ نظام ... ۹۰ فی صدی اشخاص نے سار کے جرمنی کے ساتھ الحاق کی تائید کی۔ کل رائے دہندوں کی تعداد پانچ لاکھ ۲۸ ہزار ہے ... جرمنی میں سار کی واپسی پر انتہائی خوشی کا اظہار کیا جا رہا ہے۔ اس سلسلہ میں یہ امر قابل ذکر ہے کہ سار کی ... جمعیۃ اقوام کے اختیار میں ہے جس کے سامنے استصواب عامہ کے نتائج اور اس کے مستقبل کے متعلق دیگر ضروری حالات بہت ... اقوام فیصلہ میں تاخیر نہیں کرے گی ورنہ بین الاقوامی پیچیدگیاں پیدا ہونے کا امکان ہے۔ سار کے واپس ملتے ہی ... فرانس کے کوئلہ کی کانوں کے متعلق فیصلہ کیا جائے گا۔

... کے دوران میں ایک شخص جو کمیونسٹ خیال کیا جاتا ہے سار لوئیس میں گرفتار کیا گیا اور اس کے قبضہ سے ... برآمد ہوا۔ ایک پولنگ اسٹیشن میں ایک عورت ہلاک ہو گئی۔

... علاقہ سار جرمنی اور فرانس کے درمیان واقع ہے اور اپنی زرخیزی اور معدنی کانوں کے لئے مشہور ہے۔ جنگ یورپ ... کانیں برباد کر دی تھیں اس لئے جنگ کے بعد معاہدہ ورسیلز کے وقت فرانس اس علاقہ سار کو معاوضہ میں لینا ... کسی طرح رضامند نہ تھا بالآخر صدر امریکہ کی تحریک پر یہ فیصلہ کیا گیا کہ ۱۵ سال تک یہ علاقہ جمعیۃ اقوام کے ماتحت ... فائدہ اٹھائے اور بعد میں اس علاقہ کے باشندوں سے دریافت کیا جائے کہ وہ کس کے ساتھ ملحق ہونا چاہتے ... استصواب عامہ کیا گیا جس کا نتیجہ جرمنی کے حق میں نکلا۔

... اطلاع ہے کہ جمعیۃ اقوام کی سار کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا اور فیصلہ کیا گیا کہ یہ کمیٹی اصولاً علاقہ سار کے جرمنی کو واپس دیئے ... یہ تجویز جمعیۃ اقوام کے اجلاس میں پیش کی جائے گی۔

# آفریدی علاقوں میں حکومت سڑکیں تعمیر کرے گی

## قندہاری مہمند قبائل کے متعدد افراد کی گرفتاری

### آفریدی جرگہ سے گورنر سرحد کی ملاقات

پشاور ... جنوری۔ معلوم ہوا ہے کہ آفریدی جرگہ ... اور اقتصادی تعمیر ... ان کی امداد کرے۔ چند روز ہوئے آفریدیوں کے نمائندوں نے مقامی حکومت کے نمائندوں سے ملاقات کی ... اور ان کے سامنے اپنی مشکلات رکھتے ہوئے درخواست کی تھی کہ سلسلہ رسل و رسائل کے قیام میں حکومت ان کی امداد کرے۔ اس کے مطابق ... جنوری کو پشاور میں ایک جرگہ منعقد ہوا۔ معلوم ہوا ہے کہ گورنر صوبہ سرحد نے آفریدیوں کو یقین دلایا تھا کہ وہ ان کی مشکلات کو معلوم کر کے بہت متاثر ہوئے ہیں اور ان کو خوشی ہے کہ آفریدیوں کے ساتھ حکومت کے دوستانہ تعلقات پیدا ہو رہے ہیں۔ آفریدی علاقوں میں سڑکوں کی تعمیر اسی ملاقات کا نتیجہ ہے۔

معلوم ہوا ہے کہ صافی اتمان خیل اور قندہاری مہمند قبائل کے متعدد آدمیوں کی گرفتاری سے پشاور میں سخت سنسنی پھیل گئی ہے۔ یہ گرفتاریاں بعض باغیوں کو پناہ دینے کے الزام میں عمل میں لائی گئی ہیں۔ پولیس نے حال ہی میں حاجی ... کی گرفتاری کے لئے تین ہزار اور اس کے دو ہمراہیوں کی گرفتاری کے لئے دو دو ہزار روپے کے انعامات کا اعلان کیا تھا۔

## روسی افسر کے قتل میں ٹراٹسکی کا ہاتھ

### حکومت روس کا اعلان

ماسکو ۱۵ جنوری۔ گورنمنٹ روس نے ایک وائٹ بک شائع کی ہے جس میں لینن گراڈ میں بغاوت کا پورا حال درج ہے۔ اس میں کروف جو سٹیلن کا ایک معتمد افسر تھا کے قتل اور بعد کی گرفتاریوں کا الزام ایک گروپ پر ہے جسے لینن گراڈ سنٹر کا نام دیا گیا ہے۔ ... گورنمنٹ کا کہنا ہے کہ اس تمام تحریک کا بانی ٹراٹسکی ہے اور اس کے لئے اس نے زر نقد ... اس تحریک کا مقصد سٹیلن کی گورنمنٹ کو تہ و بالا کرنا اور ٹراٹسکی کو واپس لانا ہے۔ گورنمنٹ کا بیان ہے کہ سٹیلن کو تمام روس سے اس مطلب کے ... تار موصول ہوئے ہیں کہ دونوں ایجنٹوں کو پھانسی پر چڑھا دیا جاوے۔

## ریلوے ڈپو میں مزدور ہڑتال

### بارہ اشخاص کی گرفتاری

کراچی ۱۵ جنوری۔ نئے بھرتی کئے ہوئے مزدوروں پر پرانے مزدوروں نے ... حملے کئے تھے جن کی وجہ سے پولیس نے بارہ آدمیوں کو گرفتار کر لیا ہے۔ بیان کیا جاتا ہے کہ ریلوے ڈپو میں جو مزدور ملازم ہیں انہوں نے ٹھیکہ داروں کے اس رویہ کے خلاف شکایت کی ہے کہ وہ صرف ان دنوں کی اجرت دیتے ہیں جن دنوں میں کام کیا جاتا ہے چھٹیوں کے دنوں کی اجرت نہیں ملتی ہے۔ چونکہ مزدوروں کا مالکان سے سمجھوتہ نہ ہو سکا انہوں نے کام بند کر دیا۔ لیکن جب انہوں نے وفادار مزدوروں پر حملہ کیا تو حالات نے نازک صورت اختیار کر لی۔

## پنجاب میں لڑکیاں فروخت کرنے والا گروہ

### مسلمانوں پر الزام لگانے والے غور کریں

امرتسر ۱۵ جنوری۔ ... امرتسر سے صرف چار میل کے فاصلہ پر ہے ... پولیس نے ... جیون سنگھ ... کو گرفتار کیا ہے۔ بیان کیا جاتا ہے کہ ان کے قبضہ میں تین لڑکیاں ... ان میں سے ایک لڑکی کو جیون سنگھ ... فروخت کیا ہے۔ ابھی تک یہ معلوم نہیں ہوا کہ لڑکیاں کس جگہ سے لائی گئیں ہیں۔ پولیس تفتیش کر رہی ہے۔

## اسمبلی میں مولانا شوکت علی کی روش

### مسٹر جناح کی پیروی کا اعلان

بمبئی ۱۵ جنوری۔ معلوم ہوا ہے کہ بمبئی میں مسلمانوں کے ایک جلسہ میں مولانا شوکت علی صاحب نے یہ اعلان کیا کہ اسمبلی میں وہ مسٹر جناح کی رہنمائی میں کام کریں گے آپ نے مسلمانوں کو یقین دلایا کہ ... مسلمانوں کو اسمبلی میں متحد کرنے میں ... اظہار کیا گیا۔

## عورتوں کو منتخب ہونے کا حق دیا جائے

لندن ۱۵ جنوری۔ ...

## کپورتھلہ اور پٹیالہ میں انگریز وزیر اعظم

دہلی ۱۵ جنوری۔ ایک تازہ اطلاع سے معلوم ہوتا ہے کہ ریاست پٹیالہ کے موجودہ چیف منسٹر نواب سر لیاقت حیات خاں ... رخصت ...

## سید عطاء اللہ شاہ بخاری کا مقدمہ

### انتقال مقدمہ کیلئے درخواست

گورداسپور ۱۵ جنوری۔ کل حضرت مولانا سید عطاء اللہ شاہ صاحب بخاری، امیر شریعت پنجاب و صدر احرار تبلیغ کانفرنس قادیان کے مقدمہ کی تاریخ پیشی تھی حضرت مولانا کی طرف سے مولوی مظہر علی صاحب اظہر بیرسٹر ایم۔ ایل۔ سی لاہور، شریف حسین خاں وکیل گورداسپور، شیخ چراغ الدین صاحب ایڈووکیٹ گورداسپور و دیگر وکلاء صاحبان پیروی مقدمہ کے لئے موجود تھے۔

... طرف سے سرکاری وکیل اور ایک مرزائی موجود تھا۔ وکیل صفائی نے عدالت کو بتایا کہ وہ انتقال مقدمہ کے لئے ہائیکورٹ میں درخواست دینا چاہتے ہیں، اس لئے کارروائی مقدمہ تا فیصلہ درخواست انتقال ملتوی کی جائے۔ چنانچہ عدالت نے مقدمہ ۵ جنوری تک ملتوی کر دیا۔

## مسلم خواتین کو سینما نہ دیکھنا چاہئے

### دار الخواتین کے جلسہ میں مسز لطیفی کا خطبہ

امرتسر ۱۴ جنوری۔ کل مسز لطیفی کی زیر صدارت ... ہال میں انجمن دار الخواتین کا عظیم الشان سالانہ جلسہ منعقد ہوا تلاوت قرآن مجید سے کارروائی شروع ہوئی ... اور انجمن کے اغراض و مقاصد پر شرح و بسط بیان فرمائے۔

مسز لطیفی نے صدارتی خطبہ ارشاد فرماتے ہوئے مسلمان لڑکیوں کو تعلیم اور بالخصوص صنعتی تعلیم دلانے کی خاص تاکید کی۔ آپ نے فرمایا کہ عورتوں کو سینما کے کھیل تماشے نہیں دیکھنے چاہئیں اس لئے کہ ان کا اخلاق پر برا اثر پڑتا ہے۔

## سیلاب میں سینکڑوں گاؤں زیر آب

... اسکوشیا صوبہ ... میں کثرت بارش کی وجہ سے ... گاؤں زیر آب ہو گئے ہیں اور ... ہو گئی ہیں ...

## صحرائے عراق کے زمین دوز نلوں کی تعمیر

### شاہ عراق نے پائپ لائن کا افتتاح کر دیا

... شاہ عراق (شاہ غازی) نے ان تیل کے ... عراق کے تیل کے چشموں کو بحر اعظم سے متصل ... پائپ لائن ... بین الاقوامی عراق پٹرولیم کمپنی کی نگرانی ... امریکہ، فرانس اور متحدہ حکومتوں کے مفاد ... لائن دس ہزار پونڈ کے خرچ سے ڈالی گئی ...

## سر عبد اللہ سہروردی اور گدھوالی کے بعد

### ... شیرازی اور جسٹس ہاشمی کے لیڈر کا انتقال

...

## تعلیم یافتہ بیکاروں کی قابل رحم حالت

### گیارہ اسامیوں کے لئے دو ہزار امیدوار

...

## افغان قیدی کے قاتل کو پھانسی دیدی گئی

...

مفت! مفت!! مفت!!!

گھر بیٹھے باقاعدہ تعلیم حاصل کر کے آیورویدک یونانی حکمت ہومیوپیتھک بایوکیمک کی سندات حاصل کرنے کا قاعدہ (قواعد) کارڈ ڈال کر مفت طلب کرو۔

پرنسپل ... میڈیکل کالج انبالہ شہر

... خضاب چھوڑ دو ...

... اسٹورس پوسٹ منشی ... مری (در بھنگہ)

## شائقین مرغ کیلئے نادر موقع

...

# قرآن پاک اور ایمان

کے مقابلہ میں دنیاوی لعل و جواہرات سنگریزے ہیں لیکن موجودہ غیر مطمئن فضا کو دیکھ کر اس کے سوائے چارہ نہیں کہ ہم حلفیہ اعلان کرتے ہیں

... واجب الوجود کو درمیان میں ... یہ ... ادویات ... بے مثل ہیں ...

معجون اکسیر شباب ایک لاثانی چیز ہے۔ قوت باہ کے لئے اکسیر اعظم ہے۔ بس قدرت کا ایک کرشمہ ہے ...

طلائے اکسیر شباب ...

منیجر السیری دواخانہ قلعہ بجنور یو۔ پی۔ انڈیا

---

... ایک دو ذرہ گدھ کو تو صاحب کو ...

## ساحل سے ٹکرا کر جہاز غرقاب

### ۱۴ اشخاص مفقود ہیں

لندن ... اسکیلیس نامی ایک اسٹیم ٹرالر سمندر میں الٹ گیا۔ اور وہ ناہمبر کے قریب ڈوب گیا۔ گذشتہ رات کو جب یہ اقعہ پیش آیا تو یہ جہاز ساحل ... دو ہزار گز کے فاصلہ پر تھا۔ جہاز رانوں میں سے تین کو بچا لیا گیا۔ لیکن خیال کیا جاتا ہے کہ باقی چودہ دیگر جہاز ران لاپتہ ہیں۔ یہ جہاز تین ہفتہ کے سفر کے بعد کل ... واپس آیا تھا۔

کہا جاتا ہے کہ پہلے ساحل سے ٹکرانے کے بعد یہ جہاز گھوم کر غرق ہو گیا۔ فوراً ہی دیگر جہاز اس کی امداد کو پہونچے۔ لیکن دوسرے جہاز رانوں کا پتہ نہیں لگا۔

## دہلی کی ٹرمیوے لائن اٹھ جائے گی

### نئی موٹر لاریوں کی آزمائش

دہلی ... ٹرمیوے کمپنی نے بغیر لائن کے چلنے والی موٹر لاریوں کو چلا کر آزمائش کر لی ہے۔ عنقریب ... شہر کے درمیان ... شروع کر دی جائیں گی۔

یہ تین لاریاں ہیں اور ولایت سے خاص طور پر تیار کرا کر منگائی گئی ہیں۔ ان کی چھت عام موٹر لاریوں کی نسبت ذرا نیچی ہے۔ مگر لاریاں دیکھنے میں خوبصورت معلوم ہوتی ہیں۔ یہ ٹرمیوے کی طرح ٹرالی سے چلتی ہیں۔ ان میں پٹرول وغیرہ کی ضرورت نہ ہوگی۔ صرف بجلی سے چلا کریں گی۔ اگر یہ کامیاب رہیں تو موجودہ ٹرمیوے کی لائن اٹھا دی جائے گی۔ اور سارے ہی ایسی ہی لاریاں چلیں گی۔

### اعلان ضروری

آج ہی کی شائع کیا کوئی دوسری جگہ "قرآن پاک اور ایمان" کے عنوان سے ایک اشتہار نکلا ہے ... حقیقت ... چار چار روپیہ ... دولت اور صحت کو برباد کرنے والے احباب کو لازم ہے کہ وہ ... فائدہ اٹھائیں ... طلب کریں۔

السیری دواخانہ قلعہ بجنور ...

... ڈیڑھ ہزار روپے کی مالیت کے زیورات اور نقدی لے کر بھاگ گئے۔ بیان کیا جاتا ہے کہ چھ سات سکھ ڈاکو پستولوں، ٹوکوں اور چھویوں سے مسلح ہو کر موضع ... میں داخل ہو گئے اور ... اس کے بعد ڈاکو ... گلاب بھٹی کے مکان میں داخل ہو گئے ... مکان والوں کو ایک کمرے میں بند کر کے تمام زیورات اور نقدی جس کی مالیت دو ہزار کے قریب تھی لوٹ کر بھاگ گئے۔ جب ڈاکو بھاگ گئے تو پولیس کو اطلاع دی گئی۔ چنانچہ نواب زادہ ... خاں کو تفتیش پر لگایا گیا۔ اور انہوں نے چند دنوں میں ڈاکوؤں کو گرفتار کر لیا۔ اور لوٹ کا مال ان کے قبضہ سے برآمد کر لیا اس ڈاکہ کا سرغنہ ... سنگھ مفرور تھا اور اسے اشتہاری مجرم قرار دیا گیا تھا پولیس نے کانہ کاچھا سے گرفتار کر لیا ہے۔

## ہندوستان کے آخری بادشاہ بہادر شاہ

### مقبرہ کے متعلق تنازعہ۔ رسیور کا تقرر

رنگون ۱۴ جنوری۔ ہندوستان کے آخری مغل بادشاہ بہادر شاہ کے دو پوتوں پرنس مرزا تاجور شاہ اور پرنس مرزا ... الدین ... اور برما کے سرکردہ مسلم لیڈروں لطیف سعید علی ... اور حاجی ... اور سٹر ڈی اے مونالاسے بہادر شاہ کے مقبرہ کے متعلق ہائی کورٹ میں جو درخواست دائر کی تھی اس کا فیصلہ سناتے ہوئے پرنس سکندر بخت کی بجائے مقبرہ کا سرکاری رسیور منتظم مقرر کر دیا گیا ہے۔ شاہ بہادر شاہ کی موت ... نومبر ۱۸۶۲ء کو ہوئی۔ ملکہ زینت محل کی موت ۱۸۸۶ء میں ہوئی تھی اور ان دونوں کو ایک قطعہ زمین میں دفن کر دیا گیا تھا۔

پرنس سکندر بخت ان مقابر کے انچارج تھے۔ لیکن اب ان کی جگہ سرکاری رسیور مقرر کیا گیا ہے۔

## ایک مفرور ملزم نے دو اشخاص کو قتل کر دیا

میرٹھ ... ایک اطلاع مظہر ہے کہ ایک راجپوت مفرور ملزم ... پولیس سرکل باغپت میں واپس آگیا اور یہاں آکر اس نے جہابیر سنگھ ... کو دن دہاڑے قتل کر دیا ... کو زخمی کیا۔ ... اطلاع ملی ہے کہ اسی ڈاکو نے اسی شام کو یہاں پر تین مکانوں پر ڈاکہ ڈالا اور مفرور ہو گیا۔

## ایک برطانی انجنیر ہلاک ہو گیا

پشاور ... برطانی انجنیر مسٹر ... نوشہرہ ... کے قریب شدید حادثہ ...

حسب تجویز شیخ عبد الغنی قریشی سکرٹری مجلس احرار اسلام رہتک بروز جمعۃ الوداع ۲۶ ماہ رمضان المبارک مطابق ۴ جنوری ۱۹۳۵ء کو مسلمانان رہتک کا عظیم الشان جلسہ اور ذیل کے ریزولیوشن پاس کئے گئے۔

(۱) یہ جلسہ مسلمانان رہتک کا واقعہ جینید و حکام جینید کی متواتر عدم توجہی بے اعتنائی کو نہایت افسوس و حقارت کی نظر سے دیکھتا ہے جو باوجود بے شمار تار و خطوط کے اور دیگر ذرائع سے اطلاعات کی کہ جینید کے مسلمانوں پر مظالم ... کئے گئے مگر مظالم کا کوئی انسداد نہیں کیا گیا اور مسلمانان جینید کی کسی طرح بھی داد رسی نہیں کی گئی۔ آیندہ حافظ نعمت اللہ صاحب ... یہ جلسہ ... مہاراجہ صاحب جینید و گورنمنٹ ہند کی توجہ ان مظالم کی طرف دلا کر جو مسلمانان جینید کی دادرسی پر ... درخواست کرتا ہے کہ مظلومین جینید کی دادرسی کی جائے اور ان کے جائز حقوق پورے کئے جائیں۔

(سکرٹری مجلس احرار اسلام رہتک)

## مجلس احرار اسلام لدھیانہ کا سالانہ انتخاب

حضرت مولانا حبیب الرحمن صاحب صدر مجلس احرار اسلام ہند کے مکان پر مجلس انتظامیہ کا اجلاس زیر صدارت ماسٹر تاج الدین صاحب میونسپل کمشنر لدھیانہ منعقد ہوا جس میں مندرجہ ذیل عہدہ داران اور مجلس انتظامیہ کے ارکان کا انتخاب عمل میں آیا اور جس کا اعلان ایک عام جلسہ میں کیا گیا۔

(۱) جناب خان عزیز احمد خاں صاحب داؤد زئی جالندھری جلادطن ... صدر
(۲) میاں محمد حسن صاحب نائب صدر
(۳) چودھری ولی محمد صاحب سکرٹری
(۴) مولانا مفتی محمد یحییٰ صاحب فاضل دیوبند۔ خزانچی
(۵) غازی عبد الرحمن صاحب
(۶) خواجہ حاجی محمد اعظم صاحب رئیس و میونسپل کمشنر لدھیانہ
(۷) ابو طیب حضرت مولانا حبیب الرحمن صاحب صدر مجلس احرار اسلام ہند
(۸) ماسٹر تاج الدین صاحب میونسپل کمشنر لدھیانہ
(۹) مولانا محمد حسن صاحب فاضل دیوبند
(۱۰) مولانا عبد الواسع صاحب فاضل جامعہ ڈابھیل
(۱۱) مستری محمد صدیق صاحب۔

حضرت مولانا حبیب الرحمن صاحب صدر احرار اسلام ہند و چودھری ولی محمد صاحب سکرٹری احرار لدھیانہ کو مجلس احرار کے لئے منتخب کیا گیا

(ولی محمد سکرٹری احرار اسلام لدھیانہ)

## رئیس زمیندار کے گھر پر مسلح ڈاکہ

### تین ڈاکو گرفتار کر لئے گئے

لاہور ۱۴ جنوری۔ موضع مبارک پور ضلع شیخوپورہ کی ایک اطلاع مظہر ہے کہ وہاں کے ایک امیر زمیندار مسمی گلاب بھٹی کے مکان پر مسلح ڈاکو ڈاکہ ڈالا گیا اور ڈاکو ...

## قادیانی اخبار الدجل کی افترا پردازی

### مرزائیوں سے پچاس روپے جرمانہ وصول کیا گیا

ماہ مارچ ۱۹۳۴ء میں بمقام موچکو مرزائیوں کے ساتھ علمائے کرام کا فیصلہ کن مناظرہ ہوا تھا جس میں سات مرزائیوں نے اسلام قبول کیا تھا۔ قادیان کے مرزائی خلیفہ کے آرگن الفضل نے اعلان کیا تھا کہ اس مناظرہ کے نتیجہ میں ۵۲ آدمیوں نے مرزائیت اختیار کی ہے جریدہ شمس الاسلام میں مرزائیوں کے اس دجل کا تار و پود بکھیر گیا تھا مگر مرزائیوں نے ہر جگہ اپنے اخبار کی اطلاع کو شی آسمانی سمجھا۔ خوشاب کے مسلمانوں اور مرزائیوں میں بھی اسی بنا پر جھگڑا برپا ہوا۔ فریقین نے سیٹھ عبد الرسول صاحب میونسپل کمشنر خوشاب کو اپنا ثالث مقرر کیا۔ اور ہر فریق نے اپنا پچاس پچاس روپیہ بطور امانت جمع کرا دیا سیٹھ صاحب کو اختیار دیا گیا کہ وہ بعد تحقیق جس فریق کو سچا سمجھیں اس کے حق میں فیصلہ دیکر روپیہ بھی اس کے حوالے کر دیں۔

سیٹھ صاحب کے دنیوی مصالح مرزائیوں سے وابستہ تھے۔ مگر الحمد للہ کہ سیٹھ صاحب نے آخر کار ماہ اکتوبر ۱۹۳۴ء میں اپنا فیصلہ صادر فرمایا جو طبع ہو کر ہمارے پاس بھی پہنچا ہے سیٹھ صاحب نے کامل تحقیقات اور موچکو کے مرزائیوں کے حلفیہ بیانات لے کر فیصلہ کیا ہے کہ اخبار الفضل کا بیان سراسر افترا و کذب پر مبنی ہے اور اس طرح اس اخبار نے اپنے الدجل ہونے کا ثبوت بہم پہنچایا ہے سیٹھ صاحب کے فیصلہ کی بنا پر مسلمانوں نے مبلغ پچاس روپیہ مرزائیوں سے حاصل کر لیا ہے جو کسی کار خیر میں صرف ہوگا۔

خوشاب کے مرزائیوں کے دلوں پر اس رقم کے جانے کا گہرا اثر رہے گا اس سے پہلے مولوی ثناء اللہ صاحب امرتسری بمقام لدھیانہ مرزائیوں سے مبلغ تین صد روپیہ انعام وصول کر چکے ہیں امید ہے کہ آیندہ مرزائیوں کو کسی جگہ انعام کی شرط لگانے کا حوصلہ نہ ہوگا۔

(ظہور احمد بگوی۔ امیر حزب الانصار بھیرہ۔ پنجاب)

## مسلمانان رہتک کا عظیم الشان جلسہ

### مسلمانان جینید کے ساتھ اظہار ہمدردی

آج ... رمضان المبارک ... مطابق ... جنوری ۱۹۳۵ء کو مسلمانان رہتک کی بڑی بڑی مساجد میں ... ختم قرآن کے مظلومین ریاست جینید کی ہمدردی میں جناب مولانا مولوی قطب الدین صاحب خطیب امام مسجد کلاں، چودھری ستار احمد صاحب سابق میونسپل کمشنر و قاری محمد صدیق صاحب امام مسجد ... خلیفہ عزیز بخش صاحب مسجد صدر، جناب مولوی فیاض صاحب مسجد کوٹ۔ ان حضرات نے توجہ حاضرین مساجد کو دلائیں اور عجز و انکساری و گریہ و زاری کے ساتھ دعا ... اور مسلمانان جینید کے ساتھ ہمدردی کا اظہار کیا۔

# حضرت مولانا الحاج حافظ احمد سعید صاحب کی

# تقریر سیرت

حضرت سحبان الہند مولانا الحاج حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند کی وہ بصیرت افروز شریعت آموز تقریر جو ممدوح نے ... کے ... سیرت میں ارشاد فرمائی تھی اور جس کو بعد میں مزید تفصیل و تشریح کے ساتھ مرتب ... الجمعیۃ کے مسلسل ... کتابی شکل میں ادارہ الجمعیۃ کی جانب سے شائع کی جا رہی ہے اور اس کے ساتھ وہ آخری حصہ بھی شامل کر دیا ہے۔ جو الجمعیۃ میں درج نہ کیا جا سکا تھا ... یہ اندازہ ہو گیا ہو گا کہ رموز و معارف شریعت کا علم حاصل کرنے اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت مقدسہ کے متعلق ایک بے نظیر مجموعہ معلومات سے بہرہ اندوز ہونے کے لئے اس کتاب کی قدر و منزلت کیا ہو سکتی ہے ... حضرت مولانا کی یہ تقریر اپنی بے شمار خصوصیات کے اعتبار سے ایک عجیب و نادر مجموعہ ہے جو نہ صرف موجودہ دور میں بلکہ آیندہ نسلوں ... بھی یادگار رہیگا ... ہندوستان کے مختلف شہروں اور قصبوں میں ہزاروں لاکھوں مسلمان ایسے ہوں گے جو حضرت مولانا کے مواعظ سے مستفید ہو چکے ہیں ... حضرت مولانا کی تقریر سننے کا اتفاق ہو ... "تقریر سیرت" ... میں ارشاد فرمایا کرتے ہیں انداز بیان اور خوبی زبان کی تمام خصوصیتوں کے ساتھ مجتمع کر دئے گئے ہیں ... "تقریر سیرت" میں جو مضامین زیر بحث آئے ہیں ان کے بعض عنوانات بطور نمونہ درج ذیل کئے جاتے ہیں تاکہ کتاب کی ہمہ گیری و وسعت کا کچھ اندازہ ہو سکے۔

### مختصر فہرست مضامین


روحانی اور جسمانی تربیت۔ عالم بالا کی خدمات۔ مسلمانوں کے تیوہار۔ عید الضحیٰ اور عید الفطر۔ عالم سفلی کے مسنونات ...
سب سے پہلی یونٹی کانفرنس۔ فضل حق کا معاملہ۔ ہندوؤں اور مسلمانوں کا فرق۔ صلح حدیبیہ۔ عالم برزخ کے واقعات ...
حضرت رابعہ بصریہ کا واقعہ۔ حضرت ابراہیم بن ادہم۔ انبیاء اور حکماء کا فرق۔ اندھوں کا ہاتھی۔ نبی کریم کے مشاہدات ...
یوم میثاق کے ذو اقرار نامے۔ الست بربکم قالوا بلیٰ۔ تفاخر رب کی عمومیت۔ حضرت یوسف علیہ السلام کا حسن۔ معاہدہ دستور ...
پنجاب کا نوری فرقہ۔ رفاعہ کی بیوی کا قصہ۔ حلالہ کا حکم۔ جاہل پیروں سے سوال ...
مسلمین ... کے نوجوان۔ ترتیب قوانین۔ پیرہ کے ساتھ ظلم۔ قوانین اسلام کی ہمہ گیری۔ ...
سندھ کے پیر۔ پست اقوام پر اسلام کا احسان۔ رسم و رواج کی پابندی۔ معجزات کی بحث ...
سلب اختیار۔ توبہ کی مسرت کا تصور۔ اہل دل کا فقدان۔ مخلوق کی اقسام۔ گناہ کی صلاحیت ...
توہین انبیاء کے مجرم۔ انبیاء میں تفاوت۔ حضرت امام الحرمین کا واقعہ۔ حدیث سے استدلال۔ ذکر الہٰی موجب نجات ہے ...
حضرت لوط اور ابراہیم علیہما السلام۔ قوم لوط اور فرشتے۔ حضرت لوط اور فرشتے۔ حضرت لوط کی لغزش۔ حضرت لوط اور یوسف کی شرکت ...


پوری کتاب دو سو صفحات پر مشتمل ہے اور نہایت بہتر کتابت و طباعت کے ساتھ شائع کی جا رہی ہے۔ ... 

منیجر الجمعیۃ گلی قاسم جان دہلی

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

یداللہ علی الجماعۃ

تارکا پتہ: "الجمعیۃ دہلی"
ٹیلیفون نمبر ۵۰۳۲

# الجمعیۃ دہلی

سہ روزہ

مدیر مسئول: ہلال احمد زبیری (بی۔اے)
معاون: محمد عثمان فارقلیط

جلد ۲۱ | دہلی۔ یوم پنجشنبہ ۱۸ شوال المکرم ۱۳۵۳ ہجری۔ مطابق ۲۴ جنوری ۱۹۳۵ء | نمبر ۶

## رواج عام اور شرعی قانون میں تصادم

### "مسلمان رواج کو چھوڑ کر اسلامی قانون اختیار نہیں کرسکتے"

### لاہور ہائی کورٹ کا ایک تازہ فیصلہ

ذیل میں معاصر "قانون" سے لاہور ہائی کورٹ کا ایک تازہ فیصلہ درج کیا جاتا ہے جس میں شرعی قانون کے مقابلہ میں رواج کو ترجیح دی گئی ہے۔

(باقی صفحہ ۲ پر ملاحظہ فرمایئے)

## معاصرین کے افکار و آراء

### ۱۹۳۳ء کا ہندوستان

حکومت ہند کے پبلسٹی ڈپارٹمنٹ نے گزشتہ ہفتے "ہندوستان ۱۹۳۳ء" میں شائع کی ہے۔

### خواتین کانفرنس

اس سال کراچی میں ۲۹ دسمبر کو کل ہند خواتین کانفرنس کے جلسے منعقد ہوئے۔

### آفریدی علاقہ میں سڑک

### عہد اور محاسبہ

## پادری کی لڑکی کا قبول اسلام

اسپین کے ایک جلیل القدر پادری کی لڑکی نے جب اسلامی تعلیمات کا مطالعہ کیا اور مسلمانوں کے مذہب اور ان کے اعمال کو بغور دیکھا تو اس کے دل میں اسلام کی صداقت وحقانیت جاگزیں ہوگئی اور اس نے یہ فیصلہ کرلیا کہ حقیقتاً اسلام ہی وہ مذہب ہے جو دنیا اور آخرت میں نجات کا راستہ بتاتا ہے۔ ...

ملنے کا پتہ: مینیجر الجمعیۃ دہلی

Regd No. L 1793.

# The Aljamiat

Vol. XXI No. 5 DELHI SUNDAY 20th JANUARY 1935. PRICE ONE ANNA

نورانی قبر آن مجید

پادری کی لڑکی کا قبول اسلام
منیجر الجمعیۃ دہلی

## انجمن اصلاح المسلمین کا جلسہ

### عہدہ داروں کا انتخاب

## داخلہ دار المبلغین پاٹانالہ لکھنؤ

## جامعہ اسلامیہ ڈابھیل کا داخلہ شروع ہوگیا

### مشتاقان علوم نبویہ وفنون عربیہ جلد متوجہ ہوں

## دار العلوم عزیزیہ کا داخلہ

## مسلمانان ہند اور ریلوے کمپنیاں

### مسلمانوں پر ظلم اور امتیازی سلوک

اخبار الجمعیۃ
میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے

مجیب ... کے ... پر

خاص رعایت
حیات حافظ رحمت خاں
منیجر اخبار الجمعیۃ گلی قاسم جان دہلی

جنت و دوزخ
منیجر مکتبہ علمیہ گلی قاسم جان دہلی

حمائل شریف مترجم مع خلاصۃ التفاسیر
ملنے کا پتہ: منیجر اخبار الجمعیۃ گلی قاسم جان دہلی

مشہور ومعروف دو ترجمہ والا معتبر نامتوسط قرآن مجید مع کامل تفسیر
حیرت انگیز رعایتی اعلان
منیجر اخبار الجمعیۃ گلی قاسم جان دہلی

# اسلامی تاریخ کے چند اوراق پارینے

## اندلس میں امراء اسلام کی خانہ جنگیاں

### المعتمد اور یوسف بن تاشفین کا انتقال

### دشمن سے امداد طلب کرنے کا قدرتی نتیجہ

گزشتہ اشاعت میں لکھا جاچکا ہے کہ یوسف بن تاشفین کے فوجی افسر سیر بن ابی بکر نے اشبیلیہ پر حملہ کیا ...

المعتمد کی حالت زار

المعتمد کی ساحت ناگزیر

المعتمد کا انتقال

یوسف بن تاشفین کا انتقال

(باقی آئندہ)

المعتمد کی گرفتاری

## عصمت فروشوں کیلئے جبری نکاح کا قانون

### پارکوں میں منہ کالا کرنے والوں کیلئے سزائے "نکاح"

مقامات پر پہرا گشت کرنے لگتا ... پکڑ کر لے جائے گی ... حکم کے بعد خفیہ پولیس کا یہ کام ہوگیا ہے کہ وہ رات کو اس قسم کے مقامات کا گشت لگاتی ہے اور مخفی طور پر ایسے لوگوں کی نگرانی کرتی ہے اور ایسے نوجوان مردوں اور عورتوں کو جو با ہم ملاقات میں مشغول پائے جائیں گرفتار کرکے محکمۂ خاص میں لے جاتی ہے جہاں ان "عصمت فروشوں" کا زبردستی عقد کردیا جاتا ہے۔

## لاہور ہائی کورٹ کا ایک تازہ فیصلہ

(بسلسلۂ صفحہ اول)

... کونسل اپیلانٹ نے بمبئی صفحہ ۵۴۵ کا حوالہ دیتے ہوئے یہ بحث کی ہے کہ اگر عدالت کے فیصلے کی تائید کی گئی تو اس کے معنی یہ ہوں گے کہ رواج ناقابل اصلاح ہے اور اگر ایسا ہوا تو تمام معاشرتی ترقیاں رک جائیں گی ...

(باقی آئندہ)

# سرزمین ترکی میں مشرق اور مغرب کی آویزش

## سلاطین عثمان اور ترکی سلطنت کی داستان زوال

### علماء کے اثرات اور اجنبی امتیازات کی لعنت

ترکی خاتون کا شمالی ۹ ادیب خانم کا دوسرا لیکچر

#### علماء کا جمود

سلطنت عثمانیہ میں علماء کی اخلاقی قوت اور ان کا مذہبی اثر سلاطین کے استبداد کی روک تھام کے لئے مؤثر ذریعہ تھا۔ چنانچہ جہاں تک غیر مسلموں کا تعلق تھا یہ حربہ آخر تک کارگر رہا۔ لیکن سلطنت کی مسلمان آبادی کیلئے علماء کا وجود ترقی کی راہ میں سب سے بڑی رکاوٹ ثابت ہوا ...

#### عیسائی دنیا میں مذہب، وطن کا تخیل

قوموں کا عروج وزوال

سلطنت عثمانیہ کا آغاز زوال

سلیمان اعظم کی بعد تک کا منتقل

#### ترکی کی اقتصادی تباہ حالی

#### اجنبی امتیازات کی لعنت

... امتیازات کا سلسلہ چلا آتا تھا سلاطین عثمان اگر چاہتے تو بڑی آسانی سے رگ ان کو ختم کرسکتے تھے لیکن انہوں نے تجارتی مصلحت اور فراخ دلی کے خیال سے ان کو باقی رکھا۔ سلیمان اعظم نے بعض یورپی اقوام کو مراعات دیں ...

فوجوں کی ابتری

... چنانچہ فوج بے عنان ہوگئی اور سیاسیات میں دخل دینے لگی۔ آئے دن بغاوتیں ہوئیں اور سپاہ کے ہاتھوں سلاطین قتل ہوئے۔


## شائقین مرغ کیلئے نادر موقعہ

ہمارا مرغ خانہ عرصہ پانچ سال سے جاری ہے اور ہم نے زرکثیر صرف کرکے لاثانی نسلیں بلیک پلیئی، رہوڈ آئیلینڈ ریڈ، سفید لیگ ہارن، ... بہم پہنچائی ہیں ... حسب ذیل ہے۔

(نوٹ) ... المشتہر منیجر پانی پت پولٹری فارم پانی پت ضلع کرنال (پنجاب)

## سچا ہمدم و رہبر بے دام

پاک صاف خیالات پیدا کرکے جسمانی و روحانی صحت حاصل کرنے کیلئے دنیا میں سچی خوشی وسنتیاب کرنے کیلئے آپ بھی ایک کارڈ تحریر کرکے کتاب کام شاستر نقل مفت منگالیں۔

وید شاستری، جام نگر، کاٹھیاواڑ




# ہندوستان برافروختہ ہو کر بائیکاٹ پر آمادہ ہو جائیگا

## ذمہ داری میں زیادہ تاخیر نہ ہونی چاہئے

### حکومت برطانیہ کو سابق چیف کمشنر دہلی کا انتباہ

لندن ۱۸ جنوری: "ہمارا خیال ہے کہ پارلیمنٹ کے ووٹوں کے ذریعہ یا بالجبر کی قوت سے ہندوستان پر ہمارا قبضہ رہنے یا نہ رہنے کا دارومدار نہیں ہے، بلکہ اس کا انحصار باشندگان ہند کی بداعتقادی یا نیک اعتقادی پر ہے۔"

ان الفاظ میں برطانیہ اور ہندوستان کی یونین کے چیئرمین سر جان تھامپسن سابق چیف کمشنر دہلی نے اصلاحات ہندوستان کے متعلق اپنی تقریر براڈ کاسٹ پر فرمائی۔

اپنی تقریر کو جاری رکھتے ہوئے آپ نے فرمایا کہ سیاسی طور پر ہندوستان موجودہ تجاویز کو پسند نہیں کرتا۔ اور اس نے ان کو کم سے کم تسلیم کیا ہے۔ اگر کم سے کم میں سے بھی تخفیف کردی گئی تو اس سے موجودہ بداعتقادی میں اور بھی اضافہ ہو جائے گا۔ گو یہ بداعتقادی ایک قلیل طبقہ میں پیدا ہوئی ہے مگر وہ اقلیت ہے جو عوام کو اپنی طرف کھینچ سکتی ہے جس طرح کہ دماغ میں خیال تمام جسم کو اپنے مطابق کرلیتا ہے۔

مجوزہ فیڈرل گورنمنٹ کے بارے میں آپ نے فرمایا کہ غیر ذمہ دار برطانوی ہند فیڈریشن کے قیام سے موجودہ صورت حالات میں کوئی فرق واقع نہیں ہوگا۔ بلکہ سیاسی ہندوستان برافروختہ ہو جائے گا اور اس کا بائیکاٹ کرنے اور سد راہ ہونے پر کمربستہ ہو جائے گا۔ آزاد ہونے پر صوبجات نہ صرف ملک کے اندر ایجی ٹیشن بلکہ صوبجاتی کونسلوں کے ذریعہ ایجی ٹیشن کرینگے اور یہی نہیں بلکہ صوبجاتی حکومتیں بھی ایجی ٹیشن کریں گی۔ مرکزی حکومت کی موجودہ کمزوری میں اور اضافہ ہو جائیگا۔ غیر ذمہ دار حکومت صوبجات کے جھگڑوں، اسمبلی کی مخالفانہ اور غیر ذمہ دارانہ اکثریت، ایک کمزور اسٹیٹ ہال اور اس کے خود کے فیصلہ کے درمیان چکنا چور ہو جائے گی، خیال کیجئے کیا یہ موزوں ہے۔

ذمہ داری میں زیادہ دیر نہ لگنی چاہئے کیونکہ مال برطانیہ اور برطانوی تجارت کے خلاف بداعتقادی بڑھ رہی ہے۔

نیشنل پارٹی مسٹر غزنوی کی صدارت میں قائم ہوگئی اس کے علاوہ دو اور بھی گروپ ہوں گے۔ اس طرح نئی اسمبلی میں پانچ پارٹیاں ہوں گی۔

نئی دہلی ۱۹ جنوری: کل نئی دہلی میں لیجسلیٹو اسمبلی کے ممبروں کی میٹنگ اسمبلی میں انڈی پنڈنٹ پارٹی بنانے کی غرض سے ہوئی جس میں مسٹر جناح اور سر عبدالرحیم بھی شریک تھے۔

اسمبلی چیمبر میں تمام کانگریسی کھدر کی ٹوپیاں پہنیں گے اور ڈیڑھ روپیہ ماہانہ کانگریس کے فنڈ میں دیں گے۔

تحریک التوائے اجلاس کے حوالہ روز نوٹس دئے گئے ہیں ایک تو ہندوستان اور برطانیہ کے جدید معاہدہ کے بارے میں ہے اور دوسرا مسٹر چندر بوس کی رہائی کے متعلق ہے۔

رزولیوشن بھی بہت سے ہیں جن میں سے ایک معاہدہ اوٹاوہ کی منسوخی ہے۔

## اسمبلی کے پہلے اجلاس کی کارروائی

### تحریک التوائے اجلاس پر دلچسپ بحث

دہلی ۲۱ جنوری: آج دس بجے صبح سے اسمبلی ہال کے سامنے خوب رونق اور ہندوستان کے ہر صوبہ کے سرکردہ کانگریسی رہنما شرکت کیلئے تشریف لائے تھے۔ ایسا معلوم ہوتا تھا کہ اندر کوئی آل انڈیا کانگریس کمیٹی کی میٹنگ ہونے والی ہے۔ ٹھیک ۱۱ بجے اسمبلی کا اجلاس شروع ہوا۔ کانگریس پارٹی اور نیشنلسٹ پارٹی کے لیڈر مسٹر بھولا بھائی ڈیسائی اور مسٹر جناح جب ہاؤس میں تشریف لائے تو ان کا تالیوں سے خیر مقدم کیا گیا۔ شروع میں مسٹر محمد رفیع سکریٹری اسمبلی ڈیپارٹمنٹ نے ممبروں سے حلف وفاداری اٹھوایا۔

سب سے پہلے سر ہنری گڈنی نے جنہیں گورنر جنرل نے انتخاب صدر تک عارضی صدر نامزد کیا ہے، حلف وفاداری اٹھایا۔ اس کے بعد دیگر ممبروں نے حلف وفاداری اٹھایا ... جب انہوں نے حلف وفاداری اٹھالیا ...

## اسمبلی کی صدارت کیلئے مسٹر شیروانی کا انتخاب

### مسٹر شیروانی انڈی پنڈنٹ پارٹی کے صدر منتخب ہوگئے

#### گاندھی جی کی ابتدائی تعلیم

#### مشرقی اثرات

عہد اول کے سلاطین عثمانی کی طرح ان مصلحین کے افکار و آراء بھی مشرق و مغرب والوں سے ماخوذ تھے۔ لیکن تیرہویں صدی سے لیکر اٹھارہویں صدی تک کی طویل مدت میں ترکوں کی رنگ بدل چکا تھا۔ ان چھ صدیوں میں ترک مسلمان اپنے قومی ادب اور عام زندگی میں زندگی کا ایک روحانی فلسفہ اور تصوف پیدا کر چکے تھے اور عوام میں اخلاقی اور روحانی معیاروں کا اظہار ہوچکا تھا ...

#### یورپ کا مرد بیمار

ترکان عثمان جب اپنے عروج پر تھے تو تمام یورپ ان سے لرزہ براندام تھا لیکن جب ان میں زوال کے آثار نمایاں ہوئے تو ہر یورپی طاقت نے ترکی کے حصے بخروں پر نظر ڈالنی شروع کی۔ ترکی کو مرد بیمار کا لقب دیا گیا اور اس طرح آگے تاریخ جدید میں مشرقی مسئلہ کا آغاز ہوا ...

#### عبدالحمید کا عہد استبداد

#### سلیم سوم ۱۷۸۹ء تا ۱۸۰۷ء

#### خلافت اور پان اسلامزم

#### محمود دوم

#### تحریک اصلاح پر ایک نظر

#### تحریک اصلاح کا نیا دور


## تاجدار مدینہ علیہ الصلوٰۃ والسلام کے مقدس فرامین

### دنیا کے بادشاہوں کے نام

جو آج تک تاریخ اور سیرت کی کتابوں میں گوہر نایاب کی طرح بکھرے پڑے تھے اور دنیا ان کی برکات سے محروم تھی حضرت مولانا حفظ الرحمن صاحب سیوہاروی نے ان کو سالہا سال کی کوشش اور وسیع مطالعہ کے بعد بہترین علمی مباحث، بیش بہا تاریخی اور حدیثی تحقیقات، اس مقدس مراسلت پر مرتب ہونے والے سیاسی اور مذہبی اہم ترین نتائج کے ساتھ یکجا جمع کرکے

## بلاغ مبین

کے نام سے شائع کیا ہے۔ درحقیقت مولانا نے بلاغ مبین مرتب کرکے علمی اور مذہبی دنیا پر ایک بے نظیر احسان عظیم کیا ہے جس کے لئے اردو لٹریچر ہمیشہ مولانا کا شکرگزار رہے گا۔ سلاست زبان، دلکشی طرز بیان اور قوت استدلال کے لحاظ سے بلاغ مبین عبد حاضر کا علمی و ادبی شاہکار ہے۔ ... صفحات، کاغذ سفید چکنا ۲۸ پونڈ، اعلیٰ کتابت و طباعت ... ان تمام خوبیوں کے باوجود قیمت صرف دو روپے ... محصول و پیکنگ معاف۔

ملنے کا پتہ: (مولوی) محمد ادریس منیجر دفتر بلاغ مبین دہلی یا منیجر مکتبہ اسلامیہ سیوہارہ ضلع بجنور

## ایک عجیب چمتکار اعظمیٰ

## میٹھا پھل (رجسٹرڈ) یعنی نعمت عظمیٰ

اس کے کھانے سے لڑکا ہی پیدا ہوتا ہے، لڑکی پیدا ہو تو دام واپس، قیمت دس روپے (عنہ) کسی تصدیق کی ضرورت نہیں صرف یہی لکھنا کافی ہے کہ لڑکی ہوئی ہے قیمت واپس کردی جائے گی ہزاروں بار تجربہ کیجا چکی ہے۔ آپ بھی نوٹ کرلیں۔ بوقت ضرورت طلب فرمادیں یقیناً پرماتما چاند سا بیٹا عطا فرمادیگا

خط و کتابت و تار کے لئے پتہ: امرت دھارا لاہور

المشتہر منیجر امرت دھارا اوشدھالیہ۔ امرت دھارا بھون۔ امرت دھارا روڈ۔ امرت دھارا ڈاک خانہ۔ لاہور

ہمارے ایجنٹ: میسرز بہاری لال کھاسی رام کھاری باؤلی اسٹریٹ، دہلی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# الجمعیۃ دہلی

یوم پنجشنبہ ۱۸ ؍ شوال المکرم ۱۳۵۳ ہجری

# "اتحاد" کا اعلان جنگ

## جمعیۃ علماء، مسلم کانفرنس اور امارت شرعیہ

جہاں تک مولانا شفیع داؤدی کے اخبار اتحاد کے اعتراضات و مطالبات کا تعلق تھا گذشتہ نمبروں میں ان کے متعلق ہم نے نہایت وضاحت کے ساتھ اظہار خیال کر دیا اور امارت شرعیہ صوبہ بہار کے خلاف اتحاد نے جو تازہ محاذ قائم کیا ہے اس پر مفصل بحث کی جا چکی ...

اور جداگانہ انتخاب کے حامی ہیں اور ان مطالبات کو اپنی جان سے زیادہ عزیز رکھتے ہیں اور دوسری طرف ہر موقع پر اس اصول کو پیش کر دیتے ہیں کہ مذہب کا سیاسیات سے کوئی تعلق نہیں ہونا چاہئے اور پالیٹکس میں جو یہ "مذہبیت" داخل ہو گئی ہے ...

... کے بعد جو اس نے امارت شرعیہ کو نہیں بلکہ شریعت اسلامیہ کو دیا ہے ان تمام مسلمانوں کو دیا ہے جو ناموس شریعت پر اپنی جانیں تک قربان کرنے کو تیار رہتے ہیں پوری قوت اور آمادگی کے ساتھ کھڑے ہو جائیں اور امارت شرعیہ کے نظام کو پہلے سے زیادہ مقبول عام اور مستحکم کر کے یہ ثابت کر دیں کہ ان کے ...

... ایک مولانا شفیع داؤدی ہی نہیں اگر ہزار مولانا شفیع داؤدی بھی آ جائیں تو مسلمان ... احکام شریعت کی پابندی سے انحراف پر مجبور نہیں کر سکتے ... تمام جد و جہد خسر الدنیا والآخرۃ کی مصداق ہو کر رہ جائے گی۔

# شذرات

## یونٹی بورڈ کا دانشمندانہ فیصلہ

مسلم یونٹی بورڈ کا جو اجلاس ۱۱ ؍ جنوری کو شام کے وقت مولانا شوکت علی صاحب کی قیام گاہ پر منعقد ہوا اس کے ایجنڈے میں منجملہ دیگر امور کے ایک امر یہ بھی تھا کہ

"مسلمانوں کی شیعہ اور سنی جماعتوں میں زیادہ بہتر اور خوشگوار تعلقات کو ترقی دینے کی غرض سے اور ملک کے انتخابی اداروں اور مجالس قانون ساز میں شیعہ جماعت کو کافی نمائندگی کے لئے ایک اسکیم پر غور ... بحث جس کی ...

... ہم وحدت اسلامیہ کو انتشار و افتراق سے بدلنے کی سعی کریں۔ ہماری ناچیز رائے یہ ہے کہ بورڈ کی تمام جماعتیں غور کرنے کے بعد اسی نتیجہ پر پہنچیں گی اور رواج یا قانون کی امداد لینے کے بجائے یہ کوشش کی جائے گی کہ سنی اور شیعہ جماعتوں کے اندر پروپیگنڈا کے ذریعہ اور زیادہ یگانگت اور رواداری پیدا کی جائے۔

## اسمبلی کی صدارت

اسمبلی کی صدارت کے سلسلہ میں اب معاملات زیادہ صاف ہوتے جا رہے ہیں اور ایسا معلوم ہوتا ہے کہ مقابلہ صرف دو امیدواروں کے درمیان ہوگا ۲۴ جنوری کو انتخاب ہونے والا ہے۔ اور اسمبلی کے غیر سرکاری اراکین کی دو سب سے بڑی جماعتوں نے اپنے اپنے امیدواروں کا فیصلہ کر لیا ہے۔ کانگریس پارٹی ...

... فرض ہو جاتا ہے کہ وہ اپنی ذمہ داری کو محسوس کریں اور حکومت کے طرز عمل سے بے نیاز ہو کر زیادہ آزاد خیال اور زیادہ پختہ اور معتمد علیہ امیدوار کو اپنی رائے دیں۔

# حوادث و احکام

## استفتاء

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین مندرجہ ذیل مسائل کے بارے میں:—

(۱) اگر میت اپنے مال کے تہائی حصہ کی وصیت کر سکے میرے ... مال کا ثلث مثلاً صدقہ کر دو کیونکہ مجھ پر رمضان کی قضا ہے اور نماز بھی اکثر قضا ہوئے آیا یہ وصیت شدہ مال اگر جنازگاہ میں حاضر کر کے فقراء میں بعد دورہ اسقاط تقسیم کیا جائے تو یہ جائز ہے یا نہیں؟

ش۔ نماز جمعہ کے بعد عید کی تخصیص کی وجہ سے مصافحہ کرنے کا شریعت میں ثبوت نہیں۔

ھ۔ یہ نماز جس کو قضاء عمری کے نام سے ادا کر کے یہ سمجھا جاتا ہے کہ یہ ایک نماز تمام عمر کی قضا شدہ نمازوں کے قائم مقام ہو گئی شرعاً بے اصل ہے اور اصول شرعیہ کے خلاف ہے لہٰذا واجب الترک ہے۔

(۷) ہاں اگر کوئی حافظ قرآن دس روز ایک جماعت کو تراویح میں قرآن مجید سنا دے اور دس روز دوسری جماعت کو اور دس روز تیسری جماعت کو تو تینوں ...



# قوم پرورانہ غلبہ کے ساتھ اسمبلی کے پہلے اجلاس کا آغاز

## ملامت کی تحریک میں حکومت کو شکست ہوتے ہوتے رہ گئی

### دھواں دھار تقریریں۔ حلف وفاداری۔ حکومت کا اضطراب

دہلی ۲۲ جنوری۔ کل اسمبلی کا اجلاس قوم پرورانہ غلبہ کے ساتھ شروع ہو گیا۔ کل کی فضا سے ایسا ظاہر ہوتا تھا کہ گذشتہ اور موجودہ اسمبلی میں زمین و آسمان کا فرق ہے۔ خالف بنچوں پر گاندھی ٹوپی اور کھدر نمایاں نظر آ رہا تھا۔ حلف وفاداری کی رسم نہایت دلچسپ تھی اکثر ممبران کے چہروں سے گھبراہٹ کے آثار نمایاں تھے۔ ابتدائی رسمی کارروائی کے بعد مسٹر ستیہ مورتی کی تحریک التوائے اجلاس پیش ہوئی جس کا انہوں نے بیشتر نوٹس دیا تھا ...

... ان کے بارے میں آج قرعہ اندازی کی گئی ان میں سب سے پہلے مسٹر بی داس کا نمبر آیا جس کے ذریعہ خدائی خدمتگاروں کی انجمنوں پر سے پابندی اٹھانے کا مطالبہ کیا گیا ہے۔ دوسرا نمبر مسٹر سنہا کی اس تجویز کا آیا جس کے ذریعہ سیام اور ہند چینی سے ہندوستان آنے والے چاولوں کی درآمد پر کنٹرول حاصل کرنے کا مطالبہ کیا گیا ہے۔ تیسرا نمبر سری کرشن کی اس تجویز کا آیا جس کے ذریعہ انہوں نے کانگریسی انجمنوں پر سے پابندیاں ہٹانے کا مطالبہ کیا ہے۔

# آل انڈیا مسلم یونٹی بورڈ کا اجلاس

## پارلیمنٹری کمیٹی کی رپورٹ مسترد کر دی گئی

### اسمبلی کی صدارت کیلئے مسٹر شروانی کی تائید

دہلی ۲۰ جنوری۔ آل انڈیا مسلم یونٹی بورڈ کا اجلاس کل ایک بجے دوپہر سے شب گئے ... متعلقہ نشستوں میں مولانا شوکت علی صاحب کی قیام گاہ پر جو فیض بازار میں واقع ہے زیر صدارت نواب محمد اسمٰعیل خاں صاحب منعقد ہوا۔ شرکائے اجلاس میں حسب ذیل حضرات شامل تھے:—

حضرت مولانا مفتی محمد کفایت اللہ صاحب، حضرت مولانا احمد سعید صاحب، راجہ صاحب سلیم پور، مولانا شوکت علی صاحب ایم۔ ایل۔ اے ...

جماعت کے طریق کار کی پابندی نہیں کریں گے جو اسمبلی میں ہوگی۔

**پارلیمنٹری کمیٹی کی رپورٹ مسترد**

مشترکہ پارلیمنٹری کمیٹی کی رپورٹ کے متعلق بورڈ نے ورکنگ کمیٹی کی حسب ذیل قرارداد کو باتفاق رائے منظور کر کے اس کی مزید توثیق کر دی ...

... بورڈ کے آئندہ سالانہ اجلاس کے متعلق بھی مختلف امور کے بارے میں سکریٹری بورڈ کو ہدایات کی گئیں۔

**اسمبلی کی صدارت**

**شیعوں کی نمائندگی کا مسئلہ**

# دار الحکومت

## دہلی میں ارکان جمعیۃ علماء ہند کا ورود

دہلی ۱۹ جنوری۔ چونکہ دہلی میں مسلم یونٹی بورڈ کا اجلاس آج منعقد ہوگا اس لئے اس میں شرکت کی غرض سے باہر کے علماء اور زعماء دہلی تشریف لا رہے ہیں آج صبح مندرجہ ذیل جمعیۃ علماء ہند کے محترم ارکان تشریف لا چکے ہیں حضرت مولانا ابو المحاسن محمد سجاد صاحب نائب امیر شریعت صوبہ بہار، حضرت مولانا عبد الحلیم صاحب صدیقی، حضرت مولانا بشیر احمد صاحب، حضرت مولانا ابو القاسم محمد حفظ الرحمٰن صاحب سیوہاروی۔ یہ جملہ حضرات دفتر جمعیۃ علماء ہند میں قیام پذیر ہیں ...

## اسمبلی کا الاؤنس کانگریس فنڈ میں

دہلی ۲۰ جنوری۔ معلوم ہوا ہے کہ بابو راجندر پرشاد صدر کانگریس نے اسمبلی کے کانگریسی ممبران کو مشورہ دیا ہے کہ انہیں ۲۰ روپیہ یومیہ جو الاؤنس ملتا ہے ...

... جن کو ارٹر جل کر خاک سیاہ ہو گئے۔ فائر بریگیڈ نے موقع پر پہنچ کر آگ کو بجھایا۔ آگ لگنے کی وجہ ابھی تک معلوم نہیں ہوئی ہے نقصان کا اندازہ کئی سو روپے لگایا جاتا ہے۔

ایک اور اطلاع مظہر ہے کہ کل پرانے قلعہ کے پیچھے جمنا کے دوسری طرف جنگل میں آگ لگ گئی اور بہت سے درخت جل گئے۔

## کسانوں کی فصل کا ایک حصہ قرق نہیں ہو سکیگا

الہ آباد ۱۸ جنوری۔ یو۔پی۔ گورنمنٹ نے اعلان کیا ہے کہ جن مقروض کسانوں کے خلاف قرضہ کی وصولی کے لئے ڈگری ہوئی ہے ان کی ۴/۱۲ فصل خریف کا حصہ ڈگری کے حصول کے لئے قرق نہیں کیا جا سکے گا۔ تاکہ آئندہ فصل بونے کے لئے اور اس فصل کی تیاری تک گذارہ کرنے کے لئے ان کے پاس اناج بچ جائے۔

# کوہاپور کے واقعہ ہائلہ سے ملک میں شدید ہیجان

## نہتے مجمع پر آتش باری کے خلاف متفقہ احتجاج

### دہلی کے عظیم الشان جلسے میں اکابر ملت کی تقریریں

۲۰ جنوری شام کو ساڑھے بجے مفتی پارک متصل جامع مسجد دہلی میں زیر صدارت حضرت العلامہ مولانا مفتی محمد کفایت اللہ صاحب صدر جمعیۃ علماء ہند مسلمانوں کا ایک عظیم الشان جلسہ منعقد ہوا جس میں جناب صدر کے علاوہ حضرت مولانا احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند، مولانا عبد الماجد صاحب ناظم جمعیۃ علماء صوبہ بہار اور دیگر علماء کرام نے تقریریں کیں اور ایجاز ریاست کوہاپور کے شہداء کے لئے دعاء مغفرت کی گئی۔ نیز زخمی مظلوم مسلمانوں کے لئے ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے مہاراجہ ریاست کوہاپور سے ان کی مظلومیت پر دادرسی اور انصاف کا مطالبہ کیا گیا۔ آخر میں صدارت کی جانب سے حسب ذیل تجویز پیش کی گئی جو باتفاق رائے منظور ہوئی ...

... حکام کو جو اس خونریزی اور سفاکی کے ذمہ دار ثابت ہوں عبرتناک سزائیں دیں۔ نیز یہ جلسہ یہ بھی ظاہر کر دینا چاہتا ہے کہ اگر مہاراجہ کوہاپور نے جلد از جلد مسلمانوں کے ساتھ انصاف کی کارروائی نہ کی تو وہ حکومت ہند سے مداخلت کرنے کی درخواست کرنے میں حق بجانب ہوں گے۔

## یو۔پی میں ڈاکہ زنیوں کی رفتار

### ایک ہفتہ میں ۱۳ مسلح ڈاکے

لکھنؤ ۱۸ جنوری۔ اضلاع یو۔پی سے اس مرتبہ جرائم کی جو رپورٹ موصول ہوئی ہے وہ نہایت سنسنی خیز ہے۔ پچھلے چند ماہ میں جرائم کی رفتار کافی ترقی پذیر رہی ہے اور کئی اضلاع میں اس وقت متعدد ڈکیتی کے سنسنی خیز گروہ گرفتار کئے گئے تھے جن کے مقدمات زیر سماعت ہیں۔ بیشتر ڈکیتیاں نہایت خوفناک ہوئی ہیں۔ عام سرقہ۔ قفل شکنی اور فریب دہی کے واقعات کی کافی کثرت رہی ہے پچھلے ہفتہ کئی اضلاع میں متعدد ڈکیتیوں کا سلسلہ جاری رہا ہوئی ہیں جو مسلح کی گئیں، اور جن کی تعداد ۱۳ تک بتلائی جاتی ہے۔

## دیہاتوں میں برف باری

### فصل کو شدید نقصان

لکھنؤ ۱۰ جنوری۔ گذشتہ تین چار یوم سے سخت سردی ہو رہی ہے اور تیز ہوا نے اس سردی میں شہر کو کرہ زمہریر بنا دیا ہے۔ چنانچہ اس کی وجہ سے شہر میں لوگ انفلوئنزا میں مبتلا ہو رہے ہیں۔ معلوم ہوا ہے کہ تین چار روز سے مسلسل برف باری ہو رہی ہے۔ اکثر تالاب اور نالیوں کا پانی بالکل منجمد حالت میں ہو گیا اور برف باری کی وجہ سے ارہر، مٹر اور چنا بالکل خراب ہو چکا ہے اور گیہوں پر بھی اس برف باری کا مضر اثر پڑنے کی امید ہے۔ کیونکہ گیہوں میں پھول آ گئے ہیں اس لئے یہ توقع تھی کہ فصل نہایت عمدہ ہوگی لیکن کسانوں کی وہ خوشی اب رنج و یاس سے بدل گئی ہے۔

## ڈاکوؤں نے مہاجن کو ہلاک کر دیا

### چھ اشخاص بندوق کا نشانہ بنائے گئے

جبلپور ۲۰ جنوری۔ یہاں جبلپور کے نزدیک موضع نیا گاؤں میں ایک ہولناک ڈاکہ پڑنے کی خبر آئی ہے جس میں ایک شخص کو ہلاک کر دیا اور اس کی بیوی کو سخت اذیت دی گئی۔

ڈاکوؤں کے ایک گروہ نے ایک مہاجن کے مکان پر ڈاکہ ڈالا اور اس سے نقدی اور مال طلب کیا لیکن بنئے نے انکار کر دیا جس کے باعث اس کو مکان کی ایک کڑی سے لٹکا کر ہلاک کر دیا گیا اور اس کی بیوی کو بہت بری طرح ...

## ایک پہاڑ کی آتش فشانیاں

الہ آباد ۲۰ جنوری۔ علاقہ گڑھوال میں لینسڈاؤن ضلع کا صدر مقام ہے وہاں سے بذریعہ ایسوشی ایٹڈ پریس اطلاع آئی ہے کہ ایک پہاڑی میں سے جو بازار اور چھاؤنی کے درمیان واقع ہے دھواں نکل رہا ہے جس سے یہ خیال پیدا ہوا ہے کہ شاید یہاں بھی کوہ آتش فشاں نمودار ہو جائے۔

اس سلسلہ میں یہ ایک خاص بات ہے کہ اس سال گڑھوال میں اس قدر زیادہ برف پڑی ہے کہ بیشتر کبھی نہیں پڑی۔

## ماسکو اور لینن گراڈ کی آبادی میں اضافہ

ماسکو ۱۸ جنوری ۱۹۳۲ء سے ماسکو کی آبادی دس لاکھ بڑھ گئی ہے اور لینن گراڈ کی آبادی گذشتہ دو سال کے اندر بیس لاکھ بڑھی ہے۔ ماسکو کی موجودہ آبادی ۳۶۰۰۰۰۰ افراد پر مشتمل ہے۔

## مہاراجہ پھر چانسلر مقرر ہو گئے

نئی دہلی ۲۴ جنوری۔ سرکاری طور پر اعلان کر دیا گیا ہے کہ مہاراجگان ہند کی درخواست پر مہاراجہ پٹیالہ نے ایوان والیان ریاست کی چانسلر شپ کو اور مہاراجہ بیکانیر نے اسٹینڈنگ کمیٹی کی ممبری کو قبول کر لیا ہے۔

## ایرانی فوجی نے برطانوی فوجی کو گولی مار دی

کوئٹہ ۱۹ جنوری۔ معلوم ہوا ہے کہ انگریزی سرحدی فوج کے سپاہیوں پر ایرانی گارڈ کے فوجیوں نے گولی چلائی جس سے ایک برطانوی سپاہی ہلاک ہو گیا۔ اس حادثہ کی تحقیقات کی جا رہی ہے۔

## ہندوستانی سونے کی لوٹ

بمبئی ۲۰ جنوری۔ ۱۹ جنوری کے ہفتہ مختتمہ میں بمبئی سے یورپ اور امریکہ کو ستر لاکھ روپے سے زائد کا سونا روانہ ہوا اب تک ہندوستان سے ۲۰۰ ارب ۱۶ کروڑ روپے کا سونا باہر جا چکا ہے۔

## موٹر کے ذریعہ حجاج کی روانگی

احمد آباد ۲۰ جنوری۔ کل ۴۰ حاجیوں کا ایک قافلہ موٹر کے ذریعہ حجاز مقدس روانہ ہوا۔ حاجیوں کو بہت سے مسلمانوں نے الوداع کیا۔

## مولوی شفیع داؤدی کے خلاف عذرداری

پٹنہ ۱۸ جنوری۔ قصبہ ضلع چمپارن کے شیخ محمد منصور کی جانب سے مولانا شفیع داؤدی کے انتخاب کے خلاف عذرداری داخل کر دی گئی ہے۔

## دہلی اسٹیشن پر مسٹر جناح کا خیر مقدم

دہلی ۱۹ جنوری۔ گذشتہ شب مسٹر جناح دہلی پہنچ گئے۔ صبح کو مسٹر عبد المتین چودھری اور مسٹر آصف علی وغیرہ کے نام ان کا تار آ گیا تھا۔ شب میں مسٹر جناح کے سب احباب اسٹیشن پر جمع ہوئے اور ان کا خیر مقدم کیا۔ مسز نیلڈو، مسٹر آصف علی، مسٹر عبد المتین چودھری، مسٹر ظہیر احمد ایڈیٹر الجمعیۃ اور مسٹر عبد الحی نیز مسلم یوتھ لیگ کے اراکین خصوصیت سے قابل ذکر ہیں۔

مسٹر جناح کا قیام ویسٹرن ہوسٹل میں ہے۔

## مولانا عبد المجید مرحوم کے یتیم بچوں کی آفت

یہ خبر نہایت افسوس کے ساتھ سنی جائے گی کہ مولانا عبد المجید مرحوم کا رکن جمعیۃ علماء ہند جو انگریزی موٹر میں آگرہ دہلی میں شہید ہوئے تھے اور جن کی امداد و اعانت کے لئے الجمعیۃ میں اپیل کی گئی تھی ان کے یتیم بچوں کے دو بیل اور ایک بھینس ظالم اور ناخدا ترس چوروں نے اڑا لئے اور باوجود انتہائی تلاش کے ان کا اب تک سراغ نہیں ملا۔ یہ بیل اور بھینس مرحوم کے خسر نے جوان لوگوں کر کے یتیم بچوں کے لئے مہیا کئے تھے تاکہ وہ ان کے ذریعہ اپنی گذر کر سکیں مگر افسوس ہے کہ یتیم بچوں کا یہ آخری سہارا بھی نہیں رہا خدائے تعالیٰ ان پر اپنا رحم فرمائے اور ایثار پیشہ لوگوں کو ان کی امداد کی توفیق بخشے آمین۔

(مولانا) عبد الاول دفتر جمعیۃ علماء ہند

## دہلی کے قریب آتشزدگی کی واردات

دہلی ۲۱ جنوری۔ کل صبح پہاڑی دھیرج دہلی میں کانسٹبلوں کے کوارٹروں میں اچانک آگ لگ گئی اور فائر بریگیڈ کے پہنچنے سے پہلے ...

## دوسرا آل انڈیا اردو مباحثہ

## اسٹیشن پر ...

# سلور جوبلی کے متعلق کانگریس کا فیصلہ
## حکومت ہند قوم کی راہ میں سخت رکاوٹ ہے
### دعا کے ساتھ عدم شرکت کا اعلان

دہلی ۱۹ر جنوری۔ ملک معظم کی سلور جوبلی کے متعلق بھی کانگریس کی مجلس عاملہ نے ایک طویل قرارداد منظور کی ہے جس پر کل بعد دوپہر مجلس عاملہ کے اجلاس میں، معلوم ہوا ہے، بڑی بحث ہوئی ہے۔ قرارداد حسب ذیل ہے۔

"ایک سرکاری اعلان کیا گیا ہے کہ ہندوستان میں ملک معظم کی سلور جوبلی منائی جائے۔ مجلس عاملہ کے لئے ضروری ہے کہ وہ اس بارے میں عوام کی رہنمائی کرے اور یہ بتلادے کہ ان کا رویہ کیا ہونا چاہئے"۔ کانگریس کو ملک معظم کی ذات کے ساتھ سوائے دعائے خوشحالی کے نہ تو کوئی پرخاش ہے اور نہ ہوسکتی ہے مگر کانگریس اس حقیقت کو نظر انداز نہیں کرسکتی کہ ہندوستان کی حکومت جس سے ملک معظم قدرتی طور پر منسوب ہیں، قوم کی سیاسی، اخلاقی اور مالی ترقی کی راہ میں سخت رکاوٹ رہی ہے اور اب اس سے یہ خطرہ پیدا ہوگیا ہے کہ ایک دستور اساسی کے ذریعہ جو اگر نافذ ہوگیا تو قوم کو اس سے سخت تباہی کا سامنا کرنا پڑے گا اور اس سے اس کی دولت اس وقت جو کچھ رہ گئی ہے وہ سب بہہ جائے گی اور اس کی سیاسی غلامی اس سے زیادہ سخت ہوجائے گی جتنی کہ اب تک رکھی جانے کی کوشش کی گئی ہے۔

اس لئے کانگریس کے لئے یہ ناممکن ہے کہ وہ اس میں شرکت کا ...

# علاقہ سار سے بین الاقوامی افواج کا تخلیہ
## حکومت فرانس کا میمورنڈم جمعیۃ اقوام کے نام
### حبشی اور اطالوی تنازعہ کے متعلق معاہدہ

جنیوا ۲۰ر جنوری۔ معلوم ہوا ہے کہ علاقہ سار کی بین الاقوامی افواج کا تخلیہ یکم فروری کو عمل میں آئے گا۔ جمعیۃ اقوام کی لیگ کونسل نے فیصلہ کردیا ہے کہ افواج کی واپسی کا آغاز یکم فروری سے ہوگا اور سب سے پہلے اطالوی فوج علاقہ سار کو خالی کرے گی۔ حکومت فرانس نے جمعیۃ اقوام کے نام ایک میمورنڈم (محضرنامہ) ارسال کیا ہے جس میں لکھا ہے کہ جمعیۃ اقوام اخلاقی طور پر ان پناہ گزینوں کی حفاظت کی ذمہ دار ہے جن پر اس نے ۱۵ سال تک حکومت کی ہے۔ میمورنڈم میں درخواست کی گئی ہے کہ پناہ گزینوں کی نقل و حرکت اور ان کی دوبارہ آبادی کے اخراجات جمعیۃ اقوام کے فنڈ سے ادا کئے جائیں اور ایجنڈہ میں اس کو شامل کرلیا جائے۔ پناہ گزینوں کی تعداد میں ہزار سے کچھ زائد ہے۔

اطالوی اور حبشی سرحدی جھگڑے کے متعلق حبش اور اٹلی میں ایک معاہدہ ہوگیا ہے مگر اس پر ابھی دستخط نہیں کئے گئے۔ توقع ہے کہ لیگ کونسل ایک تجویز کو منظور کرکے اس سوال کو آئندہ اجلاس کے لئے ملتوی کردے گی۔ حکومت حبش نے اپنے میمورنڈم کی بنیاد جمعیۃ اقوام کے دستور کی دفعہ ۱۱ پیراگراف ۲ کو قرار دیا ہے۔

... میں کیا جارہا ہے۔

# کانگریس ورکنگ کمیٹی کا فیصلہ
## یوم آزادی منانے کا اعلان

دہلی ۱۷ر جنوری۔ کانگریس ورکنگ کمیٹی نے آج ان شکایات و اعتراضات پر غور کیا جو مختلف صوبجاتی کمیٹیوں نے جدید کانگریس آئین کے متعلق روانہ کئے تھے کمیٹی نے ان سب کو غیر ضروری و غیر اہم قرار دے کر رد کردیا اور بعض امور کی تشریح کردی۔

کانگریس ورکنگ کمیٹی نے ایک طویل قرارداد میں ملک و قوم سے اپیل کی ہے کہ ۲۶ جنوری کو یوم آزادی منایا جائے لیکن چونکہ کانگریس نے سول نافرمانی ملتوی کردی ہے۔ اس لئے کوئی ایسی کارروائی نہ کی جائے جو قانون شکنی یا آرڈیننس کے خلاف ہو کمیٹی نے ایک تجویز مرتب کی ہے جو یوم آزادی کے جلوس کے بعد جلسوں میں پڑھی جائیگی اس تجویز میں لاہور کانگریس کے اعلان کامل آزادی کا اعادہ کیا گیا ہے ...

## کانگریس اسمبلی پارٹی کے عہدیدار

## درخت سے لاری کی ٹکر
### دو عورتیں اور پانچ مرد ہلاک

## مدراس مسلم لیگ نے بھی رپورٹ کو ٹھکرادیا

## علاقہ سار کو مسلح ہونے کی اجازت نہ دیجائے
### فرانس کا نیا مطالبہ

## سکھ مسلم فساد میں ایک سکھ ہلاک

## ایک سال میں ۱۳۰ ہزار عورتیں گم
### حکومت پنجاب کی تازہ رپورٹ

## اسمبلی کی عارضی صدارت کیلئے سر کنڈی کا تقرر

## سلور جوبلی کیلئے دو لاکھ کا عطیہ
### اعلیٰ حضرت حضور نظام کی دریا دلی

# حضرت مولانا الحاج حافظ احمد سعید صاحب
# تقریر سیرت

### مختصر فہرست مضامین

منیجر الجمعیۃ گلی قاسم جان دہلی

# چین میں اشتراکی اور سرکاری افواج میں خونریز جنگ
## ہوانا میں بمباری اور آتش زدگی۔ اشتراکی فوج کی پسپائی
### مزید معرکہ آرائی کا امکان

لندن ۲۰ر جنوری۔ سنگھائی (چین) کی ایک اطلاع مظہر ہے کہ چین کی اشتراکی جماعت نے سرکاری فوج سے دوران جنگ میں شدید نقصان اٹھایا ہے یہ جنگ دریائے وو کیانگ کو عبور کرتے ہوئے اور دیگر مقامات پر واقع ہوئی۔ توقع کی جاتی ہے کہ سرخ فوج سے شدید جنگ ہوگی۔ کیونکہ ان کا لیڈر ہولنگ دس ہزار فوج کے ساتھ جنگ کرنے پر آمادہ ہے۔

غیر ملکی جہازات کو بچانے کے لئے گن بوٹ دریا میں گشت لگا رہے ہیں اور سرکاری مدافعتی فوج منضبط کی جارہی ہے۔ اگرچہ کوہا میں مارشل لا جاری کردیا گیا ہے مگر پھر بھی حکومت کے خلاف جنگ برابر جاری ہے اور شکر کو جو کھیتوں میں تیار ہے آگ لگائی جارہی ہے۔ ہوانا میں ایک بم پھینکا گیا جو پھٹ گیا جس سے ایک نوجوان ہلاک ہوگیا اور بہت سی عورتیں اور بچے بم کی ہلاکت خیزیوں سے بال بال بچ گئے۔

کوینچوئیں کیانگ سی سرخ فوج کی تعداد چالیس ہزار ہے جو مقابلہ کے لئے بالکل تیار ہے۔

# مہاراجہ پٹیالہ اور بیکانیر مستعفی نہیں ہوئے
## ایوان والیان ریاست کی مذبذب حالت
### نواب صاحب رامپور نے ایوان سے مستعفی ہونے کا فیصلہ کرلیا

دہلی ۲۰ر جنوری۔ ایوان والیان ریاست ہائے ہند کے سکریٹری نے اعلان کیا ہے کہ ایوان والیان ریاست سے مہاراجہ پٹیالہ اور بیکانیر کے مستعفی ہونے کی خبر غلط ہے بلکہ اصل چیز یہ ہے کہ یہ دونوں مہاراجگان ایوان کے آئندہ انتخابات میں بطور امیدوار کھڑے ہونے کا ارادہ نہیں رکھتے۔ البتہ نواب صاحب رامپور نے جو اس وقت اسٹینڈنگ کمیٹی کے ممبر ہیں۔ ایوان والیان ریاست سے مستعفی ہونے کا فیصلہ کرلیا ہے۔ گذشتہ تین روز سے ایوان والیان ریاست کی دوبارہ تنظیم کے لئے گفت و شنید ہورہی ہے مگر ابھی تک کامیابی نہیں ہوئی۔ ایوان کی پہلی میٹنگ منگل کو منعقد ہوگی۔ اس کے ساتھ یہ بھی اضطراب ہے کہ چونکہ والیان ریاست اس وقت دہلی میں موجود نہیں اس لئے کورم پورا نہ ہوسکے گا۔ ۲۱ر جنوری کو مہاراجہ نیپال تشریف لائیں گے اور اسی روز اسمبلی کا افتتاح بھی ہوگا۔ منگل کو وائسرائے ایوان ریاست کا افتتاح فرمائیں گے۔ جب تک اسمبلی کا کوئی مستقل صدر منتخب نہ ہو اس وقت تک کے لئے گورنر جنرل کے سکریٹری اسمبلی میں ایک عارضی صدر کا اعلان کریں گے۔

# جابرانہ قوانین کی تنسیخ کا مطالبہ
## اسمبلی کے اجلاس میں تجاویز

دہلی ۱۷ر جنوری۔ مسٹر ایس ستیہ مورتی سوامی وینکٹا چیلم اور مسٹر شیلنگم ایم۔ ایل۔ اے کی معیت میں یہاں وارد ہوئے۔

مسٹر ستیہ مورتی نے اسمبلی کے اجلاس میں حکومت کے اس مفروضہ خفیہ سرکلر پر بحث کرنے کے لئے ملتوی کرانے کی تحریک کا نوٹس دیا ہے جس میں مقامی حکومتوں کو بمبئی کانگریس کے فیصلوں سے پیدا شدہ صورت حالات کے متعلق ہدایات کی گئی ہیں۔

کانگریس پارٹی شنبہ کو اپنے پہلے اجلاس میں اس تحریک پر غور کرے گی۔ مسٹر ستیہ مورتی نے جابرانہ قوانین کی تنسیخ و ترمیم کے لئے ایک مسودہ کا نوٹس دیا ہے اس مسودہ کے ذریعہ تعزیرات ہند کی دفعہ ۱۲۴ اور ضابطہ فوجداری کی دفعہ ۱۴۴ بنگال ریگولیشن مجریہ ۱۸۱۸ء کی تنسیخ منظور ہے ان کے علاوہ مندرجہ ذیل قوانین کی تنسیخ منظور ہے۔

شاہی قیدیوں کا قانون مجریہ ۱۸۵۸ء پنجاب میں قاتلانہ حملوں کے انسداد کا قانون مجریہ ۱۸۶۷ء باغیانہ جلسوں کے امتناع کا قانون مجریہ ۱۹۱۱ء انڈین پریس ایمرجنسی پاور ایکٹ مجریہ ۱۹۳۱ء قانون ترمیم ...

... جائے گا کہ ہندوستان میں غیر ملکی چاول کی درآمد کو روکنے یا اس کی مقدار معین کرنے کے لئے فوری کارروائی کی جائے۔

## خدا خیر کرے!
### آفریدیوں کے دو مطالبے منظور

نئی دہلی ۱۹ر جنوری۔ حال میں پشاور میں آفریدیوں کا جو جرگہ منعقد ہوا تھا اس کے نتیجہ میں ان کے دو مطالبے منظور کرلئے گئے ہیں اول یہ کہ تیراہ کے وسط میں ۷۰ میل طویل ایک سڑک بنائی جائے گی دوسرے ان سے وعدہ کیا گیا ہے کہ ان کو ہندوستانی فوج میں پھر بھرتی کیا جائے گا۔ مجوزہ سڑک علی مسجد سے، جو درہ خیبر پر واقع ہے۔ باغ تک بنائی جائے گی اور وہاں سے سلیمان خیل تک جو کوہاٹ سے تین میل کے فاصلہ پر واقع ہے۔

## اسمبلی کے کانگریسی ممبران کا حکومت کو نوٹس

نئی دہلی ۱۹ر جنوری۔ کل اسمبلی کی کانگریس پارٹی کی ایگزیکٹو کمیٹی کا پہلا جلسہ ڈاکٹر انصاری صاحب کی کوٹھی پر منعقد ہوا۔ معلوم ہوا ہے کہ اس پارٹی نے حکومت کو متعدد تجاویز کا نوٹس دیا ہے جن میں ...

## بہار کونسل نے بھی رپورٹ کو منظور کرلیا

## قرضہ بلوں کو گورنر نے منظور کرلیا
### مقروض زمینداروں کا مستقبل

## روس اور جاپان میں جنگ چھڑگئی
### چینی افواج پر گولہ باری

## مرغوں کی لڑائی میں ایک شخص کی ہلاکت

## افغان لڑکی سے مذاق کا نتیجہ

اخبار الجمعیۃ میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے

مصفا خون کی شرطیہ گولیاں

ہفتہ وار اخبار آفتاب صوفیہ

مفرح مشکین
MUFARRAH MUSHKI
مشک عنبر اور جواہرات کا ایک نفیس مرکب
ہمدرد دواخانہ یونانی دہلی

قرص جریان

محبوب عاشق کے قدموں پر

بہترین اور عمدہ سویاں

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

تار کا پتہ :۔ "الجمعیۃ دہلی"
ٹیلیفون نمبر ۵۷۳۸

یَدُ اللّٰہِ عَلَی الْجَمَاعَۃِ

سہ روزہ
# الجمعیۃ دہلی

مدیر مسئول :۔ ہلال احمد زبیری (بی۔ اے) معاون :۔ محمد عثمان فارقلیط

جلد ۲۱ | دہلی۔ یوم دوشنبہ ۲۲ شوال المکرم ۱۳۵۳ھ ہجری۔ مطابق ۲۸ جنوری ۱۹۳۵ء | نمبر ۷


# رواج عام اور شرعی قانون میں تصادم

## "مسلمان رواج کو چھوڑ کر اسلامی قانون اختیار نہیں کر سکتے"

### لاہور ہائیکورٹ کا ایک تازہ فیصلہ

(گزشتہ سے پیوستہ)

#### جسٹس جے لال کا فیصلہ

(باقی صفحہ ۲ پر ملاحظہ فرمایئے)

# معاصرین کے افکار و آراء

## مسلمانوں کے نادان دوست

باوجودیکہ ملک کے تعلیم یافتہ طبقے میں بیکاری روز افزوں ترقی پر ہے، لیکن اہل ہنود جن میں نسبتاً مسلمانوں کے مقابلہ میں اعلیٰ تعلیم کی زیادہ ترقی ہے۔ اور مسلمان تعلیم یافتوں کے مقابلے میں ہندو تعلیم یافتوں کی تعداد بھی زیادہ ترقی پر ہے۔ ...

## سر مائیکل اوڈوائر کی بکواس

(ایمان)

یہ واقعہ ہے کہ گزشتہ پندرہ سال کے اندر جب کبھی ہندوستان کو آئینی اصلاحات دیئے جانے کا سوال پیدا ہوا ہے تو مسٹر چرچل، لارڈ لائیڈ اور سر مائیکل اوڈوائر اسکی مخالفت میں شور مچانا شروع کر دیتے ہیں کہ "ہندوستان ہاتھ سے نکلا جا رہا ہے"؟ ...

## تعلیم یافتہ طبقہ کی پریشانی

## ایک قوم کا ایک دین

خریداران الجمیعۃ کو چاہیئے کہ خط و کتابت کے وقت اپنے نمبر خریداری کا جو کہ آپ کے نام سے پہلے پتہ کے شروع میں لکھا ہوا ہوتا ہے حوالہ ضرور دے دیا کریں ورنہ عدم تعمیل ارشاد معاف۔

(منیجر الجمیعۃ۔ دہلی)


# پادری کی لڑکی کا قبول اسلام

اسپین کے ایک جلیل القدر پادری کی لڑکی نے جب اسلامی تعلیمات کا مقابلہ کیا اور مسلمانوں کے مذہب اور ان کے اعمال کو بغور دیکھا تو اس کے دل میں اسلام کی صداقت و حقانیت جاگزیں ہو گئی اور اس نے یہ فیصلہ کر لیا کہ حقیقتاً اسلام ہی وہ مذہب ہے جو دنیا اور آخرت میں نجات کا راستہ بتاتا ہے۔ ...

ملنے کا پتہ :۔ منیجر الجمیعۃ دہلی



نورانی قرآن مجید

# The Al-Jamiat

Regd No. L 1793.

Vol 21 No 6 DELHI THURSEDAY 24th JANUARY 1935 PRICE ONE ANNA



پادری کی لڑکی کا قبول اسلام

منیجر الجمیعۃ دہلی


# مسلمانان بنارس کا جلسہ

## جمعۃ الوداع کی نماز اور مسلمانوں کا الزام

## ایک غریب آدمی کی تجویز


مفت! مفت!! مفت!!!

پرنسپل ولڈ انڈین میڈیکل کالج انبالہ شہر

خضاب چھوڑ دو

بالا کالا اسٹورس پوسٹ کسی سمری (دربھنگہ)

خاص رعایت

# حیات حافظ رحمت خاں

غیر مجلد دو روپے چار آنے میں خریدیئے

ملنے کا پتہ :۔ منیجر اخبار الجمیعۃ گلی قاسم جان دہلی

ہمالیہ

طاقت و قوت بڑھانے اور قوت مردمی کا بے تحاشہ اضافہ کرنیوالی تمام اقسام جریان سلسل البول کو دور کرنے والی شئی ممنی علماء و حکماء کا تعریف کردہ

اکسیر اعظم

# اصلی سلاجیت اصلی

پتہ :۔ مالک فرم ہمالیہ ڈپو ہردوار ضلع سہارنپور

Himalaya Depo Hardowar (Saharanpur)

تصدیق

# حمائل شریف مترجم مع خلاصۃ التفاسیر

ملنے کا پتہ :۔ منیجر اخبار الجمیعۃ گلی قاسم جان دہلی

مشہور و معروف دو ترجمہ والا معجز نما متوسط قرآن مجید معہ کامل تفسیر

# حیرت انگیز رعایتی اعلان

ملنے کا پتہ :۔ منیجر اخبار الجمیعۃ گلی قاسم جان دہلی

# مکتوب جرمنی

(بذریعہ ہوائی ڈاک)

## برلن میں نماز تراویح اور نماز عید الفطر

### نازی پارٹی کے سرکاری ممبران کی شرکت

### ممالک اسلامیہ کے نمائندوں کی وحدت کا نظارہ

(الجمعیۃ کے نامہ نگار خصوصی مقیم برلن کے قلم سے)

جماعت اسلامیہ برلن نے اس دفعہ جس قدر عقیدت اور جانفشانی سے فرائض اسلام ادا کئے وہ حقیقت میں قابل تعریف ہیں۔ مسلمانان برلن کی ہمیشہ یہی کوشش رہی کہ ایک جگہ کم از کم نماز عیدین ادا کی جائے تاکہ جرمنوں پر اس کا اثر ہو۔ لیکن جماعت احمدیہ نے آج تک اس کی بالکل پرواہ نہیں کی اور علیحدہ اپنی ڈیڑھ اینٹ کی مسجد بنا رکھی ہے۔ لیکن باوجود ان باتوں کے معلوم ہونے کے پھر سربرآوردہ مسلمان...

عید الفطر کے لئے بندوبست کئے گئے جس میں خراب کا ایک قطرہ نہ ہو کیونکہ ایسی مٹھائیوں میں زیادہ تر شراب کا ایک جزو ضرور ہوتا ہے۔ ہم حقیقت میں اس محنت کے لئے ... Kramm ... کا بہت بہت شکریہ ادا کرتے ہیں۔ علاوہ از ایں قابل ذکر انتظام کیا گیا اور اس دفعہ پھر Kraan Breyer & Eike نے ایک بہترین قابل ہال میں جس کی قیمت ساٹھ سے تین ہزار روپے تھی عید کا وقت گیارہ بجے مقرر کیا گیا۔ لیکن وقت سے پہلے ہی ہال بھرنا شروع ہو گیا اور اشخاص جوق در جوق آنے شروع ہوئے کہ تل دھرنے کو جگہ نہیں رہی۔

### نازی پارٹی کے اخبار کا تبصرہ

ہجوم کے بارے میں نازی پارٹی اور جرمن حکومت کے اخبار Volkischer Beobachter نے نماز عید الفطر کا تذکرہ کرتے ہوئے لکھا ہے کہ تمام ہال جرمنوں اور مسلمانوں اور نو مسلم جرمنوں سے بھرا تھا بیٹھنے کو جگہ نہیں ملی بہت زیادہ آدمی کھڑے ہوئے تھے ...

### روس کی لامذہبیت

### ضروری گزارش

خریداران اخبار الجمعیۃ کو چاہئے کہ جواب طلب امور کے لئے جوابی کارڈ یا پانچ پیسے کے ٹکٹ ضرور ارسال فرمایا کریں ورنہ تعمیل ارشاد نہ ہو گی۔

(مینیجر الجمعیۃ۔ دہلی)

### برلن میں نماز عید الفطر

Herr Wagner ... Norddeutsche ... Berlin

### نازی کارروائی براڈکاسٹ کی گئی

# سرزمین ترکی میں مشرق اور مغرب کی آویزش

## انجمن اتحاد و ترقی کا عہد سلطنت

### یورپین ریشہ دوانیاں اور جنگ بلقان

### محترمہ خالدہ ادیب خانم کا تیسرا لیکچر

دہلی ۲۲ جنوری۔ آج جامعہ اسلامیہ میں مولانا شوکت علی کی زیر صدارت مشہور ترکی مفکرہ و ادیبہ خالدہ ادیب خانم کا تیسرا لیکچر ہوا۔ چونکہ آج کے لیکچر میں اندرون ترکی میں مشرق و مغرب کے درمیان تصادم کے حالات پیش ہونے والے تھے اور یہ تصادم ہی قومی جد و جہد کا پیش خیمہ تھا جس میں خالدہ ادیب خانم نے خود نمایاں حصہ لیا تھا اس لئے حاضرین کی تعداد بہت زیادہ تھی۔ محترمہ خالدہ خانم نے مندرجہ ذیل تقریر شروع کی۔

انجمن اتحاد و ترقی کے رہنماؤں کا خیال تھا کہ یورپ انہیں چین سے اپنا گھر درست کرنے کی اجازت دے دیگا۔ اور بالخصوص انگلستان سے انہیں بہت زیادہ توقعات تھیں لیکن سب سے زیادہ وہی ان کی مخالفت کی گئی۔ الغرض ان نوجوانوں کو ہر جانب مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔

### یورپی قوتوں کی ریشہ دوانیاں

بعض یورپی حکومتوں نے اس خیال سے کہ کہیں یہ نوجوان رہنما ترکی کو مضبوط کرکے اس کو صحیح تجربے کرنے میں حائل نہ ہو جائیں اس کی اندرونی اصلاح اور تقویت سے قبل ہی اس کو آہستہ آہستہ ہڑپ کرنے کی ٹھان لی۔ چنانچہ آسٹریا اور ہنگری نے بوسنیا ہرزیگووینا لے لیا۔ کریٹ یونان سے مل گیا۔ اٹلی طرابلس پر چڑھ دوڑا ترکی کے لوگ ہے اہل سیاست ہاتھ پر ہاتھ رکھے بیٹھے رہے لیکن نوجوان افسر نے کوئی کوشش اپنی طرف سے اٹھا نہ رکھی۔ ملک کا یہ طبقہ طرابلس میں مصروف جنگ تھا کہ جنگ بلقان شروع ہو گئی۔

### جنگ بلقان

### سلطنت میں اندرونی اختلاف کا ظہور

## رواج عام اور شرعی قانون میں تصادم

(سلسلہ ثقیف اول)

... اس لئے میں اس اپیل کو منظور کرتا ہوں اور ابتدائی عدالت کے فیصلہ کو مسترد کرکے مدعیہ کے حق میں ڈگری بمعہ خرچہ صادر کرتا ہوں۔

(باقی آئندہ)

### نوجوانوں سے خالدہ کی انتہائی کیفیت

# اسمبلی کے انتخاب میں کانگریس کی ناکامی

## شیروانی صاحب کے بجائے سر عبدالرحیم منتخب ہو گئے

دہلی ۲۵ جنوری۔ کل اسمبلی کے صدر کا انتخاب ہو گیا۔ انڈی پنڈنٹ پارٹی نے صدر سر عبدالرحیم اور کانگریس کے نامزدہ صدر مسٹر شیروانی کیلئے کئی روز سے جد و جہد ہو رہی تھی مسٹر جناح کی انڈی پنڈنٹ پارٹی کانگریس کے صدر کی حمایت میں ووٹ دیگی جو وقت پر غلط ثابت ہوئی۔ کل جس وقت صدر اسمبلی کا انتخاب ہوا تو کانگریس کے ساتھ نیشنلسٹ پارٹی اور یونٹی بورڈ کے ممبران تھے۔ دوسری جانب انڈی پنڈنٹ پارٹی۔ نامزدہ ممبران اور سرکاری بلاک تھے۔ سر عبدالرحیم کی صدارت کے حق میں ستر اور مسٹر شیروانی کے حق میں باسٹھ ووٹ آئے۔ ایک ووٹ ناجائز نکلا۔ اس طرح سر عبدالرحیم اسمبلی کے صدر منتخب ہو گئے۔

### مسٹر جناح کا بیان

دہلی ۲۳ جنوری۔ انڈی پنڈنٹ پارٹی کے ممبروں نے جو کل مسٹر سرت چندر بوس کی رہائی کے متعلق تحریک التوا اجلاس اسمبلی کے موقعہ پر غیر جانبدار رہے اظہار رائے کرتے ہوئے کہا کہ اگر حکومت مسٹر سرت چندر بوس کو نظر بند رکھنے کے ...

## دہلی میں براڈکاسٹنگ اسٹیشن کی تعمیر

### انقلابی پروپیگنڈہ کے انسداد کی تدبیر

... دہلی کا براڈکاسٹنگ اسٹیشن اکتوبر ۱۹۳۵ء تک بالکل تیار ہو جائے گا۔

شکست کے بعد ترکوں کا فوجی وقار قائم نہ رہا تھا۔ دوسرے روس ایسی زبردست قوت محض اس امید پر حلفاء کے ساتھ شریک ہوئی تھی کہ اُسے آبنائے باسفورس مال غنیمت میں ملیگا۔

نوجوانوں کی ایک مختصر سی جماعت جو زیادہ تر فوجی افسران پر مشتمل تھی جرمن کا ساتھ دینے کے حق میں تھی۔ ان کے نزدیک ایسی جماعت کے ساتھ شرکت جس میں ترکی کا قدیم اور روایتی دشمن شریک ہو ناممکن تھی۔ چنانچہ ۲ جولائی ۱۹۱۴ء میں جرمن سے ایک خفیہ معاہدہ ہوا۔

اس خفیہ معاہدہ کے ایک ہفتہ بعد انور پاشا روسی سفیر سے ملا اور اس کے سامنے بعض شرائط پر روس کا ساتھ دینے کی تجویز پیش کی۔ لیکن وہاں سے کوئی جواب نہ ملا۔ واقعہ یہ ہے کہ اس عالمگیر جنگ میں ترکی کا غیر جانبدار رہنا ناممکن تھا۔ حلفاء کی فتح پر روس آبنائے باسفورس پر ضرور قابض ہو کر رہتا۔ اس کے علاوہ اور بھی بعض وجوہ تھے (جن کی تفصیل یہاں ضروری نہیں) جنہوں نے ترکی کو شرکت جنگ اور جرمنی کا ساتھ دینے پر مجبور کر دیا۔

### جنگ عظیم میں ترکی کا حصہ

اس میں شک نہیں کہ جرمنی نے ترکی سے رشتہ جوڑتے وقت اس کی فوجی قوت سے زیادہ پان اسلامزم اور پان تورانزم کی اہمیت کا خیال کیا ہوگا۔ لیکن ...

### مشرق اور مغرب کی آویزش

### انجمن اتحاد و ترقی کا فلسفہ

### تعلیمی اصلاحات

### خارجی حکمت عملی

### جنگ عظیم

### ترکی جنگ میں کیوں شریک ہوا

### مختلف سیاسی تحریکات کا ظہور

### انجمن اتحاد و ترقی کی رہنمائی کی فروگذاشتیں

### انجمن اتحاد و ترقی کی اقتصادی اصلاحات

نئی حکومت نے ملک کی اقتصادی حالت کو درست کیا۔ اجنبی امتیازات ۱۹۱۴ء میں منسوخ کر دی گئیں۔ اور نیا ٹیرف نافذ کیا گیا۔ یورپینوں پر ٹیکس لگائے گئے۔


## تاجدار مدینہ علیہ الصلوٰۃ والسلام کے مقدس فرامین

### دُنیا کے بادشاہوں کے نام

جو آج تک تاریخ اور سیرت کی کتابوں میں گوہر نایاب کی طرح بکھرے پڑے تھے اور دنیا ان کی برکات سے محروم تھی حضرت مولانا حفظ الرحمٰن صاحب سیوہاری نے ان کو سالہا سال کی کوشش اور وسیع مطالعہ کے بعد بیش بہا علمی مباحث، اہم تاریخی اور مذہبی تحقیقات، اس مقدس مراسلت پر مرتب ہونے والے سیاسی اور مذہبی اہم ترین نتائج کے ساتھ یکجا جمع کرکے

# بلاغ مبین

کے نام سے شائع کیا ہے۔ درحقیقت مولانا نے بلاغ مبین مرتب کرکے علمی اور مذہبی دنیا پر ایک بے نظیر احسان عظیم کیا ہے جس کے لئے اردو لٹریچر ہمیشہ مولانا کا شکر گذار رہیگا۔ سلاست زبان، دلکش طرز بیان اور قوت استدلال کے لحاظ سے بلاغ مبین عہد حاضر کی علمی و ادبی شاہکار ہے۔ ... صفحات، کاغذ سفید چکنا ... پونڈ، اعلیٰ کتابت و طباعت، بلاک سے طبع شدہ جدید طرز کا شاندار ٹائیٹل ... ان تمام خوبیوں کے باوجود قیمت صرف دو روپے (عہ) ... شوال المکرم تک محصول ڈاک معاف۔

ملنے کا پتہ: (مولوی) محمد ادریس منیجر دفتر بلاغ مبین دہلی یا منیجر مکتبہ اسلامیہ سیوہارہ ضلع بجنور

## شائقین مرغ کیلئے نادر موقعہ

(المشتہر) منیجر پالی بٹ پولٹری فارم پالی بٹ ضلع کرنال (پنجاب)

# عراق ریلوے

(۱) نجف، کربلا، کاظمین اور سامرہ اسلامی مقامات مقدسہ کی زیارت کا انتظام عراق ریلوے نے کیا ہے یہ سفر نہایت قلیل کرایہ اور کم وقت میں طے ہوگا دوران سفر میں ہر ممکن آسائش بہم پہنچائی جائیں گی۔

## مکہ معظمہ کو جاتے ہوئے عراق کے مقامات مقدسہ کی زیارت کرو

حجاج کے لئے کوپن ٹکٹ جاری کر دیے گئے ہیں۔ جو ایک سو پچاس دن تک کارآمد ہوں گے۔

۵۰ کلو وزن اسباب پر کوئی زائد کرایہ نہیں لگایا جائے گا۔

شرح کرایہ درج ذیل ہے:۔

بک "اے"

| | تھرڈ کلاس | سکنڈ کلاس |
| --- | --- | --- |
| مقل دبصرہ سے کربلا تک اور کربلا سے بغداد یا کاظمین (جوادین سٹیشن) تک اور کاظمین سے سامرہ تک اور واپس براستہ کاظمین | ۱۴/-/- | ۴۲/-/- |

مقل تک "بی"

مقل بصرہ سے کربلا تک اور وہاں سے ...

(پتہ) بغداد کو یک اکنی یالمان لینڈ کمپنی براستہ عراق ریلوے روانہ کریں

# ہمالیہ

پہاڑ جہاں سونے چاندی اور لوہے کی کانیں ہوتی ہیں وہاں ان کا ست لیکر عنایت پروردگار سے یہ سلاجیت پیدا ہوتا ہے۔ ہم ایسے دشوار گذار مقامات سے عرصہ ... سال سے منگا کر طب و ویدک طریقہ سے صاف کرتے ہیں جو کہ ہر موسم میں استعمال کیا جا سکتا ہے اور جسکے ہزارہا سرٹیفکیٹ ہمارے پاس موجود ہیں۔

## طاقت قوت بڑھانے اور قوت مردمی کا بے تحاشا اضافہ کرنیوالی تمام اقسام کے جریان و سیلان کو دور کرنے والی رشی منی علماء و حکماء کا تعریف کردہ

اکسیر اعظم

# اصلی سلاجیت اصلی

حکیم و ڈاکٹروں نے متفق ہو کر تجربہ کرکے یہ ظاہر کر دیا ہے کہ دنیا بھر کی ادویات میں خالص سلاجیت کی برابر ہر قسم کے جریان کو دور کرکے طاقت دینے والی کوئی دوا نہیں جس کے استعمال سے بوڑھے جوان اور جوان نوجوان بن جاتے ہیں ...

پتہ:۔ مالک فرم ہمالیہ ڈپو ہردوار ضلع سہارنپور

HIMALIYA DEPO HARDOWAR (SAHARANPUR)

تصدیق

## سچا ہمدم و رہبر بے دام

... ویدشاستری جام نگر کاٹھیاواڑ

بسم اللہ الرحمن الرحیم


# الجمعیۃ دہلی

یوم دوشنبہ ۲۲ر شوال المکرم ۱۳۵۳ھ ہجری


# ہندوستان کا دستور اساسی
## گورنمنٹ آف انڈیا بل

ہندوستان کا دستور اساسی برطانیہ کی پارلیمنٹ میں پیش ہوگیا اور کہا جاتا ہے کہ پارلیمنٹ کی زندگی میں آج تک اتنا طویل مسودہ قانون پیش نہیں کیا گیا ہے یہ پہلا موقع ہے کہ چار سو پچاس دفعات کا مسودۂ قانون پارلیمنٹ کے سامنے …

… وائٹ پیپر منظر عام پر آیا اس میں کچھ متعین تجاویز تھیں۔ اس لئے وہ گول میز کانفرنسوں کے مباحث اور ان کی سفارشات سے بھی کمتر تھا۔ تمام ہندوستان میں اس کے خلاف شور مچ گیا۔ مگر جب اس سے اور زیادہ مفصل اور مستند دستاویز …

# شذرات

## چین اور جاپان کی جنگ

چین اور جاپان کی جنگ پھر شروع ہوگئی اور تازہ اطلاعات یہ ظاہر کرتی ہیں کہ جاپان نے چین کے ایک شہر پر جو کویاں کے نام سے مشہور ہے قبضہ بھی کر لیا۔ چینی افواج کو شکست ہوئی اور وہ پسپا کر دی گئیں۔ چین اور جاپان کے درمیان یہ تازہ جنگ حقیقتہً اسی جنگ کا ایک تتمہ ہے جو اب سے کچھ عرصہ قبل ان دونوں ممالک کے درمیان ہو چکی ہے۔ جاپان نے محض اپنی عسکری قوت کے زعم میں چین کے ایک ساحلی صوبہ پر قبضہ کر لیا ہے اور جمعیۃ اقوام نے جو مداخلت کی تھی اس کے جواب میں وہ جمعیۃ مذکور کی رکنیت سے بھی استعفاء دے چکا ہے۔ اب وہ چاہتا ہے کہ اپنے اس قبضہ کو اور بڑھائے اور دیوار عظیم چین کو کی سیاسی حد کے درمیان جو علاقہ باقی ہے اسے مستقلاً اپنے قبضہ میں کرے۔ چنانچہ معلوم ہوا ہے کہ یہ علاقہ جو … میل مربع ہے پہلے ہی حملہ میں ختم ہوگیا ہے اور اب جاپان نے اسے منچوکو میں شامل کر کے اپنی حد وہ کو دیوار عظیم تک بڑھا دیا ہے جاپان کی یہ جوع الارض اسی تہذیب و تمدن کی پیروی کا ایک لازمی نتیجہ ہے جو آج کل یورپ میں عام ہو رہا ہے۔ اور اس کے لئے ہرگز یہ ضروری نہیں ہے کہ کوئی دلیل جواز بھی پیش کی جائے۔ جس طرح یورپ کی استعماری طاقتیں پہلے دوسری کمزور آبادیوں کو تہس نہس کر چکی ہیں اور اپنی سلطنتوں کی بنیاد ان کے کھنڈروں پر تعمیر کی ہے اسی طرح جاپان بھی اب اپنے مقبوضات میں وسعت کا متمنی ہے اور اس کے لئے ہر جائز و ناجائز عمل پر تلا ہوا ہے مغربی اقوام جن کا خود یہی شیوہ رہا ہے۔ جاپان پر کوئی اعتراض نہیں کر سکتی مگر موجودہ دور میں ایک الشمالی ملک پر دوسرے الشمالی ملک کا یہ ظلم و جبر …

مرکزی مجلس مقننہ میں ایک رکن اور ایک قائد کی حیثیت سے گزرا ہے۔ گزشتہ اسمبلی میں مخالف پارٹی کے لیڈر وہی تھے اور انہوں نے اپنی جماعت کو پوری قابلیت اور آزادروی کے ساتھ چلایا تھا کئی مواقع پر انہوں نے گورنمنٹ کو ایسی شکست دی تھی جو گزشتہ اسمبلی میں ایک تعجب خیز کارنامہ معلوم ہوتی تھی۔ بہرحال مختلف حیثیتوں سے سر عبدالرحیم کی ذات بھی گوناگوں خوبیوں کا مجموعہ ہے اور ہم کرسی صدارت کے لئے انہیں بھی کسی طرح غیر موزوں نہیں پاتے۔ حکومت ابتداً ان کی امیدواری کے سخت مخالف تھی اور ہمیں معلوم ہے کہ سرکاری حلقوں میں ان کے خلاف سخت کوششیں کی جا رہی تھیں مگر کانگریسی امیدوار کا سامنے آنا تھا کہ حکومت ان کی حمایت پر مجبور ہوگئی اور اس طرح خود حکومت ہی کے دوٹوں سے ایک قابل اور آزاد خیال صدر منتخب ہوگیا۔ ہم امید کرتے ہیں کہ سر عبدالرحیم کا دور صدارت خودداری آزادروی اور انصاف پروری کی ایک اعلیٰ مثال پیش کرے گا۔

## وائسرائے کی تقریر

ہز ایکسیلنسی وائسرائے نے ۲۴ر جنوری کو ایوان اسمبلی میں حسب معمول اپنی پہلی تقریر ارشاد فرمائی۔ جن لوگوں کو ہز ایکسیلنسی کی اس تقریر میں کسی غیر معمولی اعلان کا انتظار تھا وہ تو ضرور مایوس ہوئے ہوں گے مگر ہم پہلے ہی سے جانتے تھے کہ اس قسم کی تقریریں ہمیشہ رسمی مباحث اور پیچ در پیچ الفاظ و تراکیب کا ایک مجموعہ ہوا کرتی ہیں۔ ہز ایکسیلنسی نے کوئی بات بھی ایسی نہیں کہی جو ہندوستان کے مستقبل کے متعلق کوئی بہتر توقعات پیدا کرنے والی ہو …

## سر عبدالرحیم کا انتخاب

# حوادث و احکام

## استفتاء

## الجواب

## استفتاء

## الجواب

## استفتاء



# دار الحکومت

## دہلی کے اردگرد برطانی افواج میں شدید جنگ
### نقلی معرکہ آرائی میں مشین گنوں کی گولہ باری

دہلی ۲۵ر جنوری۔ روہیل کھنڈ کی فوجوں نے زیر سرکردگی میجر جنرل کالسن (مشرقی کمانڈ) گزشتہ ۴۸ گھنٹوں میں دلیٹ لینڈ کی افواج کو زیر سرکردگی بریگیڈیر ساٹڈر نقل و حرکت کرائی ہے۔ کئی بار شکستیں ہوئیں شکست خوردہ افواج دہلی اور بھیرا کے قریب کے رقبوں میں چلی گئی ہیں جو گوڑگانوہ سے ۸ میل کے فاصلہ پر ہے۔ اس طرح پر روہیل کھنڈ کو اپنے سرحد کی ۸ میل کی آراضی پر قبضہ کرنے کا موقعہ دیا ہے۔

روہیل کھنڈ کی فوجیں کل رات کو پالی اور تغلق آباد کے قریب پہنچ گئیں اور اب دہلی کی طرف بڑھتی جا رہی ہیں۔ ان کا مقابلہ ویسٹ لینڈ فوجوں سے …

## دہلی میں مہاراجہ نیپال کا ورود

## سانحۂ ارتحال
### حضرت ناظم الجمعیۃ کے محترم کی وفات

# چینی اور جاپانی افواج میں گھمسان کی لڑائی
## جاپانی جہازوں کی بم باری اور جنگی کاروں کا استعمال
### مانچوکو کی گشتی فوج کا قتل

… ۲۵ر جنوری۔ آج … جاپان کی دو ہزار فوج کے درمیان گھمسان کی لڑائی ہوئی۔ جاپانی جہاز کئی گھنٹے تک بم باری کرتے رہے اور متعدد جنگی کاریں استعمال کی گئیں۔ معلوم ہوا ہے کہ جاپانیوں کی پیشقدمی کی وجہ سے مانچوکو کے صوبہ کے علاوہ جاپان کے مقبوضات میں مزید ۳۲ مربع میل کا اضافہ ہوگیا ہے۔ جاپان کے اس ناگہانی حملہ کے خلاف چینی حلقوں میں سخت غم و غصہ کا اظہار کیا جا رہا ہے سپرسوں ہیروتا نے جو تقریر کی تھی وہ جاپان کی صلح پسندی کا مظہر تھی لیکن … نے پیشقدمی کر کے اس صلح پسندی کا ثبوت نہیں دیا۔ معلوم ہوا ہے کہ چین کی دیوار اعظم پر یہ شدید جنگ جاری رہے گی۔

ٹوکیو ۲۵ر جنوری۔ مانچوکو کی سرحد سے کافی فاصلہ پر مزید جنگ جاری ہے۔ باہر کی منگولیا فوج نے اچانک مانچوکو کی گشتی فوج پر حملہ کر دیا اور بہت سے آدمیوں کو ہلاک کر دیا مانچوکو کے باشندوں نے جوابی حملہ کیا جنگ شام تک جاری رہی۔

## نمائندہ اسمبلی اور کانگریس کی مخالفت
### انڈیا بل کی تعریف میں وزیر ہند کی تقریر

## بیس مکانات پر پولیس کے چھاپے
### دو درجن نوجوان گرفتار

## محترمہ خالدہ ادیب خانم کو صدمۂ عظیم
### دہلی میں کمال عاطف بے کا ناگہانی انتقال

## سرحد میں قانون قرضہ کا بل
### وائسرائے سے اجازت کی درخواست

## انڈیا بل کی نقول دہلی میں
### ۲ر فروری کو خریدی جا سکیں گی

## اچھوتوں کے حقوق کے تحفظ کی تجویز
### اسمبلی میں پست اقوام کی آواز

## جمعیۃ اقوام کی لیگ کونسل کا اجلاس
### عراق و ایران کا مسئلہ ملتوی

## ۱۷ دوکانیں اور ۶ کاریں نذر آتش

## ایک ہندو رئیس کی دریا دلی

## لوکل بورڈ کے دفتر میں دلیرانہ ڈاکہ

## کلکتہ میں پچاس گرفتاریاں

# اسمبلی میں کانگریس کی فتح
## تحریک التوائے اجلاس منظور
### صوبجاتی حکومت نے مرکزی حکومت کی نافرمانی کی ہے

نئی دہلی ۲۴ر جنوری۔ کل جب اسمبلی کا اجلاس شروع ہوا تو اکثر یہ بیان خلق نقیبں مسٹر مودی نے جب حلف وفاداری لیا تو خوب تالیاں بجائی گئیں مسٹر این سی بار دولی نے ایک تحریک التوائے اجلاس پیش کی جس میں حکومت کے اس فعل کی مذمت کی گئی تھی کہ اس نے مسٹر سرت چندر بوس ممبر کو ایوان کے رکن کی حیثیت سے اپنے فرائض ادا کرنے سے باز رکھا اس طرح ایوان کے حقوق میں دست اندازی کی اور اس حلقہ انتخاب کو نمائندگی سے محروم کیا گیا ہے جس سے مسٹر سرت چندر بوس منتخب ہوئے تھے۔ ہوم ممبر نے تحریک پر اعتراض نہ کیا لیکن صدر سے درخواست کی گئی کہ وہ اس بات کا خیال رکھیں کہ بحث صرف استحقاق تک محدود رہے صدر نے بحث کے لئے چار بجے کا وقت مقرر کیا۔

سر فرانک نوائس نے ہندوستانی معادن کے قانون میں ترمیم کے …

## لاہور کا جواب

## خان عبدالغفار خاں کا بیٹا بھی جیل چلا گیا

## ملک معظم کا سلور جوبلی فنڈ
### ہندوستان میں ایمبولنس کا کام

(از محکمہ اطلاعات حکومت ہند)

ملک معظم سے اس امر کی منظوری حاصل کرنے میں کہ سلور جوبلی فنڈ سے فیضیاب ہونے والی چار رضا کار جماعتوں میں سینٹ جان ایمبولنس کو بھی شامل کر لیا جائے ہز ایکسلنسی وائسرائے نے ایسوسی ایشن کی انڈین کاؤنسل کی اس ٹھوس اور بے نمود خدمت پر اظہار خوشنودی فرما دیا ہے جو کاؤنسل پچیس برس سے کر رہی ہے۔ آجکل کے زمانے میں جبکہ موٹر کے حادثات روز بروز بڑھتے جاتے ہیں، بہت کم لوگ ایسے ہوں گے جو فسٹ ایڈ کی اہمیت سے منکر ہوں۔ اس وقت کیفیت یہ ہے کہ ہزاروں دیہاتی اپنے جینے اور مرنے کی گھڑیوں میں فسٹ ایڈ کے وجہ سے بے خبر رہتے ہیں اور ہزاروں شہری عمدہ نرسنگ کے اخراجات برداشت نہیں کر سکتے۔ ایسوسی ایشن اس تکلیف دہ صورت حال کو دور کرنے کے لئے لڑکوں اور لڑکیوں اور عورتوں اور مردوں کو فسٹ ایڈ کے ابتدائی علم سے آراستہ کرتی ہے اور انہیں بتاتی ہے کہ ...

ضرورت ہو یا کسی فٹ بال میچ یا پبلک جلوس میں جانا پڑے جہاں خلائق کے اژدہام کی وجہ سے اکثر حادثات ہو جاتے ہیں۔ کبھی کبھی انہیں زلزلہ بہار جیسی ناگہانی آفت سے بھی دوچار ہونا پڑتا ہے۔ زلزلہ کے موقع پر کلکتے کی ایمبولنس ڈویژن نے مونگیر میں اپنا کیمپ قائم کر کے بہت مفید کام کیا اور سینکڑوں آدمیوں کی مدد کی۔ کسی ہسپتال کے ان مریضوں کے سلسلے میں جو دوا پٹی کرا کے چلے جاتے ہیں، ڈویژن کی ضرورت ہو سکتی ہے۔ ہائی ٹیک ڈاکٹر کے میڈیکل اسکولوں کے معائنے میں امداد حاصل کی جا سکتی ہے۔ یا مقامی مرکز صحت بچگان میں بھی ڈویژن جا سکتے ہیں۔

بدقسمتی یہ رہی ہے کہ ایسوسی ایشن کو بہت محدود سہارے سے کام کرنا پڑا۔ گذشتہ چند سال میں اس رقم پر جو ایسوسی ایشن نے مختلف کاموں میں لگا رکھی ہے، آمدنی ۲۰ فی صدی کم ہو گئی۔ چنانچہ اب یہ کیفیت ہے کہ ایسوسی ایشن موجودہ دستوں کو قائم رکھنے کی کوشش کر رہی ہے اور توسیع کی طرف سے بالکل مایوس ہے۔ اس کے ساتھ ہی ایمبولنس کے کارپردازان کو تازہ تازہ دعوتیں موصول ہو رہی ہیں۔ ایک رضاکارانہ امدادی اسکیم جس کی رو سے سینٹ جان ایمبولنس بریگیڈ ضرورت کے وقت فوجی ہسپتالوں میں نرسنگ سروس کی امداد کریگا، حال ہی میں منظور ہوئی ہے۔ ...

## دوسرا آل انڈیا اردو مضمون کا مقابلہ

والی ایم۔ ایم۔ ایسوسی ایشن کے اردو مضمون مقابلہ سب کمیٹی مندرجہ ذیل مضامین آل انڈیا اردو مضمون مقابلہ کے لئے انتخاب کیا ہے۔

اسکول گروپ (۱) طلبا کا اصل مقصد کیا ہونا چاہئے (۲) مثالی غازی امان اللہ خان (۳) ٹیپو سلطان (۵) سراج الدولہ (۶) سروجنی نائیڈو (۷) خالدہ ادیب خانم (۸) سلطانہ رضیہ۔

کالج گروپ (۱) ہندوستان کا موجودہ ادیب العصر کون ہو سکتا ہے؟ (۲) اردو زبان کی اہمیت سیاسی و مذہبی نقطۂ نظر سے (۳) مخلوط تعلیم ہونا چاہئے یا نہیں؟ (۴) غازی عبدالکریم ہی ہدلیف۔

عوام کے لئے (۱) ہندوستان کا موجودہ غالب کون ہو سکتا ہے؟ (۲) رضا شاہ پہلوی (۳) ہندوستانی خواتین کو پردہ کی ضرورت ہے یا نہیں؟ (۴) ہندوستان کی آزادی کے لئے لیڈر کی ضرورت ہے؟

### شرائط

...

طرف توجہ مبذول کر کے اس کمی کو پورا کرائیں۔

(۴) تبیا راج ہائی اسکول میں ہندو مسلمان عیسائی ہر مذہب کے لڑکے تعلیم پاتے ہیں مگر خاص کر مسلم بچوں کے ساتھ جو ناانصافی برتی جاتی ہے وہ ناقابل برداشت ہے۔ مسلمانان تبیا افسران تعلیم سے درخواست کرتے ہیں کہ وہ جلد از جلد اس متعصبانہ رویہ کی اصلاح فرما کر مسلم کشی سے بچائیں۔

(۵) چوتر داسٹلمنٹ میں مسلمان بچوں کی تعلیم کے لئے ایک مسلمان معلم کا رہنا کونسل میں پاس ہو چکا ہے جس پر کچھ دن تک عمل درآمد بھی رہا ہے مگر حال میں جگہ خالی ہونے پر ایک مسلمان معلم نے بحالی کے لئے درخواست دی تو جناب کلکٹر صاحب بہادر نے وہاں انچارج پادری صاحب سے استمزاج کیا۔ پادری صاحب نے لکھ دیا کہ ضرورت نہیں ہے اس پر جناب کلکٹر صاحب نے اس درخواست کو خارج کرنے کا حکم صادر فرما دیا۔ معلوم کہ باوجود قانون پاس ہونے کے جناب کلکٹر صاحب بہادر کو استمزاج کی کیوں ضرورت محسوس ہوئی۔ اس لئے مسلمانان تبیا مسلم ایم ایل سی حضرات سے اپیل کرتے ہیں کہ وہ لوگ بہت جلد اس کی تحقیقات فرما کر کسی مسلمان معلم کو فوراً بحال کرائیں تاکہ مسلمانوں کے بچوں کی تعلیم کا حرج نہ ہو۔ (نامہ نگار)

## میرٹھ میں علمائے کرام کا اجتماع عظیم

...

## جانشین حضرت شیخ الہند مرحوم کے خلاف
### بعض ملت فروش اخبارات کا رویہ
#### مسلمانان بہار کا احتجاج

...

## بہترین اور عمدہ سویاں

... خرید یئے یہ دوکان دہلی میں بازار لال چاہ لال مسجد کے نیچے واقع ہے۔


## حضرت مولانا الحاج حافظ احمد سعید صاحب کی
# تقریر سیرت

حضرت سحبان الہند مولانا الحاج حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند کی وہ بصیرت افروز شریعت آموز تقریر جو ممدوح نے اٹاوہ کے جلسہ سیرت میں ارشاد فرمائی تھی اور جس کو بعد میں مزید تفصیل و تشریح کے ساتھ مرتب و مدون کر کے الجمعیۃ میں جزواً جزواً شائع کیا گیا تھا قارئین الجمعیۃ کے مسلسل و پیہم اصرار پر کتابی شکل میں ادارۂ الجمعیۃ کی جانب سے شائع کی جا رہی ہے اور اس کے ساتھ وہ آخری حصہ بھی شامل کر دیا ہے جو الجمعیۃ میں نہ شائع کیا جا سکا تھا ... نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت مقدسہ کے متعلق ایک بے نظیر و بے مثل مجموعۂ معلومات ... اس کے بعض عنوانات بطور نمونہ درج ذیل کئے جاتے ہیں تاکہ کتاب کی ہمہ گیری اور وسعت کا کچھ اندازہ کیا جا سکے۔

### مختصر فہرست مضامین

...

پوری کتاب ... منیجر الجمعیۃ گلی قاسم جان ۔ دہلی




## سید عطاء اللہ شاہ بخاری کا جرم
### مسلمانان سیوہارہ کا دلیرانہ اعلان

سیوہارہ ۱۸ر جنوری ۱۹۳۵ء یوم جمعہ کو بعد نماز جمعہ مسلمانان سیوہارہ کا عظیم الشان جلسہ زیر صدارت حضرت مولانا بشیر احمد صاحب رکن جمعیۃ العلماء ہند منعقد ہوا جس میں حضرت مولانا محمد حفظ الرحمن صاحب رکن جمعیۃ العلماء و جناب مولانا جمیل الرحمن صاحب نے تقریریں فرمائیں اور مجمع نے حسب ذیل تجویز منظور کرائی۔

مسلمانان سیوہارہ کا یہ نمائندہ جلسہ اس امر کا اعلان ضروری سمجھتا ہے کہ نو کروڑ مسلمانان ہند بلکہ چالیس کروڑ مسلمانان عالم کے نزدیک وہ ہستی جو نبی اکرم سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی ختم نبوت کا انکار کر کے خود مدعی نبوت بنی ہو وہ محبوب رب العلمین صلی اللہ علیہ وسلم کی توہین کرنے والی اور آپ کی شان اقدس میں سخت گستاخ ہے اس لئے مرزا غلام احمد قادیانی مرتد اور نبی اکرم سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے دین کا برباد کرنے والا ہے اور چالیس کروڑ مسلمانوں کے قلوب کو مجروح کرتا ہے پس مجاہد ملت مولانا عطاء اللہ شاہ بخاری کی وہ تقریر جو انہوں نے قادیان کی تبلیغ کانفرنس میں کی ہے اسلام اور مسلمانوں کی صحیح ترجمانی ہے اور اگر ان کی تقریر قابل مواخذہ اور لائق مجرم ہے تو ہم سب اس ...

## اسمبلی میں وائسرائے ہند کی تقریر
### سیاسی۔ اقتصادی اور تعلیمی حالات پر تبصرہ
#### مفروضہ برطانی برکات کا متکبرانہ اظہار

دہلی ۲۴ر جنوری۔ آج جب ہز ایکسلنسی وائسرائے اسمبلی میں تقریر کرنے کے لئے تشریف لائے تو وزیٹروں کی گیلریاں کھچا کھچ بھری ہوئی تھیں کونسل ہاؤس کے اندر اور باہر وسیع انتظامات تھے۔ ہز ایکسلنسی کے لئے سنہری کرسی رکھی گئی تھی۔ کرسی کے آگے پاؤں رکھنے کے لئے مخمل کا گدا رکھا ہوا تھا۔ سرکاری نامزد ممبر اور مسٹر جناح اور ان کی پارٹی کے چند ممبران درباری لباس میں آئے تھے۔ کانگریسی ممبر اپنے معمولی لباس میں تقریر کے دوران میں بے حس و حرکت بیٹھے رہے اور انہوں نے کسی قسم کا جوش و خروش ظاہر نہیں کیا۔ تقریر ختم ہونے کے بعد بھی وہ اسی طرح بیٹھے رہے۔ اور سرکاری ممبروں کے چیئرز میں شریک نہیں ہوئے۔ ہز ایکسلنسی اپنے اسٹاف کے ہمراہ جلوس کی شکل میں ٹھیک ... بجے تشریف لائے اور انہوں نے ۵۵ منٹ میں اپنی تقریر ...

### صنعتی معاملات

اس کے بعد وائسرائے ہند نے اقتصادی معاملات کا ذکر کیا اور فرمایا کہ فرقہ کے ضابطہ کے متعلق ۱۱ افسروں کا تقرر کر دیا گیا ہے اور بنگلور میں ایک ڈیری کا صنعتی انسٹی ٹیوٹ بھی قائم کیا جانے والا ہے۔ اسی طرح کانپور میں ایک شکر انسٹی ٹیوٹ قائم ہوگا۔

ذرائع مراسلت کے متعلق آپ نے کہا کہ ٹیلیفون کے سسٹم کو وسعت دی جا رہی ہے۔ جس سے تجارتی طبقوں کو بہت فائدہ پہنچے گا اور ڈاکخانہ کے محکمہ کی جانب سے یہ کوشش ہو رہی ہے کہ سلور جوبلی کے موقعہ کے لئے شرح کم کر دی جائے۔

ہوائی محکمہ کو بھی کافی ترقی دی گئی ہے جس سے تمام ہندوستان کو فائدہ ...

جہاں تک تحفظات کا تعلق ہے یہ بھی دراصل ترقی کی راہ میں امداد کے لئے ہیں۔

وائسرائے نے اپنی تقریر کو جاری رکھتے ہوئے فرمایا کہ میں خود اور میری گورنمنٹ فیڈرل لیجسلیچر کے لئے براہ راست انتخاب کے حامی تھی لیکن دوسری جانب اپنی زبردست دلائل موجود تھے اور اس واقعہ سے کہ اگر ہندوستانی رائے ترمیم کے حق میں ہوئی تو لیجسلیچر اپنی تجاویز پارلیمنٹ کے روبرو پیش کر سکے گی۔ ہندوستانیوں کے لئے شکایت کا کوئی موقعہ نہیں رہ جاتا۔

## ایوان والیان ریاست کا اجلاس

نئی دہلی ۲۲ر جنوری۔ آج ایوان والیان ریاست کا ہنگامہ خیز اجلاس شروع ہوا۔ مجوزہ فیڈریشن میں ریاستوں کی شرکت کے مسئلہ نے اس اجلاس کی اہمیت میں اور بھی اضافہ کر دیا ہے۔

مہاراجہ بیکانیر نے وائسرائے کو اس بات کا سرٹیفکیٹ دیا کہ انہوں نے والیان ریاست پر کسی قسم کا دباؤ نہیں ڈالا ہے۔

اس کے بعد ایوان میں وائسرائے نے تقریر کی۔

## وزیر اعظم کپورتھلہ کی جائداد ضبط

...

## ٹیلہ گرنے سے تین اشخاص ہلاک

...

## فرانسیسی افریقہ میں ایک سو اشخاص کا قتل

...

## دہشت انگیزی کے اعداد و شمار
### چار سال میں ۷۰ اشخاص کا قتل

...

## مغلا کا ساتھی پھانسی سے بچ گیا

...

## انڈیا بل ۳۰ر جنوری کو شائع ہو جائیگا

...

## بلقانی حکومتوں کی کانفرنس

...


## مفت! مفت!! مفت!!!

... پرنسپل اول ادا انڈین میڈیکل کالج انبالہ شہر

## مصفا خون کی شربتیہ گولیاں

... گورمی ایجنسی جالندھر شہر (پنجاب)

## خضاب چھوڑ دو

...

## محبوب عاشق کے قدموں پر

...

## معجون شباب آور

... ہمدرد دواخانہ یونانی دہلی

## بچوں والو ہوشیار

... بال جیون کمپنی

یَدُ اللّٰہِ عَلَی الْجَمَاعَۃ

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

تار کا پتہ "الجمعیۃ دہلی"
ٹیلیفون نمبر ۵۷۳۸

# سہ روزہ الجمعیۃ دہلی

مدیر مسئول ہلال احمد زبیری (بی۔اے) معاون محمد عثمان فارقلیط

جلد ۲۱ | دہلی یوم جمعہ ۲۶ شوال المکرم ۱۳۵۳ہجری مطابق یکم فروری ۱۹۳۵ء | نمبر ۸


## رواج عام اور شرعی قانون میں تصادم

### "مسلمان رواج کو چھوڑ کر اسلامی قانون اختیار نہیں کر سکتے"

### لاہور ہائی کورٹ کا ایک تازہ فیصلہ

(گزشتہ سے پیوستہ)

#### جسٹس ٹیک چند کا فیصلہ

## معاصرین کے افکار و آراء

### قانون انتقال اراضی

قانون انتقال اراضی کا مقصد یہ تھا کہ ساہوکار اور بنیئے جو پہلے ہی پنجاب کی تجارت اور صنعت و حرفت پر قابض ہیں، زمین اور زراعت پر قبضہ کر کے، زمینداران کو نیست و نابود نہ کر دیں ...

"چند سلطنتوں کے درمیان اس قدر مستحکم اتحاد قائم ہو چکا ہے کہ ان کے متعلق کسی کو یہ وہم و گمان بھی نہیں ہو سکتا کہ وہ ایک دوسرے کے خلاف صف آرا ہوں ..."

### مسلمانان اوجین کی فریاد

### ہندوستان کی فوجی مصارف

## پادری کی لڑکی کا قبول اسلام

اسپین کے ایک جلیل القدر پادری کی لڑکی نے جب اسلامی تعلیمات کا مقابلہ کیا اور مسلمانوں کے مذہب اور ان کے اعمال کو بغور دیکھا تو اس کے دل میں اسلام کی صداقت و حقانیت جاگزیں ہوگئی اور اس نے یہ فیصلہ کر لیا کہ حقیقتاً اسلام ہی وہ مذہب ہے جو دنیا اور آخرت میں نجات کا راستہ بتاتا ہے۔ اور اس کے علاوہ جتنے مذاہب ہیں وہ سب باطل اور صراط مستقیم سے بھٹکا دینے والے ہیں۔ جب عیسائیوں کو اس کی خبر ہوئی تو تمام پادریوں نے مل کر اس لڑکی پر بے شمار مظالم ڈھائے اور استقلال گداز اور صبر آزما مصائب میں مبتلا کیا کہ دیکھنے والوں کے رونگٹے کھڑے ہونے لگے۔ مگر وہ لڑکی اسلام پر ثابت قدم رہی۔ اور اس نے بالآخر تمام پادریوں کی ایک شاندار مجلس میں اسلام کی حقانیت پر ایک بصیرت افروز مناظرہ کیا۔ فضیلت اسلام اور رد عیسائیت کے جس قدر دلائل لکھی تھی وہ تائید الٰہی سے اس لڑکی نے پادریوں کے مقابلہ میں اس خوش اسلوبی کے ساتھ پیش کئے کہ سامعین حیرت و استعجاب کے سمندر میں غرق ہوگئے۔ اور پادریوں سے کوئی جواب بن نہ پڑا۔ اور وہ لڑکی ہمیشہ کے لئے اسلام ہی سے وابستہ ہوگئی۔ اس کا نام اثریا تھا اور اس کی زندگی کے واقعات ایک کتاب میں قلمبند کر دیئے گئے ہیں۔ اگر آپ کو گزشتہ عظمت و سطوت کا مطالعہ کرنا ہے اور عیسائیت کے مقابلہ میں اسلام کی حقانیت کے بے شمار دلائل سے واقفیت حاصل کرنے کا شوق ہے۔ اور آپ اس کتاب کے ذریعہ تبلیغ اسلام کا فریضہ ادا کرنا چاہتے ہیں تو طلب کیجئے۔ پہلا ایڈیشن قریب الختم ہے۔ اگر دیر ہوئی تو دوسرے ایڈیشن کا انتظار کرنا پڑے گا۔ قیمت فی جلد ۱۲ علاوہ محصول ڈاک۔ تبلیغی مقاصد کیلئے بیس یا بیس سے زائد جلدوں کے خریدار کو عیسیٰ فی صدی کمیشن دیا جائے گا۔

ملنے کا پتہ:- منیجر الجمعیۃ دہلی

---


Regd № L 1793.

# The Aljamiat

Vol. XXI № 7 DELHI MONDAY 28th JANUARY 1935. PRICE ONE ANNA



نورانی قرآن مجید

طلب فرمایئے۔ قیمت مجلد بارہ روپیہ

پادری کی لڑکی — قبول اسلام

منیجر الجمعیۃ دہلی


کر رہے تھے۔

ان ہی حضرات کی نگرانی میں جامع مسجد میں جلسہ ہوا۔ اور پھر انہیں حضرات کی نگرانی میں یہ جلوس جامعہ قاسمیہ مدرسہ شاہی پر آکر ختم ہوا۔ جہاں اساتذہ جامعہ قاسمیہ مدرسہ شاہی کی جانب سے اپنے نومسلم عزیز مغربی بھائی کی خدمت میں سپاسنامہ پیش کیا گیا۔

اسی طرح وہ تمام توصیف اور تعریف سراسر دروغ بافی ہے جو اس فرضی انجمن کے متعلق جناب خالد صاحب کی طرف منسوب کی گئی ہے۔

ڈاکٹر صاحب کی زبان پر اس فرضی انجمن کا نام بھی نہیں آیا۔ اس کی مدح سرائی یا اس کے متعلق کوئی اعلان تو در کنار۔

لہٰذا مسلمانان ہند کو مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ ہرگز ہرگز اس قسم کے اعلانات سے غلطی میں نہ مبتلا ہوں۔

(مفتی الرحمان عفی عنہ، از مراد آباد)

ڈاکٹر خالد شیلڈرک کا عظیم الشان جلوس کے عنوان سے یہ خبر پڑھ کر بے حد تعجب ہوا کہ جو کچھ اسلامی خدمات مراد آباد میں ہوئیں یا ہو رہی ہیں وہ سب انجمن تبلیغ الاسلام کی سرگرمیوں کی منت کش ہیں۔

آج دنیا جانتی ہے کہ مراد آباد کی سب سے پرانی اور صاحب اقتدار جماعت جمعیۃ العلماء ہے جس کی عالی شان خدمات تمام ہندوستان میں ظاہر ہیں۔ اس میں شک نہیں کہ اکثر اوقات میں اشاعت الاسلام۔ خدام الدین۔ تحفظ ناموس شریعت۔ احرار۔ شبان المسلمین نے تبلیغی خدمات جمعیۃ العلماء کی زیر نگرانی انجام دیں اور دے رہی ہیں۔ جمعیۃ العلماء کے دوسرے نمبر پر انجمن فدائے سنت تبلیغی خدمات انجام دے رہی ہیں۔ مگر اس تمام فہرست میں انجمن تبلیغ الاسلام کا کوئی پتہ نہیں۔ ڈاکٹر خالد شیلڈرک کا جلوس بیشک جم غفیر پر مشتمل نہایت شاندار تھا۔

ہزاروں مسلمانوں کے مخلصانہ جذبات نے اس میں مخصوص شوکت پیدا کر دی تھی مگر یہ اس کی برکت تھی کہ جمعیۃ العلماء اور انجمن فدائے سنت کے ہر دلعزیز رضاکار صاحبان اور جاں نثار معزز کارکنان اس کی قیادت

مولانا سید الطاف حسین صاحب ہیڈ ماسٹر مدرسہ اسلامیہ اٹاوہ۔ ڈاکٹر ضیاء الدین صاحب ایم۔ ایل۔ اے۔ مولانا سید سلیمان صاحب ندوی۔ حضرت مولانا مفتی محمد کفایت اللہ صاحب صدر جمعیت العلماء ہند۔ حضرت مولانا احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند۔ سر راس مسعود صاحب۔ ڈاکٹر سر محمد اقبال صاحب اور دیگر مستند و معروف حضرات اس طرف توجہ کریں کہ کسی مقام پر تبادلہ خیال فرما کر ایک محدود جماعت نصاب تعلیم مرتب کرنے کی مقرر کر دی جائے تو بہت آسانی سے اسلامی مدارس کی مشکلات حل ہو کر تمام درسگاہیں ایک مرکز پر لائی جا سکتی ہیں۔

(قابل مبلغ اسلام وارد حال دہلی)

## ایک غلط اطلاع کی تردید

### مسلمان دھوکہ نہ کھائیں

معزز جریدہ "روزنامہ احسان" مورخہ ۱۸ جنوری کے صفحہ کالم نمبر ۱ پر

## اکابر ملت سے ضروری گذارش

### عربی مدارس کے نظام کی ضرورت

میں نے انجمن تنقید ادب کے سلسلہ میں ملک کے قریب و بعید علاقہ جات کا دورہ کیا اور خدا کا شکر ہے کہ ملک کے مختلف حصوں نے میری تجویز کا خیر مقدم کرتے ہوئے اردو کی اصلاح و ترقی کی مساعی عمل میں لانے کے لئے تنقید ادب کی مجالس قائم کیں اور سابق و حال مصنفین و مؤلفین کی تصانیف وغیرہ تنقید و تبصرہ کے تحت میں شائع ہونے سے رونق اس نامناسب و غیر ضروری لٹریچر کی اشاعت سے رک گئی ...

## رعایتی اعلان

### نصف قیمت صرف ایکدن کیلئے

وہی حضرات اس رعایت سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں جو ۳ فروری ۱۹۳۵ء کو اپنی درخواست ڈاک میں ڈال دیں۔ کیونکہ یہ رعایت صرف ایک دن کے لئے ہے۔

اس فہرست میں سب اصلی قیمتیں درج ہیں۔ آپ کو اس سے نصف قیمت پر مال دیا جائیگا ...

سفرنامہ یورپ


حب امساک

مریضان سرعت

DELHI

بنگلہ زند فتحپوری۔ دہلی

اسلامیات

# اسلامی تاریخ کے جواہر پارے

## برشلونہ کے عیسائی بادشاہ کی پسپائی

### غرناطہ پر کفر کی متفقہ یورش

### افریقہ کی طرف باغی عیسائیوں کا اخراج

گذشتہ الجمعیۃ میں یوسف بن تاشفین کے انتقال تک کے حالات درج کئے جا چکے ہیں اور یہ بھی درج کیا جا چکا ہے کہ یوسف کے فرزند علی نے اپنے والد کے نقش قدم پر چلتے ہوئے عیسائیوں سے جنگ کی اور وادی الحجارہ وغیرہ شہروں کو فتح کر لیا۔ آج آگے کا ملاحظہ فرمایئے۔

اد ہر تو علی اور اس کے افسر سیر بن ابی بکر کفار کے استیصال میں مشغول اور عیسائیوں کے مظالم سے لوگوں کو نجات دلانے میں مصروف تھے تو دوسری طرف بجانب شمال افونش ابن رذمیر بادشاہ برشلونہ (یعنی دوسرا افونش ہے) مسلمانوں ...

کو اپنے خیمے اکھاڑنے کا حکم دیا تاکہ ان کو کسی اونچے مقام میں نصب کر دیا جائے اس حرکت سے عیسائیوں نے یہ سمجھا کہ عرب میدان جنگ سے بھاگ رہے ہیں اس لئے انہوں نے ان پر حملہ کر دیا اور عربوں کے خیمہ و خرگاہ پر قابض ہو گئے اور عرب شکست کھا کر پیچھے ہٹے۔

### آخر رذمیر کی پسپائی

...

### سرقسطہ پر صلیبیوں کا قبضہ

...

### آشتین کے ساکنوں کی جلاوطنی

...

### مفتوحہ مقامات کی واپسی

...

### علی کا انتقال

... (باقی آئندہ)

### غرناطہ پر مصیبت

...

### سخت جنگ

...

عربی اور ولایتی ڈاک

# مشرق و مغرب کی تازہ خبریں

سے اس کے روابط مستحکم اور پائیدار ہوں۔ حکومت ملی دفاع کے لئے ہر وقت تیار ہے اور میں یقین دلاتا ہوں کہ تمام ملت ترکیہ اس کے لئے آمادہ ہے۔ اور وقت پر اس کا ثبوت پیش کر دیا جائے گا۔

## ترکی افواج کی نقل و حرکت

### اٹلی کے بری و بحری قوی کا رد عمل

انگورہ کی اطلاع ہے کہ ترکی فوج کا ایک حصہ انگورہ کے قرب و جوار میں روانہ کر دیا گیا ہے اس نقل و حرکت سے صرف تجربہ اور دفاعی امتحان مقصود ہے۔

اناطولیہ کا ایک تار مظہر ہے کہ ترکی فوج کی روانگی کا تعلق بین الملی حالات سے نہیں ہے لیکن انگورہ کی مؤثق ترین خبر مظہر ہے کیونکہ اٹلی نے جزیرہ روڈس میں اپنی افواج اتار دی ہیں اس لئے ترکی حکومت نے فوراً ہی اس کی بری اور بحری فوج کے ردعمل میں اور ... دفاع اپنی افواج روانہ کی ہیں۔

## ۵۸ بیویاں اور ۱۰۲ بچے!

### روسی عدالت سے مجرم کو سزا

حال ہی میں روس کے ایک شخص کو اس جرم میں گرفتار کر کے سزا دی گئی ہے کہ اس نے ۵۸ عورتوں سے نکاح کر رکھا تھا ان ۵۸ عورتوں کے بطن سے ۱۰۲ بچے پیدا ہو چکے ہیں۔ عدالت نے تحقیقات کے بعد مجرم کو دس سال کی سزا دی ہے۔

...

## ترکی حکومت اور ترکی خواتین کو مبارکباد

### انجمن خواتین مصر کا پیغام

ترکی حکومت نے خواتین کو حق رائے دہی دیدیا ہے۔ ...

## بالشویک روس میں اغذیہ نان بخشی

### اب بغیر ٹکٹ کے روٹی ملا کرے گی

...

## دین فطرت میں داخلہ

### افغانستان، عراق اور انگلستان کی سعید روحیں

معاصر "اصلاح" کابل مظہر ہے کہ ولایت قطغن و بدخشاں کے امام صاحب کے دست حق پرست پر دو ہندوؤں نے ہندو دھرم سے توبہ کر کے دین اسلام قبول کیا۔ دیوان سنگھ کا نام عبداللہ اور عجب سنگھ کا نام عبدالسلام رکھا گیا۔

معاصر "الہدایۃ" بغداد مظہر ہے کہ ہندوستانی نژاد دو پارسیوں نے تحقیق و تلاش کے بعد اسلام قبول کیا۔ ایک کا نام فریدون تلکن اور دوسری خاتون کا نام (جو اس کی بیوی ہے) خورشید بائی بنت بہرام جی ہے۔ ...

## انگلستان میں عید میلاد مسیح کی تقریب

### کتنا گوشت اور کتنے انڈے کھائے گئے؟

۲۵ دسمبر کو عید میلاد مسیح (کرسمس ڈے) کی تقریب میں انگلستان کے اندر جو مرغ و ماہی وغیرہ صرف ہوئی اس کی فہرست حسب ذیل ہے۔ ...

| | |
|---|---|
| جنگلی مرغ | دس لاکھ |
| چڑیاں | چھ لاکھ |
| مرغابی | دس لاکھ ایک ہزار |
| خرگوش | ... لاکھ |
| گائے کا گوشت | دس ہزار ٹن |
| پنیر | دس ہزار ٹن |
| کشمش | ایک سو بیس ٹن |
| بیضۂ مرغ | چار کروڑ |
| شراب | چودہ کروڑ گیلن |

## ترکی حکومت ملی دفاع کیلئے ہر وقت تیار ہے

### وزیر اعظم ترکی کا زبردست اعلان

...

## عراق کی تازہ مردم شماری

...

## آئس لینڈ میں قانون امتناع خمر کی منسوخی

حکومت آئس لینڈ نے امریکہ کی طرح اپنے حدود میں قانون امتناع خمر کو منسوخ کر دیا ہے۔ ...


**بہترین اور عمدہ سویاں**

اگر آپ کو ہر قسم کی بہترین اور بکفایت سویاں خریدنی ہیں تو آپ سید ارشاد حسین صاحب کی دوکان سے خریدیے۔ یہ دوکان دہلی میں بازار لال چاہ لال مسجد کے نیچے واقع ہے۔





**سچا ہمدم و رہبر بے دام**

پاک صاف خیالات پیدا کر کے جسمانی و روحانی صحت حاصل کرنے کیلئے دنیا میں سچی خوشی دستیاب کرنے کیلئے آپ آج ہی ایک کارڈ لکھ کر کتاب ... مفت منگائیں۔

وید شاستری جام نگر کاٹھیاواڑ



**شائقین مرغ کے لئے نادر موقعہ**

...

المشتہر۔ منیجر پانی پت پولٹری فارم پانی پت ضلع کرنال (پنجاب)




# مسودۂ قانون حکومت ہند کا محضر نامہ شائع ہو گیا

## گورنر جنرل اور گورنروں کے بے پناہ اختیارات

### وزراء کو صرف مشورہ دینے کا حق حاصل ہوگا

### درجہ نوآبادیات کا نام تک نہیں آنے دیا

مسودۂ قانون حکومت ہند (انڈیا بل) کے ساتھ ایک میمورنڈم شائع کیا گیا ہے جو مندرجہ ذیل ہے، ۲۴ جنوری کو یہ مسودہ پارلیمنٹ میں پیش کر دیا گیا ہے لیکن ہندوستان میں ۲ فروری کو شائع ہوگا۔

یہ بل جو بظاہر طویل ہے مگر حقیقتاً نہیں۔ مندرجہ ذیل تین علاوہ علاوہ چیزوں کے متعلق ہے:۔

...

اپنی نگرانی یا اختیارات کو ہٹا سکتا ہے یا ہلکا کر سکتا ہے۔

۶۔ اس بل کا مدعا یہ ہے کہ ہندوستان سے متعلق یا ہندوستان کے وہ تمام اختیارات جو پہلے کسی قوت کے زیر استعمال تھے دوبارہ ملک معظم کے اختیار میں دیدیئے جائیں (دفعہ ۲) اور پھر اس کے بعد ان اختیارات کا استعمال (جس حد تک ایکٹ کی رو سے تقسیم ہو سکتا ہے) ان قوتوں میں بانٹ دیا جائے جو اس سے قائم ہوں۔ ...

### وفاق میں ریاستوں کا داخلہ

...

### وزراء کے فرائض کا تعین

...

(ب) ایکٹ کے تفویض شدہ اختیارات اسے انفرادی یا ذاتی رائے پر عمل کرنے پر مجبور کرتے ہوں۔

جب کبھی گورنر جنرل یا گورنر اپنی ذاتی رائے پر عمل درآمد کرے گا یا اپنا اختیار استعمال کرے گا وہ وزیر ہند کی نگرانی کا پابند ہوگا۔ (دفعہ ۱۴ تا ۵۴)

خریداران الجمعیۃ کو چاہئے کہ جواب طلب امور کے لئے جوابی کارڈ یا پانچ پیسے کے ٹکٹ ضرور ارسال فرمایا کریں ورنہ عدم تعمیل ارشاد معاف۔ (منیجر الجمعیۃ دہلی)

# بصائر و نظائر

آئندہ اس مستقل عنوان کے تحت ہیں خالص اسلامی نقطۂ نظر سے حالات حاضرہ اور مسائل متفرقہ پر اظہار خیال کرنے اور مسلمانوں کے اندر روح عمل پیدا کرنے کی کوشش کی جائے گی کسی خاص عذر کے بغیر اس سلسلہ کو ملتوی نہیں کیا جائے گا انشاء اللہ تعالیٰ وما توفیقی الا باللہ۔

انسان کے تمدنی اور جماعتی نظام پر غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ گو وہ مدنی الطبع واقع ہوا ہے مگر اس کی شیرازہ بندی قیادت و امامت کے بغیر ناممکن ہے۔ انسان چاہتا ہے کہ دنیا میں امن و امان، صلح و سلامتی اور محبت و الفت کا دور دورہ ہو مگر وہ خود فساد و عداوت کا مرتکب ہوتا ہے۔ ...

...

کہ ہوتا ہے۔ دوسرے مرتبہ میں نماز کا قیام ہے۔ جو امام سے جسمانی قربانی کا مطالبہ کرتا ہے۔ تیسرا مرتبہ ایتاء زکوٰۃ یعنے مالی قربانیوں پر ختم ہو جاتا ہے اور آخر میں ایسے آئمہ ہداۃ کو "ہم لنا عابدین" کی سند عطا کر دی گئی ہے۔

یہ وہ صفات ہیں جن کے بغیر امامت کی تکمیل اور قیادت کی تشکیل نہیں ہو سکتی اور جن کے فقدان سے قیادت کی جوہریت اور افادیت فنا ہو جاتی ہے۔ ...

...


**ضرورت سفیر**

مدرسہ اسلامیہ انصار الاسلام میرٹ تاسی ماڑ کے لئے ایک امانت دار واعظ سفیر کی ضرورت ہے۔ تنخواہ فی الحال ۱۲ روپے ماہوار تک، زائد سے زائد ۱۵ روپے ملے گی۔ درخواست بپتہ ذیل آنی چاہئیں:۔

میر ٹاسی ماڑ ڈاکخانہ پیر جی اکبر حسن شاہ صاحب کو ملے



**خضاب چھوڑ دو**

اس تیل سے بال کا بکثرت کچا بال لا بدیدا ... تک کالا رہتا ہے ... تین روپیہ ... (نو روپیہ) کا تیل منگائیں۔

پتہ۔ بال کالا اسٹورس پوسٹ کٹنی سمری (دربھنگہ)



**ذیابطیس**

یہ بیماری ایک کیڑا ہے۔ جو گھن کی طرح جسم کو کھا جاتا ہے۔ اور آخر کار بے وقت موت کا موجب ہوتا ہے۔ غریب سے امیر زیادہ اسکے شکار ہوتے ہیں۔ ہمارے ملک میں انواع و اقسام کی جڑی بوٹیاں پیدا ہوتی ہیں جو کہ ایسی لاعلاج امراض کے لئے تریاق کا حکم رکھتی ہیں۔ چنانچہ ان بوٹیوں کے ست نکال کر اور زمانہ حال کی میڈیسن سائینس سے بھی مدد لے کر اس مرض کے علاج کے لئے "امرت دھارا" کے موجد جناب پنڈت ٹھاکر دت شرما وید نے ایک دوائی ایجاد کی ہے۔

**اشوگری**

اس کا بہترین اور مجرب علاج ہے۔ یہ دوائی ہر حالت کی ذیابطیس کو یقینی مفید ہے۔ شکر آنا بند ہوتا ہے۔ زیادتی پیشاب دور ہو کر پیشاب باقاعدہ آنے لگتا ہے۔ اسکے علاوہ یہ ایک ٹانک ہے بھوک بڑھاتی اور خون پیدا کرتی ہے۔ نیز قوت مردانگی کی کمزوری کو رفع کرتی اور جریان منی کو نافع ہے آیئے اور ایک مرتبہ تجربہ کیجئے۔ صرف ایک ہفتہ کا استعمال قائل کر دے گا!

قیمت ۳۲ گولی چار روپے (للعہ) ۸ گولی ایک روپیہ (ععہ)

خط و کتابت و تار کے لئے پتہ:۔ "امرت دھارا" ۴۷ لاہور

المشتہر منیجر امرت دھارا اوشدھالیہ، امرت دھارا بھون، امرت دھارا روڈ، امرت دھارا ڈاکخانہ۔ لاہور

ہمارے ایجنٹ:۔ میسرز بہاری لال گھاسی رام کھاری باؤلی اسٹریٹ دہلی



**تاجدار مدینہ علیہ الصلوٰۃ والسلام کے مقدس فرامین**

**دنیا کے پادشاہوں کے نام**

جو آج تک تاریخ اور سیرت کی کتابوں میں گوہر نایاب کی طرح بکھرے پڑے تھے اور دنیا ان کی برکات سے محروم تھی حضرت مولانا حفظ الرحمٰن صاحب سیوہاروی نے ان کو سالہا سال کی کوشش اور وسیع مطالعہ کے بعد بیش بہا تاریخی اور حدیثی تحقیقات، اس مقدس سلسلہ پر مرتب ہونے والے سیاسی اور مذہبی اہم ترین نتائج کے ساتھ یکجا جمع کر کے

**بلاغ مبین**

کے نام سے شائع کیا ہے در حقیقت مولانا نے بلاغ مبین مرتب کر کے علمی اور مذہبی دنیا پر ایک بے نظیر احسان عظیم کیا ہے ... سلاست زبان، دلکش طرز بیان اور قوت استدلال کے لحاظ سے بلاغ مبین ... علمی و ادبی شاہکار ہے۔ ...

ملنے کا پتہ:۔ (مولوی) محمد ادریس منیجر دفتر بلاغ مبین دہلی یا منیجر مکتبہ اسلامیہ سیوہارہ ضلع بجنور

بسم اللہ الرحمن الرحیم

# الجمعیۃ دہلی

یوم جمعہ ۲۶ شوال المکرم ۱۳۵۳ ہجری

# معلمین حجاج کا مسودۂ قانون

## متفقہ مخالفت کی ضرورت

تین مسودات حج میں سے دو مسودات تو حکومت ۱۹۳۲ء میں منظور کرا چکی تھی صرف ایک مسودۂ قانون جو معلمین حجاج کے متعلق تھا وہ باقی رہ گیا تھا جو کہ اس مسودہ کی مخالفت میں تمام اسلامی پریس متفق تھا اور ملک کی بہت سی ذمہ دار اسلامی انجمنوں ...

قومی رہنما اور عوام الناس یہ قانون بنوانا نہیں چاہتے تو اسے زبردستی ان کے حلق سے کیوں اتارا جا رہا ہے۔

### گورنر جنرل کے اختیارات

...

"لوکل گورنمنٹ اس غرض کے لئے جس شخص یا جماعت کو مناسب سمجھے مقرر کر سکتی ہے۔ کہ وہ قانون ہذا کے ماتحت لائسنس دینے کے فرائض انجام دے۔"

ہو سکتا ہے کہ لوکل گورنمنٹ کسی ایسے آفیسر کو اس غرض کے لئے مقرر کرے جس کے ذریعہ معلمین پر براہ راست سیاسی اثرات ڈالے جا سکیں۔ قانونی حیثیت سے اس پر کبھی اعتراض نہ ہو سکے گا۔ بالخصوص ایسی حالت میں جب کہ لائسنس کے متعلق شرائط بھی گورنر جنرل با اجلاس کونسل اور لوکل گورنمنٹ نے بنائے ہوں۔ ایک گورنمنٹ ہی کے مقرر کردہ آفیسر کا جو مصلحت وقت کے مطابق حکومت کے مختلف شعبوں میں سے کسی شعبے سے دبایا جا سکتا ہے۔ ان شرائط کو نافذ کرنا جو کچھ نتائج پیدا کر سکتا ہے وہ ظاہر ہیں۔ پھر اس آفیسر کے جو اختیارات تجویز کئے گئے ہیں وہ اس کی قوت کو اور بھی زیادہ کر دیتے ہیں۔

(باقی آئندہ)

# شذرات

## مسلم لیگ کی قرارداد

مسلم لیگ نے مشترکہ پارلیمنٹری کمیٹی کی رپورٹ کے متعلق جو قرارداد اپنے تازہ اجلاس میں منظور کی ہے وہ اس قدر ناکافی اور غیر مؤثر ہے کہ اس سے کسی طبقہ کے خیالات کی بھی پوری طرح نمائندگی نہیں ہوتی۔ پارلیمنٹری کمیٹی کی رپورٹ کو "وائٹ پیپر سے زیادہ رجعت پسندانہ" کہہ دینے سے اس عام مخالفت کی ترجمانی کس طرح ہو سکتی ہے جو اس رپورٹ پر ملک میں ہر طرف کی جا رہی ہے۔ اس میں تو کوئی شبہ نہیں کہ مذکورہ رپورٹ وائٹ پیپر سے ضرور رجعت پسندانہ ہے مگر معاملہ یہیں ختم نہیں ہو جاتا بلکہ اس سے آگے بڑھ کر مسلم لیگ کو یہ کہنا چاہئے تھا کہ رپورٹ میں جو دستور اساسی تجویز کیا گیا ہے اسے مسلمان کسی حال میں بھی قبول ...

اس کے لئے کچھ عملی صورتیں پیدا ہو سکیں گی اور مسٹر جناح اپنے رویہ سے کوئی ایسی بات پیدا نہ ہونے دیں گے جو اتحاد کے مواقع کو ضائع کرنے والی ہو۔

## اسمبلی میں تجارتی معاہدہ پر بحث

ہندوستان اور برطانیہ کے درمیان جو تجارتی معاہدہ ہوا ہے اس کو اسمبلی میں پیش کرتے ہوئے سرکاری رکن سر جوزف بھور نے حکومت ہند کی جانب سے جو تقریر کی وہ ہندوستانی رائے عامہ کو مطمئن کرنے کے لئے کسی طرح بھی کافی نہیں تھی بلکہ اس تقریر سے اس معاہدہ کی غیر اطمینان بخش حیثیت اور بھی زیادہ نمایاں ہو گئی اور ...

# حوادث واحکام

## استفتاء

...

## الجواب

...

## آئندہ جمعہ کو مسلمانان دہلی کا جلسہ عام

...

## جاپانی افواج کی پیشقدمی رک گئی

...



# دار الحکومت

## حضرت مولانا احمد سعید صاحب کی شدید علالت

### کھانسی کے ساتھ سینہ سے خون آرہا ہے

### نقل و حرکت اور گفتگو کی ممانعت

حضرت مولانا الحاج حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند ۲۸ جنوری یوم دوشنبہ کو شام کے وقت دفعتہً نہایت شدید و خطرناک مرض میں مبتلا ہو گئے۔ ممدوح کو تقریباً دو ماہ سے سخت نزلہ اور زکام کی شکایت تھی اور اسی دوران میں سورت کا طویل سفر بھی اختیار کرنا پڑا تھا۔ سردی کے موسم اور بیماری کی حالت میں یہ طویل سفر اور مسلسل تقریریں حضرت مولانا کی صحت پر بہت زیادہ اثر انداز ہوئی تھیں۔ اس کے بعد جب تک رمضان کا مہینہ رہا نزلہ اور زکام میں زیادتی نہیں ہوئی لیکن رمضان المبارک کے ختم ہوتے ہی نزلہ بڑھ گیا اور کھانسی بھی ہو گئی۔ ابتداءً یونانی اور اس کے بعد ڈاکٹری علاج ہوتا رہا مگر کوئی افاقہ نہ ہوا اور کھانسی کی شکایت برابر جاری ہی رہی۔

دوشنبہ کے روز شام کے وقت تقریباً ۵ بجے حضرت مولانا کو یہ محسوس ہوا کہ بلغم کے ساتھ خون بھی آرہا ہے۔ اور اس کے بعد کئی مرتبہ سینہ سے کھانسی کے ...

# برطانوی پارلیمنٹ میں ہنگامہ اور وزیر اعظم کو گالیاں

## مسٹر میکڈانلڈ کو کتے اور سور کا خطاب

### قومی حکومت برباد کے نعرے

لندن ۲۹ جنوری۔ دار العوام میں آج تک اس قدر ہنگامہ نہیں ہوا تھا جس قدر کل رات کو ہوا۔ تمام پبلک گیلری بلوائیوں کا مرکز بن گئی سادہ لباس لوگوں نے تنا شور و غوغا کیا کہ پولیس کو پہلے ساٹھ آدمی اور پھر "سپیکر" (صدر) کے حکم سے تمام گیلریوں کے آدمیوں کو باہر نکالنا پڑا۔

بات یہ تھی کہ حکومت نے بے روزگاروں کی اعانت کے لئے ایک بورڈ قائم کرنے کی تجویز پیش کی ہے۔ اس بورڈ کے لئے پچاس لاکھ سٹرلنگ کی ضرورت تھی جس کی منظوری حکومت نے دار العوام سے حاصل کرنی چاہی۔ لیکن حکومت کی اس تجویز پر بحث ...

لندن ۲۹ جنوری۔ پارلیمنٹ کا کل شام سے ایک ہنگامہ خیز اجلاس شروع ہوا ہے۔ آئندہ ہفتہ سے انڈیا بل پر بحث شروع ہو گی۔ توقع کی جاتی ہے کہ چھ سات ماہ تک ہندوستانی مسئلہ برطانوی رائے عامہ کی دلچسپی کا موجب بنا رہے گا۔

# برطانی اور ہندوستانی معاہدہ کی تنسیخ کا مطالبہ

## گورہ فوج میں تخفیف معلمین کے بل کی پیشی

### اسمبلی کے اجلاس کی کارروائی

دہلی ۲۹ جنوری۔ آج اسمبلی کے اجلاس میں ہندوستان اور برطانیہ کے مابین تجارتی معاہدہ پر بحث ہوئی اور ممبران نے اسکو ہندوستان کے لئے سخت مضر قرار دیا۔

...

### پارلیمنٹری رپورٹ پر بحث

اسمبلی کی مختلف پارٹیوں میں یہ طے پایا ہے کہ پارلیمنٹری رپورٹ پر ۴ اور ۷ فروری کو بحث کی جائے۔ ...

## صدر کانگریس کی اپیل

### ۷ فروری کو رپورٹ کے خلاف احتجاج کیا جائے

...

## مکمل آزادی ہمارا پیدائشی حق ہے

### دہلی میں یوم آزادی کا جلوس

...

## فساد محرم کے مقدمہ کی اپیل کا فیصلہ

...

## یورپ اور شمالی امریکہ میں شدید سردی

...

## شاہ البانیہ کو قتل کرنے کی سازش

### متعدد افراد گرفتار

...

## ٹرین کو بم سے اڑانے کی کوشش

...

## سی پی کونسل میں حکومت کو شکست

...

## پرشیا کے بجائے ایران

### اپنے سفراء کو حکومت ایران کی ہدایت

...

## پیراگوئے نے بولیویا کے قلعہ پر قبضہ کر لیا

...

## افغانستان میں ریت سے سونا

...

## بم کا سامان برآمد پچاس گرفتار

...

## مجلس احرار کے دفتر پر پولیس کا چھاپہ

...

## پارلیمنٹری رپورٹ رجعت پسندانہ ہے

### کونسل مسلم لیگ کا فیصلہ

...

## طبیہ کالج میں ...

...

## حضرت مولانا عبد العلیم صاحب صدیقی کی روانگی

...

## مہاراجہ کولہاپور کی موٹر پر ایک پٹھان کا حملہ

...

## مسٹر ایم کے آچاریہ چل بسے

...

## کشتیاں ڈوب گئیں مسافر غرقاب

...

## مسٹر رضا علی کی جگہ مسٹر یامین خاں

...

## گندے شہر کی سیر کیلئے وائسرائے کو دعوت

...

## سنگاپور کے بحری مستقر پر جنگی استحکامات
## چین اور جاپان کی جنگ سے خطرہ

لنڈن ۳۰ر جنوری ـ بندرگاہ سنگاپور کی اہمیت بحرالکاہل میں نیز مشرق بعید میں جنگ کے خطرات کا اسی سے اندازہ کیا جاتا ہے کہ وزارت نوآبادیات برطانیہ سنگاپور کے بحری مستقر کو روز بروز مستحکم کرنے کے انتظامات کر رہی ہے روائٹر کا بیان ہے کہ جزیرہ سنگاپور کے مغرب کے چند میل پر حکومت نے قطعات اراضی حاصل کرلئے ہیں تاکہ مزید فوجی استحکامات عمل میں آئیں۔

حکومت کی اس کارروائی سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ کوہ جیبر پر فوجی استحکامات کے باوجود حکومت جزیرہ کے مغربی حصہ پر بھی فوجی مدافعتی انتظامات کی ضرورت محسوس کرتی ہے کوہ جیبر کے استحکامات سے صرف جزیرہ کے مغربی ساحل کی حفاظت ہوتی ہے۔

چین اور جاپان کی جنگ کی وجہ سے سنگاپور کے بحری مستقر پر اس قسم کے انتظامات کافی اہمیت رکھتے ہیں اور گو ابھی تک سنگاپور میں کسی قسم کا خطرہ نہیں ہے لیکن جاپان کی نقل و حرکت کو دیکھتے ہوئے اس قسم کے انتظامات ضروری تھے۔

## سرت بوس حکومت پر مقدمہ چلائینگے
## اسمبلی کی حاضری سے کیوں روکا گیا

کلکتہ ۲۶ر جنوری ـ معلوم ہوا ہے کہ بابو سرت چندر بوس نے جو حکومت بنگال کی حکم نظربندی کی وجہ سے اسمبلی میں شرکت سے معذور ہیں اپنے قانونی مشیروں کو ہدایت کی ہے کہ بنظر امتحان وہ حکومت کے اس اختیار کے خلاف مقدمہ دائر کردیں کہ انہیں گورنر جنرل یا اجلاس کونسل کی طلبی برائے شرکت اسمبلی کے بعد روک نہیں سکتی، اس لئے کہ حکومت کے اس امتناعی حکم کی وجہ سے وہ اپنے اس فرض کی ادائی سے قاصر ہیں جو ان پر ایک حلقہ کے ووٹروں کی نمائندگی کرنے کا عائد ہوتا ہے۔

خیال ہے کہ آئندہ ہفتہ میں عدالت عالیہ کلکتہ کے اجلاس کے آغاز کے وقت مسٹر بوس کے معاملہ پر التوا کی جو تجویز پیش ہوئی تھی اس کے مباحثہ کے دوران میں حکومت ہند کے لا ممبر نے قانونی چارہ جوئی کا اشارہ کیا تھا۔

## اسلام کی توہین کو روکا جائے
### اسمبلی میں ایک اہم قرارداد

نئی دہلی ۲۷ر جنوری ـ سیٹھ عبداللہ ہارون نے اسمبلی میں مندرجہ ذیل قرارداد کا نوٹس دیا ہے۔

اسمبلی گورنر جنرل باجلاس کونسل سے سفارش کرتی ہے کہ ایک سرتیشہ [illegible]

ناافذ کرکے تمام صوبائی حکومتوں کو یہ اختیار دیا جائے کہ ان تمام کتابوں کے طبع و نشر کو ممنوع قرار دیں جو اسلام پر الزام تراشی کرتی ہیں اور اسلامی اصول کی تذلیل کرتی ہیں اور جس سے مسلمانوں کے احساسات مجروح ہوتے ہیں، نیز صوبائی حکومتوں کو مطلع کردے کہ ایسی کتابوں کے طبع و نشر کو بانی اسلام کی ہجو کی تصویر دار مجلسیں اور یہ آرڈیننس اس وقت تک نافذ رہے جب تک کہ کوئی قانون منظور نہ ہو جائے۔

## ہندوستان کے ایک محدث کا انتقال

نہایت افسوس کے ساتھ ناظرین کرام کو اطلاع دی جاتی ہے کہ ہندوستان کے مشہور محدث، نمونۂ اسلاف اور عالم باعمل حضرت مولانا مولوی عبدالرحمن صاحب مبارکپوری شارح ترمذی شریف و مصنف کتب متعددہ ۲۲ جنوری ۱۹۳۵ء بروز شنبہ اپنے وطن مبارکپور ضلع اعظم گڑھ میں اس دار فانی سے کوچ فرما گئے انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحوم کی تمام زندگی خدمت حدیث میں گذری اور اوقات کا بیشتر حصہ تصنیف و تالیف میں خرچ ہوا۔ آپ نے متعدد عربی کتب اور بہت سی اردو کتابیں تصنیف فرمائیں۔ ترمذی شریف کی شرح تحفۃ الاحوذی نہایت جامعیت کے ساتھ آپ ہی نے ترتیب دی اس کی تین جلدیں طبع ہوچکی ہیں۔ صرف ایک جلد طبع نہ ہوسکی جس کا انتظام ہو رہا ہے۔ البتہ مرحوم اس شرح کا مقدمہ نہ لکھ سکے ـ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جوار رحمت میں جگہ دے اور پسماندگان کو صبر جمیل کی توفیق دے آمین۔

## "رہبر حجاج" مفت طلب کرو

"رہبر حجاج" کے بہت سے نسخے دفتر میں برائے اشاعت موجود تھے جو بہت جلد ختم ہوگئے جس کی اطلاع بھی الجمعیۃ میں شائع کردی گئی تھی اب ناظرین کرام کو اطلاع دی جاتی ہے کہ "رہبر حجاج" کی بہت سی کاپیاں برائے تقسیم دفتر الجمعیۃ میں آگئی ہیں۔ جو خوش قسمت مسلمان زیارت بیت اللہ کا ارادہ رکھتے ہوں ان کو چاہئے کہ رہبر حجاج کی ایک کاپی ضرور اپنے ساتھ رکھیں کیونکہ اس میں سفر کے متعلق ضروری معلومات، کرایہ جات، مصارف حج حجاز کے متعلق ضروری ہدایات وغیرہ درج ہیں۔ باہر سے جو حضرات رہبر حجاج طلب فرمائیں ان کو چاہئے کہ تین پیسہ کا ٹکٹ برائے محصولڈاک ضرور ارسال فرمائیں۔ کتاب بیرنگ روانہ نہیں ہوگی۔ طلب کرتے وقت اردو و فارسی کی ضرور تصریح کردی جائے۔ (منیجر الجمعیۃ)

## والیان ریاست اور حکومت کی میٹھی باتیں
### لارڈ ولنگڈن ... کا تار

لنڈن ۲۹ر جنوری ... [illegible]

... کی میٹھی باتوں کے مقابلہ میں حزم و احتیاط سے کام لے کر والیان ملک ...

ہندوستان کے متعلق برطانوی قوم کے خیالات ... [illegible] اگر والیان ریاست ہائے ہند اپنے موجودہ درجہ کو مضبوطی سے قائم رکھیں اور ان بروقت ... اور دہندگان ... کی تعداد تیزی سے بڑھ رہی ہے ... ان کو والیان ریاست کو یہی صورت نظر آئے گی کہ ان کو جو حقوق و مراعات حاصل ہیں وہ سب اور ان کی اعلیٰ ذرائع پوزیشن بدستور قائم رہے گی بلکہ وہ مستحکم ہو جائیگی۔

## حیدرآباد میں پکٹنگ شروع ہوگیا
## مسلمانوں میں تاڑی کے استعمال کا انسداد

حیدرآباد شہر میں چونکہ مسلمانوں میں تاڑی کا استعمال بہت بڑھ رہا ہے، اس لئے ایک جماعت نے اس کے انسداد میں نہایت سرگرمی کے انسداد میں نہایت سرگرمی کے ساتھ کام شروع کردیا ہے۔

اس مقصد کے پیش نظر تاڑی کی دکانوں کا پرامن پکٹنگ شروع کردیا گیا ہے اور نتائج حوصلہ افزا بتائے جاتے ہیں اس ہفتہ کے آغاز میں علاقہ یاقوت پورہ میں پکٹنگ شروع ہوا تھا کیونکہ وہاں تاڑی کی فروخت بہت زیادہ ہو رہی تھی ـ وہاں پر دو مختلف مقامات میں تقریباً ایک سو دوکانیں اس کی فروخت میں مصروف ہیں۔

ان دوکانوں کے باہر درجہ سے پچاس مسلم رضاکار پکٹنگ کر رہے تھے اور ان کے معقول اور پرامن استدلال نے تقریباً پچھتر فی صدی مسلمانوں کو تاڑی کے استعمال سے روک دیا ہے اس جگہ پکٹنگ کی کامیابی سے متاثر ہوکر پانچ اور مقامات پر بھی اسی عمل کا تجربہ شروع ہوگیا ہے تاحال کوئی ناخوشگوار حادثہ پیش نہیں آیا۔ پولیس بھی موقع پر موجود ہے اور ان واقعات کو دیکھ رہی ہے۔

## قادیان کے حالات کی تحقیقات کیلئے
### اکابر ملت سے مطالبہ

چند یوم سے احرار کی جماعت ... مرزا بشیر الدین محمود کی اس خطرناک اسکیم کو عملی جامہ پہنانے اور کامیاب کرنیکے لئے سخت دہشت انگیزی پھیلا رکھی ہے۔ علی الاعلان مسلمانوں کو قتل اور ان کے گھروں کو لوٹنے اور نذر آتش کرنے کے مفسدانہ عہد و اعید کئے گئے ہیں جس کی وجہ سے مسلمانان قادیان کی جانیں سخت خطرہ میں ہیں۔ مسلمانوں کا بائیکاٹ ... سب و شتم کیوجہ سے عرصہ حیات تنگ کر دیا گیا ہے ... [illegible] ... اور بعض قادیان سے ہجرت کرچکے ہیں

آپ براہ کرم بلا توقف فرصت میں اپنی سرکردگی میں ہندوستان خصوصاً پنجاب کے سرکردہ وکلاء علامہ ڈاکٹر محمد اقبال، علامہ ظفر علی خاں ...

میاں عبدالعزیز بیرسٹر صدر بلدیہ لاہور، آغا مرتضیٰ احمد خاں، مولانا مظہر علی صاحب اظہر ایم ایل اے، رشید مرتضیٰ بہادر ایم ایل اے، مولانا احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند، شیخ صادق حسن صاحب سابق ایم ایل اے، رئیس امرتسر و دیگر سرکردہ حضرات کا وفد لیکر قادیان تشریف لاکر وزرائیوں کے بڑھتے ہوئے درندہ صفت جوروجفا ستم کی تحقیقات کرکے ان کے وحشیانہ اخلاق اور مسلمانوں کی امن پسندی کو تہذیب دنیا کے سامنے پیش کریں۔

(برکت اللہ معتمد جلسہ احرار اسلام قادیان)

## دو جہازوں کی ٹکر۔ ۴۷ افراد غرق

نیویارک ۲۴ر جنوری ـ ایک امریکی جہاز دوسرے جہاز سے ٹکرانے کے بعد غرق ہوگیا جس میں ۴۷ مسافر اور ملازم ڈوب گئے اور ۸۱ بچائے گئے۔ جو مسافر مفقود الخبر بیان ہیں برطانوی قونصل بھی ہے۔ گم شدہ افراد کا سراغ ملنے کی امید منقطع ہو گئی ہیں۔

دوسری اطلاع ہے کہ دریائے کولوراڈو اور رس فلاور میں طغیانی کے باعث ۱۰ ہزار افراد بے خانماں ہوگئے شہر ارکس میں سیلاب آگیا ہے۔


جریان، پرمیہ، احتلام، کمزوری، سستی، نامردی کا

# شرطیہ علاج

حکیم فنی پادشاہ اگذال الموجبال جیون گٹی کی ۲۵ برس کی آزمودہ ادویات پر ہرگز شک نہیں ہوسکتا کہ ان ادویات کو استعمال کیا جائے اور لکھے مطابق پورا پورا فائدہ نہ ہو

پر میہا تنک گولیاں ـ جریان، پرمیہ، احتلام، رقت، سرعت، ذیابیطس، زیادتی پیشاب، پیشاب میں ریگ یا شکر جانے، پیشاب وغیرہ پیشاب بند درمیں کی بیماریوں کو دور کرکے دوا کو پختہ سنبوط جسم کو طاقتور بناتی اور قوت باہ کو برانگیختہ کرکے بوڑھوں تک کو جوش جوانی کا لطف دکھلاتی ہیں قیمت پورا ایکٹ ... علاوہ محصول۔

طلاء اکسیر ـ بچپن کی غلط کاریوں و جوانی کی بے اعتدالیوں کے باعث پیدا ہوئی کمزوری سستی نامردی کجی ناتوانی کو آپ کی وغیرہ جملہ خرابیوں کو بنا کسی تکلیف کے بہت ہی جلد دور کرکے نامرد کو مرد و بوڑھوں کو جوان بنا دیتا ہے قیمت پوری شیشی ... علاوہ محصول

المشتہر منیجر بال جیون کا رسالیہ علی گڑھ شہر یوپی



۱۹۳۵ء ۱۹۳۵ء

# گُن نِی

تار کا پتہ ـ میڈیسن دہلی ـ ٹیلیفون ۵۵۶۶

کا

طاقت کی بے مثل سنہری گولیاں

# مسیح الملک حکیم محمد احمد خاں صاحب کا عطیہ (سفر یورپ کے بعد)

چالیس گولیاں سات روپیہ

## ہندوستانی دواخانہ (جس کو حکیم اجمل خاں نے ۱۹۰۳ء میں بنایا) دہلی (پوسٹ بکس ۱۲۲)

کا ـ خاص ـ خاص ـ تحفہ




## پانی پت میں ایک منہدم شدہ مسجد کا قضیہ
## ملبہ کے نیچے سے مسجد صاف طور پر نمایاں ہوگئی

پانی پت میں مسجد نوشہ شاہ شہید کا مقدمہ ۲۰ر ستمبر ۱۹۳۴ء سے ہندو مسلمانوں کے درمیان مابہ النزاع بنا ہوا تھا ہندو پریس خصوصاً اخبار تیج دہلی پانی پت کے ہندوؤں کی پشت و پناہ بنکر اس کے متعلق طرح طرح کی حاشیہ آرائیاں کر رہا تھا خدا کا شکر ہے کہ ۵ر جنوری ۱۹۳۵ء کو عدالت کے ایک درمیانی حکم کے ماتحت جب اس جگہ سے ملبہ اٹھا کر دیکھا گیا تو روز روشن کی طرح صاف طور پر مسجد نمایاں ہوگئی اور مسجد کا پختہ فرش ـ دالان ـ چبوترہ ـ وضو کی نالیاں وغیرہ وغیرہ تمام علامتیں نکل آئیں اور ہر موافق اور مخالف نے اپنی آنکھوں سے دیکھ لیا کہ یہ جگہ مسجد ہے پھر بھی بعض ہٹ دھرم ہندو اپنی ہٹ دھرمی سے باز نہیں آئے اور مسلمانوں کو اس کے قبضہ دینے جانے میں رکاوٹیں ڈال رہے ہیں جونکہ اس قضیہ کی وجہ سے آنریری سکرٹری انجمن اسلامیہ پانی پت اور بعض ہندو مسلم معززین کی ضمانتیں ہو رہی ہیں باوجودیکہ اس معاملہ میں مسلمان بالکل بے قصور تھے کیونکہ انہوں نے میونسپل کمیٹی پانی پت سے مسجد کی تعمیر کی اجازت حاصل کرکے ایک ایسے افتادہ قطعہ زمین سے ملبہ اٹھایا تھا جو عرصہ دراز سے ایک ٹیلہ کی صورت میں پڑا ہوا تھا مسلمان اس جگہ کو اپنی ملکیت ایک مسجد کا ڈھیر بتاتے تھے بخلاف اس کے ہندو خود وہاں ایک مکان کی تعمیر کی اجازت کے خواستگار تھے اس کو اپنی ملکیت ظاہر کرتے تھے انہوں نے عدالت کی امداد سے مسلمانوں کو وہاں سے ملبہ اٹھانے اور مسجد تعمیر کرنے سے اس دعوے کے ساتھ روکدیا کہ یہ زمین ہندوؤں کی ملکیت ہے اور مسلمان زبردستی قبضہ کرکے وہاں مسجد بنانا چاہتے ہیں میونسپل کمیٹی نے بھی جس میں مسلمانوں کی اکثریت ہے مسلمانوں کو وہاں مسجد تعمیر کرنے کی غلط اجازت دیدی ہے ایک عرصہ تک عدالتی چارہ جوئی کے بعد مسلمانوں نے صاحب مجسٹریٹ بہادر ضلع کرنال سے درخواست کی کہ عدالت وہاں سے ملبہ اٹھا کر دیکھے اگر وہاں سے مسجد کے آثار برآمد ہوں تو اس پر مسلمانوں کو قبضہ دلایا جاوے ورنہ مسلمان اپنے دعوے سے دستبردار ہو جائینگے عدالت موصوف نے مسلمانوں کی درخواست کو نہایت معقول قرار دیکر ملبہ اٹھانے کی اجازت دیدی لیکن ہندوؤں نے اس درمیانی حکم کے خلاف سیشن کورٹ میں اپیل دائر کردی اور ملبہ نہ اٹھانے دیا لیکن فاضل سیشن جج بہادر نے بھی مسلمانوں کی درخواست کو معقول قرار دیکر فیصلہ اول کو بحال رکھا اور ہندوؤں کی اپیل مسترد کردی چنانچہ ۵ر جنوری ۱۹۳۵ء کو وہاں سے ملبہ اٹھایا گیا تو روز روشن کی طرح مسجد آشکارا ہوگئی ـ لیکن افسوس ہے کہ اب بھی بعض ہٹ دھرم ہندو اس کے متعلق مسلمانوں کو قبضہ دیئے جانے میں رکاوٹیں ڈال رہے ہیں ـ چنانچہ ۱۸ر ماہ جنوری کو ایک اعلان عام کے بعد مسجد جامع پانی پت میں بعد

نماز جمعہ مسلمانان پانی پت کا ایک عام جلسہ بصدارت مولانا مولوی عبدالرحیم صاحب منعقد ہوا جس میں معززین شہر کا کافی مجمع تھا۔ حاجی قاری مولوی عبدالقیوم صاحب عباسی میونسپل کمشنر ممبر ... پانی پت نے جو اس مسجد کے فنڈ کے امین بھی ہیں ایک نہایت موثر جامع اور ولولہ انگیز تقریر میں مسلمانوں کو صبر و سکون کی ہدایت فرمائی اور مندرجہ ذیل تجویز قاضی اظہار الاسلام عثمانی آنریری سکرٹری انجمن اسلامیہ پانی پت کی تحریک پر بالاتفاق منظور ہوئی۔

تجویز (۱) مسلمانان پانی پت کا یہ جلسہ عام اعلیٰ حکام ضلع کرنال کی توجہ مقدمہ مسجد نوشہ شاہ شہید کی طرف مبذول کراتے ہوئے مودبانہ ملتمس ہے کہ اب چونکہ مسجد صاف طور پر آشکار ہوچکی ہے اب مسجد کو معطل پڑے ہوئے دیکھ کر مسلمانوں کو بہت ملال ہوتا ہے۔ اس لئے اب اس پر جلد از جلد مسلمانوں کو قبضہ دلا کر مطمئن فرمایا جاوے تاکہ مسلمان مسجد سے مسجد کا فائدہ اٹھا سکیں اور حکومت انگلشیہ کی دی ہوئی مذہبی آزادی اور انصاف سے مستفید ہوں۔

تجویز (۲) مسلمانان پانی پت کا یہ جلسہ عام مالویہ جی کی جماعت اور ہندو پریس کے اس مفسدانہ پروپیگنڈہ کو ہندوستان کے امن عامہ کے لئے موجب فتنہ و فساد قرار دیتا ہے جس کا مقصد کمیونل ایوارڈ کی مخالفت ہے مسلمانان پانی پت کا یہ جلسہ عام حکومت ہند سے پرزور استدعا کرتا ہے کہ ہندوستان کے امن کو بحال رکھنے کے لئے حکومت پوری طاقت سے قبل از وقت ایسے جلسوں کی روک تھام کرے جن کا مقصد کمیونل ایوارڈ جیسے مستحسن فیصلے کی مخالفت اور ہندو مسلم کشیدگی کے اسباب میں اضافہ کرنا ہے

(اظہار الاسلام عثمانی آنریری سکرٹری انجمن اسلامیہ پانی پت)

## سندھ ہندو ایسوسی ایشن کی شرارت
## مسلمانانِ کراچی کا احتجاج

مسلمانان کراچی کا ایک عام جلسہ ۲۰ر جنوری ۱۹۳۵ء کو خالق ڈینا ہال میں زیر صدارت مولانا حبیب الرحمن صاحب لدھیانوی صدر مجلس احرار اسلام ہند منعقد ہوا اور ذیل کی تجویز اتفاق رائے سے منظور کی گئی۔

مسلمانان کراچی کا یہ اجلاس عام سندھ ہندو ایسوسی ایشن کے اس اقدام کو قابل مذمت سمجھتا ہے جو اس نے مسٹر محمد اسلم بیرسٹر کی تقریر کا غلط مفہوم اخذ کرکے (جو انہوں نے غازی عبدالقیوم کے مقدمہ میں بطور صفائی کی تھی) اٹھایا ہے اور حکومت سے مسٹر صاحب کے خلاف ایکشن لینے کی درخواست کی ہے۔ ایسوسی ایشن مذکور کی یہ حرکت ہندو اور مسلمانوں میں فرقہ وارانہ عناصر پیدا کرنے کا موجب ہوگی۔ حکومت کو چاہئے کہ وہ ایسوسی ایشن کے اس غیر قانونی اور بیجا خطیر کوئی توجہ نہ کرے ورنہ متنبہ کیا جاتا ہے کہ مسلمانان ہند اس حکم کو عمل میں لانے پر آمادہ ہو جائیں گے یہ اجلاس حکومت کو مطلع کرتا ہے کہ اگر اس نے اس معاملہ میں کوئی اقدام کیا تو پھر مسلمانان ہند کی تمام ہمدردیاں مسٹر اسلم کے ساتھ ہوں گی۔ (صدر جلسہ)

## آل انڈیا تنظیم کمیٹی کا اجلاس

جملہ اراکین آل انڈیا تنظیم کمیٹی کی خدمت میں التماس ہے کہ جمعیت کا جو ہزار روپیہ سنٹرل کواپریٹو بنک لمیٹڈ امرتسر میں آٹھ سال سے بیکار پڑا ہوا ہے اس کو برآمد کرانے اور اس کو کسی جائز مصرف میں لگانے کے واسطے اور جمعیت کی دیگر قوم کے مصرف اور وصولی کے متعلق غور کرنے کے لئے آل انڈیا تنظیم کمیٹی کا ملتوی شدہ اجلاس بتاریخ ۱۰ر فروری ۱۹۳۵ء بروز یکشنبہ بوقت ۱ بجے دوپہر میرے مکان واقعہ ۱۵ امرتنگ روڈ لاہور منعقد ہوگا جس میں حسابات جمعیت کا آخری تصفیہ کیا جائیگا لہٰذا براہ مہربانی وقت مقررہ پر تشریف لاکر ممنون فرمائیں چونکہ معاملہ نہایت ہی اہم ہے اس لئے ضروری ہے کہ ہر رکن آل انڈیا تنظیم کمیٹی بذات خود اجلاس ہذا میں شریک ہو اور دیگر ارکان کو اجلاس میں شامل ہونے کی دعوت دے مورخہ ۲۲ر جنوری ۱۹۳۵ء

(سیف الدین کچلو۔ سکرٹری آل انڈیا تنظیم کمیٹی)

## کمال عاطف بے کی وفات پر
## طبیہ کالج دہلی میں جلسہ

طبیہ کالج دہلی میں بتاریخ ۲۸ر جنوری ۱۹۳۵ء کو مجلس مذاکرہ یونانی کا ایک عام جلسہ زیر صدارت جناب حکیم خواجہ رضوان احمد صاحب منعقد ہوا جلسہ میں بالاتفاق حسب ذیل ریزولیوشن پیش ہوکر پاس کیا گیا کہ یہ جلسہ مسٹر کمال عاطف بے مشیر قانونی سلطنت خداداد افغانستان برادر زادہ ادیب خالدہ خانم کی اچانک اور بیوقت وفات پر دلی رنج و غم کا اظہار کرتا ہے اور خدا سے دعا کرتا ہے کہ مرحوم کو جنت الفردوس میں جگہ دے اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے آمین ثم آمین

(غلام احمد خاں ـ جوائنٹ ایڈیٹر اجمل میگزین)

## مولانا عطاء اللہ شاہ بخاری کا مقدمہ
## عدالت عالیہ نے مثل طلب کرنے کا حکم دیدیا

لاہور ۲۸ر جنوری ـ مولانا سید عطاء اللہ شاہ صاحب بخاری امیر شریعت پنجاب کے مقدمہ کے انتقال کی درخواست آج ہائیکورٹ لاہور میں جسٹس کری صاحب کے روبرو پیش ہوئی۔ ڈاکٹر محمد عالم صاحب بیرسٹر نے شاہ صاحب کی طرف سے بحث کی اور اس امر پر زور دیا کہ مولوی مظہر علی صاحب اظہر ایڈوکیٹ و ممبر پنجاب لیجسلیٹو کونسل کا حلفیہ بیان ہے کہ سوالات جرح کو نفس جرم کے فقرات تک محدود کرنے کے لئے مجسٹریٹ صاحب نے ایک حکم لکھا تھا لیکن وہ مثل پر موجود نہیں۔ فاضل جج نے نوٹس جاری کردیا اور مثل طلب کرلی ہے۔

## ایک ایرانی جہاز غرق ہوگیا

کراچی ۲۹ر جنوری ـ بادبانی جہاز "محمدی" جو ایک ایرانی تاجر کی ملکیت تھا اور بصرہ سے پوربندر جا رہا تھا۔ کہا جاتا ہے کہ بندرگاہ اوکھا کے قریب ڈوب گیا بی آئی ایس این کمپنی کا جہاز "باموره" کے کپتان نے کراچی آتے ہوئے "محمدی" کا بڑا مستول ٹوٹا ہوا دیکھا اور اس کے قریب جاکر اس کے مبینہ ملاحوں کی جماعت کو بچا لیا۔

نقصان کا اندازہ ۵۰ ہزار سے زیادہ لگایا جاتا ہے۔

## ایک قیدی ہتھکڑی سمیت بھاگ گیا

لاہور ۲۸ر جنوری ـ ایک نوعمر قیدی، جو بورسٹل انسٹیٹیوٹ میں تین سال کے لئے قید تھا اور کان میں تکلیف کی وجہ سے شفاخانہ بھیجا گیا تھا ہتھکڑی سمیت چارپائی سے مقید کردیا گیا تھا اور تین وارڈنس کی نگرانی کر رہے تھے لیکن باوجود اس انتظام کے وہ کل صبح کو یکایک غائب تھا۔

## قوم پرور مسلمانوں کی اپیل
## اسمبلی میں کانگریس پارٹی کی امداد

لاہور ۲۷ر جنوری ـ آزاد خیال کے قوم پرور مسلمانوں کی کل ایک میٹنگ منعقد ہوئی جس میں آزاد مسلم کانفرنس کے نام سے ایک پارٹی قائم کی گئی۔ مسٹر علی حسین شاہ بخاری پریزیڈنٹ مقرر ہوئے۔ میٹنگ نے ایک ریزولیوشن پاس کیا جس کے ذریعہ مسٹر جناح کے ایل گو بااور مولانا شوکت علی سے اپیل کی گئی کہ وہ اسمبلی میں کانگریس پارٹی کے ساتھ تعاون کریں اور مشترکہ پارلیمنٹری رپورٹ کو نامنظور کرنے خدائی خدمتگاروں پر سے پابندی ہٹانے اور سیاسی اسیروں کو رہا کرانے میں ان کو خاص طور پر تعاون کرنا چاہئے۔

## مسٹر بوس کی کتاب ضبط

نئی دہلی ۲۴ر جنوری ـ ایک غیر معمولی سرکاری اعلان مظہر ہے کہ گورنر باجلاس کونسل نے مسٹر سوبھاش چندر بوس کی کتاب موسومہ "۱۹۲۰ء سے ۱۹۳۴ء میں ہندوستان کی جدوجہد" جسے میسرز وشارٹ اینڈ کو۔ ۹ جان سٹریٹ لندن نے شائع کیا ہے تمام ہندوستان میں ممنوعہ قرار دیدی ہے۔ اس کتاب کے تراجم، اقتباسات بھی ممنوع ہونگے۔


## مصفاخون کی شرطیہ گولیاں

فساد خون ـ یعنی آتشک، جنسی، خارش، پھوڑا، کالے رنگ کے نشان پڑ جاتے ہیں ان کے لئے شرطیہ اور بے نظیر دوائی ہے ایک ہفتہ کے استعمال سے خون بالکل صاف ہو جاتا ہے گندے خون کی جگہ صاف خون پیدا ہونا شروع ہو جاتا ہے جو لوگ آج تک حکیم ... [illegible]

(کڈری اینڈ کو جالندھر شہر (پنجاب))



# حضرت مولانا الحاج حافظ احمد سعید صاحب
# تقریر سیرت

حضرت سحبان الہند مولانا الحاج حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند کی وہ بصیرت افروز شریعت آموز تقریر جو ممدوح نے اناوہ کے جلسۂ سیرت میں ارشاد فرمائی تھی اور جس کو بعد میں مزید تفصیل و تشریح کے ساتھ مرتب و مدون کرکے الجمعیۃ میں جزوا جزوا شائع کیا گیا تھا اب قارئین الجمعیۃ کے مسلسل پیہم اصرار پر کتابی شکل میں ادارہ الجمعیۃ کی جانب سے شائع کی جا رہی ہے اور اس کے ساتھ وہ آخری حصہ بھی شامل کردیا ہے جو الجمعیۃ میں شائع نہ ہوسکا تھا ... [illegible] ... شریعت مقدسہ کے نہایت ادق مسائل و دشوار نکات اس طرح پیش کئے گئے ہیں کہ ہر عالم و عامی ان کو سمجھ سکتا ہے ... ہندوستان کے مختلف شہروں اور قصبوں میں ہزاروں لاکھوں مسلمان ایسے ہوں گے جو حضرت مولانا کے مواعظ حسنہ سے مستفید ہوچکے ہیں ... زیر بحث آتے ہیں ان کے بعض عنوانات بطور نمونہ درج ذیل کئے جاتے ہیں تاکہ کتاب کی ہمہ گیری و وسعت کا کچھ اندازہ کیا جاسکے۔

### مختصر فہرست مضامین

- روحانی اور جسمانی تربیت ـ عالم بالا کی خدمات ـ مسلمانوں کے تیوہار ـ عیدالاضحیٰ اور عیدالفطر ـ عالم سفلی کے مسخرات ـ دفن میں تعجیل ـ کفار کا شبہ ـ اردو زبان کی تبدیلی ـ روحانی اطباء ـ رسوم کا مفہوم ـ ... ـ ہجرت کا ایک واقعہ
- سب سے پہلی یونٹی کانفرنس ـ فضل حق کا معاملہ ـ ہندوؤں اور مسلمانوں کا فرق ـ صلح حدیبیہ ـ عالم برزخ کے واقعات ـ عالم برزخ کی ایک اطلاع ـ برزخ کا دوسرا واقعہ ـ جاہل میلاد خواں ـ میلاد کا مقصد ـ حضرت عمر فاروق کا مطالبہ ـ ... ـ کافر کی قبر میں ننانوے سانپ ـ منکر نکیر کا پہلا سوال
- حضرت رابعہ بصریہ کا واقعہ ـ حضرت ابراہیم بن ادہم ـ انبیاء اور حکماء کا فرق ـ اندھوں کا ہاتھی ـ نبی کریم کے مشاہدات ـ دنیا کی تاریخ ـ انبیاء علیہم السلام کی تاریخ ـ مادیات و روحانیات کا فرق ـ اولاد آدم کی فرمائش ـ قرآن کا قرض ایکٹ ـ حضرت داؤد و آدم کی مناسبت ـ حضرت داؤد کی لغزش ـ حضرت آدم کو ملائکہ کا سجدہ کرنا ـ سجدہ یا علامت وفاداری
- یوم میثاق کے دو اقرارنامے ـ الست بربکم قالوا بلی ـ لفظ رب کی جامعیت ـ حضرت یوسف علیہ السلام کا جیل ـ معافی دستور ـ حضرت یوسف علیہ السلام کے ہمراہی ـ مشرکین اور اہل کتاب کا فرق ـ اہل کتاب اور اقرار ربوبیت ـ خواص کا اقرارنامہ ـ اہل کتاب سے شکایت ـ حضرت عزیر کا واقعہ ـ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی تشریف آوری ـ متبعین غلام احمد قادیانی ـ مرزا کی پیش گوئی
- پنجاب کا نوری فرقہ ـ رفاعہ کی بیوی کا قصہ ـ حلالہ کا حکم ـ جاہل پیروں سے سوال ـ مستقبل کی تاریخ ـ قبروں سے اٹھنا ـ مسلمانوں سے حضرت حق کا پہلا خطاب ـ موت ایک معاہدہ ہے ـ مسلمانوں کی موت یا لوری ـ موت کے وقت کی لوری ـ حضرت ابراہیم علیہ السلام کا واقعہ ـ حضرت عمر بن الخطاب کا واقعہ ـ حضرت امیر خسرو رحمۃ اللہ علیہ ـ حضرت نظام الدین رحمۃ اللہ علیہ
- بیسویں صدی کے نوجوان ـ ترغیب قوانین ـ بیوہ کے ساتھ ظلم ـ قوانین اسلام کی ہمہ گیری ـ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا قانون ـ سیدنا اسمٰعیل علیہ السلام کا واقعہ ـ اسلامی قانون ـ نوجوانوں سے سوال ـ ستی کی رسم ـ دوسرا معجزہ ـ جادو اور معجزہ کا فرق ـ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا اعجاز ـ سراجا منیرا کی تفسیر ـ سیاست اور مذہب
- سندھ کے پیر ـ پست اقوام پر اسلام کا احسان ـ رسم و رواج کی پابندی ـ معجزات کی بحث ـ مکان کے کونے کا آخری پتھر ـ ملت ابراہیمی کا اتباع ـ نماز کی مثال ـ حج کی مثال ـ حسد و حرص کی مثال ـ اچھی بری صحت کی مثال ـ حضرت بایزید بسطامی کا واقعہ ـ مسرت حق کی مثال ـ الدنیا سجن المومن وجنت الکافر ـ حدیث شریف کے دوسرے معنی ـ قید خانے کی زندگی
- سلب اختیار ـ توبہ کی مسرت کا تصور ـ اہل دل کا نقصان ـ مخلوق کی اقسام ـ گناہ کی صلاحیت و عدم صلاحیت ـ شیاطین اور جنات ـ حضرت امیر معاویہ کا واقعہ ـ ختم نبوت کی تمثیل ـ اہل عرب کی اصلاح ـ انبیاء سابقین کا تذکرہ ـ حضرت عیسیٰ کی تمثیل ـ حضرت علی اور ایک یہودی کی گفتگو ـ حیلہ اور ایمان کا تعلق ـ اماطۃ الاذی کے معنی
- توہین انبیاء کے مجرم ـ انبیاء میں تفاوت ـ حضرت امام الحرمین کا واقعہ ـ حدیث سے استدلال ـ ذکر الٰہی موجب نجات ہے ـ حضرت ذوالنون مصری کا واقعہ ـ حضرت یونس کی معراج ـ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا طریق تعلیم ـ شیطان کی اتباع ـ شیطان کا فریب ـ شیطان کا کورا جواب ـ ملائکہ اور شیاطین ـ قرآن کی قسمیں ـ حضور کی زندگی
- حضرت لوط اور ابراہیم علیہما السلام ـ قوم لوط اور فرشتے ـ حضرت لوط اور فرشتے ـ حضرت لوط کی لغزش ـ حضرت لوط اور یوسف کی شرکت ـ ادی الی رکن شدید ـ حدیث شریف کا تیسرا ٹکڑا ـ والشمس کی سات قسمیں ـ صاحب اسرار الفاتحہ کا ایک واقعہ ـ سائل اور تائب کی تلاش ـ دوزخ سے آخری نجات پانے والا ـ سائل اور سخی میں کشمکش ـ قسموں کی مناسبت ـ مومن اور منافق کی مثال

پوری کتاب دو سو صفحات پر مشتمل ہے اور نہایت بہتر کتابت و طباعت کے ساتھ شائع کی جا رہی ہے اس کی باوجود قیمت علاوہ محصولڈاک صرف ایک روپیہ (عہ) رکھی گئی ہے تاکہ امیر و غریب سب حضرات مساوی فائدہ اٹھا سکیں

منیجر الجمعیۃ گلی قاسم جان دہلی

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۶۹۳

يد الله على الجماعة

تار کا پتہ "الجمعیۃ دہلی"
ٹیلیفون نمبر ۵۷۳۸

# الجمعیۃ سہ روزہ دہلی

مدیر مسئول: ہلال احمد زبیری (بی-اے) معاون: محمد عثمان فارقلیط

جلد ۲۱ | دہلی یوم سہ شنبہ ۳۰ شوال المکرم ۱۳۵۳ ہجری مطابق ۵ فروری ۱۹۳۵ء | نمبر ۹


## رواج عام اور شرعی قانون میں تصادم

### "مسلمان رواج کو چھوڑ کر اسلامی قانون اختیار نہیں کر سکتے"

لاہور ہائی کورٹ کا ایک تازہ فیصلہ

## معاصرین کے افکار و آراء

### مولانا ابوالکلام آزاد کا مشورہ

### مسلمان اور بیکاری

### لباس اور قابلیت

### معلمین حج کا قانون پھر اسمبلی میں

## پادری کی لڑکی کا قبول اسلام

ملنے کا پتہ: منیجر الجمعیۃ دہلی

---


Regd No. L 1793.

نورانی قرآن مجید
نہایت صاف جلی اور نہایت صحیح قرآن شریف اگر درکار ہو تو نورانی قرآن مجید الجمعیۃ بک ایجنسی دہلی سے طلب فرمایئے۔ قیمت مجلد پارچہ عہ

# The Aljamiat

پادری کی لڑکی کا قبول اسلام
اور اس کے حیرت انگیز کارنامے معلوم کرنے ہوں تو آج ہی منگا کر دیکھئے جس کو پڑھ کر آپ اسلام کی حقانیت کے قائل ہو جائیں گے قیمت فی جلد ۲ علاوہ محصولڈاک
منیجر الجمعیۃ دہلی

Vol. XXI No. 8 DELHI FRIDAY 1st FEBRUARY 1935. PRICE ONE ANNA


## سرحد میں شریعت کانفرنس کی تیاریاں

### ماتحت شریعت کمیٹیوں کو اطلاع

چونکہ شریعت کانفرنس کی تیاریاں مجلس استقبالیہ شریعت کانفرنس پشاور نے نہایت زور شور سے شروع کر دی ہیں اور اس کے لئے کافی سرمایہ کی اشد ضرورت ہے اس لئے فخر قوم ارباب عبدالرحمن خان صاحب ایم-ایل سی رئیس اعظم گلی کڑی و حاجی الرحمن الشہ لقین جناب عبداللہ خان صاحب رئیس اعظم کا فورڈیری فراہمی چندہ کے لئے ۴۲ جنوری ۱۹۳۵ء کو ضلع پشاور میں دورہ کرنے والے ہیں اس لئے مقامی حضرات سے میں اپیل کرتا ہوں کہ وفد مذکور کو سہولت بہم پہنچانے کے لئے ہر ممکن طریق سے سعی فرما کر عنداللہ ماجور و عندالناس مشکور ہوں۔

چونکہ شریعت کانفرنس کی تیاریاں زبردست پیمانہ پر مجلس استقبالیہ شریعت کانفرنس نے شروع کر دی ہیں اب وقت بہت تھوڑا رہ گیا ہے اس لئے وقت کی نزاکت کو اور تنگی کو مدنظر رکھتے ہوئے میں تمام اسلامی انجمنوں اداروں سے بالعموم اور ماتحت شریعت کمیٹیوں اور جمعیت العلماء صوبہ سرحد اور ان کی تمام ماتحت جمعیتوں سے بالخصوص اپیل کرتا ہوں کہ جلد از جلد چندہ کی فراہمی کا کام اپنے اپنے حلقہ میں شروع کر دیں جن حضرات کے پاس جو رسید بوکس بھر چکیں ہوں مہربانی فرما کر تمام جمع شدہ سرمایہ معہ رسید بوکس دفتر شریعت کانفرنس میں بھیج کر مشکور فرماویں۔

(عبدالقیوم سکرٹری شریعت کانفرنس پشاور)

## آگرہ میں مسلم ایجوکیشنل کانفرنس کا اجلاس

آل انڈیا مسلم ایجوکیشنل کانفرنس کا سالانہ اجلاس ۱۹۱۳ء کے بعد دوبارہ شہر اکبر آباد میں بتاریخ ۱۹، ۲۰، ۲۱ مارچ ۱۹۳۵ء زیر صدارت

### نامہ نگار حضرات توجہ فرمائیں

(منیجر)

جناب ڈاکٹر ضیاء الدین احمد صاحب بی-ایچ-ڈی-سی-آئی-ایم-ایل سی سابق پرو وائس چانسلر مسلم یونیورسٹی علی گڑھ منعقد ہوگا امید ہے کہ اجلاس آگرہ میں برادران اسلام کافی تعداد میں شریک ہو کر اپنی قوم کی تعلیمی

مشکلات و موانع حل کرنے کی کوشش فرمائیں گے۔ اجلاس کے زمانہ میں کوشش کی جاوے گی کہ تاج محل، سکندرہ، فتحپور سیکری اور دوسری تاریخی مقامات کی سیر کے لئے سہولتیں بہم پہونچائی جاویں۔ اجلاس کو کامیاب بنانے کے لئے جماعت انتظامیہ قائم ہوگئی ہے اور نیز صدر دفتر علی گڑھ سے جناب مصطفیٰ احسن صاحب زبیری سفیر آل انڈیا مسلم ایجوکیشنل کانفرنس تشریف لے آئے ہیں جو ضروری انتظامات و سرمایہ کی فراہمی میں مصروف ہیں۔ دفتر کانفرنس مذکور آفس سیٹھ الدین بھائی سیونسل کنڑا آبکاری روڈ آگرہ میں جاری ہو گیا ہے۔ جملہ خط و کتابت بنام سکریٹری پتہ مذکور پر ہونی چاہئے۔

(سید مظہر الاسلام آنریری جائنٹ سکرٹری)

## مرزائیوں کی شکست فاش

## آجڑے کے مسلمانوں کی مصیبتوں میں اضافہ

### زبردستی دستخط لئے جا رہے ہیں

(نامہ نگار)

اخبار الجمعیۃ میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے


## محبوب عاشق کے قدموں پر

ملنے کا پتہ: منصف شاہ عالم راجان دہلی

## ہمالیہ

طاقت و قوت بڑھانے اور قوت مردی کا بے تحاشہ ضائع زائل شدہ تمام اعصاب دل اور دماغ کی تمام خرابیوں کو دور کرنے والی نہایت ہی مفید ہے ہزاروں حکماء کا تعریف کردہ

اکسیر اعظم

## اصلی سلاجیت اصلی

پتہ: مالک فرم ہمالیہ ڈپو ہردوار ضلع سہارنپور

HIMALIYA DEPO HARDWAR (SAHARANPUR)

تصدیق

## حمائل شریف مترجم مع خلاصۃ التفاسیر

ملنے کا پتہ: منیجر اخبار الجمعیۃ گلی قاسم جان دہلی

مشہور و معروف دو ترجمہ والا معجز نما متوسط قرآن مجید معہ کامل تفسیر

## حیرت انگیز رعایتی اعلان

ملنے کا پتہ: منیجر اخبار الجمعیۃ گلی قاسم جان دہلی

# بصائر و نظائر

اس امر سے شاید ہی کسی کو انکار ہو کہ دنیا کی ہر چھوٹی اور بڑی چیز کی بقار کا انحصار اس کی امتزاجی کیفیت کے اعتدال اور توازن پر ہے۔ اگر توازن کا یہ معیار بگڑ جائے اور افراط و تفریط کی حالت پیدا ہو جائے تو کائنات کی حرکت سکون میں تعمیر کی حالت تخریب میں اور زندگی کا رنگ موت میں تبدیل ہو جائے اور وہ تمام اجزا منتشر ہو جائیں جو توازن کی بدولت ایک دوسرے سے وابستہ اور مربوط ہیں۔ انسانی جسم کا نظام بھی اخلاط اربعہ کے اعتدال پر قائم ہے اور اسی اعتدال کا نام صحت، تندرستی اور زندگی ہے۔ اگر ان میں افراط و تفریط کی حالت پیدا ہو جائے تو انسان بیمار پڑ کر ہلاک ہو جائے گا۔

یہی ضابطہ جسم اور روح کے تعلق میں بھی جاری ہے۔ روحانی اور جسمانی تعلقات میں اعتدال ہے تو اس سے مکارم اخلاق اور باطنی کمالات کی نشوونما ہوگی اور انسان سکون و راحت کی دولت سے مالا مال رہے گا۔ لیکن اگر توازن کا رشتہ شکست ہوا اور روحانیت اور جسمانیت پر افراط و تفریط کا رنگ چڑھا تو اس کا نتیجہ روح کی بربادی، صفات حسنہ کی تباہی اور باطنی کمالات کے فقدان کے سوا اور کچھ نہ ہوگا۔ غرض روحانی اور مادی بقا کا انحصار افراط و تفریط سے بچی ہوئی اس کیفیت پر ہے جس کا نام اعتدال ہے۔

موجودہ زمانہ تہذیب و حضارت، صنعت و حرفت، ایجادات و اختراعات، سائنس اور طبیعیات کا زمانہ ہے۔ علمی اور فنی ترقیوں سے دنیا کا گوشہ گوشہ معمور ہے۔ بجلی کے قمقموں اور برقی پنکھوں نے شہروں اور بستیوں کو طلسمی دنیا کا نمونہ بنا رکھا ہے۔ جگہ جگہ اسکول، کالج اور یونیورسٹیاں قائم ہیں جہاں ذہنی اور دماغی استعدادوں کو جلا دی جاتی ہے۔ ریلیں، جہازوں، طیاروں اور موٹروں نے …

گفتگو میں فطری جذبات کی جھلک نظر آئے گی، اور اکل حلال اور صدق مقال کا نور ان کی پیشانی پر چمکتا ہوگا لیکن وہاں سے کسی شہر کی طرف رخ کرو اور دیکھو کہ کس طرح بے ایمانیوں، مکاریوں، حرام خوریوں، رذیلتوں اور سفاکیوں کے دیو مار استقبال کرنے کے لئے موجود ہوں گے۔ دیہاتی اور شہری آبادی کا یہ فرق اسلئے ہے کہ دہقانی آبادی ان گندے اثرات سے محروم ہے جو تہذیب جدید کی ہر دو نے متمدن اور شاندار شہروں کے کوچہ و بازار میں دے رکھے ہیں۔

ملک امریکہ اپنے تمول، علم پرستی، کثرت اختراعات اور مرکز علوم ہونے کے اعتبار سے بہت مشہور ہے۔ وہاں کی آبادی سو فیصدی تعلیم یافتہ ہے۔ خیال ہوتا ہوگا کہ جب اس ملک کی ترقی کا یہ عالم ہے تو وہ یقیناً قدوسیوں کی آبادی ہوگی مگر افسوس ہے کہ امریکہ کی نسبت ایسا خیال کرنا اس کی توہین کرنے کے مرادف ہے جس کو مادی دنیا معاف کرنے پر کبھی تیار نہ ہوگی۔ حال میں امریکہ کی "تدارک جرائم کی تفتیش کرنے والی کمیٹی" نے سرزمین امریکہ کے "دخلدبریں" ہونے کا ثبوت مندرجہ ذیل اعداد و شمار سے دیا ہے:۔

| | |
|---|---|
| قتل کے واقعات کی تعداد سالانہ | ۱۲۰۰۰ |
| اغوا کے واقعات 〃 〃 | ۳۰۰۰ |
| ڈاکے کے واقعات 〃 〃 | ۵۰۰۰ |
| واقعات آتش زنی 〃 〃 | ۵۰۰ |
| مجرمانہ حملے اور اقدامات قتل 〃 〃 | ۱۰۰۰۰ |
| نقب زنی کے واقعات 〃 〃 | ۴۰۰ |
| جرائم پیشہ افراد کی تعداد 〃 | ۱۰۰۰۰۰ |

مندرجہ بالا واقعات کی تفتیش اور مقدمات کے سلسلہ میں ہر سال جس قدر خطیر رقم صرف … ہوتی ہے اس رقم سے ۵ دفعہ دریائے … کی تعمیر ہو سکتی ہے! (اسٹیٹسمین، ۲۰ جنوری ۱۹۳۴ء)

واتل علیہم نبأ الذی آتیناہ آیاتنا فانسلخ منہا فاتبعہ الشیطان فکان من الغاوین ولو شئنا لرفعناہ بہا ولکنہ اخلد الی الارض واتبع ھواہ (پ ۹)

# گورنر جنرل کو نفاذ قانون کے مکمل اختیارات

## پارلیمنٹری رپورٹ میں ایک خاص تبدیلی

### برطانیہ کے ہاتھ میں ہندوستان کی کلید

### انڈیا بل شائع ہو گیا

نئی دہلی یکم فروری۔ آج وہ بل شائع ہو گیا ہے جو ہندوستان کی سیاسی قسمت کا فیصلہ کرے گا۔ اس بل کا خلاصہ پہلے میمورنڈم کی صورت میں شائع ہو چکا ہے۔ انڈیا بل پندرہ حصص پر منقسم ہے۔ وہ ۴۹۰ صفحات کی ایک ضخیم کتاب ہے جس میں کل ۴۵۱ دفعات اور ۱۵ جدولیں (شیڈول) ہیں۔

ہندوستان کی فیڈرل اور پراونشل گورنمنٹوں کے متعلق صرف … دفعات ہیں باقی بر ما سے متعلق ہیں۔ ہم ذیل میں صرف دفعات کا خلاصہ درج کرتے ہیں اور بعض اہم دفعات کا لفظی ترجمہ بھی دیں گے۔

ہندوستان کی حکومت تمام و کمال ملک معظم کے نام پر ہوگی جو اپنے اختیارات وزیر ہند، وزیر ہند یا اجلاس کونسل، گورنر یا مقامی حکومتوں کو سونپ دیں گے۔ گورنر جنرل فیڈرل گورنمنٹ کا حاکم اعلیٰ ہونے کے علاوہ دیسی ریاستوں کے ساتھ تعلقات کے لئے ملک معظم کا نمائندہ بھی ہوگا۔ گورنر جنرل کے علاوہ ملک کی فوجی طاقتوں کے لئے ایک کمانڈر انچیف ہوگا۔

### فیڈریشن اور ریاستہائے ہند

اگر پارلیمنٹ کے ہر دو ایوان ملک معظم کی خدمت میں ایڈریس پیش کریں کہ گورنروں کے صوبوں اور ان ریاستوں کو جو فیڈریشن میں شامل ہو گئی ہوں یا بعد میں شامل ہوں ملا کر "فیڈریشن آف انڈیا" قائم کی جائے تو ملک معظم ایک …

حقوق … شامل ہوں گے جو ملک معظم معاہدہ عطیہ، دستور یا کسی دوسرے طریقے سے قبائلی علاقوں میں اور قبائلی علاقوں کے متعلق بروئے کار لا سکتے ہیں۔

### وفاقی امور کا نظم و نسق

فیڈرل (وفاقی) امور کے نظم و نسق ایک مجلس وزرار کے سپرد ہوگا جن کی تعداد دس سے زائد نہ ہوگی۔ جو مخصوص امور میں گورنر جنرل کو مشورہ و اعانت دیں گے۔

گورنر جنرل کو وزرار کی مجلس کے جلسوں کی صدارت کرنے کا اختیار حاصل ہوگا۔

اگر یہ سوال پیدا ہو جائے کہ آیا کوئی معاملہ ایسا ہے یا نہیں جن میں گورنر جنرل اپنی ذاتی مرضی سے یا اپنے انفرادی فیصلہ کے مطابق کام کر سکے تو گورنر جنرل کا اس کی مرضی کے مطابق فیصلہ ناطق فیصلہ ہوگا اور کسی قسم کی باز پرس گورنر جنرل سے اس بارے میں نہیں کی جا سکے گی۔

### وزرار کی حیثیت

گورنر جنرل اپنے وزرار خود منتخب کرے گا۔ اور انہیں طلب کر سکے گا۔ وزرار اس کی کونسل کے ممبران کی حیثیت سے حلف وفاداری لیں گے اور اس کی رضامندی کے دوران میں اپنے عہدہ پر قائم رہیں گے۔ جو وزیر مسلسل چھ ماہ تک فیڈرل مجالس قانون ساز کے کسی ایوان کا ممبر نہ ہوگا وہ اس عرصہ کا گزر جانے کے بعد وزیر باقی نہیں رہے گا۔

وزرار کی تنخواہ مرکزی مجالس قانون ساز مقرر کریں گی، لیکن کسی وزیر کی میعاد عہدہ کے دوران میں اس کی تنخواہ میں تبدیلی نہیں کی جا سکے گی۔

(ب) اس بات کی تخصیص کرتے ہوئے کہ فیڈرل لیجسلیٹو لسٹ میں سے وہ کن امور کو اپنے امور تسلیم کرتا ہے جن کے بارے میں فیڈرل مجالس قانون ساز اس کی ریاست اور اس کی رعایا کے لئے قوانین مرتب کر سکے گی اور اس شرط کی بھی تخصیص کرتے ہوئے …

(ج) اس بات کا ذکر کرتے ہوئے کہ اس کی ریاست میں اس قانون پر …

والئی ریاست کو یہ بھی اختیار حاصل ہوگا کہ وہ بعد کے اعلان کے ذریعہ …

### وفاقی امور کا نظم

فیڈریشن قائم ہونے کے بعد … گورنر جنرل کی معرفت ملک معظم کے پاس بھیجی جائے گی …

(باقی آئندہ)

(بسلسلہ صفحہ ھذا کالم ۴)

# عراق ریلوے

(۱) نجف، کربلا، کاظمین اور سامرہ اسلامی مقامات مقدسہ کی زیارت کا انتظام عراق ریلوے نے کیا ہے۔ یہ سفر نہایت قلیل کرایہ اور کم وقت میں طے ہوگا۔ دوران سفر میں ہر ممکن آسائش بہم پہنچائی جائیں گی۔

مکہ معظمہ کو جاتے ہوئے عراق کے مقامات مقدسہ کی زیارت کرو

شرح کرایہ درج ذیل ہے:۔

| | سکنڈ کلاس | تھرڈ کلاس |
|---|---|---|
| اور کربلا سے بغداد یا کاظمین | ۴۲/-/- | ۱۴/-/- |

ہندوستان میں حجاج کو صرف تیسرے درجے کے ٹکٹ مل سکتے ہیں۔ سکنڈ کلاس کی ٹکٹیں نقل کے مقام پر خریدی جا سکتی ہیں۔

(۱) مولوی محمد باقر حاجی دیوجی جمال مسافر خانہ جیل روڈ عمر کھاڑی بمبئی
(۲) مسٹری۔ ای لوٹیا نائنڈوی کو اواڑہ بمبئی نمبر ۳
(۳) دی آنریبل جائنٹ سکرٹری نیپئن … بمبئی
(۴) حبیب حاجی رحمت اللہ کھارادر کراچی
(۵) …
(۶) …

اپنا مال بغداد کو بک کراؤ یا بلز آف لیڈنگ براستہ عراق ریلویز روانہ کریں

محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا

# طریق تبلیغ کیا تھا؟

اس کا جواب ایک جامع کتاب "بلاغ مبین" میں حضرت مولانا مولوی محمد حفظ الرحمٰن صاحب سیوہاروی نے قلمبند فرمایا ہے جو بڑی تقطیع کے دو سو پچیانوے صفحہ کی کتاب ہے۔ کتابت، طباعت اور کاغذ اعلیٰ درجہ کا۔ واقعات سب معتبر و مستند، طرز تحریر صاف اور عام فہم، نتائج مؤثر و دلنشین۔ تبلیغی کام کرنے والوں کے لئے اس سے بہتر آج تک اردو میں کوئی کتاب نہیں لکھی گئی۔ غیر مسلم اقوام کو سیرت رسول کے مکمل نتائج اور اثرات اس کتاب کے سوا اور کسی جگہ ایک مقام پر نہیں ملیں گے۔

ہر مسلم و غیر مسلم لائبریری میں رکھنے کے قابل ہے۔ باوجود ان محاسن کے قیمت بہت کم ہے یعنی صرف دو روپیہ (عکر)

ملنے کا پتہ:۔ (مولوی) محمد ادریس، منیجر دفتر بلاغ مبین۔ دہلی



# سرزمین ترکی میں مشرق و مغرب کی آویزش

## صلح کے موقعہ پر ترکوں کے ساتھ فاتحین کا سلوک

### سمرنا میں یونانی درندوں کے مظالم

### جامعہ ملیہ میں خالدہ ادیب خانم کا چوتھا لیکچر

دہلی ۲۹ جنوری۔ آج جامعہ ملیہ میں خالدہ ادیب خانم کا چوتھا لیکچر علامہ سید سلیمان صاحب ندوی کی زیر صدارت شروع ہوا۔ آج کے لیکچر کا موضوع موجودہ ترکی کی کشمکش … کی داستان تھی جس میں خود مقررہ محترمہ کی شخصیت ایک اہم اور مؤثر عنصر رہ چکی تھی۔ محترمہ خالدہ ادیب خانم کے اسلوب بیان سے ترشح ہوتا تھا کہ آپ واقعات کے بیان میں اپنے جذبات اور شخصی حیثیت کو غیر معمولی طور پر تلامذ سے علیحدہ رکھنے کی کوشش کر رہی ہیں۔ لیکن اس کے باوجود سامعین محسوس کر رہے تھے کہ محترمہ کی تقریر کا ہر جملہ اور ہر لفظ صفحۂ دماغ یا صفحۂ کتاب کے بجائے دل کی گہرائیوں سے نکل رہا ہے۔ یوں تو محترمہ ترکی کی وطنی جد و جہد بیان کر رہی تھیں لیکن ان کے اس قلبی تاثر نے ایک خاص ملک کی آزادی کی کہانی کو تمام بنی نوع انسان کی جد و جہد کی صورت دے دی تھی۔

### ترکوں کے ساتھ فاتحین کا سلوک

آپ نے فرمایا کہ میری آرزو اور دعا تو یہ ہے لیکن اس امر کو قطعی قرار دینے کی جرأت نہیں کرتی کہ اب انسانی تاریخ میں جنگ و جدل کا عہد قصہ ماضی ہو چکا ہے۔ بہرحال یہ واقعہ ہو یا نہ ہو لیکن اس سے کسی کو انکار نہیں کہ ۱۹۱۸ء میں چار سال کی مسلسل تباہ کاریوں، لاکھوں انسانوں کی ہلاکتوں، ملکوں کی بربادیوں اور اقوام عالم کی …

وطن پرور رہنما قسطنطنیہ سے یا بجولاں اغیار کے ہاتھوں مالٹا پہونچائے گئے۔ اور تو اور ان لوگوں کے خلاف جو اناطولیہ میں اپنے گھروں، خاندانوں اور عزت و ناموس کو یونانی درندوں سے بچانے میں سرگرم جنگ و جدل تھے باغی اور غدار قرار دیا۔ اور ان کے خلاف جہاد کا اعلان کرنے سے احتراز نہ کیا۔ سلطان کو اپنے وطن اور اپنی قوم کے خلاف اس غداری کا بدلہ ملا اور پورا ملا۔ ترک قوم پرور اور ان کے رہنما اور سربلند ہوئے اور سلطان کی اس وطن فروشی نے ترکی سے ہمیشہ کے لئے شاہیت کی بساط کو الٹ دیا۔

### یونانیوں کی فیصلہ کن شکست

اناطولیہ میں وطن پرور فوجوں کو خطرناک مصائب کا سامنا تھا۔ اس کے علاوہ سلطان کی اس روش نے خود اناطولیہ میں باہمی خانہ جنگی کا فتنہ برپا کر دیا لیکن انگورہ کی مختصر مگر مستعد فوجوں نے اس فتنہ کو خوش اسلوبی سے دبا دیا۔ انہوں نے یونانیوں کی بڑھی ہوئی فوجی رو کو روکا اور سقاریہ کے میدان جنگ میں ان کو ایک فیصلہ کن شکست دی۔ ترکی کی فوجیں کم، سامان جنگ برائے نام، رسد ناکافی اور رسل و رسائل آمد و رفت کچھ نہ تھے لیکن ان تمام مشکلات کے باوجود ترک تین دن تک سقاریہ میں یونانیوں کے مقابلہ میں جمے رہے اور ان کو شکست دے کر ایشیائے کوچک اور سمرنا کو ان کی دست درازیوں سے بچایا۔ یونانی پسپا ہوئے اور راہ فرار اختیار کرتے ہوئے اپنے پیچھے جلے ہوئے دیہات، ویران آبادیاں، مقتول رعایا اور تباہی و بربادی کا ایک الم انگیز نقشہ چھوڑتے گئے۔ لیکن اس تباہی و ہلاکت کی ملاؤں نے اس سرزمین میں ایک ایسی قوم کا بیج بو دیا جو آزاد تھی وہ قوم خوب پھلی پھولی۔ یونانیوں کے بعد ترکی کے دوسرے دشمن یکے بعد دیگرے وطن کی سرزمین سے بہزار ذلت و رسوائی رخصت ہوئے اور آخرکار صلح نامہ لوزان …

### اسلام کی روحانی شان

# مشرق و مغرب کی تازہ خبریں

عربی اور ولایتی ڈاک

## ترکی دہقانوں کیلئے نیا اخبار

### ۴۱ ہزار دیہات میں مطالعہ کا انتظام

ملت ترکیہ کے حزب جمہوری نے نشر معارف، جدید ذہنی تربیت، اجتماعی اصلاحات اور تنویر افکار کی غرض سے ترکی دہقانوں اور کسانوں کیلئے ایک نیا اخبار جاری کیا ہے جس کے ذریعہ دہقانوں کو حکومت کے مساعی اور واقعات بین المللی سے آگاہ کیا جائے گا۔ اس اخبار کا نام "یورت" ہے جو مہینہ میں دو مرتبہ شائع ہوتا ہے۔ اس کی پہلی اشاعت جشن استقلال ترکی کے روز عمل میں لائی گئی اور ۵۰ ہزار کاپیاں شائع کی گئیں۔ ان کاپیوں کو ترکی کے ۴۱ ہزار دیہات و قریات میں تقسیم کیا گیا اور ہر قریہ میں دو دو کاپیاں ارسال کی گئیں۔

اس اخبار میں وہی خبریں اور مضامین درج کئے جاتے ہیں جو کسانوں اور دہقانوں کے لئے مفید ہوتے ہیں۔ حفظان صحت، زراعت، تربیت گلہ بانی، تربیت حیوانات، تخم ریزی کے سلسلہ میں مفید مقالات شائع ہوتے ہیں۔ اور کوشش کی جاتی ہے کہ جمہوریہ ترکیہ کے ساتھ دہقانوں کے روابط مستحکم و پائیدار رہیں۔

اس اخبار کے مضامین کی عام افادیت کے لئے دہقانوں کو پڑھنا اور لکھنا بھی سکھایا جائے گا اور ان میں سے نامہ نگار بھی مقرر کئے جائیں گے۔ مگر ابھی تک اس قسم کا انتظام نہیں ہوا ہے اسلئے اخبار کی ترتیب کے لئے ماہرین کا تقرر کر دیا گیا ہے۔

## عصمت فروشی کے خلاف چینی حکومت کا اقدام

### سزا دینے کے خلاف عام خواتین میں ہیجان

اٹلی نے حملہ نہ کیا تو ترکی حکومت ہرگز اقدام نہیں کرے گی کیونکہ وہ جنگ و جدال سے خود علیحدہ رہنا چاہتی ہے لیکن اگر اس پر کسی طرف سے حملہ ہوا تو وہ اس کی مدافعت پوری قوت کے ساتھ کرے گی۔

## ترکی سفیر، بالشویک روس میں

### صنعتی اور زراعتی مراکز کا معائنہ

واصف بے سفیر ترکی بالشویک روس کے ان مراکز کا معائنہ کر رہے ہیں جو زراعت اور صنعت کے لئے مخصوص ہیں۔ موصوف نے بالشویک روس کے دہقانوں کی طرز زندگی اور معاشرت کا بغور معائنہ کیا اور مختلف میکانکی کارخانوں اور پارچہ بافی کے مرکزوں کو دیکھا۔ آپ کے ہمراہ روسی حکومت کے نمائندے اپنی ترقی کے نتائج کا معائنہ کرانے کے لئے موجود ہیں۔ سفیر موصوف کا ہر جگہ شاندار استقبال کیا گیا۔

معلوم ہوا ہے کہ سفیر ترکی، اشتراکی روس کے نمائندوں سے صنعتی مسائل پر گفت و شنید کا سلسلہ بھی شروع کریں گے۔

## ترکی حکومت کا جدید تجارتی قانون

### تجارت برآمد کے خوشگوار نتائج

## سرزمین حجاز میں سونے کی کان

### ایک امریکن کمپنی کو ٹھیکہ دیدیا گیا

## کھجور کے پتوں سے کاغذ سازی

### عراق کی وزارت مال کا مستحسن اقدام

عراق کی وزارت مال نے انگلستان کی ایک کمپنی کو کھجور کے پتے بطور نمونہ روانہ کئے تھے تاکہ ان سے کاغذ بنانے کا تجربہ حاصل کیا جائے … مسئلہ عراق کی وزارت مال میں زیر غور ہے۔

## امیر فیصل ریاض میں

مکہ مکرمہ کے راستہ سے نائب ملک عبد اللہ امیر فیصل ریاض پہونچے جہاں آپ کا شاندار استقبال کیا گیا … حکومت حجاز کے سفیر شیخ حافظ وہبہ متعینہ لندن، بغداد وارد ہوئے چند روز میں آپ ریاض پہونچ جائیں گے۔

## استقلال اورنہ کا شاندار جشن

ترکی حکومت میں اورنہ کو ایک تاریخی اور سیاسی اہمیت حاصل ہے۔ آج سے بہت پہلے یونان نے اس پر قبضہ کر لیا تھا لیکن ۱۹۲۲ء میں ترکوں نے پھر اس پر قبضہ کر لیا اور تا حال یہ مقام ترکوں ہی کے تصرف میں ہے۔

امسال اورنہ کے باشندوں نے اپنے ملک کی آزادی کی یادگار میں شاندار جشن منایا اور تمام اورنہ میں چراغاں کیا گیا۔ ترکی نمائندے بھی اس جشن میں شرکت کی اور زبردست فوجی مظاہرے ہوئے۔

## کنفیوشس کے خاندانی القاب

### قدیم القاب کا استعمال منسوخ کر دیا جائیگا

پیکنگ کی اطلاع ہے کہ چین میں دو ہزار سال سے جو موروثی القاب استعمال ہوتے چلے آئے ہیں ان کو منسوخ کر دیا جائے۔ اور آئندہ کوئی شخص ان کا استعمال نہ کر سکے۔ یہ القاب چین کے قدیم مصلح کنفیوشس کے متعلق کو عطا ہوتے ہیں اور اس خاندان کے لوگوں کو تمام چین میں خاص اعزاز و اجلال حاصل ہے۔ …

(۱) … (یعنی اکمل انسان)
(۲) … (یعنی نسل اعلیٰ)
(۳) … (یعنی معلم اعظم)

## ترکی فوج کی نقل و حرکت سے اضطراب

### بنکوں سے روپیہ نکلوانے میں تعجیل

انگورہ کی اطلاع مظہر ہے کہ ترکی فوج کی جا بجا نقل و حرکت اور فوج کے ایک حصہ کی اسلحہ برداری سے لوگوں میں سخت ہیجان پیدا ہو گیا اور یہ خیال کیا گیا کہ ابتک حکومت کسی دوسری حکومت سے جنگ ناگزیر ہے۔ چنانچہ اس خیال پر لوگوں نے ترکی بنکوں کی طرف دوڑنا شروع کر دیا اور صرف ایک روز میں تین لاکھ پونڈ ترکی بنکوں سے نکلوا لئے۔ افواہ گرم ہے کہ ترکی فوج کی اسلحہ بندی اور حربی نقل و حرکت کچھ نہ کچھ گل کھلائے گی۔

## شاہان عرب میں تبریکی پیغامات کا تبادلہ

## لاطینی حروف میں جدید ترکی سکے

## جرمنی میں ایک شخص بھی بیکار نہیں رہیگا

## سائنس دانوں کی نئی گپ!

ہرورڈ یونیورسٹی کے سائنس دانوں نے کسی مقام سے تین انچ طویل ایک انڈا برآمد کیا ہے … اس انڈہ کی عمر … ۲۲۵ سال بتائی جاتی ہے!!

سامان اللحم بہ نسخہ خاص دوا

تار کا پتہ "HAMDARD" DELHI — منیجر ہمدرد دواخانہ یونانی دہلی



## معجون شباب آور

قوت مردمی اور دل و دماغ کی کمزوری کے لئے نسخہ دوا

زہریلی اور نشہ کی چیزوں سے بالکل پاک … تمام ہندوستان میں اس کے بے نظیر فوائد کا اعتراف کیا گیا ہے۔

ہمدرد دواخانہ یونانی دہلی

## مفت! مفت!! مفت!!!

گھر بیٹھے باقاعدہ تعلیم حاصل کر کے آیورویدک یونانی حکمت ہومیوپیتھک یا بائیوکیمک کی سندات حاصل کرنے کا قاعدہ (قواعد) کارڈ ڈال کر مفت طلب کرو۔

پرنسپل اولڈ انڈین میڈیکل کالج انبالہ شہر

## خضاب چھوڑ دو

اس تیل سے بال بکنے رک کر پکا بال کالا پیدا ہو کر … سال تک کالا رہے …

پتہ۔ بال کالا اسٹورس پوسٹ گنسی سمری (دربھنگہ)

## سچا ہمدم و رہبر بے دام

پاک صاف خیالات پیدا کر کے جسمانی و روحانی صحت حاصل کرنے کیلئے اور دنیا میں سچی خوشی دستیاب کرنے کیلئے آپ آج ہی ایک کارڈ تحریر کر کے کتاب کام شاستر بالکل مفت منگوا لیں۔

وید شاستری جام نگر، کاٹھیاواڑ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# الجمعیۃ دہلی

یوم سہ شنبہ ۳۰ شوال المکرم ۱۳۵۳ھ ہجری

# معلمین حجاج کا مسودۂ قانون

## متفقہ مخالفت کی ضرورت

(۲)

### لائسنس دینے والے آفیسر کے اختیارات

لائسنس دینے والے آفیسر کے اختیارات کی تفصیل حسب ذیل ہے:-

"دفعہ ۹۔ لائسنس دینے والے آفیسر کو اختیار ہوگا کہ وہ کسی رہنمائے حجاج کو جس پر ایسا الزام لگایا گیا ہو جو ثابت ہو جانے کی صورت میں دفعہ ۸ کے ماتحت سزا کے قابل ہو، اس وقت تک کے لئے معطل کردے جب تک کہ الزام کی تفتیش مکمل ہو۔

یہ جرم تو ایسا ہے جس کا اثر نہ صرف معلمین بلکہ تمام مسلمانوں پر پڑتا ہے، اب رہا دوسرا جرم اس کے دائرہ میں وہ معلمین آتے ہیں جو لائسنس حاصل کریں گے، انکو حکومت کی مقرر کردہ شرائط کی (جن کا ابھی تک کوئی علم نہیں ہے کہ وہ کیا ہوں گی) خلاف ورزی میں دو سو روپیہ جرمانہ کی سزا دی جا سکے گی۔ اور یہ سزا حاجی نہیں دلائیں گے، بلکہ حکومت کی طرف سے لائسنس دینے والا آفیسر دلائے گا، کیونکہ مذکورہ بالا شرائط حاجیوں کے مفاد کی نگہداشت کے بجائے حکومت کی ...

### اصول سے انحراف

### اراکین اسمبلی کا فرض

(بسلسلہ صفحہ ہذا کالم ۴)

# شذرات

## لکھنؤ کے شیعہ اخبارات کا غصہ

مسلم یونیٹی بورڈ کا جو گزشتہ اجلاس دہلی میں منعقد ہوا تھا اس کی کارروائی الجمعیۃ میں شائع ہو چکی ہے، اور شیعوں کی جداگانہ نیابت کے متعلق اس اجلاس نے جو قرارداد منظور کی تھی اس پر ہم ان کالموں میں ایک مختصر شذرہ بھی سپرد قلم کر چکے ہیں۔ الجمعیۃ کی اس کارروائی اور اس شذرہ کو پڑھنے کے بعد لکھنؤ کے شیعہ اخبارات سرفراز، اسد اور تصفیہ نے اپنی تازہ اشاعتوں میں نوٹ لکھے ہیں اور اول الذکر دو اخبارات نے بغیر کسی معقول وجہ کے نہایت تند و سخت لہجہ اختیار کیا ہے جو کسی طرح موقع اور محل کے مطابق نہیں کہا جا سکتا۔ ہم نہیں چاہتے کہ ایک ایسی بحث کے متعلق جو مسلمانوں کے دو طبقوں میں مزید کشیدگی پیدا کرنے کا موجب ہو سکتی ہے زیادہ تفصیل سے کام لیں اور ہر ہر اعتراض کا جو ان اخبارات نے ہم پر یا جمعیۃ علمائے ہند پر کئے ہیں مکمل جواب دیں ... جذبات کو خواہ مخواہ مشتعل کرنا شروع کر دیا ہے صحیح نہیں ہے اور وہ اس غلطی کو خود بہت جلد محسوس کرلیں گے۔ لیکن کم سے کم دو باتیں ہم اپنے معاصرین عزیز کی معلومات کے لئے درج کر دینا بہر حال ضروری خیال کرتے ہیں۔ پہلی بات تو یہ ہے کہ یونیٹی بورڈ کی جو کارروائی الجمعیۃ میں شائع ہوئی ہے وہ لفظاً لفظاً صحیح ہے اس میں کوئی غلطی نہیں ہے ...

## بمبئی کے بندرگاہ پر حاجیوں کے مصائب

آج کی اشاعت میں کسی دوسری جگہ ہم حضرت مولانا مہدی حسن صاحب کے اس مکتوب گرامی کا خلاصہ درج کر رہے ہیں جو ممدوح نے سفر حج کے لئے جاتے ہوئے بمبئی کے بندرگاہ سے حضرت علامہ مفتی محمد کفایت اللہ صاحب صدر جمعیۃ علمائے ہند کی خدمت میں ارسال فرمایا ہے۔ بمبئی جیسے بندرگاہ پر حاجیوں کے لئے پاسپورٹ کی منظوری حاصل کرنے میں ان مصائب و مشکلات کا مقابلہ کرنا جو اس خط میں مذکور ہیں اس امر کی ایک بین دلیل ہے کہ حکومت کی جانب سے نہ صرف حاجیوں کی آرام و آسائش کے متعلق کوئی معقول انتظام موجود نہیں ہے بلکہ متعلقہ حکام کی غفلت اور مجرمانہ لاپروائی اور بے قاعدگی و بے اصولی ... مسافروں کے مقابلہ میں زیادہ تکلیف پہنچانے کا موجب ہوتی ہے۔ حکومت [redacted] ... تیسرے درجہ کے سفر ... ان تکلیف کا سامنا کرنا نہیں پڑے گا جو فرسٹ کلاس میں سفر کرنے والے حجاج کو برداشت کرنا پڑتی ہیں۔ دوسرے بحری سفر کرنے والے مسافر ان چیزوں کا تصور بھی نہیں کر سکتے۔ یہ سب زیادتیاں حاجیوں ہی کے ...

# حوادث و احکام

## استفتاء

## الجواب

## استفتاء

## الجواب

## استفتاء

## الجواب

---



# خالدہ ادیب خانم کا پانچواں لیکچر

## ترکی کے علم و ادب پر تبصرہ

دہلی یکم فروری۔ کل جامعہ ملیہ اسلامیہ میں خالدہ ادیب خانم کا پانچواں لیکچر ہوا۔ ہال حسب سابق حاضرین سے بھرا ہوا تھا۔ ڈاکٹر انصاری اور مسز نیڈو بھی موجود تھیں۔ صدارت کے فرائض ڈاکٹر سر محمد اقبال صاحب نے انجام دئے۔ اس لیکچر میں محترمہ خالدہ ادیب خانم نے ترکی کے مشہور افسانہ نویسوں اور شاعروں کے چیدہ کلمات پیش کئے۔ اور ترکی کے علم و ادب پر تبصرہ فرمایا۔ وہ اشعار بہت پسند کئے گئے جو ترکی شعراء نے ترکی کی آزادی کی جد و جہد کے دور میں لکھے تھے اور جن سے نوجوان ترکوں کو حفظ وطن کے لئے آمادہ کیا گیا تھا۔ محترمہ موصوفہ نے اپنے لیکچر میں آرین تہذیب و فلسفہ کا بھی مناسب الفاظ میں تذکرہ کیا اور ان کا ترکی کی تہذیب سے مقابلہ کیا۔

(چونکہ یہ لیکچر ترکی کے علم و ادب پر دیا گیا تھا جو صرف سننے ہی سے تعلق رکھتا تھا اس لئے اس کو اخبارات میں اشاعت کے لئے نہیں دیا گیا۔)

# حضرت مولانا احمد سعید صاحب کی علالت

حضرت مولانا احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند کی شدید علالت کے متعلق مفصل اطلاع گزشتہ اشاعت میں درج کی جا چکی ہے۔ اگرچہ حالت اب اس قدر خطرناک نہیں ہے جتنی کہ ابتداء مرض میں محسوس کی جا رہی تھی مگر بلغم کے ساتھ ذرا ذرا سا خون ابھی تک آ رہا ہے اور حضرت مولانا بدستور صاحب فراش ہیں۔ گفتگو کرنے اور لوگوں سے ملنے جلنے کی مخالفت بھی ہنوز جاری ہے۔

کل ۲ فروری کو شام کے وقت ڈاکٹر انصاری صاحب نے حضرت مولانا کے دولت خانہ پر تشریف لا کر طبی معائنہ فرمایا۔ ڈاکٹر محمد عمر صاحب بھی موجود تھے ...

# چرقند کے دو قبائل میں جنگ

## سرغنہ گولیوں سے اڑا دیا گیا

# لندن سے ایک یہودی اخبار کا اجراء

# حکومت مدراس نے کونسل کے فیصلہ کو ٹھکرا دیا

# جون میں سندھ اور اڑیسہ کی علیحدگی

# آگرہ کے فرقہ وارانہ فساد کے مقدمہ کا فیصلہ

## تین کو پھانسی چار کو کالا پانی

# پولیس اور ڈاکوؤں کا مقابلہ

# وائسرائے نے تجویز پیش کرنے کی اجازت نہیں دی

# معلمین حجاج کا بل مسلمانوں کیلئے ناقابل برداشت ہے

## حجاز میں بیرونی مداخلت کو روکنے کیلئے ارکان اسمبلی سے درخواست

## مسلمانان دہلی کے عظیم الشان جلسہ میں بل کے خلاف شدید ہیجان

دہلی یکم فروری ۱۹۳۵ء کو بعد نماز جمعہ جامع مسجد دہلی میں زیر صدارت حضرت العلامہ مولانا مفتی محمد کفایت اللہ صاحب صدر جمعیۃ علمائے ہند معلمین حجاج کے مسودہ قانون کے خلاف احتجاج کے لئے مسلمانوں کا ایک عظیم الشان جلسہ منعقد ہوا

### حضرت علامہ مفتی محمد کفایت اللہ صاحب کی تقریر

تلاوت قرآن مجید کے بعد حضرت علامہ مفتی محمد کفایت اللہ صاحب صدر جمعیۃ علمائے ہند نے اپنی افتتاحی تقریر میں اس کی غرض و غایت پر روشنی ڈالتے ہوئے فریضہ حج کی اہمیت ظاہر فرمائی اور مسلمانان عالم کے قلوب میں اس فریضہ کی ادائیگی کے لئے جس انتہائی شوق و وارفتگی کے جذبات موجزن ہوتے ہیں ان کا ذکر مؤثر الفاظ میں فرمایا۔ اس کے بعد حضرت علامہ نے حج کے متعلق موجودہ قانون سازی کی ایک مختصر تاریخ بیان فرمائی۔ آپ نے فرمایا کہ حج کے متعلق حکومت نے ۱۹۳۲ء میں دہلی کے اجلاس میں تین مسودات قانون پیش کئے تھے۔ پورٹ حج کمیٹیوں کا مسودۂ قانون، حاجیوں کے جہازوں اور سفر کے متعلق انتظامات ...

### حضرت مولانا عبدالحلیم صاحب کی تقریر

# جاپان نے روس پر حملہ کردیا

## دو گھنٹہ میں روسی شہر پر قبضہ

# معاہدہ اوٹاوہ کو منسوخ کرانے کی تجویز

## اسمبلی میں نئی قراردادیں

نئی دہلی۔ ۳۰ جنوری۔ آج ان تجاویز کے لئے قرعہ اندازی ہوئی جو ۱۴ فروری کو اسمبلی میں پیش ہوں گی۔ مسٹر ستھیر امورتی نے معاہدہ اوٹاوہ کو مسترد کرنے کے لئے جس ریزولیوشن کا نوٹس دیا ہے وہ دوسرے نمبر پر پیش ہوگا۔ سب سے پہلا ریزولیوشن مسٹر آر۔ ایس شرما کا ہوگا جو غیر ضروری ڈاک کا خرچ کم کرنے کے بارے میں ہے۔

مسٹر لبنت کمار داس، ڈاکٹر پرفلہ ناتھ بنرجی، مسٹر اکھل چندر دت کے یہ ریزولیوشن بھی پیش ہوں گے کہ جوٹ کی پیداوار سے جو سرکاری آمدنی ہوتی ہے وہ سب بنگال کو دیدی جائے۔

سردار منگل سنگھ نے یہ مطالبہ کیا ہے کہ مارشل لاء کے قیدیوں کی رہائی کی جائے۔ یہ ریزولیوشن بھی ۱۴ فروری کو ہی پیش ہوگا۔

اس روز جو دیگر تجاویز پیش ہوں گی وہ ٹیکس کی پالیسی، تعلیمی سسٹم میں تبدیلی، سیاسی قیدیوں کی رہائی اور سکھوں پر سے کرپان کی پابندی ہٹانے وغیرہ کے متعلق ہیں۔

# کسی آئین کیلئے سلیکٹ کمیٹی کو بنیاد بنایا جائے

## اسمبلی میں کانگریس پارٹی کی ترمیم

دہلی یکم فروری۔ کانگریس پارٹی نے مسٹر بھولا بھائی ڈیسائی اور دیگر ممبران کے دستخطوں کے ماتحت سر این۔ این سرکار کی جائنٹ پارلیمنٹری کمیٹی کی رپورٹ کے متعلق اصلی تجویز کے بدلے حسب ذیل ترمیم پیش کرنے کا نوٹس دیا ہے۔

# اسمبلی کا ڈپٹی پریزیڈنٹ کون ہوگا؟

## کاغذات نامزدگی داخل کر دئے گئے

# دو بچے آگ کی نذر

# کاشتکاروں کی اراضی قرق نہ کی جائیں

# جرمنی ہوائی جہاز تباہ ہوگیا

## گیارہ اشخاص ہلاک

# کانگریس ورکنگ کمیٹی کا اجلاس

# قادیان میں ... کا نفاذ

# اسمبلی میں حکومت کو دوسری شکست
## تجارتی معاہدہ مسترد کر دیا گیا

دہلی ۳۰ جنوری۔ آج لیجسلیٹو اسمبلی میں حکومت کو ایک اور زبردست شکست ہوئی جب کہ ایوان نے ۵۰ آرا کی مخالفت اور ۶۷ آرا کی حمایت سے جدید ہندی برطانی تجارتی معاہدہ کو مسترد کر دیا۔ اور سر جا سیٹ بھوری کی تحریک کی جگہ مسٹر خالد لطیف گابا کی ترمیم منظور کر دی۔ کانگریسی نمائندوں کے علاوہ مسٹر محمد علی جناح نے بھی نئے معاہدہ کی زبردست مخالفت کی۔ آج حکومت کو بہت سے حملوں کا مقابلہ کرنا پڑا جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ اسے شکست ہو گئی۔

آج صدر نے اسمبلی میں اعلان کیا کہ ریلوے بجٹ ۱۸ فروری کو پیش کیا جائے گا اور ۲۰ فروری کو اس پر عام بحث ہو گی ۲۲-۲۳ و ۲۶ فروری کو مطالبات زر پر ووٹنگ ہو گا جنرل بجٹ (عام میزانیہ) ۲۸ فروری کو شام کے ۵ بجے پیش کیا جائے گا اور ۵ و ۷ مارچ فروری کو آس پر بحث ہو گی۔

## کتنے دہشت زدوں کو پھانسی دی گئی؟
### اسمبلی میں سوالات

نئی دہلی ۳۰ جنوری۔ ڈاکٹر راجن کانگریسی ممبر نے اسمبلی میں کئی اہم سوالات دریافت کرنے کا نوٹس دیا ہے جو اگر منظور ہو گئے تو یہ دریافت کریں گے کہ بنگال بریگیڈ میں ہندوستانی ڈاکٹروں کی تعداد اور ان کی بھرتی کے متعلق دریافت کرینگے اس کے علاوہ آپ دریافت کریں گے کہ بنگال با اہر شاہی فوجیوں کو ان کی مرضی کے مطابق کتابیں مہیا کرنے کا کیا انتظام ہے اور اس غرض کے لئے ایک سپیشل آفیسر مقرر کیا ہے۔

آپ یہ بھی دریافت کریں گے کہ تحریک دہشت زدگی کے انسداد کے سلسلہ میں کتنے لوگوں کو پھانسی دی گئی ہے۔ کتنے لوگ اپریل ۱۹۳۰ء سے لیکر آج تک نظر بند کئے گئے۔

بنگال میں اس تحریک کے انسداد کے لئے کتنے فوجیوں کی خدمات حاصل کی گئی ہیں انہیں کیا فرائض سرانجام دینے پڑتے تھے۔ اور کیا بنگال کے طول و عرض میں مارچ کیا۔

آپ یہ بھی دریافت کریں گے کہ آرڈی ننس یا دوسرے قوانین کے ماتحت بنگال کی جیلوں میں کتنے بنگالی قید تھے۔

## اخبارات کی ضمانتیں واپس کیجائیں
### اسمبلی میں ایک تجویز

دہلی ۳۰ جنوری مسٹر سری کرشن سنہا نے ایک تجویز اس مضمون کی اسمبلی میں پیش کی ہے کہ حکومت نے کانگریس انجمنوں اور دیگر کے مختلف ترجمے پابندیاں عائد کی ہیں وہ ہٹالی جائیں۔ سرو ہر منگل سنگھ نے اس تجویز میں حسب ذیل فقرہ اضافہ کرنے کا نوٹس دیا ہے۔ یہ کہ جن اخبارات سے پریس آرڈی ننس یا قانون کے ماتحت ضمانتیں داخل کی ہیں۔ انہیں خواہ وہ ضبط کی گئی ہوں۔ یا نہیں۔ واپس کر دیا جائے۔

## غازی عبدالقیوم اور محمد صدیق
### اسمبلی میں مسٹر گابا کے سوالات

نئی دہلی ۲۸ جنوری۔ مسٹر خالد لطیف گابا ایم۔ ایل۔ اے۔ این ڈبلیو آر کے ہیڈ کوارٹر لیڈ کے دفتر میں مسلمانوں کی نمائندگی کے متعلق سوالات کے علاوہ اسمبلی میں حسب ذیل سوالات کرنے کا نوٹس دیا ہے:۔

(الف) کیا آنریبل ہوم ممبر براہ کرم بیان کریں گے کہ کیا حکومت کو مسلم حلقوں کی طرف سے اس باب میں متعدد درخواستیں موصول ہوئی ہیں کہ غازی عبدالقیوم کی سزائے موت کو جنہیں عدالت کراچی سے سزائے موت ہوئی ہے ملتوی کر دیا جائے؟

(ب) کیا یہ امر واقعہ نہیں ہے کہ محمد صدیق نامی ایک شخص کو حال ہی میں ایسے ہی جرم میں لاہور کی ایک عدالت سے سزا ہوئی تھی؟

(ج) کیا یہ امر واقعہ نہیں ہے کہ مذکورہ بالا دونوں مقدموں میں ملزموں نے جو کچھ کیا اسے مقاصد کو مد نظر رکھتے ہوئے کیا۔ اور اس ملک کے لاکھوں مسلمان و ہندو عبدالقیوم اور (غازی) محمد صدیق کی ہمت جرأت پر ان کے ساتھ انتہائی ہمدردی رکھتے اور توصیف و تحسین کرتے ہیں۔

## حیدر آباد میں پکٹنگ
### خوشگوار اثر

حیدر آباد (دکن) ۲۸ جنوری۔ تاڑی فروشوں کا ایک وفد محکمہ آبکاری کے افسروں کی خدمت میں حاضر ہوا اور فریاد کی کہ مسلم رضاکاروں کے پکٹنگ کے باعث ہمارا کاروبار تقریباً بالکل بند ہو گیا ہے۔ اس معاملہ میں نہ صرف ہمارا ہی مفاد ہے بلکہ حکومت کا بھی فائدہ ہے اس لئے مداخلت کیجئے۔ پولیس کمشنر کی خدمت میں بھی ایک وفد حاضر ہوا اور پکٹنگ کی شکایت کی۔ معلوم ہوا ہے کہ پولیس کمشنر نے وفد کے معروضات کو ہمدردی سے سنا اور پکٹنگ کرنے والوں کو ہدایت کی کہ تاڑی کی دوکانوں سے ایک سو فٹ ہٹ کر کھڑے ہوں۔ مساجد اور دیگر مقامات میں تاڑی کے خلاف تقریریں ہو رہی ہیں۔ تاڑی کی قیمتوں میں اضافہ کے باعث پکٹنگ کرنے والوں کو اپنے کام میں بہت کامیابی ہوئی ہے۔

## ایرانی و افغانی سرحدی تحقیقات کی تکمیل

کابل۔ ۳۰ جنوری۔ ایران و افغانستان کے سرحدی تنازعہ کے متعلق جرنیل فخر کی زیر قیادت جو ترکی کمیشن مامور ہوا تھا وہ کچھ عرصہ سے اس تنازعہ کے متعلق تحقیقات میں مصروف رہا ہے۔ افغانی و ایرانی نمائندے و وفد ترکی کمیشن کے ارکان کی امداد و اعانت کے لئے سرحد پر موجود ہے۔ معلوم ہوا ہے کہ کمیشن نے تحقیقاتی کام اب مکمل کر لیا ہے جرنیل فخر الدین پاشا ۱۰ جنوری کو انگورہ واپس تشریف لے گئے۔ ترکی جرنیل نزاع مذکورہ کے متعلق اپنے فیصلہ کا عنقریب انگورہ سے اعلان کریں گے۔

## حج کیلئے جدی جائداد رہن نہیں رکھی جاسکتی
### لاہور ہائی کورٹ کا اہم فیصلہ

لاہور ۳۰ جنوری۔ لاہور ہائی کورٹ نے ایک مقدمہ کا فیصلہ سناتے ہوئے رولنگ دیا ہے کہ حج کرنا کسی مسلمان کے لئے اتنا ضروری نہیں ہے کہ وہ اس مقصد کے لئے قرضہ لے اور اپنی جائداد رہن رکھ دے۔ مقدمہ کے واقعات یوں بیان کئے جاتے ہیں کہ ایک مسلمان نے حج کو جانے کے لئے روپیہ قرض لیا۔ اور اپنی جائداد رہن رکھ دی۔ اس کے کوئی اولاد نہیں تھی اس کی وفات کے بعد اس کے وارث نے جائداد پر قبضہ کر لیا اور قرضہ دینے سے اس بنا پر انکار کر دیا کہ حج کرنا لازمی نہیں اور اس مقصد کے لئے وہ اپنی خاندانی جائداد رہن نہیں رکھ سکتا تھا۔ ہائی کورٹ نے اس کے حق میں فیصلہ دیا۔ اور رہن نامہ کو ناجائز قرار دے دیا ہے۔

## سلور جوبلی اور بہاولپور
### تین لاکھ روپیہ خرچ کیا جائیگا

بہاولپور ۳۰ جنوری۔ معلوم ہوا ہے۔ بادشاہ جارج پنجم کی جوبلی پر ریاست بہاولپور نے تین لاکھ روپیہ خرچ کرنے کا فیصلہ کیا ہے حالانکہ ریاست ۳ کروڑ روپیہ کی گورنمنٹ ہند کی مقروض ہے جس کی ادائیگی کا تا حال کوئی بندوبست نہیں ہوا۔ بیان کیا جاتا ہے کہ ریاست کی ہندو مسلم رعایا اس کثیر رقم کے منظور کئے جانے کے خلاف بطور احتجاج ایک جلسہ منعقد کرنے والا ہے جس میں نواب صاحب سے درخواست کی جائے گی کہ وہ کم سے کم رقم جوبلی پر خرچ کریں۔

## ہائی کورٹ نے سزائے موت بحال رکھی
### غازی محمد صدیق کی اپیل مسترد کر دی گئی

لاہور ۳۰ جنوری۔ مسٹر جسٹس ... اور جسٹس ... کے روبرو غازی محمد صدیق کی اپیل کی سماعت ہوئی آپ کی طرف سے میاں عبدالعزیز بیرسٹر اور ملک محمد امین بیرسٹر پیروی کر رہے تھے۔

استغاثہ کا بیان ہے کہ محمد صدیق ولد کرم الٰہی نے ۱۰ ستمبر ۱۹۳۴ء کو رات کے آٹھ بجے خانقاہ بیٹھے شاہ قصور میں ایک آدمی "رتی" سے پالا شاکو جس نے رسول اکرم کی شان میں گستاخی کی تھی قتل کر دیا۔ ملزم فیروز پور کا باشندہ ہے اس کا ماموں قصور میں رہتا ہے جس سے ملنے کے لئے وہ قصور گیا تھا جب اس نے سنا کہ پالا شاہ نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی توہین کی ہے تو اس نے اسے قتل کر دیا۔ اس وقت موقع پر کوئی آدمی موجود نہ تھا اس کے بعد اس نے اپنے آپ کو پولیس کے حوالہ کر دیا اور مجسٹریٹ کے روبرو اقرار جرم کرتے ہوئے۔ کہا۔ کہ مسلمان آنحضرت کی توہین برداشت نہیں کر سکتے۔

وکیل صفائی کی بحث سننے کے بعد ججوں نے اپیل خارج کر دی اور غازی محمد صدیق کی سزائے موت کو بحال رکھا۔

## اجودھیا کے شہید مسلمانوں کی قسمت
### تیسرے مقدمہ کے ہندو ملزم بھی بری

فیض آباد ۱۰ جنوری۔ سیشن جج نے فسادات اجودھیا کے تیسرے مقدمہ کا فیصلہ سنا دیا اور تمام ملزمین کو بری کر دیا ان لوگوں پر قتل، بلوہ اور ڈکیتی کے الزامات تھے اس سلسلہ کا دوسرا ...


## بچوں والو ہوشیار

بچوں کی بخار، کھانسی، سردی، بادی، دودھ ڈالنا، دست، ہنا وست میں کیڑے نکلنا، سر کی چلی، قبض، مروڑ وغیرہ ہر ایک بیماری کو دور کرنے اور لاغر کمزور بچوں کو موٹا تازہ طاقتور بنانے کیلئے حکیم تلسی پرشاد اگروال کی گورنمنٹ ہند سے رجسٹری کی گئی

### بال جیون گھٹی

سارے ہندوستان میں مشہور ہی چکا ہے جسے پی کر بچے خوش ہو کر پی لیتے ہیں۔ سب جگہ سوداگروں کے یہاں فروخت ہوتی ہے۔ لیکن نقل سے بچو۔ حکیم تلسی پرشاد کی اصلی بال جیون گھٹی دیکھ کر لو۔ قیمت فی شیشی ۸ رتنک بڑی شیشی ۸ ... ہر ایک سوداگروں اور ایجنٹوں کو نہایت ہی معقول کمیشن۔ نئے سوداگر و ایجنٹ خود خط و کتابت کریں۔

مفت سوہ ... ہر ایک کو مفت بھیجا جاتا ہے۔

پتہ:۔ مینیجر بال جیون کاریالیہ علیگڑھ شہر (یو پی)



۱۹۳۵ء ۱۹۳۵ء

تار کا پتہ ۔ میڈیسنز دہلی ٹیلیفون ۵۵۶۶

# گُنی

کا

طاقت کی بے مثل سنہری گولیاں

# مسیح الملک حکیم محمد اجمل خان صاحب کا عطیہ (سفر یورپ کے بعد)

چالیس گولیاں سات روپیہ

# ہندوستانی دواخانہ (جس کو حکیم اجمل خاں نے ۱۹۰۵ء میں بنایا) دہلی (پوسٹ بکس ۳۲)

کا خاص تحفہ




## سلاطین اسلام پر بیجا الزامات کی تردید
### غازی اورنگ زیب کی خدا پرستی اور نیک نفسی
#### رہتک میں چودھری چھوٹو رام صاحب کی تقریر

مورخہ ۷ جنوری ۱۹۳۵ء کو عید بڑی شان سے منائی گئی گلی کوچوں میں بڑی چہل پہل تھی عید گاہ نماز کے وقت تقریباً دس ہزار آدمیوں کا اجتماع تھا بعد نماز عید منشی نور محمد صاحب نے ممبر پر کھڑے ہو کر بآواز بلند مسلمانان رہتک کو مخاطب کر کے کہا کہ مظلومین جنید کے لئے دعائے خیر کریں چونکہ ریاست کی طرف سے ان پر سخت مظالم ہو رہے ہیں جملہ حاضرین نے لبیک کہکر دعا کی بعد نماز مجلس احرار رہتک کی طرف سے ایک اشتہار شائع ہوا جس کا عنوان یہ تھا "آج مورخہ ۷ جنوری ۱۹۳۵ء کو رائے بہادر چودھری چھوٹو رام صاحب بی اے۔ ایل ایل بی ایڈوکیٹ ہم۔ ایل سی ہندو مسلم اتحاد پر بر صدارت چودھری جان محمد صاحب میونسپل کمشنر رہتک ایک زبردست تقریر فرمائیں گے" شام کو ۷ بجے عبدالغنی قریشی سکریٹری مجلس احرار اسلام رہتک نے چودھری جان محمد صاحب کی صدارت کی تحریک کی اور مولوی نور محمد صاحب نے تائید کی ازاں بعد جلسہ شروع ہوا منشی ضمیر الدین صاحب نے ہندو مسلم اتحاد پر ایک اردو نظم پڑھی پھر جناب چودھری چھوٹو رام صاحب کی تقریر شروع ہوئی تقریر بہت لمبی اور موثر و مدلل تھی آپ نے فرمایا کہ اکثر تعلیم یافتہ ہندو مسلمانوں کو برا کہتے ہیں اور جو مسلمان کم تعلیم یافتہ ہیں وہ ہندوؤں کو برا بھلا کہتے ہیں آپ نے فرمایا بعض مسلمان بادشاہوں کی نسبت ہندوؤں میں مشہور ہے کہ وہ سوا من جنیو اترواکر کھانا کھاتے تھے۔ ہندوؤں کو زبردستی مسلمان بناتے تھے۔ مندروں کو توڑ کر مساجد بنوا دیتے تھے یہ واقعات بالکل غلط ہیں جو تاریخ مدارس میں پڑھائی جاتی ہے اس کا مطلب ہندو مسلمان کشیدگی کو بڑھانا ہے بالخصوص شہنشاہ عالمگیر کی نسبت بہت کچھ برے الفاظ استعمال کئے جاتے ہیں چودھری صاحب موصوف نے غلط الزامات کی مدلل طور سے تردید کی اور بتایا اگر شاہ عالمگیر روزانہ سوا من جنیو تڑواتا تھا تو اس کے امیر وزیر جرنیل کرنیل اور بھی زیادہ تڑوانے کی کوشش کرتے ہوں گے اگر واقعی سوا من جنیو روزانہ ٹوٹتے تھے تو کم از کم پچاس ہزار ہندو ہر روز مسلمان ہوتے ہوں گے۔ شہنشاہ عالمگیر کی پچاس سالہ حکومت میں نوے کروڑ نو مسلم ہوتے حالانکہ اس وقت کی تمام مردم شماری چھ سات کروڑ بتلائی جاتی ہے دوسری بات شہنشاہ عالمگیر نے پچیس سال دہلی میں گذارے اور پچیس سال فتح دکن میں صرف کئے دہلی کے ارد گرد اور دکن میں آج کل ہندو ہی ہندو نظر آتے ہیں مسلمانوں کی آبادی بہت ہی کم ہے پھر وہ نو مسلم کہاں گئے دوسرا الزام یہ ہے کہ بنارس کے مندر توڑ کر مسجدیں بنوا دیں یہ بھی بالکل لغو اور بے بنیاد ہے ہم دیکھتے ہیں کہ بنارس و اجودھیا میں مندروں اور مسجدوں کی نسبتیں ملی ہوئی ہیں سلطان ٹیپو کی نسبت اکثر برے الفاظ استعمال کئے جاتے ہیں حالانکہ اس نے مندروں کو ہزار ہا روپے کی جاگیریں دی تھیں شہنشاہ عالمگیر نے بیت المال یعنی سرکاری خزانہ سے ذاتی مصارف کے لئے ایک پیسہ بھی نہیں لیا بلکہ ٹوپیاں بنا بنا کر اور قرآن پاک لکھ کر اپنے اخراجات نکالتا تھا اس قسم کے لغو الزامات ہمارے ہندو بھائیوں کی دہرانی کا نتیجہ ہیں شیر شاہ سوری کے واقعہ کی طرف توجہ دلائی جب کہ وہ ملتان کے علاقہ میں لڑ رہا تھا چتوڑ کی رانی نے ایک چٹھی روانہ کی جس کا مطلب یہ تھا کہ میں تمہاری بہن ہوں چتوڑ کا اس وقت محاصرہ ہو رہا تھا شیر شاہ ایک مسلمان بادشاہ کے خلاف اور ایک ہندو رانی کی حمایت میں فوراً فوج لیکر پہنچا۔

باوجود ان تمام باتوں کے اگر کسی بادشاہ نے بے جا حرکت کی جو آپ کے نزدیک ناقابل معافی ہے تب بھی ایک حکمران کا فعل تمام حکمرانوں کا فعل اور تمام مسلمانوں کا فعل قرار نہیں دیا جا سکتا۔

کیونکہ جب تک ہم آپس میں لڑتے رہیں گے ملک نہ تو ترقی کر سکتا ہے اور نہ ہی آزادی مل سکتی ہے انگریز ہمیں تب ہی کچھ دیں گے جب ان کو یہ معلوم ہو گا کہ ہم ایک ہیں اگر یہ نہیں تو حصول آزادی کے متعلق یہ کہنا پڑیگا۔ این خیال است و محال است و جنون۔

اس کے بعد جناب چوہدری صاحب نے تقریر ختم کی اور سید محمود شاہ صاحب وکیل ایڈوکیٹ نے ایک مختصر تقریر میں آپ کی تائید کی بعد ازاں جلسہ ختم ہوا۔

(سکریٹری مجلس احرار اسلام رہتک)

## قادیان میں مجلس احرار کا جلسہ
### مرزائی جماعت کو کھلا چیلنج

رات کے ڈھائی بجے کے قریب مجلس احرار کا جلسہ مسجد اہل السنت والجماعت میں شروع ہوا جس میں مولانا عنایت اللہ صاحب نے اپنی بصیرت افروز تقریر میں مرزائیوں کی عیاریوں کو اچھی طرح سے ظاہر کیا اور ان کی ورزنگی پر اچھی طرح سے روشنی ڈالی اور ان کی صداقت کے پول کو کھول کر رکھ دیا اور آپ نے مرزا بشیر الدین محمود اور ان کی جماعت کو کھلا چیلنج دیا کہ وہ میدان میں آئیں اور اس بات پر جس سے وہ منکر ہیں کہ ہم نے حکام کو اور مجلس احرار کے لیڈروں کو گالیاں نہیں دیں اور بچہ کو قتل اور روفر کو "مسمار" اور جھنڈے کو اکھیڑنے اور مسلمانوں کے گھروں کو لوٹنے اور نذر آتش کرنے اور اپنے جھنڈے کے گاڑنے کے عہد و مواعید نہیں کئے۔ مباہلہ کریں اور خدائے قدوس سے دعا مانگیں کہ جو ہم سے جھوٹا ہو اس کو سچے کے سامنے اس دنیا سے اٹھالے۔ آپ نے اس پر بہت زور دیا کہ وہ ضرور میدان میں آئیں اور مباہلہ کریں۔ اگر مباہلہ نہیں کرتے تو تحقیقاتی کمیشن بٹھائیں۔ تاکہ دنیا کو پتہ لگ جائے کہ کون جھوٹا ہے اور کون سچا ہے۔ آپ نے فرمایا مجھے امید ہے کہ مرزائی ضرور اپنی صداقت ظاہر کرنے کے لئے میدان مباہلہ میں آئیں گے ورنہ دنیا خود سمجھ لے گی کون سچا ہے۔

اور آپ نے حکومت اور مسلمانان ہند خصوصاً اہل پنجاب سے اپیل کی کہ مرزائیوں نے ایک خطرناک ہتھیار بدلا ہے جس کی وجہ سے ہم مسلمانان قادیان کی جانیں سخت خطرہ میں ہیں۔ ہماری امداد کرو اگر اس وقت امداد کی جائے گی تو اس دن کو گے جب کہ ہماری لاشیں قادیان کی سرزمین کو لالہ زار بنا دیں گی۔ اس کے بعد قریباً ۱۱ بجے ختم ہوا۔

(برکت اللہ معتمد مجلس احرار اسلام قادیان)

## چارسدہ میں شریعت کانفرنس کیلئے تیاریاں
### اہم مقامات پر مجالس کی تشکیل

جامع مسجد چارسدہ میں زیر صدارت میاں صاحب کرٹی حمید گل شریعت کانفرنس کو کامیاب بنانے کے لئے ایک عظیم الشان جلسہ ہوا جس میں تقریباً ۵ ہزار لوگ موجود تھے مولانا سید عبداللہ صاحب سکنہ مازارہ نے ایک پر زور اور ولولہ انگیز تقریر کی جس میں چندہ کی اپیل کی گئی سب لوگوں نے باتفاق چندہ دینے کا وعدہ کیا اور پر زور الفاظ میں کہا کہ ہم شریعت اسلامیہ کے لئے ہر قسم کی جانی اور مالی قربانی کرنے کے لئے تیار ہیں اور وہ بل یعنی مسودہ قانون جو آزاد پارٹی نے کونسل میں پیش کیا ہے ہم کو منظور ہے اس کے بعد مندرجہ ذیل تجاویز منظور کی گئیں۔

(تجویز) ہم اہالیان جلسہ ہذا شریعت کانفرنس کو کامیاب بنانے کے لئے جانی و مالی امداد پر تیار ہیں۔ اگرچہ ہم غریب ہیں لیکن شریعت کی سربلندی کے لئے ہم اپنے جسم کے ٹکڑوں کو بھی کاٹ کر وقف کر دیں گے۔

ذیل کے مقامات میں کمیٹیاں بھی بنائی گئیں۔

موضع چارسدہ۔ سید مطیع اللہ المعروف سلی بادشاہ صدر۔ مولوی اسد اللہ سکرٹری۔ سابق جنرل انذر گل خزانچی۔ حافظ عبداللہ مولوی عبدالغفور صاحب فضل رحمان مولوی محمد گل صاحب سید فضل رحمان خاں صاحب ہر دل خان وخانقصاحب عندل خاں مولوی غلام قادر ممبران کمیٹی۔

موضع زرجر۔ قاضی انثار الحق صدر۔ خان صاحب محمد انور سکرٹری خان صاحب رحمدل خاں خزانچی۔

موضع کرٹی حمید گل۔ مولوی محمد فرید الدین صدر۔ میاں برکت شاہ سکرٹری سمیع الدین خزانچی۔ گل محمد وغیرہ ممبران کمیٹی۔

موضع ترنگزئی۔ مولانا مولوی صلاح الدین صدر۔ مولوی رحمان الدین سکرٹری۔ خان شیر علی خاں سابق صدر کانگریس خزانچی۔ مولوی عبدالحق صاحب۔ مولوی زین العابدین صاحب۔ جناب قطب شاہ صاحب میاں اشرف الدین صاحب و خانصاحب محمد سرفراز خاں و مولوی اسلام الدین ممبران کمیٹی۔ (الٰہی بخش نائب سکرٹری شریعت کانفرنس)

## ڈاکٹروں کے نام حکومت ہند کا سرکلر

پٹنہ ۳۰ جنوری۔ بیان کیا جاتا ہے کہ حکومت ہند نے تمام سول سرجنوں کے نام ایک سرکلر جاری کیا ہے کہ وہ پرائیویٹ میڈیکل اصحاب سے دریافت کریں کہ آیا جنگ کی صورت میں اپنی خدمات کو پیش کرنے کے لئے تیار ہیں یا نہیں۔ گورنمنٹ کس مقصد سے اس قسم کی تحقیقات کر رہی ہے اس کے متعلق وثوق سے کچھ نہیں کہا جا سکتا۔

## ہندوؤں کو غیر مسلم نہ کہا جائے!

نئی دہلی ۳۰ جنوری۔ بھائی پرمانند ممبر اسمبلی نے اسمبلی کے اجلاس کے لئے مندرجہ ذیل ریزولیوشن کا نوٹس دیا ہے۔

یہ اسمبلی گورنر جنرل با اجلاس کونسل سے سفارش کرتی ہے کہ چونکہ نیا آئین فرقہ ورانہ بنا پر مرتب کیا جا رہا ہے۔ اس لئے اس آئین میں ہندوؤں کو "ہندو" کہا جائے نہ کہ "غیر مسلم" یا "جنرل" یہ اسمبلی گورنر جنرل با اجلاس کونسل سے سفارش کرتی ہے کہ وہ لوگوں کو ملاوٹی گھی کے دھوکہ سے بچانے کے لئے کوئی تدابیر اختیار کرے اور سارے ہندوستان میں ایک ہی قاعدہ کے ماتحت ان لوگوں کو سزا دی جائے جو بناسپتی یا ملاوٹی گھی کو اصلی گھی ظاہر کر کے بیچتے ہیں۔

## کاشغر کے مسلم حاکم اعلیٰ کو پھانسی

دہلی ۳۰ جنوری۔ کاشغر سے اطلاع موصول ہوئی ہے کہ اندی جانی قبیلہ کے سردار جہان ۹ کو جس نے چینی حکومت کے خلاف علم بغاوت بلند کیا تھا گرفتار کر کے تختہ دار پر لٹکا دیا گیا ہے۔ یہ سردار غنیمت کا مال لے کر گلگت پہنچ گیا تھا۔ لیکن چینی حاکم نے اسے گرفتار کیا تھا۔

## ہندو دھرم کی کتابوں میں ملاوٹ ہو گئی ہے
### سناتن دھرم کے جلسہ میں پرانوں کی اصلاح پر زور

دہلی ۲۸ جنوری۔ آج سناتن دھرم سبھا نئی دہلی کا سالانہ جلسہ منعقد ہوا جس میں پنڈت نیکی رام شرما کی تقریر بہت اہم تھی آپ نے تقریر میں فرمایا کہ شاستر کے حکم کو ماننا ہوا یہ ٹھیک ہے کہ رشیوں نے بڑے غور و فکر کے بعد شاستر لکھے ہیں لیکن گذشتہ زمانہ میں ہندو دھرم کو سخت مصائب کا سامنا رہا ہے اور ہندوؤں کی کتابوں میں کچھ ملاوٹ ہو گئی ہے اور ایسے لوگوں نے جن کا ہمارے ساتھ کوئی واسطہ نہیں ہے اپنے مطلب کی چیزیں ہمارے گرنتھوں میں ملا دی ہیں میں چاہتا ہوں کہ سناتن دھرم سبھائیں ان گرنتھوں کو درست کرائیں کم از کم پرانوں کی اصلاح ضرور ہونی چاہیے۔

(تیج مورخہ ۳۰ جنوری ۱۹۳۵ء)

## کونسلوں میں پاس شدہ تجاویز کی قدر و قیمت

مدراس ۲۸ جنوری۔ آج مسٹر بی۔ ایس کرشنا چودھری نے مدراس کونسل میں اس بنا پر تحریک التوا پیش کرنے کا نوٹس دیا ہے کہ ہوم ممبر نے سرکاری بحث کے چند سوالات کے جو جواب دئیے تھے وہ غیر تسلی بخش تھے۔

بیان کیا جاتا ہے کہ مسٹر ہٹ نے پوچھا کہ کونسل نے جو تجویز ایک دفعہ پاس کی تھی۔ اس کے متعلق گورنمنٹ کیا کرنے کا ارادہ رکھتی ہے۔ ہوم ممبر نے جواب دیا کچھ نہیں۔ اس پر مسٹر ہٹ نے پوچھا کہ کیا گورنمنٹ کونسل کے ریزولیوشنوں کو ردی کا غذات سمجھتی ہے۔ ہوم ممبر نے جواب دیا کہ وہ کئی دفعہ ایسا ہی سمجھتی ہے۔


# حضرت مولانا الحاج حافظ احمد سعید صاحب
# تقریر سیرت

حضرت سحبان الہند مولانا الحاج حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند کی وہ بصیرت افروز شریعت آموز تقریر جو ممدوح نے ۱۳ء کے جلسہ سیرت میں ارشاد فرمائی تھی اور جس کو بعد میں مزید تفصیل و تشریح کے ساتھ مرتب و مدون کر کے الجمعیۃ میں جزو جزو شائع کیا گیا تھا اب قارئین الجمعیۃ کے مسلسل و پیہم اصرار پر کتابی شکل میں ادارہ الجمعیۃ کی جانب سے شائع کی جا رہی ہے اور اس کے ساتھ وہ آخری حصہ بھی شامل کر دیا گیا جو الجمعیۃ میں درج نہ کیا جا سکا تھا جن حضرات نے اس تقریر کا شائع شدہ حصہ شروع سے آخر تک ملاحظہ فرمایا ہے ان کو تو یہ ضرور اندازہ ہو گیا ہو گا کہ رموز و معارف شریعت کا علم حاصل کرنے اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت مقدسہ کے متعلق ایک بے نظیر و عدیل مجموعہ معلومات سے بہرہ اندوز ہونے کے لئے اس کتاب کی قدر و منزلت کیا ہو سکتی ہے لیکن ان حضرات کیلئے جو اس پورے سلسلہ کا مطالعہ نہیں کر سکے ہیں یا جنہوں نے یہ اعلان پہلی مرتبہ دیکھا ہے اتنا عرض کر دینا ضروری ہے کہ حضرت مولانا کی یہ تقریر اپنی بے شمار خصوصیات کے اعتبار سے ایک عجیب و غریب مجموعہ ہے جو نہ صرف موجودہ دور میں بلکہ آئندہ نسلوں کے لئے بھی یادگار رہے گا۔ شریعت مقدسہ کے نہایت اونچے مسائل اور دشوار نکات اس طرح پیش کئے گئے ہیں کہ ہر عالم و عامی ان کو سمجھ سکتا ہے اور ان سے افادہ کر سکتا ہے اس پر حضرت مولانا کی سلاست زبان روانی بیان نے وہ کام کیا ہے کہ مضامین کی وقت اور مسائل کی دشواری کے باوجود شروع سے آخر تک دلچسپی برابر قائم رہتی ہے۔ ہندوستان کے مختلف شہروں اور قصبوں میں ہزاروں لاکھوں مسلمان ایسے ہوں گے جو حضرت مولانا کے مواعظ حسنہ سے مستفید ہو چکے ہیں اور ایک مرتبہ نہیں صدہا مرتبہ حضرت مولانا کی تقریریں سننے کے باوجود ہمیشہ اس کے مشتاق رہتے ہیں کہ ایک مرتبہ پھر کہیں حضرت مولانا کی تقریر سننے کا اتفاق ہو ان تمام مسلمانوں کے لئے یہ مژدہ وہ یقیناً جانفزا ہو گا کہ یہ "تقریر سیرت" جو آج شائع کی جا رہی ہے حضرت مولانا کی اکثر تقریروں کا لب لباب ہے اور اس میں سیرت کے متعلق بہت سے وہ مضامین جو حضرت مولانا اپنی مختلف تقریروں میں ارشاد فرمایا کرتے ہیں۔ انداز بیان اور خوبی زبان کی تمام خصوصیتوں کے ساتھ مجتمع کر دئیے گئے ہیں اور اس لئے اس کتاب کو اپنے پاس رکھنا اور اس کا مطالعہ کرنا حضرت مولانا کے مواعظ حسنہ سے ہر وقت بہرہ اندوز ہونے کے مترادف ہے "تقریر سیرت" میں جو مضامین زیر بحث آئے ہیں ان کے بعض عنوانات بطور نمونہ درج ذیل کئے جاتے ہیں تاکہ کتاب کی ہمہ گیری و وسعت کا کچھ اندازہ کیا جا سکے

مختصر فہرست مضامین

روحانی اور جسمانی تربیت
عالم بالا کی خدمات
مسلمانوں کے تیوہار
عید الضحیٰ اور عید الفطر
عالم سفلی کے مسخرات
دفن میں تعجیل
کفار کا شبہ
اردو زبان کی تبدیلی
روحانی اطباء
رسوم کا مفہوم
درسول کا فرق
حکماء کا متفقہ مسئلہ
نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ...
ہجرت کا ایک واقعہ

سب سے پہلی یونٹی کانفرنس
فصل حق کا معاملہ
ہندوؤں اور مسلمانوں کا فرق
صلح حدیبیہ
عالم برزخ کے واقعات
عالم برزخ کی ایک اطلاع
برزخ کا دوسرا واقعہ
جاہل میلاد خواں
میلاد کا مقصد
حضرت عمر فاروق کا مطالبہ
صائب کا واقعہ
دماغ کا صورت اختیار کرنا
کافر کی قبر میں ننانوے سانپ
نکیرین کا پہلا سوال

حضرت رابعہ بصریہ کا واقعہ
حضرت ابراہیم بن ادہم
انبیاء اور حکماء کا فرق
اندھوں کا ہاتھی
نبی کریم کے مشاہدات
دنیا کی تاریخ
انبیاء علیہم السلام کی تاریخ
ملوکیات و روحانیات کا فرق
اولاد آدم کی فرمائش
قرآن کا قرض ایکٹ
حضرت داؤد و آدم کی مناسبت
حضرت داؤد کی لغزش
حضرت آدم کو ملائکہ کا سجدہ کرنا
سجدہ یا حلف وفاداری

یوم میثاق کے دو اقرار نامے
الست بربکم قالوا بلی
لفظ رب کی عمومیت
حضرت یوسف علیہ السلام کا جیل
معافی و دستور
حضرت یوسف علیہ السلام کے ہمراہی
مشرکین اور اہل کتاب کا فرق
اہل کتاب اور اقرار ربوبیت
خواص کا اقرار نامہ
اہل کتاب سے شکایت
حضرت عزیر کا واقعہ
حضرت عیسیٰ کی تشریف آوری
متبعین غلام احمد قادیانی
مرزا کا کچا چٹھا

پنجاب کا نوری فرقہ
رفاعہ کی بیوی کا قصہ
حلالہ کا حکم
جاہل پیروں سے سوال
مستقبل کی تاریخ
قبروں سے اٹھنا
مسلمانوں سے حضرت حق کا پہلا خطاب
موت ایک معیار ہے
مسلمانوں کی موت یا لوری
موت کے وقت کی لوری
حضرت ابراہیم کا واقعہ
حضرت عمر بن الخطاب کا واقعہ
حضرت امیر خسرو رحمۃ اللہ علیہ
حضرت بو علی قلندر رحمۃ اللہ علیہ

بیسویں صدی کے نوجوان
تعیب خواتین
بیوہ کے ساتھ ظلم
خواتین اسلام کی ہمہ گیری
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا تقاضا
سیدنا عیسیٰ علیہ السلام کا واقعہ
اسلامی قانون
نوجوانوں سے سوال
ستی کی رسم
دوسرا معجزہ
جادو اور معجزہ کا فرق
نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ...
سراجاً منیرا کی تفسیر
سیاست اور مذہب

سندھ کے پیر
پست اقوام پر اسلام کا احسان
رسم و رواج کی پابندی
معجزات کی بحث
مدینہ کے کونے کا آخری مہر
ملت ابراہیمی کا اتباع
نماز کی مثال۔ حج کی مثال
حسد و حرص کی مثال
اچھی بری صحت کی مثال
حضرت بایزید بسطامی کا واقعہ
مسرت حق کی مثال
الدنیا سجن المومن وجنۃ الکافر
حدیث شریف کے دوسرے معنی
قید خانے کی زندگی

سلب اختیار
توبہ کی سست کا تصور
اہل دل کا فقدان
مخلوق کی اقسام
گناہ کی صلاحیت و عدم صلاحیت
شیاطین اور جنات
حضرت امیر معاویہ کا واقعہ
ختم نبوت کی تمثیل
اہل عرب کی اصلاح
انبیاء سابقین کا تذکرہ
حضرت عیسیٰ کی تمثیل
حضرت علی اور ایک یہودی کی گفتگو
حیا اور ایمان کا تعلق
اماطۃ الاذیٰ کے معنی

توہین انبیاء کے مجرم
انبیاء میں تفاوت
حضرت امام الحرمین کا واقعہ
حدیث سے استدلال
ذکر الٰہی موجب نجات ہے
حضرت ذوالنون مصری کا واقعہ
حضرت یونس کی معراج
نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا طریقہ تعلیم
شیطان کی اتباع
شیطان کا فریب
شیطان کا کورا جواب
ملائکہ اور شیاطین
قرآن کی تسبیح
حضور کی زندگی

حضرت لوط اور ابراہیم علیہما السلام
قوم لوط اور فرشتے
حضرت لوط اور فرشتے
حضرت لوط کی لغزش
حضرت لوط اور یوسف کی شرکت
اوی الی رکن شدید
حدیث شریف کا تیسرا ٹکڑا
والشمس کی سات قسمیں
صاحب اسرار الفاتحہ کا ایک واقعہ
سائل احتیاج کی تلاش
روز نامچے سے آخری بات پا نے والا
سائل اور سخی میں گفتگو
قسموں کی مناسبت
مومن اور منافق کی مثال

پوری کتاب دو سو صفحات پر مشتمل ہے اور نہایت بہتر کتابت و طباعت کے ساتھ شائع کی جا رہی ہے اس کے باوجود قیمت علاوہ محصولڈاک صرف ایک روپیہ (عہ) رکھی گئی ہے۔ تاکہ امیر و غریب سب حضرات مساوی فائدہ اٹھا سکیں

منیجر الجمعیۃ گلی قاسم جان دہلی

تارکا پتہ:- الجمعیۃ دہلی
ٹیلیفون نمبر ۵۷۳۶

یَدُ اللّٰہِ عَلَی الْجَمَاعَۃ

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۶۹۳

# الجمعیۃ سہ روزہ دہلی

مدیر مسئول:- ہلال احمد زبیری (بی-اے) معاون:- محمد عثمان فارقلیط

جلد ۲۱ | دہلی یوم شنبہ ۴ ذیقعدہ ۱۳۵۳ ہجری مطابق ۹ فروری ۱۹۳۵ء | نمبر ۱۰


## صوبہ متحدہ میں ثانوی تعلیم کی ازسرنو تنظیم کی تجویز

### حکومت کے جواب میں مسلم ایجوکیشنل کانفرنس کا محضر نامہ

### طلباء کیلئے زراعت اور صنعت و حرفت کی ضرورت

صنعتی و حرفتی تعلیم کو ترقی دینے کے خیال سے صوبہ متحدہ کے ہائی اسکولوں کی تعلیم کی ایک جدید اسکیم رائے عامہ حاصل کرنے کی غرض سے حکومت صوبہ متحدہ نے اپنے ریزولیوشن مورخہ ۷ راگست ۱۹۳۴ء کے ذریعہ شائع کی تھی جس پر آل انڈیا مسلم تعلیمی کانفرنس نے اپنے گزشتہ اجلاس منعقدہ مظفر نگر میں اس پر غور کیا اور بحث کے بعد ماہرین فن کی ایک سب کمیٹی اسکیم کو جانچنے کے لئے بنادی اور ...

... (باقی آئندہ)

## معاصرین کے افکار و آراء

### حج کی قانونی حیثیت

جس طرح زکوٰۃ میں مستطیع کی استطاعت کا ایک اندازہ مقرر کر دیا گیا ہے اس طرح حج کے لئے مستطیع ہونے کی کوئی حد بیان نہیں کی گئی۔ اس کا مطلب یہی ہے کہ ادائے زکوٰۃ کے لئے مستطیع وہ ہے جس کے پاس ایک خاص رقم نقد موجود ہو۔ لیکن حج کیلئے وہ بھی مستطیع ہے جس کے پاس روپیہ حاصل کرنے کے ذرائع موجود ہوں۔ زمینداروں کی استطاعت ان کی زمین ہے اور چونکہ ان کے مصارف بھی بہت زیادہ ہیں ...

مسلمانوں کے لئے سفر حج کی ... جن میں قوانین حج بھی ہیں۔

ہم یقین رکھتے ہیں کہ ان قوانین کی موجودگی حجاج کی تکلیف اور سفر میں ان کی پریشانیوں کا سبب ہیں ... چنانچہ حضرت مولانا سید سلیمان صاحب ندوی بھی اپنے مضمون "حج کو جاؤ" میں حجاج کی کمی کے اسباب بیان فرماتے ہوئے فرماتے ہیں کہ "...... حج پر پابندیاں عائد کرنی شروع کر دی ہیں۔ ہندوستان کے مسلمان جو فریضہ حج کے سب سے زیادہ شائق تھے ..."

(زمیندار)

### ہندوستان کا فیصلہ

### علامہ سید سلیمان ندوی کی شہادت

اخبار الجمعیۃ کی توسیع اشاعت کے لئے سعی فرما کر اپنی علم نوازی و مذہبیت کا ثبوت بہم پہنچایئے۔

(مینیجر الجمعیۃ - دہلی)

## پادری کی لڑکی کا قبول اسلام

اسپین کے ایک جلیل القدر پادری کی لڑکی نے جب اسلامی تعلیمات کا مقابلہ کیا اور مسلمانوں کے مذہب اور ان کے اعمال کو بغور دیکھا تو اس کے دل میں اسلام کی صداقت و حقانیت جاگزیں ہوگئی ... جب عیسائیوں کو اس کی خبر ہوئی تو تمام پادریوں نے مل کر اس لڑکی پر بے شمار مظالم ڈھائے ... تبلیغ اسلام کا فریضہ ادا کیجئے ... پہلا ایڈیشن قریب الختم ہے ... قیمت فی جلد ۱۲ علاوہ محصولڈاک ...

ملنے کا پتہ:- منیجر الجمعیۃ دہلی

---


نورانی قرآن مجید — نہایت صاف جلی اور نہایت صحیح قرآن شریف اگر درکار ہو تو نورانی قرآن مجید الجمعیۃ بک ایجنسی دہلی سے طلب فرمایئے۔ قیمت مجلد ۲ روپیہ

# The Jamiat

پادری کی لڑکی کا قبول اسلام — اور اس کے حیرت انگیز کارنامے معلوم کرنے ہوں تو اس کتاب کو ملاحظہ کیجئے جس کو پڑھ کر آپ اسلام کی حقانیت کے قائل ہوجائیں گے۔ قیمت فی جلد ۱۲ علاوہ محصولڈاک۔ منیجر الجمعیۃ دہلی

Regd No. L 1793.

Vol. XXI No. 9 DELHI TUESDAY 5th FEBRUARY 1935. PRICE ONE ANNA


## بمبئی میں عازمین بیت اللہ پر مصائب

حضرت سید مہدی حسن صاحب کو خدائے لطف نے امسال حج کی توفیق دی اور وہ جہاز پر سوار ہونے کے لئے بمبئی پہنچے۔ موصوف نے حاجیوں کی روداد کے سلسلہ میں جو مصیبتیں برداشت کیں ان کی طویل داستان لکھ کر انہوں نے حضرت علامہ مفتی محمد کفایت اللہ صاحب صدر جمعیۃ علماء ہند کی خدمت میں ارسال کی ہے جس کا خلاصہ حسب ذیل ہے۔ (الجمعیۃ)

... انتی ہوتیں نازل کہ آساں ہوگئیں۔ تفصیل کی گنجائش نہیں ہے۔ کوئی پرسان حال نہ تھا۔

(سید مہدی حسن عفرلہ از بمبئی مسافر خانہ راندیریہ)

الہ آباد میں انہی تاریخوں میں مجلس انتظامیہ صوبہ یوپی اور شہر کا سالانہ جلسہ بھی ہوگا لہٰذا یہ اجتماع بہت اہم اور یادگار ہوگا امید ہے کہ تمام ممبران آل انڈیا اپنی شرکت و قیمتی مشوروں سے قوم کی رہنمائی فرمائیں گے اور اپنی آمد کی اطلاع جلد دفتر آل انڈیا جمعیۃ المؤمنین کچہری روڈ گیا بھیجدیں گے۔

(داعی لطف الرحمٰن جنرل سکریٹری)

## قوم پنجابیاں کی طرف سے شکریہ

شادی خانہ آبادی شیخ محمد احمد صاحب خلف شیخ فیروز الدین صاحب جاپانی سوداگر ... بمبارکباد پیش کرتے ہوئے قوم کی طرف سے اس کار خیر کا شکریہ ادا کیا جاتا ہے ...

(راقم خادم قوم پنجابیان دہلی)

## دین و دولت

... دفتر انجمن اسلامیہ سکھانی والہ ضلع ڈیرہ غازی خاں ... اس کی قیمت ... ہے اور ایک روپیہ میں آٹھ۔

روپے آپ کے ... بیٹ بھر کر روٹی کھائیں گے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم خوش ہوں گے اور بارگاہ رب العزت آپ کو اس کار خیر کا اجر ملے گا۔

اسلامی انجمنوں کو چاہئے کہ میری اس تحریک کا خیر مقدم کریں اور ہر جگہ اور ہر مقام پر حکام کو اس طرف توجہ دلائی جائے اور اس کے متعلق اعلانات طبع کراکر تقسیم کئے جائیں۔

(ظہور احمد بگوی - بھیرہ - پنجاب)

## کول فیلڈ مسلم اصلاح کانفرنس دھنباد

واقف کار حضرات بے خبر نہ ہوں گے کہ گزشتہ سال درسگاہ غریباں اور اصلاح کانفرنس کی رسید منتشر کہ طبع کرائی گئی تھی ...

(داراکین مجلس منتظمہ کول فیلڈ مسلم اصلاح کانفرنس دھنباد)

## ورکنگ کمیٹی آل انڈیا جمعیۃ المؤمنین

## دہلی میونسپلٹی سے اپیل

### مسلمانان باڑہ ہندوراؤ کی شکایت

دہلی میونسپل کمیٹی کی بے توجہی کی وجہ سے شہر کے بازار گلیاں اور عام راستے اس قدر خراب ہو رہے ہیں جن کا احساس انہی لوگوں کو ہوسکتا ہے جو پیدل ان راستوں سے گذرتے ہیں ممبران کمیٹی اور آفیسران جن کو دو قدم چلنے کے لئے بھی موٹر یا دیگر سواری کے علاوہ زمین پر قدم رکھنے کا موقع نہیں ملتا ان راستوں کی کیفیت اور غرباء کی تکالیف کا کیا احساس ہوسکتا ہے۔ ...

(حکیم محمد ابراہیم ملک پنجابی دواخانہ کشن گنج دہلی، حکیم عبد الملک ... علی محمد بانار تیلی واڑہ دہلی ... این-او- شہاب الدین خاں دہلی)

## زائرین دیار حرم کی خدمت میں التماس

رب العالمین کے دربار اور رحمۃ للعالمین کے مقدس آستانہ پر حاضری کا شرف حاصل کرنے والو! ...


اخبار الجمعیۃ میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے

## محبوب عاشق کے قدموں پر

... ملنے کا پتہ:- فضل شاہ عامل گلی راجان دہلی

خاص رعایت

## حیات حافظ رحمت خاں

غیر مجلد دو روپے چار آنے میں خریدیئے

روہیلکھنڈ کے حافظ بادشاہ حافظ الملک حافظ رحمت خاں کی مشہور و معروف سوانحعمری کا پہلا ایڈیشن عنقریب ختم ہونے والا ہے صرف تھوڑی سی جلدیں باقی ہیں جلد آرڈر دیجئے ورنہ دوسرے ایڈیشن کا انتظار کرنا پڑیگا۔

ملنے کا پتہ:- منیجر اخبار الجمعیۃ گلی قاسم جان دہلی

## کوک شاستر اصلی باتصویر رجسٹرڈ

... قیمت صرف ایک روپیہ پانچ آنہ محصولڈاک معاف

امریکن ٹریڈنگ ایجنسی ۵۱ پٹھان کوٹ شہر

## مصنفاخون کی شرطیہ گولیاں

... گدڑی اینڈ کو جالندھر شہر (پنجاب)

## حبوب امساک

مریضان سرعت

... دی نزو ٹو فارمیسی (دلے برانچ) بالمقابل مرکنٹائل بنک نزد فتحپوری - دہلی DELHI

## صرف تین روپیہ میں چار گھڑیاں

ایک عدد اصلی جرمن ٹائم پیس - ایک عدد ڈمی پاکٹ واچ - دو عدد ڈمی رسٹ واچ

یہ گھڑیاں ہم نے خاص طور پر ولایت سے بڑی بھاری تعداد میں منگوائی ہیں مضبوطی و پائیداری کے لحاظ سے یہ گھڑیاں اپنی نظیر آپ ہیں اپنی فرم کی سالگرہ کی خوشی میں ہم نے صرف دس ہزار گھڑیاں اس رعایتی قیمت پر فروخت کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ مقررہ مقدار کے ختم ہوجانے پر یہی گھڑیاں اپنی اصلی قیمت پر فروخت کی جاویں گی اس لئے جلدی کریں ... علاوہ محصولڈاک

ملنے کا پتہ

منیجر جرمن کمرشل ایجنسی ۲۱۵ پٹھان کوٹ ضلع گورداسپور

## جو چاہو گے ہوجائے گا

عمل محبت کے شائقین ہمارا جنتر کامیابی منگالیں اس کو اپنے پاس رکھکر آپ اپنے دل میں جس کسی کا نام لیں گے خواہ وہ کیسا ہی پتھر دل مغرور ... ہو وہ آپ سے ملنے کے لئے تڑپنے لگیگا ... قیمت صرف ایک روپیہ چار آنہ علاوہ محصولڈاک ... (نوٹ) غلط ثابت کرنے والے کو یکصد روپیہ انعام دیا جاوے گا۔

پتہ:- لنڈن ناولٹی سٹور ۲۱ پٹھان کوٹ ضلع گورداسپور (پنجاب)

# گورنر جنرل کو نفاذ قانون کے مکمل اختیارات

## پارلیمنٹری رپورٹ میں ایک خاص تبدیلی

## برطانیہ کے ہاتھ میں ہندوستان کی کلید

### انڈیا بل شائع ہوگیا

(گذشتہ سے پیوستہ)

گورنر جنرل فیڈرل گورنمنٹ کے لئے ایک ایڈوکیٹ جنرل مقرر کرے گا جس کی تقرری ... اور مشاہرہ کا فیصلہ گورنر جنرل اپنی انفرادی مرضی کے مطابق کرے گا۔

فیڈرل گورنمنٹ کے تمام انتظامی کام گورنر جنرل کے نام سے کئے جائیں گے۔ گورنر جنرل وزراء کے کاموں کی مناسب تقسیم کے لئے قواعد مرتب کریگا۔

گورنر جنرل اپنے وزراء کے ساتھ مشورہ کرنے کے بعد اپنی مرضی کے مطابق کام ...

# بصائر و نظائر

ہمارے زمانہ میں فرنگی تہذیب اور فرنگی درسگاہوں کی برکت سے ایک عجیب قسم کی مخلوق پیدا ہوگئی ہے جو ضابطۂ اخلاق اور اصول زندگی سے بیگانگی کے باوجود ...

وما کان لمومن ولا مومنۃ اذا قضی اللہ ورسولہ امراً ان یکون لہم الخیرۃ من امرہم ومن یعص اللہ ورسولہ فقد ضل ضلالاً مبیناً (احزاب ع ۵)

جب کبھی بھی خدا اور اس کا رسول فیصلہ کرنے تو پھر کسی مومن مرد و عورت کو کوئی حق باقی نہیں رہتا ...



# مشرق و مغرب کی تازہ خبریں

اور جو شخص اس قانون کے خلاف ورزی کرے گا اس کو چھ ماہ قید سخت یا جرمانہ یا دونوں سزائیں دی جائیں گی۔ اس قانون کی رو سے تمام طوائفیں اپنے محلوں سے نکال دی جائیں گی اور ان کو علاج کی غرض سے شفاخانوں میں داخل کر دیا جائے گا۔

## ایک حیرت انگیز آلہ ایجاد ہوگیا

### تین روز پہلے چٹان کے گرنے کی اطلاع

حال میں کوئلہ کی کانوں میں حادثات سے باخبر کرنے کیلئے ایک نیا آلہ ایجاد ہوا ہے جو تین روز پہلے کسی چٹان کے گرنے کا حال بتا دیتا ہے۔ یہ آلہ اسی طرح کام کریگا جس طرح آلہ سیسموگراف زلزلہ کا حال بتانے میں کام کرتا ہے۔ اس آلہ کا تجربہ کر کے دیکھا گیا جو اپنے مقصد میں پورا اترا، چنانچہ اس آلہ نے ایک ہفتہ پیشتر کوئلہ کی ایک چٹان کے گرنے کا حال بتادیا! (اب ایک مولوگراف آلہ کی ضرورت ہے جو کم از کم ایک روز پہلے انسان کو اس کی موت کی تاریخ سے باخبر کردیا کرے)۔

## رمادی میں عرب کانفرنس

### حجاز اور عراق کے مسائل کا تصفیہ

حکومت حجاز اور حکومت عراق میں طے ہوگیا ہے کہ دونوں حکومتوں کے نمائندوں کا اجتماع رمادی کے مقام پر ہو اور وہاں ایک کانفرنس منعقد کی جائے جس میں عراق اور حجاز کے سیاسی مسائل کو حل کرنے اور سلسلہ رسل و رسائل کیلئے لائحہ عمل مرتب کرنے کی کوشش کی جائے۔ یہ بھی طے ہوا کہ اس کانفرنس کے دو ماہ بعد مکہ میں کانفرنس منعقد ہو جس میں غیر فیصل شدہ مسائل کی تکمیل کردی جائے۔

## عراقی پولیس پہلوانوں کے اکھاڑہ میں

عراق کے مشہور پہلوان الحاج عباس آفندی سے پولیس کے کپتان نے استدعا کی ہے کہ وہ مخصوص اور مقررہ اوقات میں پولیس کے سپاہیوں کو پہلوانی سکھائے کیونکہ مجرموں کو گرفتاری کے موقعہ پر اس فن کی سخت ضرورت ہے۔ معلوم ہوا ہے کہ پہلوان مذکور نے اپنی خدمات پولیس افسر کو سپرد کردی ہیں، ہفتہ میں دو دفعہ سپاہیوں کو پہلوانی کا فن سکھایا جائے گا۔

## نجف اور کوفہ کے درمیان ٹیلیفون

نجف اشرف کے تجار نے حکومت عراق سے درخواست کی ہے کہ تجارتی سہولتوں کے لئے نجف اور کوفہ کے درمیان ٹیلیفون کا سلسلہ قائم کیا جائے۔ نجف کے تجار کے ایک وفد نے کمشنر کی وساطت سے یہ درخواست حکومت کے پاس ارسال کردی ہے۔ توقع ہے کہ تجارتی ضروریات کو پیش نظر رکھتے ہوئے نجف اور کوفہ کے درمیان ٹیلیفون کا سلسلہ قائم ہوجائے گا۔

## ترکی کو عراقی پٹرول کا منافعہ

حکومت عراق نے پٹرول کے تیل کے منافعہ کی پہلی قسط اس سال کے آغاز میں حکومت ترکیہ کے حوالہ کردی ہے۔ ترکی حکومت کو جو رقم دی گئی ہے اس کی تعداد چالیس ہزار (روپیہ ؟) ہے۔

مفت! مفت!! مفت!!!

گھر بیٹھے باقاعدہ تعلیم حاصل کر کے آیورویدک، یونانی حکمت، ہومیوپیتھک یا بائیوکیمک کی سند حاصل کرنے کا قاعدہ (قواعد) کارڈ ڈال کر مفت طلب کرو۔

پرنسپل لوڈ انڈین میڈیکل کالج انبالہ شہر

## بستر مرگ پر ایک یہودی جج کی شیطنت

### مرتے وقت ہر ہٹلر کو چیلنج

برلن کی ایک اطلاع ہے کہ جرمنی کے ہر ہٹلر ...

"جس طرح حضرت مسیح دو چوروں کے درمیان صلیب دے گئے تھے اسی طرح میں بھی ... ہوں"۔

## روس میں علم و ادب کی اشاعت

### ایک ایک کروڑ کی تعداد میں کتب کی فروخت

... بالشویک حکومت کا قیام ہوا ہے اس وقت سے روس میں حیرت انگیز اضافہ ہوا ہے ... کتب کی کثرت اشاعت ... اب تک ... ۸۰ ... تک شائع ہو چکی ہیں ... ۵۰۰۰۰۰ کتابیں روس کے عرض و طول میں ... الکسی ٹالسٹائی اور شلیبو شولوکو کی تصنیفات ... اشاعت پذیر ہو چکی ہیں۔

## بس کمپنی کی ایک نئی جدت

### مسافروں کو ہنسانے اور خوش کرنیکا انتظام

... ایک شہر لبلن ہے جس میں موٹر بس کمپنی ... مسافروں کو متوجہ کرنے کیلئے ایک عجیب و غریب قسم کی ... ہماری بسوں کا استعمال کرو ...

## بغداد میں عصمت فروشی اور قحبہ خانوں کا انسداد

### عراقی پارلیمنٹ میں ایک مفید مسودہ قانون

... اگر یہ مسودہ منظور ہوگیا تو وہ تمام لائسنس منسوخ کردیئے جائیں گے جو عصمت فروش طوائفوں کو دئے گئے ہیں ... اس قانون کی ... ایک سال قید سخت یا جرمانہ یا دونوں سزائیں دی جائیں گی۔

# مکتوب جرمنی

## جرمنی کو علاقہ سار کی واپسی

### فرانس کا خوف و ہراس اور اتحادیوں کے منصوبے

### ہر ہٹلر نے اپنی تقریر میں صلح کا اعلان کردیا

(الجمعیۃ کے نامہ نگار خصوصی مقیم برلن کے قلم سے)

... مگر جنگ عظیم کو ختم ہوئے پندرہ سال ہوگئے ہیں لیکن اس کے اثرات ابھی ... ہندوستان کی قسمت کا فیصلہ ... ہندوستان غلام ہے ...

### سار کا دلچسپ انتخاب

اب سوال یہ کیا جاتا ہے کہ آخر سار کی رعایا کیا چاہتی ہے ... پانچ لاکھ ... جرمنی سے ملحق ہونا چاہتے ہیں ... نتیجہ یہ نکلا کہ نوے فی صدی سار کی رعایا نے یہ فیصلہ کیا ... اس کے متعلق بیان کرنا بالکل فضول ہے ... خوشی کا عالم ہوگا۔

### ہر ہٹلر کی تقریر

ہر ہٹلر نے ایک معمولی سی تقریر کی اور اس میں ... فرانس ... دوستی پیدا کی جائے ...

### مسٹر چرچل کا خواب

### فرانس کا مقصد

### اتحادیوں کے منصوبے

### فرانس خوفزدہ ہے

## ترکی میں پارچہ بافی کے کارخانے

### روسی سفیر ترقی خان کا معائنہ

امراض مخصوصہ مردان کے متعلق چند اکسیریں

جن کے استعمال سے آپ پھر سے تندرست جوان پرتیلے جوشیلے ہوسکتے ہیں!

اکسیر عہ ... قیمت ۴۸ گولی چار روپے للعہ ... ۸ گولی آٹھ آنے ۸ر

اکسیر ۳۴ الف ... قیمت ۴۸ گولی دو روپے عہ ... ۸ گولی ...

اکسیر ۴۰ ... قیمت ۳۲ گولی ایک روپیہ عہ

دت سکر دوج بٹی ۳ ... قیمت ۱۶ گولی عہ ... ۸ گولی ...

اطلاع ... خط و کتابت و تار کیلئے پتہ امرت دہارا آفس لاہور ... امرت دہارا ڈاک خانہ لاہور

خضاب چھوڑ دو

اس تیل سے بال کا پکنا رک کر پکا بال کالا ... تین روپیہ ... تولہ ... کا تیل منگالیں۔

پتہ: سبال کالا اسٹورس پوسٹ گھنی سمری (دربھنگہ)

سچا ہمدم و رہبر بے دام

پاک صاف خیالات پیدا کرکے جسمانی و روحانی صحت حاصل کرنے کیلئے دنیا میں سچی خوشی دستیاب کرنے کیلئے آپ آج ہی ایک کارڈ تحریر کرکے کتاب کام شاستر بالکل مفت منگالیں۔

ویدشاستری جام نگر کاٹھیاواڑ

ہمارے ایجنٹ: میسرز بہاری لال گھاسی رام کھاری باؤلی اسٹریٹ دہلی

محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا طریق تبلیغ کیا تھا؟

اس کا جواب ایک جامع کتاب "بلاغ مبین" میں حضرت مولانا مولوی محمد حفظ الرحمن صاحب سیوہاروی نے تحریر فرمایا ہے جو بڑی تقطیع کے دو سو پچیانوے صفحہ کی کتاب ہے کتابت، طباعت اور کاغذ اعلیٰ درجہ کا۔ واقعات سب معتبر و مستند، طرز تحریر صاف اور عام فہم، نتائج موثر و دلنشین، تبلیغی کام کرنے والوں کے لئے اس سے بہتر آج تک اردو میں کوئی کتاب نہیں لکھی گئی۔ غیر مسلم اقوام کو سیرت رسول کے کل نتائج اور اثرات اس کتاب کے سوا اور کسی جگہ ایک مقام پر نہیں ملیں گے۔ ہر مسلم و غیر مسلم لائبریری میں رکھنے کے قابل ہے۔ باوجود ان محاسن کے قیمت بہت کم ہے یعنی صرف دو روپیہ (عہ)

ملنے کا پتہ: (مولوی) محمد ادریس منیجر دفتر بلاغ مبین دہلی

خاص الخاص نسخہ ہمدرد دواخانہ

تار کا پتہ: منیجر ہمدرد دواخانہ یونانی دہلی "HAMDARD DELHI" ٹیلیفون نمبر 378

معجون شباب آور

... دماغ کی کمزوری کے لئے ... بالکل پاک ... ہندوستان بھر ... (پاؤ تولہ ... ایک روپیہ)

ہمدرد دواخانہ یونانی دہلی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# الجمعیۃ دہلی

یوم شنبہ ۴ ذیقعدہ ۱۳۵۳ ہجری

# صوبۂ سرحد کے مظلوم ”خدائی خدمتگار“

## اسمبلی میں حکومت کو شکست فاش

اسمبلی میں ۵ فروری ۱۹۳۵ء کو صوبہ سرحد کے خدائی خدمتگاروں کی تنظیم پر سے پابندیاں ہٹا لینے کے متعلق مسٹر ستیا مورتی نے جو تجویز پیش کی تھی اور اس تجویز کی موافقت میں جو تقریریں کی گئیں ان کا کوئی معقول جواب حکومت کی جانب سے نہیں دیا جا سکا ...

بیان کیا گیا ہے اور فرمایا کہ سر کریر نے جو اس کتاب کے مصنف ہیں صوبہ سرحد میں خفیہ پولیس کے افسر اعلیٰ کے ہاں جا کر قیام پذیر ہوئے تھے اور ان کی معلومات کوئی ایسی معلومات نہیں تھیں جو انہوں نے صرف حکومت کے باغیوں ...

# شذرات

## سر آغا خاں کا مقصد سفر

سر آغا خاں جب کبھی ہندوستان تشریف لاتے ہیں تو ان کا آنا بغیر کسی علت نہیں ہوتا۔ وہ کوئی نہ کوئی کام کر کے ضرور جاتے ہیں اور اسی لئے انہیں بعض خاص موقعوں پر تکلیف دی جاتی ہے۔ اس مرتبہ اسمبلی کے شروع ہوتے ہی معلوم ہوا کہ سر آغا خاں تشریف لا رہے ہیں۔ چنانچہ وہ بعجلت تمام بمبئی آئے اور اس کے بعد عین ان تاریخوں میں جبکہ پارلیمنٹری رپورٹ پر بحث ہو رہی ہے ہندوستان کے آئندہ دستور اساسی کے متعلق برطانیہ جو کچھ فیصلہ کر رہا ہے اس پر ہندوستانی رائے کا اظہار کیا جا رہا ہے سر آغا خاں دہلی میں وارد ہوئے ہیں اور انہوں نے والسرائے کے دولت خانہ پر قیام فرمایا ہے اور دہیں سے ایک بیان شائع کرایا ہے جس میں ہندوستانی مسلمانوں پر اپنے احسانات کی ایک طویل فہرست دی ہے اور یہ ظاہر کیا ہے کہ مجوزہ دستور میں مسلمانوں کے تقریباً تمام مطالبات تسلیم کر لئے گئے ہیں۔ اور یہ سب کچھ میری محنت اور بیرل انگ ووڈ کا نتیجہ ہے۔ اگر میں اس قدر عمدہ رہنمائی نہ کرتا اور انگلستان میں مسلم مندوبین کو لئے لئے نہ پھرتا تو ایسا اچھا کمیونل ایوارڈ جس میں خصوصیت کے ساتھ پنجاب اور بنگال کے مسلمانوں پر احسان عظیم کیا گیا ہے ہرگز نہ مل سکتا۔ اس لئے مسلمانوں کو چاہئے کہ وہ اس احسان کا بدلہ احسان سے دیں اور پارلیمنٹری رپورٹ میں جو دستور تجویز کیا گیا ہے اسے شکریہ کے ساتھ قبول کر کے حکومت کی امداد کریں۔ اس بیان سے ظاہر ہو گیا کہ اس مرتبہ سر آغا خاں کو کیوں انگلستان سے ہندوستان آنا پڑا جہاں تک ہمیں معلوم ہوا ہے اس بیان کے علاوہ سر آغا خاں کی دہلی میں موجودگی کو انفرادی اثرات کے لئے بھی برابر استعمال کیا جا رہا ہے اور سر آغا خاں مسلم ارکان کو صحیح راستہ سے ہٹانے میں منہمک ہیں۔ جن مسلمانوں نے کبھی آج تک یہ غور کرنے کی تکلیف ہی گوارا نہیں کی کہ سر آغا خاں کی شخصیت سے انہیں نفع پہنچا یا نقصان؟ اور جو مسلمان بنگال میں مسلم اکثریت کی قربانی کو بھی انصاف اور احسان تسلیم کر لینے کے لئے آمادہ ہیں ...

یہی ہے کہ ان تمام گفتگوؤں کا نتیجہ خاطر خواہ برآمد ہو اور جو حضرات تبادلۂ خیالات کر رہے ہیں وہ کسی تصفیہ تک پہنچ جانے میں کامیاب ہو جائیں مگر ہمارے گذشتہ تجربات ہمیں بتاتے ہیں کہ معاملات اس قدر امید افزا نہیں ہو سکتے جتنا کہ خیال کیا جا رہا ہے۔ ضرورت تو اس امر کی تھی کہ اس وقت اسمبلی میں پارلیمنٹری کمیٹی کی رپورٹ کے متعلق جو مباحثہ ہو رہا ہے اور بے شمار ترمیمات مختلف نقطہ ہائے نگاہ کے مطابق پیش کی گئی ہیں اس مباحثہ کے آغاز اور ان ترمیموں کے پیش کرنے سے قبل ہی کوئی سمجھوتہ ہو جاتا اور ایک متفقہ ترمیم ایوان کے سامنے آتی مگر افسوس کہ ایسا نہیں ہوا اور سارا وقت بے کار گفتگوؤں میں ضائع کر دیا گیا۔ ہمارے سامنے ان گفتگوؤں کی تفصیلات ہوتیں تو شاید ہم یہ بتا سکتے کہ قصور کس کا ہے لیکن بہرحال قصور خواہ کسی کا ہو اس میں شبہ نہیں کہ اس مسئلہ پر اتفاق و اتحاد کے فقدان نے سخت ترین نقصان پہنچایا ہے۔ اور ایک بہترین موقع ہاتھ سے نکلا جا رہا ہے۔ اس لحاظ سے کہ اتحاد ہر وقت اور ہر حالت میں مفید اور ضروری ہے ان گفتگوؤں کا جاری رہنا یقیناً مستحسن ہے مگر کامیابی کے لئے جس آمادگی اور اسپرٹ کی ضرورت ہے اسے ہم ان گفتگوؤں میں مفقود پاتے ہیں اور یہ حالت ہمارے لئے افسوسناک ہے۔

## خدائی خدمتگاروں کے مسلم مخالفین

جب کبھی کوئی ایسا معاملہ اسمبلی میں پیش ہوتا ہے جس کا واسطہ ہندو مسلمانوں دونوں سے ہو اور جو ملک کے مشترکہ مفاد سے تعلق رکھتا ہو تو اسمبلی کے وہ مسلم ارکان جو سرکار کے اعتبار کی حمایت کے لئے اپنی زندگیاں وقف کر چکے ہیں۔ ”کمیونل ایوارڈ“ اور ”ہندو مسلم سمجھوتہ“ کا سہارا پکڑ کر اختلاف کی بنیاد پیدا کر دیتے ہیں اور ہندوؤں سے خفا ہو کر ہندوستان کے خلاف ووٹ دینے کا جواز نکال ...

## فرقہ وارانہ گفت و گو میں

# حوادث و احکام

استفتاء

الجواب



# ”پارلیمنٹری رپورٹ برطانی تدبر کا جنازہ ہے“

## اسمبلی میں رپورٹ کی متفقہ اور ہمہ گیر مخالفت

## برطانی پارلیمنٹ میں انڈیا بل کی دوسری خواندگی

دہلی، ۸ فروری۔ کل اسمبلی میں پارلیمنٹری رپورٹ پر نہایت پرجوش اور گرم بحث ہوئی۔ یہ عجیب تماشہ ہے کہ برطانی پارلیمنٹ میں انڈیا بل کی دوسری خواندگی پیش ہو چکی اور ہندوستان کی پارلیمنٹ میں ابھی رپورٹ پر بحث ہو رہی ہے۔ مسٹر آصف علی نے یہ کہہ کر بحث کو ختم کر دیا کہ جب انڈیا بل میں تبدیلی کا امکان نہیں ہے تو اس ایوان کی تمام بحث بے سود ہے۔ آپ نے مزید فرمایا کہ پارلیمنٹری رپورٹ برطانی تدبر کے جنازہ کی علامت ہے اور کیا تعجب ہے کہ وہ برطانی قبر کا پیش خیمہ ہو ...

## ترکی پارلیمنٹ میں خواتین کی شرکت

## مجلس کبیر کیلئے ۱۷ خواتین کی امیدواری

## یہودیوں اور یونانیوں کو بھی حق نمائندگی دیدیا گیا

قسطنطنیہ ۸ فروری۔ تاریخ میں یہ پہلا واقعہ ہے کہ ترکی پارلیمنٹ کے انتخاب میں خواتین کو شرکت کی اجازت دیدی گئی۔ صدر جمہوریہ نے جدید ترکی پارلیمنٹ کے انتخاب کے لئے ۱۷ خواتین کو بحیثیت امیدوار منتخب کیا ہے۔ مجلس کبیر کا انتخاب ۸ فروری کو ہوگا۔ اور اس دفعہ خواتین تعداد کے سالعۃ اپنے ووٹوں کا استعمال کر سکیں گی۔ کمال پارٹی کے حالیہ فیصلہ کے مطابق نئی پارلیمنٹ کے انتخاب میں یہودی یونانی اور ارمنی بھی حصہ لیں گے۔ اس طرح جدید انتخاب میں ترکی اقلیتوں کو زندگی کی اجازت ہوگی۔ جب سے جمہوریہ ترکی کا قیام ہوا ہے یہ پہلا موقع ہے کہ ترکی اقلیتوں کو بھی مجلس کبیر میں داخلہ کی اجازت دی گئی ہے۔

چونکہ ترکی آبادی میں ایک کروڑ ... نفوس کا اضافہ ہو گیا ہے۔ اس لئے ترکی پارلیمنٹ نے فیصلہ کیا ہے کہ اس کے ارکان کی تعداد ... سے بڑھا کر ... کر دیا جائے۔

## حکومت کو تیسری شکست

### سرخپوشوں سے پابندی اٹھانے کا مطالبہ

## سر آغا خاں اور برطانیہ کی مدح سرائی

### دیہاتوں میں اقتصادی ترقی کا پروگرام

## ہندوستان میں پانچ بادشاہ بنائے جائینگے

### وزیر اعظم برطانیہ کی طرف سے تردید

## برما کی علیحدگی اور رپورٹ کی مخالفت

## سر سکندر حیات کی جگہ نواب مظفر خاں

## ایک فوجی افسر دو بچوں سمیت آگ کی نذر

## ایک متمول مسلمان کو قتل کر کے آگ میں جلا دیا

## عدن پر قبضہ کرنے کیلئے گورہ فوج کا تقرر

## شراب کے ٹھیکہ پر ایک شخص کی بولی نہیں دی

## اسمبلی میں ڈپٹی پریزیڈنٹ کا انتخاب ہو گیا

## احمد آباد کی ہڑتال کا خاتمہ

## کشتی کے ساتھ دو اشخاص غرق

## ڈیڑھ سو مکانات جل کر خاک

## دو مال گاڑیوں کا تصادم

## چاٹگام کے ایک ضلع میں کرفیو آرڈر

## دہریوں کا ”خدا“ ضبط

## خالدہ ادیب خانم کا ستواں لیکچر

## دہلی میں چوروں کا گروہ گرفتار

## مسلمانوں کے ہاتھ کا کھانا پینے کی پریزنٹ کرو

### ہندوؤں کو گاندھی جی کی ہدایت

## دہلی لاہور اور پشاور میں زلزلہ

## لاری پر مال اور اسباب لوٹ لیا

## جاپان اور روس تعلق قائم کرنا نہیں چاہتا

## ریل کے کرایہ اور محاصل میں اضافہ کی تجویز

## ایک صد واکو گرفتار کر لئے گئے

## ڈاکو جہنم کے ساتھ وطن کو بھی اڑے

## دار الحکومت

### حضرت ناظم الجمعیۃ کی علالت

## مذہبی الٹھارہ ہندی کے خطرناک نتائج

## گلال چند ایڈوکیٹ کے قتل کے مقدمہ کی سماعت

## دہلی مارکیٹ کا تازہ نرخ

## دہلی میں سر آغا خاں کی آمد

## مجوزہ اصلاحات محض فریب ہیں

### اسمبلی میں پارلیمنٹری رپورٹ پر مباحثہ

### ہندوستان میں سوداگروں کی حکومت ہے

نئی دہلی ۸ فروری۔ کل اسمبلی کی گیلریاں بھری ہوئی تھیں۔ سردار بھیا بھائی پٹیل، شریمتی سروجنی نائیڈو، خالدہ ادیب خانم اور بہت سے دیگر سرکردہ قومی کارکن موجود تھے۔

جب سر این این سرکار جائنٹ پارلیمنٹری کمیٹی کی رپورٹ کے متعلق تجویز پیش کرنے کھڑے ہوئے تو مسٹر فضل الحق نے اعتراض کیا کہ رپورٹ پر محض بحث ہے اور اس کو جگہ بل سے ہی ہے۔ اس لئے سر این این سرکار کی تجویز خلاف قاعدہ ہے۔ صاحب صدر نے اس اعتراض کو رد کر دیا اور ہدایت کی کہ ممبران بحث کے دوران میں انڈیا بل کے حوالہ سے تقریریں کر سکتے ہیں۔

سر این این سرکار نے تجویز پیش کی کہ جائنٹ سلیکٹ کمیٹی کی رپورٹ پر غور کیا جائے۔ آپ نے فرمایا کہ اس تجویز کا مقصد صرف یہ ہے کہ اس مضمون پر بحث کی جا سکے۔

مسٹر سرکار نے مختلف ترمیموں کا تجزیہ کرتے ہوئے کہا کہ مسٹر بھولا بھائی ڈیسائی کی ترمیم بالکل ناقابل فہم ہے کیونکہ اس میں یہ ظاہر کیا گیا ہے کہ مجوزہ سکیم موجودہ دستور سے بھی بدتر ہے۔ دوسری طرف اسمبلی اگر ایک کیبنٹ ایوارڈ کو قبول کرتی ہے تو دوسری اسے رد کرتی ہے تیسری ترمیم یہ کہتی ہے کہ قومی مفاد کے پیش نظر اس معاملہ کو بالکل نہ چھیڑا جائے لیکن سب سے عجیب ترمیم مسٹر محمد علی جناح کی ہے جو تین حصوں پر منقسم ہے۔ وہ کمیونل ایوارڈ کو تسلیم کرتی ہے اور آئینی عمارت کے متعلق کہتی ہے کہ بنیاد اور پہلی منزل کو تو ہٹا دیا جائے اور دوسری منزل کو باقی رکھا جائے اور اس کی چھت اس کے فرش اور دیواروں میں تبدیلیاں کر دی جائیں اور کھڑکیوں کو بڑھا دیا جائے۔

لیکن اس کے باوجود مسٹر جناح یہ کہتے ہیں کہ میں عمارت کو تباہ کرنا نہیں چاہتا ہوں درحقیقت آپ نے کہا کہ اس خیال کے پیش نظر کہ تمام آئینی عمارت فیڈریشن پر قائم ہے مسٹر جناح کی ترمیم کچھ معنی نہیں رکھتی۔

مسٹر بھولا بھائی ڈیسائی نے ایک معرکۃ الآرا تقریر میں برطانیہ کے ان وعدوں کا ذکر کیا جو اس نے جنگ عظیم کے زمانہ میں کئے تھے۔

مسٹر ڈیسائی نے نہایت مدلل طریقہ پر ثابت کیا کہ مجوزہ اصلاحات محض ایک فریب ہیں جن سے ہندوستان کو کوئی فائدہ پہنچنے کی بجائے زبردست نقصان پہنچے گا۔ مسٹر ڈیسائی نے مزید کہا کہ جائنٹ پارلیمنٹری سکیم کے ماتحت گورنر جنرل اور گورنروں کو مختار کل بنا دیا گیا ہے اور صوبجاتی خود اختیاری ایک لفظ بے معنی ہو کر رہ گئی ہے۔

مولانا شوکت علی نے اسمبلی میں اپنی پہلی تقریر کرتے ہوئے کہا کہ میں اسمبلی میں صلح کا پیغام لے کر آیا ہوں جو میرے مرحوم بھائی محمد علی انگلستان لیکر گیا تھا۔ مجھے صلح پیدا کرنے کے لئے حکومت کے ساتھ تعاون کرنا ہوگا

میں اس قوم سے تعلق رکھتا ہوں جو سو سال تک ہندوستان پر حکومت کر چکی ہے۔ یہاں تک کہ اس کی جگہ ... آپ نے انگریزوں سے اپیل کی کہ وہ دس سال کے لئے عارضی صلح قائم کر دیں۔ ہندو، مسلمان، ایک سکھ، ایک پارسی اور ایک ہندوستانی عیسائی کو دو انگریزوں کے ساتھ ۲۴ گھنٹے تک غور و فکر کرکے ایک ایسا متحدہ فارمولا مرتب کرنے کا موقع دیں جو ہندوستان میں امن قائم کر دے۔ اگر انہوں نے ایسا کیا تو انہیں آرڈیننسوں کے ذریعہ حکومت کرنی ہوگی اور اگر ہندوستان کو ایسی حالت پر مجبور رکھا گیا تو یہاں خونریز انقلاب برپا ہو جائے گا اور میں پھر غیر متشدد نہیں رہ سکونگا۔

## ہندوستانی دستور نمائندہ اسمبلی مرتب کرے

### کونسل آف اسٹیٹ میں ایک تجویز

دہلی ۸ فروری۔ آنریبل مسٹر پی سی ڈی چاری نے کونسل آف اسٹیٹ میں ایک تجویز مجوزہ اصلاحات کے متعلق پیش کی ہے جس میں سرکار سے درخواست کی گئی ہے کہ جائنٹ سلیکٹ کمیٹی نے ہندوستان کے لئے جو سکیم تجویز کی ہے وہ بالکل ناقابل قبول ہے اس لئے ملک معظم کی حکومت کو ایک نمائندہ اسمبلی مدعو کرنی چاہئے جو اُن نمائندوں پر مشتمل ہو جنہیں ہندوستان کے باشندوں نے وسیع حقوق رائے دہی پر منتخب کیا ہو۔ یہی اسمبلی ہندوستان کے لئے قابل قبول دستور مرتب کر سکے گی۔

آنریبل سر فیروز سیٹھنا نے بھی ایک تجویز پیش کی ہے جس میں یہ ظاہر کیا گیا ہے کہ یہ سکیم غیر اطمینان بخش ناکافی اور مایوس کن ہے اور یہ کہ جائنٹ سلیکٹ کمیٹی کی سفارشات وائٹ پیپر سے بھی بدتر ہیں اور یہ کہ مجوزہ تحفظات مرکزی صوبجاتی آزادی کے حصول میں مزاحم ہونگے۔

## ایک برطانوی جہاز گرفتار

### چینی ڈاکوؤں نے گھیر لیا

ہانگ کانگ ۸ فروری۔ شنگھائی اور چیولیں دخانی جہاز "اِٹرنگ جاؤ" کی مفقود الخبری کی وجہ سے سخت تشویش پھیلی ہوئی ہے اس جہاز پر ستر طلبا سوار تھے اور اکثریت انگریز لڑکوں کی تھی۔ طلبا تعطیل کے بعد چیفو مشن سکول کو واپس آ رہے تھے۔

جہاز "تنگچو" معتدل موسم میں شنگھائی سے روانہ ہوا تھا۔ وائرلیس کے ذریعہ اسکو پیغامات بھیجے گئے ہیں ان میں سے ایک کا جواب بھی موصول نہیں ہوا۔ اندیشہ ہے کہ اس جہاز پر بحری قزاقوں نے قبضہ کر لیا ہے ... تلاش جاری ہے ... اور خیال ہے کہ بحری قزاق تنگچو کو جنوب کی طرف لے جائیں گے۔

## بعد کی اطلاع

سرکاری طور سے اعلان کیا گیا ہے کہ "تنگچو" پر بحری قزاقوں نے حملہ کر دیا۔ ایک روسی گارڈ ہلاک اور دوسرا مجروح ہوا۔ جنگی جہاز ہندوستان کے لئے سرعت سے روانہ ہو گئے ہیں۔ مزید اطلاع مظہر ہے کہ قزاق جہاز کو چھوڑ کر چلے گئے۔

## جرمنی کو فوجی طاقت سے خوف

### فرانس اور برطانیہ میں معاہدہ

پیرس ۸ فروری۔ ایک اطلاع مظہر ہے کہ فرانس اور برطانیہ کے درمیان فضائی قوت کے بارے میں سمجھوتہ ہو گیا ہے۔ یقین کیا جاتا ہے کہ معاہدہ ورسیلز کے فوجی دفعات منسوخ کر دی جائیں گی۔ لیکن دریائے رائن کے بائیں کنارے کے متعلق یہ دفعات قائم رہیں گی۔ جرمنی پر زور دیا جائے گا کہ وہ جمعیۃ اقوام میں واپس آ جائے اور بیلجیم و اٹلی سے مطالبہ کیا جائے گا کہ وہ فرانس اور برطانیہ کے معاہدہ پر کاربند ہوں۔

موسیو لاوال نے جرمنی کی خفیہ فوجی قوت کے متعلق لرزہ خیز انکشافات کرتے ہوئے کہا کہ اگر ہم اپنی فوجی سروس کو دو سالہ بھی تیار کریں تب بھی ہم جرمنی جیسی طاقتور فوج مہیا نہیں کر سکتے۔

## مجلس ادب کے زیر اہتمام غالب مرحوم کی برسی

مجلس ادب دہلی کے زیر انصرام بتاریخ ۱۵ و ۱۶ فروری ۱۹۳۵ء کو پنجابی پبلک لائبریری ہال باڑہ ہندو راؤ دہلی میں حضرت غالب مرحوم کی برسی منائی جائے گی ۱۵ فروری بروز جمعہ بوقت ساڑھے سات بجے شب مشہور ادیب اور مقالہ نگار حضرات جناب غالب مرحوم کی شاعری اور ادب و اخلاق پر مقالات پڑھیں گے اور تقاریر فرمائیں گے ۱۶ فروری بروز ہفتہ بوقت آٹھ بجے شب بیادگار غالب مشاعرہ و مناظمہ منعقد ہوگا۔ مشاعرہ و مناظمہ کی طرح حسب ذیل ہے۔

(۱) طرح مشاعرہ۔ نقش فریادی ہے کس کی شوخی تحریر کا

(۲) مناظمہ۔ رفت آسوز تخیل ہے بیان غالب

امید ہے کہ شعرائے کرام اور باذوق حضرات طبع آزمائی فرمائیں گے اور وقت مقررہ پر شریک جلسہ ہو کر حضرت غالب مرحوم کی یاد کو تازہ کریں گے۔

(سکریٹری مجلس ادب دہلی)

## سرحد میں قتلوں کی بھرمار

پشاور ۸ فروری۔ سال ۱۹۳۴ء کے دوران میں صوبہ سرحد میں ... واقعات ہوئے۔ گزشتہ برس اسی ماہ میں ... ہوئے تھے ۱۹۳۳ء کے دوران میں قتل کی چار واردات ۴۹۰ ہوئی تھیں گزشتہ برس ایک ماہ میں ۴۳ وارداتیں ہوئی ہیں۔

## سرکاری ملازمین کی تنخواہوں میں تخفیف کی تنسیخ

دہلی ۸ فروری۔ حکومت ہند کا ایک سرکاری اعلان مظہر ہے کہ حکومت ہند نے فیصلہ کیا ہے کہ سرکاری ملازموں کی تنخواہوں میں جو تخفیف اسی مارچ ۱۹۳۵ء کو ختم ہوگی اسے دوبارہ جاری نہ کیا جائے۔ اس فیصلہ کا اطلاق تمام آل انڈیا سروسوں پر بالعموم ہوگا اور حکومت ہند کے تمام سرکاری ملازمین اس سے مستفید ہو سکیں گے۔

## ہندوستان کو درجہ نوآبادیات دیا جائے

لندن ۸ فروری۔ مشہور لیبر لیڈر مسٹر جارج لینسبری پارلیمنٹ کے اجلاس میں یہ تحریک پیش کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں کہ انڈیا بل پاس کئے جانے سے پہلے گورنمنٹ اس امر کا اعلان کرے کہ اس کا نصب العین ہندوستان کو درجہ نوآبادیات دینا ہے۔ ہندوستان اور انگلستان کے تعلقات کو خوشگوار بنانے کے لئے سیاسی قیدیوں کو رہا کیا جائے۔ اور سخت گیر قوانین واپس لے لئے جائیں۔

## سلور جوبلی میں مہاراجہ جے پور کا عطیہ

دہلی ۸ فروری۔ معلوم ہوا ہے کہ مہاراجہ جے پور نے ملک معظم کی سلور جوبلی فنڈ میں پچاس ہزار روپیہ دیا ہے۔ مہاراجہ بیکانیر نے بھی بیس ہزار دیا ہے۔


## وئید حکیم بنجاؤ

اگر آپ حکیم تلسی پرشاد اگروال موجد بال جیون کمپنی کی بنائی ہوئی نادر و نایاب کتاب "مجربات تلسی" کا بغور مطالعہ کریں گے تو آپ بلاشک و شبہ وئید و حکیم بن جائیں گے اور تمام طب ویدک و حکمت طریق علاج و دواؤں کی ترکیب ادویات کے اچھے خاصے ماہر ہو کر اپنی اور دوسروں کی ہر ایک بیماری کا علاج نہایت عمدگی کے ساتھ کرنے کے قابل بن جائیں گے اور اگر آپ چاہیں گے تو اس کے ذریعہ دوا و علاج میں وئیدوں، حکیموں، ڈاکٹروں کے مانند گھر بیٹھے بڑی آسانی کے ساتھ سینکڑوں روپیہ کمانے لگیں گے اس میں قواعد علاج و دواسازی کے اصلی اصول بڑی وضاحت کے ساتھ بتلائے گئے ہیں اور مرد، عورتوں، بوڑھوں، بچوں، جوانوں و نوجوانوں کی سر سے پاؤں تک کی ہر ایک ظاہرہ و پوشیدہ بیماری کے سینکڑوں نایاب چوٹی کے نسخے لکھے گئے ہیں جو کوڑیوں میں تیار ہونے والے انمول فائدے دکھلاتے ہیں قیمت فی کتاب مجلد عمدہ بلا ڈاک محصول ... ہر ایک اردو خواں اصحاب کو ... قیمت ... علاوہ محصول

المشتہر منیجر بال جیون کارخانہ علیگڑھ شہر (یو۔پی)



تار کا پتہ ـ میڈیسن دہلی ٹیلیفون ۵۵۶۶

۱۹۳۵ء ۱۹۳۵ء

# گُن نِی

کا کا

### طاقت کی بے مثل سنہری گولیاں

خاص خاص

## مسیح الملک حکیم محمد احمد خاں صاحب کا عطیہ (سفوف کے بعد)

### چالیس گولیاں سات روپیہ

ہندوستانی دواخانہ (جس کو حکیم اجمل خاں نے سنہ ۱۹۰۵ء میں بنایا) دہلی پوسٹ بکس ۲۲

تحفہ تحفہ




## مسٹر جناح اور صدر کانگریس کی گفتگو

### مصالحت کے لئے مساعی

نئی دہلی ۸ فروری۔ مسٹر جناح اور بابو راجندر پرشاد میں فرقہ وارانہ مسئلہ پر جو گفتگو ہو رہی تھی اگرچہ ابھی تک اس کا کوئی نتیجہ نہیں نکلا ہے لیکن اس کا سلسلہ برابر جاری ہے بابو راجندر پرشاد کے ایک ضروری کام کی وجہ سے پٹنہ چلے جانے سے گفتگو عارضی طور پر منقطع ہو گئی لیکن وہ ۱۰ فروری کو دہلی پھر واپس آ جائیں گے۔ اس کے بعد گفتگو کا سلسلہ جاری ہو جائے گا۔

اس کامیابی کی سب سے بڑی توقع اس وجہ سے کی جا رہی ہے کہ اسمبلی کے اراکین کا وہ حلقہ بھی جو انتہائی فرقہ پرست شمار کیا جاتا ہے جو کسی ایک فرقہ کے لئے مخصوص نہیں ہے اس گفتگو کی کامیابی کا آرزومند ہے۔ علاوہ بریں مسٹر جناح اور راجندر بابو دونوں جہاں تک معلوم ہوا ہے اس حیثیت سے غور کر رہے ہیں کہ صحیح حل کیا ممکن ہے۔ امید کی جاتی ہے کہ ان دونوں لیڈروں کی سعی اور ان کے ساتھ ڈاکٹر انصاری صاحب مسز نائیڈو، مسٹر بھولا بھائی ڈیسائی، معین احمد خاں صاحب شیروانی وغیرہ حضرات کی کوشش کامیاب ہونگی۔

## ہندوستان کی بڑھتی ہوئی آبادی کو روکا جائے

نئی دہلی ۸ فروری۔ آنریبل سید حسین امام نے کونسل آف اسٹیٹ میں حسب ذیل تجویز پیش کی ہے۔

یہ کونسل گورنر جنرل باجلاس کونسل سے سفارش کرتی ہے کہ وہ ہندوستان میں بڑھتی ہوئی آبادی کو روکنے کے لئے ضروری تدابیر اختیار کرے۔

## عدالت میں کورٹ انسپکٹر کی موت

بنگال ۸ فروری۔ بابو جتیندر ناتھ بوس کورٹ انسپکٹر نے استغاثہ کی طرف سے ایک اسپیشل مجسٹریٹ کی عدالت میں ایک مقدمہ قتل میں بحث ختم ہی کی تھی کہ انہیں غش آ گیا اور چند منٹوں میں ہی آپ کا دم نکل گیا۔

## دیناج پور میں سیاسی ڈاکہ

### ۶ نوجوان گرفتار

دیناج پور۔ یہاں ایک سنار کی دوکان پر جو شہر کے وسط میں واقع ہے ایک سیاسی ڈاکہ کے نتیجہ کے طور پر بھاری سنسنی پھیلی ہوئی ہے۔ بیان کیا جاتا ہے کہ ۵ نوجوان جو ریوالوروں اور دیگر ہتھیاروں سے مسلح تھے ٹوپیاں پہنے ہوئے کل شام کو اندھیرا ہونے کے بعد دوکان میں داخل ہو گئے اور بہت سے باہر کھڑے رہے۔ دوکان میں جو لوگ تھے انہیں ریوالور اور خنجر دکھا کر خاموش کر دیا گیا۔ ڈاکو سونے کے زیور اور بہت سا دیگر قیمتی مال لیکر بھاگ گئے۔ پولیس نے اس سلسلہ میں بہت سی خانہ تلاشیاں لی ہیں اور تقریباً ۶ نوجوانوں اور ایک زمیندار کو گرفتار کر لیا اور بہت سا بلا لائسنس خنجروں پر قبضہ کر لیا۔

## سرحد میں قتلوں کی تعداد

### حکومت سرحد نیا قانون بنائیگی

پشاور۔ انسپکٹر جنرل پولیس سرحد کی ۱۹۳۳ء کی رپورٹ میں اس سوال کو خاص اہمیت دی گئی ہے کہ قتلوں کی بڑھتی ہوئی تعداد کا انسداد کس طرح کیا جائے۔ گو اس سال قتلوں کی تعداد (۵۱۵) ۱۹۲۹ء کی تعداد سے کم ہے پھر بھی یہ ایک افسوسناک حقیقت ہے کہ سرحد میں قتلوں کی تعداد نہ صرف ہندوستان کے دوسرے صوبہ جات کے مقابلہ میں ہی بلکہ تمام مہذب دنیا کے مقابلہ میں بہت زیادہ ہے۔ برطانیہ میں قتلوں کی تعداد (۱) فی ملین اور برطانیہ میں ۷ فی ملین ہے۔ لیکن سرحد میں قتلوں کی تعداد ۲۰۰ فی ملین ہے۔ انسپکٹر جنرل پولیس نے اپنی رپورٹ میں لکھا ہے کہ ان قتلوں کو روکنے کے لئے خاص قوانین کی ضرورت ہے۔

## گورکھوں اور سنتھالیوں میں جنگ

### چار گورکھے ہلاک ـ عورتوں سے مذاق کا نتیجہ

پٹنہ۔ موضع سونا گڈہ سے گورکھوں اور سنتھالیوں کے شدید فساد کی اطلاع موصول ہوئی ہے۔ بیان کیا جاتا ہے کہ بہار کے قریب سنتھال اپنے کسی تہوار کے سلسلہ میں ناچ رہے تھے کہ تقریباً ایک صد گورکھے جو انڈین کوپر کارپوریشن لمیٹڈ کی نواحی کانوں سے اوپر آ نکلے۔ گورکھے جو شراب کے نشہ میں مدہوش تھے سنتھال عورتوں کو چھیڑنے لگے۔ اس پر دونوں پارٹیوں میں تنازعہ ہو گیا۔ چار گورکھے ہلاک اور پانچ زخمی ہوئے۔

## آسٹریا کے چانسلر پر گولیوں کی بارش

وائنا۔ اس واقعہ نے یہاں سنسنی پھیلا دی ہے کہ آسٹریا کے وائس چانسلر شہزادہ سٹار ہمبرگ کو قتل کرنے کی دلیرانہ کوشش کی گئی۔ تفصیلی حالات مظہر ہیں کہ شہزادے کی ایک موٹر کار پر ریلوے فلیگ (آسٹریا کا قومی نشان) لہرا رہا تھا اور یہ کار ایسپرن کے ہوائی اڈے سے ... لا رہی تھی کہ اچانک اس پر گولیوں کی بوچھاڑ کی گئی۔ خوش قسمتی سے شہزادہ سٹار ہمبرگ کار میں نہیں تھا اور ایسپرن کے ہوائی مستقر کا معائنہ کر کے موصوف واپس اپنے محل میں چلے گئے تھے اور وائنا کے ہوائی اڈے پر دیگر افسروں کے ہمراہ تشریف نہیں لے گئے تھے۔ اس لئے آپ بچ گئے اور حملہ آوروں نے جو کہ موقعہ کی تاک میں تھے غلطی سے شہزادے کی کار پر موصوف کی عدم موجودگی میں تڑا تڑ گولیاں برسانا شروع کر دیں۔

## جامعہ عثمانیہ حیدر آباد دکن

پروفیسر الیاس برنی صاحب سابق صدر شعبہ معاشیات حال میں سررشتہ تالیفات و ترجمہ جامعہ عثمانیہ کے ناظم مقرر ہوئے ہیں۔

(کمال احمد فاروقی)

## حکومت مرزا محمود پر مقدمہ کیوں نہیں چلاتی؟

### قادیان میں پرامن مسلمانوں پر زمین تنگ کر دی گئی

### مولانا حبیب الرحمن صاحب صدر مجلس احرار کا بیان

مولانا مولوی حبیب الرحمن صاحب صدر مجلس احرار اسلام نے مندرجہ ذیل بیان بغرض اشاعت ارسال فرمایا ہے۔

تین آج ۱۵ دن کے بعد کراچی کے سفر سے واپس لاہور پہنچا تو قادیان میں مرزائیوں نے جو ہیجان پھیلا رکھا ہے ان تمام حالات پر غور کرنے کے بعد اس نتیجہ پر پہنچا ہوں کہ اس کی تمام ذمہ داری مرزا محمود پر ہے احرار کانفرنس کے بعد مرزا محمود نے سخت اشتعال انگیز خطبے دئیے۔ موت کی بیعت لی قتل کی دھمکیاں دیں۔ اس کا نتیجہ اس کے سوا اور کیا ہو سکتا تھا کہ اس کے سادہ لوح متبعین قادیان کے غریب مسلمانوں پر عرصہ حیات تنگ کر دیں۔ حکومت قادیان کے تماشہ کو نہایت خاموشی سے دیکھ رہی ہے۔ اس نے مسلمانوں کو مغالطہ میں ڈالنے کے لئے دفعہ ۱۴۴ نافذ کی ہے۔

... یہ نہ سمجھے کہ حکومت پنجاب اور مرزا محمود ایک ہی جنس ہے اگر حکومت اپنے قانون کا کچھ احترام کرتی تو آج سے بہت پہلے مرزا محمود پر قتل کی ترغیب کے سلسلہ میں مقدمہ چلاتی ... مسلمانوں کی سمجھ میں ... حکومت ... مرزائیوں کی حمایت کی ہے۔ میں حکومت کو بتا دینا چاہتا ہوں کہ احرار خدا اور مسلمانوں کی امداد کے بھروسہ پر قادیان میں تبلیغ اسلام کیلئے گئے ہیں۔ ہماری جماعت ہمیشہ پرامن رہی ہے اور رہے گی۔ ... حکومت ... مرزائیوں کی حمایت میں ... مولانا عطاء اللہ شاہ صاحب بخاری پر مقدمہ چلاتی ہے تو کوئی قتل کی دھمکیوں اور موت کی بیعت کی موجودگی میں مرزا محمود پر مقدمہ نہیں چلاتی۔ اور حکومت کو گالیاں دینے والے مرزائی مقررین کو جنہوں نے حال ہی میں جلسہ کر کے قادیان میں سنسنی پھیلائی تھی گرفتار نہیں کرتی۔

### کتابوں کی ضبطی

گورنمنٹ نے مرزائیوں کی حمایت میں بیفلٹ "قادیان میں پنجتن پاک" "مرزا قادیانی کی خونی" ... ضبط کر لئے۔ اور اس سلسلہ میں مجلس احرار کے متعدد دفتروں کی تلاشی لی ہے۔ ... حکومت کو چیلنج کرتا ہوں ... مرزا غلام احمد قادیانی کی کتب پر مبنی ہے ... ورنہ مسلمان یہ سمجھنے میں حق بجانب ہوں گے کہ حکومت بے جا اور ناجائز طریقہ سے مرزائیوں کی حمایت کر رہی ہے۔

مسلمانان ہند کا فرض ہے کہ وہ اس وقت نہایت ہی پرامن طریقہ سے مرزائیت کے خلاف کام جاری رکھیں۔ شعبہ تبلیغ کی مالی امداد اور اپنے ایثار سے کریں۔ مرزائیت کی ... اللہ کے فضل سے ٹوٹ گئی اور انشاء اللہ عنقریب مرزائیت دنیا سے نیست و نابود ہو جائے گی ...

## احرار کے مظلومین سے ہمدردی

### مسلمانان بدایوں کا جلسہ عام

حضرت مولانا شاہ عبدالحامد صاحب قادری بدایونی تین ہفتے کے بعد اجمیر شریف، بیاور، دہلی کے قومی و مذہبی جلسوں میں شرکت فرما کر بدایوں تشریف لائے ۷ فروری کو جامع مسجد شمسی بدایوں میں جمعیۃ علمائے صوبہ متحدہ کی طرف سے جلسہ عام منعقد ہوا۔ اعلیحضرت مولانا نے احرار کے حادثہ اور راجو دھیا کے نیصلہ پر ولولہ انگیز تقریر فرمائی ذیل کی تجاویز باتفاق آرا منظور ہوئیں۔

(۱) یہ جلسہ عام مسلمانان احرار سے دلی ہمدردی رکھتا ہے وہاں کے مسلمانوں کو جو بے دردی سے گولیوں کا نشانہ بنا کر شہید کیا گیا ان وحشیانہ مظالم پر نفرت و ملامت کرتا ہے اور حکام سے اپیل کرتا ہے کہ وہ ان مظالم کا سبب اور قبرستان کے حاملین اور ملازمین نے مسلمانوں پر زیادتیاں کیں ان کو معقول سزائیں دیکر مسلمانان ہند کو مطمئن کریں۔

(۲) یہ جلسہ عام صوبہ متحدہ کی حکومت کو توجہ دلاتا ہے کہ اجودھیا کے الناک واقعات نے صوبہ کے اندر اضطراب پیدا کر دیا تھا۔ یہ معلوم ہو کر کہ عدالت سشن نے تمام ملزمین کو بری کر دیا مسلمانوں میں غم و غصہ کے جذبات تازہ ہو رہے ہیں حکومت کا فرض ہے کہ مکمل تحقیقات کرے اور ملزمین کو قرار واقعی سزا دے ورنہ مسلمانوں کے جذبات بہت زیادہ برانگیختہ ہو جائیں گے۔

(شرف حسین قادری۔ بدایوں)


معمہ معمہ

## اعلان

دی جرمن ٹریڈنگ کمپنی بٹالہ نے انعام تقسیم کر دیا ہے۔ مندرجہ ذیل صحیح حل تھے جن اصحاب کے یہ صحیح حل تھے۔ انعام تقسیم کر دیا گیا ہے۔ درست حل کا معمہ ہم نے منیجر گپتا میڈیکل سٹور کے پاس رکھا ہوا تھا۔ ناظرین نوٹ کر لیویں۔

(۱) بنارس (۴) رام داس

(۲) سلوچنا (۵) فلیکس

(۳) مہاتما گاندھی (۶) انبالہ

منیجر گپتا میڈیکل سٹور کی زیر نگرانی انعام تقسیم کئے گئے

منیجر جرمن ٹریڈنگ کمپنی بٹالہ



## حضرت مولانا الحاج حافظ احمد سعید صاحب

کی

# تقریر سیرت

حضرت سحبان الہند مولانا الحاج حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند کی وہ بصیرت افروز شریعت آموز تقریر جو ممدوح نے اٹاوہ کے جلسہ سیرت میں ارشاد فرمائی تھی اور جس کو بعد میں مزید تفصیل و تشریح کے ساتھ مرتب و مدون کرکے الجمعیۃ میں جزواً جزواً شائع کیا گیا تھا۔ قارئین الجمعیۃ کے مسلسل و بہم اصرار پر کتابی شکل میں ادارہ الجمعیۃ کی جانب سے شائع کی جا رہی ہے اور اس کے ساتھ وہ آخری حصہ بھی شامل کر دیا ہے جو الجمعیۃ میں درج نہ کیا جا سکا تھا جن حضرات نے اس تقریر کا شائع شدہ حصہ شروع سے آخر تک ملاحظہ فرمایا ہے انکو بخوبی اندازہ ہو گیا ہوگا کہ رموز و معارف شریعت کا علم حاصل کرنے اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت مقدسہ کے متعلق ایک بے نظیر و بے عدیل مجموعہ معلومات سے بہرہ اندوز ہونے کے لئے اس کتاب کی قدر و منزلت کیا ہو سکتی ہے لیکن ان حضرات کیلئے جو اس پورے سلسلہ کا مطالعہ نہیں کر سکے ہیں یا جنہوں نے یہ اعلان پہلی مرتبہ دیکھا ہے اتنا عرض کر دینا ضروری ہے کہ حضرت مولانا کی یہ تقریر اپنی بے شمار خصوصیات کے اعتبار سے ایک عجیب نادر مجموعہ ہے جو نہ صرف موجودہ دور میں بلکہ آئندہ نسلوں کے لئے بھی یادگار رہے گا۔ شریعت مقدسہ کے نہایت ادق مسائل و دشوار نکات اس طرح پیش کئے گئے ہیں کہ ہر عالم و عامی ان کو سمجھ سکتا ہے اور ان سے افادہ کر سکتا ہے۔ اس میں حضرت مولانا کی سلاست زبان اور روانی بیان نے وہ کام کیا ہے کہ مضامین کی دقت اور مسائل کی دشواری کے باوجود شروع سے آخر تک دلچسپی برابر قائم رہتی ہے۔ ہندوستان کے مختلف شہروں اور قصبوں میں ہزاروں لاکھوں مسلمان ایسے ہوں گے جو حضرت مولانا کے مواعظ حسنہ سے مستفید ہو چکے ہیں اور ایک عزیز نہیں صدہا مرتبہ حضرت مولانا کی تقریریں سننے کے باوجود ہمیشہ اس کے مشتاق رہتے ہیں کہ ایک مرتبہ پھر کہیں حضرت مولانا کی تقریر سننے کا اتفاق ہو۔ ان تمام مسلمانوں کے لئے یہ مژدہ یقیناً جانفزا ہوگا کہ یہ "تقریر سیرت" جو آج شائع کی جا رہی ہے حضرت مولانا کی اکثر تقریروں کا لب لباب ہے۔ اور اس میں سیرت کے متعلق بہت سے وہ مضامین جو حضرت مولانا اپنی مختلف تقریروں میں ارشاد فرمایا کرتے ہیں انداز بیان اور خوبی زبان کی تمام خصوصیتوں کے ساتھ جمع کر دئے گئے ہیں اور اس لئے اس کتاب کو اپنے پاس رکھنا یا اس کا مطالعہ کرنا حضرت مولانا کے مواعظ حسنہ سے ہر وقت بہرہ اندوز ہونے کے مترادف ہے "تقریر سیرت" میں جو مضامین زیر بحث آئے ہیں ان کے بعض عنوانات بطور نمونہ درج ذیل کئے جاتے ہیں تاکہ کتاب کی ہمہ گیری و وسعت کا کچھ اندازہ کیا جا سکے۔

### مختصر فہرست مضامین

روحانی اور جسمانی تربیت — عالم بالا کی خدمات — مسلمانوں کے تہوار — عید الضحیٰ، عید الفطر — عالم برزخ کے معجزات — دفن میں تعجیل — کفار کا شبہ — اردو زبان کی تبدیلی — روحانی اطباء — رسوم کا مفہوم — پیغمبر اور رسول کا فرق — حکما کا متفقہ مسئلہ — نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا واقعہ — ہجرت کا ایک واقعہ

سب سے پہلی یونٹی کانفرنس — فضل حق کا معاملہ — ہندوؤں اور مسلمانوں کا فرق — صلح حدیبیہ — عالم برزخ کے واقعات — عالم برزخ کی اطلاع — برزخ کا دوسرا واقعہ — جاہل میلاد خوان — میلاد کا مقصد — حضرت فرعون کا مطالبہ — صابئین کا واقعہ — الفاظ اعمال کا صورت اختیار کرنا — کافر کی قبر میں ننانوے سانپ — نکیرین کا پہلا سوال

حضرت رابعہ بصریہ کا واقعہ — حضرت ابراہیم بن ادہم — انبیاء اور حکماء کا فرق — اندھوں کا ہاتھی — نبی کریم کے مشاہدات — دنیا کی تاریخ — انبیاء علیہم السلام کی تاریخ — مادیات و روحانیات کا فرق — اولاد آدم کی زیبائش — قرآن کا ترمیمی ایکٹ — حضرت داؤد علیہ السلام کی مناسبت — حضرت داؤد علیہ السلام کی لغزش — حضرت آدم علیہ السلام کو ملائکہ کا سجدہ — سجدہ یا حلف وفاداری

یوم میثاق کے دو اقرار نامے — الست بربکم کا جوابی — لفظ رب کی عمومیت — حضرت یوسف علیہ السلام کا جیل — معانی و دستور — حضرت یوسف علیہ السلام کی رہائی — مشرکین اور اہل کتاب کا فرق — اہل کتاب سے شکایات — اہل کتاب اور اقرار ربوبیت — خواص کا اقرار نامہ — حضرت عمر کا واقعہ — حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی تشریف آوری — متبعین غلام احمد قادیانی — مرزا کا کچا چٹھا

پنجاب کا نوری فرقہ — رفاعہ کی بیوی کا قصہ — حلالہ کا حکم — جاہل پیروں سے سوال — مستقبل کی تاریخ — قبروں سے اٹھنا — مسلمانوں سے حضرت حق کا خطاب — موت ایک معیار ہے — مسلمانوں کی موت یا لوری — موت کے وقت کی لوری — حضرت ابراہیم علیہ السلام کا واقعہ — حضرت عمر بن الخطاب کا واقعہ — حضرت امیر خسرو رحمۃ اللہ علیہ — حضرت بو علی قلندر رحمۃ اللہ علیہ

بیسویں صدی کے نوجوان — ترتیب قوانین — بیوہ کے ساتھ ظلم — قوانین اسلام کی ہمہ گیری — رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ... — سیدنا عیسیٰ علیہ السلام کا واقعہ — اسلامی قانون — نوجوانوں سے سوال — ستی کی رسم — دوسرا معجزہ — جادو اور معجزہ کا فرق — نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا اعجاز — سراج منیر کی تفسیر — سیاست اور مذہب

سندھ کے پیر — پست اقوام پر اسلام کا احسان — رسم و رواج کی پابندی — معجزات کی بحث — ... — ملت ابراہیمی کا اتباع — نماز کی مثال، روح کی مثال — حسد و حرص کی مثال — اچھی بری صحبت کی مثال — حضرت بایزید بسطامی کا واقعہ — مسرت حق کی مثال — الدنیا سجن المؤمن وجنۃ الکافر — حدیث شریف کے دوسرے معنی — قید خانے کی زندگی

سلب اختیار — توبہ کی مسرت کا تصور — اہل دل کا فقدان — مخلوق کی اقسام — گناہ کی صلاحیت — شیاطین اور جنات — حضرت امیر معاویہ کا واقعہ — ختم نبوت کی تمثیل — اہل عرب کی اصلاح — انبیاء سابقین کا تذکرہ — حضرت عیسیٰ کی تمثیل — حضرت علی اور یہودی کی گفتگو — حیا اور ایمان کا تعلق — اماطۃ الاذی کے معنی

توہین انبیاء کے مجرم — انبیاء میں تفاوت — حضرت امام الحرمین کا واقعہ — حدیث سے استدلال — ذکر الٰہی موجب نجات ہے — حضرت ذوالنون مصری کا واقعہ — حضرت یونس کی معراج — نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا طریقہ تعلیم — شیطان کی اتباع — شیطان کا فریب — شیطان کا کورا جواب — ملائکہ اور شیاطین — قرآن کی قسمیں — حضور کی زندگی

حضرت لوط اور ابراہیم علیہما السلام — قوم لوط اور فرشتے — حضرت لوط اور فرشتے — حضرت لوط کی لغزش — حضرت لوط اور یوسف کی شرکت — اوی الی رکن شدید — حدیث شریف کا تیسرا ٹکڑا — والشمس کی سات قسمیں — صاحب سورۃ الفاتحہ کا ایک واقعہ — سائل اور تائب کی تلاش — دوزخ سے آخری نجات پانے والا — سائل اور سعی میں کشمکش — قسموں کی مناسبت — مومن اور منافق کی مثال

پوری کتاب دو سو صفحات پر مشتمل ہے اور نہایت بہتر کتابت و طباعت کے ساتھ شائع کی جا رہی ہے۔ اس کے باوجود قیمت علاوہ محصول ڈاک صرف ایک روپیہ (عہ) رکھی گئی ہے تاکہ امیر و غریب سب حضرات مساوی فائدہ اٹھا سکیں۔

منیجر الجمعیۃ گلی قاسم جان دہلی

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

یداللہ علی الجماعۃ

تار کا پتہ "الجمعیۃ دہلی"
ٹیلیفون نمبر ۵۷۳

# سہ روزہ الجمعیۃ دھلی

مدیر مسئول ۔ بلال احمد زبیری (بی۔ اے) معاون ۔ محمد عثمان فارقلیط

جلد ۲۱ | دہلی یوم چہارشنبہ ۹ ذیقعدہ ۱۳۵۲ہجری مطابق ۱۳ فروری ۱۹۳۵ء | نمبر ۱۱

## صوبہ متحدہ میں ثانوی تعلیم کی ازسرنو تنظیم کی تجویز

### حکومت کے جواب میں مسلم ایجوکیشنل کانفرنس کا محضر نامہ

### طلباء کیلئے زراعت اور صنعت وحرفت کی ضرورت

(گزشتہ سے پیوستہ)

(ب) جہاں تک جلد ممکن ہو ابتدائی تعلیم کو جبریہ بنا دیا جائے تاکہ اتلاف وقت نہ ہو۔

(ج) تمام درس وتدریس ابتدائی تعلیم کے زمانے میں مادری زبان میں ہو۔ اور انگریزی نہ پڑھائی جائے۔

۸۔ تعلیمی اور غیر تعلیمی ضروریات سمجھنے والوں کی ایک نمائندہ کمیٹی تعلیم کے اہم اور تکلیف دہ مسئلہ پر غور کرنے کے لئے ترتیب دی جائے جو امور ذیل پر خصوصیت کے ساتھ توجہ کرے۔

(باقی صفحہ پر ملاحظہ فرمایئے)

## معاصرین کے افکار وآراء

### انگریزی تمدن کے مسلمان عہدیدار

مسلمانوں کی سب سے بڑی جدوجہد یہ ہے کہ مسلمانوں کو زیادہ سے زیادہ تعداد میں اعلیٰ عہدے دئے جائیں، بیشک ہم تسلیم کرتے ہیں کہ اس زمانہ میں اعلیٰ عہدوں کا حصول اس لئے ضروری ہے کہ اعلیٰ عہدیدار مسلمانوں کی قومی اور سیاسی حقوق کی حفاظت کر سکیں ...

### سود قرض سے شادی

### اسمبلی میں کانگریس کی فتح

### ضروری گزارش

خریداران الجمعیۃ کو چاہئے کہ خط وکتابت کے وقت اپنے نمبر خریداری کا حوالہ ضرور دیا کریں۔ ورنہ تعمیل ارشاد نہ ہو گی۔

(منیجر الجمعیۃ دہلی)

### خدائی خدمتگار اور مسلمان

The Al-Jamiat

Regd No L 1793.

4612 Moulvi Mehdi Hassan Sb Mufti P.O Rander Dt Surat

Vol. XXI No 10 DELHI SATURDAY 9th FEBRUARY 1935 PRICE ONE ANNA

نورانی قرآن مجید

نہایت صاف جلی اور نہایت صحیح قرآن شریف اگر درکار ہو تو نورانی قرآن مجید الجمعیۃ بک ایجنسی دہلی سے طلب فرمایئے۔ قیمت مجلد بارہ ...

منیجر الجمعیۃ دہلی

پادری کی لڑکی کا قبول اسلام

منیجر الجمعیۃ دہلی

## حجاج کی جائز شکایات

### قابل توجہ سپرنٹنڈنٹ محکمہ محافظ حجاج

## زراعت کی کیمیاوی تحقیقات

اخبار الجمعیۃ میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے

## محبوب عاشق کے قدموں پر

ملنے کا پتہ:۔ فضل شاہ عالم گلی راجان دہلی

خاص رعایت

## حیات حافظ رحمت خاں

غیر مجلد دو روپے چار آنے میں خریدیئے

روہیلکھنڈ کے بادشاہ حافظ الملک حافظ رحمت خاں کی مشہور ومعروف سوانحعمری کا پہلا ایڈیشن عنقریب ختم ہونے والا ہے صرف تھوڑی سی جلدیں باقی ہیں، جلد آرڈر دیجئے ورنہ دوسرے ایڈیشن کا انتظار کرنا پڑیگا۔

ملنے کا پتہ
منیجر اخبار الجمعیۃ گلی قاسم جان دہلی

## جنت ودوزخ

ملنے کا پتہ
منیجر مکتبہ علمیہ گلی قاسم جان دھلی

## آپ کی تقدیر

امریکن ایجنسی نمبر ۱۲ پٹھانکوٹ ضلع گورداسپور

## صرف تین روپیہ میں چار گھڑیاں

ایک عدد اصلی جرمن ٹائم پیس۔ ایک عدد ڈمی پاکٹ واچ۔ دو عدد ڈمی رسٹ واچ

ملنے کا پتہ:۔ کارخانہ جاپان ناولٹی سٹور نمبر ۹۲ پٹھانکوٹ ضلع گورداسپور

## حمائل شریف مترجم مع خلاصۃ التفاسیر

ملنے کا پتہ منیجر اخبار الجمعیۃ گلی قاسم جان دھلی

مشہور ومعروف دو ترجمہ والا معجز نما متوسط قرآن مجید معہ کامل تفسیر

## حیرت انگیز رعایتی اعلان

منیجر اخبار الجمعیۃ گلی قاسم جان دھلی

بیحد سستا گویا بالکل مفت

## نیا بہشتی زیور مدلل مبرہن بحواشی جدیدہ

توحید وسنت کا علمبردار

## الفرقان (بریلی)

منیجر الفرقان ...

# ترکوں کی اجتماعی زندگی میں عورت کی حیثیت

## یونانی اور رومانی تہذیب میں عورت کا درجہ

### ترک خواتین شاہراہ ترقی پر

### خالدہ ادیب خانم کا ساتواں لیکچر

دہلی ۵ فروری۔ آج کا لیکچر ترکی عورت سے متعلق تھا اور ظاہر ہے کہ خالدہ ادیب خانم سے بہتر کسی اور کی ترجمانی کی جا سکتی تھی۔ مسز سروجنی نائیڈو کرسی صدارت پر تشریف فرما تھیں۔

#### دنیا کی عورتوں کی صرف ایک قوم

#### دور اصلاح کی برکات

#### یونانی اور رومانی تہذیب میں عورت کا درجہ

#### تحریک نسواں کے تین اصول

#### ترکی عورت شاہراہ ترقی پر

# برطانیہ درجہ نوآبادیات کے وعدہ پر قائم ہے

## حکومت لارڈ ارون کی تصریحات کی پابند رہیگی

### پارلیمنٹ میں وزیر ہند کا اعلان

لندن ۸ فروری۔ دارالعوام میں مسودہ قانون حکومت ہند کی دوسری خواندگی کی تحریک پیش کرتے ہوئے سر سیموئیل ہور وزیر ہند نے حسب ذیل اعلان کیا۔

#### حکومت کے مواعید

#### درجہ نوآبادیات مشروط ہے

# صوبہ متحدہ میں ثانوی تعلیم کی از نو تنظیم کی تجویز

(بسلسلہ صفحہ اول)


# عراق ریلوے

کربلا معلیٰ کو جاتے ہوئے عراق کے مقامات مقدسہ کی زیارت کرو

| | تھرڈ کلاس | سکنڈ کلاس |
|---|---|---|
| نقل (بصرہ) سے کربلا تک | | |
| اور کربلا سے بغداد یا کاظمین | ۱۴/-/- | ۴۲/-/- |

اپنا مال بغداد کو بک کراؤ۔ یا بلا آف لیڈنگ براستہ عراق ریلویز روانہ کریں



# بلاغ مبین

یعنی مکاتیب سید المرسلین

کے وہ خاص مضامین جن کے لحاظ سے وہ اپنے طرز کی بالکل نئی تصنیف ہے

پہلا حصہ ۱۔ تبلیغ اسلام کے سادہ اور موثر طریقے قرآن و حدیث کی تصریحات کی روشنی میں۔

دوسرا حصہ

تیسرا حصہ

ملنے کا پتہ:- (مولوی) محمد ادریس منیجر دفتر بلاغ مبین دہلی یا منیجر مکتبہ اسلامیہ سیوہارہ ضلع بجنور




عربی اور ولایتی ڈاک

# مشرق و مغرب کی تازہ خبریں

## ترکی میں عہدوں اور اخبارات کے نام تبدیل کر دیئے گئے

### انجمن لسان ترکی کا کارنامہ

| | |
|---|---|
| صدر اعظم کی جگہ | باش باقان |
| وزیر خارجہ | طیش باقان |
| وزیر داخلہ | ایچ باقان |
| وزیر مدافعت ملیہ | سوباقان |

## حجاز میں افغانی سفیر کا تقرر

### دو لتین میں روابط کا مزید استحکام

## عراق کے دیہات میں تعلیم کی اشاعت

### درسگاہوں کے قیام کی تجویز

## روس کے متعلق توفیق رشدی بے کا بیان

# انتقادات

"بچہ"

## وطن کا "سالنامہ"

# بصائر و نظائر

(باقی صفحہ ہذا کالم ۴ کے نیچے)

(بسلسلہ صفحہ ہذا کالم ۴)


الحمد کہ خورشید کا سامان سفر تازہ کریں — نفس سوختۂ شام و سحر تازہ کریں

بیس سال کے بعد

دنیائے اسلام کے شاعر اعظم کا اردو کلام شائع ہو گیا

ترجمان حقیقت

علامہ ڈاکٹر سر محمد اقبال مدظلہ

کے

تازہ اردو کلام کا مجموعہ

# بال جبریل

جس کے لئے دنیا بے تابی کے ساتھ گھڑیاں گن رہی تھی

بہترین کاغذ پر اعلیٰ طباعت اور مطلا جلد بندی کے زیور سے آراستہ و پیراستہ ہو کر مکمل ہو گیا ہے

اس مجموعہ کی ہر غزل اور ہر نظم میں ایک نئے جذبے اور نئے ولولۂ حیات کا زندہ پیغام ہے۔ قیمت تین روپے۔ علاوہ محصولڈاک۔ فوراً منگوائیے۔ ورنہ دوسرے ایڈیشن کی انتظار کرنی ہوگی۔

مسدس حالی

قیمت صرف تین روپے۔

ملنے کا پتہ: تاج کمپنی لمیٹڈ برینڈرتھ روڈ۔ لاہور

(ناشران قرآن مجید و اسلامی مطبوعات)



سچا ہمدم و رہبر ہے ادم

پاک صاف خیالات پیدا کر کے جسمانی و روحانی صحت حاصل کرنے کیلئے دنیا میں سچی خوشی و ستیاب کرنے کیلئے آپ آج ہی ایک کارڈ تحریر کر کے کتاب کام شاستر بالکل مفت منگالیں

وید شاستری جام نگر۔ کاٹھیاواڑ

معجون شباب آور

قوت مردمی اور دل۔ دماغ کی کمزوری کے لئے مشہور دوا ہے

ہمدرد دواخانہ یونانی دہلی

سیر اللحم ۔ سہ نسخہ خاص ۲ دوا

مینجر ہمدرد دواخانہ یونانی دہلی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم


# الجمعیۃ دہلی

یوم چہارشنبہ ۹ ذیقعدہ ۱۳۵۳ ہجری


# "غیر اطمینان بخش، مایوس کن اور ناقابل قبول"

## مجوزہ دستور کے متعلق اسمبلی کا فیصلہ

ہندوستان میں انگریزوں کی حکومت کا دارومدار اب صرف اس پر رہ گیا ہے کہ مختلف جماعتوں اور مختلف فرقوں کے درمیان افتراق و انشقاق پیدا کیا جائے اور اس سے فائدہ اٹھا کر کوئی متحدہ محاذ قائم نہ ہونے دیا جائے چنانچہ اب تمام سیاست اسی نقطہ پر سمٹ کر آ گئی ہے کہ کسی نہ کسی طرح اختلافات کو بڑھایا جائے

لئے جب تک کہ باہمی سمجھوتہ نہ ہو جائے قابل قبول ہے باقی تمام اسکیم دوبارہ غور و فکر کی محتاج ہے اور اس میں جب تک اہم تبدیلیاں نہ ہوں اور از سر نو ہندوستان کی رائے عامہ کو مطمئن کرنے کی کوشش نہ کی جائے اس وقت تک وہ ہندوستان قبول نہیں کر سکتا اس طرح کمیونل ایوارڈ کے علاوہ تمام

### کانگریس جماعت کی معاملہ فہمی

### تمام طبقوں کی متفقہ رائے

### ایسی طرفقوں کی ...

## حضرت مولانا حبیب الرحمٰن صاحب کی آمد

# رائے شماری کا تجزیہ

گزشتہ چہارشنبہ کو اسمبلی میں دستور اساسی کے متعلق مختلف تجاویز پر جو رائے شماری ہوئی اس کا تجزیہ کئی اعتبارات سے دلچسپ اور نتیجہ خیز ہے۔ اور اس سے موجودہ اسمبلی میں مختلف جماعتوں کی حیثیت اور مختلف اراکین کے عواطف و امیال کا پتہ بھی چل جاتا ہے اور یہ بھی معلوم ہو جاتا ہے کہ اس اسمبلی کا طرز عمل کیفیت مجموعی کیا رہے گا۔ اس سے قبل کہ ہم رفر وری ۳۵ء کی رائے شماری کے نتائج ظاہر کریں بہتر معلوم ہوتا ہے کہ اسمبلی کی آئینی ترکیب کو پہلے واضح کر دیں۔ اسمبلی کے کل اراکین کی ترکیب بلحاظ انتخاب و نامزدگی حسب ذیل ہے:۔

| | |
|---|---|
| منتخب شدہ ہندوستانی اراکین | ۹۷ |
| " یوروپین | ۹ |
| سرکاری ملازمین | ۲۶ |
| سرکاری نامزدہ | ۱۳ |
| | ۱۴۵ |

اس طرح ہندوستان کے کل نمائندے صرف ۹۷ ہیں اور باقی ۹ یوروپین ۲۶ سرکاری ملازمین اور ۱۳ سرکاری نامزدہ اراکین ملا کر ۴۸ اراکین کا گورنمنٹ بلاک بنتا ہے جو ہر معاملہ میں جو حکومت کیلئے اہمیت رکھتا ہو حکومت ہی کے ساتھ ووٹ دیتا ہے۔ اسلئے مختلف پارٹیوں کی جو کچھ تقسیم ہے وہ ۱۴۵ اراکین میں سے نہیں ہے بلکہ ۹۷ اراکین میں سے ہے۔

منتخب شدہ ۹۷ اراکین میں سے دو اراکین کی نشستیں اس وقت خالی ...

کیا جائے تو ۷۰ موافق اور ۲۷ مخالف آراء تھیں۔

مسٹر جناح کی تجویز کے اس حصہ پر جو رائے شماری ہوئی اس میں منتخب شدہ اراکین کا تناسب اس سے بھی زیادہ نمایاں تھا۔ موافق ۷۴ آراء میں سے ۶۲ آراء منتخب شدہ اراکین کی تھیں اور مخالف ۵۸ آراء میں سے صرف ۱۴ آراء (۵۸ گورنمنٹ بلاک نکال کر) منتخب شدہ اراکین کی تھیں۔ اس طرح منتخب اراکین میں سے موافق مقابلہ میں ۴۷ آراء سے مسٹر جناح کی تجویز کامیاب ہوئی اور سارا گورنمنٹ بلاک مل جانے کے بعد بھی ۱۶ کی اکثریت باقی رہی۔

اس رائے شماری میں جناح کی طرف ۴۲ آراء کانگریس کی اور ۱۴ کانگریس پارٹی سے باہر کے ہندوؤں کی اور ۳ جناح کی پارٹی کی اور ۲۲ مسلمانوں کی اور ایک نامزد رکن کی آرائیں شامل تھیں۔ اور گورنمنٹ کی طرف جو ۱۴ ہندوستانی منتخب شدہ اراکین گئے ان کے نام حسب ذیل تھے۔

راجہ صاحب کالن گوڈ، سرکاؤس جی جہانگیر، حاجی عبداللہ ہارون، مسٹر ...، مسٹر نادڑی، باجوریہ، سر محمد یعقوب، مسٹر عبداللہ (پنجاب) سر ... شاہ، خان صاحب فضل حق، پراچہ، راجہ ہری ہر ... مسٹر ابراہیم ... راجہ صاحب ... جہانگیر

مسٹر جناح کی قرارداد کے خلاف رائے دینے والوں میں سیٹھ عبداللہ ہارون سر محمد یعقوب فضل حق پراچہ اور سر کاؤس جی جہانگیر کو اس لحاظ سے نمایاں حیثیت حاصل ہے کہ ...

# شذرات

### ایک آزاد تصویر

### مولانا شوکت علی صاحب کا طرز عمل

# حوادث و احکام

### استفتاء

### الجواب



# دارالحکومت

## محترمہ خالدہ خانم کا آخری لیکچر

### بعض اعتراضات کے جوابات

دہلی ۱۰ر فروری۔ کل رات ترکی کی مشہور افسانہ نویس محترمہ خالدہ خانم نے جامعہ ملیہ میں اپنا آخری لیکچر دیا۔ ڈاکٹر ... اسمبلی صدر تھے۔ محترمہ خالدہ خانم نے اپنے سابقہ لیکچروں پر اعتراضات کا جواب دیتے ہوئے اس آرٹیکل کا حوالہ دیا جو سر محمد اقبال نے سول اینڈ ملٹری گزٹ میں لکھا ہے۔ حاضرین میں ڈاکٹر انصاری، مسز سروجنی نائیڈو، ... اور بیگم محمد علی کے نام قابل ذکر ہیں۔

خالدہ خانم نے اپنے لیکچر میں آج بھی اس بات پر زور دیا کہ ...

### مسجد شاہ گنج میں علماء کا اجتماع

### موٹر ڈرائیور جیل کر ہلاک ہو گیا

### دہلی میں ہفتہ کے اندر ۲۱۵ اموات

## انتقادات

### شرح غزلیات نظیری

# جرمنی کا دوبارہ مسلح ہونا بحالی امن کیلئے ضروری ہے

## تلوار کو ہاتھ سے چھوڑ کر امن قائم نہیں کیا جا سکتا

### جنرل گوئرنگ کا دیگر حکومتوں کو انتباہ

ڈرسڈن ۱۰ر فروری۔ کل جنرل گوئرنگ نے سرکاری طور پر تقریر کرتے ہوئے اپنے اس عقیدہ و نظریہ کا اعلان کیا کہ جرمنی کی دوبارہ اسلحہ بندی امن و امان کی ضامن ہے۔ آپ نے فرمایا کہ ایک انگریز نے مجھ سے دریافت کیا کہ جرمنی نے قیام امن کے لئے کیا کیا ہے تو میں نے جواب دیا کہ وہ اس بارے میں جو بہتر سے بہتر کام کر سکتا ہے وہ اس کا دوبارہ مسلح ہونا ہے۔ اگر تلوار کو ہاتھ سے چھوڑ دیا جائے تو امن و امان کو بھی خیرباد کہنا پڑیگا۔

جنرل گوئرنگ نے اس امر کی شکایت کی کہ گو جرمنی صلح کا خواہشمند ہے۔ مگر اس کی نسبت اطراف دنیا میں افواہیں گرم ہیں۔ آپ نے مزید فرمایا کہ ہم صلح کی پیشکش کرتے ہیں اور یہ بھی یقین رکھتے ہیں کہ کسی کے ہاتھ میں بھی صلح کے مقتضیات محفوظ نہیں ہیں۔

برلن ۱۰ر فروری۔ گزشتہ سال دو اشخاص کو عدالت سے اس الزام میں سزائے موت دی گئی تھی کہ انہوں نے فوج کی خفیہ باتوں کا افشا کر دیا تھا۔ اب ان دونوں ملزموں کے سر کاٹ ڈالے گئے۔ ہر ہٹلر کو معاف کرنے کا اختیار تھا مگر انہوں نے اپنے اختیار کو استعمال نہیں کیا۔ یہ پہلا واقعہ ہے کہ پھانسی پانے والوں کے نام شائع کئے گئے ہیں۔

## حضرت مولانا احمد سعید صاحب کی صحت

دہلی ۱۰ر فروری۔ حضرت مولانا احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند کی ...

## دفتر پیشوا کی تبدیلی

## ریلوے اسٹیشن پر مقتول آدمی کا سر

## بہاولپور کے تاریخی مقدمہ کا فیصلہ

### مرزائی اسلام کی رو سے کافر ہیں

## اسمبلی میں بیکاروں کی امداد کی تجویز

### کام کرنے کے اوقات کا تعین

## حکومت سے مسٹر شاستری کی اپیل

### درجہ نوآبادیات کا لفظ شامل کیا جائے

## ایک دولتمند مسلمان کا بیدردانہ قتل

## تین ماہ میں ۵ ہزار انسانوں کی موت

## خطاب پانے والوں کو زیر دست بشارت

## صدر کانگریس اور مسٹر جناح میں گفتگو

## کراچی کے ایک سیٹھ کو قتل کی دھمکی

## بندوق کی لڑائی سے دو ہلاک

## سارے خارج شدہ بالشویکوں کا نیا گھر

# دیہاتی صنعتی اسکیم کو کچلنے کے منصوبے

## دارالعوام میں وزیر ہند کا جواب

لندن ۸ر فروری۔ دارالعوام میں ڈچز آف رتھول نے سر سیموئیل ہور کی توجہ موم ممبر کی اس تقریر کی جانب مبذول کرائی جو آپ نے اسمبلی میں دیہاتی صنعتی اسکیم کے متعلق کی تھی اور کہا تھا کہ دیہاتی صنعتی ایسوسی ایشن کا مقصد عوام میں ڈسپلن قائم کرنا ہے تاکہ بعد ازاں انہیں سیاسی مقاصد کے لئے استعمال کیا جا سکے۔ آپ نے سر ہور سے پوچھا کہ حکومت ہند اس انجمن کے خلاف جو اقتصادی پردے کے پیچھے کام کرنا چاہتی ہے کیا کارروائی کر رہی ہے۔ سر ہور نے جواب دیا کہ حکومت ہند نے ایک سرکلر جاری کرنا ضروری سمجھا جس میں ایسوسی ایشن کے امکانی سیاسی خطرات ظاہر کئے گئے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ حکومت ہند ان امکانات کے متعلق کافی چوکنی ہے اور جانتی ہے کہ یہ تحریک تخریبی کاموں کے لئے استعمال کی جائے گی۔ اس لئے جب کبھی ضرورت پڑے گی تو اس کے خلاف ضروری کارروائی کی جائے گی۔

# وزیر اعظم برطانیہ کی "بلیغ" تقریر

### جبر کی نسبت ہندوستان کو آزادی دینا آسان ہے

## آرچ بشپ کی دعا

### ہند و برطانیہ کے تعلقات مضبوط ہو جائیں

## روس میں ریل گاڑیوں کا تصادم

### ۱۸ اشخاص ہلاک اور متعدد زخمی

## برطانیہ کے خلاف تحریک ملامت

## روس میں سیاسی اصلاحات

## آسٹریا میں بغاوت کا امکان

## لندن کے ہوٹل میں ہندوستانیوں کی توہین

## معلم بل کے خلاف شدید احتجاج

### مسلمانانِ نجیب آباد کا نمائندہ فیصلہ

مسئلہ کی اہمیت کو مدنظر رکھ کر جامع مسجد نجیب آباد میں آج خطبۂ جمعہ سے پیشتر مندرجہ ذیل ریزولیشن کئی ہزار مسلمانوں نے جو نماز جمعہ کی ادائیگی کے لئے شہر و مضافات سے جمع ہوئے تھے انتہائی جوش و خروش کے ساتھ متفقہ طور پر پاس کیا۔ اس کے پاس ہونے کے بعد معاً خطبۂ جمعہ شروع ہوا۔

مسلمانانِ نجیب آباد کا یہ اجتماع عظیم گورنمنٹ ہند اور ممبران اسمبلی پر اس حقیقت کو بخیر واضح کر دینا چاہتا ہے، جیسا کہ پہلے بھی کئی سال ہوئے مسلمانانِ نجیب آباد اعلان کر چکے ہیں کہ فریضۂ حج کے متعلق حکومت ہند کی طرف سے کسی قسم کی مداخلت کو جو اس فریضہ کی ادائیگی میں ذرا بھی رکاوٹ کا موجب ہو سکے ہم سخت ناپسند کرتے ہیں اور اس کو مداخلت فی الدین کا مترادف کہتے ہیں۔ اب سنا جاتا ہے کہ معلمین حجاج کے متعلق مسودہ قانون جو معلم بل کے نام سے مشہور ہے اور جو کئی سال سے اسمبلی میں پیش ہو ہو کر ملتوی ہوتا چلا آ رہا ہے۔ پھر پیش ہونے والا ہے۔ اس کی مخالفت علمائے اسلام اور مسلم اخبارات مسلسل اور متفقہ طور پر کرتے رہے ہیں اور اس کو جزیرۃ العرب فریضۂ حج، خانہ کعبہ اور مذہب اسلام کی عظمت و حرمت کے خلاف اور مداخلت فی الدین ثابت کر چکے ہیں۔ مسلمانوں کے اس متفقہ احتجاج کے باوجود اس معلم بل کے پھر اسمبلی میں پیش ہونے کو مسلمان ایک خطرۂ عظیم تصور کرتے ہیں۔ لہٰذا ہم مسلمانوں کا متفقہ مطالبہ یہ ہے کہ اس معلم بل کو نیست و نابود اور اس کے اسمبلی میں پیش کرنے اور قانون بنانے کے خیال کو قطعاً ترک کر دیا جائے۔ ایک سرکاری کمیونک کے ذریعہ مسلمانوں کو اطمینان دلایا جائے کہ کسی معلم بل کے قانون بننے ...

## چرچل کے صاحبزادے کو شکست

## اسمبلی میں کمیونل ایوارڈ منظور

### مسٹر جناح کی تینوں ترمیمیں پاس ہو گئیں

### پارلیمنٹری رپورٹ پر بحث کا نتیجہ

جائنٹ پارلیمنٹری کمیٹی کی رپورٹ پر اسمبلی میں ۴، ۶ اور ۷ فروری کو مباحثہ ہوا۔ پرسوں آخری دن رائے شماری ہوئی۔ مباحثہ کا نتیجہ یہ ہوا کہ کانگریس پارٹی کی تجویز جس میں کمیونل ایوارڈ پر غیر جانبداری کا اور اصلاحات ہند کو ناپسندیدگی کے ساتھ اسے قبول کرنے سے انکار کا اظہار کیا تھا نامنظور ہو گئی اور اس کے مقابلہ میں مسٹر جناح کی تجویز کے تین حصے تھے پہلا حصہ کمیونل ایوارڈ کے متعلق تھا دوسرا صوبوں کی خود مختاری اور تیسرا فیڈریشن۔ مسٹر جناح کی تحریک پر پہلے حصہ پر الگ رائے شماری کی گئی اور دوسرے تیسرے پر الگ۔

کمیونل ایوارڈ کے متعلق مسٹر جناح کی تجویز یہ تھی کہ جب تک ہم آپس میں کوئی فیصلہ نہ کریں، کمیونل ایوارڈ قائم رہے گا اور اسے اسمبلی تسلیم کرتی ہے۔ اس تجویز پر کانگریس غیر جانبدار رہی اور اس کے منظور ہو جانے پر ... تجویز کے حق میں ۶۸ ووٹ آئے اور مخالفت میں ۱۵، اس میں صرف ... کانگریسی شامل تھے۔

اس کے بعد مسٹر جناح کے دوسرے اور تیسرے حصوں پر رائے شماری ہوئی ...

### اسمبلی میں کانگریس کی اخلاقی فتح

### دہلی میں رپورٹ کے خلاف مظاہرہ

اسمبلی کا اجلاس پانچ بجے ختم ہوا۔ اس وجہ سے ممبران اسمبلی بہت کم تعداد میں آئے۔

سیٹھ گووند داس ایم۔ ایل۔ اے نے کہا کہ آپ اسمبلی کے فیصلہ کے لئے بیقراری سے منتظر ہوں گے۔ جوائنٹ پارلیمنٹری کمیٹی کی رپورٹ پر مسٹر جناح کی ترمیم پاس ہو گئی جو کچھ اسمبلی میں ہوا اس سے ہمیں واسطہ نہیں ہمارا مقصد یہ تھا کہ سرکار کی تجویز پاس نہ ہو۔

مسٹر فرید الحق انصاری نے کہا کہ مہربانی فرما کر اس تجویز کو سن دیا جائے جس پر کانگریس نے رائے دی ہے۔ تجویز اور ترجمہ سنایا گیا۔

سلسلۂ تقریر جاری رکھتے ہوئے آپ نے کہا کہ آپ کے ملک پر جو دستور عمل آنے والا ہے وہ اس سے بھی کہیں بدتر ہے۔ آج بھی ہم کو کسی قسم کی آزادی نہیں مگر آنے والا دستور عمل ہم کو اور بھی زیادہ جکڑ دیگا۔ وزراء کی رائے کے خلاف وائسرائے سب کچھ کر سکے گا۔ فوجی معاملوں اور خارجی معاملوں میں نیز ریاست کے معاملوں میں وزراء کا ہاتھ نہ ہوگا۔ مالیات پر وائسرائے کو پورا اختیار ہوگا۔ جلسہ میں لالہ شیام لال اور مسٹر ستیہ مورتی نے بھی تقریریں کیں۔

## پارلیمنٹ نے اسمبلی کے فیصلہ کو ٹھکرا دیا

### وزیر ہند کا اعلان۔ اسمبلی میں اظہار ناراضگی

لندن ۸ فروری۔ پارلیمنٹ کے ایک قدامت پسند ممبر نے دریافت کیا کہ ہندوستان کی اسمبلی نے ہندوستان و برطانوی تجارتی معاہدہ کے سلسلہ میں جو فیصلہ کیا ہے کیا اس پر وزیر ہند سر سیموئیل ہور نے غور کیا ہے اور کیا اس فیصلہ کے باعث پالیسی میں تبدیلی کرنے کا ارادہ ہے؟ سر سیموئیل ہور وزیر ہند نے جواب دیا کہ حکومت نے فیصلہ کیا ہے کہ معاہدہ کو مسترد کرنے کی جو تجویز اسمبلی نے منظور کی ہے اسکو منظور نہ ...

## یوگوسلیویا کی پارلیمنٹ توڑ دی گئی

بلغراد ۸ فروری۔ موسیو یفتچ کی سفارش پر شہزادہ پال نے یوگوسلافیہ کی پارلیمنٹ توڑ دی ہے جس کی وجہ یہ بیان کی جاتی ہے کہ پارلیمنٹ عوام کی نمائندہ نہیں تھی۔

یوگوسلافیہ آئینی پارلیمنٹری بادشاہت ہے۔ تمام اختیارات قانون سازی بادشاہ کو تفویض ہیں۔ بادشاہ کو پارلیمنٹ کے توڑنے ملتوی کرنے یا مدعو کرنے کا اختیار حاصل ہے۔

فرانس کے اخبارات یہ لکھ رہے ہیں کہ ہٹلر جرمنی کا مطلق العنان بادشاہ بننا چاہتا ہے قیصر جرمنی کے خاندان کے اقتدار حاصل کرنے کی اب کوئی امید نہیں رہی۔

## سر سکندر حیات خاں کے جانشین

نئی دہلی ۸ فروری۔ وائسرائے کے مکان سے آج حسب ذیل سرکاری اعلان شائع ہوا ہے:-

"ملک معظم نے آنریبل کیپٹن خان بہادر سردار سکندر حیات خاں کے بی۔ ای کا گورنر پنجاب کی ایگزیکٹیو کونسل کی رکنیت سے استعفےٰ ۱۸ فروری ۱۹۳۵ء کی شام سے منظور فرمایا ہے اور ان کی جگہ خان بہادر نواب مظفر خاں سی۔ آئی۔ ای کی تقرری منظور فرمائی ہے۔"

## حب زرین

زرین اصولوں پر تیار کی ہوئی حب زرین۔ زرین خواص کی حامل ہیں چنانچہ مستقل طور پر قوت باہ کو حیرت انگیز اور قابل رشک بنانا بدن کی تمام طاقتوں کو اصلی معیار پر لانا اور ان کی محافظت کرنا جس سے جملہ اعضائے رئیسہ پوری طاقت ...

منیجر دواخانہ اکسیر الجرابات کوچہ چیلان گلی ایمان دہلی

## ہر ہٹلر کی مطلق العنانی

## ... کو ...سے کی ... ضرورت ...


۱۹۳۵ء ۱۹۳۵ء

تار کا پتہ ، میڈیسنز دہلی ٹیلیفون نمبر ۵۵۶۶

# گُن دانی

کا

طاقت کی بے مثل سنہری گولیاں

## مسیح الملک حکیم محمد احمد خانصاحب کا عطیہ (سفر یورپ کے بعد)

خاص

چالیس گولیاں سات روپیہ

## ہندوستانی دواخانہ (جس کو حکیم اجمل خاں نے ۱۹۰۳ء میں بنایا) دہلی

دہلی پوسٹ بکس ۲۲

تحفہ




## روس کے انسانیت سوز مظالم

### پردہ ڈالنے کی ناکام سعی

میرے بعض احباب نے سیرت ٹی لاہور کے واحد ارگن "ایمان" مئی و دسمبر ۱۹۳۴ء کے ایک مضمون کی جانب توجہ دلائی ہے جو روسی مسلمانوں کے صحیح حالات کے عنوان سے شائع ہوا ہے اور حالات مذکورہ کو امیر شکیب ارسلان کے مشاہدات سے تعبیر کیا گیا ہے مجھے یا میرے کسی بھائی کو امیر صاحب مذکور سے کوئی پرخاش نہیں ہے اور نہ ایسی بزرگ ہستی سے اس قسم کے کذب و افترا کی تصدیق کی امید ہے بلکہ یہ محض روسی ایجنٹوں کا کذب و افترا اور غلط پروپیگنڈا ہے اور مسلمانوں کو امیر صاحب کے نام سے مغالطہ میں ڈالنے کی ناکام سعی کی گئی ہے ورنہ آج دنیا میں کوئی فرد ایسا نہیں جو روس کے ظلم و عدوان سے ناواقف ہو۔ بلشویکی گھٹا ٹوپ اندھیری میں کوئی شخص چراغ دکھلا کر رات کو دن ثابت کرنے میں کبھی کامیاب ہو سکتا ہے۔

وامیر شکیب ارسلان نے اپنی کتاب حاضر عالم الاسلامی میں یہ مشاہدات لکھے ہیں اور ممدوح خود لینن سے ملاقی ہوئے تھے مگر یہ حالات ۱۹۲۳ء کے ہیں اور بالشویکی مظالم کا دور ۱۹۲۵ء سے شروع ہوتا ہے۔ (الجمعیۃ)

کیا روس نے توحید کے علمبرداروں اور دین کے مقتدر ذمہ داروں کا صرف اس جرم میں کہ وہ لا الہ الا اللہ کے معلم اور مبلغ تھے قتل عام نہیں کیا اور اب نہیں کیا جا رہا ہے کیا قرآن پاک اور حدیث نبوی کی تعلیم و تعلم کو سرزمین بخارا و ترکستان وحدود روس سے نیست و نابود نہیں کیا گیا۔ کیا مدارس دینیہ و مساجد الٰہیہ کو سینما، مزدور خانوں اور گھوڑوں کے اصطبلوں میں تبدیل نہیں کیا گیا اور بعض کو مسمار کر کے باغات و سیرگاہیں نہیں بنایا گیا۔ کیا لاکھوں فرزندانِ اسلام آج دیگر ممالک میں روسی خونخوار درندوں سے ایمان و مال کے لٹیروں کے خوف سے ہجرت کر کے بے خان و مال نہیں پھر رہے ہیں ...

پیغام اجل کے مترادف ہے یہ وہ حقائق ہیں جو مجھ پر اور میرے رفقاء پر گذرے ہیں اس درد کو ہم سے پوچھا جائے یا ان یتیم بچوں اور بیکس بیواؤں سے معلوم کیا جائے جن کے باپ اور شوہر محض مسلمان ہونے اور کلمۂ اللہ کی ترویج کے جرم میں موت کے گھاٹ اتار دئے گئے روسی ایجنٹوں اور بکار کرنے نے سیاحوں کے دھوکہ دینے کا ایک نیا ڈھونگ رچایا ہے اسلامی شعائر کی نوشتہ تصویریں دکھلا کر اور ظاہری خاطر و مدارات کی ملمع سازی سے سیاحوں کی دلجوئی کر کے اپنی سفاکی پر پردہ ڈالتے ہیں اب ان چند مدارس مشہورہ کی جو شہر بخارا و سمرقند میں حکومت روس کے ہاتھوں برباد ہو چکے ہیں حالت ذیل میں درج کرتا ہوں۔

| | شہر بخارا | طلبا | کیفیت موجودہ |
|---|---|---|---|
| مدرسہ | امیر | ۲۷۰ | اسکول بنایا گیا |
| ” | ریگی | ۲۰۰ | اخبار خانہ بنایا گیا |
| ” | مغات | ۲۰۰ | ضبط کر لیا گیا |
| ” | جہاز منارہ | ۱۲۰ | معطل کیا گیا |

جامع مسجد و دیگر مساجد کو بالکل بند کر دیا اور بعض کو مسمار کر دیا گیا

| | شہر سمرقند | طلبا | کیفیت موجودہ |
|---|---|---|---|
| مدرسہ | تلاکاری | ۳۰۰ | مزدوروں کو اجرت پر دیدیا گیا |
| ” | شیر دار | ۲۰۰ | ” |
| ” | مرزا الغ بیگ | ۲۰۰ | ” |
| ” | شیبان خوان | ۱۵۰ | دہریت کا اسکول بنایا گیا |
| ” | کمال خواجہ | ۹۰ | لکچر ہال |
| ” | خانزم مخدوم | ۵۰ قاری | حکام کی جائے اقامت بنا دیا گیا |

مسجد خوش موش عورتوں کے لئے دہریت کی تعلیم کا اسکول بنایا گیا

خواجہ احرار چھوٹے بچوں کے لئے ...

## روسی حکام کے مظالم پر احتجاج کیا جائے

ڈاکٹر خالد شیلڈرک مسلم انجمنوں اور سوسائٹیوں کی خدمت میں گذارش کرتے ہیں کہ ہر جگہ جلسے منعقد کئے جائیں جن میں اُن مجاہدین مقتولین کی یاد کو تازہ کیا جائے جو حال ہی میں سوویٹ کے حکام کے ہاتھوں شہید ہوئے، ریزولیوشن پاس کئے جائیں جن سوویٹ حکومت کے اس بے جا رویہ پر اظہار نفرت کیا جائے اور مسلمانانِ روس کے خیالات کی کامل آزادی کا مطالبہ کیا جائے۔

## طلپاتن کا مسلمان مغرب میں

ہمارا نیا مسلمان بھائی مسٹر حمید جوان سینٹ ہیلینا کی خوش قسمت انسانوں میں سے ہے جو تارکی تاریک کے ذریعہ سے ڈاکٹر شیلڈرک کا وعظ سن کر جو ڈاکٹر موصوف نے میلاد کے اسٹیشن پر دیا تھا مشرف ہوئے تھے وہ کیپ کے راستے انگلستان کو جا رہا ہے، مسلمانان انگلستان و امریکہ مسٹر حمید کا پرجوش استقبال کریں بعدہ مسٹر موصوف نیویارک سے نورپول تک جائیں گے ...

## دو یورپین آغوش اسلام میں

مسٹر الیفرڈ ڈبلیو آسٹین سیوپ سیکرٹری اسلامک ایسوسی ایشن میں اپنے مسلمان ہونے کا اعلان کیا ...

## طبیہ کالج دہلی کا یوم تقسیم اسناد

آیورویدک اینڈ یونانی طبیہ کالج دہلی نے فیصلہ کیا ہے کہ وہ اپنا یوم تقسیم اسناد ۱۷ فروری کو ...

## سرحد کے وہابیوں میں اختلاف

سرحدی علاقہ کے وہابیوں کے درمیان مولوی محمد بشیر صاحب کی شہادت کی وجہ سے اختلاف ہو گیا ہے۔ ان میں ایک جماعت وہ ہے جس نے حضرت مجاہد فی سبیل اللہ مولانا اسمٰعیل شہید کی زیر سرکردگی سکھوں کی طاقت کو توڑا تھا۔ دوسری جماعت چمرقند کی ہے جو جنگ عظیم کے دوران میں منظم ہوئی تھی۔

## ایک ہندو سیٹھ کی سخاوت

کلکتہ ۸ فروری سیٹھ جگل کشور برلا نے بنگال بدھ ایسوسی ایشن کو ۵۰۰۰ روپیہ کا عطیہ دیا ہے۔


## بچوں والو ہوشیار

بچوں کی بخار، کھانسی، سردی، بادی، دودھ ڈالنا، دست، ہرا دست، مسوڑھوں میں کیڑے، ہلکا پن، مرگی، ہچکی، قبض، پھوڑے وغیرہ ہر ایک بیماری کو دور کرنے کے لئے ...

## بال جیون گھٹی

... منیجر بال جیون کاریالیہ علی گڑھ (یوپی)

آج تک نہ کسی کو ملا نہ کسی نے سنا

## آٹھ روپیہ کی گھڑی انعام میں

## مفت! مفت!! مفت!!!

پرنسپل ہولائل انڈین میڈیکل کالج انبالہ شہر



## حضرت مولانا الحاج حافظ احمد سعید صاحب

# تقریر سیرت

... مختصر فہرست مضامین ...

منیجر "الجمعیۃ" گلی قاسم جان۔ دہلی

يد الله على الجماعة

تار کا پتہ: الجمعیۃ دہلی
ٹیلیفون نمبر ۵۷۳۸

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

# سہ روزہ الجمعیۃ دہلی

مدیر مسئول: ہلال احمد زبیری (بی اے)
معاون: محمد عثمان فارقلیط

جلد ۲۱ | دہلی یوم شنبہ ۱۲ ذیقعدہ ۱۳۵۳ ہجری مطابق ۱۶ فروری ۱۹۳۵ء | نمبر ۱۲


## امریکہ کے تعلیم یافتہ سائنسداں اور مذہب

### خدا اور حیات ابدی کا عقیدہ۔ دہریت اور لامذہبی

### کلیسائے عیسوی پر عقیدہ رکھنے والوں کی تعداد

اگرچہ کبھی کبھی بعض سائنسدانوں نے مذہب کے موافق یا مخالف اپنے خیالات کا اظہار صاف الفاظ میں کیا ہے، لیکن حال تک ان میں سے اکثر اشخاص کی رائیں مذہبی عقائد سے متعلق معلوم نہ تھیں۔ چونکہ آج کل ہر چیز سائنس کے معیار سے دیکھی جاتی ہے، اس لئے مذہبی عقائد کی صحت یا عدم صحت پر بھی سائنس ہی کے دور اقتدار سے فتویٰ طلب کیا گیا۔ چنانچہ امریکہ کے ایک پروفیسر جیمس لیوبا نے اپنے ملک کے سائنسدانوں کے مذہبی خیالات معلوم کرنا چاہے۔ اور مذہب عیسوی کے دو مرکزی عقائد کی نسبت ان کی رائیں دریافت کیں، یعنی ایک ایسے ...

کئے گئے:-

(۱) میں مرنے کے بعد دوسری دنیا میں ذات کے تسلسل کا معتقد ہوں۔

(۲) میں مذکورہ بالا تسلسل ذات کا قائل نہیں۔

(۳) میں اس مسئلہ کی نسبت کوئی خاص عقیدہ نہیں رکھتا۔

پہلی شق میں جسم کے ساتھ خواہ وہ کسی قسم کا ہو ذات کی بقا کا عقیدہ اور بغیر کسی جسم کے ذات کی بقا کا عقیدہ دونوں شامل ہیں، برخلاف اس کے جو چیز کبھی کبھی "معاشرتی ابدیت" کے نام سے موسوم کی جاتی ہے، یعنی کسی شخص کے ...

[illegible]

### منکرین خدا کی کثرت

[illegible]

صرف (۳۰) فی صدی سائنسداں اس خدا کے قائل ہیں جس کی پرستش کلیسائے عیسوی میں ہوتی ہے۔ (۵۶) فیصدی منکر ہیں، اور (۱۴) فی صدی شہرت یافتہ جو سائنسداں بیجان چیزوں کے مطالعہ و تحقیق سے تعلق رکھتے ہیں خدا کا عقیدہ رکھنے والوں میں ان کا تناسب فی صدی سب سے زیادہ ہے اور جن کا تعلق ...

## معاصرین کے افکار و آراء

### ہمارا ایمان اور ہمارا عمل

ہمارا دعویٰ ہے کہ ہم مسلمان ہیں۔ کتاب اللہ اور سنت رسول اللہ پر ہمارا ایمان ہے اور احکام شریعت ہماری رہنمائی کرتے ہیں۔ لیکن اس دعویٰ کی دلیل یہ ہے کہ ہمارا عمل نہ کتاب پر ہے نہ سنت پر اور نہ احکام شریعت کی پیروی ہمارے فرائض میں سے کوئی خاص فرض ہے۔ خاندانی رسوم، شخصی رواج، دوسری اقوام کے اطوار اور اجنبی اثرات پر ہمارا ایمان ہے اور ہم زندگی کے ہر شعبہ میں انہی پر عمل کرتے ہیں۔ خلع، نکاح، طلاق، تولیت، وراثت، شفعہ، نکاح بیوگان، حقوق یتامیٰ، اور اسی قسم کے خالص شرعی امور میں ہم صرف اپنی ذاتی خواہشات اور اپنے نفس کے بندے ہیں۔ اگر ہمیں خدا اور رسول سے کوئی تعلق ہے تو صرف اس قدر ہے کہ ہماری زبان ہمارے دل سے علیحدہ ان نامول کا ورد کرتی رہتی ہے۔ بدقسمتی سے ملکی قوانین اس بارے میں خاص طور پر سنگ راہ ہیں صوبائی کونسلیں، شرعی قوانین کی بجائے رسوم و رواج کی حامی ہیں اور ان رسوم و رواج کا یہ نتیجہ ہے کہ ہمارے گھروں کا معاشرتی نظام روز بروز تباہ کن ...

[illegible]

مولانا نے کسی طرف ووٹ نہ دیا۔ تیسرا معاملہ ہندوستانی برطانوی تجارتی معاہدہ کا تھا۔ یہ معاہدہ ہندوستان کی تجارت کے لئے اس قدر غیر مفید ہے کہ سر غلام حسین ہدایت اللہ جیسے سرکاری آدمی نے بھی حکومت کے خلاف تقریر کی۔ لیکن اس میں بھی مولانا خاموش رہے اور کسی طرف ووٹ نہ دیا۔

اب ہمیں کوئی بتلائے کہ اس قدر اہم ملکی معاملات میں بھی مولانا کی خاموشی ہمارے لئے کس قدر نقصان دہ ہے۔ کیا تربت کے مسلمانوں نے مولانا کو اسی لئے اسمبلی بھیجا تھا کہ وہاں جا کر وہ ہاتھ پر ہاتھ دھرے بیٹھے رہیں؟ (جمہور)

### ماضی کی طرف

اگر آپ ترقی یافتہ ذہنیت کا بہ نظر غور ملاحظہ کر رہے ہیں تو آپ کو معلوم ہو گیا ہوگا کہ دنیا تہذیب جدید سے بیزار ہو کر پھر تہذیب قدیم کی طرف مائل ہے۔ یعنی ماضی کی طرف جا رہی ہے اور "قدامت پسندی" کو نام رکھنے والے رفتہ رفتہ قدامت کے معترف ہوتے جا رہے ہیں۔ ہندوستان کی سب سے بڑی قوم کے لیڈر گاندھی جی نے گرام سدھار کی جو تحریک اٹھائی ہے اس کے مقاصد ...

[illegible]

### مسلمانوں کا سیاسی مطمح نظر

[illegible]

### مولانا شفیع داؤدی کی خاموشی

[illegible]

... ہٹ گئی ہیں۔ اور دودھ اور پانی الگ ہو گیا ہے۔ پہلا معاملہ گاندھی جی کے دیہاتی انجمن کا تھا۔ اس پر رائے شماری کی نوبت ہی نہ آئی۔ دوسرا معاملہ مسٹر سرت چندر بوس، جو اسمبلی کے ایک منتخب رکن ہیں، ان کے حقوق کا تھا جنہیں حکومت اسمبلی میں شرکت کی اجازت نہیں دیتی۔ اس پر رائے شماری ہوئی لیکن ...


اخبار الجمعیۃ کی توسیع اشاعت کے لئے سعی فرما کر اپنی علم نوازی اور مذہبیت کا ثبوت دیجئے۔ (منیجر الجمعیۃ دہلی)



## پادری کی لڑکی کا قبول اسلام

اسپین کے ایک جلیل القدر پادری کی لڑکی نے جب اسلامی تعلیمات کا مقابلہ کیا اور مسلمانوں کے مذہب اور ان کے اعمال کو بغور دیکھا تو اس کے دل میں اسلام کی صداقت و حقانیت جاگزیں ہو گئی اور اس نے فیصلہ کر لیا کہ حقیقتاً اسلام ہی وہ مذہب ہے، جو دنیا اور آخرت میں نجات کا راستہ بتاتا ہے۔ اور اس کے علاوہ جتنے مذاہب ہیں وہ سب باطل اور صراط مستقیم سے بھٹکا دینے والے ہیں۔ جب عیسائیوں کو اس کی خبر ہوئی تو تمام پادریوں نے مل کر اس لڑکی پر بے شمار مظالم ڈھائے اور اس قدر جاں گداز اور صبر آزما مصائب میں مبتلا کیا کہ دیکھنے والوں کے رونگٹے کھڑے ہونے لگے۔ مگر وہ لڑکی اسلام پر ثابت قدم رہی۔ اور اس نے بالآخر تمام پادریوں کی ایک شاندار مجلس میں اسلام کی حقانیت پر ایک بصیرت افروز مناظرہ کیا۔ فضیلت اسلام اور رد عیسائیت کے جس قدر دلائل ممکن تھے وہ تائید الٰہی سے اس لڑکی نے پادریوں کے مقابلہ میں اس خوش اسلوبی کے ساتھ پیش کئے کہ سامعین حیرت و استعجاب کے سمندر میں غرق ہو گئے۔ اور پادریوں سے کوئی جواب بن نہ پڑا۔ اور وہ لڑکی ہمیشہ کے لئے اسلام ہی سے وابستہ ہو گئی۔ اس کا نام ازبلا تھا اور اس کی زندگی کے واقعات ایک کتاب میں قلمبند کر دئے گئے ہیں۔ اگر آپ کو گزشتہ عظمت و سطوت کا مطالعہ کرنا ہے اور عیسائیت کے مقابلہ میں اسلام کی حقانیت کے بے شمار دلائل سے واقفیت حاصل کرنے کا شوق ہے۔ اور آپ اس کتاب کے ذریعہ تبلیغ اسلام کا فریضہ ادا کرنا چاہتے ہیں تو فوراً طلب کیجئے۔ پہلا ایڈیشن قریب الختم ہے۔ اگر دیر ہوئی تو دوسرے ایڈیشن کا انتظار کرنا پڑے گا۔ قیمت فی جلد ۱۲ علاوہ محصولڈاک۔ تبلیغی مقاصد کے لئے بیس پائیس سے زائد جلدوں کے خریدار کو پچیس فی صدی کمیشن دیا جائے گا۔

ملنے کا پتہ: منیجر الجمعیۃ دہلی



Regd. No. L 1793.

# The Jamiat

Vol. XXI No. 11 — DELHI WEDNESDAY 13 FEBRUARY 1935. — PRICE ONE ANNA



نورانی قرآن مجید

[illegible]

پادری کی لڑکی کا قبول اسلام

[illegible]

منیجر الجمعیۃ دہلی


## میسور میں مساجد پر مہر غلامی

### مسجدوں پر باجہ نہ بجانے کی شرط کا کتبہ

خدا کی وہ وسیع سرزمین جس کا نام میسور ہے اور جس میں چار لاکھ فرزندان توحید بستے ہیں باوجود اپنی وسعتوں کے ان پر زمین تنگ ہو رہی ہے اسلام اگر ہندوستان میں زندہ ہے تو صرف اس لئے کہ ابھی اس کے فرزندوں میں حرارت دینی و جذبۂ توحید موجود ہے جس دن یہ دونوں فنا ہو جائیں گے تو اللہ اکبر کی صدائے جاں نواز کا بلند کرنے والا اس سرزمین پر ایک متنفس بھی نظر نہ آئے گا۔

مسلمانان اسپین کو غرناطہ میں جس وقت فرڈیننڈ اور ازابلا کے بے غیرت شرائط قبول کرنے تو یہی قبولیت ان کے لئے پیغام موت ثابت ہوئی اور اسپین جس میں آٹھ صدی تک مسلمان کوس لمن الملک بجائے یا تو ملک بدر کر دئے گئے یا عیسائیت میں جذب ہو کر رہ گئے۔ ریاست میسور میں مسلمانوں کو مسجدیں تعمیر کرنے کی عام اجازت نہیں ...

[illegible]

... وہ تمام اسی شرط کے ماتحت ہوئی یا ہو رہی ہیں۔ مگر اکثریت اس پر بھی قانع نظر نہیں آتی اور تجویز ہو رہی ہے کہ ان شرائط کو پتھر پر کندہ کر کے مساجد میں لگا دیا جائے تاکہ مسلمان کبھی باجے میں خلل انداز نہ ہوں اور جہاں مسجدوں میں ان کے دلوں میں خدائے واحد کی الوہیت ہوتی ہے وہاں یہ بھی پیش نظر رہے کہ وہ ایک محکوم اور بے بس قوم کے افراد ہیں جن پر اکثریت حکومت کر رہی ہے۔

معلوم ہوا ہے کہ بھدراوتی ضلع شیموگہ میں جو مسجد حال ہی میں تیار ہوئی تھی وہ پہلے اسی شرط پر تیار ہوئی کہ مسلمان باجے کو مسجد کے آگے نہیں روکیں گے۔ اب جبکہ مسجد تیار ہو چکی تو اکثریت مصر ہے کہ اس شرط کا کتبہ مسجد پر لگا دیا جائے اور لاچار و بے بس مسلمان اس پر راضی بھی ہو گئے ہیں۔ اگر یہ خبر صحیح ہے تو اس پر جتنا بھی افسوس کیا جائے کم ہے اس سے تو یہ بہتر تھا کہ بجائے مسجد تعمیر کرنے کے وہ کھلے میدان میں کسی جگہ آزادی سے نماز ادا کر لیتے۔

ریاست کی طرف سے کہا جاتا ہے کہ یہ کارروائیاں دونوں قوموں کے باہمی سمجھوتہ سے ہوتے ہیں۔ اور ریاست کا اس میں کچھ بھی دخل نہیں۔ ریاست صرف امن عام چاہتی ہے اس لئے اس کارروائیوں پر مہر تصدیق ثبت کرتی ہے۔ ریاست کا یہ کس قدر لغو استدلال ہے مسلمانوں کو تعمیر مسجد کا حکم دینا قوم نہیں دیتی بلکہ خود ریاست کے حکام دیتے ہیں اور جب تک مسلمان اس شرط پر راضی نہیں ہوتے حکم نہیں دیا جاتا۔ یہاں تک تو خیر ایک بات بھی تھی کہ زبانی یا تحریری ضمانت لے لی جاتی تھی مگر اب اس سے تجاوز کرتے ہوئے جب کتبوں پر نوبت آ رہی ہے تو ہمیں نہیں معلوم کہ آئندہ صدائے اللہ اکبر کے ...

... ہے شاہراہوں پر مسجدیں اس لئے تعمیر کرنے نہیں دی جاتیں کہ ادھر سے وطن کے جلوس باجوں کے ساتھ گزرتے ہیں اور یہ خوف ہے کہ شاید مسلمان ان کو روک کر امن عامہ میں خلل ڈالیں گے۔ اس لئے شاہراہوں کو چھوڑ کر گلی کوچوں میں تعمیر کا حکم دیا جاتا ہے اور وہ بھی اس شرط پر کہ مسلمان باجے کو مسجد کے آگے منع نہ کریں۔ زمانہ حال میں جس قدر مساجد تعمیر ہوئیں یا اب ہو رہی ہیں ...

## مشن ہسپتال کے ایک ملازم کی فرعونیت

[illegible]

## مسلم ظفر لیگ کا سالانہ جلسہ

[illegible]

استقبالیہ کمیٹی کا قیام عمل میں لایا جا رہا ہے۔ کام سرگرمی سے شروع کر دیا گیا ہے۔

(محمد شفیع سکریٹری مسلم ظفر لیگ)
گوجرانوالہ

## ڈاکٹر محمد مشتاق حسین صاحب کی برأۃ

عالیجناب امین العزبا ڈاکٹر محمد مشتاق حسین صاحب صدر انجمن فدائے سنت و رکن آگزیکٹو کمیٹی کانگریس نائب صدر مجلس اتحاد ملی مراد آباد جن پر عرصہ آٹھ ماہ سے ...

[illegible]


## صرف تین روپیہ میں چار گھڑیاں!!

ایک عدد اصلی جرمن ٹائم پیس۔ ایک عدد ڈبی پاکٹ واچ۔ دو عدد ڈبی رسٹ واچ یہ گھڑیاں ہم نے خاص طور پر ولایت سے بڑی بھاری تعداد میں منگوائی ہیں۔ مضبوطی اور پائیداری کے لحاظ سے یہ گھڑیاں اپنی نظیر آپ ہیں اپنی فرم کی سالگرہ کی خوشی میں ہم نے صرف دس ہزار گھڑیاں اس رعایتی قیمت پر فروخت کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ مقررہ مقدار کے ختم ہو جانے پر یہی گھڑیاں اپنی اصلی قیمت پر فروخت کی جاویں گی۔ اس لئے جلدی کریں ورنہ ایسے نادر موقع بار بار ہاتھ نہیں آیا کرتے محصولڈاک ۸ علاوہ ہوگا۔

ملنے کا پتہ: منیجر جرمن کمرشل ایجنسی ۲۱۸ پٹھان کوٹ ضلع گورداسپور



## ایک صد روپیہ نقد انعام

## آنحضرت کو آخری نبی نہ ماننے والا کافر اور مرتد ہے

(از مولانا عبد اللہ صاحب بہاولپوری)

بہاولپور میں ایک معرکۃ الآرا مقدمہ فسخ نکاح مرزائی کا عرصہ دس سال سے چل رہا تھا جس کی مختصر کیفیت یہ ہے کہ مولوی الٰہی بخش صاحب نے اپنی لڑکی مسماۃ غلام عائشہ بی بی کا نکاح اپنے استاد زادہ سے کر دیا۔ عبد الرزاق مسلمان اہل السنۃ والجماعۃ تھا۔ کچھ عرصہ کے بعد عبد الرزاق مرزائی قادیانی ہو گیا۔

مولوی صاحب نے عبد الرزاق کو بہت کچھ خود سمجھایا اور پنچایت کے ذریعہ بھی تفہیم کرائی مگر وہ مرزائیت پر مصر رہا۔ ...

کی طرف سے اکابر علمائے ہند حضرت علامہ شیخ الاسلام سید محمد انور شاہ صاحب (رحمۃ اللہ)، حضرت مولانا سید مرتضیٰ حسن شاہ صاحب مراد آبادی، مولانا نجم الدین صاحب پروفیسر اورینٹل کالج لاہور، مولانا محمد شفیع صاحب مفتی دار العلوم دیوبند، حضرت مولانا غلام محمد صاحب شیخ الجامعہ صاحب بہاولپور، مولانا ابو القاسم محمد حسین صاحب کولوتارڑ کی شہادتیں ہوئیں جن میں نہایت بسط و وضاحت اور دلائل و براہین سے ثابت کیا گیا کہ مسئلہ ختم نبوت ضروریات دین میں سے ہے۔ ...

## بصائر و نظائر

کسی نظام کو تسلیم کرنے کے معنی یہ ہیں کہ اس کے مطابق عمل بھی کیا جائے اور اس کے اصول پر پورے اعتقاد اور کامل ایمان کے ساتھ کاربند ہونے اور خلاف ورزی نہ کرنے کا عہد کیا جائے۔ کیونکہ جب تک کسی نظام کی صحت و درستی پر یقین نہ ہوگا، اور شک و شبہ سے دماغ کو خالی نہ کیا جائے گا اس وقت تک نہ اصول پر عمل ہو سکتا ہے اور نہ عمل میں برکت اور کامیابی کی کوئی جھلک نظر آ سکتی ہے۔ ...

یکوں کہتے ہیں؟ اس لئے کہ "مسلمان" اس کو نہیں کہتے جو غلط چیز کی طرف اپنے آپ کو منسوب کرے بلکہ اس کو کہتے ہیں جو منسوب الیہ کی صحت پر اعتقاد و یقین بھی رکھتا ہو۔

اس فرنگی گروہ کی یہ دورنگی ناقابل برداشت ہی نہیں بلکہ بہت افسوسناک ہے لیکن معاملہ یہیں پر ختم نہیں ہو جاتا کہ یہ مذبذبین ایک چیز کو غلط سمجھ کر کیوں اس کو اختیار کئے ہوئے ہیں بلکہ ان کی ستم ظریفی ایک قدم اور آگے بڑھ جاتی ہے یعنی یہ کہ اسلام کی قطع و برید کے لئے انہوں نے تنقیحیاں ہاتھوں میں سنبھال لی ہیں اور خدا کے کلام کو اپنی نفسانی خواہشات کا شکار بنانے کے لئے "آزادیٔ رائے" کی تلوار سونت کر کھڑے ہو گئے ہیں۔ ...

ایک "مسلم" خاتون نے اخبار ہمدم میں اپنے "مسلمان" ہونے کا ثبوت مندرجہ ذیل الفاظ میں دیا ہے:-

...

"مسلم" خاتون فرماتی ہیں کہ "اگر ہم اس مہذب دور میں عربوں کے زمانہ جاہلیت کے رسوم و رواج کی پابندی کریں تو ہم پر یقیناً ہنسی آئے" بلاشبہ اسلام نے جاہلیت کی ہمہ گیری سے صنف نازک کو بچایا ہے ہم موصوفہ کو مشورہ دیں گے کہ وہ اپنا مذہب ...

(باقی صفحہ ہذا کالم ۲ کے نیچے ملاحظہ فرمائیے)

افحکم الجاھلیۃ یبغون ومن احسن من اللہ حکما لقوم یوقنون (پ ۱۲) — کیا لوگ اب بھی جاہلیت کے احکام و رسوم کی تلاش میں ہیں؟ حالانکہ ایسی قوم کیلئے جو عزم و یقین کی مالک ہو اللہ کے حکم سے بہتر اور کس کا حکم ہو سکتا ہے۔

اگر اس پر بھی کسی کو قرآن کریم پر "جاہلیت" کا الزام لگاتے شرم نہ آئے تو پھر اس کا علاج سوائے تعویذ کے اور کچھ نہیں ہے مگر افسوس ہے کہ فی الحال اس چیز سے ہمارے ہاتھ خالی ہیں۔

## عراق ریلوے

(۱) نجف۔ کربلا، کاظمین اور سامرہ اسلامی مقامات مقدسہ کی زیارت کا انتظام عراق ریلوے نے کیا ہے۔ یہ سفر نہایت قلیل کرایہ اور کم وقت میں طے ہوگا۔ دوران سفر میں ہر ممکن آسائش بہم پہنچائی جائیں گی۔

مکہ معظمہ کو جاتے ہوئے عراق کے مقامات مقدسہ کی زیارت کرو

حجاج کے لئے کوپن ٹکٹ جاری کر دئے گئے ہیں جو ایک سو پچاس دن تک کارآمد رہیں گے۔

۵۰ کلو وزن اسباب پر کوئی زائد کرایہ نہیں لگایا جائے گا۔

شرح کرایہ درج ذیل ہے:-

| | تھرڈ کلاس | سکنڈ کلاس |
|---|---|---|
| مقل (بصرہ) سے کربلا تک اور کربلا سے بغداد یا کاظمین (جوادین شریفین) تک اور کاظمین سے سامرہ تک اور واپس براستہ کاظمین مقل تک "بی" | ۱۴/-/- | ۴۲/-/- |
| مقل بصرہ سے کربلا تک اور وہاں سے بغداد یا کاظمین تک اور واپس مقل تک | ۱۲/-/- | ۴۰/-/- |

ہندوستان میں حجاج کو صرف تیسرے درجے کے ٹکٹ مل سکتے ہیں۔ سکنڈ کلاس کی ٹکٹیں مقل کے مقام پر خریدی جا سکتی ہیں

تمام حجاج مقل (بصرہ) میں ہمارے ایجنٹ کو ملیں۔ تین سال سے کم عمر کے بچے کا کرایہ معاف ہوگا اور ۱۲ سال سے کم عمر کے بچے کیلئے نصف ٹکٹ خریدنا ہوگا۔

تمام شہروں کے مابین ریل گاڑیوں کی آمد و رفت روزانہ ہوتی ہے۔

بغداد سے دمشق تک بذریعہ موٹر ۲۴ دن کا راستہ ہے (کرایہ موٹر وغیرہ بھی حکومت عراق کے زیر نگرانی مقرر ہوتا ہے) دمشق سے جدہ براہ مکہ معظمہ اور مدینہ منورہ

ٹکٹوں اور تھرڈ کلاس کے حجاج کے متعلق مزید اطلاعات کراچی اور بمبئی کے سب ایجنٹوں سے حاصل کی جا سکتی ہیں جن کے پتے ذیل میں درج ہیں:-

(۱) مولوی محمد باقر حاجی دیوجی جمال مسافر خانہ جیل روڈ عمر کھاڑی بمبئی۔

(۲) مسٹر اے ای اوٹیا انڈوی کوہواڑہ بمبئی نمبر ۳

(۳) دی آنریبل جائنٹ سکرٹری فیض پنجتنی پالا گلی بمبئی

(۴) حبیب حاجی رحمت اللہ کھارادر کراچی

(۵) مسٹر عبد العلی شیخ عیسیٰ جی معرفت میسرز یوسف علی۔ علی بھائی کریم جی اینڈ کمپنی نیپیر روڈ کراچی۔

(۶) آنریبل سکرٹری فیض پنجتنی ...

اپنا مال بغداد کو بک کرائے۔ بالراست لینڈ براستہ عراق ریلویز روانہ کریں۔

بہت سستا، بہت اچھا مولانا مولوی اشرف علی صاحب محدث تھانوی کے ترجمہ کا

## بیشمار خوبیوں والا مترجم قرآن مجید

قرآن شریف کی اندرونی خوبیوں کو ملحوظ رکھتے ہوئے ... بلاشبہ یہ مترجم قرآن مجید بے شمار خوبیوں کا حامل ہے۔ اس کی کتابت اعلیٰ درجہ کے خوشنویس سے کرائی گئی ہے۔ اس کی طباعت دہلی کے ایک مخصوص مطبع میں ہوئی ہے۔ اعراب بالکل صحیح جگہ پر لگے ہوئے ہیں، ترجمہ ٹھیک حروف کے نیچے لکھا ہوا ہے۔ حاشیہ پر شان نزول دیگر فوائد اور مختلف سورتوں اور آیتوں کے اعمال درج ہیں، مقدمہ میں فضائل و آداب تلاوت۔ قواعد تجوید، رموز اوقاف اور ایک مکمل فہرست قرآن شریف کے مضامین کی ایسی درج ہے کہ جس مضمون کی آیت چاہو فوراً نکال لو۔ سب سے پہلی اور سب سے آخری وحی، چہل احادیث، دیگر چہل احادیث تلاوت کلام مجید میں کوتاہیاں، قرآن مجید سے منتخب کردہ ہر مشکل کو آسان کرنیوالی بیسیوں دعائیں، دعائے ختم قرآن وغیرہ وغیرہ کاغذ سفید، سرورق ہفت رنگ بہت خوشنما، ہر پارہ نئے صفحے سے شروع ہوتا ہے۔ ہدیہ مجلد پارچہ نقرئی کار ایک روپیہ چار آنے، مجلد چرمی کامل نقرئی کار صرف ایک روپیہ آٹھ آنے محصولڈاک بارہ آنے ...

ملنے کا پتہ:- دہلی بک ایجنسی ۲۲۵ تاراچند اسٹریٹ دہلی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

# الجمعیۃ دہلی

یوم چہارشنبہ ۱۶ ذیقعدہ ۱۳۵۴ ہجری

# ہندوستان کا سب سے زیادہ مجبور و مظلوم علاقہ

## بدنصیب بلوچستان

جس وقت سے کہ ہندوستان کو مزید اصلاحات دینے کا مسئلہ چھڑا ہے اخبارات اور پلیٹ فارم سے برابر یہ مطالبہ کیا جاتا رہا ہے کہ بلوچستان کو جو اپنی آبادی کی یکسانیت اور آب وہوا اور زبان کی یک رنگی کے باعث ایک علیحدہ اور مستقل حیثیت رکھتا ہے باقاعدہ صوبہ بنا دیا جائے اور آئندہ جو کانسٹی ٹیوشن بھی نافذ ہو اس میں بلوچستان کو وہی درجہ دیا جائے جو دوسرے صوبوں کو حاصل ہو۔ اس مطالبہ کے خلاف صوبہ سرحد اور صوبہ بلوچستان کی پوزیشن بالکل ایک ہی تھی جس طرح صوبہ سرحد کے لئے یہ مطالبہ کیا گیا تھا کہ اس کو دوسرے صوبوں کے مساوی کر دیا جائے اسی طرح بلوچستان کے لئے بھی یہ مطالبہ کیا گیا تھا کہ اس کو ایک علیحدہ صوبہ بنا کر مساوات کا درجہ دیا جائے۔ مگر جہاں صوبہ سرحد کے معاملہ میں حکومت نے کچھ اشک شوئی کر دی ہے خواہ وہ عملاً کتنی ہی کم حقیقت کیوں نہ ہو بلوچستان کا مسئلہ ہنوز لاینحل چھوڑ دیا گیا ہے اور باوجود مسلسل و پیہم مطالبات کے کوئی توجہ اس کی طرف نہیں کی جا رہی ہے، اور نہ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ حکومت ایک عرصہ دراز تک اس بدنصیب خطہ کے طرز حکومت میں کوئی تبدیلی کرے گی۔ اس لئے باشندگان بلوچستان کا پیمانہ صبر لبریز ہو چکا ہے اور وہ زمانہ دور نظر نہیں آتا کہ سالہا سال کے جبر و تشدد سے تنگ آکر وہ بھی کسی قسم کا ہیجان و اضطراب پیدا ... کا تعلق ہے ہم وثوق کے ساتھ یہ کہتے ہیں کہ موجودہ مرحلہ پر اس کے اندر کسی قسم کی تبدیلی کے متعلق سفارش کرنے کی کوئی وجہ نہیں ہے۔"

گویا صوبہ بلوچستان کو اس فرسودہ نظام پر قائم رکھا جائے جو آج سے دو ہزار سال پہلے نافذ العمل تھا۔ اور جب آئندہ دستور اساسی وضع کیا جائے تو صرف مرکزی مجلس مقننہ میں بلوچستان کو معمولی سی نیابت دیدی جائے دستور سازی کے موجودہ دور میں بلوچستان کی قسمت پر یہ پہلی مہر تھی جو سائمن کمیشن نے لگائی اور اس کے بعد جو کچھ بھی ہوا وہ اسی نقطہ نگاہ کی تائید میں تھا۔

### بلوچستان کی محرومی کے بنیادی وجوہ

مندرجہ بالا سفارش کے لئے سائمن کمیشن نے اپنی رپورٹ میں جو وجوہ دئے تھے وہ حسب ذیل تھے۔

(۱) بلوچستان کا صرف ایک مختصر حصہ برطانوی علاقہ ہے۔

(۲) بلوچستان کے باشندوں کا ایک بڑا حصہ خانہ بدوش ہے۔

(۳) اگر بلوچستان میں جدید طرز حکومت کو رائج کیا گیا اور پرانے طریقے ...

### موجودہ حالت

بلوچستان کی کیفیت اس وقت یہ ہے کہ تمام ہندوستان میں اس سے زیادہ مجبور اس سے زیادہ مظلوم اور اس سے زیادہ پسماندہ علاقہ اور کوئی نہیں ہے وہاں کی حکومت کا ایک ایک چپراسی اور معمولی سپاہی تک فرعون بے سامان بنا ہوا ہے ...

### گول میز کانفرنسیں

چنانچہ اس رپورٹ اور اس پر گورنمنٹ آف انڈیا کے تبصرہ کے بعد لندن میں جو گول میز کانفرنسیں منعقد ہوئیں ان میں برابر حکومت بلوچستان کے مسئلہ کے متعلق لاپروائی اور بے توجہی کا طرز عمل اختیار کیا یہاں تک کہ ابتدا میں مسلمانوں کے مطالبہ مساوات کو جن لوگوں نے پیش کیا تھا وہ بھی حکومت کی سرد مہری کو دیکھ کر اور اس کا اشارہ پاکر خاموش ہوگئے اور آخر وقت تک اس مسئلہ پر ایک نہیں کی گئی ...

### شاہی کمیشن کی تحقیقات

جس وقت سائمن کمیشن ہندوستان میں آیا ہے تو اس کے سامنے یہ تمام صورتیں رکھی گئی تھیں اور یہ مطالبہ کیا گیا تھا کہ صوبہ بلوچستان کو اس حالت سے نکال کر مساوی سطح پر لایا جائے اور چیف کمشنر کا ایک صوبہ بنا کر اس کے نظم و نسق کو مہذب کیا جائے ...

"برطانوی بلوچستان کو آئندہ دستور اساسی میں مرکزی مجلس مقننہ کے اندر کچھ نمائندگی دیدی جائے۔ لیکن جہاں تک اس صوبہ کی حکومت ...

---

نظام میں ذرہ برابر تبدیلی نہیں کی گئی۔

### قرطاس ابیض کا دستور

مگر اس کے بعد بھی یہ امید کی جا سکتی تھی کہ گول میز کانفرنس میں جو کچھ کیا گیا ہے اور ہندوستان کے اندر اخبارات میں اور مختلف یادداشتوں اور قراردادوں میں جو مطالبہ کیا گیا ہے اس کا لحاظ رکھتے ہوئے کم سے کم آئندہ دستور اساسی ہی میں کچھ بلوچستان کو حل جائے گا اور ملک معظم کی حکومت اس طرح اس کا جو قرطاس ابیض شائع ہوا اس میں بلوچستان کو بالکل ہی نظر انداز کر دیا جائے مگر سائمن کمیشن کی سفارشات اور اس کے دئے ہوئے وجوہ غالباً ملک معظم کی حکومت کے سامنے بھی تھے جس نے وائٹ پیپر کا خاکہ تیار کرتے ہوئے بلوچستان کے متعلق صرف یہ فیصلہ کیا کہ

(۵۶) برٹش بلوچستان، دہلی، اجمیر، مارواڑہ، کورگ، اور جزائر انڈمان و نکوبار کا نظم و نسق ایک چیف کمشنر انجام دیگا جسے گورنر جنرل اپنے اختیار تمیزی کے ماتحت مقرر کریگا اور جو گورنر جنرل کی مرضی سے اپنے عہدہ پر رہے گا۔

(۵۷) برٹش بلوچستان کے لئے مخصوص بندوبست کیا جائے گا جس کے ماتحت گورنر جنرل خود براہ راست اس صوبہ کا انتظام کرے گا اور چیف کمشنر اس کا صرف ایجنٹ ہوگا۔

(۵۸) وفاقی مجلس مقننہ کا کوئی قانون برٹش بلوچستان پر نافذ نہ ہوگا بجز اس صورت کے کہ گورنر جنرل اس کو بالکلیہ یا کسی ترمیم و اصلاح و استثنا کے ساتھ نافذ العمل قرار دے۔

گورنر جنرل کو یہ بھی اختیار حاصل ہوگا کہ وہ اپنی مرضی سے جو قوانین مناسب سمجھے ان کو وضع کرکے بلوچستان پر نافذ کرے اور اس لحاظ سے گورنر جنرل کے ان قوانین کی وہی حیثیت ہوگی جو فیڈرل مجلس مقننہ کے وضع کئے ہوئے قوانین کی ہوتی ہے۔

(۵۹) برٹش بلوچستان کے علاوہ اور تمام صوبوں میں چیف کمشنر اپنے اختیارات حکومت کے استعمال میں فیڈرل حکومت کا ماتحت ہوگا مگر برٹش بلوچستان میں چیف کمشنر فیڈرل حکومت کا ماتحت نہیں ہوگا بلکہ صرف گورنر جنرل کا ماتحت ہوگا۔

مرکزی مجلس مقننہ میں صوبہ بلوچستان کو صرف ایک نشست دی گئی اور اس کے ساتھ ہی یہ فٹ نوٹ لکھ دیا گیا کہ یہ نشست نامزدگی کے ذریعہ بھی پر کی جا سکتی ہے جس کا مطلب یہ ہے کہ تمام ہندوستان میں بلوچستان ہی کی صرف ایک نشست ایسی ہوگی جو نامزدگی کے ذریعہ پر کی جائے گی۔

(باقی آئندہ)

# شذرات

### مسٹر جناح کی تقریر

آزادئ ہند کی سعی و جہد میں علماء کی مقدس جماعت کو چھوڑ کر بالعموم مسلمانوں کا جو طرز عمل رہا ہے اور خصوصیت کے ساتھ تعلیم یافتہ لیڈروں کے طبقے نے جس پست ذہنیت کا ثبوت دیا ہے اس کو دیکھتے ہوئے ہم یقین کرتے ہیں کہ مسٹر جناح کی وہ تقریر جو انہوں نے مسلم نوجوانوں کے ایک مجمع کو مخاطب کرتے ہوئے عربک کالج دہلی میں ارشاد فرمائی، مسلمانان ہند کے لئے تازیانہ عبرت ثابت ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ

"کیا تم نے کبھی یہ محسوس کیا ہے کہ جب تک تم کسی کے سہارے پر زندگی بسر کرو گے اس وقت تک تمہاری عزت نہیں ہو سکتی؟ کیا تمہیں یہ معلوم نہیں ہے کہ زندگی کے بنیادی اصولوں میں سے ایک اصول یہ ہے کہ اگر تم خود اپنے پاؤں پر کھڑے نہیں ہو سکتے تو کوئی بھی تمہاری ... آمادہ نہ ہوگا ...

... ہندوستان اور ہندوستان کی آزادی کے لئے تمام دنیا کی مخالفت کرنی چاہئے۔"

... ان کا فرض اولین یہ ہے کہ وہ حکومت پر تکیہ کرنے کے بجائے اپنے اندر قوت پیدا کریں اور اپنے وطن عزیز کی آزادی کے لئے جد وجہد کرکے اپنی آئندہ نسلوں کو تباہی و بربادی سے بچائیں۔ کیا ہندوستان کے مسلم نوجوان اس پر غور کریں گے۔

### ادائیگی حج کی ممانعت

حکومت کی جانب سے فریضہ حج کی ادائیگی میں مداخلت کا سلسلہ اب اس قدر بڑھتا چلا جا رہا ہے کہ تمام ہندوستان کے مسلمانوں کو ایک مرتبہ پوری اہمیت کے ساتھ اس پر غور کرنا ضروری ہو گیا ہے کہ اس کے انسداد کی کیا صورت ہو ...

... فوری توجہ کا محتاج ہے اور اس میں ہرگز دیر نہ ہونی چاہئے۔

# حوادث و احکام

### استفتاء

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین اس بارے میں کہ ...

### الجواب

... محمد کفایت اللہ کان اللہ لہ، دہلی

### استفتاء

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ ...

---



# مسٹر جناح اور صدر کانگریس میں مصالحانہ گفتگو

## فرقہ وارانہ مسائل کو حل کرنے کیلئے مشترکہ مساعی

دہلی ۱۷ فروری۔ بابو راجندر پرشاد صدر کانگریس اور مسٹر جناح میں فرقہ وارانہ مسائل کے حل کیلئے جو گفتگو ہو رہی ہے۔ آج اس میں کوئی نئی بات پیدا نہیں ہوئی گو ملک کے اکثر لیڈروں کا خیال ہے کہ اس گفت و شنید سے کوئی مفید نتیجہ برآمد ہوگا اور فرقہ وارانہ مسائل بدستور باقی رہیں گے لیکن پھر بھی کانگریسی لیڈر ... ابھی کہ ان کی مساعی ضرور بار آور ہوں گی۔ اس بارے میں مزید گفتگو مسٹر بھولا بھائی ڈیسائی، سردار پٹیل اور پنڈت مالویہ کی آمد کے بعد شروع ہوگی۔

کانگریس کے صدر بابو راجندر پرشاد سے سوال کیا گیا کہ اخبار اسٹیٹسمین میں جو یہ خبر شائع ہوئی ہے کہ آپ نے مسٹر جناح کو مسلمانوں کیلئے مجالس قانون ساز میں اس شرط پر مزید نشستیں دینے کی پیشکش کی ہے کہ مشترکہ انتخاب کے اصول کو منظور کر لیا جائے تو آپ نے اس خبر کی تردید یا تصدیق سے انکار کر دیا۔ صلح و مفاہمت کی کوششیں بدستور جاری ہیں اور قوم پرور ہندو مسلمان صلح کی حمایت کر رہے ہیں۔

# اطالوی افواج کو مشرقی افریقہ کی روانگی کا حکم

## میدان جنگ میں ایک لاکھ سپاہی خیمہ زن ہیں

## اٹلی اور حبش میں سخت معرکہ کا اندیشہ

روما ۱۷ فروری۔ نوجوانوں سے بھری ہوئی ایک اور ٹرین سیراکوز روانہ ہو گئی۔ ان لوگوں کو حکم دیا گیا ہے کہ انہیں مشرقی افریقہ جانا ہے۔ آج شام کو اس کے بعد بھی ایک ٹرین جانے والی ہے ہر شخص کے پاس جسے افریقہ جانے کا حکم دیا گیا ہے، ایک کارڈ بھیجا گیا ہے جس پر لکھا تھا۔

"جلد ملک معظم نمبر ۲ اپنے آپ کو فلاں رجمنٹ اور فلاں بندرگاہ پر پیش کرو تاکہ مشرقی افریقہ میں لڑائی کے لئے روانہ کئے جا سکو۔"

جن لوگوں کو یہ کارڈ ملا انہوں نے ۲۴ گھنٹے کے اندر اندر روانگی کا انتظام کیا اور اپنے کاروبار کو فوراً چھوڑ کر اسٹیشن روانہ ہو گئے۔ بعضوں نے بغیر ٹکٹ ریل کا سفر اختیار کیا۔

بظاہر جسے صحیح حالت کی خبر نہ ہو اس کے لئے یہ سمجھنا مشکل ہے کہ یہ سپاہی ہیں اور میدان جنگ پر جا رہے ہیں بلکہ ایسا معلوم ہوتا تھا کہ چھٹیاں منانے جا رہے ہیں۔ اسٹیشن پر خفیہ پولیس بھی موجود تھی اور وہ آنے جانے والوں کے اعزہ اور احباب کو دیکھ رہی تھی۔

میپلس میں ان سب کا اجتماع ہے اور وہاں بالکل میدان جنگ کا منظر ہے ہر طرف فوجی خیمے لگے ہوئے ہیں اندازہ کیا جاتا ہے کہ اس وقت یہاں ایک لاکھ آدمی خیمہ زن ہیں۔

پالرمو اور سیراکوز سے بھی سینکڑوں آدمی روانہ ہو رہے ہیں۔

جب یہ لوگ بارکوں میں حاضری دے لیتے ہیں تو انہیں اسلحہ اور یونیفارم مل جاتے ہیں۔ معلوم ہوا ہے کہ فوج ۲۲ فروری کو افریقہ کے لئے روانہ ہو جائے گی۔

# دار الحکومت

## جامع مسجد میں عظیم الشان جلسہ

### مولانا حبیب الرحمن صاحب کی تقریر

دہلی ۱۷ فروری۔ کل بعد نماز جمعہ جامع مسجد میں انجمن سیف الاسلام کی جانب سے مسلمانوں کا ایک عظیم الشان جلسہ منعقد کیا گیا۔ اس جلسہ کی صدارت مولانا سید مرتضیٰ صاحب بہادر ممبر اسمبلی نے فرمائی۔ صاحب صدر نے اپنی ابتدائی تقریر میں جلسہ کے اغراض بیان کئے اور ایک مختصر مگر جامع تقریر میں حدیث کے متعلق خیالات ظاہر کئے۔ انہوں نے مسلمانوں کو مشورہ دیا کہ وہ اپنے تمدنی و دستوری کے مطابق اس معاملہ میں صرف زبانی جمع خرچ سے کام نہ لیں بلکہ متحد ہو کر اپنی آواز کو بلند کریں۔

معزز صدر کے بعد تکبیر کے بلند نعروں کے درمیان مولانا حبیب الرحمن صاحب لدھیانوی صدر مجلس احرار کھڑے ہوئے۔ مولانا نے اپنی تقریر میں مرزائیت کے متعلق اپنے خیالات ظاہر کئے اور یہ کہا کہ مغربی تعلیم نے مسلمان نوجوانوں کے دماغ کو اس قدر کمزور کر دیا ہے کہ وہ اسلام کی خوبیوں کو سمجھنے سے قاصر ہو گئے ہیں اور اسی طرح ان میں آہستہ آہستہ مذہب کی آزادی کا جذبہ پیدا ہو گیا ہے جو فرقہ مرزائیت کی کامیابی کا اصل راز ہے۔ ورنہ اس فرقہ کے عقائد میں کوئی ایسی بات نہیں ہے جس میں جاذبیت ہو۔

مولانا نے اپنی پرزور تقریر میں حکومت کی روش پر بھی سخت نکتہ چینی کی۔ مسٹر عبد اللطیف گا بابارش کی وجہ سے نہیں آ سکے۔

آخر میں دمشق کے ایک عرب صحیفہ نگار مسٹر محمد نے عربی میں تقریر کی جس کا ترجمہ مولانا اسمعیل غزنوی نے کیا۔

## عربک کالج میں مسٹر جناح کی زبردست تقریر

### اسمبلی کی کاغذی فتح مسلم لیڈروں پر سخت نکتہ چینی

دہلی ۱۸ فروری۔ کل سات بجے شام عربک کالج ہال میں کالج یونین کے زیر اہتمام نوجوان مسلمانوں کا ایک عظیم الشان جلسہ منعقد ہوا جس میں مسلمانوں کے سیاسی مستقبل اور آئندہ پروگرام پر غور کیا گیا۔ مسٹر جناح کی تقریر سے پہلے جلسہ نوجوان مقررین نے موجودہ مسلم رہنماؤں کی روش پر سخت نکتہ چینی کی ...

... اتحاد کو قائم کرنے کے لئے انتہائی کوشش کرونگا اگر میں اس میں کامیاب ہو گیا تو میں سمجھونگا کہ ہم نے ہندوستان کی آزادی کی جنگ میں پچاس فیصدی کامیابی حاصل کر لی ہے۔

### ملزمان سشن سپرد کر دئے گئے

### گلال چند اور رام پرتاب کے مقدمات

دہلی ۷ فروری۔ آج سید اعجاز حسین مجسٹریٹ درجہ اول نے عبد الستار، عبد الغفور، عبد المجید اور روشن دین کو زیر دفعہ ۳۰۲ اور ۱۲۰ (ب) تعزیرات ہند رام پرتاب اور گلال چند کے قتل کے مقدمات میں سشن سپرد کر دیا۔ ملزمان نے صحت جرم سے انکار کیا اور طلب تحریری بیانات داخل کئے گئے۔ خیال کیا جاتا ہے کہ ایسٹر کی تعطیلات کے بعد سشن کورٹ میں یہ مقدمات پیش ہوں گے۔

### حضرت مولانا احمد سعید صاحب کی صحت

حضرت مولانا احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند کی صحت گزشتہ ہفتوں کی سخت علالت کے بعد ...

### دہلی میں ایک برہمن کا قتل

دہلی ۱۷ فروری۔ محلہ چاندنی چوک میں ایک برہمن کو قتل کر دیا گیا جس کا پتہ پولیس کو دوپہر ملا۔

### بلوچستان میں حقوق کا مطالبہ

### مسلم لیگ کی کونسل کا اجلاس

دہلی ۱۷ فروری۔ آج صبح آل انڈیا مسلم لیگ کی کونسل مسٹر ایم اے جناح کی زیر صدارت لیگ کے دفتر واقع بلیماران میں ہوئی۔

کونسل نے فیصلہ کیا کہ آئندہ ایسٹر کی تعطیلات میں لیگ کا آئندہ اجلاس لاہور میں مسٹر جناح کی زیر صدارت ہو۔ برطانوی بلوچستان کے نظم و نسق پر طویل تبصرہ کیا گیا اور متفقہ طور پر ایک ریزولیوشن منظور کیا گیا جس میں یہ مطالبہ کیا گیا کہ برطانوی بلوچستان میں اصلاحات رائج کرکے اسے سندھ کے ساتھ ملحق کر دیا جائے۔ اس کے علاوہ یہ مطالبہ کیا گیا ہے کہ برطانوی بلوچستان کو فی الفور مندرجہ ذیل حقوق دے دئے جائیں۔

ا۔ مرکزی لیجسلیچر میں برطانوی بلوچستان سے منتخب ہوکر نمائندے آئیں۔

ب۔ منتخب ممبروں پر مشتمل مقامی باڈیز قائم کی جائیں ...

### غالب مرحوم کی یادگار میں جلسہ

۱۵۔ ۱۶ فروری۔ ۹ بجے شب پنجابی پبلک لائبریری باڑہ ہندو راؤ دہلی میں بسلسلہ یادگار غالب مرحوم جلسے منعقد ہوئے جن میں سے پہلا جلسہ مرزا غالب مرحوم کے حالات خصوصاً موصوف کی اردو شاعری پر تقاریر، اور دوسرا جلسہ نظم و شاعرہ پر مشتمل تھا۔

دونوں جلسوں میں اردو کے قدر دان سخن فہم و سخن سنج حضرات نے بہ تعداد کثیر شرکت فرمائی جن میں سے حضرات ذیل کے نام خاص طور پر قابل ذکر ہیں۔

جناب اکبر حیدری صاحب، پروفیسر جناب مولانا سید احمد صاحب ... اکبر آبادی، جناب ڈاکٹر سید احمد صاحب بریلوی اور حضرت ابو الفخر علامہ قابل صاحب گلاؤٹھوی۔

جملہ حضرات نے غالب مرحوم کے متعلق تقریر و تحریر کے ذریعہ اپنے خیالات کا اظہار فرمایا ...

### شاردا ایکٹ کو سخت بنانے کے لئے جد وجہد

دہلی ۱۶ فروری۔ رائے صاحب ہربلاس شاردا ممبر اسمبلی نے شاردا ایکٹ میں ترمیم کرانے کیلئے ایک بل پیش کیا ہے جس کا مقصد یہ ہے کہ چونکہ مسٹر ... ایکٹ کی رو سے کم سنی کی شادیوں کا انسداد نہیں ہوا اس لئے اس کو زیادہ سخت اور زیادہ وسیع کیا جائے اور عدالتوں کو مزید اختیارات دئے جائیں۔

### ایک مسلم خاتون گولی سے ہلاک کر دی گئی

کلکتہ ۱۶ فروری۔ ایلیوک کے قریب مسلمان خاتون ... کو گولی مار کر ہلاک کر دیا۔

### کنوائے ملازموں کو ترقی نہ دی جائے

کراچی ۱۶ فروری۔ حیدر آباد اہل پنجابی نے ایک رزولیوشن پاس کیا ہے کہ پچیس سال سے زیادہ عمر کے کنوائے ملازموں کو جو پچاس روپیہ سے زیادہ تنخواہ پاتے ہوں کوئی ترقی نہ دی جائے۔

### سندھ میں زبردست ڈاکہ

### گولیوں سے ایک شخص کی ہلاکت

کراچی ۱۷ فروری۔ رہبر کے موضع عارف سے ایک مسلح ڈکیتی کی خبر موصول ہوئی ہے۔ کہا جاتا ہے کہ تقریباً بارہ ڈاکوؤں کا ایک گروہ رائفل اور دیگر اسلحہ لئے ہوئے گاؤں پر حملہ آور ہوا اور ہندو بیوپاریوں کے مکانات میں داخل ہوکر تقریباً ۱۵ ہزار روپیہ کا مال اٹھا لے گیا۔ عورتوں کے زیورات زبردستی اتروالئے۔ مسلم زمینداروں اور ہندوؤں نے ان بدمعاشوں کا مقابلہ کیا، ڈاکوؤں نے گولیاں چلائیں جس میں ایک شخص ہلاک اور کئی مجروح ہوئے۔

### برما کونسل میں حکومت کو دو شکستیں

رنگون ۱۶ فروری۔ آج برما کونسل میں تمام سرکاری کارروائی ہوئی۔ آج کے اجلاس میں وہ تمام ممبر شریک ہوئے جو گزشتہ دنوں سے غیر حاضر تھے ...

### اسمبلی کے ممبر کھڑے کیوں کئے جاتے ہیں؟

### صدر اسمبلی کے نام خط

نئی دہلی ۱۶ فروری۔ مسٹر ایس سری پرکاش ممبر اسمبلی نے صدر اسمبلی کو ایک خط لکھا ہے ...

### پارلیمنٹری رپورٹ غور کرنے کے قابل بھی نہیں ہے

بمبئی ۱۶ فروری۔ کل بمبئی کونسل نے غیر مبہم الفاظ میں یہ اعلان کر دیا کہ وہ پارلیمنٹری رپورٹ جس کی ملک کے گوشہ گوشہ سے مذمت کی جا چکی ہے اس قابل بھی نہیں سمجھتی کہ اس پر غور کرے ...

### ٹیکس لگانے کی موجودہ پالیسی پر نظر ثانی

دہلی ۱۵ فروری۔ ڈاکٹر ضیاء الدین کی قرارداد جس میں ٹیکس لگانے کی موجودہ پالیسی پر نظر ثانی کا مطالبہ کیا گیا تھا منظور ہو گیا ...

### مولانا آزاد سبحانی کی رہائی

کلکتہ ۱۵ فروری۔ مولانا آزاد سبحانی گزشتہ ستمبر میں کلکتہ ... ملازمین کے سامنے تقریر کرنے کے الزام میں گرفتار اور سزایاب ہوئے تھے کل آپ ۷ ماہ کی میعاد پوری کرکے جیل سے رہا ہو گئے۔ آپ اسمال حج بیت اللہ کے لئے روانہ ہو جائیں گے۔

### گورنر جنرل اور گورنروں کو ہدایات

نئی دہلی ۱۵ فروری۔ گورنر جنرل اور گورنروں کے لئے جو ہدایات مجوزہ آئین کے ماتحت مرتب کی گئی ہیں آج ان کا مسودہ لندن میں شائع ہو گیا اس کو جلد از جلد ہندوستان میں بھی شائع کیا جائیگا۔

## زمینداروں کا وفد لندن جائیگا

### پارلیمنٹری رپورٹ سے مایوسی

نئی دہلی ۱۷ فروری۔ زمینداروں کی آل انڈیا کانفرنس آج رات کو ختم ہو گئی جس میں میمورنڈم کو منظور کر لیا گیا اور فیصلہ کیا گیا کہ ایک وفد انگلستان بھیجا جائے جو انڈیا بل میں میمورنڈم کی تجاویز کے مطابق تبدیل کرانے کی کوشش کرے ...

## ہندوستان کی خلاف قانون انجمنیں

### اسمبلی میں ہوم ممبر کا بیان

دہلی ۱۵ فروری۔ کل اسمبلی میں ایک سوال کے جواب میں ہوم ممبر نے بتایا کہ اب تک جن انجمنوں پر پابندیاں عائد ہیں وہ حسب ذیل ہیں۔ مدراس میں ایک جو اشتراکی انجمن ہے۔ بمبئی میں ۲۶ جن میں ۵ اشتراکی ہیں۔ دیگر انجمنوں میں ہندوستانی سیوا دل اور انقلاب پسند ہیں۔ بنگال میں ۲۰۵ جو سب انقلاب پسند ہیں۔ یوپی میں سپر یم ہادیہ یا لہ بندرا بن، نوجوان بھارت سبھا، ہندوستانی سیوا دل یوتھ لیگ اور ان کی شاخیں پنجاب میں ۱۳ جن میں ۵ اشتراکی ہیں۔ برما میں ۲۴۴ سی پی میں، سرحد کے متعلق صحیح تعداد معلوم نہیں۔

## سرحد اور سندھ کی علیحدگی کا مطالبہ

### انڈیا بل میں اہم ترمیمات

لندن ۱۶ فروری۔ کرنیل ویجوڈ نے انڈیا بل (مسودہ قانون حکومت ہند) میں کئی ترمیمات پیش کرنے کا نوٹس دیا ہے جس میں ایک یہ ترمیم بھی شامل ہے کہ ... دوسری ترمیم یہ ہے کہ تمام بل کی منظوری کو اسمبلی کی موافق رائے پر منحصر رکھا جائے۔

کرنیل ویجوڈ یہ بھی تجویز پیش کریں گے کہ ... اڑیسہ اور شمالی مغربی سرحد کو گورنر کا صوبہ بنا دیا جائے۔ اور یہ کہ سندھ و سرحد کے ہندوؤں کی حفاظت کے لئے تجاویز مرتب کی جائیں نیز پنجاب و بنگال کے ہندوؤں کے حقوق کی بھی حفاظت کی جائے کیونکہ انہیں اپنے جائز حصہ کی بجائے بہت کم حصہ دیا گیا ہے۔

### ڈچ پولیس نے ۴۳ اشتراکیوں کو گرفتار کر لیا

امسٹرڈم ۱۶ فروری۔ کل دس اشتراکی جرمنیوں کو اس الزام میں گرفتار کیا گیا تھا کہ وہ سیاسی بغاوت پھیلانا چاہتے ہیں۔ ان کے فوراً بعد ڈچ پولیس نے ۳۴ غیر ملکی اشتراکیوں کو گرفتار کرکے حراست میں لے لیا ہے۔ ڈچ حکومت ان غیر ملکی اشخاص کی نگرانی کیلئے ایک خاص کیمپ کھولنا چاہتی ہے جو سیاسی بغاوت کے جرم میں سزا پا چکے ہیں۔

### برطانیہ کی دھمکی سے آئرلینڈ مرعوب نہیں ہوگا

ڈبلن ۱۵ فروری۔ مسٹر ڈی ویلرا نے "ریوٹر" کو ایک بیان کے دوران میں کہا کہ مسٹر تھامس کے بیان سے وہی پوزیشن پیدا ہو جاتی ہے جو تین سال پہلے تھی جو معاہدہ کہ دانستہ طریقہ پر ہو گا اہل آئرلینڈ اس کی عزت کریں گے، اور اس کو منظور کرینگے۔ لیکن دھمکی یا زبردستی اور اہل آئرلینڈ کی مرضی کے خلاف جو معاہدہ کیا جائے وہ قائم نہیں رہ سکتا۔

## بہار کی سرکاری رپورٹ
### سات ہزار اموات

پٹنہ ۱۵ فروری۔ بہار کے زلزلہ کے متعلق گورنمنٹ کی رپورٹ شائع ہوگئی ہے جو کہ ... اس رپورٹ سے پایا جاتا ہے کہ بہار کا زلزلہ کیا بلحاظ شدت کیا بلحاظ تباہی تاریخ میں سب سے زبردست زلزلہ تھا۔ اس کا اثر کم سے کم چھ ہزار مربع میل رقبہ میں محسوس کیا گیا لیکن ان ہر دو امور کے باوجود نقصان جان مقابلتاً کم تھا یعنی صرف سات ہزار ... مکانات کی ... تعمیر کے لئے تقسیم کیا۔ ۱۸ لاکھ روپیہ مقامی گورنمنٹ اسی مطلب کے لئے قرض دیا۔ اس کے علاوہ ۲۵ لاکھ روپیہ کسانوں کو اپنے کھیتوں کو قابل کاشت بنانے کے لئے پیشگی دیا گیا ہے۔ وائسرائے فنڈ کے علاوہ میئر کلکتہ کے فنڈ سے بھی ساڑھے ۲۹ لاکھ روپیہ خرچ کیا۔ کانگرس فنڈ کا ذکر تک نہیں کیا گیا دیگر پرائیویٹ امداد جماعتوں نے بھی امداد کی۔

## پارلیمنٹری رپورٹ منظور ہوگئی
### کونسل آف اسٹیٹ کی کارروائی

دہلی ۱۵ فروری۔ کل کونسل آف اسٹیٹ میں سر یامین خاں ... کی تحریک منظور کر لی گئی کہ جائنٹ پارلیمنٹری کمیٹی کی مجوزہ اصلاحات ... راجہ غضنفر علی خاں نے مسٹر محمد علی جناح کی ترمیم کی وضع پر ایک ترمیم پیش کی تھی ...

## پارلیمنٹ میں لیبر پارٹی کو شکست

لندن ۱۵ فروری۔ مسٹر جارج لینسبری نے حکومت کے خلاف مذمت کی جو تحریک پیش کی تھی وہ ایک ہنگامہ خیز مباحثہ کے بعد ۸۱ آراء کے مقابلہ میں ۴۲۳ آراء سے مسترد ہوگئی۔ مسٹر لینسبری نے حکومت کی اس پالیسی پر نکتہ چینی کی کہ بیروزگاروں کو کارسر لگانے کے لئے حکومت نے کوئی ٹھوس امداد نہیں کی ہے۔ بلکہ ...

## امیر علی والی شرق اردن کا انتقال

بغداد ۱۵ فروری۔ عراق کے سابق بادشاہ علی کا انتقال ہوگیا ہے۔ آپ امیر فیصل مرحوم شاہ عراق کے بھائی اور موجودہ شاہ عراق شاہ غازی کے خسر تھے۔ جنگ عظیم کے زمانہ ... حکومت ان کے ہاتھ سے نکل گئی۔

## دو سرخ پوش اور ایک سپاہی ہلاک

نئی دہلی ۱۵ فروری۔ اتمان زئی سے اطلاع موصول ہوئی ہے کہ ...

## ہوائی جہاز تباہ۔ آٹھ مسافر ہلاک

لندن ۱۵ فروری۔ ہوائی وزارت کو اطلاع دی گئی ہے کہ ایک انگریزی جہاز میسینا کے پاس گر گیا ہے۔ معلوم ہوا ہے کہ جہاز میں آگ لگ گئی اور وہ پاش پاش ہو کر زمین پر گر گیا۔ اور جہاز کے اندر جتنے مسافر تھے ہلاک ہوگئے۔ جہاز میں دو ہوائی اور نصف درجن مسافر تھے۔

## آواز کے بغیر اڑنے والا طیارہ

ٹورنٹو (کینیڈا)۔ امریکہ ٹورنٹو کے رہنے والے ایک ۱۹ سالہ شخص ... نے یہ اعلان کیا ہے کہ اس نے ایک طیارہ ایجاد کیا ہے جو تیسری ہوا میں پرواز کرے گا اور اس کی پرواز کے وقت ہوا میں کسی قسم کا شور یا آواز پیدا نہیں ہوگی۔ ...

## حکومت حبش کا احتجاج

روم ۱۵ فروری۔ حکومت حبش نے حبش کی حدود پر فوجوں کے اجتماع کے خلاف حکومت اٹلی کو ایک احتجاجی تار بھیجا ہے۔

## جمعیۃ علماء ... اور سرحد ...
### ... کی شرکت

...

## حب زرین

...




۱۹۳۵ء

تار کا پتہ۔ میڈینز دہلی — ٹیلیفون ۵۵۶

# گن نی

طاقت کی بے مثل سنہری گولیاں

## مسیح الملک حکیم محمد احمد خان صاحب کا عطیہ (سفر یورپ کے بعد)

چالیس گولیاں سات روپیہ

## ہندوستانی دواخانہ (جس کو حکیم اجمل خاں نے ۱۹۰۳ء میں بنایا) دہلی (پوسٹ بکس ۲۲)

کان کا — خاص — تحفہ


---



## مقدمہ مسجد جنگل والی کے تمام اشخاص بری

دہلی کے بارہ معززین اشخاص کے خلاف (جس میں اراکین انتظامیہ کمیٹی مسجد جنگل والی کے ممبران بھی شامل ہیں) جو حکم سید اعجاز حسین شاہ صاحب مجسٹریٹ درجہ اول دہلی نے صادر فرمایا تھا اس حکم کو سشن جج صاحب بہادر صوبہ دہلی نے منسوخ کر دیا نقل فیصلہ حسب ذیل ہے:۔

مقدمہ ۱۷ الف بابت ۱۹۳۲ء ضلع دہلی۔ تاریخ اپیل ۵ اکتوبر ۱۹۳۲ء بذریعہ میاں عبدالعزیز صاحب بیرسٹر ایٹ لا۔ لاہور۔ حافظ عبدالعزیز صاحب بی۔ اے۔ ایل ایل۔ بی ایڈووکیٹ دہلی۔

نام اپیلانٹ ۱ حافظ محمد عثمان ولد حافظ محمد ابراہیم ۲ محمد امین ولد مولا بخش ۳ عبدالغنی وحاجی حفیظ اللہ ۴ حافظ محمد یوسف ولد حاجی محمد ابراہیم ۵ حاجی محمد ابراہیم وحاجی بخش الٰہی ۶ حاجی محمد معین ولد حاجی بخش الٰہی ۷ عبدالخالق ولد حاجی عبدالغنی ۸ حافظ محمد الیاس ولد حاجی محمد اسمٰعیل ۹ پیرجی عبدالرشید ولد حاجی عبدالعزیز ۱۰ محمد یٰسین ولد حاجی بخش الٰہی ۱۱ حافظ محمد احمد ولد حافظ فضل الرحمن ۱۲ حاجی عبدالستار ولد حاجی محمد اسمٰعیل ساکنان دہلی۔

بنام سرکار دولت مدار

اپیل بناراضی حکم سید اعجاز حسین شاہ صاحب مجسٹریٹ درجہ اول صوبہ دہلی محررہ ۲۰ ستمبر ۱۹۳۲ء

جرم زیر دفعہ ۱۴۸ تعزیرات ہند

خلاصہ حکم (سید اعجاز حسین شاہ صاحب مجسٹریٹ درجہ اول دہلی) جملہ ملزمان ضمانت تعدادی دو دو ہزار روپیہ و مچلکہ برائے ایک سال داخل کریں

فیصلہ سشن جج صاحب بہادر صوبہ دہلی

بیان کیا جاتا ہے کہ مستغیث (دہلی اللہ) نے ایک منہدم شدہ مسجد کو ...

... دیوانی حقوق میں مداخلت کی۔ لیکن یہ جرم ان کے خلاف عائد نہیں کیا گیا اور جب قبضہ ایک شخص کے ہاتھ سے نکل کر دوسرے کے پاس چلا جائے تو قانون بھی اس شخص کی طرف داری کرتا ہے جو قابض ہو۔ خواہ وہ قبضہ کسی طریق پر حاصل کیا گیا ہو۔

اگر نقص امن کا کوئی اندیشہ تھا تو مستغیث (دہلی اللہ) بذات خود وہ شخص تھا جس نے یہ اشتعال دلایا جب کہ اس نے ان اشخاص (محمد عثمان پارٹی) کی موجودگی میں جنہوں نے کمروں میں تالے ڈالے تھے۔ جبراً قبضہ کرنا چاہا۔ مستغیث دہلی اللہ کے اس دخل کی رکاوٹ صرف ایک یا دو اشخاص نے کی اور کوئی بڑی قوت استعمال نہیں کی گئی۔

یہ واقعہ ایسا نہیں تھا کہ جس سے دوسرے اشخاص کو (محمد عثمان پارٹی کے) جو اس وقت مسجد میں موجود تھے مجمع خلاف قانون قرار دیا گیا۔

میں اپیل منظور کرتا ہوں اور تمام ملزمان کو بری کرتا ہوں اور ان کے ضمانت نامے منسوخ کرتا ہوں۔

دستخط۔ آر۔ بی۔ بیکٹ صاحب بہادر سشن جج بہادر صوبہ دہلی
مورخہ سوم جنوری ۱۹۳۵ء (نامہ نگار)

## جمعیت رعایائے نظام
### اغراض و مقاصد اور مسلک

چونکہ اعلیٰ حضرت بندگان عالی مدظلہ العالی کی رعایا کی معاشرتی، اخلاقی، اقتصادی اور سیاسی ترقی کے لئے یہ لازمی ہے کہ پرامن اور آئینی طریقہ سے متحدہ اور منظم کوششیں کی جائیں اور چونکہ متحدہ کوششیں اس وقت تک ممکن نہیں جب تک کہ عوام الناس کے مختلف طبقات باہمی بے اعتمادی اور فرقہ وارانہ ... 

...

## سلک

...


## بچوں والو ہوشیار

... بال جیون گھٹی ...

منیجر بال جیون کاریا لیہ علی گڑھ شہر


## حضرت مولانا الحاج حافظ احمد سعید صاحب
کی
# تقریر سیرت

حضرت سحبان الہند مولانا الحاج حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند کی وہ بصیرت افروز شریعت آموز تقریر جو حضرت ممدوح نے ... کے جلسہ سیرت میں ارشاد فرمائی تھی اور جس کو بعد میں مزید تفصیل و تشریح کے ساتھ مرتب و مدون کر کے الجمعیۃ میں جزو جزو شائع کیا گیا تھا اب قارئین الجمعیۃ کے مسلسل و پیہم اصرار پر کتابی شکل میں ادارۂ الجمعیۃ کی جانب سے شائع کی جا رہی ہے اور اس کے ساتھ وہ آخری حصہ بھی شامل کر دیا ہے جو الجمعیۃ میں درج نہ کیا جا سکا تھا۔ جن حضرات نے اس تقریر کا شائع شدہ حصہ شروع سے آخر تک ملاحظہ فرمایا ہے ان کو تو ضرور یہ اندازہ ہوگیا ہوگا کہ رموز و معارف شریعت کا علم حاصل کرنے اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت مقدسہ کے متعلق ایک بے نظیر و بے عدیل مجموعۂ معلومات سے بہرہ اندوز ہونے کے لئے اس کتاب کی قدر و منزلت کیا ہو سکتی ہے لیکن ان حضرات کے لئے جو اس پورے سلسلہ کا مطالعہ نہیں کر سکے ہیں یا جنہوں نے یہ اعلان پہلی مرتبہ دیکھا ہے اتنا عرض کر دینا ضروری ہے کہ حضرت مولانا کی یہ تقریر اپنی بے شمار خصوصیات کے اعتبار سے ایک عجیب و نادر مجموعہ ہے جو نہ صرف موجودہ دور میں بلکہ آئندہ نسلوں کے لئے بھی یادگار رہے گا۔ شریعت مقدسہ کے نہایت ادق مسائل و دشوار نکات اس طرح پیش کئے گئے ہیں کہ ہر عالم و عامی ان کو سمجھ سکتا ہے اور ان سے افادہ کر سکتا ہے۔ اس پر حضرت مولانا کی سلاست زبان اور روانی بیان نے وہ کام کیا ہے کہ مضامین کی وقعت اور مسائل کی دشواری کے باوجود شروع سے آخر تک دلچسپی برابر قائم رہتی ہے۔ ہندوستان کے مختلف شہروں اور قصبوں میں ہزاروں لاکھوں مسلمان ایسے ہوں گے جو حضرت مولانا کے مواعظ حسنہ سے مستفید ہو چکے ہیں اور ایک مرتبہ نہیں صدہا مرتبہ حضرت مولانا کی تقریریں سننے کے باوجود ہمیشہ اس کے مشتاق رہتے ہیں کہ ایک مرتبہ پھر کہیں حضرت مولانا کی تقریر سننے کا اتفاق ہو۔ ان تمام مسلمانوں کے لئے یہ مژدہ یقیناً باعث مسرت ہوگا کہ یہ تقریر سیرت جو شائع کی جا رہی ہے۔ حضرت مولانا کی اکثر تقریروں کا لب لباب ہے اور اس میں سیرت کے متعلق بہت سے وہ مضامین جو حضرت مولانا اپنی مختلف تقریروں میں ارشاد فرمایا کرتے ہیں انداز بیان اور خوبی زبان کی تمام خصوصیتوں کے ساتھ جمع کر دیئے گئے ہیں اور اس لئے اس کتاب کو اپنے پاس رکھنا یا اس کا مطالعہ کرنا حضرت مولانا کے مواعظ حسنہ سے ہر وقت بہرہ اندوز ہونے کے مترادف ہے۔ "تقریر سیرت" میں جو مضامین زیر بحث آئے ہیں ان کے بعض عنوانات بطور نمونہ درج ذیل کئے جاتے ہیں تاکہ کتاب کی ہمہ گیری و وسعت کا کچھ اندازہ کیا جا سکے۔

### مختصر فہرست مضامین

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| روحانی اور جسمانی تربیت | سب سے پہلی یونٹی کانفرنس | حضرت رابعہ بصریہ کا واقعہ | یوم میثاق کے دو اقرار نامے | پنجاب کا نوری فرقہ | عیسویں صدی کے نوجوان | سندھ کے پیر | سلب اختیار | توہین انبیاء کے مجرم | حضرت لوط اور ابراہیم علیہما السلام |
| عالم بالا کی خدمات | فضل حق کا معاملہ | حضرت ابراہیم بن ادہم | الست بربکم قالوا بلیٰ | رفاعہ کی بیوی کا قصہ | ترتیب خواتین | پست اقوام پر اسلام کا احسان | توبہ کی مسرت کا تصور | انبیاء میں تفاوت | قوم لوط اور فرشتے |
| مسلمانوں کے تہوار | ہندوؤں اور مسلمانوں کا فرق | انبیاء اور حکماء کا فرق | فطرت کی عمومیت | حلالہ کا حکم | بیوہ کے ساتھ ظلم | رسم و رواج کی پابندی | اہل دل کا نقصان | حضرت امام الحرمین کا واقعہ | حضرت لوط کی تفریش |
| عید اضحیٰ اور عید الفطر | صلح حدیبیہ | مندھوں کا اتفاق | حضرت یوسف علیہ السلام کا حسن | حاملہ پیر زادوں سے سوال | قوانین اسلام کی ہمہ گیری | معجزات کی بحث | مخلوق کی اقسام | حدیث سے استدلال | حضرت لوط اور یوسف کا تبرک |
| عالم سفلی کے معجزات | عالم برزخ کے واقعات | نبی کریم کے مشاہدات | معانی و دستور | مستقبل کی تاریخ | ... | ... | ... | ... | ... |


پوری کتاب ... صفحات پر مشتمل ... مہتمم الجمعیۃ ... گلی قاسم جان دہلی

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

ید اللہ علی الجماعۃ

تار کا پتہ: "الجمعیۃ دہلی"
ٹیلیفون نمبر ۵۷۲

# سہ روزہ الجمعیۃ دہلی

مدیر مسئول: ہلال احمد زبیری (بی-اے) معاون: محمد عثمان فارقلیط

جلد ۲۱ | دہلی یوم یکشنبہ ۲۰ ذیقعدہ ۱۳۵۳ھ ہجری مطابق ۲۴ فروری ۱۹۳۵ء | نمبر ۱۴


## معاصرین کے افکار و آراء

### سوراج کی تشریحیں

### انگلستان میں بے روزگاری کا انسداد

### تعلیم یافتہ نوجوانوں کی بیکاری

### ہندوستان کے یورپین مسلمان

### ہندوستان کے بہترین مفاد

(سندھ ماتم)

(البشیر)

## یورپ کی صنف نازک اور جاسوسی

### سربستہ راز فروخت کرنے کا پیشہ

### حب الوطنی، انتقام اور سیاحت

### ایک نوجوان لڑکی کی گرفتاری

### خواتین کی رغبت


## پادری کی لڑکی کا قبول اسلام

اسپین کے ایک جلیل القدر پادری کی لڑکی نے جب اسلامی تعلیمات کا مقابلہ کیا اور مسلمانوں کے مذہب اور ان کے اعمال کو بغور دیکھا تو اس کے دل میں اسلام کی صداقت و حقانیت جاگزیں ہوگئی اور اس نے یہ فیصلہ کرلیا کہ حقیقتاً اسلام ہی وہ مذہب ہے جو دنیا اور آخرت میں نجات کا راستہ بتاتا ہے۔ اور اس کے علاوہ جتنے مذاہب ہیں وہ سب باطل اور صراط مستقیم سے بھٹکا دینے والے ہیں۔ جب عیسائیوں کو اس کی خبر ہوئی تو تمام پادریوں نے مل کر اس لڑکی پر بیشمار مظالم ڈھائے اور اسقدر جان گداز اور صبر آزما مصائب میں مبتلا کیا کہ دیکھنے والوں کے رونگٹے کھڑے ہونے لگے۔ مگر وہ لڑکی اسلام پر ثابت قدم رہی۔ اور اس نے بالآخر تمام پادریوں کی ایک شاندار مجلس میں اسلام کی حقانیت پر ایک بصیرت افروز مناظرہ کیا۔ فضیلت اسلام اور رد عیسائیت کے جس قدر دلائل ممکن تھے وہ تائید الٰہی سے اس لڑکی نے پادریوں کے مقابلے میں اس خوش اسلوبی کے ساتھ پیش کئے کہ سامعین حیرت و استعجاب کے سمندر میں غرق ہوگئے اور پادریوں سے کوئی جواب بن نہ پڑا۔ اور وہ لڑکی ہمیشہ کیلئے اسلام ہی سے وابستہ ہوگئی۔ اس کا تمام مناظرہ اور اس کی زندگی کے واقعات ایک کتاب میں قلمبند کردئے گئے ہیں۔ اگر آپ کو گزشتہ عظمت و سطوت کا مطالعہ کرنا ہے اور عیسائیت کے مقابلہ میں اسلام کی حقانیت کے بےشمار دلائل سے واقفیت حاصل کرنے کا شوق ہے۔ اور آپ اس کتاب کے ذریعہ تبلیغ اسلام کا فریضہ ادا کرنا چاہتے ہیں تو فوراً طلب کیجئے۔ پہلا ایڈیشن قریب الختم ہے۔ اگر دیر ہوئی تو دوسرے ایڈیشن کا انتظار کرنا پڑے گا۔ قیمت فی جلد ۱۲/ علاوہ محصولڈاک۔ تبلیغی مقاصد کے لئے بیس بائیس سے زائد جلدوں کے خریدار کو پچیس فی صدی کمیشن دیا جائے گا۔

ملنے کا پتہ: منیجر الجمعیۃ دہلی



4612
Moulvi Mehdi Hassan s/o Mufti
P.O. Rander
Dt Surat

Regd No L.1793.

The Jamiat

Vol. XXI No 13 DELHI 20th FEBRUARY 1935 WEDNESDAY PRICE ONE ANNA



نورانی قرآن مجید

نہایت عمدہ جلی اور نہایت صحیح قرآن شریف اگر درکار ہو تو نورانی قرآن مجید الجمعیۃ بک ایجنسی دہلی سے طلب فرمائیے قیمت مجلد بارہ روپیہ

پادری کی لڑکی کا قبول اسلام

اور اس کے حیرت انگیز کارنامے معلوم کرنے ہوں اور ... اسلام کی حقانیت ... قیمت فی جلد ۱۲/ علاوہ محصول ڈاک

منیجر الجمعیۃ دہلی


## آجرہ کے مسلمانوں کی ہمدردی میں جلسہ

بتاریخ ۸ فروری ۱۹۳۵ء شب کے نو بجے جامع مسجد کے سامنے آجرہ کے مسلمانوں کی ہمدردی میں ایک جلسہ زیر صدارت جناب احمد صاحب غنی بڑا اجلاس میں ہندو بھی شریک تھے سب سے پہلے جناب مولانا مولوی صفی اللہ صاحب ...

## مسلمانان احمد آباد کی عالم نوازی

## بھوپال میں کالج کی ضرورت

## شریعت بل کی تائید میں جلسہ

## آوارہ عورت کے عشاق میں جنگ

### تین ہلاک عورت کی خودکشی


## محبوب عاشق کے قدموں پر

ملنے کا پتہ: مغل شاہ عالم گلی راجان دہلی

خاص رعایت

## حیات حافظ رحمت خاں

غیر مجلد دو روپے چار آنے میں خریدیئے

روہیلکھنڈ کے حافظ بادشاہ حافظ الملک حافظ رحمت خاں کی مشہور و معروف سوانح عمری کا پہلا ایڈیشن ختم ہونے والا ہے صرف تھوڑی سی جلدیں باقی ہیں جلد آرڈر دیجئے ورنہ دوسرے ایڈیشن کا انتظار کرنا پڑے گا۔

ملنے کا پتہ: منیجر اخبار الجمعیۃ گلی قاسم جان دہلی

آج تک کسی کو بلا کسی نے سنا

## آٹھ کے ہمراہ خاص انعام صرف ۵ میں

انٹرنیشنل ٹریڈنگ کمپنی پوسٹ بکس ۲۴۷ کلکتہ (A-D)

حیرت انگیز بےضرر ایجاد

## امساک کی گولیاں

طلاء نشاط

منیجر نروٹیو فارمیسی (السراج) بالمقابل مرکنٹائل بینک نزد فتحپوری دہلی DELHI

## مفت! مفت!! مفت!!!

پرنسپل اولڈ انڈین میڈیکل کالج انبالہ شہر

## خضاب چھوڑ دو

## حمائل شریف مترجم مع خلاصۃ التفاسیر

ملنے کا پتہ: منیجر اخبار الجمعیۃ گلی قاسم جان دہلی

مشہور و معروف دو ترجمہ والا معجز نما متوسط قرآن مجید مع کامل تفسیر

## حیرت انگیز رعایتی اعلان

منیجر اخبار الجمعیۃ گلی قاسم جان دہلی

# خطبۂ صدارت شریعت کانفرنس

## منعقدہ ۲۲-۲۳-۲۴ فروری ۱۹۳۵ء بمقام پشاور (صوبہ سرحد)

از

علامۃ العصر فہامۃ الدہر مفتی ہند شیخ الحدیث والفقہ حضرت مولانا مولوی مفتی محمد کفایت اللہ صاحب

صدر جمعیۃ علماء ہند و صدر کانفرنس

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للہ العلی الکبیر المتعال المتوحد فی ذاتہ المتفرد فی صفات الکمال اشہد ان لا الہ الا ہو وحدہ لا شریک لہ لم یزل ولا یزال والصلوٰۃ والسلام علی رسولہ النبی الامی الہادی الی الرشد والفلاح المنقذ من ہاویۃ الغوایۃ والضلال صلی اللہ علیہ وسلم ما دامت الایام واللیال وعلی آلہ واصحابہ الامجاد

واٰخر دعوانا ان الحمد للہ رب العلمین والصلوٰۃ والسلام علی رسولہ محمد وآلہ واصحابہ اجمعین۔

فقیر محمد کفایت اللہ کان اللہ لہ
ذی القعدہ ۱۳۵۳ھ ۔ فروری ۱۹۳۵ء


اٹھ کہ خورشید کا سامان سفر تازہ کریں
نفسِ سوختۂ شام و سحر تازہ کریں

بیس سال کے بعد
دنیائے اسلام کے شاعرِ اعظم کا اردو کلام شائع ہو گیا
ترجمانِ حقیقت
علامہ ڈاکٹر محمد اقبال مدظلہ
کے
تازہ اردو کلام کا مجموعہ
## بالِ جبریل
جس کے لئے دنیا بے تابی کے ساتھ گھڑیاں گن رہی تھی
بہترین کاغذ پر اعلیٰ طباعت اور مطلا جلدبندی کے زیور سے آراستہ و پیراستہ ہو کر مکمل ہو گیا ہے
اس مجموعہ کی ہر غزل اور ہر نظم میں ایک نئے جذبے اور نئے ولولۂ حیات کا زندہ پیغام ہے قیمت تین روپے علاوہ محصول ڈاک۔ فوراً منگوائیے۔ ورنہ دوسرے ایڈیشن کی انتظار کرنی ہو گی۔
مسدس حالی — عکسی، رنگین و سنہری بلاکوں کے ساتھ بڑھیا قسم کے ولایتی آرٹ پیپر پر سات خوشنما رنگوں میں تاج کمپنی نے ہزار ہا روپیہ بلاکوں پر صرف کر کے مسدس حالی کو اس کی شان و عظمت کے مطابق طبع کیا ہے۔ جو صرف دیکھنے ہی سے تعلق رکھتی ہے۔ قیمت صرف تین روپے۔
ملنے کا پتہ:- تاج کمپنی لمیٹڈ بریڈلا روڈ۔ لاہور
(ناشران قرآن مجید و اسلامی مطبوعات)



## الخیر الکثیر! حضرت شاہ ولی اللہ رحمۃ اللہ علیہ
کی جلیل القدر تصنیف
جس کیلئے دنیائے اسلام کی آنکھیں ترستی تھیں، شاذ و نادر کسی پرانے کتب خانہ میں اگر کوئی قلمی نسخہ تھا بھی تو وہ کثرت نقل کی وجہ سے مسخ اور ناقابل استفادہ تھا الحمد للہ کہ آج مجلس علمی ڈابھیل کی مساعی نے اس کو زیور طبع سے آراستہ کر کے اہل علم کیلئے ایک بیش قیمت تحفہ پیش کر رہی ہیں۔ نسخہ کی تصحیح میں جو مجلس نے اہتمام کیا ہے اس کا اندازہ اس سے ہو سکتا ہے کہ آخری نسخہ جس سے طبع شدہ نسخہ کا مقابلہ کیا گیا ہے وہ حضرت مولانا عبید اللہ سندھی مقیم حرم محترم کا ہے جو انہوں نے ماسکو (روس) کے کتب خانہ سے بڑے اہتمام سے نقل کیا تھا۔ سائز ۲۶×۲۰ بہترین طباعت و کتابت کاغذ سفید چکنا ٹائٹل رنگین قیمت ایک روپیہ (عمہ)
ملنے کا پتہ:- (مولوی) محمد ادریس مالک مکتبہ شرقیہ، سوئیگران دہلی



## سچا ہمدم و رہبر بے دام
پاک صاف خیالات پیدا کر کے جسمانی و روحانی صحت حاصل کرنے کیلئے دنیا میں سچی خوشی دستیاب کرنے کیلئے آپ آج ہی ایک کارڈ تحریر کر کے کتاب کام شاستر بالکل مفت منگوالیں۔
ویدشاستری، جام نگر، کاٹھیاواڑ





کوی و نو دو وید بھوشن پنڈت ٹھاکر دت شرما وید موجد امرت دھارا کی مفید و دلچسپ تصنیف
## کام ودیا شاستر حصہ اول
اس میں ۲۴۵ دستی تصاویر اور پچاس فوٹو بلاک کی تصاویر دی گئی ہیں!
ساتویں بار چھپ کر تقریباً نصف بک چکی ہے جلدی منگوالیں۔ ورنہ آٹھویں ایڈیشن کا انتظار کرنا پڑے گا قیمت اردو پانچ روپے ہندی پانچ روپے
طالب علم درخواست نہ کریں!
کام و کوک شاستر کی لوٹ مچ رہی ہے اس ضروری مضمون کو غلط پیش کیا جاتا ہے۔ پنڈت صاحب نے سینکڑوں کتب کے مطالعہ کے بعد صحیح طور پر اس علم سے پبلک کو واقف کرنے کے واسطے قلم اٹھایا ہے حصہ اول نکل کر سات بار چھپ چکا ہے حصہ دوم لکھا جا رہا ہے۔ حصہ اول میں مرد و عورت کی جوانی اور خوبصورتی کا مکمل بیان ہے ان کی اقسام پر مکمل بحث ہے اور انسانی جسم کے سوجھ پر مکمل روشنی ڈالی گئی ہے کتاب دیکھنے سے تعلق رکھتی ہے۔ زیادہ تعریف یہاں لکھنے کی ضرورت نہیں جبکہ
ناپسند ہونے پر واپسی کی شرط ہے!
یعنی کتاب پہنچنے پر اگر ناپسند ہو تو دس دن کے اندر رجسٹری کر کے واپس کر دیں تصاویر وغیرہ دیکھ کر ہم اس کی قیمت آپ کو منی آرڈر کر دیں گے
خط و کتابت و تار کے لئے پتہ:- امرت دھارا ۴۵ لاہور
المشتہر:- مینجر امرت دھارا اوشدھالیہ۔ امرت دھارا بھون۔ امرت دھارا سٹرک۔ امرت دھارا ڈاک خانہ۔ لاہور



ہمارے ایجنٹ:- میسرز بہاری لال گھاسی رام کھاری باؤلی اسٹریٹ دہلی

# خطبۂ صدارت شریعت کانفرنس

## منعقدہ ۲۲-۲۳-۲۴ فروری ۱۹۳۵ء بمقام پشاور (صوبۂ سرحد)

از

## علامۃ العصر فہامۃ الدہر مفتی ہند شیخ الحدیث و الفقہ حضرت مولانا مولوی مفتی محمد کفایت اللہ صاحب

## صدر جمعیۃ علماء ہند و صدر کانفرنس

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للہ العلی الکبیر المتعال المتوحد فی ذاتہ المتفرد بصفات الکمال اشہد ان لا الہ الا ھو وحدہ لا شریک لہ لم یزل ولا یزال والصلوٰۃ والسلام علی رسولہ النبی الامی الہادی الی الرشد والفلاح المنقذ من ھاویۃ الغوایۃ والضلال صلی اللہ علیہ وسلم مادامت الایام واللیال وعلی آلہ واصحابہ المتادبین باٰدابہ والمتمسکین بھدیہ ابداً۔

اما بعد - فقیر بے بضاعت خاکسار محمد کفایت اللہ آپ حضرات کا تہ دل سے شکرگزار ہے کہ آپ نے اس عظیم الشان جلسہ کی صدارت سے اس فقیر کو معزز و ممتاز فرمایا۔ حق تعالےٰ آپ کو جزائے خیر عطا فرمائے آمین۔

یہ مبارک و مقدس اجتماع ایک ایسا اجتماع ہے جس کی عظمت و اہمیت اس کے نام (شریعت کانفرنس) سے ہی ظاہر ہے۔

اس مجلس کا انعقاد جس صوبہ میں ہو رہا ہے وہ صوبہ بھی خاص اسلامی روایات کا حامل ہے۔ یہاں کے نیک دل اور سیدھے مسلمان شریعت غرائے محمدیہ علیٰ صاحبہا الصلوٰۃ والسلام والتحیہ کے ساتھ جو عشق و شغف رکھتے ہیں وہ تمام ہندوستان میں مشہور و معروف ہے۔ اگر ہندوستان کے دوسرے صوبوں سے یہ صوبہ اس اسلامی ضرورت کو پورا کرنے کی مساعی میں پیش پیش رہا تو یہ کوئی تعجب کی بات نہیں یہی ہونا چاہئے تھا اور الحمد للہ کہ یہی ہوا۔

### شریعت کانفرنس کا مقصد

شریعت کانفرنس کا مقصد انعقاد کیا ہے۔ یہ ایک سوال ہے جو بعض مسلمانوں ...

[illegible]

### دار القضاء

[illegible]

### شریعت کانفرنس کا دائرہ عمل

[illegible]

واٰخر دعوانا ان الحمد للہ رب العالمین والصلوٰۃ والسلام علیٰ رسولہ محمد وآلہ واصحابہ اجمعین۔

فقیر محمد کفایت اللہ کان اللہ لہ

ذی القعدہ ۱۳۵۳ھ - فروری ۱۹۳۵ء


اٹھ کہ خورشید کا سامان سفر تازہ کریں　　نفس سوختۂ شام و سحر تازہ کریں

بیس سال کے بعد

دنیائے اسلام کے شاعر اعظم کا اردو کلام شائع ہو گیا

ترجمان حقیقت

علامہ ڈاکٹر سر محمد اقبال مدظلہ

کے

تازہ اردو کلام کا مجموعہ

بال جبریل

جس کے لئے دنیا بے تابی کے ساتھ گھڑیاں گن رہی تھی

بہترین کاغذ پر اعلیٰ طباعت اور مطلا جلد بندی کے زیور سے آراستہ و پیراستہ ہو کر مکمل ہو گیا ہے

اس مجموعہ کی ہر غزل اور ہر نظم میں ایک نئے جذبے اور نئے ولولۂ حیات کا زندہ پیغام ہے قیمت تین روپے علاوہ محصول ڈاک۔ فوراً منگوائیے۔ ورنہ دوسرے ایڈیشن کی انتظار کرنی ہوگی۔

مسدس حالی　عکسی۔ رنگین و سنہری بلاکوں کے ساتھ بڑھیا قسم کے ولایتی آرٹ پیپر پر سات خوشنما رنگوں میں تاج کمپنی نے ہزار ہا روپیہ بلاکوں پر صرف کر کے مسدس حالی کو اس کی شان و عظمت کے مطابق طبع کیا ہے جو صرف دیکھنے ہی سے تعلق رکھتی ہے قیمت صرف تین روپے۔

ملنے کا پتہ:- تاج کمپنی لمیٹڈ برانڈرتھ روڈ۔ لاہور

(ناشران قرآن مجید و اسلامی مطبوعات)



الخیر الکثیر! حضرت شاہ ولی اللہ رحمۃ اللہ علیہ

کی جلیل القدر تصنیف

جس کیلئے دنیائے اسلام کی آنکھیں ترستی تھیں، شاذ و نادر کسی پرانے کتب خانہ میں اگر کوئی قلمی نسخہ تھا بھی تو وہ کثرت نقل کی وجہ سے مسخ اور ناقابل استفادہ تھا الحمد للہ کہ آج مجلس علمی ڈابھیل کی مساعی خیر کثیر کو زیور طبع سے آراستہ کر کے اہل علم کیلئے ایک بیمثل تحفہ پیش کر رہی ہیں۔ نسخہ کی تصحیح میں جو مجلس نے اہتمام کیا ہے اس کا اندازہ اس سے ہو سکتا ہے کہ آخری نسخہ جس سے تصحیح شدہ نسخہ کا مقابلہ کیا گیا ہے وہ حضرت مولانا عبید اللہ سندھی مقیم حرم محترم کا ہے جو انہوں نے ماسکو (روس) کے کتب خانہ سے بڑے اہتمام سے نقل کیا تھا۔ سائز ۲۰×۲۶ بہترین طباعت و کتابت کاغذ سفید چکنا ٹائیٹل رنگین قیمت ایک روپیہ (عـہ)

ملنے کا پتہ:- (مولوی) محمد ادریس مالک مکتبہ شرقیہ سوئیگران دہلی



سچا ہمدم و رہبر بے دام

پاک صاف خیالات پیدا کر کے جسمانی و روحانی صحت حاصل کرنے کیلئے دنیا میں سچی خوشی دستیاب کرنے کیلئے آپ آج ہی ایک کارڈ تحریر کر کے کتاب کام شاستر بالکل مفت منگوا لیں۔

ویدشاستری رجام نگر۔ کاٹھیاواڑ






معجون شباب آور (رجسٹرڈ)

قوت مردمی اور دل۔ دماغ کی کمزوری کے لئے مشہور

زہریلی اور نشہ کی چیزوں سے بالکل پاک ہے مشک عنبر مروارید وغیرہ

تمام ہندوستان میں اس کے بے نظیر فوائد کا اعتراف

قیمت فی شیشی (پانچ تولہ) پانچ روپیہ نمونہ کی شیشی (ایک تولہ) ایک روپیہ

ہمدرد دواخانہ یونانی دہلی





منیجر ہمدرد دواخانہ یونانی دہلی　ٹیلیفون نمبر 5778



کوی ونود وید بھوشن پنڈت ٹھاکر دت شرما وید موجد امرت دھارا کی مفید و دلچسپ تصنیف

کام ورتی شاستر حصہ اول

اس میں ۲۴۵ دستی تصاویر اور پچاس فوٹو بلاک کی تصاویر دی گئی ہیں!

ساتویں بار چھپ کر تقریباً نصف بک چکی ہے جلدی منگوالیں۔ ورنہ آٹھویں ایڈیشن کا انتظار کرنا پڑے گا قیمت اردو پانچ روپے ہندی ستے روپے

طالب علم درخواست نہ کریں!

کام و کوک شاستر کے نام پر لوٹ مچ رہی ہے۔ اس ضروری مضمون کو غلط پیش کیا جاتا ہے۔ پنڈت صاحب نے سینکڑوں کتب کے مطالعہ کے بعد صحیح طور پر اس علم سے پبلک کو واقف کرنے کے واسطے قلم اٹھایا ہے حصہ اول نکل کر سات بار چھپ چکا ہے حصہ دوم لکھا جا رہا ہے۔ حصہ اول میں مرد و عورت کی جوانی اور بلوغت کا مکمل بیان ہے۔ ان کی اقسام پر مکمل بحث ہے اور انسانی جسم کے ہر عضو پر مکمل روشنی ڈالی گئی ہے کتاب دیکھنے سے تعلق رکھتی ہے۔ زیادہ تعریف یہاں لکھنے کی ضرورت نہیں جبکہ

ناپسند ہونے پر واپسی کی شرط ہے!

یعنی کتاب پہنچنے پر اگر ناپسند ہو تو دس دن کے اندر رجسٹری کر کے واپس کر دیں تصاویر وغیرہ دیکھ کر ہم اسکی قیمت آپکو منی آرڈر کر دیں گے

خط و کتابت و تار کے لئے پتہ:- امرت دھارا ۴۵ لاہور

المشتہر: مینیجر امرت دھارا اوشدھالیہ۔ امرت دھارا بھون۔ امرت دھارا سٹرک۔ امرت دھارا ڈاکخانہ۔ لاہور

ہمارے ایجنٹ:- میسرز بہاری لال گھاسی رام کھاری باؤلی اسٹریٹ دہلی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# الجمعیۃ دہلی

یوم یکشنبہ ۲۰ ذیقعدہ ۱۳۵۳ ہجری

# ہندوستان کا سب سے زیادہ مجبور و مظلوم علاقہ

## بدنصیب بلوچستان

(۲)

وائٹ پیپر کی اشاعت کے بعد جب یہ معلوم ہوا کہ بلوچستان کو بالکل ہی نظر انداز کر دیا گیا اور ان تمام مطالبات کو جو ہندوستان کے طول و عرض میں مختلف طبقات کی جانب سے بلوچستان کی ظالمانہ حالت کو بدلنے اور وہاں کی حکومت کو مہذب کرنے کے متعلق پیش کئے گئے تھے ٹھکرا دیا گیا اور تمام ہندوستان میں سب سے زیادہ بدتر اور ناقابل برداشت نظام حکومت بلوچستان ہی کو دیا گیا تو ایک مرتبہ پھر تمام ملک کے اخبارات میں اس طرز عمل کے خلاف احتجاج کیا گیا اور خود باشندگان بلوچستان نے بھی اس بے انصافی اور سراسر ظلم کے خلاف آواز بلند کی اور ایک مفصل یادداشت جو موجودہ حالات اور آئندہ کیلئے ضروری مطالبات پر مشتمل تھی تیار کر کے جائنٹ پارلیمنٹری کمیٹی کے سامنے غور و خوض کی غرض سے پیش کی گئی۔ یہ یادداشت خان عبدالصمد خاں صدر "بلوچستان و آل انڈیا بلوچ کانفرنس" نے مرتب فرمائی تھی اور اس میں شروع سے آخر تک باشندگان بلوچستان کی صحیح نمائندگی کی گئی تھی، اور موجودہ حالات کو دیکھتے ہوئے ان کے طرز حکومت میں جن اقل قلیل تغیرات کی فوری ضرورت ہے انہیں پیش کیا گیا تھا۔ مشترکہ پارلیمنٹری کمیٹی کے غور و فیصلہ کے لئے باشندگان بلوچستان کے انتہائی معتدل اور معقول مطالبات حسب ذیل تھے:۔

(۱) شاہی جرگہ بلوچستان کی مجلس مقننہ ہوگا جس کے پاس قانون سازی کے پورے اختیارات ہونگے اور جس میں برطانوی بلوچستان، قلات، لس بیلا اور خاران کی حکومتوں کے نمائندے ہونگے۔ یہ جرگہ بلوچستان کی کنفیڈریشن کیلئے قانون وضع کریگا اس کو مداخلت کے اور ملامت کے ووٹ کی تحریک کرنے کے اور قرار دادیں پاس کرنے کے اختیارات حاصل ہوں گے۔ اس کے ۷۵ ممبران بطریق ذیل ہونگے:۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۔ انتخاب شدہ ممبران | ۱۹ | ۲۔ نامزدگان | ۲۱ |
| ۳۔ عہدہ داران | ۶ | ۴۔ مری اور بگٹی قبائل کے تمام نامزدگان | ۲ |
| ۵۔ ریاست قلات کے عہدہ داران | ۲۳ | ۶۔ قلات کے عہدہ دار | ۱ |
| ۷۔ ریاست لس بیلہ | ۲ | ۸۔ لس بیلہ کے عہدہ دار | ۱ |
| | | کل | ۷۵ |

(۲) اجلاس جرگہ میں جو ممبران حاضر ہونے کے لئے آئیں گے انہیں کی جائے سکونت سے مقام جرگہ تک ریلوے کا دوگنا سکنڈ کلاس کا کرایہ ملیگا، اور انہیں اجلاس کے دوران میں دس روپیہ روزانہ الاؤنس بھی ملیگا۔ ہر ایک شاہی جرگہ کی میعاد تین سال ہوگی۔

(۳) بجٹ پر برطانوی بلوچستان کے ممبران کو مع اراکین قبائلی علاقہ جات ووٹ دینے کا حق حاصل ہوگا۔ اس پر دیگر ممبران بحث و تمحیص کر سکتے ہیں۔

(۴) شاہی جرگہ کو اختیار ہوگا کہ غیر منتقلہ بجٹ میں تخفیف کی تحریک کرے اور اسے مضامین غیر منتقلہ میں مداخلت کے اور جرح و تعدیل کے اختیارات حاصل ہونگے۔

(۵) ہر فرد کو جو ذیل کی کسی ایک شرط کو پورا کرے صرف ایک ووٹ دینے کا اختیار ہوگا۔

(الف) ہر وہ شخص جو پانچ روپے سالانہ بطور مالیہ ادا کرتا ہے۔

(ب) ہر وہ شخص جو دو روپے سالانہ بطور ٹیکس چرائی ادا کرتا ہے۔

(ج) ہر وہ شخص جو ڈھائی روپے ماہوار دوکان یا مکان کا کرایہ دیتا ہے۔

(د) ہر وہ شخص جو انکم ٹیکس ادا کرتا ہے۔

(ہ) ہر وہ شخص جس کا اپنا مکان ہو۔

(ی) ہر وہ شخص جس نے یونیورسٹی کے مڈل کا امتحان پاس کیا ہو یا چار انگریزی کی جماعتیں پاس کی ہوں۔

(۶) ریاستوں کے نظام حکومت کی باگ ڈور ان کے اپنے فرماں رواؤں کے ہاتھ میں ہوگی۔ برطانوی بلوچستان کی عنان حکومت چیف کمشنر کے ہاتھ میں ہوگی جس کے ساتھ تین ممبر ہوں گے۔ ایک مشیر اور دو وزراء۔ مشیر کو گورنر جنرل نامزد کریگا۔ وہ مضامین غیر منتقلہ کا ذمہ دار ہوگا اور وزراء مضامین منتقلہ کے۔

وزیر مالیات کے پاس (۱) مالگزاری۔ (۲) انہار (۳) جنگلات۔ (۴) زراعت (۵) کانیں اور (۶) محصول آبکاری کے جزودان ہونگے۔

وزیر تعلیم کے پاس (۱) تعلیم (۲) صنعت و حرفت (۳) صحت اور (۴) لوکل سیلف گورنمنٹ کے جزودان ہونگے۔

وزراء کا انتخاب شاہی جرگہ اپنے ممبروں میں سے کریگا اور وہ جرگے کے سامنے ذمہ دار ہونگے۔ وزیروں کو ۲۰۰۰ روپیہ تنخواہ ملیگی۔

(۷) بلوچستان فیڈرل ہندوستان کا ایک جزو ہوگا۔ اس کی نمائندگی فیڈرل لیجسلیچر میں دو ممبر کرینگے (جن میں سے ایک ریاستوں سے ہوگا) اور ایک ممبر ہاؤس آف اسمبلی میں۔

(۸) سرحدی قانون اور ایسے ہی دیگر قوانین منسوخ کر دئے جائیں گے۔ رسمی قانون کا ایک رسالہ شریعت اور جدید مساوات کی روشنی میں مرتب کیا جائیگا جو کہ سارے بلوچستان پر حاوی ہوگا۔ مقدمات کی مکمل کارروائی تحریری صورت میں محفوظ رکھی جائیگی اور مقدمہ کرنے والوں کو دوسرے صوبوں کی طرح تمام تر سہولتیں بہم پہنچائی جائیں گی۔

(۹) شہ بول کے ممبران حسب سابق نامزد کئے جائیں گے لیکن شاہی جرگہ کے ممبران نامزد نہیں کئے جا سکیں گے وہ عام رسمی قانون کے مطابق فیصلے دیں گے۔

(۱۰) ریاستوں کی اپنی عدالت ہائے عالیہ ہوں گی۔ چیف کمشنر معہ دو مشیروں کے (جن میں سے ایک لازمی طور پر پنجابی مسلمان ہوگا) برطانوی بلوچستان کی عدالت عالیہ کے فرائض سر انجام دیگا۔

(۱۱) برطانوی بلوچستان اور ریاستوں کے پانچ نامزد ممبران پر مشتمل ہوگی۔

(۱۲) یہ محکمہ چیف کمشنر کے ماتحت ہوگا۔ جو کہ انسپکٹر جنرل کے فرائض انجام دیگا۔ شاہی جرگہ کو اختیار ہوگا کہ ممبران پولیس کی کارروائی پر جرح و تعدیل کرے اور ملامت کا ووٹ پاس کرے۔

(۱۳) کوئٹہ کی میونسپلٹی ایک انتخاب شدہ مجلس ہوگی، نامزدگی اور انتخاب کے مفاد کیلئے ایسے دیہات بھی شہر کے ساتھ شامل ہونگے جو کہ سات میل قطر کے اندر ہوں، ہر بالغ کو جو اس کے اندر رہتا ہے صرف ایک ووٹ دینے کا اختیار ہوگا۔ "ٹاؤن کمیٹیاں" سبی، لورالائی وغیرہ میں قائم کی جائیں گی۔

(۱۴) بازار فنڈ ضلع کے لوکل بورڈوں کی صورتوں میں منتقل کئے جائینگے بورڈوں کے پریزیڈنٹ سرکاری عہدہ دار نہیں ہونگے۔

### پارلیمنٹری کمیٹی کا فیصلہ

مگر ان مطالبات پر ہمدردانہ غور کرنے اور بدنصیب بلوچستان کو سالہا سال کے وحشیانہ طرز حکومت سے نکال کر رواداری اور مساوات کا سلوک کرنے کی سفارش کرنے کے بجائے مشترکہ پارلیمنٹری کمیٹی نے جو کچھ کیا وہ صرف گزشتہ تلخ تجربات کا افسوسناک اعادہ تھا۔ نہ صرف یہ کہ بلوچستان کے معاملہ کو وہ اہمیت نہیں دی گئی جس کا کہ وہ مستحق تھا بلکہ وائٹ پیپر کے مجوزہ دستور کی حرفاً حرفاً توثیق کر دی گئی اور موجودہ انڈیا بل جو اس وقت پارلیمنٹ کے زیر غور ہے اور جس کے متعلق بآسانی یہ کہا جا سکتا ہے کہ وہ کم سے کم بلوچستان کے تعلق میں بغیر کسی ترمیم کے منظور ہو جائے گا۔ پارلیمنٹری کمیٹی کی ان ہی سفارشات کے مطابق بنایا گیا ہے جو اس کی رپورٹ میں مندرج تھیں۔ ان سفارشات کا خلاصہ حسب ذیل تھا:۔

(۱) گورنر جنرل کو صوبہ بلوچستان پر مطلق العنانی کے ساتھ حکومت کرنے کے پورے اختیارات بلا شرکت غیرے حاصل ہونگے۔

(۲) گورنر جنرل کی مجلس وزراء کو صوبہ بلوچستان کے متعلق کسی قسم کا مشورہ دینے کا حق نہیں ہوگا۔

(۳) صوبہ بلوچستان کی حیثیت ایک چیف کمشنر کے صوبہ کی جیسی ہوگی مگر چیف کمشنر مرکزی حکومت کے ماتحت نہیں ہوگا بلکہ صرف گورنر جنرل کے ماتحت ہوگا۔

(۴) صوبہ بلوچستان کے لئے گورنر جنرل کو ہر قسم کے قوانین وضع کرنے کا اختیار حاصل ہوگا، اور اگر وہ چاہیگا تو مرکزی مجلس مقننہ کے بنائے ہوئے کسی قانون کو بھی بجنسہ یا اپنی ترمیم و تنسیخ کیساتھ نافذ العمل کر سکے گا۔

پارلیمنٹری کمیٹی کی یہ سفارشات بالکل وائٹ پیپر کے مطابق ہی تھیں اور جیسا کہ گزشتہ اشاعت میں ہم ظاہر کر چکے ہیں دستور سازی کی تاریخ میں ابتدا سے بلوچستان کے ساتھ جو بے انصافی برتی گئی ہے اس کا ایک آخری فیصلہ کن مظاہرہ تھیں۔ ان سفارشات کو پیش کرتے ہوئے پارلیمنٹری کمیٹی نے لکھا تھا کہ "بلوچستان جیسے علاقہ کے لئے یہ انتظامات نہایت موزوں اور درست ہیں اور ان سے بہتر نظام حکومت وضع ہی نہیں کیا جا سکتا تھا۔ اور ہم ان سے پوری طرح مطمئن ہیں" یہ گویا اس یادداشت کا نتیجہ تھا جو بلوچستان کے باشندوں کی جانب سے پارلیمنٹری کمیٹی کے سامنے غور کرنے کے لئے پیش کی گئی تھی۔

ممکن ہے کہ وہ سرکاری و نیم سرکاری حضرات جو ہندوستان سے حکومت کی نامزدگی کے بعد گول میز کانفرنسوں میں شرکت کے لئے انگلستان تشریف لے گئے تھے اور جنہیں ہندوستان کے اندر اور انگلستان میں برطانوی سیاسیین سے تبادلۂ خیالات اور بحث و تمحیص کا موقع ملا ہے۔ حکومت ہند اور حکومت برطانیہ کے اس سراسر نامعقول جابرانہ طرز عمل کے لئے کوئی وجہ جواز سمجھ سکے ہوں لیکن ہم نے جہاں تک غور کیا ہے ہمیں نہ تو سائمن کمیشن کے بتلائے ہوئے اسباب و علل میں کوئی سبب و علت ایسی نظر آتی ہے جو معقولیت کے ساتھ بلوچستان کو ترقی یافتہ اصلاحات سے محروم کر سکے اور نہ حکومت ہند کے ڈسپیچ یا گول میز کانفرنسوں کی کارروائیوں یا پارلیمنٹری کمیٹی کی رپورٹ میں کوئی دلیل ایسی ملتی ہے جو اس قسم کے انتہائی قابل اعتراض نظام حکومت کو بلوچستان کے اندر جاری رکھنے کو ایک صحیح طریق کار ثابت کر سکتی ہو۔ سائمن کمیشن نے اس صوبہ کو اصلاحات سے محروم کر دینے کے جو دلائل دئے تھے اور جنہیں اس وقت سے لے کر اب تک پیش کیا جاتا رہا ہے اور جن پر اس تمام ظلم اور بے انصافی کی بنیاد ہے ان کے متعلق ہم آئندہ اشاعت میں تفصیل کے ساتھ اظہار خیال کرینگے تاکہ ان کی نامعقولیت پوری طرح واضح ہو جائے اور اسی سلسلہ میں یہ بھی بتائیں گے کہ بلوچستان کی جانب سے حکومت ہند اور حکومت برطانیہ کا یہ تغافل حقیقتہً کس بنا پر ہے اور خود سائمن کمیشن کی رپورٹ میں اس حقیقت کی طرف کس طرح اشارہ کیا گیا ہے، اور بلوچستان کے مذکورہ بالا اقل قلیل مطالبات کی ضرورت و اہمیت پر بھی اس ضمن میں روشنی ڈالی جائے گی۔

(باقی آئندہ)

# شریعت کانفرنس پشاور

۲۲، ۲۳، ۲۴ فروری ۱۹۳۵ء کو پشاور میں مسلمانان صوبہ سرحد کا جو عظیم الشان اجتماع "شریعت کانفرنس" کے نام سے منعقد ہو رہا ہے وہ ہندوستان کی موجودہ تاریخ میں زبردست اہمیت رکھتا ہے اور ہمیں یقین ہے کہ اس مبارک اجتماع کے نتائج نہ صرف صوبہ سرحد کے لئے بلکہ تمام ہندوستان کے مسلمانوں کے لئے موجب فلاح و صلاح ثابت ہوں گے۔ یہ اس عظیم الشان اجتماع کی غیر معمولی اہمیت ہی ہے جس نے حضرت العلامہ مفتی محمد کفایت اللہ صاحب صدر جمعیۃ علمائے ہند کو باوجود علالت طبع اور اضمحلال و ضعف کے اس پر آمادہ کر دیا ہے کہ دہلی سے پشاور تک کا دور و دراز سفر اختیار کر کے کانفرنس کی صدارت فرمائیں اور ان مسائل کے متعلق جو اس کانفرنس کے سامنے پیش ہونے والے ہیں صدر منتخب کی حیثیت سے حاضرین کی صحیح رہنمائی کر کے انہیں نتیجہ خیز فیصلوں تک پہنچنے میں امداد دیں۔

اس کانفرنس کا خطبۂ صدارت جو ۲۲ فروری کو پشاور میں پڑھا گیا ہے ہم آج ہی کی اشاعت میں کسی دوسری جگہ درج کر رہے ہیں۔ حضرت مفتی صاحب نے اس خطبۂ صدارت میں شریعت کانفرنس کی غرض و غایت اور مسئلہ زیر بحث کے متعلق مسلمانان صوبہ سرحد کے دینی و ملی فریضہ کی اہمیت پر جو ناصحانہ بحث فرمائی ہے ہمیں قوی امید ہے کہ اس کا اثر صوبہ سرحد کے غیور و دیندار مسلمانوں پر نہایت گہرا ہوگا اور وہ اس بدترین معصیت سے نکلنے کے لئے جس میں وہ ایک عرصہ سے محض اپنی خود غرضیوں کے باعث مبتلا ہیں ایک متفقہ قدم اٹھائیں گے۔ اور شریعت غرا کے واضح و لائح احکام کو ہندوستان کے مفتی اعظم کی زبان سے سن کر ان پر دل سے عمل کرنے کے لئے عزم بالجزم کر لیں گے۔

ہندوستان کے تمام صوبوں میں صرف صوبہ سرحد ہی ایک ایسا صوبہ ہے جہاں مسلمانوں کی زبردست غالب اکثریت ہے اور جہاں اس گئے گذرے زمانہ میں بھی اسلامی غیرت و حمیت کے آثار پائے جاتے ہیں اور جہاں کی مسلم آبادی سے بجا طور پر یہ توقع کی جاتی ہے کہ وہ اسلام کی شاندار روایات کے احیاء اور شریعت مقدسہ کے نفاذ و اجراء میں مسلمانان ہند کی قیادت کرے گا۔ اگر اس صوبہ کے مسلمانوں کی قلیل سے قلیل تعداد نے بھی اس سلسلہ میں کوئی قبیح مثال قائم کی تو اس کا یہ طرز عمل ہندوستان کے بسنے والے دوسرے مسلمانوں کے لئے بالکل خلاف توقع اور سخت مایوس کن ہوگا۔ اگر صوبہ سرحد کے مسلمان حقیقتہً "مسلمان" ہیں اور ان کو ناموس شریعت کے اجلال و احترام کا سب سے زیادہ خیال ہے اور ان کے اندر مذہب کی حقیقی روح فنا نہیں ہوگئی ہے تو ان کا فرض اولین یہ ہے کہ وہ "شریعت کانفرنس" میں اپنے لئے ایک متفقہ فیصلہ کریں اور حکومت کو مطلع کر دیں کہ وہ شریعت بل کی حمایت میں متفق و متحد ہیں اور ان کے اندر کوئی اختلاف موجود نہیں ہے۔

اگر حکومت نے "شریعت کانفرنس" جیسے مہتم بالشان اجتماع کے متفقہ فیصلہ کو بھی ٹھکرانے کی کوشش کی اور صوبہ سرحد کی کونسل میں جو شریعت بل اس وقت پیش ہے اسے اس کانفرنس کی آخری و حتمی رائے کے بعد بھی اپنی پوری حمایت سے منظور نہ کرایا تو پھر اس کے بعد ساری ذمہ داری حکومت پر عائد ہوگی اس لحاظ سے ہمیں شریعت کانفرنس کے فیصلوں کا نہایت بے چینی کے ساتھ انتظار ہے اور ہم ان فیصلوں کی اطلاع پانے کے بعد آئندہ اشاعت میں ان پر تبصرہ کریں گے اور اس وقت یہ صحیح اندازہ لگایا جا سکے گا کہ کانفرنس میں مسلمانان صوبہ سرحد کے جو نمائندے مجتمع ہوئے تھے انہوں نے کس حد تک اپنے مذہبی و ملی فرض کو ادا کیا اور اس کے بعد حکومت صوبہ سرحد کے لئے کیا طریق کار باقی رہ جاتا ہے۔

# شذرات

### سعی مصالحت اور مہاسبھائی لیڈر

اس دوران میں جب کہ بابو راجندر پرشاد اور مسٹر جناح کے درمیان صلح و آشتی کی گفتگوئیں جاری ہیں اور ان کی کامیابی کے متعلق بعض حلقوں میں نہایت روشن توقعات وابستہ کی جا رہی ہیں پنڈت مالوی جی اور ان کے رفقار کار کی بے ہنگام سرگرمیاں اور بھائی پرمانند کے بے سرے اعلانات اور پنجابی اخبارات کی مفسدہ انگیز تحریریں صورت حالات کو خراب کرنے کے لئے کوئی دقیقہ فروگذاشت نہیں کر رہی ہیں۔ گذشتہ ہفتہ خبر آئی تھی کہ پنڈت جی نے اپنی ایک تقریر میں کیمونل ایوارڈ کو پنجاب کے اندر "مسلم راج" سے تعبیر کیا ہے اور اب ان تقریروں کی رپورٹ شائع ہو رہی ہے جو دہلی کے ایک جلسہ میں کی گئی ہیں اور جو مصالحت کی راہ میں سخت ترین رکاوٹیں پیدا کرنے والی ثابت ہو سکتی ہیں۔ اینٹی کمیونل ایوارڈ کانفرنس کے انتظامات جو مسٹر چنتامنی کی صدارت میں ہونے والی ہے برابر جاری ہیں۔ ہندو مہاسبھا کے پرجوش مصالحت سے قطعی انکار کر رہے ہیں اور پنجاب کے ہندو پریس میں کانگریس کی ان ناقابل قدر مساعی کے خلاف طوفان عظیم برپا کیا جا رہا ہے۔ سکھوں کو علیحدہ ابھارا گیا ہے کہ وہ اپنا پرانا کھیل پھر کھیلنے لگیں۔ ایسی حالت میں ہم نہیں سمجھ سکتے کہ وہ مبارک مقصد کیونکر حاصل ہوگا جس کے لئے اس وقت انتہائی مایوسی اور تباہ حالی کی صورت میں بعض درد مند رہنماؤں نے ایک امید افزا جدوجہد شروع کر رکھی ہے۔ اگر کانگریس کے ہاتھوں کو پنڈت مالوی جی کمزور کر رہے ہیں اور اگر ہندو مہاسبھا ہی ہندوؤں کی ٹھیکیدار بن کر قوم کی سب سے بڑی انجمن کے خلاف مصالحت کے معاملہ میں سد سکندری بن جائے گی تو ظاہر ہے کہ اتحاد ناممکن ہو جائے گا۔ اور اس کی ساری ذمہ داری ہندو قوم پر عائد ہوگی۔ ممکن ہے کہ ہندو جاتی کے ان لیڈروں نے یہ سمجھ لیا ہو کہ اس وقت کیمونل ایوارڈ کے خلاف پروپیگنڈا کے سلسلہ میں ہندو قوم کو جس قدر غلط یا صحیح طور پر ابھارا جا سکتا ہے ابھار دیا جائے اور جب صلح کی کوئی شکل پیدا ہوگی تو ان پر قابو حاصل کر لیا جائے گا مگر ہم آئندہ کے اس غلط اندیشی کے نقصانات سے بروقت متنبہ کرتے ہیں۔ فرقہ وارانہ مصالحت کے سلسلہ میں بارہا یہ تلخ تجربات ہو چکے ہیں کہ قوم کے جذبات ایک مرتبہ مشتعل ہونے کے بعد خود ان لیڈروں کے قبضہ میں بھی نہیں رہے ہیں جو اشتعال کے ذمہ دار تھے اور جب صلح کا وقت آیا ہے تو باوجود خود ان لیڈروں کی کوشش کے بھی اتحاد نہیں ہو سکا۔

### حکومت کو ایک اور شکست

اسمبلی میں حکومت کو ریلوے بجٹ پر ایک اور شکست فاش برداشت کرنی پڑی یعنی مسٹر بھولا بھائی ڈیسائی کی تحریک جو انہوں نے مذکورہ بالا بجٹ میں تخفیف کے لئے پیش کی تھی بہت بڑی اکثریت سے منظور ہو گئی اور حکومت ہند دیکھتی رہ گئی اس سے قبل اسمبلی کے اسی اجلاس کی متعدد تحریکات میں دستور اساسی کے معاملہ میں اور تجارتی معاہدہ کے متعلق حکومت کو زبردست شکست ہو چکی ہے اور وہ ان سب کو پیتی رہی ہے۔ مگر بجٹ کے مسئلہ پر جو شکست غالب اکثریت کے ساتھ ہوئی ہے وہ حکومت ہند کی کمزوری اور عدم اہلیت کو قطعاً ثابت کرنے والی ہے اور اسمبلی کی جانب سے موجودہ حکومت کی مذمت کا ایک موثر ووٹ ہے اب ریلوے بجٹ کی منظوری کے لئے سر جوزف بھور کو قوم کے نمائندوں کی جانب سے صاف جواب مل جانے کے بعد گورنر جنرل کی خدمت میں حاضر ہونا پڑیگا اور صرف ان ہی کی منظوری سے کام چلایا جائے گا۔ اگرچہ یہ صحیح ہے کہ اس طرح حکومت کے کاروبار میں کوئی رکاوٹ نہیں ہوگی مگر دستور اساسی کی استبدادیت اور ہندوستان کی بیچارگی کا ایک نمایاں مظاہرہ تو ہو ہی جائے گا۔ اس قسم کی جس قدر شکستیں بھی حکومت کو اسمبلی میں ہوتی رہیں گی وہ سب اس امر کا آئینی و دستوری ثبوت ہوں گی کہ ہندوستان پر حکومت اس کی مرضی کے خلاف کی جا رہی ہے اور ہندوستان کے محاصل کو وصول کر کے اس کی خواہش کے خلاف صرف کیا جا رہا ہے، ایک ایسی حکومت کے لئے جو اپنے آپ کو آئین کا پابند کہتی ہو اور پارلیمنٹری طریقوں پر عامل ہونے کی مدعی ہو یہ صورت حال نہایت شرمناک ہے، اور ظاہر ہے کہ اسے زیادہ عرصہ تک پردہ میں نہیں چھپایا جا سکتا۔

# حوادث و احکام

### استفتاء نمبر (گزشتہ)

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ایک بھائی و ایک بہن ہیں۔ بہن نے بھائی کے چھوٹے لڑکے کو دودھ پلایا ہے۔ بہن کی لڑکی سے بھائی اپنے بڑے لڑکے کی شادی کرنا چاہتا ہے ازروئے شرع محمدی کے کیا حکم ہے؟

**الجواب**

بھائی کے جس لڑکے نے بہن کا دودھ نہیں پیا اس کا نکاح بھائی اپنی بہن کی اولاد سے کر سکتا ہے۔

فقیر احمد سعید کان اللہ لہ

### استفتاء نمبر (گزشتہ)

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ مردہ کو قبر میں لٹانے کے بعد اس کا منہ یعنی چہرہ کفن سے نکال کر لوگوں کو دکھانا جائز ہے یا نہیں؟

**الجواب**

قبل تختہ ڈال دینے کے میت کا منہ کفن سے کھول کر دیکھنا دکھانا جائز ہے۔ فقط واللہ اعلم

حبیب المرسلین عفی عنہ

نائب مفتی مدرسہ امینیہ دہلی



# اسمبلی میں حکومت کو زبردست شکست

## ریلوے کے مطالبہ میں تخفیف کی تحریک منظور ہو گئی

## شاہان دہلی کے ۳۸۰ اشخاص کو وظیفہ

دہلی ۲۲ فروری۔ آج اسمبلی نے ۵۸ آراء کی مخالفت اور ۶۵ آراء کی موافقت سے مسٹر بھولا بھائی ڈیسائی کی جزوی تخفیف کی تجویز جس کے ذریعہ ریلوے بورڈ کے مطالبہ زر کو کم کر کے ایک روپیہ کیا گیا ہے منظور کر دی۔

مسٹر ڈیسائی نے اپنی تجویز کی تائید میں ایک نہایت مدلل اور معرکۃ الآراء تقریر کی اور عوام کے مطالبات سے حکومت کی لاپرواہی پر سخت نکتہ چینی کی۔

مسٹر ٹیگاف فارن سکریٹری نے مسٹر آصف علی کو بتایا کہ اپریل ۱۹۳۲ء میں شاہان دہلی کے اولاد میں سے ۳۸۰ آدمیوں کو لکھنؤ کے سرکاری خزانہ سے وظیفہ مل رہا ہے۔

نئی دہلی ۲۱ فروری۔ آج اسمبلی میں پنڈت کاسٹنگ ووٹ سے مسٹر جوشی کی وہ ترمیم منظور ہو گئی جو بے روزگاروں کے بیمہ سے تعلق رکھتی ہے۔ ہر طرف ۵۲ ووٹ آئے۔ صدر نے اپنا ووٹ مخالف پارٹی کے حق میں دیا لیکن اس کے بعد ترمیم شدہ تجویز کو ایوان کے سامنے پیش کیا اتنی دیر میں سر جاسیف بھور بھی کونسل آف سٹیٹ سے یہاں پہونچ گئے و دیگر جانب دار ممبران میں سے ایک نے حکومت کے حق میں اور ایک نے مخالفت میں رائے دی جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ ترمیم شدہ تجویز ۳۶ آراء کے مقابلہ ۵۸ ووٹوں سے مسترد ہو گئی۔ اس طرح دونوں پارٹیوں کو شکست ہوئی۔ اسکا نتیجہ کچھ نہیں نکلا اس قسم کی صورت حال اسمبلی کی تاریخ میں پہلے کبھی پیدا نہیں ہوئی۔

# دار الحکومت

## پشاور میں اکابر علماء کا تاریخی اجتماع

### شریعت کانفرنس کا شاندار اجلاس

دہلی ۲۲ فروری۔ شریعت کانفرنس پشاور کے تاریخی اجلاس کی صدارت کے لئے حضرت علامہ مفتی محمد کفایت اللہ صاحب صدر جمعیۃ علماء ہند کا انتخاب عمل میں آیا تھا چنانچہ موصوف کل دہلی سے روانہ ہو گئے آپ کے ہمراہ مولانا سمیع الدین صاحب و مولانا محمد عظمت اللہ صاحب نائب ناظم جمعیۃ علماء ہند بھی تشریف لے گئے ہیں۔ شریعت کانفرنس میں اکابر علماء نے شرکت فرمائی ہے حضرت شیخ الہند مولانا حسین احمد صاحب مدنی۔ حضرت مولانا احمد علی صاحب صدر جمعیۃ علماء پنجاب۔ مولانا حبیب الرحمن صاحب لدھیانوی صدر مجلس احرار اسلام ہند۔ مولانا سید عطاء اللہ شاہ بخاری و دیگر علماء ہند کانفرنس کی شرکت کے لئے پشاور تشریف لے گئے ہیں۔ حضرت مولانا احمد سعید صاحب علالت کے باعث تشریف نہ لے جا سکے۔ آج شریعت کانفرنس پشاور میں خطبۂ صدارت پڑھا گیا یہ خطبہ صفحہ ۲ پر درج ہے۔

### شہر سے بھینسوں کے اخراج کی تجویز

#### دہلی میونسپلٹی میں شہر کی غلاظت کا ذکر

دہلی ۱۸ فروری۔ کل دہلی میونسپلٹی کا ہفتہ واری اجلاس منعقد ہوا بہت سے امور کے بعد شہر سے بھینسوں کے اخراج کے سلسلہ میں مفاہمت پر زور دیا گیا جو سکرٹری نے گھوسیوں کے ساتھ کی ہے۔ اس اسکیم کے ماتحت کمیٹی جھیل کو نجفگڑھ میں دودھ دوہنے کے لئے ایک شیڈ تعمیر کرے گی۔ جہاں سے شہر میں سربہ مہر دودھ ڈبوں میں لایا جائے گا اور شیر فروشوں کو اپنی دوکانوں پر ایسے بورڈ لگانے کا اختیار حاصل ہوگا کہ انہیں میونسپلٹی کی سرپرستی حاصل ہے مسٹر منڈیلیا نے کہا کہ حکومت کو چاہئے کہ چراگاہیں گھوسیوں کو مفت دیدی جائیں کیونکہ ہندوؤں اور مسلمانوں کی حکومتوں میں یہی چراگاہیں مویشیوں کے لئے وقف رہتی تھیں۔ بحث کے دوران میں شہر کی صفائی پر سخت نکتہ چینی کی گئی اور دہلی کے محلوں کی غلاظت کو پایہ تخت کے لئے شرمناک قرار دیا گیا۔

### اسپیشل پولیس افسر کے خلاف وارنٹ

#### مسلم عورت کی عصمت پر حملہ کرنے کا الزام

دہلی ۱۸ فروری۔ کل صاحبزادہ عزیز احمد آنریری مجسٹریٹ نے دہلی کے ایک اسپیشل پولیس افسر چودھری منوہر لال کے خلاف ایک مسلم عورت کی عصمت دری کی کوشش کے الزام میں وارنٹ گرفتاری جاری کر دئے۔ استغاثہ کا بیان ہے کہ ایک مسلمان عورت جو بھیری پھیر کر کپڑا فروخت کرتی ہے ملزم کے محلہ میں گئی۔ ملزم نے اس کو مکان میں بلایا اور جب وہ اندر گھسی تو کواڑ بند کر لئے اس عورت نے ... عصمت دری کرنے کی کوشش کی لیکن عورت نے شور مچایا اور لوگ جمع ہو گئے اس طرح عورت کی جان بچی۔

### ڈسٹرکٹ جیل سے لال کنواں ڈسپنسری میں تبادلہ

معلوم ہوا ہے کہ ڈاکٹر گل محمد صاحب جنہوں نے تین سال تک ڈسٹرکٹ جیل دہلی میں نہایت حسن و خوبی کے ساتھ اپنے فرائض انجام دئے تھے۔ ان کا اب سرکٹ جیل سے لال کنواں ڈسپنسری میں تبادلہ ہو گیا ہے۔ آپ ایک ہر دلعزیز اور غریب پرور ڈاکٹر ہیں اور مریضوں کا علاج نہایت توجہ اور محنت سے کرتے ہیں۔

### دہلی میں آل انڈیا صنعتی نمائش کا افتتاح

دہلی ۲۳ فروری۔ آل انڈیا صنعتی نمائش کی افتتاحی رسم ۲۴ فروری شام کو نمائش کے میدان واقع بیلی پارک لال قلعہ میں ادا کی جائے گی۔ افتتاحی رسم سر فریڈرک نائس ادا کریں گے۔

### دہلی میں اموات کی کثرت

دہلی ۱۸ فروری۔ ایک سرکاری اعلان مظہر ہے کہ ہفتہ مختتمہ ۱۰ فروری میں گردن توڑ بخار کی ۱۵ وارداتیں ہوئیں جن میں سے ۶ میں اموات ہو گئیں پبلک کو اس موذی مرض سے ہوشیار رہنا چاہئے اور ان ہدایات پر عمل کرنا چاہئے جو کسی دوسری جگہ درج ہیں۔

### ہندوستانی عیسائیوں کا مطالبہ

#### درجہ نو آبادیات کا لفظ شامل کیا جائے

لکھنؤ ۱۹ فروری صوبجات متحدہ کے ہندوستانی عیسائیوں کی انجمن کی کمیٹی نے ایک قرار داد منظور کی ہے جس میں حکومت سے درخواست کی ہے کہ مجوزہ دستور اساسی میں اینگلو انڈین اور مسلمانوں کی طرح انہیں بھی آئینی تحفظات عطا کئے جائیں۔ ان لوگوں نے سرکاری ملازمتوں میں بھی ۸ فی صدی اسامیوں کو ہندوستانی عیسائیوں کے لئے مخصوص کئے جانے کا مطالبہ کیا ہے۔

کمیٹی نے یہ بھی قرار دیا ہے کہ ان کے اطمینان کے لئے حکومت کو چاہئے کہ وہ انڈیا بل میں ڈومینین سٹیٹس کا لفظ شامل کر دے۔

### ریلوں کا اچھا انتظام کرو ورنہ جگہ خالی کر دو

#### اسمبلی میں خان عبدالغفار خاں کے متعلق سوالات

نئی دہلی ۲۱ فروری۔ کل ریلوے بجٹ پر بحث شروع کرتے ہوئے ڈاکٹر ضیاء الدین نے سخت اعتراضات کئے۔ مسٹر گڈنی نے ان مظالم کا ذکر کیا جو ریلوے کے اعلیٰ افسران ادنیٰ ملازموں پر روا رکھتے ہیں۔ آپ نے ریلوے بورڈ سے مطالبہ کیا کہ یا تو ریلوے کا انتظام عمدہ کیجئے ورنہ جگہ خالی کر دیجئے۔ مسٹر پرکاش نے کہا کہ ریلوے کے تیسرے درجہ کے مسافروں کو زیادہ سہولتیں بہم پہنچانے کا انتظام کرنا چاہئے۔

مسٹر آصف علی نے اسمبلی میں سوالات پیش کئے کہ کیا یہ درست ہے کہ سردار پٹیل کو خان عبدالغفار خاں سے ملاقات کرنے کی حکومت نے اجازت نہیں دی اور خان صاحب کا وزن اٹھارہ پونڈ کم ہو گیا ہے؟ صدر اسمبلی نے اس بنا پر ان سوالات کو نامنظور کر دیا کہ ان کا براہ راست گورنر جنرل سے کوئی تعلق ہے۔

### عورتوں کے متعلق مجرموں کو نامرد بنا دیا جائے

#### بنگال کونسل میں ہوم ممبر کا اعلان

کلکتہ ۲۱ فروری۔ کل بنگال کونسل میں ہوم ممبر نے ایک سوال کے جواب میں کہا کہ حکومت قانون بیدزنی میں کچھ ایسی ترمیموں پر غور کر رہی ہے کہ اس قانون کے تحت عورتوں کے متعلق بعض جرائم کے ملزمان کو سزائے بید دی جا سکے کیونکہ گزشتہ سالوں میں اس قسم کے جرائم میں اضافہ ہو گیا ہے۔ مسٹر ابن کے سوال پر کہ کیا کچھ لوگ عورتوں کے متعلق جرائم کے مرتکب ہوں ان کو نامرد بنا دیا جائے۔ ہوم ممبر نے کہا کہ ہم ابھی ترقی کے اس معیار پر نہیں پہنچے ہیں۔

### ڈاکوؤں نے عورت اور چوکیدار کو ہلاک کر دیا

ڈیرہ اسمٰعیل خاں ۲۱ فروری۔ پچھلے ہفتہ ڈاکوؤں کا ایک گروہ موضع ... میں داخل ہوا اور دسو رام کے گھر پر ڈاکہ ڈالا۔ ایک چوکیدار نے ان کا مقابلہ کیا جس کو ڈاکوؤں نے گولی سے ہلاک کر دیا۔ مالک مکان کی بیوی کو چھرے سے ہلاک کر ڈالا اور خود مالک نازک حالت میں پڑا ہوا ہے۔

### اٹلی اور حبش کے جھگڑہ کا تصفیہ

لندن ۲۱ فروری۔ اٹلی اور حبش کے حالات رو باصلاح ہیں ہر دو حکومتوں نے یہ تسلیم کر لیا ہے کہ دونوں سرحدوں کے درمیان ایک غیر جانبدار علاقہ تجویز کیا جائے۔

### سکھوں میں فساد۔ ایک ہلاک

لاہور ۲۰ فروری۔ لاہور کے ایک موضع میں سکھوں کی دو پارٹیوں میں فساد ہو گیا۔ یہ فساد اس لئے ہوا کہ دو سکھوں نے شراب پی لی تھی۔ ایک سکھ ہلاک اور تین مجروح ہوئے۔

### برما کو فوراً درجہ نو آبادیات دیدیا جائے

رنگون ۱۸ فروری۔ کل تین دن کے بعد برما کونسل میں پارلیمنٹری رپورٹ پر بحث ختم ہو گئی جو ترمیم مسٹر ٹوکین نے پیش کی تھی کہ برما کو فوراً درجہ نو آبادیات عطا کر دیا جائے بالاتفاق منظور ہو گئی۔

### گورے اور کالے کا فرق

دہلی ۲۰ فروری۔ مسٹر ٹاٹنہم نے پنڈت گووند بلبھ پنت کے سوال پر انہیں بتایا کہ ایک گورہ سپاہی پر ساڑھے آٹھ سو روپیہ سالانہ اور ہندوستانی سپاہی پر ۲۸۵ روپیہ سالانہ خرچ ہوتے ہیں۔ آجکل ۳، ۷۵ افسران ایسے ہیں جو بادشاہ کا کمیشن رکھتے ہیں۔

### جاسوس عورتوں کے سر جدا کر دئے گئے

برلن ۱۹ فروری۔ اعلان کیا گیا ہے کہ دو عورتوں کو فوجی راز فروخت کرنے کے الزام میں موت کی سزا دی گئی ہے اور آج ان کی گردنیں جسم سے جدا کر دی گئی ہیں۔

### پرتگال کا نیا صدر

لزبن ۲۰ فروری۔ جنرل کارمونا کو کثرت رائے سے پرتگال کا صدر منتخب کیا گیا ہے۔

### بنگلور اور چھاؤنی کی دربار کو واپسی

بنگلور ۲۰ فروری۔ نہایت معتبر طور پر معلوم ہوا ہے کہ حکومت ہند اور وزیر ہند نے اس بات کو منظور کر لیا ہے کہ بنگلور کا شہر اور چھاؤنی دربار میسور کو واپس کر دیا جائے۔

امید کی جاتی ہے کہ اس سلسلہ میں ایک سرکاری اعلان عنقریب شائع کر دیا جائے گا۔ یہ بھی معتبر طور پر معلوم ہوا ہے کہ چھاؤنی کے لئے زمین اور واپسی کے متعلق دیگر شرائط کا فیصلہ ہو گیا ہے۔

### ڈھائی ہزار روسیوں کی نظر بندی

لندن ۲۰ فروری۔ ماسکو سے آمدہ تازہ ترین اطلاع مظہر ہے کہ سٹیلن کے دست راست کیروف کے قتل کے ضمن میں ڈھائی ہزار روسیوں کو حکومت وقت کے خلاف بغاوت کے الزام میں نظر بند کر دیا گیا ہے اور اس وقت تک دو سو سے زائد انتہا پسندوں کو گولیوں سے اڑا دیا گیا ہے۔ سینکڑوں روسی سائبیریا اور دیگر علاقوں میں روانہ ہو گئے ہیں اور سینکڑوں افراد کو جلاوطن کر دیا گیا ہے۔

### جدید دستور کے نفاذ کی تیاریاں

دہلی ۲۲ فروری۔ حکومت ہند کا محکمہ اصلاحات آج کل بہت مصروف ہے۔ صوبجاتی حکومتوں کے بھی مختلف محکمہ جات جدید صوبجاتی دستور کے نفاذ کے لئے تیاریوں میں منہمک ہیں۔ عام طور پر یہ یقین کیا جاتا ہے کہ انڈیا بل اکتوبر کی ضرور قانونی شکل اختیار کرے گا اور جہاں تک صوبوں کا تعلق ہے ۱۹۳۶ء سے اس پر عمل درآمد شروع کر دیا جائے گا۔ یہ بھی معلوم ہوا ہے کہ نئے حقوق رائے دہی کے مطابق رائے دہندگان کی فہرستوں کی تدوین شروع ہو گئی ہے۔ کہا جاتا ہے کہ سندھ و اڑیسہ میں اصلاحات کا نفاذ کچھ عرصہ بعد ہوگا۔

### اندور میں ڈیڑھ سو بم برآمد ہوئے

الہ آباد ۲۲ فروری۔ شہر اندور کی آبادی کے باہر ایک باغ سے ۱۵۰ بموں کی دریافت کے متعلق اطلاع موصول ہوئی ہے۔ ابھی تک ان بموں کے اجزاء کی دیکھ بھال نہیں کی گئی لیکن بیان کیا جاتا ہے کہ ان بموں کا کسی سازش سے تعلق ہے۔ شبہ کی بنا پر ایک نوجوان سنیاسی کو گرفتار کر لیا گیا ہے اور اس ضمن میں تحقیقات کرنے کے لئے ایک خاص پولیس افسر مقرر کیا گیا ہے۔

### جہاز علوی خیریت سے جدہ پہونچ گیا

کراچی ۲۲ فروری۔ حاجی عبدالغنی صاحب صدر حج کمیٹی کراچی سے بذریعہ تار مطلع فرماتے ہیں کہ علوی جہاز جو کراچی سے ۹ فروری کو روانہ ہوا تھا وہ حجاج کو لے کر ۱۸ فروری کو جدہ بخیریت پہونچ گیا۔

### کپورتھلہ کے نظم و نسق میں اہم تبدیلیاں

کپورتھلہ ۲۰ فروری۔ کل مہاراجہ نے ایک فرمان جاری کیا ہے جس میں درج ہے کہ فوج کے انسپکٹر جنرل کا عہدہ منسوخ کیا جاتا ہے اور بجٹ سے ۱۲ عہدہ دار برطرف کئے جاتے ہیں۔

### انڈیا بل کے سلسلہ میں وثیقہ ہدایات

دہلی ۲۰ فروری۔ کل گورنر جنرل اور گورنروں کا وثیقہ ہدایات شائع ہو گیا ہے۔ یہ ایک چودہ صفحہ کا رسالہ ہے جس میں گورنر جنرل کے نام ۳۱ ہدایات اور گورنروں کے نام ۲۱ ہدایات درج ہیں۔ اس وثیقہ میں گورنر جنرل اور گورنروں کے اختیارات خصوصی کی آئینی وضاحت کی گئی ہے اور یہ بتایا گیا ہے کہ ملک معظم کے یہ نمائندے کن اختیارات و فرائض کی انجام دہی میں کیا تدابیر اختیار کریں۔

### تحریک التوائے اجلاس نامنظور

نئی دہلی ۱۹ فروری۔ کل مسٹر سری پرکاش نے تحریک التواء پیش کرنی چاہی کیونکہ حکومت نے آل انڈیا ہندوستانی سیوا دل سے پابندیاں ہٹانے سے انکار کر دیا ہے۔ لیکن صدر نے اس تحریک کو پیش کرنے کی اجازت نہیں دی۔ مسٹر ایک منا بطرہ دیوانی میں مزید ترمیم کے بل کو منتہر کرنے کی تحریک پیش کی جس کا مقصد یہ ہے کہ عدم ادائے قرضہ پر کسی مقروض کو جیل نہ بھیجا جائے یہ منظور کر لیا گیا۔

### ریلوے میں مسلمانوں کو ۲۵ فیصدی نیابت

#### سر بھور کا وعدہ

نئی دہلی ۲۰ فروری آج کونسل آف سٹیٹ کے اجلاس میں ریلوے بجٹ پر بحث میں متعدد ممبروں نے حصہ لیا۔ بعض مسلمان ممبران نے شکایت کی کہ حکومت نے مسلمانوں کو ملازمتوں میں ۲۵ فیصدی آئینی نیابت دینے کا اعلان کر دیا ہے تاہم محکمہ ریلوے میں مسلمانوں کو بہت کم نمائندگی حاصل ہے۔

سر جوزف بھور نے اس ضمن میں مسلمان ممبروں کو اطمینان دلایا کہ ریلوں کے چیف کمشنر سر گتھری رسل آئندہ ماہ دہلی میں منعقد ہونے والی ریلوں کے ایجنٹوں کی کانفرنس میں اس امر پر بحث و تمحیص کریں گے کہ اعلان کے مطابق مسلمانوں کو کم از کم ۲۵ فی صدی ملازمتیں دینے کے لئے کونسے ذرائع اختیار کئے جائیں۔ سر جوزف بھور کے مسلم قوم کو اس دل خوش کن ... راجہ غضنفر علی اور سید حسین امام نے مسرت کا اظہار کیا۔

### یورپ میں امن و امان قائم کرنے کی کوشش

#### سر جان سائمن برلن جائیں گے

لندن ۲۲ فروری۔ اگرچہ اس بارہ میں فی الحال کوئی سرکاری فیصلہ نہیں کیا گیا۔ تاہم برطانوی اخبارات اس تجویز کو بہت نمایاں حیثیت دے رہے ہیں کہ برطانوی وزیر کو زیادہ بہتر ہوگا کہ سر جان سائمن ہوں نہ صرف برلن ہی جانا چاہئے بلکہ ماسکو اور دیگر یورپین دارالحکومتوں میں جائیں اور برطانوی فرانسیسی مجلے کے مطابق یورپ میں امن قائم کرنے کی کوششوں کو ذاتی طور پر تبادلہ خیالات کر کے مکمل کریں۔ یہ خیال اول اول ٹائمز اور ڈیلی ٹیلیگراف اخبارات نے ظاہر کیا تھا۔ اب ہر طبقہ اور خیال کے اخبار اس کی پرزور حمایت کر رہے ہیں۔

ڈیلی ہیرالڈ کا خیال ہے کہ سر جان سائمن عنقریب ہی برلن جائیں گے اور برطانوی، فرانسیسی نوٹ سے پیدا شدہ حالات اور معاملات پر مفصل گفتگو کر کے یورپ میں امن کو استوار کرنے کی پوری کوشش کریں گے۔ نیز یہی اخبار لکھتا ہے کہ اس بات میں کوئی حقیقت نہیں ہے کہ ہر ہٹلر اور ان کے درمیان گفتگو صرف مشرقی ہوائی معاملات تک محدود کرنے کی کوشش کریں گے۔ برلن میں یہ یقین کیا جا رہا ہے کہ اگر سیکرٹری امور خارجہ جرمنی کے علاوہ ماسکو اور وارسا میں جائیں گے تو یہ ان تمام مسائل پر باہمی مفاد کے لئے بات چیت کرنے کی غرض سے ہوگا۔

### برما کونسل کے صدر کو برطرف کرنے کا فیصلہ

رنگون ۲۲ فروری۔ برما کونسل نے آج ۴۳ ووٹوں کے مقابلہ میں ۵۰ ووٹوں سے پریزیڈنٹ سرا وسکار کو برطرف کرنے کا ریزولیوشن پاس کر دیا۔ ناظرین کو یاد ہوگا کہ کل اجلاس میں یو با، جا جٹ جاننگ پارٹی نے پریزیڈنٹ کو ہٹانے کی تحریک پیش کی تھی جبکہ آپ نے پاؤس کی توجہ کونسل میں پولیس کا بلی کے سلسلہ میں پریزیڈنٹ کے قتل کی جانب دلائی تھی۔

### ریلوے حادثات کی فہرست

دہلی ۱۸ فروری۔ کل اسمبلی میں ایک سوال کے جواب میں ریلوں کے حادثات سے ہلاک ہونے والے مسافروں کے اعداد و شمار حسب ذیل بتائے گئے۔

| | | |
|---|---|---|
| ہلاک | ۱۹۳۲-۳۳ء: ۲۲۱ | ۱۹۳۳-۳۴ء: ۲۳۳ |
| مجروحین | ۱۹۳۲-۳۳ء: ۹۴۲ | ۱۹۳۳-۳۴ء: ۹۶۴ |
| حادثات | ۱۹۳۲-۳۳ء: ۱۸۲۰۷ | ۱۹۳۳-۳۴ء: ۱۹۲۳۱ |

اور مجروحین کی تعداد حسب ذیل ہے:۔ حادثات کی تفصیل حسب ذیل ہے۔

جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ اموات و حادثات میں اضافہ ہو رہا ہے۔

### یمن سے عربی فوج کی روانگی

صنعاء (پایہ تخت یمن) ۱۹ فروری۔ کل سے ... اطالوی افواج صومالی لینڈ روانہ ہو چکی ہیں یمنی عرب فوجوں کے دو دستے بھی جانے پر تیار ہو گئے ہیں رسلطان حبش ابھی تک سرحدی جھگڑے کے بعد بالکل خاموش ہیں لیکن اٹلی کی جانب سے جنگجوئی جاری ہے۔

# انتقادات

### ترجمہ سیاحت نامہ ابراہیم بیگ

از مولانا مولوی احمد حسین صاحب سورتی (معلم فارسی و عربی) سائز ۲۰×۳۰، حجم ۲۲۶ صفحات قیمت مجلد عمر ملنے کا پتہ۔ مکتبہ سلیمانی چتلی قبر دہلی

سیاحت نامہ ابراہیم بیگ جو منشی فاضل و پنجاب کے امتحان میں فارسی جدید کی ایک مشکل کتاب ہے اور جس کو پڑھنے اور سمجھنے میں نہ صرف طلبا بلکہ اکثر اساتذہ کو لغات اور محاوروں کی مشکلات پیش آتی ہیں اس کا ترجمہ مولانا مولوی احمد حسین صاحب سورتی نے اردو میں ازاول تا آخر کر دیا ہے۔ اور اس امر کا پورا لحاظ رکھا ہے کہ حتی الامکان لفظی ترجمہ اختیار کیا گیا ہے تاکہ عبارت کے مفہوم و مطلب کے ساتھ ساتھ مختلف الفاظ اور محاوروں کے معنی بھی صاف ہوتے جائیں۔ جو طلباء منشی فاضل کے امتحان میں شریک ہونا چاہتے ہیں ان کے واسطے سیاحت نامہ ابراہیم بیگ کو سمجھنے اور یاد کرنے کے لئے یہ ترجمہ نہایت مفید ہے نیز طلبائے منشی فاضل کے علاوہ عام لوگوں کے لئے بھی جو صرف اردو جانتے ہیں یہ سیاحت نامہ ایک دلچسپ کتاب کی حیثیت رکھتا ہے۔

## جاپان اور منگولیا میں جنگ شروع ہوگئی
### متعدد اشخاص ہلاک و مجروح

ڈیرن (دانچکو) ۱۸ر فروری۔ ہیلا جینی مشرقی ریلوے لائن پر واقع ہے اور ہاربن جانے وقت راستہ میں آتا ہے۔ تازہ اطلاعات مظہر ہیں کہ جاپانی افواج دھڑا دھڑ ہیلا پہنچ رہی ہیں اور یہ مقام چونکہ منگولیا کی سرحد سے ۵۰ میل کے فاصلہ پر واقع ہے اس لئے منگولیا کی افواج بھی جاپان کی پیش قدمی کو روکنے کے لئے تیار ہو رہی ہیں۔

اس ضمن میں معلوم ہوا ہے کہ سرحد کی دوسری طرف روسی اور منگولیا کی افواج صف آرا ہو رہی ہیں اور نازک ترین صورت حالات پیدا ہوگئی ہے۔ جاپانیوں کا منشا یہ ہے کہ جھیل بائر نور کے علاقہ میں روس کے جو دشترا کی قیام پذیر ہیں انہیں وہاں سے باہر نکال باہر کیا جائے۔ پچھلے دنوں بائجو کی افواج پر حملہ بھی کیا گیا اور جاپانیوں نے بائجو کی امداد کی ہے اور ہر منگولیا کی افواج روسی سپاہیوں سے مل کر لڑ رہی ہیں۔ گذشتہ ہفتہ بائر نور کے قریب منگولیا اور بائجو کی افواج میں شدید جنگ ہوئی جس کے نتیجہ کے طور پر درجنوں اشخاص ہلاک اور مجروح ہوگئے اب منگولیا کی افواج پیچھے ہٹ گئی ہیں۔

## شاہ سویڈن کے خاص درباری گرفتار

سٹاک ہالم ۱۸ر فروری۔ سویڈن کے شاہی دربار کے افسر اعلیٰ یعنی لارڈ چیمبرلین کی گرفتاری سے یورپ میں بہت سنسنی پھیل گئی ہے یہ صاحب بادشاہ کے معتقد خاص اور دربار کے افسر اعلیٰ تھے انہوں نے شاہی خزانہ کا لاکھوں روپیہ غبن کیا۔ اور دو سعید کا گھر بھی لوٹا لیکن آخر کار پتہ لگ گیا۔ اور پکڑے گئے۔

## اسمبلی میں ریلوے بجٹ
### دو کروڑ کا خسارہ

نئی دہلی ۱۸ر فروری۔ آج سر جاسیف بھور نے اسمبلی میں اور سر گنتھر نے کونسل آف اسٹیٹ میں ریلوے بجٹ برائے ۳۶-۱۹۳۵ء پیش کرو یا ۳۵-۱۹۳۴ء کے لئے جو تخمینہ لگایا گیا تھا اس میں جو خسارہ ظاہر کیا گیا تھا وہ ٹریفک کے ذریعہ آمدنی بڑھ جانے سے ایک کروڑ روپیہ کم ہوگیا ۳۶-۱۹۳۵ء کے بجٹ میں دو کروڑ روپیہ کا خسارہ دکھایا گیا ہے۔ اس سال کے لئے تعمیرات کے واسطے پندرہ کروڑ کی رقم منظور کی گئی ہے اس پروگرام میں بانچ ہزار نئی گاڑیاں خریدنے کی تجویز بھی شامل ہے تاکہ ترقی پذیر ٹریفک کی مانگ پوری ہوسکے۔

سر جاسیف بھور کا یہ آخری بجٹ تھا۔ آپ نے اپنی بجٹ تقریر میں ہندوستانی ریلوں کی کساد بازاری ٹریفک اور مسافروں کی کمی پر بھی ...

## قادیانی صحیفہ کا افترا
### مولانا حبیب الرحمٰن صاحب کی تردید

آمدنی میں اضافہ وغیرہ کا ذکر کیا اور امید ظاہر کی کہ اس سال میں حالات اور بھی زیادہ خوشگوار ہو جائیں گے۔

میرے متعلق۔ اخبار الفضل قادیان مورخہ ۱۰ر فروری ۱۹۳۵ء میں یہ شائع کیا گیا ہے کہ مجھے شاہی مسجد بہاولپور میں تقریر کرنے نہیں دیا گیا اور دوسرے دن مجھے شہر سے نکال دیا یہ خبر اتنی ہی جھوٹی ہے جتنا کہ مرزا غلام احمد کی نبوت۔

کیونکہ جس جماعت کا وجود اور جس کا مذہب ہی جھوٹ پر تعمیر کیا گیا ہو تو الفضل جیسے اخبار کی ایسی خبریں شائع کرنے سے مجھکو کوئی حیرت نہیں۔ اس جماعت کا اخبار اور اس کا نامہ نگار اپنے مذہبی عقیدے کے موافق اس قسم کی بے بنیاد اور لغو خبریں شائع کرنے پر مجبور ہیں۔

حقیقت یہ ہے کہ ریاست بہاولپور میں علماء جامع عباسیہ کی کوششوں سے ریاست کے اندر مرزائیت دفن ہو چکی ہے۔

۷ر فروری کا دن مرزائیت کے لئے نزع کا دن تھا۔ کیونکہ تاریخ کو بہاولپور کے شہور مقدمہ کا فیصلہ سنا یا گیا تھا جس کی رو سے مرزائی مرتد قرار دئے گئے اور ہر مسلمان عورت جس کا مرد مرزائی ہو جاوے وہ بغیر طلاق بھی دوسری جگہ نکاح کرسکتی ہے۔

## دیہاتی انجمنوں کے متعلق حکومت کا رویہ

دہلی ۱۸ر فروری۔ آج اسمبلی میں گاندھی جی کی دیہاتی انجمن کے متعلق مزید سوالات کئے گئے۔ ہوم ممبر نے بتایا کہ جب تک یہ انجمن ٹھوس کام نہ کرے گی اور اس کے نتائج ظاہر نہیں ہوں اس وقت تک یہ نہیں کہا جاسکتا کہ حکومت اس انجمن کی نسبت کیا تدابیر اختیار کرے۔

ایک دوسرے ضمنی سوال کے جواب میں کہا کہ ہمارا رویہ غیر جانبدارانہ ہوگا۔

## دو ٹرینیں لڑ گئیں

ٹھکاؤس ۱۸ر فروری۔ بنگل آسام بنگال ریلوے پر نیلا لنگ روڈ پر ریلوے اسٹیشنوں کے درمیان دو ٹرینوں کا تصادم ہوگیا سات ڈبے پٹری سے اتر گئے انجن میں کام کرنے والے تین آدمی مجروح ہوگئے۔ کوئی مسافر مجروح نہیں ہوا۔ دہ درنک گاڑیوں کی آمد و رفت بند رہی۔

## انگلستان میں خوفناک سیلاب

لندن ۱۸ر فروری۔ ہفتہ کے آخری ایام میں ملک میں زبردست طوفان برپا ہوا۔ انگلستان کے بہت سے حصوں میں طوفان کی رفتار ۰ فی گھنٹہ سے زیادہ بڑھ گئی۔ لیورپول میں طوفان کی رفتار ۹۰ میل فی گھنٹہ تک پہنچ گئی ایک ڈسٹرکٹ میں طوفان کے ساتھ شدید بارش بھی ہوئی۔ طوفان اور سیلاب سے زبردست نقصان ہوا۔

## ہوم ممبر کے پیچھے خفیہ پولیس
### اسمبلی میں ایک نیا انکشاف

دہلی ۱۹ر فروری کل سب سے اچھا مذاق اس وقت ہوا جب کہ ایک کانگریسی ممبر نے نہایت سنجیدگی سے یہ سوال دریافت کیا کہ آیا یہ سچ ہے کہ ایک ممبر اسمبلی کے پیچھے خفیہ پولیس اور ایک کانسٹبل لگے ہوئے ہیں ہوم ممبر نے کہا کہ ہاں یہ بات درست ہے اس پر سب کے کان کھڑے ہوگئے کہ دیکھئے اس اقرار کے بعد اس کی کیا صفائی پیش کی جاتی ہے۔ لیکن سر ہنری کریک نے فوراً ہی کہا۔ وہ ممبر میں ہوں جس کے پیچھے اس طرح خفیہ پولیس لگی ہوئی ہے اس پر ایک ممبر نے فوراً ہی پوچھا کہ کیا ہوم ممبر بھی انقلاب پسند ہے۔ اس پر ایک فرمائشی قہقہہ لگا۔ آج ایک اور واقعہ کی اطلاع بھی دینی چاہتا ہوں۔ کیونکہ اس سے بہت سے دلچسپ حالات کے رونما ہونے کا امکان ہے مسٹر گیڈگل نے کھڑے ہونے سے انکار کر دیا لیکن جب بجیری میں سٹر سری پرکاش کو کہا گیا تو وہ کر باؤس سے باہر چلے گئے اس وقت کانگریس لیڈر اپنی نشست پر موجود نہ تھے۔ تاہم اب کانگریس پارٹی کو ایک نہ ایک طرف فیصلہ کرنا ہوگا سرکاری ممبران بڑی سرگرمی سے سٹر سری پرکاش کے سوال کا جواب تیار کر رہے ہیں۔ کہ گورنر جنرل کے پیغام کو سننے وقت ممبران کو لازم ہے کہ کھڑے ہو جائیں۔

آج جو قانون میں ترامیم زیر بحث ہیں وہ بھی بہت اہم اور موجودہ قانون میں انقلاب انگیز تبدیلیاں کرنے والی ہونگی۔

## انڈیا ایل کی ۷۰ دفعات میں ترامیم

رنگون ۱۸ر فروری۔ انڈیا بل کی دوسری خواندگی ہوچکنے پر اس کو کمیٹی کے سپرد کر دیا گیا تھا اور کمیٹی میں اس پر غور کرنے کے لئے بالاتفاق رائے تمام پارٹیوں نے ۳ پارلیمنٹری دن مخصوص کئے ہیں۔ آج کمیٹی کا اجلاس شروع ہوگیا ہے۔ کمیٹی کے تحور کے عرصہ میں بل وزیر ہند سر سیموئیل ہور کے چارج میں رہے گا اس مجوزہ انڈیا بل کے باب اول و دوم میں ۵۰ کلاز ہیں ان میں سے ۷۰ کے متعلق ترامیم پیش کئے جانے کے نوٹس موصول ہوچکے ہیں۔

## بنگال میں ایک نوجوان گرفتار

کلکتہ ۱۸ر فروری۔ ٹیٹا گڑھ میں مادہ آتشگیر اور اسلحہ جات کی برآمدگی کے سلسلہ میں تمام بنگال سے ایک ایک صد بنگالی نوجوان گرفتار کئے جاچکے ہیں۔ ان میں سے چیف پریذیڈنسی مجسٹریٹ صرف دس نوجوانوں کو بری کیا لیکن ان کو پھر قانون ترمیم ضابطہ فوجداری بنگال کے ماتحت گرفتار کر لیا گیا۔

## مکان گرنے سے دو شخص ہلاک

کراچی ۱۸ر فروری۔ یہ موضع ٹھٹہ سے اطلاع موصول ہوئی ہے کہ ایک شکستہ مکان کے گرنے سے ایک خاندان کے چار آدمی دب گئے۔ بیان کیا جاتا ہے کہ رات کے وقت جب یہ لوگ سو رہے تھے ایک طوفان آیا اور اس نے دروازہ کھٹکھٹایا اس نے دروازہ اس زور سے کھٹکھٹایا کہ دروازہ کی چوکھٹ نکل پڑی جس کی وجہ سے دیوار گرگئی۔ ملبہ کے نیچے سے ان کو نکالا گیا جن میں سے دو افراد جاں بحق ہوگئے باقی دو کی حالت نازک بیان کی جاتی ہے۔

## یورپین قمار بازوں پر جرمانے

کلکتہ ۱۵ر فروری۔ آج چیف پریذیڈنسی مجسٹریٹ نے قمار بازی کے قانون کے ماتحت ۱۴ الزمان کو سزا دی جو ۵ ہر جنوری کو رابکوٹن کلب سے گرفتار کئے گئے تھے۔ ملزم مختلف فرقوں سے تعلق رکھتے ہیں ان میں یورپین اور اینگلو انڈین بھی شامل ہیں۔

## دیولی کیمپ میں سیاسی نظر بندوں کی تعداد

دہلی ۷ار فروری۔ آج کونسل آف اسٹیٹ میں مسٹر ایچ۔ اے۔ ایف۔ سپرو کے سوال کے جواب میں گورنمنٹ ممبر نے بتلایا کہ دیولی کیمپ میں نظر بند اسیران سیاسی کی تعداد ۱۹۷ ہے۔ ان کو ہفتہ میں تین خطوط لکھنے کی اجازت ہے اور اس پر کوئی پابندی نہیں ہے کہ وہ ایک دن میں کتنے خطوط موصول کرتے ہیں۔


## حب زرین

زرین اصولوں پر تیار کی ہوئی حب زرین۔ زرین خواص کی حامل ہیں چنانچہ مستقل طور پر قوت باہ کو حیرت انگیز اور قابل رشک بنا کر بدن کی تمام طاقتوں کو اصلی معیار پر لانا اور ان کی محافظت کرنا جس سے جملہ اعضائے رئیسہ پوری طاقت حاصل کرکے بہت سے امراض کی مدافعت کرنے کے قابل ہو جاتے ہیں ان گولیوں کا مخصوص فعل ہے۔ ان گولیوں کے استعمال سے زیادہ عرصہ تک دماغی اور محنت کا کام کرنے کے بعد تکان محسوس نہیں ہوتی مرد و زن میں محبت زیادہ بڑھ جاتی ہے ضعیف العمر شوہر نوجوان بیویوں کے ساتھ پر کیف زندگی بسر کرسکتے ہیں قبض کی شکایات رفع ہو جاتی ہے دودھ گھی اور مرغن غذائیں بھی اچھی طرح ہضم ہونے لگتی ہیں بھوک بڑھ جاتی ہے عورتوں کے سیلان الرحم اور بانجھپن کے لئے بھی اکسیر ہیں۔

آپ ان گولیوں کو استعمال کرکے ضرور خوش ہوں گے "طبیب کامل" حکیم سید قائم حسین صاحب سند یافتہ طبیہ کالج دہلی کی تلیفانی صدی کا میاب گولیاں ہیں جن کا اعلان اشتہاری غرض سے نہیں بلکہ صرف رفاہ عام کے لئے کیا گیا ہے۔

تیس گولیوں کی قیمت علاوہ محصولڈاک صرف عام ایک شخص کیلئے بالکل کافی ہیں

منیجر دواخانہ کنز المجربات کوچہ چیلان گلی اجمان دہلی سے طلب فرمائیں



۱۹۳۵ء ۱۹۳۵ء

تار کا پتہ: میڈیسنز دہلی — ٹیلیفون ۵۵۶۶

# گُن نِی

کا — خاص — تحفہ

طاقت کی بے مثل سنہری گولیاں

# مسیح الملک حکیم محمد اجمل خانصاحب کا عطیہ (سفر یورپ کے بعد)

چالیس گولیاں سات روپیہ

ہندوستانی دواخانہ (جس کو حکیم اجمل خاں نے ۱۹۰۳ء میں بنایا) دہلی ڈپوسٹ بکس ۲۲




## جامعہ ملیہ اسلامیہ کی عمارت کا سنگ بنیاد
### ملت اسلامیہ سے ڈاکٹر انصاری صاحب کی اپیل

جامعہ ملیہ اسلامیہ بیسویں صدی میں ہندوستان کے مسلمانوں کا سب سے بڑا تعمیری کارنامہ ہے۔ اس صدی کے ربع اول میں ہم نے آنے والی سیاسی اور معاشی انقلاب کے لئے طیاری شروع کی اور اپنی قوتوں کا جائزہ لیا تو معلوم ہوا کہ سب سے بڑی قوت یعنی تعلیم کی حالت نہایت ناقابل اطمینان ہے۔ ہم نے دیکھا کہ اس قوت کی کنجی یعنی تعلیمی پالیسی ہمارے ہاتھ میں نہیں ہے اور ہماری نئی نسلیں دوسروں کے بنائے ہوئے سانچوں میں ڈھل رہی ہیں تعلیم یافتہ طبقہ بڑی حد تک اپنے مذہب اور اپنی معاشرت سے بیگانہ، جمہور ملت سے بے تعلق اور قومی اور ملی زندگی کی مصلحتوں سے بے خبر ہے۔ غرض ایسے وقت میں جب اجتماع کی ضرورت نہایت شدید ہے ہماری تعلیم انتشار کا بیج بو رہی ہے جس کا پھل ہلاکت کے سوا اور کچھ نہیں۔ ایسے نازک وقت میں چند باہمت لوگوں نے خدا کا نام لیکر ایک نئی تعلیمی تحریک شروع کی اور حضرت شیخ الہند کے مبارک اور مقدس ہاتھوں سے ایک نئی تعلیم گاہ کی بنیاد پڑی جو جامعہ ملیہ اسلامیہ کہلاتی ہے۔ جامعہ کی تاسیس کے بعد اس کی راہ میں بڑی بڑی رکاوٹیں پڑیں اور ڈالی گئیں مگر خدا کے فضل و کرم سے، اپنے بانیوں کی نیک نیتی کے فیض سے اور اپنے اساتذہ کی ہمت اور ایثار کی برکت سے وہ روز بروز ترقی کرتی رہی، کیونکہ اس کی بنیاد قوم کے ارادے اور جذبے اور زمانہ کی ضرورت اور مصلحت پر قائم تھی۔ جو لوگ بعض عارضی وجوہ سے جامعہ کے مخالف تھے انہوں نے بھی رفتہ رفتہ اس کی اہمیت اور ضرورت کو تسلیم کر لیا اور آج اگر کوئی مرکز ایسا ہے جس پر ہر طبقہ اور ہر خیال کے مسلمان جمع ہوسکتے ہیں اور ہوتے ہیں تو وہ یہی جامعہ ملیہ اسلامیہ ہے۔

جامعہ نے اب تک جتنا کام کیا ہے اس کی مختصر روئداد یہ ہے:۔

(۱) تقریباً ڈھائی ہزار طلبہ مختلف مدارج تک تعلیم پاکر اس تعلیم گاہ سے نکل چکے ہیں اور اس کے مقاصد سے کم و بیش متاثر ہوکر اپنا اثر قومی زندگی پر آہستہ آہستہ ڈال رہے ہیں۔ ان میں عربی مدارس کے طلبہ بھی ہیں جنہوں نے جامعہ میں آکر انگریزی زبان اور علوم جدیدہ کی تحصیل کی۔

(۲) جامعہ کا ادارہ تالیف و تصنیف جو ادارہ اکادمی کہلاتا ہے اس کا مطبع اور مکتبہ اردو زبان و ادب کی خدمت اور عام مسلمانوں کی ذہنی تہذیب و تربیت میں مصروف ہے۔

(۳) جامعہ نے توسیعی خطبات کا سلسلہ شروع کرکے جس میں اسلامی ممالک کے مشاہیر لکچر دینے کے لئے بلائے جاتے ہیں عالم اسلام کے ذہنی اتحاد کی بنیاد ڈالی ہے جو انشاء اللہ ایک روز تکمیل کو پہنچ کر نہایت اہم اور مفید نتائج پیدا کریگا۔

ان میں سے ہر ایک خدمت بجائے خود قابل قدر ہے، مگر میرے نزدیک سب سے بڑا کام جامعہ کا یہ ہے کہ اس نے ایک تعمیری تحریک کو بلا سند و بغیر حضرت اپنی کوشش اور ملت کی مدد سے چلا کر دکھا دیا اور یہ ثابت کر دیا کہ ابھی مسلمانوں میں ہمت، استقلال، اور قوت عمل کی کمی نہیں ہے۔ جامعہ کے جوش عمل اور اس کے اصول و مقاصد کا اثر مسلمانوں کی عام تعلیمی زندگی میں صاف نظر آنے لگا ہے۔

جامعہ کے قیام کو پندرہ سال ہوگئے ہیں، اس لئے ملک کی زمین میں جڑ پکڑ لی ہے اور ملت کے دل میں گھر کر لیا ہے مگر افسوس ہے کہ ابھی تک اس کی اپنی عمارت موجود نہیں ہے اور اسے ایک کثیر رقم مکان کے کرایہ پر خرچ کرنی پڑتی ہے۔ چند سال ہوئے جامعہ نے دہلی کے مضافات میں اوکھلے کی نہر کے قریب ایک پر فضا مقام پر ڈھائی سو بیگہ زمین خریدی تھی اس عرصہ میں کئی قابل انجینیروں کے مشورہ سے ایک جرمن ماہر تعمیر نے جامعہ کی عمارت کے نقشے طیار کئے ہیں، اور اب کارکنان جامعہ نے توفیق الٰہی اور تائید ملی کے بھروسہ پر یہ فیصلہ کیا ہے کہ یکم مارچ کو جامعہ کا سنگ بنیاد نصب کر دیا جائے جتنی عمارت کی فی الحال ضرورت ہے اس کے مصارف کا اندازہ ساڑھے چار لاکھ روپیہ کیا گیا ہے۔ اس میں پچاس ہزار کا ایک عطیہ اور ڈیڑھ لاکھ کے وعدے پہلے سے موجود ہیں اب ڈھائی لاکھ کی رقم اور فراہم کرنی ہے۔

جامعہ کے اساتذہ نے کئی سال سے جامعہ کا سالانہ خرچ جو ساٹھ ہزار کے قریب ہے دہیا کرنا خود اپنے ذمے لیا ہے اور اپنی کوشش سے حلقہ ہمدردان جامعہ قائم کیا ہے اس کے ڈھائی ہزار ممبر ہوچکے ہیں اور ان کے چندے کی مجموعی مقدار اس وقت پندرہ ہزار روپیہ ہے، بقیہ رقم اسلامی ریاستوں کے چندے سے پوری ہوتی ہے اور جو کمی پڑتی ہے اسے یہ باہمت اساتذہ انتہا سے زیادہ تکلیف اٹھا کر برداشت کرتے ہیں۔

میرے اور دوسرے قومی کارکنوں کے ذمہ یہ فرض عائد کیا گیا ہے کہ جامعہ کی عمارت کے لئے ڈھائی لاکھ کی رقم ایک سال کے اندر یعنی آخر فروری ۱۹۳۶ء تک جمع کریں۔

اس لئے میں ساری ملت اسلامی سے بالکل بہی خواہان ملک و قوم اور حامیان تعلیم سے پرزور اپیل کرتا ہوں کہ اس مبارک کام میں حسب استطاعت مدد کریں اور یہ رقم معینہ مدت کے اندر جمع کر دیں۔ میری تجویز یہ ہے کہ اس میں سے پچاس ہزار روپیہ دہلی، پنجاب اور صوبہ سرحد، پچاس ہزار صوبہ متحدہ اور بہار، پچاس ہزار بنگال، آسام، برما، پچاس ہزار بمبئی اور صوبجات متوسط اور پچاس ہزار ریاست حیدرآباد اور جنوبی ہند سے حاصل کیا جائے۔ اس کام کے لئے جامعہ کے وفود وسط مارچ سے ہندوستان کا دورہ کریں گے اور ان کا پروگرام وقتاً فوقتاً اخبارات میں شائع ہوتا رہے گا۔ مگر مجھے امید ہے کہ جو لوگ ملک و ملت کا سچا درد رکھتے ہیں وہ اس کا انتظار نہیں کریں گے، بلکہ اس اپیل کو پڑھتے ہی چندے کی رقم میرے نام یا شیخ الجامعہ ڈاکٹر ذاکر حسین صاحب کے نام بھیجنا شروع کر دیں گے تاکہ سنگ بنیاد نصب کرتے وقت جلسہ عام میں اس کا اعلان کیا جاسکے۔ میں تمام ہمدردان دہلی خواہان جامعہ کو اس تقریب میں دہلی تشریف لانے کی دعوت دیتا ہوں۔

(ڈاکٹر) مختار احمد انصاری امیر جامعہ

## مشاعرہ

ادب پرور حضرات کے لئے یہ باعث مسرت ہوگا کہ پورہ یک اینڈ یونانی طبیہ کالج سہارنپور کے جلسہ تقسیم اسناد پر نہایت آب و تاب کے ساتھ بزم مشاعرہ کیمپ طبیہ کالج نمائش گاہ میں مورخہ ۱۰ر مارچ ۱۹۳۵ء بروز یکشنبہ (اتوار) بوقت ۸ بجے دن منعقد ہوگا لہٰذا مقامی و بیرونی نازک خیال شعرا کا ملک سے پرزور التجا ہے کہ حسب ذیل مصرعہ پر خیال آرائی فرماکر عند اللہ ماجور و مشکور فرمائیں گے بیرونی حضرات اپنا کلام ۸ر مارچ ۱۹۳۵ء تک ارسال فرمادیں۔

مصرعہ۔ سایہ افگن طبیہ کالج پہ ظل اللہ ہے

قافیہ۔ اللہ۔ دیگاہ۔ وغیرہ وغیرہ ردیف ہے۔

(سکریٹری طبیہ کالج سہارنپور)

## فریضہ حج کی ادائیگی میں مشکلات

انگریزی حکومت فی زمانہ سب سے بڑی اسلامی سلطنت سمجھی جاتی ہے۔ لیکن بدقسمتی سے اسکو بہت ہی کم اپنے مسلمان رعایا کی بہبودی و مفاد کا خیال ہے۔ عرصہ سے حجاز مقدس دول بن اسلامزم کے خبط میں مبتلا ہیں۔ اس مرض کی وجہ سے فریضہ حج کے ادا کرنے والے حاجیوں کے راستہ میں۔ کوئی گورنمنٹ ظلم کیا۔ کوئی حکومت ٹیلا سی طریقہ سے مشکلات پیدا کرنے کو اپنی ہماری خدمت تصور کرتی ہے۔ دنیا بھر کے میلوں تیرتھوں، جلسوں۔ سیاحتوں کے لئے سہولتیں ہیں۔ لیکن حاجیوں کے متعلق انتظام بہبودی، ہمدردی کرنا سے مصائب و مشکلات عارض کئے جاتے ہیں۔

گورنمنٹ عثمانیہ کے خاتمہ کے بعد سے کامران میں کوئی قرنطینہ باقی نہیں رہا لیکن قرنطینہ اور حفظان صحت کے نام سے مفلس غریب حاجیوں سے چونتیس روپیہ وصول کئے جاتے ہیں۔ اس سال پاسپورٹ حجاز کے لئے تین سو روپیہ وصول کئے جانے لگے ہیں۔ خدا برٹش راج کی جو ع الدھی سے غریب حاجیوں کو بچائے۔ حیدرآباد دکن کے حاجیوں کو جن کی تعداد اس سال تقریباً سات سو ہے ان کے دو ہزار ایک سو روپیہ پاسپورٹ میں صرف ہوئے۔

برٹش گورنمنٹ فیاضی، غریب پروری۔ مذہبی روا داری کا ثبوت دینے کے عوض اپنی رعایا کو اور مفلس اور کنگال بنا رہی ہے۔

عراقی گورنمنٹ، مصری گورنمنٹ کے پاسپورٹ دنیا کی ہر سلطنت میں منظور مقبول ہوتے ہیں۔ کیا گورنمنٹ آصفیہ، حجاز کے خاص دینی سفر کے پاسپورٹ منظور کرانے کی جدوجہد نہیں کرسکتی؟

(عبدالحفیظ۔ بمبئی کرانفورڈ مارکیٹ)

اخبار الجمعیۃ کے لئے ہر شہر و قصبہ میں ایجنٹوں کی ضرورت ہے

## نہایت ضروری اطلاع

آج ہی کی اشاعت میں ایک اشتہار بعنوان "ایمان اور قرآن پاک" نکلا ہے۔ ناظرین یہ اشتہار اکسیری دواخانہ قلعہ بجنور کی جانب سے ہے عام دواخانہ کی طرح یہ دواخانہ غیر معتبر نہیں ہے اس کی ایک وجہ ہے یعنی اس کی مالک ایک ایسی ہستی ہے جن کی ذات پر عالم طب کو ناز ہے اور ان کا ترتیب دیا ہوا اسطب اور اصول علاج آج سینکڑوں حکماء کے لئے شمع ہدایت ہے۔ اکسیری دواخانہ کی سب سے بڑی خصوصیت یہی ہے کہ اس کی مالک خود والیسی مشہور و معروف صاحب کمال ہستی ہے۔ والی جناب قاضی محمد ادریس عمدۃ الحکماء مدظلہ العالی نے طبابت کو خلق خدا کا فرض سمجھ کر انجام دیا نہ کہ پیشہ اور حصول دولت کا ذریعہ جیسا کہ آج کل نیم حکیم معزز میں نہایت ہی مایوس کن ہو چکی ہیں۔ لہٰذا میں نے ضرورت محسوس کی کہ پبلک کو حکیم صاحب سے روشناس کرادوں۔ میرا خیال یہ ہے کہ جو لوگ دو دو چار چار روپیہ کرکے اپنی دولت اور صحت برباد کر رہے ہیں وہ اکسیری دواخانہ سے ادویات طلب کریں۔

اکسیری دواخانہ قلعہ بجنور (انڈیا)


## بچوں والو ہوشیار

بچوں کی بخار، کھانسی، سردی، بادی، دودھ ڈالنا، علامت ہیضہ، دست میں کیڑے نکلنا، مرگی ہچکی، قبض، مروڑ وغیرہ ہر ایک بیماری کو دور کرنے اور لاغر کمزور بچوں کو موٹا تازہ طاقتور بنانے کیلئے حکیم تلسی پرشاد اگروال کی گورنمنٹ ہند سے رجسٹری کی ہوئی

### بال جیون گھٹی

سارے ہندوستان میں مشہور ہے میٹھا ہونے سے بچے اسکو خوش ہوکر پی لیتے ہیں۔ سب جگہ سوداگروں کے یہاں فروخت ہوتی ہے۔ لیکن نقلی سے بچو حکیم تلسی پرشاد کی اصلی بال جیون گھٹی دیکھ کر لو۔ قیمت فی شیشی ۸ر فی درجن ... سوداگروں اور ایجنٹوں کو نہایت ہی معقول کمیشن ... مفت لو۔ ... پتہ: منیجر بال جیون کاریالیہ علیگڑھ شہر



# حضرت مولانا الحاج حافظ احمد سعید صاحب کی

# تقریر سیرت

حضرت سحبان الہند مولانا الحاج حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند کی بصیرت افروز شریعت آموز تقریریں جو وقتاً فوقتاً جلسوں میں ہوئی ہیں ان کا مجموعہ ... ناظرین الجمعیۃ کے سلسلہ وار ... یہ ظاہر ہے کہ حضرت مولانا کی یہ تقریریں نہایت ... ہو گیا ہوگا کہ رموز و معارف شریعت کا علم حاصل کرنے اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت مقدسہ کے متعلق ایک ایک لفظ دل میں مجسم ہے ... پہلی مرتبہ دیکھا ہے اتنا عرض کر دینا ضروری ہے کہ حضرت مولانا کی یہ تقریر اپنی بے شمار خصوصیات کے اعتبار سے ایک عجیب و نادر مجموعہ ہے جو نہ صرف موجودہ دور میں بلکہ آئندہ نسلوں کے لئے بھی یادگار رہے گا ... نکات اس طرح پیش کئے گئے ہیں کہ ہر عالم و عامی ان کو سمجھ سکتا ہے اور ان سے استفادہ کر سکتا ہے، اس پر حضرت مولانا کی سلاست بیان اور روانی بیان نے وہ کام کیا ہے کہ مضامین کی دقت اور مسائل کی دشواری کے باوجود شروع سے آخر تک دلچسپی برابر قائم رہتی ہے۔ ہندوستان کے مختلف شہروں اور قصبوں میں ہزاروں لاکھوں مسلمان ایسے ہوں گے جو حضرت مولانا کے مواعظ حسنہ سے مستفید ہو چکے ہیں اور ایک مرتبہ نہیں صدہا مرتبہ حضرت مولانا کی تقریریں سننے کے باوجود ہمیشہ اس کے مشتاق رہتے ہیں ... مولانا کی تقریر سننے کا اتفاق ہوا ان تمام مسلمانوں کے لئے یہ تحفہ وہ یقیناً جانفزا اور مژدہ گا کہ یہ "تقریر سیرت" جو آج شائع کی جا رہی ہے حضرت مولانا کی اکثر تقریروں کا لب لباب ہے اور اس میں سیرت کے متعلق بہت سے وہ مضامین جو حضرت مولانا اپنی مختلف تقریروں میں ارشاد فرمایا کرتے ہیں انداز بیان اور خوبی زبان کی تمام خصوصیتوں کے ساتھ مجتمع کر دئے گئے ہیں اور اس لئے اس کتاب کو اپنے پاس رکھنا یا اس کا مطالعہ کرنا حضرت مولانا کے مواعظ حسنہ سے ہر وقت بہرہ اندوز ہونے کے مترادف ہے "تقریر سیرت" میں جو مضامین زیر بحث آئے ہیں ان کے بعض عنوانات بطور نمونہ درج ذیل کئے جاتے ہیں تاکہ کتاب کی ہمہ گیری و وسعت کا کچھ اندازہ کیا جاسکے۔

### مختصر فہرست مضامین

روحانی اور جسمانی تربیت — عالم بالا کی خدمات — مسلمانوں کے تیوہار — عید الاضحیٰ اور عید الفطر — عالم سفلی کے مسخرات — دفن میں تعجیل — کفار کا شبہ — اردو زبان کی تبدیلی — روحانی اطبار — رسوم کا مفہوم — ریفارمر اور رسول کا فرق — حکمار کا متفقہ مسئلہ — نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا واقعہ ہجرت کا ایک واقعہ

سب سے پہلی یونٹی کانفرنس — فضل حق کا معاملہ — ہندوؤں اور مسلمانوں کا فرق — صلح حدیبیہ — عالم برزخ کے واقعات — عالم برزخ کی ایک اطلاع — برزخ کا دوسرا واقعہ — جاہل میلاد خواں — میلاد کا مقصد — حضرت عمر فاروق کا مطالبہ — صائب کا واقعہ — الفاظ و اعمال کا متفرق اختیار کرنا — کافر کی قبر میں ننانوے سانپ — منکر نکیر کا پہلا سوال

حضرت رابعہ بصریہ کا واقعہ — حضرت ابراہیم بن ادہم — انبیاء اور حکماء کا فرق — اندھوں کا ہاتھی — نبی کریم کے مشاہدات — دنیا کی تاریخ — انبیاء علیہم السلام کی تاریخ — مادیات و روحانیات کا فرق — اولاد آدم کی فرمائش — قرآن کا قرض ایکٹ — حضرت داؤد و آدم کی مناسبت — حضرت داؤد کی لغزش — حضرت آدم کو ملائکہ کا سجدہ کرنا — سجدہ یا علت وفاداری

یوم میثاق کے دو اقرار نامے — الست بربکم کا نواسٹہ — لفظ رب کی عمومیت — حضرت یوسف علیہ السلام کا سلیقہ — معافی دستور — حضرت یوسف علیہ السلام کے ہمراہی — مشرکین اور اہل کتاب کا فرق — اہل کتاب اور اقرار ربوبیت — خواہوں کا اقرار نامہ — اہل کتاب سے شکایت — حضرت عمر کا واقعہ — حضرت عیسیٰ کی تشریف آوری — متنبعین غلام احمد قادیانی — مرزا کا کچا چٹھا

پنجاب کا نوری فرقہ — رفاعہ کی بیوی کا قصہ — حلالہ کا حکم — جاہل پیروں سے سوال — مستقبل کی تاریخ — قبروں سے اٹھنا — مسلمانوں سے حضرت حق کا پہلا خطاب — موت ایک معیار ہے — مسلمانوں کی موت یا لوری — موت کے وقت کی لوری — حضرت ابراہیم کا واقعہ — حضرت عمر بن الخطاب کا واقعہ — حضرت امیر خسرو رحمۃ اللہ علیہ — حضرت بو علی قلندر رحمۃ اللہ علیہ

بیسویں صدی کے نوجوان — رہنے قوانین — یہ کے ساتھ ظلم — داعیٔ اسلام کی ہمہ گیری — رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا قانون — حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا واقعہ — سلامی قانون — دجوانوں سے سوال — سنی کا رسم — دوسرا معجزہ — با دواد معجزہ کا فرق — نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا معجزہ — سراج منیر کی تفسیر — سیاست اور مذہب

مسند مند کے پیر — بست اقوام پر اسلام کا احسان — رسم و رواج کی پابندی — معجزات کی بحث — مکان کے کونے کا آخری پتھر — ملت ابراہیمی کا اتباع — نماز کی مثال۔ حج کی مثال — حساء اور حرص کی مثال — اچھی بری صحبت کی مثال — حضرت بایزید بسطامی کا واقعہ — سرست حق کی مثال — الدنیا سجن المؤمن وجنۃ الکافر — حدیث شریف کے دوسرے معنی — قید خانے کی زندگی

سلب اختیار — توبہ کی مسرت کا نصور — اہل دل کا نقصان — مخلوق کی اقسام — انسان کی صلاحیت و عدم صلاحیت — شیاطین اور جنات — حضرت امیر معاویہ کا واقعہ — ختم نبوت کی تمثیل — اہل عرب کی اصلاح — انبیاء سابقین کا تذکرہ — حضرت عیسیٰ کی تمثیل — حضرت علی اور ایک یہودی کی گفتگو — حیا اور ایمان کا تعلق — امانۃ الاذی کے معنی

ترمین انبیاء کے مجرم — انبیاء میں تفاوت — حضرت امام الحرمین کا واقعہ — حدیث سے استدلال — ذکر الٰہی موجب نجات ہے — حضرت ذوالنون مصری کا واقعہ — حضرت یونس کی معراج — نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا طریقہ تعلیم — شیطان کی اتباع — شیطان کا فریب — شیطان کا کورا جواب — ملائکہ اور شیاطین — قرآن کی قسمیں — حضور کی زندگی

حضرت لوط اور ابراہیم علیہما السلام — قوم لوط اور فرشتے — حضرت لوط کی لغزش — حضرت لوط اور دوستی کی نصرت — حضرت لوط اور فرشتے — ادی الی رکن شدید — حدیث شریف کا تیسرا ٹکڑا — والشمس کی سات قسمیں — صاحب مزار الفاتحہ کا ایک واقعہ — سائل درتائب کی تلاش — ورزش سے آخری نجات — سائل اور سخی میں کشمکش — قسموں کی مناسبت — موسن اور منافق کی مثال

پوری کتاب دو سو صفحات پر مشتمل ہے اور نہایت بہتر کتابت و طباعت کے ساتھ شائع کی جا رہی ہے اس کے باوجود قیمت علاوہ محصولڈاک صرف ایک روپیہ (عہ) رکھی گئی ہے تاکہ امیر و غریب سب حضرات ساو ہی فائدہ اٹھا سکیں۔

منیجر "الجمعیۃ" گلی قاسم جان۔ دہلی

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

یَدُ اللّٰہِ عَلَی الْجَمَاعَۃ

تار کا پتہ:- "الجمعیۃ" دہلی
ٹیلیفون نمبر ۵۷۳

سہ روزہ

# الجمعیۃ دہلی

مدیر مسئول:- ہلال احمد زبیری (بی-اے) معاون:- محمد عثمان فارقلیط

جلد ۲۱ | دہلی یوم پنجشنبہ و جمعہ ۲۴ و ۲۵ ذیقعدہ ۱۳۵۳ ہجری مطابق ۲۸ فروری و یکم مارچ ۱۹۳۵ء | نمبر ۱۵ و ۱۶

## پریوی کونسل میں اپیل دائر کرنے والوں کو انتباہ

### عدالت ہائے عالیہ کے فیصلوں کو پریوی کونسل منسوخ نہیں کر سکتی

### دس سال کے عرصہ میں قتل کی ایک اپیل بھی منظور نہیں کیگئی

ہمندر سنگھ بنام قیصر ہند میں بھی لارڈ ڈیو بیان کرتے ہیں کہ "حجان پریوی کونسل بارہا کہہ چکے ہیں کہ یہ کونسل فوجداری عدالت اپیل نہیں ہے..."

نقل چٹھی نمبری ۱۰۷۶۴ جنرل ۲۲-۱۹۰۴۰ مورخہ ۱۹ دسمبر ۱۹۳۴ء منجانب رجسٹرار ہائی کورٹ لاہور، بنام جملہ ڈسٹرکٹ و سشن ججان پنجاب و دہلی۔

## معاصرین کے افکار و آراء

### بلبل ہند کا مشورہ

بلبل ہند مسز سروجنی نائیڈو نے طلبائے پنجاب کی کانفرنس میں طلبہ کو جو مشورہ دیا وہ حقیقت میں اس قابل ہے کہ اسے ہر طالب العلم گوش ہوش سے سنے...

### مصالحت کی گفتگو

### گھریلو صنعت اور آغا خان

### معلمین حجاج کا مسودۂ قانون

معلمین حجاج کے مسودۂ قوانین کے خلاف مسلمانان ہند کا احتجاج حکومت کے...

## پادری کی لڑکی کا قبول اسلام

اسپین کے ایک جلیل القدر پادری کی لڑکی نے جب اسلامی تعلیمات کا مقابلہ کیا اور مسلمانوں کے مذہب اور انکے اعمال کو بغور دیکھا تو اس کے دل میں اسلام کی صداقت و حقانیت جاگزیں ہوگئی اور اس نے یہ فیصلہ کر لیا کہ حقیقتاً اسلام ہی وہ مذہب ہے جو دنیا اور آخرت میں نجات کا راستہ بتاتا ہے۔ اور اس کے علاوہ جتنے مذاہب ہیں وہ سب باطل اور صراط مستقیم سے بھٹکا دینے والے ہیں۔ جب عیسائیوں کو اس کی خبر ہوئی تو تمام پادریوں نے مل کر اس لڑکی پر بیشمار مظالم ڈھائے اور اسقدر جاں گداز اور صبر آزما مصائب میں مبتلا کیا کہ دیکھنے والوں کے رونگٹے کھڑے ہونے لگے۔ مگر وہ لڑکی اسلام پر ثابت قدم رہی۔ اور اس نے بالآخر تمام پادریوں کی ایک شاندار مجلس میں اسلام کی حقانیت پر ایک بصیرت افروز مناظرہ کیا۔ فضیلت اسلام اور رد عیسائیت کے جس قدر دلائل ممکن تھے وہ تائید الٰہی سے اس لڑکی نے پادریوں کے مقابلے میں اس خوش اسلوبی کے ساتھ پیش کئے کہ سامعین حیرت و استعجاب کے سمندر میں غرق ہوگئے۔ اور پادریوں سے کوئی جواب بن نہ پڑا۔ اور وہ لڑکی ہمیشہ کیلئے اسلام ہی سے وابستہ ہوگئی۔ اس کا نام ازبلا تھا اور اس کی زندگی کے واقعات ایک کتاب میں قلمبند کرد ئے گئے ہیں۔ اگر آپ کو گزشتہ عظمت و سطوت کا مطالعہ کرنا ہے اور عیسائیت کے مقابلہ میں اسلام کی حقانیت کے بے شمار دلائل سے واقفیت حاصل کرنے کا شوق ہے۔ اور آپ اس کتاب کے ذریعہ تبلیغ اسلام کا فریضہ ادا کرنا چاہتے ہیں تو فوراً طلب کیجئے۔ پہلا ایڈیشن قریب الختم ہے۔ اگر دیر ہوئی تو دوسرے ایڈیشن کا انتظار کرنا پڑے گا۔ قیمت فی جلد ۱۲ر علاوہ محصولڈاک تبلیغی مقاصد کیلئے بیس بائیس سے زائد جلدوں کے خریدار کو پچیس فی صدی کمیشن دیا جائے گا۔

ملنے کا پتہ:- منیجر الجمعیۃ دہلی

---

نورانی قرآن مجید

نہایت صاف جلی اور نہایت صحیح قرآن شریف اگر درکار ہو تو نورانی قرآن مجید الجمعیۃ بک ایجنسی دہلی سے طلب فرمائیے قیمت مجلد پارچہ ۱۲

منیجر الجمعیۃ دہلی

Regd No L 1793.

The Al-Jamiat

Vol. XXI No 14 DELHI SUNDAY 24th FEBRUARY 1935 PRICE ONE ANNA

پادری کی لڑکی کا قبول اسلام

منیجر الجمعیۃ دہلی

## ہندوستانی انجمن فلسطین کی فریاد

بخدمت جناب آنریبل سیٹھ عبداللہ ہارون، وجناب آنریبل شیخ علی محمد... وجناب ایڈیٹر صاحب اخبار الوحید سندھی وجناب سیٹھ غلام علی جی... وجناب سرشاہنواز صاحب۔

جناب والا۔ ہم ہندوستانی مقیم فلسطین و ممبران ہندوستانی انجمن فلسطین نہایت ادب و احترام کے ساتھ گزارش کرتے ہیں...

## بلند شہر میں مسلم پولیٹیکل بورڈ کا قیام

## طبیہ کالج دہلی کا جلسہ تقسیم اسناد

طبیہ کالج دہلی کا جلسہ تقسیم اسناد بجائے ۲۱ فروری کے ۲۸ فروری کے روز ۲ بجے دوپہر کالج کے میدان میں منعقد ہوگا۔

اخبار الجمعیۃ میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے

## ایک غریب کی اپیل

## مدرسہ اسلامیہ عربیہ میرٹھ کا سالانہ جلسہ

مفت! مفت!! مفت!!!

گھر بیٹھے باقاعدہ تعلیم حاصل کر کے آیورویدک یونانی حکمت ہومیوپیتھک بایوکیمک کی سندات حاصل کرنے کا قاعدہ و قواعد، کارڈ ڈال کر مفت طلب کرو۔

پرنسپل اولڈ انڈین میڈیکل کالج انبالہ شہر

آپ کی بیوی تندرست اور خوبصورت ہونی چاہئیے

SANATOGEN

ایک یکی اور لاثانی طاقت کی غذا ہے جو بہت احتیاط سے تیار کی گئی ہے

محبوب عاشق کے قدموں پر

ملنے کا پتہ:- فضل شاہ عامل گلی راجان دہلی

خضاب چھوڑ دو

ملک کشمیر کی قابل بھروسہ

نانک چند گپتا جنرل سپلائی سٹور شدھ کیسر شلاجیت شہد براہمی وغیرہ ۱۹۸۶ دھم پور گورنمنٹ جموں کشمیر

قرآن پاک اور ایمان

ہم حلفیہ اعلان کرتے ہیں

معجون اکسیر شباب۔

طلائے اکسیر شباب۔

منیجر اکسیری دواخانہ قلعہ بجنور (یو۔پی۔ انڈیا)

مشہور و معروف دو ترجمہ الاعجاز نامی متوسط قرآن مجید مع کامل تفسیر

حیرت انگیز رعایتی اعلان

منیجر اخبار الجمعیۃ گلی قاسم جان دہلی

# سرزمین حجاز میں نظام حکومت کی استواری

## وہ خطہ جس کا قانون اللہ کی شریعت ہے

## حجاز کی تخت نشینی پر ام القریٰ کا مقالہ

مکہ مکرمہ کے اخبار "ام القریٰ" نے والی حجاز کی تخت نشینی کی تقریب پر حسب ذیل مقالہ افتتاحیہ سپرد قلم کیا ہے:-

کل وہ دن ہوگا جب کہ کبری اطلاعات شیر عرب، جلالۃ الملک سلطان ابن سعود کی تخت نشینی حجاز کی نویں سالگرہ کی ملک کو خبر دیگی، ہر چند کہ سلطان نے علمائے نجد کے حکم کے مطابق سالگرہ کی موقع پر زینت و مسرت کے اظہار سے اجتناب کا حکم دیا ہے۔ اور اس لئے ملک میں یہ رسمی نظاہرات نہ ہوں گے لیکن سلطان کا تذکرہ توسینوں میں منقوش اور تاریخ کے صفحات میں محفوظ رہے گا۔

کی تھی۔ اس کے ساتھ ہی یہ بھی یاد ہوگا کہ ۱۳۴۷ھ میں سلطان بذات خود باوجود کچھ تھوڑی سی قوت لیکر روانہ ہوئے تاکہ باغیوں کی سرکوبی کی جائے۔ راہ میں اتفاقاً قبیلہ عجمان کا ایک گروہ مل گیا۔ سلطان غضبناک حالت میں تھے۔ اور اپنی قوت کو حکم دیا کہ وہ ان باغیوں کو گھیرلے۔ جنہوں نے نہ صرف کفران نعمت کیا بلکہ معاہدہ کی بھی خلاف ورزی کی۔ اس معرکہ میں باغی قتل کئے گئے۔ اور ان کا مال و اسباب لے لیا گیا۔ ...

...

سلطان کے لئے سوائے تبلیغ دین ازالۂ شرک و بدعت کوئی اور مشغلہ نہیں رہتا۔ یہی وجہ ہے کہ جزیرۃ العرب میں سلطان، فاتحانہ شان سے کامیاب ہیں۔ خدا ان کو امت عربیہ کی حفاظت کے لئے اپنی حفاظت رکھے۔

# مرزا محمود قادیانی کی مہم اور تازہ تدبیریں

## مجلس احرار ہند کیا کرنا چاہتی ہے

## امام قادیان کے الزامات کی مؤثر تردید

(از جنرل سکرٹری مجلس احرار اسلام ہند)

(گزشتہ سے پیوستہ)

### تازہ ترین تدبیر

جب مرزا صاحب کا حصہ کسی کے قتل اور کسی کے مجوزہ قتل کی ذمہ داری میں ہے جن میں سے کوئی بھی احراری نہیں تھا تو انسان آسانی سے سمجھ سکتا ہے کہ مرزا صاحب کیوں پتوں کی سرسراہٹ پر گھبرا اٹھتے ہیں۔ اور سوتے جاگتے یہی دیکھتے ہیں کہ کوئی نہ کوئی شخص ان کو قتل کرنے کے لئے آ رہا ہے۔ اور اگر وہ احرار کا ...

اپنی ملاقات میں غلط دعویٰ کیا ہے مرزا صاحب کے پیروؤں کے ہاتھوں جلایا گیا اور اس کا سامان لوٹا گیا۔ ایک جماعت کثیر نے علی الاعلان اس کارروائی میں حصہ لیا۔ لیکن پولیس کسی شخص کا چالان نہ کر سکی، کیونکہ قصبہ پر ایسی دہشت طاری تھی کہ کوئی ہندو مسلمان یا سکھ قادیانیوں کے خلاف شہادت دینے کی جرأت نہ کر سکتا تھا۔ پولیس نے بعض اشخاص کو اپنی حفاظت میں قصبہ سے اس لئے باہر پہنچایا کہ ان کی جانیں خطرہ میں تھیں۔ مرزا صاحب نے کئی سال تک ایک مطلق العنان بادشاہ کی طرح حکومت کی ہے اور حالات نے لوگوں کو یہ باور کرنے پر مجبور کیا کہ وہ ایک بادشاہ کی طرح ہے جو کوئی خطا نہیں کر سکتا۔ عام لوگ ہی نہیں بلکہ پولیس والوں نے بھی سزا کا اپنا حصہ پایا۔ الفضل مورخہ ۱۱ اپریل ۱۹۳۰ء میں ہم مرزا صاحب کو یہ کہتے ہوئے پاتے ہیں۔

"ایک مرتبہ چند جوشیلے احمدیوں نے ایک کانسٹیبل کا مقابلہ کیا۔ میں نے اس ...

...

الجمعیۃ کی توسیع اشاعت کے لئے سعی فرما کر اپنی علم نوازی کا ثبوت بہم پہنچائیے۔ (منیجر الجمعیۃ)

# انکشاف حقیقت

## دارالعلوم دیوبند کے متعلق بے بنیاد افواہوں کی تردید

## نظام تعلیم اور اساتذہ کرام کا لائحہ عمل

### حضرت مولانا سید حسین احمد صاحب مدنی کا اہم بیان

"میرے" اور "دارالعلوم" دیوبند کے متعلق بعض بے بنیاد "افواہوں" اور غیر واقعی "خبروں" کی وجہ سے ایسے مضامین شائع ہو رہے ہیں جن کی وجہ سے بہی خواہان دارالعلوم اور بالخصوص احباب اضطراب اور بے چینی میں پڑ گئے ہیں۔ خطوط کے ذریعہ سے بکثرت استفسارات آ رہے ہیں۔ بعض احباب کو سفر کرنے کی بھی مشقت اٹھانی پڑی۔ اسلئے ضروری معلوم ہوا کہ انتشار و اضطراب کا ...

کا ہجوم اطراف و جوانب سے بہت زیادہ ہے۔ اس وقت تک تعداد طلباء گیارہ سو تک پہنچ چکی ہے۔ بایں تفصیل۔

| بیرون ہند | صوبہ سرحد | پنجاب | یوپی | بنگال | برہما و آسام | بہار |
| --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- |
| ۵۹ | (۱۹۲) | | (۳۰۴) | (۲۴۰) | (۶۱) | (۶۸) |

| سندھ، بمبئی، مدراس | ریاستہائے ہند |
| --- | --- |
| (۲۵) | (۴۳) |

ظاہر ہے کہ تعلیمی خوبیوں اور اُس کی تکمیل کو طلبہ ہی خوب سمجھ سکتے ہیں۔ دور دراز اوطان سے تکالیف شاقہ کو برداشت کرتے ہوئے ہجوم کرنا اور دارالعلوم کی اُن غیر معمولی قیود اور شدائد کو برداشت کرنا جو کہ امور تعلیمیہ اور اخلاقیات وغیرہ کے متعلق بہ نسبت دیگر مدارس عربیہ شدید تر یہاں جاری ہیں کھلی ہوئی شہادت نہیں ہے کہ یہاں کا "نظام تعلیم" تمام مدارس عربیہ دینیہ میں بالاتر ہے ...

...

شعبہ میں رونما ہو رہی ہے۔ مولانا طیب احمد صاحب زید مجدہم کی آراء بیش قیمت سے بھی استفادہ کیا جاتا ہے!

(۶) تعلیمی نظام بحمد اللہ اطمینان بخش ہے علی رغم الحساد و المفترین طلباً۔

ہوئے ہم قومی خدمات عمل میں لائیں اللہ تعالےٰ اور رسول (علیہ السلام) کے نزدیک مستحق اجر و ثواب دائم ہوں۔

(باقی صفحہ ۵ پر ملاحظہ فرمائیے)

# بصائر و نظائر

...


# عراق ریلوے

(۱) نجف، کربلا، کاظمین اور سامرہ اسلامی مقامات مقدسہ کی زیارت کا انتظام عراق ریلوے نے کیا ہے، یہ سفر نہایت قلیل کرایہ اور کم وقت میں طے ہوگا دوران سفر میں ہر ممکن آسائش بہم پہنچائی جائیگی۔

## مکہ معظمہ کو جاتے ہوئے عراق کے مقامات مقدسہ کی زیارت کرو

حجاج کے لئے کوپن ٹکٹ جاری کر دیئے گئے ہیں جو ایک سو پچاس دن تک کارآمد ہوں گے۔

۵۰ کلو وزن اسباب پر کوئی زائد کرایہ نہیں لگایا جائے گا۔

شرح کرایہ درج ذیل ہے:-

بک "اے"

| | تھرڈ کلاس | سکنڈ کلاس |
| --- | --- | --- |
| مقل (بصرہ) سے کربلا تک اور کربلا سے بغداد یا کاظمین | ۴/-/- | ۴۱/-/- |

...

بغداد سے دمشق تک بذریعہ موٹر ۲۴ دن کا راستہ (کرایہ موٹر وغیرہ بھی حکومت عراق کے زیر نگرانی مقرر ہوتا ہے) دمشق سے جدہ برائے مکہ معظمہ اور مدینہ منورہ

ٹکٹوں اور تھرڈ کلاس کے حجاج کے متعلق مزید اطلاعات کراچی اور بمبئی کے سب ایجنٹوں سے حاصل کی جاسکتی ہیں جن کے پتے ذیل میں درج ہیں:-

(۱) مولوی محمد باقر حاجی دیوجی جمال مسافرخانہ جیل روڈ، کھاری بمبئی۔
(۲) مسٹر ای۔ ای لوٹیا مانڈوی کوٹ دوارہ بمبئی نمبر ۳
(۳) دی آنریبل جائنٹ سکرٹری فیض پنجتنی پالا گلی بمبئی
(۴) حبیب حاجی رحمت اللہ کھارادر کراچی
(۵) مسٹر عبدالعلی شیخ علیلی جی معرفت میسرز یوسف علی علی بھائی کریم جی اینڈ کمپنی نیپر روڈ کراچی۔
(۶) آنریبل سکرٹری فیض پنجتنی معرفت سیٹھ بھائی۔ گوکل کوڈی گارڈن کراچی

(نوٹ) حاجیوں کی ایسی جماعت جو ... افراد پر مشتمل ہو اور ایک ہی جہاز پر سفر کرے اس کو کرایہ میں رعایت دی جاسکتی ہے۔

اپنا مال بغداد کو بک کرائیے یا بلز آف لیڈنگ براستہ عراقی ریلویز روانہ کریں۔



بہت سستا، بہت اچھا مولانا مولوی اشرف علی صاحب محدث تھانوی کے ترجمہ کا

# بیشمار خوبیوں والا مترجم قرآن مجید

قرآن شریف کی اندرونی خوبیوں کو تو احاطہ تحریر میں لانا ناممکن امر ہے۔ لیکن ظاہری خوبیوں کے لحاظ سے بلاشبہ یہ مترجم قرآن مجید بیشمار خوبیوں کا حامل ہے۔ اس کی کتابت اعلیٰ درجہ کے خوشنویس سے کرائی گئی ہے۔ اس کی طباعت دہلی کے ایک مخصوص مطبع میں ہوئی ہے۔ اعراب بالکل صحیح جگہ پر لگے ہوئے ہیں۔ ترجمہ ٹھیک حروف کے نیچے لکھا ہوا ہے۔ حاشیہ پر شان نزول دیگر فوائد اور مختلف سورتوں اور آیتوں کے اعمال درج ہیں۔ مقدمہ میں فضائل و آداب تلاوت، قواعد تجوید، رموز اوقاف۔ ایک مکمل فہرست قرآن شریف کے مضامین کی ایسی درج ہے کہ جس مضمون کی آیت چاہو فوراً نکال لو۔ ... چہل احادیث تلاوت کلام مجید میں ... ہر پارہ نئے صفحہ سے شروع ہوتا ہے۔ ... کاغذ سفید، سرورق ہفت رنگ بہت خوشنما ... تاجر صاحبان خط و کتابت سے نرخ طے کریں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ
شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں
اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۝ اَلرَّحْمٰنِ
سب تعریفیں اللہ کو لائق ہیں جو مربی ہیں ہر ہر عالم کے جو بڑے مہربان
الرَّحِیْمِ ۝ مٰلِکِ یَوْمِ الدِّیْنِ ۝ اِیَّاکَ
نہایت رحم والے ہیں جو مالک ہیں روز جزا کے ہم آپ ہی کی
نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ ۝ اِھْدِنَا
عبادت کرتے ہیں اور آپ ہی سے درخواست اعانت کی کرتے ہیں بتلا دیجئے ہم کو
الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ ۝ صِرَاطَ الَّذِیْنَ
رستہ سیدھا رستہ ان لوگوں کا جن پر آپ نے
اَنْعَمْتَ عَلَیْھِمْ غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ
انعام فرمایا ہے نہ رستہ ان لوگوں کا جن پر آپ کا غضب کیا گیا
عَلَیْھِمْ وَلَا الضَّآلِّیْنَ ۝
اور نہ ان لوگوں کا جو رستہ سے گم ہو گئے

ملنے کا پتہ:- دہلی بک ایجنسی ۲۲۹ تاراچند اسٹریٹ دہلی

# معجون شباب آور

قوت مردمی اور دل۔ دماغ کی کمزوری کے لئے مشہور دوا ہے
زہریلی اور نشہ کی چیزوں سے بالکل پاک ہے۔ مشک عنبر مروارید وغیرہ سے بنائی جاتی ہے
تمام ہندوستان میں اس کے بےنظیر فوائد کا اعتراف کیا گیا ہے!
قیمت فی شیشی (پانچ تولہ) پانچ روپیہ نمونہ کی شیشی (ایک تولہ) ایک روپیہ

ہمدرد دواخانہ یونانی دہلی



اپنے طرز کی بالکل نئی تصنیف!

# بلاغ مبین

مصنفہ مولانا حفظ الرحمٰن سیوہاروی

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ان تمام خطوط اور فرامین کا مجموعہ جو آپ نے مختلف اوقات میں بادشاہوں اور حکمرانوں کے نام دعوت اسلام کے سلسلہ میں بھیجے اور ان کے متعلق مفصل تاریخی مباحث، بیش بہا تاریخی اور حدیثی تحقیقات، بہت سے لاینحل اشکالات کے شافی جوابات، اس مراسلت پر مرتب ہونیوالے اہم مذہبی و سیاسی نتائج، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا تیئیس سالہ تبلیغی اسوہ حسنہ، قرآن و حدیث کی روشنی میں تبلیغ اسلام کے سادہ اور خالص اسلامی اصول، موجودہ طریق تبلیغ مناظرہ وغیرہ کی مضرت پر تبصرہ، اعلیٰ کتابت و طباعت، خوشنما جدید طرز کا ٹائیٹل، دو اصلی نامہ مبارک کا عکسی فوٹو قیمت دو روپے

ملنے کا پتہ:- (مولوی) محمد ادریس منیجر دفتر بلاغ مبین دہلی یا منیجر مکتبہ اسلامیہ سیوہارہ ضلع بجنور



شیخ الحدیث حضرت مولانا حسین احمد مدنی مدظلہ العالی

# کے سیاسی نوٹس کا مجموعہ تعلیمی ہند

مرتبہ مجلس تعلیم المعارف دیوبند

قیمت ۱۲ اعلیٰ کتابت و طباعت خوشنما ٹائٹل

ملنے کا پتہ:- مولوی محمد ادریس منیجر مکتبہ شرقیہ محلہ نوگراں دہلی



# سچا ہمدم و رہبر بے دام

پاک صاف خیالات پیدا کر کے جسمانی و روحانی صحت حاصل کے لئے دنیا میں سچی خوشی دستیاب کرنے کیلئے آپ آج ہی ایک کارڈ تحریر کر کے کتاب کام شاستر بالکل مفت منگالیں۔

وید شاستری جام نگر کاٹھیاواڑ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# الجمعیۃ دہلی

یوم پنجشنبہ وجمعہ ۲۴ و ۲۵ ذیقعدہ ۱۳۵۳ھ ہجری

# ہندوستان کا سب سے زیادہ مجبور و مظلوم علاقہ

## بدنصیب بلوچستان

(۴)

صوبہ بلوچستان کی اس افسوسناک محرومی کے اسباب میں سب سے پہلا سبب یہ بتایا جاتا ہے کہ اس صوبہ میں بہت بڑا حصہ ریاستوں کا ہے اور برطانوی علاقہ نہایت مختصر ہے اس لئے اس صوبہ کو مستقل حیثیت دینا اور وہاں آئینی اصلاحات ...

ان کی ترقی کے لئے کوئی قدم نہیں اٹھایا ہے۔ اور اس کی سب سے بڑی وجہ یہ ہے کہ اس خطہ کو ہمیشہ آزادی سے محروم رکھنے کا فیصلہ کر لیا گیا ہے۔ اگرچہ یہی طرز حکومت جو اس وقت بلوچستان میں روا رکھا گیا ہے ہمیشہ قائم رہا تو بلوچی ہمیشہ خانہ ...

... کے نمائندوں نے بار بار حکومت کو یہ بتایا ہے کہ بلوچی کیا چاہتے ہیں مگر یہاں الیٰ ابھی تک کوئی ایسا ایجی ٹیشن وہاں نہیں ہوا ہے جس میں بکثرت قید و بند اور قتل و جراحت کی نوبت پیش آئی ہو اور شاید حکومت کے نزدیک استحقاق قائم کرنے کا صرف یہی ایک طریقہ ہے۔ ... بلوچستان میں حالات قابو سے باہر ہو جائیں کیوں اپنے ظلم سے باز نہیں آتے کیوں اس کے ساتھ انصاف نہیں کرتے اس کے جذبہ آزادی کا امتحان لینے کے لئے کیوں درپے ہوئے ہو اور اس سے قبل کہ پیالہ لبریز ہو کر چھلک جائے اپنا ...

ہاتھ کیوں نہیں روکتے۔ بلوچستان کے باشندے کمزور ہیں، مظلوم ہیں، مجبور ہیں ایک بھاری بوجھ کے نیچے دبے ہوئے ہیں وہ اپنا سر نہیں اٹھا سکتے وہ اپنی آواز بلند نہیں کر سکتے۔ جلسوں کی انہیں اجازت نہیں ہے، کانفرنسیں وہ منعقد نہیں کر سکتے ان پر سخت ترین حرفت قائم ہے۔ ایسی حالت میں انہیں کیوں مجبور کرتے ہو کہ وہ آزادی کے لئے وہ طریقے اختیار کریں جو لقیناً تمہارے اور ہمارے دونوں کیلئے ناخوشگوار ہیں ... اس پر بھی آمادہ ہو جائے گا کہ وہ اسی طریقہ سے مانگے جو تمہارے یہاں مقبول و محمود طریقہ ہے مگر ہم کہتے ہیں کہ یہ صورت بہتر نہ ہوگی اور اس کی تمام تر ذمہ داری تم پر ہوگی۔

# شذرات

## صوبہ سرحد کا متفقہ فیصلہ

مسلمانان صوبہ سرحد کی ایک عظیم الشان کانفرنس جو ہر ضلع کے ذی اثر و مقتدر نمائندوں پر مشتمل تھی اور جس میں ہر خیال اور ہر طبقہ کے افراد شریک تھے اور جسے شریعت کانفرنس کے نام سے موسوم کیا گیا تھا حضرت العلامہ مفتی محمد کفایت اللہ صاحب صدر جمعیۃ علمائے ہند کی صدارت میں اپنا کام ختم کر چکی۔ اور اس نے "شریعت بل" کے متعلق متفقہ فیصلہ صادر کر دیا۔ کانفرنس کی تجویز میں نہایت صاف اور واضح طور پر یہ بتا دیا گیا ہے کہ ان معاملات ...

... حکومت کو چاہیے کہ وہ خود ہی اس کی حمایت کرے اور اسے متفقہ طور پر منظور کیا جائے۔

## ایک خطرناک غلطی کا ازالہ

مولانا اسمٰعیل غزنوی اور مولانا عبدالرحیم صاحب پوپلزی کو ادائیگی فرض سے روکنے کے لئے حکومت نے جو طریقہ اختیار کیا تھا اس پر ان کالموں میں سختی کے ساتھ نکتہ چینی کی گئی تھی اور ہم نے یہ بتایا تھا کہ ... عبادت کے معاملہ میں حکومت کی یہ روز افزوں مداخلت یقیناً ...

... فروغ کی تھی اور جس کا سلسلہ روز بروز بڑھ رہا تھا اب ہم توقع کرتے ہیں کہ آئندہ کبھی اس قسم کا اقدام نہ کیا جائے گا۔

# حوادث و احکام

## استفتاء

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین مندرجہ ذیل مسائل کے بارے میں کہ

(۱) علاقہ گنگوہ محلہ سنگری گنڈی میں ایک مسجد نئی تعمیر کی جاتی ہے۔ اور پانچ سو روپیہ ایک ہندو کی امداد ہیں جو اپنے میری کونسلری کا بھائی پر دیا ہے۔ کیا اس رقم کو مسجد کی تعمیر کے لئے ملا سکتے ہیں۔ اگر رقم مذکور لگا کر مسجد تیار ہو گئی ہو تو اس مسجد میں عبادت کرنے سے کسی نماز کا خلل ہوگا؟

(۲) کیا میت کے ساتھ قبرستان کو اناج وغیرہ لیجا کر غرباء کو تقسیم کرنا لازمات سے ہے۔ مکان ہی پر تقسیم کرنے سے مضر ہے؟

(۳) کیا موئے ہوئے کے نام سے دہم، بستم و چہلم کے فاتحہ کرنا ضروری ہے ...

## الجواب

(۱) اگر مسلمانوں نے اس ہندو سے مسجد کے لئے روپیہ طلب نہیں کیا تھا اور نہ اس کو ووٹ دینے کا یہ معاوضہ ٹھیرایا تھا کہ وہ مسجد کے لئے روپیہ دے تو مسلمان اس کو ووٹ دیں گے اور نہ اس ہندو کی کوئی ایسی غرض ہو جس سے مسجد پر اس کا کوئی اثر و اقتدار قائم ہوتا ہو۔ بلکہ اس کی نیت محض یہ ہو کہ تعمیر مسجد ایک اچھا کام ہے اس میں کچھ امداد کر دوں تو یہ روپیہ مسجد میں لگانا جائز ہے۔

(۲) قبرستان میں غلہ لیجانا لازم نہیں۔ بلکہ لیجانا اچھا نہیں۔ گھر پر ہی فقراء و مساکین کو تقسیم کر دینا بہتر ہے کہ یہ صورت ریا و نمائش سے دور ہے۔

(۳) ایصال ثواب تو مستحب ہے لیکن دہم، بستم، چہلم وغیرہ لازمی نہیں جب وسعت جب ہو سکے صدقہ کر کے میت کو ثواب بخشدیا جائے۔ ...

محمد کفایت اللہ کان اللہ لہ، دہلی

---



# شریعت کانفرنس صوبہ سرحد کی مفصل کارروائی

## علماء و زعماء ملت کا عظیم الشان اجتماع

### اہم قراردادوں کی متفقہ منظوری

شریعت کانفرنس کی شرکت کے لئے صدر منتخب حضرت علامہ مفتی محمد کفایت اللہ صاحب صدر جمعیۃ علماء ہند ۲ فروری کو دہلی سے بمبئی ایکسپریس سے روانہ ہوئے اور ۳ فروری کو پشاور پہنچے۔ اسٹیشن پر ہزارہا مسلمانوں نے حضرت مفتی صاحب کا پرتپاک خیر مقدم اور استقبال کیا۔ سرحدی کونسل کے ارکان اور شریعت کانفرنس کے ارباب انصرام خاص طور پر استقبال کے لئے موجود تھے۔ ...

### حکومت کی فارورڈ پالیسی کے خلاف احتجاج

(۵) شریعت کانفرنس کا یہ اجلاس گورنمنٹ کی فارورڈ پالیسی کے خلاف زبردست صدائے احتجاج بلند کرتا ہے ...

محرک:۔ مسٹر پیر بخش صاحب ایم۔ ایل۔ سی۔

موئید:۔ مولانا حبیب الرحمٰن صاحب۔

... قادیانی مرزائی اور احمدی اسلام کی رو سے کافر ہیں شرعی نقطہ نظر سے صحیح فیصلہ سمجھتا ہے اور ڈسٹرکٹ جج کی خدمت میں بے لوث تحقیقات ...

## بارہ ہزار میل سے ٹیلیفون پر گفتگو

جانس برگ ۵ فروری۔ کل پہلی مرتبہ ہندوستان اور جنوبی افریقہ کے درمیان ٹیلیفون پر گفتگو ہوئی اس طرح ٹیلیفون پر بارہ ہزار میل سے بات چیت ہوئی۔

## حکومت کا خفیہ سرکلر اور قومی جھنڈہ کی سلامی

دہلی ۵ فروری۔ کل کمپنی باغ میں قومی جھنڈا لہرانے کی رسم ادا کی گئی بابو راجندر پرشاد صدر کانگریس نے اس موقع پر فرمایا کہ اگرچہ حکومت کی جانب سے سرکاری حکام کے نام اس قسم کے خفیہ سرکلر جاری کئے گئے ہیں کہ وہ قومی جھنڈہ کی عزت نہ کریں اور یونین جیک کو ترجیح دیں لیکن ہندوستانیوں نے عزم کر لیا ہے کہ ہم جان دیکر بھی قومی عزت قائم رکھیں گے۔

## انڈیا بل سے والیان ریاست بھی خفا ہوگئے

بمبئی ۷ فروری۔ والیان ریاست اور وزراء کی مشترکہ کانفرنس میں انڈیا بل کی دفعات پر سخت نکتہ چینی کی گئی۔ والیان ریاست اور وزراء کی اکثریت نے یہ خیال ظاہر کیا کہ بل کی دفعات سخت مایوس کن ہیں اور وہ فیڈریشن میں اس خطرے کے ساتھ داخل ہوں گے کہ بل میں ضروری تبدیلیاں کی جائیں۔

## کمیونل ایوارڈ کو مسترد کرانے کیلئے لندن کا عزم

کانپور ۷ فروری۔ معلوم ہوا ہے کہ ... فیصلہ کو مسترد کرانے ...

# حضرت العلامہ مفتی محمد کفایت اللہ صاحب کی موٹر کو حادثۂ عظیم

## حضرت مولانا ظفر علی خاں اور حضرت مولانا حفظ الرحمٰن مجروح ہوگئے

### حضرت مفتی صاحب کی تشریف آوری اور حادثہ کی تفصیلات

۲۵ فروری کی شب کو ... ایسوسی ایٹیڈ پریس کے ذریعہ خبر ملی کہ ... صدر محترم کی کار کو سخت حادثہ پیش آگیا جس کے باعث حضرت علامہ مفتی محمد کفایت اللہ صاحب، مولانا ظفر علی خاں اور مولانا حبیب الرحمٰن صاحب کو ضربات آئیں اور وہ مجروح ہو گئے ...

۲۶ فروری کو شب کے ۸ بجے حضرت العلامہ مفتی محمد کفایت اللہ صاحب صدر جمعیۃ علمائے ہند بمبئی ایکسپریس سے دہلی تشریف لے آئے۔ ...

### ایک غلطی کی تصحیح

بعض اخبارات میں حضرت مولانا حبیب الرحمٰن صاحب کے متعلق جو خبر شائع ہوئی ہے وہ صحیح نہیں ہے۔ ...

## اینٹی کمیونل ایوارڈ کانفرنس کا اجلاس

دہلی ۵ فروری۔ کل آل انڈیا اینٹی کمیونل ایوارڈ کانفرنس کا دوسرا اجلاس شروع ہوا جس میں ہندوؤں اور سکھوں کے علاوہ راجہ غضنفر علی خاں ... مولوی عبدالصمد اور پروفیسر عبدالمجید نے بھی شرکت کی ... کانفرنس غیر مشروط طور پر نام نہاد کمیونل ایوارڈ کی مذمت کرتی ہے کیونکہ یہ ہندوؤں اور سکھوں کے لئے سخت غیر منصفانہ ہے اور یہ قومیت اور جمہوریت کے اصولوں کے خلاف ہے ... مولوی عبدالصمد صاحب نے ایک ترمیم کے ذریعہ "ہندوؤں اور سکھوں کے لئے غیر منصفانہ" الفاظ کو حذف کرنے کا مطالبہ کیا مگر آپ کی ترمیم گر گئی۔

## عراق کا کابینہ وزارت مستعفی ہوگیا

بغداد ۵ فروری۔ کابینہ عراق اور پارلیمنٹ کے درمیان زبردست اختلافات پیدا ہو جانے کے باعث کابینہ وزارت نے اپنا استعفیٰ داخل کر دیا ہے۔ سینیٹ کے سات ممبران نے سینیٹ کے جلسوں میں شرکت نہ کرنے کا فیصلہ کر لیا ہے۔

## مالویہ جی کی کانفرنس پر صدر کانگریس کا افسوس

... صدر کانگریس نے ... اس نازک وقت میں اینٹی کمیونل ایوارڈ کانفرنس نے ظاہر کی ہے۔ ...

## طبیہ کالج کا سالانہ جلسہ تقسیم اسناد

### سر عبدالرحیم صدر اسمبلی کے زریں خیالات

دہلی ۴ فروری۔ کل شام کو سینٹ شامیانہ کے نیچے آیورویدک اینڈ طبی کالج کے احاطہ میں کالج کا سالانہ جلسہ تقسیم اسناد منعقد ہوا جس کی صدارت سر عبدالرحیم صدر اسمبلی نے فرمائی۔ ...

## دوکان پر بم پھٹ گیا

کراچی ۵ فروری۔ سہوان میں ایک دوکان پر بم پھٹ گیا جس کے باعث چھ آدمی زخمی ہوئے۔ پولیس مصروف تحقیقات ہے۔

## الہ آباد میں آٹھ جگہ خانہ تلاشیاں

الہ آباد ۵ فروری۔ پولیس نے یہاں آٹھ مقامات کی تلاشی لی اور بعض مقامات سے باغیانہ لٹریچر کارتوس اور برچھیاں برآمد کیں۔ ایک شخص کو گرفتار ...

## حضرت مولانا حسین احمد صاحب مدنی کا اہم بیان

(بسلسلہ صفحہ ۳)

...

بندۂ ننگ اسلاف حسین احمد غفرلہ

## حضرت ملا رموزی صاحب کا ورود دہلی

### ایک اہم مقصد کیلئے سفر

دہلی ۷ فروری۔ کل صبح ہندوستان کے مشہور ظرافت مآب اور انشا پرداز حضرت ملا رموزی اپنے وطن بھوپال سے وارد دہلی ہوئے اور دفتر جمعیۃ علماء میں قیام فرمایا۔ ...

## مولانا اسمٰعیل غزنوی کو حجاز جانے کی اجازت مل گئی
### مفتی عبدالرحیم پشاوری سے بھی پابندیاں اٹھالی گئیں

اس امر سے مطلع کر دیا گیا ہے۔ مولانا موصوف نے دہلی میں اس امر کی اطلاع پاتے ہی حجاز مقدس کے سفر کا عزم کر لیا اور آپ براہ راست کراچی کے لئے روانہ ہو گئے۔

اس طرح مولانا عبدالرحیم صاحب پشاوری کو بھی گذشتہ سال حکومت نے حج کے لئے حجاز جانے سے روک دیا تھا جو صریحاً مذہبی مداخلت ہے مگر اب ان کو بھی حجاز جانے کی اجازت دیدی گئی ہے۔ نامہ نگار الجمعیۃ مقیم پشاور کی اطلاع ہے کہ ۵ار فروری کو ایک سب انسپکٹر نے مولانا عبدالرحیم صاحب کو پاسپورٹ دیا اور ایک نوٹس کی تعمیل کرانا چاہا جس میں مذکور تھا کہ تم پر جو پابندیاں عائد ہیں ان کو صرف حج کے لئے اٹھایا جاتا ہے جس روز تم روانہ ہو اس روز پہلے پولیس کو اطلاع دو اور کراچی پہنچ کر بھی پولیس کو اطلاع دو۔ مگر مولانا موصوف نے نوٹس کی تعمیل سے انکار کر دیا اور ڈپٹی کمشنر پشاور کو چٹھی لکھی کہ میں یہ شرائط تسلیم کرنے کے لئے تیار نہیں ہوں۔ اگر بارہ گھنٹہ کے اندر اندر اس خط کا جواب نہ ملا تو میں اس کی خلاف ورزی کا ارادہ کر چکا ہوں۔ پانچ گھنٹے کے بعد جواب موصول ہوا کہ تم بلغیر کسی شرط کے حج کے لئے جا سکتے ہو۔ چنانچہ مفتی عبدالرحیم صاحب عازم حجاز ہو گئے۔

## میرٹھ میں دن دہاڑے ڈاکہ

۱۴ ار فروری کو میرٹھ میں لالہ تومین پرشاد کی دوکان پر دن دہاڑے ڈاکہ پڑ گیا۔ ڈاکو تالا توڑ کر اور ٹوپیوں کے بلندے باندھ کر لے گئے اور باقی مال کو نذر آتش کر دیا۔ لالہ صاحب کی دوکان ایک پر رونق اور وسیع بازار دفیر نگر بازار میں واقع ہے اس لئے یہ ڈاکہ پولیس کی لاپرواہی کا روشن ثبوت ہے۔ (نامہ نگار)

## محمد علی رننگ کپ

دہلی ۲۸ فروری۔ محمد علی رننگ کپ کے تیسرے سالانہ مقابلے میں جو ۲۴ر مارچ ۱۹۳۵ء کو ہو رہا ہے مندرجہ ذیل مدارس حصہ لے رہے ہیں جلسہ میں شرکت کی عام اجازت ہے۔

۱۔ پنجابی اسلامیہ ہائی سکول دہلی
۲۔ اینگلو عربک ہائی سکول اجمیری گیٹ دہلی
۳۔ ایم بی۔ مڈل سکول۔ کابلی گیٹ دہلی
۴۔ صدیقیہ مڈل سکول پھاٹک حبش خاں دہلی
۵۔ فتح پوری مسلم ہائی اسکول دہلی

۶۔ علیگی مرکز جامعہ دہلی
۷۔ اینگلو عربک ہائی سکول دریا گنج دہلی
۸۔ سینٹ سٹیفن ہائی سکول دہلی
۹۔ فیض عام ہائی سکول میرٹھ

(نور شاہد جامعہ ملیہ دہلی)

## حکومت کو پھر دو شکستیں
### اسمبلی میں تیسرے درجہ کے مسافروں کی شکایات

دہلی ۲۲ر فروری۔ لوگوں کا خیال تھا کہ نیشنلسٹ پارٹی اب ریلوے بجٹ پر حملے نہ کرے گی اور حکومت آسانی کے ساتھ اسے منظور کرالے گی۔ مگر رسمی کٹوتی تجویزیں ایجنڈا میں نہیں۔ مگر یہ خیال غلط ثابت ہوا اور آج کے اجلاس میں حکومت کو دو دفعہ شکست اٹھانی پڑی لطف یہ کہ آج کی شکست ایسی تھی کہ اس سے قبل حکومت کو کبھی نصیب نہ ہوئی تھی۔ پہلی دفعہ لسے صرف ۲۷ اراکین ملے اور مخالف ۸۰ تھے۔ یورپین اراکین نے بھی بڑی دیانتی کے ساتھ کانگریسیوں کا ساتھ دیا۔

حکومت نے ہر شکست کو بہت ہی فلسفیانہ انداز میں لیا اور اگرچہ سر جارج شسٹر اپنی زبان حال سے یہی کہہ رہے تھے کہ مقابلہ آخر خوب کیا لیکن فتح و شکست نصیبیت سے ہوا کرتی ہے اس لئے وہ کچھ زیادہ شرمندہ نہ تھے لیکن یہ سوچ معلوم کہ ان شکستوں کے بعد حکومت کی روش کیا ہو گی اور آیا وہ محکمہ ریلوے میں ہندوستانی کی شکایات کو دور کرنے کی طرف متوجہ بھی ہو گی یا نہیں؟

ریلوے بجٹ پر مباحثہ کے دوران میں سر جارج شسٹر کی مجوزہ رقم (برائے اخراجات) کی منظوری کے لئے پیش کی ان کی تقریر کے بعد مسٹر ستیہ مورتی نے محکمہ کے ملازمین کی بد اخلاقیوں کی شکایت کی، اور ایجنٹ کے متعلق کہا کہ وہ نہایت ہی مطلق العنان عہدیدار ہے۔ انہوں نے اس قسم کے واقعات بیان کئے جو انہوں نے بچشم خود دیکھے تھے اور جن سے ان ملازمین کی انسانیت سوزی ظاہر ہوتی تھی انہوں نے غذا کی نگرانی کے متعلق انسپکٹروں کے تقرر کی تجویز پیش کی۔

مسٹر ایم۔ این جوشی نے جو مزدوروں کے سرکاری نمائندے ہیں تیسرے درجہ کے مسافروں کی تکالیف کی آواز بلند کی اور ایک مدلل اور موثر تقریر میں یہ بتایا کہ تیسرے درجہ کے مسافروں کے ساتھ کس قدر ناانصافی کی جاتی ہے انہوں نے یہ بھی بتایا کہ گذشتہ سال تیسرے درجہ کے مسافروں کی تعداد ۴۸ کروڑ تھی برخلاف اس کے اول درجہ کی صرف ۴ لاکھ۔

ان کے بعد سیٹھ گووند داس نے تقریر کی انہوں نے بھی تیسرے درجہ کے مسافروں کی شکایات پر روشنی ڈالی اور [illegible]

## برما کونسل کے صدر کا اخراج

رنگون ۲۸ر فروری۔ برما کی مجلس مقننہ کا اجلاس آج صبح منعقد ہوا کہ سرکاری کام کو پورا کرے۔ ڈپٹی پریسیڈنٹ صدر تھے۔

## حبش پر اٹلی کی دراز دستیاں
### دو ہزار اور سپاہی روانہ ہو گئے

روما ۲۲ر فروری۔ [illegible]

میں پھر آنے لگی ہے۔ کل شام کو نیپلز سے دو ہزار سپاہی روانہ ہوئے جس میں ڈاکٹر، مزدور اور خاص خاص ماہرین بھی شامل ہیں۔ ان لوگوں کے ساتھ سسینا سے دو ہزار مزید فوج سوار ہو جائے گی۔

جنرل گراں زیانی جو اس مہم کے سپہ سالار ہیں سسینا سے آج روانہ ہو جائیں گے۔ بنیوا کے بندرگاہ سے بھی تیس ہزار آدمی سوار ہوئے ہیں جن کو الوداع کہنے کے لئے خود سینور مسولینی بھی گئے تھے۔

## کمال پاشا نے تمام یورپ میں تہلکہ ڈالدیا

استنبول کی اطلاع ہے کہ غازی کمال پاشا ایک بلقان لیگ بنا رہے ہیں جس کے بعد وہ وسط یورپ کی طاقتوں سے مقابلہ کریں گے۔ اٹلی اور آسٹریا کی سلطنتوں سے خاص طور پر مقابلہ رہے گا۔ اس اقدام سے تمام یورپ میں تہلکہ پڑ گیا۔

## لاری کے حادثہ میں پانچ مسافر ہلاک

بمبئی ۱۹ار فروری۔ کھاری گوودام میں ایک موٹر لاری سڑک پر پلٹ گئی جس سے پانچ مسافر ہلاک اور تیرہ زخمی ہوئے۔

## سر آغا خاں اور مریدوں کی رقم
### ایک اصلاح پسند خوجہ کا تار

[illegible]

## سلور جوبلی اور پنڈت جواہر لال کی رہائی

[illegible] رہائی کے ساتھ سیاسی قیدیوں کی رہائی بھی شامل ہوں گے یقین کیا جاتا ہے کہ پنڈت جواہر لال نہرو بھی اس سلسلہ میں رہا کر دئے جائیں گے۔


## حب زرین

زرین اصولوں پر تیار کی ہوئی حب زرین۔ زرین خواص کی حامل ہیں چنانچہ مستقل طور پر قوت باہ کو حیرت انگیز اور قابل رشک بنانا بدن کی تمام طاقتوں کو اصلی معیار پر لانا اور ان کی حفاظت کرنا جس سے جملہ اعضائے رئیسہ پوری طاقت حاصل کر کے بہت سے امراض کی مدافعت کرنے کے قابل ہو جاتے ہیں ان گولیوں کا مخصوص فعل ہے ان گولیوں کے استعمال سے زیادہ عرصہ تک دماغی اور محنت کا کام کرنے کے بعد تکان محسوس نہیں ہوتی ہر دو وزن میں مجت زیادہ بڑھ جاتی ہے ضعیف العمر شوہر نوجوان بیویوں کے ساتھ پرکیف زندگی بسر کر سکتے ہیں قبض کی شکایت رفع ہو جاتی ہے دودھ، گھی اور مرغن غذائیں اچھی طرح ہضم ہونے لگتی ہیں بھوک بڑھ جاتی ہے عورتوں کے سیلان الرحم اور بانجھپن کے رفع کرنے میں بھی لاجواب چیز ہے۔ آپ ان گولیوں کو استعمال کر کے ضرور خوش ہوں گے "طبیب کامل" حکیم سید قاسم حسین صاحب سند یافتہ طبیہ کالج دہلی کی تشفی و صدیق کامیاب گولیاں ہیں جن کا اعلان اشتہاری غرض سے نہیں بلکہ محض افادہ عام کے لئے کیا گیا ہے۔

چالیس گولیوں کی قیمت علاوہ محصولڈاک ۴ روپیہ جو ایک شخص کیلئے بالکل کافی ہیں

منیجر شفاخانہ کنز المجربات کوچہ چیلان گلی راجان دہلی سے طلب فرمائیں

## ایک ہزار روپیہ کے نقد انعامات

[illegible]

منیجر گاڈلی کمپنی کراچی

## گُنّی

تار کا پتہ ہمدرد دہلی — ٹیلیفون ۵۵۶۶

سنہ ۱۹۳۵ء — سنہ ۱۹۳۵ء

کا — کا

طاقت کی بے مثل سنہری گولیاں

مسیح الملک حکیم محمد احمد خاں صاحب کا عطیہ (سفر یورپ کے بعد)

خاص — خاص

چالیس گولیاں سات روپیہ

ہندوستانی دواخانہ (جس کو حکیم اجمل خاں نے ۱۹۰۳ء میں بنایا) دہلی (پوسٹ بکس ۲۲)

تحفہ — تحفہ




## اجرا ریاست کوہاپور کی خونی داستان
### گولیاں عورتوں کے سینے اور مونہہ توڑ کر نکل گئیں
### نام نہاد تحقیقاتی کمیشن کی حقیقت

حافظ علی بہادر خاں صاحب نے ریاست کوہاپور کا سفر کر کے زخمیوں کی دردناک کیفیت اور نام نہاد تحقیقاتی کمیشن کی کارروائی بچشم خود دیکھی انہوں نے جو حالات بتائے ہیں ان کا خلاصہ ذیل میں شائع کیا جاتا ہے۔

اجرا تقریباً چار ہزار کی بستی ہے جس میں ڈھائی تین سو مسلمان ہیں جو عموماً غریب سادہ مزاج کسان یا مزدور ہیں ان کا ایک قبرستان ہے جو سالہا سال سے استعمال میں ہے اور ایک عیدگاہ ہے یہ لوگ عموماً قبرستان میں قبروں پر صندل کے درخت لگا دیتے ہیں چنانچہ اس سال بھی بعض قبروں پر صندل کے درخت لگائے۔ عیدگاہ میں وضو کرنے کی چھوٹی سی جگہ ہے اس پر جاگیردار اجل کرنجی سے جھگڑا چلا آتا ہے اور چونکہ مسلمانان اجراء نے ریاست بالا سے جو کوہاپور ہے اپیل کی تھی اس لئے جاگیر کے حکام ان سے خفا ہیں اس خفگی کی وجہ زیادہ تر یہ ہے کہ اجلکرنجی اور کوہاپور دربار کے تعلقات خراب ہیں۔ ریاست کے وارث کی نامزدگی اور بعض دیگر اختیارات پر اختلاف چلا آ رہا ہے بسا اوقات کوہاپور دربار اور اجل کرنجی کی شاطرانہ بازی میں اجرا کے مسلمانوں کو بساط کے مہروں کی طرح استعمال کیا گیا اور ایک دوسرے نے اپنی بازی جیتنے کے لئے ان کو کٹوا دینے میں بھی دریغ نہیں کیا۔ اس وقت بھی جو تحقیقات ہو رہی ہے اس کا رنگ یہ نہیں ہے کہ مظلومین کے ساتھ انصاف ہو اور ظالم کیفر کردار کو پہنچیں۔ بلکہ وہاں بھی اجرا کے مظالم کی تحقیقات کے نام سے اجل کرنجی اور کوہاپور کی باہمی کشمکش نمایاں ہے اور صرف اسی حد تک ظالموں کو سزا ملنے کی امید ہے جس حد تک کہ یہ کشمکش اجازت دیگی اس لئے مظلومین اجرا کی طرف سے ایک بہت زبردست مسلم بیرسٹر کی ضرورت ہے جناب حافظ صاحب نے زور دیا جو اس کشمکش سے بالاتر ہو کر کام کر سکے اور عامۃ المسلمین اس سے مطمئن رہ سکیں۔

### مجبوری کی موت

جس مقام پر گولیاں برسیں، وہاں مسلمانان اجرا کا معمولی مجمع تھا جن میں سے اکثر لوگ صرف مسلح سپاہیوں اور حکام کو دیکھنے کے لئے اپنے اپنے گھروں سے نکل کر جمع ہو گئے تھے، کیونکہ گولی باری کا کوئی سامان نہ تھا اس لئے عورتیں اور بچے بھی مجمع میں تھے۔ ان کو منتشر ہونے کا موقع بھی نہ دیا گیا اور ایک اونچے مقام سے ان پر گولیاں برسانے کا حکم دے دیا گیا کہا جاتا ہے کہ عورتوں کی گودوں میں پتھر تھے اور وہ بھی حملہ آوروں میں شریک تھیں اور گولیوں کے باوجود یہ مردوں اور عورتوں کا مجمع کرنے کے لئے بڑھتا گیا۔ اس لئے مزید باڑھیں مارنے کی ضرورت پیش آئی۔

### عورتیں کیوں آئیں تھیں

عورتوں اور بچوں کا اجتماع مردوں کے ساتھ اس لئے بھی تھا کہ کچھ روز قبل کوہاپور دربار کے افسروں نے آکر مسلمانوں کو مجبور کر کے معافی منگوائی تھی۔ بلکہ جاگیردار اجل کرنجی کو ہار پھول دینے کا بھی ذکر تھا۔ اس لئے یہ خیال بالکل نہ تھا کہ جاگیردار کے حکام اس قدر انتقامی ظلم لینے پر تیار ہو جائیں گے۔ [illegible] وہ کافی نہیں تھی دراصل مجسٹریٹ کلکرنی نے فائر کا حکم دیتے ہوئے کہا تھا کہ ان لوگوں کو اچھی طرح سے سبق دینا چاہئے۔

### مندر میں اسکیم تیار ہوئی

اگرچہ راؤ صاحب کلکرنی حاکم اعلیٰ تھے اور وہ اجرا جا کر مندر میں ٹھہرے اور انہوں نے ایسے مسلمانوں کو اپنے رو برو پیش سے نیز بعض محکموں سے پہلے علیحدہ کرا دیا جو ان کے ارادوں کی خبریں مسلمانان اجرا کو پہنچا سکتے تھے جس کا تبادلہ کرا دیا، بعض کو معطل کرا دیا۔ اور بعض تاجروں کو وہاں سے بھی ایسے مسلمانوں کو برخاست کرا دیا جن پر خبریں پہنچانے کا شک ہو سکتا تھا مندر میں بیٹھ کر یہ اسکیم تیار ہوئی جہاں سے مسلمانوں کو خبر ملنا غیر ممکن تھا۔ حافظ صاحب کئی ایسے مسلمانوں کو ملے جن کو ان کی خدمات سے اس اسکیم کے ماتحت علیحدہ کر دیا گیا تھا اور اب وہ بیکار ہیں۔

### پنچ نامہ کا قضیہ

جو لوگ اجرا اور کوہاپور کے انتظامی رسم و رواج سے واقف نہیں ہیں ان کی سمجھ میں نہیں آتا کہ پنچ نامہ کی مخالفت مسلمان کیوں کرتے تھے۔ بات یہ ہے کہ پنچ نامہ اس ریاست کی ایک اصطلاح ہے [illegible] کے سلسلہ میں لیا جاتا ہے صندل کے درختوں کے پنچنامہ کے یہ معنی تھے کہ ریاست ان درختوں پر قبضہ کر لیتی اور ظاہر ہے کہ ان کو قبروں سے اکھاڑ بھی دیتی اس لئے مسلمانوں نے اس پنچنامہ کی مخالفت کی وہ چاہتے تھے کہ درخت اکھیڑے نہ جائیں کیونکہ اس طرح سے قبروں کو نقصان پہنچے گا اور ان کی بے حرمتی ہو گی۔

### گولیاں برسنے کا واقعہ

حافظ علی بہادر خاں صاحب نے ان متعدد مردوں اور عورتوں کو دیکھا کہ جو زخمی ہوئے تھے انہیں سے بہت سے ہسپتال سے اچھے ہو کر نکل آئے ہیں اور متعدد ہسپتال میں موجود ہیں ان کے جسموں پر گولیوں کے نشانات دیکھ کر اندازہ ہوتا تھا کہ کس قیامت کا منظر ہو گا ایک زخمی کے گولی اس طرح پچھے پر پڑ کر زانو سے نکل گئی تھی، کہ حافظ صاحب کو دیکھ کر بڑا تعجب ہوا۔ کیونکہ یہ پوزیشن گولی لگنے کی اسی حالت میں ہو سکتی تھی کہ گولی مارنے والا کسی اونچی جگہ سے فیر کرے جب اس زخمی سے جرح کی تو یہ حقیقت کھلی کہ گولی مارنے والوں نے بلند پوزیشن پر خود کو قائم کر لیا تھا اور اطمینان سے مسلمانوں پر گولیاں برساتے تھے نتیجہ یہ ہوا کہ خون کے نالے بہہ گئے اور دس مرد عورت اور لڑکے شہید ہو گئے اور درجنوں لڑکھڑاتے اور گولیاں کھاتے کسی نہ کسی طرف نکلے اور مختلف مقامات پر گر پڑے ان زخمیوں کی وجہ سے گلیوں اور کھیتوں میں دور دور تک اور ہر جگہ خون ہی خون نظر آتا تھا۔

### لاشوں کی تڑپ اور زخمیوں کی پکار

چوبیس گھنٹے لاشے پڑے رہے ان میں سے بعض تو فوراً مر گئے تھے۔ مگر بعض کئی کئی گھنٹے تڑپ تڑپ کر مرے۔ اس وقت ان کے حلق میں کوئی پانی ٹپکانے والا نہ تھا کیونکہ سپاہیوں کا پہرہ قائم کر دیا گیا تھا زخمی بھی ادہر ادہر کرب و اضطراب سے چلا رہے تھے جس سے نہایت ہولناک نظارہ پیدا ہو گیا تھا پھر مقتولین و مجروحین کے اقربا محبت کے تقاضے سے کانپتے تھرتھراتے لاشوں کے پاس آئے۔ اور انہوں نے خون کا پانی کی طرح بہنا اپنی آنکھوں سے دیکھا۔ اس لئے ان پر اتنا اثر ہوا۔ کہ وہ لاشوں کو بغیر اٹھائے واپس چلے گئے ان سے بہت اصرار کیا گیا، کیونکہ جاگیرداروں کا مقصد تھا کہ جلد از جلد ان کے مظالم کے ثبوت مٹ جائیں مگر شہداء کے وارثوں نے کہا کہ ہم اسی طرح پڑا رہنے دیں گے شاید کسی طرف سے کوئی انصاف کرنے والا آ جائے تو ہم ان سے حقیقت کا اندازہ کرا سکیں۔ مگر افسوس کہ ان کی یہ حسرت بھی پوری نہ ہوئی کیونکہ بعض لاشوں میں تعفن پیدا ہو گیا تھا اور یہ دھمکی دی گئی کہ اب انہیں اٹھاؤ گے نہیں تو ہم ڈھیڑوں اور بھنگیوں کے سپرد یہ کام کر دیں گے چار و ناچار ورثاء نے لاشے اٹھائے اور بغیر کفن دکیونکہ وہ سب شہید تھے) دو گڑھوں میں دفن کئے گئے حکام نے خون کے نشانات مٹانے کے لئے زرد رنگ ڈلوا دیا اور اس سڑک کی سٹی خون سے کافی تر ہو گئی اور بعض جگہ تو ایسی ہو گئی کہ جیسے گندھا ہوا آٹا ہوتا ہے۔

### زخمیوں کی حالت

حافظ صاحب نے زخمیوں کی جو حالت دیکھی وہ ایسی دردناک تھی کہ بے اختیار آنسو نکل پڑتے تھے، حالانکہ اب کافی عرصہ اس واقعہ کو گذر چکا تھا مگر ہسپتال میں اور ہسپتال کے باہر ایسی عورتیں ملیں جن کی چھاتیاں توڑ کر گولیاں پار نکل گئیں اور جن کے کلّے جبڑے توڑ کر پار ہو گئیں کسی کا بازو بندھا ہے کسی کی ٹانگیں بیکار ہو گئیں۔ سفید ریش بڈھے گولیاں کھائے اسپتال میں پڑے ہیں ایک [illegible] ہو گیا ہے مگر اس کا جسم دیکھنے سے معلوم ہوا کہ ایک جگہ گولی ایک طرف لگی اور دوسری طرف توڑ کر نکل گئی اور دوسری جگہ پھنس کر رہ گئی جب کہ اتنے عرصہ کے بعد بھی ایسے مناظر موجود ہیں تو فوراً آنکھوں کو اشکبار کر دیتے ہیں تو اسی عید کو کیا حال ہو گا جب کہ فی الواقع قیامت برپا ہوئی تھی۔

### تحقیقات اور شہادتیں

اگرچہ تحقیقات ہو رہی ہے مگر اس میں کوئی غیر سرکاری مسلمان نہیں ہے کمیشن کے دو ممبر ہیں ایک وزیر اعظم کوہاپور اور ایک ایجنٹ گورنر کوہاپور کے حکم سے یہ تحقیقات شروع ہوئی ہے کیونکہ اجل کرنجی جاگیر کوہاپور کے ماتحت ہے۔ حافظ صاحب نے جو رائے کوہاپور میں قائم کی ہے وہ یہ ہے کہ اس تحقیقات پر زیادہ اعتماد نہیں کیا جا سکتا۔ حقیقت یہ ہے کہ جو واقعہ مسلمانوں پر گذرا اس کے بنیادی وجوہ بہت سے پردہ ہائے راز میں پوشیدہ ہیں اور یہ [illegible] غیر سرکاری تحقیقات میں قابل عالی مرتبہ مسلم بیرسٹر ہی روشنی میں لا سکتے تھے۔ حافظ صاحب کا خیال ہے کہ مسٹر ادیب کا انتخاب بہت بڑی غلطی تھی اور اگرچہ تحقیقات کے بعض اہم مرحلے طے ہو چکے ہیں پھر بھی کسی مسلم اعلیٰ بیرسٹر کے تقرر کی ضرورت تھی مگر بمبئی کے مسلمانوں میں بلکہ ان کے لیڈروں میں ایسی پیچیدگیاں موجود ہیں جن کی وجہ سے غالباً عملی حیثیت سے حافظ صاحب کا یہ مسئلہ بیکار ثابت ہو گا۔ یہ ایک علیحدہ داستان ہے جو اپنی جگہ ایک ٹریجڈی ہے اور مسلمانان بمبئی کی پبلک زندگی کا ایک بدترین نمونہ پیش کرتی ہے۔

حافظ صاحب کا یقین ہے کہ مسلمانان اجراء دو ریاستوں کی بساط سیاست پر معمولی چالوں سے مرعوب ہیں اور ان کے متعلق گو پہلے بھی بیان کیا گیا ہے اور آئندہ بھی وہ آلہ کار ہی رہیں گے جو شہادتیں پیش ہوں گی وہ اسی سیاست سے متاثر ہوں گی اور افسوس ہے کہ باہر کے مسلمانوں نے اپنا فرض ادا نہیں کیا اور غلط رہنمائی کی وجہ سے وہ اپنا فرض ادا کریں گے بھی نہیں اس سلسلہ میں کرنل فرلیولی ریورٹ راؤ صاحب کلکرنی کے بیانات اور بالخصوص اجلکرنجی اور کوہاپور کے گذشتہ اور موجودہ اختلافات کو پیش نظر رکھ کر کوئی شخص غور کرے تو ضرور ایسے نتائج پر پہنچ سکتا ہے کہ کوہاپور میں اس سلسلہ میں بعض ایسے جگر خراش حالات بھی حافظ صاحب کو معلوم ہوئے کہ ان کا اظہار کر دیا جائے تو وہ طاقتیں اپنے ہتھیار حافظ صاحب پر تیز کرنے لگیں گی اور ان کا بیان ہے کہ آخر ایک [illegible]


## ایک سو روپیہ نقد انعام

RS 100 — RS 100

[illegible]

منیجر فٹ کوٹ کمپنی کراچی



## حضرت مولانا الحاج حافظ احمد سعید صاحب کی
## تقریر سیرت

حضرت سحبان الہند مولانا الحاج حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند کی وہ بصیرت افروز شریعت آموز تقریر جو حضرت نے آمادہ کے جلسہ سیرت میں ارشاد فرمائی تھی اور جس کو بعد میں مزید تفصیل و تشریح کے ساتھ مرتب و مدون کر کے الجمعیۃ میں جزو اً جزواً شائع کیا گیا تھا اب قارئین الجمعیۃ کے مسلسل پیہم اصرار پر کتابی شکل میں ادارۂ الجمعیۃ کی جانب سے شائع کر دی گئی ہے اور اس کے ساتھ وہ آخری حصہ بھی شامل کر دیا گیا ہے جو الجمعیۃ میں شائع نہیں کیا جا سکا تھا۔

حضرت مولانا کی یہ تقریر [illegible] بھی یادگار رہے گی شریعت مقدسہ کے نہایت ادق مسائل و دشوار نکات اس طرح پیش کئے گئے ہیں کہ ہر عالم و عامی ان کو سمجھ سکتا ہے اور ان سے افادہ کر سکتا ہے۔ اس پر حضرت مولانا کی سلاست زبان اور روانی بیان نے وہ کام کیا ہے کہ مضامین کی دقت اور مسائل کی دشواری کے باوجود شروع سے آخر تک دلچسپی برابر قائم رہتی ہے۔ ہندوستان کے مختلف شہروں اور قصبوں میں ہزار لاکھوں مسلمان ایسے ہوں گے جو حضرت مولانا کے مواعظ حسنہ سے مستفید ہو چکے ہیں اور ایک مرتبہ نہیں صدہا مرتبہ حضرت مولانا کی تقریریں سننے کے باوجود ہمیشہ اس کے مشتاق رہتے ہیں کہ ایک مرتبہ پھر کہیں حضرت مولانا کی تقریر سننے کا اتفاق ہو۔ ان تمام مسلمانوں کے لئے یہ مژدہ یقیناً جانفزا ہو گا کہ یہ "تقریر سیرت" جو آج شائع کی جا رہی ہے۔ حضرت مولانا کی اکثر تقریروں کا لب لباب ہے اور اس میں سیرت کے متعلق بہت سے وہ مضامین جو حضرت مولانا اپنی مختلف تقریروں میں ارشاد فرمایا کرتے ہیں انداز بیان اور خوبی زبان کی تمام خصوصیتوں کے ساتھ جمع کر دئے گئے ہیں "تقریر سیرت" میں جو مضامین زیر بحث آئے ہیں ان کے بعض عنوانات مشتے از خروارے بطور نمونہ درج ذیل کئے جاتے ہیں تاکہ کتاب کی ہمہ گیری و وسعت کا کچھ اندازہ کیا جا سکے۔

### مختصر فہرست مضامین

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| روحانی اور جسمانی تربیت | نبی کریم کے مشاہدات | جاہل پیروں سے سوال | ملت ابراہیمی کا اتباع | حیا اور ایمان کا تعلق |
| عالم بالا کی خدمات | انبیاء علیہم السلام کی تاریخ | مستقبل کی تاریخ | نماز کی مثال | انبیا میں تفاوت |
| عالم سفلی کے سخرات | مادیات و روحانیات کا فرق | قبروں سے اٹھنا | حج کی مثال | ذکر الٰہی موجب نجات ہے۔ |
| روحانی اطباء | حضرت حوا و آدم کی مناسبت | مسلمانوں سے حضرت حق کا پہلا خطاب | حسد و حرص کی مثال | حضرت ذوالنون مصری کا واقعہ |
| ریفارمر اور رسول کا فرق | حضرت داؤد کی لغزش | مسلمانوں کی موت یادوری | اچھی بری صحبت کی مثال | حضرت یونس کی معراج |
| سب سے پہلی پبلک کانفرنس | حضرت آدم کو ملائکہ کا سجدہ کرنا | موت کے وقت کی لوری | حضرت بایزید بسطامی کا واقعہ | ملائکہ اور شیاطین |
| عالم برزخ کے واقعات | یوم میثاق کے وہ اقرار نامے | حضرت ابراہیم کا واقعہ | الدنیا سجن المؤمن وجنۃ الکافر | قرآن کی قسمیں |
| عالم برزخ کی ایک اطلاع | حضرت یوسف علیہ السلام کا جیل | حضرت عمر بن الخطاب کا واقعہ | توبہ کی مسرت کا تصور | حضرت لوط اور ابراہیم علیہما السلام |
| حضرت عمر فاروق کا مطالبہ | مشرکین اور اہل کتاب کا فرق | قوانین اسلام کی ہمہ گیری | گناہ کی صلاحیت وعدم صلاحیت | حضرت لوط اور فرشتے |
| الفاظ و اعمال کا مواخذہ اختیار کرنا | حضرت عیسیٰ کی تشریف آوری | جادو اور معجزہ کا فرق | شیاطین اور جنات | حضرت لوط اور یوسف کی حرکت |
| کافر کی قبر میں ننانوے سانپ | متبعین غلام احمد قادیانی | نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا اعجاز | ختم نبوت کی تمثیل | والشمس کی سات قسمیں |
| نکیر منکر کا پہلا سوال | مرزا کا کچا چٹھا | سیاست اور مذہب | انبیاء سابقین کا تذکرہ | سائل اور سخی میں کشمکش |
| انبیاء اور حکماء کا فرق | پنجاب کا لاہوری فرقہ | بت اقوام پر اسلام کا احسان | حضرت علی اور ایک یہودی کی گفتگو | مومن و منافق کی مثال وغیرہ وغیرہ |

پوری کتاب دو سو صفحات پر مشتمل ہے اور نہایت بہتر کتابت و طباعت کے ساتھ شائع کی جا رہی ہے۔ اس کے باوجود قیمت علاوہ محصول ڈاک صرف ایک روپیہ دو آنہ رکھی گئی ہے تاکہ امیر و غریب سب حضرات مساوی فائدہ اٹھا سکیں۔

منیجر "الجمعیۃ" گلی قاسم جان دہلی





## تندرستی

تمہارے لئے آخر کار نوجوانی کا مژدہ آ گیا سیناٹوجن ایک ہی دوا ہے جو تمہاری گم شدہ قوتوں کو دوبارہ واپس لے آئے گی۔ سیناٹوجن میں قوت صحت اور تازگی کے تمام عناصر موجود ہیں۔

سیناٹوجن کا ہر گھونٹ تمہارے لئے آبحیات ثابت ہو گا۔

سیناٹوجن سے تمہاری نوجوانی کے جذبات ابھر ابھر آئیں گے کیونکہ نوجوانی عمر کے ساتھ وابستہ نہیں ہے بلکہ صحت کے ساتھ وابستہ ہے تمہیں زندگی میں ایک نیا مزا آئے گا۔ تھکن سستی۔ نیند نہ آنا اور تمام دیگر شکایات دور ہو جائیں گی اور مسرت و شادمانی کا دور شروع ہو جائیگا۔ چند ہفتوں کے بعد تمہاری صحت ایک اعلیٰ درجہ پر ہو جائے گی۔ آج ہی ایک پیکٹ خرید و اس کے بعد تمکو خود بخود طاقت اور صحت کی خوشی نور آ ہی محسوس ہو گی۔

عام ناطاقتی
اعصابی کمزوری
بے خوابی
اضمحلال طبع اور کمی خون
کے لئے سیناٹوجن استعمال کیجئے

SANATOGEN

ایک کمی اور ناتانی طاقت کی غذا ہے جو کہ ہر دوا فروش کے یہاں بازار میں ملتی ہے



## گولی امساک

مریضان سرعت انزال صرف ایک گولی خلوت سے ایک گھنٹہ پہلے استعمال کر لیں اور اس کا معجز نما اثر ملاحظہ فرمائیں، یہ گولی دوران جماع میں قوت باہ و اعضاء رئیسہ کو حیرت انگیز طریقہ پر تقویت پہنچاتی رہتی ہے اور اس قدر امساک لانبی رکاوٹ پیدا کرتی ہے کہ فراغت حاصل کرنے کے لئے ترشی یعنی کھٹائی استعمال کرنے کی ضرورت لاحق ہو جاتی ہے، طرفہ یہ کہ قطعی بے ضرر ہے اور ہر موسم میں قابل استعمال۔ قیمت فی ڈبیہ (بارہ گولیاں) صرف ڈیڑھ روپیہ۔

طلا اکسیر: امساک کی گولی کیساتھ اس کا بیرونی استعمال فریق ثانی کی خواہشات کو نہایت پر لطف انداز کیساتھ بہت ہی جلد پوری کر دیتا ہے اور اس کو زندگی بھر کیلئے مطیع و فرمانبردار بنا دیتا ہے زود اثر خوشبودار قیمت فی شیشی ڈیڑھ روپیہ۔

سفوف عروسی: وقت ضرورت سے ایک گھنٹہ قبل ایک خوراک استعمال میں لائیے [illegible] جسمانی کیفیت عجیب دوشیزہ دلکواری کے مانند ہو جاتی ہے قطعی بے ضرر ہے اور طرفین کے لئے بے حد خوشکن۔ قیمت فی پیکٹ (آٹھ خوراک) صرف ایک روپیہ۔ ملنے کا پتہ:

دی نرود ہو فارمیسی (اے برانچ) بالمقابل مرکنٹائل بینک فراش خانہ دہلی



## فلسفۂ عید قربان

مفت

[illegible] اس نام کا ایک رسالہ انجمن خدام الدین نے بڑے بڑے علماء کرام کی تصدیقات سے شائع کیا ہے جس میں قربانی کی ابتداء۔ ابراہیمی قربانی کے شرائط۔ فلسفہ عید قربان کا ذکر ہے۔ [illegible] اشاعت و تبلیغ کا ثواب پائیے۔

رجسٹرڈ نمبر ل ۱۷۹۳

ید اللہ علی الجماعۃ

تار کا پتہ "الجمعیۃ دہلی"
ٹیلیفون نمبر ۵۷۳۸

# سہ روزہ الجمعیۃ دہلی

مدیر مسئول:- ہلال احمد زبیری (بی۔اے) معاون:- محمد عثمان فارقلیط

جلد ۱۲ | دہلی یوم سہ شنبہ ۲۹ ذیقعدہ ۱۳۵۳ھ ہجری مطابق ۵ مارچ ۱۹۳۵ء | نمبر ۱۷


## معاصرین کے افکار و آراء

### شریعت بل سے اختلاف!

سرحد میں بھی، پنجاب و سندھ کی طرح، عورتوں کو حق وراثت سے محروم قرار دیا جاتا ہے۔ باپ کی جائداد کا حصہ صرف اولاد نرینہ کو ملتا ہے، اور لڑکیاں چونکہ ضروریات زندگی نہیں رکھتیں، اسی لئے انہیں اس قابل نہیں سمجھا جاتا کہ کچھ حصہ دیا جائے۔

اس جندہ رسم کے انسداد، اور اسلامی قوانین کے اجراء کے لئے سرحد کی کونسل میں ایک بل پیش ہونے والا ہے۔ بل رائے عامہ معلوم کرنے کے لئے مشتہر ہو چکا ہے، اور آئندہ سیشن میں غالباً اس پر آخری طور پر بحث ہوگی۔ ہندوستان کے مسلمان اپنے جذبۂ مذہب میں تمام دنیا کے لوگوں سے ممتاز ہیں، اور سرحد کے مسلمان اپنے جمیت دینی، اور غیرت مذہبی کی بنا پر تمام ہندوستان میں سب سے آگے ہیں۔ ...

### معلمین حج بل

(ملت)

کوشش کرنی چاہیئے کہ وہ مطمئن رہیں۔

### حج کیلئے سہولتیں

### فرقہ وارانہ سمجھوتہ

### ضروری گزارش

خریداران الجمعیۃ کو چاہیئے کہ خط و کتابت کے وقت اپنے نمبر خریداری کا حوالہ ضرور دیا کریں ورنہ عدم تعمیل ارشاد معاف۔

(مینیجر)

## نوامیس فطرت اور حقوق کی تقسیم

### اسلام میں عورت کا مرتبہ اور اسکے حقوق

### حوا کی بیٹیوں پر کس نے احسان کیا؟

(از علامہ سید محمد رشید رضا مصری)

عالم اسلامی کے نامور عالم و مصلح علامہ سید رشید رضا کے ایک فاضلانہ مضمون کا ترجمہ "لشکر" "ہند" کلکتہ ذیل میں درج کیا جاتا ہے:-

اس معاملے میں بھی اختلاف تھا کہ عورت کو دین کی تعلیم دینا چاہیئے یا نہیں؟ اور یہ کہ عورت کی عبادت صحیح ہوتی ہے یا نہیں؟ اور یہ کہ وہ جنت میں داخل ہو سکتی ہے یا نہیں؟ ...

(باقی)

## پادری کی لڑکی کا قبول اسلام

اسپین کے ایک جلیل القدر پادری کی لڑکی نے جب اسلامی تعلیمات کا مقابلہ کیا اور مسلمانوں کے مذہب اور انکے اعمال کو بغور دیکھا تو اس کے دل میں اسلام کی صداقت و حقانیت جاگزیں ہو گئی اور اس نے یہ فیصلہ کر لیا کہ حقیقتاً اسلام ہی وہ مذہب ہے جو دنیا اور آخرت میں نجات کا راستہ بتاتا ہے اور اس کے علاوہ مختلف مذہب ہیں وہ سب باطل اور صراط مستقیم سے بھٹکا دینے والے ہیں۔ جب عیسائیوں کو اس کی خبر ہوئی تو تمام پادریوں نے مل کر اس لڑکی پر بے شمار مظالم ڈھائے اور اسقدر جاں گداز اور صبر آزما مصائب میں مبتلا کیا کہ دیکھنے والوں کے رونگٹے کھڑے ہونے لگے۔ مگر وہ لڑکی اسلام پر ثابت قدم رہی اور اس نے بالآخر تمام پادریوں کی شاندار مجلس میں اسلام کی حقانیت پر ایک بصیرت افروز مناظرہ کیا۔ فضیلت اسلام اور رد عیسائیت کے جس قدر دلائل ممکن تھے وہ تائید الٰہی سے اس لڑکی نے پادریوں کے مقابلہ میں اس خوش اسلوبی کے ساتھ پیش کئے کہ سامعین حیرت استعجاب کے سمندر میں غرق ہو گئے اور پادریوں سے کوئی جواب بن نہ پڑا اور وہ لڑکی ہمیشہ کے لئے اسلام ہی سے وابستہ ہو گئی۔ اس کا نام ازبلا تھا اور اس کی زندگی کے واقعات ایک کتاب میں قلمبند کر دئیے گئے ہیں۔ اگر آپ کو گزشتہ عظمت و سطوت کا مطالعہ کرنا ہے اور عیسائیت کے مقابلہ میں اسلام کی حقانیت کے بے شمار دلائل سے واقفیت حاصل کرنے کا شوق ہے اور آپ اس کتاب کے ذریعہ تبلیغ اسلام کا فریضہ ادا کرنا چاہتے ہیں تو فوراً طلب کیجئے۔ پہلا ایڈیشن قریب الختم ہے۔ اگر دیر ہوئی تو دوسرے ایڈیشن کا انتظار کرنا پڑے گا۔ قیمت فی جلد ۱۲ علاوہ محصول ڈاک۔ تبلیغی مقاصد کے لئے بیس یا بیس سے زائد جلدوں کے خریدار کو پچیس فی صدی کمیشن دیا جائے گا۔

ملنے کا پتہ:- مینیجر الجمعیۃ دہلی

---


Regd No L 1793.

# The Jamiat

Vol. XXI No 15, 16, DELHI THURSDAY ... FRIDAY 1st March 1935 PRICE ONE ANNA


4612 Moulvi Mehdi Hassan Sb Mufti Rander, Surat.

**نورانی قرآن مجید**

نہایت صاف چھپائی اور نہایت صحیح قرآن شریف اگر درکار ہو تو نورانی قرآن مجید الجمعیۃ بک ایجنسی دہلی سے طلب فرمائیے۔

**پادری کی لڑکی کا قبول اسلام**

مینیجر الجمعیۃ دہلی

## قرآن حکیم اور سیرت نبوی کے جاپانی تراجم

## سرحدی مواضعات میں شرعی کمیٹیوں کا تقرر

## غلط گو اور غیر مہذب اخبارات کے خلاف احتجاج

## انجمن تہذیب الکلام کا جلسہ

### الہ آباد یونیورسٹی کے طلباء کی ہندی نوازی


آج تک نہ کسی کو ملا نہ کسی نے سنا

آٹو کے ہمراہ خاص انعامات صرف ۵ عمر میں



**خاص رعایت**

**حیات حافظ رحمت خاں**

غیر مجلد دو روپے چار آنے میں خریدیے

ملنے کا پتہ:- مینیجر اخبار الجمعیۃ گلی قاسم جان دہلی

**اخبار الجمعیۃ میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے**

**وئید حکیم بنجاؤ**

**ملک کشمیر کی قابل بھروسہ**

نانک چند گپتا جنرل سپلائی سٹور شدہ کیسر شلاجیت شہد برہمی وغیرہ ادہم پور گورنمنٹ جموں کشمیر

**محبوب عاشق کے قدموں پر**

ملنے کا پتہ:- فضل شاہ عامل گلی رحمان دہلی

**خضاب چھوڑ دو**

**مفت! مفت!! مفت!!!**

پرنسپل اولڈ انڈین میڈیکل کالج انبالہ شہر

مشہور و معروف دو ترجمہ والا معجز نما متوسط قرآن مجید معہ کامل تفسیر

**حیرت انگیز رعایتی اعلان**

مینیجر اخبار الجمعیۃ گلی قاسم جان دہلی

# اسلام کے خلاف ایک نئی صلیبی جنگ

## فرانس نے مسلمانوں کے مدارس و مساجد بند کر دئے

### عربی زبان، عربی تہذیب اور اسلام کے خلاف جہاد

ڈاکٹر خالد شیلڈرک (نو مسلم انگریز) نے ذیل کا بیان شائع کیا ہے :-

آج حالات سے ترشح ہو رہا ہے کہ فرانسیسی مدبران و سیاست دانوں نے نپولین اعظم کی پالیسی کو کس طرح پس پشت ڈال دیا ہے، نپولین مسلمانوں کی دلجوئی کرتا تھا، اور اپنے افسران اور سپاہیوں کو اسلام قبول کرنے کی ترغیب دلاتا تھا۔ ہمیں علم ہے کہ جنرل مینو اور بہت سی ذی وقار ہستیوں نے ایسا کیا اور ملت فرانسیسیہ نے مسلمانوں کی ہمدردی حاصل کی۔

لیکن آج تصویر کا رخ دوسرا ہے، فرانس کی طرف سے بحر روم کے جنوبی ساحل کو شمالی ساحل کی طرح لاطینی بنانے کی بڑی تندہی کے ساتھ کوشش کی جا رہی ہے۔ برادران اسلام کو یہ سن کر رنج ہوگا کہ تمام شمالی افریقہ کے فرانسیسی مقبوضات میں بجائے عربی زبان کے فرانسیسی زبان داخل نصاب کر دی ...

صدائے احتجاج بلند کر رہے ہیں اور تشریح کر رہے ہیں کہ فرانس کی اس پالیسی کا مطلب یہ ہے کہ شمالی افریقہ کے مسلمانوں کی قومیت مٹ جائے اور مسلمانوں کو رفتہ رفتہ عیسائی بنا لیا جائے۔ خواہ تبدیل مذہب کے لئے قوت کا استعمال ہی کیوں نہ کرنا پڑے۔ فرانسیسی قوم معدوم ہو رہی ہے اس لئے فرانسیسی بربریوں اور دیگر شمالی افریقہ کے مسلمانوں کو عیسائیت میں شامل کر کے اپنی قوت کو نئے سرے سے مضبوط بنانے میں سرگرداں ہیں۔

گلورٹیس اسٹارٹ آف اسلام، سوسائٹی کے ارکان کی جدوجہد قابل فخر اور قابل ستائش ہے اور ان بھائیوں کے سر سہرا ہے جو مردانہ وار اس صلیبی جنگ کے خلاف جہاد کر رہے ہیں اور تمام مسلمانوں کو ایک رشتہ اتحاد میں منسلک کر کے ان کے اندر شمالی افریقہ کی قومیت کی روح پھونک رہے ہیں۔ آج شمالی افریقہ میں اسلام برے معرض خطر میں ہے۔ فرانسیسی سوا اسلامی اداروں و مدارس اور مساجد کو بند کر رہے ہیں تاکہ اسلام کا اور اسلامی تمدن و معاشرت کا اور عربی زبان کو فنا کر دیا جائے اور صفحہ ہستی سے مٹا دیا جائے۔

...

فرانس بہرحال اس وقت اسلام اور شمالی افریقہ کے مٹانے پر تلا ہوا ہے، اور دنیائے اسلام کو اس کا علم ہونا چاہئے۔

اور دین اسلام کو ترک کر دینا چاہئے۔

فرانس کی اس حیا سوز پالیسی کے خلاف جنیوا سے حضرت امیر شکیب ارسلان مجاہد اسلام اور تیونس کے برگزیدہ حامی اور محافظ ہیں ... درپے

عربی اور ولایتی ڈاک

# مشرق و مغرب کی تازہ خبریں

## حجاز کے سیاسی مخرجین کے لئے عفو عام

### جلالۃ الملک والی حجاز کا ترحم خسروانہ

معاصر "ام القری" نے مندرجہ ذیل سرکاری اعلان شائع کیا ہے :-

میں عبد العزیز بن عبد الرحمن آل سعود اللہ تعالے پر توکل کرنے کے بعد حسب ذیل اعلان کرتا ہوں کہ حجاز میں قیام امن کے لئے سابق میں جن غیر ممالک میں رہنے والے حجازیوں پر قیود عائد کی گئی تھیں اور ان کو وطن میں واپس آنے کی ممانعت کر دی گئی تھی اب ان کو بعض شروط کے ماتحت حجاز میں واپس آنے کی اجازت دی جاتی ہے۔ جو حجازی اپنے وطن میں واپس آنے کے خواہشمند ہونگے ان کو اجازت دیدی جائے گی۔

جو شخص اس عفو عام سے استفادہ کرنا چاہے اس کے لئے ضروری ہے کہ وہ معاودت وطن کے لئے حکومت سے براہ راست یا حکومت حجاز کے سفراء کے ذریعہ درخواست کرے تاکہ اس کے لئے ضروری تدابیر اختیار کی جائیں۔ ہمارے افسران اور خارجی وزراء پر لازم ہے کہ وہ ہمارے اس حکم کی عام اطلاع لوگوں کو دیدیں۔

او بحری راستہ کے بجائے خشکی کے راستہ سے سفر کرنے کی اجازت دی جائے۔ معلوم ہوا ہے کہ حکومت حجاز نے اس درخواست کو منظور کر لیا ہے اور توقع ہے کہ کویت سے کثرت کے ساتھ حجاج زیارت بیت اللہ الحرام کے لئے آئیں گے۔

## یہودی کانفرنس کا اعلان

### انگریز کے برتے پر فرعونی ارادے

تل ابیب میں یہودیوں کی کانفرنس کا اجلاس منعقد ہوا جس میں یہ اعلان کیا گیا کہ یہودی، فلسطین اور شرق اردن کو اپنا ملک بنانا چاہتے ہیں۔ چونکہ فلسطین کی سرزمین یہودیوں کیلئے کافی نہیں ہے اسلئے شرق اردن پر قبضہ کرنا یہود کا اولین فرض ہے۔ اس پر جریدہ الہدایہ لکھتا ہے کہ جب تک انگریز فلسطین پر مسلط ہیں اس وقت تک یہود اسی قسم کی بکواس کرتے رہیں گے۔ لیکن ایک دن یہود کی گوشمالی کیلئے کوئی بخت نصر پیدا ہوگا اور بعد اس قوم پر پھر ایک دفعہ نیا غضب نازل کریگا۔

## فلسطین اور شرق اردن کے بعد

### شام اور عراق پر یہود کا دھاوا

جریدۃ "الہدایۃ" لکھتا ہے کہ یہودیوں نے پختہ ارادہ کر لیا ہے کہ فلسطین اور شرق اردن پر قبضہ کیا جائے اور جب اس میں کامیابی حاصل کر لیں تو پھر شام اور عراق کو اپنا وطن بنایا جائے۔ اس وقت یہودیوں نے فلسطین کے بعد شرق اردن پر دھاوا بول رکھا ہے۔

یہودیوں کے ایک وفد نے شرق اردن اور شام میں دورہ کر کے آراضی خریدنے کی اسکیم تیار کی ہے۔ عراق میں بھی یہ لوگ اپنا اثر تدریجاً بڑھا رہے ہیں اور شور و غل کے بغیر زمینوں اور جائدادوں کو رہن رکھ کر قبضہ جمانے کی تدابیر عمل میں لا رہے ہیں۔ ان حالات کے پیش نظر پیشگوئی کی جا سکتی ہے کہ بیس سال کے بعد عراق میں صرف یہود کی حکومت ہوگی اور مسلمان اقلیت میں رہ جائیں گے۔

## شاہان عالم کے پیامات تبریک

### حجاز میں تخت نشینی کی سالگرہ

حجاز مقدس میں امسال سلطان ابن سعود کا جشن تخت نشینی نہایت جوش و خروش سے منایا گیا اور ساتھ ہی اسراف اور فرنگی آداب سے بھی احتراز کیا گیا۔ اس موقعہ پر جلالۃ الملک کی خدمت میں شاہان عالم کی طرف سے پیغامات تہنیت موصول ہوئے جن کا جواب والی حجاز کی طرف سے دیا گیا۔

شاہ ایران، مصطفےٰ کمال پاشا، شاہ انگلستان، شاہ عراق، صدر جمہوریہ فرانس، ملکہ ہالینڈ وغیرہ نے سلطان ابن سعود کو اس مبارک تقریب پر مبارکباد دی اور حکومت کی سلامتی کیلئے اپنی تمناؤں کا اظہار کیا۔

## نجف اور مدینہ منورہ کے درمیان سڑک

نجف اور مدینہ منورہ کے درمیان جس سڑک کی تعمیر و تعیین کے لئے سعودی وفد روانہ ہوا تھا وہ اپنا کام پورا کر کے واپس آگیا ہے۔ توقع ہے کہ مدینہ منورہ اور نجف کے درمیان سڑک کی عظیم الشان تعمیر کیلئے جلد کام شروع کر دیا جائے گا۔

## جرمنی سے نکالے ہوئے یہود فلسطین میں

### پاسپورٹ کے بغیر ہزاروں یہودیوں کی آمد

جریدہ "اولڈ جیوری" نے جرمنی سے نکالے ہوئے یہودیوں کی تعداد لکھی ہے اور بتایا ہے کہ فلسطین میں اس وقت تک جرمنی سے نکالے ہوئے ۱۵۰۴۲ یہودی آچکے ہیں اور ... یہودی اور آنے والے ہیں۔ فلسطین میں اب تک جو یہودی آچکے ہیں ان میں جرمنی کے یہودیوں کی تعداد ۲۴ فی صدی ہے۔

یہ اعداد شمارہ وہ ہیں جو سرکاری دفاتر سے مہیا کئے گئے ہیں باقی وہ یہودی جو بلا اجازت ہر ماہ ہزاروں کی تعداد میں آرہے ہیں ان کی تعداد اس کے علاوہ ہے !

## ملازمین کے نام ترکی حکومت کا نیا حکم

ترکی حکومت نے وزارت داخلہ کے ذریعہ پولیس افسروں کے نام ایک حکم جاری کیا ہے جس کی رو سے کوئی پولیس کا سپاہی یا افسر غیر ملکی عورت سے شادی نہیں کر سکتا۔ حکم میں مزید لکھا ہے کہ جو سرکاری ملازم اس حکم کی پابندی نہیں کرے گا اس کو ملازمت سے برطرف کر دیا جائے گا۔

## جرمنی کے ۱۲ ہزار انسانوں کا اپنا اخبار

سرکاری تحقیقات سے معلوم ہوا کہ جرمنی میں اخبارات کی تعداد ۳۰۹۰ ہے کل اخبارات کے ۱۹۹۸۵۹۵ نسخے روزانہ شائع ہوتے ہیں۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ جرمنی کے ہر ۱۲ ہزار انسانوں کا اپنا ایک مستقل اخبار ہے۔

## ترکی پارلیمنٹ کیلئے خواتین کا انتخاب

ترکی پارلیمنٹ کے انتخابات ختم ہو گئے ہیں اور ۴۰۰ نمائندوں نے مجلس کبیر کی نشستوں پر قبضہ کر لیا ہے۔ جن میں سے ۱۸ خواتین بھی منتخب ہوئی ہیں۔ یہ پہلا موقعہ ہے کہ ترکی خواتین کو پارلیمنٹ کا حق نیابت دیا گیا ہے۔ توقع ہے کہ آئندہ انتخاب میں مزید خواتین کو حصہ لینے کی سہولتیں بہم پہنچائی جائیں گی۔

## ٹراٹسکی کو "دشمن اول" کا خطاب

آج کل روسی حکومت ایک طویل الذیل اور مبسوط کتاب لکھنے میں مشغول ہے۔ اس کتاب کا نام "کتاب ابیض" ہے جس میں بالتشویک روس کے دشمنوں کی فہرست دی گئی ہے اور بتایا گیا ہے کہ روسی نظام کو درہم برہم کرنے کیلئے کون کونسی طاقتیں مصروف کار ہیں۔ اس کتاب میں ... سابق صدر ٹراٹسکی کو روس کیلئے "دشمن اول" ظاہر کیا گیا ہے۔

## ٹیونس میں ہڑتالیں اور احتجاجی مظاہرے

### گرفتار شدہ زعماء کا مقاطعہ جوعی

ٹیونس میں حالات بد سے بدتر ہو رہے ہیں اور آبادی کی طرف سے احتجاجی مظاہرات اور ہڑتالوں کا سلسلہ جاری ہے۔ حکومت ... سخت مظالم توڑ رہی ہے۔ ... ہیں جن زعماء کو حکومت فرانس نے گرفتار کر لیا ہے انہوں نے مقاطعہ جوعی شروع کر دیا ہے۔ حکومت فرانس نہایت سخت اور شدید تدابیر اختیار کر رہی ہے، جن کے باعث اہل ٹیونس کا دم ناک میں آگیا ہے۔

## کویت سے موٹر کے ذریعہ سفر حج

حکومت کویت نے حکومت حجاز سے اجازت طلب کی تھی کہ کویت کے حجاج کو خشکی کے راستہ سے بذریعہ موٹر حجاز آنے کی ضروری سہولتیں بہم پہنچائی جائیں

## انڈیا بل میں ترمیم پر آمادگی کا اظہار

### والیان ریاست کے فیصلہ پر وزیر ہند کا بیان

لندن، ۲۷ فروری۔ مسٹر چرچل نے کل انڈیا بل پر بحث شروع ہوتے ہی یہ تحریک پیش کی کہ چونکہ والیان ریاست نے فیڈریشن میں شمولیت کے متعلق اپنا ارادہ بدل دیا ہے اس لئے بل پر غور و خوض ملتوی کر دیا جائے۔ مسٹر چرچل نے فرمایا کہ ابھی کے فیصلہ میں وہ والیان ریاست بھی شامل ہیں جو فیڈریشن کی تجویز کے بانی سمجھے جاتے ہیں اور اس میں چھوٹی ریاستیں بھی شامل ہیں جس کا یہ مطلب ہے کہ بمبئی کا فیصلہ ایک مستند فیصلہ ہے۔ اور چونکہ حکومت یہ دعوےٰ کرتی رہی ہے کہ فیڈریشن ہی پر ساری اسکیم کا دارومدار ہے، اس لئے اب بل پر غور و خوض کرنا ہی غیر ضروری ہے۔ مسٹر چرچل کی تحریک کے جواب میں سرسیمویل ہور کو معاملہ کی وضاحت کا موقعہ مل گیا۔ آپ نے اپنے بیان میں فرمایا :-

اس قسم کے پیچیدہ مسئلے کے متعلق غلط فہمی پیدا ہو جانا حیرت کی بات نہیں ہے خاص کر ایسی صورت میں جبکہ والیان ریاست ۶ ہزار میل کے فاصلہ پر ہیں۔ میں یہ تسلیم نہیں کرتا کہ حکومت نے والیان ریاست کے نمائندوں کے ساتھ جو ... ان سے وہ منحرف ہوگی۔ اگر بل کے مسودہ میں سہواً تمام طے شدہ امور شامل ہونے سے رہ گئے تو میری یہ کوشش ہوگی کہ انہیں شامل رکھا جائے۔ یہ فرض کرنے کی کوئی وجہ نہیں ہے کہ والیان ریاست نے آل انڈیا فیڈریشن کے متعلق اپنا خیال بدل دیا ہے، لیکن اگر انہوں نے اپنا ارادہ بدل دیا ہے تو ہر شخص کو اس اصل صورت حال کا جس قدر جلد علم ہو جائے اتنا ہی متعلقہ فریقوں کیلئے بہتر ہوگا۔ یہ فرض کرتے ہوئے کہ والیان ریاست اور خود ہم لوگ اب

ہی آل انڈیا فیڈریشن کے قیام پر تلے ہوئے ہیں، میں نہایت غور و خوض کے بعد یہ کہہ سکتا ہوں کہ فیڈریشن کے طے شدہ امور کے طے نہ ہو سکنے کی کوئی وجہ نہیں ہے۔ مجھے یقین ہے کہ اکثر امور تو اب بل میں شامل کئے گئے ہیں اور والیان ریاست کو اب تک تفصیلی طور پر یہ احساس نہیں ہوا ہے کہ ان کی جائز خواہشات اکثر حد تک پورا کیا گیا ہے۔ جو امور باقی رہ گئے ہیں ان کے متعلق میں وعدہ کر چکا ہوں کہ ان کی تکمیل کی جائے گی۔ ... والیان ریاست نے فیڈریشن کے متعلق سر دست اپنا خیال تبدیل نہیں کیا ہے، اور میں یہ سمجھنے سے قاصر ہوں کہ ہمارے اور ان کے درمیان کوئی ناقابل مفاہمت اختلافات ہیں۔ والیان ریاست کا رزولیوشن ایک ... اسکیم کے خلاف فیصلہ نہیں ہے۔


## سچا ہمدم و رہبر بے دام

پاک صاف خیالات پیدا کر کے جسمانی و روحانی صحت حاصل کرنے کیلئے دنیا میں سچی خوشی دستیاب کرنے کیلئے آپ آج ہی ایک کارڈ تحریر کر کے کتاب کام شاستر بالکل مفت منگالیں۔

ویدشاستری۔ جام نگر۔ کاٹھیاواڑ



# دارالمصنفین کی مطبوعات کی قیمتوں میں تخفیف

## سیرۃ النبی اور سیر الصحابہ کی قیمتوں میں غیر معمولی رعایت

دارالمصنفین کی تصنیفات نے اگرچہ عام علمی حلقوں میں کافی مقبولیت حاصل کر لی ہے اور لوگوں میں ایک خاص علمی ذوق پیدا کر رہا ہے، تاہم ملک کا ایک بہت بڑا حصہ اب تک ان کے مطالعہ سے محروم ہے، اسلئے ضرورت ہے کہ اس کا حلقہ اشاعت اور زیادہ وسیع کیا جائے۔ اسی خیال سے ہم نے ... سے اس کی تمام مطبوعات کی قیمتوں میں عموماً اور سیرۃ النبی اور سیر الصحابہ کی قیمتوں میں خصوصاً غیر معمولی کمی کر دی ہے، امید ہے جو لوگ اب تک دارالمصنفین کی تصنیفات کے مطالعہ سے محروم تھے، وہ اس موقع سے فائدہ اٹھائیں گے۔

سیرۃ النبی کی چاروں جلدیں چھوٹی تقطیع پر طبع ہو کر تیار ہیں، جن کے کمل سٹ کی رعایتی قیمت ... ہے۔ ان کے علاوہ بڑی تقطیع کی قیمتوں میں بھی ... رعایت کر دی گئی ہے، سیر الصحابہ کمل دس جلدوں کی اصل قیمت اس اعلان سے قبل ... اور کمل سٹ کی رعایتی قیمت ... ہے ... رعایتی قیمت ... کر دی گئی ہے، اصل قیمت ... رہے۔ جدید فہرست طلب کرنے پر مفت ارسال کی جائے گی۔

منیجر دارالمصنفین اعظم گڑھ




# مولانا سید عطاء اللہ شاہ بخاری کے مقدمہ کی سماعت

## گواہان استغاثہ پر پر زور جرح

### متنبی قادیان کے الہامات اور مغلظات

گورداسپور، ۲۴ فروری۔ آج حضرت شاہ صاحب کے مقدمہ کی تاریخ پیشی تھی استغاثہ کی طرف سے سرکاری وکیل اور حضرت مولانا کی طرف سے بابو خریف حسین خاں وکیل و لالہ ... ہوشیار ی لال وکیل گورداسپور و دیگر وکلاء صاحبان بھی پیروی مقدمہ کے لئے موجود تھے۔ کارروائی مقدمہ سننے کے لئے حضرت مولانا محمد مظہر قیوم صاحب سجادہ نشین درگاہ مکان شریف، سید مظفر علی شاہ صاحب شمسی، پٹھان کوٹ دینانگر، قادیان، تحصیل بٹالہ، گڑھ ... امرتسر، لاہور، جالندھر، لدھیانہ، سیالکوٹ وغیرہ سے احباب بکثرت تشریف فرما تھے۔ مولوی فضل دین پر مزید جرح کی گئی۔

سوال: کیا مرزا صاحب پر وحی نازل نہیں ہوتی تھی اور مسلمانوں کا بھی یہی عقیدہ ہے ؟

س: کیا یہ ٹھیک ہے جو مرزا غلام احمد نے کہا ہے کہ جو میری نبوت کا قائل نہیں وہ ولد الحرام ہے ؟

ج: نہیں بالکل نہیں ہے یہ مرزا صاحب پر تہمت لگائی ہے۔

س: "تیرے مخالف جنگلوں کے سور ہو گئے" ایسا مرزا غلام احمد نے لکھا ہے ؟

ج: یہ فقرہ نا تمام پیش کیا گیا ہے اور منافرت پھیلانے کے لئے بیان کیا ہے

مرزا صاحب نے ایسا کسی کتاب میں نہیں کہا۔

نوٹ: بعد میں گواہ کو کتاب نجم الہدیٰ دی گئی۔ اور عبارت پڑھنے کیلئے کہا گیا۔ گواہ ... بعد ازاں کتاب نور حق دی گئی۔ گواہ نے کہا اس میں عیسائیوں کی بابت لکھا ہے۔

س: کیا آئینہ کمالات میں تمام عالم کو مخاطب نہیں کیا گیا ہے ... کا کیا مطلب ہے ؟

ج: بغایا کے مختلف معنی ہیں۔ اس جگہ پر کچھ اور ہوں گے

س: قالوا ... کے کیا معنی ہیں ؟

ج: وہ کہتے ہیں ہم ایمان لائے ...

...

## بصائر و نظائر

قرآن کریم نے بیسیوں جگہ انسانوں کو ہدایت کی ہے کہ وہ اللہ تعالٰے کی مقررہ حدود کو قائم رکھیں اور انکو توڑ کر بغاوت و سرکشی کے سامان پیدا نہ کریں۔ جو شخص حدود اللہ کو توڑتا ہے وہ اپنے نفس پر ظلم کرتا ہے اور اس پہاڑ سے سر ٹکرانے کی کوشش کرتا ہے جس کا ایک پتھر بھی اپنی جگہ سے نہیں ہل سکتا۔ باوجود اس تاکید کے خام انسان رات دن نہایت جرأت سے حدود اللہ کو توڑتا ہے، قدرت کی شاہراہوں کو چھوڑ کر اپنی الگ راہیں تجویز کرتا ہے اور خود آپ ہی اپنا رہنما بننے کی سعی کرتا ہے۔ انسان میں یہ حالت اس وقت پیدا ہوتی ہے جب وہ اللہ تعالٰے سے اپنا تعلق منقطع کر لیتا ہے اور اپنے ضمیر کی آواز کو فراموش کر کے اپنے نفس کا اور پھر شیطان کا بندہ ہو جاتا ہے، یہی وہ مقام ہے جہاں سے انسانی شقاوت کی ابتداء ہوتی ہے اور اس کا قدم صحیح راستہ سے ہٹ کر ہلاکت کے راستہ پر پڑ جاتا ہے۔

انبیاء علیہم السلام ہر زمانہ میں اور ہر ملک میں نوع انسانی کی ہدایت کے لئے مبعوث ہوئے۔ انہوں نے تاریکیوں کو دور کر کے الٰہی معرفت کی شمعیں روشن کیں اور ڈگمگاتی کشتیوں کو ساحل مقصود کا نشان بتایا، مگر شقاوت گزیدہ انسانوں نے ہمیشہ ...

مقتدون- (۸×۲۵) نقش قدم پر چلنے والے ہیں۔

ایسے شقی لوگوں نے انبیاء کرام کی تعلیم و ہدایت کو صرف اسلئے ٹھکرا دیا کہ انکی تعلیم آبائی رسوم کے خلاف تھی اور اس کو قبول کرنے سے قدامت پرستی کی جڑ کٹتی تھی۔ منکرین کو دنیا نے ہمیشہ بیوقوف سمجھا یا کنا معقول اور گمراہ باتوں کی پیروی کرنے والے بے عقل اور گمراہ ہی حق کا اقتضاء یہ ہے کہ جھوٹی باتوں کو کبھی تسلیم نہ کیا جائے خواہ وہ بزرگوں سے ہی ہم تک کیوں نہ پہونچی ہوں۔

آج روشنی کا زمانہ ہے۔ سائنس اور جدید اختراعات کا دور ہے۔ ترقی اور تہذیب کا ہر طرف دور دورہ ہے اسلئے حدود اللہ کو توڑنے کیلئے "قدامت پرستی" کے بجائے "آزادی رائے" کا حربہ استعمال کیا جا رہا ہے۔ پہلے زمانہ کے "قدامت پرستوں" نے بھی قانون الٰہی کا مقابلہ کیا اور آج "قدامت پرستی" کے دشمن بھی مقابلہ پر ڈٹے ہوئے ہیں۔ نفس مخالفت میں مقصد دونوں کا ایک ہے۔ ہوائے نفس کی پیروی میں یہ دونوں ایک ہی سانچے کے ڈھلے ہوئے ہیں اگر فرق ہے تو صرف ہتھیاروں کا اور ان وسائل و ذرائع کا جن کا استعمال کر کے زیادہ سے زیادہ کاوش کی جا سکتی ہے۔

خیر قدامت پرستوں کا زمانہ تو گزر گیا اب تو روشن خیالوں اور آزاد مشربوں کی حکومت ہے۔ آزادی رائے اور مساعات کے حامیوں نے جب سے پہلے خود ہی کی آزادی کا شور بلند کیا ہے اور افسوس ہے کہ فرنگی تہذیب کے حامل "مسلمان" ...

...


## بلاغ مبین

مصنفہ مولانا حافظ الحق سیوہاروی

ملنے کا پتہ: مینجر کتب خانہ بلاغ مبین دہلی

## خوشخبری

امرت دھارا کے سالانہ جلسہ کی خوشی میں

یکم سے ۳۱ مارچ تک

امرت دھارا، اور اسکے مرکبات جو قیمت پر اور دیگر ادویات و کتب

نصف قیمت پر ملیں گی

فہرست ادویات اور فہرست کتب ابھی منگوا کر ضروریات نوٹ کرائیں

امرت دھارا ... لاہور

## کے سیاسی نوٹس

شیخ الحدیث حضرت مولانا حسین احمد مدنی

تعلیمی ہند

## خصوصی نظام کا پسندیدہ پانچ ترجمہ والا شاہانہ قرآن مجید

جرمنی کے بہترین سفید کاغذ پر بہت اعلیٰ چھپا ہے

تہائی ہدیہ

دس روپے مجلد چرمی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# الجمعیۃ دہلی

یوم سہ شنبہ ۲۹ ذیقعدہ ۱۳۵۳ ہجری

## حکومت ہند کا سالانہ بجٹ

حکومت ہند کے نئے وزیر مال سرجیمس گرگ نے اپنا پہلا بجٹ اسمبلی میں پیش کردیا۔ اور آئندہ ہفتہ جب اس بجٹ پر بحث و تمحیص ہوگی، معلوم ہوتا ہے کہ ابھی تک مختلف اراکین اسمبلی کی جانب سے ووٹ کی تحریکیں مخالفت میں موصول ہو چکی ہیں جو حکومت کی پالیسی اور مختلف شعبوں کے نظم و نسق سے تعلق رکھتی ہیں...

سانحہ میدان میں آگئی ہے اور یہ ایک کروڑ کی منظوری اسی سلسلہ کی ایک کڑی ہے۔ اگر حکومت اور کانگریس کے درمیان یہ مصالحت دیہاتیوں کی بہتری کے لئے ہوتی تو ہمیں کوئی مضائقہ نہیں تھا، بلکہ یہ سقا بڑا نہایت مستحسن و مبارک ہوتا مگر موجودہ حکومت سے ہمیں اس کی ہرگز توقع نہیں ہے بلکہ ہم یہ سمجھتے ہیں...

## شذرات

### فارورڈ پالیسی

### دہلی یونیورسٹی کی افسوسناک کوتاہی

## حوادث و احکام

[استفتاء]

الجواب

[استفتاء]

الجواب

## گفتگوئے مصالحت کی ناکامی



## دارالحکومت

### جامعہ ملیہ کی عمارت کا سنگ بنیاد
### ہندو مسلم رہنماؤں کا عظیم اجتماع

دہلی ۳ مارچ۔ کل دہلی سے آٹھ میل کے فاصلہ پر جس کا نام ...ہے جامعہ ملیہ اسلامیہ کی درسگاہ کا سنگ بنیاد رکھا گیا۔ اس اجتماع میں صدر کانگریس، صدر اسمبلی، صدر و ناظم جمعیۃ علماء ہند، مسلم یونیورسٹیوں کے وائس چانسلر اور دیگر ہندو مسلم زعماء شریک تھے...

### راجندر بابو اور مسٹر جناح کی گفتگو ختم

### مولانا محمد حفظ الرحمٰن صاحب کی تشریف آوری

### حوض قاضی کی مسجد کا مقدمہ

### دہلی میونسپلٹی کی سلور جوبلی کیلئے سخاوت

### خان عبدالغفار خاں کا تبادلہ زیر غور ہے

### مولانا عبدالحلیم صاحب صدیقی کا دورہ

## فقیر علی نگر پر سرکاری افواج کی یورش

### دریائے سوات کے قریب انگریزی فوج کا محاصرہ

### علاقہ باجوڑی پر قبضہ کرنیکی افواہ

پشاور ۳ مارچ جب سے فقیر علی نگر کو علاقہ آگرہ سے نکالا گیا ہے۔ اس وقت سے ان کی نقل و حرکت کا کوئی سراغ نہیں ملتا۔ سرکاری فوجی دستے فقیر صاحب کی تلاش میں روانہ ہوئے ہیں اور دریائے سوات کے قریب ...

### اسمبلی اور پارلیمنٹ کی خبریں

### والیان ریاست کے فیصلے سے ہلچل
### فیڈریشن کی پوری اسکیم ٹوٹ گئی

### فقیر علی نگر کا سرکاری فوج پر حملہ
### برطانوی فوج کی گولہ باری

### پنجاب میں ۸۰ ہزار اشخاص قتل
### دس سال کا خونی ریکارڈ

### جہاز اسلامی جدہ پہونچ گیا

### سب انسپکٹر کے لڑکے نے زہر دیکر ماں کو قتل کیا

### جہاز کا بائلر پھٹ گیا۔ ۹ افراد ہلاک

## اسمبلی میں ۱۹۳۵ء-۳۶ء کا بجٹ پیش کردیا گیا
### کسانوں کی اصلاح پر ایک کروڑ روپیہ صرف کیا جائیگا
### صوبہ سرحد میں سیاسی سڑکوں کی تعمیر

دہلی یکم مارچ۔ کل سرجیمز گرگ رکن مالیات حکومت ہند نے اپنا پہلا بجٹ بابت ۱۹۳۵ء-۳۶ء اسمبلی میں پیش کیا۔ اس بجٹ سے معلوم ہوتا ہے کہ چاندی کے محصول میں تین آنہ فی اونس کی کمی، انکم ٹیکس اور سپر ٹیکس میں تخفیف ...

### چلتی ٹرین میں ڈاکہ
### تھانیدار اور پروفیسر کو قتل کرنے کی کوشش

### پولیس کی گولی سے ایک مفرور ہلاک

### پریوی کونسل سے غازی علم الدین کا مقدمہ خارج

### "ہلال" بمبئی سے تین ہزار روپے کی ضمانت

# پارلیمنٹ میں قومی حکومت برباد کے نعرے

## قومی حکومت کو برباد کر دینا چاہیئے

لندن ۲۸ فروری۔ گذشتہ شب دارالعوام میں مسٹر ڈبلیو ایلیٹ وزیر زراعت زراعتی امور پر ایک مباحثہ کا جواب دے رہے تھے کہ یکایک گیلری میں دو آدمی کھڑے ہو کر چلانے لگے کہ قانون برباد۔ قومی حکومت برباد اور انہوں نے ایوان میں نیلے کاغذوں کے گڈے پھینک دیئے پہرہ داروں اور سادہ لباس والی پولیس نے فوراً ان لوگوں کو پکڑ کے گیلری سے باہر نکال دیا۔ اشتہارات میں انڈی پینڈنٹ لیبر پارٹی اور کمیونسٹ پارٹی کی جانب سے دعوت دی گئی تھی کہ مزدور طبقات متحد ہو کر بے روزگاروں کے قانون اور نیشنل گورنمنٹ کو برباد کر دینا چاہیئے۔

## ایک ہفتہ میں حکومت کو چھ شکستیں

کل شب ہند کو ریلوے بجٹ پر مباحثہ ختم ہو گیا۔ ایک ہفتہ کے عرصہ میں حکومت کو چھ شکستیں پے در پے ہوئیں اور وہ ایسی شرمناک تھیں کہ اگر برطانوی پارلیمنٹ میں ہوتیں تو وزارت مستعفی ہو چکی ہوتی۔ یہ چھ شکستیں حسب ذیل ہیں:-

۱۔ مسٹر بھولا بھائی کی تحریک پر ریلوے بورڈ کی مد کر ایک روپیہ کر دیا گیا۔

۲۔ مسٹر آنے کی تحریک پر محکمہ ریل میں ملازمین میں ہندوستانی عنصر کو بڑھانا کے خرچ کی مد کو سو روپیہ کر دیا گیا۔

۳۔ تیسرے درجہ کے مسافروں کے آسائش کی فراہمی پر مولانا شفیع داؤدی کی تجویز کہ مد کو سو روپیہ کر دیا جائے۔

۴۔ مسٹر گووند بلبھ پنت کی تخفیف دس روپیہ متعلق ریلوے پالیسی۔

۵۔ ڈپلی کیشن کی سفارشات پر عملدرآمد کے لئے مسٹر جوشی کی تجویز تخفیف سو روپیہ اور۔

۶۔ ...

## پارلیمنٹ میں مسٹر چرچل کو شکست

## غیر ملکی چاول پر محصول لگانیکا فیصلہ

مزید بحث ہوئی۔ سر ڈیوڈ ڈیوی داس نے ترمیم پیش کی کہ غیر ملکی سلطنتی چاول پر معقول محصول لگایا جائے۔ مسٹر حسین امام نے ایک اور ترمیم پیش کی غیر ملکی چاول پر جو محصول لگایا جائے وہ حفاظتی امتناعی ہونا چاہیئے۔ حسین امام کی ترمیم گیارہ آراء کے مقابلہ ۲۸ آراء سے مسترد ہو گئی لیکن دوسری ترمیم کثرت رائے سے منظور ہو گئی۔

## جامعہ ملیہ کا قیام اور اس کا استحکام

### اعانت کیلئے سر اقبال اور ارکان اسمبلی کی اپیل

مجھے یہ سن کر نہایت خوشی ہوئی کہ جامعہ ملیہ کی عمارت کا سنگ بنیاد نصب ہونے والا ہے۔ میں ان تعلیمی مجاہدوں سے جنہوں نے مسلمانوں کی تعلیم کی اصلاح و ترقی کا علم بلند کیا ہے ابتداء سے دلی ہمدردی رکھتا ہوں ...

حسب حیثیت مدد دے۔

## کارخانہ امرت دھارا لاہور

ہم اپنے ناظرین کی توجہ شمالی ہندوستان کے سب سے بڑے دوائی خانہ یعنی امرت دھارا فارمیسی کے اعلان کی طرف دلانا چاہتے ہیں۔ جو کہ ۳۰ سال سے لاہور میں قائم ہے حسب معمول اس سال بھی ماہ مارچ کے واسطے اس مشہور کارخانہ نے اپنی شہرہ آفاق دوائی "امرت دھارا" اور اس کے مرکبات میں کتب و ادویات میں کافی رعایت کر دی ہے۔ (دوسری جگہ اشتہار سے مفصل معلوم ہوگا) ہم امید کرتے ہیں کہ ناظرین اس رعایت سے پورا پورا فائدہ اٹھاویں گے۔

## شیخ نذیر احمد صاحب دہلی میں

دہلی ۳ مارچ۔ شیخ نذیر احمد نمائندہ تاج کمپنی لمیٹڈ لاہور جو کمپنی مذکور کی اسلامی مطبوعات کی اشاعت کے لئے ہندوستان بھر کا سفر بذریعہ موٹر کار کر رہے ہیں کل وہ بہ دہلی پہنچ گئے ہیں اور نور جہاں محل ہوٹل فتحپوری میں مقیم ہیں۔

## سہارنپور کے قریب ریل گاڑیاں لڑ گئیں

سہارنپور ۲ مارچ۔ سرگودھی سہارنپور اور رڑکی کے درمیان ٹپریوں کے بن کے نزدیک ۶ بجکر ۳۰ منٹ پر ۸ اٹھاون ایکسپریس مال گاڑی کے درمیان جو مینن لائن سے خان عالم پورہ کے تال گودام کی طرف گذر رہی تھی۔ تصادم ہو گیا اور جس کے باعث مینن لائن ٹوٹ گئی اور ایکسپریس کے ۵ مسافر زخمی ہو گئے جنہیں سہارنپور میں طبی امداد دی گئی براہ راست آمد و رفت کا کام نصف شب سے پہلے شروع ہو گیا۔ اس وقت تک تبادلہ مسافروں کے طریقہ پر عمل درآمد کیا گیا۔

## غیر ملکی چاولوں پر پابندیاں

نئی دہلی ۲ مارچ۔ مسٹر نارائن کراچی چیمبر کونسل آف اسٹیٹ میں غیر ملکی چاولوں کی درآمد پر پابندی لگانے اور ان کی درآمد بند کرنے کی تجویز پیش کی اور ہندوستان کے کسانوں کی امداد کا مطالبہ کیا بلکہ تحسین کے بعد بغیر رائے شماری کے اصل تجویز پاس ہو گئی۔

## علاقہ سار کے قیدیوں کی رہائی

لندن یکم مارچ۔ آج علاقہ سار باضابطہ طور پر حکومت جرمنی کے حوالہ کر دیا گیا حکومت نے قبضہ حاصل کرتے ہی ایک سال کے قیدیوں کو رہا کر دیا ہے۔


# حب زرین

زرین اصولوں پر تیار کی ہوئی حب زرین، زرین خواص کی حامل ہیں جیسا کہ مستقل طور پر ثابت ...

# بچوں والو ہوشیار

بچوں کی بخار، کھانسی، سردی، بادی، دودھ ڈالنا، دست ...

بال جیون گھٹی

منیجر بال جیون کارخانہ ...

ڈاکٹر عزیز احمد خاں ڈی ٹی - ایس - ایل - ڈی

ناہر معالج امراض دندان و دندان ساز

مقابل میڈیسنل ہال بازار بلیماران دہلی

دانت بناتے ہیں۔ علاج کرتے ہیں۔ مشورہ دیتے ہیں


# قادیان میں احرار کی زندگی

## (احرار پر حکومت کی نظر عنایات)

مولانا عنایت اللہ صاحب امیر جماعت احرار قادیان نے مندرجہ ذیل بیان بغرض اشاعت بھیجا ہے۔

قادیان میں حکام کی جانبداریوں کے متعلق پہلے کئی دفعہ ذکر کیا جا چکا ہے ...

(مولانا) عنایت اللہ

امیر جماعت احرار قادیان

# شیر اسلام سہارنپور میں

سہارنپور ۱۲ فروری۔ آج شام کے ۶ بجے تھانہ بھون سے واپسی پر حضرت مجاہد ملت سید عطاء اللہ شاہ صاحب بخاری تشریف لائے ...

# شاہی کونسل تحقیق زراعت کا ششماہی جلسہ

دہلی شاہی کونسل تحقیق زراعت کے مشاورتی بورڈ کا جلسہ ...

# انجمن سیف الاسلام دہلی کا دوسرا سالانہ جلسہ

# تھانہ فیض بازار میں انسداد جرائم

جب سے سردار کرنیل سنگھ صاحب تھانہ فیض بازار کے انچارج مقرر ہو کر آئے ہیں اس علاقہ کے مشہور جرائم پیشہ فرار ہو گئے ہیں ...

# حکومت پیراگوے جمعیۃ اقوام سے علیحدہ ہوگئی

# وزیر سیام کو قتل کرنے کی کوشش

# پچاس سے زائد آدمیوں کی دعوت ممنوع

# مسٹر میکڈانلڈ کو وزیر خارجہ بنایا جائیگا

اخبار مانچسٹر گارجین کا سیاسی نامہ نگار لکھتا ہے کہ انگلستان کی قومی حکومت اپنے آخری دموں پر ہے اور وسط اکتوبر میں جدید انتخاب کا ہونا یقینی ہے وزارت میں تبدیلیاں کرنے کی کوشش ہو رہی ہے مسٹر لائڈ جارج سے درخواست کی گئی تھی کہ وزارت میں شامل ہو جائیں لیکن انہوں نے انکار کر دیا۔ ٹوری پارٹی اس بات پر زور دے رہی ہے کہ میکڈانلڈ کو وزیر اعظم کے عہدے سے ہٹا دیا جائے اور ان کی جگہ مسٹر بالڈون کو وزیر اعظم مقرر کیا جائے مسٹر میکڈانلڈ کو سر جان سائمن کی جگہ وزیر خارجہ بنا دیا جائیگا۔

# فرانس اور برطانیہ کے نام روس کا نوٹ

## دول فرنگ سے قیام امن کی ضمانت

پیرس۔ روسی سفیر متعینہ پیرس نے اپنی حکومت کی طرف سے مسٹر لاوال کو ایک یادداشت ارسال کی ہے ...

# امریکن قونصل اور تین دیگر اشخاص ہلاک

مدراس ۲۵ فروری۔ کل شام مدراس سے ۴۲ میل کے فاصلہ پر موٹر کا ایک مہلک حادثہ ...


# صرف تین روپیہ میں چار گھڑیاں

ایک عدد اصلی جرمن ٹائم پیس۔ ایک عدد ڈمی پاکٹ واچ۔ دو عدد ڈمی رسٹ واچ

... کارخانہ جاپان ناولٹی ملو ... مقام پٹھانکوٹ ضلع گورداسپور

# تقریر سیرت چھپ کر تیار ہو گئی

## فہرست مضامین

منیجر الجمعیۃ گلی قاسم جان دہلی





تمہارے جسم کو مضبوط اور تندرست کردے گی

امراض کی بنیادی وجہ یہ ہوتی ہے کہ آپ کے جسم میں ضروری عناصر کی کمی ہو جاتی ہے ... کلزانہ ...

تمام دوا فروشوں اور دوکان داروں کے یہاں ملتی ہے

# Kalzana

تندرستی کے لئے ایک عجیب غذا ہے جو کہ ہاضمے سے نہیں تعلق رکھتی

۱۹۳۵ء

تار کا پتہ: میڈیسنز دہلی ٹیلیفون ۵۵۶۶

# گن دنی

کا خاص تحفہ

طاقت کی بے مثل سنہری گولیاں

# مسیح الملک حکیم محمد احمد خاں صاحب کا عطیہ (سفر یورپ کے بعد)

چالیس گولیاں سات روپیہ

# ہندوستانی دواخانہ (جس کو حکیم اجمل خاں نے ۱۹۰۵ء میں بنایا) دہلی (پوسٹ بکس ۲۲)

## پارلیمنٹ میں قومی حکومت برباد کے نعرے
### قومی حکومت کو برباد کر دینا چاہیئے

لندن ۲۶ فروری۔ گذشتہ شب دارالعوام میں مسٹر ڈبلیو ایلیٹ وزیر زراعت زراعتی امور پر ایک مباحثہ کا جواب دے رہے تھے کہ پبلک گیلری میں دو آدمی کھڑے ہو کر چلانے لگے "بے کا قانون برباد" "قومی حکومت برباد" اور انہوں نے ایوان میں نیلے کاغذوں کے گڈے پھینک دئے پہرہ داروں اور سادہ لباس والی پولیس نے فوراً ان لوگوں کو پکڑ کے گیلری سے باہر نکال دیا۔ اشتہارات میں انڈی پینڈنٹ لیبر پارٹی اور کمیونسٹ پارٹی کی جانب سے دعوت دی گئی تھی کہ مزدور طبقات متحد ہو کر بے روزگاروں کے قانون اور نیشنل گورنمنٹ کو برباد کر دینا چاہیئے۔

## ایک ہفتہ میں حکومت کو چھ شکستیں

کل شنبہ کو ریلوے بجٹ پر مباحثہ ختم ہو گیا۔ ایک ہفتہ کے عرصہ میں حکومت کو چھ شکستیں پے در پے ہوئیں اور وہ ایسی شرمناک تھیں کہ اگر برطانوی پارلیمنٹ میں ہوتیں تو وزارت مستعفی ہو چکی ہوتی۔
یہ چھ شکستیں حسب ذیل ہیں:۔

۱۔ مسٹر بھولا بھائی کی تحریک پر ریلوے بورڈ کی مد کرایک روپیہ کر دیا گیا
۲۔ مسٹر آنے کی تحریک پر محکمہ ریل میں ملازمین میں ہندوستانی عنصر کو بڑھانا کے خرچ کی مد کو سو روپیہ کر دیا گیا۔
۳۔ تیسرے درجہ کے مسافروں کے آسائش کی فراہمی پر مولانا شفیع داؤدی کی تجویز کہ مد کو سو روپیہ کر دیا جائے۔
۴۔ مسٹر گوبند بلبھ پنت کی تخفیف دس روپیہ متعلق ریلوے پالیسی۔
۵۔ ڈریلی کمیشن کی سفارشات پر عملدرآمد کے لئے مسٹر جوشی کی تجویز تخفیف سو روپیہ اور...

## پارلیمنٹ میں مسٹر چرچل کو شکست

## غیر ملکی چاولوں پر محصول لگانے کا فیصلہ

مزید بحث ہوئی۔
سر ڈیوڈ دیوی داس نے ترمیم پیش کی کہ غیر ملکی سلطنتی چاول پر معقول محصول لگایا جائے۔ مسٹر حسین امام نے ایک اور ترمیم پیش کی غیر ملکی چاول پر جو محصول لگایا جائے وہ حفاظتی امتناعی ہونا چاہیئے حسین امام کی ترمیم گیارہ آراء کے مقابلہ ۴۰ آراء سے مسترد ہو گئی۔ لیکن دوسری ترمیم کثرت رائے سے منظور ہو گئی۔

## جامعہ ملیہ کا قیام اور اس کا استحکام
### اعانت کیلئے سر اقبال اور ارکان اسمبلی کی اپیل

مجھے یہ سن کر نہایت خوشی ہوئی کہ جامعہ ملیہ کی عمارات کا سنگ بنیاد نصب ہونے والا ہے۔ میں ان تعلیمی مجاہدوں سے جنہوں نے مسلمانوں کی تعلیم کی اصلاح و ترقی کا علم بلند کیا ہے ابتدا سے دلی ہمدردی رکھتا ہوں چنانچہ ۱۹۲۷ء اور ۱۹۲۸ء میں جو اپیلیں جامعہ کی امداد کے لئے شائع ہوئی تھیں ان پر میں نے بھی دستخط کئے تھے۔ پچھلے چند سال کے عرصے میں مجھے اکثر دہلی جانے کا اتفاق ہوا اور میرے تعلقات اس درسگاہ سے اور بھی مستحکم ہو گئے اس کے کارکنوں کے ایثار اور خلوص اور جوش عمل نے میرے دل پر بہت گہرا اثر ڈالا مالی پریشانی اور بے سروسامانی کے باوجود ان لوگوں نے جو علمی اور تعلیمی خدمت انجام دی ہے اس سے امید ہوتی ہے کہ اگر انہیں معمولی مصارف کی طرف سے اطمینان ہو اور رہنے کے لئے مستقل مکان بنجائے تو یہ حقیقت میں ہندوستان کی تعلیمی دنیا میں ایک انقلاب برپا کر دیں گے اور مسلمانوں کی زندگی میں ایک نئی روح پھونک دیں گے میں اپنے دوست ڈاکٹر مختار احمد صاحب انصاری کی اپیل کی پرزور تائید کرتا ہوں اور ہر مسلمان سے درخواست کرتا ہوں کہ جامعہ کی عمارات کے فنڈ میں حسب حیثیت مدد دے۔

اس اپیل کے علاوہ نواب محمد اسمٰعیل خاں اور ارکان اسمبلی کی طرف سے علیحدہ علیحدہ اپیلیں شائع کی گئی ہیں جن میں قوم کو جامعہ ملیہ اسلامیہ کی اعانت کی ...

مولانا ناصر نقی بہادر۔ ڈاکٹر خان۔ محمد غیاث الدین مسٹر ستار شیر محمد خاں۔ مسٹر نعمان۔ احمد جعفر۔ عمر علی شاہ۔ محمد باقی۔ مسٹر بدیع الزمان خاں

## کارخانہ امرت دھارا لاہور

ہم اپنے ناظرین کی توجہ شمالی ہندوستان کے سب سے بڑے دوائی خانہ یعنی امرت دھارا فارمیسی کے اعلان کی طرف دلانا چاہتے ہیں۔ جو کہ ۳۰ سال سے لاہور میں قائم ہے حسب معمول اس سال بھی ماہ مارچ کے واسطے اس مشہور کارخانہ نے اپنی شہرہ آفاق دوائی "امرت دھارا" اور اس کے مرکبات میں کتب وادویات میں کافی رعایت کر دی ہے۔ (دوسری جگہ اشتہار سے مفصل معلوم ہوگا) ہم امید کرتے ہیں کہ ناظرین اس رعایت سے پورا فائدہ اٹھاویں گے۔

## شیخ نذیر احمد صاحب دہلی میں

دہلی ۳ مارچ شیخ نذیر احمد نمائندہ تاج کمپنی لمیٹڈ لاہور جو کمپنی مذکورہ کی اسلامی مطبوعات کی اشاعت کے لئے ہندوستان بھر کا سفر بذریعہ موٹر کار کر رہے ہیں کل وہ بہر دہلی پہنچ گئے ہیں اور نور جہاں محل ہوٹل فتحپوری میں مقیم ہیں۔

## سہارنپور کے قریب ریل گاڑیاں لڑ گئیں

سہارنپور ۲ فروری۔ سہارنپور اور رڑکی کے درمیان ٹپاروں کے بن کے نزدیک ۴ بجکر ۳۰ منٹ پر ۱۸ ڈاؤن ایکسپریس مال گاڑی کے درمیان جو مین لائن سے خان عالم پورہ کے مال گودام کی طرف گذر رہی تھی۔ تصادم ہو گیا اور جس کے باعث مین لائن ٹوٹ گئی اور ایکسپریس کے ۱۱ مسافر زخمی ہو گئے جنہیں سہارنپور میں طبی امداد دی گئی براہ راست آمد و رفت کا کام نصف شب سے پہلے شروع ہو گیا۔ اس وقت تک تبادلہ مسافروں کے طریقہ پر عمل درآمد کیا گیا۔

## غیر ملکی چاولوں پر پابندیاں

نئی دہلی ۲۰ فروری مسٹر نارائن کراچی چیٹی نے کونسل آف اسٹیٹ میں غیر ملکی چاولوں کی درآمد پر پابندی لگانے اور ان کی درآمد بند کرنے کی تجویز پیش کی اور ہندوستان کے کسانوں کی امداد کا مطالبہ کیا بحث و تمحیص کے بعد بغیر رائے شماری کے اصل تجویز پاس ہو گئی۔

## علاقہ سار کے قیدیوں کی رہائی

لندن یکم مارچ۔ آج علاقہ سار باضابطہ طور پر حکومت جرمنی کے حوالہ کر دیا گیا حکومت نے قبضہ حاصل کرنے ہی ایک سال کے قیدیوں کو رہا کر دیا ہے۔


## حب زرین

زرین اصولوں پر تیار کی ہوئی حب زرین۔ زرین خواص کی حامل ہیں چنانچہ مستقل طور پر نوٹ

باوجود حیرت انگیز اور قابل رشک بنا ابدان کی تمام طاقتوں کو اصلی معیار پر لانا۔ ان کی محافظت کرنا جس سے جملہ اعضائے رئیسہ پوری طاقت حاصل کر کے بہت سے امراض کی مدافعت کرنے کے قابل ہو جاتے ہیں ان گولیوں کا مخصوص فعل ہے۔ ان گولیوں کے استعمال سے زیادہ محنت کا دماغی اور ...

## بچوں والو ہوشیار

بچوں کی بخار کھانسی، سردی، بادی، دودھ ڈالنا، دست ہونا وست میں کیڑے نکلنا، مرگی ہچکی، قبض مروڑ وغیرہ ہر ایک بیماری کو دور کرنے اور لاغر و کمزور بچوں کو موٹا تازہ طاقتور بنانے کے لئے حکیم تلسی پرشاد اگروال کی گورنمنٹ ہند سے رجسٹری کی ہوئی

## بال جیون گھٹی

منیجر بال جیون کارخانہ علی گڑھ شہر (یو۔ پی)

ڈاکٹر عزیز احمد خاں ڈی۔ ٹی۔ ایس۔ ایل۔ ڈی
ماہر معالج امراض دندان و دندان ساز

## ۱۹۳۵ء
## گن ... کا
تار کا پتہ: میڈیسنز دہلی
ٹیلیفون ۵۵۶۶
کا

طاقت کی بے مثل سنہری گولیاں

## مسیح الملک حکیم محمد احمد خاں صاحب کا عطیہ (سفر یورپ کے بعد)

خاص

چالیس گولیاں سات روپیہ

## ہندوستانی دواخانہ (جس کو حکیم اجمل خاں نے ۱۹۰۵ء میں بنایا) دہلی (پوسٹ بکس ۲۲)

تحفہ




## قادیان میں احرار کی زندگی
### احرار پر حکومت کی نظر عنایات

مولانا عنایت اللہ صاحب امیر جماعت احرار قادیان نے مندرجہ ذیل بیان بغرض اشاعت بھیجا ہے:۔

قادیان میں حکام کی جانبداریوں کے متعلق پہلے کئی دفعہ ذکر کیا جا چکا ہے مجلس احرار نے قادیان میں دفتر کیا کھولا، گورنمنٹ اور مرزائیوں نے اپنی شاص تہمت کا مرکز اسی کو بنا لیا۔ بے سرو پا اور اشتعال انگیز خطبے مرزا بشیر محمود آئے دن دیتے ہیں لیکن حکومت باز پرس نہیں کرتی۔ برخلاف اس کے ہماری آئے دن تلاشیاں ہوتی ہیں۔ ہمارا کوئی مبلغ قادیان کے اردگرد دیہات میں جائے تو سی۔ آئی۔ ڈی۔ اس کے پیچھے جاتی ہے۔ غرض احرار کی زندگی قادیان میں محال ہو رہی ہے ہر وقت جان کا خطرہ ہے۔ لیکن ہم اللہ کے بھروسے پر اسلام کی خدمت کے لئے بیٹھے ہیں۔ اب دفعہ ۱۴۴ کے نفاذ نے ہمارے کام کو اور بھی مشکل کر دیا ہے۔ ہماری نقل و حرکت کی کڑی نگرانی کی جا رہی ہے۔ اور قرب و جوار کے دیہات میں ہمارا تبلیغی کام اس دفعہ کے نفاذ سے بالکل رک گیا ہے۔ ہمیں باہر جانے اور لوگوں کو ہمیں بلانے میں بہت دقتیں ہیں۔ تقریر ہو نہیں سکتی۔ مرکزی جماعت احتیاط کا تقاضا کرتی ہے۔ اور بار بار یہ ہدایت ہوتی ہے کہ اشتعال انگیز حالات میں بھی کوئی نامناسب جملہ زبان سے نہ نکلے اور قانون کے منشا کے خلاف کچھ نہ ہو۔ ان احتیاطوں کے باوجود یہی حالت ہے کہ قادیان کے دفتر احرار کی آئے دن تلاشی ہوتی ہے پمفلٹ کوئی لکھے پولیس ہمارے دفتر پر چڑھ دوڑتی ہے تصویر کا دوسرا رخ یہ ہے کہ مرزائے قادیان نے بدترین اشتعال انگیز خطبے دئے۔ مرزائیوں نے جلسے کئے گورنمنٹ کے ہر فرد اور ملازم کو گالیاں دیں اشتعال انگیز جلوس نکالے لیکن کسی نے کسی سے باز پرس نہ کی۔ انصاف کا تقاضا یہی ہے کہ دفعہ ۱۴۴ شادی جلسے اور مرزا بشیر محمود کو ان خطبات کی بنا پر جن میں اس نے علی الاعلان اپنی جماعت کو احرار کے قتل پر ابھارا ...

(مولانا) عنایت اللہ
امیر جماعت احرار قادیان

## شیر اسلام سہارنپور

سہارنپور ۱۲ فروری آج شام کے ۶ بجے تھانہ بھون سے واپسی پر حضرت مجاہد ملت سید عطاء اللہ شاہ صاحب بخاری تشریف فرمائے سہارنپور ہوئے اسٹیشن پر کارکنان مجلس احرار اسلام سہارنپور پہنچے بہت سے مخلص احباب کے ہمراہ موصوف کے استقبال کے لئے موجود تھے آپ کا عزم اگرچہ پنجاب تشریف لے جانے کا تھا مگر کارکنان کے اصرار پر حضرت شاہ صاحب نے استدعا کو قبول فرما لیا۔ اور دفتر مجلس احرار اسلام ہی میں قیام فرمایا تمام شہر میں بجلی کی طرح مولانا کی آمد کی خبر دوڑ گئی اور فوراً ہی جامع مسجد میں جلسہ کا اعلان کیا گیا حضرت شاہ صاحب نے رد مرزائیت پر مسلسل ۲ گھنٹہ تقریر فرمائی باوجودیکہ اڑھائی گھنٹہ تک سلسلہ تقریر جاری رہا لیکن پھر بھی تشنہ دمتی ہی رہی۔
دعا ہے خداوند کریم اپنے فضل و کرم سے شاہ صاحب جملہ اہل اسلام کو تمام آفات ارضی و سماوی سے محفوظ رکھے اور آپ کے مواعظ حسنہ سے بار بار استفسار حاصل کرنے کا موقع دے اور آپ کو دشمنان اسلام پر کامل فتح عنایت فرمائے بعد اختتام جلسہ صبح کو ۹ بجے بہ تقریب مجلس احرار اسلام سہارنپور کی جانب سے مبلغ ایک سو روپے تبلیغ فنڈ کے لئے پیش کئے گئے۔
(نامہ نگار)

## شاہی کونسل تحقیق زراعت کا مشاورتی جلسہ

دہلی شاہی کونسل تحقیق زراعت کے مشاورتی بورڈ کا جلسہ دیوان بہادر سر ٹی وجیا راگھوا چاریہ کے، بی، ای، کی صدارت میں منعقد ہوا۔ مسٹر برٹ نے ناریل کمیٹی کی رپورٹ پیش کرتے ہوئے کمیٹی کی سفارشات کی توضیح کی اور اس کے بعد رپورٹ کے منظور کئے جانے کی تجویز پیش کی جو اتفاق رائے سے منظور ہو گئی اس کے بعد مسٹر برٹ نے بتایا کہ حال ہی میں ہندوستان کے نئین انٹومولوجسٹ ڈائریکٹر ... کے متعلق ...

## انجمن سیف الاسلام دہلی کا دوسرا سالانہ جلسہ

(سکریٹری انجمن سیف الاسلام دہلی)

## تھانہ فیض بازار میں انسداد جرائم

جب سے سردار کشن سنگھ صاحب تھانہ فیض بازار کے انچارج مقرر ہو کر آئے ہیں اس علاقہ کے مشہور جرائم پیشہ کیفیت طاری ہو گئی ہے۔ سردار صاحب نے اپنے اخلاق، فرض شناسی، اور دیانت داری سے اس مسلم اکثریت کے علاقہ میں بے حد ہر دل عزیزی حاصل کر لی ہے۔ جرائم اور پولیس کی رشوت کا قطعی خاتمہ ہو گیا ہے۔ اس علاقہ کے امن پسند اور شریف شہری مسٹر ڈیس سینئر سپرنٹنڈنٹ کے شکرگذار ہیں جنہوں نے ایسا بیدار مغز افسر اس علاقہ میں تعینات کیا جس کی انسدادی سرگرمیوں نے مشہور کوکین فروشوں کو توبہ کرنے پر مجبور کر دیا۔
اگر ساری دہلی کے تھانہ دار اس مستعدی اور دیانت داری سے جرائم کا انسداد کریں تو جرائم کا قطعی خاتمہ ہو جائے۔
(راقم۔ محمد اسمٰعیل غوری ساکن بلیماران محل دہلی)

## حکومت پراگوئے جمعیۃ اقوام سے علیحدہ ہو گئی

ایلکنشن ۲۵ فروری۔ جنوبی امریکہ کی ریاست پراگوئے نے جمعیۃ اقوام کو مطلع کیا ہے کہ اس نے جمعیۃ سے علیحدہ ہو جانے کا فیصلہ کر لیا ہے۔

## وزیر سیام کو قتل کرنے کی کوشش

بنکاک ۲۵ فروری۔ کل وزیر محکمہ فوج کو قتل کرنے کی ناکام سعی کی گئی جبکہ وہ فٹبال کے ایک میچ سے روانہ ہونے لگے۔ حملہ آور نے ان کی موٹر پر دو فائر کئے جس سے وزیر مذکور کی گردن اور بازو میں دو زخم لگے۔

## پچاس سے زائد آدمیوں کی دعوت ممنوع

احمد آباد ۲۵ فروری۔ ریاست بڑودہ کے ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ نے ایک عام حکم کے ذریعہ پچاس سے زائد آدمیوں کی دعوت کو ممنوع قرار دیدیا ہے ...

## مسٹر میکڈانلڈ کو وزیر خارجہ بنایا جائیگا

اخبار مانچسٹر گارجین کا سیاسی نامہ نگار لکھتا ہے کہ انگلستان کی قومی حکومت اپنے آخری دموں پر ہے اور وسط اکتوبر میں جدید انتخاب کا ہونا یقینی ہے وزارت میں تبدیلیاں کرنے کی کوشش ہو رہی ہے مسٹر لائڈ جارج سے درخواست کی گئی تھی کہ وزارت میں شامل ہو جائیں لیکن انہوں نے انکار کر دیا۔ ٹوری پارٹی اس بات پر بڑا زور دے رہی ہے کہ میکڈانلڈ کو وزیر اعظم کے عہدے سے ہٹا دیا جائے اور ان کی جگہ مسٹر بالڈون کو وزیر اعظم مقرر کیا جائے مسٹر میکڈانلڈ کو سر جان سائمن کی جگہ وزیر خارجہ بنا دیا جائیگا۔

## فرانس اور برطانیہ کے نام روس کا نوٹ
### دول فرنگ سے قیام امن کی ضمانت

پیرس۔ روسی سفیر متعینہ پیرس نے اپنی حکومت کی طرف سے مسٹر لاوال کو ایک یادداشت ارسال کی ہے جس میں روسی حکومت نے لکھا ہے کہ یورپ میں صرف اسی طریقہ سے امن قائم ہو سکتا ہے کہ تمام دول فرنگ سے بلا تفریق ضمانت امن حاصل کی جائے یادداشت میں لکھا ہے۔ اس قسم کے معاہدات کی تائید روس۔ فرانس۔ برطانیہ۔ اٹلی اور ریاستہائے بلقان بھی کر رہی ہیں اس قسم کی یادداشت برطانوی حکومت کے نام بھی ارسال کی گئی ہے۔

## امریکن قونصل اور تین دیگر اشخاص ہلاک

مدراس ۲۵ فروری۔ کل شام مدراس سے ۲۴ میل کے فاصلہ پر موٹر کا ایک مہلک حادثہ پیش آیا جس سے امریکن قونصل متعینہ مدراس، مسٹر ... ان کی بیوی، اللہ سلطان ڈرائیور ہلاک ہو گئے۔ موٹر ایک درخت سے ٹکرا گئی تھی۔


## صرف تین روپیہ میں چار گھڑیاں

ایک عدد اصلی جرمن ٹائم پیس۔ ایک عدد ڈومی پاکٹ واچ۔ دو عدد ڈومی رسٹ واچ
یہ گھڑیاں ہم نے خاص طور پر ولایت سے بڑی بھاری تعداد میں منگوائی ہیں مضبوطی اور پائیداری کے لحاظ سے یہ گھڑیاں اپنی نظیر آپ ہیں اپنی فرم کی سالگرہ کی خوشی میں ہم نے صرف دس ہزار گھڑیاں ...
اس لئے جلدی کریں ...
ملنے کا پتہ: کارخانہ جاپان ناوٹی ۔ مقام ٹھانکوٹ ضلع گورداسپور

## تقریر سیرت چھپ کر تیار ہو گئی

مختصر فہرست مضامین

پوری کتاب ... قیمت صرف ...
منیجر الجمعیۃ گلی قاسم جان دہلی



ڈاکٹر ڈبلیو۔ ڈی۔ جاری۔ رنگون

## کلزانہ

تمہارے جسم کو مضبوط اور تندرست کر دے گی

تمام دوا فروشوں اور دوکان داروں کے یہاں ملتی ہے

## Kalzana

تندرستی کے لئے ایک عجیب غذا ہے
جو کہ ہاضمے نہیں بگڑنے دیتی

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۸۹۳

یَدُ اللّٰہِ عَلَی الْجَمَاعَۃِ

تار کا پتہ: "الجمعیۃ دہلی"
ٹیلیفون نمبر ۵۷۳۸

# سہ روزہ الجمعیۃ دہلی

مدیر مسئول: ہلال احمد زبیری (بی۔اے) معاون: محمد عثمان فارقلیط

جلد ۲۱ | دہلی یوم شنبہ ۳ ذی الحجہ ۱۳۵۳ ہجری مطابق ۹ مارچ ۱۹۳۵ء | نمبر ۱۸


## نوامیس فطرت اور حقوق کی تقسیم

### اسلام میں عورت کا مرتبہ اور اسکے حقوق

### حوا کی بیٹیوں پر کس نے احسان کیا؟

## معاصرین کے افکار و آراء

### پنڈت مالویہ کا عزم انگلستان

### والیان ریاست کو دھمکی

### مسودۂ شریعت

### حجاز میں "سنگا پور"


## پادری کی لڑکی کا قبول اسلام

اسپین کے ایک جلیل القدر پادری کی لڑکی نے جب اسلامی تعلیمات کا مقابلہ کیا اور مسلمانوں کے مذہب اور انکے اعمال کو بغور دیکھا تو اس کے دل میں اسلام کی صداقت وحقانیت جاگزین ہوگئی اور اس نے یہ فیصلہ کر لیا کہ حقیقتاً اسلام ہی وہ مذہب ہے جو دنیا اور آخرت میں نجات کا راستہ بتاتا ہے، اور اس کے علاوہ جتنے مذاہب ہیں وہ سب باطل اور صراط مستقیم سے بھٹکا دینے والے ہیں۔ جب عیسائیوں کو اس کی خبر ہوئی تو تمام پادریوں نے مل کر اس لڑکی پر بےشمار مظالم ڈھائے اور اس قدر جاں گداز اور صبر آزما مصائب میں مبتلا کیا کہ دیکھنے والوں کے رونگٹے کھڑے ہونے لگے مگر وہ لڑکی اسلام پر ثابت قدم رہی۔ اور اس نے بالآخر تمام پادریوں کی ایک شاندار مجلس میں اسلام کی حقانیت پر ایک بصیرت افروز مناظرہ کیا۔ فضیلت اسلام اور رد عیسائیت کے جس قدر دلائل ممکن تھے وہ تائید الٰہی سے اس لڑکی نے پادریوں کے مقابلے میں اس خوش اسلوبی کے ساتھ پیش کئے کہ سامعین حیرت واستعجاب کے سمندر میں غرق ہوگئے۔ اور پادریوں سے کوئی جواب بن نہ پڑا اور وہ لڑکی ہمیشہ کے لئے اسلام ہی سے وابستہ ہوگئی۔ اس کا نام ازبلا تھا اور اس کی زندگی کے واقعات ایک کتاب میں قلمبند کئے گئے ہیں۔ اگر آپ کو گزشتہ عظمت وسطوت کا مطالعہ کرنا ہے اور عیسائیت کے مقابلہ میں اسلام کی حقانیت کے بےشمار دلائل سے واقفیت حاصل کرنے کا شوق ہے۔ اور آپ اس کتاب کے ذریعہ تبلیغ اسلام کا فریضہ ادا کرنا چاہتے ہیں تو فوراً طلب کیجئے۔ پہلا ایڈیشن قریب الختم ہے۔ اگر دیر ہوئی تو دوسرے ایڈیشن کا انتظار کرنا پڑے گا۔ قیمت فی جلد ۱۲ علاوہ محصولڈاک تبلیغی مقاصد کے لئے بیس یا بیس سے زائد جلدوں کے خریدار کو پچیس فی صدی کمیشن دیا جائے گا۔

ملنے کا پتہ:- منیجر "الجمعیۃ" دہلی



Regd. No. L 1793.

The Jamiat

Vol. XXI No. 17. DELHI TUES[DAY] [MA]RCH 1935 PRICE ONE ANNA



نورانی قرآن مجید

نہایت صاف جلی اور نہایت صحیح قرآن شریف اگر درکار ہو تو نورانی قرآن مجید الجمعیۃ بک ایجنسی دہلی سے طلب فرمائیے قیمت مجلد پارچہ عہ

پادری کی لڑکی کا قبول اسلام

اور اس کے حیرت انگیز کارنامے معلوم کرنے ہوں تو ازبلا کو دیکھئے جس کو پڑھ کر آپ اسلام کی حقانیت کے قائل ہو جائینگے قیمت فی جلد ۱۲ علاوہ محصولڈاک۔ منیجر الجمعیۃ دہلی


Mr. Hassan Sh. ...
P.O. Rander
Dt. Surat

RANDER 6 MAR 35

## انجمن انصار المسلمین بنگہ کا اہم اجلاس

آج مورخہ ۱۷ فروری ۱۹۳۵ء زیر صدارت جناب بابو فضل الدین صاحب صدر انجمن ترقی اسلام بنگہ کا ایک اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں مولوی ہدایت اللہ صاحب نومسلم ڈھلوانوی مبلغ انجمن انصار المسلمین سنٹر بنگہ ضلع جالندھر نے ایک مختصر مگر جامع تقریر فرمائی بعدہٗ حسب ذیل قرار دادیں پیش ہو کر بالاتفاق پاس ہوئیں۔

(۱) یہ اہم اجلاس حکومت ہند سے پرزور مطالبہ کرتا ہے کہ مرزائیوں نے جو کتاب موسومہ بہ فلسفہ نماز سفر کے نام سے فخر الدین مرزائی مالک احمدیہ کتاب گھر قادیان نے شائع کرائی ہے جس کا اقتباس روزنامہ اخبار زمیندار مجریہ ۱۹ فروری ۱۹۳۵ء کالم نمبر ۲ پر درج ہے۔ اس میں چونکہ ہندو مسلم قوم کی مایہ ناز معززات کی توہین کی گئی ہے جس سے ہر دو قوم کے جذبات مجروح ہوتے ہیں اس لئے اس کو جلد از جلد بحق ملک معظم ضبط کرے۔

## مدرسہ فلاح دین و دنیا کی اجتماعی تشکیل

## وزیر تعلیم بہار کا معائنہ

## گمشدہ کی تلاش

## انجمن ضیاء الادب میں مباحثہ

## ناظم جمعیۃ علماء افغان کا اعلان


اخبار الجمعیۃ میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے

## محبوب عاشق کے قدموں پر

## خاص رعایت: حیات حافظ رحمت خاں

غیر مجلد دو روپے چار آنے میں خریدیئے

منیجر اخبار الجمعیۃ گلی قاسم جان دہلی

## مفت! مفت!! مفت!!!

پرنسپل ولد انڈین میڈیکل کالج انبالہ شہر

## ملک کشمیر کی قابل بھروسہ

نانک چند گپتا جنرل سپلائی سٹور شدہ کیسر شلاجیت شہد براہمی وغیرہ ادوہم پور گورنمنٹ جموں کشمیر

## خضاب چھوڑ دو

پتہ:- بال کالا اسٹورس پوسٹ کمنی سمری (دربھنگہ)

آج تک کسی کو ملا نہ کسی نے سنا

آٹو کے ہمراہ خاص انعامات صرف ۵ میں

انٹرنیشنل ٹریڈنگ کمپنی پوسٹ بکس ۱۱۰ کلکتہ سکشن (۸۰۵)

## حمائل شریف مترجم مع خلاصۃ التفاسیر

منیجر اخبار الجمعیۃ گلی قاسم جان دہلی

مشہور ومعروف دو ترجمہ والا معجز نما متوسط قرآن مجید مع کامل تفسیر

## حیرت انگیز رعایتی اعلان

منیجر اخبار الجمعیۃ گلی قاسم جان دہلی

# مولانا سید عطاء اللہ شاہ بخاری کے مقدمہ کی سماعت

## گواہان استغاثہ پر پُر زور جرح
## متنبی قادیان کے الہامات اور مغلظات

(گزشتہ سے پیوستہ)

سوال :- آپ کسی احرار کو جانتے ہیں۔

جواب :- میں احراریوں میں سے ملزم سید عطاء اللہ شاہ، مولانا مظہر علی ملزم کا وکیل، چودھری افضل حق اور مولانا داؤد غزنوی کو جانتا ہوں۔ یہ احرار کے لیڈر ہیں۔ ان میں سے اول الذکرین کو ذاتی طور پر جانتا ہوں۔ میں نے ۳۰۰ - ۲۰۰ احرار قادیان میں احرار کانفرنس کے اختتام پر جبکہ وہ واپس جا رہے تھے دیکھے تھے۔

س :- آپ کے جذبات کے جوش میں آنے کے بعد آپ کے قادیان میں کوئی پروٹسٹ میٹنگ ہوئی جس میں ان تقاریر کے خلاف کوئی ریزولیوشن پاس کیا گیا ہو۔

ج :- مجھے علم نہیں کہ قادیان میں کوئی ایسی میٹنگ ہوئی ہو۔

### سرکاری وکیل

س :- احرار کی تعداد تمام ہندوستان میں کتنی ہے۔ اپنے ذاتی علم کے طور پر

س :- سادھوں کے گرائے جانے کے بعد کوئی رپورٹ وغیرہ ہوئی تھی۔

ج :- ہاں مقدمہ بازی ہوئی تھی۔

س :- قادیان میں مرزائیوں کا بڑا زور ہے۔

ج :- ہاں دیگر مذاہب کی کوئی پیش نہیں جاتی۔

س :- کیا قادیان میں سب قومیں اس سختی کو محسوس کرتی ہیں۔ (ج) ہاں

س :- کیا مولوی صاحب نے کہا تھا کہ مرزا صاحب کے الہام کو اس جگہ ڈیرا لگا کر دیکھیں گے کہ وہ کیا ہوتا ہے کہ نہیں۔ (ج) ہاں

س :- مرزا صاحب فقیرانہ یا امیرانہ ٹھاٹھ سے رہتے ہیں۔

ج :- ہاں ان کی بود و باش امیرانہ ہے۔

س :- ملزم نے اپنی تقریر میں کہا تھا کہ نبی کا خلیفہ ہو کر امیرانہ ٹھاٹھ نہیں چاہئے۔

ج :- ہاں

س :- ملزم نے کہا تھا کہ ہمارے نبی بالکل سادہ تھے۔ (ج) ہاں

س :- یہ بھی کہا تھا کہ گاؤں کے سیدھے سادھے لوگ ہوتے ہیں وہ کیمبل بخاری لوگوں کی اندھا دھند پیروی کرتے ہیں۔ (ج) ہاں

س :- غیر احمدیوں کی دوکانوں سے مرزائی خرید و فروخت کرتے ہیں۔

ج :- نہیں بلکہ مرزائیوں نے غیر احمدیوں کا بائیکاٹ کر رکھا ہے۔

س :- اگر کوئی مرزائی کسی غیر احمدی سے سودا خریدے تو احمدی کیا کرتے ہیں۔

...

### استغاثہ نمبر ۵

...

# گلابی اردو
## آنا میر ایچ دہلی کے
حضور ملا رموزی نے خود لکھا

خبرواری اور آگاہی ہے واسطے اُن کے کہ تحقیق عطا فرمائی ہے اللہ مہربان حکمت والے نے فضل اور نظر اُن کو ہمیں اسے بار یکہ کہ تحقیق نہیں ہے آنا میرا گر مشغل او بیاس بات کے کہ ساتھ نام اللہ بخشش کرنے والے مہربان کے شروع کروں میں کام پنشن دلانے کا دیسی اخبار نویسوں بھی کا نہوں اُن کے کو وقت پیری اور بیکاری اون کی کے مثل ملازمون سرکاری کے کہ وقت ختم ہونے ملازمت کے پنشن پاتے ہیں وہ طرف سے سرکار کے۔ مگر اے عجب ہے بے وقوفی اور بے عقل دیسی اخبار نویس اور کاتب کہ نہیں مطالبہ کرتے وہ قوم غافل اور ناقدردان اپنی سے پنشن کا وقت بوڑھا پے اپنے کے واسطے اولاد اور معاش اپنی کے۔ مگر بسبب برکت اور مقبولیت اس تحفہ علماء ہند کی کہ بہ سبب کرنے تمام نیک کام اس کے کے قبول فرمائی اخبار نویسوں دہلی نے تحریک میری اور قسم کھائی مولانا ہلال زبیری نے، مولوی محمد صاحب جعفری کی اور انہوں نے مولوی عثمان فارقلیط کی اور مولوی عثمان صاحب نے ایڈیٹر صاحب پیشوا کی اور ایڈیٹر صاحب پیشوا نے ملا واحدی صاحب قبلہ کی کہ تحقیق کامیاب بنائیں گے تحریک پنشن ملا رموزی صاحب کی کہ اگر چاہا اللہ بلند و برتر نے ذریعہ سے کوششوں ...

...

(دیسلسلہ گلابی اردو کا کام ابھی ہے)

بیاسی اپنی کے ناکام بہ سبب نہ ہونے سیاست داں اپنے کے بھی بہ سبب نہ ہونے مجلس ملیہ اسلامیہ کے اگرچہ کامیاب ہو رہے ہیں ہندو بھائی بیچ تنظیم اپنی کے اور بے خبر ہیں مسلمان تنظیم اپنی سے بہ سبب مصروفیت مجلس قانون ساز کے بے خبر اس سے کہ کیا فائدہ دیگی اُن کو مجلس قانون ساز اور مجلس مسلم لیگ اگرچہ بہت دن گزرے کہ نہیں گئے ہم مع بیوی نمبر دو اپنی کے بیچ تماشے سینما کے جیسا کہ جاتے ہیں فیشن ایبل مسلمان روزانہ بیچ تماشہ سینما کے مع اہل و عیال اپنے کے بنا کر صورتیں اپنی مانند یورپ والوں کے اگرچہ ہیں وہ غلام بھی ملازم مگر تحقیق کہ اکڑتے ہیں وہ وقت دیکھنے سینما کے مثل امیروں یورپ کے، پس جان تو اے لڑکے سعید کہ حشر البوں کا ہوگا ہمراہ لیلے مجنوں کے، کیونکہ البتہ تحقیق وہ تمام لوگ اور لڑکیاں کہ ترک کیا ہے انہوں نے لباس ہندوستانی اپنا حقیر اور ذلیل ہیں وہ بیچ نظر یورپ والوں کے ...

(باقی اسی صفحہ کے کالم ۲ میں ملاحظہ فرمائیں)


## امرت دھارا اوشدھالیہ کی کچھ ادویات متعلقہ امراض مخصوص مرداں نصف قیمت پر
## جن کو صرف مارچ کے اندر خط ڈالکر نصف قیمت پر حاصل کیا جاسکتا ہے

کرن جوانی - ...

اکسیر ...

مفصل بیان امراض مخصوص مرداں مفت منگائیے - امرت دھارا لاہور

المشتہر منیجر امرت دھارا اوشدھالیہ - امرت دھارا بھون - امرت دھارا روڈ - امرت دھارا ڈاکخانہ - لاہور


# انتقادات

## نگارستان کشمیر

مصنفہ قاضی ظہیر الحسن صاحب نیو باروی تقطیع ۲۰×۲۶ صفحات ۱۰۳ مع تصاویر رنگین کتابت و طباعت نفیس، کاغذ متوسط قیمت ۲ ملنے کا پتہ مولوی محمد ادریس صاحب میرٹھی مکتبہ قرول باغ دہلی

یہ کتاب کشمیر جنت نظیر کی مفصل اور مبسوط تاریخ ہے اور ان سلاطین اور راجاؤں کے سیاسی اور انتظامی حالات کا مرقع ہے جو وقتاً فوقتاً یہاں حکومت کرتے رہے ہیں ...

## اربعین

مصنفہ مولانا سید محمد فخر الدین احمد صاحب شیخ الحدیث جامعہ قاسمیہ مدرسہ شاہی مرادآباد تقطیع خورد صفحات ۔ ایک سو، کاغذ لکھائی چھپائی سب عمدہ قیمت غالباً ۸ آنہ ملنے کا پتہ کتب خانہ فخریہ مدرسہ شاہی مرادآباد

اس کتاب میں مضامین کے اعتبار سے دو حصے ہیں۔ پہلے حصہ میں چالیس احادیث ہیں ...

## بھگوت گیتا یا نغمہ خداوندی

مترجمہ محمد اجمل خاں تقطیع چھوٹی صفحات ۷۶ لکھائی چھپائی متوسط قیمت ...

## فضائل حرفت

...

## الخیر الکثیر (عربی)

مصنفہ حجۃ الاسلام حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی تقطیع ۲۰×۲۶ صفحات ۱۳۰ کاغذ نہایت نفیس چکنا اور دبیز کتابت و طباعت نظر فریب قیمت عمر ملنے کا پتہ :- مولوی محمد ادریس صاحب مکتبہ قرول باغ دہلی

...

# بصائر و نظائر

اگر کسی مکان کی بنیادیں کمزور ہو جائیں یا کسی حادثہ سے اس کی اساس کو ایسا صدمہ پہونچ جائے جو مکان کے گرنے کا یقین دلا دے تو اس وقت آپ کا فرض کیا ہوگا، اگر آپ کو مکان کی سلامتی اور اس میں رہنے والے انسانوں کی جانیں عزیز ہیں تو سب سے پہلے آپ کیا کریں گے؟ اگر آپ کو خدا نے عقل کا تھوڑا سا حصہ بھی عطا فرمایا ہے تو آپ تمام کاموں کو چھوڑ کر مکان کی بنیادوں کو پختہ اور پائدار بنانے کی کوشش کریں گے۔ اور اس کی کمزوریوں کو دور کرنے کے لئے دن اور رات ایک کردیں گے کیونکہ آپ کو یقین ہوگا ہے کہ اگر مکان کو یونہی چھوڑ دیا گیا تو وہ اپنی چھتوں اور دیواروں کو لیکر زمین پر آ گرے گا اور اس میں رہنے والے ہلاک ہوجائیں گے اور مکان کا قیمتی سے قیمتی اور خوبصورت سے خوبصورت سامان ملبہ میں دب کر خاک کا ایک ڈھیر ہو جائے گا۔

لیکن اگر کوئی بے وقوف شخص ایسے مکان کی بنیادوں کو مضبوط کرنے کے بجائے اس کی در و دیوار اور چھتوں پر نقش و نگار اور بیل بوٹے بنانے شروع کردے ...

...

دیکھو کتاب الٰہی کا فیصلہ ہے -
ومن یعمل من الصالحات وھو مومن فلا یخاف ظلما ولا ھضما (۲۰×۱۱۲)
جو شخص ایمان اور حسن عمل کی دولت سے مالا مال ہوگا تو اس کو نہ تو ظلم و عدوان کا خوف ہوگا اور نہ مغلوب و پامال ہونے کا۔

...

پس اصل سوال ایمان کی پختگی کا ہے حکومت و ریاست کا نہیں کیونکہ اس قسم کی چیزیں ایمان کے لازمی ثمرات و نتائج ہیں جن سے درخت شناخت کیا جاتا ہے۔ رہا یہ شبہ کہ کفار دولت ایمان سے محروم ہونے کے باوجود دنیا پر کیوں قبضہ کئے بیٹھے ہیں؟ اس کا جواب قرآن کریم کی روشنی میں کسی آئندہ فرصت میں دیا جائے گا۔

# یو-پی میں تعلیم نسواں کی ترقی
## طالبات میں ۱۳ ہزار کا اضافہ

لکھنؤ ۲۰ مارچ۔ سال مختتمہ ۳۱ مارچ ۱۹۳۵ء کے متعلق یو۔پی کے سررشتہ تعلیم کی رپورٹ مظہر ہے کہ لڑکیوں کے دائرہ تعلیم میں بہ نسبت دیگر تعلیمی دائروں کے زیادہ ترقی کی گئی۔

...

# روس کی فوجی طاقت چار گنی ہوگئی
## دس لاکھ منظم فوج اور حربی سامان

ماسکو ... چار سال میں روسی فوج کی تعداد چھ لاکھ کے بجائے فوراً کہ چالیس ہزار ہوگئی ہے ...

...


اپنے طرز کی بالکل نئی تصنیف!
## بلاغ مبین
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ان تمام خطوط اور فرامین کا مجموعہ جو آپ نے مختلف اوقات میں بادشاہوں اور حکمرانوں کے نام دعوت اسلام کے سلسلہ میں بھیجے اور ان کے متعلق مفصل تاریخی مباحث، بیش بہا تاریخی اور حدیثی تحقیقات، بہت سے لاینحل اشکالات کے شافی جوابات اس مراسلت پر مرتب ہونیوالے اہم مذہبی و سیاسی نتائج، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا تیئیس سالہ تبلیغی اسوہ حسنہ، قرآن و حدیث کی روشنی میں تبلیغ اسلام کے سادہ اور خالص اسلامی اصول، موجودہ طریق تبلیغ مناظرہ وغیرہ کی مضرت پر تبصرہ۔ اعلیٰ کتابت و طباعت خوشنما جدید طرز کا ٹائٹل، دو اصل نامہ مبارک کا عکسی فوٹو قیمت دو روپے۔
مصنفہ مولانا حفظ الرحمن سیوہاروی!
ملنے کا پتہ:- (مولوی) محمد ادریس منیجر دفتر بلاغ مبین دہلی یا منیجر مکتبہ اسلامیہ سیوہارہ ضلع بجنور

## معجون شباب آور
قوت مردمی اور دل و دماغ کی کمزوری کے لئے مشہور دوا ہے
زہریلی اور نشہ کی چیزوں سے بالکل پاک ہے مشک عنبر مروارید وغیرہ سے بنائی جاتی ہے
تمام ہندوستان میں اس کے بے نظیر فوائد کا اعتراف کیا گیا ہے!
قیمت فی شیشی (پانچ تولہ) پانچ روپیہ نمونہ کی شیشی (ایک تولہ) ایک روپیہ
ہمدرد دواخانہ یونانی دہلی

## نونہال
اگر آپ اپنے بچوں کو تندرست اور قوی دیکھنا چاہتے ہیں تو نونہال استعمال کرائیے
قیمت فی بوتل ...
ہمدرد دواخانہ یونانی دہلی

شیخ الحدیث حضرت مولانا حسین احمد مدنی مدظلہ العالی
کے سیاسی نوٹس کا مجموعہ
## تعلیمی ہند
مرتبہ مجلس قاسم المعارف دیوبند
اعلیٰ کتابت و طباعت خوشنما ٹائٹل
ملنے کا پتہ:- (مولوی) محمد ادریس منیجر مکتبہ قرول باغ دہلی

## سچا ہمدم و رہبر بے دام
پاک صاف خیالات پیدا کرکے جسمانی و روحانی صحت حاصل کرنے کیلئے دنیا میں سچی خوشی و سکھ حاصل کرنے کیلئے آپ آج ہی ایک کارڈ تحریر کرکے کتاب کام شاستر بالکل مفت منگالیں۔
ویدشاستری - جام نگر کاٹھیاواڑ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# الجمعیۃ دہلی

یوم شنبہ ۳ ذی الحجہ ۱۳۵۲ ہجری

# ساردا ایکٹ کو اور زیادہ سخت بنایا جائے

## اسمبلی میں ایک جدید مسودہ قانون

مسٹر بی داس ایم۔ ایل۔ اے نے ساردا ایکٹ میں ترمیم کی غرض سے ایک مسودۂ قانون پیش کرنے کا نوٹس دیا ہے جس پر گورنر جنرل کی اجازت طلب کی گئی ہے اور جو غالباً اسی سیشن کے آخر میں اسمبلی کے سامنے آسکے گا۔ اس مسودۂ قانون کے اغراض و مقاصد کی تشریح و تفصیل کر دی گئی ہے جن میں سے خاص ...

کسی ذاتی دشمنی کی بنا پر کسی معزز اور شریف سے شریف انسان کو ستانا یا ذلیل کرنا چاہے گا کر سکے گا۔ محض اس کا ایک جھوٹی اطلاع دینا ہی اس کے لئے کافی ہوگا کہ قانونی کارروائی شروع ہو جائے خواہ اس کے نتیجہ میں جرم ثابت ہو یا نہ ہو۔ نکاح جیسے نازک مذہبی معاملہ میں اول تو حکومت کی مداخلت ...

### سزا میں زیادتی

### غیر مسلم اراکین کا فرض

### قانون کی ہمہ گیری

# شذرات

## برطانیہ کی فوجی تیاریاں

برطانوی حکومت نے آئندہ سال کے لئے اپنا فوجی بجٹ پارلیمنٹ کے سامنے پیش کر دیا ہے۔ اس بجٹ میں چار کروڑ پینتیس لاکھ پچاس ہزار پونڈ (جو تقریباً ساٹھ کروڑ روپیہ ہوتا ہے) کی رقم فوجی مصارف کے لئے مقرر کی گئی ہے۔ اور پہلے سال کے بجٹ سے بقدر سینتیس لاکھ پچاس ہزار پونڈ کے زائد ہے جس میں سے چھبیس ہزار پونڈ صرف ہوائی بیڑے کی ترقی کے لئے مخصوص کئے گئے ہیں۔ چونکہ سال رواں کا فوجی بجٹ بھی گزشتہ سال ساڑھے سولہ لاکھ پونڈ زیادہ تھا اس لئے یہ سمجھنا چاہئے کہ ۳۴-۱۹۳۳ء کے بجٹ پر باون لاکھ روپیہ زائد آئندہ خرچ کئے جائیں گے۔ اس غیر معمولی اضافہ کی اسباب و وجوہ پر بحث کرتے ہوئے حکومت نے اس امر کو واضح کیا ہے کہ فوجی بجٹ میں اس قدر زیادتی محض اسلئے کی جا رہی ہے کہ یورپ کے دوسرے ممالک مثلاً جرمنی، اٹلی وغیرہ اپنی فوجی تیاریوں میں لگے ہوئے ہیں اور بہت کافی روپیہ خرچ کر رہے ہیں۔ اگر برطانیہ اس وقت فوجی تعمیر کی طرف متوجہ نہیں ہوئی تو اس کا نتیجہ یہ ہوگا کہ دوسرے ممالک بہت آگے نکل جائیں گے اور برطانیہ پیچھے رہ جائے گا۔ اس حقیقت کا اعتراف برطانوی حکومت نے اس قدر صاف و صریح الفاظ میں کیا ہے کہ ہم اس کو پڑھ کر حیرت میں ہیں۔ کسی قسم کی دور حکمت عملی کے بغیر اب یہ امر چھپایا جا رہا ہے کہ یورپ کے تمام ممالک تخفیف اسلحہ کے بجائے تصنیف اسلحہ پر تلے ہوئے ہیں اور اس لئے ہم بھی ان ہی کے قدم بقدم چلنے کے لئے آمادہ ہیں اور آئندہ سال ہماری فوج پر لاکھوں روپیہ زیادہ صرف کیا جائے گا۔ اور ہم اپنے ہوائی بیڑے کو اور زیادہ ہولناک اور تباہ کن بنا دیں گے۔ حکومت برطانیہ کی یہ تیاریاں اور ان کی یہ توجیہ صاف طور پر یہ ظاہر کر دیتی ہے کہ عنقریب کوئی ایسی زبردست جنگ چھڑنے والی ہے جس میں یورپ کی بڑی تمام قومیں ملوث ہو جائیں گی۔ اور یہ سب کچھ تیاریاں اسی آنے والی ...

... کی اطلاع سے بھی معلوم ہوتا ہے کہ وہاں کہیں قریب ہی زلزلہ کا جھٹکا زیادہ محسوس کیا گیا۔ غرض تمام شمالی ہند میں پنجاب سے لے کر بنگال تک اس زلزلہ کا اثر عموماً محسوس کیا گیا اور اس سے قبل بھی اس علاقہ میں پے در پے جھٹکے محسوس ہوتے رہے ہیں جس سے صاف ظاہر ہوتا ہے کہ ہمالیہ کے دامن میں شمالی ہند کا یہ تمام حصہ زلزلہ کے لئے وقف ہو گیا ہے اگرچہ اس قسم کے جھٹکوں کے متعلق ماہرین زلزلہ یہی کہیں گے کہ صوبہ بہار کا جو قیامت خیز زلزلہ اپنی تمام تباہ کاریوں اور ہلاکت آفرینیوں کے ساتھ وجود میں آچکا ہے یہ جھٹکے اسی کے اثرات ما بعد ہیں لیکن ہم جانتے ہیں کہ قدرت کے ان تمام کاموں میں ماہرین کے اندازوں اور تخمینوں کو بہت کم دخل ہوتا ہے۔ یہ زلزلے جو آئے دن محسوس ہوتے رہتے ہیں ان کا ہر جھٹکا ہر وقت ممتد ہو سکتا ہے اور اس کا یہ امتداد وہی قیامت برپا کر سکتا ہے جو صوبہ بہار میں برپا ہوئی تھی سوائے اللہ رب العزت کی مشیت کے اور کوئی چیز ایسی نہیں ہے جو زمین کو ذرا سی دیر کے لئے متحرک کر کے پھر روک لینی ہے اور اس حرکت کو بڑھنے نہیں دیتی۔ بندوں کو ہر وقت خدا کے قہر سے ڈرنا اور اس کی بارگاہ میں عفو و معافی کے لئے دعا کرتے رہنا چاہئے۔

## مسلمانوں کی ناکافی نمایندگی

دہلی یونیورسٹی کے متعلق ہم نے اشاعت گزشتہ میں جو کچھ لکھا تھا اس کے بعد ہمیں معلوم ہوا ہے کہ ان حضرات کے اندر جو یونیورسٹی کے کاموں سے دلچسپی رکھتے ہیں ایک خاص احساس پیدا ہو گیا اور ہمارے پاس متعدد مراسلات ایسے موصول ہوئے ہیں جن میں یونیورسٹی کی مختلف کوتاہیوں اور ضرورتوں کی طرف توجہ دلائی گئی ہے۔ مثال کے طور پر ہمیں بتایا گیا ہے کہ مشرقی علوم سے یونیورسٹی کی یہ لاپرواہی حقیقتاً ان لوگوں کی بے نیازی کا نتیجہ ہے جو اب تک یونیورسٹی کے کام کے ذمہ دار رہے ہیں ...

... کی تعیین ضرور کر دی جائے۔

## شمالی ہند میں زلزلہ

... محسوس کیا گیا۔ بعض مقامات پر جھٹکے اور کچے مکانات گر گئے اور مالی نقصان کے علاوہ دو لوگ زخمی بھی ہوئے۔ لاہور میں ایک بچہ مر گیا۔ بمبئی اور کلکتہ کے سیسموگراف سے معلوم ہوا ہے کہ زلزلہ کا مرکز ہمالیہ میں کسی جگہ کمایوں کے قریب تھا اور ...

# حوادث و احکام

## استفتاء

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ ڈیرہ اسمٰعیل خاں میں چھاؤنی میں مسلمانوں کے پیسہ سے جو وہاں ملازم تھے ساٹھ ستر برس سے مسجدیں تعمیر کرائی گئی ہیں۔ باقاعدہ وہاں جمعہ و عید کی نمازیں پڑھائی جاتی ہیں اس کے علاوہ پانچ وقت با جماعت نماز بھی باذان امام مسجد پڑھاتا رہا ہے چونکہ چھاؤنی اُٹھ گئی ہے اس لئے مسجدیں خالی رہ گئی ہیں۔ چھاؤنی کا تمام اسباب مکانات وغیرہ نیلام ہو چکا ہے۔ اب گورنمنٹ نے مسلمانوں کو مطلع کیا ہے کہ یا تو ان کا تمام ملبہ شہید کرا یہاں وغیرہ سے جاؤ یا ان کو آباد کرو کیونکہ اس طرح تمام ملبہ کھڑے کھڑے مسجدوں کو گرا کر تم نہ لے گئے خراب ہو جائیں گے۔ اب رہا یہ سوال کہ جب کہ سارے مسلمانوں کا خیال ہی یہ ہو اور رسالہ ہی مردہ دل ہو ...

## الجواب

جو مسجد کہ ایک بار شرعی قاعدہ سے مسجد ہو جائے وہ قیامت تک مسجد ہی رہے گی اس کو غیر مسجد کے کام میں نہیں لا سکتے۔ اگر اس کے قریب آبادی نہ رہے اور مسجد میں کوئی نماز پڑھنے والا نہ رہے تو جب بھی اس کی حفاظت کا سامان کر کے اس کو محفوظ کر دینا ضروری ہے۔ البتہ اگر کوئی مسجد پہلے ہی شرعی قاعدہ سے مسجد نہ ہو مثلاً اس کی زمین موقوفہ نہ ہو کسی کی ملک ہو جس نے وقف نہ کی ہو تو وہ مسجد کا حکم نہیں رکھتی۔

محمد کفایت اللہ کان اللہ لہ، مدرسہ امینیہ۔ دہلی

ایک اشتہار نکلا ہے اس میں یہ تحریر ہے کہ ایک شخص چار ٹکٹ منگوائے وہ چار آدمیوں کو فروخت کردے۔ فی ٹکٹ ۸ ہے۔ اب زید نے چار ٹکٹ منگوا کر ۴ آدمیوں کو فروخت کر دئے۔ ان چار آدمیوں سے وہ ٹکٹ فروخت نہ ہو سکے انہوں نے زید کو واپس کر دئے۔ حالانکہ زید نے ساری باتیں سمجھا دی تھیں کہ اگر ایک مہینے تک تم فروخت نہ کروگے تو ٹکٹ بیکار ہو جائے گا۔ تمہاری قیمت ضائع جائے گی۔ انعام کے مستحق نہ ہوگے۔ باوجود سمجھانے کے ٹکٹ واپس کر کے اپنا دام واپس مانگتے ہیں۔ اس صورت میں زید کو ان کے دام واپس کر دینے واجب ہیں یا نہیں۔

## الجواب

یہ فروخت کرنا ٹکٹوں کا درحقیقت ایک طرح کا جوا ہے لہٰذا خریدنے والے ٹکٹوں کے ان ٹکٹوں کو واپس کر سکتے ہیں بوجہ ناجائز ہونے وجوا ہونے اس خرید و فروخت کے مسلمانوں کو چاہئے کہ ایسے ناجائز کام ہرگز نہ کیا کریں اور کئے پر نادم ہو کر توبہ کر لیں فقط واللہ اعلم

حبیب المرسلین عفی عنہ، نائب مفتی مدرسہ امینیہ دہلی

الجواب صحیح — محمد کفایت اللہ کان اللہ لہ، مدرسہ امینیہ دہلی

## استفتاء

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ کے متعلق کہ جو شادی ساردا ایکٹ کے قبل اپنے بچوں کی شادی کر لی ہے۔ کیا از روئے شریعت یہ شادی کرنا جائز ہے یا ناجائز کتب دینی کا حوالہ دیکر جواب تحریر کر دیں گے۔

## الجواب

جو شادی ساردا ایکٹ سے پہلے کی گئی وہ بھی از روئے شرع شریف جائز ...

## استفتاء

---



# دارالحکومت

## کامل سوراج اور اقتصادی ترقی

### مسلم نوجوانوں کے جلسہ میں بھولا بھائی ڈیسائی کی تقریر

کل دوشنبہ کی شام کو بیڈن کلب میں سنٹرل مسلم یوتھ لیگ کے زیر اہتمام مولانا شوکت علی کی صدارت میں ایک عام جلسہ ہوا جس میں طے پایا کہ بغیر کامل سوراج ملک کی حقیقی اقتصادی ترقی ناممکن ہے۔ مسٹر بھولا بھائی ڈیسائی نے تحریک کو پیش کیا اور اس کی وضاحت میں ایک مدلل اور پرجوش تقریر کی ...

# قبائلی علاقوں میں سڑکیں بنانے کی درخواستیں روپیہ دیکر حاصل کیجا رہی ہیں

## سرکاری ملازمین کے خلاف ڈاکٹر خاں صاحب کے سنگین الزامات

### اسمبلی میں لا ممبر کو کانگریس کے خلاف بولنے کی اجازت نہیں دی گئی

نئی دہلی، ۶ مارچ۔ کل اسمبلی میں بجٹ پر بحث شروع ہوئی۔ ڈاکٹر خاں نے فرمایا کہ ہم مخالف پارٹی کے ممبران یہاں اسلئے آتے ہیں کہ اس طرز حکومت کو ہم کو چلانا ہے ...

# محمد صدیق کی پھانسی ملتوی

## جیل پر مسلمانوں کا ہجوم

فیروزپور، ۴ مارچ۔ ڈسٹرکٹ جیل فیروزپور کے باہر سینکڑوں مسلمان موجود تھے۔ بیان کیا جاتا ہے کہ مسلمانوں کو معلوم ہوا کہ آج محمد صدیق قاتل بالا شاہ کو پھانسی دی جائے گی اس لئے وہ جوق در جوق وہاں جمع ہونے شروع ہوئے۔ لیکن چونکہ وائسرائے کو رحم کی درخواست دی گئی تھی اس لئے پھانسی ملتوی کر دی گئی ...

# مہاراجہ پٹیالہ اور وائسرائے میں خط و کتابت

## انڈیا بل کی ترمیمات پر غور

# انڈین آرمی کورس میں دو مسلمانوں کا انتخاب

# گورنر سی پی کھڑے ہو گئے

## "بندے ماترم" گیت کا اعزاز

# پولیس گارد پر زیر سماعت ملزموں کا حملہ

# حضرت مولانا احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند کا تار

## مہاراجہ جیند کے نام

# والیان ریاست کا وفد انگلستان کو

# خان عبدالغفار خاں کی علالت

## جیل میں سردار پٹیل کی ملاقات

# سوبھاش بابو اور غازی امان اللہ خاں

## روم میں ایک اہم ملاقات

# غازی امان اللہ خاں روم سے حج کیلئے روانہ ہو گئے

# جوبلی فنڈ میں نواب مزمل اللہ خاں کا چندہ

# نیشنل گورنمنٹ کے خلاف ملامت کی تجویز

# کریٹ میں باغیوں کا ہنگامہ

## موجودہ و سابق گورنر جنرل قتل کر دیئے گئے

# نجف اور مدینہ منورہ کے درمیان جدید سڑک کا افتتاح

## موٹروں اور لاریوں کے ذریعہ حجاج کی روانگی

# تحریک عریانی اور پاپائے اعظم

# سرحد میں ۲۶۸ اشخاص کو پھانسی

# غازی عبدالقیوم کو سرحد بھیجا جائے گا

## ہزارہ کی جیل میں پھانسی کا انتظام

# سب انسپکٹر پولیس کو قتل کر دیا گیا

# دہلی میں زلزلہ کے شدید جھٹکے

## ۳۵ سکنڈ تک سارا شہر حرکت میں

# حوض قاضی کا مارکیٹ ہٹا دیا جائیگا

# سینما گھر سے فوجی افسر کی موٹر غائب

# بمبئی۔ کلکتہ اور یوپی کے اضلاع میں زلزلہ

## مکانات کے گرنے کی اطلاع

# غازی عبدالقیوم کا معاملہ اسمبلی میں

## گورنر جنرل نے تحریک پیش کرنے کی اجازت نہیں دی

# لاری کا حادثہ۔ ۴ اشخاص ہلاک

# امن کے نام پر بحری، بری اور ہوائی قوت میں زبردست اضافہ

## روس، جاپان اور امریکہ کی اسلحہ بندی سے خوف و ہراس

### برطانیہ کے فوجی اخراجات میں اضافہ۔ وائٹ پیپر شائع ہوگیا

سب سے پہلے بحری قوت کو مضبوط کرنے کی ضرورت ہے۔ اس کے بعد ہوائی بیڑہ میں زبردست توسیع کرنی پڑے گی۔

لندن ۵ مارچ۔ ۱۹۳۶ء کے لئے فوجی اخراجات کا تخمینہ کل شائع ہوگیا۔ بحری اخراجات کا تخمینہ بعد میں شائع ہوگا ... ہر کروڑ ۵۰ لاکھ پونڈ ہے۔

# اگر ہندو مسلمانوں میں کوئی معاہدہ نہ ہوا تو انقلاب برپا ہو جائیگا

## فرقہ وارانہ مفاہمت کی تجاویز پر استفسار عام کیا جائے

### مولانا شوکت علی اور راجگوپال اچاریہ کے بیانات

مدراس ۵ مارچ۔ راجگوپال اچاریہ نے مسٹر جناح اور صدر کانگریس بابو راجندر پرشاد کی گفت و شنید کے بارے میں نمائندہ اخبار کو بیان دیتے ہوئے کہا کہ ان دونوں بزرگوں کے درمیان فرقہ وارانہ مسائل کے بارے میں جو تجاویز منظور ہوئی ہیں انہیں تمام جماعتوں کو منظور کر لینا چاہیئے ...

## یونان میں بغاوت ہوگئی

### باغیوں کے جہازوں پر گولہ باری

## شاہ سیام تخت سے دستبردار ہوگئے

### موصوف کے نمائندہ انتظار منظور کرلئے گئے

## غازی عبدالقیوم کی پھانسی ملتوی کردی گئی

### مسلح فوج کا پہرہ جیل پر ہجوم

کراچی ۸ مارچ۔ اگرچہ عام طور پر یہ معلوم تھا کہ غازی عبدالقیوم کو آج صبح پھانسی دی جائے گی، لیکن حسب ہدایت حکومت بمبئی یہ تاحکم ثانی ملتوی کردی گئی ہے ...

## ہندو مسلم مفاہمت کی کوشش ترک نہیں کی گئی ہے

### مسٹر بھولا بھائی ڈیسائی کا بیان

دہلی ۸ مارچ۔ یہ ان معنوں میں ناکامی نہیں ہے کیونکہ ہم نے ہمیشہ کے لئے ہندو مسلمانوں کے درمیان مفاہمت کی کوشش کو خیرباد نہیں کہا ہے ...

## چار اشخاص پر برف کا تودہ گر پڑا

## اٹلی اور حبش میں معاہدہ ہوگیا

## حکومت ہند کے بجٹ پر نکتہ چینی

## ہندوستان کے ترجمان برہنگ پاشی

## سرحدی صوبہ میں نوشی کا انسداد

## مہاسبھا کی صدارت سے پنڈت مالویہ کا انکار

## جاپانی جزیرہ میں عام انتخاب کی تحریک

## بھوی گرجا سے گرجا گھروں میں تبدیل

## نوشہرہ میں دو مکانوں کو بم سے اڑا دیا گیا

### خوفناک آتشزدگی میں ایک ہلاک

## پارچہ بافوں کیلئے حکومت کی امداد


حب زرین

منیجر دوا خانہ کنز الحجر بالا کوچہ چیلان گلی اجان دہلی

# دارالمصنفین کی مطبوعات کی قیمتوں میں تخفیف

## سیرۃ النبی اور سیر الصحابہ کی قیمتوں میں غیر معمولی رعایت

منیجر دارالمصنفین اعظم گڑھ

# مبلغ ایک ہزار روپیہ نقد انعام حاصل کریں

| | | |
| --- | --- | --- |
| ۱۱ | | |
| | ۱۲ | |
| | | |

منیجر دی لبرل لکی ٹیپن ہیوروپیہ لدھیانہ (پنجاب)




# مسلمانان ہند سے اپیل

## مولانا حبیب الرحمن صدر مجلس احرار کا بیان

مولانا حبیب الرحمن صاحب صدر مجلس احرار اسلام ہند نے مندرجہ ذیل بیان شائع کیا ہے:-

تقریباً پچاس سال سے ہندوستان کے علماء اور مشائخ اور دوسرے مسلمانوں نے مختلف طریقوں سے قادیانی عقائد کے خلاف زبردست جدوجہد کی، لیکن وہ صورتیں غیر منظم تھیں ...

## خوفناک حادثات

### روس اور چین میں انسانوں کی ہلاکت

## الفرقان کیلئے

### حضرت مولانا احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ کی اہم اپیل

... نے فوری توجہ نہ کی تو الفرقان کی زندگی خطرہ میں پڑ جائے گی ... مولانا محمد منظور صاحب نعمانی سے بریلی دفتر الفرقان کے پتہ پر خط و کتابت کی جائے۔

فقیر احمد سعید کان اللہ لہ

# مدرسہ معین الاسلام کرتپور

## ایک معائنہ کی نقل

## مانچوکو میں راجہ ہند پرتاب کا داخلہ بند

# ہندو مسلم مفاہمت کی ناکامی

## صدر کانگریس کا دوسرا بیان

پٹنہ ۸ مارچ۔ راجندر بابو و مسٹر جناح کی گفتگو کے خیالات پر دہلی کے سیاسی حلقوں میں بہت زیادہ اظہار افسوس کیا جا رہا ہے ...

## محمد صدیق کی درخواست رحم مسترد

### نماز کی توہین پر قتل

## بٹالہ اور سیالکوٹ کا ایک قیدی فرار

# مولانا سید عطاء اللہ شاہ بخاری کا مقدمہ

## ۱۶ مارچ کے لئے ملتوی

گورداسپور ۸ مارچ۔ آج امیر شریعت حضرت مولانا سید عطاء اللہ شاہ بخاری کے خلاف دیوان سکھا نند مجسٹریٹ کی عدالت میں مقدمہ کی سماعت ہوئی ...

## سنگاپور کے بحری مستقر کی مزید توسیع

## چینیوں نے ایک مشنری کو قتل کر ڈالا

## سرڈی سیل اور خان عبدالغفار خاں

## افغانستان میں کوئلے کی نئی کان

## اسمبلی میں مسئلہ بیکاری کے حل کا مطالبہ


# بچوں والو ہوشیار

بال جیون گھٹی

پتہ: منیجر بال جیون کاریالیہ علیگڑھ شہر

# ایکہزار روپیہ کے نقد انعامات

منیجر گاندھی کمپنی کراچی

# گولی امساک

دی نروش فارمیسی ... بالمقابل مرکنٹائل بنک فتح پوری دہلی

# سیناٹوجن سے طاقت و تندرستی محسوس کیجئے

ایک سیناٹوجن کا استعمال کرنیوالا تمام دیگر ادویات کا بیکار استعمال کرنے کے بعد لکھتا ہے۔

"سیناٹوجن کے استعمال سے میرے جسم میں ایک نئی طاقت پیدا ہوتی جا رہی ہے"

درحقیقت یہی وہ بات ہے جسکو تم محسوس کروگے اگر ایک مرتبہ سیناٹوجن کا استعمال متواتر چند ہفتوں کر لیا تو تم طاقت تندرستی اور مسرت کا ہر لحظہ احساس کروگے اور ہر گھڑی عیش و عشرت میں گذاروگے۔

SANATOGEN

"طاقت کی ایک معتبر دوا ہے خریدنے میں توقف نہ کیجئے بلکہ آج ہی سیناٹوجن کی ایک بوتل کسی دوافروش سے خریدئے اور اس کا استعمال فوراً شروع کر دیجئے"

# دو ترجمہ والا معجز نما قرآن مجید

اس قرآن پاک کی ضخامت ایک ہزار صفحات ہیں کاغذ سفید ولایتی نہایت عمدہ خوشنما ... پہلا ترجمہ حضرت مولانا شاہ رفیع الدین صاحب کا تحت اللفظ ہے دوسرا ترجمہ حکیم الامت مولانا اشرف علی صاحب تھانوی کا بامحاورہ ہے ...

منیجر اخبار الجمعیۃ گلی قاسم جان دہلی

# صرف تین روپیہ میں چار گھڑیاں

## ایک عدد اصلی جرمن ٹائم پیس۔ ایک عدد ڈمی پاکٹ واچ۔ دو عدد ڈمی رسٹ واچ

یہ گھڑیاں ہم نے خاص طور پر ولایت سے بڑی بھاری تعداد میں منگوائی ہیں اور پائیداری کے لحاظ سے یہ گھڑیاں اپنی نظیر آپ ہیں۔ اپنی فرم کی سالگرہ کی خوشی میں ہم نے صرف دس ہزار گھڑیاں اس رعایتی قیمت پر فروخت کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ مقررہ مقدار کے ختم ہو جانے پر یہی گھڑیاں اپنی اصلی قیمت پر فروخت کی جاویں گی اس لئے جلدی کریں ورنہ ایسے نادر موقع بار بار ہاتھ نہیں آیا کرتے۔ محصولڈاک ۸؍ علاوہ ہوگا۔

ملنے کا پتہ:- کارخانہ جاپان ناولٹی سٹورز مقام پٹھانکوٹ ضلع گورداسپور

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳
یداللہ علی الجماعۃ
تار کا پتہ: الجمعیۃ دہلی
ٹیلیفون نمبر ۵۷۲۸

# سہ روزہ الجمعیۃ دہلی

مدیر مسئول: بلال احمد زبیری (بی اے) معاون: محمد عثمان فارقلیط

جلد ۲۱ | دہلی یوم چہارشنبہ ۷ ذی الحجہ ۱۳۵۳ ہجری مطابق ۱۳ مارچ ۱۹۳۵ء | نمبر ۱۹

## خاک آستان

(از جناب مولانا عقیل الرحمٰن صاحب عقیل ندوی)

محمد مصطفٰے سے لو لگانی چاہیئے اے دل
جسے چھو جائے وہ کیسا بھی ہو اکسیر بنجائے
جسے پی کر گلو سے تا بپا گلرنگ ہو جاؤں
وہ کوئی اور ہونگے ہوگی جنکو جان عزیز اپنی
وہ محشر جیسے ہنگامہ میں بھی پہچان لیں تجکو
خدا کا گھر صنم خانہ بنا ڈالا معاذ اللہ
بجھے کیا میکدوں سے تشنگی اپنی کہ ہم کو تو

انہی کے عشق میں دھونی رمانی چاہیئے اے دل
وہ خاک آستان پاک لانی چاہیئے اے دل
مجھے ایسی شراب ارغوانی چاہیئے اے دل
مسلماں کو تو سینے پہ ہی کھانی چاہیئے اے دل
کوئی ایسی اجاگر سی نشانی چاہیئے اے دل
بتوں کی بات اب ہرگز نہ مانی چاہیئے اے دل
اسی کوثر نظر کی مہربانی چاہیئے اے دل

عقیل اچھا نہیں لگتا ہمیں اب ہند میں رہنا
مدینہ چلکے بس کٹیا بنانی چاہیئے اے دل

## معاصرین کے افکار و آرا

### شریعت بل

حضرت علامہ مفتی محمد کفایت اللہ صاحب صدر شریعت کانفرنس نے اپنے خطبۂ صدارت، اور حضرت مولانا ظفر علی خاں صاحب و خان بہادر زینی خاں غلام محمد خاں صاحب نے اپنی تقاریر کے دوران میں سرحدی لیجسلیٹو کونسل کے ہندو اور سکھ اراکین سے خواہش ظاہر کی ہے کہ وہ کونسل میں اول تو اس بل کی حمایت کریں ورنہ کم از کم وہ اس معاملہ میں بالکل غیر جانبدار ہو جائیں۔ جہاں تک شریعت بل کے ذریعہ پٹھان لڑکیوں کے حق وراثت کا تعلق ہے ہم کوئی وجہ نہیں دیکھتے کہ ہندو اور سکھ اراکین کونسل کی طرف سے اس کی مخالفت کی جائے اور نہ ہی آج تک کسی نے اس کی مخالفت کی ہے۔ ہماری یہ دلی خواہش ہے کہ سرمایہ پرست خوانین سرحد کی طرف سے رواج کی آڑ میں لڑکیوں کے ساتھ جو بے انصافی کی جاتی ہے اس کا جلد از جلد خاتمہ ہو جائے۔ ہمیں یقین ہے کہ کونسل کے ہندو اور سکھ منتخب اراکین کی طرف سے اس بل کے باقاعدہ قانونی حیثیت اختیار کرنے میں کوئی مزاحمت نہیں کی جائے گی۔ بلکہ اسے قواعد و ضوابط کے مطابق تمام مراحل سے گزارنے میں صادقانہ امداد دینے سے بھی کبھی گریز نہیں کیا جائے گا۔ اور اگر ایسی صورت پیدا ہو جائے کہ کونسل کے مسلمان ممبروں کے اندر ہی اس کے متعلق کوئی اختلاف رونما ہو جائے تو ... حالت میں ہم اپنے ہندو اور سکھ بھائیوں کو مشورہ دیں گے کہ وہ بالکل غیر جانبدار ہو جائیں۔
(رفار ... )

وہ اس کی وہی جمہوریت ہے۔ جمہوریت، ہاں وہ جمہوریت جس کی ہیکلیوں کا دست مرہوں حنا رخسار رہن غازہ ہے
نقاب الٹ دو تو کچھ نہیں، مگر ایک ہیبت ناک چہرہ جو دنیا جہان کے استبداد کو اپنے دامن میں لئے ہوئے ہے جس کی زبان پر انصاف، مساوات اور آزادی کا نعرہ ہے، اور جس کے دل میں استبداد، قہرمانیت اور عالمگیر کشورکشائی کا جذبہ ہے جس کا پیرس، متین اور سنجیدہ، جس کے افراد خاموش اور مفکر، جس کے حکام ظالم اور جابر، جس کی حکومت قہرمان اور کشورکشا، اسی امن کے مدعی نے دروزیان شام پر شب و روز جس طرح مسلسل گولہ باری کی تھی وہ کسے نہیں معلوم؟ فرانس میں جو کچھ ہو رہا ہے، مسلمانوں پر عرصۂ حیات جس طرح تنگ کیا جا رہا ہے، ان کی تہذیب و تمدن پر جس طرح حملے کئے جا رہے ہیں، انہیں ان کے حقوق سے جس طرح محروم کیا جا رہا ہے، یہ کوئی ڈھکی چھپی حقیقت نہیں ہے۔ بلکہ روشن اور واضح ہے۔ جو کچھ ہوتا ہے دن کی روشنی میں ہوتا ہے۔ علی الاعلان ہوتا ہے۔
(خلافت)

### مسلمانوں سے کیا مطلوب ہے؟

میں اس بات کا مخالف نہیں ہوں کہ مسلمانوں میں روحانیت پیدا کی جائے روحانیت تو مقصود بالذات ہے۔ میں اس بات کا بھی مخالف نہیں ہوں کہ زہد و ریاضت کی زندگی بسر کی جائے کہ یہی مطلوب ہے اگر احکام شریعت کے ... مطابق ہو ... میں اس بات کا مخالف نہیں ہوں کہ مسلمانوں سے نیکی پر چلنے اور برائی سے بچنے کی بیعت لی جائے کہ یہ چیز تواصوا بالحق و تواصوا بالصبر میں داخل ہے۔

میں جس بات کا مخالف ہوں، وہ یہ ہے کہ کچھ لوگ اپنے آپ کو پیر کہیں اور کچھ مرید کہیں، پیری کی گدیاں بنالیں اور وعظ و ارشاد سے دنیا کمانے لگیں، شریعت الٰہی کو علم ظاہر کہہ کر معطل کر دیں اور اپنی یا دوسرے آدمیوں کی خود ساختہ تعلیمات کو علم باطن کہہ کر رواج دیں۔ میں اس بات کا اس لئے مخالف ہوں ...

### بیکاری کا ذمہ دار کون ہے

ہندوستان میں روز افزوں بیکاری کی شکایت تمام ملک میں عام ہوگئی اگرچہ اس شکایت کی ذمہ داری بہت کچھ گورنمنٹ پر بوجہ اس کی تجارتی پالیسی کے عائد ہوتی ہے لیکن سچ تو یہ ہے کہ گورنمنٹ سے زیادہ اس کی ذمہ داری خود ہندوستانیوں پر عائد ہوتی ہے جنہوں نے یورپین تمدن اختیار کر رکھا ہے ...
(البشیر)

### سیف اللہ خالد بن ولید اور نپولین

نپولین بھی سینکڑوں مرتبہ موت کے منہ میں گیا اور زندہ نکل آیا۔ بار بار ... جانے کے بعد اسے یقین ہو گیا تھا کہ تقدیر اس کی محافظ ہے، اور یہ کہ ...

... نپولین نے عظیم الشان فتوحات حاصل کیں، مگر دشمن کی قید میں سخت حسرت و یاس سے جان دینا پڑی۔ برخلاف اس کے حضرت سیف اللہ اپنے مفتوحہ ملک میں عزت و شان سے زندہ رہے اور جب داعی اجل کو لبیک کہا تو ساری اسلامی دنیا نے اس جلیل القدر ہیرو اور بے نظیر فاتح پر ماتم کیا۔

خالد نے مسلمانوں کے سامنے خطبہ دیا "مجاہدین اسلام! کون کوشش ہے جو میں نے شہادت حاصل کرنے کیلئے نہیں کی، میری ہمیشہ یہی آرزو رہی کہ اللہ کی راہ میں مارا جاؤں، مگر مجھے موت نہیں آئی۔ لہٰذا جہاد میں جو قتل ہوگا اس کی موت آچکی ہوگی، اور جو قید ہو جائے گا، اسے رہا کرانا میرا فرض ہے!"

### شریعت کانفرنس پر ایک نظر

... اسکی نمائندہ حیثیت اور "شریعت بل" کی تائید اور قرارداد کی اہمیت اور زیادہ واضح ہو جاتی۔ ہمیں یقین رکھنا چاہیئے کہ کانفرنس اپنے اصلی مقصد کے لحاظ سے بے اثر نہ رہے گی۔
(ترجمان سرحد)

### فرانس کا دعوئ جمہوریت

فرانس سے بڑھ کر دعوئ حریت، دعوئ جمہوریت اور دعوئ حکومت عامہ کا دعویٰ کس نے کیا؟ اس وقت بھی اسے اپنی جس چیز پر سب سے زیادہ ناز ہے


## پادری کی لڑکی کا قبول اسلام

اسپین کے ایک جلیل القدر پادری کی لڑکی نے جب اسلامی تعلیمات کا مقابلہ کیا اور مسلمانوں کے مذہب اور ان کے اعمال کو بغور دیکھا تو اس کے دل میں اسلام کی صداقت و حقانیت جاگزیں ہو گئی اور اس نے یہ فیصلہ کر لیا کہ حقیقتاً اسلام ہی وہ مذہب ہے جو دنیا اور آخرت میں نجات کا راستہ بتاتا ہے اور اس کے علاوہ جتنے مذاہب ہیں وہ سب باطل اور صراط مستقیم سے بھٹکا دینے والے ہیں۔ جب عیسائیوں کو اس کی خبر ہوئی تو تمام پادریوں نے مل کر اس لڑکی پر بیشمار مظالم ڈھائے اور اسقدر جان گداز اور صبر آزما مصائب میں مبتلا کیا کہ دیکھنے والوں کے رونگٹے کھڑے ہونے لگے۔ مگر وہ لڑکی اسلام پر ثابت قدم رہی۔ اور اس نے بالآخر تمام پادریوں کی ایک شاندار مجلس میں اسلام کی حقانیت پر ایک بصیرت افروز مناظرہ کیا۔ فضیلت اسلام اور رد عیسائیت کے جس قدر دلائل ممکن تھے وہ تا بدلائل الٰہی سے اس لڑکی نے پادریوں کے مقابلے میں اس خوش اسلوبی کے ساتھ پیش کئے کہ سامعین حیرت و استعجاب کے سمندر میں غرق ہو گئے۔ اور پادریوں سے کوئی جواب بن نہ پڑا۔ اور وہ لڑکی ہمیشہ کے لئے اسلام ہی سے وابستہ ہو گئی اس کا نام ازبیلا تھا اور اس کی زندگی کے واقعات ایک کتاب میں قلمبند کر دیئے گئے ہیں۔ اگر آپ کو گزشتہ عظمت و سطوت کا مطالعہ کرنا ہے اور عیسائیت کے مقابلہ میں اسلام کی حقانیت کے بیشمار دلائل سے واقفیت حاصل کرنے کا شوق ہے، اور آپ اس کتاب کے ذریعہ تبلیغ اسلام کا فریضہ ادا کرنا چاہتے ہیں تو فوراً طلب کیجئے۔ پہلا ایڈیشن قریب الختم ہے۔ اگر دیر ہوئی تو دوسرے ایڈیشن کا انتظار کرنا پڑے گا۔ قیمت فی جلد ۱۲ علاوہ محصولڈاک۔ تبلیغی مقاصد کے لئے بیس پائیس سے زائد جلدوں کے خریدار کو پچیس فی صدی کمیشن دیا جائے گا۔

ملنے کا پتہ: منیجر الجمعیۃ دہلی


Regd. No. L 1793.

# The Jamiat

Vol. XXI No. 18 DELHI SATURDAY 9th MARCH 1935. PRICE ONE ANNA

نورانی قرآن مجید
نہایت جلی اور نہایت صحیح قرآن شریف اگر درکار ہو تو نورانی قرآن مجید الجمعیۃ بک ایجنسی دہلی سے طلب فرمائیے

پادری کی لڑکی کا قبول اسلام
اور اس کے حیرت انگیز کارنامے معلوم کرنے ہوں تو ازبیلا منگا کر دیکھئے جس کو پڑھکر آپ اسلام کی حقانیت کے قائل ہو جائیں گے
قیمت فی جلد ۱۲ علاوہ محصولڈاک
منیجر الجمعیۃ دہلی

## ایک معزز نو مسلم سکھ پر سکھوں کے مظالم

### بچہ کا اغوا اور قتل کی دھمکی

ریاست پٹیالہ کے ایک معزز سکھ خاندان نو مسلم مولوی حبیب الرحمٰن صاحب اور آپ کی اہلیہ صاحبہ جو ریاست جیند کے مشہور ... سکھ برادری کی لڑکی ہیں عرصہ تیرہ سال سے مشرف باسلام ہو چکے ہیں ان کے سکھ رشتہ داروں نے جو ریاست جیند کے باشندہ ہیں اور بااثر ہیں اس کوشش میں ہیں کہ نو مسلم خاندان کو کسی طرح پھر سکھ بنا لیں ... مولوی حبیب الرحمٰن صاحب کے لڑکے حافظ عزیز الرحمٰن کو جو گیارہ سال کو زبردستی پکڑ کر چھپا رکھا ہے ... اس طرح ریاست جیند کے سکھ لوگ مولوی صاحب اور ان کی اہلیہ کو مجبور کرنا چاہتے ہیں کہ اگر وہ اسلام ترک کر کے سکھ مذہب قبول نہ کریں گے تو ان کا لڑکا حافظ عزیز الرحمٰن قتل کر دیا جائیگا ...
(دکھا یا حضرت اسمٰعیلی)

## مولانا ابوالکلام آزاد کا خطبۂ عید اضحٰی

### عیدگاہوں اور جامع مساجد کے خطیب مفت منگوائیں

حج اکبر اور عید اضحیٰ کے مبارک ایام اب قریب آگئے ہیں ملت اسلامیہ مسلم اول حضرت سیدنا ابراہیم علیہ السلام کی مبارک یادگار منانے کی تیاریوں میں مصروف ہے۔ ہزاروں اور لاکھوں سعید روحیں کرۂ ارضی کے مختلف گوشوں سے محبت اشتیاق اور عقیدت کے بے پناہ ولولوں کے ساتھ وادی غیر ذی زرع میں پہنچ چکی ہیں اور ۹ ذی الحجہ کو حجاز کے مقدس ریگستانوں میں ابراہیم خلیل اللہ کی مقدس یاد میں لبیک اللّٰھم لبیک کے دلنواز ترانے سنائی دیں گے ...

دفتر تنظیم مساجد لاہور کی طرف سے گزشتہ عید الفطر پر ایک نہایت ہی جامع خطبہ شائع کیا گیا تھا جو ہزاروں کی تعداد میں تقسیم ہوا تھا۔ اب عید اضحیٰ کے مبارک اجتماعات اور تحریک تنظیم مساجد کے سلسلہ میں دفتر کی طرف سے حضرت امام الہند مولانا ابوالکلام آزاد کا ایک بے مثال ... خطبۂ عید شائع ہو رہا ہے ...

سید سرور شاہ گیلانی دملیک
دفتر تنظیم مساجد محمد نصری شاہ۔ لاہور

## حامیان طب جدید کا اجتماع عظیم

یعنی آل انڈیا انجمن خادم الحکمت لاہور جو عرصہ ۲۴ سال سے نہایت خاموشی اور سنجیدگی کے ساتھ زیر سرپرستی ابو الشفا حضرت علامہ حکیم احمد الدین صاحب "استاذ الاطباء" موجد طب جدید ... سالانہ جلسہ ... ۱۹۳۵ء ...
(تاج الدین احمد تاج جنرل سکریٹری)

## انجمن فدائے سنت مراد آباد کا جلسہ

آج بتاریخ ۸ فروری ۱۹۳۵ء کو بعد نماز جمعہ جامع مسجد میں انجمن فدائے سنت کے ماتحت حضرت مولانا مولوی قاسم علی صاحب امام شہر کی صدارت ...

مرادآباد میں عظیم الشان جلسہ منعقد ہوا جس میں حضرت مولانا مولوی محمد میاں صاحب سکریٹری جمعیۃ العلماء مراد آباد و رئیس الفریار ڈاکٹر مشتاق حسین صاحب نے پرزور تقاریر کیں اور ایک تجویز میں ڈاکٹر صاحب کو مقدمہ کی کامیابی پر مبارکباد دی گئی۔
(سکریٹری انجمن)

## ڈاگ اسماعیل خیل میں براڈ کاسٹنگ اسٹیشن

مورخہ ۱۸ فروری ۱۹۳۵ء کو اسلم خاں خٹک پسر خان بہادر قلی خاں بوقت ایک بجے ڈاگ اسمٰعیل خیل در حجرۂ ذیلدار صاحب عبد الحکیم خاں تشریف فرما ہوئے اور انہوں نے مختصراً اہل حجرہ کو براڈ کاسٹنگ کے فوائد سنائے اور بعد میں دیگر کرنل صاحب آفیسر انچارج تشریف لائے چونکہ حجرۂ ذیلدار صاحب مسجد کے نزدیک تھا۔ اس لئے انصاف پسند کرنل صاحب نے وہاں پر اسٹیشن قائم کرنا موزوں نہ جانا پس ہیڈ ماسٹر صاحب ڈاگ اسمٰعیل خیل سے فوری امداد لے کر سکول کی عالیشان بلڈنگ پر مغربی جانب براڈ کاسٹنگ سٹیشن قائم کیا۔
(نامہ نگار)

اخبار الجمعیۃ میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے

مفت! مفت!! مفت!!!
... باقاعدہ علاج حاصل کرنے کا قاعدہ ۱۱ ڈاک ٹکٹ ... طلب کرو۔
پرنسپل ولڈ انڈین میڈیکل کالج انبالہ شہر

خضاب چھوڑ دو
... پتہ: بال کالا اسٹورس پوسٹ کنسی نمری دربھنگہ

## تقریر سیرت چھپ کر تیار ہوگئی

حضرت سحبان الہند مولانا الحاج حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند کی وہ بصیرت افروز شریعت آموز تقریر جو موصوف نے ... جلسۂ سیرت میں ارشاد فرمائی تھی اور جس کو بعد میں تفصیل و تشریح کے ساتھ مرتب و مدون کر کے الجمعیۃ میں جزواً جزواً شائع کیا گیا تھا اب ناظرین الجمعیۃ کے مسلسل و پیہم اصرار پر کتابی شکل میں ادارہ الجمعیۃ کی جانب سے شائع کر دی گئی ہے اور اس کے ساتھ وہ آخری حصہ بھی شامل کر دیا گیا ہے جو الجمعیۃ میں درج نہ کیا جا سکا تھا۔ جن حضرات کی فرمائشیں دوران طباعت میں موصول ہوئیں انہیں تقریر سیرت کے نسخے روانہ کئے جا رہے ہیں۔

حضرت مولانا کی یہ تقریر اپنی بے شمار خصوصیات کے اعتبار سے ایک عجیب و نادر مجموعہ ہے جو نہ صرف موجودہ دور میں بلکہ آئندہ نسلوں کے لئے بھی یادگار رہے گا۔ شریعت مقدسہ کے نہایت ادق مسائل اور دشوار نکات اس طرح پیش کئے گئے ہیں کہ ہر عالم و عامی ان کو سمجھ سکتا ہے اور ان سے استفادہ کر سکتا ہے۔ اس پر حضرت مولانا کی سلاست زبان اور روانی بیان نے وہ کام کیا ہے کہ مضامین کی دقت اور مسائل کی دشواری کے باوجود شروع سے لیکر آخر تک دلچسپی برابر قائم رہتی ہے۔ ہندوستان کے مختلف شہروں اور قصبوں میں ہزاروں لاکھوں مسلمان ایسے ہوں گے جو حضرت مولانا کے مواعظ حسنہ سے مستفید ہو چکے ہیں اور ایک مرتبہ نہیں صدہا مرتبہ حضرت مولانا کی تقریریں سننے کے باوجود ہمیشہ اس کے مشتاق رہتے ہیں کہ ایک مرتبہ پھر کمیل حضرت مولانا کی تقریر سننے کا اتفاق ہو۔ ان تمام مسلمانوں کے لئے یہ چیز وہ یقیناً جانفزا ہوگا کہ یہ "تقریر سیرت" جو آج شائع کی جا رہی ہے حضرت مولانا کی اکثر تقریروں کا لب لباب ہے اور اس میں سیرت کے متعلق بہت سے وہ مضامین جو حضرت مولانا اپنی مختلف تقریروں میں ارشاد فرمایا کرتے ہیں انداز بیان اور خوبیٔ زبان کی تمام خصوصیتوں کے ساتھ جمع کر دیئے گئے ہیں "تقریر سیرت" میں جو مضامین زیر بحث آئے ہیں ان کے بعض عنوانات مشتے از خروارے بطور نمونہ درج ذیل کئے جاتے ہیں تاکہ کتاب کی ہمہ گیری و وسعت کا کچھ اندازہ کیا جا سکے۔

### مختصر فہرست مضامین

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| حیا اور ایمان کا تعلق | ملت ابراہیمی کا اتباع | جاہل پیروں سے سوال | نبی کریم کے مشاہدات | روحانی اور جسمانی تربیت |
| انبیاء میں تفاوت | نماز کی مثال | مستقبل کی تاریخ | انبیاء علیہم السلام کی تاریخ | عالم بالا کے حدیات |
| ذکر الٰہی موجب نجات ہے | حج کی مثال | قبروں سے اٹھنا | مادیات و روحانیات کا فرق | عالم سفلی کے مسخرات |
| حضرت ذوالنون مصری کا واقعہ | حسد و حرص کی مثال | مسلمانوں سے حضرت عمر کا پہلا خطاب | حضرت داؤد و آدم کی مناسبت | روحانی اطباء |

پتہ: منیجر الجمعیۃ، گلی قاسم جان دہلی

## ایک سو روپیہ نقد انعام

Rs 100 | Rs 100

منیجر فسٹ کوٹ کمپنی کراچی

## محبوب عاشق کے قدموں پر

ہدیۂ عمل میں پیسے کے بجائے سوا روپیہ اس عظیم رعایت سے فائدہ اٹھائیے ...

ڈاکٹر عزیز احمد خاں ڈی ڈی ایس پی ڈی
... دندان ساز ... بازار دہلی دروازہ دہلی ... مشورہ دیتے ہیں

## ملک کشمیر کی قابل بھروسہ
...
گنپت رائے جنرل سپلائی سٹور ... جموں کشمیر

# زندگی کا پیام ۔ بقاء کی نوید اور ترقی کا نقطۂ ماسکہ

## قربانی اصلاح نفس اور زندہ رہنے کا سبق دیتی ہے

### اسوۂ ابراہیمی اور تکمیل معرفت کے مبارک ایام

(از جناب مولانا احمد علی صاحب صدر علماء پنجاب)

دنیا میں ہر عقلمند کا یہ قاعدہ ہے کہ اپنے ذہن میں ہر کام کے نفع و نقصان کا موازنہ پہلے کرتا ہے جو چیز اس کے حق میں انفع ہو یعنی جس کا نفع بجائے نقصان کے زیادہ ہو اسے پسند کرتا ہے۔ جب یہ ایک ایسی ہستی کا معمول ہے جس کی عقل محدود فہم نارسا انکشاف حالات مستقبلہ سے عاجز و بیکس ہے جس کے سارے فیصلے محض ظن و تخمین پر ہیں۔ تو کیا اس عالم الغیب والشہادہ قادر مطلق رب فعال لما یرید کا یہ دستور العمل نہیں ہونا چاہئے وہ تو حکیم علی الاطلاق ہے اس کا کوئی کام اور کوئی حکم حکمت سے خالی نہیں ہو سکتا۔

## ابراہیمی قربانی

حضرت ابراہیم علیہ السلام نے خواب میں دیکھا کہ میں اپنے بیٹے حضرت اسماعیل علیہ السلام کو ذبح کر رہا ہوں ... انبیاء علیہم السلام کے خواب چونکہ وحی الٰہی ہوتے ہیں اس لئے آپ نے خواب کو حکم الٰہی سمجھ کر بیٹے سے مشورہ کیا بیٹے نے عرض کی کہ اللہ تعالیٰ کے حکم کی تعمیل کیجئے خدا تعالیٰ کے فضل سے آپ مجھ کو صابر پائیں گے ...

لن ینال اللہ لحومہا ولا دماؤہا ولکن ینالہ التقویٰ منکم ۔ اللہ تعالیٰ کے ہاں قربانیوں کے گوشت اور خون نہیں پہنچتے اس کے ہاں (اس) تقویٰ کی قدر و قیمت ہے (جو قربانی کرنے والے کے دل میں حاصل ہوتا ہے)

ان اکرمکم عند اللہ اتقاکم ۔ اللہ تعالیٰ کے ہاں سب سے زیادہ معزز تم میں سے زیادہ اللہ سے ڈرنے والا ہے۔

تحسبہم جمیعا وقلوبہم شتیٰ ذالک بانہم قوم لا یعقلون (سورہ حشر پارہ ۲۸)

(باقی صفحہ ۳ پر ملاحظہ فرمائیے)


گن نی

تار کا پتہ: "میڈیسنز دہلی" — ٹیلیفون نمبر ۵۶۶

طاقت کی بے مثل سنہری گولیاں

مسیح الملک حکیم محمد احمد خاں صاحب کا عطیہ (سفر یورپ کے بعد)

چالیس گولیاں ستارہ روپیہ

ہندوستانی دواخانہ (جسکو حکیم اجمل خاں نے ۱۹۰۳ء میں بنایا) دہلی (پوسٹ بکس ۲۲)

کا — خاص — تحفہ — ۱۹۳۵ء




# عید اضحیٰ کے مسائل و احکام

## قربانی کا طریقہ اور ضروری شرائط

### اسلام کے فریضۂ عظمیٰ کی تعمیل و تکمیل

(۱) بقر عید کی نماز بھی مثل نماز عید الفطر کے واجب ہے اور ترکیب اس نماز کی وہی ہے جو نماز عید الفطر کی۔ اور وقت اس کا آفتاب کے بلند ہونے سے زوال سے پہلے تک ہے اور جلد پڑھنا اس نماز کا مستحب ہے تاکہ اس کے بعد قربانی کرنے میں مصروف ہوں نماز کے بعد امام خطبہ پڑھے جس میں قربانی اور تکبیرات تشریق وغیرہ کے احکام بتلائے ...

(۲) بقر عید کی نماز سے پہلے کھانا اچھا نہیں اگرچہ حرام بھی نہیں ...

(۱۱) جب قربانی کو قبلہ رخ لٹا دے تو یہ دعا پڑھے انی وجہت وجہی للذی فطر السموات والارض حنیفا وما انا من المشرکین ۔ ان صلاتی ونسکی ومحیای ومماتی للہ رب العالمین لا شریک لہ وبذالک امرت وانا اول المسلمین ۔

(۱۲) ذبح کرنے کے بعد یہ دعا پڑھے ۔ اللھم تقبلہ منی کما تقبلت من حبیبک محمد وخلیلک ابراہیم علیہما الصلوٰۃ والسلام ۔

(۱۳) بہتر یہ ہے کہ قربانی کا گوشت ایک تہائی غرباء و مساکین پر صدقہ کرے ایک تہائی اپنے دوستوں کو دے اور ایک تہائی اپنے اور اپنے اہل و عیال کے لئے رکھے ...

(۹) اپنی قربانی کو خود ذبح کرنا بہتر ہے۔ اگر خود ذبح کرنا نہیں جانتا تو دوسرے سے ذبح کرانے کے وقت خود وہاں کھڑا ہو جانا بہتر ہے۔

(۱۰) قربانی کے وقت کوئی نیت زبان سے پڑھنا ضروری نہیں۔ اگر صرف دل میں خیال کر لیا کہ میں قربانی کرتا ہوں اور زبان سے کچھ نہیں کہا صرف بسم اللہ اللہ اکبر کہہ کر ذبح کر دیا تب بھی قربانی درست ہے لیکن اگر دعائے ماثورہ جو آگے آتی ہے پڑھیگا تو بہتر ہے اور ثواب زیادہ ہے۔

# بصائر و نظائر

انسان جب اپنے ضمیر کے خلاف کسی گناہ کے ارتکاب کا ارادہ کرتا ہے تو اس کی پہلی کوشش یہ ہوتی ہے کہ اس کو مخفی طریقہ سے انجام دے ...

یوم تشہد علیہم السنتہم وایدیہم وارجلہم بما کانوا یعملون (۱۸×۲۴)

ھذہ النار التی کنتم توعدون اصلوھا الیوم بما کنتم تکفرون الیوم نختم علی افواھھم وتکلمنا ایدیھم وتشھد ارجلھم بما کانوا یکسبون (۳۶×۲۳)

# مسلمانوں کے لئے انتباہ

(بسلسلہ صفحہ ۲)

(۲) والذین جاھدوا فینا لنھدینھم سبلنا (سورہ عنکبوت رکوع ۷، پارہ ۲۱) ۔ اور جو لوگ ہماری راہ میں تکلیفیں برداشت کرتے ہیں ہم انکو اپنے (قرب و ثواب یعنی جنت) کے راستے ضرور دکھلائیں گے۔

(۳) ولقد ارسلنا من قبلک رسلا الی قومھم فجاءوھم بالبینٰت فانتقمنا من الذین اجرموا وکان حقا علینا نصر المؤمنین ۔ اور ہم نے آپ سے پہلے بہت سے پیغمبر ان کی امتوں کے پاس بھیجے اور وہ انکے پاس دلائل لیکر آئے سو ہم نے ان لوگوں سے انتقام لیا جو مرتکب جرائم ...

# آل انڈیا شریعت کانفرنس پشاور کی شاندار کامیابی

## جمعیۃ علماء ہند کیساتھ دولاکھ سرحدی پٹھانوں کی وابستگی

(ایک افغانی مبصر کے قلم سے)

یہ ایک کھلی ہوئی حقیقت ہے کہ جب کسی مجلس یا جماعت کو مخلص کارکن اور ایثار و قربانی دینے والے نمائندے مل جاتے ہیں تو اس انجمن کا ستارہ بام عروج پر چمکنے لگتا ہے۔ افغان اپنی بہادرانہ کردار میں سادہ دل اور اس میں قابل قدر اسلامی جذبہ رکھتے ہیں وہ مسلم عنصر اور ملت مسلمہ کیلئے پیغام رحمت بن سکتے ہیں۔ لیکن ان کی سادگی انہیں سمجھانے سے قاصر رہتی ہے ...

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# الجمعیۃ دہلی

یوم چہارشنبہ ۷ ذی الحجہ ۱۳۵۲ھ ہجری

## اجودھیا کے گزشتہ ہولناک فسادات کا انجام
### قربانی بند کر دی گئی

گزشتہ سال اجودھیا میں عید الضحیٰ کے موقع پر جو ہولناک واقعات رونما ہوئے تھے انہوں نے ہندوستان کے ایک گوشے سے لیکر دوسرے گوشے تک سخت اضطراب و بے چینی کے جذبات پیدا کر دئے تھے۔ مسلمانوں کا بے دریغ قتل …

مثال ہی ممنوع کیا جاتا ہے۔

(۲) جانوران مذکورہ بالا کا گوشت جو ان اغراض سے ذبح کئے گئے ہوں ایام مذکورہ بالا میں اندر حدود مذکورہ بالا اجودھیا کے بذریعہ سواری …

[illegible]

## شذرات

### ریاست جیند کے سکھوں کی افسوسناک حرکت

ریاست جیند کے بعض شوریدہ سر اور عاقبت نااندیش سکھوں کے متعلق ایک نہایت افسوسناک اطلاع ملی ہے۔ اس اطلاع کے مطابق جو واقعات رونما ہوئے ہیں اگر ان کا فوری انسداد نہ کیا گیا اور معزز سکھوں نے اس شرارت کے خلاف تو د کوئی عملی قدم نہ اٹھایا تو اس کے نتائج نہایت ہی خطرناک ظاہر ہوں گے اور مسلمانوں اور سکھوں کے درمیان ایک ایسی خلیج حائل ہو جائیگی جو دونوں کو متحارب فریق بنا کر چھوڑیگی۔ واقعہ یہ ہے کہ ریاست پٹیالہ کے ایک معزز سکھ خاندان کے نومسلم فرد مولوی حبیب الرحمٰن صاحب اور آپ کی اہلیہ جو ریاست جیند کے مشہور اکالی خاندان کی ایک مقتدر سکھ برادری کی لڑکی ہیں بارہ سال سے مشرف باسلام ہو چکے ہیں۔ اتنے طویل عرصہ کے بعد ان کے رشتہ داروں نے یکم فروری ۱۹۳۴ء سے مولوی حبیب الرحمٰن صاحب کے لڑکے حافظ عزیز الرحمٰن صاحب کو جن کی عمر گیارہ سال ہے زبردستی پکڑ کر چھپا رکھا ہے اور مقصد یہ ہے کہ یہ مسلم خاندان اسلام کو چھوڑ کر پھر سکھ دھرم اختیار کر لے۔ ان سکھوں نے گیارہ سال کے بچہ کا اغوا کر کے مولوی حبیب الرحمٰن اور ان کی اہلیہ کو اطلاع دی ہے کہ اگر انہوں نے اپنے اسلامی مسلک کو چھوڑ کر سکھ دھرم اختیار نہ کیا تو ان کے لڑکے حافظ عزیز الرحمٰن کو قتل کر دیا جائیگا۔ ان تمام واقعات کی اطلاع مولوی حبیب الرحمٰن صاحب کی طرف سے تھانہ سنگرور ریاست جیند میں دیدی گئی اور …

کے جن کو تسلیم کرنے سے اس کا ضمیر علی الاعلان انکار کر چکا ہے۔ اس قسم کی حرکات سے نہ تو اسلام کی اشاعت بند ہوگی نہ سعید روحوں کو اسلام کی طرف آنے سے کوئی روک سکے گا اور نہ ظالموں کو اپنے مقصد میں کوئی کامیابی نصیب ہوگی۔ بس عمال ریاست اور سکھوں کے لئے یہی بہتر ہے کہ وہ واقعہ کی نزاکت کا احساس کرتے ہوئے حافظ عزیز الرحمٰن صاحب کو واپس کر دیں اور مولوی حبیب الرحمٰن صاحب اور ان کی اہلیہ کو اپنے ایمان کا فیصلہ کرنے کے لئے آزاد چھوڑ دیں۔ ورنہ جو نتائج رونما ہوں گے اس کا اندازہ ہر شخص کر سکتا ہے۔

### ٹرکی اور بلغاریہ

جنگ عظیم کے بعد جو اقوام فتح کے پھریرے اڑا رہی تھیں انہوں نے حسب دستور مفتوح اقوام کو خوب اچھی طرح دبایا اور ان کے ساتھ جو معاہدات کئے گئے ان میں ایسی دفعات رکھی گئیں کہ وہ سالہا سال تک اپنی اصلی حالت کی طرف عود نہ کر سکیں۔ لیکن ان معاہدات کو دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ ملکتین کے ساتھ سب سے زیادہ ظلم کیا گیا اور جس کی قوت کو ہمیشہ کے لئے ختم کر دینے کا تہیہ کر لیا گیا وہ ٹرکی تھا۔ ٹرکی کے ساتھ یورپ کی پرانی دشمنی اور اس کی تاریخی فتوحات کے انتقام کا جذبہ اول تو پہلے ہی سے اس قسم کے مواقع تلاش کر رہا تھا کہ ٹرکی کا کوئی وجود باقی نہ رہے۔ پھر اس پر جنگ عظیم کا نقشہ اور اس کے متعلق ایسے مخصوص …

[illegible]

## حوادث و احکام

### استفتاء

### الجواب

[illegible]



## اجودھیا اور فیض آباد میں گائے کی قربانی ممنوع قرار دیدی گئی
### ہندوؤں کو ہتھیار رکھنے اور جلوس نکالنے کی عام اجازت
### گورنر یو۔ پی کے نام صدر جمعیۃ علماء ہند کا تار

لکھنؤ ۸ مارچ۔ جناب عبدالحی صاحب سیاسی وکیل بذریعہ تار مطلع فرماتے ہیں کہ ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ فیض آباد نے دفعہ ۱۴۴ کا نفاذ کر کے محلہ شاہجہانپور اور اجودھیا میں گائے کی قربانی ممنوع قرار دیدی ہے۔ فیض آباد کے مسلمانوں کو شاہجہانپور آنے کی بھی ممانعت کر دی گئی ہے۔ نیز حکم دیا گیا ہے کہ عید کے روز مسلمان اجودھیا سے کوئی مسلمان قربانی کا گوشت بھی نہ بھیجے۔ اجودھیا کے مسلمانوں کے لئے لکڑی کا رکھنا بھی ممنوع قرار دیا گیا ہے۔ ہندوؤں کو عید کے ایام میں جلوس نکالنے، بانا لکڑی اور دیگر اسلحہ رکھنے کی عام اجازت دیدی گئی ہے۔ کل مسلمانان فیض آباد نے مکمل ہڑتال منائی اور جلسہ میں ایک تجویز منظور کی گئی جس میں ان ذلت آمیز احکام کے خلاف سخت احتجاج کیا گیا۔

مسلمانوں کے جذبات سخت برافروختہ ہوگئے ہیں۔ کونسل اور اسمبلی کے مسلم ارکان سے درخواست ہے کہ وہ اس صریح مذہبی مداخلت کے خلاف اجلاس کی تحریک پیش کریں۔

#### گورنر یو۔ پی کے نام صدر جمعیۃ علماء ہند کا تار

حضرت مولانا مفتی محمد کفایت اللہ صاحب صدر جمعیۃ علمائے ہند نے حسب ذیل تار گورنر یو۔ پی کے نام ارسال کیا ہے:۔

"فیض آباد سے نہایت متوحش خبریں موصول ہوئی ہیں ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ نے فیض آباد کے ایک ایسے علاقہ میں قربانی بند کر دی ہے جہاں قدیم زمانہ سے قربانی ہوا کرتی تھی۔ اجودھیا میں خاص عید کے دن ہندوؤں کو بلاکسی قید کے ایک جلوس نکالنے کی اجازت دیدی گئی ہے۔ مسلمان اس کھلی ہوئی مذہبی مداخلت کے باعث سخت مضطرب اور پریشان ہیں۔ معاملہ کی اہمیت کا لحاظ کرتے ہوئے مہربانی فرما کر فوری توجہ کیجئے۔"

## کریٹ میں باغیوں پر طیاروں سے بمباری
### باغی ایک لاکھ فوج کے ساتھ حکومت کا مقابلہ کرینگے
### یونانی بغاوت میں توسیع۔ صوفیہ میں جنگی اسباب کی فراہمی

ایتھنز ۱۱ مارچ۔ کریٹ کے باغیوں کی بارکوں پر بمباری کرنے کے بعد تین ہوائی جہاز آج شام کو واپس آگئے۔ ہوائی جہازوں کے ذریعہ کریٹ میں اشتہار بھی پھینکے گئے جن میں کریٹ کے لئے حکومت کی طرف سے اعلان دیا گیا تھا۔ اطلاع ہے کہ صوفیہ میں باغیوں کے ہاتھ مضبوط ہو رہے ہیں چھ کشتیاں اور اسباب سے لدے ہوئے ہیں جہاز ان کے پاس پہنچ گئے۔ بغاوت اور یا تھسلی پر بھی پھیل گئی ہے۔ باغیوں کو کافی امداد پہونچائی جارہی ہے ان کے پاس ایک لاکھ آدمی ہیں۔ … کی میعاد میں توسیع کر دی گئی ہے۔

ابھی نہیں کہا جا سکتا کہ حکومت اور باغیوں کی افواج کی کیا پوزیشن ہے۔ فیصلہ کن لڑائی ہونے کے بعد اندازہ لگایا جا سکے گا۔ تازہ اطلاع مظہر ہے کہ ہوائی جہازوں سے زبردست بمباری کے بعد جنرل کونڈلیاس نے مقدونیا میں باغیوں کے خلاف کارروائی شروع کر دی ہے۔ سرکاری جنگی جہازوں نے باغیوں پر گولی چلائی لیکن ابھی تک نتیجہ معلوم نہیں ہوا۔ کھلی کشتی میں سفر کرنے کے بعد گورنر اور یونان کے دو ڈپٹی سرنا … پر باغیوں نے گولیاں چلائیں۔

## یونان کی بغاوت کا مقصد
### ترکی سرحد پر افواج کا اجتماع

ایتھنز ۹ مارچ۔ باغی کروزر "اوراف" جزیرہ مجلیون پہنچ گیا ہے۔ … صدر مقام پر قبضہ کر لیا ہے۔ باغیوں کا جزیرہ کیاس اور ساموس پر بھی پورا قبضہ ہے اور وہاں کی حالت نازک ہے۔

معلوم ہوا ہے کہ حکومت ترکیہ اور حکومت بلغاریہ نے اپنی اپنی سرحدوں کو یونانی بغاوت کی وجہ سے مستحکم کر لیا ہے تاکہ باغی ان کے ملک میں گھس نہ سکیں۔ اگر کوئی شخص حدود کو عبور کرنے کی کوشش کرے گا تو اسے گرفتار کر لیا جائیگا اور اس کے ہتھیار چھین لئے جائیں گے …

[illegible]

## شریعت بل سلیکٹ کمیٹی کے سپرد کر دیا گیا
### اسلامی شریعت ملک کی آزادی کی متقاضی ہے

پشاور ۸ مارچ۔ کل سرحدی کونسل میں مسٹر حبیب اللہ خاں کی اس تحریک پر بحث ہوئی کہ مسلمانوں پر شرعی قانون کا نفاذ ہونا چاہئے۔ اس کے بعد طے ہوا کہ یہ بل سلیکٹ کمیٹی کے سپرد کیا جائے جو اپنی رپورٹ اسرا اکتوبر تک پیش کرے …

[illegible]

## سیاسی قیدیوں کی رہائی کا امکان
### خان عبدالغفار خاں اور جواہر لال نہرو کا مستقبل

اخبار "امرت بازار پتر کا" کے نامہ نگار خصوصی مقیم لندن نے حسب ذیل دلچسپ خبر بھیجی ہے۔

ملک معظم کی سلور جوبلی کے موقعہ پر عام طور پر قیدیوں کو رہا کیا جائے گا اس کے لئے فہرست مرتب ہو رہی ہے۔ اس سلسلہ میں بہت سے سیاسی قیدیوں کے رہا ہونے کی امید ہے …

[illegible]

## دار الحکومت

### دہلی میں دفعہ ۱۴۴ کا نفاذ
#### لاٹھی اور ہتھیار لیکر نکلنے کی ممانعت

[illegible]

### سابق رجسٹرار کے خلاف دستاویز غائب کرنیکا الزام

[illegible]

### مولانا عبداللہ باعزت بری کر دئے گئے

دہلی ۹ مارچ۔ آج چودھری بدھ سنگھ صاحب کی عدالت سے مولانا عبداللہ … کے ایک ملازم محمد جمیل نے … الزام پر مولانا کے خلاف دائر کیا تھا کہ مولانا نے … کیا۔

### دہلی مارکیٹ کا تازہ نرخ

[illegible]

### پنڈت جواہر لال نہرو کو ملک بدر کیا جائیگا؟

نئی دہلی ۹ مارچ۔ کل اسمبلی میں مندرجہ ذیل سوالات کا نوٹس دیا گیا ہے۔ کیا یہ واقعہ ہے کہ پنڈت جواہر لال نہرو کی رہائی کے لئے حکومت نے یہ شرط پیش کی ہے کہ وہ اپنی اہلیہ کے ساتھ ہندوستان سے باہر چلے جائیں۔ اگر یہ ٹھیک ہے تو وہ کتنے عرصہ تک باہر رکھے جائیں گے۔ ان کی سفر خرچ کون برداشت کریگا۔ پنڈت جی کی میعاد قید اب کتنی باقی ہے۔ کیا قانوناً پنڈت جی کو ملک بدر کرنے کا خیال ہے؟

### جلاوطنی پر جیل میں رہنے کو ترجیح
#### پنڈت جواہر لال نہرو کا بیان

الہ آباد ۱۰ مارچ۔ اطلاع موصول ہوئی ہے کہ پنڈت جواہر لال نہرو سے جب ان کی مشروط رہائی کا ذکر جیل میں کیا گیا تو انہوں نے مسکرا کر کہا کہ یہ تو ایک قسم کی جلاوطنی ہے میں جلاوطنی کی نسبت ہندوستان کی کسی جیل میں رہنا زیادہ پسند کرتا ہوں۔ میں رہا ہونے کے بعد یہ فیصلہ کر سکوں گا کہ مجھے اپنی اہلیہ کے علاج کے لئے یورپ جانا چاہئے یا نہیں۔

## ایک مسلم کاشتکار کی غیرت و حمیت
### روسی گورنمنٹ نے گولی سے اڑا دیا

ماسکو ۹ مارچ۔ روسی گورنمنٹ نے ایک قانون کے ذریعہ مشتبہ شہریوں کو غیر ملکی لوگوں سے گفتگو کرنے کی ممانعت کر دی ہے۔ گفتگو کرنے کی صرف اس صورت میں اجازت ہوگی کہ اس کی ایک نقل پولیس میں بھیجی جائے۔ … ایک مسلمان کاشتکار نے اپنی بیوی کو اس بنا پر قتل کر دیا تھا کہ وہ خاوند کی بلا اجازت بے پردہ ہو کر ایک کارخانہ میں کام کرنے چلی گئی تھی۔ پولیس نے قاتل کو گرفتار کر کے عدالت کے حوالہ کر دیا۔ عدالت نے مجرم کو گولی سے اڑا دینے کا حکم دیدیا۔ چنانچہ سرکاری جلادوں نے اس کو گولی مار دی۔

## اسمبلی میں کانگریس کی ایک اور فتح
### حکومت کی مذمت میں تحریک پاس ہوگئی

نئی دہلی ۹ مارچ۔ کل اسمبلی نے مسٹر … کی اس تحریک کو منظور کر لیا جس کے ذریعہ ہوم ڈیپارٹمنٹ کے مطالبہ زر میں سو روپے کی تخفیف کی تجویز کی گئی تھی۔ کہ حکومت نے جو سخت گیر پالیسی اختیار کر رکھی ہے اس پر اس کی مذمت کی جائے۔ گرما گرم بحث کے بعد تحریک ۵۸ کی مخالفت ۶۲ آراء کی موافقت سے منظور ہوگئی۔ … نے موافقت میں رائیں دیں۔

## شاہ محمد کو پھانسی کی سزا

الہ آباد ۹ مارچ۔ شاہ محمد جن کے خلاف مسٹر کراؤ ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ پولیس مرزاپور کو گزشتہ ہفتہ کے دوران میں ایک جنگل کے اندر قتل کرنے کا الزام تھا مجرم قرار دیتے ہوئے سیشن جج نے پھانسی کی سزا کا حکم دیدیا۔

## ہوائی جہاز میں آگ لگ گئی

بمبئی ۹ مارچ۔ بمبئی فلائنگ کلب کا ایک بائیس سالہ نوجوان … شاگرد مسٹر ڈونلڈ … جبکہ وہ ہوائی جہاز میں سفر کر رہا تھا ہوائی جہاز میں آگ لگ گئی جس سے ہوائی جہاز سمندر میں گر گیا۔ نوجوان بری طرح زخمی ہوگیا اور ہسپتال جاتے ہوئے مر گیا۔

## دردانیال کی حفاظت کا مسئلہ
### جمعیۃ اقوام سے حکومت بلغاریہ کی شکایت

جنیوا ۹ مارچ۔ حکومت بلغاریہ کے نمائندوں نے جمعیۃ اقوام کے سکریٹری سے شکایت کی ہے کہ حکومت ترکی بلغاریہ کی سرحد پر فوجیں جمع کر رہی ہے ترکوں نے جواب دیا ہے کہ انہوں نے یہ کارروائی دردانیال کی حفاظت کے لئے کی ہے جس کا انہیں حق ہے …

## آسام کونسل کا انڈیا بل پر غور کرنے سے انکار

شیلانگ ۱۰ مارچ۔ … آسام کونسل میں … انڈیا بل پر غور کرنے کا ریزولیوشن پیش کیا۔ … کی گورنمنٹ بل پاس ہوگئی۔

## بھوپال میں اخبارات پر پولیس کا چھاپہ

بھوپال ۱۰ مارچ۔ مقامی پولیس نے اخبار انجمن خدام وطن، صبح وطن اور علوی پریس پر چھاپہ مارا اور کاغذات اپنے قبضہ میں کر لئے۔ صبح وطن کے چار ملازمین بھی گرفتار کر لئے گئے ہیں۔ پولیس نے ہندو سبھا کے ایک لیکچرار کو بھی اشتعال انگیز تقریر کرنے کے الزام میں گرفتار کر لیا ہے۔

## بلغاریہ نے ترکوں کے خلاف الزام واپس لیا

لندن ۱۰ مارچ۔ حکومت بلغاریہ نے جمعیۃ اقوام سے شکایت کی تھی کہ ترکی حکومت اپنی افواج سرحد پر جمع کر رہی ہے جس کی تفصیل کسی دوسری جگہ درج ہے۔ اب رائٹر کی اطلاع ہے کہ بلغاریہ کے نمائندہ نے وہ شکایتی مکتوب واپس لے لیا ہے جس میں ترکی حکومت کے خلاف یہ الزام لگایا گیا تھا۔

## چلتی گاڑی پر مسلح ڈاکہ

… ۹ مارچ۔ … اور فرید پور کے اسٹیشنوں کے درمیان دو نوجوانوں نے جو ریوالوروں سے مسلح تھے سرکاری ڈاک کو لوٹ لیا۔ بیان کیا جاتا ہے کہ ملزمان چلتی گاڑی پر چڑھ گئے۔ اور پوسٹل گارڈ کو ریوالور سے خوفزدہ کر کے ڈاک لوٹ لی۔ اور چلتی گاڑی سے ہی فرار ہوگئے۔ نقصان کا ابھی کوئی اندازہ نہیں لگایا گیا ہے۔ ملزمان کا ابھی تک سراغ نہیں لگا ہے۔

## مسجد کی چھت گرنے سے آٹھ نمازی شہید

نماز جمعہ کے لئے لوگ مسجد میں جمع تھے چھت پر بھی نمازی سنتیں ادا کر رہے تھے کہ مسجد کی دیوار اور چھت کا ایک حصہ بیٹھ گیا جس سے آٹھ نمازی شہید ہوگئے اور ۲۰ سخت مجروح ہوئے یہ واقعہ افغانستان کے مشرقی صوبہ میں ایک مقام پر مسجد … کا ہے جو ایک قدیم اور تاریخی مسجد تھی۔ چھت اور دیواریں پرانی تھیں اس لئے لوگوں کے بوجھ کو سنبھال نہ سکیں اور گر گئیں۔

## گوالیار کا مشہور ڈاکو گولی سے اڑا دیا گیا

جبلپور ۱۰ مارچ۔ ریاست گوالیار کا مشہور ڈاکو اندر جو عرصہ سے جیل سے فرار ہوگیا تھا۔ … کے قریب گولی سے اڑا دیا گیا۔ ڈاکو کے سینہ پر گولی لگی اور وہ فوراً ہلاک ہوگیا۔

## سوا کروڑ روپے کا سونا پھر ہندوستان سے باہر

بمبئی ۱۰ مارچ۔ کل بمبئی سے بذریعہ جہاز ۱۲۵۸۹ اور … کا سونا لندن روانہ کر دیا گیا۔ اب تک ہندوستان سے ۱۳۰ ارب ۲۳ کروڑ ۸۵ لاکھ ۸۳ ہزار ایک سو ۱۴ روپے کا سونا باہر بھیجا جا چکا ہے۔

## دریائے ہگلی میں جہاز خشکی پر چڑھ گیا

کلکتہ ۱۰ مارچ۔ ایک جہاز جو دریائے ہگلی سے سمندر کی طرف جارہا تھا خشکی پر چڑھ گیا اس جہاز پر ۱۴۵ لندن جانے والے مسافر سوار ہیں۔ امید کی جاتی ہے کہ سمندر کے چڑھاؤ کے وقت جہاز کو پھر رواں کر لیا جائے گا۔

## اسمبلی میں ترکی کے تجارتی معاہدہ کا سوال

دہلی … مسٹر … کے سوال کا جواب دیتے ہوئے سر جارج … نے کہا کہ ترکی اس وقت اپنی غیر ملکی تجارت کو درست کر رہا ہے اور چاہتا ہے کہ غیر ممالک سے وہاں چیزیں نہ جائیں چنانچہ اسی خیال کے ماتحت اس نے ہندوستانی تجارتی معاہدہ کو ترک کر دیا ہے …

مسٹر … :۔ حکومت نے ترکی سے اس کی وجہ دریافت کی ہے؟

سر جارج … :۔ ہم نے شاہ انگلستان کے پاس درخواست بھیجی ہے۔

## تحریک التوا پیش کرنے کی اجازت نہیں ملی

نئی دہلی ۹ مارچ۔ آج صدر اسمبلی نے پروفیسر رنگا کی تحریک التوا کو جو کہ انہوں نے بنگال میں مختلف انجمنوں پر پولیس کے چھاپوں اور نوجوانوں کی گرفتاریوں کے سوال پر بحث کرنے کی غرض سے پیش کی تھی۔ خلاف قاعدہ قرار دیکر رد کر دیا۔

# صدر مجلس احرار ہند کے نام
## حضرت مولانا اشرف علی صاحب کا مکتوب گرامی
### شعبہ تبلیغ کی امداد ہر مسلمان پر واجب ہے

بخدمت مکرمی مولانا حبیب الرحمن صاحب دام فضلہم۔

السلام علیکم ورحمۃ اللہ۔

عنایت نامہ پہونچا۔ مجلس احرار کا شعبہ تبلیغ دفع مضرت قادیانیت کے لئے جو نصرت اسلام کر رہا ہے یہ وہ سب اہل اسلام کا فریضہ ہے جس کو مجلس احرار نے اپنے ذمہ لیا ہے۔

۲۔ خصوصاً اس کی یہ تجویز کہ قادیان کے اندر مسجد و مدرسہ و دفتر ہو اور قادیان کے قریب جلسہ کی جگہ ہو نہایت پر مصلحت ہے۔

۳۔ مقصود بالا میں اس کی امداد تمام مسلمانوں پر بقدر استطاعت واجب ہے۔ یہ تینوں دعوے نصوص سے متاید ہیں۔ اما الاول فلقولہ تعالیٰ ومن اظلم ممن افتریٰ علی اللہ کذبا او قال اوحی الی ولم یوح الیہ شیء الآیہ بانضمام قولہ علیہ السلام من رای منکم منکرا فلیغیرہ بیدہ فان لم یستطع فبلسانہ فان لم یستطع فبقلبہ الحدیث۔ آیت سے غیر نبی کے دعوئ نبوت کا جو کہ افترا علی اللہ ہے ظلم عظیم ہونا اور اس ظلم کا منکر شدید ہونا اور حدیث سے اس منکر کے تغییر کا بقدر استطاعت واجب ہونا ظاہر ہے۔ اما الثانی فلقولہ تعالیٰ ولا یزال الذین کفروا تصیبہم بما صنعوا قارعۃ او تحل قریبا من دارہم الآیۃ و دلالتہ غیر خفی علی اہل العلم۔ اما الثالث فلقولہ تعالیٰ وامر بالمعروف وانہ عن المنکر مع الحدیث المذکور۔ اور اعانت بانفاق المال کی ذکر وہ بھی ایک یہی تیو ہے۔ تغییر بالید کی ... بال صالح کو ذات الید کی بہی کہا جاتا ہے۔ استطاعت کا عام ہونا ظاہر ہے۔ کیونکہ ایسا کوئی مسلمان نہیں۔ جو ایک پیسہ بھی نہ دے سکے اور بفرض محال اگر کوئی ایسا ہو بھی تو وہ دعائے قلبی سے تغییر بالقلب پر عمل کر سکتا ہے ...

اخیر کے تتمہ پر عمل کیا جائے یعنی قل رب اعوذ بک من ہمزات الشیاطین واعوذ بک رب ان یحضرون۔

اب شعبہ کی کامیابی کے ساتھ اس کے اعانت کرنے والے حضرات کے لئے دارین کی صلاح و فلاح و نجاح کی دعا پر اس معروضہ کو ختم کرتا ہوں۔ والسلام

از تھانہ بھون ۱۵ ذی قعدہ ۱۳۵۳ھ

# مختصرات

دہلی۔ سبزی منڈی میں ایک ہندو نوجوان نے بیکاری سے تنگ آکر گلے میں پھندا ڈال کر خودکشی کر لی۔

دہلی۔ اسمبلی میں مسٹر بھولا بھائی ڈیسائی ایگزیکٹو کونسل کے مطالبہ میں تخفیف کی تحریک پیش کی اور تجویز کیا کہ اسے صرف ایک روپیہ ... آخر تحریک ۵۶ کے مقابلہ میں ۶۷ آراء سے نامنظور ہو گئی۔

پٹنہ۔ سینٹرل جیل سے چار زیر حراست قیدی فرار ہو گئے۔ انہوں نے نہایت کامیابی کے ساتھ جیل کے اندر سرنگ بنائی اور اس میں سے نکل بھاگے پولیس نے تعاقب کے بعد ایک قیدی کو گرفتار کر لیا ہے۔

بصرہ۔ عراق کی پارلیمنٹ میں زبردست ہنگامہ ہوا اور ایک پارٹی کے لوگ واک آؤٹ کر گئے۔ یاسین پاشا اور وزیر اعظم نے اپنے استعفے پیش کر دیے ہیں۔

بمبئی۔ معلوم ہوا ہے کہ مہاراجہ اندور ... پسند نہیں کیا آخر وہ بمبئی آگئے۔ مہاراجہ راجپوتانہ میں بھی داخل نہیں ہو سکتے۔

بنگلور۔ میسور کی کونسل میں ایک بل پیش ہونے والا ہے کہ ریاست میں پھانسی کی سزا کو منسوخ کر دیا جائے اور اس کے بجائے حبس دوام کی سزا رکھی جائے۔

مدراس۔ مدراس کونسل میں جسٹس پارٹی کے بارہ ممبران اپنی پارٹی سے مستعفی ہو گئے ہیں اور کونسل کے سکریٹری کو لکھا ہے کہ ہماری نشستوں کے لئے علیحدہ بلاک کا انتظام کیا جائے۔ یہ بارہ ممبران اپنی پارٹی علیحدہ بنائیں گے۔

احمد آباد۔ مقامی راجپوتوں کی دو پارٹیوں میں فساد ہو گیا جس میں ایک شخص ہلاک اور دو مجروح ہوئے۔ ۱۰ اشخاص گرفتار کر لئے گئے ہیں۔

امریکہ۔ فوج کے ایک افسر نے اپنی بیوی کو اس وجہ سے طلاق دیدی کہ اسکا ناجائز تعلق اسی عورت کے بطن سے پیدا شدہ لڑکی سے ہو گیا وہ اپنی بیٹی کو اڑا کر روپوش ہو گیا اور خوب مزے اڑاتا رہا آخر پولیس نے اس کو گرفتار کر کے عدالت میں پیش کیا اور مجرم نے اقبال جرم بھی کر لیا لیکن چونکہ باپ بیٹی اس تعلق پر رضامند تھے اس لئے گرجے میں باقاعدہ دونوں کی شادی کر دی گئی۔

علی گڑھ۔ شہر کے معزز شہری خان بہادر محمد یوسف کے قتل کے مقدمہ میں دو ہندوؤں کو سیشن جج کی عدالت سے کالے پانی کی سزا دی گئی ہے۔

واشنگٹن۔ ریلیف ڈپارٹمنٹ نے اعلان کیا ہے کہ حکومت کی طرف سے دو کروڑ ۲۰ لاکھ بیکاروں کو امداد مل رہی ہے جس کا اوسط پچاس لاکھ ڈالر یومیہ ہے۔

دہلی۔ اسمبلی کے اجلاس میں مسٹر ستیہ مورتی نے سرکاری دفاتر کو شملہ لے جانے کے متعلق سوال کیا۔ سر ہنری کریک نے کہا کہ حکومت تمام سکریٹریٹ کو یا اس کے کچھ حصہ کو مستقل طور پر دہلی میں رکھنا نہیں چاہتی۔

فرانس۔ حکومت فرانس نے ہر نوجوان کو دو سال کی جبریہ فوجی تعلیم دینے کا فیصلہ کیا ہے۔

لندن۔ سیام کے تخت پر سابق بادشاہ کے نو سال کے بھتیجے کو بٹھا دیا گیا ہے۔

## کلکتہ میں ۱۳ انجمنیں خلاف قانون قرار دیدی گئیں
### اسمبلی میں سوالات کا نوٹس

کلکتہ ۸ مارچ۔ حکومت نے اشتراکیوں کے خلاف منظم کارروائی شروع کر دی ہے کل پولیس نے تمام شہر کو چھان مارا اور مختلف مزدوروں اور اشتراکیوں کے دفاتر پر دھاوا کیا۔ ایک درجن کے قریب کارکنوں کو گرفتار کر لیا گیا جو آل انڈیا ٹریڈ یونین کانگریس۔ ٹریڈ یونین کانگریس۔ پورٹ اینڈ ڈک ورکرز یونین اور بنگال یونائیٹڈ ... سے تعلق رکھتے تھے۔ کلکتہ گزٹ کی ایک غیر معمولی اشاعت کی رو سے ۱۳ مزدوروں اور اشتراکی انجمنوں کو ناجائز قرار دیدیا گیا۔

نئی دہلی ۹ مارچ۔ کل پنڈت نیل کنٹھ داس نے اسمبلی کے اجلاس کے لئے حسب ذیل سوالات کا نوٹس دیا ہے۔ کیا حکومت کو معلوم ہے کہ کلکتہ میں ۱۳ انجمنیں خلاف قانون قرار دیگئی ہیں جن میں آل انڈیا ٹریڈ یونین بھی ہے حکومت کے نزدیک اشتراکی کی کیا تعریف ہے۔ کیا مزدوروں اور کسانوں کی تمام انجمنیں اشتراکی ہیں یا بعض اور وہ کونسی ہیں۔ ۱۳ انجمنوں کو ایک ساتھ خلاف قانون قرار دینے کے وجوہ کیا ہیں کیا گرفتار شدہ اشخاص پر کھلی عدالت میں مقدمہ چلایا جائیگا۔

## غازی محمد صدیق کو جام شہادت پلا دیا گیا
### ایک لاکھ مسلمانوں نے جنازہ میں شرکت کی

لکھنؤ میں ۸ مارچ کو ۷ بجے صبح غازی محمد صدیق رحمۃ اللہ علیہ کا جنازہ عیدگاہ میں پہونچا کیونکہ صبح ہی صبح ان کو جام شہادت پلا دیا گیا تھا۔ گرد و نواح کے ہزاروں مسلمان جمع تھے۔ پندرہ ہزار کے قریب تو صرف عورتوں کی تعداد ہوگی ۱۲ بجے کے بعد عیدگاہ سے جنازہ اٹھایا گیا اور پریڈ کے میدان میں نماز جنازہ پڑھائی گئی جو چار بجے ختم ہوئی پولیس کے سپاہیوں کے علاوہ انگریزی فوج کا دستہ بھی موجود تھا۔ اس اجتماع کی فضا دیدنی تھی ... ۵ بجے کے بعد غازی محمد صدیق کو سپرد زمین کر دیا گیا جن لوگوں نے جنازہ میں شرکت کی ان کی مجموعی تعداد کا اندازہ ایک لاکھ لگایا جاتا ہے اس کے باوجود نظام میں کسی قسم کی ابتری پیدا نہیں ہوئی۔

## مسلم ایجوکیشنل کانفرنس کا اجلاس

کے اجلاس ہولی کی تعطیل ۱۹، ۲۰، ۲۱ مارچ کو آگرہ میں بصدارت فخر قوم جناب ڈاکٹر ضیاء الدین احمد صاحب، سی۔ آئی۔ ای، ایم۔ ایل۔ اے منعقد ہوں گے ممبر صاحبان کانفرنس جو باہر سے تشریف لائیں گے وہ استقبالیہ کمیٹی آگرہ کے مہمان ہوں گے جن کے قیام و طعام کا اہتمام من جانب کمیٹی ہوگا۔

(ابن حسن زبیری ایڈووکیٹ۔ سکریٹری)

اخبار الجمعیۃ کے لئے ہر شہر و قصبے میں ایجنٹوں کی ضرورت ہے

اخیر مارچ تک امرت دھارا اور اسکے مرکبات ۱/۳ قیمت پر باقی ادویات و کتب نصف قیمت پر ملیں گی!

# ہر شخص کے پڑھنے کے لئے صحت کے قوانین کو بتلانے والی
# مفید عام کتب

مارچ ۱۹۳۵ء میں خاص رعایت | مارچ ۱۹۳۵ء میں خاص رعایت

ہر کتاب اپنا ثانی آپ ہی ہوتی ہے۔ کیونکہ جس مضمون کو پنڈت صاحب لکھتے ہیں۔ اس کو ویدک۔ یونانی۔ ڈاکٹری کتب کے علاوہ حکیم ہر ... ہومیوپیتھی وغیرہ کتب کے مطالعہ کے بعد پیش کرتے ہیں۔ لہٰذا چار درجن کتب لکھی جا چکی ہیں۔ ناظرین کو چاہئے کہ اپنی اپنی ضرورت اور شوق کے مطابق فہرست سے انتخاب کر کے اس ماہ میں یہ مفید عام کتب اپنے اور اپنی اولاد کے واسطے منگا لیں۔ کیونکہ زیادہ جمع شدہ اسٹاک کو نکالنے کے واسطے

## اس مارچ کے واسطے قیمت نصف سے بھی کم کر دی گئی ہے!

وہ اس طرح کہ ہر خریدار کے واسطے جو مارچ کے اندر خط لکھے ... رعایت ہوگی۔ مگر جس کا آرڈر ... روپیہ اصل قیمت سے زیادہ ہوگا اس کو ۹ فی روپیہ اور جس کا آرڈر اصل قیمت سے ... روپیہ سے زائد ہوگا۔ ان کو ... فی روپیہ رعایت دی جاوے گی۔

## اس نادر موقع سے فائدہ اٹھاویں!

ہر ایک کتاب گھر میں رکھنے کے قابل ہے کچھ کتب صرف طبیبوں یا مریضوں کے واسطے ہیں۔ فہرست کو پڑھ کر جو مناسب سمجھیں منگا لیں۔ وہ خاص کتب جن کا ہر ہندوستانی کے واسطے مطالعہ ضروری ہے ان کو ہم نے نیچے درج کر دیا ہے۔ یہ تمام کتب کوی راج وید بھوشن پنڈت ٹھاکر دت جی شرما وید موجد امرت دھارا کی تصنیف ترتیب یا ترجمہ کی ہوئی ہیں۔

کام ورتی شاستر حصہ اول ... رسالہ بواسیر ... تصاویر صحت ... بہترین اولاد کی تربیت ... نیک سال جوان تندرست کیوں کر رہے؟ ... ہدایت الموم ... جیون کی قوت بچانا ... حفظ ما تقدم و علاج ... رسالہ صحت کے دس اصول ... رسالہ مفید منبہ فلسفہ خواب ... نشانات موت ... کیا ہیں تندرستی ... عمر کا راز ... ضروریات زندگی ... اہل ہند کی جسمانی کمزوری کے اسباب اور کا علاج ... ڈاکٹری کتب ...

حب زرین

شرطیہ علاج



## شام میں ہندوستانی حجاج پر ظلم عظیم
### حاجیوں کے وقف شدہ مسافرخانہ اور مسجد کی فروخت

برادران اسلام! الجمعیۃ کے ذریعہ ہم مہاجرین ہند مقیمین شام نے اپنی فریاد پیش کرنے کے لئے اور جو ظلم فرانسیسی حکومت کے ذریعہ ہم پر ہو رہا ہے اس کی تلافی کرنے کے لئے آپ کے پاس بھیجا جاتا ہے۔

ترک سلاطین نے اپنے دور حکومت میں ہندی مہاجرین و حجاج کرام کے لئے شام میں دو وقف بنائے ... ایک زاویہ دمشق میں جس کے نام کرمی ہیں جس میں ایک مسجد بھی ہے ... دوسرا وقف براویہ میں ... انقلاب میں ... ہندی حجاج و مہاجرین رہتے تھے ... خلیل عیسائی ... اس طرح عاشور ... احمد بادشاہ ...

... نے اسکو وقف کیا وہ حکم نامہ اس کا عکس بھی موجود ہے ...

## صحیح وطن اخبار کی ضبطی

(ق۔ ح)

## نیشنل پبلک لائبریری میں جلسہ مکالمہ

دہلی ۸ مارچ ... کی شب میں انجمن ضیاء الادب نیشنل پبلک لائبریری کشن گنج میں زیر صدارت شیخ عبدالغنی صاحب ... ایک جلسہ مکالمہ "موجودہ مدارس میں تعلیم نسواں غیر مفید ہے" پر منعقد ہوا ...

## غازی امان اللہ خان کا حج
### افغانستان میں واپسی کے امکانات پر غور؟

## ٹرین کی رفتار نے پیکار بنا دیا

## حکومت ہنگری مستعفی ہو گئی

## پیرس میں برہنہ ناچ کی ممانعت

حکومت کی اس کارروائی ... کابینہ کی ترتیب کا پیش خیمہ خیال کیا جاتا ہے۔

شیخ الہند حضرت مولانا حسین احمد مدنی مدظلہ العالی کے
## سیاسی نوٹس کا مجموعہ
## تعلیمی ہند

## سچا ہمدم و رہبر بے دام

ڈاکٹر عزیز احمد خان ٹی ڈی ایس۔ پی۔ ٹی

## ملک کشمیر کی قابل بھروسہ

## محبوب عاشق کے قدموں پر

اخیر مارچ تک امرت دھارا اور اسکے مرکبات ۱/۳ قیمت پر باقی ادویات و کتب نصف قیمت پر ملیں گی!

رسالہ تجربات حکماء ... رسالہ کرنیہ ... رسالہ ... امرت دھارا ... لاہور

تار کا پتہ:- الجمعیۃ دہلی
ٹیلیفون نمبر ۵۷۳۸
رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳
ید اللہ علی الجماعۃ
سہ روزہ
# الجمعیۃ دہلی
مدیر مسئول:- ہلال احمد زبیری (بی۔اے) معاون:- محمد عثمان فارقلیط
جلد ۲۱ | دہلی۔ یوم شنبہ ۱۰ ذی الحجہ ۱۳۵۳ ہجری مطابق ۱۶ مارچ ۱۹۳۵ء | نمبر ۲۰

## معاصرین کے افکار و آراء

### معتمد افواج کی حق گوئی!

اسمبلی کے اجلاس ۵ مارچ میں مسٹر اتباش سنگھ چیٹی نے دریافت کیا کہ ہندوستان کی فوج کو ہندوستانی بننے میں کتنا وقت لگے گا۔ ان کا خیال غالباً یہ ہوگا کہ بہار اور ہمارے کانوں تک بار بار پہنچی ہے کہ بتدریج تمام فوج کو ہندوستانی بنا دیا جائے گا۔ لیکن اسمبلی میں کبھی اس کے متعلق کوئی اعلان نہیں ہوا کہ فوج کے ہندوستانی بننے میں کتنا وقت لگے گا۔ بہتر ہوگا کہ ... کے اجلاس میں اس کے متعلق حکومت کا نظریہ معلوم کر لیا جائے۔

اس ... کا جو جواب معتمد افواج کرنل ٹوٹنہم نے دیا وہ اگرچہ تلخی میں حنظل کو شرماتا ہے۔ اور ہم اسے ہندوستان کی سب سے بڑی نمائندہ مجلس کے ... ارکان کی شان میں انتہائی گستاخی خیال کرتے ہیں۔ لیکن اس میں کلام نہیں کہ یہ جواب مبنی بر صداقت ہے۔ آپ نے کہا کہ

...

(زمیندار)

### انقلابیوں کے ساتھ ہمدردی

سخت ترین قوانین نافذ کرے۔ سینکڑوں اور ہزاروں نوجوانوں کو نظر بند کرکے اور ہندوستانیوں کے عام جذبات کا احترام نہ کرے۔ اگر حکومت اور اس کے عمال اپنی بلند سطح سے اتر کر عوام کے ساتھ مساوی حیثیت سے معاملات پر غور کریں اور پھر اس قسم کے طریقے اختیار کریں جو ملک کے مفاد کے لئے مشترک طور پر مفید سمجھے جائیں تو ہمیں پورا یقین ہے کہ نہ صرف یہ کہ ملک سے عام بے چینی دور ہو جائے گی بلکہ انقلابی تحریک کا بھی خود بخود قلع قمع ہو جائے گا۔ انقلابی تحریکات کی ترقی کی ذمہ داری بالواسطہ حکومت ہی پر عائد ہوتی ہے اور وہی فرض اپنے طریق کار میں تبدیلی کرکے اسے روک سکتی ہے۔ (ملت)

### ہمارے تعلیمی مسائل

مسٹر سکینزی نے جو آل انڈیا ... کے ڈائرکٹر تعلیم تھے ... حیدر آباد میں ... اسناد کے وقت ایک ... کیا ... اور فرمایا کہ یہ بالکل فرسودہ ہو گیا ہے۔ ... ہندوستان کی یونیورسٹیوں میں ضرورت سے زیادہ ذہنی تعلیم پر زور دیا جاتا ہے جس کا نتیجہ ہے کہ کالج طلباء سے بھر رہے ہیں۔ اور جب یہ فارغ التحصیل ہو کر نکلتے ہیں تو ان کو کام کے لئے جگہ نہیں ملتی۔ ایک ہی قسم کی ذہنی تعلیم کا لازمی نتیجہ یہی ہوگا۔ ... اس طرح وہ خود کمانے کے قابل ہو سکیں گے اور ملک کی دولت اور خوشحالی میں بھی اضافہ کا باعث ہوں گے۔ (الجمل)

### ہندوؤں کی وطن پرستی

دہلی میں مسٹر چنتامنی ایڈیٹر اخبار لیڈر کی صدارت میں فرقہ پرست ہندوؤں کا ایک شاندار جلسہ ہوا۔ اس جلسے کی صرف ایک غرض تھی کہ جائنٹ پارلیمنٹری کمیٹی کی رپورٹ میں وزیر اعظم کا جو فرقہ وارانہ فیصلہ ہے اس کے خلاف فرقہ پرست ہندوؤں کے جذبات کا اظہار کیا جائے۔ یہ جلسہ ہندوؤں کی فرقہ پرستی کا ایک شرمناک مظاہرہ تھا۔ ...

خریداران اخبار الجمعیۃ کو چاہئے کہ خط و کتابت کے وقت اپنے نمبر خریداری کا حوالہ ضرور دیا کریں ورنہ عدم تعمیل ارشاد کی شکایت معاف۔ (منیجر الجمعیۃ دہلی)

## نوامیس فطرت اور حقوق کی تقسیم

### اسلام میں عورت کا مرتبہ اور اسکے حقوق

### حوا کی بیٹیوں پر کس نے احسان کیا؟

...

### عورت کی طرف سے نیکی کا حکم

...

### دشمنوں کو عورت کا پناہ دینا

اسلام نے مسلم عورت کو حق دیا ہے کہ اگر وہ کسی لڑنے والے دشمن کو بھی پناہ دے دے تو اس کی یہ پناہ صحیح ہو جائے گی۔ ...

سب لوگ عمر سے زیادہ دین کو سمجھتے ہیں۔ ایک اور روایت میں ہے کہ آپ نے فرمایا "عورت نے سچ کہا اور عمر سے غلطی ہو گئی" یہ کہہ کر آپ پھر منبر پر تشریف لے گئے اور اعلان کر دیا کہ اپنے حکم کو واپس لیتے ہیں۔


## پادری کی لڑکی کا قبول اسلام

اسپین کے ایک جلیل القدر پادری کی لڑکی نے جب اسلامی تعلیمات کا مقابلہ کیا اور مسلمانوں کے مذہب اور ان کے اعمال کو بغور دیکھا تو اس کے دل میں اسلام کی صداقت و حقانیت جاگزیں ہو گئی اور اس نے یہ فیصلہ کر لیا کہ حقیقتاً اسلام ہی وہ مذہب ہے جو دنیا اور آخرت ... راستہ بتاتا ہے۔ اور اس کے علاوہ جتنے مذاہب ہیں وہ سب باطل اور صراط مستقیم سے بھٹکا دینے والے ہیں۔ جب عیسائیوں کو اس کی خبر ہوئی تو تمام پادریوں نے مل کر اس لڑکی پر بے پناہ مظالم ڈھائے ... مگر وہ لڑکی اسلام پر ثابت قدم رہی۔ ... اگر آپ اس کتاب کے ذریعہ تبلیغ اسلام کا فریضہ ادا کرنا چاہتے ہیں تو فوراً طلب کیجئے۔ ...

ملنے کا پتہ:- منیجر "الجمعیۃ" دہلی


Regd No. L 1793.
# Al-Jamiat
Vol. XXI No. 19 DELHI WEDNESDAY 13 MARCH 1935 PRICE ONE ANNA

نورانی قرآن مجید
نہایت عمدہ جلی اور نہایت صحیح قرآن شریف اگر درکار ہو تو نورانی قرآن مجید الجمعیۃ بک ایجنسی دہلی سے طلب فرمایئے۔

پادری کی لڑکی کا قبول اسلام
منیجر الجمعیۃ دہلی

### مبلغ امارت شرعیہ کو صدمۂ جانکاہ

نہایت افسوس کے ساتھ اطلاع دی جاتی ہے کہ مولانا عبدالرزاق ... مبلغ امارت شرعیہ بہار کے ... کا انتقال ہو گیا۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ ...

### جنجوعہ راجپوتوں کے حالات

ہفتہ وار مسلم راجپوت امرتسر میں تاریخ مسلم راجپوتان پنجاب و ہند سلسل شائع ہو رہی ہے۔ آجکل تاریخ میں جنجوعہ راجپوتوں کے حالات اور شجرے بالتفصیل درج ہو رہے ہیں۔ ...

### فلسفۂ قربانی مفت

...

### ایک بزرگ ہستی کا انتقال

...

### رد قادیانیت میں جلسہ

### جامع مسجد سہارنپور میں جم غفیر

...

اگر آپ ایک تندرست و توانا بچہ چاہتی ہیں تو کلزانہ کا استعمال شروع کر دیجئے

...

Kalzana

تندرستی کے لئے ایک مجرب غذا ہے جو کہ ہاتھ سے نہیں چھوڑی گئی

نونہال
اگر آپ اپنے بچوں کو تندرست اور قوی دیکھنا چاہتے ہیں تو "نونہال" ...
پیارے پیارے بچوں کو نونہال استعمال کرا کے نہال کر دیجئے!
ہمدرد دواخانہ یونانی دہلی



معجون شباب آور
قوت مردمی اور دل و دماغ کی کمزوری کے لئے مشہور دوا ہے
ہمدرد دواخانہ یونانی دہلی

## بلاغ مبین
اپنے طرز کی بالکل نئی تصنیف
مصنفہ مولانا حفظ الرحمن سیوہاروی
ملنے کا پتہ:- مولوی محمد ادریس منیجر دفتر بلاغ مبین دہلی یا منیجر مکتبہ اسلامیہ سیوہارہ ضلع بجنور

## مفت! مفت!! مفت!!!
پرنسپل ... طبیہ کالج انبالہ شہر

## خضاب چھوڑ دو
...

## دارالمصنفین کی مطبوعات کی قیمتوں میں تخفیف
سیرۃ النبی اور سیر الصحابہ کی قیمتوں میں غیر معمولی رعایت
...
منیجر دار المصنفین اعظم گڈھ

## صرف تین روپیہ میں چار گھڑیاں
ایک عدد اصلی جرمن ٹائم پیس۔ ایک عدد ڈمی پاکٹ واچ۔ دو عدد ڈمی رسٹ واچ
یہ گھڑیاں ہم نے خاص طور پر ولایت سے بڑی بھاری تعداد میں منگوائی ہیں۔ مضبوطی اور پائیداری کے لحاظ سے یہ گھڑیاں اپنی نظیر آپ ہیں۔ اپنی فرم کی سالگرہ کی خوشی میں ہم نے صرف تین ہزار گھڑیاں اس رعایتی قیمت پر فروخت کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ مقررہ مقدار کے ختم ہو جانے پر یہی گھڑیاں اپنی اصلی قیمت پر فروخت کی جاوینگی اس لئے جلدی کریں ورنہ ایسے نادر موقع بار بار ہاتھ نہیں آیا کرتے۔ محصولڈاک ۸ر علاوہ ہوگا۔
ملنے کا پتہ:- کارخانہ جاپان ناولٹی سٹورز مقام ٹھیانکوٹ ضلع گورداسپور

عربی اور ولایتی ڈاک

# مشرق و مغرب کی تازہ خبریں

## فلسطین کی مؤتمر عام کا شاندار اجلاس

### وہ تجاویز جو ہندی مسلمانوں کی آنکھیں کھول دینگی

علماء فلسطین کی ایک مؤتمر (کانفرنس) فلسطین میں منعقد ہوئی اس کانفرنس کے داعی قدس کے مفتی اکبر امین حسینی تھے۔ اس کانفرنس میں جو تجاویز منظور ہوئیں ان کا ملخص حسب ذیل ہے:-

(۱) یہودیوں کی ہجرت کے سلسلہ کو بند کیا جائے اور ان کے ہاتھ زمین کا کوئی حصہ فروخت نہ کیا جائے۔

(۲) فلسطین میں ایک انجمن "جمعیۃ الامر بالمعروف والنہی عن المنکر" کے نام سے قائم کی جائے اور اس کا مرکز قدس شریف کو قرار دیا جائے۔ اس کی شاخیں تمام ملک میں پھیلائی جائیں۔

(۳) اسلامی سلاطین کے نام مکتوب ارسال کئے جائیں اور ان کو فلسطین کے معاملات کی طرف متوجہ کیا جائے۔

(۴) جو مسلمان خفیہ طور پر یہودیوں کے آلہ کار بنے ہوئے ہیں انکے ناموں کا اعلان کردیا جائے۔ اور ایک فتویٰ شائع کیا جائے جس میں یہ تصریح ہو کہ جو مسلمان یہودیوں کے ہاتھ اپنی زمین فروخت کریگا یا فروخت کرانے میں دوسرے کی امداد کرے گا یا بالذات اور بالواسطہ کوئی تعلق رکھے گا اور یہودیوں کے لئے کسی قسم کی سہولت بہم پہونچائے گا اس کی نماز جنازہ نہیں پڑھی جائے گی اور نہ ایسی ملعون میت کو مسلمانوں کے قبرستان میں دفن ہونے دیا جائے گا۔ نیز ایسے لوگوں کا بائیکاٹ کردیا جائے گا اور ان سے ملنا جلنا اور کسی قسم کا تعلق قائم رکھنا حرام و ممنوع ہوگا۔

(۵) غیر ملکی مصنوعات کا مقاطعہ اور دیسی مصنوعات کی سرپرستی ...

پھیل رہا ہے پولیس سے تصادم ہونے کے باوجود دو اشخاص قتل، اور متعدد مجروح کردئے گئے۔ الجزائر کے مسلمان آزادی و استقلال کیلئے حکومت فرانس کی ہمدردی اور سیاسی مداخلت کا مقابلہ کر رہے ہیں کیونکہ فرانس نے عربوں کو عیسائی بنانے اور عربی مدارس اور اسلامی تعلیم کے انقطاع کی سخت مہم جاری کر رکھی ہے۔

## امسال حج میں حجاج کی کثرت

### مصر، الجزائر، چین، المغرب سے قافلوں کی روانگی

حکومت حجاز اور حکومت عراق کے مابین حاج کے بری سفر کے متعلق معاہدہ ہوگیا ہے جس کی دفعات ام القریٰ اور صوت الحجاز میں شائع کردی گئی ہیں۔ معلوم ہوتا ہے کہ خشکی کے راستے سے ... مقام عقیق میں کیا جائے گا۔

مصری طلبا نے امسال کثرت کے ساتھ عنقریب حج کی ادائیگی کا ارادہ کیا ہے اس وقت تک ان کی تعداد آٹھ ہزار تک پہونچ گئی ہے اور اس میں مزید اضافہ کی امید ہے۔

المغرب اور الجزائر کے حجاج بھی امسال کثرت سے حجاز مقدس آئیں گے۔ فی الحال دو جہازوں کی روانگی کا اعلان کردیا گیا ہے۔

جاوا کی اطلاعات سے معلوم ہوا ہے کہ امسال چینی حجاج کثرت سے حجاز آئیں گے اور ان کے جہاز ... روانہ ہوگئے ہیں۔

## عراق میں جبریہ شادی کا قانون

### پیدائش کی قلت اور تجربہ خانوں کی کثرت

## امریکہ میں عورتوں کی آزادی کا رد عمل

## طلبا کیلئے حفظ قرآن کریم کا مطالبہ

### عراق کی وزارت معارف کا پہلا اقدام

## حکومت حجاز کا مفید اور بے نظیر اقدام

### محتاجوں اور اپاہجوں کے قیام و طعام کا انتظام

... بیش آئی کہ حجاز مقدس کے بہت سے غربا اور اپاہج موسم حج میں مکہ کرمہ چلے آتے ہیں اور حاجیوں سے سوال کرکے ان کو تنگ کرتے ہیں۔ اس لئے ضروری ہوا کہ ایسے لوگوں کے قیام و طعام کا انتظام حکومت کی طرف سے کیا جائے۔

محاصرت حجاز سے معلوم ہوا ہے کہ جلالۃ الملک سلطان ابن سعود کے نائب امیر فیصل نے اس تجویز کو منظور فرمالیا ہے۔ اور حکم دیا ہے کہ بیکاروں، اپاہجوں اور مریضوں کیلئے ہر قسم کی آسائش بہم پہونچائی جائیں ... ان کی صحت کے متعلق باضابطہ رپورٹ مرتب کرکے حکومت کے پاس ارسال کریں۔

## الجزائر کے عربوں کا جہاد حریت

الجزائر میں حکومت فرانس کے خلاف عربوں میں سخت ہیجان و اضطراب ...

## پایہ تخت جاپان میں اسلامی لٹریچر

### شیخ جامع ازہر کی دلچسپی

ٹوکیو کی جمعیۃ اسلامیہ نے شیخ جامع ازہر کے پاس وہ کتابیں، اخبارات اور رسائل ارسال کئے ہیں جو دین اسلام کی اشاعت کے سلسلہ میں ٹوکیو جاپان میں شائع ہوئے ہیں۔ ان کتب و رسائل میں ایسی مطبوعات بھی ہیں جو ترکی اور تاتاری زبانوں میں لکھی گئی ہیں ... شیخ جامع ازہر نے جاپانی لٹریچر کی جمع و تدوین کیلئے خاص طور پر حکم دیا ہے۔

## حبش کے مسلمانوں کیلئے مذہبی تعلیم کا انتظام

مصر کی اسلامی یونیورسٹی (جامع ازہر) نے حبش کے مسلمانوں کی مذہبی تعلیم کے لئے دو علماء کو مقرر کیا ہے جو باقاعدہ حبشہ کے مسلمانوں کو ارکان اسلام اور قرآن ...

(باقی صفحہ ۱۰ کالم ۴ کے نیچے ملاحظہ فرمائیے)

# اسلام کے مقابلہ میں مسیحیوں اور یہودیوں کی صف آرائی

## پاپائے روم اور عیسائی پادری کہاں تھے؟

### افریقہ اور ایشیا کے مسلمان نرغۂ یہود میں

نو مسلم انگریز خالد شیلڈریک کا تازہ بیان درج ذیل ہے:-

ناشکری گناہ عظیم شمار کی جاتی ہے۔ اور اوراق تاریخ شاہد ہیں کہ مسلمانوں کے احسانات جو یہودیوں کی گردنوں پر ہیں کسقدر شکریہ کے مستحق ہیں۔ قوم عیسیٰ ہمیشہ یہودیوں سے بیزار اور متنفر رہی اور اب بھی انہیں حقارت کی نظر سے دیکھتی ہے۔ اسپین میں اسلام کے دوران حکومت میں یہودیوں کی زندگی نہایت راحت و آرام سے گزری، وہاں مسلمان ان کی خبر گیری کرتے تھے۔ انہوں نے یہودیوں کو اعلیٰ اعلیٰ منصب عطا کئے۔ ...

... مسلمانوں کے ہاتھ سے غرناطہ نکلنے کے بعد قوم عیسیٰ نے یہود اور مسلمان ہر دو اقوام کو ملک بدر کیا اور عیسائیوں کی مقدس نرغہ نے اپنی ظالمانہ حکومت کے ساتھ اسلام کی آزاد طبع اور آرام دہ سلطنت کی جگہ لی ...

... مسلمانان ترکی نے ان غربت زدوں کا نہایت خندہ پیشانی سے استقبال کیا انہیں پناہ دی ...

گو افسوس ہے کہ آج اس کا صلہ یہ مل رہا ہے کہ یہودی دشمنان اسلام کے ساتھ صف آرا ہیں اور فلسطین غیر ملکی یہودیوں اور عرب مسلمانوں کے درمیان ...

... دنیا بھر کے ممالک سے آمدہ تمام اخبارات ہٹلر کے خلاف تیغ زنی کر رہے ہیں ... اسلامی سرزمین پر اپنا تسلط زیادہ سے زیادہ مضبوط کر سکیں۔ اور اس طرح یہودیوں کو مسلمانوں اور عیسائیوں دونوں پر یکساں طور پر حکومت کرنے کا موقع مل سکے۔ لیکن کیا وہ سرزمین جسے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے قدوم میمنت لزوم نے مقدس بنایا ... کے متعلق عیسائیوں کا کیا خیال ہے؟ کیا وہ صلیب کے واقعہ کو فراموش کر چکے؟

### فلسطین میں یہودی تنگ

پاپائے روم اور کلیساؤں کے پادری اس وقت کہاں غافل تھے جب کہ فلسطین کو ایک یہودی ملک بنانے کی تجویز پیش کی گئی تھی؟ ...

(سلسلہ صفحہ ہذا کالم ۲)

## امریکہ میں یہودی مہاجرین کی سکونت

### حکومت کی طرف سے شہری حقوق دینے کا اعلان

## ہٹلر کا اقدام

... اس اعلان میں یہ بھی مذکور ہے کہ یہودی مہاجرین کو شہری حقوق بھی کامل آزادی اور مساوات حاصل ہوگی اور ہر قسم کی سہولتیں بہم پہونچائی جائیں گی۔

# الجمعیۃ کا مکتوب جرمنی

(بذریعہ ہوائی ڈاک)

## لائپزگ میں مصنوعات کی عالیشان نمائش

### یورپ، مصر، ترکی اور جاپان کی شرکت

### ہندوستانی دستکاری اور دنیا کی مصنوعات کے نمونے

(الجمعیۃ کے نامہ نگار خصوصی مقیم برلن کے قلم سے)

حال میں ہمیشہ کی طرح لائپزگ کی نمائش ہوئی ہے۔ اور لائپزگ اس وجہ سے بہت مشہور ہوگئی ہے۔ یہاں یہ نہیں ہوتا کہ صرف جرمنی ہی کے اشخاص نمائش کو کامیاب بنائیں بلکہ تمام دنیا سے اسقدر آدمی آتا ہے کہ لائپزگ میں تل دھرنے کو جگہ تک نہیں۔ نئی نازی حکومت کے تحت میں یہ تیسری نمائش ہو رہی ہے جو اسقدر دھوم دھام سے ہوئی ہے کہ اب تک تاریخ میں اپنا ثانی نہیں رکھتی۔ اس دفعہ کے لئے خاص طور پر پروپیگنڈا کیا گیا تھا کہ اول تو تمام دنیا کی فرم لائپزگ میں آئیں اور تمام سامان فروخت کریں۔ دوسرے یہ کہ گاہک تمام دنیا سے آئیں اور خریداریں۔ ...

صرف ان لوگوں کی تعداد ہے جو دوسرے ممالک سے خریداری کے لئے لائپزگ آئے ہیں۔ اگر ان لوگوں کی تعداد دریافت کی جائے کہ کتنے پردیسی فرموں نے اس نمائش میں حصہ لیا ہے تو معلوم ہوگا کہ بہتر (۷۲) ممالک نے اس نمائش میں اپنی ایجادیں اور تیار کردہ چیزوں کی نمائش کی ہے۔ خاص بات دیکھنے کے قابل یہ ہے کہ اس دفعہ جاپان نے بہت زیادہ محنت اور جانفشانی سے کام لیا۔ ...

### جاپانی صناعی کے آٹھ ہزار نمونے

کیا خدا کی قدرت ہے کہ ایک وہ زمانہ تھا کہ جاپان خود یورپ کے ممالک کا محتاج تھا اور آج وہ زمانہ ہے کہ جاپان اپنی تمام چیزیں یورپ کے ممالک میں فروخت کر رہا ہے۔ جاپان نے تقریباً آٹھ ہزار نمونے نمائش کے لئے رکھے ہیں۔ ... بہرحال تمام دنیا کی اقوام اس نمائش میں خرید و فروخت کے لئے موجود ہیں۔

### ہندوستانی دستکاری کی نمائش

یہ بین الاقوامی لائپزگ کی نمائش حقیقت میں اپنا ثانی نہیں رکھتی۔ ... صرف ایک نمائش گاہ بنائی گئی ہے جس میں خاص طور پر ہندوستانی ہاتھ کا کام ہے۔ مراد آبادی برتن اور کشمیری قالین وغیرہ۔ ...

### نئی ایجادوں کی نمائش گاہ

### مصر اور ترکی کی شرکت

### نامہ نگار الجمعیۃ کی نمائش میں شرکت

### غیر ملکی دکانداروں کی تعداد

### دو لاکھ خریداروں کا ہجوم

ایسے لوگوں کی تعداد اس دفعہ بہت زیادہ بڑھ گئی۔ یعنی دو لاکھ کے قریب ...

# بصائر و نظائر

ہندوستان کے "تعلیم یافتہ" اور گریجویٹ مسلم نوجوان، فرنگی اطوار اور مغربی آداب کے جنگل میں اس بری طرح پھنسے ہیں کہ ان کی حالت کو دیکھ کر افسوس ہوتا ہے اور ان کی جوانی پر ترس آتا ہے۔ کون سنگدل ہوگا جو ان "روشن خیالوں" کی فریب خوردگی اور دام گرفتگی پر آنسو نہ بہائے۔ ... کو اپنی اسیری اور گرفتاری کا بھی احساس نہیں رہا اور آگاہ کرنے پر بھی ان کو یقین نہیں آتا کہ کسی ستم شعار صیاد نے ان کے پروں کو کاٹ ڈالا ہے اور وہ ہمیشہ کے لئے قوت پرواز سے محروم کردئے گئے ہیں۔ فرنگی اقتدار کا سب سے بڑا کمال یہی ہے کہ اس سے مرعوب ہوکر بھی انسان اپنے اندر تبدیلی محسوس نہیں کرتا اور تدریجی عمل کا معمول بنتے ہوئے اسی خیال میں رہتا ہے کہ اس کی خصوصیات اور مغرب کی اندھی پیروی میں کوئی تضاد نہیں ہے!

یورپ کی موجودہ قوت قاہرہ نے اسکولوں، کالجوں، یونیورسٹیوں اور تعلیم کے ذریعہ سب سے پہلے نوجوانوں کے دماغ پر قبضہ جمایا ہے اور اس قبضہ تمکانہ کی نوعیت یہ ہے کہ اس نے ذہنی اور دماغی کائنات کی کایا پلٹ کر رکھدی ہے۔ اس نے نوجوانوں سے نقالی کرائی مگر اس پندار کے ساتھ کہ وہ سمجھتے ہیں اور تخلیقی صلاحیتوں سے ان کا دماغ مالا مال ہے۔ ان کو علوم و فنون کے ہر شعبہ میں اپنا محتاج بنا دیا اور ان کی بصیرت زائل کردی ...

کرنے کی سعی ان کو کیوں دلچسپی پیدا ہوئی اور پھر اس خیر خواہی کے کیا معنے کہ "علماء کا وجود مسلمانوں کی ترقی کے راستہ میں ایک بھاری پتھر ہے جس کا ہٹا دینا ازبس ضروری ہے"؟ کیا کسی غیر مسلم کا یہ بھی فرض ہے کہ مسلمانوں کے مٹنے پر افسوس کرے؟

اگر ان "مصلحین" کی دوسری حیثیت ہے یعنے وہ مسلمان ہونے کی حیثیت سے یہ تجویز پیش فرماتے ہیں تو کیا انہوں نے دین الٰہی کو سمجھنے اور عمل کرنے اور اس کی نشر و اشاعت کیلئے بھی کوئی انتظام کرلیا ہے؟ کیا شرعی احکام کی تبیین و تنفیذ کیلئے کوئی راہ عمل تجویز کرلی ہے۔ اور کیا اسلامی دستور العمل سے واقف ہونے اور دوسروں کو واقف کرانے کی کوئی راہ نکال لی ہے؟ اگر کیوں کہ ان باتوں کی سرے سے ضرورت ہی نہیں تو تمہاری دوسری حیثیت قائم نہیں رہتی کیونکہ تم نے مسلمان ہونے کے حق کا استعمال کیا ہے۔ ... کہ ہر شخص کو از خود علم دین حاصل کرنا چاہئے اور ایک طبقہ کو اس کا اجارہ دار نہ بنایا جائے تو یہ پھر وہی "ملاازم" ہے جس کو تم فنا کرنے کے لئے مغربی ہتیاروں سے مسلح ہوکر اٹھے ہو کیونکہ "مولوی" کے سر پر سینگ نہیں ہوتے بلکہ جو شخص علوم دینیہ کو اصول اور ضابطہ کے ماتحت سیکھے اسی کو مولوی کہا جاتا ہے اور تم ہر شخص کے لئے شرعی علوم کی تحصیل ضروری قرار دیتے ہو یعنے سارے مسلمانوں کو "ملا" بننے کی دعوت دیتے ہو حالانکہ تمہارا مقصد "ملا" بنانا نہیں بلکہ "ملاازم" اور مولویت کو فنا کرنا ہے!

خیران حیثیتوں کو بھی جانے دیجئے صرف یہ بات دریافت کرنیکی اجازت دیجئے کہ کیا آپ جیسے مہذب اور روشن خیالوں نے کسی قوم و ملک کو یہ مشورہ بھی دیا ہے کہ اطبا اور حکما کو فنا کردیا جائے اور ہر شخص ڈاکٹر اور طبیب بن جائے؟ کیا آپ نے کبھی یہ تحریک کی ہے کہ وکلاء اور بیرسٹر، انجینئر، پروفیسر، اخبار نویس، ارباب سیاست، سائنس اور عقلی علوم کے ماہر وغیرہ اشخاص اور جماعتوں کو نیست و نابود کردیا جائے اور ہر شخص ڈاکٹر بھی بنے اور حکیم بھی، انجینئر اور پروفیسر بھی کہلائے اور صحیفہ نگار اور سیاست داں بھی، سائنس کے انکشافات بھی کرے اور وکالت اور بیرسٹری بھی؟ ...

(بنجر الجمعیۃ دہلی)

۱۵ مارچ میں امرت دھارا اور اس کے مرکبات ۱۲ قیمت پر۔ باقی ادویات دکتب نصف قیمت پر منگوائیں!

## ۳۱ مارچ ۱۹۳۵ء تک چار روپے کی بجائے دو روپے آٹھ آنہ میں منگوائیں!

جناب کچھی نور دید بھوشن پنڈت ٹھاکر دت جی شرما وید موجد امرت دھارا لاہور کا تیار کردہ

### حکیم — ایک انوکھا میڈیسن بکس یعنے

۳۱ مارچ تک رعائیت | ۳۱ مارچ تک رعائیت

دنیا میں کوئی ایسا میڈیسن بکس نہ ہوگا۔ یہ بکس جیب میں رکھا جا سکتا ہے جس میں صرف تین ادویات ہیں جنکی موجودگی میں کسی اور دوائی کی ضرورت نہیں۔ اول امرت دھارا جو لاکھوں مرد اور عورت آزما چکے ہیں کہ تقریباً کل امراض کا علاج ہے اندرونی و بیرونی استعمال ہوسکتی ہے اسکی مدد کیواسطے دو اور ادویات در رکھی ہیں۔ ایک امرت گولی جو دست آور ہے اور ۴۸ امراض کو باثر مفید ہے۔ اور ایک گندھارس جو کہ قابض ہے اور ہر قسم دست، سنگرہنی، پیچش وغیرہ کو اکسیر ہے قبض دست کی جیسے ضرورت ہو امرت دھارا کی مدد کیواسطے ان میں سے ایک کو رکھ کر کل کا قلع قمع ہوجاتا ہے۔

خط وکتابت کا پتہ: امرت دھارا آفس لاہور۔ المشتہر منیجر امرت دھارا اوشدھالیہ، امرت دھارا بھون، امرت دھارا روڈ، امرت دھارا ڈاکخانہ، لاہور

شیخ الحدیث حضرت مولانا حسین احمد مدنی مدظلہ العالی کے

## سیاسی نوٹس کا مجموعہ تعلیمی ہند

مرتبہ مجلس قاسم المعارف دیوبند۔ اعلیٰ کتابت و طباعت۔ قیمت ۱۲
ملنے کا پتہ:- (مولوی) محمد ادریس منیجر مکتبہ شرقیہ محلہ سوئیگران دہلی

## سچا ہمدم و رہبر بے دام

پاک صاف خیالات پیدا کرکے جسمانی و روحانی صحت حاصل کرنے کیلئے دنیا میں سچی خوشی دستیاب کرنے کیلئے آپ آج ہی ایک کارڈ تحریر کرکے کتاب کام شاستر بالکل مفت منگالیں۔

وید شاستری، جام نگر، کاٹھیاواڑ



## قرص جریان

ہمدرد دواخانہ یونانی دہلی

## معجون مقوی معدہ

ہمدرد دواخانہ یونانی دہلی

اپنے طرز کی بالکل نئی تصنیف!

## بلاغ مبین

مصنفہ مولانا حفظ الرحمٰن سیوہاروی

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ان تمام خطوط و فرامین کا مجموعہ جو آپنے مختلف اوقات میں بادشاہوں و حکمرانوں کے نام دعوت اسلام کے سلسلہ میں بھیجے اور انکے متعلق مفصل تاریخی مباحث، بیش بہا تاریخی اور حدیثی تحقیقات ... اور خالص اسلامی اصول، موجودہ طریق تبلیغ مناظرہ وغیرہ کی مضرت پر تبصرہ۔ اعلیٰ کتابت و طباعت خوشنما جلد ... قیمت دو روپے۔

ملنے کا پتہ:- (مولوی) محمد ادریس منیجر دفتر بلاغ مبین دہلی یا منیجر مکتبہ اسلامیہ سیوہارہ ضلع بجنور

بسم اللہ الرحمن الرحیم

# الجمعیۃ دہلی

یوم شنبہ ۱۰ ذی الحجہ ۱۳۵۳ہجری

## عید اضحیٰ اور مسلمانوں سے حقیقی قربانی کا مطالبہ

### سنت خلیل اللہ کا مقصد اور مسلمانوں کا فرض

الحمد للہ کہ عید اضحیٰ گزشتہ سالوں کی طرح پھر ہم پر سایہ فگن ہوئی اور دہ بار بار آنے والا وہ ابدی عہد پھر تازہ ہوا جو ہر مسلمان سے اسلام کے نام پر لیا گیا تھا۔ عید اضحیٰ کی یہ مبارک تقریب حضرت ابراہیم خلیل اللہ صلوٰۃ اللہ وسلامہ علیہ کی اس عملی سیرت کی یادگار ہے جس نے استقامت، صبر، توکل، ایثار، رضائے ...

#### حقیقی قربانیاں کرنے والے

اسلام کی حقیقی قربانیوں کی تکمیل صحابہ کرام نے کی۔ انہوں نے حق کی خاطر اور اللہ کی رضا کے لئے گھروں کو چھوڑا، عزیزوں، فرزندوں اور بیویوں سے علیحدہ ہوئے۔ اپنے مال کو دین الٰہی کی اشاعت و حفاظت کے لئے لٹایا۔ مختلف معرکوں ...

#### اجتماعیت اور عید اضحیٰ

اسلامی تقریبات کے مقاصد میں ایک اہم مقصد یہ ہے کہ مسلمان انفرادیت کی لعنت سے نکل کر اجتماعی زندگی کی خوشگوار فضا میں سانس لیں ...

#### اسلام اور قربانی

...

## شذرات

### شریعت بل پر مباحثہ

صوبہ سرحد کی مجلس مقننہ میں خان حبیب اللہ خاں کی جانب سے جو شریعت بل پیش کیا گیا ہے اس کی متفقہ تائید و حمایت ایک بہت بڑی نمائندہ کانفرنس کے ذریعہ کی جا چکی ہے جس کی کارروائی ہم ان کالموں میں شائع کر چکے ہیں۔ اس عظیم الشان کانفرنس کی قرارداد سے جس کو صوبہ سرحد کے پندرہ ہزار علماء، زعماء و اعیان نے متفقہ طور پر منظور کیا تھا یہ امر بالکل واضح ہو گیا تھا کہ اس صوبہ کے مسلمان من حیث القوم شریعت بل کو قانون کی شکل میں منتقل کرانے پر تلے ہوئے ہیں مگر اس کانفرنس کے باوجود ...

### بلوچستان کے مسئلہ پر حکومت کو شکست

صوبہ بلوچستان کی آبادی پر جو زہرہ گداز مظالم ڈھائے جا رہے ہیں ان کی کیفیت انہی کالموں میں کسی قدر تفصیل کے ساتھ شائع ہو چکی ہے۔ سارے ہندوستان میں شاید کوئی علاقہ بھی موجودہ حکومت کے نزدیک اس قدر مور دِ عتاب نہیں ہے جتنا کہ بلوچستان ہے اور کہیں کا طرز حکومت بھی اتنا مستبدانہ اور رجعت پسندانہ نہیں ہے۔ باوجود ہزاروں بار کی مسلسل کوششوں اور پیہم جد و جہد کے ابھی تک وہاں کے باشندوں کو شہریت کے ابتدائی حقوق بھی نہیں دیئے گئے ہیں ...

## حوادث و احکام

### استفتاء

...

### الجواب

...

## دار الحکومت

### ہندوستانی دواخانہ پر ہجوم

#### پولیس کا پہرہ۔ تین اشخاص گرفتار

دہلی ۱۳ مارچ۔ آج صبح بلیماران میں ہندوستانی دواخانہ پر کچھ لوگوں کا ہجوم ہو گیا جس نے ناگوار صورت اختیار کر لی۔ ...

### ایڈیٹر قومی گزٹ کے خلاف درخواست مسترد

...

### کاٹھ بازار کی طوائفوں کو نوٹس

...

### انٹی کمیونل ایوارڈ کانفرنس کا ردعمل

#### مسلمانوں کی طرف سے ایوارڈ کانفرنس کا اعلان

...

### گندم کی درآمد کے محصول میں کمی

...

### اعلان تعطیل

چونکہ عید اضحیٰ کی تقریب سعید میں دفتر الجمعیۃ اور جید برقی پریس میں اخبار چھپتا ہے بند رہے گا اور تعطیل منائی جائے گی اس لئے ... مارچ کا الجمعیۃ شائع نہ ہوگا۔ تعطیل کے بعد ... مارچ کا پرچہ ناظرین کرام کی خدمت میں پہونچے گا۔ قارئین کرام اور ایجنٹ صاحبان نوٹ کر لیں۔ (منیجر)

## فقیر علی نگر نے پھر حملے شروع کر دئے

### برطانوی افواج کی زبردست گولہ باری

#### صوبہ سرحد پر جارحانہ حملوں کا سلسلہ

پشاور ۱۳ مارچ۔ تازہ ترین اطلاعات سے معلوم ہوتا ہے کہ فقیر علی نگر نے اپنے رفیق غفور خاں کے ساتھ پھر مخالفانہ اور جارحانہ کارروائیاں شروع کر دی ہیں ...

## حکومت پنڈت جواہر لال نہرو کو رہا نہیں کرے گی

### ہوم ممبر کا بیان

...

### کانگریس اور سلور جوبلی

#### کوئی قوم پرور شرکت نہیں کرے گا

...

### پنڈت جواہر لال اور سیاسی اسیروں کو رہا نہیں کیا جائیگا

#### کونسل آف اسٹیٹ میں ہوم سکرٹری کا بیان

...

## حکومت موجودہ شرح تبادلہ کو منظور نہیں کرے گی

### اسمبلی میں ممبر مالیات کا بیان

...

### پندرہ سرخ پوش ابھی تک محبوس ہیں

...

### مارشل لا کے قیدیوں کی تعداد

...

### سندھ میں جہالت کو دور کرنے کی عملی تجویز

...

### بلوہ آگرہ کے ہلاک شدگان کے اعزہ کو معاوضہ

...

### زرعی پیداوار کا نصف حصہ قرق نہیں ہوگا

...

### پنڈت مالویہ کا وفد انگلستان کو

...

## حکومت کے خلاف ملامت کی تحریک

### پارلیمنٹ میں اسلحہ بندی کی مذمت

...

### جرمنی نے معاہدہ ورسیلز کو ختم کر دیا

#### ہوائی قوت کی موجودگی کا اعتراف

...

### انڈیا بل کی مزید دفعات منظور

...

### اشتراکیوں، طالب علموں اور فوج میں جنگ

...

### جاپان کے ہاتھ چینی ریلوے فروخت کر دی گئی

...

### لیبر پارٹی کی تحریک ملامت مسترد

...

### وزیر اعظم انگلستان کے ریٹائر ہونے کا امکان؟

...

### انڈیا بل کے متعلق وائٹ پیپر شائع ہوگا

...

### رسالہ قرآنک ورلڈ کا اجراء

...

# اسمبلی میں حکومت کو ایک دن میں دوسری مرتبہ شکست

## فوج کو ہندوستانی بنانے کا مطالبہ۔ محکمہ فوج کا مطالبہ نامنظور

## برطانی بلوچستان میں حکومت کی جابرانہ پالیسی کی مذمت

نئی دہلی ۱۲ مارچ۔ کل مسٹر عبدالمتین چودھری کی پیش کردہ تحریک تخفیف پر بحث کے دوران میں بہت سے مقرروں نے اظہار خیال کیا اور فوج کو ہندوستانی بنانے پر زور دیا۔ ایک مقرر نے فوج میں سے وائسرائے کے کمیشن عہدوں کے بند کئے جانے پر سخت اعتراض کیا اور کہا کہ اس عمل سے فوج کو ہندوستانی بنانے میں دیر لگے گی۔ مسٹر ٹوٹنہم نے حکومت کی پالیسی کی وضاحت کرتے ہوئے کہا کہ حکومت کی پالیسی کبھی یہ رہی اور نہ رہے گی کہ کل ہندوستانی فوج کو خالصاً ہندوستانی کر دیا جائے۔ حکومت کی یہ پالیسی ہے کہ صرف ایک ڈویژن کو افسران سے لیکر سپاہیوں تک ہندوستانی کر دیا جائے موجودہ رفتار سے توقع ہے کہ یہ کار روائی ۱۹۴۵ء تک مکمل ہو جائیگی۔ آپ نے اس امر کی تردید کی کہ برطانیہ کو ہندوستانیوں پر اعتماد نہیں۔ ایک مقرر نے کہا کہ ہندوستانی افواج میں برطانوی عنصر کی جگہ ہندوستانیوں کو دے دینا چاہئے۔ ہندوستانی فوج اس بات کا ناقابل تردید ثبوت پیش کر چکی ہے کہ وہ اپنے ملک کی حفاظت کرنے کی قابلیت رکھتی ہے۔ جب اس تخفیف کی تحریک پر رائے لی گئی تو ۶۸ کے مقابلہ میں ۶۹ ووٹوں کی اکثریت سے تحریک پاس ہو گئی۔ سیٹھ حاجی عبداللہ ہارون نے بھی تخفیف کی ایک تجویز کے ذریعہ حکومت کے تشدد کے رد یہ پر سخت نکتہ چینی کی جو برطانوی بلوچستان میں روا رکھی جاتی ہے۔ تخفیف کی یہ تحریک بھی ۵۶ کے مقابلہ میں ۶۵ آرا کی اکثریت سے پاس ہو گئی۔

# یونان میں باغیوں کی مکمل پسپائی

## حکومت کی فتح۔ تین ہزار باغی گرفتار۔ باغی افسر کی خودکشی

ایتھنز ۱۲ مارچ۔ یونان کی بغاوت کے سلسلہ میں تازہ اطلاعات مظہر ہیں کہ خلیج سوڈا میں باغیوں کے جنگی جہاز حکومت کے حوالہ کر دیے گئے ہیں کریٹ میں زیر باقاعدہ حکومت قائم ہو گئی ہے اور وہاں سے باغی لیڈر اور اس کی بیوی جہاز ایورت پر سوار ہو کر چلے گئے ہیں۔ جو وفادار رعایا باغیوں کے قبضہ میں تھی (۲۳) کو رہا کرا دیا گیا ہے۔ مقدونیہ کی مہم میں حکومت کے گیارہ آدمی ہلاک ہو گئے اور ۸۰ مجروح ہوئے۔ مقامی بنکوں سے باغیوں نے ایک لاکھ ۲۰ ہزار سٹرلنگ وصول کیا اتنا دہ گرفتار شدہ باغیوں کے پاس سے مل گیا ہے۔ ایک عام جلسہ طلب کیا گیا ہے۔ جس میں باغیوں پر فتح حاصل کرنے پر حکومت کو مبارکباد دی جائے گی۔

تقریباً پر قبضہ ہونے کے بعد حکومت کی فتح مکمل ہو گئی ہے۔ باغیوں کے افسروں نے علاقہ تھریس کو چھوڑنے سے قبل بنک یونان کی مقامی شاخ پر دھاوا مارا اور انہوں نے ہر کروڑ ڈرکماس اپنے قبضہ میں کر لئے اور جنگی جہازوں میں سوار ہو کر بھاگ گئے۔ معلوم ہوا ہے کہ باغیوں کے چیف افسر نے خودکشی کر لی ہے۔ حکومت توقع کرتی ہے کہ وہ ایک ہفتہ کے اندر خشکی اور تری سے باغیوں کا نام و نشان تک مٹا دیگی۔ تھریس میں تین ہزار باغیوں کو گرفتار کر لیا گیا ہے۔

## چین میں گھمسان کی لڑائی

### ہزاروں اشتراکی مارے گئے

لندن کے اخبارات ٹیلیگراف کا نامہ نگار شنگھائی سے اطلاع دیتا ہے کہ نانکن کی قومی گورنمنٹ کمیونسٹوں اور دیگر باغیوں کا خاتمہ کرنے کے لئے سرگرم کار ہے باغی جماعتوں کا حکومت کی فوجوں سے کئی مقامات پر مقابلہ ہو چکا ہے۔ ایک مقام پر خوب گھمسان کی جنگ ہوئی جس میں ہزاروں آدمی ہلاک و زخمی ہوئے کمیونسٹ اور ان کے ساتھی پہاڑیوں میں چھپ گئے ہیں۔ اور موقع کی تلاش میں ہیں۔ حکومت کی طرف سے ان کی گرفتاری کے لئے لشکر بھیجا گیا ہے اور انتہائی کوشش کی جا رہی ہے کہ باغی عنصر کا بالکل خاتمہ کر دیا جائے تاکہ یہ لوگ لوگوں کو امن سے زندگی بسر کرنے دیں۔ امید کی جاتی ہے کہ حکومت کی لشکر ...

انہوں نے نیابتی کا لفظ خوب استعمال کیا ہے۔ ایک دو مرتبہ انہوں نے رائے عامہ کا ساتھ بھی دیا ہے کہ وہ اسے اپنی نیابتی سمجھنے لگے ہیں۔ ہمیں اندیشہ ہے کہ کہیں حاکم ثانی بھی ان کی نیابتی پر آپ کی غیر مہربانی نہ بدلنے لگے۔

ہم ان کو یہ بتا دینا چاہتے ہیں کہ نوجوان مسلم اپنے نام نہاد لیڈروں سے قطعی تنگ آ گئے ہیں اور اب وہ یہی دعا مانگتے ہیں کہ خدا انہیں ان سے بچائے۔ وہ اس روز کے منتظر ہیں۔ جب کہ انہیں بھی ووٹ دینے کا حق حاصل ہوگا۔

## اٹلی میں ہندوستان کے خلاف فلمی پروپیگنڈا

### ہندوستان میں ننگے اور بدصورت انسان ہیں؟

## جہاز رحمانی اور رضوانی جدہ پہونچ گئے

## مولوی حبیب الرحمن نو مسلم کے بچہ کا اغوا

### انجمن سیف الاسلام دہلی کی تجویز

۱۰ مارچ ۱۹۳۵ء کو دہلی کی موقر جماعت انجمن سیف الاسلام دہلی کے سٹیج پر جامع دہلی کے سامنے ایک عظیم الشان پبلک جلسے میں زیر ذیل ریزولیوشن ایسے وقت پیش کیا گیا اور اتفاق رائے سے پاس کیا گیا جب کہ نہ صرف اہل دہلی بلکہ ہندوستان کے مختلف صوبوں کے ہزاروں مسلمانوں سے پنڈال کھچا کھچ بھرا ہوا تھا۔ چونکہ برٹش انڈیا کے مسلمانوں میں مولوی حبیب الرحمن صاحب نو مسلم حال مقیم سنگرور ریاست جیند کے صاحبزادے حافظ عزیز الرحمن ...

کو جلد از جلد مجرمین کے قبضے سے نکال کر بچے کے والد مولوی حبیب الرحمن صاحب نو مسلم کے حوالے کر دے ورنہ بصورت دیگر اس کے نتائج کی ذمہ داری حکومت جیند پر ہوگی۔

## اسمبلی کے بعض مسلم ارکان کی مذمت

### یونیورسٹی علی گڈھ کے انڈر گریجویٹوں کا بیان

علی گڈھ یونیورسٹی کے معاند انڈر گریجویٹوں نے مندرجہ ذیل بیان شائع کیا ہے:۔

اسمبلی میں مسلم حلقوں کی نمائندگی کرنے والے مسلم ممبران نے اپنے رویہ کے ...

## بشارتوں والا مترجم قرآن مجید

## سونے کی ڈلیاں کوڑیوں کے مول

دواخانہ کنز المجربات کوچہ چیلان گلی راجان دہلی سے طلب کریں

## جوہر عشق



# آل انڈیا مسلم ایجوکیشنل کانفرنس کا سالانہ اجلاس

## ہندوستان کے تاریخی شہر آگرہ میں

### بتاریخ ۱۹، ۲۰، ۲۱ مارچ

آگرہ کو زمانہ گذشتہ کی اسلامی تاریخ میں جو عظمت و شہرت حاصل ہے وہ محتاج بیان نہیں، آگرہ کی خاک کا ایک ایک ذرہ مسلمانوں کی گذشتہ عظمت و شوکت کی شہادت دے رہا ہے، اور آج بھی آگرہ کو یہ اہمیت حاصل ہے کہ اس کی شاہی عمارات اور عبرت انگیز مناظر کو دیکھنے کے لیے یورپ اور امریکہ تک سے سیاح آتے ہیں، لیکن کس قدر حسرت و افسوس کا مقام ہے کہ جو شہر کسی زمانہ میں اسلامی جاہ و جلال کا مرکز تھا اور جہاں یگانہ روزگار علماء و ارباب کمال موجود تھے اس دور ترقی میں جب کہ ہر قوم حصول علم کے لئے بیتاب ہے، مسلمانوں کا ایک معمولی درجہ کا کالج بھی آگرہ میں موجود نہیں ہے اور وہاں کے مسلمان بھی دوسرے غیر معروف مقامات و قصبات کی طرح تعلیم میں پسماندہ ہیں۔

مندرجہ بالا حالات مقتضی ہیں کہ آگرہ کے مسلمانوں میں تعلیمی بیداری پیدا کی جائے تاکہ وہ سینکڑوں خاندان جو افلاس و جہالت کی وجہ سے تباہی کے کنارہ پر پہنچ گئے ہیں سنبھل جائیں اور اگر اپنے لئے نہیں تو اپنی اولاد کے مستقبل کے لئے کچھ کر سکیں۔ اس لئے آل انڈیا مسلم ایجوکیشنل کانفرنس نے یہ ارادہ کیا ہے کہ وہ آگرہ کے مسلمانوں میں احساس پیدا کرے اور ان کی تعلیمی ترقی کے اسباب و وسائل تیار کرنے کے لئے اپنا سالانہ اجلاس آگرہ میں منعقد کرے۔

... بیٹنے میں نوساختہ مارکیٹنگ سٹیشن کا خیر مقدم کیا گیا۔ صوبجات اور ریاستوں کے نمائندوں کے نمائندوں نے اس پر زور دیا کہ کسانوں کی پیدا کردہ چیزیں مناسب قیمتوں پر بکوائی جانی چاہئیں۔ اس سلسلے میں ضروری فنڈ مہیا کئے جانے کے لئے حکومت کو خراج تحسین ادا کیا گیا۔

کیمیاوی زراعت کے ہونے والے تجربات پر خاص طور پر غور کیا گیا یہ بتایا گیا کہ گذشتہ چند سال میں اس سلسلے میں خاصا کام ہوا ہے اور اس سے صوبجات اور ریاستوں کے کسانوں نے فائدہ بھی اٹھایا ہے۔

ایک تجویز میں یہ سفارش کی گئی کہ ایک محکمہ بورڈ کی تحقیقات اور دیکھنے کے لئے بنایا جائے کہ کس قسم کی زمین میں کونسے پودے بہتات سے پیدا ہو سکتے ہیں اور باہر سے آئے ہوئے پودوں کو ایسی کن زمینوں میں لگایا جائے جن میں وہ خوشگوار نتائج پیدا کر سکیں۔ اس محکمہ کا نام بیورو آف پلانٹ انٹروڈکشن Bureau of Plant Introduction

جلسے میں کھیتوں کی آبپاشی کے متعلق تفصیل غور کیا گیا۔ یہ بھی بتایا گیا کہ گذشتہ چند سال میں محکمہ آبپاشی اور زراعتی بورڈ کے اتحاد عمل سے بڑا کام ہوا ہے ...

## اپیل برائے مسلم ہائی سکول پٹیالہ

## اعلان

## مدرسہ عربیہ امدادیہ مراد آباد

## زراعتی ترقی کی تدبیریں

### زراعتی بورڈ کی ایک اہم میٹنگ

## گوئی امساک

## محبوب عاشق کے قدموں پر

سلنے کا پتہ:۔ فضل شاہ عالم گلی راجان دہلی

## دو تجربہ والا معجز نما قرآن مجید

منیجر اخبار الجمعیۃ گلی قاسم جان دہلی

## بچوں والو ہوشیار

## بال جیون گھٹی

پتہ:۔ منیجر بال جیون کاریالیہ علیگڈھ شہر

## ملک کشمیر کی قابل بھروسہ ...

شہد براہمی وغیرہ ادویہ پور گورنمنٹ جموں کشمیر

# صرف تین روپیہ میں چار گھڑیاں

## ایک عدد اصلی جرمن ٹائم پیس۔ ایک عدد ڈمی پاکٹ واچ۔ دو عدد ڈمی رسٹ واچ

یہ گھڑیاں ہم نے خاص طور پر ولایت سے بڑی بھاری تعداد میں منگوائی ہیں اور پائیداری کے لحاظ سے یہ گھڑیاں اپنی نظیر آپ ہیں اپنی فرم کی سالگرہ کی خوشی میں ہم نے صرف دس گھڑیاں اس رعایتی قیمت پر فروخت کرنے کا فیصلہ کیا ہے بمقدار مقدار کے ختم ہو جانے پر یہی گھڑیاں اپنی اصلی قیمت پر فروخت کی جاویں گی اس لئے جلدی کریں ورنہ ایسے نادر موقع بار بار ہاتھ نہیں آیا کرتے۔ محصولڈاک ۸ علاوہ ہوگا۔

ملنے کا پتہ:۔ کارخانہ جاپان ناولٹی سٹورز مقام پٹھان کوٹ ضلع گورداسپور

# دار المصنفین کی مطبوعات کی قیمتوں میں تخفیف

## سیرۃ النبی اور سیر الصحابہ کی قیمتوں میں غیر معمولی رعایت

دار المصنفین کی تصنیفات نے اگرچہ اہل علمی حلقوں میں کافی مقبولیت حاصل کر لی ہے اور لوگوں میں ایک خاص علمی ذوق پیدا کر دیا ہے، تاہم ہمہ ملک کا ایک بہت بڑا حصہ اب تک ان کے مطالعہ سے محروم ہے، اس لئے ضرورت ہے کہ اس کا حلقہ اشاعت اور زیادہ وسیع کیا جائے۔ اسی خیال سے ہم نے ۱۹۳۵ء سے اس کی تمام مطبوعات کی قیمتوں میں عموماً اور سیرۃ النبی اور سیر الصحابہ کی قیمتوں میں خصوصاً غیر معمولی کمی کر دی ہے، امید ہے جو لوگ اب تک دار المصنفین کی تصنیفات کے مطالعہ سے محروم تھے وہ اس موقع سے فائدہ اٹھائیں گے۔

منیجر دار المصنفین اعظم گڈھ

یدُ اللہِ علی الجماعۃ

# الجمعیۃ سہ روزہ دہلی

تار کا پتہ:- الجمعیۃ دہلی
ٹیلیفون نمبر ۵۷۳۸

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۶۹۳

مدیر مسئول:- ہلال احمد زبیری (بی۔اے) معاون:- محمد عثمان فارقلیط

جلد ۲۱ | دہلی یوم یکشنبہ ۱۸ ذی الحجہ ۱۳۵۳ ہجری مطابق ۲۴ مارچ ۱۹۳۵ء | نمبر ۲۱


## حسنِ خزاں

اب ضبطِ شوق کا متحمل نہیں رہا
وہ اضطرابِ بال و پرِ دل نہیں رہا

پاسِ ادب سے کر نہ سکا شرحِ آرزو
نکلے تو ہیں، جنوں میں مگر کیا کرینگے ہائے

حسنِ خزاں کی دیکھنے والی نظر کہاں
رقصاں سرِ شہید کہ پائی حیاتِ نو

اب تک ہوائے نجد جنوں خیز ہے مگر
اب بھی دلوں میں جوشِ جنوں بیقرار ہے

تقلیدِ وضع جامہ دری عام ہوگئی
چھایا ہوا ہے، دیدہ و دل پر جمالِ حق

خونِ شہید ہے، چمن آرائے صد حیات

دل جلوہ گاہِ حسن کے قابل نہیں رہا
مشکل یہ ہے کہ عقدۂ مشکل نہیں رہا

میں بیخودی میں بھی کبھی غافل نہیں رہا
کانٹا اگر کوئی سرِ منزل نہیں رہا

گزری بہار، شورِ عنادل نہیں رہا
تیغِ ستم کو ناز کہ بسمل نہیں رہا

مجنوں سا کوئی جوہر قابل نہیں رہا
زنداں میں گرچہ شورِ سلاسل نہیں رہا

اب تو جنوں بھی عشق کے قابل نہیں رہا
باطل بھی اب نگاہ میں باطل نہیں رہا

دھوکے میں ہیں جو کہتے ہیں بسمل نہیں رہا

کس کا کمال جلوہ نگن ہے کہ اے سہیل
خود تو بھی اب نگاہ میں کامل نہیں رہا

(اقبال احمد صاحب سہیل)

## معاصرین کے افکار و آراء

### اسلام کا موسم حج

[illegible]

### مولانا شوکت علی کا عذرِ گناہ

[illegible]

### مالابار میں جمعیۃ العلماء

[illegible]

### تعلیم یافتہ نوجوانوں کا مستقبل

[illegible]

### اختلافات

اختلافات سے کبھی زمانہ خالی نہیں رہا ہے، لیکن جو اختلافات نیک نیتی سے ہوں ان سے مضرت کا اندیشہ نہیں۔ [illegible]

(کانفرنس گزٹ)

اخبار الجمعیۃ کی توسیع اشاعت کے لئے سعی فرما کر اپنی علم نوازی و مذہبیت کا ثبوت بہم پہنچایئے۔ (منیجر)


## پادری کی لڑکی کا قبولِ اسلام

اسپین کے ایک جلیل القدر پادری کی لڑکی نے جب اسلامی تعلیمات کا مقابلہ کیا اور مسلمانوں کے مذہب اور ان کے اعمال کو بغور دیکھا تو اس کے دل میں اسلام کی صداقت و حقانیت جاگزیں ہوگئی اور اس نے فیصلہ کر لیا کہ حقیقتاً اسلام ہی وہ مذہب ہے جو دنیا اور آخرت میں نجات کا راستہ بتاتا ہے۔ اور اس کے علاوہ جتنے مذاہب ہیں وہ سب باطل اور صراطِ مستقیم سے بھٹکا دینے والے ہیں۔ جب عیسائیوں کو اس کی خبر ہوئی تو تمام پادریوں نے اس لڑکی پر بے شمار مظالم ڈھائے اور اس پر ہر طرح کے مصائب میں مبتلا کیا [illegible] اور اس نے بالآخر تمام پادریوں کی ایک شاندار مجلس میں اسلام کی حقانیت پر ایک بصیرت افروز مناظرہ کیا۔ فضیلتِ اسلام اور ردِ عیسائیت کے جس قدر دلائل [illegible] اس خوش اسلوبی کے ساتھ پیش کئے کہ سامعین حیرت و استعجاب کے سمندر میں غرق ہوگئے۔ اور پادریوں سے کوئی جواب بن نہ پڑا اور وہ لڑکی ہمیشہ کیلئے اسلام ہی سے وابستہ ہوگئی۔ اس کا نام ازبلا تھا اور اس کی زندگی کے واقعات ایک کتاب میں قلمبند کر دیئے گئے ہیں۔ اگر آپ کو گزشتہ عظمت و سطوت کا مطالعہ کرنا ہے اور عیسائیت کے مقابلہ میں اسلام کی حقانیت کے لئے شاندار دلائل سے واقفیت حاصل کرنے کا شوق ہے۔ اور آپ اس کتاب کے ذریعہ تبلیغ اسلام کا فریضہ ادا کرنا چاہتے ہیں تو فوراً طلب کیجئے۔ پہلا ایڈیشن قریب الختم ہے۔ اگر دیر ہوگی تو دوسرے ایڈیشن کا انتظار کرنا پڑے گا۔ قیمت فی جلد ۱۲؍ علاوہ محصول ڈاک۔ تبلیغی مقاصد کیلئے بیس بائیس سے زائد جلدوں کے خریدار کو پچیس فی صدی کمیشن دیا جائے گا۔

ملنے کا پتہ:- منیجر الجمعیۃ دہلی



# The Al-Jamiat

R[illegible] No L 1793.

Vol. XXI No 20 DELHI SATURDAY 16th MARCH 1935 PRICE ONE ANNA



نورانی
قرآن مجید
نہایت صاف جلی اور نہایت صحیح قرآن شریف اگر درکار ہو تو نورانی قرآن مجید الجمعیۃ بک ایجنسی دہلی سے طلب فرمائیے۔ قیمت مجلد پارچہ [illegible]



پادری کی لڑکی
کا
قبول اسلام
اور اس کے حیرت انگیز کارنامے معلوم کرنے ہوں تو ازبلا منگا کر دیکھئے جس کو پڑھ کر آپ اسلام کی حقانیت کے قائل ہو جائینگے
قیمت فی جلد ۱۲ علاوہ محصول ڈاک
منیجر الجمعیۃ دہلی


## مسلمانانِ بنارس میں شدید ہیجان

### مسجد کے قریب شوالہ بنانے کی تجویز

موزخہ ۱۵ فروری ۱۹۳۵ء یوم نہم کو حسب ذیل تجاویز منظور ہوئیں:- [illegible]

[illegible]

### فرضی مولویوں کے نام سے شریعت بل کی مخالفت

کارروائی جلسہ منعقدہ ۵ مارچ ۱۹۳۵ء جو کہ باہتمام جمعیۃ العلماء کوہاٹ زیر صدارت ...... صاحب سابق میونسپل کمشنر عمل میں آئی۔

دو بجے بعد نماز ظہر جلسہ شروع ہوا جس میں مولانا احمد گل صاحب و حاجی میر سعد شاہ صاحب نبوری و قاضی محمد شفیع الدین صاحب و خان محمد لطیف خان صاحب و مولوی محمد کریم صاحب و مولوی یوسف شاہ صاحب امام جامع مسجد حضرت حاجی بہادر صاحب نے نہایت موزوں اور پُرجوش تقریریں کیں۔

اور ان فرضی مولویوں کو جن کے نام سے شریعت بل کی مخالفت اشتہار شائع ہوا تھا چیلنج دیا گیا تھا جن کے نام مفصلہ ذیل تھے:- [illegible]

(۱) مسلمانانِ کوہاٹ کا یہ جلسہ اس شخص سے اظہار نفرت کرتا ہے جس نے [illegible]

### نامہ نگار اتحاد کی دروغ گوئی

اتحاد مورخہ ۲۸ فروری ۱۹۳۵ء میں ایک گم نام مراسلہ چمپارن مسجد کمیٹی کے عنوان سے شائع ہوا ہے۔ جس کو پڑھ کر حیرت و استعجاب کی کوئی انتہا نہ رہی تعجب ہے کہ جناب ایڈیٹر صاحب نے نامہ نگار کا نام کیوں نہیں شائع کیا۔ اس میں بھی کوئی راز ہے کہ جو ایڈیٹر صاحب اور اس کے نامہ نگار کے درمیان مستتر ہے۔ مصرعہ۔ میان عاشق و معشوق رمزیست۔

بہرکیف اجمالاً یہ ظاہر کر دینا ضروری معلوم ہوا کہ نامہ نگار اتحاد نے اپنے اس مراسلہ میں نہایت دروغ گوئی اور غلط بیانی سے کام لیا ہے

[illegible]

کیا ہے اور کہاں کہاں کتنا کتنا روپیہ تقسیم کر چکی ہے اور کر رہی ہے۔ میں نامہ نگار اتحاد کو آگاہ کرنا چاہتا ہوں کہ آئندہ وہ اس قسم کی اتہامات سے اجتناب کریں ورنہ عند اللہ و عند الناس ماخوذ ہوں گے۔ فقط

(محمود علی)


اخبار الجمعیۃ
میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے

مفت! مفت!! مفت!!!
گھر بیٹھے یا باقاعدہ تعلیم حاصل کر کے آیورویدک یونانی حکمت ہومیوپیتھک یا بائیوکیمک کی سندات حاصل کرنے کا قاعدہ و قواعد کارڈ ڈال کر مفت طلب کرو۔
پرنسپل ورلڈ انڈین میڈیکل کالج انبالہ شہر

خضاب چھوڑ دو
[illegible] بال کالا اسٹورس پوسٹ کٹنی سمری دربھنگہ



## تقریر سیرت چھپ کر تیار ہوگئی

حضرت سحبان الہند مولانا الحاج حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند کی وہ بصیرت افروز خریفت آموز تقریر جو [illegible] جلسہ سیرت میں ارشاد فرمائی تھی اور جس کو بعد میں تفصیل و تشریح کے ساتھ ترتیب دے کر الجمعیۃ میں جزواً جزواً شائع کیا گیا تھا [illegible]

[illegible]

### مختصر فہرست مضامین

[illegible]

منیجر الجمعیۃ گلی قاسم جان دہلی



ایک مشہور ڈاکٹر لکھتا ہے کہ میں اس عورت کو "کلزانہ" کے استعمال کا مشورہ دیتا ہوں جو انیما کے مرض میں مبتلا ہو اور جو ایام ماہواری کی خرابی سے پیدا ہوتا ہے۔ اس سے عجیب و غریب نتیجہ ظاہر ہوگا۔"

## کلزانہ
## تمہاری بیوی کو تندرست و توانا بنا دے گی

کیا تمہاری بیوی کو بھی درد و غیرہ زنانہ امراض کی شکایت ہے جو ایام کی بے قاعدگی کے باعث پیدا ہو جاتے ہیں؟ ان تمام شکایات پر غالب آنے کے لئے کلزانہ جو ایک عجب غذا ہے اس کا ایک ڈبہ خرید کر بیوی کی مدد کرو۔ کلزانہ میں وہ تمام عناصر موجود ہیں جو خون کو تقویت پہنچاتے اور نبض کی طاقت کو آہستہ آہستہ بڑھاتے ہیں اور ان تمام چیزوں پر زبردست اثر رکھتے ہیں۔

ایک عورت جو کلزانہ کے استعمال سے پہلے تکالیف اٹھا چکی ہے لکھتی ہے کہ "کلزانہ کو آخرکار میں نے تمام امراض کے لئے تمام علاجوں کا سرتاج پایا ہے جو عورت کا ایک زبردست عطیہ ہے۔ کلزانہ عورتوں کی زندگی کے لئے ریڑھ کی ہڈی ہے۔"

بہتر تندرستی کے بعد آپ کی بیوی اور ماں ہونے کی حیثیت سے اپنے فرائض انجام دینے کے قابل ہو سکتی ہے۔ آج ہی سے اپنی بیوی کو کلزانہ کا استعمال شروع کرا دیجئے۔ کلزانہ تمام شکایات کو دور کر کے عورت کو بہتر طاقت اور عمدہ صحت کا حقدار بنا دیتی ہے

ہر دوکاندار اور دوا فروش کی دوکان پر ملتی ہے

Kalzana

تندرستی کیلئے ایک مجرب غذا ہے
کلزانہ میں کوئی ایسا جز نہیں ہے جو کسی مذہب کے خلاف ہو

# جرمنی نے معاہدہ وارسیلز کو چاک کر ڈالا

## فرانس اور برطانیہ کے قصر سیاست میں زلزلہ

### جرمنی نے پانچ گنا فوجی اضافہ کا اعلان کر دیا

### دیگر اقوام پر معاہدہ کی خلاف ورزی کا الزام

جرمنی نے معاہدہ وارسیلز کی خلاف ورزی کا دلیرانہ اعلان کر دیا جس نے تمام یورپ میں عموماً اور فرانس اور برطانیہ میں خصوصاً ایک گونہ کام دیا ہے۔ جرمنی نے پہلے تو ہوائی قوت قائم کرنے کا اعلان کیا جو معاہدہ مذکورہ کی صریحاً خلاف ورزی ہے پھر اس نے بر سول ہی جبری فوجی بھرتی اور فوج میں پانچ گنے کے اضافہ کا اعلان کر کے دنیا میں ہلچل مچا دی۔ برطانیہ اور فرانس میں سخت تشویش کا اظہار کیا جا رہا ہے۔ برطانوی وزراء برابر مشورے کر رہے ہیں مفصل کارروائی ذیل میں ...

### برطانوی وزراء کا جلسہ

برطانوی وزراء کی میٹنگ ۹۵ منٹ تک ہوئی۔ اور اس کے بعد میٹنگ ختم ہوئی اگرچہ دن بھر وزراء آپس میں ملتے رہے یہ فیصلہ کیا گیا کہ کل صبح تک کیبنٹ کی میٹنگ ملتوی رکھی جائے۔ اس لئے غالباً کوئی بیان بھی اس وقت تک شائع نہ کیا جائے گا جب تک کہ کل سر جان سائمن یہاں پر بعد دوپہر دارالعلوم میں تقریر نہیں کر چکتے۔ وزیر اعظم مسٹر ریمزے میکڈانلڈ اس ہفتہ میں لندن ہی رہیں گے۔ اور معمول کے مطابق میکڑسی واپس نہ جائیں گے۔ ...

# الجمعیۃ کا مکتوب جرمنی

## لائپزگ کی نمائش اور اسکی خصوصیات

### حیرت انگیز ایجادیں اور ترقی کے ذرائع

### عربی حروف کا ٹائپ رائٹر بھی تیار ہو گیا

(الجمعیۃ کے نامہ نگار مقیم برلن کے قلم سے)

(گزشتہ سے پیوستہ)

... اور جرمنی کی بہت زیادہ مشہور فیکٹری ہے اور انجن سے لے کر چھوٹے سے چھوٹا بجلی کا سامان تیار کرتی ہے۔ دوسری فیکٹری Siemens ہے جو بجلی کے سامان کیلئے دنیا بھر میں مشہور ہے بلکہ ہندستان میں بھی بہت کامیاب ہے۔ اس نے نمائش گاہ میں بجلی کا سامان اور موٹر اور انجن لاکر رکھے ہیں۔ نمائش میں زراعت ...

### جلد سازی کی کمپنی

ایک اور فیکٹری Kompressor fullhutter Dresden A.16 ...

Carl Bentzin garlitz (germany) ...

### عربی حروف کا ٹائپ رائیٹر

... Rheinmetall ...

### فوٹوگرافی کی فیکٹریاں

Rheinmetall Sommerda ...

Plaubel frankfurt a/m ...

Kuchenmaschinenfabrik gefela ...

Leipziger messamt Leipzig C1 ...

### دنیا کی مشہور فیکٹریاں

علاوہ ازیں ایک اور مشہور فیکٹری AEG ہے جس نے بہت سی نئی نئی چیزیں نمائش گاہ میں رکھی ہیں۔ AEG ہندستان سے بہت زیادہ تجارت کرتی ہے۔


**The HOLY QURAN**

TRANSLATION & COMMENTARY

BY

ALLAMA ABDULLAH YUSUF 'ALI

C.B.E., M.A., LL.M., I.C.S. (Retd.)

Fellow of the Royal Society of Literature (England)

A MARVELLOUS TRANSLATION

OF

THE MOST MARVELLOUS BOOK IN THE WORLD

WITH COPIOUS NOTES

AN EPOCH-MAKING CONTRIBUTION

TO

**ISLAMIC LITERATURE**

A Mirror of the Beauty of Quranic Teaching and Literature

The Commentary is rich in useful information. Not a dull Sunday Sermon, but a piece of English Literature. No Sectarian views propagated through the Commentary

ARABIC TEXT PRINTED IN BEAUTIFUL PHOTO BLOCKS

On Glazed Paper of Superior Quality. Clear Print and Get-up pleasing to the eye

BEING ISSUED IN THIRTY PARTS

**Price per Part Re. 1**

*Postage Extra*

Those who will register their orders by depositing an advance of Rs. 2/- (being price of the last two Parts) with the Publisher will get all Parts (except Ist) post-free, and in addition a complete Index free of charge.

*WRITE FOR FIRST PART TO*

**Sh. MUHAMMAD ASHRAF**

BOOKSELLER & PUBLISHER

Kashmiri Bazar - - - - LAHORE


### برطانیہ اور فرانس میں تہلکہ

### روس میں جنگی انتظامات

### جرمنی کا فوجی نظام

### جرمنی بھی روس کے خلاف تیاری کر رہا ہے



# جرمنی کے خلاف برطانیہ کا مراسلہ شائع ہو گیا

## پارلیمنٹ میں وزیر خارجہ کا اعلان

### جرمنی کی طرف سے جواب۔ حکومت امریکہ کا بیان

لندن ۱۹ مارچ۔ آج سر جان سائمن نے دارالعوام میں حکومت جرمنی کا وہ اعلان پڑھ کر سنایا جو حکومت برطانیہ کے مراسلہ کے جواب میں آیا ہے۔ جرمنی نے جواباً خواہش ظاہر کی ہے کہ برطانوی وزیر خارجہ کی مجوزہ ملاقات ہونی چاہیے اور اس امر سے اتفاق ظاہر کیا ہے کہ گفتگو اسی موضوع وسعت کی حد کے اندر کی جائے گی جس پر پہلے اتفاق ہو چکا ہے۔ سر جان سائمن نے پرزور تائیوں میں اعلان کیا کہ اس طرح جرمنی نے ہماری شرائط تسلیم کر لی ہیں ...

### جرمنی کی حقیقی خواہش

برلن سے ایک سرکاری اعلان مظہر ہے کہ جرمنی تحدید و تخفیف اسلحہ کیلئے ایک بین الاقوامی ضابطہ کیلئے گفت و شنید کا بالکل اسی طرح خواہشمند ہے جیسا کہ وہ پہلے تھا اور وہ اس گفت و شنید کی کامیابی چاہتا ہے۔ برطانوی مراسلہ پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ جرمنی یقیناً جرمنی کے واسطے ایک خاص ضابطہ حکومت کے متعلق گفت و شنید کرنے سے انکاری ہے ...

### برطانیہ کے کارہائے نمایاں

# معاہدہ وارسیلز کی شرائط کا خلاصہ

## جرمنی نے کتنا تاوان جنگ ادا کیا ہے؟

### سب سے زیادہ طویل گر بے کار معاہدہ

ذیل میں معاہدہ وارسیلز کی ان شرائط کا خلاصہ درج کیا جاتا ہے جس کے جرمنی نے اعلان کر کے پرزے پرزے کر دئیے ہیں۔

ورسیلز ایک فرانسیسی شہر ہے جو پیرس کے جنوب مغرب میں گیارہ میل کے فاصلہ پر واقع ہے۔ ...

چھین کر کسی اور کو دیا جائے۔ استصواب عامہ کا نتیجہ اس علاقے کی جرمنی کو واپسی کی صورت میں نکلا۔

(۶) سار کا علاقہ جرمنی سے چھین کر جمعیۃ اقوام کے ماتحت ۱۵ سال کیلئے دیا گیا۔ ۱۹۳۵ء میں اسے استصواب عامہ کے ذریعہ جرمنی کو واپس کرنے کی شرط رکھی گئی۔ (یہ شرط جنوری ۱۹۳۵ء کو استصواب عامہ کے ذریعہ سار کی جرمنی کے پاس واپسی پر پوری ہو چکی ہے۔)

(۷) آسٹریا کے ساتھ جرمنی کا اتحاد ممنوع قرار دیا گیا۔

(۸) لکسمبرگ کے ساتھ تحصیلی اتحاد توڑ دیا گیا۔

(۹) تمام جرمن نو آبادیاں اتحادیوں کے حوالے کر دی گئیں۔

(۱۰) تمام جرمن نو آبادیوں اور دشمن ممالک میں جملہ جرمنی پرائیویٹ کاروبار بند کر دیا گیا۔

### تاوان کی رقم

(سلسلہ کے لئے ملاحظہ ہو صفحہ ... کالم ...)

# بلاغ مبین


# امرت دھارا کی پیکنگ بدل گئی

## خوبصورت رنگین

## ایک خاص رعایت

سیاسی نوٹس کا مجموعہ — تعلیمی ہند

حضرت شاہ ولی اللہ صاحب — الخیر الکثیر

اٹھتی جوانی — بالکل مفت

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجمعیۃ دہلی
یوم یکشنبہ ۱۸ ذی الحجہ ۱۳۵۳ ہجری

# جرمنی کا خوفناک اعلان

جب حکومت برطانیہ نے اپنے فوجی بجٹ میں غیر معمولی طور پر شدید اضافہ کیا ہے اور اپنے ہوائی بیڑے کی تعمیر کے لئے ایک کثیر رقم پارلیمنٹ سے منظور کرائی ہے تو ہم نے اسی وقت اس خطرہ کا اظہار کیا تھا کہ اب اس کے بعد جرمنی، فرانس اور اٹلی کی باری آئے گی اور ان کی طرف سے اسی قسم کے اعلانات کئے جائیں گے جو یورپ کی آئندہ ہونے والی جنگ کو قریب سے قریب تر کر دیں گے۔ چنانچہ گزشتہ ہفتہ میں یورپ کے اندر جرمنی کے جدید اعلان سے جو ہلچل پیدا ہوئی ہے وہ ہماری اس پیشین گوئی ...

کی اور اس کے علیحدہ ہو جانے کے بعد جمعیۃ اقوام کو معاہدۂ وارسیلز کی ان دفعات میں جو فوجی تعداد وغیرہ سے تعلق رکھتی تھیں ترمیم بھی کرنی پڑی اور علاقہ سار کو جرمنی کے حوالے کرنا ہی پڑا۔ اب جبکہ معاہدۂ وارسیلز میں خود جمعیۃ اقوام ہی ترمیم کر چکی ہے اور اس کے دوسرے اہم ارکین مثلاً برطانیہ اور فرانس تخفیف اسلحہ کی تمام گفتگوؤں کو ختم کر چکے ہیں تو جرمنی کے لئے پھر یہ کوشش کرنا کہ وہ فوجی اعتبار سے اپنے کھوئے ہوئے وقار کو دوبارہ حاصل کرے کس طرح ...

# کراچی کا حادثہ فاجعہ

# شذرات

## والی حجاز پر حملہ

سلطان ابن سعود اور آپ کے فرزند پر حرم محترم میں جو قاتلانہ حملہ کیا گیا ہے اس کی تفصیلات اسی اخبار میں کسی دوسری جگہ درج ہیں۔ یہ حملہ ہر اعتبار سے اس قابل ہے کہ اس کی شدید مذمت کی جائے اور کوشش کر کے اصل محرکین کا پتہ چلایا جائے تاکہ دنیا کو معلوم ہو کہ حجاز مقدس کی موجودہ سیاست کو تباہ کرنے کے لئے جو پوشیدہ قوتیں مصروف عمل ہیں ان کی اصل غرض کیا ہے اور ان کے ذریعہ اسلام اور مسلمانوں کو کس قدر ناقابل تلافی نقصان پہونچ سکتا ہے۔ یہ حقیقت معلوم کر کے ہر مسلمان کو افسوس ہوگا کہ حملہ آور زیدی فرقہ سے تعلق رکھتے تھے جو اپنی شرمناک غرض کی تکمیل کے لئے یمن سے آئے تھے۔ گزشتہ سال یمن کے زیدی حکومت حجاز سے برسر پیکار رہے ہیں اور گو سلطان ابن سعود کی فوجی قوت اور حسن تدبیر سے یمن کی عسکری قوت توڑ دی گئی تھی اور اس کی مشہور بندرگاہ حدیدہ کو فتح کر لیا گیا تھا مگر اتحاد عرب اور کلمۂ اسلام کی سربلندی کی خاطر سلطان ابن سعود نے نہ صرف یمن سے ساویانہ شرائط پر صلح کر لی بلکہ وہ تمام مقبوضات بھی واپس کر دئے جو دوران جنگ میں نلقر و حجاز میں شامل کر لئے گئے تھے۔ لیکن اس جدید حملہ سے معلوم ہوتا ہے کہ یمن کے علاقوں میں انتقامی جذبہ ہنوز مشتعل ہے اور ایک زبردست سازش کے لئے بعض افراد ...

کچھ بھی کامیابی حاصل ہوئی ہے وہ سلطان موصوف ہی کے تدبر اور سرگرمیوں کا نتیجہ ہے اور آئندہ بھی وہی اس کام کو پایۂ تکمیل تک پہونچا سکتے ہیں لیکن افسوس ہے کہ دشمنوں کے لئے یہی چیز خطرہ کا الارم ثابت ہو رہی ہے جس کا ثبوت یہ حملہ ہے جو حرم مقدس میں کیا گیا۔ ہم سلطان ابن سعود کی خدمت میں مبارکباد پیش کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے ان کو دشمنوں کے شر و کید سے محفوظ رکھا اور دعا کرتے ہیں کہ وہ آئندہ بھی ہر قسم کی آفتوں سے مامون رہیں۔

## امسال کا حج اکبر

خدا کا شکر ہے کہ امسال کا حج سالہائے ماسبق سے زیادہ شان و شوکت اور خیر و خوبی کے ساتھ ختم ہوا اور خدا کے نیک اور صالح بندوں نے افتخار عالم سے ہو کر اس فرض کو ادا کیا جو مسلمانوں کی اجتماعی زندگی کا سنگ بنیاد اور اسلام کا ایک شاندار رکن ہے۔ یہ امر باعث مسرت ہے کہ اس دفعہ بیت الحرام میں حجاج کی کثرت رہی اور خصوصیت سے ترکوں، چینیوں اور الجزائر کے مسلمانوں نے اپنی بیداری کا عملی ثبوت دیکر اسلام کے اس اجتماع میں شرکت کی، اسی کے ساتھ اس امر کا افسوس بھی ہے کہ بعض استعماری حکومتوں نے ابھی تک ان غیر منصفانہ اور ناجائز قیود و شرائط کی گرفت کو ڈھیلا نہیں کیا ہے جن کی ...

# حوادث و احکام

## استفتاء

## الجواب

# دار الحکومت

## دہلی میں فساد ہوتے ہوتے رہ گیا
## شیدی پورہ میں قبریں کھود ڈالی گئیں

دہلی ۲۰ مارچ۔ منگل کی شام کو شیدی پورہ میں ایک ہندو نے قبر کھود ڈالی جس سے مسلمانوں میں سخت اشتعال پیدا ہو گیا واقعہ یہ ہے کہ ایک ہندو برہمن بج دیو نے میونسپل میموریل روڈ پر ایک پلاٹ خریدا جس کے قریب ہی مسلمانوں کا قبرستان واقع ہے اس نے عمارت کے سنگ بنیاد کے لئے زمین کھدوائی مگر عید اضحی کے باعث کسی مسلمان کو خبر نہ ہوئی آخر منگل کے روز ایک مسلمان کو پتہ لگا اور اس نے پولیس اسٹیشن میں واقعہ کی اطلاع دی۔ لیکن تھوڑی دیر کے بعد دو سو کے قریب مسلمان قبرستان میں جمع ہو گئے ...

## دہلی میں عید اضحی کی تقریب
## ہر جگہ امن وامان رہا

## نوجوان لڑکی سکول سے واپس نہیں آئی

## صدر و ناظم جمعیۃ علماء ہند کا تار
## جلالۃ الملک سلطان ابن سعود کے نام

## ناسک میں ہندو مسلم فساد
## ایک بوڑھا مسلمان ہلاک

## مکہ معظمہ میں عالم اسلامی کا اجتماع
## ترکی حجاج کی تعداد میں اضافہ

## حجاج کے سامنے والی حجاز کی تقریر

## برما کے سمندر میں تین جاپانی کشتیاں گرفتار

## ہندوستان کا آئندہ وائسرائے کون ہوگا؟

## دمشق کے برطانوی قونصل کے خلاف شکایت

## عراقی وزارت نے استعفی دیدیا

# مرحوم عبد القیوم کو پھانسی دئے جانیکے بعد کراچی میں ہنگامہ
## ۲۵ ہزار کے مجمع پر پولیس نے گولی چلادی
## ۳۵ اشخاص ہلاک اور دو سو زخمی ہوگئے
### فوج اور پولیس کا پہرہ شہر میں خوف وہراس

کراچی ۲۰ جنوری۔ مرحوم عبد القیوم کو جنہوں نے ایک ہندو نتھو رام کو توہین رسول کے جرم میں قتل کر دیا تھا اور جس کی پاداش میں ان کو جوڈیشل کمشنر کی عدالت سے سزائے موت دی گئی تھی کل صبح ۶ بجے کراچی سنٹرل جیل میں پھانسی کے تختہ پر لٹکا کر سزائے موت دیدی گئی۔ اس کے بعد مسلمانوں کے ایک کثیر مجمع پر پولیس اور فوج نے گولیاں برسائیں جس سے ۳۵ مسلمان ہلاک اور ستر سے زائد زخمی ہوئے۔ بعد کی اطلاع ہے کہ زخمیوں کی تعداد بہت زیادہ ہے۔ تفصیلات مظہر ہیں کہ کل صبح پھانسی کے بعد عبد القیوم کی لاش سٹی اور ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کے حوالہ کر دی گئی جنہوں نے پولیس پارٹی کے ہمراہ اسکو میوہ شاہ کے قبرستان میں پہونچا دیا اور لاش کو ورثاء کے حوالہ کر دیا ...

## کراچی میں امن وامان قائم ہوگیا
### اسمبلی میں التواء اجلاس کی تحریکیں

## کراچی کے واقعہ کی گونج پارلیمنٹ میں
### وزیر ہند کا بیان

## حکومت بنگال کو شکست
### سرکاری مطالبہ میں تخفیف منظور کر لی گئی



# اجودھیا کے مسلمانوں نے قربانی کر ڈالی
## فیض آباد میں عیدگاہ پر حملہ
### ۲۲ مسلمان اور ۴ ہندو گرفتار

لکھنؤ ۱۸ مارچ۔ مزید تحقیقات اور دریافت کے بعد سرکاری حلقوں سے پتہ چلا ہے کہ آج شام کو بھی جب کہ بقر عید کا آخری دن ہے، اجودھیا میں بالکل امن رہا۔

گو کسی قسم کا کوئی جھگڑا فساد نہیں ہوا تاہم معلوم ہوا ہے کہ پولیس نے بائیس آدمیوں کو گرفتار کر لیا ہے اور سب گرفتاریاں صرف گزشتہ تین ہی دن کے عرصہ میں ہوئی ہیں جب کہ مسلمانوں نے دفعہ ۱۴۴ کے ماتحت امتناعی احکام کی خلاف ورزی کی۔

ہر چند کہ احکام کی رو سے اجودھیا میونسپلٹی کے حدود کے اندر گائے کی قربانی ممنوع تھی لیکن مسلمان اس سے خوفزدہ نہیں ہوئے۔ چنانچہ دو مسلمانوں نے شاہجہاں پور میں گائے کی قربانی عین عید کے دن ۱۰ ذی الحجہ کو کی ...

## دہلی میں ریاستی وزراء کی کانفرنس

## جرمنی کے تازہ اعلان

## ہز ہائینس بال بال بچ گئے

## حبش اور اٹلی کی صلح ٹوٹ گئی

## برطانوی افواج میں تخفیف نہیں ہوگی

## بلجیم کی حکومت مستعفی ہوگئی

# حملہ آوروں کو موقعہ پر ہی گولی سے اڑا دیا گیا

## انگلستان اور ہندوستان میں حملہ کی پرزور مذمت

لندن ۱۸ مارچ ۔ جلالۃ الملک سلطان ابن سعود والی حجاز اور آپ کے ولی عہد امیر سعود پر جمعہ کی صبح کو قاتلانہ حملہ کیا گیا اور اللہ تعالیٰ نے ان دونوں کو دشمنوں کے حملوں سے بال بال بچا لیا سلطان حجاز اور آپ کے شاہزادے امیر سعود کعبۃ اللہ میں حجر اسود کو بوسہ دینے کے بعد چوتھی بار طواف کر رہے تھے کہ چند آدمی جو خنجروں سے مسلح تھے ان پر ٹوٹ پڑے اور قاتلانہ حملہ کی کوشش کی لیکن ولی عہد نے بڑی جانبازی کے ساتھ حملہ کو روکا اور باڈی گارڈ نے حملہ آوروں کے سرغنہ کو قبل اس کے کہ وہ دوسری بار حملہ کرے گولی مار کر ختم کر دیا اس طرح دوسرے حملہ آوروں نے ولی عہد پر حملہ کرنے کی کوشش کی لیکن قبل اس کے کہ وہ امیر سعود کو کسی قسم کا نقصان پہونچا سکیں گولی مار کر ہلاک کر دئے گئے خدا کا شکر ہے کہ نہ تو سلطان ابن سعود کو کوئی چشم زخم پہونچا اور نہ امیر سعود ولی عہد کو کوئی زخم آیا۔ اس کے بعد والیٔ حجاز اور ولی عہد دونوں نے سات مرتبہ کعبہ کا طواف کر کے نہایت اطمینان اور سکون کے ساتھ اپنے فرض کی تکمیل کی معلوم ہوا ہے کہ حملہ آور یمن کے زیدی ہیں۔

### ولی عہد کی جرأت

تفصیلات مظہر ہیں کہ شاہ ابن سعود جب حجر اسود کو بوسہ دینے کے لئے قریب پہونچے تو حملہ آوروں کے سرغنہ نے ان پر حملہ کرنے کی کوشش کی لیکن ولی عہد امیر سعود نے اس کو مضبوطی سے پکڑ لیا ...

لندن ۱۸ مارچ ۔ آج لندن کی مسجد میں مسلمانوں کا اجتماع ہوا اور شاہ ابن سعود پر قاتلانہ حملہ آوروں کے اس فعل پر نفرت کا اظہار کیا گیا ...

### ترکی میں جمعہ کے بجائے اتوار کو تعطیل

### جرمنی مجلس اقوام میں شریک ہو جائیگا

### بچوں والو ہوشیار

بال جیون گھٹی

منیجر بال جیون کارخانہ علی گڑھ

قرص جریان

ہمدرد دواخانہ یونانی دہلی



نونہال

ہمدرد دواخانہ یونانی دہلی

### سونے کی ڈلیاں کوڑیوں کے مول

طاقت وہ طاقت جس سے بوڑھے جوان اور جوان قابل فخر نوجوان بن جاتے ہیں صرف حب زرین ہی کے ذریعہ حاصل ہو سکتی ہے جس کے استعمال سے قوت کا لازوال خزانہ حاصل ہو سکتا ہے۔

مکمل خوراک (۴۰ گولیاں) صرف دو روپیہ آٹھ آنہ (۲/۸) میں

دواخانہ کنز المجربات کوچہ چیلان گلی راجان دہلی سے طلب کریں

### محکمہ تعمیرات مسلم یونیورسٹی علی گڑھ

## نوٹس

۱۔ طبیہ کالج ہسپتال اور طبیہ میڈیکل کالج مسلم یونیورسٹی کی عمارات کی تعمیر کے لئے منظور شدہ فارموں پر انگریزی میں سربمہر ٹنڈر کی ضرورت ہے جو ۲ اپریل ۱۹۳۵ء بروز منگل ساڑھے گیارہ بجے تک پہنچ جانے چاہئیں اس کے بعد کوئی ٹنڈر وصول نہیں کیا جائے گا۔

۲۔ منظور شدہ ٹنڈر فارم محکمہ تعمیرات کے دفتر سے ایک روپیہ فی فارم کے حساب سے حاصل کیا جا سکتا ہے۔

۳۔ ٹنڈر بھیجنے والوں کو پہلے ایک ہزار روپیہ بطور ضمانت چیف اکاؤنٹنٹ کے پاس جمع کرنا ہوگا۔ اور رسید ٹنڈر کے ساتھ منسلک کر کے بھیجی جائے گی۔ ٹنڈر کی نامنظوری کی صورت میں روپیہ واپس کر دیا جائے گا۔

۴۔ کامیاب درخواست دہندوں کو ضمانت کی وہ رقم جس کو بلڈنگ کمیٹی مقرر کرے ٹنڈر کی منظوری کے بعد پندرہ یوم کے اندر اندر مسلم یونیورسٹی کے حوالہ کرنی ہوگی۔ یہ زر ضمانت کامیاب درخواست کنندوں کو ادائیگی کے چھ ماہ بعد واپس کر دیا جائے گا۔

۵۔ اس کام پر تقریباً ایک لاکھ بیس ہزار روپیہ کی لاگت آئیگی۔

۶۔ درخواست اور آرڈر کو قبول کرنے کے چھ ماہ بعد تمام کام کی تکمیل ہو جانی چاہئے۔

۷۔ نقشہ جات اور قواعد و ضوابط اور دیگر امور کے متعلق دفتر کے اوقات میں ہر روز معائنہ کیا جا سکتا ہے سوائے اتوار اور ایام تعطیل کے۔

۸۔ تعمیرات کے کاموں کے متعلق سابقہ تجربات کی اسناد درخواستوں کے ہمراہ آنی چاہئیں۔

۹۔ یونیورسٹی انجینئر کو یہ حق ہوگا کہ وہ بغیر کسی سبب کے بتائے ہوئے کسی درخواست کو نامنظور کر دے۔

ذکاء اللہ خاں۔ یونیورسٹی انجینئر ۱۳ مارچ ۱۹۳۵ء

### جو ہر عشبہ ۔ اپنی کے اہم فوائد

بڑی شیشی تین روپیہ — چھوٹی شیشی ڈیڑھ روپیہ

فائدہ (۱) ...

فائدہ (۲) جس کی تصدیق ۴۵ مختلف ... اور مختلف عمر کے لوگوں نے کی ہے ... چہرے پر بے رونقی۔ ہاتھ پاؤں کی جلن ...

فائدہ (۳) چہرہ پر چھائیاں ... زخم ہو جائیں ایسے حالات میں نہایت مفید ہے۔

فائدہ (۴) ...

فائدہ (۵) ...

فائدہ (۶) ...

الغرض یہ مرکب ... جس سے تمام خونی اور جلدی بیماریاں دور ہو جاتی ہیں۔

پتہ: دواخانہ حکیم ڈاکٹر غلام نبی زبدۃ الحکماء شفائی سند یافتہ موچی دروازہ لاہور



# مختصرات

### شمشیر برہنہ

روشن فارسی نزد پٹھان کوٹ ضلع گورداسپور

### سر معشوق

روشن فارسی نزد پٹھان کوٹ ضلع گورداسپور

### ملک کشمیر کی قابل بھروسہ ...

نانک چند گپتا جنرل سپلائی سٹور رشدہ کیسر شلاجیت شہد برہمی وغیرہ اودہم پور گورنمنٹ جموں کشمیر

### گولی امساک

دی نرد ٹو فارمیسی (لے برانچ) بالمقابل مرکنٹائل بنک نزد فتحپوری دہلی

### تصویری کارڈ

پتہ: منیجر آنند ٹریڈنگ ایجنسی نمبر ۸ پٹھان کوٹ ضلع گورداسپور



### نامردی کی مشہور دوا

روشن فارسی نزد پٹھان کوٹ ضلع گورداسپور

### آپ کیلئے نئی طاقت

ایک مشہور یورپین ڈاکٹر لکھتا ہے

SANATOGEN

### محبوب عاشق کے قدموں پر

## تقریر سیرت چھپ کر تیار ہو گئی

حضرت سحبان الہند مولانا الحاج حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند کی وہ بصیرت افروز شریعت آموز تقریر جو ممدوح نے ... کے جلسہ سیرت میں ارشاد فرمائی تھی اور جس کو بعد میں تفصیل و تشریح کے ساتھ مرتب و مدون کر کے الجمعیۃ میں جزواً جزواً شائع کیا گیا تھا اب افادۂ عام کے لئے ... کتابی شکل میں ... الجمعیۃ کی جانب سے شائع کر دی گئی ہے اور اس کے ساتھ وہ آخری حصہ بھی شامل کر دیا ...

حضرت مولانا کی یہ تقریر اپنی بے شمار خصوصیات کے اعتبار سے ایک عجیب و نادر مجموعہ ہے جو نہ صرف موجودہ دور میں بلکہ آئندہ نسلوں کے لئے بھی یادگار رہے گا شریعت مقدسہ کے نہایت نازک مسائل و دشوار نکات اس طرح پیش کئے گئے ہیں کہ ہر عالم و عامی ان کو سمجھ سکتا ہے اور ان سے افادہ کر سکتا ہے اس پر حضرت مولانا کی سلاست زبان اور روانی بیان نے وہ کام کیا ہے کہ مضامین کی دقت اور مسائل کی دشواری کے باوجود شروع سے لیکر آخر تک دلچسپی برابر قائم رہتی ہے ہندوستان کے مختلف شہروں اور قصبوں میں ہزاروں لاکھوں مسلمان ایسے ہوں گے جو حضرت مولانا کے مواعظ حسنہ سے مستفید ہو چکے ہیں ... ان تمام مسلمانوں کے لئے یہ تحفہ یقیناً بیش بہا ہوگا کہ یہ تقریر سیرت جو آج شائع کی جا رہی ہے حضرت مولانا کی اکثر تقریروں کا لب لباب ہے اور اس میں سیرت کے متعلق بہت سے وہ مضامین جو حضرت مولانا اپنی مختلف تقریروں میں ارشاد فرمایا کرتے ہیں۔ انداز بیان اور خوبی زبان کی تمام خصوصیتوں کے ساتھ مجتمع کر دئے گئے ہیں "تقریر سیرت" میں جو مباحث زیر بحث آئے ہیں ان کے بعض عنوانات مشتے از خروارے بطور نمونہ درج ذیل کئے جاتے ہیں تاکہ کتاب کی ہمہ گیری و وسعت کا کچھ اندازہ کیا جا سکے۔

### مختصر فہرست مضامین

منیجر الجمعیۃ گلی قاسم جان دہلی

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

یدُ اللہ علی الجماعۃ

تار کا پتہ:۔ "الجمعیۃ دہلی"
ٹیلیفون نمبر ۵۷۳۶

# سہ روزہ الجمعیۃ دہلی

مدیر مسئول:۔ ہلال احمد زبیری (بی۔اے)  معاون:۔ محمد عثمان فارقلیط

جلد ۲۱ | دہلی یوم پنجشنبہ ۲۲ ذی الحجہ ۱۳۵۳ھ ہجری مطابق ۲۸ مارچ ۱۹۳۵ء | نمبر ۲۲


## معاصرین کے افکار و آراء

### دینی اصلاح کی بنیاد

"مسلمان" وہ ہے جو اسلام کی تعلیمات پر ایمان و عمل رکھتا ہے، لہٰذا ہر مسلمان سے مطالبہ ہے کہ اسلام کی تعلیمات پر ایمان و عمل رکھے۔ سب سے مقدم چیز عقائد کا معاملہ ہے، میرا بھی پہلا یہی مطالبہ ہے کہ ہر مسلمان کے عقائد وہی ہوں جو اسلام نے بتائے ہیں۔ اسلام کے تمام عقائد کتاب اللہ میں موجود ہیں اور اس کی تشریح و تفسیر سنت رسول صلی اللہ علیہ وسلم میں موجود ہے۔ اگر کسی مسلمان کے عقائد، کتاب و سنت کے مطابق نہیں ہیں تو وہ میری نظر میں مسلمان نہیں ہے، اگرچہ میں اُس کے کافر ہونے کا فتویٰ نہیں دوں گا جب تک وہ خود صاف لفظوں میں اسلام سے نکل جانے کا اعلان نہ کر دے۔

اس وقت مسلمانوں کی سب سے بڑی بدنصیبی یہی ہے کہ ان کے عقائد فاسد ہو گئے ہیں، کتاب و سنت سے بالکل دور ہو چکے ہیں ...

کا یہ خیال صحیح ہے کہ یہی ہندوستان کی تمام امیدوں کا مرکز ہے۔ گزشتہ چند سال کے عرصے میں ہندوستان کی آزادی کے لئے جو کوششیں ہوئیں ان میں کامیابی حاصل نہ ہونے کی بڑی وجہ یہی تھی کہ ملک وطنی اتحاد سے محروم تھا۔ اس اتحاد کے حصول کے لئے جو قدم اٹھائے گئے اور اس راہ میں جن ناکامیوں سے ہندوستان کو دوچار ہونا پڑا، ان کی داستان کسی باخبر ہندوستانی سے پوشیدہ نہیں ہے۔ دور حاضر کے ہندوستان کی سیاسی تاریخ کا یہ باب یقیناً ایسا نہیں ہے کہ اس پر کسی طبقے کے ہندوستانی بھی فخر کر سکیں۔ موجودہ حالات میں بہتر صورت یہی ہے کہ ہر طبقے کے اور جماعت کے ذمہ دار اور بااثر اصحاب خود اپنی ہی جماعت کی فہمائش کرتے رہیں۔ اس لحاظ سے مسٹر شاستری نے واقعی ایک اہم فرض نہایت خوش اسلوبی سے انجام دیا ہے۔ اگر ملک کے اور ذمہ دار اصحاب بھی اسی طرز عمل کی تقلید کریں تو یقیناً یہ امید کی جا سکتی ہے کہ ملک کی فضا بہتر ہو اور وہ دن جلد آئے جب ہند و ... (ایل)

### قاتلانہ حملہ

[illegible]

### صحیح مشورہ

[illegible]

### وقف کی طاقت سے انکار

[illegible]

### ۲۴ انجمنیں خلاف قانون قرار دیدی گئیں

... ۲۴ انجمنیں خلاف قانون قرار دیدی گئی ہیں کیونکہ حکومت کے نزدیک وہ نقص امن کا باعث ہیں، نیز حکومت کا فیصلہ ہے کہ ان انجمنوں کو بھی ناجائز قرار دیا جائے جو ان سے مل جل کر کام کرتی ہیں۔

### زرین مشورہ

مسٹر شاستری کی رائے میں ہندوستان کی بہبود بس ایک ہی باقی رہ گئی ہے کہ ہندو مسلمان وطنی مفاد کے لئے متحد ہو کر کام کریں۔ سلاشبہ مسٹر شاستری ...

## حجاز ریلوے پر فرانس کا غاصبانہ قبضہ

### جمعیۃ اقوام، وقف کی تائید کر چکی ہے

### شام میں اوقاف کے تحفظ کیلئے کمیٹیاں

حجاز ریلوے قدیم الایام سے مسلمانوں کی ملکیت رہی ہے اور ترکی حکومت نے اس کا نظم و نسق کبھی کسی محکمہ کو تفویض نہیں کیا، بلکہ یہ ہمیشہ مسلم وقف شمار ہوتی رہی ہے۔ یہ ریلوے بہت سے ممالک کے متدین مسلمانوں کے پیسے سے بنی تھی اس لئے لاجواب ہے۔

جنگ عظیم کے بعد فرمان (منڈیٹ) جاری ہوئے اور مجلس بین الاقوامی نے اس کے وقف کی حیثیت کو تسلیم ہی نہیں کیا، بلکہ زیر دفعہ ۲۲ (فرمان مذکور) وقف کی تائید کی۔ لہٰذا یہ اثاثہ حکومت نہ رہا کہ جو فاتح آئے بطور مال غنیمت ...

### حج سے فرانس کی دشمنی

عرصہ ہوا کہ مجھے الجیریا اور مراکو سے اس قسم کی شکایات موصول ہوئیں کہ لوگوں کو حج کو جانے کیلئے صحت اور صفائی کی بنا پر پاسپورٹ کی تصدیق سے محروم رکھا گیا۔ فرانسیسی مسلم رعایا کو دنیائے عالم کے دیگر مسلمان بھائیوں کے ساتھ اختلاط سے باز رکھا جاتا ہے ...

(از خالد شیلڈریک)

### کراچی کے واقعہ پر پشاور میں گرفتاریاں

پشاور ۲۳ مارچ گزشتہ شام پولیس نے کراچی میں گولی چلنے کے سلسلہ میں جلسہ کا اعلان کرتے ہوئے چار اشخاص کو گرفتار کر لیا۔ جلسہ آزاد مسلم پارٹی کے زیر اہتمام ہونے والا تھا۔


## پادری کی لڑکی کا قبول اسلام

اسپین کے ایک جلیل القدر پادری کی لڑکی نے جب اسلامی تعلیمات کا مقابلہ کیا اور مسلمانوں کے مذہب اور ان کے اعمال کو بغور دیکھا تو اس کے دل میں اسلام کی صداقت و حقانیت جاگزیں ہو گئی اور اس نے یہ فیصلہ کر لیا کہ حقیقتاً اسلام ہی وہ مذہب ہے جو دنیا اور آخرت میں نجات کا راستہ بتاتا ہے۔ اور اس کے علاوہ جتنے مذہب ہیں وہ سب باطل اور صراط مستقیم سے بھٹکا دینے والے ہیں۔ جب عیسائیوں کو اس کی خبر ہوئی تو تمام پادریوں نے مل کر اس لڑکی پر بے شمار مظالم ڈھائے اور اس قدر جاں گداز اور صبر آزما مصائب میں مبتلا کیا کہ دیکھنے والوں کے رونگٹے کھڑے ہونے لگے۔ مگر وہ لڑکی اسلام پر ثابت قدم رہی اور اس نے بالآخر تمام پادریوں کی شاندار مجلس میں اسلام حقانیت پر ایک بصیرت افروز مناظرہ کیا۔ فضیلت اسلام اور رد عیسائیت کے جس قدر دلائل ممکن تھے وہ تائید الٰہی سے اس لڑکی نے پادریوں کے مقابلہ میں ... کے ساتھ پیش کئے کہ سامعین حیرت استعجاب کے سمندر میں غرق ہو گئے اور پادریوں سے کوئی جواب نہ بن پڑا اور وہ لڑکی ہمیشہ کے لئے اسلام ہی وابستہ ہو گئی۔ اس کا نام ازابلا تھا اور اس کی زندگی کے واقعات ایک کتاب میں قلمبند کئے گئے ہیں۔ اگر آپ کو گزشتہ عظمت و سطوت کا مطالعہ کرنا ہے اور عیسائیت کے مقابلہ میں اسلام کی حقانیت کے بے شمار دلائل سے واقفیت حاصل کرنے کا شوق ہے اور آپ اس کتاب کے ذریعہ تبلیغ اسلام کا فریضہ ادا کرنا چاہتے ہیں تو فوراً طلب کیجئے۔ پہلا ایڈیشن قریب الختم ہے اگر دیر ہوئی تو دوسرے ایڈیشن کا انتظار کرنا پڑے گا۔ قیمت فی جلد ۱۲ علاوہ محصول ڈاک۔ تبلیغی مقاصد کیلئے بیس بائیس سے زائد جلدوں کے خریدار کو پچیس فی صدی کمیشن دیا جائے گا۔

ملنے کا پتہ:۔ منیجر الجمعیۃ دہلی



Regd. No. L 1793.

The [Al-Jam]iat

Vol. XXI No. 21 DELHI SUNDAY 2[...] [19]35 PRICE ONE ANNA



نورانی قرآن مجید

نہایت صاف، جلی اور نہایت صحیح قرآن شریف اگر درکار ہو تو نورانی قرآن مجید الجمعیۃ بک ایجنسی دہلی سے طلب فرمایئے۔ قیمت مجلد پارچہ ...

پادری کی لڑکی کا قبول اسلام

... دیکھیے جس کو پڑھ کر آپ اسلام کی حقانیت کے قائل ہو جائیں گے۔ قیمت فی جلد ۱۲ علاوہ محصول ڈاک

منیجر الجمعیۃ دہلی


Moulvi Mohd. Hassan Sh. ... P.O. Rander ... Surat ... 196

## انجمن حمایت الاسلام کا پچاسواں سالانہ اجلاس

### نواب صدر یار جنگ بہادر کی تشریف آوری

نواب صدر یار جنگ بہادر کی ذات گرامی تعارف کی محتاج نہیں۔ ان کی ... نہایت کامیابی سے متمکن رہے اور ملت مرحومہ کی وہ خدمات سرانجام دیں جن سے اسلامیان ہند میں ایک نئی روح پیدا ہو گئی۔

سرسید مرحوم کی تحریک کے روح رواں آپ ہی ہیں اور آپ ہی کی جد و جہد کے باعث مسلمانان ہند خواب غفلت سے بیدار ہو رہے ہیں۔ مسلم ایجوکیشنل کانفرنس کے پودہ کو آپ ہی نے پروان چڑھایا اور چہار گوشہ ہند میں اسلامی تعلیم کا چرچا آپ ہی کی ذات گرامی سے ہے۔

ملت اسلامیہ نواب صاحب ممدوح کی بے لوث خدمات کی ہمیشہ سے قدر کرتی رہی ہے اور آپ کی ذات والاصفات کو اپنی بقا کے لئے بے حد اہم عنصر سمجھتی ہے۔

اسلامیان پنجاب کو مبارک ہو کہ انجمن حمایت اسلام کے پچاسویں سالانہ اجلاس میں جو آئندہ ایسٹر کی تعطیلات میں لاہور میں منعقد ہو رہا ہے۔ نواب صدر یار جنگ بہادر خاص طور پر شمولیت فرما رہے ہیں۔ فرزندان توحید کے لئے موقع ہے کہ اس اجلاس میں جوق در جوق تشریف لا کر اپنے مایۂ ناز رہنما کے قیمتی خیالات سے مستفیض ہوں۔

(معتمدین۔ انجمن حمایت الاسلام لاہور)

## جامعہ اسلامیہ مدرسہ اشاعت العلوم بریلی

جامعہ اسلامیہ مدرسہ اشاعت العلوم ... بریلی ... ایک واحد مذہبی درسگاہ ہے ... چالیس سال سے نہایت گرمجوشی و خوش اسلوبی سے خدمات ملی و ملکی انجام دے رہی ہے ...

... بے انتہا مسرت حاصل ہوئی کہ ان سب کے دلوں میں اسلام کی حقیقی تڑپ موجود ہے اور جو تعلیم انہیں دی جا رہی ہے وہ انہیں آگے چل کر اسلام کے بے لوث اور جاں نثار خادم بنا دے گی۔ مدرسہ کے اساتذہ جن کے صدر مولانا محمد یسین صاحب ہیں اپنے فرائض منصبی باوجود اس کے کہ سرمایہ کا فقدان سنگ راہ ہے نہایت خوش اسلوبی سے انجام دے رہے ہیں۔ مجھے امید ہے کہ مسلمانان ... بلکہ سارے ہندوستان کے مسلمان اس مدرسہ کو اس کی مالی مشکلات سے نجات دلانے میں اپنی روایتی فراخ حوصلگی کا ثبوت دیں گے ...

## انوریہ لائبریری کا معائنہ

آج بتاریخ ... ذی قعدہ ۱۳۵۳ھ مطابق ... فروری ۱۹۳۵ء کو میں نے انوریہ لائبریری کا معائنہ کیا۔ یہ لائبریری حضرت استاذ شیخ الاسلام شیخ الحدیث مولانا مولوی سید محمد انور شاہ صاحب نور اللہ مرقدہٗ کی یادگار ...

... مسلمانوں کے لئے اس لائبریری کا وجود صد ہزار حسن و خوبی کے ساتھ علمی و مذہبی ضروریات کا معاون و مددگار بنائے۔ آمین بحرمۃ سید المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم۔

(ابو القاسم محمد حفظ الرحمن سیوہاروی)

آج حسن اتفاق سے مجھے انوریہ لائبریری دیکھنے کا ... ملا ...

... کو پورا کرنے میں مستعدی سے کام لیں۔

(محمد عظمت اللہ کان اللہ لہٗ)

سید حسن رضوی عفا اللہ عنہ


اخبار الجمعیۃ میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے

مفت! مفت!! مفت!!!

گھر بیٹھے باقاعدہ تعلیم حاصل کر کے آیورویدک یونانی حکمت ہومیوپیتھک یا بائیوکیمک کی سندات حاصل کرنے کا قاعدہ (قواعد) کارڈ ڈال کر مفت طلب کرو۔

پرنسپل وولڈ انڈین میڈیکل کالج انبالہ شہر

خضاب چھوڑ دو

اس تیل سے بال کبھی سفید نہیں ہوتے ... سفید بال کالا پیدا ہو کر ... برس تک ... تین روپے ... ہو تو عطر دو روپیہ کا تیل منگالیں۔

پتہ:۔ بال کالا اسٹورس پوسٹ ... سمری ... دربھنگہ

تار کا پتہ:۔ میڈیسنز دہلی | ٹیلیفون ۵۵۶۶

۱۹۳۵ء | ۱۹۳۵ء

کا | کا

گُن نی

طاقت کی بے مثل سنہری گولیاں

مسیح الملک حکیم محمد احمد خاں صاحب کا عطیہ (سفر یورپ کے بعد)

خاص | خاص

چالیس گولیاں سات روپیہ

ہندوستانی دواخانہ (جس کو حکیم اجمل خاں نے ۱۹۰۳ء میں بنایا) دہلی (پوسٹ بکس ۲۲)

تحفہ | تحفہ



(جید برقی پریس دہلی میں باہتمام ہلال احمد زبیری پرنٹر و پبلشر چھپ کر دفتر الجمعیۃ دہلی سے شائع ہوا)

تار کا پتہ "الجمعیۃ دہلی"
ٹیلیفون نمبر ۵۳۲۶

یداللہ علی الجماعۃ

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

# سہ روزہ الجمعیۃ دہلی

مدیر مسئول:- ہلال احمد زبیری (بی اے) معاون:- محمد عثمان فارقلیط

جلد ۲۱ | دہلی یوم پنجشنبہ ۲۲ ذی الحجہ ۱۳۵۳ ہجری مطابق ۲۸ مارچ ۱۹۳۵ء | نمبر ۲۲


## حجاز ریلوے پر فرانس کا غاصبانہ قبضہ

### جمعیۃ اقوام، وقف کی تائید کر چکی ہے

### شام میں اوقاف کے تحفظ کیلئے کمیٹیاں

حجاز ریلوے قدیم الایام سے مسلمانوں کی ملکیت رہی ہے اور ترکی حکومت نے اس کا نظم و نسق کبھی کسی محکمہ کو تفویض نہیں کیا، بلکہ یہ ہمیشہ مسلم وقف شمار ہوتی رہی ہے۔ یہ ریلوے بہت سے ممالک کے متدین مسلمانوں کے پیسے سے بنی تھی اس لئے لاجواب ہے۔

جنگ عظیم کے بعد فرمان (منڈیٹ) جاری ہوئے اور مجلس بین الاقوامی نے اس کے وقف کی حیثیت کو تسلیم ہی نہیں کیا ...

#### حج سے فرانس کی دشمنی

عرصہ ہوا کہ مجھے الجیریا اور مراکو سے اس قسم کی شکایات موصول ہوئیں کہ لوگوں کو حج کو جانے کیلئے صحت اور صفائی کی بنا پر پاسپورٹ کی تصدیق سے محروم رکھا گیا۔ فرانسیسی مسلم رعایا کو دنیائے عالم کے دیگر مسلمان بھائیوں کے ساتھ اختلاط سے باز رکھا جاتا ہے ...

## معاصرین کے افکار و آرا

### دینی اصلاح کی بنیاد

"مسلمان" وہ ہے جو اسلام کی تعلیمات پر ایمان و عمل رکھتا ہے، لہٰذا ہر مسلمان سے مطالبہ ہے کہ اسلام کی تعلیمات پر ایمان و عمل رکھے۔ سب سے مقدم چیز عقائد کا معاملہ ہے، میرا بھی پہلا یہی مطالبہ ہے کہ ہر مسلمان کے عقائد وہی ہوں جو اسلام نے تبلائے ہیں۔ اسلام کے تمام عقائد کتاب اللہ میں موجود ہیں اور ان کی تشریح و تفسیر سنت رسول صلی اللہ علیہ میں موجود ہے۔ اگر کسی مسلمان کے عقائد، کتاب و سنت کے مطابق نہیں ہیں تو وہ میری نظر میں مسلمان نہیں ہے، اگرچہ میں اس کے کافر ہونے کا فتویٰ نہیں دوں گا جب تک وہ خود صاف لفظوں میں اسلام سے نکل جانے کا اعلان نہ کر دے۔

اس وقت مسلمانوں کی سب سے بڑی بدقسمتی یہی ہے کہ ان کے عقائد ...

کا یہ خیال صحیح ہے کہ یہی ہندوستان کی تمام امیدوں کا مرکز ہے۔ گزشتہ چند سال کے عرصے میں ہندوستان کی آزادی کے لئے جو کوششیں ہوئیں ان میں کامیابی حاصل نہ ہونے کی بڑی وجہ یہی تھی کہ ملک وطنی اتحاد سے محروم تھا۔ اس اتحاد کے حصول کے لئے جو قدم اٹھائے گئے اور اس راہ میں جن ناکامیوں سے ہندوستان کو دوچار ہونا پڑا۔ ان کی داستان کسی باخبر ہندوستانی سے پوشیدہ نہیں ہے۔ دور حاضر کے ہندوستان کی سیاسی تاریخ کا یہ باب یقیناً ایسا نہیں ہے کہ اس پر کسی طبقے کے ہندوستانی بھی فخر کر سکیں۔ موجودہ حالات میں بہتر صورت یہی ہے کہ ہر طبقے کے اور جماعت کے ذمہ دار اور بااثر اصحاب خود اپنی ہی جماعت کی نہایت کوشش کرتے ہیں۔ اس لحاظ سے مسٹر شاستری نے واقعی ایک اہم فرض نہایت خوش اسلوبی سے انجام دیا ہے۔ اگر ملک کے اور ذمہ دار اصحاب بھی اسی طرز عمل کی تقلید کریں تو یقیناً ...

### قاتلانہ حملہ

### صحیح مشورہ

### ۲۴ انجمنیں خلاف قانون قرار دیدی گئیں

... سے ۲۴ انجمنیں خلاف قانون قرار دیدی گئی ہیں کیونکہ حکومت کے نزدیک وہ نقص امن کا باعث ہیں۔ نیز حکومت کا فیصلہ ہے کہ ان انجمنوں کو بھی ناجائز قرار دیا جائے جو ان سے مل جل کر کام کرتی ہیں۔

### زرین مشورہ

مسٹر شاستری کی رائے میں ہندوستان کی امید بس ایک ہی باقی رہ گئی ہے کہ ہندو مسلمان وطنی مفاد کے لئے متحد ہو کر کام کریں۔ ہماشما مسٹر شاستری ...

### کراچی کے واقعہ پر پشاور میں گرفتاریاں

پشاور ۲۳ مارچ گزشتہ شام پولیس نے کراچی میں گولی چلنے کے سلسلہ میں جلسہ کا اعلان کرتے ہوئے چار اشخاص کو گرفتار کر لیا، جلسہ آزاد مسلم پارٹی کے زیر اہتمام ہونے والا تھا۔


## پادری کی لڑکی کا قبول اسلام

اسپین کے ایک جلیل القدر پادری کی لڑکی نے جب اسلامی تعلیمات کا مقابلہ کیا اور مسلمانوں کے مذہب اور ان کے اعمال کو بغور دیکھا تو اس کے دل میں اسلام کی صداقت و حقانیت جاگزیں ہوگئی اور اس نے یہ فیصلہ کر لیا کہ حقیقتاً اسلام ہی وہ مذہب ہے جو دنیا اور آخرت میں نجات کا راستہ بتاتا ہے۔ اور اس کے علاوہ جتنے مذہب ہیں وہ سب باطل اور صراط مستقیم سے بھٹکا دینے والے ہیں۔ جب عیسائیوں کو اس کی خبر ہوئی تو تمام پادریوں نے مل کر اس لڑکی پر بے شمار مظالم ڈھائے اور اس قدر جاں گداز و صبر آزما مصائب میں مبتلا کیا کہ دیکھنے والوں کے رونگٹے کھڑے ہونے لگے۔ مگر وہ لڑکی اسلام پر ثابت قدم رہی اور اس نے بالآخر تمام پادریوں کی شاندار مجلس میں اسلام حقانیت پر ایک بصیرت افروز مناظرہ کیا۔ فضیلت اسلام اور رد عیسائیت کے جس قدر دلائل ممکن تھے وہ تائید الٰہی سے اس لڑکی نے پادریوں کے مقابلہ میں اس شان و شوکت کے ساتھ پیش کئے کہ سامعین حیرت و استعجاب کے سمندر میں غرق ہوگئے اور پادریوں سے کوئی جواب بن نہ پڑا اور وہ لڑکی ہمیشہ کے لئے اسلام ہی سے وابستہ ہوگئی۔ اس کا نام ازبلا تھا اور اس کی زندگی کے واقعات ایک کتاب میں قلمبند کر دئے گئے ہیں۔ اگر آپ کو گزشتہ عظمت و سطوت کا مطالعہ کرنا ہے اور عیسائیت کے مقابلہ میں اسلام کی حقانیت کے بے شمار دلائل سے واقفیت حاصل کرنے کا شوق ہے اور آپ اس کتاب کے ذریعہ تبلیغ اسلام کا فریضہ ادا کرنا چاہتے ہیں تو فوراً طلب کیجئے۔ پہلا ایڈیشن قریب الختم ہے اگر دیر ہوئی تو دوسرے ایڈیشن کا انتظار کرنا پڑے گا۔ قیمت فی جلد ۱۲ علاوہ محصول ڈاک۔ تبلیغی مقاصد کیلئے بیس بائیس سے زائد جلدوں کے خریدار کو پچیس فی صدی کمیشن دیا جائے گا۔

ملنے کا پتہ:- مینیجر الجمعیۃ دہلی



نورانی قرآن مجید

The [...]iat

No L 1793.

Vol. XXI No 21 DELHI SUNDAY 2[...]35 PRICE ONE ANNA



پادری کی لڑکی
تبول اسلام
منیجر الجمعیۃ دہلی


## انجمن حمایت الاسلام کا پچاسواں سالانہ اجلاس

### نواب صدر یار جنگ بہادر کی تشریف آوری

نواب صدر یار جنگ بہادر کی ذات گرامی تعارف کی محتاج نہیں۔ ان کی قابلیت اور علمی خدمات کا ذکر زبان زد عام ہے۔ ان کا اصلی نام مولانا حبیب الرحمٰن صاحب شروانی ہے۔ جناب موصوف ایک متبحر عالم اور ایک اعلیٰ پایہ کے انشاپرداز ہونے کے علاوہ علم کا تغار اور زہد بھی ہیں۔ ہندوستان کے علمی حلقوں میں آپ کا مرتبہ نہایت بلند سمجھا جاتا ہے۔ اور اعلیٰحضرت حضور نظام نے صدر الصدور امور مذہبی کے ممتاز عہدہ کے لئے آپ ہی کو منتخب کیا جس پر آپ ایک مدت تک نہایت کامیابی سے متمکن رہے اور سلطنت مرحومہ کی وہ خدمات سرانجام دیں جن سے اسلامیان ہند میں ایک نئی روح پیدا ہوگئی۔

سرسید مرحوم کی تحریک کے روح رواں آپ ہی ہیں۔ اور آپ ہی کی جدوجہد کے باعث مسلمانان ہند خواب غفلت سے بیدار ہو رہے ہیں۔ مسلم ایجوکیشنل کانفرنس کے بودہ کو آپ ہی نے پروان چڑھایا۔ اور چہار گوشہ ہند میں اسلامی تعلیم کا چرچا آپ ہی کی ذات گرامی سے ہے۔

ملت اسلامیہ نواب صاحب ممدوح کی بے لوث خدمات کی ہمیشہ سے قدر کرتی رہی ہے اور آپ کی ذات والاصفات کو اپنی بقا کے لئے بے حد اہم عنصر سمجھتی ہے۔

اسلامیان پنجاب کو مبارک ہو کہ انجمن حمایت اسلام کے پچاسویں سالانہ اجلاس میں جو آئندہ ایسٹر کی تعطیلات میں لاہور میں منعقد ہو رہا ہے۔ نواب صدر یار جنگ بہادر خاص طور پر شمولیت فرما رہے ہیں۔ فرزندان توحید کے لئے موقع ہے کہ اس اجلاس میں جوق در جوق تشریف لا کر اپنے مایہ ناز رہنما کے قیمتی خیالات سے مستفیض ہوں۔

(مشتہرین۔ انجمن حمایت الاسلام لاہور)

## جامعہ اسلامیہ مدرسہ اشاعت العلوم بریلی

جامعہ اسلامیہ مدرسہ اشاعت العلوم دو کر رہیلکھنڈ میں ایک واحد مذہبی درسگاہ ہے، مدت چالیس سال سے نہایت گرمجوشی و خوش اسلوبی سے خدمات ملی و ملکی انجام دے رہی ہے جس کی اہمیت ظفر الملت والدین حضرت مولانا ظفر علی خاں صاحب کے ان الفاظ زریں سے ہوتی ہے جو آپ نے محرم ۲۵ نومبر ۱۹۳۳ء کو بعد ملاحظہ مدرسہ تحریر فرمائے تھے چونکہ ان کی تشریحات کا حقیقتہ سامنا رہا ہے اور اب بھی ان ہی سے سابقہ ہے لہٰذا تمام مسلمانان ہند سے عموماً قارئین کرام الجمعیۃ سے خصوصاً امید ہے کہ ہر امکانی کوشش سے دریغ نہ فرمائیں گے کیونکہ یہ موقع ذی الحجہ کا ہے لہٰذا پوست یا قیمت و دیگر عطیات سے جامعہ کو فراموش نہ فرمائیں گے جامعہ کے مہتمم و مدرس اول حضرت مولانا مولوی محمد یسین صاحب مدظلہ ہیں لہٰذا ارسال زر بنام مہتمم صاحب یا منشی غلام سبحانی صاحب محرر مدرسہ ہونا چاہئے۔ آج بتاریخ ۱۸ نومبر ۱۹۳۴ء کو مجھے جامعہ اسلامیہ اشاعت العلوم بریلی کے معائنہ کا شرف حاصل ہوا اور ملاحظہ میں اس جامعہ کا وجود مسلمانوں کے لئے خیر و برکت کا بہت بڑا باعث ہے میں نے اس کی مختلف جماعتوں کے تلامذہ سے تبادلہ خیالات کیا اور مجھے یہ دیکھ کر بے انتہا مسرت حاصل ہوئی کہ ان سب کے دلوں میں اسلام کی حقیقی تڑپ موجود ہے اور جو تعلیم انہیں دی جارہی ہے وہ انہیں آگے چل کر اسلام کے بے لوث اور جاں نثار خادم بنا دیگی۔ مدرسہ کے اساتذہ جن کے صدر مولانا محمد یسین صاحب ہیں اپنے فرائض منصبی باوجود اس کے کہ سرمایہ کا فقدان سنگ راہ ہے نہایت خوش اسلوبی سے انجام دے رہے ہیں مجھے امید ہے کہ مسلمانان ممالک متحدہ آگرہ و اودھ بلکہ سارے ہندوستان کے مسلمان اس مدرسہ کو اس کی مالی مشکلات سے نجات دلانے میں اپنی روایتی فراخ حوصلگی کا ثبوت دیں گے ...

(دستخط مہتمم ...)

## انوریہ لائبریری کا معائنہ

آج بتاریخ ۲۶ ذی قعدہ ۱۳۵۳ھ مطابق ۲ فروری ۱۹۳۵ء دیوبند میں انوریہ لائبریری کا معائنہ کیا۔ یہ لائبریری حضرت استاذ شیخ الاسلام شیخ الحدیث مولانا مولوی سید محمد انور شاہ صاحب نور اللہ مرقدہ کی یادگار میں قائم کی گئی ہے اور عزیز گرامی سید حسن رضوی صاحب کی مخلصانہ انتھک کوششوں کا نتیجہ ہے۔ یہی اس کے ناظم ہیں۔ خدا کا شکر ہے کہ ان کی مخلصانہ اور پرجوش مساعی کی بدولت مشاہیر اور اہل علم حضرات نے خصوصیت سے اس لائبریری کی جانب توجہ مبذول فرما کر اس کی ترقی میں حصہ لینا شروع کر دیا ہے۔ امید ہے کہ اگر اس طرح دیگر مشاہیر ارباب تصانیف اور اصحاب خیر اس کی ترقی میں ساعی رہے تو دیوبند میں یہ اپنی نوعیت کی ایک شاندار لائبریری ہو جائے گی، برکریما کارہا دشوار نیست۔ اللہ تعالیٰ ناظم صاحب کی محنت کو بار آور کرے اور دنیا کے مقدس ترین بزرگ وعالم کی نسبت سے مسلمانوں کے لئے اس لائبریری کا وجود صد ہزار حسن و خوبی کے ساتھ علمی و مذہبی ضروریات کا معاون و مددگار بنائے۔ آمین بحرمۃ سید المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم۔

(ابو القاسم محمد حفظ الرحمٰن سیوہاروی)

آج حسن اتفاق سے مجھے انوریہ لائبریری دیکھنے کا موقعہ ملا یہ لائبریری ...

میں حضرت علامہ انور شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی یادگار میں قائم کی گئی ہے۔ اس کے ناظم مولانا سید حسن رضوی صاحب کی سعی و کوشش سے کافی تعداد میں کتابیں میسر آئیں۔ لیکن یقیناً اتنے بڑے علامہ کی یادگار میں یہ مختصر علمی ذخیرہ کسی طرح موزوں نہیں لائبریری کے ارکان کی ہمت گو بلند اور نظر میں وسعت فراہم ہے تاہم جس قدر بلند ہمتی اور وسیع النظری کا ثبوت دیا گیا ہے وہ اس کی ایک حقیر خدمت ہے۔ دیوبند جس طرح علمی مرکز ہونے کی حیثیت سے عالم اسلام میں بہت بلند درجہ رکھتا ہے۔ بعینہٖ حضرت علامہ رحمۃ اللہ علیہ دنیائے علم میں اعلیٰ مرتبہ کے علمی شخص تھے۔ پس ان کی یادگار جب تک اتنی بلند اور اعلیٰ شان کی نہ ہو تو وہ کسی طرح صحیح یادگار کہلانے کی مستحق نہیں ہو سکتی۔ پس اہل علم اور ارباب ذوق سے درخواست ہے کہ وہ جلد از جلد اس یادگار کی طرف متوجہ ہوں اور اس کی تمام ضروریات کو پورا کرنے میں مستعدی سے کام لیں۔

(محمد عظمت اللہ مکان اللہ لہ)

سید حسن رضوی عفا اللہ عنہ


### اخبار الجمعیۃ میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے

### مفت! مفت! مفت!!!

گھر بیٹھے باقاعدہ تعلیم حاصل کر کے آیورویدک یونانی حکمت ہومیوپیتھک بایوکیمک کی سندات حاصل کرنے کا قاعدہ و قواعد کارڈ ڈال کر مفت طلب کریں۔

پرنسپل اولڈ انڈین میڈیکل کالج انبالہ شہر

### خضاب چھوڑ دو

اس تیل سے بال بکنار کر کر کالا پیدا کر اگر ساٹھ برس تک کالا رہے ... تین روپے اس سے زیادہ پکا ہو تو ... کا تیل منگا لیں۔

پتہ:- بال کالا اسٹورس پوسٹ کٹنی سمری (دربھنگہ)

۱۹۳۵ء

تار کا پتہ:- میڈیسنز دہلی
ٹیلیفون ۵۵۶۶

# گُن نِی

کا

طاقت کی بے مثل سنہری گولیاں

# مسیح الملک حکیم محمد اجمل خاں صاحب کا عطیہ (سفر یورپ کے بعد)

خاص

چالیس گولیاں سات روپیہ

ہندوستانی دواخانہ (جس کو حکیم اجمل خاں نے ۱۹۰۳ء میں بنایا) دہلی (پوسٹ بکس ۴۲)

تحفہ

# کراچی میں بے گناہ اور نہتے مجمع پر گولیوں کی بارش

## زعماء سندھ کا مشترکہ اور نمائندہ بیان

### بمبئی کونسل اور کونسل آف اسٹیٹ میں بحث

کراچی ۲۲ مارچ مولانا محمد صادق صدر جمعیۃ علماء سندھ، حاتم علوی صدر سندھ مسلم لیگ اور شیخ عبدالمجید صاحب رکن بمبئی کونسل نے مندرجہ ذیل مختصر بیان برائے اشاعت اخبارات کو دیا ہے۔

۱۹ مارچ کو دوپہر کے وقت فوج نے غازی عبدالقیوم کے ماتمی جلوس پر بغیر کسی اطلاع اور انتباہ کے فائر کر دئے۔ جنازہ کے جلوس میں ہزاروں اشخاص ...

روک گیا اور ان پر گولیاں چلا دیں۔ یہ گولیاں کمر سے نیچے حصہ جسم پر نہیں چلائی گئیں بلکہ اوپر کے حصہ کو نشانہ بنایا گیا۔ میں دریافت کرتا ہوں کہ اگر یہ جنگیانہ کانون نہیں ہے تو کیا ہے؟ اگر ان افسروں کی بیوی بچوں کا خیال نہ ہو تو میں کہہ سکتا ہوں کہ انکو بھی گولی سے اڑا دیا جائے جس طرح انھوں نے بے ضرر اور نہتے ہجوم کو گولی کا نشانہ بنایا ہے۔

### ہوم ممبر کا خشک جواب

ہوم ممبر نے اس کے جواب میں کہا کہ حکومت فوج کے طرز عمل کے متعلق کسی تحقیقات کے مطالبہ کو منظور نہیں کر سکتی۔ کیونکہ فوج نے جو کارروائی کی وہ مجسٹریٹ کے حکم سے کی اور اس نے اس وقت گولی چلائی جب سول حکام بالکل ...

# یورپ میں جنگ عمومی کیلئے تیاریاں

## جرمنی فوج کی تعداد آٹھ لاکھ ہو جائیگی

### اٹلی میں دس لاکھ فوج کے متعلق مسولینی کا اعلان

گزشتہ جمعرات کو دارالعوام میں مسٹر جارج لینسبری نے بین الاقوامی صورت حالات پر غور و خوض کے لئے التوائے اجلاس کی تحریک پیش کی۔ آپ نے تقریر کرتے ہوئے کہا۔

جرمنی نے تمام حکومتوں کو چیلنج دے دیا ہے۔ وہ معاہدہ امن کی دھجیاں ...

حفاظت کے سلسلہ میں تبادلہ خیال ... کی واپسی اور مجوزہ ہوائی معاہدہ موجودہ شک و شبہ کی فضا گفت و شنید اور ان چار مسائل کے متعلق معاہدہ کے بغیر دور نہیں ہو سکتی۔ اگر جرمنی نے اپنی ضد نہ چھوڑی تو دیگر ہمسایہ حکومتوں سے بھی امن کا معاہدہ نہیں ہو سکے گا

لیکن ہمیں کسی نہ کسی طرح یورپ میں امن قائم رکھنا ہے اور برطانیہ اس سلسلہ میں کوئی دقیقہ نہ چھوڑے گا اور ہم لالک یورپ کے باہمی اعتماد اور بہتر تعلقات کے صدر درجہ متمنی ہیں لیکن انفرادی طور پر کسی ملک سے کوئی خاص معاہدہ بھی نہیں کریں گے۔

### جرمنی میں طیاروں کی تعمیر

لندن ۲۲ مارچ مسٹر ایڈن لارڈ پریوی سیل نے پراگوے کا دورہ کرنے کے متعلق حکومت زیکو سلیویکیا کا دعوت نامہ منظور کر لیا ہے۔ جہاں آپ ۴ اپریل کو جائیں گے۔ پیرس کی اطلاع مظہر ہے کہ وزیر جنگ جنرل موران نے فوجی کمیٹی کو کل اطلاع دی کہ جرمنی میں عنقریب ہی فوج کی تعداد سات لاکھ سے ...

... اٹلی نے پانچ دس لاکھ سے زیادہ فوج اور رکھی ہیں یورپ کے ساتھ ... دوستی کی ہماری خواہش دس لاکھ فوجیوں پر مبنی ہے۔ اپنی تقریر کو جاری رکھتے ہوئے سائنر مسولینی نے کہا کہ اٹلی دنیا کو عظیم الشان امن پیش کرتا ہے لیکن اگر کوئی ناخوشگوار صورت حالات پیدا ہو گئے تو اٹلی اس کیلئے تیار رہیگا

### کونسل آف اسٹیٹ میں سوالات

مجسٹریٹ نے فیر کرنے کا تحریری حکم دیا۔

# گولی چلانیوالے افسران کو بھی گولی سے اڑا دیا جائے!

## بمبئی کونسل میں تحریک التواء، ہوم ممبر کا خشک جواب

بمبئی ۲۳ مارچ۔ کل بمبئی کونسل میں مسٹر ایچ۔ ایم گزدار نے تحریک التواء اجلاس پیش کی تاکہ کراچی میں پر امن مجمع پر گولیاں چلانے کے واقعہ پر غور کیا جا سکے جس میں بہت سے اشخاص مارے گئے اور دو سو سے زائد زخمی ہوئے۔ آپنے بتایا کہ اس وقت تک مقتولین کی تعداد چالیس تک پہونچ چکی ہے۔ یہ سارا واقعہ سخت المناک ہے کیونکہ ایک پر امن اور بے ضرر ہجوم پر گولی چلائی گئی ہے اسلئے ضروری ہے کہ یا تا جر اس کی تحقیقات کیلئے ایک ...

۱۰ مارچ میں امرت دہارا اور اس کے مرکبات پر قیمت پر باقی ادویات و کتب نصف قیمت پر منگوائیں

امرت دہارا اوشدہالیہ کی کچھ خاص ادویات جنھوں نے بالکل مایوس مریضوں کو بھی آرام دیا!

جو یکم سے ۳۱ مارچ تک کسی بھی ڈاکخانہ میں خط ڈالنے سے نصف قیمت پر ملیں گی

سیچل — یہ عجیب نام ایک اکسیر دوائی کا ہے جو کہ بڑی سخت امراض میں اکسیر کا کام کرتی ہے ...

گندھارس — کا فائدہ اکثر ایک خوراک سے دست و ہیضہ وغیرہ کو آرام ہوتا ہے ... قیمت فی تولہ ایک روپیہ۔

دانت نواز · روغن مسیحا · سورج مکھی · عرق بخار · جوڑ ناشک · بھرتی · امرت · اکسیر بدن · پران آتما · امرت کی گولیاں · سار سارشت مرکب · اشوکری · جودا آری برک

منیجر امرت دہارا اوشدہالیہ، امرت دہارا روڈ، امرت دہارا ڈاکخانہ، لاہور



# اسمبلی میں کراچی کے المناک واقعہ پر زبردست بحث

## مسٹر جناح، مسٹر گابا اور مسٹر ڈیسائی کی تقریریں

### تحقیقاتی کمیٹی کے تقرر کا مطالبہ، اصل تحریک منظور

نئی دہلی ۲۱ مارچ۔ آج ۶ روز کے تعطل کے بعد اسمبلی کا اجلاس پھر شروع ہوا۔ مسٹر خالد لطیف گابا نے واقعہ ہائلہ کراچی کے سلسلہ میں التوائے اجلاس کی تحریک پیش کی تھی جس پر ۴ بجے بحث کا وقت دیا گیا تھا۔ چنانچہ ٹھیک ۴ بجے باقی کارروائی ملتوی کر دی گئی اور مسٹر گابا نے اپنی تحریک پیش کر دی۔

جو کچھ صورت حالات کے مطابق ٹھیک تھا کیا۔

جہاں تک علم الدین کے جنازہ کے جلوس کا تعلق ہے جلوس لاہور کے باہر نکالا گیا تھا۔ اس واقعہ اور کراچی والے واقعہ میں کوئی نسبت نہیں ۱۹۲۶ء میں دہلی میں عبدالرشید کے جنازہ کا جب جلوس نکلا تو ایک گھنٹے کے اندر اندر ۹۲ ہندو مجروح ہوگئے، دو ہلاک ہوئے اور ۱۵ دوکانیں لوٹ لی گئیں۔ مگر کراچی میں بھی جلوس نکلتا تو کشت و خون اور لوٹ مار میں کوئی شبہ نہ تھا۔ ان حالات کی بنا پر حکومت کے طرز عمل کو ہرگز ناجائز نہیں بتانا چاہئے۔

### مسٹر جناح کی تقریر

مسٹر جناح نے کہا کہ کراچی کے سول افسروں نے سخت بدانتظامی اور نااہلیت ...

### دلچسپ مکالمہ

سر عبداللہ ہارون نے کراچی کے نقد زعمائے مسلم زعماء کے بیان پڑھ کر سنائے۔

مسٹر لال چند نول رائے نے کہا کہ کراچی میں ہندوؤں اور مسلمانوں کے تعلقات دس سال تک اچھے رہے۔ لیکن موجودہ فضا بیرونی مداخلت نے بگاڑی ہے۔

سر ہنری کریک نے فوجی دستے کی حمایت کرتے ہوئے کہا کہ ہجوم کے سامنے تین کمپنیاں موجود تھیں، لیکن فائر کرنے والے صرف تیس فوجی تھے۔

مسٹر جناح: گویا اس کا مطلب یہ ہے کہ حفظ ماتقدم کی ضرورت صرف فوجیوں کو تھی اور تین کمپنیاں چپ چاپ منہ تکتی رہیں۔

سردار سنت سنگھ نے گولی چلانے کی حکمت عملی کی حمایت کی اور کہا کہ خواہ موجودہ حکومت ہو یا قومی حکومت ایسے موقع پر حکام کو ضرور اسی طرح کام لینا چاہئے۔ ... حکومت نے عبدالقیوم کے سلسلہ میں اگر وفد کو شرف باریابی بخشا تو اس کا مطلب محض غلط رو لوگوں کو جرات دلانے کے مترادف تھا۔

مسٹر غزنوی: کیا سکھوں نے بھگت سنگھ کے سلسلہ میں وفد نہیں بھیجا تھا؟

سردار سنت سنگھ نے اس بیان کی صداقت سے انکار کیا۔

# بصائر و نظائر

مغرب کے استعماری سیلاب اور فرنگی تہذیب نے مشرق ارضی پر جو تباہی ڈالی ہے اس کا اثر نہ صرف مشرق کے جسم پر ہی پڑا ہے بلکہ اس کی روح، اس کی تہذیب اور اس کا تمدن بھی بری طرح مجروح ہوا ہے اور اس کی ایک ہی ضرب نے جسم و روح دونوں کا کام تمام کر دیا ہے۔ یہ فرنگی سیلاب اس قدر وسیع اور ہمہ گیر ہے کہ اس کی کوئی جہت متعین نہیں کی جا سکتی۔ اور نہ اس کی رفتار کیلئے کوئی حد مقرر کی جا سکتی ہے ...

# مقالات خالدہ ادیب خانم

محترمہ خالدہ ادیب خانم جو اہل ملک کی خوش قسمتی سے جامعہ ملیہ کی دعوت پر ہندوستان تشریف لائی ہیں، صرف ٹرکی کی عظیم ترین خاتون نہیں بلکہ عہد حاضر کی ممتاز شخصیتوں میں ان کا شمار ہے وہ نہ صرف صنف نازک کے لئے قابل فخر ہیں بلکہ مردوں کے لئے بھی ان کا وجود موجب صد رشک ہے۔ ان کی زندگی شاندار ...

# شیروں اور سانپوں نے نو سو آدمی ہلاک کر دئے

جب ہمارے نوجوانوں کی ذہنی تربیت اس طریقہ سے اور ایسے ماحول میں کی گئی اور ان کو اسلامی روح سے بیگانہ کر دیا گیا تو ان کے ہاتھوں میں ڈگریاں دیدی گئیں اور در در ٹھوکریں کھانے کے لئے ان کو آزاد چھوڑ دیا گیا۔ جب وہ باہر نکلے تو اس شان سے کہ ایک طرف اسلامی عقائد و اصول کو تمسخر کا نشانہ بنایا تو دوسری طرف اسلامی احکام و فرائض اور اسلامی اعمال کو قدامت پرستی کا مظاہرہ قرار دیدیا۔ اور ساتھ ہی شان مجتہدانہ مصلحانہ سے اپنی اغراض و خواہشات کی تبلیغ سے اسلام میں قطع و برید و تنوع کر دی اور اپنی حدود سے تجاوز کر کے خود ہی منصب قیادت و امامت سنبھال بیٹھے!

سوچنے اور سمجھنے والے دماغ جب اس حقیقت پر غور کریں گے کہ ان نوجوانوں میں مذہب کے خلاف یہ بغاوت کیوں پیدا ہوئی اور ان کو یہ جرات کس نے دلائی کہ اپنے دائرہ سے باہر قدم نکال کر دینی قلعہ کو مسمار کر دیں تو انہیں بہت جلد معلوم ہو جائیگا ...

(مکتبہ جامعہ دہلی)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# الجمعیۃ دہلی

یوم پنجشنبہ ۲۲ ذی الحجہ ۱۳۵۳ ہجری

# شہدائے کراچی کا خون

## آزاد تحقیقات کا مطالبہ اور مظلومین کی امداد

کراچی کے قیامت خیز ولرزہ انگیز حادثہ فاجعہ کے متعلق ان کالموں میں اظہار رائے کیا جا چکا ہے اور جیسا کہ ہمارا خیال تھا تمام ہندوستان میں مختلف مقامات پر عام جلسوں کے ذریعہ یہ مطالبہ کیا جا رہا ہے کہ حکومت ایک بے تحقیق مجمع پر گولیاں چلانے کے متعلق آزاد تحقیقات کرائے اور جو لوگ تحقیقات کے بعد مجرم ...

ہوگا اور اس میں کوئی شبہ نہیں کہ ان کو یہی کرنا چاہیے۔ سب سے پہلے تو بلاشبہ حکومت ہی کا فرض تھا کہ وہ آزاد تحقیقات کراتی لیکن جب وہ اس سے تیار نہیں ہوتی تو دوسری بہترین تجویز یہی ہو سکتی ہے کہ ملک کے مقتدر و مقتدین ...

اس سلسلہ میں دوسرا سوال ہمارے سامنے شہدائے کراچی کے پسماندگان ...

## مسٹر شیروانی کا انتقال!

ملک و ملت کی یہ انتہائی بدقسمتی ہے کہ مسٹر تصدق احمد خاں شیروانی ایسے وقت میں انتقال کر گئے جب کہ ملک کو ان کی خدمات اور سرگرمیوں کی اشد ضرورت تھی اور وطن کے بہت سے اہم مسائل آپ کی نوک فکری و عملی کے محتاج تھے انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحوم ہندوستان کے ایک جلیل القدر اور ممتاز لیڈر تھے اور اپنی پرخلوص قربانیوں کی بدولت ہر طبقہ میں لازوال محبت پیدا کر چکے تھے۔ وہ ان بے خوف، جری، ایثار پیشہ وطن پروروں میں سے ایک تھے جن پر ہندوستان ہمیشہ فخر کرتا رہے گا اور جو ہندوستان کی سیاسی اور ذہنی تشکیل میں رکن اول کی حیثیت رکھتے تھے۔ مرحوم کی اعلیٰ و بلند پایہ خصوصیات میں سے ایک بڑی خصوصیت یہ تھی کہ آپ کیریکٹر کے مضبوط ارادہ کے مستحکم غور و فکر کے اعتبار سے عزم اور اعلیٰ عزم و استقامت کے مالک تھے اور حوادث روزگار کی کوئی ...

## امام یمن کا اعلان

حکومت یمن نے ایک سرکاری بیان شائع کیا ہے جس میں اس امر کی تردید کی گئی ہے کہ جلالۃ الملک سلطان ابن سعود اور آپ کے ولی عہد پر حملہ کرنے والے یمن کے زیدی تھے۔ نیز اعلان میں اس حملہ کو سخت مذمت کے قابل بتایا ہے اور اپنے معتمد خاص کو ہدایت کر دی ہے کہ وہ اس حملہ کی تحقیقات میں حکومت حجاز کے ساتھ تعاون کریں۔ اس اعلان سے کم از کم وہ غلط فہمی تو دور ہو گئی جو قدرتی طور پر حملہ آوروں کو زیدی مشہور کر کے پیدا کی گئی تھی اور یہ بھی امید ہو گئی کہ حجاز اور یمن کی وہ صلح جس نے یورپ کو بھی حیرت میں ڈال دیا تھا انشاء اللہ بدستور قائم رہے گی ... تاہم اس حقیقت سے انکار نہیں کیا جا سکتا کہ یہ حملہ کسی ایسی سازش کا نتیجہ ہے جو اجنبیت کے عناصر سے مرکب ہے اور جس کا مقصد عرب کی آزادی اور تحریک اتحاد کو پامال کرنا ہے ... ہم مزید اظہار رائے سے تامل ہیں جب تمام واقعات اصل شکل و صورت میں سامنے آئیں گے تو پھر اس پر سکون و طمانیت کے ساتھ روشنی ڈالی جائے گی۔

# حوادث و احکام

## استفتاء

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین مندرجہ ذیل مسائل کے بارے میں:-

(۱) ایک مسجد میں ایک جماعت ہو چکی ہے۔ اور وہ سہواً ترک ہو گئی ہے، اب دوسری جماعت ہو سکتی ہے یا کہ نہیں؟

(۲) مردے پر فاتحہ پڑھنی جائز ہے یا کہ نہیں؟

(۳) میت کے گھر جا کر فاتحہ پڑھنی جائز ہے یا کہ نہیں اگر جانا جائز ہے تو کیا کرنا چاہیے؟

(۴) ہمارے شہر میں صرف ایک حافظ قرآن ہے لیکن اس کی داڑھی ایک مشت سے کم ہے۔ کیونکہ وہ داڑھی کو تراش لیتا ہے۔ اس کے پیچھے تراویح پڑھنی جائز ہے یا ناجائز؟

## الجواب

(۱) کیا چیز سہواً ترک ہوئی۔

(۲) ایصال ثواب جائز ہے مگر مروجہ فاتحہ بے ثبوت ہے۔

(۳) میت کی تعزیت کے لئے جانا جائز ہے۔ تعزیت تین دن کے اندر ہوتی ہے اس کے جو تین دن کے بعد سفر سے آئے۔ گھر والوں جا کر قرآن فاتحہ پڑھنا بے ثبوت ہے۔

(۴) اگر دوسرا امام اس سے بہتر مل سکتا ہے تو اس کو امام نہ بنایا جائے، یا ایک مشت داڑھی رکھنے کے لئے اس کو کہا جائے اور وہ داڑھی بڑھا لے تو جائز ہے۔

محمد کفایت اللہ کان اللہ لہ

دہلی

## استفتاء

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین مندرجہ ذیل مسائل کے بارے میں:-

(۱) مرید کرنے یا مرید ہونے کے کیا معنی ہیں؟

(۲) مرید ہونے کے متعلق شریعت اسلام کی کوئی تاکید یا ہدایت ہے یا نہیں؟

(۳) کیا بیعت کرنا اور مرید ہونا دونوں ایک ہی طرح کا عمل ہے؟

(۴) کیا ہر مسلمان کے لئے مرید ہونا یا بیعت کرنا فرض ہے یا سنت ہے یا واجب ہے یا ضروری ہے؟

(۵) اگر کوئی شخص بغیر مرید ہوئے مر جائے تو کیا اس کی آخرت میں اس سے کوئی نقصان پہنچے گا؟

(۶) اگر مرید ہونا یا بیعت کرنا کسی صورت میں لازمی ہے تو مرید کرنے کا حق کس کو ہے اور کس شخص کو مرید ہونا چاہیے؟

(۷) مرید ہونے یا بیعت کرنے یا لینے کے متعلق اگر کوئی مزید تفصیلات یا ہدایات ہوں تو مرحمت فرمائیے؟

## الجواب

(۱) کسی بزرگ کے ہاتھ پر یہ معاہدہ کرنا کہ میں آئندہ معصیت نہ کروں گا اور تصفیہ قلب کے لئے آپ کی ہدایات پر عمل کروں گا اس کا نام بیعت کرنا یا مرید ہونا ہے۔

(۲) کوئی تاکید نہیں، صرف استحباب اور اولویت کا درجہ ہے۔

(۳) دونوں کا ایک ہی مطلب ہے۔

(۴) صرف مستحب اور اولی ہے۔

(۵) اگر وہ شریعت کے احکام کے مطابق عمل کرتا تھا تو اس کو صرف اس وجہ سے کہ وہ کسی کا مرید نہیں تھا کوئی نقصان نہیں ہوگا۔

(۶) لازمی تو نہیں ہاں جائز ہے اور مرید کرنے والا شخص واقف شریعت اور متبع سنت ہونا چاہیے۔

(۷) عام طور پر لوگ ایسے پیروں کے مرید ہو جاتے ہیں جن کے افعال صریحاً خلاف شریعت ہوتے ہیں مثلاً پیر صاحب نماز نہیں پڑھتے، یا نشہ استعمال کرتے ہیں یا اور اسی قسم کی خلاف شرع حرکات کے مرتکب ہوتے ہیں اور لوگ ان کو خدا رسیدہ سمجھتے ہیں یہ سخت غلطی ہے۔ ایسے لوگوں کا مرید ہونا ناجائز ہے پیر کو عالم، متقی، متبع سنت، مطیع شریعت ہونا چاہیے۔

محمد کفایت اللہ کان اللہ لہ

دہلی

## استفتاء

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ زید مساۃ ہندہ سے بمہر پانسو پانچ اشرفی رائج الوقت کے عرصہ چھ سال کا گزرا کہ عقد کیا تھا۔ بعد گزر جانے پانچ سال کے ہندہ اپنے ماں باپ کے بہکانے سے زید کو مجبور کر کے اپنی مہر دین کے عوض خلع کی طالب ہوئی۔ زید مجبور ہو کر ہندہ کے خلع کو منظور کیا اور چند معزز شخصوں کے سامنے تین طلاق دیدی جس کو عرصہ ایک سال سے زیادہ کا ہوتا ہے۔ اب پھر ہندہ دوبارہ اپنے شوہر زید کے عقد میں آنا چاہتی ہے۔ قرآن و حدیث کے رو سے ہندہ زید کے عقد میں آ سکتی ہے یا نہیں؟

(۲) عمر ساجدہ دو سگے بھائی بہن ہیں ذاکر ایک دوسرا لڑکا عمر کے ماں کا عمر کا جوٹا دودھ پیا ہے تو اب ذاکر کا عقد ساجدہ سے ہو سکتا ہے یا نہیں؟

## الجواب

اگر زید نے بیوی کو تین طلاقیں دیدی تھیں تو اب بدون حلالہ کے وہ زید کے عقد میں نہیں آ سکتی۔

(۲) ذاکر نے جب عمر و ساجدہ کی ماں کا دودھ پیا ہے تو اس کا نکاح ساجدہ کے ساتھ حرام ہے۔

محمد کفایت اللہ کان اللہ لہ

دہلی

## فلپائن آزاد کر دیا گیا

### صدر امریکہ کا اعلان آزادی

واشنگٹن ۵ مارچ۔ صدر امریکہ مسٹر روزویلٹ نے فلپائن کے آزاد دستور العمل کو منظور کر لیا۔

اس سے قبل ۵ ارنومبر کو وہ منیلا میں ہوم رول حکومت قائم کر چکے ہیں۔ فلپائن کی آزادی کا مسودہ جب صدر مذکور نے منظور کیا تو رسم ادائی کے موقعہ پر فلپائن اور امریکہ کے بہت سے افسر موجود تھے جن میں سے اکثر فلپائن کی آزادی کے لئے جدوجہد کر رہے تھے انہی میں سے ایک گورنر فرینک مارفی بھی ہیں جو غالباً جلدی ہی فلپائن اسمبلی طلب کریں گے تاکہ آئین کی منظوری کے متعلق ملک میں فوری پیمانہ پر استصواب عامہ کیا جائے۔ مینول کوزن جو فلپائن سینیٹ کے صدر ہیں وہی آزاد فلپائن کے پہلے صدر ہوں گے۔ وہ بھی اس موقعہ پر موجود تھے۔

# شذرات

## اجودھیا کے مسلمانوں کا وفد

اجودھیا کے مسلمانوں کا جو وفد ہز ایکسلنسی گورنر یوپی سے ملاقات کرنے والا تھا اس کو گورنر نے پرسوں شرف باریابی بخشا۔ وفد نے گورنر کے روبرو اپنی شکایات پیش کیں ...

## گورنر جنرل کی مطلق العنانی

فوجی بجٹ کے مطالبات زرمیں تخفیف کی تجویز اسمبلی میں کثرت رائے سے منظور ہو چکی تھی جس سے نہ صرف حکومت کو شکست اٹھانی پڑی بلکہ دنیا کو بھی معلوم ہو گیا تھا کہ ہندوستان کی حقیقی خواہشات کیا ہیں اور برطانوی پالیسی اور اس کے طریق کار سے رائے عامہ کس قدر بیزار ہے ...



# دفتر اخبار الجمعیۃ، جید برقی پریس اور ایڈیٹر الجمعیۃ کے مکان کی خانہ تلاشیاں

## صوبہ سرحد کی سی آئی ڈی اور مقامی پولیس کا چھاپہ

### ایک مراسلہ کی تلاش اور نوٹ کے متعلق غلط فہمی

دہلی ۴ مارچ۔ کل صبح ساڑھے ۸ بجے دفتر الجمعیۃ پر پولیس اور سی آئی ڈی کی ایک جمعیت نے چھاپہ مارا اور تقریباً ۲ گھنٹہ تک دفتر الجمعیۃ کی تلاشی لی۔ یہ تلاشی صوبہ سرحد کے ایک وارنٹ کی بنا پر عمل میں آئی جس کی سرانجام دہی کیلئے صوبہ سرحد کے انسپکٹر سی آئی ڈی کو پشاور سے دہلی آنا پڑا۔ آپ کے ہمراہ مقامی پولیس کے بعض آفیسر اور چند کانسٹیبل بھی تھے۔ چار گھنٹہ کی متواتر کوشش اور جستجو کے بعد پولیس کے ہاتھ کوئی ایسی چیز نہیں آئی جس کی کہ اس کو تلاش تھی۔ صرف ایک نوٹ کا مسودہ پولیس نے لے لیا۔

دفتر الجمعیۃ کی تلاشی کے بعد جناب ہلال احمد صاحب زبیری، بی اے ایڈیٹر الجمعیۃ کے مکان کی نصف گھنٹہ تک تلاشی لی گئی۔ لیکن وہاں سے قطعاً کوئی چیز برآمد نہیں ہوئی۔ اس کے بعد جید برقی پریس (جہاں الجمعیۃ چھپتا ہے) کی بھی پون گھنٹہ تک اسی سلسلہ میں تلاشی لی گئی لیکن وہاں سے بھی کوئی چیز نہ ملی۔

یہ خانہ تلاشیاں ایک مراسلہ کی بنا پر عمل میں آئیں جو الجمعیۃ مورخہ ... فروری میں حضرت مولانا عبدالرحیم صاحب پوپلزئی زعیم سرحد ... کے بارے میں پابندیاں عائد کرنے کے متعلق درج کیا گیا تھا ...

پولیس نے ان واقعات کے متعلق پریس سے بھی تصدیق حاصل کی ہے اور انسپکٹر سی آئی ڈی صوبہ سرحد اپنی تحقیقات مکمل کر کے سرحد کو روانہ ہو گئے ہیں۔

# کراچی کی شرمناک سفاکی نے بچہ بچہ کے دل میں آگ بھڑکا دی ہے

## افسروں کو سزائیں دینے اور آزاد تحقیقات کا مطالبہ

### کراچی کے افسوسناک واقعہ پر صدر جمعیۃ علماء ہند کا بیان

کراچی میں مسلمانوں کے ایک نہتے مجمع پر جس میں عورتیں بچے اور بوڑھے اشخاص بھی شامل تھے ۱۹ مارچ کو پولیس اور فوج نے انتہائی سفاکی اور بیہودہ درندگی سے آتشبازی کا کہ سرکاری اور نیم سرکاری اخبارات کی اطلاع کے موافق ۳۵ اور نجی بیانوں کے مطابق ... قیمتی جانوں کو تمہید کر دیا اور سینکڑوں کو زخمی کر کے لب گور تک پہونچا دیا۔ اس شرمناک سفاکی نے ہندوستان کے بچہ بچہ کے دل میں غم و غصہ کی آگ بھڑکا دی ہے۔ اور ہر شخص کا دل ان مظلوم شہیدوں اور زخمیوں اور ان کے پسماندوں کے ساتھ ہمدردی کے جذبات سے لبریز ہے۔ ہندوستان کے باشندے عموماً اور مسلمان خصوصاً اس وقت تک مطمئن نہ ہوں گے جب تک کوئی آزاد کمیشن تحقیقات کر کے صحیح حالات کی رپورٹ شائع نہ کرے اور حکومت اس خونریزی کے ذمہ دار افسروں کو عبرتناک سزائیں دیکر شہیدوں کے پسماندوں کے ساتھ ان کے گذارے کے لئے انسانیت و ہمدردی کا سلوک نہ کرے۔

(حضرت علامہ) محمد کفایت اللہ کان اللہ لہ

## حکومت کے بجٹ کی منظوری میں مشکلات

### آرڈیننس کے اجراء کا امکان

... اس حکمت کے بعد یہ اندیشہ کیا جاتا ہے کہ بجٹ کی منظوری میں شدید مشکلات پیدا ہو جائیں گی ...

## ملاحظہ کیجئے

قاری عبدالقیوم کے متعلق اسمبلی، کونسل آف اسٹیٹ اور یوپی کونسل کی مفصل کارروائیاں صفحہ ... اور صفحہ ... پر ملاحظہ کیجئے۔

## وائسرائے نے اسمبلی کا فیصلہ مسترد کر دیا

### تخفیف بحال کر دی گئی

نئی دہلی ۵ مارچ۔ مسٹر جیمز گرگ نے آج اسمبلی میں اعلان کیا کہ گورنر جنرل نے ان تخفیفوں کو بحال کر دیا ہے جو ایوان نے فوجی محکمہ کے مطالبات زر میں کی تھیں اور جن کے ذریعہ وہ مطالبات کم کر کے صرف ایک روپیہ کر دئے گئے تھے ...

معلوم ہوا ہے کہ کانگریس پارٹی نے کل اسمبلی میں تحریک التوائے اجلاس پیش کرنے کا نوٹس دیا ہے تاکہ سرجیمز گرگ کے اس اعلان پر بحث کی جا سکے کہ برما و ہندوستان کے درمیان مالی تعلقات پر غور کرنے والے ٹریبونل کا کام قریب اختتام ہے۔

## چلتی ٹرین پر مسلح ڈاکہ

مالدہ ۵ مارچ۔ ایسٹرن بنگال ریلوے پر نواب گنج اور امنورا اسٹیشنوں کے درمیان رات کے وقت تین مسلح نوجوانوں نے حملہ کر کے ڈاک لوٹ لی ...

## جمعیۃ اقوام کی کونسل کا خاص اجلاس

## مسٹر شیروانی سچے محب وطن تھے

### گاندھی جی کا تعزیتی پیام

دہلی ۳ مارچ۔ مسٹر شیروانی کے انتقال پر ڈاکٹر انصاری صاحب کو گاندھی جی کا مندرجہ ذیل پیغام موصول ہوا ہے:-

مسٹر شیروانی کی وفات سے ایک سچا محب وطن ایسے وقت رخصت ہو گیا جب کہ اس کی سخت ضرورت تھی۔ مہربانی کر کے مرحوم کے خاندان کو میرا تعزیتی پیغام پہنچا دیجئے۔ آپ کے علاوہ سیٹھ جمنا لال بجاج، ڈاکٹر بی سی رائے، مسٹر برملوی اور مسٹر ستھرا داس کے پیغامات بھی موصول ہوئے۔

## گورنر سے اجودھیا کے مسلم وفد کی ملاقات

### وفد کی ناکام واپسی

لکھنؤ ۳ مارچ۔ کل صاحب گورنر یوپی نے اجودھیا کے بارے میں مسلم ڈیپوٹیشن سے ملاقات کی ...

## عدالت میں مرزا محمود قادیانی کی پیشی

### میں تمام مسلمانوں کو کافر سمجھتا ہوں

گورداسپور ۲ مارچ۔ کل سید عطاء اللہ شاہ صاحب بخاری کا مقدمہ پیش ہوا جس میں مرزا محمود خلیفہ قادیان نے گواہی دی ...

## دہلی میونسپلٹی میں رشوت ستانی کا زور

### سکرٹری کا اعتراف

## حافظ سلیمان میونسپل کمشنر کا انتقال

## صدر و ناظم جمعیۃ علماء ہند کے برقیہ کا سلطانی جواب

### سلطان ابن سعود کی طرف سے اظہار تشکر

دہلی ۴ مارچ۔ صدر و ناظم جمعیۃ علماء ہند کی طرف سے جلالۃ الملک سلطان ابن سعود کو ان کی سلامتی پر مبارکباد دی اور حملہ آوروں کی مذمت کا جو برقی تار بھیجا گیا تھا وہ گزشتہ الجمعیۃ میں شائع ہو چکا ہے۔ کل اس تار کا جواب جلالۃ الملک سلطان ابن سعود کی طرف سے موصول ہو گیا ہے جو درج ذیل ہے۔

مکہ مکرمہ ۲۲ مارچ۔ تمام مفتی محمد کفایت اللہ صاحب و مولانا احمد سعید صاحب۔

نشکر لکم عواطفکم

(جلالۃ الملک) عبدالعزیز (سلطان ابن سعود)

ترجمہ: میں آپ کی مہربانیوں کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔

## گاندھی جی کا نیا اقدام

### چار ہفتہ تک مون برت

وردھا ۳ مارچ۔ گاندھی جی کے پرائیویٹ سکرٹری جاوید وسلائی نے مندرجہ ذیل بیان پریس کو دیا ہے:-

گاندھی جی نے ایک غیر معمولی قدم اٹھایا ہے۔ یعنی آج سے چار ہفتہ کا مون برت شروع کر دیا ہے جو ۱۸ اپریل کو ختم ہوگا ...

# دار الحکومت کے

## کراچی کا حادثہ اور سلطان حجاز پر حملہ

### جامع مسجد میں مسلمانان دہلی کا جلسہ

دہلی ۲ مارچ۔ کل نماز جمعہ کے بعد جامع مسجد میں مسلمانان دہلی کا ایک عظیم الشان جلسہ ... منعقد ہوا ...

مسلمانان دہلی کا یہ جلسہ کراچی کے اس خونی حادثہ پر جو وہاں رونما ہوا ہے جس میں ۴۹ سے زائد شہید اور سو سے زائد مجروح ہوئے اپنے انتہائی رنج و غم کا اظہار کرتا ہے اور وہاں کے ذمہ دار حکام جن کے غیر دانشمندانہ عمل سے مسلمانوں پر گولیاں برسائی گئیں اظہار بیزاری کرتا ہے اور حکومت سے مطالبہ کرتا ہے کہ وہ جلد سے جلد واقعہ کی تحقیقات کر کے مسلمانوں کو مطمئن کرے ورنہ مسلمانوں کے بڑھتے ہوئے جذبات کی خود ذمہ دار ہوگی۔

## کمیونل ایوارڈ کانفرنس کا اجلاس

دہلی ۵ مارچ۔ کل کمیونل ایوارڈ کانفرنس کا اجلاس زیر صدارت نواب صاحب ڈھاکہ منعقد ہوا ...

## مجلس عاملہ احرار اسلام سہارنپور کا اہم جلسہ

آج مورخہ ۲۰ مارچ کو بوقت ایک بجے دن کے دفتر مجلس احرار اسلام ضلع سہارنپور میں زیر صدارت بابو محمد اکرام صاحب مجلس عاملہ احرار اسلام سہارنپور کا اہم ترین جلسہ منعقد ہوا۔ منجملہ دیگر تجاویز کے حسب ذیل تجاویز پیش ہو کر پاس ہوئیں۔

۱۔ مجلس عاملہ احرار اسلام سہارنپور کا یہ اجلاس تجویز کرتا ہے کہ شعبۂ تبلیغ مجلس احرار اسلام کی امداد کے لئے عید اضحی کے موقع پر خصوصی چندہ کیا جاوے اور اس سلسلہ میں ایک اپیل پوسٹر کی شکل میں شائع کی جاوے۔

۲۔ مجلس عاملہ احرار اسلام سہارنپور کا یہ اجلاس تجویز کرتا ہے کہ بعد نماز جمعہ جلسہ کیا جاوے جس میں شعبۂ تبلیغ کی امداد کے لئے پروپیگنڈا کیا جاوے۔

۳۔ مجلس عاملہ احرار اسلام سہارنپور کا یہ اجلاس تجویز کرتا ہے کہ اخبار (سیلون انڈیپینڈنٹ) بریما کے خلاف ریزولیوشن پاس کیا جائے۔

سہارنپور ۲۰ مارچ آج بعد نماز جمعہ جامع مسجد میں زیر صدارت مولانا محمد حسن صاحب سیکرٹری رکن مجلس احرار اسلام سہارنپور ایک عظیم الشان جلسہ ہوا جس میں ہزارہا مسلمانوں کا اجتماع تھا۔ [illegible]

غضب کی تمام تر ذمہ داری خود حکومت پر عائد ہوگی۔ اس کے بعد صدر محترم نے ایک ولولہ انگیز تقریر فرمائی جس میں آپ نے قادیانی عقائد کی دھجیاں بکھیرتے ہوئے مسلمانان سہارنپور سے اپیل کی کہ اس ریزولیوشن کی تائید کریں اور شائع شدہ اپیل کا معقول جواب دیں۔

(محمد کامل خاں سکرٹری مجلس احرار اسلام سہارنپور)

## الہ آباد اکاڈمی کا اعلان

ہندوستانی اکیڈیمی صوبہ متحدہ الہ آباد کی یہ تجویز ہے کہ اردو اور ہندی میں ایسی کتابوں کی اشاعت کا سلسلہ قائم کرے جو قیمت کے لحاظ سے ارزاں ہوں۔

اردو اور ہندی کی ادبی مجلس شوریٰ کی سفارش پر مجلس منتظمہ نے یہ طے کیا ہے کہ ہندی اور اردو زبانوں میں مختلف موضوعات پر مفید عام کتابیں شائع کرے۔ یہ کتابیں مختلف علوم و فنون اور ان کے شعبوں پر حاوی ہوں گی۔ ان کی قیمتیں فی کتاب ایک روپیہ سے زیادہ نہ ہوگی۔ ان کی ظاہری صورت سائز وغیرہ یکساں ہوگا اور حجم دو سو صفحوں سے زیادہ نہ ہوگا۔

مصنفوں اور مولفوں کو کتاب کے اعتبار سے ۱۵ سے ۲۰ فی صدی تک رائلٹی دی جائے گی۔ [illegible]

### دہلی میں مسلم ایجوکیشنل سوسائٹی کا قیام

[illegible]

قرار دیا گیا نیز تین حضرات سوسائٹی کے عہدیدار اور ۱۲ حضرات مجلس انتظامیہ کے ممبر قرار پائے ہیں۔ اس کے اغراض حسب ذیل ہیں (۱) دہلی یونیورسٹی میں زبان اردو کی توسیع کرانا۔ (۲) مسلمانوں کے جملہ عام حقوق کا تحفظ

(نامہ نگار)

## شاہجہانپور میں قربانی اور مسلمانوں کی گرفتاری

### دفعہ ۱۴۴ کی خلاف ورزی۔ عید گاہ پر حملہ کیخلاف احتجاج

لکھنؤ ۲۴ مارچ۔ ابن محسن ایڈیٹر نصرت بذریعہ تار اطلاع دیتے ہیں کہ قصبہ شاہجہانپور میں دو مسلمانوں نے اپنے گھروں میں خاموشی کے ساتھ قربانی کی دو گائیں ذبح کیں اور دفعہ ۱۴۴ کی خلاف ورزی کرتے ہوئے انہوں نے قربانی کی اور اپنے آپ کو سپرنٹنڈنٹ پولیس کے حوالہ کر دیا اور گرفتار ہو گئے۔ شاہجہانپور کے بارہ مسلمان گرفتار کر لئے گئے۔ اس کے بعد فیض آباد کی چھوٹی مسلم جماعتوں نے شاہجہانپور میں داخل ہونے کی کوشش کی اور ۲۰ آدمی گرفتار کر لئے گئے اور باقی منتشر ہو گئے۔ کوئی فرقہ وارانہ فساد نہیں ہوا۔ [illegible]

### دہلی میں سنیماؤں کی زہریلی وبا

[illegible]

قانونی ادب دہلی میں بہت سے مستقل بائسکوپ موجود ہیں جنہوں نے جرائم پیشہ لوگوں کی تعداد میں کافی اضافہ کر دیا ہے اور مشرقی عورتوں اور نوجوانوں کے اخلاق پر نہایت افسوسناک اثر پڑ رہا ہے۔ دہلی کے اخبار تیج کل سے معلوم ہوا کہ ایک انگریز نے بچوں کو بائسکوپ سے روکنے کے لئے ایک تجویز کو اسمبلی میں پیش کرنے کا ارادہ کیا ہے۔ ہم دہلی میونسپلٹی کے ارکان سے درخواست کرتے ہیں کہ وہ بھی اس معاملہ میں اپنا کوئی قدم اٹھائے اور شہر دہلی کو سینماؤں کی وبا سے پاک کرنے کے لئے مناسب تجاویز عمل میں لائے اور ایک ایسا قانون وضع کرائے کہ یا تو شہر سے سینماؤں کو خارج کر دیا جائے اور یا کم از کم بچوں کو اس وبا سے روک دیا جائے۔ نیز بچیوں اور عورتوں کو شرفا کے محلوں سے نکال دیا جائے تاکہ ہمارے اخلاق محفوظ ہو جائیں۔

(محمد اکرم دارثی دہلوی)


اخبار الجمعیۃ میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجیے

حضرت شاہ ولی اللہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی جلیل القدر نادر تصنیف
الخیر الکثیر

بلاغ مبین
مصنفہ حضرت شاہ ولی اللہ صاحب
ملنے کا پتہ: مولوی محمد ادریس مہتمم دفتر بلاغ مبین دہلی یا منیجر مکتبہ اسلامیہ سیوہارہ ضلع بجنور

اگر تندرستی چاہتے ہو
خون کو تمام مضر اجزا سے پاک کرو

پانچ صد روپیہ انعام

محبوب عاشق کے قدموں پر

وید حکیم نجابو

سونے کی ڈلیاں کوڑیوں کے مول

طاقت وہ طاقت جس سے بوڑھے جوان اور جوان قابل فخر نوجوان بن جاتے ہیں صرف حب زرین ہی کے ذریعہ حاصل ہو سکتی ہے جس کے استعمال سے قوت کا لازوال خزانہ حاصل ہو سکتا ہے۔

مکمل خوراک (۸۰ گولیاں) صرف دو روپیہ آٹھ آنہ (عہ) میں

دواخانہ کنز المجربات کوچہ چیلان گلی راجان دہلی سے طلب کریں

مردہ عزیزوں سے بات چیت
اور ملاقات گھر بیٹھے کر لو

امریکہ کے ایک مشہور و معروف سائنس دان نے حال ہی میں ایک نیا آلہ سپرٹس میڈیٹر (SPIRTIS MEDIATOR) ایجاد کیا ہے اس آلہ کو خرید کر آپ جس مردہ روح سے مرضی چاہیں ملاقات اور بات چیت کر سکتے ہیں اور اس کی فوٹو بھی لے سکتے ہیں علاوہ ازیں اس آلہ کے ذریعہ سینکڑوں کام ہو سکتے ہیں کوئی پرہیز نہیں رات یا دن جس وقت چاہیں اس آلہ کے کرشمے دیکھیں ترکیب استعمال کی باتصویر کتاب اردو ہندی انگریزی ہمراہ آلہ مفت ارسال ہوگی۔

قیمت فی آلہ پانچ روپے رعایتی قیمت صرف دو روپے چودہ آنے (عہ ۲/۱۴) محصول ڈاک و پیکنگ خرچ معاف۔

شرط۔ اگر آلہ مذکور غلط ثابت ہو تو قیمت واپس ہوگی۔

ملنے کا پتہ۔ کارخانہ جاپان ناولٹی سٹور ۲۲ مقام پٹھان کوٹ ضلع گورداسپور

# برلن میں ہر ہٹلر اور سر سائمن کی گفت و شنید شروع ہوگئی

## روس اور اٹلی سے تبادلہ خیال کے ارادے

لندن ۲۵ مارچ۔ برلن سے آمدہ اطلاع کی بنا پر رائٹر مظہر ہے کہ آج چانسلر کے دفتر میں سر جان سائمن، مسٹر اینتھونی ایڈن، مسٹر ایرک فپس اور ہر ہٹلر اور وان نیورتھ میں گفتگو ۱۰½ بجے شروع ہوئی۔ بعد میں وان ربن ٹراپ بھی آگئے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ تخفیف اسلحہ اور جبریہ بھرتی کے مسائل پر خاص طور پر تبادلہ خیال ہو رہا ہے۔ یہ گفت و شنید سہ پہر کے بعد تک جاری رہی۔ آج صرف درمیان میں لنچ کے لئے کچھ وقفہ دیا جائے گا۔ اس کے بعد ۶½ بجے سر جان سائمن دیگر ممالک کے پریس کے نمائندوں سے ملاقات کریں گے۔

آج کے بعد یہ سلسلہ گفتگو بدھ کے روز تک جاری رہیگا جس کے بعد سر جان سائمن بذریعہ ہوائی جہاز لندن واپس چلے جائیں گے اور مسٹر ایڈن ماسکو کے لئے روانہ ہو جائیں گے وہاں سے وہ وارسا ہو کر پیراگ سے جائیں گے۔ توقع کی جاتی ہے کہ آپ ۳ اپریل تک واپس لندن پہنچ جائیں گے۔ ان تمام ملاقاتوں کے نتائج کی رپورٹ برطانیہ کی کیبنٹ کو کر دی جائے گی خیال ہے کہ ۱۱ اپریل تک برطانوی وزرا ہر موسیو مسولینی اور ایم لاول اور سر جان سائمن کی گفتگو بھی ہو چکے گی۔ بعد ازاں ان سب معاملات اور نتائج کے پیش نظر غور کیا جائے گا اور ۱۵ اپریل کا دن کونسل کی خاص میٹنگ بلانے کے لئے مخصوص کر دیا گیا ہے۔

# کراچی کے خونی حادثہ پر ایک فوجی افسر کا اظہار افسوس

## ۴۲ جانوں کے اتلاف کی قیمت سو روپے

### بعض زخمیوں کے اعضا کاٹ دیئے گئے۔ عورتوں اور بچوں کی حالت

کراچی کی تازہ ترین اطلاعات مظہر ہیں کہ وہاں اب بالکل امن و امان ہے۔ موثق اطلاعات سے معلوم ہوتا ہے کہ کراچی کے خونی حادثہ میں شہید اور زخمی ہونے والے مسلمانوں کی صحیح تعداد اس سے کہیں زیادہ ہے جو اس وقت تک سرکاری بیانات اور اخباری اطلاعات میں آچکی ہے۔ ۲۱ مارچ کی شب تک جاں بحق ہونے والے اشخاص کی تعداد ۴۲ تک پہونچ چکی تھی۔ بہت سے زخمیوں کی حالت نازک ہے اور بہت سے مجروحین کے اعضا کاٹ دیئے گئے ہیں کیونکہ ان کے زخم لاعلاج تھے۔ زخمیوں میں عورتیں اور بچے بھی شامل ہیں اور کئی بچے گولیوں سے شہید بھی ہو چکے ہیں۔ ہندو اور مسلمان سربرآوردہ اشخاص کی طرف سے مجروحین و مقتولین کے پسماندگان کی امداد کے لئے ایک مشترکہ اپیل شائع ہوئی ہے۔ ہندو مسلمانوں کے تعلقات خوشگوار ہیں۔ شہدا اور مجروحین کے لئے جو ریلیف کمیٹی بنائی گئی تھی اس کو چندے موصول ہو رہے ہیں اس ضمن میں کرنل ڈفش وڈ کمانڈنگ رائل سیکس کی طرف سے ایک سو روپے کی رقم کے ہمراہ ایک نہایت دردناک خط بھی موصول ہوا ہے جس میں کمیٹی کو یقین دلایا گیا ہے کہ اس موقعہ پر رجمنٹ کو جو ناگوار فرض ادا کرنا پڑا ہے اس پر آپ بے حد متاسف ہیں اور خاص کر اس شہر میں جہاں اس نے پانچ سال نہایت پرامن طریق پر گذارے ہیں۔

## سلطان ابن سعود پر حملہ اور حکومت یمن

### تحقیقات کیلئے گورنر حدیدہ کا تقرر

[illegible]

### حملہ کی پرزور مذمت

[illegible]

قائم رکھے اور اس کے ذریعہ مقاصد اسلامیہ کو تقویت عطا فرمائے آمین

(ناظم انجمن تہذیب الکلام دہلی)

اسی طرح جمعیۃ التذکیر مبارکپور کا ایک فوری اجلاس زیر صدارت حضرت مولانا عبد الرحمن صاحب منعقد ہوا۔ [illegible]

## بنگال میں خوفناک آندھی

### دو آدمی ہلاک

[illegible]

## مسٹر تصدق احمد خاں شیروانی کا انتقال

### تمام ہندوستان میں ماتمی جلسے

### زعمائے ملک و ملت کا اظہار تعزیت

[illegible]

### ناظم جمعیۃ علماء ہند کا بیان

مولانا احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند نے مرحوم شیروانی کی وفات پر اظہار خیال کرتے ہوئے فرمایا کہ مرحوم کی موت ملک و ملت کے لئے ایک ناقابل تلافی نقصان ہے آپ ایک نہایت قابل اور مستند بیرسٹر کے علاوہ علم دوست اور بڑے پختہ نیشنلسٹ اور آزاد خیال مسلمان تھے۔ [illegible]

### الہ آباد ہائی کورٹ میں تعزیت

### اسمبلی کا اجلاس ملتوی

### جامع مسجد اور آزاد پارک میں جلسہ

### صدر جمعیۃ علماء ہند کا اظہار تعزیت

[illegible]

## ہندوستان میں فرقہ وارانہ فسادات

### ہولی گائے کی قربانی اور مسجد کے سامنے باجہ

[illegible]

## مدرسہ رحمانیہ کا افتتاح

[illegible]

## مولانا سید عطاء اللہ شاہ بخاری کا مقدمہ

### اٹھ سو قادیانیوں کے ساتھ مرزا محمود کی آمد

[illegible]

## بنگال اور آسام میں زلزلہ

[illegible]


The HOLY QURAN
TRANSLATION & COMMENTARY
BY
ALLAMA ABDULLAH YUSUF 'ALI
C.B.E., M.A., LL.M., I.C.S. (Retd.)
Fellow of the Royal Society of Literature (England)
A MARVELLOUS TRANSLATION
OF
THE MOST MARVELLOUS BOOK IN THE WORLD
WITH COPIOUS NOTES
AN EPOCH-MAKING CONTRIBUTION
TO
ISLAMIC LITERATURE
A Mirror of the Beauty of Quranic Teaching and Literature
The Commentary is rich in useful information. Not a dull Sunday Sermon, but a piece of English Literature.
No Sectarian views propagated through the Commentary
ARABIC TEXT PRINTED IN BEAUTIFUL PHOTO BLOCKS
On Glazed Paper of Superior Quality. Clear Print and Get-up pleasing to the eye
BEING ISSUED IN THIRTY PARTS
Price per Part Re. 1
Postage Extra
Those who will register their orders by depositing an advance of Rs. 2/- (being price of the last two Parts) with the Publisher will get all Parts (except 1st) post-free, and in addition a complete Index free of charge.
WRITE FOR FIRST PART TO
Sh. MUHAMMAD ASHRAF
BOOKSELLER & PUBLISHER
Kashmiri Bazar - - - - LAHORE

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۹۳

یدُ اللّٰہِ علی الجماعۃ

تار کا پتہ "الجمعیۃ دہلی"
ٹیلیفون نمبر ۵۷۳

# سہ روزہ الجمعیۃ دہلی

مدیر مسئول ہلال احمد زبیری (بی اے) معاون محمد عثمان فارقلیط

جلد ۲۱ | دہلی یوم دوشنبہ ۲۶ ذی الحجہ ۱۳۵۳ہجری مطابق یکم اپریل ۱۹۳۵ء | نمبر ۲۳

## کراچی میں خونی حادثہ کی مفصل اور مستند روداد

### عمال حکومت کی عہد شکنی اور نہتے مجمع پر فائر

### مسلم زعماء کا مستند بیان

ہر چند کہ کراچی کے واقعہ قتل کی تفصیلات جو تاروں کے ذریعہ موصول ہوئی تھیں "الجمعیۃ" میں شائع ہو چکی ہیں لیکن ذیل کا مفصل بیان کراچی کے سربرآوردہ مسلمانوں کی طرف سے شائع کیا گیا ہے جس کے پڑھنے سے ساری صورت حال واضح ہو جاتی ہے اور یہ صاف طور پر ظاہر ہو جاتا ہے کہ عمال حکومت کی یہ صرف حماقت نا عاقبت اندیشی تھی کہ اتنے مسلمانوں کا خون ہوا۔

ہم اس بیان کو عام آگاہی کے لئے تمام و کمال شائع کرتے ہیں۔ اس پر عبدالمجید سندھی، مسٹر حاتم۔ اے علوی، مولوی محمد صادق اور مولانا محمد ... کے دستخط ہیں۔

ہم اپنا فرض سمجھتے ہیں کہ غازی عبدالقیوم کی نعش کو سپرد خاک کرنے کے بارے میں حکام اور پبلک کے سامنے مقامی حکام کے رویہ کے متعلق بعض حقائق پیش کریں۔ یکم مارچ کو اخبارات میں اعلان ہوا تھا کہ غازی عبدالقیوم کو دوشنبہ کے دن ۴ مارچ کو کراچی جیل میں پھانسی دی جائے گی ہم اس وقت سے لیکر ۱۹ مارچ تک کے تمام واقعات بیان کرتے ہیں جبکہ افسوسناک واقعہ پیش آیا۔ ... جلوس پر پہلے انتہا بیرحمی سے بغیر اطلاع یا تنبیہہ کے نارواطریق پر گولی چلائی گئی۔

### وفد کا تقرر

یکم مارچ کو انجمن مسلمانان پنجاب نے مسلم لیڈروں کا ایک اجلاس منعقد کیا کہ غازی عبدالقیوم کی تجہیز و تکفین اور نماز جنازہ پڑھنے کے متعلق حکام سے کوئی موزوں سمجھوتہ کیا جائے۔ اجلاس میں بیس مسلم نمائندوں پر مشتمل ایک وفد مرتب کیا گیا ...

### مجسٹریٹ سے ملاقات

اس وفد نے ساڑھے گیارہ بجے صبح ایڈیشنل ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ سے ان کے گھر پر ملاقات کی۔ اس وقت ذیل کے افسر بھی موجود تھے۔ ... سپرنٹنڈنٹ پولیس، میر مقبول خاں اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ پولیس ... ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ پولیس ... اور ایک غازی عبدالقیوم کے چچا۔

وفد ان افسروں سے تین گھنٹہ تک باتیں کرتا رہا۔ وفد کی درخواست تھی کہ پھانسی کے بعد تجہیز و تکفین کے لئے غازی عبدالقیوم کی لاش ان کے حوالے کر دی جائے۔

### حکام کا جواب

وفد نے یہ بھی کہا کہ ہم اس بات کا ذمہ لیتے ہیں کہ ہم اس موقعہ پر بدامنی نہیں پھیلنے دیں گے۔ حکام کی طرف سے جواب دیا گیا کہ غازی عبدالقیوم کے چچا اور دوسرے رشتہ داروں کی خواہش کے مطابق انہیں اس امر کی اجازت دیدی گئی ہے کہ وہ غازی موصوف کو دفن کرنے کے لئے ان کے وطن صوبہ سرحد لیجائیں۔ لہٰذا مقامی مسلمانوں کو ان کی نماز جنازہ یا ماتمی جلوس میں شریک ہونے کی اجازت نہیں دی جا سکتی ...

### طاقت کے استعمال کی دھمکی

...

## معاصرین کے افکار و آراء

### حرکت کے آثار

...

### حملہ کامیاب

...

(البشیر)

### اصل ذمہ داری

...

### دہلی میں گداگری کی لعنت

...

(ریاست)

اخبار الجمعیۃ کی توسیع اشاعت کے لئے سعی فرما کر اپنی علم نوازی و مذہبیت کا ثبوت بہم پہنچائیے۔ (منیجر)

...
۵۔ مسٹر جی بخش محمدی۔ انکم ٹیکس اکسپرٹ۔
۶۔ مسٹر حسن علی میر محمد بلوچ ممبر کراچی کارپوریشن۔
۷۔ مسٹر اے۔ آر خاں۔
شیخ عبدالمجید۔


## پادری کی لڑکی کا قبول اسلام

اسپین کے ایک جلیل القدر پادری کی لڑکی نے جب اسلامی تعلیمات کا مقابلہ کیا اور مسلمانوں کے مذہب اور ان کے اعمال کو بغور دیکھا تو اس کے دل میں اسلام کی صداقت و حقانیت جاگزیں ہو گئی اور اس نے یہ فیصلہ کر لیا کہ حقیقتاً اسلام ہی وہ مذہب ہے جو دنیا اور آخرت میں نجات کا راستہ بتاتا ہے اور اس کے علاوہ جتنے مذہب ہیں وہ سب باطل اور صراط مستقیم سے بھٹکا دینے والے ہیں۔ جب عیسائیوں کو اس کی خبر ہوئی تو تمام پادریوں نے مل کر اس لڑکی پر بے شمار مظالم ڈھائے ... لڑکی اسلام پر ثابت قدم رہی اور اس نے بالآخر تمام پادریوں کی شاندار مجلس میں اسلام کی حقانیت پر ایک بصیرت افروز مناظرہ کیا ... اس کا نام زبیدا تھا اور اس کی زندگی کے واقعات ایک کتاب میں قلمبند کر دیئے گئے ہیں ... قیمت فی جلد ۱۲ علاوہ محصول ڈاک ...

ملنے کا پتہ:۔ منیجر الجمعیۃ دہلی


نورانی قرآن مجید
نہایت صاف جلی اور نہایت صحیح قرآن شریف اگر درکار ہو تو نورانی قرآن مجید الجمعیۃ بک ایجنسی دہلی سے طلب فرمایئے۔ قیمت مجلد بارچہ ...

# The Jamiat

Regd. No. L 1793.

پادری کی لڑکی کا قبول اسلام ... منیجر الجمعیۃ دہلی

Vol. XXI No. 22 DELHI THURSDAY 28th MARCH 1935 PRICE ONE ANNA

## اہل سرحد میں اضطراب و ہیجان کی ایک لہر

اہل سرحد میں یہ خبر نہایت رنج و افسوس کے ساتھ سنی گئی ہے کہ حکومت سرحد مولانا غلام غوث صاحب آف بفہ پر ان کی ایک تقریر کی بنا پر مقدمہ کرنے کے متعلق غور کر رہی ہے۔ چنانچہ پولیس ان کے بیانات لے رہی ہے۔ ہمیں حکومت کو چاہئے کہ وہ اس معاملے میں دلچسپی کی حکمت عملی کو کام لائے اور علماء و قائدین کو گرفتار کر کے قلوب رعایا میں ہیجان و اضطراب اور غیض و غضب کے جذبات پیدا کرے۔

(مولانا) شاکر اللہ (صدر جمعیۃ علماء سرحد)

## انجمن حیدری کا انعقاد

چند مسلم نوجوانان اگر وہہ نے مورخہ ... کو ایک انجمن جس کا صحیح نام انجمن حیدری ہے۔ دلی کشمیری دروازہ ... ہاؤس میں قائم کی ہے جو کارکنان کے حسن و انتظام سے روز افزوں ترقی کر رہی ہے اس کی غرض و غایت یہ ہے کہ قوم کے کم استطاعت افراد کی حتی الوسع امداد کر کے لاوارث اموات کی تجہیز و تکفین وغیرہ کا امکانی صورت میں انتظام کرنے کے لئے آپس میں اتحاد و اتفاق اور یکجہتی قائم ہو۔

(سکریٹری انجمن ہذا)

احمد سعید صاحب نے اپنے دست مبارک سے کردی جہاں تک جلسہ کی کامیابی کا تعلق ہے ۱۸ سال میں ایسا کامیاب اجلاس اس وقت تک نہیں ہوا ... اوقات میں اصلاح کے لئے عجیب عجیب مضامین پر تقریریں ہوئیں مسلمانوں کی مذہبی اقتصادی حالت کو درست کرنے کے لئے دلچسپ بیان فرمائے جن کا کافی سے زیادہ اثر ہوا۔ یہ جلسہ زیر انتظام حضرت مولانا محمد مبارک حسن صاحب شاگرد حضرت شیخ الہند قدس سرہ العزیز ہوا۔

(مسعود الحق مہتمم مدرسہ دار العلوم میرٹھ)

## انکشاف حقیقت

مسلمانان بہار و اڑیسہ دکول فنڈ وصفیا وکو آگاہ کیا جاتا ہے کہ مدرسہ اسلامیہ یا مومن کانفرنس دھنبا و کول فنڈ کے نام سے چندہ مانگنے والے کو کسی قسم کی رقم نہ دیں جب تک انجمن اصلاح المسلمین دھنباد کے صدر یا سکریٹری کی طرف سے کوئی ثبوت نہ ہو۔

رائٹر کی ایک تازہ اطلاع سے معلوم ہوا ہے کہ برطانوی حکومت نے خلیج فارس میں اپنا بحری مستقر ساحل ایران سے ہٹا کر ساحل عرب پر قائم کرنے کا فیصلہ کر لیا ہے اور اس سلسلہ میں تمام ضروری آسانیاں بحرین کے قریب حاصل کر لی گئی ہیں اور اس کے متعلق شیخ بحرین کی اجازت و رضامندی بھی حاصل ہو گئی ہے۔ اسی تار میں بعض اور امور کی طرف بھی نہایت اجمالی اشارے کئے گئے ہیں جن سے اصل صورت حالات کا پتہ چلتا ہے اور جزیرۃ العرب کے متعلق برطانوی حکومت کی اس جدید حرکت کے نتائج و عواقب پر روشنی پڑتی ہے۔ ہمیں بتایا گیا ہے کہ ساحل عرب پر گزشتہ عرصہ میں کچھ ایسے تازہ واقعات و حالات رونما ہوئے ہیں کہ انہوں نے برطانوی حکومت کو اس فیصلہ تک پہنچنے کے لئے مجبور کر دیا ہے۔ ساحل عرب کی اہمیت دو وجوہ سے بہت زیادہ ہو گئی ہے۔ پہلی وجہ تو یہ ہے کہ وہاں سے ہوائی جہازوں کا راستہ نکل گیا ہے اور ہوائی آمد و رفت کا سلسلہ جاری ہو گیا ہے اور دوسری وجہ یہ ہے کہ بعض ایسی جدید تجارتی ترقیاں ہوئی ہیں جنہوں نے وہاں کے ذرائع و وسائل کو وسعت دیدی ہے۔ اس تجارتی و ہوائی اہمیت کے علاوہ ایک اور بات بھی کہی گئی ہے جو ہمارے لئے زیادہ غور طلب ہے۔ ہمیں رائٹر کے اسی تار میں بتایا گیا ہے کہ ساحل پر جو متعدد آزاد حکومتیں قائم ہیں ان کے ساتھ برطانیہ کے نہایت دیرینہ تعلقات ہیں اور ان تعلقات کی بنا پر مخصوص ذمہ داریاں ہیں جن سے عہدہ برا ہونا ضروری ہے اس لئے یہی مناسب خیال کیا گیا کہ خلیج فارس میں برطانیہ اپنی بحری قیام گاہ ساحل عرب کے متصل بنائے اور بندر عباس کے قریب سے جو ایران کا ایک بندرگاہ ہے ہٹالی جائے چنانچہ عنقریب اس فیصلہ پر عمل کیا جائے گا۔

تازہ فیصلہ میں ایک عنصر یہ بھی ہوگا جو بات بالکل ظاہر و باہر نظر آتی ہے وہ موجودہ جزیرۃ العرب کے متعلق حکومت برطانیہ کی پالیسی ہے۔ جہاں اس نے اپنے اس نئے فیصلہ کا اعلان کر کے موجودہ حالات میں سخت پیچیدگیاں پیدا کر دی ہیں۔ اس وقت عرب کے ایک حصہ پر جو مغربی ساحل سے مشرقی ساحل تک پھیلا ہوا ہے سلطان ابن سعود کی ایک مضبوط حکومت قائم ہو گئی ہے اور اس کے ساتھ مسلمانان عالم کی بہت کچھ توقعات وابستہ ہیں۔ یورپ اور ایشیا کے اخبارات میں بار بار اس خیال کا اظہار کیا جا چکا ہے کہ بہت ممکن ہے کہ یہی حکومت آگے چل کر اتحاد عرب کا نقطہ ثابت ہو۔ اس وقت جزیرۃ العرب کے جو ٹکڑے کر دئے گئے ہیں وہ آگے چل کر حکومت نجد و حجاز کی سعی و کوشش اور اثر و اقتدار سے ایک فیڈریشن کی شکل میں منتقل ہو سکیں۔ بہر حال یہ ایک خواب ہے جو تمام دنیا کے مسلمان دیکھ رہے ہیں اور اس کی خوشی کیلئے آئندہ تعبیر کے منتظر ہیں۔ مگر حکومت برطانیہ کا یہ طرز عمل کہ اس نے مغربی اور مشرقی دونوں ساحلوں پر اپنے فوجی استحکامات شروع کر دئے ہیں اندرون جزیرۃ العرب کو دونوں طرف سے گھیر لینا چاہتی ہے بہت زیادہ تشویش کا موجب ہو سکتا ہے۔ بالخصوص ایسی حالت میں جب کہ خلیج فارس کا وہ حصہ جس کے قریب یہ نیا مستقر بنایا جا رہا ہے سلطان ابن سعود ہی کی حکومت میں شامل ہے اس اقدام کو اور بھی زیادہ اندیشہ کی نگاہ سے دیکھا جائے گا۔

بحرین اور ساحل عرب کی بعض معمولی ریاستوں کے شیوخ سے برطانیہ کا ساز باز اور ان کے متعلق مخصوص ذمہ داریوں کا تذکرہ بھی اس شبہ کو تقویت پہنچاتا ہے کہ اتحاد عرب کی راہ میں یہ ایک بہت بڑی سد سکندری حائل کی جا رہی ہے اور برطانیہ ساحل عرب کے چند بے حقیقت امیروں کی پشت پناہی کر کے ان کے ذریعہ جزیرۃ العرب کی اسکیم کو ناکام کرنا چاہتا ہے۔ ہمارے خیال میں سلطان ابن سعود کی حکومت بھی جو برطانیہ کی حلیف ہے اس کے اس اقدام کو اچھی نظر سے نہیں دیکھے گی اور سخت پیچیدگیاں پیدا ہو جائیں گی۔

……

حکومت برطانیہ کے واسطے بھی کچھ بہتر نہ ہوں گے۔

---

[illegible]

…پیدا ہونا تھا اور بہت ممکن ہے کہ ان کی طرف سے اس مرتبہ بہت زیادہ زور ڈالا گیا ہو کہ برطانیہ اس اسٹیشن کو اٹھا کر کہیں اور لے جائے اور حکومت برطانیہ کے اس…

# شذرات

## اصل مرض سے مجرمانہ غفلت

الہ آباد کی ایک اطلاع مظہر ہے کہ وہاں متعدد نوجوانوں کو پولیس نے گرفتار کر لیا ہے اور غالباً اس بنا پر ان کے خلاف سازش کا مقدمہ چلایا جائے گا کہ وہ انقلابی تحریک سے تعلق رکھتے ہیں۔ یہ بھی خبر ہے کہ پولیس کو ایک ڈائری سے انقلاب پسندوں کی وسیع سازش کا پتہ چلا ہے جس کی بنا پر عنقریب گرفتاریوں کا امکان ہے۔ اگر انقلاب پسندی کے معنی تشدد اور خونریزی کے ہیں تو ہندوستان کا ہر ہوشمند انکی مذمت کرنے پر مجبور ہوگا۔ کیونکہ ہندوستان میں آزادی اور استخلاص وطن کی تحریک تشدد کے ذریعہ کامیاب ہو سکتی ہے اور نہ موجودہ نظام کا یہ صحیح رد عمل ہے۔ تشدد سے اگر کسی کا نقصان ہوگا تو وہ ہندوستان ہی ہے جو اقتصادی اور سیاسی بلاؤں میں بری طرح مصروف ہے اور جس کی گلوخلاصی کی بنیاد عدم تشدد، صبر و برداشت اور ضبط نفس کے سوا اور کوئی نہیں ہو سکتی۔ اس لئے تشدد کے حامی نہ صرف اپنے بلکہ پورے ملک کے دشمن ہیں اور اپنی بے جا حرکتوں سے ان تمام سرگرمیوں کو پامال کر رہے ہیں جنکا تسلسل ہی ہندوستان کی آزادی کا ضامن ہے۔ ظلم و جبر کا جواب ہندوستان میں صبر و استقامت سے ہی دیا جا سکتا ہے جس کا پہلا نتیجہ ضمیر کا اطمینان ہے جس پر حریت عمل کی بنیاد استوار ہوتی ہے۔ دوسری طرف اس باب میں حکومت کا جو رویہ ہے وہ بھی آج تک ہماری سمجھ میں نہیں آیا اور نہ حکومت آج تک اس مسئلہ کو حل کر سکی ہے۔ یہ بات تو ظاہر ہے کہ جن لوگوں کا تعلق انقلابی تحریکات سے ہے ان میں ۹۰ فی صدی وہ لوگ ہیں جو روزگار سے محتاج اور سرمایہ داری کے ہاتھوں برباد ہیں۔ ان لوگوں نے کالجوں سے ڈگریاں اس امید پر حاصل کیں کہ وہاں سے نکل کر ان کے پیٹ کا انتظام ہو جائے گا مگر جب وہ تعلیم کے دائرہ سے باہر آئے تو ان کو معلوم ہوا کہ جانوروں کی زندگی کے سہارے…

…موجود ہیں مگر انسان اور تعلیم یافتہ انسان کی قوت لایموت کا کوئی انتظام نہیں ہے۔ یہی وہ مقام ہے جہاں سے جرائم کی اور حصول زر کے غیر آئینی طریقوں کی ابتدا ہوتی ہے اور پھر رفتہ رفتہ یہ چیز انقلابی صورت اختیار کر لیتی ہے۔ اگر حکومت تعلیم یافتہ نوجوانوں کے روزگار کا انتظام کر دے یا کم از کم بیکاروں کے لئے کوئی امدادی فنڈ جاری کر دے تو وہ خود بھی بے فکر ہو سکتی ہے اور انقلاب کا رخ اصلاح کی طرف پھر سکتا ہے۔ حکومت اب تک اصل مرض کی تشخیص کرنے سے قاصر رہی ہے اگر اس نے مرض شناخت کر لیا ہے تو وہ اس کے ازالہ کی طرف توجہ نہیں کرتی اور مجرمانہ غفلت برت رہی ہے۔ آخر یہ کونسی دانشمندی ہے کہ فساد کے سرچشمہ کو بند کرنے کے بجائے اس کے اثرات کا تعاقب کیا جائے؟ حکومت کو چاہئے کہ پہلے بھوک کا علاج کرے اس کے بعد ہم یقین دلاتے ہیں کہ اس کو بہت آرام سے نیند آئے گی۔

## روس اور برطانیہ کا اتحاد

مسٹر ایڈن (برطانوی نمائندہ) ماسکو میں لٹوینوف اور اسٹالن سے گفتگو کر کے وارسا واپس آ گئے ہیں ماسکو میں جن سیاسی معاملات پر گفتگو ہوئی ہے ان میں جرمنی کے خلاف ایک متحدہ محاذ کے قیام کی تجویز خاص اہمیت رکھتی ہے جو مستقبل قریب میں جنگ برپا ہونے کا پیش خیمہ تصور کی جاتی ہے۔ جرمنی کی آئی کروٹ نے برطانیہ، فرانس اور اس کو سخت کشمکش میں مبتلا کر دیا ہے اور جرمنی کی فوجی تیاریاں، اسلحہ بندیاں، بحری اور ہوائی تنظیم نے دیگر حکومتوں کیلئے یہ نئی راہ کھول دی ہے کہ اس کے مقابلہ میں روس، فرانس، زیکوسلیویکیا اور پولینڈ کا ایک متحدہ محاذ قائم کیا جائے جو جنگ کی صورت میں جرمنی کے حملوں کو روک سکے اور ارکان اربعہ کی قوت جرمنی کے جارحانہ اقدام کو ناممکن بنا دے۔ اس تجویز اور ماسکو کی گفتگو سے جہاں یہ نتائج نکلتے ہیں کہ یورپ کی کوئی حکومت بھی جرمنی کی مساویانہ حیثیت کو تسلیم کرنے کیلئے تیار نہیں ہے اور مخالف قوتیں خود یہ محسوس کرتی ہیں کہ جرمنی کا مقابلہ انفرادی طور پر نہیں کیا جا سکتا وہاں اس سے یہ… آمیز تبسم بھی نمایاں ہوتا ہے کہ روس جیسی حکومت سے برطانیہ کی دوستی قائم ہو گئی اور انگلستان کا دیرینہ دشمن بالآخر اس سے بغلگیر ہو گیا! کیا مبارک وقت ہوگا جب مسٹر لٹوینوف نے مسٹر ایڈن کو رخصت کرتے وقت رائٹر کی اطلاع کے مطابق یہ جملے کہے ہوں گے کہ "میں آپ کی کامیابی کا متمنی ہوں، آپ کی کامیابی اس وقت ہماری کامیابی ہے" خدا کرے کہ یہ اتحاد پائیدار ثابت ہو تاکہ ہندوستان کو اس مصیبت سے تو نجات ملے جو بالشویک کا نام لے کر اس پر توڑی جاتی ہے اور جس کا تصور اس کے لئے سوہان روح بنا ہوا ہے۔

## جنگ عمومی سے زیادہ خوفناک!

ادھر تو ماسکو میں یہ تجویز منظور ہوئی کہ جرمنی کے مقابلہ کیلئے یا قیام امن کی خاطر فرانس، روس اور زیکوسلیویکیا میں ایک مرکزی قوت کی بنیاد ڈالی جائے دوسری طرف جرمنی نے اپنی ظاہر اور پوشیدہ قوتوں کا مظاہرہ شروع کر دیا ہے اور اس کی حیرت انگیز فوجی تعداد عنقریب پچاس لاکھ ہو جائے گی۔ یکم اپریل کو دو فوجی سپاہی طلب کئے گئے جو ۱۹۱۵ء میں فوج میں داخل تھے ان کی تعداد ۵ لاکھ اٹھتر ہزار ہے۔ معلوم ہوتا ہے کہ جرمنی بالاپس و پیش اپنا سفر طے کر رہا ہے اور اس نے مخالفتوں کے علی الرغم اپنی جنگی تیاریاں اعلیٰ پیمانہ پر شروع کر دی ہیں سوال یہ ہے کہ کیا مستقبل قریب میں جنگ ہوگی؟ اگر ہوگی تو کس نوعیت کی اور کیسی بربادیاں اپنے ساتھ لائے گی؟ اس کا جواب اسٹالن کے اس قیاس سے ملتا ہے جس کا اظہار انہوں نے مسٹر ایڈن سے ماسکو میں کیا ہے۔ اسٹالن روس کا صدر اعظم ہے مگر گھبراتے ہوئے کہتا ہے کہ مستقبل کی جنگ ۱۹۱۴ء کی جنگ عمومی سے بھی زیادہ خطرناک ہوگی کیونکہ اس وقت جرمنی کی طرف سے جنگ کا خطرہ تھا مگر اب جرمنی اور جاپان دونوں کی طرف سے خطرہ ہے۔ دیکھئے پردہ غیب سے کیا ظاہر ہوتا ہے اور یورپ کی ہوس استعمار کیا گل کھلاتی ہے۔

# حوادث و احکام

[illegible]

## کراچی میں امتناعی احکام کی توسیع

## ضروری گزارش

---



# قلب عرب میں برطانیہ کی بحری طاقت کا مرکز

## بحرین کی سرزمین میں بحری مرکزوں کی تبدیلی

## شیخ بحرین کی عرب سے غداری

نئی دہلی ۴ اپریل۔ حکومت ہند کی جانب سے حسب ذیل سرکاری اعلان شائع ہوا ہے:-

"خلیج فارس میں واقع ساحل عرب پر جو حالات حال میں رونما ہوئے ہیں۔ انہوں نے حکومت برطانیہ کو اس بات پر غور کرنے کا موقع دیا ہے کہ اس علاقہ میں اپنے بحری مستقروں کے قیام کے مسئلہ پر دوبارہ غور کیا جائے۔ برطانوی ہوائی راستہ کی ساحل عرب پر تبدیلی اور اس علاقہ میں تازہ تجارتی ترقیوں کے باعث ساحل عرب نے نئی اور ترقی پذیر اہمیت حاصل کر لی ہے۔ مزید براں ساحل عرب کی مختلف ریاستوں کے آزاد حکمرانوں کے ساتھ حکومت برطانیہ کے خاص تعلقات قدیم زمانہ سے قائم ہیں۔ اور ان کے بارے میں اس پر خاص ذمہ داریاں عائد ہوتی ہیں۔ دریں حالات حکومت برطانیہ نے یہ فیصلہ کیا ہے کہ یہ امر پسندیدہ ہے کہ اس کی بحری طاقت کے مستقل مراکز اور مستقر خلیج فارس کے ساحل سے دور واقع ہونے چاہئیں۔ جہاں اب بحرین میں مناسب سہولتیں فراہم ہو گئی ہیں۔ چنانچہ حکومت برطانیہ نے شیخ بحرین کی رضامندی سے اپنے ان تمام بحری مرکزوں کو بحرین میں تبدیل کر دینے کا فیصلہ کیا ہے۔ جو اس وقت ہنجام اور باسیدو میں واقع ہیں۔ ان آخر الذکر مرکزوں کو عنقریب ترک کر دیا جائے گا۔"

# انقلاب پسندوں کی انجمنوں کا سراغ

## پانچ مشتبہ اشخاص کی گرفتاری

الہ آباد یکم اپریل۔ معلوم ہوا ہے کہ یو۔پی کی خفیہ پولیس انقلاب پسندوں کی انجمنوں کا سراغ لگانے میں مصروف ہے جس کے بارے میں خیال ہے کہ یو۔پی اور سی۔پی میں اس قسم کی جماعتیں موجود ہیں۔ اس تحریک کا تعلق بنگال کی تحریک دہشت انگیزی سے نہیں بتلایا جاتا کیونکہ بنگال کے دہشت انگیز شمالی ہند کے لوگوں پر اعتماد نہیں رکھتے۔

یہاں کہا جاتا ہے۔ پولیس کو ایک گرفتار شدہ شخص کی ڈائری سے اہم سراغ مل گیا ہے۔ جس میں بہت سے مشتبہ اشخاص کے نام درج ہیں۔ اب تک اس سلسلہ میں پانچ اشخاص گرفتار کئے جا چکے ہیں اور خیال ہے کہ اور بھی اشخاص گرفتار کئے جائیں گے۔ ابھی کچھ دنوں تک خفیہ پولیس کی تحقیقات جاری رہے گی اور جب تحقیقات ختم ہو جائے گی تو ایک مقدمہ سازش بنارس میں چلایا جائیگا۔ کہا جاتا ہے کہ مشہور انقلاب پسند مسٹر آزاد نے صوبہ میں اس تحریک کی بنیاد ڈالی تھی۔

# حکومت نے اسمبلی کے فیصلہ کو رد کر دیا

نئی دہلی یکم اپریل۔ آج اسمبلی کے ایجنڈے میں بل مالیات بھی شامل تھا۔ آج پہلا موقعہ تھا کہ مارچ کے ختم ہونے کے بعد بل مالیات پر اسمبلی میں غور کیا گیا۔ …

# عدالتوں کی فیس کا ترمیمی بل

## یو۔پی کونسل نے نامنظور کر دیا

# فرنٹیر میل سے سونے کی چوری کا سراغ

## چوروں کی گرفتاری

# مسلح ڈکیتی کے مقدمہ کا فیصلہ

## ۱۲ ڈاکوؤں کو چلیس دوام کی سزا

# لاہور میونسپلٹی میں ہنگامہ

## سلور جوبلی کے چندہ پر بحث

# بمبئی کارپوریشن میں کانگریس کی فتح

# بمبئی میں سیلاب

# برطانی جہازوں سے ہندی ملازم علیحدہ کر دئے جائیں گے؟

# تھانیدار نے مجمع پر گولی چلا دی

# وائسرائے نے آرڈیننس جاری کر دیا

# یورپین سارجنٹ پر چاقو سے حملہ

# انکم ٹیکس وصول کرنے کیلئے ایک آرڈیننس

# کالے پانی میں قیدیوں کی تعداد

# سیام میں جنگ کا خطرہ

# رشوت اور قتل کے الزام میں پولیس افسر کی گرفتاری

# حبش اور اٹلی کا تنازعہ

# ۳۲ اشخاص غرقاب پچاس مفقود

# سرفضل حسین کے جانشین کی آمد

# مرحوم شیروانی کی نشست کے امیدوار

# دو ہزار بنگالیوں کی نظربندی

## ہوم ممبر کی ہمدردی

# فائینس بل پر ایک اور ضرب

## کھالوں پر محصول درآمد کی تنسیخ

دہلی ۴ اپریل۔ ایک جانب مالی اصولوں اور دوسری جانب صوبجاتی مفادوں کے تصادم سے آج اسمبلی میں نازک صورت حالات پیدا ہو گئی اور کانگریس ایک ووٹ کی اکثریت سے ممبر مالیات سر جیمز گرگ کے بجٹ پر ایک اور ضرب لگانے میں کامیاب ہو گئی۔

آج حکومت اور کانگریس کے درمیان اصولوں پر جھگڑا ہوا۔ اول الذکر کیگنا کی امداد کرنا چاہتی تھی، اور موخر الذکر کا یہ کہنا تھا کہ اگر کھالوں کی ڈیوٹی منسوخ کر دی گئی تو چمڑے کے کارخانوں کی صنعت کو سخت نقصان پہنچے گا اس لئے اسے تباہی سے بچانا چاہیے۔

حالانکہ کانگریس اور سرکاری میدان نے نہایت وفاداری کے ساتھ اپنے اپنے وہیپوں کا ساتھ دیا لیکن دیگر پارٹیوں میں صوبجات کی بنا پر تقسیم ہو گئی۔

فہرست رائے شماری پر ایک نظر ڈالنے سے یہ ظاہر ہو جائے گا کہ آج پہلی مرتبہ چھوٹی چھوٹی پارٹیوں کا شیرازہ کس طرح بکھر گیا۔ حتی کہ آج تمام یورپین غیر جانبدار رہے کہ اگر انہوں نے دونوں میں سے کسی کا ساتھ دیا تو چمڑے کی صنعت میں دونوں کو مشکل سے کام مل سکیگا۔ اس کے برخلاف ڈاکٹر ڈی سوزا نے احاطہ مدراس کے مفاد کو پیش نظر رکھتے ہوئے حکومت کے خلاف ووٹ دیا۔ … ایک ووٹ سے شکست … پنجاب، یو۔پی، بنگال، آسام، بہار، اڑیسہ اور برما کے صوبجات نے متحد ہو کر احاطہ مدراس اور بمبئی کا مقابلہ کیا لیکن کانگریس پارٹی … ووٹ سے … دیکھ …

# پولینڈ اور برطانیہ میں گفت و شنید

## مشرقی معاہدہ پر غور

لندن ۳ اپریل۔ کل صبح وارسا میں دفتر خارجہ کے اندر پولینڈ کے وزیر امور خارجہ کرنل بیک، لارڈ چرلوی سیل اور برطانی نائب وزیر امور خارجہ مسٹر انتھونی ایڈن کے مابین گفت و شنید شروع ہو گئی۔

کہا جاتا ہے کہ مسٹر ایڈن نے گفت و شنید سے پیدا ہونے والے حقائق بیان کئے کہ ان معاملات کے علاوہ جن کا برطانیہ اور فرانس کے مشترکہ اعلان میں ذکر کیا گیا ہے۔ باہمی فوجی امداد کے لئے مشرقی پیکٹ کی تجویز پر خاص طور سے بحث ہوگی۔

حالانکہ پولینڈ ابھی تک اس قسم کے پیکٹ کی مخالفت کرتا رہا ہے لیکن اگر اس نے پیکٹ کے حق میں اپنی منظوری دیدی تو اینگلو فرانسیسی تجاویز کی کامیابی …

# پنڈت مالویہ و فود لیکر انگلستان نہیں جائیں گے

# سرحد میں ہائی کورٹ کا قیام

# فرانس میں جنگی تیاریوں کا زور

# توہین رسول کی ایک اور سزا

# سلور جوبلی میں ڈی ویلرا کا شرکت سے انکار

# روس-فرانس اور زیکوسلیویکیا کے درمیان جرمنی کے خلاف اتحاد

## برطانیہ اور روس میں اتحاد رائے - برطانی نمائندہ کی کامیابی

### مسٹر لٹوینوف کا مسٹر ایڈن کو آخری پیغام

لندن یکم اپریل۔ مسٹر ایڈن نے جو روس کا دورہ کیا تھا اس کے متعلق ایک اعلان شائع کیا گیا ہے جس کا لب لباب یہ ہے کہ روس اور برطانیہ میں قیام امن کے لئے پورا اتفاق ہے مسٹر ایڈن اور روسی نمائندہ مسٹر لٹوینوف کے درمیان بین الاقوامی صورت حالات کے متعلق تبادلہ خیالات ہوا جس میں مجوزہ مشرقی معاہدہ بھی شامل ہے اس کے علاوہ انگلو فرنچ کمیونک پر بھی غور کیا گیا اور برطانیہ اور روس کے باہمی تعلقات کو مستحکم کرنے پر بھی تبادلہ خیال ہوا۔ اب دوسرا قدم ایک ایسے معاہدہ کا ہوگا جو فرانس روس اور زیکوسلیویکیا کے مابین ہوگا اور جس کا مطلب یہ ہوگا کہ وہ جرمنی کے خلاف ایک دوسرے کی مدد کریں اگر پولینڈ کی حرمنی ہوگی تو وہ بھی اس میں شریک۔ ہو سکے گا جہاں تک روس کا تعلق ہے وہ برطانیہ سے کسی قسم کے وعدہ کا مطالبہ نہیں کرنا چاہتا۔ برطانیہ سے صرف اتنی خواہش کی جارہی ہے کہ وہ اس قسم کی کوشش کے خلاف کوئی کارروائی نہ کرے جس کا مقصد مشرقی یورپ میں امن وامان کا قیام ہے۔ یا وہ اس کی مخالفت کے لئے کسی فریق کو اکسائے۔

ماسکو یکم اپریل گذشتہ شب مسٹر ایڈن پونے گیارہ بجے وارسا کے لئے روانہ ہوگئے۔ پلیٹ فارم پر سرخ کپڑا بچھایا گیا تھا اور روسی افسران کے علاوہ برطانوی سفیر بھی ان کو الوداع کہنے کے لئے اسٹیشن پر آئے۔ برطانوی اور روسی جھنڈا لہرا رہا تھا۔ مسٹر ایڈن نے روسی اخلاق اور مہمان نوازی کا شکریہ ادا کیا جس وقت مسٹر لٹوینوف نے مسٹر ایڈن کو الوداع کیا تو یہ بھی فرمایا کہ "میں آپ کی کامیابی کا خواہشمند ہوں۔ آپ کی کامیابی اس وقت ہماری کامیابی ہے"۔

وارسا یکم اپریل۔ مسٹر ایڈن ماسکو سے یہاں پہونچ گئے۔ توقع ہے کہ پولینڈ کے افسران نئی تجاویز پیش نہیں کریں گے بلکہ مسٹر ایڈن نے برلن اور ماسکو میں جو گفتگو کی ہے اس کے پیش نظر ان کے مشوروں پر عمل کریں گے۔

# جرمنی میں آئندہ جنگ کیلئے زبردست تیاریاں شروع ہوگئیں

## ڈیفنس کونسل کی تشکیل - افواج کی تعداد ۷۵ لاکھ تک پہونچ جائے گی

### اسٹالن کا خیال ہے کہ یہ جنگ گذشتہ جنگ سے زیادہ خوفناک ہوگی

لندن یکم اپریل۔ ادھر قیام امن کے لئے برطانیہ اور روس میں مسٹر ایڈن کے سفر کے بعد تعاون کی بنیاد استوار ہوئی ہے تو دوسری طرف برلن میں جدید نوع کی تنظیم اور جنگ کی تیاریاں شروع کر دی گئی ہیں۔ خیال کیا جاتا ہے کہ جرمنی افواج کی تعداد .... ۷۵ تک پہونچ جائے گی عنقریب جرمنی میں ڈیفنس کونسل کی تشکیل کیجائیگی جس کے روح رواں فون ڈورف اور وان سیکٹ ہوں گے جو قیصر جرمنی کے حامیوں میں سے ہیں۔ اس طرح موجودہ جرمنی اور قیصریت پسندوں کے اختلافات کا بھی خاتمہ ہوگیا ہے۔

آج ۱۹۱۵ء کی افواج کا مظاہرہ کیا گیا جس کی تعداد ۵ لاکھ اسی ہزار ہے چند سال کے اندر اندر ۱۹۱۰ اور ۱۹۰۹ء کے سپاہ کو بھی فوجی خدمات کے لئے تیار کیا جائیگا۔ چونکہ جرمنی کی جدید فوجی اور بحری تنظیم پر بہت زیادہ خرچہ بیٹھے گا اس لئے وزارت مال بجٹ کے توازن پر غور کر رہی ہے۔ حکام کو اس سلسلہ میں مزید اختیارات دیے جانے کا ایک قانون نافذ کیا گیا ہے تاکہ وہ فوجی اخراجات کے پیش نظر بجٹ کو متوازن کرنے کے لئے اپنے اختیارات کو کام میں لائیں۔

اخبار ٹائمز کا نامہ نگار ماسکو سے اطلاع دیتا ہے کہ صدر جمہوریہ روس "اسٹالن" نے مسٹر ایڈن سے دریافت کیا کہ اگر مستقبل قریب میں جنگ پھوٹ پڑی تو وہ ۱۹۱۴ء کی جنگ سے زیادہ سخت ہوگی یا اس سے کم؟ مسٹر ایڈن نے کہا کہ اس سے کم۔ اگر اسٹالن کا نظریہ یہ ہے کہ آئندہ برپا ہونے والی جنگ گذشتہ جنگ سے زیادہ سخت اور ہولناک ہوگی۔ کیونکہ جنگ عمومی میں صرف ایک حکومت سے خطرہ تھا اور آئندہ کی جنگ میں جرمنی اور جاپان کا مقابلہ ہوگا!

# برطانیہ کو جاپان کا جواب

## پہلے منچوکو کی سلطنت کو تسلیم کرو

لندن۔ ۳۰ مارچ۔ معاصر ٹائمس کے نامہ نگار متعینہ ٹوکیو نے اطلاع دی ہے کہ منچوکیو کے تیل کی تجارت کے مسئلہ پر حکومت جاپان نے برطانیہ کو جو تازہ ترین جواب دیا ہے۔ وہ منچوکیو کی حیثیت پر بغیر نظر انداز ہوتا ہے۔

جاپان نے اپنے جواب میں اس بات کا اقرار کیا ہے۔ کہ اس نے منچوکیو میں آزاد تجارت کا وعدہ کیا تھا مگر چونکہ اس کی منچوکیو کی حیثیت کے متعلق درخواست نامنظور کردی گئی ہے۔ اس نئے اس سے اس عہدہ پر قائم رہنے کی توقع نہیں رکھنی چاہئے۔ حکومت جاپان کہتی ہے کہ جس وقت منچوکیوں نے حکومت برطانیہ کی موافقت میں اعلان کر دیا تھا اس حالت میں برطانیہ کا منچوکیو کے درجہ کو نہ پہنچانا اس کی منافرت کی کھلی دلیل ہے۔

# نمک کے محصول میں کمی کی تحریک منظور

## اسمبلی میں حکومت کو ایک اور شکست

دہلی یکم اپریل۔ آج اسمبلی نے ۵۰ آرا کے مقابلہ میں ۶۱ آرا سے پنڈت گوبند بلبھ پنت کی اس تجویز کو منظور کر دیا کہ حکومت کو برطانوی میں تیار شدہ نمک پر کوئی محصول نہیں لگانا چاہئے۔ لیکن سٹرانگ کی یہ تجویز کہ محصول نمک دو آنہ فی من کر دیا جائے ۵۵ آرا کے مقابلہ پر ۴۳ آرا سے منظور ہوگئی۔ اور اس طرح حکومت کو ایک اور شکست اٹھانی پڑی۔

سیٹھ گوبند داس نے تجویز پیش کی کہ محصول نمک منسوخ کردیا جائے لیکن یہ تجویز ۵۰ آرا کے مقابلہ پر ۶۱ آرا سے مسترد ہوگئی۔

# انڈیا ایکٹ گذشتہ وعدوں کا نقیض ہے

## ایوان ہائے تجارت کے جلسہ کی کارروائی

...

## اسمبلی میں گرانٹ کم کرنے کی تجویز

دہلی ۳۰ مارچ۔ آج اسمبلی میں مسٹر سکسینہ نے براڈ کاسٹنگ کے لئے مطالبہ زر ختم کرکے ایک مدبیر کردینے کی ترمیم پیش کی۔ رکن مالیات نے اس مد کے لئے ۴۰ لاکھ روپیہ مانگے تھے۔ مسٹر سکسینہ نے کہا کہ سر جارج شسٹر نے گذشتہ سال وعدہ کیا تھا کہ وہ آئندہ سال صرف ضروری اخراجات کیلئے روپیہ مانگے گی اس اقتصادی پستی کے زمانہ میں ۴۰ لاکھ روپیہ براڈ کاسٹنگ پر صرف کرنا کہاں کی دانشمندی ہے۔

# تین سو نظر بندوں سے مراعات چھین لی گئیں

کلکتہ ۔ ۳۰ مارچ۔ بنگال کونسل میں ایک سوال کے جواب میں ہوم ممبر نے بتایا کہ بنگالی کیمپ میں ۳۱۸ قیدی نظر بند ہیں۔ گذشتہ دو ماہ سے ان تمام نظر بندوں سے چھٹیاں لکھنے اور چھٹیاں وصول کرنے کے تمام اختیارات چھین لئے گئے ہیں۔ حتیٰ کہ یونیورسٹی کے داخلہ کے متعلق خط وکتابت کی اجازت بھی نہیں ہے۔ اس لئے دی گئی ہے کہ انہوں نے قاعدہ کی خلاف ورزی کی تھی۔ ادھر ان کا رویہ تسلی بخش نہیں تھا۔

# موٹر کے حادثہ میں چار جانوں کا اتلاف

مدراس یکم اپریل۔ مدراس سے چالیس میل کے فاصلہ پر ایک موٹر کار الٹ گئی۔ جس کی وجہ سے چار آدمی ہلاک ہوگئے ان میں دو بچے ہوا خال ہیں۔

# صوبہ بمبئی میں شاردا ایکٹ کی خلاف ورزیاں

## صرف سندھ میں ۹ ہزار کمسنوں کی شادیاں

بمبئی ۳۰ مارچ۔ سو مضع ویکانیر میں گذشتہ ایک ہفتہ کے اندر ۱۰۰ شادیاں انجام پائی ہیں جن میں اکثر ایسے بچوں کی ہیں جو ابھی تک اپنی ماں کی گود میں رہتے ہیں۔ صرف چند جوڑے ایسے ہیں جو بالغ ہیں۔ اسی طرح سندھ میں ۹ ہزار نابالغوں کی شادیاں ہوئیں۔ قانون کی زد سے بچنے کے لئے یہ شادیاں میر پور ریاست میں کی گئیں جس کی اطلاع ہوکر قبل کی وجہ کہ ان کی تنا زعہ تھا۔

# کمیونزم اور اسلام

## روسی نظام حکومت پر ایک طائرانہ نظر

(از ڈاکٹر سید نجم الدین احمد جعفری بارایٹ لاء)

...

اشتراکیت کا عقیدہ اور اسلام

کمیونزم کا بنیادی عقیدہ یہ ہے کہ سوسائٹی میں اقتصادی مساوات

...

# جامعہ کی عمارت

## شہر دہلی سے تیس ہزار کا مطالبہ

مقام مسرت ہے کہ شہر دہلی نے جامعہ کی عمارت کے چندہ میں بڑی فراخدلی سے حصہ لیا اور سنگ بنیاد کی تقریب کے موقع پر جس رقم کا اعلان کیا گیا ان میں ۱۸ ہزار روپیہ اہل دہلی کا حصہ ہے۔ امیر جامعہ ڈاکٹر انصاری مد ظلہ نے اپنی اپیل میں پچاس ہزار کی رقم دہلی اور صوبہ سرحد کے لئے مقرر کی تھی ...

...

(شفیق الرحمن ندوی۔ ناظم ہمدرد (ان)


## کربلا کے ریتیلے میدانوں میں خون کا چھڑکاؤ!

اہل بیت پر یزیدی مظالم کا ہولناک اور مذہب کے ابتدائی مراحل کی خونیاش مسافت جسم نبی فاطمہ پر تیروں کی بوچھاڑ تشنہ لب خشک ہونٹوں اور سوکھے ہوئے حلق کی آہ آسمان سوز خون کے فواروں میں سجدہ بروشکر کی ادائیگی اہل بیت کا زبردست ایثار۔ اگر آپ تیرہ سو برس پہلے کی دلشکن غمناک واقعات کی تصویر اپنی آنکھوں سے دیکھنا چاہتے ہیں تو

سعادت الکونین فی فضائل الحسنین اردو

حضرت مولانا مفتی اکرام الدین صاحب نبیرہ حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلوی کی تصنیف منگائیں۔ جس میں سند کے طور پر

جناب شاہ عالم بادشاہ غازی کی مہر

ثبت ہے آپ نے خود اس کو مطالعہ کیا تھا اور نہایت پسند فرمایا فارسی کی عبارت جو تنقید کے طور پر انہوں نے لکھی تھی وہ بھی اس کتاب میں موجود ہے۔ قیمت صرف ایک روپیہ محصول ڈاک ۴ر

ملنے کا پتہ۔ سید محمد شفیع الدین اینڈ سنز تاجران کتب دریبہ کلاں دہلی

## بال عمر بھر نہ اگیں

گورنمنٹ آف انڈیا سے باضابطہ رجسٹری شدہ سوبھو رجسٹرڈ

... قیمت فی شیشی دو روپیہ۔ تین شیشی پانچ روپیہ۔ محصول ڈاک علاوہ ...

سوبھو فارمیسی (رجسٹرڈ) حلقہ ... لاہور (پنجاب)


# حادثہ کراچی پر ملک میں زبردست ہیجان

## تحقیقات اور دادرسی کا ہمہ گیر مطالبہ

انجمن افاغنہ بمبئی کا زبردست جلسہ زیر صدارت عالیجناب قبلہ مولانا مولوی غلام حیدر خاں صاحب صدر انجمن طلبہ بلوچستان دہلی بمقام ہال انجمن افاغنہ بوقت ۹ بجے شب آلوار منعقد ہوا۔

جلسہ میں ہر اطراف کے معززین ہستیاں موجود تھیں جلسہ کا آغاز قرآن مجید کی تلاوت سے ہوا جناب خان داد محمد خاں صدر انجمن۔ مولانا عبدالرحیم خاں۔ خان محمد خاں نائب صدر انجمن ہذا۔ حاجی عبدالکریم خاں پانچ انجمن وملا عبدالکریم آخند ملازیر خاں وغیرہ معززین حضرات نے تقریریں کیں۔

مندرجہ ذیل تجاویز پاس ہوئیں

(۱) تجویز۔ انجمن افاغنہ کا یہ جلسہ عام شہید کراچی کے لئے دعائے مغفرت اور ان کی پسماندگان اور مجروحین کے ساتھ دلی ہمدردی کا اظہار کرتا ہے اور قوم سے پرزور اپیل کرتا ہے کہ ان کی ہر طرح کی مالی واخلاقی امداد کرے۔

(۲) تجویز۔ انجمن افاغنہ کا یہ جلسہ حکومت ہند سے استدعا کرتا ہے کہ وہ ایک غیر جانبدار تحقیقاتی کمیٹی مقرر کرے۔ تاکہ واقعات کراچی کی تحقیقات غیر جانبدارانہ کرائے۔

(۳) تجویز۔ انجمن افاغنہ کا یہ جلسہ حکومت صوبہ سے مطالبہ کرتا ہے کہ مقتولین کراچی کے پسماندگان اور مجروحین کے گذارہ کا مستقل بندوبست کرے۔

(۴) تجویز۔ انجمن افاغنہ کا یہ جلسہ جناب قبلہ مولانا شوکت علی صاحب مولانا خالد لطیف گابا صاحب ومسٹر محمد علی جناح صاحب۔ وسیٹھ حاجی عبداللہ ہارون صاحب ودیگر معززین واکابرین ... کی اسلامی اور ملکی خدمات پر مبارکباد پیش کرتا ہے۔

(۵) تجویز۔ انجمن افاغنہ کا یہ جلسہ جناب تصدق احمد خاں شیروانی کی ناگہانی موت کو ملک وملت کے لئے نقصان عظیم تصور کرتا ہے۔ اور مرحوم کے لئے مغفرت کی دعا کرتا ہے۔

(ملک عبدالرؤف خاں سکرٹری انجمن افاغنہ بلاسیس روڈ بمبئی)

## انجمن تہذیب الکلام کی تجاویز

انجمن تہذیب الکلام دہلی کا ایک اہم اجلاس بتاریخ ۲۷ مارچ ۱۹۳۶ء بوقت ۹ بجے شب زیر صدارت مولوی حافظ ابرار احمد صاحب بلیاوی منعقد ہوا جس میں مندرجہ ذیل تجاویز مولوی قاری نور الہدیٰ صاحب بہاری نے پیش کرتے ہوئے مختصر تقریر کی جس کی تائید مولوی حافظ محمد فاروق صاحب دہلوی اور مولوی عبدالقوی صاحب سوتی نے کی جو باتفاق آراء منظور ہوئیں۔

(الف) انجمن تہذیب الکلام دہلی کا یہ اہم اجلاس کراچی کے اس سانحہ پر جو وہاں رونما ہوا اظہار افسوس کرتا ہے اور حکومت نے اس فعل پر جو اس نے ہجوم کے منتشر کرنے کے ... اظہار غیظ وغضب کرتے ہوئے حکومت ہند سے پرزور مطالبہ کرتا ہے کہ آزادانہ طور پر تحقیقات کرکے باشندگان ہند کے عموماً اور مسلمانان ہند کے خصوصاً بڑھتے ہوئے جذبات کا احترام کرے اور ان عمال حکومت کو جو اس فعل شنیع کے ذمہ دار ہیں کافی سزا دے۔

...

(سید احمد شاہ بھائی جیدری)

بنارس ۱۹ مارچ ... شب میں ... حافظ کی مسجد پر حادثہ کراچی کے سلسلہ میں زیر صدارت جناب ڈاکٹر عبدالکریم صاحب فاروقی مسلمانان بنارس کا ایک اہم جلسہ ہوا جس میں جناب اشفاق احمد صاحب سابق پرائیویٹ سکرٹری جناب مولانا شوکت علی صاحب وجناب مرزا اصغر حسین صاحب وجناب مولوی عبدالمجید صاحب ایم۔ اے۔ ال۔ ال۔ بی ومولوی ابوالخیر صاحب سابق سکرٹری بنارس میونسپلٹی نے تقریریں کیں اور ذیل کا ریزولیوشن پیش ہوکر نہایت جوش وخروش کے ساتھ منظور ہوا۔

"مسلمانان بنارس کا یہ اجتماع کراچی کے خونی واقعات کے سلسلہ میں کراچی کے مقامی عمل کے شرمناک روش کو نہایت حقارت آمیز نظر سے دیکھتے ہوئے اپنے دلی افسوس کا اظہار کرتا ہے۔ اور شہیدوں کے اعزا اور مجروحین سے پوری ہمدردی ظاہر کرتے ہوئے موجودہ نظام حکومت سے پرزور مطالبہ کرتا ہے کہ وہ ان افسوسناک واقعات کے متعلق جلد از جلد ایک تحقیقاتی کمیٹی کا تقرر کرکے معاملات کی چھان بین کرے۔ اور جن بے رحم صفت حکام کے اشارہ سے یہ خون ریزی ہوئی ہے ان کو قرار واقعی سزا دے۔ کیونکہ اس قسم کے ظالمانہ اور ڈائر شاہی کارروائیاں مسلمانان ہند کی برداشت سے باہر ہیں"۔

(سکرٹری شعبہ اشاعت)

# معاملات بنارس کے متعلق

## علماء وممبران کونسل کی حکومت سے اپیل

ذیل میں اس مراسلہ کی نقل درج کی جاتی ہے جو ۱۳ مارچ کو ہز اکسلنسی گورنر صاحب صوبہ متحدہ اور کمشنر صاحب بنارس کی خدمت میں مولانا عبدالماجد صاحب قادری بدایونی سکرٹری یو۔ پی جمعیۃ علماء نے جو پوری توجہ سے کام کر رہے ہیں روانہ فرمایا۔

بخدمت جناب ہز ایکسلنسی گورنر صاحب صوبہ متحدہ بتوسط جناب پرائیویٹ سکرٹری صاحب ہز ایکسلنسی گورنر صوبہ متحدہ۔

جناب والا!

بدقسمتی سے اس صوبہ کے اندر اجودھیا۔ آگرہ۔ بنارس میں مسلمانوں کے مذہبی فرائض کی ادائیگی میں ایک فریق کی طرف سے سخت مشکلات پیدا کی جارہی ہیں اور اس قسم کے تنازعات رونما ہیں کہ اگر حکومت نے ان کی طرف فوری توجہ نہ کی تو اندیشہ ہے کہ حالات لاعلاج ہو جائیں۔

نئے چوک۔ بنارس میں تین سو برس کی مسجد واقع ہے اس سے ۵۰ فٹ کے فاصلہ پر میونسپل بورڈ بنارس نے اپنی مملوکہ آراضی میں جدید دوکانات بنانے کا فیصلہ کیا جس وقت کھدائی کا کام شروع ہوا اس کے بعد ہی ایک بڑے اور ایک چھوٹے شولنگ کا برآمد ہونا بتایا گیا اور اس جگہ پر ہندوؤں کی جانب سے تعمیر مندر کا مطالبہ کیا گیا اس سلسلہ میں چیرمین میونسپل بورڈ بنارس کی رپورٹ مورخہ ۱۰ فروری ۱۹۳۶ء کا اقتباس حسب ذیل ہے۔

"ایک بڑا اور ایک چھوٹا لنگ پایا گیا"

ڈائرکٹر جنرل محکمہ آثار قدیمہ کی رپورٹ مورخہ ۱۸ فروری ۱۹۳۶ء کا اقتباس یہ ہے۔

"جو چیزیں برآمد ہوئی ہیں وہ کسی مندر یا قدیم عمارت کی موجودگی کا پتہ نہیں دیتیں اور کوئی ایسی چیز نہیں ملی ہے جس سے مزید کھدائی جائز سمجھی جائے"۔

"برآمد شدہ اشیاء آثار قدیمہ کے نقطہ نظر سے کوئی اہمیت نہیں رکھتیں وہ کانات کی تعمیر جاری کی جائے"۔

ان رپورٹوں کے باوجود بنارس کے ہندو اصحاب جبراً اس زمین پر مندر بنانا ...

چاہتے ہیں چونکہ مسجد سے یہ جگہ صرف ۵۰ فٹ کے فاصلہ پر ہے اور جو منتظمین کی مملوکہ زمین نہیں ہے یہاں کبھی مندر تھا اس لئے مسلمانوں کی پرزور خواہش ہے کہ مندر کو مسجد کے قریب بنانے میں ہر وقت اختلاف رونما ہوں گے جس سے کی تعمیر کو فوراً روکدیا جائے کیونکہ منتظمین کے بہاں کھیلوں سے معلوم ہوا کہ ... نماز کے وقت ضروری قرار دیا جارہا ہے۔ مقامی حکومت اور صوبہ گورنمنٹ کا فرض ہے کہ مندر کی تعمیر کا کام فوراً روک دے ورنہ حالات قابو سے باہر ہوجانے کا اندیشہ ہے۔

شوکت علی خادم کعبہ۔ قطب الدین عبدالوالی فرنگی محلی۔ عنایت اللہ فرنگی محلی۔ ظہور احمد بیرسٹر ایٹ لاء ایم۔ ایل۔ سی۔ صاحبزادہ رشید الدین احمد ایم۔ ایل۔ سی صدر آل انڈیا جمعیۃ القریش۔ محمد علی ایم۔ ایل۔ سی۔ محمد نثار احمد ایم۔ ایل۔ سی۔ شاہ نذر حسین ایم۔ ایل۔ سی۔ قاضی مشیر الاسلام صدر جمعیۃ علماء بدایوں۔ حکیم فضل الرحمٰن سکرٹری جمعیۃ علماء بدایوں۔ محمد یحییٰ ایم۔ اے وکیل بدایوں۔ محمد ابراہیم علیگ بدایوں۔

# آل انڈیا مسلم لیگ کا سالانہ اجلاس

امسال آل انڈیا مسلم لیگ کا سالانہ اجلاس ایسٹر کی چھٹیوں میں بمقام لاہور منعقد ہونا قرار پایا ہے اور اس اجلاس کی صدارت مسٹر محمد علی جناح ایم۔ ایل۔ اے نے منظور فرمائی ہے۔ لاہور میں اس اجلاس کو کامیاب بنانے کے لئے ضروری تیاریاں شروع ہوگئی ہیں۔ پنجاب مسلم لیگ کونسل کے زیر اہتمام مجلس استقبالیہ قائم ہوگئی ہے جس نے تقسیم کار کے اصول پر متعدد سب کمیٹیاں بنا کر کام شروع کر دیا ہے آپ کو معلوم ہے کہ ہمارا ملک اس وقت نہایت نازک سیاسی دور سے گزر رہا ہے۔ آل انڈیا مسلم لیگ مسلمانوں کی سب سے پرانی سیاسی جماعت ہے اور اس کی آواز مسلمانوں کی سیاسیات میں تمام طبقوں کے نزدیک بیشہ وقیع اور موثر رہی ہے آج کل اس امر کی اشد ضرورت ہے کہ مسلمانان ہند لیگ کے پلیٹ فارم پر ایک دفعہ پھر جمع ہوکر پیش نظر مسائل پر تبادلہ خیالات کریں اور ایک متحدہ محاذ پیش کرکے اپنی ہمسایہ اقوام اور حکومت پر مسلمانوں کے مطالبات کی قوت اور ان کی یکجہتی کو واضح کر دیں۔ تاکہ آئندہ آئین حکومت میں مسلمانوں کی پوزیشن خطرات سے بالکل پاک اور مضبوط ومستحکم ہو جائے۔

پنجاب کے مسلمانوں کو ہندوستان بھر کے مسلمانوں میں جو درجہ اور مقام حاصل ہے اس کو تمام اکابر قوم نے ہر زمانے میں تسلیم کیا ہے آج سے گیارہ سال قبل ۱۹۲۴ء میں بھی آل انڈیا مسلم لیگ کا اجلاس لاہور ہی میں منعقد ہوا تھا اور اس کے صدر بھی مسٹر محمد علی جناح ہی تھے۔ آج پھر ہندوستان کے آٹھ کروڑ مسلمانوں کی ترجمانی کا بار گراں مسلمانان پنجاب کے دوش ہمت پر آن پڑا ہے انہیں چاہئے کہ آئندہ اجلاس کو اپنی شان اور روایات کے مطابق کامیاب بنا کر زندہ دلی کی اس شہرت کو جو اس صوبے کے مسلمانوں کو ملک بھر میں حاصل ہے برقرار رکھیں۔

ان حالات میں ہم اسلام اور مسلمانوں کے نام پر آپ سے استدعا کرتے ہیں کہ لیگ کے آئندہ اجلاس کو کامیاب بنانے میں ہماری اعانت فرمائیں اپنے حلقۂ اثر میں اس اجلاس کے لئے دلچسپی اور سرگرمی پیدا کریں۔ مجلس استقبالیہ کی ممبری کا چندہ صرف پانچ روپے رکھا گیا ہے تاکہ زیادہ سے زیادہ تعداد میں مسلمان ممبر بن سکیں، آپ از راہ کرم خود بھی پانچ روپیہ ... اور اپنے احباب کو بھی ممبر بنانے کی کوشش کریں۔

ہمیں کامل امید ہے کہ ہماری یہ استدعا رائیگاں نہ جائے گی اور اپنا ورمند اور مخلص فرزند ملت اس آواز پر جلد سے جلد لبیک کہیگا۔ وقت بہت کم ہے۔ اس لئے اپنے پانچ روپے فوراً ہی جناب خازن سر غلام حسین ہدایت اللہ بیرسٹر ایٹ لاء میکلوڈ روڈ لاہور کے نام بھیج دیجئے۔ اور اپنے احباب میں موثر تحریک شروع کر دیجئے۔

خط وکتابت نوابزادہ خورشید علی خاں نیز اعزازی ناظم ... لاہور سے کریں۔

آپ کے خادم ممبران مجلس استقبالیہ آل انڈیا مسلم لیگ

(۱) ڈاکٹر سر محمد اقبال ایم۔ اے، پی، ایچ، ڈی، بیرسٹر ایٹ لاء

(۲) ڈاکٹر خلیفہ شجاع الدین ایم۔ اے، پی، ایچ، ڈی، بیرسٹر ایٹ لاء

(۳) خان بہادر میاں احمد یار خاں، دولتانہ ایم۔ ایل۔ سی۔ لاہور

(۴) خان بہادر سردار حبیب اللہ ایم۔ ایل۔ سی، بیرسٹر ایٹ لاء

(۵) خان صاحب میاں امیر الدین۔ میونسپل کمشنر لاہور

(۶) مولوی غلام محی الدین۔ ایڈوکیٹ۔ لاہور

(۷) سید محسن شاہ۔ ایڈوکیٹ۔ لاہور

(۸) نوابزادہ محمد خورشید علی خاں۔ لاہور

(۹) خان صاحب شیخ محمد حسن، ریٹائرڈ۔ پی۔ سی۔ ایس۔ لاہور

(۱۰) چوہدری دین محمد میونسپل کمشنر لاہور

(۱۱) مولانا سید حبیب۔ ایڈیٹر "سیاست" لاہور

(۱۲) مولانا غلام رسول مہر۔ ایڈیٹر "انقلاب" لاہور

(۱۳) مسٹر فرخ حسین، بیرسٹر ایٹ لاء، لاہور

(۱۴) مولانا عبدالمجید سالک ایڈیٹر "انقلاب" لاہور

(۱۵) میاں فیروز الدین احمد میونسپل کمشنر لاہور

# فرید آباد میں ایک اجتماع

آج بتاریخ ۱۳ مارچ ۱۹۳۵ء قصبہ فرید آباد تحصیل بلب گڑھ میں مسلمانان تحصیل بلب گڑھ کا ایک اجتماع ہوا اور اس میں قاضی سید احمد علی صاحب خلف قاضی سید فرزند علی صاحب مرحوم کی دستار بندی قضیات کی گئی تحصیل بلب گڑھ کے مسلم نمائندگان تقریب دستار بندی میں شامل تھے۔ چونکہ قاضی سید احمد علی صاحب کے جد امجد شاہ عالم ثانی کے عہد حکومت سے پرگنہ بلب گڑھ کے عہدہ قضیات پر ممتاز رہے ہیں اس لئے مسلمانان تحصیل نے پرجوش طریقہ سے اظہار عقیدت کیا۔ فقط

خادم

(سجاد حسین فرید آبادی)


## بچوں والو ہوشیار

بچوں کی بیماریاں ... بال جیون گھٹی رجسٹرڈ

...

## دو ترجمہ والا معجز نما قرآن مجید

اس قرآن پاک کی ضخامت ایک ہزار صفحات ہیں کاغذ سفید ولایتی ... ہے خط نہایت خوشنما ہے دو ترجمے ہیں پہلا ترجمہ حضرت مولانا شاہ رفیع الدین صاحب کا تحت اللفظ ہے دوسرا ترجمہ حکیم الامت مولانا اشرف علی صاحب تھانوی کا بامحاورہ ہے۔ حاشیہ پر کامل تفسیر ہے ...

منیجر اخبار الجمعیۃ گلی قاسم جان دہلی

## سونے کی ڈلیاں کوڑیوں کے مول

طاقت وہ طاقت جس سے بوڑھے جوان اور جوان قابل فخر نوجوان بنجاتے ہیں صرف حب زرین (رجسٹرڈ) ہی کے ذریعہ حاصل ہوسکتی ہے جس کے استعمال سے قوت کا لازوال خزانہ حاصل ہو سکتا ہے۔

مکمل خوراک (۴۰ گولیاں) صرف دو روپیہ آٹھ آنہ (عہ) میں

دواخانہ کنز المجربات (رجسٹرڈ) کوچہ چیلان گلی راجان دہلی سے طلب کریں۔

## اکسیر جوہر عشبہ

کے اہم فوائد

چھوٹی شیشی ڈیڑھ روپیہ

...

دواخانہ حکیم ڈاکٹر غلام نبی زبدۃ الحکماء شاہی سند یافتہ موچی دروازہ لاہور

نوٹ ...

رجسٹرڈ نمبر ل ۱۷۹۳

یدُ اللہِ علی الجماعۃ

تار کا پتہ "الجمعیۃ دہلی" ٹیلیفون نمبر ۵۷۳

سہ روزہ

# الجمعیۃ دہلی

مدیر مسئول۔ ہلال احمد زبیری (بی اے) معاون۔ محمد عثمان فارقلیط

جلد ۲۱ | دہلی یوم سہ شنبہ ۴ محرم الحرام ۱۳۵۴ ہجری مطابق ۹ اپریل ۱۹۳۵ء | نمبر ۲۵


## قانون نے عورت کو کہاں تک آزاد کردیا ہے؟

### تہذیب و شائستگی کے علمبرداروں میں جرائم کا ارتکاب

### عورتوں نے شوہروں کو قتل کر کے کوڑے کرتے

امریکہ میں جھگڑے خاوند

## معاصرین کے افکار و آراء

### مسلمانوں کی شادیاں

### برادرانِ وطن سے

### نمک کا محصول

### شیخ بحرین کی وطن دوستی

ہندوستان کی ساحلی حفاظت در حقیقت بندر سعید سے شروع ہوتی ہے...

خریداران اخبار الجمعیۃ کو چاہئے کہ خط و کتابت کے وقت اپنے نمبر خریداری (جو کہ انکے نام سے پہلے پتہ کے شروع میں لکھا ہوتا ہے) حوالہ ضرور دیا کریں۔ ورنہ عدم تعمیل ارشاد معاف۔

(مینیجر الجمعیۃ دہلی)

اخبار الجمعیۃ کی توسیع اشاعت کے لئے سعی فرما کر اپنی علم نوازی اور ہمدردی کا ثبوت بہم پہنچایئے۔ (مینیجر)


## پادری کی لڑکی کا قبول اسلام

اسپین کے ایک جلیل القدر پادری کی لڑکی نے جب اسلامی تعلیمات کا مقابلہ کیا اور مسلمانوں کے مذہب اور انکے اعمال کو بغور دیکھا تو اس کے دل میں اسلام کی صداقت و حقانیت جاگزیں ہوگئی اور اس نے یہ فیصلہ کرلیا کہ حقیقتاً اسلام ہی وہ مذہب ہے جو دنیا اور آخرت میں نجات کا راستہ بتاتا ہے اور اس کے علاوہ چلنے مذہب ہیں وہ سب باطل اور صراط مستقیم سے بھٹکا دینے والے ہیں۔ جب عیسائیوں کو اس کی خبر ہوئی تو تمام پادریوں نے مل کر اس لڑکی پر بیشمار مظالم ڈھانے اور اسقدر جاں گداز و صبر آزما مصائب میں مبتلا کیا کہ دیکھنے والوں کے رونگٹے کھڑے ہونے لگے۔ مگر وہ لڑکی اسلام پر ثابت قدم رہی...

ملنے کا پتہ:۔ مینیجر الجمعیۃ دہلی



Regd No. L 1793.

# The Jamiat

Vol. XXI No. 24 DELHI FRIDAY 5th APRIL 1935. PRICE ONE ANNA



نورانی قرآن مجید

نہایت صاف جلی اور نہایت صحیح قرآن شریف ... قرآن مجید الجمعیۃ بک ایجنسی دہلی سے طلب فرمایئے

قیمت مجلد پارچہ ...

پادری کی لڑکی کا قبول اسلام

... قیمت فی جلد ۱۲ علاوہ محصول ڈاک

مینیجر الجمعیۃ دہلی


## معاملات اجودھیا اور حادثہ کراچی

### مسلمانانِ میرٹھ کے جلسہ کی کارروائی

کل تاریخ ۲۸ مارچ بعد نماز جمعہ جامع مسجد میرٹھ میں زیر صدارت جناب حکیم محمد یعقوب علی صاحب جلسہ منعقد ہوا...

## والی حجاز کو مبارک باد

### سلطان کی سلامتی پر اظہار خوشنودی

(بندہ محمد حنیف از میرٹھ)

## گمشدہ کی تلاش

میرا لڑکا مسمی عبدالقدیر قوم پٹھان دس ماہ سے لاپتہ ہے...

(دوصل بنجی ولی ڈاکخانہ خود عبداللطیف خاں مدرس)


## اخبار الجمعیۃ

میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے

## مفت! مفت!! مفت!!!

گھر بیٹھے باقاعدہ تعلیم حاصل کرکے آیورویدک یونانی حکمت ہومیوپیتھک بایوکیمک کی سندات حاصل کرنے کا قاعدہ (قواعد) کارڈ ڈالکر مفت طلب کرو۔

پرنسپل اولڈ انڈین میڈیکل کالج انبالہ شہر

## خضاب چھوڑدو

... پتہ: بال کالا اسٹورس پوسٹ کسی سمری ...


## مسٹر شیروانی کی وفات پر تعزیتی جلسے

کل بتاریخ ۲۸ مارچ بعد نماز عشاء زیر اہتمام سیرت کمیٹی مظفرنگر کا ایک جلسہ عام زیر صدارت مولوی رفیق احمد صاحب ایڈیٹر اخبار ... منعقد ہوا


## تقریر سیرت چھپ کر تیار ہوگئی

حضرت سحبان الہند مولانا الحاج حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند ...

مختصر فہرست مضامین

رسالہ

## اٹھتی ہوئی جوانی بالکل مفت

## محبوب عاشق کے قدموں پر

## آنکھیں اثر غلط ثابت ہو دام واپس

نمبر الجمعیۃ گلی قاسم جان دہلی

عربی اور ولایتی ڈاک

# مشرق و مغرب کی تازہ خبریں

## اعلیٰ حضرت محمد ظاہر شاہ کا فرمان
### عید سعید کی تقریب پر شرعی ہدایات

معاصر "اصلاح" کابل میں اعلیٰ حضرت محمد ظاہر شاہ فرمانروائے افغانستان کا ایک فرمان شائع ہوا ہے جس میں اعلیٰ حضرت نے اپنی محبوب رعایا کو عید سعید کی تقریب پر مبارکباد دی ہے اور عید اضحیٰ اور قربانی کی حقیقت کو واضح فرما کر ذیل کے کلمات پر اپنے فرمان ذی شان کو ختم کیا ہے:-

"پس افغانی مسلمانوں کو میری نصیحت یہ ہے کہ دینداری کے تمام کاموں پر صدق و اخلاص کے ساتھ عمل کریں اور عہد و پیمان کے احترام میں فروگذاشت نہ کریں اور کوشش کریں کہ اس کے احکام و شرائط کی بہترین صورت میں بجا آوری ہو ... عید سعید پر ہرگز فراموش نہ کیا جائے ... قیام امن میں ایک دوسرے کا ہاتھ بٹاؤ۔ میں عید سعید کے خاتمہ پر اپنی محبوب عزیز رعایا کو مبارکباد دیتا ہوں۔"

(دستخط اعلیٰ حضرت ہمایونی)

## ترکی کے جدید انتخاب پر ہدیہ تبریک
### مصطفیٰ کمال پاشا کا جواب

ترکی کے جدید انتخاب میں مصطفیٰ کمال پاشا کثرت آراء سے پھر صدر منتخب ہو گئے۔ عصمت پاشا وزیر اعظم کے منصب جلیلہ پر بدستور فائز ہو گئے۔ اور توفیق رشدی بک بھی وزیر امور خارجہ مقرر کر دیئے گئے۔ اس انتخاب پر شاہ افغانستان نے مصطفیٰ کمال پاشا کے نام بذریعہ تار تہنیت نامہ ارسال کیا جس کا جواب کمال پاشا کی طرف سے مندرجہ ذیل الفاظ میں موصول ہوا:-

"آپ نے انتخاب جدید پر جو تبریک نامہ ارسال کیا ہے اس پر میں آپ کا شکریہ قبول فرمایئے ... حکومت افغانستان کی بقاء و دوام کے لئے دعاگو ہوں۔"

مصطفیٰ اتاترک

اسی طرح توفیق رشدی بک کی طرف سے بھی جواب موصول ہوا ہے۔

## سلطان حجاز کے حملہ آوروں کی مذمت
### معاصر اصلاح کابل کا تبصرہ

جلالۃ الملک سلطان ابن سعود اور آپ کے فرزند پر حرم محترم میں جو حملہ کیا گیا تھا اس کی خبر شائع کرتے ہوئے معاصر "اصلاح" کابل نے مندرجہ ذیل خیالات کا اظہار کیا ہے:-

"ہمیں نہایت خوشی ہے کہ اللہ تعالیٰ کا فضل اس موقع پر جلالۃ الملک کے شامل حال رہا ... افسوس!"

چوں کفر از کعبہ برخیزد کجا ماند مسلمانی

## یمن کے نام حکومت حجاز کی یادداشت
### سلطان کے حملہ آوروں کے مددگار یمنی ہیں

حکومت حجاز نے حکومت یمن کے نام ایک یادداشت ارسال کی ہے جس میں مذکور ہے کہ چونکہ جلالۃ الملک سلطان ابن سعود کے حملہ آوروں کو حکومت یمن کے بعض عہدیداروں نے ترغیب دی تھی اور وہ اس سازش کے محرک تھے۔ اسلئے اس معاملہ کی پوری تحقیقات کی جائے اور اس کے نتائج سے حکومت حجاز کو مطلع کیا جائے ...

## بغداد میں ایک دوشیزہ کا قبول اسلام

ایک حسین و جمیل دوشیزہ نے جس کی عمر ۱۷ سال ہے اور جو جماعت یہود کی طالبہ ہے اسلام قبول کر لیا ہے ... قبول اسلام کے بعد ایک شخص کے ساتھ اس کا عقد کر دیا گیا۔

## عراق اور ترکی کے درمیان سڑک کی تعمیر

حکومت عراق کی وزارت اقتصاد و مواصلات نے وسائل حمل و نقل کی سہولت کے لئے ترکی اور عراق کے درمیان ایک سڑک کی تعمیر کا نقشہ تیار کیا ہے ... وزارت عراق اس سڑک کی تعمیر کے لئے اخراجات کی فراہمی کے وسائل پر غور کر رہی ہے۔

## ترکی کے اخبارات و رسائل
### جرائد و مطبوعات کی ترقی

ترکی کی وزارت داخلہ نے ترکی مطبوعات و اخبارات کے اعداد و شمار شائع کئے ہیں جن سے واضح ہوتا ہے کہ اس وقت قلمرو ترکیہ میں مختلف زبانوں کے ۲۱۹ اخبارات و رسائل شائع ہوتے ہیں۔ ان میں ۳۸ اخبارات روزانہ، ۷۳ ہفتہ وار اور ۱۰۸ ماہانہ ہیں۔ ۸۷ اخبارات استانبول سے ۲۹ انگورہ سے اور باقی مختلف مقامات سے شائع ہوتے ہیں۔

## ترکی حکومت نے سرحدوں پر فوجیں جمع کر دیں
### قسطنطنیہ کی بندرگاہ میں یونانی جہازوں کی گرفتاری

خبر آئی ہے کہ قسطنطنیہ کی بندرگاہ سے اجناس سے بھرے ہوئے یونانی جہاز گزرے۔ حکومت ترکی نے اس شبہ کی بنا پر کہ ان میں سامان حرب موجود نہ ہو انہیں حراست میں لے لیا ... ترکی گورنمنٹ نے اپنی سرحدوں پر فوجیں جمع کر دی ہیں تاکہ یونانی باغی اس کی حدود میں داخل نہ ہو سکیں۔

## شام و لبنان میں سگریٹ نوشی کے خلاف جہاد
### مساجد میں مسلمان حلف اٹھا رہے ہیں

آج کل شام و لبنان کے مسلمانوں میں تمباکو نوشی کے خلاف زبردست جہاد جاری ہے ... شام و لبنان میں سگریٹ نوشی کو حرام کر دیا گیا ہے۔

## سلطان حجاز سے شامی وفد کی ملاقات

شام و لبنان کے ایک معزز وفد نے جلالۃ الملک سلطان ابن سعود سے ملاقات کی ...

## عراق و حجاز کا جدید معاہدہ

حکومت عراق اور حجاز میں لاسلکی سلسلہ کے لئے ایک معاہدہ مرتب کیا گیا ہے ...

## بالشویک روس اور عراق میں تجارتی تعلقات

بالشویک روس نے سفیر عراق متعینہ لندن کی وساطت سے حکومت عراق سے تجارتی گفتگو کے لئے سلسلہ جنبانی کی ہے ... حکومت عراق نے ابھی تک کوئی جواب نہیں دیا ہے۔

## ترکی میں عید اضحیٰ کی تقریب

امسال ترکی میں عید اضحیٰ حسب دستور منائی گئی ...

## فرانس میں ترکی لسانیات کا مدرسہ

فرانس میں ایک جدید مدرسہ کا افتتاح ہوا ہے جس میں ترکی لسانیات و ادبیات کی تعلیم کا انتظام کیا گیا ہے ...

## امسال حج میں اقطار عالم کے حجاج کی تعداد

اس سال نجد اور مدینہ منورہ کے جدید راستہ سے ۲۳ ہزار ... حجاج کی تعداد ۲۹ ہزار ۹۵ تھی ...

خریداران الجمعیۃ کو چاہیئے کہ جواب طلب امور کے لئے جوابی کارڈ یا ٹکٹ ضرور ارسال فرمایا کریں۔ (منیجر الجمعیۃ دہلی)

# حکومت کی غلط بیانیوں کی پردہ دری اور واقعہ کی اصلیت

## ۲۰ ہزار کے مجمع میں ایک ہندو محفوظ رہا
### مسلمانوں نے نہ لاٹھی چلائی نہ بندوق چھینی

شیخ عبدالمجید صاحب سندھی ایم۔ ایل۔ سی (ممبران کراچی) نے اپنے چشم دید واقعات کی روشنی میں حکام سرکاری کی غلط بیانیوں کا اس طرح پردہ چاک کیا ہے، آپ لکھتے ہیں:-

### ایک پولیس والا بھی زخمی نہیں ہوا

### حادثۂ کراچی کی تحقیقات غیر ضروری ہے


# The HOLY QURAN

TRANSLATION & COMMENTARY

BY

ALLAMA ABDULLAH YUSUF 'ALI

C.B.E., M.A., LL.M., I.C.S. (Retd.)

Fellow of the Royal Society of Literature (England)

A MARVELLOUS TRANSLATION

OF

THE MOST MARVELLOUS BOOK IN THE WORLD

WITH COPIOUS NOTES

AN EPOCH-MAKING CONTRIBUTION

TO

ISLAMIC LITERATURE

A Mirror of the Beauty of Quranic Teaching and Literature

The Commentary is rich in useful information. Not a dull Sunday Sermon, but a piece of English Literature. No Sectarian views propagated through the Commentary

ARABIC TEXT PRINTED IN BEAUTIFUL PHOTO BLOCKS

On Glazed Paper of Superior Quality. Clear Print and Get-up pleasing to the eye

BEING ISSUED IN THIRTY PARTS

Price per Part Re. 1

*Postage Extra*

Those who will register their orders by depositing an advance of Rs. 2/- (being price of the last two Parts) with the Publisher will get all Parts (except 1st) post-free, and in addition a complete Index free of charge.

*WRITE FOR FIRST PART TO*

Sh. MUHAMMAD ASHRAF

BOOKSELLER & PUBLISHER

Kashmiri Bazar - - - - LAHORE


# یورپ کی فضا پر جنگ کی مہیب اور تاریک گھٹائیں

## جرمنی کی طاقت برطانیہ کے برابر ہو گئی ہے!
### فرانسیسی وزیر جنگ کا تہلکہ انگیز اعلان
### بم باری سے بچنے کیلئے سال برطانیہ پر تیاریاں

پیرس ۲ اپریل۔ ... فرانس کے بمبار ہوائی جہازوں کی تعداد دوگنی ہو جائے گی ...

### پچھلے سال کے نقصان کی تلافی

### جرمنی انگلستان کے برابر ہو گیا ہے

### پولینڈ سے گفتگو

## دہلی میں خوانچہ فروشوں کو کیوں تنگ کیا جاتا ہے؟
### اسمبلی میں ونگٹن ٹائم پر دلچسپ سوالات

# بصائر و نظائر


## بلاغ مبین
دفتر بلاغ مبین دہلی

شیخ الحدیث حضرت مولانا حسین احمد مدنی مدظلہ العالی
## کے سیاسی نوٹس کا مجموعہ
## تعلیمی ہند

## حضرت شاہ ولی اللہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ
کی جلیل القدر و تصنیف
## الخیر الکثیر

## سرمہ نور
(مولانا) نور الدین بہاری۔ دہلی

رسالہ
## اٹھتی ہوئی جوانی بالکل مفت

بسم اللہ الرحمن الرحیم


# الجمعیۃ دہلی

یوم سہ شنبہ ۴ محرم الحرام ۱۳۵۴ھ ہجری


# العام الجدید

## سال نو کا آغاز

سبحانک اللھم وبحمدک لک الحمد علی حلمک بعد علمک
سبحانک اللھم وبحمدک لک الحمد علی عفوک بعد قدرتک
اللھم انت خالق السموت والارض ومن فیھن
اللھم انت نور السموت والارض ومن فیھن
اللھم انت رب السموت والارض ومن فیھن
اللھم انت قیم السموت والارض ومن فیھن

### قمری حساب

مسلمانوں کی مذہبی خصوصیات اور سدا ابنی بلندی اور شرف انتساب کی تفصیل کا یہ موقع نہیں ہے بلکہ ان خصوصیات لا تعد ولا تحصی میں سے صرف اس وقت ان کی ایک خصوصیت کی طرف اشارہ کرنا ہے ... مسلمانوں کا سال محرم سے شروع ہوتا ہے اور چاند کے حساب سے ذی الحجہ کی آخری تاریخ پر ختم ہو جاتا ہے محرم الحرام سے شروع ہونے والا سال ایک ایسے مہینے پر ختم ہوتا ہے جس کو حج کا مہینہ کہا جاتا ہے ...

### الجمعیۃ کی زندگی کے دس سال

### مالی مشکلات

### خدائی تہذیب

# شذرات

## تحقیقات سے انکار

کراچی کے حادثہ فاجعہ پر آج تمام ہندوستان مضطرب و بے چین ہے اور حکومت سے یہ مطالبہ کر رہا ہے کہ وہ اس حادثہ کی تحقیقات کرے اور ان حکام کے طرز عمل کی جانچ کرے جن پر اس خونی ڈرامہ کی ذمہ داری عائد ہوتی ہے۔ ہندوستان بھر میں اس مقصد کیلئے ہزاروں جلسے ہو چکے ہیں اسمبلی، کونسل آف اسٹیٹ اور بمبئی کونسل میں بھی حکومت سے یہی مطالبہ کیا گیا ہے۔ اخبارات و جرائد بھی اسی کی تائید میں پرزور مقالات لکھ چکے ہیں مگر افسوس ہے کہ حکومت نے ان متفقہ اور عالمگیر مطالبات کی طرف سے آنکھیں بند کر لی ہیں۔ اب تازہ اطلاع ہے کہ مسٹر ہیل ہوم ممبر حکومت بمبئی نے کراچی پہونچ کر ان افسران سے ملاقات کی جو گولی چلانے کے ذمہ دار تھے۔ ان سے گفتگو کرنے کے بعد حکومت بمبئی اس نتیجہ پر پہونچی ہے کہ کراچی میں گولی چلنے کے سلسلہ میں کسی تحقیقات کی ضرورت نہیں ...

## اسمبلی کے فیصلوں کا اثر

متفقہ مطالبہ سے آنکھیں بند نہ کرے

اسمبلی میں حکومت کو جو پے بہ پے شکستیں اٹھانی پڑی ہیں ان سے آئین سازی کی تاریخ میں ایک نئے باب کا اضافہ ہو گیا ہے اور ان لوگوں کی آنکھیں کھل گئی ہیں جو برطانیہ کی روش کو اب تک معتدل سمجھتے تھے اور اس بات پر ایمان رکھتے تھے کہ حکومت رائے عامہ کی نمائندگی کا احترام کرتی ہے۔ اسمبلی نے مالیات کے بل کو مسترد کر کے یہ بات دنیا پر واضح کر دی ہے کہ ہندوستان اب ان قیود کو برداشت نہیں کر سکتا جو حکومت کی طرف سے عائد کی جاتی ہیں اور ہندوستانی باشندے اپنی ذمہ داریوں کو پورے طور پر محسوس کرنے لگے ہیں۔ اسمبلی نے حکومت کے فیصلوں کو مسترد کر کے اس کی مطلق العنانی کا پردہ بری طرح فاش کیا ہے ...

# حوادث و احکام

### استفتاء

### الجواب

### استفتاء

### الجواب



# کاظمین میں قبرستان کے معاملہ پر زبردست ہنگامہ

## پولیس نے گولی چلادی اور سات اشخاص ہلاک ہوگئے

### ایک کانسٹبل بھی مارا گیا۔ مجمع نے تھانہ کو نذر آتش کر دیا

بغداد گذشتہ ہفتہ کاظمین میں پولیس اور عوام کا تصادم ہو گیا جس میں سات آدمی جان سے مارے گئے اور کثیر تعداد میں زخمی ہوئے۔ اس کے متعلق حکومت عراق نے مندرجہ ذیل بیان شائع کیا ہے۔ ایک قبرستان جو حرمت سے بیکار اور غیر مستعمل تھا اس کی جگہ ایک دوسرا مقام تجویز کیا گیا ... پولیس نے فائر کئے جن میں سات اشخاص مارے گئے اور بہت سے زخمی ہوئے۔ ایک پولیس کا سپاہی ہلاک ہوا اور چار زخمی ہوئے ...

# اسمبلی نے وائسرائے کی سفارش کو مسترد کر دیا

## ۲۳ ووٹوں کی کثرت سے حکومت کو شکست ہوگئی

### یورپین گروپ نے بھی حکومت کا ساتھ چھوڑ دیا

دہلی ۶ اپریل۔ کل اسمبلی نے وائسرائے کی سفارش کو رد کرتے ہوئے محصول نمک بحال کرنے کی ترمیم مسترد کر دی۔ مسٹر ڈیسائی نے ایک پرزور تقریر میں حکومت کی پالیسی پر سخت نکتہ چینی کی اور بتایا کہ ہندوستان اور انگلستان میں یہ فرق ہے کہ انگلستان میں زبان خلق کو نقارۂ خدا اور ہندوستان میں صدائے زنبور تصور کیا جاتا ہے۔ یورپین گروپ نے حکومت کا ساتھ نہیں دیا بلکہ غیر جانبدار رہا۔ اور اس طرح حکومت کو ۴۱ آراء کے مقابلہ پر ۶۴ آراء سے شکست ہوگئی۔ مسٹر ڈیسائی نے اپنی تقریر جاری رکھتے ہوئے کہا کہ یہ فیصلہ ہے جو ہمکو حکومت سے ... ہمارا رویہ صاف ہے ہم یقیناً ہر ایسی شرارت کو رد کریں گے ... اور ہم ان لوگوں کو اکیلا چھوڑ دیں گے جو صاحب اختیار ہیں تاکہ وہ اپنی من مانی کارروائیاں کریں۔ جہاں تک ہمارے مصائب کا تعلق ہے میں صرف یہ کہہ سکتا ہوں کہ جن لوگوں کے ہاتھ میں آج طاقت ہے ان کو وقت کا انتظار کرنا چاہئے۔ یہ چیز حکومت کی طاقت کی نشانی نہیں بلکہ کمزوری کی علامت ہے۔

# ہندوستان کامل اتحاد کے بغیر آزاد نہیں ہو سکتا

## پولیٹیکل کانفرنس میں مسز نائیڈو کی تقریر

# ۳۰ ہزار فٹ کی بلندی پر غبارہ کی پرواز

## روسی گورنمنٹ کا نیا ریکارڈ

# سپرنٹنڈنٹ پولیس پر گولیوں کے فائر

## تھانیدار بھی مجروح۔ اجمیر کا واقعہ

# دارالحکومت

## دہلی میونسپلٹی کا ہفتہ واری اجلاس

### عیدگاہ کیلئے زمین کا معاملہ اور دیگر اہم تجاویز

دہلی ۵ اپریل۔ کل دہلی میونسپلٹی کا ہفتہ واری اجلاس منعقد ہوا جس میں فیصلہ کیا گیا کہ چونکہ دہلی میں گاڑیوں کی آمد و رفت بہت بڑھ گئی ہے اس لئے دریبہ کلاں اور بلیماران کی دوکانوں کے آگے سے تختے اٹھوا دئے جائیں۔ دوسری تجویز یہ منظور ہوئی کہ چونکہ سڑکوں کو سب سے زیادہ نقصان ٹھیلوں کے پہیوں سے ہوتا ہے اس لئے ربڑ کے پہیوں کو ٹھیلوں کیلئے لازمی کر دیا جائے ... کھاری باؤلی کے دوکانداروں کی یہ درخواست منظور ہوگئی ... گذشتہ عیدین کے موقع پر مسلمانوں کو نماز عید ادا کرنے میں سخت تکلیف ہوئی تھی ... کمیٹی نے آج اس درخواست کو منظور کر لیا ہے۔

## شہدائے اسلام کی یاد

### انجمن اصلاح المسلمین کے اجلاس

محرم الحرام کے موقع پر اسلام کے مقدس شہداء کے کارناموں کو بیان کرنے کے لئے مدرسہ حسینیہ زیر جامع مسجد دہلی حسب ذیل اجلاسوں کا انتظام کیا گیا ہے۔
۴ محرم۔ یوم یکشنبہ ۹ بجے شب تذکرہ شہدائے بدر
۵ ر ر۔ یوم دوشنبہ ۹ بجے شب تذکرہ صدیق اکبر اور فاروق اعظم۔
۷ ر ر۔ یوم پنجشنبہ ۹ بجے شب تذکرہ حضرت عثمان رضی
۸ ر ر۔ یوم شنبہ ۹ بجے شب تذکرہ حضرت علی رضی
۱۰ ر ر۔ یوم دوشنبہ تذکرہ حضرت امام حسین و مظلومین شہداء
دہلی کے مشہور اکابر علماء نہایت عمدہ طریقہ سے حقائق اور واقعات کی روشنی میں مندرجہ بالا عنوانات پر تقریریں فرمائیں گے۔
سکریٹریان انجمن اصلاح المسلمین دہلی

## پارلیمنٹری بورڈ سے ڈاکٹر انصاری صاحب کا استعفیٰ

## دہلی جیل میں ہنگامہ

### قیدیوں کو بیڑیاں پہنا دی گئیں

## پٹنہ میں بم پھٹ گیا

# سلور جوبلی پر روشنی کرنے سے انکار

## ڈسٹرکٹ بورڈ میرٹھ کا کمشنر کو جواب

# عدالت پر شہد کی مکھیوں کا حملہ

## ایک گھوڑی اور دو آدمی زخمی

# ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کے لئے بم!

## بم کے ساتھ ایک چٹھی بھی برآمد ہوئی

# اسمبلی میں تحریک التواء اجلاس

# حادثہ کراچی پر حکومت ہند سے مشورہ

## دہلی میں گورنر بمبئی کی آمد

# مکہ مکرمہ میں اوقاف کی واپسی کیلئے کانفرنس

# حادثہ کراچی پر کونسل آف اسٹیٹ میں سوالات

# خلاف قانون انجمنوں کا ضبط شدہ روپیہ

## حکومت واپس نہیں کریگی

# کسی ہندوستانی کو ہوم ممبر کیوں مقرر نہیں کیا گیا؟

# بنارس میں خانہ تلاشی

# فرانس کے نام برطانیہ کا خفیہ مراسلہ

# دیہاتیوں میں جنگ دو ہلاک

# دو آدمیوں پر بجلی گر پڑی

## شدید بارش اور اولے

# انڈیا بل کی دو سو دفعات پاس ہوگئیں

# ایک ہفتہ کے اندر سونے کی برآمد

# حادثۂ کراچی پر ملک بھر میں عالمگیر احتجاج

## آزادانہ تحقیقات کا مطالبہ

### معاملات اجودھیا۔ مسٹر شیروانی۔ اور سلطان حجاز پر حملہ

۹ مارچ ۱۹۳۵ء کو جامع مسجد شمسی بدایوں میں جمعیۃ علمائے صوبہ متحدہ کی طرف سے شہدائے کراچی کے متعلق زبردست جلسہ ہوا۔ شہر میں کافی طور پر منادی کی گئی تھی مسلمانوں کا کافی اجتماع ہوا۔

حضرت مولانا قاضی منیر الاسلام صاحب عباسی صدر ضلع جمعیۃ علماء کی صدارت میں جلسہ تمام منعقد ہوا۔

حضرت مولانا عبد الحامد صاحب قادری بدایونی ناظم عمومی جمعیۃ علماء صوبہ متحدہ نے نہایت زبردست تقریر میں فرمایا کہ کراچی کی حکومت نے فائرنگ کر کر قانون کو رسوا کیا۔ فائرنگ کے علاوہ دوسرے طریقوں سے بھی کام لیا جا سکتا تھا جب کہ مسلمان امن سے رہنے کا وعدہ کر رہے تھے تو اس صورت میں غازی عبد القیوم کی نعش مسلمانوں کو نہ دینا مسلمانوں کے جذبات کے سراسر منافی اور خلاف عدل و انصاف تھا جسے کسی طرح معاف نہیں کیا جا سکتا۔ جو مسلمان شہید و زخمی ہوئے ان کا عوض نبھانا چاہیئے۔ آخر میں ذیل کی تجاویز جناب مولوی عبد الرحمٰن صاحب علیگ حکیم ذریع الدین صاحب منشی محب علی صاحب کی تائید سے منظور ہوئیں:-

(۱) جمعیۃ علمائے صوبہ متحدہ کا یہ جلسۂ عام حکومت سے مطالبہ کرتا ہے کہ کراچی کے واقعہ ہائلہ کے سلسلہ میں ممبران اسمبلی اور مسلمانوں کے جمہوری فیصلہ کے مطابق اُن افسروں کے طرز عمل کی غیر جانبدارانہ فوری تحقیقات کرے جن کی ناقابلیت سے فائرنگ کا المناک واقعہ پیش آیا اور مسلمان کافی تعداد میں شہید و زخمی ہوئے۔

(۲) یہ جلسہ تجویز کرتا ہے کہ گولی چلانے کی قطعاً ضرورت نہ تھی حکام نے خلاف ...

[illegible]

# سلور جوبلی کے موقعہ پر کوئی خوشی نہ منائی جائے

## واقعہ کراچی سے گھروں میں صف ماتم

بتاریخ ... مسلمانان لائل پور کا جلسہ بصدارت مولانا مولوی محمد یونس صاحب خطیب جامع مسجد ہوا اور حسب ذیل ریزولیوشن پاس ہوئے۔

(۱) مسلمانان لائل پور کا یہ اجلاس عظیم کراچی کے ان حکام کے خلاف اپنے انتہائی رنج و غصہ کا اظہار کرتے ہوئے ملامت اور مذمت کرتا ہے جنہوں نے غازی عبد القیوم شہید کے جنازہ کے موقعہ پر نہتے مجمع پر بے تحاشا گولیاں چلا کر سینکڑوں مسلمانوں کو موت کے گھاٹ اتار دیا ہے اور گورنمنٹ سے مطالبہ کرتا ہے کہ ایک آزادانہ تحقیقاتی کمیٹی مقرر کر کے ایسے ذمہ دار گولی چلانے والوں اور گولی چلانے کی اجازت دینے والوں کو بعد از تحقیقات قرار واقعی اور عبرتناک سزا دیوے۔

(۲) مسلمانان لائل پور کا یہ اجلاس عظیم عامۃ المسلمین سے اپیل کرتا ہے کہ سلور جوبلی کے موقعہ پر کسی قسم کی خوشی نہ منائیں کیونکہ اس وقت ہمارے بھائی موت کے گھاٹ اتارے جا چکے ہیں ...

(محمد حسین ... لائل پور)


## بال عمر بھر نہ اگیں

گورنمنٹ آف انڈیا سے باضابطہ رجسٹری شدہ سوپ (رجسٹرڈ) ...

## گولی امساک

## بچوں والو ہوشیار

## بال جیون گھٹی

## ضرورت شوہر

راقم الف۔ ج معرفت اخبار الجمعیۃ دہلی

## سونے کی ڈلیاں کوڑیوں کے مول

طاقت وہ طاقت جس سے بوڑھے جوان اور جوان قابل فخر نوجوان بن جاتے ہیں صرف حب زرین (رجسٹرڈ) ہی کے ذریعہ حاصل ہو سکتی ہے جس کے استعمال سے قوت کا لازوال خزانہ حاصل ہو سکتا ہے۔

مکمل خوراک (۴۰ گولیاں) صرف دو روپیہ آٹھ آنہ (عہ/۲) میں

دواخانہ کنز المجربات (رجسٹرڈ) کوچہ چیلان گلی راجان دہلی سے طلب کریں

## جوہر عشبہ

بڑی شیشی تین روپیہ ۔ چھوٹی شیشی ڈیڑھ روپیہ

## معجون شباب آور

## نونہال




# اسمبلی کی منظور کردہ ترمیمات کو وائسرائے نے ٹھکرا دیا

## "وائسرائے کو آرڈیننس کے ذریعہ حکومت کرنے دو"

## مالیات کے بل کی بحالی کیلئے وائسرائے کا اسمبلی کے نام پیغام

دہلی ۱۶ اپریل کل اسمبلی میں گورنر جنرل کی جانب سے حسب ذیل پیغام پڑھ کر سنایا گیا۔

اسمبلی میں مالیات کا بل جس صورت میں پیش کیا گیا تھا۔ اس میں ایسی دفعات شامل تھیں جو ٹیکسوں کو ہمارے ذرائع کے اندر زیادہ سے زیادہ حد تک کم کرتی تھیں اور ساتھ ہی زراعت پیشہ لوگوں کے لئے ان کی پیداوار کی ایک جنس پر سے پابندی اٹھا کر کچھ فائدہ پہونچاتی تھیں یہ بل اس پالیسی کا دوسرا پہلو ہے جو براڈکاسٹنگ، شہری پیداوار ... سے زیادہ اس ملک کے دیہات کی اقتصادی اصلاح کے لئے غیر دائمی خرچ فراہم کرنے سے تعلق رکھتی ہے۔ جہاں تک مالیات کے بل کا تعلق ہے اسمبلی میں جو ترمیمات کی گئیں اگر ان کو قبول کر لیا جائے تو بل کی سخت قطع و برید ہو جائے گی اور ان سے چار پانچ کروڑ روپے کے درمیان نقصان ہوگا اور اس طرح ایک زبردست خسارہ کا سامان پیدا کر دیا گیا ہے۔ لہٰذا ان ترمیمات کو قبول نہیں کیا جا سکتا۔ پورے غور و خوض کے بعد میں نے اسمبلی سے یہ سفارش کرنے کا فیصلہ کیا ہے کہ بل کو اس صورت پر بحال کیا جائے جس صورت میں اسے ابتداء میں پیش کیا گیا تھا میں نے یہ بھی غور کیا ہے کہ جو ترمیمات پیش کی گئی ہیں۔ ان میں سے بعض مالی اعتبار سے کم اہم کو قبول کیا جا سکتا ہے یا نہیں؟ لیکن ان میں ایک تو قطعی طور پر زراعت پیشہ لوگوں کے مفاد کے منافی ہے اور باقی معمولی ڈاک کی مراعات ہیں جو غریبوں کو کوئی فائدہ نہیں پہونچاتیں لیکن محکمہ تار اور ڈاک کے نقصان کو دگنے سے بھی زیادہ کر دینگی۔ باقی دیگر ترمیمات میں سے ہر ترمیم کم از کم نصف کروڑ روپے کے نقصان کی موجب ہوگی اس لئے ان کو مسترد کرنا پڑیگا۔

وائسرائے کے اس بیان سے یہ امر مترشح ہوتا ہے کہ گویا اسمبلی نے حکومت کے فیصلہ کو غریب اور کاشتکار طبقہ کے مفاد کیلئے ٹھکرا دیا ہے۔ مخالف پارٹی کے ممبروں نے یہ رائے ظاہر کی کہ یہ ہماری نمائندہ حیثیت کی توہین کی گئی ہے اس کے معنی تو یہ ہوئے کہ جن معاملات پر اسمبلی کے تمام غیر سرکاری ممبر متفق ہیں وہ بھی رائے عامہ کے مظہر ہیں۔ ایک ممبر نے کہا کہ ہماری ساری کوششیں خاک میں ملا دی گئی ہیں۔ ہم مالیات کے بل کو نامنظور کر دینگے۔ وائسرائے کو اپنے آرڈیننسوں اور اختیارات خصوصی کے استعمال کے ذریعہ حکومت چلانے دو۔ وائسرائے کا بیان سننے کے لئے مسٹر گڈگل، بابو موہن لال سکسینہ، مسٹر لالچند ... پروفیسر رنگا، مسٹر منصور لنگا، اور مسٹر پی داس کھڑے نہیں ہوئے۔

# خطوط اور لفافوں کی قیمت میں کمی

## اسمبلی میں حکومت کو کئی شکستیں

دہلی ۱۵ اپریل۔ کل محصول ڈاک کے بارے میں اسمبلی نے کانگریس کی تینوں ترمیمیں منظور کر لیں۔

پہلی ترمیم پروفیسر رنگا نے پیش کی جس میں یہ تجویز کیا گیا کہ ایک تولہ وزنی چٹھیوں پر صرف ایک آنہ اور ایک تولہ سے زائد اور ڈھائی تولہ سے کم وزنی چٹھیوں پر پانچ پیسہ محصول عائد کیا جائے۔

ترمیم ۵۸ کے مقابلہ میں ۷۰ ووٹوں سے منظور ہو گئی۔ دوسری ترمیم مسٹر پی داس نے پیش کی جس میں یہ تجویز کیا کہ معمولی پوسٹ کارڈ کی قیمت نصف آنہ اور جوابی کی قیمت ایک آنہ مقرر کی جائے۔

یہ ترمیم بھی ۵۵ کے مقابلہ میں ۶۹ ووٹوں سے منظور ہو گئی۔

تیسری ترمیم مسٹر جمیز نے پیش کی جس میں یہ تجویز کیا گیا کہ نمونے اور کتابی شکل کے لفافوں پر حسب ذیل شرح سے محصول عائد کیا جائے۔

جو لفافہ ۲½ تولہ سے زیادہ وزنی نہ ہوں ان پر دو پیسہ اور جو لفافہ ۵ تولہ وزنی ہوں ان پر تین پیسہ یہ بھی ترمیم ۴۹ کے مقابلہ میں ۷۰ ووٹوں سے منظور ہو گئی۔

سر فرینک نائس اور مسٹر بیور نے حکومت کی پوزیشن اور اس کے نقطۂ نظر کی وضاحت کرتے ہوئے فرمایا کہ ہمیں یہ خیال رکھنا چاہئے کہ محکمہ ڈاک و تار کو خسارہ نہیں ہونا چاہیئے اگر اسے ایک مرتبہ بھی خسارہ ہو گیا تو اس کی پوزیشن کو بہتر بنانا مشکل ہو جائیگا۔ مذکورہ بالا ترمیمات کے باعث محکمہ ڈاک و تار کو تقریباً ... لاکھ کا نقصان ہوگا۔

لابی کی گفت و شنید سے ایسا ظاہر ہوتا ہے کہ حکومت نے اسمبلی کو فائننس بل کی تیسری خواندگی پر بحث کرنے سے محروم رکھنے کا فیصلہ کر لیا ہے۔

کہا جاتا ہے کہ بل کی دوسری خواندگی پاس ہو جانے کے فوراً بعد اسے گورنر جنرل کے روبرو پیش کر دیا جائے گا تاکہ وہ نمک پر ڈیوٹی کو بحال کر دیں۔ اس کے بعد اسے کونسل آف اسٹیٹ میں بھیج دیا جائے۔

# بلوہ غازی پور کی اپیل کا فیصلہ

## دو مسلمانوں کی سزائے موت بحال رہی

الٰہ آباد ۱۳ اپریل گذشتہ ۹ مارچ ۱۹۳۵ء کو ہولی کے موقعہ پر غازی پور میں ایک فرقہ وارانہ فساد ہوا تھا اور جس میں مسلمانوں نے ہندوؤں کے ہولی کے جلوس پر حملہ کر دیا تھا جس کی وجہ سے کئی آدمی زخمی ہوئے اور ایک داسین اہیر نامی آدمی ہلاک ہو گیا تھا۔

غازی پور کے سیشن جج نے چار ملزموں کو پھانسی کی سزا اور پانچ آدمیوں کو حبس دوام بعبور دریائے شور کی سزا دی تھی۔

ان فیصلوں کی اپیل الٰہ آباد ہائی کورٹ میں کی گئی جس کا فیصلہ آج جج ان سر چارلس کینڈل اور مسٹر نام نے سنا دیا۔

فاضل جج ان نے شہادت پر بحث و تمحیص کرتے ہوئے کہا کہ مسلمانوں نے اس نازک حالت کا احساس کر لیا تھا اور اس کے لئے وہ بالکل تیار تھے کہ کسی ہندو جلوس کو نماز کے موقع پر مسجد کے قریب سے گذرنے نہ دیا جائے اور اس کے لئے وہ حفظ ما تقدم کے طور پر لاٹھیاں اور روڑے لئے مسجد میں تیار کھڑے تھے۔

جج ان نے اپنا خیال ظاہر کیا کہ مسلمانوں نے ہندو مجمع پر پتھر پھینکے اور ہندو ...

(خادم قوم احمد غفور ... مدرس مدرسہ احمدیہ ... ضلع ...)

کہ فائرنگ کی بابت کیا رائے ہے۔ گاندھی جی کے الفاظ میں مسلمان ہمارے گوشت کا گوشت اور پوست کا پوست ہیں، آؤ ہم اپنے عمل سے ثابت کر دیں کہ یہ حقیقت ہے۔

مقتولین و مجروحین میں سے زیادہ تر پنجابی ہیں، کچھ مکرانی ہیں اور باقی سندھی ہیں۔ مختلف فرقوں کی خواتین میں سے بعض نے فیصلہ کیا ہے کہ خواتین کا یہ فرض ہے کہ کراچی کے مظلومین کے لئے کچھ کیا جائے۔ تین عورتوں کی ایک مختصر کمیٹی بن گئی ہے جس میں میں خود، مسز محمد علی (ڈاکٹر) اور مسز پاربتی رام چند ہیں یہ عارضی کمیٹی ہے تاکہ کام شروع ہو جائے۔ اور خواتین شامل ہونا چاہیں تو اس کمیٹی کو توسیع دی جائے گی۔ میں ہندوستان کے بھائیوں اور بہنوں سے اپیل کرتی ہوں کہ وہ کم از کم پندرہ ہزار روپے جمع کر دیں۔ جو روپیہ جمع ہوگا وہ مظلومین کراچی کے بچوں، یتامیٰ، بیوگان اور شہداء کی لڑکیوں کی شادی ...

## جلسہ اصلاح المسلمین پھلواری کامیابی

### علماء ذی شان کا بے نظیر اجتماع

## مجلس احرار اسلام ہند کی اپیل

### ظفر اللہ قادیانی کے تقرر پر احتجاج کی ضرورت

# حکومت بمبئی ہائی کورٹ کے فیصلہ کیخلاف اپیل کریگی

بمبئی ۱۵ اپریل۔ اخبار بمبئی سینٹینل کو معلوم ہوا ہے کہ حکومت بمبئی ایڈوکیٹ جنرل کے ذریعہ ہائی کورٹ سے یہ درخواست کرے گی کہ فل بنچ نے مسٹر ایم۔ آر مسانی، مسٹر پی آر ... اور مسٹر کے پی ... ممبران بمبئی بار کو بدچلنی کے الزام سے بری کرنے کا جو فیصلہ کیا ہے اس کے خلاف پریوی کونسل میں اپیل کرنے کی خاص اجازت دی جائے۔

ناظرین کو یاد ہوگا کہ مقامی حکومت نے بمبئی ہائی کورٹ میں ایک مقدمہ مذکورہ وکلاء کے خلاف تحریک سول نافرمانی میں حصہ لینے کے الزام میں مقدمہ دائر کیا تھا لیکن ہائی کورٹ کے فل بنچ نے ان کو بدچلنی کے الزام سے بری کر دیا تھا۔

# دو ہزار روپے سے کم پر انکم ٹیکس نہیں لگایا جائیگا

دہلی ۱۶ اپریل۔ آج اسمبلی میں حکومت کو شکست اٹھانی پڑی جب کہ مسٹر ... کی یہ ترمیم کہ دو ہزار روپے ... سے کم آمدنی پر انکم ٹیکس نہ لگایا جائے ... کے مقابلہ میں ... آراء سے منظور ہو گئی۔

سر جیمز گرگ نے آج اجلاس ختم ہونے سے پہلے اعلان کیا کہ چونکہ مسودۂ قانون مالیات و فائننس بل کے حصے بخرے کر دیئے گئے ہیں۔ اس لئے وہ اسے بالکل یہ تحریک پیش کریں گے کہ ترمیم شدہ بل کو منظور کیا جائے۔ ظاہر ہے کہ حکومت ان ترمیموں سے پیدا شدہ صورت حال پر غور کرے گی۔

# ریاست میں ہر قسم کے جانور ذبح کرنے کی ممانعت

بمبئی ۱۶ اپریل ہز ہائی نس مہاراجہ ... صاحب والئے ... نے اعلان کیا ہے کہ ریاست کی حدود میں کوئی جانور ذبح نہ کیا جائے نیز ۱۶ اپریل کو ریاست میں آل انڈیا یوم حفاظت جانوران منانے کا فیصلہ کیا ہے۔

# کراچی کا واقعہ اور ایک ہندو خاتون

## مجروحین کے کٹے ہوئے اعضاء کا ڈھیر

شریمتی امرت کور نے عملی حیثیت سے ریلیف کا کام شروع کر دیا اور حسب ذیل اعلان اشاعت کیلئے بھیجا ہے۔ اس اعلان کے ساتھ یہ خبر بھی بھیجی ہے کہ مسز پاربتی رام چند ... نے ایک ہزار روپے کے عطیہ کا وعدہ کیا ہے جو کراچی فائرنگ کے شہداء کی لڑکیوں کی شادیوں پر صرف کیا جائے۔ اعلان حسب ذیل ہے ...

# مسٹر ایڈن کی وارسا سے روانگی

## پولینڈ نے کوئی جواب نہیں دیا

وارسا ۳ اپریل۔ مسٹر ایڈن برطانی نائب وزیر محکمہ امور خارجہ آج پولینڈ کے وزرا سے اپنی گفت و شنید ختم کر دیں گے اور شام کو وہ وارسا سے پراگ کو روانہ ہو جائیں گے۔

کہا جاتا ہے کہ اگر کرنل بیک نے آخری لمحہ پر کوئی معجزہ نہ دکھایا تو مسٹر ایڈن کو وہاں سے خالی ہاتھ ہی جانا پڑے گا۔ کیونکہ حکومت پولینڈ نے اپنی انفرادی تجاویز پیش کرنے سے گریز کیا۔

بیان کیا جاتا ہے کہ مسٹر ایڈن نے گفت و شنید کے دوران میں برلن اور ماسکو کی گفتگو کا حال سنایا اور یورپ کی صورت حالات کے بارے میں حکومت پولینڈ کی رائے دریافت کی۔

کہا جاتا ہے کہ چونکہ پولینڈ اور اس کے دو ہمسایوں کے درمیان معاہدہ ہو چکا ہے اس لئے وہ مشرقی پیکٹ کے لئے زیادہ خواہشمند نہیں ہے۔

# مجرم سے زبردستی بیان حاصل کرنے کا جرم

## تھانیدار کو قید سخت

ریواں ۱۳ اپریل۔ لال گنڈا سنگھ سابق سب انسپکٹر پولیس ریاست ریواں کو عدالت سیشن نے اٹھارہ مہینہ قید سخت اور ایک ہزار روپیہ جرمانہ کی سزا دی گئی تھی وہ بیان کی جیف کورٹ میں اپیل کرنے پر بھی قائم رہی۔ ملزم پر دربار نے اس الزام میں مقدمہ چلایا تھا کہ اس نے ایک ایسے زیر حراست قیدی سے اقبالی بیان حاصل کرنے کے لئے متشددانہ طریقہ اختیار کئے تھے جو قتل کے الزام میں ماخوذ تھا۔ ملزم کو انسپکٹر جنرل پولیس ریواں ... کو شکنجہ نے گرفتار کر کے ... مجسٹریٹ ... کے روبرو پیش کیا تھا اور انسپکٹر مذکور نے اسے سیشن سپرد کر دیا ...

## حکومت یوپی کو دو شکستیں

## پولیس پر کسانوں کا حملہ

## چینی حکومت کے تین ہزار فوجیوں کا قتل

جسٹرڈ نمبر ایل ۱۶۹۳

يد الله على الجماعة

تار کا پتہ "الجمعیۃ دہلی"
ٹیلیفون نمبر ۵۷۳۸

# سہ روزہ الجمعیۃ دہلی

مدیر مسئول:- ہلال احمد زبیری (بی اے) معاون:- محمد عثمان فارقلیط

جلد ۲۱ | دہلی یوم شنبہ ۸ محرم الحرام ۱۳۵۴ ہجری مطابق ۱۳ اپریل ۱۹۳۵ء | نمبر ۲۶

## معاصرین کے افکار و آراء

### گزشتہ سلاطین اور موجودہ حکومت

[illegible]

### شاہی جوبلی اور مسلمان

[illegible]

### خریداران الجمعیۃ

[illegible]

(منیجر الجمعیۃ دہلی)

### حکومت کی مذہبی سرپرستی

بیان کیا جاتا ہے کہ حکومت برطانیہ مذہبی معاملات میں بالکل غیر جانبدار [illegible]

## قانون نے عورت کو کہاں تک آزاد کردیا ہے؟

### تہذیب و شائستگی کے علمبرداروں میں جرائم کا ارتکاب

### طلب حقوق کا سب سے پہلا مطالبہ

#### موجودہ تہذیب کے خطرناک مجرم

[illegible]

#### صنف نازک کا سیلاب

اس وقت تو معاملہ یوں رفع دفع ہوگیا مگر اس "اچھا گھر چلی جاؤ" کے فقرہ کی

(باقی صفحہ ۳ پر ملاحظہ فرمایئے)


## پادری کی لڑکی کا قبول اسلام

اسپین کے ایک جلیل القدر پادری کی لڑکی نے جب اسلامی تعلیمات کا مقابلہ کیا اور مسلمانوں کے مذہب اور ان کے اعمال کو بغور دیکھا تو اس کے دل میں اسلام کی صداقت و حقانیت جاگزیں ہوگئی اور اس نے یہ فیصلہ کرلیا کہ حقیقتاً اسلام ہی وہ مذہب ہے جو دنیا اور آخرت میں نجات کا راستہ بتاتا ہے اور اس کے علاوہ جتنے مذہب ہیں وہ سب باطل اور صراط مستقیم سے ہٹا دینے والے ہیں۔ جب عیسائیوں کو اس کا خبر ہوئی تو تمام پادریوں نے مل کر اس لڑکی پر بےشمار مظالم ڈھائے اور اس قدر جاں گداز اور صبر آزما مصائب میں مبتلا کیا کہ دیکھنے والوں کے رونگٹے کھڑے ہونے لگے۔ مگر وہ لڑکی اسلام پر ثابت قدم رہی اور اس نے بالآخر تمام پادریوں کی شاندار مجلس میں اسلام کی حقانیت پر ایک بصیرت افروز مناظرہ کیا۔ فضیلت اسلام اور رد عیسائیت کے جس قدر دلائل ممکن تھے وہ تائید الٰہی سے اس لڑکی نے پادریوں کے مقابلہ میں اس خوش اسلوبی کے ساتھ پیش کئے کہ سامعین حیرت و استعجاب کے سمندر میں غرق ہوگئے۔ اور پادریوں سے کوئی جواب بن نہ پڑا۔ اور وہ لڑکی ہمیشہ کے لئے اسلام ہی سے وابستہ ہوگئی۔ اس کا تمام ابتلا اور اس کی زندگی کے واقعات ایک کتاب میں قلمبند کردیے گئے ہیں۔ اگر آپ کو گزشتہ عظمت و سطوت کا مطالعہ کرنا ہے اور عیسائیت کے مقابلہ میں اسلام کی حقانیت کے بےشمار دلائل سے واقفیت حاصل کرنے کا شوق ہے اور آپ اس کتاب کے ذریعہ تبلیغ اسلام کا فریضہ ادا کرنا چاہتے ہیں تو فوراً طلب کیجئے۔ پہلا ایڈیشن قریب الختم ہے۔ اگر دیر ہوئی تو دوسرے ایڈیشن کا انتظار کرنا پڑے گا۔ قیمت فی جلد ۱۲ر علاوہ محصول ڈاک۔ تبلیغی مقاصد کے لئے بیس یا بیس سے زائد جلدوں کے خریدار کو پچیس فی صدی کمیشن دیا جائے گا۔

ملنے کا پتہ:- منیجر الجمعیۃ دہلی


Regd. No. L 1793.

# The Aljamiat

Vol. XXI No. 25: DELHI TUESDAY 9th MARCH 1935

PRICE ONE ANNA


نورانی قرآن مجید

نہایت صاف جلی اور نہایت صحیح قرآن شریف اگر درکار ہو تو نورانی قرآن مجید الجمعیۃ بک ایجنسی دہلی سے طلب فرمایئے

قیمت مجلد بارہ ۱۲ر



پادری کا لڑکی کا قبول اسلام

اور اس کے حیرت انگیز کارنامے معلوم کرنے ہوں تو ... [illegible] ... جس کو پڑھ کر آپ اسلام کی حقانیت کے قائل ہو جائیں گے۔ قیمت فی جلد ۱۲ر علاوہ محصول ڈاک

منیجر الجمعیۃ دہلی


## سکھوں کا مسلمانوں پر ظالمانہ حملہ

[illegible]

## دربھنگہ کی عیدگاہ خطرہ میں

[illegible]

## اجودھیا کے مسلمانوں کے ساتھ ہمدردی

[illegible]

## سر فضل حسین کے رویہ کی مذمت

مرکزی انجمن نوجوانان اسلام ایبٹ آباد کی اگزیکٹو کمیٹی کا یہ غیر معمولی جلسہ سر فضل حسین کے رویہ کی سخت مذمت کرتا ہے۔ جنہوں نے کروڑوں مسلمانوں کے مطالبہ کو ٹھکرا کر مرزائیت نوازی کا ثبوت دیا ہے۔ ہم اعلان کرتے ہیں کہ ہزارہ کے مسلم نوجوان ہر اس فعل اور شخص کو نفرت کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔ جو مرزائیت جیسے فتنہ کی پرواہ نہ کرتے ہوئے۔ مرزا نوازی کرے۔

(محمد حسین رکن انجمن)

## صدمہ جانکاہ

جناب مولانا مولوی حافظ وصی الدین احمد صاحب جو اس ضلع کے ایک معزز بزرگ تھے اور جن کا فیض دور دور تک پھیلا ہوا تھا جن کے سب مداح تھے اور جو ایک نمونہ تھے وہ دو شنبہ کی شب ۸ بجے اس ضلع کے مسلمانوں کو داغ جدائی دیکر راہی ملک بقا ہوئے۔ انا للہ و انا الیہ راجعون۔

خدا سے دعا ہے کہ مرحوم کو اپنے جوار رحمت میں جگہ دیوے اور ان کے عزیز و اقارب کو صبر جمیل عطا کرے۔ آمین

(حافظ عبد الواحد پیش امام جامع مسجد ہزاری باغ)

## مسجد کی انتظامیہ کمیٹی

اہل برادری کی خواہش کے موافق اور حسب عرضی محمد سلیمان بیگ صاحب متولی مسجد سنگتراشان واقعہ محلہ سنگتراشان نبی کریم دہلی کی ایک انتظامیہ کمیٹی بنادی گئی اور جس کی اب باقاعدہ گورنمنٹ سے رجسٹری بھی ہوگئی ہے نام ممبران و عہدہ داران حسب ذیل ہیں۔

(۱) عبد العزیز صاحب ٹھیکیدار صدر (۲) محمد سلیمان بیگ سکریٹری
(۳) حاجی عبد الرحمٰن صاحب خزانچی (۴) حافظ محمد شفیع صاحب ممبر
(۵) محمد صدیق صاحب ممبر (۶) مغل بیگ صاحب ممبر
(۷) نظام الدین صاحب ٹھیکیدار ممبر (۸) شمس الدین صاحب ممبر
(۹) محمد یعقوب صاحب ممبر (۱۰) فخر الدین صاحب ممبر

(عبد العزیز پہاڑ گنج دہلی)


اخبار الجمعیۃ میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے



## شمشیر برہنہ

علمی ادبی۔ اخلاقی اور نتیجہ خیز کہئے تو ناول مگر زمانہ حال کا سنسنی خیز افسانہ ہے ایک ایک حروف بامعنی ایک ایک جملہ قابل عمل ایک ایک فقرہ عبرت آموز سبق ہے ۱۹۲ صفحات لکھائی چھپائی دیدہ زیب اصلی قیمت دس آنے لیکن چند روز کے لئے پانچ آنے کردیے گئے ہیں اپنے شہر میں کتب فروشوں سے طلب کریں یا پانچ آنہ قیمت کتاب ۲ر آنے محصول ڈاک۔ ایس اے بی بخشی کمپنی ۲۲ کولوٹولہ اسٹریٹ کلکتہ کو بھیجکر منگائیں اور مطالعہ سے نفع اٹھائیں۔



## خضاب چھوڑ دو

ہمارے تیل سے بال یکبارگی کر پکا بال کالا پیدا ہے اگر ساٹھ برس تک کالا نہ ہو تو دونا دام واپس کا شرط لکھا ہے ایک آدھ بال پکا ہو تو تین روپے اس سے زیادہ پکا ہو تو نصف سے زیادہ یا کل پکا ہو تو لغہ ۹ دس روپیہ کا تیل منگالیں۔

پتہ:- بال کالا اسٹورس پوسٹ کنسی سمری (دربھنگہ)



## تقریر سیرت چھپ کر تیار ہوگئی

حضرت سحبان الہند مولانا الحاج حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند کی وہ بصیرت افروز و عبرت آموز تقریر جو مدرسہ امینیہ [illegible] کے جلسہ سیرت میں ارشاد فرمائی تھی اور جس کو بعد میں تفصیل و تشریح کے ساتھ مرتب و مدون کرکے الجمعیۃ میں جزو اجزو شائع کیا گیا تھا اب ناظرین الجمعیۃ کے مسلسل و پیہم اصرار پر کتابی شکل میں ادارہ الجمعیۃ کی جانب سے شائع کردی گئی ہے اور اس کے ساتھ وہ آخری حصہ بھی شامل کردیا گیا ہے جو الجمعیۃ میں درج نہ کیا جا سکا تھا جن حضرات کی فرمائشیں دوران طباعت میں موصول ہوگئی تھیں ان کو تقریر سیرت کے نسخے روانہ کئے جارہے ہیں۔

حضرت مولانا کی یہ تقریر اپنی بےشمار خصوصیات کے اعتبار سے ایک عجیب و نادر مجموعہ ہے جو نہ صرف موجودہ دور میں بلکہ آئندہ نسلوں کے لئے بھی یادگار رہے گا۔ شریعت مقدسہ کے نہایت ادق مسائل و دشوار نکات اس طرح پیش کئے گئے ہیں کہ ہر عالم و عامی ان کو سمجھ سکتا ہے اور ان سے استفادہ کرسکتا ہے اس پر حضرت مولانا کی سلاست زبان اور بےداغی بیان نے وہ کام کیا ہے کہ مضامین کی دقت اور مسائل کی دشواری کے باوجود شروع سے لیکر آخر تک دلچسپی برابر قائم رہتی ہے ہندوستان کے مختلف شہروں اور قصبوں میں ہزاروں لاکھوں مسلمان ایسے ہوں گے جو حضرت مولانا کے مواعظ حسنہ سے مستفید ہوچکے ہیں اور ایک مرتبہ نہیں صدہا مرتبہ حضرت مولانا کی تقریریں سننے کے باوجود پھر بھی اس کے مشتاق رہتے ہیں کہ ایک مرتبہ پھر کہیں حضرت مولانا کی اکثر تقریر سننے کا اتفاق ہو۔ ان تمام مسلمانوں کے لئے یہ مژدہ یقیناً جانفزا ہوگا کہ یہ "تقریر سیرت" جو آج شائع کی جارہی ہے۔ حضرت مولانا کی اکثر تقریروں کا لب لباب ہے اور اس میں سیرت کے متعلق بہت سے وہ مضامین ہیں جو حضرت مولانا اپنی مختلف تقریروں میں ارشاد فرمایا کرتے ہیں۔ انداز بیان اور دلچسپی زبان کی تمام خصوصیتوں کے ساتھ مجتمع کردیے گئے "تقریر سیرت" میں جو مضامین زیر بحث آئے ہیں ان کے بعض عنوانات مشتے از خروارے بطور نمونہ درج ذیل کئے جاتے ہیں۔ تاکہ کتاب کی ہمہ گیری و وسعت کا کچھ اندازہ کیا جاسکے۔

### مختصر فہرست مضامین

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| روحانی اور جسمانی تربیت | نبی کریم کے مشاہدات | جاہل پیروں سے سوال | ملت ابراہیمی کا اتباع | حیاء اور ایمان کا تعلق |
| عالم بالا کی خدمات | انبیاء علیہم السلام کی تاریخ | مستقبل کی تاریخ | نماز کی مثال | انبیاء میں تفاوت |
| عالم سفلی کے سخرات | مادیات و روحانیات کا فرق | قبروں سے اٹھنا | حج کی مثال | ذکر الٰہی موجب نجات ہے |
| روحانی اطباء | حضرت داؤد و آدم کی مناسبت | مسلمانوں سے حضرت حق کا پہلا خطاب | حسد و حرص کی مثال | حضرت ذو النون مصری کا واقعہ |
| رفتار مراسلہ رسول کا فرق | حضرت داؤد و آدم کی لغزش | مسلمانوں کی موت یا لوری | بھیگی ہری صحت کی مثال | حضرت یونس کی معراج |
| سب سے پہلی پونٹی کانفرنس | حضرت آدم کو ملائکہ کا سجدہ کرنا | موت کے زنت کی لوری | حضرت بایزید بسطامی کا واقعہ | ملائکہ اور شیطان |
| عالم برزخ کے واقعات | یوم میثاق کے دو اقرار نامے | حضرت ابراہیم کا واقعہ | الدنیا سجن المؤمن وجنۃ الکافر | قرآن کی قسمیں |
| عالم برزخ کی ایک اطلاع | حضرت یوسف علیہ السلام کا حلیہ | قوانین اسلام کی ہمہ گیری | توبہ کی مسرت کا تصور | حضرت لوط اور ابراہیم |
| حضرت عمر فاروق کا مطالبہ | مشرکین اور اہل کتاب کا فرق | جادو اور معجزہ کا فرق | گناہ کی صلاحیت و عدم صلاحیت | حضرت لوط اور فرشتے |
| الفاظ و اعمال کا عدم اختیار | حضرت عیسیٰ کی تشریف آوری | حضرت عمر بن الخطاب کا واقعہ | شیاطین اور جنات | حضرت لوط اور یوسف کا ترکت |
| کافر کی قبر میں منادی | متبعین غلام احمد قادیانی | نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا اعجاز | ختم نبوت کی تمثیل | والشمس کی سات قسمیں |
| منکرین کا پہلا سوال | مرزا کا کچا چٹھا | سیاست اور مذہب | انبیاء سابقین کا تذکرہ | سائل اور سخی میں کشمکش |
| انبیاء اور حکماء کا فرق | پنجاب کا نوری فرقہ | پست اقوام پر اسلام کا احسان | حضرت علی اور ایک یہودی کی گفتگو | مومن اور منافق کی مثال [illegible] |

پوری کتاب ... صفحات پر مشتمل ہے اور نہایت بہتر کتابت و طباعت کے ساتھ شائع کی گئی ہے اس کے باوجود قیمت علاوہ محصول ڈاک صرف ایک روپیہ (عہ) رکھی گئی ہے تاکہ امیر و غریب سب حضرات مساوی فائدہ اٹھاسکیں۔

منیجر الجمعیۃ گلی قاسم جان دہلی



## کربلا کے ریتیلے میدانوں میں خون کا چھڑکاؤ!

اہلبیت پر یزیدی مظالم کا بادل اور ہٹے ابتدائی مراحل کی خونپاش مسافت جگر بند فاطمہ پر تیروں کی بوچھار تشنہ لب ہونٹوں اور سوکھے ہوئے حلق کی آہ آسمان سوز خون کے فواروں میں سجدہ برو شکر کی ادائیگی اہل بیت کا زبردست ایثار اگر آپ تیرہ سو برس پہلے کے دل شکن غمناک واقعات کی تصویر اپنی آنکھوں سے دیکھنا چاہتے ہیں اور ہر سال ماتم امام حسن و حسین کے موقع پر شہادت کے ذکر پڑھ کر جذبات اسلامی زندہ کرنا چاہتے ہیں تو داستان غم کی تجدید شہدائے پاک کا عظیم الشان ضبط و استقلال اور آخر وقت تک سچائی کی پاسداری میدان کربلا کے معرکۃ الآراء کارنامے ملاحظہ فرمایئے جسے تقدس مآب حضرت مولانا مفتی اکرام الدین صاحب نبیرہ حضرت شیخ عبد الحق محدث دہلوی نے اپنی تصنیف:-

### سعادت الکونین (فی) فضائل الحسنین

میں نہایت شرح و بسط کے ساتھ تحریر فرمایا ہے۔ کتاب اردو میں ہے اور نہایت سلیس سادہ اور بامحاورہ عبارت ہے یوں تو سینکڑوں کیا بلکہ ہزاروں کتابیں کربلا و شہادت کے متعلق شائع ہوچکی ہیں لیکن ایسی مستند صحیح اور مدلل کتاب آپ کی نظر سے نہ گذری ہوگی جس میں تمام روایتیں بڑی بڑی وثوق حدیثوں اور بلند بزرگوں کی معتبر کتابوں سے اخذ کرکے لکھی گئی ہیں۔

### ہر مسلمان جس کے دل میں خدا رسول اور آل رسول کی محبت ہے

خواہ سنی ہو یا شیعہ اس کتاب کی ایک ایک جلد ضرور منگائیں۔ اسے دیکھنے سے زبان کی فصاحت بیان کی بلاغت حسن تحریر کے واقعات کا تسلسل شہادتوں کا تجمل شروع سے آخر تک سب کچھ نظر آجائے گا۔ اس میں حضرت امام حسن و حسین کی ولادت سے شہادت تک اور شہادت کے بعد یزید اور اس کے خاندان کا حشر سب کچھ خلاصہ اور تفصیلی واقعات بیان کئے ہیں اس کتاب کی فہرست مضامین سات صفحوں میں ہے اور کل کتاب کی ضخامت دو سو صفحوں سے زائد ہے۔ سند کے طور پر اس کتاب کے شروع میں۔

### جناب شاہ عالم بادشاہ غازی کی مہر

ثبت ہے آپ نے خود اس کو مطالعہ کیا تھا اور نہایت پسند فرمایا۔ فارسی کی ایک عبارت جو تنقید کے طور پر انہوں نے لکھی تھی وہ بھی اس کتاب میں موجود ہے۔ قیمت رعایتی صرف ایک روپیہ (عہ) علاوہ محصول ڈاک۔

(نوٹ) ایک جلد پر محصول ڈاک ۸ر لگتے ہیں۔ جو صاحب دس جلد اکٹھی طلب فرمادیں گے انکو محصول ڈاک چھوڑ دیا جائے گا۔

المشتہر

سید محمد شفیع الدین اینڈ سنز تاجران کتب دریبہ کلاں دہلی


(... ہلال احمد زبیری پرنٹر و پبلشر ... الجمعیۃ دہلی سے شائع ہوا)

# حادثہ فاجعہ کراچی پر حکومت بمبئی کا یکطرفہ بیان

## حکام کے طرز عمل کی حمایت میں رکیک دلائل

## نہتے ہجوم پر ذمہ داری ڈالنے کی کوشش

## ضرورت سے زیادہ قوت استعمال نہ کرنے کا دعویٰ!

### جیل پر ہجوم

# بصائر و نظائر

# قانون نے عورت کو کہاں تک آزاد کر دیا ہے؟

(بسلسلۂ صفحہ اول)

# پولیس اور ڈاکوؤں کی جنگ میں بمباری

## ۶ ڈاکو ہلاک کر دئے گئے


## سرمہ نور

(مولانا) نور الدین بہاری دہلی

## بلاغ مبین

مصنفہ مولانا حفظ الرحمٰن صاحب سیوہاروی

ملنے کا پتہ:- دفتر بلاغ مبین دہلی

## حضرت شاہ ولی اللہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ

کی جلیل القدر نادر تصنیف

الخیر الکثیر

## اطلاع




# شہادت حسین میں امت اسلامیہ کیلئے زندگی کا پیغام

## محرم کی شرعی حیثیت اور مسلمانوں کے فرائض

## مالِ نو کی بدعتیں اور ان کے انسداد کی ضرورت

### یوم عاشوراء

# کراچی کے اکابر کا وائسرائے اور گورنر بمبئی کے نام تار

## غیر مسلم ارکان کی تحقیقاتی کمیٹی ہی مقرر کرو

## فائرنگ کے خلاف زبردست اور پرزور دلائل


# The HOLY QURAN

TRANSLATION & COMMENTARY

BY

## ALLAMA ABDULLAH YUSUF 'ALI

C.B.E., M.A., LL.M., I.C.S. (Retd.)

Fellow of the Royal Society of Literature (England)

A MARVELLOUS TRANSLATION

OF

THE MOST MARVELLOUS BOOK IN THE WORLD

WITH COPIOUS NOTES

AN EPOCH-MAKING CONTRIBUTION

TO

## ISLAMIC LITERATURE

A Mirror of the Beauty of Quranic Teaching and Literature

The Commentary is rich in useful information. Not a dull Sunday Sermon, but a piece of English Literature. No Sectarian views propagated through the Commentary

ARABIC TEXT PRINTED IN BEAUTIFUL PHOTO BLOCKS

On Glazed Paper of Superior Quality. Clear Print and Get-up pleasing to the eye

BEING ISSUED IN THIRTY PARTS

**Price per Part Re. 1**

*Postage Extra*

Those who will register their orders by depositing an advance of Rs. 2/- (being price of the last two Parts) with the Publisher will get all Parts (except 1st) post-free, and in addition a complete Index free of charge.

*WRITE FOR FIRST PART TO*

## Sh. MUHAMMAD ASHRAF

BOOKSELLER & PUBLISHER

Kashmiri Bazar - - - - LAHORE


# ایک نوجوان لڑکا دریا میں ڈوب گیا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

# الجمعیۃ دہلی

یوم شنبہ ۸ محرم الحرام ۱۳۵۴ہجری

# مسلم یونیورسٹی علیگڈھ کا مستقبل

## چند مخلصانہ معروضات

مسلمانوں میں بدقسمتی سے اختلافات کی خلیج اسقدر وسیع ہوگئی ہے کہ شاید ہی اس خوش قسمت قوم کا کوئی ادارہ ایسا ہوگا جو کارکنوں کی باہمی آویزش کا جولانگاہ نہ بن چکا ہو۔ مسلم یونیورسٹی علیگڈھ جو محض ایک تعلیمی ادارہ ہے اور جس کو سیاسیات سے کوئی تعلق نہیں ہے۔ کچھ عرصہ سے کارکنوں کے اختلاف اور گروہ سازشوں اور باہمی رقابتوں کی مصیبت میں مبتلا ہے۔ ایک تعلیمی ادارے میں اگر اختلاف بھی ہوتا تو وہ اختلاف محض طرز تعلیم اور طلبا کی اصلاح یا اخراجات کی کمی یا ...

مفوضہ ذمہ داریوں کو اپنی زندگی میں باحسن الوجوہ پورا کرتے رہے تھے جس وقت کورٹ کے ممبران اس تجویز پر غور کرنے والے تھے اسی وقت نواب اسماعیل خاں صاحب نے اپریل تک اس معاملہ کو ملتوی کرنے کی خواہش کی تھی اور اس امر کا خیال ظاہر کیا تھا کہ اس معاملہ میں عجلت سے کام نہیں لینا چاہئے بلکہ اچھی طرح غور و فکر کے بعد کسی شخص کو وائس چانسلر منتخب کرنے کی ضرورت ہے۔ چنانچہ نواب اسماعیل خاں صاحب کے اس خیال سے سب حضرات نے اتفاق کیا اور وائس چانسلر کا انتخاب اپریل ...

### میاں سر فضل حسین کا کارنامہ

### وائس چانسلری کا عہدہ

# عذر گناہ بدتر از گناہ

حکومت بمبئی نے حادثہ ناجعہ کراچی پر آخر اپنا وہ بیان شائع کر ہی دیا جسکو منظر عام پر لانے کا وعدہ چند روز پیشتر کیا گیا تھا۔ یہ بیان اس "تحقیقات" کا نتیجہ ہے جو گورنر بمبئی نے کراچی کے حکام سے ملکر نجی طور پر پردہ انجام دی تھی۔

حکومت بمبئی کے اس بیان سے وہ تمام واقعات اور زیادہ پیچیدہ ہو گئے ہیں جن کی طرف سارے ہندوستان کی نظریں لگی ہوئی ہیں اور جنھوں نے آئینی پسندی رعایا پروری اور اصول حکمرانی کا چہرہ بالکل بے نقاب کر دیا ہے۔ بیان مذکور ان دلائل و شواہد سے بالکل خالی ہے جو ایک ایسے اہم اور خونی واقعہ کو حق بجانب ثابت کرنے کے لئے ضروری خیال کئے جا سکتے ہیں اس میں جن امور پر روشنی ڈالی گئی ہے وہ عامۃ الناس کو مطمئن کرنے کے بجائے اور زیادہ مضطرب اور ...

کیا گیا تھا کہ تجہیز و تکفین کی تمام رسوم سات بجکر ۵۰ منٹ تک ادا ہو جائیں گی"

یعنی حکومت کی ان "خفیہ کارروائیوں" کا منشا یہ تھا کہ لوگوں کا اجتماع نہ ہو اور مخفی طریقہ سے مرحوم عبدالقیوم کو سپرد خاک کر دیا جائے۔ اور اس کام میں ہرگز تاخیر نہ کی جائے مگر اس بیان میں آگے چلکر لکھا ہے کہ

"عبدالقیوم کی قبر کے لئے جو جگہ تجویز کی گئی تھی وہ دیواروں سے گھرے ہوئے احاطہ میں تھی اس میں تجہیز و تکفین کی سہولتیں تو بہم تھیں لیکن اس جگہ جمع ہونے والے ہجوم کو روکنا مشکل تھا اس لئے یہاں یہ ضروری تھا کہ قبر کے نزدیک پولیس کا ایک دستہ متعین کیا جائے ...

"اگر قبرستان میں کسی قسم کی مداخلت عمل میں آئی تو ہجوم کو منتشر کرنے کی کوشش کی جائیگی"

اس اشاعت میں حسب گنجائش بیان کے ایک حصہ پر روشنی ڈالی گئی ہے آئندہ اسکے بقیہ حصہ پر مفصل تبصرہ کیا جائیگا۔ انشاء اللہ تعالیٰ

(۲) ایک طرف تو بیان میں یہ مذکور ہے کہ

"مقامی افسران نے یہ فیصلہ کیا تھا کہ کسی روز صبح سویرے عبدالقیوم کو خفیہ طور پر پھانسی دیدی جائے اور اس کے بعد اس کے رشتہ داروں کو مطلع کر دیا جائے ... ان تمام انتظامات سے اندازہ

## حکومت سیام کو انتباہ

مسلمانوں کا قومی اور ملی امتیاز ان کے لئے ہرگز باعث ذلت و رسوائی نہ ہونا چاہئے ...

من انچہ شرط بلاغ است با تو میگویم
تو خواہ از سخنم پند گیر و خواہ ملال

## رحمت اللہ کمیٹی کی اہم سفارش



# مسلم یونیورسٹی کو برباد کرنے کے منصوبے

## نواب صاحب بھوپال کا چانسلری سے استعفا

تازہ ترین خبر یہ ہے کہ علیگڈھ مسلم یونیورسٹی کی چانسلری کے عہدہ سے ہز ہائی نس نواب صاحب بھوپال مستعفی ہو گئے۔

خلد آشیاں ہر ہائی نس نواب سلطان جہاں بیگم صاحبہ بھوپال جب چانسلر تھیں تو ہز ہائی نس نواب صاحب بھوپال جو اس وقت ولیعہد اور پرنس حمید اللہ خاں تھے، کی کوششوں سے ایک تحقیقاتی کمیٹی مقرر ہوئی تھی جس کی صدارت سر ابراہیم رحمت اللہ نے کی تھی کہ وہ یونیورسٹی کی بدنظمیوں اور خرابیوں کی تحقیقات کرے اور اس کی اصلاح کی تدابیر بتائے ...

اسی سلسلہ میں یہ امر بھی خصوصیت سے قابل لحاظ ہے کہ کمیٹی مذکور ہی کی سفارش کی بنا پر ڈاکٹر ضیاءالدین صاحب یونیورسٹی کے عہدہ پرو وائس چانسلری سے الگ ہوئے تھے جو اب وائس چانسلر کے عہدہ کے لئے امیدوار ہیں۔

# مسلم یونیورسٹی اور مولانا شوکت علی

## میاں سر فضل حسین کا جوڑ توڑ

مولانا شوکت علی صاحب اپنے ایک تازہ بیان میں وائس چانسلر اور پرو وائس چانسلر کے اس تمام قضیہ کی تفصیل کو دہرانے کے بعد کہ کس طرح یونیورسٹی کے ذمہ دار عمال میں صاحبزادہ آفتاب احمد خاں صاحب سے لیکر سر راس مسعود اور رحمت اللہ کمیٹی اور پھر خود مسٹر راس بوتھم سابق پرو وائس چانسلر بھی شامل ہیں اس عہدہ کو توڑنے اور یونیورسٹی کو چالیس ہزار کی گرانقدر رقم بچانے کی متفقہ تجویز پیش کر چکے ہیں لیکن اسے بار بار منظور کرانے کی کوشش کی گئی ...

آخر میں مولانا نے علی گڈھ کے سابق طلبا اور کورٹ کے اراکین سے اپیل کی ہے کہ وہ مسلمانوں کے اس اہم تعلیمی مرکز کو بچائیں اور اس قسم کے جھگڑوں کا اکھاڑہ نہ بنائیں۔

# کونسل آف اسٹیٹ میں التوا اجلاس کی تحریک

## حادثہ کراچی کے متعلق تحقیقات کا مطالبہ

## جوبلی پر بادشاہ کو مبارکباد دینے کی تجویز مسترد

# فرانس جرمنی اور روس میں معاہدہ ہو گیا

## یورپ میں امن کی کنجی برطانیہ کے ہاتھ میں ہے

## فرانسیسی کابینہ کا اجلاس

لندن ۹ اپریل۔ آج یورپ کے مدبرین تمام دن دلچسپی کے ساتھ دارالعوام میں سر سائمن وزیر محکمہ امور خارجہ کے بیان کے منتظر رہے۔ اسی لئے فرانسیسی کابینہ کی میٹنگ شام کو ۳ بجے منعقد ہوئی جس میں ان معاملات پر غور کیا گیا جو کہ اسٹریسا کانفرنس اور جمعیت اقوام کی کونسل کے روبرو پیش کئے جائیں گے۔ میٹنگ تقریباً تین گھنٹہ تک جاری رہی جب تک کہ سر سائمن کی تقریر کی رپورٹ موصول نہیں ہوئی سر سائمن نے اپنی تقریر کے دوران میں جرمنی کے رویہ کے بارے میں جو انکشافات کئے ان کا فرانس کے اعلیٰ سرکاری افسران نے خیر مقدم کیا۔

برلن ۹ اپریل۔ آج روس اور جرمنی کے درمیان تجارتی معاہدہ ہو گیا ...

پیرس ۹ اپریل۔ فرانس اور روس کے درمیان جو معاہدہ طے پایا ہے اس کے مسودہ کو آج فرانسیسی وزیر موسیو لاوال اور روسی وزیر موسیو پوٹمکن نے منظور کر لیا۔

اس کی تفصیلات آیندہ ہفتہ جنیوا میں طے ہوں گی اور ماسکو میں اس پر دستخط ہوں گے جب کہ موسیو لاوال وہاں تشریف لے جائیں گے۔

## سندھ اور یو۔ پی میں ژالہ باری

### گیند کی برابر اولے پڑے

کراچی ۸ اپریل۔ سکھر اور سندھ میں ژالہ باری ہوئی کئی منٹ تک گیند کی طرح اولے پڑتے رہے جس سے تمام زمین یخ بستہ ہو گئی ژالہ باری سے درختوں، کھیتوں اور باغوں کو بھی سخت نقصان پہنچا ہے بہت سے پرندے اور مویشی بھی ہلاک ہو گئے۔

لکھنؤ ۹ اپریل۔ گونڈہ کی اطلاع ہے کہ گذشتہ ہفتہ اس ضلع میں سخت بارش اور ژالہ باری ہوئی جس سے فصلیں تباہ ہو گئیں۔ دریا گھاگرا میں پانی چڑھ گیا۔ کسان سخت مصیبت میں مبتلا ہو گئے ہیں۔

## مسلم یونیورسٹی کو پچاس ہزار کا عطیہ

سر راس مسعود سابق وائس چانسلر مسلم یونیورسٹی کی کوششوں سے دربار جوناگڈھ نے علی گڈھ مسلم یونیورسٹی کیلئے پچاس ہزار روپیہ کا گرانقدر عطیہ منظور کیا ہے کہ وہ یونیورسٹی کے ٹیکنیکل شعبہ پر خرچ کیا جائے۔

## قانون کے محافظوں کی قانون شکنی

## دسمبر میں صوبہ سندھ کی علیحدگی

## سشن جج کے فیصلہ کے خلاف اپیل

## پنجاب کے قانون قرضہ کی منظوری

## پونچھ کی شورش میں ۲۵۶ مکانات نذر آتش

## شیخ عبدالمجید سندھی بمبئی کونسل کی ممبری سے مستعفی ہو گئے

### حادثہ کراچی کی تحقیقات سے انکار پر احتجاج

کراچی ۸ اپریل۔ بمبئی گورنمنٹ نے کراچی کے حادثہ کی تحقیقات سے چونکہ انکار کر دیا ہے اور تمام ہندوستان کے متفقہ مطالبہ کو قابل اعتنا نہیں سمجھا اس لئے شیخ عبدالمجید صاحب سندھی بمبئی کونسل کی رکنیت سے بطور احتجاج مستعفی ہو گئے ہیں۔ شیخ صاحب نے گورنر بمبئی کے پاس اپنا استعفیٰ روانہ کر دیا ہے ...

## پانڈیچری میں گولی چل گئی

### دس آدمی زخمی ہوئے

## مدراس کے انتخابی مقابلہ میں کانگریس کی فتح

## اسمبلی کا بجٹ سشن ختم ہو گیا

## اسمبلی کی نئی نشست کیلئے پنڈت مالویہ کھڑے ہونگے

# اشتراکیوں کی لاشیں بے گور و کفن پڑی ہیں

## چینی حکومت کا زبردست حملہ

لندن ۷ اپریل۔ اخبار "ٹائمس" کا نامہ نگار مقیم شنگھائی رقمطراز ہے کہ چینی حکومت اور صوبجات کی فوجیں کیانگسی کے اشتراکیوں کو چین نہیں لینے دیتیں، یہ افواج اس وقت اس تنگ شمالی مغربی کیوچاؤ کے ناقابل گذر پہاڑ دروں میں مقیم ہیں، سرکاری فوجوں نے ان کو چاروں طرف سے گھیر لیا ہے۔ ہوائی جہاز جو بم اور مشین گنوں سے مسلح رہتے ہیں، روزانہ محاذ جنگ کے اوپر پرواز کرتے ہیں۔

مارشل چیانگ کائی شیک، جو سرکاری افواج کی سپہ سالاری کر رہے ہیں یہ اعلان کرتے ہیں کہ اشتراکیوں میں بدنظمی پھیلی ہوئی ہے اور اب ان کا خاتمہ دور نہیں ہے وہ کیوچاؤ یا زیکوان کو اس وقت تک نہ چھوڑیں گے جب تک ...

اشتراکی اب سرحد پر جان توڑ کوشش کر رہے ہیں میدان جنگ میں اشتراکی سپاہیوں کی ہزاروں لاشیں بے گور و کفن پڑی ہیں، اشتراکی تازہ ترین شکستوں سے بالکل بددل ہو چکے ہیں۔

## "مجھے عیسائیت کو خیرباد کہے مدت ہو گئی"

### جرمنی کے ایک جرنیل کا اعلان

میونخ ۱۰ اپریل۔ جنرل لوڈنڈورف نے ایک بیان کے دوران میں کہا کہ میں ایک غیر عیسائی اور کافر ہوں اور مجھے اس پر فخر ہے مجھے عیسائیت کو خیرباد کہے ہوئے مدت ہو گئی ہے ...

## جرمنی کو جنگ کرنے پر مجبور کیا جا رہا ہے؟

## جوبلی پر سیاسی اسیر رہا نہیں کئے جائینگے

لندن ۹ اپریل۔ دارالعوام میں مسٹر بٹلر نائب وزیر ہند نے ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ سلور جوبلی کی تقریب کے سلسلہ میں ہندوستان کے سیاسی قیدیوں کو رہا نہ کیا جائیگا۔

## اخبار آزاد سے بھی ضمانت طلب کر لیگئی

## انسان اور مویشی آگ کی نذر

## فرانس کی جنگی کونسل کا نیا فیصلہ

## مدراس کونسل میں کانگریس کی کامیابی

## سابق صدر اسمبلی کوچین کے دیوان مقرر ہو گئے

کوچین ۹ اپریل۔ کل سر شنمکھم چیٹی سابق صدر اسمبلی ریاست کوچین کے دیوان مقرر کر دئے گئے چارج لینے کے بعد آپ کو خلعت سے سرفراز کیا گیا۔

# حادثۂ فاجعہ کراچی پر حکومت بمبئی کا بیان

(بسلسلہ صفحہ ۳)

نے یہ بھی فیصلہ کیا کہ اگرچہ پولیس کو یہ کہا گیا تھا کہ وہ رسومات تجہیز و تکفین اپنی منشاء کے مطابق کرلے لیکن اگر ان رسوم کی ادائیگی کے انتظامات میں کسی قسم کے رد و بدل کی شدید دھمکی دی جائے تو اُسے نظر انداز کر دیا جائے کیونکہ یہ خیال کیا گیا تھا کہ اگر رشتہ دار تجہیز و تکفین کی رسومات ادا کرنے میں قاصر رہے یا دیر ہوگئی اور اس کے لئے فوج یا پولیس کی امداد استعمال کی گئی تو ضروری بات ہے کہ ... اور قبرستان میں خون خرابہ سے شدید نکتہ چینی اور ناراضگی کے پھیلنے کا بڑا وسیع امکان تھا جس کا مقابلہ بعد میں گورنمنٹ کے لئے کرنا سخت مشکل ہو جاتا ہے اس لئے نزاکت حالات کو محسوس کرتے ہوئے یہ تدابیر اختیار کی گئیں قبرستان کسی بھی صورت میں ایسی موزوں جگہ نہ تھی جہاں ہجوم کو اکٹھا ہونے کا موقعہ دیا جائے اور اس کے بعد اسے منتشر کرنے کے لئے فوج اور طاقت کے امکانات ڈھونڈے جائیں۔

دریائے لیاری کے شمالی کنارے کا قبرستان ایک وسیع علاقہ میں پھیلا ہے اور شہر سے کافی فاصلہ پر واقع ہے۔

دریائے لیاری کا سال میں تمام تر زیادہ حصہ خشک رہتا ہے اس لئے یہ امر نا ممکن ہے کہ مقامی لوگوں کو جو قبرستان میں کثیر تعداد میں اکٹھے ہو کر بانا چاہیں، روکا جائے قبرستان کا تمام رقبہ مقبروں، دیواروں اور باغات جھاڑیوں درختوں اور نہروں وغیرہ سے ٹپا پڑا ہے۔

عبد القیوم کی قبر کے لئے جو جگہ تجویز کی گئی تھی وہ ایک دیواروں سے گھرے ہوئے احاطہ میں تھی۔ اس احاطہ میں تجہیز و تکفین کی تو تمام سہولیات فراہم تھیں لیکن اس جگہ جمع ہو جانے والے ہجوم کو روکنا مشکل تھا اس لئے جہاں یہ ضروری تھا کہ قبر کے نزدیک ایک پولیس کا دستہ متعین رکھا جائے۔ وہاں یہ بھی فیصلہ کیا گیا تھا کہ اس دستہ کو انتہائی حالت میں ہی وہاں استعمال میں نہ لایا جائے اس قسم کے پر تشدد ہجوم کی مثال وہاں اس سے بڑھ کر اور کوئی نہیں مل سکتی تھی انفرادی طور پر جاہے لوگ کسی قسم کے مظاہرے کرتے تشدد کا ...

جماعت ایک موٹر کے ہمراہ وہاں چھوڑ دی گئی تھی تاکہ بعد میں واقع ہونے والے حالات سے وہ حکام بالا کو مطلع کریں۔

اس کے بعد ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ ہجوم کو شہر کی طرف بڑھنے سے روکنے کے لئے انتظامات کرنے لگے اس نے فوجی دستوں کو ٹیلیفون کیا جو صبح کے سات بجے سے ۵ موٹر لاریاں لئے تیار کھڑے تھے ... اور رائل سسکس رجمنٹ کے تین سو آدمی ... بالکل تیار رہے اور جہاں اس کی ضرورت ہوگی اسے بلا لیا جائے گا اور گورنمنٹ نے ہجوم کو شہر میں داخل ہونے سے روکنے کے لئے جو بھی انتظامات کئے تھے وہ گورنمنٹ کی نظر میں بالکل جائز اور مناسب تھے۔

اس عرصہ میں قبرستان میں ہجوم کے درمیان ایک شدید تبدیلی پیدا ہو رہی تھی۔ عبد القیوم کے رشتہ دار اور چند مسلمان لیڈر اس بات کے سخت خلاف تھے کہ لاش کو قبر میں سے نکالا جائے۔

### جلوس شہر کی طرف

اس کے بعد شور کرنے والے ایک مجمع نے لاش کو قبرستان سے باہر لیجانے اور مظاہرہ کرنے کا ارادہ کیا لیکن آخر کار اعتدال پسندوں کا ارادہ غالب آیا اور لاش قبر میں ہی رہنے دی گئی یہاں تک کسی قسم کی بدنظمی پیدا نہیں ہوئی تھی ... رشتہ داروں کے احتجاج پر ایک مجمع غالب آگیا اور مسلمانوں کے عمل کے خلاف لاش کو قبر سے نکال لیا اور اسکو ایک کھلے میدان میں جو شہر سے تھوڑے فاصلہ پر تھا لیجانے لگا۔ اس کا مقصد یہ تھا کہ ... نماز جنازہ ادا کی جائے تاکہ اور لوگ بھی اس میں شرکت کرسکیں ...

نماز جنازہ کے بعد فسادی عناصر نے لاش کو شہر کی طرف لے جانے کا اقدام کیا لیکن اس میں ان کو شکست ہوئی اور لاش کو قبرستان کے قریب واپس کیا گیا ...

### سنگ باری کا الزام

...

### آرڈر کیوں نہیں دیا گیا؟

...

نائرنگ پر پورا کنٹرول رکھا گیا فائر کے بعد سامنے سے مجمع پیچھے ہٹ گیا مگر سنگباری اطراف سے اور مکانوں سے برابر ہوتی رہی۔ مغفوظ پلٹن نے اردگرد کے لوگوں کو ہٹا دیا اور پولیس اور فوجی مقتولین اور مجروحین کو لاری میں ڈال کر ہسپتال روانہ کرنے لگے۔ اس طرح مجمع شہر میں داخل ہونے سے باز رہا اور عبد القیوم کی لاش کو قبرستان میں لیجا کر دفن کر دیا۔ تمام فوج ۱۹ مارچ کو واپس بھیجدی گئی اور شہر میں امن و امان قائم ہوگیا۔

### مقتولین و مجروحین کی تعداد

فائرنگ سے کل ۴۷ اشخاص ہلاک ہوئے اور ۱۳۲ مجروح ہوئے۔ ایک عورت اور دو بچے بھی مجروح ہوئے جن میں سے پانچ مر گئے۔ جلوس میں کوئی عورت اور بچہ شریک نہ تھا شائد وہ ادھر ادھر کھڑے ہونگے اور گولیاں اچٹ کر ان کو لگ گئی ہونگی۔

دوسرے دو رپورٹ میں گورنر ان کونسل کی طرف سے مقتولین و مجروحین کے ساتھ ہمدردی کی گئی ہے ...

گورنر ان کونسل نے حالات کی پوری تحقیقات کر لی ہے اور وہ اس نتیجہ پر پہونچے ہیں کہ اس قسم کی کارروائی سے شہریوں کے جان و مال کی حفاظت ہوگئی۔ اس سلسلہ میں عام تحقیقات کا مطالبہ کیا جا رہا ہے۔ مگر حکومت کو تحقیق ہو چکا ہے کہ اس قسم کی تحقیقات کی کوئی ضرورت نہیں ہے کیونکہ اس سے مزید ... جذبات ابھرنے کا اندیشہ ہے۔ گورنر بااجلاس کونسل نے گورنر جنرل بااجلاس کونسل کے ساتھ اس معاملہ پر پوری بحث کی اور وہ اس امر سے متفق ہیں کہ کسی تحقیقات کی اب ضرورت باقی نہیں رہتی۔

## ہم انگریزوں سے زیادہ بہتر حکومت کر سکتے ہیں

### یوم نظربندان کے جلسہ میں مولانا شوکت علی کی تقریر

دہلی ۱۰ اپریل۔ کانگریس سوشلسٹ پارٹی کی طرف سے یوم نظر بندان منانے کی غرض سے کل شام کو آزاد پارک میں ایک عام جلسہ مولانا شوکت علی صاحب ایم۔ ایل۔ اے کی صدارت میں منعقد ہوا۔

شروع میں مولانا نے فرمایا کہ میں کام کرنے والا مزدور ہوں اور ... میں حاضر ہو گیا ہوں ... آزاد ہو گیا ہوتا میرا ایمان ہے کہ اگر صلح ہو جاتی تو وہ جنگ سے بہتر ہوتی ...

صاحب صدر کی اس مختصر تقریر کے بعد مسٹر فرید الحق انصاری صاحب نے نظر بندان سے اظہار ہمدردی کا رزولیوشن پیش کیا جس کی تائید مسٹر ... چندر دت ڈپٹی پریزیڈنٹ اسمبلی نے فرمائی۔

آخر میں صاحب صدر نے فرمایا کہ اسمبلی میں ہندوستانیوں نے کام کی قابلیت کی دلیل اور تقریر کی قابلیت غرضیکہ ہر قسم کی قابلیت دکھلائی ہے ... ہندوستان اب ایسا ہو گیا ہے کہ ... ہندوستان میں اب ہمت اور انتظامی مادہ کافی پیدا ہو گیا ہے اور ہندوستان اپنے گھر کا انتظام کرنے کے قابل ہو گیا ہے ... آخر تجویز باتفاق منظور ہو گئی۔

## امرت بازار پتریکا کے ایڈیٹر کو سزا

### توہین عدالت کا الزام

کلکتہ ۱۰ اپریل۔ تشار کانتی گھوش ایڈیٹر امرت بازار پتریکا کو کلکتہ ہائی کورٹ نے تین ماہ قید محض کی سزا اس الزام میں دی ہے کہ انہوں نے ایک مضمون میں توہین عدالت کی ہے عدالت نے اخبار مذکور کے پرنٹر مسٹر ترت کانتی بسواس کو اس الزام میں ایک ماہ قید محض کی سزا کا حکم دیا ہے۔

چار ججوں نے ملزمان کو قصور وار پایا۔ لیکن مسٹر کرجی نے کہا کہ اس قسم کے معاملہ میں عدالت کو سرسری طور پر سماعت کرنے کا کوئی حق حاصل نہ ہونے کا مسئلہ بحث و استدلال کے لئے کھلا ہوا ہے۔

چیف جسٹس نے ایڈیٹر کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ اس کورٹ کے جج اپنا فرض سمجھتے ہیں کہ وہ اپنا فرض کسی تعریف یا تنقید کے بغیر ادا کر رہے ہیں اور ادا کریں گے۔

## ڈنزگ پارلیمنٹ کے انتخابات

ڈنزگ ۱۰ اپریل۔ ڈنزگ کے آزاد شہر کی پارلیمنٹ کا جو انتخاب کل ہوا تھا اس کے عارضی اعداد سے ظاہر ہوتا ہے کہ نازی پارٹی معقول اکثریت حاصل کرنے سے قاصر رہی ہے۔ لیکن اس کے کل ووٹوں کی تعداد میں تقریباً تیس ہزار کا اضافہ ہو گیا ہے کل کے انتخاب میں تقریباً ۲۲۰۰۰۰ ووٹ ڈالے گئے جن میں سے نازیوں کے حق میں ۱۳۸۰۰۰ ووٹ آئے۔ اس طرح نازیوں نے تقریباً ساٹھ فیصدی سے کچھ زیادہ ووٹ حاصل کئے۔

جنگ عظیم سے پہلے ڈنزگ جرمنی کا علاقہ تھا لیکن معاہدہ ورسیلز کی رو سے اسے ایک آزاد شہر قرار دیا گیا اور لیگ کو اس کا نگران مقرر کیا گیا۔

## بمبئی کے کارخانہ میں بم پھٹ گیا

### بارہ آدمیوں کے ٹکڑے ہوا میں اڑ گئے

بمبئی ۱۰ اپریل۔ بمبئی سے بذریعہ ٹیلیفون اطلاع ملی ہے کہ واری کے آتش بازی کے کارخانہ میں تیار شدہ بم پھٹ جانے سے ۱۲ آدمی ہلاک ہو گئے اور ... زخمی ہوئے۔ گذشتہ اکتوبر میں بھی کانگریس سیشن کے زمانہ میں کارخانہ مذکور میں اسی طرح کا ایک حادثہ ہو چکا ہے جس میں ۱۱ آدمی ہلاک ہو گئے تھے اور ... زخمی۔

کارخانہ مذکور میں کسی تقریب کے سلسلہ میں گولے بنائے جا رہے تھے جن میں سے ایک دوران تیاری میں پھٹ گیا۔ ہلاک شدہ افراد میں ۵ لڑکے، ۲ عورتیں، ایک لڑکی اور ۴ مرد شامل ہیں۔ بم گولہ اس قدر زوردار تھا کہ اس نے لاشوں کے ٹکڑے ٹکڑے کر دئے جو پانچ پانچ سو گز کے فاصلہ پر مختلف مقامات پر گرے۔

مسٹر نریمان بمبئی میونسپلٹی کے میئر اسی کارخانہ کے قریب رہتے ہیں۔ آپ نے مصیبت زدگان کو پوری امداد پہنچائی۔

## کنبوہ کانفرنس

کنبوہ کانفرنس کا دوسرا سالانہ جلسہ امسال مارہرہ میں بصدارت ڈاکٹر ضیاء الدین احمد صاحب ۲۱ اور ۲۲ اپریل ۱۹۳۵ء کو منعقد ہوگا جن کنبوہ حضرات کے پتے اب تک دستیاب ہو سکے ان کے نام مرکزی دفتر سے دعوت نامے جاری ہو چکے ہیں لیکن ابھی ایسے کافی حضرات باقی ہیں جنہیں پتہ نہ معلوم ہونے کے باعث دعوت نامے نہیں بھیجے جا سکے۔ اسی لئے بذریعہ اخبارات اعلان کیا جا رہا ہے کہ جن کنبوہ حضرات کے پاس ہنوز دعوت نامے نہ پہنچے ہوں انہیں بھی علم ہو جائے جو صاحبان شرکت کا ارادہ رکھتے ہوں وہ قبل از وقت سکریٹری لوکل کمیٹی، کنبوہ کانفرنس، مارہرہ ضلع ایٹہ کو مطلع فرما دیں تاکہ ان کے قیام اور آرام و آسائش کا معقول انتظام کیا جا سکے۔ خورد و نوش اور قیام کا صرفہ کانفرنس کے ذمہ ہوگا۔

جو حضرات کانفرنس میں کوئی تجویز پیش کرنی چاہتے ہوں ۱۵ اپریل تک جنرل سکریٹری، کنبوہ کانفرنس مارہرہ ضلع ایٹہ کے نام ارسال فرما دیں۔

خان بہادر چودھری محمد صالح پریسیڈنٹ لوکل کمیٹی

چودھری نعمت آلہی، جنرل سکریٹری

شبیر حسین، سکریٹری، لوکل کمیٹی

کنبوہ کانفرنس، مارہرہ ضلع ایٹہ

## تحریک التوائے اجلاس پیش کرنے کی اجازت نہیں دیگئی

### جوبلی کیلئے دو لاکھ روپے کی منظوری

نئی دہلی ۱۰ اپریل۔ آج جب اسمبلی کا اجلاس شروع ہوا تو حاضری بہت کم تھی اکثر ممبران کی خواہش یہ معلوم ہوتی تھی کہ اجلاس آج ہی ختم کر دیا جائے۔ سر ہنری کریک نے مسٹر شام لال کو جواب دیتے ہوئے کہا کہ حکومت کے پاس یہ باور کرنے کے لئے کوئی وجہ موجود نہیں ہے کہ حکام ضلع ملک معظم کی سلور جوبلی کے واسطے چندہ جمع کرنے کے لئے عام طور سے ناجائز دباؤ ڈال رہے ہیں۔ اگر کسی مقام پر کوئی افسر ایسی حرکت کرتا ہوا پایا گیا تو اس کے خلاف مقامی حکومت مناسب کارروائی اختیار کرے گی۔

مسٹر ڈی۔ وی گیری نے ایک تحریک التوائے اجلاس کی غرض سے پیش کی تھی کہ حکومت بنگال نے آل انڈیا ٹریڈ یونین کانگریس کے سالانہ جلسہ کی کلکتہ میں جو مخالفت کی ہے اس پر بحث کی جائے ... صدر اسمبلی نے طرفین کی بحث سننے کے بعد تحریک التوا پیش کرنے کی اجازت دینے سے انکار کر دیا۔

چند ممبران کی جانب سے انڈین سول سروس کے بنگال میں فرائض ادا کرنے والے ممبران کے بیان کردہ میمورنڈم کے خلاف تحریک التوا کا نوٹس دیا گیا تھا لیکن صدر نے اس تجویز کو بھی خلاف قاعدہ قرار دیدیا۔

### جوبلی کے لئے اخراجات

سر جیمز گرگ نے ملک معظم کی نقرئی جوبلی کے لئے دو لاکھ روپیہ کا مطالبہ زیر بحث کیا۔ مسٹر بھولا بھائی ڈیسائی نے کہا کہ کانگریس پارٹی ملک معظم کی اس مبارک تقریب کے موقع پر ان کی ذات کے لئے نیک خواہشات کے علاوہ کچھ ظاہر نہیں کر سکتی۔ لیکن چونکہ ملک معظم کا دور حکومت ہندوستان کے ساتھ وابستہ رہا ہے اس لئے کانگریس اس درجہ کسے بالواسطہ یا بلاواسطہ تعلق رکھنے والے کسی چیز میں حصہ نہیں لیں گے۔

بالآخر مطلوبہ رقم کسی تقسیم آراء کے بغیر منظور ہو گئی۔ اس کے بعد ... انسٹی ٹیوٹ کے بنیاد رکھنے کے واسطے ۳ لاکھ روپیہ کی رقم طلب کی گئی جو کسی تقسیم آراء کے بغیر منظور ہو گئی۔

سر جیمز گرگ نے درآمدی نمک پر زائد محصول لگانے کے متعلق ایک بل پیش کیا مسٹر ستیہ مورتی نے کہا کہ بل کے لئے کسی وقت کی پابندی نہیں ہونی چاہئے بلکہ اسے غیر محدود وقت تک جاری رکھنا چاہئے تاکہ ملکی دستکاری اپنی قدموں پر کھڑی ہو سکے۔

متعدد ممبران نے سرگرم تقریریں کیں جس میں انہوں نے مجوزہ خوبیوں اور برائیوں پر اچھی طرح روشنی ڈالی۔ سر جیمز گرگ نے ان کا جواب دیا۔

## ہوائی جہاز پاش پاش

برلن ۱۰ اپریل۔ کل سہ پہر کے وقت حکومت فرانس کا کرایہ کا ایک ہوائی جہاز مسافر لئے ہوئے پراگ اسٹرزم کے ہوائی راستہ میں پرواز کر رہا تھا کہ یکایک ... کے نزدیک ایک اتفاقیہ حادثہ پیش آنے کی وجہ سے پاش پاش ہو گیا جس میں جہاز کے خلاصی اور دو مسافر فوراً ہلاک ہو گئے بیان کیا جاتا ہے کہ جہاز مذکور اس قدر نیچے آ رہا تھا کہ زمین سے ٹکرا گیا اور شعلے نکلنے لگے ...

---



# کراچی کے واقعہ ہائلہ پر عالمگیر احتجاج کا نا متناہی سلسلہ

## مسلمانوں کی حمیت قومی کا امتحان

### ملک کا متفقہ مطالبہ

مولانا عبد الماجد صاحب قادری بدایونی ناظم جمعیۃ علماء ... نے ذیل کا بیان بغرض اشاعت ارسال فرمایا ہے:۔

کراچی میں آئین و قانون کا نام لیکر جس بیدردی سے مسلمانوں کا خون بہایا گیا اس کی تفصیلات بدنما ہیں مسلمانوں کے جذبات کو زیادہ سے زیادہ برانگیختہ کر رہی ہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ کراچی کے نا عاقبت اندیش حکام نے حکومت کے دامن پر ایسا زبردست بدنما دھبہ لگایا ہے جسے ان کی بے جا تاویلات اور قانونی موشگافیاں ہرگز دور نہیں کر سکتیں۔

جس قدر واقعات روشنی میں آتے جا رہے ہیں حکام کی روش انصاف کی حدود سے متجاوز نظر آ رہی ہے۔

ہندوستان کی مجالس واضعان قانون ساز میں نمائندگان نے جو سرگرم بحثیں کیں یا عام طور پر ہندوستان میں واقعۂ فائرنگ پر جائز طور پر جو نکتہ چینی کی جا رہی ہے اس کا اقتضاء تو یہ تھا کہ اب تک آزاد کمیشن بیٹھکر اپنا کام شروع کر دیتا اور بالادست حکام زبردست ملازمین کراچی کی انسانیت سوز حرکات پر زجر و توبیخ کرتے مگر کس قدر افسوس و حیرت کا مقام ہے کہ ...

### مراد آباد

۵ مارچ ۱۹۳۵ء بعد نماز جمعہ جامع مسجد مراد آباد میں زیر صدارت مولانا محمد اسمٰعیل صاحب مسلمانان مراد آباد کا ایک جلسہ عام منعقد ہوا اور جس میں پُرزور تقاریر کے بعد حسب ذیل تجاویز پاس ہوئیں:۔

(۱) مسلمانان مراد آباد کا یہ عام جلسہ کار پردازان میونسپل بورڈ مراد آباد کے اس رویہ اور طرز عمل پر اظہار نفرت کرتا ہے کہ پرائمری اسکولوں کے بچوں کو صلیبی نشان دیا گیا ہے اور حکم دیا گیا ہے کہ فرزندان توحید صلیب کا نشان اپنے سینہ پر لگائیں مسلمانان مراد آباد ممبران بورڈ کو توجہ دلاتے ہیں کہ جلد از جلد یہ صلیبی نشان بچوں سے لے لیا جائے۔ اگر ایسا نہ کیا گیا تو آئندہ کسی ناگوار واقعہ کی تمامتر ذمہ داری ارکان بورڈ پر عائد ہوگی۔

(۲) مسلمانان مراد آباد کا یہ جلسہ عام ہندوستان کے مخلص قائد تصدق احمد صاحب شیروانی کی وفات حسرت آیات پر دلی افسوس کا اظہار کرتا ہے اور مرحوم کے لئے دعائے مغفرت اور پسماندگان سے ہمدردی کا اظہار کرتا ہے۔

(۳) مسلمانان مراد آباد کا یہ جلسہ عام کراچی کے واقعہ جانکاہ سے دلی افسوس کا اظہار کرتے ہوئے حکام کراچی کے ظلم ناروا کے خلاف صدائے احتجاج بلند کرتا ہے اور حکومت سے پُرزور مطالبہ کرتا ہے کہ وہ بے لاگ تحقیقات کی غرض سے آزاد اشخاص کی ایک مجلس مقرر کرے۔ جو کراچی جا کر صحیح حالات کی تحقیقات کرے تاکہ حکومت اور پبلک پر ظاہر ہو سکے کہ حقیقی مجرم کون ہے یہ جلسہ شہدائے ...

کرتا ہے جہاں فوج نے مسلمانوں کے پُرامن اور نہتے مجمع پر گولیوں کی بوچھار غیر منصفانہ طریق سے بارش برسائی۔ یہ جلسہ کے نزدیک حکام اور فوج کی یہ حرکت خلاف آئین و انصاف ہے۔ لہٰذا یہ جلسہ شہداء و مجروحین کراچی کے لئے دعا کرتا ہے۔ اور پسماندگان کو اپنی گہری ہمدردی کا یقین دلاتا ہے۔ اور حکومت سے پُرزور اپیل کرتا ہے کہ وہ نہایت جلد ایک آزاد تحقیقاتی کمیٹی مقرر کر کے افسران ذمہ دار کو قرار واقعی سزا دے۔

(سکریٹری مجلس احرار رہتک)

### بلول

آج مورخہ ۵ اپریل ۱۹۳۵ء بعد نماز جمعہ مسجد سرائے بلول میں عام مسلمانوں کے معزز و حسب ذیل تجاویز منجانب شیخ محمد عمر صاحب صدر اوقاف کمیٹی بلول پیش کی گئیں۔ جن کی تائید عام مسلمانوں نے کی۔

(۱) بلول کے مسلمانوں کا عام جلسہ کراچی کے مظلوم اور نہتے مسلمانوں پر فائرنگ کے متعلق نہایت افسوس اور کرب کا اظہار کرتا ہے۔

(۲) بلول کے مسلمانوں کا عام جلسہ گورنمنٹ سے پُرزور مطالبہ کرتا ہے کہ واقعہ کراچی کی تحقیقات کے واسطے ایک آزاد کمیشن مقرر کیا جاوے۔

(۳) بلول کے مسلمانوں کا عام جلسہ مجروحین کراچی اور پسماندگان مقتولین سے اظہار ہمدردی کرتا ہے۔ اور شہدائے کراچی کے لئے دعائے مغفرت و رحمت کرتا ہے۔

(شیخ محمد عمر صدر اوقاف کمیٹی بلول)

### مدھوبنی

۵ اپریل ۱۹۳۵ء آج بعد نماز جمعہ مسلمانان مدھوبنی کا ایک عام جلسہ زیر صدارت جناب مولوی عبد الغفور صاحب وکیل منعقد ہوا۔ جناب مولانا سید نثار احمد صاحب انوری مدرس اول احمدیہ مدھوبنی نے تجاویز پیش کرتے ہوئے حکام کے غیر ذمہ دارانہ فعل پر پُر اثر تقریر میں تبصرہ فرمایا اور حاضرین جلسہ کو حادثہ جانگداز کراچی کے حالات سے آگاہ کیا۔

(۱) مسلمانان مدھوبنی کا یہ جلسہ مسلمانان کراچی کی ایک کثیر جماعت کے شہید و مجروح کئے جانے پر دلی رنج و غم کا اظہار کرتا ہے اور شہدائے کراچی کے لئے دعائے مغفرت و پسماندگان سے دلی ہمدردی کا اظہار۔

(۲) یہ جلسہ جناب مسٹر تصدق احمد خاں صاحب شیروانی کی وفات حسرت آیات کو قوم و ملک کے لئے ناقابل تلافی خیال کرتا ہے اور پسماندگان سے اپنی ہمدردی کا اظہار کرتا ہے۔

(حکیم محمد نذیر مدھوبنی)

### سلہٹ

۷ مارچ ۱۹۳۵ء بوقت ۵ بجے ... سلہٹ بندر کی مسجد میں ایک جلسہ بصدارت جناب مولوی مقبول احمد صاحب ایڈیٹر ... کراچی کے ...

### گیا

...

### رہتک

...

نہایت حقارت آمیز نفرت کے ساتھ ... افسوس کا اظہار کرتا ہے اور شہیدوں اور مجروحین کے اعزہ سے پورا اظہار ہمدردی کرتے ہوئے موجودہ نظام حکومت سے پُرزور مطالبہ کرتا ہے کہ وہ اس معاملہ کی فوراً تحقیقات کرائے اور جن افسروں کے حکم سے یہ خونریزی عمل میں آئی ہے ان کو کافی سزا دے۔

(محمد عبد اللہ گیاوی)

## بلوچستان میں اجرائے اخبار کی نوید

اس وقت کم و بیش ہندوستان کا ہر شخص جانتا ہے کہ بلوچستان کی علمی، اقتصادی، معاشرتی اور سیاسی حالت کیا ہے؟ وہاں کا نظام حکومت کس نوعیت کا ہے؟ اور باشندوں کی شکایات و ضروریات کیا ہیں؟ میں آج ان تمام باتوں کو ایک طرف چھوڑ کر اپنے عزیز وطن سے یہ خبر کمال مسرت اور اطمینان کے ساتھ سنا رہا ہوں کہ وہاں کی حکومت نے وطن کے ایک بیدار اور روشن خیال فرزند میر عطا محمد خاں مرزا کو ہفتہ وار "کلمۃ الحق" شائع کرنے کی اجازت دیدی ہے جس کے یہ معنی ہوئے۔ کہ ایک طرح وہاں کی حکومت نے بلوچستان والوں کو پریس اور پلیٹ فارم کی آزادی دیدی۔ چاہے وہ کیسی ابتدائی حالت اور پابندیوں کے ساتھ ہی کیوں نہ ہو۔ بہر صورت میرے لئے یہ امر اطمینان کا باعث ہے کہ بلوچستان کی حکومت کو اپنی غلط اور نامناسب حکمت عملی کا احساس ہو گیا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اس نے عملی طور پر اس میں ایک مناسب اور خوشگوار تبدیلی پیدا کرنی شروع کر دی ہے ... بلوچستان کے دیگر مطالبات بھی تسلیم کر کے ان کا اعتماد حاصل کرے گی۔ آج بے زبان بلوچستان نے زبان حاصل کی ہے [redacted]

اس کی تنہا کوشش نہیں بلکہ اس کامیابی کی سہرا ممبران اسمبلی، مجلس احرار، مسلم لیگ، مسلم کانفرنس، مسلم یونٹی بورڈ، کانگریس، بلوچستان رینغام کمیٹی آزاد، زمیندار، احسان، انقلاب، مدینہ، الوحید، الجمعیۃ اور الخلیف کے سر ہے۔ ہندوستان کی یہ جماعتیں اور یہ ادارے نہ صرف میرے شکریئے کے مستحق ہیں۔ [redacted] بلکہ بلوچستان کی حمایت کی جایا کرے۔

(نسیم تلوی۔ بلوچستانی)

## جنگ کی تیاریوں کیلئے ڈہائی ارب پونڈ

برلن ۱۰ اپریل۔ برلن کے انسٹی ٹیوٹ آف ڈیفنس ریسرچ کی ایک رپورٹ مظہر ہے کہ گذشتہ سال دنیا بھر کی مختلف حکومتوں نے جن کی تیاریوں کے لئے ۲۵۰۰۰۰۰۰۰۰ ...

---

جریان پرمیہ احتلام کمزوری سستی نامردی کا

شربتیہ علاج

... بال جیون کا ریالیہ علی گڑھ شہر

رسالہ

اٹھتی ہوئی جوانی بالکل مفت

گراہ نوجوانوں کو راہ راست پر لانے کے لئے
بچوں کی صحیح طریقہ سے پرورش کر کے نوجوان بنانے کے لئے
اٹھتی ہوئی جوانی کی حفاظت کرنے کے لئے
جوانی واپس لانے کی تدبیریں بتلانے کے لئے
... وید شاستری جام نگر کاٹھیاواڑ

سونے کی ڈلیاں کوڑیوں کے مول

طاقت وہ طاقت جس سے بوڑھے جوان اور جوان قابل فخر نوجوان بن جاتے ہیں صرف حب زرین (رجسٹرڈ) ہی کے ذریعہ حاصل ہو سکتی ہے جس کے استعمال سے قوت کا لازوال خزانہ حاصل ہو سکتا ہے۔
مکمل خوراک (بیس گولیاں) صرف دو روپیہ آٹھ آنہ (ع۲) میں
دواخانہ کنز المجربات (رجسٹرڈ) کوچہ چیلان گلی راجان دہلی سے طلب کریں

مفرح مشکیں! فہرست مفت طلب فرمائیے
مشک، عنبر اور جواہرات سے تیار شدہ ایک نفیس مرکب
دماغی کام کرنے والوں کیلئے عجیب چیز ہے معدہ میں پہنچتے ہی دماغ اور تمام اعصاب پر اثر کرنے لگتی ہے۔ دوران خون کو درست اور غذا کی خواہش کو تیز کر دیتی ہے تمام دن کا تھکا ہوا دماغ اس کے اثر سے از سر نو تازہ و توانا ہو جاتا ہے۔ قیمت فی شیشی (دس خوراک) ایک روپیہ آٹھ آنے (ع۱)

قرص جریان

جریان جیسے تباہ کن مرض کیلئے قرص جریان ایک نعمت ہیں۔ جریان کا سبب خواہ کچھ ہو ... اعضائے تناسل کی طبعی حالت پر لا کر صحیح حالت میں لاتی ہیں ... قیمت فی شیشی ... صرف دو روپے (ع۲) پرچہ ترکیب ہمراہ ہے۔
ہمدرد دواخانہ یونانی دہلی — ٹیلیفون ۵۵۵

بڑی شیشی تین روپے — چھوٹی شیشی ڈیڑھ روپیہ

جوہر شباب کے اہم فوائد

فائدہ (۱) ...
فائدہ (۲) ... جلن وغیرہ میں مفید ہے۔
فائدہ (۳) ... ایسے حالات میں نہایت مفید ہے۔
فائدہ (۴) ... جلدی عوارضات میں نہایت مفید ہے ...
فائدہ (۵) ...
فائدہ (۶) ...
دواخانہ حکیم ڈاکٹر غلام نبی زبدۃ الحکماء شاہی سند یافتہ موچی دروازہ لاہور

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

یداللہ علی الجماعۃ

تار کا پتہ :- "الجمعیۃ دہلی" ٹیلیفون نمبر ۵۷۳

# سہ روزہ الجمعیۃ دہلی

مدیر مسئول :- بلال احمد زبیری (بی اے) معاون :- محمد عثمان فارقلیط

جلد ۲۱ دہلی یوم سہ شنبہ ۱۱ محرم الحرام ۱۳۵۴ ہجری مطابق ۱۶ اپریل ۱۹۳۵ء نمبر ۲۷


## ادا شناس ہوں فطرت کا رازدار ہوں میں

سمندِ عمرِ فنا سیر پر سوار ہوں میں
غبارِ جادۂ ہستی مستعار ہوں میں

الم پرست الم دوست الم نگار ہوں میں
ادا شناس ہوں فطرت کا رازدار ہوں میں

اک اضطرابِ مسلسل ہے زندگی میری
دل نگاہوں میں روحِ بے قرار ہوں میں

اب اور مجھ میں باکیا ہے حسرتوں کے سوا
نگاہِ شوق ہوں آغوشِ انتظار ہوں میں

شگفتگی کسے کہتے ہیں انبساط ہے کیا
خزاں نصیب ہوں بیگانۂ بہار ہوں میں

سوائے تہمتِ ہستی نہیں وجود مرا
سرابِ دشت ہوں میں نقشِ رہگذار ہوں میں

فروغِ شعلۂ خس ہوں ضیائے شمعِ سحر
شبیہِ درد ہوں تصویرِ اضطرار ہوں میں

بقدرِ ذوقِ تمنا کہاں ہے فرصتِ عمر
نمودِ برق ہوں میں جلوۂ شرار ہوں میں

چھپا سکا نہ حجابِ سکوت سوزِ دروں
برنگِ شعلۂ فروزاں تہِ غبار ہوں میں

ستم یہ ہے کہ شکایت بھی کر نہیں سکتا
فریب خوردۂ مہر و وفائے یار ہوں میں

سرورِ غم ہے نہ کیفِ نشاط اے کوکبؔ
گزشتہ عہد کی افسردہ یادگار ہوں میں

(از حضرت کوکب شاہجہانپوری)

## معاصرین کے افکار و آراء

### غیر ذمہ دار حکومت

(ملت)

### شہداء اور مجروحین کی تعداد

(زمیندار)

### اسمبلی کا گذشتہ اجلاس

### تحقیقات سے انکار

(اجمل)

### گمراہ واعظین

بمبئی کے مسلمان اپنے احساسِ مذہب کی بنا پر خاص طور سے ممتاز ہیں۔ ماہِ محرم

(خلافت)

## پادری کی لڑکی کا قبولِ اسلام

حقیقتاً اسلام ہی وہ مذہب ہے جو دنیا اور آخرت میں نجات کا راستہ ہے ... اس لڑکی نے پادریوں کے مقابلہ میں اسلام کی حقانیت پر ایک بصیرت افروز مناظرہ کیا ... اس کا نام ازبلا تھا اور اس کی زندگی کے واقعات ایک کتاب میں قلمبند کر دئے گئے ہیں ... پہلا ایڈیشن قریب الختم ہے۔ اگر دیر ہوگی تو دوسرے ایڈیشن کا انتظار کرنا پڑیگا۔

ملنے کا پتہ :- منیجر "الجمعیۃ" دہلی


Regd No. L 1793.

# The Jamiat

Vol. XXI No. 26 DELHI SATURDAY 13th APRIL 1935 PRICE ONE ANNA



نورانی قرآن مجید

نہایت صاف جلی اور نہایت صحیح قرآن شریف اگر درکار ہو تو نورانی قرآن مجید الجمعیۃ بک ایجنسی دہلی سے طلب فرمایئے۔ قیمت مجلد چار روپیہ چار آنہ

پادری کی لڑکی کا قبول اسلام

منیجر الجمعیۃ دہلی


## جامعہ ملیہ اسلامیہ کی اپیل

### ایگزیکٹو کمیٹی کا تقرر

۲۔ ملا محمد الواحدی صاحب میونسپل کمشنر۔ سکریٹری
۳۔ مسٹر عبد الرزاق ایم اے۔ بی ٹی۔ سکریٹری
۴۔ حاجی عبد الغفار صاحب کوٹھی حاجی علی جان والے خزانچی
۵۔ حضرت مولانا مفتی محمد کفایت اللہ صاحب صدر جمعیۃ علماء ہند

۲۶۔ حاجی شرف الدین صاحب
۲۷۔ حافظ زین العابدین صاحب
۲۸۔ شیخ عبد الخالق صاحب مالک کیپٹل بوٹ ہاؤس
۲۹۔ مسٹر سید مرتضیٰ علی
۳۰۔ خاں صاحب راجہ اکبر علی ٹھیکیدار
۳۱۔ خاں صاحب سید نواب علی ٹھیکیدار
۳۲۔ خان بہادر ایس ایم عبد اللہ میونسپل کمشنر
۳۳۔ حافظ عبد الحمید صاحب
۳۴۔ مسٹر عبد السلام
۳۵۔ مسٹر محمد عمر
۳۶۔ ڈاکٹر حسین بخش میونسپل کمشنر
۳۷۔ مسٹر حسین بخش ٹھیکیدار
۳۸۔ حافظ عبد العزیز
۳۹۔ خانصاحب حاجی عبد الغنی آنریری مجسٹریٹ

۴۰۔ سید غلام صمدانی
۴۱۔ خان بہادر عزیز الدین
۴۲۔ خان بہادر حاجی محمد یوسف پانی والے
۴۳۔ چودھری محمد ابراہیم
۴۴۔ حافظ عبد الحمید
۴۵۔ سید محمد جعفری صاحب۔ ایڈیٹر ملت

(عبد الرزاق سکریٹری)


نئی ایجاد حیرت انگیز ایجاد نئی ایجاد

آزمائش شرط اگر غلط ثابت ہو دام واپس

عرق عجیب ... قیمت فی شیشی عہ
روغن بدالی ... قیمت فی شیشی عار
ممسک ... قیمت چھ گولی عہ
بال صفا ... قیمت فی شیشی ۱۲ ار

المشتہر ایم۔ اے فاروقی دوا ساز معرفت پوسٹ ماسٹر سہارنپور

## ضرورت شوہر

ایک شریف خاندان مسلم صدیقی حنفی المذہب، پندرہ سالہ تندرست نا کتخدا لڑکی کیواسطے جو کلام مجید ختم کرنے کے بعد اردو لکھنے پڑھنے میں کافی استعداد اور کار دبیر سے کامل واقفیت رکھتی ہے ایسے شخص کی ضرورت ہے جو شریف نیک چلن اور تعلیم یافتہ ہونے کے علاوہ برسر ملازمت سرکاری ہو یا بصیغہ تجارت نان و شوہر کی بسر زندگی کا معقول ذریعہ رکھتا ہو، مسلم حنفی المذہب ہو، قومیت کی قید کچھ نہیں۔ جواب بہت جلد آنا چاہیئے۔

راقم۔ الف۔ ح معرفت اخبار الجمعیۃ دہلی

بال عمر بھر نہ اگیں

سویپو فارمیسی دربسٹرڈ حلقہ ۱۳۲ لاہور (پنجاب)

خضاب چھوڑ دو

پتہ۔ بال کلا اسٹورس پوسٹ گنمی سمری (دربھنگہ)


## تقریر سیرت چھپ کر تیار ہوگئی

حضرت سحبان الہند مولانا الحاج حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند کی وہ معرکۃ الآراء تقریر جو ... کے جلسہ سیرت میں ارشاد فرمائی تھی ...

### مختصر فہرست مضامین

منیجر الجمعیۃ گلی قاسم جان دہلی

"کلزانہ جسم کے تمام مخصوص اعضاء کو طاقت پہنچانے میں خاص اہمیت اور شہرت رکھتی ہے"
ایک مشہور ڈاکٹر لکھتا ہے

## کلزانہ کے استعمال سے اپنے جسم کو مضبوط اور تندرست بنایئے

مجرب غذا کلزانہ یورپ کے مشہور پروفیسر ڈاکٹر لیو کی تیار کردہ ہے تمام دنیا کے ہزارہا ڈاکٹروں کے روزانہ استعمال میں آتی ہے۔ بدن اور خون کی کمزوری پر تنا بو پاتی ہے اور ان تمام شکایات پر مثلاً ناخوشگواری۔ اینما۔ دانتوں کی کمزوری۔ جلدی امراض وغیرہ جو کہ صحت کی خرابی کا نتیجہ ہوتے ہیں۔ نفع حاصل کرتی ہے۔
اس لئے اگر آپ کو ان تمام امراض کی شکایت ہے تو فوراً کلزانہ کا استعمال شروع کر دیجئے اس کے استعمال سے آپ ان تمام شکایات سے جلد نجات پا جائینگے۔

### ڈاکٹر ڈبلیو۔ ڈی۔ چیری رنگون سے لکھتے ہیں

"میں نے مختلف بیماریوں میں کلزانہ کا استعمال کثرت سے کیا ہے اور تمام بیماریوں میں تعجب خیز نتیجہ اور نہایت مفید پایا ہے۔ میں کلزانہ کو خصوصیت کے ساتھ تمام امراض کے لئے اکسیر اعظم سمجھتا ہوں"
کلزانہ کے طاقتور اجزاء کو استعمال کر کے اپنے جسم کو مضبوط بنائیے۔ کلزانہ بیماریوں سے بچا کر طاقت بخشے گی۔ یہ دل اور اعضائے رئیسہ کو قوت پہنچاتی ہے۔
آج ہی اس مشہور مجرب غذا کی ایک بوتل خریدئے۔ جسمانی قوت اور تندرستی سے آپ کی امیدوں میں اضافہ ہوگا۔

بازار میں ہر دوا فروش کے یہاں ملتی ہے

# Kalzana

تندرستی کے لئے ایک مجرب غذا ہے جو کہ ہاتھ سے نہیں چھوئی گئی

# وحدۃ عرب۔ ترقی اسلام اور شریعت آئی کا علمبردار

## والیٔ حجاز پر حملے کے متعلق اہم انکشافات

## سیاہ بخت یمنی باطل پرستوں کی حمایت پر

### امام یمن کا اظہار تاسف

### وحدت کی ضرورت

# الجمعیۃ کا مکتوب جرمنی

### جنگ کا امکان نہیں ہے

# اٹلی حبش پر کیوں قبضہ کرنا چاہتا ہے؟

## طلائی کانوں کے متعلق مصری انجینیر کا بیان

### اٹلی اور حبش میں جنگ


# The HOLY QURAN

TRANSLATION & COMMENTARY BY

**ALLAMA ABDULLAH YUSUF 'ALI**

C.B.E., M.A., LL.M., I.C.S. (Retd.)

Fellow of the Royal Society of Literature (England)

A MARVELLOUS TRANSLATION OF THE MOST MARVELLOUS BOOK IN THE WORLD WITH COPIOUS NOTES

AN EPOCH-MAKING CONTRIBUTION TO

**ISLAMIC LITERATURE**

A Mirror of the Beauty of Quranic Teaching and Literature

The Commentary is rich in useful information. Not a dull Sunday Sermon, but a piece of English Literature. No Sectarian views propagated through the Commentary

ARABIC TEXT PRINTED IN BEAUTIFUL PHOTO BLOCKS

On Glazed Paper of Superior Quality. Clear Print and Get-up pleasing to the eye

BEING ISSUED IN THIRTY PARTS

**Price per Part Re. 1**

*Postage Extra*

Those who will register their orders by depositing an advance of Rs. 2/- (being price of the last two Parts) with the Publisher will get all Parts (except 1st) post-free, and in addition a complete Index free of charge

WRITE FOR FIRST PART TO

**Sh. MUHAMMAD ASHRAF**

BOOKSELLER & PUBLISHER

Kashmiri Bazar - - - LAHORE


# فرات کے کنارے ایثار و فدویت کے مظاہرے

## شہادت حسینؓ کے مستند اور مؤثر واقعات

### دوستوں کے مشورے اور کوفیوں کی بے وفائی

### تاریخ کی روشنی میں حادثۂ کربلا کی حقیقت

# بصائر و نظائر

## لندن میں کم از کم بکس سے بچنے کا مظاہرہ


## بلاغ مبین

## سرمہ نور

## حضرت شاہ ولی اللہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ

الخیر الکثیر

## اطلاع

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# الجمعیۃ دہلی

یوم سہ شنبہ ۱۱ محرم الحرام ۱۳۵۴ ہجری

# سلور جوبلی میں مساجد اللہ کا حصہ

## متولیان اوقاف کی تعدی

آئندہ ماہ میں سلور جوبلی کے نام سے جو تقریب قلمرو برطانیہ میں ہونے والی ہے اس میں ہندوستان کی رعایا کافی دلچسپی کا اظہار کر رہی ہے۔ اس وقت تک غریب ہندوستان اس تقریب کو کامیاب بنانے کیلئے لاکھوں روپے کا چندہ جمع کر چکا ہے بعض مقامات پر تو فرط وفاداری اور جذبۂ شکر گزاری نے چندہ جمع کرنے میں ...

... بھی کسی غیرتمند اور باحیا مسلمان کو اس تقریب کی شرکت کے لئے آمادہ نہیں کر سکتا۔ ہم اپنے معترضین سے نہایت ادب کے ساتھ دریافت کرنا چاہتے ہیں کیا کانپور کی مسجد کا واقعہ ابھی دور کی یادگار نہیں ہے۔ بہت سے بیگناہ مسلمانوں کو گولیوں کا نشانہ بنا دینے کے بعد بھی مسجد کا ایک حصہ آج گزرگاہ عام وخاص بنا ہوا ہے ...

### مسلمانوں کا سوال

### چھپن سالہ تقاضا کی برکات

### اوقاف فنڈ

... یہ سوال یقیناً ایسا اہم ہے کہ ہم اس کی طرف مسلمانوں کو توجہ دلانا اپنا فرض سمجھتے ہیں۔ مساجد اللہ یا دیگر اوقاف خواہ ان میں کتنا ہی روپیہ وافر کیوں نہ ہو کسی جوبلی کے سلسلہ میں خرچ نہیں کیا جا سکتا۔ البتہ اگر واقف یا بانیٔ مسجد نے ایسی کوئی شرط کی ہو جس کا منشا یہ ہو کہ اس وقف میں سے حکومت کی تقریبات پر بھی روپیہ خرچ کیا جا سکے گا تو بیشک اس شرط کے ماتحت جو وقف ہوگا اس کے متولی کو یہ ... ضروریات کے لئے وقف کیا گیا ہو اس وقف کے متولی واقف کی شرائط کے خلاف ایک پیسہ بھی نہیں خرچ کر سکتے۔ اگر کوئی متولی فرط محبت یا جوش وفاداری میں ایسا کرے گا تو وہ اس تمام رقم کے ادا کرنے کا شرعاً اور اخلاقاً ذمہ دار ہوگا جو وہ وقف واقف کی اغراض کے خلاف خرچ کرے گا۔

# عذر گناہ بدتر از گناہ

(۲)

گزشتہ اشاعت میں حادثہ کراچی پر حکومت بمبئی کے بیان کے ایک حصہ پر تبصرہ کیا جا چکا ہے۔ آج اس کے بقیہ حصہ پر تنقید کی جاتی ہے۔ حکومت بمبئی کے بیان میں فائرنگ کا جواز ثابت کرنے کے لئے یہ بے بنیاد بہانہ تراشا گیا ہے کہ جلوس نے ایک فوجی افسر کی موٹر پر سنگ باری کی اور پولیس سارجنٹ کو زخمی کیا اور دو آتشیں عشرہ مٹہوں کو بھی ضربات پہونچائی گئیں رکھو یا فوجی افسر کی موٹر پر سنگ باری اور ایک آدھ سرکاری افسر کا مجروح ہونا اس بات کا سبب بن گیا کہ کثیر مجمع پر بلا امتیاز گولیوں کی بوچھاڑ کر دی جائے اور پچاس کے قریب بے گناہ ...

... نہیں آتا کہ وہ خوفناک حالات کیا تھے جن کی بنا پر فائرنگ ناگزیر ہو گیا تھا۔ علاوہ ازیں اگر حکام کو نفس جلوس ہی پر اعتراض تھا تو ان کا فرض تھا کہ جلوس نکلنے سے پیشتر دفعہ ۱۴۴ کا نفاذ کر دیتے اگر کہا جائے کہ حکام کو جلوس کا علم وقت کے وقت ہوا تو یہ بھی غلط ہے کیونکہ بمبئی کونسل میں ہوم ممبر نے اعتراف کیا ہے کہ مقامی حکام کے علم میں یہ بات دس بجے سے پہلے آ گئی تھی کہ عبد القیوم کے جلوس کا انتظام کیا جا رہا ہے۔ کیا مقامی حکام دو گھنٹہ کے اندر امتناعی احکام جاری نہیں کر سکتے تھے ...

... دیکھتے دیکھتے درجنوں موت کے منہ میں چلے گئے اور سینکڑوں مجروح ہو کر زمین پر تڑپنے لگے تو یقین ہے کہ ایسا اجنبی اور خالی الذہن انسان سر پیٹ لیگا اور آئین برطانیہ اور عدل وانصاف کی نئی تفسیر لکھنے پر آمادہ ہو جائے گا ...

... کرنے کے لئے تیار نہیں ہے تو وہ یہ بھی توقع نہ رکھے کہ مسلمانوں کا زخم اس نمک پاشی سے مندمل ہو سکتا ہے یا وہ حکومت کو اس کے بہیمانہ سلوک سے بری الذمہ قرار دے سکتے ہیں۔

## بلوچستان سے اخبار کا اجرار

برطانی بلوچستان کے متعلق ان ہی کالموں میں متعدد بار اس حقیقت کو واضح کیا جا چکا ہے کہ وہاں کی بے زبان آبادی حکومت کی تلون مزاجی، سرد مہری اور مفروضہ خدشات کی بنا پر اپنے واجبی اور قانونی حقوق سے قطعاً محروم کر دی گئی ہے اور اس کی جائز خواہشات کو ٹھکرا کر اور پریس اور پلیٹ فارم کی آزادی سلب کر کے ترقی کے ہر شعبہ میں مفلوج ومعطل کر دیا گیا ہے یہ ظاہر ہے کہ کسی قوم کی تعلیمی، اقتصادی، سیاسی اور معاشرتی ترقی پریس اور پلیٹ فارم کی آزادی پر منحصر ہے اور یہی چیز ہے جو بلوچستان میں مفقود ہے۔ لیکن تازہ اطلاعات سے معلوم ہوتا ہے کہ حکومت نے اپنے رویہ میں قدرے تبدیلی کی ہے اور تلافیٔ مافات کے طور پر بلوچستان کے قابل فخر اور روشن خیال فرزند میر عطا محمد خاں غزالی کو اخبار "کلمۃ الحق" ہفتہ وار شائع کرنے کی اجازت دیدی ہے جس کا مطلب یہ ہے کہ وہاں کی حکومت نے اپنی غلطی کا احساس کر کے پریس اور پلیٹ فارم کی آزادی کو اصولاً تسلیم کر لیا ہے۔ ہم حکومت کے اس جدید اقدام پر کمال مسرت محسوس کرتے ہیں اور توقع کرتے ہیں کہ وہ بلوچستان کی پسماندہ آبادی کی مشکلات کا اندازہ کر کے اپنی اس خوشگوار تبدیلی پر کاربند رہے گی اور عام آبادی کی جائز خواہشات ومطالبات کا احترام کرتے ہوئے اس کا زیادہ سے زیادہ اعتماد حاصل کرنے کی کوشش کرے گی۔ ہم بلوچستان کے غیور ومجاہد افراد کو بھی ان کی مسلسل مساعی پر مبارکباد دیتے ہیں کہ آخر ان کی قربانیوں کا اقل قلیل نتیجہ برآمد ہوا اگر وہ اسی طرح پرامن طریقہ سے اپنی مساعی جاری رکھیں گے تو وہ ایک نہ ایک روز وہ درجہ ضرور حاصل کر لیں گے جو ان کی زندگی کا نصب العین ہے اس کے حصول کے لئے جہاں پیہم سرگرمیوں کی ضرورت ہے وہاں استقلال اور پرامن ذرائع پر کاربند رہنے کی بھی اشد حاجت ہے۔

---



# مسلمانوں کے زخمی قلوب پر نہایت بیباکی سے نمک پاشی کی گئی ہے

## آزاد تحقیقات کے مطالبہ کو ٹھکرا کر بے چینی کی آگ بھڑکا دی گئی ہے

### حکومت بمبئی کے یک طرفہ اعلان پر صدر جمعیۃ علماء ہند کا بیان

کراچی کے انسانیت سوز خونیں حادثے کے متعلق مسلمان خصوصاً اور تمام ہندوستانی عموماً حکومت بمبئی کے جس بیان کا نہایت بے چینی سے انتظار کر رہے تھے وہ منظر عام پر آ گیا اور نہایت رنج واندوہ کے ساتھ یہ کہنا پڑتا ہے کہ اس بیان میں مسلمانوں کے زخمی قلوب پر تسکین وتشفی اور تلافی کا مرہم رکھنے کے بجائے نہایت بے باکی اور بے پروائی سے نمک پاشی کی گئی ہے۔ ... آزاد تحقیقات کے منصفانہ اور معقول مطالبہ کو ٹھکرا دیا گیا ہے۔

کراچی کے قومی رہنما نہایت بلند آہنگی سے بار بار چیلنج کر رہے ہیں ...

... ساتھ ہی یہ ہم صاف صاف کہہ دیتے ہیں کہ مسلمانوں کا اضطراب صرف کھلی آزاد تحقیقات سے ہی رفع ہو سکتا ہے خواہ نتیجہ ان کے حق میں ہو یا خلاف۔ حکومت اگر اپنا اور پبلک کا فائدہ چاہتی ہے تو وہ اس معقول منصفانہ مطالبہ کو منظور کرنے کا جلد از جلد اعلان کر دے۔ ورنہ اس کے لازمی قدرتی فطری نتائج اس کے لئے خوشگوار نہ ہوں گے۔

محمد کفایت اللہ کان اللہ لہ ۱۲ محرم ۱۳۵۴ھ

# قبائل کے ہاتھوں پولیٹیکل ایجنٹ مالاکنڈ قتل کر دیئے گئے

## فقیر علی نگر کا لشکر منتشر ہو رہا ہے۔ کمانڈر افواج موقعہ پر

پشاور ۱۳ اپریل۔ حملہ آور قبائل جو فقیر علی نگر کے لشکر میں شامل ہو کر سرکاری فوج کے خلاف اقدام کر رہے تھے اب انہوں نے مالاکنڈ کے رقبہ کو خالی کرنا شروع کر دیا ہے اور اپنے مرکز سے منتشر ہو رہے ہیں۔ مالاکنڈ کے حالات تفصیلی طور پر ابھی معلوم نہیں ہوئے ... کا سلسلہ شروع ہو گیا ہے۔ ... کے اس مقام کا معائنہ کیا ... آئی سی ایس پولیٹیکل ایجنٹ مالاکنڈ فقیر علی نگر کے لشکر کے ہاتھوں قتل کر دیئے گئے آپ کے ساتھ بہت سے سپاہی بھی شہید ہوئے آپکو فوجی اعزاز کے ساتھ دفن کر دیا گیا۔

## پنجاب میں زبردست ژالہ باری

### کھیتوں اور مویشیوں کا نقصان

لاہور ۱۱ اپریل۔ کل شام کو لاہور میں زوروں سے بادل گھر آئے بجلی خوب کڑکی اور بارش اور ژالہ باری ہوئی آس پاس کے مقامات سے بھی ایسی اطلاع آئی ہے ایسے موقعوں پر ... کو کسان ناخوش ہیں کیونکہ ایک طرف تو غلہ کی قیمت بڑھ جائے گی اور دوسری طرف بیماریوں میں اضافہ ہو جائے گا۔

تیجپورہ، شیخوپورہ اور آس پاس کے مقامات پر ایسے زور کی بارش اور ژالہ باری ہوئی کہ پہلے کبھی نہیں ہوئی تھی ہجے کی کھیتوں میں غلہ تباہ ہو گیا ہے اور بہت سے بکرے وغیرہ ژالہ باری سے تباہ ہو گئیں۔ بعض اولے کئی کئی اونس کے تھے۔

## جرمنی میثاق مشرق میں شریک ہوگا

### سرجان سائمن کا حیرت انگیز اعلان

سٹریسا ۱۳ اپریل۔ آج سرجان سائمن برطانوی وزیر خارجہ نے ... کی کانفرنس میں یہ اعلان کر کے ایک حیرت پیدا کر دی کہ جرمنی اب میثاق مشرق ... معاہدے طے کر کے ایک جداگانہ دستاویز پر دستخط کریں۔

برلن جانے سے قبل ... کی ہے ... کو کامیابی کے اسباب میں سے ایک اہم سبب ہے ... جرمنی کے ساتھ تعلقات پیدا کرے گی۔

## ڈاکوؤں نے ملاحوں کو قتل کر دیا

رنگون ۱۰ اپریل۔ ہفتہ کے دن بعد دوپہر بہائی ... کے قریب دریا سے دو ملاحوں کی لاشیں برآمد ہونے پر پولیس کو ایک ڈکیتی کا پتہ مل گیا ہے جس کی تفتیش میں پولیس دو تین دنوں سے مصروف تھی۔ برآمد شدہ لاشیں ... سال اور محمد حسن عمر ۲۵ سال ملاحوں کی ہیں۔

یہ دونوں مقتول ملاح موضع ... کو دیکھا ... سے رنگون کو کشتی میں جا رہے تھے۔ معلوم ہوا ہے کہ جمعرات کی شب کو کچھ لوگوں نے وہاں کی کشتی پر سوار ہو کر دونوں ملاحوں کو قتل کر کے دریا میں پھینک دیا ہے اور وہاں سے وہ سو روپے لوٹ لے گئے ہیں ... کشتی انہیں دریا میں مل گئی اور ... ہفتہ کے دن لاشوں کی برآمدگی سے تمام واقعات معلوم ہو گئے۔ ... رنگون ہسپتال کے مردہ خانہ میں پہنچا دیا گیا ہے۔

## وائسرائے کا تصدیق شدہ بل

### کونسل آف اسٹیٹ کیلئے ذلت

نئی دہلی ۱۱ اپریل۔ کونسل آف اسٹیٹ میں وائسرائے کی جانب سے تصدیق شدہ بل مالیات پیش ہوا۔ ... کانگریس پارٹی کے ممبران نے حکومت ہند کے ... کی اور تصدیق شدہ بل کو ایوان کی توہین بتایا ... کے اس رویہ کے خلاف صدائے احتجاج بلند کی ... قبول نہیں کی۔

سراین۔ این سرکار نے کونسل آف اسٹیٹ میں حکومت کی مدافعت کرتے ہوئے ایک طویل تقریر کی جس میں حکومت کے طرز عمل کو صحیح ثابت کرنے کی کوشش کی۔

## مسافر اور مال گاڑی میں ٹکر

الہ آباد ۱۱ اپریل۔ آج شام الہ آباد اسٹیشن پر بڑی سنسنی پھیل گئی جب کہ ایک مال گاڑی چند ڈبوں سے ٹکرا گئی جو کہ ریلوے کے احاطہ میں کھڑے ہوئے تھے۔

کہا جاتا ہے کہ ٹکر اس قدر زور سے لگی کہ مال گاڑی کا گارڈ ڈبہ چکنا چور ہو گیا جس سے وہ شدید مجروح ہو گیا۔ ان کے علاوہ دو قلی اور دو دیگر افراد بھی ... مجروح ہو گئے۔ ڈرائیور بال بال بچ گیا۔

اطلاع ملتے ہی اسٹیشن ماسٹر جائے وقوعہ پر پہنچ گیا۔ مجروحین کو ہسپتال پہونچا دیا گیا ہے۔ بعد کی خبر ہے کہ اس حادثہ میں ایک شخص ہلاک ہو گیا۔

## دیہاتی اصلاح کیلئے میکرو فرڈ پونڈ

واشنگٹن ۱۱ اپریل۔ جمہوریت امریکہ کے صدر مسٹر روزویلٹ نے دیہاتی اصلاح کی اسکیم کیلئے ... کی منظوری دیدی ہے اور اس اسکیم کو پایۂ تکمیل پہونچانے کا کام ایک شخص مسٹر الیکسفورڈ ... کے سپرد کر دیا ہے۔

## عربوں اور یہودیوں میں جنگ

### ۴ یہودی ہلاک ۲۵ مجروح

یافا ۱۲ اپریل۔ پرسوں طولکرم کے نواح میں یہودیوں نے عربوں پر گولی چلائی جس کے جواب میں عربوں نے بھی ... تین یہودی مجروح ہو گئے۔ پولیس نے ۶ عربوں کو گرفتار کر لیا ہے۔ معلوم ہوا ہے کہ چند یہودی ... اور یہودیوں میں خونریز جنگ ہوئی ۴ یہودی ہلاک اور ۲۵ مجروح ہوئے ...

## صوبجات میں بیک وقت اصلاحات کا نفاذ

لندن ۱۲ اپریل۔ دارالعوام میں نائب وزیر ہند نے سوال کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ ہماری یہ کبھی بھی ارادہ نہیں ہوا کہ صوبوں کے ساتھ مختلف سلوک کیا جائے اور صوبجات کی خود مختاری مختلف تاریخوں میں نافذ کی جائے۔ جدید دستور نافذ ہونے کے بعد تمام صوبجات میں اصلاحات بیک وقت نافذ ہوں گی۔

## لندن کے کلب میں سرشادی لال پر آوازے

لندن ۱۱ اپریل۔ لندن میں ایک کلب بنائی گئی ہے جس کی ممبری کے لئے ہندوستانی ہونا نہایت ضروری ہے بہت سے انگریز اس کلب کے ممبر بن گئے۔ اس کلب کی طرف سے ایک جلسہ ہوا جس میں سرشادی لال سابق چیف جسٹس پنجاب کی تقریر کرنے کے لئے دعوت دی گئی۔ آپ تقریر کرنے کے لئے اٹھے تو آپ نے غلطی سے کہہ دیا "لیڈیز اینڈ جنٹلمین" اس پر خوب آوازے کسے گئے جس پر آپ کو معذرت پیش کرنی پڑی۔

## ایک جہاز کو آگ لگ گئی

سنگاپور ... ۱۱ اپریل۔ رنگون سے جانے والے جہاز ... میں آگ لگ گئی۔ معلوم ہوا ہے کہ تختہ جہاز پر ... آگ کو روکنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔

## جاپان میں مرد اور لڑکیاں گرفتار

ٹوکیو ... ۱۱ اپریل۔ ضلع ... کی پولیس نے ... چھاپہ مارا ... گرفتاریاں کیں جن میں ... لڑکیاں ... ہیں۔

## جامع مسجد میں مسلمانان دہلی کا جلسہ

### حادثہ کراچی کی تحقیقات سے انکار حکومت کی شکست ہے

دہلی ۱۳ اپریل بعد نماز جمعہ جامع مسجد میں مسلمانان دہلی کا ایک عظیم الشان جلسہ بصدارت مولانا محمد عظمت اللہ صاحب منعقد ہوا۔ مولانا عبد المجید صاحب ... اور دیگر مقررین نے کراچی کے حادثہ فاجعہ اور فتنہ قادیانیت کے خلاف تقریریں کیں اور متفقہ طور پر ذیل کی تجاویز پیش ہو کر منظور ہوئیں۔

(۱) مسلمانان دہلی کا یہ عظیم الشان جلسہ حکومت بمبئی کے اس بیان کو غیر تسلی بخش اور مزید اضطراب وہیجان کا باعث سمجھتا ہے جس میں حادثہ فاجعہ کراچی کی تحقیقات کرنے سے انکار کیا گیا ہے ... یہ جلسہ حکومت بمبئی کے اس رویہ کو نمک برجراحت سے تعبیر کرتا ہے اور حکومت سے مطالبہ کرتا ہے کہ اگر اسکے عمال ایسے ہی معصوم تھے جیسا بیان میں ظاہر کیا گیا ہے تو وہ میدان میں نکل کر آزادانہ تحقیقات کرے ورنہ مسلمان یہ سمجھنے میں حق بجانب ہونگے کہ حکومت کا بیان یک طرفہ غیر معقول اور ہیجان پیدا کرنے والا ہے۔

(۲) مسلمانان دہلی کا یہ عظیم الشان جلسہ حکومت کو متنبہ کرتا ہے کہ چودھری ظفر اللہ خاں قادیانی جو تمام مسلمانوں کے نزدیک کافر ہیں وہ کسی طرح مسلمانوں کا نمائندہ نہیں ہو سکتا۔ حکومت نے مسلمانوں کے پیہم اور مسلسل احتجاج کے باوجود ... کونسل کا ممبر بنا کر مسلمانوں کے صحیح اور حق بجانب مطالبہ کو ٹھکرا دیا ہے ... ناقابل برداشت ہے ...

## چالیس آفریدی گرفتار کر لئے گئے

### قبائلی علاقہ میں سڑکوں کی تعمیر

لنڈی کوتل ۱۱ اپریل۔ درہ خیبر میں آنے جانے والے لاری ڈرائیوروں کی زبانی معلوم ہوا ہے کہ بارہ ہزار آفریدیوں کا ایک لشکر چورا گندار کے نواح میں جمع ہو کر قبائلی علاقہ میں سڑکوں کی تعمیر اور اپنے قبائلی پہرہ داروں پر سرکاری خاصہ داروں کے تقرر کے خلاف مظاہرہ کر رہا ہے۔

چورا گندار کی طرف قبائلی پہرہ داروں اور سرکاری خاصہ داروں کے مابین جنگ ہونے کی برابر اطلاعات آ رہی ہیں۔

فوج اور فوجی مفادوں کے مقابلہ میں آفریدیوں کا لشکر تا حال پرامن ہے تین فوجی دفاعی محاذ پر پہرے کھڑے کر دیئے گئے ہیں تا کہ لشکر کی نقل وحرکت پر نظر رکھیں۔

یہ افواہ بھی سنی جا رہی ہے کہ سرحدی حکام نے جمرود کے نواح میں آباد ہونے والے قبائل کے درمیان اس خیال سے اسلحہ اور گولی بارود تقسیم کر دیا ہے کہ لشکر کے حملہ آور ہونے کی صورت میں اپنی حفاظت کے لئے اس کا مقابلہ کر سکیں۔

یہ بھی سنا گیا ہے کہ جمرود کے قریب حکام نے پولیس کے قریب آفریدی گرفتار کر کے پشاور جیل میں داخل کر دیئے ہیں۔

## شیخ عبد المجید کے بعد بمبئی کونسل سے دوسرے مسلم ممبر محمد ہاشم صاحب بھی مستعفی ہو گئے

کراچی ۱۴ اپریل۔ گورنر بمبئی نے حادثہ کراچی کے سلسلہ میں جو بیان شائع کیا ہے اور جس میں واقعہ کی تحقیقات سے صاف لفظوں میں انکار کر دیا گیا ہے۔ اس کے خلاف بطور احتجاج شیخ عبد المجید سندھی بمبئی کونسل کی رکنیت سے مستعفی ہو چکے ہیں جس کی اطلاع گزشتہ اشاعت میں دی جا چکی ہے۔ اب قاضی عبد الخالق صاحب بذریعہ تار اطلاع دیتے ہیں کہ بمبئی کونسل کے دوسرے مسلمان ممبر جناب محمد ہاشم صاحب گزدار بھی بطور احتجاج بمبئی کونسل سے مستعفی ہو گئے ہیں۔ اور آپ نے اپنا استعفیٰ ایک طویل بیان کے ساتھ گورنر بمبئی کے پاس ارسال کر دیا ہے۔

## اصلاح پسند اور قدامت پرست شیعوں میں جھگڑا!

### علم کے جلوس پر عورتوں کا پکٹنگ

لاہور ۱۱ اپریل۔ آج یہاں محرم کے جلوس کے موقع پر قدامت پسند اور اصلاح پسند شیعوں میں جھگڑا ہوتے ہوتے رہ گیا۔ بنائے تنازعہ یہ تھا کہ ایک فریق یہ کہتا تھا کہ عورتوں کو ہیرا منڈی میں مذہبی وجوہ کی بنا پر جلوس میں شریک ہونے کی اجازت نہ دی جائے اور دوسرا فریق اس امر پر مصر تھا کہ انہیں اجازت دی جائے۔

حالات نے جلد ہی نازک صورت اختیار کر لی جب جلوس ہیرا منڈی کے قریب پہونچا تو عورتوں نے پکٹنگ شروع کر دی جس سے صورت حالات اور بھی نازک ہو گئی اور فساد کا اندیشہ پیدا ہو گیا۔ لیکن پولیس کے بر وقت پہونچ جانے سے فساد رک گیا۔

پولیس نے جلوس کو خیریت کے ساتھ نکلوا دیا۔ اس سلسلہ میں کوئی گرفتاری نہیں ہوئی۔

## بنگال میں خانہ تلاشیاں اور گرفتاریاں

کلکتہ ۱۱ اپریل۔ کلکتہ پولیس کی اسپیشل برانچ نے آج صبح کلکتہ اور ہوڑہ میں بیک وقت خانہ تلاشیاں لینے کے بعد ۲ نوجوانوں کو گرفتار کر لیا۔ کہا جاتا ہے کہ گرفتار شدگان کا کوئی ذریعہ معاش نہیں تھا اور وہ ڈاکہ ڈالنے کی تیاریاں کر رہے تھے۔

کرسنیا ۱۱ اپریل۔ آج پولیس نے دو مقامی پانڈوروں کے مکانوں اور ترن سنگھ ... کی تلاشی لی ... کتابیں اپنے قبضہ میں لے لیں۔

پولیس دو نوجوانوں کو اپنے ہمراہ تھانہ لے گئی۔ وہاں ان سے مچلکے طلب کرنے کے بعد ان کو رہا کر دیا گیا۔

## ظفر اللہ قادیانی نے چارج لے لیا

دہلی ۱۴ اپریل ایک سرکاری اعلان مظہر ہے کہ سرجارج بیور کو خاص فرائض پر لگائے جانے کے باعث گورنر جنرل کی ایگزیکٹو کونسل میں جو عارضی آسامی خالی ہوئی ہے اس پر وائسرائے نے چودھری ظفر اللہ قادیانی کو عارضی ممبر مقرر کیا ہے آج چودھری ظفر اللہ نے سہ پہر کو اپنے عہدہ کا چارج لے لیا ہے۔

## پٹنہ کے قریب فرقہ وارانہ فساد

### متعدد اشخاص مجروح ہو گئے

پٹنہ ۱۴ اپریل۔ ہزاری باغ میں کل ہندو مسلم بلوہ ہو گیا جس میں کئی اشخاص مجروح ہوئے۔ اگرچہ ہلاک کوئی نہیں ہوا۔ چھ ہندو ہسپتال میں داخل کئے گئے جن میں سے ایک ہیش سنگھ سب انسپکٹر پولیس تھے۔ کہا جاتا ہے کہ فوج طلب کرنی پڑی۔

بلوہ کی وجہ یہ بتائی جاتی ہے کہ رام نومی کے جلوس میں ... کا جھنڈا تھا۔ مسلمانوں نے اسے لائسنس دیئے جانے کی مخالفت کی کیونکہ اسی روز ایک نکلنے والا تھا اور یہ ہندوؤں کے چھونے سے ناپاک ہو جائے گا۔ حکام نے یہ حکم دیا کہ مسلمانوں کا ... چھ بجے شام تک نہ نکلے جب تک ہندوؤں کا جلوس ختم نہ ہو جائے۔ اب بھی جھگڑے کا کافی اندیشہ ہے۔ لیکن احتیاط کافی ہے۔

## پانی پت میں مدرسہ اسلامیہ کا جلسہ دستار بندی

پانی پت میں مدرسہ اسلامیہ عربیہ کے جن فارغ التحصیل طالبان علم کی دستار بندی کے لئے ۱۹-۲۰-۲۱ اپریل جلسہ عام کا انتظام کیا گیا ہے جس میں ہندوستان کے مشہور پیشوایان دین شرکت فرمائیں گے۔ (نامہ نگار)

## اندر پال کو سزائے موت کا حکم

لاہور ۱۳ اپریل۔ آج سیشن جج نے مقدمہ سازش پنجاب کے ایک ضمنی مقدمہ میں اندر پال کو سزائے موت کا حکم دیا ہے۔ اندر پال اصل مقدمہ سازش کا ملزم تھا اب اس کے خلاف ضمنی مقدمہ اس الزام میں چلایا گیا تھا۔

## کونسل آف اسٹیٹ میں حکومت کی مذمت

نئی دہلی ۱۱ اپریل۔ سفارش کردہ صورت میں فائنانس بل پر غور کرنے کیلئے آج کونسل آف اسٹیٹ کا ہنگامی فضا میں اجلاس منعقد ہوا۔

بل پر غور کرنے کے متعلق سر ... کی تحریک کی مخالفت کرتے ہوئے سر پیرو نے حکومت کے فعل کی مذمت کی کہ اس نے گورنر جنرل کو بل کی تصدیق کرنے کا مشورہ دیا اور تمام سیاسی پارٹیوں کی رائے کو ٹھکرا دیا اور تمام ترمیمات نامنظور کر دیں ... کی حوصلہ افزائی کی ہے جو غیر آئینی طریقوں میں اعتقاد رکھتی ہیں۔

لالہ ... نے حکومت کے فعل کی حمایت کی ... تصدیق ملک کے لئے نیک فال نہیں ہے ... کی مذمت کی۔ ... نے آپ کی تائید کی۔

## جوبلی فنڈ میں چندہ دینے کی مخالفت پر گرفتاری

کوملا ۱۱ اپریل۔ ... وکیل اور چند دیگر اشخاص کو اس الزام میں گرفتار کیا گیا ہے کہ انہوں نے عوام کو سلور جوبلی فنڈ میں چندہ دینے سے منع کیا تھا۔ ایک کے سوا تمام ملزمان کو ضمانت پر رہا کر دیا گیا ہے مقدمہ کی سماعت آئندہ ہوگی۔

## انڈیا بل کی چند دفعات منظور ہو گئیں

لندن ۱۲ اپریل۔ کل شب کو جب دارالعوام کا اجلاس ختم ہوا تو انڈیا بل کی دفعہ ۵۰ تک منظور ہو چکی تھیں اب صرف ایک دفعہ ملتوی رہ گئی ہے اس کے علاوہ چند نئی دفعات بھی جو مجوزہ دفعات کی جگہ شامل کی گئی ہیں۔

## اعلان تعطیل

چونکہ عاشورہ کے روز دفتر الجمعیۃ اور جید برقی پریس میں تعطیل رہے گی اس لئے ۱۸ اپریل کا الجمعیۃ شائع نہ ہوگا اس کے بعد ۲۰ اپریل کا الجمعیۃ ناظرین کرام کی خدمت میں پہونچے گا۔ قارئین کرام اور ایجنٹ صاحبان نوٹ کر لیں۔ (منیجر)

# مسلمانان پٹنہ کا جلسۂ عام

## کراچی کے خونی واقعہ پر احتجاج

کراچی کے المناک واقعہ پر مظلومین کے ساتھ اظہار ہمدردی اور حکومت سے اس حادثہ فاجعہ کی آزادانہ تحقیقات کے مطالبہ کے لئے ۱۶ اکابر و اعیان نے انجمن اسلامیہ ہال میں انعقاد جلسہ کے لئے ایک اعلان شائع کیا اور ۱۶ اپریل کو بعد نماز مغرب کارکنان امارت شرعیہ کے زیر انتظام حاجی مسٹر محمد یونس صاحب ایم۔ ایل۔ سی بیرسٹر ایٹ لا کی صدارت میں جلسہ عام منعقد ہوا۔ جلسہ کا اعلان تنگ وقت میں کیا گیا تھا۔ لیکن مسلمانوں کا کافی اجتماع ہوگیا تھا۔ مولانا حکیم عبدالخبیر صاحب رئیس جماعت اہل حدیث نے قرآن کریم کی تلاوت سے جلسہ کا افتتاح فرمایا۔ اس کے بعد مولانا کی تحریک، اور سید محمد ...

# تعلیم نسواں

تعلیم لفظ عام ہے اور یہ مقصد کی لحاظ سے تبدیل ہوجاتی ہے۔ جب ہندوستان پر انگریزوں کی حکومت قائم ہوئی تو حکومت کو ضرورت پڑی کہ اپنے کام کے لئے اہلکار دستیاب ہوں۔ ان کو تیار کرنا حکومت کا فرض تھا۔ اس مقصد کو مدنظر رکھکر حکومت نے مدارس قائم کئے اور ان مدارس کے پاس شدہ کو اعلیٰ ملازمتیں ملیں اور تعلیم ہندوستانیوں کی نظر میں ضروریات زندگی میں شمار ہونے لگی ...

اب ہماری بدقسمتی اور کم نصیبی سمجھئے کہ جو تعلیم لازم بنانے کے مقصد کے لئے جاری کی گئی تھی اسی کو ہم نے عورتوں کے لئے بھی مفید سمجھا ...

مسلمانوں کے لئے اگر ان کو اسلام سے کچھ بھی انسیت باقی ہے تو صرف یہ کام ہے کہ وہ تعلیم نسواں کو سنبھالیں اور شام ہونے سے پہلے موجودہ مدارس کی اصلاح کریں۔ تعلیم نسواں کا پہلے مقصد قائم کریں۔ نصاب تیار کریں اور اس موجودہ زہریلی مادی سے بچائیں۔ مرد کو مرد اور عورت کو عورت رہنا چاہئے۔ اگر عورتیں مرد بننے کی کوشش میں کامیاب ہوگئیں تو دنیا میں فساد عظیم پھیل جائے گا۔

... پنجابی قوم جو ہم سے اور ہماری طرز تعلیم سے کچھ واقف ہے متوجہ ہو۔

(محمد عبدالغفار الخیری عفی عنہ نواب گنج دہلی)

... سلطان ابن سعود ایدہ اللہ بنصرہ العزیز ... جناب فاضل محترم صدر صاحب نے اپنی نہایت ہی بصیرت افروز تقریر میں عرب کے جغرافیائی حالات اور ماضی و حال کا بہترین موازنہ فرماتے ہوئے سلطان ابن سعود خلد اللہ ملکہ کے انتظام مملکت ...

... سے حضرت سلطان المعظم کا ہاتھ بٹائیں اور آپ کی صحت و سلامتی و اقبال کے لئے بارگاہ رب العزت میں دعا گو رہیں۔ ذیل کی متفقہ تجویز کو سلطان المعظم کی خدمت میں بذریعہ تار روانہ فرمایا۔

جمعیۃ ہذا جلالت الملک سلطان المعظم ابن سعود اور جناب ولیعہد امیر سعود ... کی خدمت اور آپ دونوں کی سلامتی پر ہدیہ تبریک پیش کرتی ہے۔ (سید عزیز اللہ مدراس)

# مدراس میں علماء کا اجتماع

## والیٔ حجاز کے حملہ آوروں کی مذمت

جلالت الملک حضرت الامام سلطان ابن سعود خلد اللہ ملکہ وسلطنتہ اور اعلیحضرت کے صاحبزادے امیر سعود کے باغی حملہ آوروں کے بزدلانہ حملہ سے بال بال بچنے کی خوشی میں ایک جلسہ عام میں جانب مسلمانان المدراس سینٹ تھامس مونٹ (مدراس) بتاریخ ۲۹ مارچ ۱۹۳۵ء بروز شنبہ شب کے ساڑھے نو بجے مسجد اہل حدیث میں زیر صدارت افضل العلماء جناب عبدالوہاب صاحب بخاری ایم۔ اے۔ ایل۔ ٹی پرنسپل جمالیہ کالج مدراس منعقد ہوا۔ لوگوں کا ازدحام توقع سے بڑھ کر تھا۔ منجملہ ان میں سے ذیل کے حضرات کے اسمائے گرامی خصوصیت کے ساتھ قابل ذکر ہیں:۔

حاجی نعمت اللہ صاحب، حاجی ابوالخیر محمد عبیداللہ صاحب، مولانا سلطان محی الدین صاحب ... سید فضل اللہ صاحب جیلانی، سید نعمت اللہ و سلامت اللہ صاحب جیلانی، سید نصیرالدین صاحب، عبدالعلیم صاحب محکمہ کرماگری اور محمد عبدالغفار صاحب سکریٹری انجمن اسلامیہ المدراس وغیرہ۔

جلسہ کی ابتداء حافظ محمد عبداللہ صاحب امام مسجد اہلحدیث ... 

# رتھ یاترا کا جلوس نکالنے کی ممانعت

## اچھوتوں کی ناراضگی کا اندیشہ

ناسک ۱۸ اپریل۔ ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ ناسک نے زیر دفعہ ۱۴۴ ... کالا رام مندر سے رتھ یاترا کا جلوس نکالنے کی ممانعت کردی ہے ... کو حکم دیا ہے کہ وہ مورتیوں کو ان کی جگہ سے کسی پالکی وغیرہ میں اٹھا کر دوسرے مقام پر ہرگز نہ لے جائیں۔ اس امتناعی حکم کی وجہ یہ بیان کی جاتی ہے کہ اونچی ذات والے ہندوؤں اور اچھوتوں کے تعلقات نہایت کشیدہ ہیں اور جلوس نکلنے کی صورت میں نقص امن کا خطرہ ہے۔ یہ حکم آج سے شروع ہوکر ۲۰ اپریل تک جاری رہے گا۔ مقامی سناتنی ہندوؤں میں اس حکم کے خلاف جذبۂ ناراضگی پایا جاتا ہے۔

# تین انسان اور مویشی جل گئے

ناگپور ۱۸ اپریل۔ موضع ... میں ایک مسلمان کے گھر میں آگ لگ جانے کے باعث ایک عورت، دو بچے، چار گائیں اور بہت سی بکریاں جل کر ہلاک ہوگئیں۔ دیہاتیوں نے پانی کی قلت کے باعث بڑی مشکل سے شعلوں پر قابو پایا۔


## خضاب چھوڑ دو

... ذو روپیہ) کا تیل منگائیں۔
پتہ: بال کالا اسٹورس پوسٹ کنسی سمری (دربھنگہ)

## سونے کی ڈلیاں کوڑیوں کے مول

طاقت وہ طاقت جس سے بوڑھے جوان اور جوان قابل فخر نوجوان بن جاتے ہیں صرف حب زرین (رجسٹرڈ) ہی کے ذریعہ حاصل ہوسکتی ہے جس کے استعمال سے قوت کا لازوال خزانہ حاصل ہوسکتا ہے۔
مکمل خوراک ۴۰ گولیاں (صرف دو روپیہ آٹھ آنہ ۲/۸) میں
دواخانہ کنز المجربات (رجسٹرڈ) کوچہ چیلان گلی راجان دہلی سے طلب کریں

## معجون شباب آور (رجسٹرڈ)

مکمل فہرست مفت طلب فرمائیے
قوت مردمی اور دل، دماغ کی کمزوری کیلئے مشہور دوا ہے
زہریلی اور نشہ کی چیزوں سے بالکل پاک ہے۔ مشک عنبر مروارید وغیرہ سے بنائی جاتی ہے۔ تمام ہندوستان میں اس کے بے نظیر فوائد کا اعتراف کیا گیا ہے۔ قیمت فی شیشی (پانچ تولہ) پانچ روپیہ (۵) نمونہ کی شیشی (ایک تولہ) ایک روپیہ (۱)

**نونہال** اگر آپ اپنے بچوں کو تندرست اور قوی دیکھنا چاہتے ہیں تو "نونہال" استعمال کرایئے۔ یہ دوا بچوں کے ہر مرض کیلئے اکسیر ہے۔ بدہضمی، دستوں کا آنا، قبض، بچوں کا نزلہ، زکام اور دانت نکلنے کی تکلیفیں اس دوا سے بہت جلد رفع ہوجاتی ہیں۔ بچوں کے متعلق موجودہ سائنٹفک معلومات کے پیش نظر نونہال کے اجزاء کی ترکیب حیرت انگیز جامعیت کے ساتھ کی گئی ہے۔
اپنے پیارے بچوں کو نونہال استعمال کراکے نہال کر دیجئے!
قیمت فی شیشی جو ایک عرصہ کے لئے کافی ہے صرف آٹھ آنے (۸) مفصل پرچہ ترکیب ہمراہ
ہمدرد دواخانہ یونانی دہلی
تار کا پتہ: ہمدرد دہلی — ٹیلیفون نمبر ۶۶۷

## بچوں والو ہوشیار

## بال جیون گھٹی

منیجر بال جیون کارپوریشن ... علیگڑھ شہر (یو۔پی)

## رسالہ اٹھتی ہوئی جوانی بالکل مفت

## کوئی امساک




# فقیر علی نگر کے لشکر اور برطانوی افواج کے درمیان خونریز جنگ

## برطانوی طیاروں اور توپخانہ کی گولہ باری

## ۱۸ قبائلی اور ایک سپاہی ہلاک۔ تین بار حملہ کی کوشش

نئی دہلی ۱۸ اپریل۔ ایک سرکاری اعلان مظہر ہے کہ مالاکنڈ کے علاقہ میں رونی اگرہ پر قبضہ کرنے کے لئے فقیر علی نگر نے ۹ مارچ سے ۱۲ اپریل تک تین بار ناکام کوشش کی ہے۔ فقیر مذکور نے تین بار لشکر جمع کرکے دریائے سوات کو پار کرنے کے بعد سرکاری قواح سے مقابلہ کیا جس میں سرکاری افواج کو ہوائی جہاز ...

... تاکہ محفوظ علاقہ کی حفاظت کرسکے۔

# بمبئی میں آتشبازی کے کارخانہ کا انکشاف

## کیمیائی اشیاء برآمد ہوئیں

بمبئی ۱۸ اپریل۔ بمبئی کی خفیہ پولیس نے آتشبازی کے ایک کارخانہ کا پتہ لگایا ہے جس کے متعلق یہ کہا جاتا ہے کہ اسے بغیر لائسنس پٹاخوں کے بنانے کے لئے ابھی تک استعمال کیا جاتا رہا ہے۔

گذشتہ شب پولیس نے بھنس روڈ پر واقع ایک عمارت پر چھاپہ مارا اور ایک بہت بڑی مقدار میں کیمیائی اشیاء مثلاً گندھک، پوٹاش، المونیم کا پوڈر، زہریلی گندھک، نیلا تھوتھا اور بندوق کا پوڈر برآمد کیا۔

# آگرہ میں شیعہ سنی فساد کا اندیشہ

## دفعہ ۱۴۴ نافذ کردی گئی

... کہ بانس تک پہنچ گئی۔ اگر مقامی آدمی اور پولیس بروقت نہ پہنچ جاتی تو شدید بلوہ ہو جاتا۔

# حکام جیند کی فریب کاریاں

## مولوی حبیب الرحمن نومسلم کے بچہ کا اغوا

مولوی حبیب الرحمن صاحب نومسلم کے نابالغ بچے کو اغوا کرکے جبراً چھپائے رکھنے میں موضع موٹراں علاقہ ریاست جیند کے کینہ ور سکھوں کی امن سوز شرارت، حکام ریاست کی طرف سے ملزمین کی مجرمانہ اور جرائم انگیز اعانت اور سب سے بڑھکر مہاراجہ جیند کی غفلت کا اخبارات میں ہفتوں سے قائم ہو رہا ہے۔ نہ مہاراجہ کو شکار سے فرصت نہ حکام ریاست کو انصاف کی عادت ہے بجز فسادی عنصر کو شرارتوں سے باز رہنے کی ضرورت کیا۔ مولوی صاحب کے استغاثہ کو ملیامیٹ کرنے کے لئے حکام پولیس نے کئی ڈھونگ رچائے ...

... دریافت حاصل کرنا چاہتا ہے اسے چاہئے حکومت ہند کو اپنی خفیہ پولیس کے ذریعہ معاملہ ہذا کی تفتیش کرانے پر آمادہ کرے تاکہ اس "گرفتاری" "رہائی" "مناسب کارروائی" "تفتیش" "تحقیقات" "عدل" "انصاف" وغیرہ ریاستی اصطلاحوں کا حقیقی مفہوم واضح ہوجائے جو ریاست جیند میں مروج ہے۔ (حافظ عبدالرحیم خانیوالی)

# مہاراجہ دربھنگہ کے منہ پر کفش کاری

## مہاراجہ کے بھائی پر لڑکیوں کے اغوا کا الزام

دہلی ۱۸ اپریل۔ آج بعد دوپہر ۱ بجے کے قریب کونسل آف سٹیٹ کے ہال کے باہر ایک عجیب واقعہ پیش آیا جسے دیکھ کر لوگ حیران رہ گئے۔ واقعہ یہ بتایا جاتا ہے کہ آنریبل مہاراجہ ادھیراج دربھنگہ ممبر کونسل آف سٹیٹ ہال سے باہر نکل کر اپنی موٹر میں سوار ہونے کے لئے آئے اسی اثنا میں ایک سن رسیدہ شخص ان کی موٹر کے قریب پہنچا۔ کہا جاتا ہے کہ اس نے یکایک اپنے پاؤں سے جوتا نکالکر مہاراجہ صاحب بہادر کے منہ پر تین بار مارا۔ لوگوں نے اس حرکت کو دیکھ کر اسے پاگل خیال کیا اور بھاگ کر پکڑ لیا اور پولیس کے حوالہ کردیا۔ کہا جاتا ہے کہ دریافت کرنے پر اس نے بتایا کہ مہاراجہ کے بھائی نے میری بیوی اور تین نوجوان لڑکیوں کو اغوا کرالیا ہے۔ میں نے کئی بار مہاراجہ کے سامنے فریاد کی مگر اس پر غور نہیں کیا۔ میں دو ماہ سے مہاراجہ صاحب کی تلاش میں پھر رہا تھا۔

# انڈے کے برابر اولے!

میمو ۱۸ اپریل۔ سیمو سے اطلاع موصول ہوئی ہے کہ سوموار کو ۳ بجے ...

# ڈاکوؤں نے عورت کو گولی ماردی

... لیکن جب اسپر بھی انہیں کامیابی نہ ہوئی تو عورت کے گولی مار کر ہلاک کردیا۔ جب دیہاتی امداد کو پہونچے تو ڈاکوؤں کا تعاقب کیا۔ ایک ڈاکو زخمی ہوکر گر پڑا۔ ڈاکوؤں نے اس کے بھی گولی ماردی تاکہ وہ شناخت نہ کرسکے۔

# اسلامی سلاطین کی تحریک اتحاد

کابل ۱۸ اپریل۔ وزارت افغانستان اتحاد پاکستان کے متعلق ایک مسودہ قانون مرتب کررہی ہے۔ اگر یہ تجویز معرض ظہور میں آگئی۔ تو اتحاد اسلامی کا ایک لرزہ ڈال دینے والا نظارہ پیدا کردے گی۔ اس تجویز کے مطابق افغانستان ایران، عرب اور مشرقی ترکستان ایک لڑی میں منسلک ہوجائیں گے۔


## لاکھ تصدیقات کے برابر ایک تصدیق

حکیم الامۃ حضرت قبلہ مولانا مولوی اشرف علی صاحب تھانوی اس دواخانہ کے متعلق ان الفاظ میں تصدیق فرماتے ہیں کہ "سرمدی دواخانہ" کے منتظم جہاں تک میرا علم ہے نہایت دیانتدار اور خوش معاملہ ہیں اسلئے امید ہے کہ اس دواخانہ کی ادویہ بھی پوری اور اصلی اجزا کے ساتھ بنائی جاتی ہونگی جس کی تصدیق دواؤں کے استعمال سے خود خریداروں کو بھی ہوجائے گی۔"

## ہزار تصدیقات کے برابر دوسری تصدیق

یعنی
عالیجناب کپتان نواب جمشید علیخاں صاحب ایم۔ بی۔ ای۔ ایم۔ ایل۔ سی۔ نواب باغپت ان الفاظ میں تصدیق فرماتے ہیں کہ جہاں تک میرا علم ہے کہ سرمدی دواخانہ کے کارکن نہایت ایماندار اور خوش معاملہ ہیں ... اللہ تعالیٰ اس کارخانہ کو خاطرخواہ کامیابی عطا فرمائے۔

## ہمکو ان تصدیقات کے شائع کرنے کی کوئی ضرورت نہ تھی

اگر آجکل اشتہاری دنیا اسقدر بدنام نہ ہوگئی ہوتی کہ جسکو دیکھئے ان کا شاکی ہو اور اکثر لوگوں نے دھوکا دینا اپنا شعار بنالیا ہے بہرحال ہم سے ایک ہی مرتبہ معاملہ کرنے پر آپ کو خود ہمارے سچ اور جھوٹ کا حال معلوم ہوجائے گا اور ہمکو یقین ہے کہ انشاءاللہ عمر بھر کے لئے آپ ہمارے مستقل خریدار بنجاوینگے اور بجز ہمارے اور کہیں سے بھی دوا خریدنا پسند نہ فرماوینگے۔
موجودہ زمانہ میں امراض مخصوصہ کی وبا دیکھتے ہوئے ہم ان امراض کی چند بے نظیر ادویات پیش کرتے ہیں جو ہمارے دواخانہ کی مخصوص دوائیں ہیں ...

طلائے مرزا خانی گورنمنٹ سے رجسٹری شدہ ...
روغن مقوی ...
حب ممسک ...
دوائے بواسیر ...
تریاق سوزاک ...
دوائے آتشک ...

منیجر سرمدی دواخانہ (رجسٹرڈ) سہارنپور (یو۔پی)

## آرائش جمال باتصویر

(محترمہ وزیر بیگم ضیا (ادیب فاضل) مدیر "خزانۂ لیلےٰ" کی انمول تصنیف)
اس کتاب میں عورتوں کے سنگھار اور جسمانی آرائش کے تمام مشرقی و مغربی طریقے بیان کئے گئے ہیں۔ ... کتاب کی خوبی کا اندازہ اس امر سے ہوسکتا ہے کہ
(۱) ملک کے مشہور ڈاکٹر کرنل بھولا ناتھ صاحب آئی۔ ایم۔ ایس۔ سی۔ آئی۔ ای نے ڈاکٹری نقطۂ نظر سے اس کتاب کی نظر ثانی کی ہے اور ایک طویل علمی دیباچہ بھی لکھا ہے۔
(۲) فخر نسواں محترمہ بیگم صاحبہ شاہ نواز ممبر گول میز کانفرنس (لندن) نے اس کتاب میں تعارفی نوٹ لکھا ہے۔
ہر دور اندیش بی بی کو چاہئے کہ اپنے پیارے شوہر کو خوش رکھنے کے لئے آرائش جمال کے مطالعہ سے عملی فائدہ اٹھائے۔
قیمت مجلد: دو روپے آٹھ آنہ۔ بلاجلد دو روپے علاوہ محصول
ملنے کا پتہ: کتب خانہ لطف زندگی، قاضی محلہ موچی گیٹ لاہور

## سفید بال جڑ سے سیاہ

آپکے بال خواہ کسی وجہ سے اور کتنی ہی مدت سے سفید کیوں نہ ہوں "بلیک آل" کے استعمال ہو فوراً قدرتی سیاہ رنگ پر آجائیں گے اور آئندہ جڑ سے سیاہ پیدا ہونگے ...
برٹش سائنس انسٹیٹیوٹ۔ حلقہ ۳۳ – لاہور

## صاف خون

PARAMOUNT BLOOD MIXTURE

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

ید اللہ علی الجماعۃ

تار کا پتہ: "الجمعیۃ دہلی"
ٹیلیفون نمبر ۵۰۳۸

# الجمعیۃ دہلی
سہ روزہ

مدیر مسئول۔ بلال احمد زبیری (بی اے)    معاون۔ محمد عثمان فارقلیط

جلد ۲۱ | دہلی۔ یوم چہارشنبہ ۱۹ محرم الحرام ۱۳۵۴ہجری مطابق ۲۴ اپریل ۱۹۳۵ء | نمبر ۲۸


## انقرہ یا انگورہ
### جدید ترکی کا پایۂ تخت اور اس کا محل وقوع

## معاصرین کے افکار و آراء

### وزیر ہند کا اٹل فیصلہ

### ملک معظم کی سلور جوبلی

### اسلامی تقریبات میں فساد

## پادری کی لڑکی کا قبول اسلام

منیجر الجمعیۃ دہلی


Regd № L 1793.

# The Jamiat

Vol. XXI № 27. DELHI. TUESDAY. 16th APRIL. 1935    PRICE ONE ANNA



نورانی
قرآن مجید
نہایت صاف جلی و نہایت صحیح قرآن شریف اگر درکار ہو تو نورانی قرآن مجید الجمعیۃ بک ایجنسی دہلی سے طلب فرمائیے۔ قیمت مجلد پانچ روپیہ

پادری کی لڑکی کا قبول اسلام
اور اس کے حیرت انگیز کارنامے معلوم کرنے ہوں تو ناول ملاحظہ کیجیے جس کو پڑھ کر آپ اسلام کی حقانیت کے قائل ہو جائیں گے
قیمت فی جلد ۱۲ علاوہ محصول ڈاک۔
منیجر الجمعیۃ دہلی


4612
Moulvi Mehdi Hassan Sb Mufti
P.O Rander
Dt Surat

## شہر میرٹھ میں مسلم راجپوت برادری کا اجتماع عظیم

## جامعہ فنڈ کی سب کمیٹی بنا دی گئی

## دو نابینوں کی دردناک مصیبت

## مدرسہ مظاہر العلوم سہارنپور کا جلسہ تقسیم انعامات
### حادثۂ کراچی اور معلم بل پر تجاویز

## انجمن ترقی اردو کانفرنس
### تین جمعیتوں کے فیصلے سے عربی طلباء کی کامیابی

## جمعیت العلماء بانسی کا اہم اجلاس

## تقریر صدارت چھپ کر تیار ہوگئی

مختصر فہرست مضامین

منیجر الجمعیۃ گلی قاسم جان دہلی


## بال عمر بھر نہ اگیں

لاہور (پنجاب)

## شمشیر برہنہ

## جوہر عشبہ
بڑی شیشی تین روپیہ    چھوٹی شیشی ڈیڑھ روپیہ

# کراچی ٹریجڈی لیگ کی طرف سے حکومت بمبئی کے بیان کا جواب

## حکومت بمبئی کے اعلان پر پارلیمنٹ کا صاد

### پبلک تحقیقات سے کوئی فائدہ نہ ہوگا

کراچی ٹریجڈی لیگ نے حادثہ کراچی کے متعلق حکومت بمبئی کے اعلان کے جواب میں ایک طویل بیان شائع کیا ہے جس میں بیان کیا گیا ہے کہ سرکاری بیان میں حادثہ کراچی کے جواز اور اس میں بداندیش سرکاری کارکنوں کی غیر ضروری حمایت اصل حادثہ سے بھی زیادہ افسوسناک ہے۔ حکومت ہند نے بھی حکومت بمبئی کے اس افسوسناک بیان کی تائید کی ہے۔

اور بمبئی نے تمام واقعہ پر نہایت احتیاط سے غور و خوض کیا ہے جس کے نتائج ایک سرکاری اعلان میں ۱۰ اپریل کو شائع کر دئے گئے ہیں۔ اور حکومت مذکور نے یہ بھی مطلع کیا ہے کہ صورت حالات نے نہایت نازک اور خطرناک نوعیت اختیار کر لی تھی لیکن فوجی دستوں نے اپنے افسروں کی نگرانی میں نہایت مستعدی اور پابندی سے حالات پر قابو پا لیا (تالیاں)۔ مقامی حکام نے بھی حادثہ کو روکنے کے لئے ہر ممکن کوشش کی۔

دارالعوام کے اجلاس میں مسٹر ڈیوڈ گرنفل نے دریافت کیا کہ کیا مسٹر سیوبل ہور حادثہ کراچی کے سلسلہ کو ایک پبلک تحقیقاتی کمیٹی مرتب کرنے کی اجازت دیں گے؟

مسٹر اے۔ آر۔ بٹلر نائب وزیر ہند نے جواب دیتے ہوئے کہا کہ حکومت ہند ...

مسٹر کے ایف نریمان (کانگریس کے مشہور لیڈر اور میئر بمبئی) مسٹر جیکب (بیرسٹر) ڈاکٹر چوئتھ رام گڈوانی (سندھ کے مشہور کانگریسی لیڈر) جمشید مہتا (سابق میئر شہر بمبئی) اور سر عبدالرحیم (صدر اسمبلی)

## اتحاد اسلامی پر والیٔ حجاز کی تقریر

### غازی امان اللہ خاں کی دعا

### بیت اللہ میں حادثہ کی تفصیلات

لاہور ۱۶ اپریل۔ علامہ عبداللہ یوسف علی پرنسپل اسلامیہ کالج لاہور نے جو ابھی حج بیت اللہ سے واپس آئے ہیں۔ سول اینڈ ملٹری گزٹ کے نامہ نگار سے ملاقات کے دوران میں بیان کیا کہ سلطان (ابن سعود) تدبر سے کام لیتے اور علمی وقت ...

## مسلم یونیورسٹی علی گڈھ کی قسمت کا فیصلہ

### ڈاکٹر ضیاء الدین وائس چانسلر منتخب ہو گئے

علی گڈھ ۱۴ اپریل۔ کل مسلم یونیورسٹی علی گڈھ کی قسمت کا فیصلہ ہو گیا۔ یونین کے ہال میں کورٹ کے ارکان کا جلسہ منعقد ہوا۔ علی گڈھ کالج اور یونیورسٹی کے سابق طلباء اور بعض دیگر غیر سرکاری حضرات ۴۹ آراء کے مقابلہ میں ۱۷ کی اکثریت سے حکومت کے وزراء سابق ملازمین حکومت پنشن پانے والے حضرات اور بہت سے خطاب یافتگان نے ڈاکٹر ضیاء الدین احمد صاحب کو وائس چانسلر منتخب کر لیا ...

## فیروز آباد میں اسی اشخاص کی گرفتاری

# بصائر و نظائر

یہ بتایا جا چکا ہے کہ اللہ تعالیٰ کی سنت یہی ہے کہ وہ صالحین کے بگڑ جانے پر اغیار کے دامنوں کو مادی نعمتوں سے پر کر دیتا ہے اور ان کو ایسا غلبہ اور الیسی شوکت عنایت کر دیتا ہے کہ بظاہر ان کے زوال کا گمان تک نہیں ہو سکتا ...

دیکھو ہا الکثر ما کانوا (۸۲×۴۰) عمرانیات کو ترقی دی۔

اقلم یسیروا فی الارض فینظروا کیف کان عاقبۃ الذین من قبلہم کانوا اکثر منہم واشد قوۃ و آثارا فی الارض فما اغنیٰ عنہم ما کانوا یکسبون (۴۰×۸۲)

کیا انہوں نے زمین کی سیاحت کر کے یہ نہیں دیکھا کہ ان سے پہلے لوگوں کا حشر کیا ہوا؟ حالانکہ ان کی کثرت بھی تھی اور زبردست قوت بھی رکھتے تھے جس کا ثبوت ان کے آثار سے بھی ملتا ہے جو وہ زمین پر چھوڑ گئے۔ اس ہلاکت اور بربادی سے ان کے کسب و ہنر بھی نہ بچا سکے!

ممکن ہے کہ کسی وقت کثرت اور قوت انسان کو دھوکہ میں مبتلا کر دے مگر معلوم ہے کہ پہلی قومیں عددی کثرت اور "شدید القوی" ہونے کے باوجود بھی بے نام و نشان ہو گئیں۔

اولم یعلم ان اللہ قد اہلک من قبلہ من القرون من ہو اشد منہ قوۃ و اکثر جمعا۔ (۲۸×۷۸)

اولم یسیروا فی الارض فینظروا کیف کان عاقبۃ الذین من قبلہم کانوا اشد منہم قوۃ و اثاروا الارض ...


## حضرت شاہ ولی اللہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ

کی جلیل القدر نادر تصنیف

### الخیر الکثیر

جو آج تک زیور طبع سے آراستہ نہیں ہوئی تھی سب سے پہلی مرتبہ مجلس علمی ڈابھیل نے اس کو بہت اہتمام کے ساتھ صحیح نسخہ بہم پہنچا کر اعلیٰ کتابت و طباعت کے ساتھ شائع کیا ہے۔ قیمت عہ

ملنے کا پتہ:۔ (مولوی) محمد ادریس مالک مکتبہ شرقیہ محلہ سوئیگران دہلی

## سرمہ نور

اگر آنکھوں کی قدر ہے تو ان دو سرموں میں سے کوئی سرمہ حسب حال انتخاب کر کے استعمال کیجئے۔

سرمہ ۱۔ آنکھوں کی خارش، سرخی، درد، جالا، پھولا، ناخونہ اور پلکوں کا گرنا پرانے سے پرانے رہے کیلئے خصوصاً بیحد مفید ہے۔ اسکے استعمال سے بفضلہ تعالیٰ جملہ امراض کا ازالہ ہو جاتا ہے جن لوگوں کو کسی قسم کا مرض نہیں ہے وہ بھی اس کا استعمال کر کے اپنی آنکھوں کی حفاظت کر سکتے ہیں۔ ان شاء اللہ ان کی آنکھوں کو کسی قسم کا مرض لاحق نہ ہوگا۔ قیمت فی تولہ دو روپیہ آٹھ آنہ۔

سرمہ ۲۔ یہ سرمہ بھی اول کی طرح تمام امراض چشم کے لئے مفید ہے۔ ... قیمت فی تولہ پانچ روپیہ

ملنے کا پتہ (مولانا) نورالدین بہاری۔ دہلی

## بلاغ مبین

مصنفہ مولانا حفظ الرحمٰن صاحب سیوہاروی

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ان تمام خطوط اور فرامین کا مجموعہ جو آپ نے مختلف اوقات میں بادشاہوں اور حکمرانوں کے نام دعوت اسلام کے سلسلہ میں بھیجے ... قیمت دو روپیہ

ملنے کا پتہ:۔ دفتر بلاغ مبین دہلی

## اٹھتی ہوئی جوانی بالکل مفت




# عدالت میں مولانا سید عطاء اللہ بخاری کا معرکہ آرا بیان

## متنبی قادیان نے علماء اور انبیاء کی توہین کی ہے

### مرزا کی کتابیں نفرت انگیزی کا سرچشمہ ہیں

### کھلی عدالت میں قادیانی اخلاق کی عریانی

گورداسپور ۱۶ اپریل۔ آج حضرت قبلہ شاہ صاحب کے مقدمہ میں استغاثہ کی طرف سے بحث ہونی تھی۔ اور حضرت قبلہ شاہ صاحب کا تحریری بیان داخل ہونا تھا ...

#### حضرت مسیح کی توہین

عربی اور ولایتی ڈاک

# مشرق و مغرب کی تازہ خبریں

## دولت آصفیہ اور حکومت سعودیہ عربیہ

### والیٔ حجاز کی سلامتی پر اعلیٰ حضرت نظام کی مسرت

"ام القریٰ" میں نواب سر نظامت جنگ بہادر کا ایک مکتوب شائع ہوا ہے جس میں آپ فرماتے ہیں کہ حضرت ملکہ ... حیدرآباد دکن کے سفر حجاز کے موقعہ پر ... جلالۃ الملک سلطان ابن سعود کا قلبی شکریہ ادا کروں کہ اس نے جدہ، مکہ معظمہ، منیٰ، عرفات اور تمام مقامات پر ضیافت کا انتظام فرمایا ...

"جلالۃ الملک کی سلامتی کے ساتھ بچ جانے پر ہدیہ تہنیت پیش کیجئے اور والدہ ولی عہد حیدرآباد دکن کی نیابت کا شکریہ ادا کیجئے۔"

## عقبہ و معان پر انگریزی دانت

### حکومت حجاز کی زبردست مزاحمت

مارننگ پوسٹ کا نامہ نگار خصوصی مقیم عمان اطلاع دیتا ہے کہ عمان میں جنرل ... وارد ہوئے اور شرق اردن میں برطانوی دفاع کے وسائل و ذرائع پر غور کیا۔ آپ اس امر کے منتظر ہیں کہ برطانیہ اور حکومت حجاز کے درمیان حدود کا تصفیہ ہو جائے مگر جلالۃ الملک سلطان ابن سعود اس امر پر راضی نہیں ہیں کہ موجودہ حدود میں کسی قسم کا تغیر کیا جائے۔ اور وہ نہیں چاہتے کہ عقبہ اور معان سے شرق اردن کا اثر زائل ہو جائے کیونکہ مدینہ۔ دمشق ریلوے پر معان ایک اہم اسٹیشن ہے۔

## ترکی حکومت کا نیا بجٹ

### افواج کے مصارف میں ایک کروڑ لیرا کا اضافہ

ترکی کا بجٹ متعلقہ ۱۹۳۵ء شائع ہو گیا ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ ترکی گورنمنٹ نے سال رواں کے مصارف کیلئے ۱۹ کروڑ ۳۰ لاکھ ۷۸ ہزار ۲۷ سولیرہ (ترکی سکہ) منظور کیا ہے۔ اس میں ۱۴ کروڑ ۵ لاکھ فوج و جنگ کیلئے مخصوص ہے جو سال گزشتہ کے مقابلہ میں بقدر ایک کروڑ زیادہ ہے۔

## ملکۂ دکن کا شاہانہ عطیہ

### سلطان حجاز کی سلامتی پر مالی قربانی

اتحاد عرب کے علمبردار جلالۃ الملک سلطان ابن سعود پر بیت اللہ میں طواف کے وقت جو حملہ کیا گیا تھا۔ اس پر تمام عالم اسلامی کو سخت تاسف تھا۔ اس موقعہ پر حضرت ملکۂ دولت آصفیہ نے حسب ذیل صدقات و انعام تقسیم فرمائے۔

(۱) برائے سلامتی جلالۃ الملک سلطان ابن سعود۔ ایک ہزار روپیہ صدقہ۔

(۲) ان سپاہیوں کو جنہوں نے حملہ کے دوران میں اپنی بیدار مغزی کا ثبوت دیا۔ ۵۰۰ روپیہ۔

(۳) برائے سلامتی امیر سعود ولی عہد ۵۰۰ روپیہ صدقہ۔

علاوہ ازیں ملکۂ دکن نے مختلف اعمال خیر کے لئے جو عطایا مرحمت فرمائے ہیں ان کی تفصیل حسب ذیل ہے:۔

جمعیۃ طیران (محکمہ پرواز) کیلئے ۱۰۰۰ روپیہ۔ نہر زبیدہ کیلئے ۵۰۰ روپیہ۔ محکمہ معارف کے لئے ۵۰۰ روپیہ۔ ... ۱۵۰ روپیہ۔ دواخانہ کے لئے ۵۰۰ روپیہ۔ دارالغرباء ...

## ترکی میں اتوار کی تعطیل کا سبب

حکومت ترکیہ نے فیصلہ کیا تھا کہ تمام ترکی میں جمعہ کے بجائے اتوار کو تعطیل کا دن منایا جائے چنانچہ اس قسم کا مسودہ قانون عنقریب مجلس ملیہ میں پیش کیا جائیگا۔ وزارت داخلہ نے اس تبدیلی پر ایک بیان شائع کیا ہے جس میں مذکور ہے کہ اتوار کو تعطیل منانے کا مذہب سے کوئی تعلق نہیں ہے بلکہ جمعہ کے بجائے اتوار کو اس لئے اختیار کیا گیا ہے کہ یورپ۔ امریکہ اور ترکی کے درمیان مالی اور تجارتی سہولت پیدا ہو سکے۔

## ترکی میں سونے کی کانیں

شمالی ترکی میں سونے کی کانوں کا پتہ چلا تھا جس پر ایک تحقیقاتی کمیشن مقرر کر دیا گیا تھا۔ کمیشن کی جدوجہد سے اس امر کا یقین ہو گیا ہے کہ یہاں کثیر مقدار میں سونا موجود ہے۔ ابتدائی کارروائی کے لئے انجینئروں کی ایک جماعت کو موقعہ پر روانہ کر دیا گیا ہے۔


# The HOLY QURAN

TRANSLATION & COMMENTARY

BY

ALLAMA ABDULLAH YUSUF ALI

C.B.E., M.A., LL.M., I.C.S. (Retd.)

Fellow of the Royal Society of Literature (England)

A MARVELLOUS TRANSLATION

OF

THE MOST MARVELLOUS BOOK IN THE WORLD

WITH COPIOUS NOTES

AN EPOCH-MAKING CONTRIBUTION

TO

ISLAMIC LITERATURE

A Mirror of the Beauty of Quranic Teaching and Literature

The Commentary is rich in useful information. Not a dull Sunday Sermon, but a piece of English Literature. No Sectarian views propagated through the Commentary

ARABIC TEXT PRINTED IN BEAUTIFUL PHOTO BLOCKS

On Glazed Paper of Superior Quality. Clear Print and Get-up pleasing to the eye

BEING ISSUED IN THIRTY PARTS

Price per Part Re. 1

Postage Extra

Those who will register their orders by depositing an advance of Rs. 2/- (being price of the last two Parts) with the Publisher will get all Parts (except 1st) post-free, and in addition a complete Index free of charge.

WRITE FOR FIRST PART TO

Sh. MUHAMMAD ASHRAF

BOOKSELLER & PUBLISHER

Kashmiri Bazar - - - LAHORE

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# الجمعیۃ دہلی

یوم چہار شنبہ ۱۹ محرم الحرام ۱۳۵۴ ہجری

# فرقہ وارانہ فسادات کی وبا

## فیروزآباد کی مسابقت

یہ خبر ملک کے ہر بہی خواہ کے لئے موجب رنج و ملال ہوگی کہ امسال بعض مقامات پر فرقہ وارانہ فسادات رونما ہوئے اگرچہ ان فسادات کی وجہ بظاہر کی جاتی ہے کہ امسال رام نومی اور عشرۂ محرم کا اجتماع ہوگیا تھا اور چونکہ دونوں قوموں کے جلوس ایک ہی تاریخ میں نکلنے والے تھے اس لئے اکثر مقامات پر ہندو مسلمانوں کا تصادم ہوگیا۔ بعض مقامات پر چاند کے اختلاف کی وجہ سے یہ تاریخ ٹل گئی

مسلمانوں کا آرکی اور نماز کے سلسلے میں ہو چکا تھا۔ اُس میں حکام نے ہندوؤں کے رعوب ہو کر لالہ کو کامل کے مکان سے دفعہ ۱۴۴ نافذ کی جس کا نتیجہ یہ ہوا تھا

ہندو مغرب کی نمازوں میں برابر مسلمانوں کو پریشان کرتے رہتے تھے۔ اس وقت بھی مسلمانوں کی تین چار مسجدیں مقفل ہیں اور جب مسلمان ان مساجد کو کھولنا اور اس میں نماز ادا کرنا چاہتے ہیں تو ہندو شور و غل کرتے ہیں اور مسلمانوں کو نماز ادا کرنا

### فساد کی ابتدا

### تعلقات کی کشیدگی

### پولیس کی غفلت

### وجوہات مخالفت

### فسادات کہاں ہوئے

### اتفاقی واقعات

# ایک گمراہ کن اعلان

کونسل آف اسٹیٹ اور اسمبلی کے مسلمان ممبران کی جانب سے ایک پوسٹر شائع کیا گیا ہے۔ اس پوسٹر میں مسلمانوں کو باہمی اتفاق و اتحاد کی تلقین کرتے ہوئے آنے والے خطرات سے ڈرایا گیا ہے۔ اور آخر میں بڑے زور سے قادیانیوں کی حمایت اور سفارش کی گئی ہے۔ اور پنجاب کے مسلمانوں پر خاص طور سے توجہ منعطف فرمائی ہے۔ یہ پوسٹر اپنے مضمون کے اعتبار سے تین حصوں میں منقسم ہے۔ چنانچہ ارشاد ہوتا ہے۔

"آج ہندوستان کے مسلمان بھی ایسی ہی محشر خیز بلیات میں مبتلا ہیں۔ ہندوستان کے طرز حکومت میں جو تبدیلیاں عنقریب رونما ہونے والی

کی غرض سے عطا کئے گئے ہیں تو پھر بلا وجہ اقلیت کو خوف زدہ کرنے اور آئندہ ریفارم سے ڈرانے کا مطلب سوائے اس کے کیا ہے کہ مسلمانوں کو مفروضہ خطرے سے ہٹا کر دوسری جانب متوجہ کیا جائے ہم ان دستخط کنندگان سے دریافت کرنا چاہتے ہیں کہ تمہاری سفارش اور تمہاری خواہش کی بنا پر تو گورنر جنرل اور گورنروں کو یہ اختیارات تفویض کئے گئے ہیں تاکہ وہ تم کو اکثریت کی دستبرد سے بچا سکیں اور جب آئندہ ریفارم میں گورنر جنرل اور گورنروں کی پوزیشن پہلے سے بھی مضبوط ہے اور یہ مضبوطی آپ ہی کیلئے کی گئی ہے تو آپ بلا وجہ مسلمانوں کو کیوں

# شذرات

### ہندو مہاسبھا کی تجاویز



# آسٹریا، جرمنی اور فرانس کی جنگی تیاریاں

## جرمنی سرحد کے قریب فرانسیسی افواج کا اجتماع

## تجربہ کار افسران کی طلبی جرمنی میں نئی بھرتی

وائنا ۱۸ اپریل۔ آج رات کو آسٹریا والوں کو براڈکاسٹ کے ذریعہ ایک پیغام سنایا گیا چانسلر آسٹریا نے اعلان کیا مستقبل قریب میں جبری بھرتی کی تیاریوں پر دس لاکھ سٹرلنگ صرف کئے جائیں گے۔

لندن ۱۸ اپریل۔ جرمنی کے خلاف جمعیۃ اقوام نے جو تجویز منظور کی ہے اور اس پر جرمنی نے جو احتجاج کیا ہے اس پر دنیا کی تمام اقوام غور کر رہی ہیں۔ جرمنی نوٹ کو لندن میں سرکاری طور پر ظاہر نہیں کیا گیا ہے اور پیرس میں خاموشی کے ساتھ اسکو سنا گیا ہے چونکہ جرمنی نے ایک اور نوٹ کا وعدہ کیا ہے اس لئے فرانس اس کے وصول ہونے تک جرمنی کو کوئی جواب نہیں دیگا روم میں جرمنی کے نوٹ کو بغیر کسی تشریح کے شائع کر دیا گیا ہے۔

پیرس ۲۱ اپریل۔ فرانسیسی حکومت نے ایسٹر کی تعطیلات سے فائدہ اٹھاتے ہوئے پارلیمنٹ کی غیر حاضری میں ایک خاص فرمان کے ذریعہ جنرل ویگانڈ کو عملی خدمات کے لئے طلب کیا ہے۔ جنرل ویگانڈ جنگ عظیم میں کارہائے نمایاں انجام دے چکے ہیں۔ فرانس نے صوبجاتی افواج میں توسیع کرنے اور گذشتہ جنگ میں حصہ لینے والے بعض خاص افسران کو طلب کرنے کی تیاریاں شروع کر دی ہیں۔ فرانس نے اطالوی سرحد سے افواج کو ہٹا کر جرمنی سرحد کے قریب جمع کرنی شروع کر دی ہیں اور نہایت رازداری سے فوجی نقل و حرکت جاری ہے۔

لندن ۱۸ اپریل۔ یہ فیصلہ ہوگیا ہے کہ جرمنی میں فوجی خدمات کے لئے ۵ فٹ ۱۰ انچ سے کم طویل اشخاص کو قبول نہیں کیا جائیگا۔ نوجوانوں کے لئے مضبوط اور سڈول اشخاص کو بھرتی کیا جائیگا۔ ہوائی طاقت کے محکموں میں جو جگہ خالی تھیں اب انکو پُر کرنا شروع کر دیا گیا ہے۔ جنگ کے زمانہ میں جن لوگوں کا تعلق پسپ فٹ ادارہ سے ہوگا اسکو موت کی سزا دی جائے گی۔

# جاپان کے جزیرہ فارموسا میں قیامت خیز زلزلہ

## ۱۳۴۲ اشخاص ہلاک اور ۳۶۸۰ مجروح ہوگئے

## پانچ ہزار مکانات تودۂ خاک شہروں میں آتشزدگی

ٹوکیو ۲۱ اپریل آج صبح جنوب مغربی جزیرہ فارموسا میں قیامت خیز اور برباد کن زلزلہ آیا۔ سرکاری طور پر پہلے اعلان کیا گیا کہ آج کے زلزلہ میں ۲۱۴ افراد ہلاک ہوگئے اور ۲۹۷ اشخاص شدید مجروح ہوئے ہیں مگر بعد کی سرکاری اطلاع مظہر ہے کہ جان و مال کا نقصان بہت زیادہ ہوا ہے اور اب تک ۱۳۴۲ افراد ہلاک اور ۳۶۸۰ زخمی ہو چکے ہیں۔ اندرونی اضلاع میں نقصانات کا اندازہ ابھی تک نہیں لگایا جا سکا۔ پانچ ہزار سے زائد مکانات تباہ ہو کر تودۂ خاک بن گئے۔ زلزلہ کے جھٹکے تمام جزیرہ (فارموسا) میں محسوس ہوئے زلزلہ کا مرکز ... سے زیادہ نقصان ہوا ہے بہت سے شہروں میں آگ لگ گئی ہے اور مصیبتیں جاری ہیں۔

ڈیرہ دون ۲۰ اپریل۔ کل رات کو ۹ بجکر ۲ منٹ پر آلہ سیسموگراف دوہ آلہ جو زلزلہ کا حال قبل از وقت بتاتا ہے اس سے پتہ چلا کہ یہاں سے چار ہزار میل کے فاصلہ پر شدید اور خوفناک زلزلہ آیا۔

# ہندو مہاسبھا کے اجلاس کی کاروائی

## فرقہ پرستی اور قساوت قلبی کا بدترین مظاہرہ

کانپور ۱۸ اپریل۔ آل انڈیا ہندو مہاسبھا کا کھلا اجلاس آج منعقد ہوا جس میں مندرجہ ذیل تجاویز منظور ہوئیں۔

(۱) پہلی تجویز کراچی میں گولی چلنے کے متعلق تھی جس میں حکام کی مستعدی کی تعریف کی گئی کہ ان کی وجہ سے فرقہ وارانہ فساد نہ ہو سکا۔ تجویز میں یہ رائے ظاہر کی گئی کہ حکومت نے جو تدابیر اختیار کیں اس کے سوا اور کوئی چارہ کار نہ تھا نیز ان لیڈروں کے رویہ کی مذمت کی گئی جو قاتلوں کو غازی اور شہید کہتے ہیں۔ حادثہ کراچی کے بارے میں کانگریس نے اسمبلی کے اندر جو رویہ اختیار کیا مہاسبھا نے اس کی مذمت کی۔

(۲) دوسری تجویز میں مسلمانوں کے اس مطالبہ کی پرزور مخالفت کی گئی کہ عام سڑکوں پر بھی مسجدوں کے سامنے باجہ بند ہونا چاہئے۔

(۳) ایک تجویز میں فیروزآباد کے بلوہ میں مسلمانوں کی زیادتی کی مذمت کی گئی۔

(۴) ایک تجویز کے ذریعہ اس رائے کا اظہار کیا گیا کہ فرقہ وارانہ فسادات میں مسلمانوں کی دست اندازی حکومت کے جانبدارانہ رویہ کا نتیجہ ہے۔

(۵) آخری تجویز میں کمیونل ایوارڈ کی مذمت کی گئی اور بتایا گیا کہ اس میں ہندوؤں اور سکھوں کے ساتھ ناانصافی کی گئی ہے مہاسبھا نے اعلان کیا کہ جب تک اس کو تبدیل نہیں کیا جائے گا ہندو سبھا اس کے خلاف ایجی ٹیشن جاری رکھے گی مندوبین نے یہ بھی رائے ظاہر کی کہ ملک معظم سے کمیونل ایوارڈ کو منسوخ کرنے کی اپیل کی جائے۔

# آل انڈیا مسلم لیگ کونسل کا اجلاس

## حادثہ کراچی کی مذمت اور تحقیقات کا مطالبہ

لاہور ۱۸ اپریل آل انڈیا مسلم لیگ کی کونسل کا اجلاس آج شام زیر صدارت نواب صاحب چھتاری منعقد ہوا اجلاس میں سر عبدالقیوم وزیر صوبہ سرحد سر فیروز خاں نون وزیر تعلیم پنجاب۔ سر غلام حسین ہدایت اللہ نواب شاہنواز خاں ممدوٹ۔ ایل گابا۔ ایم۔ ایل۔ اے۔ محمد احمد کاظمی۔ ایم۔ ایل۔ اے۔ شیخ عبدالمجید سندھی۔ ملک برکت علی سید حبیب اللہ صاحب خان بہادر محمد عبداللہ مسٹر احمد یار خاں دولتانہ۔ حاجی رشید احمد خاں بہادر حاجی رحیم بخش اور سید مراتب علی شامل تھے۔ اس اجلاس میں ایک قرارداد پاس کی گئی جس میں آل انڈیا مسلم لیگ کا سالانہ اجلاس مسٹر جناح صدر لیگ کی وجہ سے ملتوی کر دیا گیا۔

ایک دوسرے ریزولیوشن کراچی کے سانحہ کے متعلق پاس کیا گیا۔ آل انڈیا مسلم لیگ کی کونسل ان تمام مسلمانوں کے رشتہ داروں کے ساتھ گہری ہمدردی کا اظہار کرتی ہے جو مرحوم عبدالقیوم کی لاش کے ساتھ جنازہ میں شامل تھے اور جو فوج کی گولیوں سے ہلاک ہوئے نیز گورنمنٹ کے تحقیقاتی کمیٹی کے تقرر سے انکار کی مذمت کرتی ہے اس کونسل کی رائے میں اگر مقامی حکام ذرا بھی استقلال اور دور اندیشی سے کام لیتے تو اس قدر خونخرابہ نہ ہوتا ہمارے خیال میں یہ گورنمنٹ کا فرض ہے کہ مقامی حکام کے رویہ

ہم مطالبہ کرتے ہیں کہ ہلاک شدگان کے رشتہ داروں کو واجب خون بہا دیا جائے اور تحقیقات پر جو اشخاص مجرم ثابت ہوں انہیں قرار واقعی سزا دی جائے۔

# جامع مسجد میں گداگری اور اسکا انسداد

## حادثہ کراچی پر مسلمانوں کا احتجاجی جلسہ

دہلی ۱۸ اپریل۔ کل بعد نماز جمعہ جامع مسجد دہلی میں مسلمانان دہلی کا ایک عظیم الشان جلسہ زیر صدارت مولانا محمد عظمت اللہ صاحب منعقد ہوا جس میں کراچی کے حادثہ فاجعہ پر اور حکومت بمبئی کے یک طرفہ بیان پر احتجاج اور عدم اعتماد کا اظہار کیا گیا۔ اور جامع مسجد میں گداگروں کی کثرت سے نمازیوں کو جن مصیبتوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے اس کے متعلق بھی جامع مسجد کمیٹی سے مطالبہ کیا گیا کہ وہ جلد از جلد اس کا انسداد کرے۔ دہلی کے یتیم خانوں میں یتامیٰ کے ساتھ جو انسانیت سوز برتاؤ کیا جاتا ہے اور ان کو گداگری کی تعلیم دی جاتی ہے اس کے متعلق بھی ایک تجویز میں اظہار ملامت و نفرت کیا گیا اور خیرات کنندگان سے استدعا کی گئی کہ وہ موجودہ طریق اعانت کو بدل دیں۔ جلسہ میں مولانا سید عطاء اللہ شاہ بخاری کی تاسیس کی کامیابی ...

# درۂ دانیال کو مسلح کرنیکا فیصلہ کر لیا گیا

## جمعیۃ اقوام کی کونسل میں ترکی نمائندہ کا اعلان

جنیوا ۱۹ اپریل۔ یہ سولی مجلس اقوام کی کونسل کے اجلاس میں جبریہ فوجی بھرتی کے متعلق جرمنی کے فیصلہ کے خلاف فرانس کی پیش کردہ تجویز منظور ہوگئی

اعتراض نہیں کرتا۔ ترکی کے اس اعلان نے بین الاقوامی سنسنی پیدا کر دی ہے۔

# جمعیۃ اقوام کا فیصلہ اور ہر ہٹلر

برلن ۱۸ اپریل۔ ہر ہٹلر نے بیرن وان نیورتھ ڈاکٹر این ڈاپ اور جنرل ... سے آج اقوام کی جانب سے تازہ مذمت سے پیدا شدہ صورت حال کے متعلق جرمن کے رویہ کی نسبت اہم مشورہ کیا ہے معلوم ہوا ہے کہ یہ مشاورت کل تک جاری رہے گی۔

# کولمبو کے فساد میں دو اشخاص ہلاک

کولمبو ۱۸ اپریل ضلع کالو تارا میں ۱۵ اپریل کو دو پارٹیوں میں فساد ہوگیا جس میں لاٹھیوں کا آزادانہ استعمال کیا گیا ایک شخص سمی ویرا داریں ہلاک ہوگیا اور متعدد آدمی مجروح ہوگئے۔ مبینہ قاتل گرفتار کر لیا گیا۔ اس تصادم کے دوران میں ایک مزدور بھی ہلاک ہوگیا۔

حقیقی عید کا وقت قریب آگیا
یوم النبی
عید میلاد کا دن قریب آگیا۔ تمام حامیان اسلام صدق دل سے ملت اسلامیہ کا درد رکھتے ہیں ان سے اپیل کی جاتی ہے کہ یوم النبی کو گذشتہ سالوں کی طرح کامیاب بنانے کی کوشش کریں۔
اور تمام اسلامی جرائد اپنے اپنے اخبارات کے کالم عید میلاد کے لئے وقف کریں اور سیرت حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی بابت مضامین شائع کر کے مسلمانوں کو اس کی طرف متوجہ کریں۔ تاکہ مسلمانوں کی روحانی دینی اور دنیاوی زندگی کی راہیں کشادہ ہو جائیں۔
خادم: خواجہ حسن نظامی

# بھوپال میں مقدمہ بغاوت کا فیصلہ

بھوپال ۱۸ اپریل۔ ۱۷ تاریخ کو شاکر علی خاں۔ فضل آلہی سرور مولانا طرزی مشرقی اور عبدالرحمٰن کوکہ ریاست کے خلاف بغاوت کے مقدمہ کی سماعت ہوئی اور ان حضرات کو علی الترتیب ۲ سال، ۱ سال، ۵ ماہ اور ۶ ماہ قید کی سزا دی گئی مسٹر فضل آلہی ... سزا علی خاں نے ریاست کے رویہ اور حکام کے طرز عمل کے خلاف بطور احتجاج علی الترتیب ایک ... سے بھوک ہڑتال کر رکھی ہے اول الذکر کی حالت سخت نازک ہے۔

# پیرس میں اسلامی شفاخانہ

پیرس ۲۰ اپریل۔ پیرس کے ساڑھے چھ ہزار مسلمانوں کے واسطے ایک علیحدہ شفاخانہ کھولا گیا ہے جو جدید ترین آلات سے مکمل ہے۔ عمارت کی ساخت اسلامی ڈھنگ کی ہے۔ اور اس میں شرع اسلام کے مطابق جملہ انتظامات کئے گئے ہیں۔ پیرس یونیورسٹی کے فارغ التحصیل ایک مسلمان ڈاکٹر اس کا منتظم مقرر کیا گیا ہے۔

# چھ ماہ میں ۱/۲ ۳ قتل

کلکتہ ۱۹ اپریل۔ ایک سرکاری رپورٹ مظہر ہے کہ ششماہی مختتمہ ۳۱ دسمبر ۱۹۳۴ء کے دوران میں بنگال میں ۵۰۳ قتل کی وارداتیں وقوع میں آئیں۔ اسی اثنا میں ۵۴۰ ڈکیتیاں عمل میں آئیں۔

پولیس نے جو ریکارڈ ریلوے گاڑیوں میں ڈکیتیوں کے متعلق فراہم کیا ہے اس کے مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ ششماہی زیر تبصرہ میں ایسی ۱۴۶ ڈکیتیاں ظہور میں آئیں۔

# ترکی حکومت نے ریلوے خرید لی

استنبول ۲۰ اپریل۔ ازمیر سے ایدین تک چلنے والی ریلوے کو ایک انگریز کمپنی سے بارہ لاکھ پونڈ سٹرلنگ میں خرید لیا ہے۔ یہ قیمت چالیس سال کے عرصہ میں بالاقساط ادا کی جائے گی۔ اور سالانہ ... ادا کرنا پڑے گا۔

### (بقیہ شذرات)

# یاسین خاں کی نادداری

# مسلمانوں کو سلور جوبلی سے علیحدگی کا مشورہ

حضرت مولانا قطب الدین عبدالوالی صاحب جہانگیر

لکھنؤ۔ حضرت مولانا قطب الدین عبدالوالی فرنگی محلی نے حسب ذیل اعلان شائع کیا ہے:

اب جبکہ حکومت نے حادثہ کراچی کے متعلق ہمارے متفقہ مطالبہ کو مسترد اور تحقیقاتی کمیٹی کی تقرری سے انکار کر دیا ہے جس سے ثابت ہوگیا کہ حکومت اس خون کی کوئی قیمت محسوس نہیں کرتی جو کراچی میں بہا اس لئے ہمیں سلور جوبلی کی شرکت سے قطعی احتراز کرنا چاہئے میں اپنے بھائیوں سے صاف کہتا ہوں کہ کوئی صدقہ اور خیرات جو خالصاً لوجہ اللہ ہو مقبول نہ ہوگی۔ ظاہر ہے کہ اس موقع پر روپے سے جو بلی کی امداد خالص اللہ کے واسطے نہیں ہو سکتی بلکہ اس حکومت کے واسطے ہوگی جس کے حکام کراچی کے اندر ہمارے نہتے بھائیوں، مردوں، عورتوں اور بچوں کی ہلاکت کا باعث ہے اور جو حکومت اب اپنے عمال کی ظلم کھلا اور آزادانہ تحقیقات سے بھی گریز کرتی ہے۔ اگر مسلمان ان حالات کے باوجود سلور جوبلی میں شرکت کریں گے تو وہ ارتکاب معصیت کے علاوہ اپنی بے غیرتی اور بے حمیتی کا ثبوت دیں گے۔

# بنگال میں تلاشیاں اور گرفتاریاں

## لڑکیوں کی خفیہ پولیس کے دفتر میں طلبی

کلکتہ ۱۸ اپریل۔ سلہٹ کا ایک نوجوان بنگالی جو چٹاگانگ ... کے سلسلہ میں مفرور تھا گذشتہ رات ایک جھونپڑی سے گرفتار کر لیا گیا اس کی گرفتاری کے بعد دو اور مبینہ مفرور کلکتہ سے گرفتار کئے گئے بیان کیا جاتا ہے کہ ان کے قبضہ سے کچھ کاغذات بھی برآمد ہوئے ہیں۔

باریسال کی اطلاع مظہر ہے کہ ٹیٹاگڑھ میں اسلحہ جات برآمد ہونے کے سلسلہ میں پولیس نے کل متعدد مکانات پر ایک ساتھ چھاپہ مارا اور تلاشی لی اور چند کتابیں اور اشتہارات اپنے قبضہ میں کرتے جن اشخاص پر شبہ کا اظہار کیا گیا ہے ان میں بہت سی لڑکیاں بھی ہیں جن میں ایک استانی بھی شامل ہے ان کے والدین کو حکم ہوا ہے کہ وہ ان کو خفیہ پولیس کے دفتر میں حاضر کریں جہاں ان کے بیان قلمبند کئے جائیں گے۔

# گاندھی جی نے مون برت کھول دیا

# فیروزہ آباد میں مہندی کے جلوس پر خوفناک ہنگامہ

## مکان میں آگ لگادی گئی پولیس نے تین بار فیر کئے

## شاہ آباد۔ بارہ بنکی۔ ندیاد اور رانچی میں فسادات کی تفصیلات

### ۱۴ ہلاک اور متعدد مجروح

ہفتہ کے دن رام نومی تھی اور وہی دن فیروز آباد میں مہندی کے جلوس کا تھا۔ مقامی عمال حکومت نے تصادم کو روکنے کی غرض سے دونوں کے لئے اوقات مقرر کردئے تھے اور یہ خیال تھا کہ کوئی جھگڑا نہ ہوگا اور شاید نہ بھی ہوتا لیکن عین اس وقت جب کہ مہندی کے جلوس گذر رہے تھے کہ بازار میں ایک مکان کی چھت سے پتھر آئے ان پتھروں کا آنا تھا کہ جلوس والے سخت مشتعل ہوگئے اور فساد شروع ہوگیا۔

بھی آگئے اور انہوں نے آتے ہی حفاظتی تدابیر اختیار کیں۔

### سرکاری بیان

گذشتہ اتوار کی صبح کو فیروز آباد میں جو فرقہ وارانہ فساد ہوا تھا اس کے متعلق ایک سرکاری بیان مظہر ہے کہ وہ اس وقت واقع ہوا جب کہ آٹھ نو بجے کے درمیان مسلمانوں کا براق کا جلوس نکل رہا تھا۔ اس جلوس پر جنوب کی طرف سے چھتوں پر سے اینٹیں برسائی گئیں یہ واقعہ اس وقت ہوا جب جلوس رام چندر جی کے مندر کے آگے گذر رہا تھا ...

### نندیاد اور دیگر مقامات پر لڑائیاں

... کہ شاہ آباد کے ہندوؤں اور مسلمانوں کے تعلقات گذشتہ چار سال سے کسی قدر کشیدہ تھے ۱۲ اپریل کو مسلمان علم کا جلوس لے کر جا رہے تھے کہ راستہ میں ایک مندر میں باجا بج رہا تھا مسلمانوں نے اس پر اعتراض ہندوؤں نے اسے تسلیم کرلیا اور باجہ بند کردیا جس کے بعد جلوس سکون ...

... ۸ آدمی ہلاک ہوگئے ہیں۔

اخبار الجمعیۃ میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجیے


## لاکھ تصدیقات کے برابر ایک تصدیق

حکیم الامۃ حضرت قبلہ مولانا مولوی اشرف علی صاحب تھانوی مدظلہ العالی اس دواخانہ کے متعلق ان الفاظ میں تصدیق فرماتے ہیں کہ سرمدی دواخانہ کے منتظم جہاں تک میرا علم ہے نہایت دیانتدار اور خوش معاملہ ہیں اسلئے امید ہے کہ اس دواخانہ کی ادویہ بھی پورے اور اصلی اجزا کے ساتھ بنائی جاتی ہونگی جس کی تصدیق دواؤں کے استعمال سے خود خریداروں کو بھی ہوجائے گی۔

## ہزار تصدیقات کے برابر دوسری تصدیق

عالیجناب کیپٹن نواب جمشید علیخان صاحب ایم بی ای ایم ایل سی نواب باغپت ان الفاظ میں تصدیق فرماتے ہیں کہ یہ میرے علم یقین ہے کہ سرمدی دواخانہ کے کارکن نہایت ایماندار اور خوش معاملہ ہیں جو حضرات صحیح اور اصلی اجزا کے ... متلاشی ہوں وہ پورے بھروسہ کیساتھ اس دواخانہ سے دوائیں طلب فرماسکتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ اس کارخانہ کو خاطر خواہ کامیابی عطا فرمائے۔

## ہمکو ان تصدیقات کے شائع کرنے کی کوئی ضرورت نہ تھی

اگر آجکل اشتہاری دنیا اسقدر بدنام نہ ہوگئی ہوتی کہ جسکو دیکھئے ان کا شاکی ہے اور اکثر لوگوں نے دھوکا دینا اپنا شعار بنالیا ہے بہرحال ہم سے اب ...

طلائے مرزاخانی ... روغن مقوی ... حب مشک ... دوائے بواسیر ... تریاقی سوزاک ... دوائے آتشک

مینیجر سرمدی دواخانہ (رجسٹرڈ) سہارنپور (یوپی)




# مختصرات

ماسکو۔ روس میں سب سے زیادہ جرائم لینن گراڈ میں ہورہے ہیں۔ بیس آدمیوں کو اس وجہ سے گولی سے اڑادیا گیا ہے کہ انہوں نے عورتوں کی عصمت دری کی تھی۔

لندن۔ میری لینڈ (امریکہ) میں ایک ریل گاڑی سکول کے بچوں کی ایک موٹر بس سے ٹکرا گئی جس سے دس بچے ہلاک ہوگئے۔

شنگھائی۔ چین کی ایگزیکٹو کونسل کے صدر نے بیان کیا ہے کہ جب ہمارے پاس کافی فوج ہوجائے گی تو ہم جاپانیوں کو چین سے نکالدیں گے اور جو قدم پیدا ہونے پر ... ہمارا قبضہ ہوجائے گا۔

پیرس۔ فرانس نے افریقہ میں اٹلی کو خاص مراعات دینے کا فیصلہ کرلیا ہے جزیرہ مڈغاسکر کا قبضہ بھی عنقریب اٹلی کو دلایا جائیگا جس کے عوض اٹلی فرانس کو ایک کروڑ پونڈ دیگا۔

لکھنؤ۔ یہاں چند نامعلوم اشخاص نے دو آدمیوں پر حملہ کردیا جس سے ایک شخص مرگیا۔

برلن۔ تین ماہ سے سرجرمن نازیوں کے خلاف ایک مقدمہ چل رہا تھا یہ لوگ میمل میں اپنی حکومت قائم کرنا چاہتے تھے ان میں سے ۵ سرغنوں کو موت کی سزا دیدی گئی اور باقیوں کو چودہ سال کی قید کردی گئی۔

بحرین۔ یہاں ایک ایرانی سوداگر نے خیرات تقسیم کرنے کا اعلان کیا دو ہزار نفر اس کے مکان پر ہجوم کر گئے ...

... کی ماہانہ گرانٹ منظور کردی گئی۔

امرتسر۔ یہاں کی ایک مسجد کے غسل خانہ میں ایک بم پھٹ گیا پولیس نے موقعہ پر بم کے کیپ اور شیشے کے ٹکڑے اپنے قبضہ میں کرلئے۔

الہ آباد۔ اس امر کا قطعی فیصلہ ہوگیا ہے کہ پنڈت مالویہ اسمبلی میں نہیں جائیں گے۔

## جرمنی کے اقتصادی بائیکاٹ کی تیاریاں

### انگلستان۔ فرانس اور اٹلی کے ارادے

جنیوا۔ جمعیۃ اقوام کی کونسل میں جرمنی کی یک طرفہ کارروائی کی مذمت کی تجویز منظور ہوجانے کے بعد انگلستان، فرانس اور اٹلی اس بات پر زور دے رہے ہیں کہ لیگ کونسل کی تجویز کو عملی جامہ پہنایا جائے یہ تینوں طاقتیں جرمنی سے انتقام لینے کے لئے نئی حفاظتی تدابیر اختیار کررہی ہیں کہا جاتا ہے کہ جرمنی کو اقتصادی لحاظ سے تباہ کرنے کی کوشش کی جائے گی۔

## ہندو سبھا دہلی کی عقل کا دیوالہ

### سارے صوبہ سے پولیٹیکل ایجنٹ کے قتل کا بدلہ لیا جائے!

نئی دہلی کی ہندو مہاسبھا کے سالانہ اجلاس میں ایک قرارداد منظور کی گئی ہے ...

## مولوی شفیع داؤدی کے خلاف انتخابی عذرداری

## سچ کے بجائے صدق کا اجرا

ترجمہ و تفسیر قرآن کریم کے علاوہ ... خط و کتابت اخبار صدق لکھنؤ سے کی جائے۔

## قبائلی علاقوں میں سڑکوں کی تعمیر ملتوی

### جمرود پر قبائلی مظاہروں کا اثر

پشاور ۱۸ اپریل۔ لنڈی کوتل سے آنے والے موٹر ڈرائیوروں کا بیان ہے کہ آفریدیوں کے ایک بڑے اجتماع نے چورا کنڈا کے مقام پر جمع ہوکر قبائلی علاقہ میں سڑکیں تعمیر کرنے کے خلاف دوسری دفعہ پرامن مظاہرہ کیا۔

آفریدی لشکر کے اس جرگہ کے بڑے بڑے لیڈروں نے جمرود اور اس کے گرد و نواح میں آباد ہونے والے لوگوں سے درخواست کی ہے کہ ... قبائلی علاقہ میں سڑکوں کی تعمیر کے سلسلہ میں وہ سرکار کو کسی قسم کی مدد نہیں دیں گے ... جمرود نے قبائلی لشکر کا یہ مطالبہ تسلیم کرلیا اور حلف اٹھایا کہ مطلوبہ ضمانت دینے کے بعد کام بند کردیا۔

مقامی حکام نے حکومت ہند کے اس اعلان کے پیش نظر کہ قبائلی علاقہ میں سڑکیں تعمیر کرنے کے لئے طاقت استعمال نہیں کی جائے گی خاصہ داروں کو جنگ سے روک دیا۔ اور واپس بلالیا نیز یہ اعلان کردیا کہ سڑک کی تعمیر اس وقت تک ملتوی کردی جاتی ہے جب تک آفریدی اس پر رضامند نہیں ہوتے ...

## کراچی فائرنگ کے سلسلہ میں مسٹر گزدر کا استعفیٰ

## سات ہزار کی چوری۔ بنئیے بے ہوش ہوگیا


شمشیر برہنہ

سفید بال جڑ سے سیاہ

صاف خون — PARAMOUNT BLOOD MIXTURE

جوہر چوب چینی

خضاب چھوڑ دو

بچوں کو الو ہوشیار — بال جیون گھٹی

گولی امساک

مفرح مشکیں — مشک، عنبر اور جواہرات کا ایک نفیس مرکب

قرص جریان

ہمدرد دواخانہ یونانی دہلی

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

يد الله على الجماعة

تار کا پتہ "الجمعیۃ دہلی"
ٹیلیفون نمبر ۵۷۳۸

سہ روزہ
# الجمعیۃ دہلی

مدیر مسئول ۔ بلال احمد زبیری (بی اے) معاون ۔ محمد عثمان فارقلیط

جلد ۲۱ | دہلی یوم یکشنبہ ۲۳ محرم الحرام ۱۳۵۴ ہجری مطابق ۲۸ اپریل ۱۹۳۵ء | نمبر ۲۹

## معاصرین کے افکار و آراء

### صوبہ سرحد اور ہندو سبھا

### مہاسبھائی سرگرمیاں

### مسلم کانفرنس کی خاموشی

### گورنمنٹ کا غلط قدم

کراچی میں بے ہتھیار ہجوم پر فوج نے گولیاں چلائیں جس میں پینتالیس آدمی ...

## ہندی اسلامی تمدن کی آفرینش

### ترکستان اور ایران کے تمدنی اثرات کی ہمہ گیری

... (باقی صفحہ ۷ پر ملاحظہ فرمایئے)


## پادری کی لڑکی کا قبول اسلام

اسپین کے ایک جلیل القدر پادری کی لڑکی نے جب اسلامی تعلیمات کا مقابلہ کیا اور مسلمانوں کے مذہب اور ان کے اعمال کو بغور دیکھا تو اس کے دل میں اسلام کی صداقت و حقانیت جاگزیں ہوگئی اور اس نے فیصلہ کرلیا کہ حقیقتاً اسلام ہی وہ مذہب ہے جو دنیا و آخرت میں نجات کا راستہ بتاتا ہے ...

منیجر الجمعیۃ دہلی


Regd No. L 1793.

# The Jamiat

Vol. XX No. 28 DELHI. WEDNESDAY 24 APRIL 1935. PRICE ONE ANNA.

نورانی قرآن مجید

نہایت صاف جلی اور نہایت صحیح قرآن شریف ... الجمعیۃ بک ایجنسی دہلی سے طلب فرمایئے

پادری کی لڑکی کا قبول اسلام

منیجر الجمعیۃ دہلی

4612 Moulvi Mehdi Hassan Sb Mufti P.O. Rander Dt Surat

## مجلس احرار اسلام رہتک کی اہم قراردادیں

## مسلمانان لائل پور کا جلسہ

## اخبار "مسجد" کا اجرار

## گمشدہ کی تلاش

## اجراڑہ میں شہدائے کراچی کیلئے دعائے مغفرت

## لیڈی ہارڈنگ ہسپتال نئی دہلی کا نیا ظلم

## ایک عیسائی خاتون کا قبول اسلام

## رکن جمعیۃ علماء سرحد کا دورہ

## ضلع ہوشیارپور میں علماء کرام کا اجتماع

## لدھیانہ میں تبلیغی کانفرنس

## لجنۃ الطلبہ پشاور کا جلسہ

## مانڈلے میں مدرسہ عربی کا افتتاح

## اخبار اولڈ علیگزین کا اجرار

اخبار الجمعیۃ میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے

## تقریر تیسیر چھپ کر تیار ہوگئی

مختصر فہرست مضامین

منیجر اخبار الجمعیۃ گلی قاسم جان دہلی

آپکی بیوی تندرست اور خوبصورت ہونی چاہیئے

SANATOGEN

## بال عمر بھر نہ اگیں

سوپر فارمیسی (رجسٹرڈ) ... لاہور (پنجاب)

## آرائش جمال باتصویر

کتب خانہ لطف زندگی خاصی خانہ موچی گیٹ لاہور

# عدالت میں مولانا سید عطاءاللہ شاہ بخاری کا معرکہ آرا بیان

## متنبی قادیان نے علما اور انبیا کی توہین کی ہے

### مرزا کی کتابیں نفرت انگیزی کا سرچشمہ ہیں

### کھلی عدالت میں قادیانی اخلاق کی عریانی

(گزشتہ سے پیوستہ)

میں نے اس حوالے کو پڑھ کر بیان کیا تھا کہ قرآن عزیز کی تعلیم سے تو یہ پتہ چلتا ہے کہ انبیاء علیہم السلام مطاع ہو کر نہیں آئے ہیں، بلکہ مطیع ہو کر نہیں آئے، وہ تو رو اولی الامر ہوتے ہیں...

حمایت پر کمربستہ ہو کر مسلمانوں کے مذہبی احساسات کا امتحان لینا چاہتی ہے جس کی افلاقی تعلیم اس درجہ پر پہنچ چکی ہے۔ اگر ایسا ہی ہے تو میں سمجھتا ہوں کہ حکومت اپنی قبر اپنے ہاتھوں کھود رہی ہے۔ حکومت کو معلوم نہیں ہے کہ مسلمان اپنے دل میں انبیاء اولیاء صلحاء اور اہل بیت اور علی الخصوص حضرت بی بی فاطمہ جگر گوشۂ رسول علیہ السلام کے متعلق کیا احساسات رکھتے ہیں۔ میرا یہ فریضہ نہیں کہ میں حکومت کو وعظ سناؤں وہ اپنے نیک و بد کو خود سمجھے۔ ہاں تو اتنا کہتا ہوں کہ

اتر بہ ابنوں کہ ساقی در مئے افگند

حریفاں را نہ سر ماند نہ دستار

دم بریدہ سگان برطانیہ سے یہ مراد بنتا کہ میں نے ان کو کتے کہا ہے لیے انصاف ہے۔ میں نے تو مرزا کے دم کٹے کتے کہا ہے جس کے یہ معنی نہیں کہ ان کے پہنچے ہوئی ہیں...

نفرت انگیزی کا الزام غلط ہے

# کرنل نواب سر احمد سعید خاں صاحب کا خطبۂ صدارت

## اسلام روحانی اور جسمانی حقوق کا مکمل ضابطہ ہے

### پنجاب کے مسلمانوں کی اقتصادی زبوں حالی

### کفایت شعاری ہی سودی قرضوں کا علاج ہے

انجمن حمایت اسلام لاہور کے ۵۱ویں سالانہ جلسہ کی صدارت فرماتے ہوئے کرنل نواب حافظ سر محمد احمد سعید خاں آف چھتاری وسابق گورنر یو۔پی نے جو عالمانہ اور مصلحانہ خطبہ ارشاد فرمایا وہ ذیل میں درج کیا جاتا ہے:-

بزرگان قوم و برادران محترم! سال گزشتہ اور اس سال جب انجمن حمایت اسلام کی جانب سے مجھے یہاں حاضری کی دعوت دی گئی تو میں نے نہایت تعجیل ارشاد کو...

من حیث القوم باقی نہ رہ سکے گی۔ مثلاً مسلمان قوم ایک خاص کلچر کی حامل اور ایک خاص تہذیب اور تمدن کی مالک ہے اس کی ایک مخصوص معاشرت ہے، اگر خدانخواستہ مسلمان اپنی معاشرت، اپنی قومی روایات اور اپنے مذہبی شعار کو برباد کر دیں اور اپنی تہذیب کو چھوڑ دیں تو پھر مسلمان قوم من حیث القوم دنیا میں باقی نہ رہے گی۔ ہر قوم کی معاشرت اور اس کا تمدن اس کے تعارف کے لئے ضروری ہیں، دنیا کی تمام قومیں اس زمانہ میں اپنی تہذیب اور تمدن کی حفاظت میں سرگرم ہیں اور اپنے کلچر کی حفاظت کو اپنی قوم کی بہت بڑی خدمت تصور کرتی ہیں۔

حضرات! میں نہایت بلند آہنگی اور زور کے ساتھ کہہ سکتا ہوں کہ یہ فخر تنہا اسلامی تہذیب ہی کو حاصل ہے کہ وہ اپنی امتیازی خصوصیات کے قیام اور بقا کے لئے کسی دوسرے تمدن کی مرہون منت نہیں، اسلامی معاشرت کا نظام اتنا واضح اور مکمل ہے کہ اس کو اختیار کر لینے کے بعد ایک مسلمان تمام...

نظر بایں صنف نازک کے لئے جس خوبی اور خوبصورتی کے ساتھ ...

(باقی صفحہ ۳ پر ملاحظہ فرمائیے)

## ہندی اسلامی تمدن کی آفرینش

(بسلسلہ صفحہ اول)

لیکن اب محض زینت کے لئے بنائے جانے لگے، سولھویں صدی میں پتھر کی جالی سے لطف اندوز ہونے کیلئے بنایا جاتا تھا، اگر اب چھتوں کے سامنے محض خوبصورتی کے لئے بنایا جانے لگا۔ ہمایوں، اکبر اور جہانگیر کی پوشاک، عمارات اور روزمرہ کی اشیاء کے خوشنما رنگ سفید مَلمل، نقش و نگار، سنگ مرمر اور چاندی کے کاموں میں تبدیل ہو کر رہ گئے، گنبد کی شکل ایک لہیب کنول کے پھول کی طرح ہو گئی ...

## سلور جوبلی کے بائیکاٹ کی تجویز

### ٹریڈ یونین کانگریس کا اجلاس

کلکتہ ۲۰ اپریل۔ کل آل انڈیا ٹریڈ یونین کانگریس کا اجلاس محمد علی پارک میں مسٹر ہری ہرناتھ شاستری کی زیر صدارت دوبارہ منعقد ہوا اور کئی اہم ریزولیوشن پاس کئے گئے۔



# حکام کو گولیاں چلانے میں حق بجانب ٹھہرایا جا رہا ہے

## حکومت کے دو مختلف بیانوں میں شدید اختلاف

### اگر حکومت حق پر ہے تو میدان میں نکلے

### بے گناہوں کا خون رائیگاں نہیں جائیگا

لاہور ۱۳ اپریل۔ گزشتہ شب مسلمانان لاہور کا ایک عظیم الشان جلسہ زیر اہتمام مجلس احرار اسلام ہند چوہدری افضل حق صاحب ایم ایل سی منعقد ہوا۔ جلسہ کا افتتاح تلاوت قرآن مجید سے ہوا۔ اور شیخ خالد لطیف صاحب گابا اور مولانا سید محمد احمد کاظمی ایم اے ایل نے حادثہ کراچی کے متعلق زبردست تقریریں کیں، اور حکومت کے اس رویہ کے خلاف کہ اس نے حادثہ...

تھے۔ لیکن اس چھ ماہ کے عرصے میں کراچی میں کوئی فرقہ وارانہ فساد رونما نہ ہوا۔ کوئی جھگڑا نہ ہوا۔ خود جنازہ کے ساتھ ہندو پہرے والے شامل تھے، ہندو اخبارات کے نمائندے موجود تھے انہیں کچھ نہیں کہا گیا۔

حکومت کے بیانات میں زمین و آسمان کا فرق ہے۔ ہوم ممبر کونسل آف اسٹیٹ کا بیان ہے کہ گولی چلانے والوں کی تعداد ۲۵ تھی، انڈر سکریٹری گورنمنٹ آف انڈیا کا بیان ہے کہ گولی چلانے والے پچیس تھے، جنہوں نے دو دو راؤنڈ چلائے لیکن حکومت بمبئی کا ہوم سکریٹری اس کے متعلق بالکل خاموش ہے۔

آپ نے تقریر جاری رکھتے ہوئے فرمایا کہ حکومت کے بیانات میں اس قدر فرق موجود ہے کہ جس سے پتہ چلتا ہے کہ حکومت حقائق کو چھپانے کی ناکام کوشش کر رہی ہے۔ حکومت سے تحقیقات کا مطالبہ کیا جاتا ہے لیکن تحقیقات نہ کرنے کے متعلق حیلے بہانے تلاش کرتی ہے...

بچے اور بوڑھے بھی شامل تھے، جلوس پرامن طریق سے جا رہا تھا۔ اس کا ارادہ کسی قسم کے فساد وغیرہ کا نہ تھا۔ لیکن حکام کہتے ہیں کہ اگر جلوس شہر میں داخل ہو جاتا تو وہ ہندوؤں کو لوٹ لیتا، حالانکہ یہ بالکل افترا تھا۔ جو حکام کی طرف سے مسلمانوں پر باندھا گیا ہے۔ نتھو رام کے قتل کو چھ ماہ گزر چکے

حکومت کو معلوم ہونا چاہئے کہ بے گناہوں کا خون خالی نہیں جاتا۔ آپ نے تقریر کے آخر میں کہا کہ وقت کم ہے اور یہ خون رولانے والی داستان بڑی طویل ہے۔

## آئندہ حج کے چوتھائی اخراجات معاف ہو گئے

### جلالۃ الملک سلطان ابن سعود کا مسلمانان عالم پر احسان

مولانا عبدالہادی صاحب کا مکتوب موصول ہوا ہے کہ جلالۃ الملک سلطان ابن سعود کی دریادل حکومت نے آئندہ سال کے لئے حجاز کے اندر عازمان حج کے تمام اخراجات کا چوتھائی حصہ بالکل معاف فرما دیا ہے۔ مولانا کے الفاظ یہ ہیں:-

"میں ۲ ذیقعدہ کو مکہ مکرمہ میں پہنچا، وزراء حکام ممبران کونسل حجاز سے مختلف اوقات میں ملتا رہا، وہ بڑی توجہ سے میری باتوں..."

## کرنل نواب سر احمد سعید خاں صاحب کا خطبۂ صدارت

(بسلسلہ صفحہ ۲)

اپیل کی گئی ہے وہ محتاج بیان نہیں، پھر باہمی رواداری حسن سلوک اور اصلاح معاشرت کی تاکید کے سلسلہ میں ہمارے قانون نے کیا ہم سے یہ نہیں بتایا؟

وعاشروھن بالمعروف — اور عورتوں کے ساتھ خوبی سے

فان کرھتموھن فعسیٰ ان تکرھوا شیئا ویجعل اللہ — گزران کیا کرو اور اگر وہ تم کو ناپسند ہوں تو ممکن ہے تم ایک شے کو ناپسند...

ڈال کر اسلام سے باغی بنا دیتی ہے۔ ایسے ہی شر البریہ لوگوں کے متعلق فرمایا:-

یاایھا الذین آمنوا ان کثیرا من الاحبار والرھبان لیاکلون اموال الناس بالباطل ویصدون عن سبیل اللہ (۱۰ × ۱۱) — اے ایمان والو! بہت سے عالم اور درویش لوگوں کا مال ناحق کھاتے ہیں اور اللہ کے راستہ سے لوگوں کو آنے سے روکتے ہیں۔

اصل میں علماء دین کی دو قسمیں ہیں (۱) پہلی قسم کے وہ علماء ہیں جو علم و عمل کی حیثیت سے کامل ہیں، قوت فکری کے اعتبار سے وہ علوم شرعیہ کے ماہر، کتاب و سنت کے اسرار و رموز سے واقف۔ اجتہاد و بصیرت کے روشن چراغ اور روح اسلام کے شناسا ہیں...

(۲) دوسری قسم کے وہ علماء ہیں جو علم میں تو کامل مگر عمل میں ناقص ہوتے ہیں۔

## بصائر و نظائر

علامات اور دینی پیشوا اس اصلی اور سرمدی قانون و دستور کے حامل ہیں جن کا نفاذ انسانی آب و دماغ کی ملکیت پر ہوتا ہے اور جن کے ذریعہ ضمیر کی تشکیل اور ایمان کی تعمیر کی جاتی ہے اور نوع انسانی کا رشتہ اس ذات و حقیقت سے جوڑا جاتا ہے جو روحانی اور جسمانی مملکت کا اکیلا شہنشاہ ہے۔ اس قانون کا نام قرآن عزیز اور اسوۂ رسول (حدیث) ہے جس کی تنفیذ و اشاعت کا ذمہ دار علماء حقانی کو گردانا گیا ہے...

مسلمانوں کی بدقسمتی ہے کہ ان کی جہالت سے فائدہ اٹھانے کے لئے علماء کی ایک ایسی قسم بھی پیدا ہو گئی ہے جو ابلیس خونخوار اور صحن نما ہے...

## امریکن بنک پر مسلح ڈاکہ

### دو خزانچیوں کو گولی مار دی

بوسٹن ۱۳ اپریل۔ سہ پہر کو ساؤتھ امریکن بنک پر روزروشن میں مسلح ڈاکوؤں نے حملہ کر دیا، دو خزانچیوں نے مزاحمت کی لیکن ڈاکوؤں نے انہیں فوراً گولی مار کر ٹھنڈا کر دیا اور دو لاکھ پچیس ہزار ڈالر نقدی کی صورت میں لے کر فرار ہو گئے۔ اس حادثہ میں جو خزانچی ہلاک ہوئے ہیں وہ سکاٹ لینڈ کے باشندے ہیں۔ بنک کا منیجر جنگ کر کے اپنی بیوی سمیت ڈاکوؤں سے مقابلہ کرتے ہوئے زخمی ہو گیا ہے۔


## بلاغ مبین

مصنفہ مولانا حفظ الرحمن صاحب سیوہاروی

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ان تمام خطوط اور فرامین کا مجموعہ جو آپ نے مختلف اوقات میں بادشاہوں اور حکمرانوں کے نام دعوت اسلام کے سلسلہ میں بھیجے اور ان کے متعلق مفصل تاریخی بحث یعنی بہا تاریخی اور حدیثی تحقیقات بہت سے لاینحل اشکالات کے شافی جوابات رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا تیس سالہ تبلیغی اسوۂ حسنہ تبلیغ اسلام کے سادہ اور خالص اسلامی اصول قرآن و حدیث کی روشنی میں، اعلیٰ کتابت و طباعت، خوشنما جدید طرز کا ٹائٹل، دو اصلی مہر مبارک کا فوٹو، قیمت دو روپیہ

ملنے کا پتہ:- دفتر بلاغ مبین دہلی

## سرمہ نور

اگر آنکھوں کی قدر ہے تو ان دو سرموں میں سے کوئی سرمہ اپنے حسب حال انتخاب کر کے استعمال کیجئے۔

سرمہ ۱:- آنکھوں کی خارش، سرخی، دھند، جالا، پھولا، ناخونہ اور پلکوں کا گرنا، پرانے سے پرانے زخم کیلئے خصوصاً مفید ہے، اس کے استعمال سے بفضلہ تعالیٰ جملہ امراض کا ازالہ ہو جاتا ہے ... قیمت فی تولہ دو روپیہ آٹھ آنہ ...

سرمہ ۲:- یہ سرمہ بھی حالی طرح تمام امراض چشم سوائے رو یا اور پلکوں کے گرنے کیلئے مفید ہے ... قیمت فی تولہ ...

ملنے کا پتہ:- (مولانا) نور الدین بہاری، دہلی

## حضرت شاہ ولی اللہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ

کی جلیل القدر نادر تصنیف

### الخیر الکثیر

ملنے کا پتہ:- ... سوئیوالان دہلی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# الجمعیۃ دہلی

یوم یکشنبہ ۲۳ محرم الحرام ۱۳۵۴ ہجری

## بھکشو اوتما کا خطبہ صدارت
### پان ہندوازم کی تلقین

ہندو مہا سبھا کے پردھان جناب بھکشو اوتما صاحب نے امسال کا جو تبوری خطبہ صدارت پڑھتے ہوئے بعض ایسے حقائق کا انکشاف کیا ہے جو شاید ہندوستان کے باشندوں کی معلومات میں ایک نئے باب کا اضافہ کردے گا۔ اس امر کے ظاہر کرنے کی ضرورت نہیں کہ ہندو مہا سبھا کے پریزیڈنٹ بودھ مذہب کے پیرو اور صوبہ برہما کے رہنے والے ہیں۔ ان کی صدارت اصل میں اس خواب کی تعبیر

جو پہلی بات سے بھی زیادہ عجیب و غریب ہے۔ آپ ہندو مہا سبھا کا تعارف کراتے ہوئے اس کو فرقہ پرست جماعت کہلانے کے الزام سے حسب ذیل الفاظ میں بچانا چاہتے ہیں۔ ارشاد ہوتا ہے۔

"ہندو مہا سبھا اپنے جنم کے لئے بھارت ماتا کے مشہور سپوت سوامی شردھانند کی دوربیں تدبر اور تعمیری قابلیت کی رہین منت ہے۔ سبھا

کرانے کی یہ شکل نہیں ہے کہ پھر اسی بد دیانت ثالث کی خدمت میں حاضری دی جائے اگر اس نے پلٹ کر یہ جواب دیدیا کہ اگر آپ مجھے خائن سمجھتے تھے تو ثالث کیوں بنایا تھا؟ میں تو آپ سے پیشتر ہی عرض کرتا تھا کہ آپ آپس میں سمجھوتہ کر لیجئے۔ اگر ثالث نے یہ جواب دیدیا تو آپ کے پاس اس معقول جواب کا کیا جواب ہوگا اگر واقعی آپ ثالث کو کوئی معقول جواب دینا چاہتے ہیں تو اس کی صرف ایک ہی شکل ہوسکتی ہے کہ آپ اور آپ کی سبھا ہندوستان کی اقلیتوں سے ایک فیصلہ کرے۔ اور باہمی رواداری سے جو فیصلہ ہوجائے اس کو تمام فریق لیکر پیش کردیں اور ثالث سے کہدیں کہ آپ کا فیصلہ ہندوستان میں تفریق و افتراق کا بیج بو رہا تھا ہم نے اس کو مسترد کردیا اور ہم تمام لوگوں نے باہمی اتحاد اور باہمی رضامندی سے خود اپنا فیصلہ کرلیا۔ اب ہم صرف یہ چاہتے ہیں کہ آپ اپنا فیصلہ واپس کر لیجئے اور ہمارے فیصلہ کو آئندہ آئین میں داخل کر دیجئے ہم یہ ایک مخلصانہ مشورہ دے رہے ہیں لیکن ہمیں مہا سبھائیوں کی فرقہ واریت اور

منافقت سے ہرگز یہ امید نہیں ہے کہ ہمارا عاجزانہ مگر مخلصانہ مشورہ قابل توجہ قرار دیا جائے گا۔

### جائنٹ پارلیمنٹری کمیٹی کی رپورٹ

اس رپورٹ کے متعلق مسٹر بھکشو اوتما نے جو کچھ فرمایا ہم ان جذبات کی قدر کرتے ہیں اور ہم سمجھتے ہیں کہ اس رپورٹ کے خلاف اس سے زیادہ برا کہا جاسکتا تھا جو کہا گیا لیکن اس بلا کو دفع کرنے کا علاج بھی وہی ہے جو ہم نے کمیونل ایوارڈ کے سلسلے میں عرض کیا ہے کہ جب تک ہندوستان کی قوموں میں باہمی اتحاد پیدا نہ ہوگا اور باہمی رواداری موقع شناسی اور حقوق شناسی کی اسپرٹ پیدا نہیں ہوگی یہ بلا کسی کے ٹالے ٹل نہیں سکتی۔

زندگی در گردنم افتادہ بیدل چارہ نیست
شاد باید زیستن ناشاد باید زیستن

## سرحد پر جنگی مظاہرے

ہندوستان کی شمالی مغربی سرحد کے متعلق کچھ دنوں سے پھر اس قسم کی خبریں آرہی ہیں کہ وہاں کی پہاڑی قومیں حملے کر رہی ہیں اور برطانیہ کی افواج ان کو شکست دے کر اور ہوائی جہازوں کے ذریعہ منتشر اور پسپا کرنے میں کامیاب ہو رہی ہیں سرکاری ایجنسیوں کے ان بیانات سے معلوم ہوتا ہے کہ فقیر علی نگر، غضنفر خاں، حاجی ترنگزئی اور ان کا لڑکا بادشاہ گل وغیرہ اس قسم کے لوگ ہیں کہ ان کا کام صرف لشکر جمع کرنا اور حملے کرنا ہے اور جب یہ لوگ بلاوجہ حملے کرتے ہیں تو گورنمنٹ مجبوراً مدافعانہ

قبضہ کرنے کا شوق دامنگیر ہے اسی طرح اس علاقہ کے باشندوں کو اپنی آزادی اور آزادی کا بقا محبوب ہے۔ ہم اس وقت اس بحث میں نہیں الجھنا چاہتے کہ وہاں سڑکوں کی تعمیر مدارس اور پوسٹ آفس کا افتتاح۔ فوجی چھاؤنی کا قیام وہاں کے باشندوں کے لئے مفید ہوگا یا گورنمنٹ برطانیہ کے لئے فائدہ بخش ہوگا۔ کیونکہ ہمارے خیال میں آزادی ایک ایسی بیش قیمت چیز ہے کہ اس کا مقابلہ کسی شے سے بھی نہیں ہوسکتا۔ لاکھ خوشنما سڑکیں اور بہترین مدارس و ڈاکخانے ایک

بنائے اور آہستہ آہستہ ان پر قبضہ کرنے کی کوشش نہ کرے تو اس قسم کے واقعات کبھی رونما نہ ہوں جن کی وجہ سے ہندوستان کا کروڑوں روپیہ برباد ہو رہا ہے۔ اور ہزاروں بے گناہ جانیں برباد ہو رہی ہیں یہ ایک قدرتی اور فطری بات ہے کہ جس طرح حکومت برطانیہ کو اپنے مخصوص مصالح کے ماتحت علاقہ غیر پر

کرنے میں جو حکومت برطانیہ کی طے شدہ پالیسی ہے۔ کیا ہم ممبران اسمبلی اور ممبران کونسل آف اسٹیٹ سے اس امر کی توقع کر سکتے ہیں کہ وہ آئندہ گورنمنٹ کی فارورڈ پالیسی کو تبدیل کرانے میں ملک کی امداد کریں گے اور ملک کو لاکھوں روپے کے نقصانات سے بچائیں گے۔

### ریاست گوالیار کا ایک سچا بہی خواہ

ریاست گوالیار میں فوج اور ڈاکوؤں کے درمیان جنگ کی خبر اخبارات میں شائع ہوچکی ہے اس جنگ میں امروہہ کے ایک نیک سیرت زمیندار عبدالرحمٰن خاں جس بے دردی کے ساتھ ڈاکوؤں کے ہاتھوں شہید کئے گئے۔ اس کو سن کر رونگٹے کھڑے ہوجاتے ہیں۔ واقعات اس طرح ہیں کہ ایک مشہور ڈاکو سبوجیت سنگھ معہ دیگر ۳۰۔ ۴۰ ڈاکوؤں کے ایک عرصہ سے ریاست گوالیار میں قتل و غارتگری اور لوٹ کھسوٹ کا بازار گرم کر رہا ہے اس کی گرفتاری اور فتنہ پردازیوں کے انسداد کے لئے صوبہ دار ضلع جناب محمد رفیع اللہ صاحب نے اپنی توجہ مبذول کی اور اس کے لئے ریاستی فوج کی بھی مدد طلب کی گئی۔ ۱۸ مارچ کو کریرہ مقام میں پہونچکر مرحوم عبدالرحمٰن زمیندار کوڈ اکو مذکور کے قلعہ میں اسلئے روانہ کیا کہ وہ اس کو کسی ترکیب سے صوبہ دار صاحب کے پاس لے آئیں اور اس طرح اس کی گرفتاری بغیر کشت و خون کے عمل میں آجائے۔ سبوجیت سنگھ ڈاکو کا قلعہ کریرہ سے ۶ میل کے فاصلہ پر تھا چنانچہ عبدالرحمٰن مرحوم اپنی تدبیر کو بروئے کار لانے کے لئے قلعہ میں پہونچ گئے اور ڈاکو کو اس بات پر آمادہ کرلیا کہ وہ صوبہ دار صاحب کے پاس حاضر ہو کر معافی کا خواستگار ہو۔ اسی اثنا میں صوبہ دار صاحب نے کسی غلط فہمی کی بنا پر انتظار کئے بغیر قلعہ کا محاصرہ کرلیا۔ جب ڈاکو کو قلعہ محصور نظر آیا تو اس نے عبدالرحمٰن مرحوم پر سازش کا شبہ کیا اور پھر اس بدبخت نے مرحوم کے ہاتھوں اور پیروں میں میخیں ٹھوک کر ان کی آنکھیں نکال لیں اور جسم کا ایک ایک عضو کاٹ کر علیحدہ کردیا۔ اس کے بعد فوج سے ڈاکوؤں کا مقابلہ ہوا اور تمام ڈاکو تین چار کو ہلاک کرکے فرار ہوگئے۔ اور افسوس ہے کہ فوج نے قلعہ میں ڈائنامیٹ سے آگ لگادی جس سے مرحوم کی لاش بھی جل کر خاک ہوگئی عام رعایا کو ڈاکوؤں کے مظالم سے نجات دلانے کے لئے عبدالرحمٰن مرحوم نے جس فداکاری اور ریاست سے ہمدردی و خیرخواہی کا ثبوت دیا ہے وہ محتاج بیان نہیں ہے ان کا تن تنہا مسلح اور خونخوار ڈاکوؤں کے قلعہ میں چلے جانا بجائے خود شجاعت کا ایک زبردست مظاہرہ ہے۔ مرحوم نے ساتھ بچے اور ایک بیوہ اپنے

پیچھے چھوڑے ہیں۔ ہم ریاست گوالیار سے درخواست کریں گے کہ وہ مرحوم کی اس بے نظیر قربانی کی قدر کرتے ہوئے ان کے بچوں اور بیوہ کیلئے کوئی مستقل وظیفہ مقرر کردے تاکہ وہ اپنے شفیق باپ کی جدائی کے بعد قدرے اطمینان و سکون سے اپنی زندگی گزار سکیں۔ اور احتیاج و مصائب کے ہاتھوں تباہ ہونے سے بچ جائیں توقع ہے کہ ریاست کے عمال اور خود مہاراجہ اس طرف توجہ مبذول فرماکر مرحوم کے پسماندگان کی مالی اعانت سے دریغ نہ کریں گے اور اپنی فرض شناسی کا بہتر ثبوت دیں گے۔

### کراچی کی ہولناک خونریزی
#### جامع مسجد دہلی میں عظیم الشان جلسہ

کراچی میں جو انسانی خون بہایا گیا اور عورتوں بچوں اور نہتوں کے مجمع پر بیدریغ آتشباری کی گئی اس سے ہندوستان کا بچہ بچہ واقف ہوچکا ہے۔ بمبئی کی حکومت نے کراچی کے حکام کے اس بے دردانہ طرز عمل کو حق بجانب ظاہر کرتے ہوئے کھلی تحقیقات سے انکار کردیا ہے جس کو ملک کی عام رائے نے قابل افسوس و موجب مذمت قرار دیا ہے۔

حکومت کی اس بے پروائی اور تغافل شعاری کے متعلق مسلمانوں کی عام رائے کے اظہار اور شہدائے کراچی کے ساتھ ہمدردی اور دعائے مغفرت کرنے کے لئے مسلمانان دہلی کا ایک عظیم الشان جلسہ بتاریخ ۲۶ اپریل بعد نماز جمعہ جامع مسجد میں زیر صدارت حضرت مولانا مفتی محمد کفایت اللہ صاحب مدظلہ منعقد ہوگا۔ امید ہے کہ تمام مسلمان اس جلسہ میں جوق جوق شریک ہوں گے اور اپنی مذہبی و قومی بیداری اور زندگی کا ثبوت دیں گے۔

(ارکان جمعیۃ علماء ہند مگر قاسم جان دہلی)

---



## دار الحکومت

### حضرت ناظم جمعیۃ علماء ہند کی مسلسل تشویش
#### فرزند اور اہلیہ محترمہ کی علالت

تقریباً ہی عرصہ گذرا ہے کہ حضرت مولانا حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند شدید علالت کے باعث صاحب فراش ہوگئے تھے اور بلغم میں خون آنے کی وجہ سے آپ کی صحت کو سخت خطرہ لاحق ہوگیا تھا چنانچہ موسم کا علاج نہایت توجہ سے ہوا اور خدائے تعالیٰ نے مسلمانوں کے اس مخلص خادم کو اپنے فضل سے شفا عطا فرمائی۔ ابھی حضرت ممدوح کو سابقہ علالت سے پورے طور پر نجات بھی نہیں ملی تھی کہ آپ کے سب سے چھوٹے دو سالہ فرزند حامد سعید کو ایک مرض لاحق ہوگیا۔

(آمین)

### سلور جوبلی میں سکھوں کی شرکت
#### مقامی سکھوں میں اختلاف رائے

دہلی ۲۴ اپریل۔ سکھوں کی دو سرکردہ جماعتیں شرومنی اکالی دل اور گوردوارہ پربندھک کمیٹی سلور جوبلی میں سکھوں کو شریک نہ ہونے کا مشورہ دے چکی ہیں۔

### دہلی میں براڈکاسٹ اسٹیشن

دہلی ۲۴ اپریل۔ معلوم ہوا ہے کہ دارالحکومت ہند کے لئے مجوزہ براڈکاسٹنگ اسٹیشن پرانی دہلی میں انبالہ روڈ پر نجف گڑھ کے مشرق میں قائم کیا جائے گا۔

دہلی کے آلہ نشر کی ہوائی طاقت ۴۰ کلوواٹ ہوگی۔

### اسمبلی کے مسلم ارکان مستعفی ہوجائینگے؟
#### حادثہ کراچی کی تحقیقات سے انکار پر احتجاج

نئی دہلی ۲۴ اپریل۔ کراچی میں گولی چلنے کے واقعات کے متعلق تحقیقات کے کرانے کے متعلق گورنمنٹ کی طرف سے جو کورا جواب دیا گیا ہے اس سے دلبرداشتہ ہوتے ہوئے اسمبلی کی مسلم پارٹی کے ممبر اس بات پر غور کررہے ہیں کہ انہیں اب کیا کرنا چاہئے۔

### بنگال میں زلزلے کے جھٹکے

کلکتہ ۲۴ اپریل۔ کل صبح دس بجے علی پور کے مقیاس الزلازل میں زلزلہ کا خفیف جھٹکا محسوس کیا گیا۔

### اسمبلی کے شملوی اجلاس کا آغاز

شملہ ۲۴ اپریل۔ معلوم ہوا ہے کہ اسمبلی کا شملوی اجلاس ۹ اگست سے شروع ہوگا۔

## مسٹر جناح اور صدر کانگریس کا متفقہ فارمولا
### بنگالی ہندوؤں اور پنجابی سکھوں کی تنگ نظری

بمبئی ۲۴ اپریل۔ حال ہی میں مسٹر راجگوپال آچاری نے ایک بیان کے دوران میں فرمایا تھا کہ بابو راجندر پرشاد صدر کانگریس اور مسٹر جناح کے درمیان گفت و شنید کے نتیجہ کے طور پر جو فرقہ وارانہ فارمولا تیار ہوا تھا وہ موجودہ حالات میں بہترین فارمولا تھا۔

#### سکھوں اور بنگال کے ہندوؤں کا اختلاف

### کانگریس کی پالیسی دانشمندانہ ہے
#### مسٹر جناح کا تازہ بیان

بمبئی ۲۴ اپریل۔ مسٹر جناح آج انگلستان کے لئے روانہ ہوگئے ہیں۔

### پولیس کے ہاتھوں تین ڈاکو ہلاک

آگرہ ۲۳ اپریل۔ تین ڈاکو ہلاک ہوگئے اور دو مجروح ہوئے اور بہت سے ہتھیار اور کارتوس پکڑے گئے۔

### دیہاتی اسکیم کی کامیابی پر گاندھی جی کا بیان

### سفر میں سر سکندر حیات خاں کی علالت

### فقیر علی نگر گرفتار کرلئے گئے؟

پشاور ۲۴ اپریل۔ ملاکنڈ کے علاقہ سے جو لوگ یہاں آئے ہیں ان سے معلوم

### علاقہ مدراس میں دو جگہ فساد
#### پانچ اشخاص ہلاک اور ساٹھ گرفتار

### گران چاکو میں پھر جنگ شروع ہوگئی
#### بولیویا اور پراگوے کی افواج میں معرکہ

### ڈاکٹر انصاری صاحب کا استعفیٰ اور صدر کانگریس

### لکھنؤ کے قریب ریل کو برباد کرنے کی سعی

## آل انڈیا کانگریس کمیٹی کا اجلاس
### انتخابی جھگڑوں کو طے کرنے کیلئے کمیٹی کا تقرر
#### پارلیمنٹری بورڈ کا انتخاب

جبلپور ۲۴ اپریل۔ آج آل انڈیا کانگریس کمیٹی کا پہلا اجلاس شروع ہوا۔ بابو راجندر پرشاد نے صدارت فرمائی۔

### مولانا سید عطاء اللہ شاہ بخاری کا مقدمہ

### چین میں اشتراکی افواج کی شکست

### جودھپور میں لکھپتی سیٹھ کی گرفتاری

### صدر کانگریس کو ایڈریس دینے کی ممانعت

### پتنگ بازی نے موت سے ہم آغوش کردیا

### ملک معظم کی زلزلہ زدگان سے ہمدردی

### یونانی افواج کے کمانڈر کو سزائے موت

# تین ہزار افراد ہلاک اور گیارہ ہزار مجروح

## دس ہزار مکانات تباہ۔ دو صوبے بالکل غارت ہوگئے

## جزیرہ فارموسا میں زلزلہ کے مزید حالات

لندن ۲۳ اپریل۔ جزیرہ فارموسا میں قیامت خیز زلزلہ کے سلسلہ میں تازہ ترین اطلاع مظہر ہے کہ سرکاری طور پر اعداد و شمار سے معلوم ہوا ہے کہ اس زلزلہ میں ہلاک شدگان کی تعداد تین ہزار تک پہونچ گئی ہے اور دس ہزار مکانات گر کر تودہ خاک ہوگئے ہیں گیارہ ہزار سے زائد مجروح ہوئے ہیں ان کے علاوہ دیگر گیارہ ہزار مکانات کو بھی نقصان پہنچا ہے۔ ریلوے حرکت میں آگئی ہے اور امداد کا کام شروع کر دیا گیا ہے۔ نقصان کا اندازہ ایک کروڑ ین (جاپانی سکہ) لگایا جاتا ہے جس میں مکانات کا نقصان ۰ لاکھ ین اور ریلوے کا چالیس ہزار ین ہے کہا جاتا ہے کہ سڑکوں پر خوفزدہ لوگوں کا ہجوم ہے۔ بچے اور عورتیں روتے ہوئے نظر آرہے ہیں۔ ہلاک شدگان میں چینی کسانوں کی تعداد زیادہ ہے، جاپانی کم تعداد میں ہلاک ہوئے ہیں۔ زلزلہ زدہ مقام میں ایک جگہ تیل کے چشمہ میں آگ لگ گئی۔

اس زلزلہ میں دو صوبے بالکل تباہ ہوگئے ہیں چین میں متعینہ برطانوی کمانڈر انچیف نے اس حادثہ کی خبر پاتے ہی مصیبت زدگان کی امداد کے لئے اپنی خدمات پیش کیں لیکن جاپانی وزیر نے شکریہ کے بعد خدمات لینے سے اس بنا پر انکار کر دیا کہ بیرونی امداد کی فی الحال ضرورت نہیں ہے۔

# ایران کے صوبہ مزندران میں بھی زلزلہ آگیا

## ہزاروں انسان ہلاک ہوگئے۔ اب تک ۴۰۲ لاشیں نکالی جاچکی ہیں

پیرس ۲۳ اپریل۔ طہران سے آمدہ اطلاع مظہر ہے کہ ایران کے صوبہ مزندران میں ۱۲ اپریل سے برابر زلزلہ کے جھٹکے محسوس کئے جارہے ہیں جن سے ہزاروں آدمی ہلاک ہوگئے ہیں۔ ساری کے نواحی علاقہ میں تباہ شدہ عمارات و مکانات کے نیچے سے اس وقت تک ۴۰۲ انسانوں کی نعشیں برآمد ہوچکی ہیں۔ نقصان کا اندازہ بہت زیادہ بتایا جاتا ہے رسل و رسائل کے تمام سلسلے منقطع ہوگئے ہیں۔ زلزلہ کے جھٹکے ۵۰ میل تک محسوس کئے گئے ہیں۔

مزندران ایران کا شمالی صوبہ ہے جس کی سرحد بحر کاسپین تک ممتد ہے۔ اس کے جنوب میں کوہ البرز کا سلسلہ قائم ہے۔ اس کا پایہ تخت ساری ہے۔ تفصیلات کا انتظار ہے۔

### مہاسبھا کی پالیسی کے افسوسناک نتائج

#### بمبئی میں مسٹر جناح کی تقریر

بمبئی ۲۰ اپریل۔ مسلم طلبا کا ایک جلسہ زیر صدارت سر میاں قاسم منعقد ہوا جس میں مسٹر جناح نے روداد انگلستان کے سلسلہ میں اپنی آخری تقریر میں مسلم طلبا کو مخاطب کرتے ہوئے ہندوستانی سیاسیات میں مسلمانوں کے رویہ اور اسمبلی میں انڈیپنڈنٹ پارٹی کے کام کے متعلق ذکر کیا۔

مسلمانوں کی حب الوطنی کا ذکر کرتے ہوئے مسٹر جناح نے کہا کہ آج مسلمان نہایت ایمانداری سے یہ کہہ رہا ہے کہ میں ہندو کے ساتھ تعاون کرنے اور اس کے ساتھ کام کرنا چاہتا ہوں اور میں اپنے دل میں آپ بات کا کبھی خیال نہیں کرتا کہ ہندوستان کی مستقبل گورنمنٹ مسلم گورنمنٹ ہونی چاہئے مسلمان ایک نہایت ہی مشکل پوزیشن میں ہیں ہندو مہاسبھا کی پالیسی یہ ہے کہ مستقبل میں تمام طاقت ہندوؤں کے ہاتھ آجائے اس لئے مسلمانوں سے یہ کبھی توقع نہیں کی جاسکتی کہ وہ ہندوؤں کے ساتھ اشتراک عمل سے کام کریں۔ بلکہ کانگرس میں ہی ایک ایسی جماعت ہے جو مسلمانوں کی وطن پرستی سے غیر مطمئن ہے حالانکہ اسمبلی میں اہم معاملات کی رائے شماری کے موقعوں پر مسلم ممبران نے عام رائے کی حمایت کی ہمیں امید کرنی چاہئے کہ کانگرسی لیڈر اپنے وسیع تجربہ اور سیاسی ٹریننگ سے اس جماعت پر حاوی ہوسکتے ہیں اب ہندو مہاسبھا نہیں بلکہ ہندوستانیوں کا راج آرہا ہے جس میں مسلمانوں کو بھی مساوی اور منصفانہ حقوق حاصل ہوں گے۔

### قصابوں نے فوجیوں کو پیٹ ڈالا

نوشہرہ ۲۳ اپریل۔ اطلاع موصول ہوئی ہے کہ "تاپار" میں متعینہ فوجی سپاہ کا مقامی قصابوں کے ساتھ تصادم ہوگیا۔

بیان کیا جاتا ہے کہ فوجی سپاہیوں نے کھلے بازار میں گائے کے گوشت کی فروخت کے خلاف پروٹسٹ کیا۔ اس پر قصابوں نے انہیں نہایت بے دردی سے زدوکوب کیا۔

حکام فوراً اس طرف توجہ کے ساتھ موقع پر جا پہونچے تفصیلات کا انتظار ہے۔

### پولیس افسروں کو قتل کرنے کی سازش

#### آگرہ میں ایک شخص گرفتار

اجمیر ۲۲ اپریل۔ اجمیر کی ایک اطلاع مظہر ہے کہ ایک شخص مسمی ہیم چند ر عرف رام شرن کو ڈسٹرکٹ سپرنٹنڈنٹ پولیس مسٹر ڈوگرا اور خفیہ پولیس کے سب انسپکٹر مسٹر خلیل الدین کو قتل کرنے کی کوشش کے الزام میں گرفتار کیا گیا۔

بیان کیا جاتا ہے کہ وہ اجمیر کا باشندہ ہے اور وہ مقامی آریہ یتیم خانہ میں رہتا تھا لیکن ۱۹۳۰ء سے وہ ایک چوری شدہ بندوق کے ہمراہ فرار تھا۔ اسے آگرہ میں گرفتار کیا گیا۔ کہا جاتا ہے کہ اس کے قبضہ سے کوئی قابل اعتراض شے برآمد نہیں ہوئی۔

### کراچی کے اخبارات کو مزید انتباہ

کراچی ۲۴ اپریل۔ سٹی مجسٹریٹ کراچی نے مقامی اخبارات اور پریس دیگر متعدد شہریوں پر نوٹس تعمیل کرائے ہیں جن کے ماتحت ان کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ ایک ماہ کے مزید عرصہ تک عبدالقیوم کی پھانسی یا اس کے واقعات پر کسی قسم کا تبصرہ نہ کریں کیونکہ فرقہ وارانہ تلخی ہنوز موجود ہے۔

### ایک برمی اسٹیشن پر ڈاکہ

رنگون ۲۴ اپریل۔ رنگون کی ایک اطلاع مظہر ہے کہ گیارہ مسلح ڈاکوؤں کے ایک گروہ نے کیدار ریلوے اسٹیشن کے قریب ڈاکہ ڈالا۔

کہا جاتا ہے کہ ڈاکوؤں نے جمعدار اور اسسٹنٹ اسٹیشن ماسٹر پر حملہ کر دیا اور سو روپے لیکر بھاگ گئے۔

### حضرت مولانا عبدالحلیم صاحب صدیقی

#### بہار کے کامیاب دورہ سے مع الخیر واپسی

حضرت علامہ مولانا عبدالحلیم صاحب صدیقی ۔۔ مارچ کو دربھنگہ کے سفر کے لئے لکھنؤ سے روانہ ہوئے تھے چنانچہ آپ نے بہار کا سفر کیا۔ دربھنگہ، مظفرپور، بہار شریف، پھلواری شریف وغیرہ کا کامیاب دورہ فرمایا اور طویل سفر سے فراغت پاکر ۱۹ اپریل کو مع الخیر لکھنؤ واپس تشریف لے آئے۔

### درہ دانیال کی قلعہ بندی ور ترکی اخبارات

#### معاہدہ کی پابندی نہیں کیجائے گی

لندن ۲۴ اپریل۔ اب جبکہ ترکی کے وزیر خارجہ نے ترکوں کی خواہشات کے مطابق یہ منظور کر لیا ہے کہ وہ جنیوا کانفرنس میں درہ دانیال کی حفاظت کے متعلق ضرور سوال اٹھائیں گے ترکی اخبارات غیر معمولی صاف گوئی سے کام لے رہے ہیں۔

معاصر ٹائمز کے نامہ نگار مقیم قسطنطنیہ کا بیان ہے کہ ترک معاہدہ درہ دانیال کی پابندیوں اور شرائط کو ناقابل عمل تصور کرتے ہیں نیز وہاں اس خیال کا بڑا مضحکہ اڑایا جا رہا ہے کہ ترکی اس معاہدہ کی پابندی کر کے اپنی زندگی کی قوت کو خطرہ میں ڈال دیگا۔ خیال کیا جاتا ہے کہ اب وہ وقت آپہونچا ہے کہ صورت حال کا صفائی سے اقرار کیا جائے۔

معاصر ٹائمز نے اپنے مقالہ افتتاحیہ میں لکھا ہے کہ بلغاریہ کی اضافہ اسلحہ کی پالیسی اس بات کے لئے معقول وجہ نہیں ہوسکتی کہ ترکی معاہدہ درہ دانیال پر دوبارہ غور کرنے کا مطالبہ کرے۔

موسیو شٹوفیات بمقام جنیوا کا یہ بیان کہ حکومت روس ترکی کی خواہشات کی راہ میں حائل نہ ہوگی۔ ...

بظاہر اس وقت کوئی ایسا معقول سبب نظر نہیں آتا جس کی وجہ سے تبدیلی کی ضرورت محسوس کی جائے یا یہ کہ جو خطرہ جرمنی کے اضافہ اسلحہ سے پیدا ہوگیا ہے وہ مغربی حکومتوں کو ایسی تبدیلی کے لئے مجبور کرے جس پر کسی نہ کسی دن اسے افسوس کرنا پڑے گا۔

### ترکی اور چینی مسلمانوں کی خانہ جنگی کا نتیجہ

#### چینی ترکستان پر روس کے قبضہ کا امکان

کاشغر ۲۳ اپریل۔ ایک اطلاع مظہر ہے کہ سوویٹ افواج ارمچی کے قریب جمع ہوگئی ہیں۔ تمام سنکیانگ (چینی ترکستان) میں سوویٹ ایجنٹوں کا زور نظر آرہا ہے۔ ریڈیو، اخبارات اور پمفلٹوں کے ذریعہ پروپیگنڈا کیا جارہا ہے اور عوام کو اس امر کی تلقین کی جارہی ہے کہ کمیونسٹ طرز حکومت ان کی مشکلات کا بہترین حل ہے۔ ختن کے علاوہ تمام صوبہ کی حالت غیر مستقل ہے اور نظام سلطنت درہم برہم نظر آتا ہے۔ ترکی و تنگانی (چینی مسلمان) قبائل میں خانہ جنگی نے صورت حال اور بھی زیادہ خطرناک بنادی ہے اس امر کا قوی اندیشہ ہے کہ مستقبل قریب میں سنکیانگ میں پھر انقلاب ہوگا۔ برٹش گورنمنٹ کا سفارتخانہ صورت حال کا مطالعہ نہایت غور سے کر رہا ہے اور حکومت برطانیہ کو تمام حالات سے آگاہ کر رہا ہے۔ سنکیانگ میں برطانوی مفاد کو روسی اثر و نفوذ سے زبردست صدمہ پہنچنے کا اندیشہ ہے جس کے سدباب کے لئے برطانوی حکومت ضروری تدابیر اختیار کر رہی ہے۔ گلگت کی سرحد مضبوط کئے جانے کی اطلاعات ہیں۔ کاشغر کے ہندوستانی تاجروں کو کچھ مطمئن کر دیا ہے۔ لیکن پھر بھی ان کا مفاد خطرہ سے خالی نہیں۔ باخبر حلقوں میں کہا جاتا ہے کہ سوویٹ گورنمنٹ تنگانیوں کی سے چینی حکومت کے رہتے ہیے اقتدار کا خاتمہ کر کے جلد از جلد سوویٹ حکومت قائم کرنے کا موقع تلاش کر رہی ہے اور اس سلسلہ میں روسی ایجنٹوں کو نمایاں کامیابی بھی ہوئی ہے۔

### چین، روس اور کشمیر کی سرحد پر برطانوی قبضہ

#### مہاراجہ کشمیر سے معاہدہ ہوگیا

سرینگر ۱۲ اپریل۔ ہمالیہ کی تہلٹی میں ایک شاداب علاقہ ہے جس پر ملک معظم کی جوبلی کے موقع پر برطانوی حکومت باقاعدہ قبضہ کرے گی اور وہاں برطانوی افواج داخل ہوجائیں گی۔ یہ علاقہ اسی جگہ پر واقع ہے جہاں کشمیر، چین اور روس کی سرحدیں ملتی ہیں۔ حد فاصل ہونے کی وجہ سے یہ اہم فوجی پوزیشن رکھتا ہے جس طرح گلگت کا علاقہ مہاراجہ کشمیر سے ایک معاہدہ کی رو سے برطانوی حکومت کے حوالے کر دیا ہے۔ اسی طرح اس علاقہ کے متعلق بھی وہ معاہدہ طے پاچکا ہے اور اس علاقہ کے چہلاس، ہنزہ اور نگر نامی ناقابل تسخیر قلعوں کے متعلق کئی روایات مشہور ہیں۔ سطح مرتفع پامیر کے اس علاقہ میں کسی قدر روسی عمل دخل ہے اور وہ علاقہ جنگجو اقوام سے آباد ہے۔ یہاں لوگ تعلیم سے عاری ہیں اور آبادی کا بیشتر حصہ مسلمانوں اور کچھ بودھوں پر مشتمل ہے چین کے چند افسر بھی اس سے پہلے یہاں متعین تھے اب ان کا بوریا بستر بھی اٹھ جائیگا چہلاس ہنزہ اور نگر کے قلعوں پر یونین جیک لہرایا جائے گا۔ متذکرہ علاقہ اٹلی کے رقبہ کے برابر ہے۔ اور اب وہاں کے شہنشاہ ملک معظم ہوں گے کیونکہ مہاراجہ ہری سنگھ سے اس امر کے متعلق معاہدہ ہوگیا ہے۔

### جلالۃ الملک سلطان ابن سعود کی طرف سے

#### ہندوستانیوں کی ہمدردی کا شکریہ

(مکہ مکرمہ سے الجمعیۃ کے نام خاص تار)

دہلی ۲۰ اپریل۔ آج صبح ۹ بجکر ۵۵ منٹ پر مکہ مکرمہ کا مندرجہ ذیل برقی تار حکومت حجاز کے وزیر مالیات کے دستخط سے موصول ہوا ہے۔

حرم شریف میں عید کے روز جو حادثہ پیش آیا تھا اس کے سلسلہ میں ہندوستان کے مسلمان بھائیوں نے اپنے جن صادقانہ جذبات اور مخلصانہ احساسات کا ثبوت تاروں، جلسوں اور تجاویز وغیرہ سے دیا ہے اس کے لئے ہز مجسٹی سلطان ابن سعود تمام ہندوستانی مسلمانوں کا قلبی شکریہ ادا کرتے ہیں اور ان کے نیک احساس کا اعتراف فرماتے ہیں (دزیر مالیات حکومت حجاز مکہ مکرمہ)

### ہوائی جہاز پاش پاش ہوگیا

نیروبی ۲۳ اپریل۔ مڈغاسکر سے فرانس تک پرواز کا نیا ریکارڈ قائم کرنے کی سعی میں مشہور فرنچ ہواباز کونٹ ڈیلفورچیر نے اپنی جان ضائع کر دی ہے۔ جس جہاز میں یہ شخص پرواز کر رہا تھا وہ کوہ کلیمان جارو کی ڈھلان پر گر کر پاش پاش ہوگیا۔

### جزائر مالدیپ میں تعلیم نسواں کا امتناع

کولمبو ۲۳ اپریل۔ جزائر مالدیپ کے موجودہ سلطان نے اپنے خاص احکام سے عورتوں کی تعلیم کو ممنوع قرار دیا ہے اور ساتھ ہی یہ بھی قرار دیا ہے کہ تعلیم نسواں موجودہ آئینی گورنمنٹ کے اصولوں اور مفاد عام کے خلاف ہے یاد رہے کہ سابقہ سلطان کا بھتیجا اب مالدیپ کے دو ہزار جزائر کا مالک و مختار ہے اور اسے ڈیڑھ ماہ ہوا تاج و تخت سونپا گیا تھا۔ معلوم ہوا ہے کہ تعلیم نسواں کے متعدد حامی گرفتار کرلئے گئے ہیں۔

### جنگ کیلئے حکومت ہند بھی تیاریاں کررہی ہے

الہ آباد ۲۳ اپریل۔ یورپ میں اس وقت جو جنگی تیاریاں ہورہی ہیں انہوں نے حکومت ہند کو بھی متنبہ کر دیا ہے۔ چنانچہ بیان کیا جاتا ہے کہ حکومت ہند کے محکمہ فوج نے فوجی ٹھیکہ داروں سے دریافت کیا ہے کہ وہ آئندہ جنگ کی صورت میں کیا کیا سامان فراہم کرسکیں گے یہ بھی بیان کیا جاتا ہے کہ حکومت اسلحہ و سامان رسد بھی کافی تعداد و مقدار میں جمع کر رہی ہے۔

### رانچی کے فرقہ وارانہ فساد کی تفصیلات

#### رام نومی اور محرم کا تصادم

(از نامہ نگار الجمعیۃ)

رانچی چھوٹا ناگپور ڈویژن کا صدر مقام ہے نصف سال گورنر بھی یہیں گذارتے ہیں اور ضلع جج اور ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ سب ڈویژنل آفیسر افسر انچارج پولیس بھی یہاں موجود ہیں تقریباً ۵۰ ہزار کی شہری آبادی ہے جس میں کم و بیش گیارہ ہزار مسلمان ہیں تمام مذہبی اور رسمی امور مشرکین و مسلمین انجام دیتے ہیں اور کبھی کسی کو کوئی تکلیف نہیں ہوتی یہاں کبھی فساد نہیں ہوا اور صوبہ بہار میں یہ شہر قومی جھگڑوں سے ہمیشہ مبرا رہا ہے۔

امسال رام نومی کا جلوس ساتویں محرم کو جمعہ کے روز ہندوؤں نے نکالا اور تقریباً ہزار کا ریوڑ شور و غل مچاتا ہوا صدر سڑک سے گذرا اس شب مسلمانوں کا محرمی جلوس نکلنے والا تھا۔ لیکن چونکہ مشرکین کے راستے جلوس نکالنے کے لئے ملے تھے ان کے خلاف دوسرے راستے سے جلوس گذرا اور حکام اور پولیس نے کوئی مزاحمت نہیں کی نیز مسجدوں کے سامنے سے گذرتے کا بھی حکم نہ تھا اور کفار رجبے کا بجرنگ بلی کی جے کا نعرہ لگاتے ہوئے دو مسجدوں کے دروازے سے گذرے جس سے بوقت خطبہ خلل واقع ہوا مسلمانوں نے بہت ضبط سے کام لیا پھر بھی شام کو جب کہ ہندوؤں کا جلوس واپس ہو رہا تھا کچھ تکرار ہوکر رہی جس کے باعث مسلمانوں نے رنجش سے ساتویں کا اکھاڑہ نہ نکالا۔

آٹھویں محرم کو مسلمانوں نے اکھاڑہ نکالا ہندو تاک میں تھے ہی جب بازار ۔۔۔ اکھاڑوں کے نکلنے میں جلوس پہنچا تو ہندوؤں کے ایک کوٹھے سے ڈھیلے اور پتھر برسنے شروع ہوئے مسلمان مشتعل ہوگئے اور مارپیٹ شروع ہوگئی ۱۰۰۸ آدمی طرفین کے زخمی ہوئے حکام اور پولیس نے روک تھام کی لیکن نہ کوئی گرفتاری عمل میں آئی اور نہ سنگ باری کرنے والوں کا سراغ لگایا گیا بلکہ پولیس نے مسلمانوں پر لاٹھیوں سے حملہ کر دیا اور کچھ لوگوں کو زخمی کیا۔ اس کے بعد ۱۴۴ کا نوٹس شائع ہوا اور دو روز کے اکھاڑے بند رہے ہندو تو خوب نقلیں بجاتے رہے اور مسلمانوں نے تازیوں کے نیل و نہار گذارے۔

سب سے زیادہ اس پر تاسف ہوتا ہے کہ ڈپٹی کمشنر مسلمان، ڈپٹی مجسٹریٹ مسلمان اور پولیس انسپکٹر مسلمان پولیس جمعدار مسلمان لیکن مسلمان ہی دبائے گئے اور اکھاڑے بند کئے گئے اپنی ہی بے عزتی کی گئی۔

دسویں محرم کو مسلمانوں کا ایک عام احتجاجی جلسہ خان بہادر حبیب الرحمن صاحب ایم۔ ایل۔ سی کے موٹر کے کارخانے میں منعقد ہوا اس جلسہ میں دو تین ہزار مسلمان شریک تھے بالاتفاق پولیس کے رویہ کے خلاف تجویز منظور کی گئی۔

### لاہور کے قریب ایک اور بم پھٹ گیا

#### ایک منظم سازش کی کارفرمائیاں

لاہور ۲۴ اپریل۔ شہر سے ۱۰ میل کے فاصلہ پر موضع پکھیوال میں ایک بم پھٹ گیا جس کی وجہ سے کریم بخش نامی ایک مسلم دیہاتی بری طرح زخمی ہوا کہا جاتا ہے کہ کریم بخش آدھی رات کو اپنے گھر سے باہر نکلا جونہی اس نے اپنا ایک پاؤں دروازہ کے باہر رکھا کوئی چیز ٹکرائی اور نہایت دھماکہ کے ساتھ پھٹ گئی دیہاتی مسلمان بری طرح زخمی ہوا۔ اسے میو ہسپتال میں داخل کر دیا گیا ہے لاہور کے قرب و جوار میں ہفتہ عشرہ کے اندر بم پھٹنے کے کئی واقعات ہوچکے ہیں جنہوں نے پولیس کو یہ شک پیدا کر دیا ہے کہ وہ کسی ایک منظم سازش کا نتیجہ ہیں۔ چنانچہ پولیس نے نہایت سرگرمی سے ان حادثات کی تحقیقات شروع کر دی ہے۔ بہت جلد انکشافات کی توقع ہے۔

### ناگپور میں زبردست طوفان باد

#### درخت جڑ سے اکھڑ گئے

ناگپور ۲۳ اپریل۔ کل ۸ بجے شام سے یہاں زبردست آندھی چل رہی ہے۔ اس کے ساتھ ہی بارش ہوئی اور اکثر بادل گرجے اور بجلی چمکی اس کی وجہ سے شہر کے کئی حصوں میں بہت دیر تک تاریکی کا عالم رہا۔

رات گزرنے تک ہوا کے تیز جھونکے چلتے رہے۔ جس کی وجہ سے بہت سے درخت جڑ سے اکھڑ گئے اور موسم میں خنکی پیدا ہوگئی ہے اور درجہ حرارت بھی بہت گر گیا۔

اس سلسلہ میں یہ امر قابل ذکر ہے کہ گذشتہ چار ہفتے سے یہاں سخت گرمی پڑ رہی تھی۔

آندھی کا چلنا تین بجے رات کو بند ہوا۔

### افغان قونصل کے دفتر کی شملہ کو تبدیلی

جنرل قونصل افغانستان اطلاع دیتے ہیں کہ ۳۰ اپریل سے قونصلخانہ افغانستان کا دفتر دہلی میں بند ہوجائے گا اور ۲۲ اپریل ماہ رواں کو روانہ ہوکر اول مئی شملہ میں کھل جائے گا۔

### ڈسٹرکٹ تبلیغی کانفرنس لدھیانہ

کا اجلاس ۲۸ و ۲۹ اپریل ۱۹۳۵ء بروز ہفتہ اتوار میدان سید روشنی میں زیر صدارت عالی جناب حضرت مولانا سید فیض الحسن صاحب بی۔ اے رئیس اعظم و سجادہ نشین آلو مہار شریف منعقد ہوگا۔ مسلمانوں کو فوج فوج شرکت کرکے مواعظ حسنہ سے مستفید ہونا چاہئے۔ جلوس ۲۸ اپریل کو نکلیگا۔ (سکریٹری)

### بارود کے کارخانہ میں ۴ اشخاص ہلاک

ریڈیو ۲۴ اپریل۔ اوگیلیاٹ میں بارود کی ایک فیکٹری میں اچانک ایک زبردست دھماکہ ہوا جس کی وجہ سے سات آدمی ہلاک ہوگئے۔ دھماکہ کی آواز چودہ میل تک سنی گئی۔ ایک خانہ میں بارود بنانے کے لئے چند کیمیاوی اشیاء رکھی گئیں جہاں میں آگ لگ گئی۔ متذکرہ حادثہ کے باعث ۴ اشخاص مجروح ہوگئے۔


بجلی کی عینک رجسٹرڈ

جرمن سائنس کی نئی ایجاد ہے نہ لیمپ کی ضرورت نہ ہی کسی لالٹین کی ضرورت۔ رات کو ضرورت کے وقت عینک لگالیں اور آنکھوں پر لگا کر جو کام کرنا چاہتے ہیں شروع کریں کسی قسم کا خطرہ نہیں ہے۔ عورت مرد سب استعمال کرسکتے ہیں پرچہ ترکیب ہمراہ ہوگا جھوٹ ثابت ہو تو قیمت واپس۔ قیمت مشہوری کیلئے صرف تین روپے۔ جلدی کریں ورنہ پچھتانا پڑے گا۔

ملنے کا پتہ: جرمن ناولٹی اسٹور کراچی شہر




# مجلس مرکزیہ اور مجلس عاملہ احرار اسلام ہند کا اجلاس

## حادثہ کراچی اور دیگر اہم معاملات پر تجاویز کی منظوری

## اسمبلی میں کانگرس پارٹی کے تعاون کا اظہار تحسین

### لاہور میں اکابر ملت کا اہم اجتماع

مجلس مرکزیہ احرار اسلام ہند اور مجلس عاملہ مجلس احرار اسلام کا اجلاس دفتر مجلس مرکزیہ احرار اسلام ہند لاہور میں زیر صدارت مولانا حبیب الرحمن صاحب لدھیانوی صدر مجلس احرار اسلام ہند بتاریخ ۹ و ۱۰ اپریل ۱۹۳۵ء منعقد ہوا ...

(۱) مجلس عاملہ احرار اسلام ہند کا یہ اجلاس اجودھیا میں قربانی کی بندش کے حکم اور عید قربان کے موقع پر دفعہ ۱۴۴ کے نفاذ کو مذہب میں صریحاً مداخلت قرار دیتے ہوئے حکومت کے اس فعل کی مذمت کرتا ہے ...

محرک: مولانا عبدالغفار صاحب غزنوی

موئید: میاں تاج الدین صاحب

مسلمانان ریاست جیند کے تمام جائز مطالبات کو منظور کر کے راعی اور رعایا میں صلح و آشتی اور امن و امان قائم کیا جائے۔

محرک: عبدالغنی صاحب قریشی

موئید: میاں تاج الدین صاحب

# فرانس اور روس کے درمیان معاہدہ

## جرمنی کیلئے قابل غور مسئلہ

جنیوا ۱۲ اپریل۔ معاہدہ وارسیلز کی خلاف ورزی کرنے پر جرمنی کے رویہ کی مذمت کرنے کے متعلق لیگ کی کونسل میں تین حکومتوں کا ریزولیوشن پاس ہونے کے فوراً بعد ایک اور نہایت اہم واقعہ پیش آیا ہے ...

### لندن میں مہاراجہ پٹیالہ کا محل

### ایک مسلمان پر ترمیم ضابطہ فوجداری کا وار

### تار کول نے دو اشخاص کو ہلاک کر دیا

### طبیہ کالج پٹیالہ کے امتحانات

### بنگال میں ڈیڑھ ہزار مکانات تباہ ہوگئے

### جرمنی میں پادریوں کی گرفتاری

### درگا دیوی پر سینکڑوں بکروں کی قربانی


خضاب چھوڑ دو

بال کالا اسٹورس پوسٹ بکس ... دربھنگہ

رسالہ

اٹھتی ہوئی جوانی بالکل مفت

وید حکیم پنجاؤ

سفید بال جڑ سے سیاہ

برلن سائنٹیفک اسٹور ... لاہور

اصلی مال خرید و

جوہر عشبہ چوب چینی

کیل اور چھائیاں

صاف خون

PARAMOUNT REGISTERED BLOOD MIXTURE

معجون مقوی مجددہ

قرص جریان

ہمدرد دواخانہ (وقف) دہلی

یَدُ اللہِ عَلَی الْجَمَاعَۃِ

تارکاپتہ:- الجمعیۃ دہلی
ٹیلیفون نمبر ۵۸۳

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

# الجمعیۃ دہلی

سہ روزہ

مدیر مسئول:- ہلال احمد زبیری (بی اے) معاون:- محمد عثمان فارقلیط

جلد ۲۱ — دہلی یوم چہارشنبہ ۲۶ محرم الحرام ۱۳۵۴ ہجری مطابق یکم مئی ۱۹۳۵ء — نمبر ۳۰


## معاصرین کے افکار و آراء

### سلور جوبلی اور مسجدیں

### موجودہ حکومت کے کام

### کب تک سمجھوتہ نہ ہوگا

### رہنماؤں کا سب سے پہلا کام

### سلور جوبلی کی تقریب اور حکومت کا فرض

(زمیندار)

(ملت)

## زنداں میں اب وہ شورِ سلاسل نہیں رہا

عرش بریں بھی اس کے مقابل نہیں رہا
تیرا ہی جلوہ گرمیٔ محفل نہیں رہا
درسِ جنونِ عشق کو کچھ ظرف چاہیئے
کل اس پہ بوئے بادۂ کوثر حرام ہے
اٹھے ہیں سرِ دشتِ جنوں کو جنابِ شیخ
بیداریٔ حیات کے نغمے سنائے کون
پھر موجِ زندگی میں نہیں شورشِ عمل
چشمِ کرم کی شوخیٔ طرزِ ستم نہ پوچھ
گم تھی فضائے عشق میں کل کائناتِ حسن
صدقے ترے کرم کے مصیبت ہے زندگی
اب غرقِ بحرِ غم کو ہے طوفان کی تلاش

جس دل کو تو نے دیکھ لیا دل نہیں رہا
کیا میرا حسن دید بھی شامل نہیں رہا
دیوانہ کیا بنے گا، جو عاقل نہیں رہا
جو آج مستِ خمکدۂ دل نہیں رہا
کیا کوئی خارِ راہ سرِ منزل نہیں رہا
زنداں میں اب وہ شورِ سلاسل نہیں رہا
پھر کوئی سنگِ راہ مقابل نہیں رہا
غم بھی بقدرِ حوصلۂ دل نہیں رہا
اٹھا غبارِ قیس تو محمل نہیں رہا
مرنا اب اہلِ ہوش کا مشکل نہیں رہا
دستِ طلب میں دامنِ ساحل نہیں رہا

جب سے جمالِ عشق ہے پیشِ نظر سہیلؔ
میں آب و رنگِ حسن کا قائل نہیں رہا

(اقبال احمد سہیل ایم اے)

### تعزیوں پر فساد

(اہلحدیث)


## پادری کی لڑکی کا قبولِ اسلام

اسپین کے ایک جلیل القدر پادری کی لڑکی نے جب اسلامی تعلیمات کا مقابلہ کیا اور مسلمانوں کے مذہب اور ان کے اعمال کو بغور دیکھا تو اس کے دل میں اسلام کی صداقت و حقانیت جاگزیں ہوگئی اور اس نے یہ فیصلہ کر لیا کہ حقیقتاً اسلام ہی وہ مذہب ہے جو دنیا اور آخرت میں نجات کا راستہ بتاتا ہے ... ملنے کا پتہ:- منیجر الجمعیۃ دہلی



Regd. No. L 1793.

# The Jamiat

Vol. XXI No. 29 DELHI, SUNDAY, 28th APRIL 1935. PRICE ONE ANNA



4612
Moulvi Mehdi Hassan Sb. Mufti
P.O. Rander
Dt. Surat



نورانی قرآن مجید

پادری کی لڑکی کا قبول اسلام


## مسلمانانِ جیند پر حکومت جیند کے مظالم

## تحفۂ سلور جوبلی
### فنڈ کہاں خرچ ہوگا؟

## دارالعلوم ندوۃ العلماء میں یوم الشہداء

کوئی بھی سلور جوبلی میں کسی قسم کی شرکت نہ کرے۔
کافی جے راجپوری
ناظم جمعیۃ الاصلاح ندوہ


اخبار الجمعیۃ میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجیے


## بھٹنڈہ میں مذہبی کانفرنس

## اخبار ایمان اور اسکا تاوان، رویپہ قوم کے خون سے ادا کیا گیا


## تقریرِ سیرت چھپ کر تیار ہوگئی

حضرت سحبان الہند مولانا الحاج حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند کی وہ بصیرت افروز شریعت آموز تقریر جو حضرت نے اٹاوہ کے جلسۂ سیرت میں ارشاد فرمائی تھی اور جس کو بعد میں مزید تفصیل و تشریح کے ساتھ مرتب و مدون کر کے الجمعیۃ میں جزواً جزواً شائع کیا گیا تھا اب ناظرین الجمعیۃ کے مسلسل و پیہم اصرار پر کتابی شکل میں ادارۂ الجمعیۃ کی جانب سے شائع کر دی گئی ہے اور اس کے ساتھ وہ آخری حصہ بھی شامل کر دیا گیا ہے جو الجمعیۃ میں درج نہ کیا جا سکا تھا۔ جن حضرات کی فرمائشیں دوران طباعت میں موصول ہو گئی تھیں انہیں تقریر سیرت کے نسخے روانہ کئے جا رہے ہیں۔

حضرت مولانا کی یہ تقریر اپنی بے شمار خصوصیات کے اعتبار سے ایک عجیب و نادر مجموعہ ہے جو نہ صرف موجودہ دور میں بلکہ آئندہ نسلوں کے لئے بھی یادگار رہے گا۔ شریعت مقدسہ کے نہایت ادق مسائل و دشوار نکات اس طرح پیش کئے گئے ہیں کہ ہر عالم و عامی ان کو سمجھ سکتا ہے اور ان سے افادہ کر سکتا ہے اس پر حضرت مولانا کی سلاست زبان اور روانیٔ بیان نے وہ کام کیا ہے کہ مضامین کی دقت اور مسائل کی دشواری کے باوجود شروع سے لیکر آخر تک دلچسپی برابر قائم رہتی ہے ہندوستان کے مختلف شہروں اور قصبوں میں ہزاروں لاکھوں مسلمان ایسے ہوں گے جو حضرت مولانا کے مواعظ حسنہ سے مستفید ہو چکے ہیں اور ایک مرتبہ نہیں صدہا مرتبہ حضرت مولانا کی تقریریں سننے کے باوجود ہمیشہ اس کے مشتاق رہتے ہیں کہ ایک مرتبہ پھر کہیں حضرت مولانا کی اکثر تقریر سننے کا اتفاق ہو ان تمام مسلمانوں کے لئے یہ مژدہ جانفزا ہے کہ یہ "تقریرِ سیرت" جو آج شائع کی جا رہی ہے حضرت مولانا کی اکثر تقریروں کا لب لباب ہے اور اس میں سیرت کے متعلق بہت سے وہ مضامین جو حضرت مولانا اپنی مختلف تقریروں میں ارشاد فرمایا کرتے ہیں۔

### مختصر فہرست مضامین

منیجر اخبار الجمعیۃ گلی قاسم جان دہلی



### بال عمر بھر نہ اگیں

سولہ پوری لاہور (پنجاب)

### آرائشِ جمال باتصویر

### بولو کیا چاہتے ہو؟

ہلال ایڈیشن ... شجاع آباد (پنجاب)

# کرنل نواب سر احمد سعید خاں صاحب کا خطبۂ صدارت

## اسلام روحانی اور جسمانی حقوق کا مکمل ضابطہ ہے
## پنجاب کے مسلمانوں کی اقتصادی زبوں حالی
### کفایت شعاری ہی سودی قرضوں کا علاج ہے

(گزشتہ سے پیوستہ)

اس سلسلہ میں، تنا اور عرض کر دینا غالباً بیجا نہ ہوگا کہ اسلامی احکام یک طرفہ نہیں بلکہ خواتین کے فرائض اور ذمہ داریوں سے متعلق بھی صاف اور صریح احکام موجود ہیں:-

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لو کنت آمر احداً ان یسجد لاحد لامرت المرأۃ ان تسجد لزوجہا۔

یعنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اگر میں کسی کے لئے کسی کو سجدہ کرنے کا حکم دیتا تو البتہ عورت کو حکم دیتا کہ وہ اپنے شوہر کو سجدہ کرے۔

ہماری خواتین اگر چاہیں تو نہایت خوبی کی اس پاکیزہ روشنی میں اپنے حال کا جائزہ لے کر اپنے طرز عمل کو دنیا کے سامنے محبت اور رواداری اور امن اور عافیت کا قابل رشک مرقع پیش کر سکتی ہیں۔

عزیزان ملت! میں نے اب تک جو کچھ عرض کیا وہ مسلمانوں کی صرف انفرادی حیثیت سے متعلق تھا، آگے اب جماعت سے متعلق افراد کے فرائض اور ذمہ داریوں کی نسبت اسلامی تعلیمات کا تجزیہ کر کے دیکھیں کہ وہ اخوت اور سلامتی کی راہ میں کس حد تک ہماری معین اور مددگار ثابت ہوتی ہیں ...

پھر باوجود اس کے میں آپ کے سامنے اس بحث پر کچھ عرض کرنے کی جرأت کرتا ہوں تو اس کی وجہ صرف یہ ہے کہ جہاں ہم تعلیم کی مزید ترقی اور توسیع کو ضروری خیال کرتا ہوں وہاں اس کے ساتھ ہی یہ بھی معلوم کرنا چاہتا ہوں کہ کیا اب وہ وقت نہیں آ گیا جب ہم اس امر پر غور کریں کہ آیا موجودہ طرز تعلیم ہمارے ملکی حالات، قومی ضروریات اور مذہبی روایات کے لحاظ سے ہمارے لئے مناسب ہے یا اس میں کسی ترمیم اور تبدیلی کی ضرورت ہے ...

... قرضہ کی تعداد ایک ارب چالیس کروڑ روپیہ ہے جس میں سے مسلمانوں کا قرضہ اسی کروڑ روپیہ ہے ظاہر ہے کہ یہ انتہائی خطرناک صورت ہے۔ زراعت پیشہ طبقہ اور صوبوں میں بھی بہت زیادہ مقروض ہے جیسا کہ ذیل کے نقشہ سے ظاہر ہوتا ہے۔

| نام صوبہ | زراعتی قرضہ ۱۹۲۹ء روپیہ (کروڑ) | تعداد کل آبادی | زراعتی پیداوار کی قیمت روپیہ کروڑ |
|---|---|---|---|
| بہار اور اڑیسہ | ۱۵۵ | ۳۷ ½ | ۱۲۰ |
| مدراس | ۱۵۰ | ۴۲ ½ | ۱۶۵ |
| پنجاب | ۱۳۵ | ۲۳ ½ | ۹۱ ½ |
| ۱۹۲۹ء ۱۹۳۰ء | | | |
| صوبہ متحدہ | ۱۲۴ | ۴۸ ½ | |
| بنگال | ۱۰۰ | ۵۰ | ۲۴۴ |
| بمبئی | ۸۱ | ۲۲ | ۱۵۲ |
| برما | ۳۵ | ۱۴ ½ | |
| ممالک متوسط و برار | ۳۶ ½ | ۱۵ ½ | ۷۹ |
| آسام | ۲۲ | ۹ | |
| صوبہ سرحد | ۱۱ | ۲ ½ | ۴ ½ |
| صوبہ ہائے اجمیر وغیرہ | ۴ ½ | ۱۰۲ | ۲ |
| میزان | ۸۷۴ | | |

Tariff and Exchange یعنی شرح ادل بدل اور شرح مبادلہ کے جھگڑے اور ہماری اقتصادی حالت پر ان کا اثر ... The Punjab Peasant in Prosperity & Debt ...

(باقی آئندہ)

عربی اور لاتینی ٹوک

# مشرق و مغرب کی تازہ خبریں

## غازی امان اللہ خاں حرم محترم میں
### ایک افواہ کی ذمہ دارانہ تردید

اعلیٰ حضرت غازی امان اللہ خاں سابق شاہ افغانستان فریضۂ حج کی ادائیگی کے لئے حجاز مقدس تشریف لے گئے تھے جہاں آپ نے اکابرین عالم سے مختلف مسائل پر تبادلۂ خیالات کیا اور سلطان ابن سعود سے خاص طور پر مشورے کئے۔ اس پر یہ خبر اڑائی گئی کہ غازی امان اللہ خاں تخت افغانستان کو دوبارہ حاصل کرنے کے لئے تگ و دو کر رہے ہیں اور ان کا یہ سفر حجاز بھی اسی مقصد کی تکمیل کے لئے ہے۔

یہ بھی افواہ پھیلائی گئی کہ غازی موصوف حجاز مقدس ہی میں مستقل قیام فرمائیں گے اور وقت ضرورت سیاسی تدابیر اختیار کریں گے۔ اس پر مصر کے ایک عالم نے ایک بیان شائع کیا ہے اور انہوں نے ان تمام افواہوں کی پرزور تردید فرمائی ہے۔ عالم موصوف کا بیان ہے کہ غازی امان اللہ خاں نے افغانستان کے سلسلہ میں سلطان ابن سعود سے کوئی گفتگو نہیں کی اور نہ ان کا ارادہ حجاز مقدس میں قیام کرنے کا ہے۔ یہ خبر بھی غالباً اسی لئے اڑائی جا رہی ہے کہ موجودہ افغان حکومت اور حکومت سعودیہ کے دوستانہ تعلقات میں کشیدگی پیدا کی جائے۔

## کمال پاشا کو طلائی ٹپ، ترکی کا تحفہ
### تحفہ کی رقم شفاخانوں کو دیدی

ترکی قلمو کے اطباء نے مصطفیٰ کمال پاشا کو ایک طلائی ٹپ (ظرف غسل) بطور تحفہ ان خدمات کے سلسلہ میں دیا ہے جو غازی موصوف نے اپنی صدارت کے دوران میں ترکی کے شفاخانوں، مریضوں اور فن طب کے متعلق انجام دیں۔ جس وقت یہ ٹپ غازی موصوف کی خدمت میں پیش کیا گیا تو آپ نے قبول فرما لیا مگر ساتھ ہی حکم دیا کہ اس ٹپ کو فروخت کر کے اس کی قیمت کسی شفاخانہ کو دیدی جائے کیونکہ دنیا کا موجودہ سیاسی اور اقتصادی بحران اس کی اجازت نہیں دیتا کہ ایک طلائی ٹپ کو کوئی شخص اپنے لئے استعمال کرے۔ حالانکہ ایک ٹین کا ٹپ بھی وہی کام دے سکتا ہے جو طلائی ٹپ دے سکتا ہے۔

## ترکی کابینہ پر اظہار اعتماد
### سیاسیات خارجہ کے متعلق ترکی کی پالیسی

ترکی پارلیمنٹ میں عصمت پاشا وزیر اعظم کی اس پالیسی کو سینیٹ نے منظور کیا ہے جو سیاسیات خارجہ کے متعلق حکومت نے اختیار کی ہے ...

## ایک ترک کا قابل قدر کارنامہ
### ترکی گورنمنٹ کو ایک لاکھ پونڈ کا عطیہ

ترکی گورنمنٹ نے درہ دانیال کی قلعہ بندی کے لئے آخری فیصلہ کر لیا ہے اور گزشتہ ہفتہ تمام ترکی میں اس کا اعلان کر دیا گیا ہے ...

## یونان کے انقلابی ترکی میں
### ترکی حکومت کیا کرے گی؟

استنبول کی اطلاع ہے کہ یونان کے جو انقلابی ترکی میں آ گئے ہیں اگر یونان نے ان کی واپسی کا مطالبہ کیا تو ترکی حکومت ان کو آسانی سے واپس نہیں کرے گی ...

## مراکش اور الجزائر میں اضطراب

مراکش اور الجزائر میں بدستور اضطراب پایا جاتا ہے۔ عوام میں فرانس کی اسلام پالیسی کے خلاف زبردست ہیجان ہے اور وہ حکومت کے خلاف برابر مظاہرے کر رہے ہیں ...

## ترکی پارلیمنٹ میں ایک خاتون کا نیا عہدہ

## یورپ میں شرح پیدائش و اموات
### ایشیا میں شرح پیدائش سالانہ تین کروڑ ہے
### ایشیا کے ہاتھوں یورپ کی بربادی کا خطرہ

فرنچ اکاڈمی میں فرانسیسی آبادی میں پیدائش و اموات کے تناسب پر بحث ہوئی اور اس امر پر غور کیا گیا کہ فرانس میں اموات کی تعداد میں اضافہ کا باعث کیا ہے۔ فرانس میں شرح پیدائش فی ہزار سالانہ ۱۸ ہے اور اموات کی تعداد فی ہزار ۱۶ ... مختلف ممالک کی شرح پیدائش و اموات کا نقشہ ذیل میں درج کیا جاتا ہے۔

| ملک | آبادی | پیدائش | اموات | اضافہ |
|---|---|---|---|---|
| فرانس | ۴۱۸۰۰۰۰۰ | ۶۸۲۶۸۰ | ۶۶۱۰۸۲ | ۲۱۵۹۸ |
| برطانیہ | ۴۰۳۵۰۰۰۰ | ۶۹۲۰۵۵ | ۵۷۹۵۶۷ | ۱۱۲۴۸۸ |
| اٹلی | ۴۲۲۵۰۰۰۰ | ۹۸۶۶۳۴ | ۵۶۷۰۵۸ | ۴۱۹۷۷۸ |
| جرمنی | ۶۵۳۰۰۰۰۰ | ۹۵۶۹۱۵ | ۷۳۰۸۰۲ | ۲۲۶۱۱۳ |
| اسپین | ۲۴۴۴۲۰۰۰ | ۶۵۷۸۱۸ | ۳۹۴۸۷۸ | ۲۷۳۱۴۰ |
| سوئزرلینڈ | ۴۱۲۵۰۰۰ | ۶۷۵۰۷ | ۴۷۱۷۹ | ۲۰۳۲۸ |
| بلجیم | ۸۲۴۸۰۰۰ | ۱۳۵۸۰۰ | ۱۰۸۰۰۰ | ۲۷۰۰۰ |

بروفیسر رچٹ نے کانفرنس میں بیان کیا کہ اس وقت یورپ کے لئے سخت خطرہ ہے کیونکہ ایشیا کی آبادی حیرت انگیز طریقہ پر ترقی کر رہی ہے ...

## سوتے ہوئے انسان کو اعلیٰ تعلیم دی جا سکتی ہے
### وائنا کے ایک پروفیسر کا نیا انکشاف

وائنا کے ایک پروفیسر ڈاکٹر نے تحقیقات کے بعد معلوم کیا ہے کہ انسان بستر پر سوتے ہوئے بھی مختلف زبانوں کو سیکھ سکتا ہے کیونکہ انسانی دماغ ان تمام الفاظ کو قبول کرنے کے لئے ہر وقت تیار رہتا ہے ...

## ترکی میں سینما پر شدید احتساب
### مخرب اخلاق سینماؤں کی ممانعت

جدید ترکی میں سینما پر سخت پابندیاں عائد کر دی گئی ہیں اور کسی سینما کا حکمۂ احتساب سے پاس ہو جانا سخت مشکل ہو گیا ہے۔ گزشتہ سال ۱۰۰ سینما منظوری کے لئے حکمۂ احتساب میں پیش کئے گئے جن میں سے ۲۲ سینماؤں کو لائسنس دینے سے انکار کر دیا گیا ...

## معاہدہ وارسیلیز کے مسودات کی فروخت
### نپولین کے خطوط بھی نیلام کر دئے گئے

معاہدہ وارسیلیز کے پانچ مسودوں میں سے ایک اصلی مسودہ پیرس میں ۵۵۰ پونڈ میں نیلام کیا گیا ہے۔ ان مسودوں کا تعلق سابق وزیر اعظم فرانس مسٹر ... کے کتب خانہ سے ہے۔

# مولانا شفیع داؤدی کے انتخاب کا مقدمہ شروع ہو گیا

## الزامات کی طولانی فہرست
### الحاج مسٹر یونس کی افتتاحی تقریر

مولانا شفیع داؤدی کے انتخاب کے متعلق جو مقدمہ دائر ہوا ہے وہ ۱۶ اپریل کو پٹنہ ہائیکورٹ میں ایک عدالت خصوصی (ٹریبونل) کے سامنے پیش ہوا ... گرچہ آج ہائیکورٹ کی تعطیل تھی پھر بھی عدالت کا کمرہ بالکل بھرا ہوا تھا ...

### حسابات داخل کرنے کے تین دن بعد

### پانچ سال تک کھڑے نہ ہو سکیں

### "دشمن اسلام" "دشمن اسلام"

### واقعات انتخاب

# بصائر و نظائر

بو حضرت "غوث پاک" کے مناقب بیان فرماتے ہیں ... اس شرط کے ساتھ درگزر کا وعدہ کیا کہ وہ ایک سال تک باغ کی نگرانی کریں ... حضرت نے منظور فرما لیا۔ آخر میں باغ کے مالک کی لڑکی سے آپ کی شادی ہو گئی ... پر اول سے آخر تک بصیرت حاصل نہ ہوگی اور امت اسلامیہ کے امراض کا قلع قمع نہ ہو گیا ہوگا؟

گزشتہ الجمعیۃ میں علماء کے اقسام میں سے ایک قسم ... "علماء" کی بہار شائع کی گئی ...

# سرمۂ نور

# بلاغ مبین

# حضرت شاہ ولی اللہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ
کی بے مثل قلمی تصنیف
الخیر الکثیر

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# الجمعیۃ دہلی

یوم چہارشنبہ ۲۶ محرم الحرام ۱۳۵۴ھ ہجری

# مجاہد ملت سید عطاء اللہ شاہ بخاری کا مقدمہ

## چھ ماہ قید سخت کی سزا

حضرت مولانا سید عطاء اللہ شاہ بخاری کے خلاف تقریباً چار ماہ سے جو مقدمہ گورداسپور میں چل رہا تھا اور جس کی مفصل کارروائیاں وقتاً فوقتاً الجمعیۃ میں شائع کی جاتی رہی ہیں۔ اس کا فیصلہ عدالت ابتدائی سے سنا دیا گیا اور دیوان سکھانند مجسٹریٹ درجہ اول نے شاہ صاحب کو چھ ماہ قید سخت کی سزا بجرم عداوت حکومت کی دی۔ خواہش ظاہر کی گئی جس کے علاوہ ایک عرصے سے بے چین تھی اور اپنی تمام توجہات صرف کر رہی تھی۔ ابھی معلوم ہوا ہے کہ اس وقت حضرت شاہ صاحب ضمانت پر رہا ہیں اور عنقریب مذکورہ بالا فیصلہ کا اپیل دائر کیا جائے گا۔

جو حضرات اس مقدمہ کی کارروائی کو بغور ملاحظہ فرماتے رہے ہیں اور جنہیں شہادتوں کی تفصیل اور وکلا کی بحث اور ان کے دلائل کا علم حاصل ہے وہ اس حقیقت سے اچھی طرح واقف ہوں گے کہ قادیانیوں کا اشتعال انگیزی ان کے خلیفہ کی فتنہ پروری اور مسلمانوں کے صبر و تحمل کی ایک طویل داستان موثق ذرائع سے بیان ہیں ...

فتنہ اور مسلم رائے عامہ کو مسلسل و پیہم ٹھکرا دینے کی حرکات پہلے سے ظاہر ہو رہی تھیں۔ مگر ان سب کی نوعیت ابھی تک ایک حد تک یہ تھی کہ ایک ایسے فرقہ کے ساتھ جو نہ صرف حکومت کا وفادار و تو شامدی ہے بلکہ اسے اولی الامر میں داخل کرتا ہے۔ اور ظل اللہ سمجھتا ہے۔ ہر قسم کی رعایت کی جائے اور دوسروں کے حقوق کاٹ کر اسے دے جائیں مگر خالص مذہبی تبلیغ کے سلسلہ میں حکومت کا یہ طرز عمل کہ اس نے علانیہ مرزائیت کی حمایت و سرپرستی کی اور اس کے خلاف تبلیغ کرنے والوں کی اپنی قوت سے دبا دینا چاہا بالکل ایک نیا قدم ہے جو پہلی مرتبہ اٹھایا گیا ہے اور جس کے نتائج نہایت خطرناک برآمد ہو سکتے ہیں۔

حضرت شاہ صاحب نے قادیانیت کے خلاف جو کچھ کہا ہے وہ تو ایک خالص مذہبی حیثیت رکھتا ہے۔ ...

(بقیہ صفحہ ۸ کالم ۴)

# شذرات

## سلور جوبلی

ملک معظم کی سلور جوبلی کا جشن جن حالات کے اندر منایا جا رہا ہے وہ یقیناً بہت زیادہ ناموافق ہیں۔ ہندوستان کے اندر حکومت کے گذشتہ طرز عمل سے سخت بے اطمینانی ہوئی ہے اور آئندہ دستور اساسی جو پارلیمنٹ کی منظوری کے بعد نافذ ہونے والا ہے اس کے متعلق بھی تقریباً متفقہ رائے یہ ہے کہ وہ غیر اطمینان بخش اور ناقابل قبول ہے ایسی صورت میں ملک کا سیاسی مطلع لازمی طور پر گرد آلود نظر آ رہا ہے دوسری جانب فوری شکایات کے طور پر اس طرف بہت چیزیں ایسی پیدا ہو گئی ہیں جو خصوصیت کے ساتھ مسلمانوں کی انتہائی تکلیف کا موجب ہوئی ہیں۔ سب سے زیادہ اہم اور سب سے زیادہ تکلیف دہ معاملہ کراچی کا ہے جہاں کے مظلوم شہدا کا خون ابھی تک حکومت کی توجہ کو اپنی طرف جذب کرنے میں کامیاب نہیں ہوا ہے اور جہاں کے ہولناک حادثہ کی تحقیقات کے لئے بھی ہنوز کوئی فیصلہ نہیں کیا گیا ہے۔ ایسی صورت میں یہ امر بالکل واضح ہے کہ تمام ہندوستان کے عام باشندے اور مسلمان خصوصاً سلور جوبلی کے جشن میں کوئی حصہ نہیں لے سکتے۔ اگرچہ یہ صحیح ہے کہ وہ لوگ جن کا براہ راست حکومت سے تعلق ہے اور جو حکومت کے احسانات اور انعام و اکرام ہی پر اپنی زندگی بسر کرتے ہیں اور جن کے قومی و ملی جذبات اپنے مخصوص اغراض کے سامنے دب جاتے ہیں ضرور سلور جوبلی کے جشن میں کچھ نہ کچھ حصہ لیں گے اور حکومت ان لوگوں کے ذریعہ روپیہ جمع کرنے میں بھی کافی کامیابی حاصل کرے گی۔ مگر جہاں تک ہندوستان کی حقیقی آبادی کا تعلق ہے ہم نہیں سمجھ سکتے کہ ان حالات میں کسی قسم کے جوش و خروش کا اظہار کیا جا سکے گا۔ ہمیں اچھی طرح معلوم ہے کہ مسلمانوں کے قلوب حادثہ کراچی کے بعد حکومت کے طرز عمل سے سخت مجروح ہیں اور اس وقت ان کا کسی خوشی کے جشن میں دلچسپی لینا قومی بے حمیتی و بے غیرتی کا ایک نمایاں مثال ہوگی۔ اور مشکل ہی سے کوئی خود دار مسلمان یہ برداشت کرسکتا کہ حکومت کا عام رویہ دیکھتے ہوئے ...

غفلت اور ناعاقبت اندیشی کے جرم ثابت ہوئے ہیں اور ان میں ہرگز یہ اہلیت نہیں تھی کہ وہ کسی ذمہ دار پوزیشن پر رکھے جا سکیں لیکن اس کے باوجود ان کو اور مسٹر ٹیوڈر دھن سنگھ مجسٹریٹ آجرا اور مسٹر سید نبیٹ سپاہی کپڑ پولیس اور جمعدار انچارج مسلح پولیس کو جوان ہی کی طرح نہ صرف بدترین قسم کی غفلت شعاری بلکہ خونریزی کے مرتکب ہوئے ہیں صرف یہ سزا دی گئی ہے کہ انہیں ان کے عہدوں سے برطرف کر دیا جائے۔ جو ہمارے نزدیک آجرا کے حادثہ کو دیکھتے ہوئے ایک ایسی سزا ہے جو کچھ بھی حقیقت نہیں رکھتی اور جسے ہرگز عبرتناک نہیں کہا جا سکتا۔ آجرا کے شہدا میں نہ صرف مرد بلکہ عورتیں اور بچے بھی شریک تھے اور جن لوگوں نے گولیاں چلانے کا حکم دیا تھا یا خود گولیاں چلائی تھیں انہوں نے انتہائی شقاوت قلبی اور بے رحمی کا ثبوت دیا تھا ایسے لوگوں کو یقیناً سخت سزائیں ملنا چاہئے تھیں تاکہ آئندہ کے لئے حکومت کے متوالے عہدہ داروں کو عبرت ہوتی اور وہ اپنی دہشت و بربریت کا مظاہرہ ہونے سے باز آ جاتے۔ مگر بہرحال موجودہ سزا کو دیکھتے ہوئے یہ بھی غنیمت ہے۔ کراچی میں تو اتنا بھی نہیں ہوا۔

## گاندھی جی اور "ہندی"

حال ہی میں اندور کی ہندی کانفرنس کے صدر کی حیثیت سے گاندھی جی نے جو تقریر کی ہے اور ہندی زبان کے متعلق جو اہم تصریحات فرمائی ہیں ہمیں افسوس ہے کہ ہم ان کے ساتھ اتفاق نہیں کر سکتے اور اس معاملہ میں گاندھی جی کے خیالات کو ان کی گذشتہ روش کے خلاف سمجھتے ہیں اگرچہ اس وقت ہمارے سامنے گاندھی جی کی پوری تقریر نہیں ہے اور نہ ہمیں ان قطعی الفاظ کا علم ہے جو گاندھی جی نے ارشاد فرمائے مگر جو کچھ ہم تک پہنچا ہے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ گاندھی جی کا طرز عمل کیا تھا کانفرنس کی قرارداد جسے گاندھی جی کے خیالات ...

## آجرا کی تحقیقات کا نتیجہ

# حوادث و احکام

استفتاء

الجواب

استفتاء

الجواب



# دار الحکومت

## سلور جوبلی کیلئے زبردستی چندہ لیا جا رہا ہے

### دہلی میں قومی جھنڈا لہرایا گیا

دہلی ۲۸ اپریل۔ آج صبح سکرٹری صوبہ کانگریس کمیٹی نے کمپنی باغ میں جھنڈا لہرانے کی رسم ادا کی آپ نے دوران تقریر میں فرمایا کہ اگرچہ سلور جوبلی کے لئے دھڑا دھڑ روپیہ جمع ہو رہا ہے لیکن دیہاتی اصلاح جیسے ضروری کام کے لئے چندہ فراہم کرنا مشکل ہو گیا ہے۔ آپ نے کانگریس ورکنگ کمیٹی کی تجویز پیش کرتے ہوئے کہا کہ اس سے کانگریس کا منشا یہ ہے کہ لوگ سلور جوبلی کی تقریب میں شریک نہ ہوں اور مخالفانہ مظاہرہ بھی نہ کریں۔ افسوس ہے کہ غریب دیہاتیوں سے زبردستی چندہ وصول کیا جا رہا ہے اور ان پر دباؤ ڈالا جا رہا ہے آپ سلور جوبلی کی تقریب اور میلوں میں ہرگز شریک نہ ہوں۔

## اہلیہ محترمہ حضرت ناظم جمعیۃ علماء کی صحت

دہلی ۲۹ اپریل۔ گذشتہ اشاعت میں اہلیہ محترمہ حضرت مولانا احمد سعید صاحب کی علالت کی خبر دی جا چکی ہے اس سلسلہ میں مزید اطلاع یہ ہے کہ خدا کے فضل و کرم سے محترمہ کو اب بہت کچھ افاقہ ہے اور صحت عود کرنے لگی ہے پہلے مرض کی نوعیت کی بنا پر جو خطرہ لاحق تھا وہ اب دور ہو گیا ہے۔ ابھی تک علاج باقاعدہ ہو رہا ہے توقع ہے کہ چند ہی روز میں محترمہ کلی صحت یاب ہو جائیں گی۔ ناظرین سے دعا کے لئے مزید استدعا کی جاتی ہے۔

## صوبہ دہلی میں ۶ مئی کو عام تعطیل

## سینگوں والے بچوں کی پیدائش

## کلکتہ کے قریب دو ہوائی جہازوں کی ٹکر

### ہوا باز کود گیا۔ چار اشخاص ہلاک

## ملتان میں فساد کا شدید خطرہ

### دوکانیں بند ہو گئیں۔ پولیس گشت

## زلزلہ سے متعدد افراد ہلاک

## پنڈت مالویہ اسمبلی کیلئے کھڑے ہونگے

## سکھ سلور جوبلی میں شرکت نہیں کرینگے

## ۲ ارب کا سونا ہندوستان سے باہر

# معاہدہ وارسیلز پر جرمنی کی ایک اور ضرب

## خفیہ طریقہ سے آبدوز کشتیوں کی تعمیر

### باہمی فوجی امداد کے مسئلہ پر فرانس اور روس کا معاہدہ

لندن ۲۸ اپریل۔ یہاں خبر پہونچی ہے کہ جرمنی نے متعدد چھوٹی تحت البحر کشتیوں کی تعمیر شروع کر دی ہے حالانکہ معاہدہ وارسیلز کی رو سے اس کو اس قسم کی کشتیوں کے رکھنے اور بنانے کی قطعی ممانعت تھی۔ جرمنی کے اس جدید اقدام کے معنی یہ ہیں کہ اس نے معاہدہ وارسیلز پر ایک اور ضرب رسید کی ہے معلوم ہوا ہے کہ تحت البحر کشتیوں کی تعداد ۱۲ ہے۔ حکومت برطانیہ اس سلسلہ میں اپنے سفیر مقیم برلن سے خط و کتابت کر رہی ہے اور اس معاملہ پر اس بحری کانفرنس میں غور کیا جائے گا جو مئی کے دوسرے ہفتہ میں منعقد ہوگی اور جس میں جرمنی بھی حصہ لیگا۔ اس وقت بحری طاقتوں کے پاس حسب ذیل آبدوز کشتیاں موجود ہیں۔ برطانیہ ۴۲۔ امریکہ ۵۰۔ فرانس ۱۲۹۔ اٹلی ۸۸۔ جاپان ۳۶۔

پیرس ۲۸ اپریل۔ روس اور فرانس میں باہمی فوجی امداد کا جو معاہدہ ہونے والا ہے۔ اس کے لئے عنقریب پیرس میں گفت و شنید شروع کر دی جائیگی۔ اس معاہدہ کا مقصد جنگ و جدال نہیں ہے بلکہ جنگ کے امکانات کو روکنا ہے۔ پہلے خبر آئی تھی کہ اگر جرمنی کے ہوائی جہازوں نے فرانس کے قلعوں پر پرواز کی تو ان کو نیچے گرا دیا جائے گا۔ اب ایک سرکاری بیان میں بتایا گیا ہے کہ امن کے زمانہ میں فرانس جرمنی جہازوں کے ساتھ اس قسم کا سلوک نہیں کریگا۔

## بمبئی میں قومی جھنڈا لہرانے کی رسم

### رضاکاروں کی بھرتی کیلئے اپیل

بمبئی ۲۸ اپریل۔ آج صبح قومی جھنڈا لہرانے کی ماہانہ رسم ادا کی گئی ڈاکٹر چندو لال دیسائی نے ایک تقریر کے دوران میں حاضرین سے درخواست کی کہ وہ کانگریس کے عہدوں کو مزید طاقتور بنائیں اور اتحاد پیدا کریں۔

آپ نے فرمایا کہ اگرچہ جیل پوری سوشلسٹوں کی تمام تدابیر دیر تک چلنے کے لئے وسیع پیمانہ پر کوششیں کی گئی ہیں۔ لیکن میں پھر بھی اعلان کئے دیتا ہوں کہ ملک یقینی طور پر سوشلسٹ بنتا جا رہا ہے۔

مسٹر الیس کے پاٹل جنرل سکرٹری بمبئی پراونشل کانگریس کمیٹی نے فرمایا کہ ...

## ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ اور دیگر افسران معطل

### مصیبت زدگان کو معاوضہ دینے کی سفارش

#### آجرہ فائرنگ کی تحقیقاتی کمیٹی کی رپورٹ

بمبئی ۲۸ اپریل۔ ناظرین کرام کو یاد ہوگا کہ آجرہ (کولہاپور) میں پولیس نے مسلمانوں پر گولی چلادی تھی جس سے ۱۲ مسلمان شہید اور بہت سے زخمی ہو گئے تھے اس حادثہ کی تحقیقات کے لئے ریاست کولہاپور نے ایک کمیٹی مقرر کی تھی جس نے کئی ماہ کی چھان بین کے بعد اپنی رپورٹ شائع کر دی ہے۔ رپورٹ میں جاگیر کے افسروں کی ناکافی مستعدی اور ادائے فرائض میں کوتاہی کی سخت مذمت کی گئی ہے اور مندرجہ ذیل افسران اپنے عہدوں اور ملازمتوں سے ...

## متعدد جاٹ ہلاک اور ایک سو گرفتار

### پولیس اور سکھ جاٹوں میں شدید تصادم

## مسلمانوں کو موجودہ حالات میں سلور جوبلی میں شرکت نہ کرنی چاہئے

### صدر مجلس احرار اسلام کا اہم بیان

## پٹنہ میں تلاشیوں کی بھرمار

### احرار کی لٹریچر پر پولیس کا قبضہ

## ہندی کی ترقی کے لئے فیاضانہ عطیے

## آغا حشر کشمیری کا انتقال!

## جنوبی ہند میں ہلاکت خیز آندھی

## ایک لڑکی اور بیل جل کر خاک ہو گئے

# غیر جرمنوں کو شہری حقوق سے محروم کر دیا گیا

## نئے قانون کی حمایت میں وزیر خارجہ کا بیان

برلن ۲۸ اپریل۔ جرمنی میں شہری حقوق کے متعلق ایک نیا قانون نافذ ہوا ہے جس کی وجہ سے یہودیوں اور دیگر غیر آریوں کو شہری حقوق سے محروم کر دیا گیا ہے ...

## "عیسائیت نسل انسانی کیلئے عظیم خطرہ ہے"

### جرمنی کی جدید تحریک۔ بہت سے پادری گرفتار

برلن ۲۸ اپریل۔ بہت سے پادری یہاں اس بنا پر گرفتار کر لئے گئے ہیں کہ انہوں نے غیر ملکی پریس سے رشتہ جوڑا تھا۔ یہ گرفتاریاں اس عظیم الشان جلسہ میں کی گئیں جو جرمنی عقیدہ کی نئی تحریک کے سلسلہ میں منعقد ...

## آبدوز کشتیوں کی تعمیر سے انکار

## فرانس کی جیل میں ہنگامہ

## برطانیہ کی سڑکوں پر حادثے

## جرمنی نمائندے لندن میں

## یہودیوں کو جھنڈا لہرانے کی ممانعت

## سلور جوبلی فنڈ میں چالیس لاکھ روپیہ

# جرمنی نے صلح کا دروازہ بند کر دیا ہے

## وزیر اعظم برطانیہ کا اہم بیان

لنڈن ۵ ہر اپریل۔ وزیر اعظم برطانیہ نے اپنی نیشنل لیبر پارٹی کے اخبار "نیوز لیٹر" میں ایک مضمون سپرد قلم کیا ہے۔ جس میں آپ لکھتے ہیں کہ جرمنی نے اسلحہ میں اس طرح پر اضافہ کرنا شروع کیا ہے کہ اس نے یورپ کے باہمی اعتماد کے جذبات کو تباہ برباد کر دیا ہے۔ جرمنی نے صلح کے راستہ کو بند کر دیا ہے اس میں خطرے پیدا کر دئے ہیں اگر تھوڑی دیر کے لئے دلیل کو بالائے طاق ہی رکھ دیا جائے تو بھی جرمنی ان اثرات کی جانب سے کس طرح آنکھیں بند کر سکتا ہے جو اس کی اسلحہ بندی سے دیگر اقوام کے تحفظ پر پڑیں گے جرمنی دیگر قوموں سے مطالبہ کرتا ہے کہ وہ اس کے پر امن ارادہ کے زبانی وعدہ کو منظور کر لیں۔ لیکن خود اپنے پڑوسیوں سے امن کا وعدہ منظور کرنے کو تیار نہیں ہے دیگر قومیں اس قسم کے وعدوں سے مطمئن نہیں ہوں گی اور وہ اپنے انکار کا کافی جواز پیش کر سکتی ہیں۔

آخر میں وزیر اعظم دریافت کرتے ہیں۔ کہ کیا حکومت جرمنی امن کے متعلق اپنے وعدوں کو فوراً ہی یہ اعلان کرکے کہ وہ آسٹریلیا کانفرنس کے ریزولیوشنوں کو منظور کرنے کو تیار ہے پورا کرے گی؟

## جرمنی پر وزیر اعظم کے بیان کا اثر

### مصالحت کی کوشش

برلن ۳ ہر اپریل۔ مسٹر میکڈانلڈ وزیر اعظم برطانیہ نے "نیوز لیٹر" میں جرمنی کے رویہ کے متعلق جو مضمون تحریر کیا ہے کہ جرمنی نے صلح کے راستے بند کر دئے ہیں اور اسلحہ بندی کرکے دیگر اقوام کے دلوں میں شکوک پیدا کر دئے ہیں۔ اس پر جرمن اخبارات نے ابھی تک کوئی تبصرہ نہیں کیا ہے جس سے ڈپلومیٹک حلقوں میں یہ یقین کیا جاتا ہے کہ "جرمنی اپنی پالیسی کے بارے میں غور و فکر کر رہا ہے" نیز یہ بھی خیال کیا جاتا ہے کہ اخبارات تبصرہ کرنے سے پہلے ہر ہٹلر کے احکام کا انتظار کر رہے ہیں۔ پیرس نیز سرکاری نمائندوں کے مذاکرات سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ جرمنی دوسری اقوام کی طرح گفت و شنید کا دروازہ بند کرنے کا خواہشمند نہیں ہے ہر ہٹلر کے بہت سے مشیر برطانیہ کے ساتھ دوستی کو بہت اہم خیال کرتے ہیں سر جان سائمن کے دورہ کے بعد جو واقعات پیش آئے جرمنی نے ان کا بڑے غور سے مشاہدہ کیا۔ روس میں مسٹر ایڈن کا پر تپاک خیر مقدم اسٹریسا کانفرنس میں متحدہ محاذ اور آخر میں اپنے سب سے گہرے دوست پولینڈ کو جنیوا میں اپنے (جرمنی) کے خلاف ووٹ دیتے دیکھا ان تمام باتوں کو مد نظر رکھتے ہوئے جرمنی نے پڑوسیوں پر اپنی پالیسی کے اثر پر غور کرنا شروع کر دیا ہے۔

## جدید ۲۴ جنگی جہازوں کی تعمیر

### امریکن امیر البحر کا بیان

واشنگٹن ۲۵ ہر اپریل۔ امریکی امیر البحر مسٹر اسٹینڈ لے نے ایک تقریر میں کہا کہ علم بحری کی رائے میں امریکہ کی بحری قوت اس قابل نہیں ہے کہ وہ دنیا کی کسی اور طاقت سے جارحانہ جنگ کر سکے البتہ وہ اس قابل ہے کہ ساحل امریکہ پر اگر حملہ کیا جائے تو اس کی مدافعت کر سکتی ہے لیکن اگر معاہدہ واشنگٹن کی رو سے امریکہ کی بحری قوت پوری ہو جائے تو وہ ہر وقت سے مقابلہ کر سکتی ہے۔

کمیٹی نے ۰۰۰‚۹۳۸‚۲ ڈالر نئے جہازوں کی تعمیر کے لئے طے کئے تھے لیکن چونکہ اب یہ رائے ہے کہ ہو رہے جنگی جہازوں کی تعمیر بحری کانفرنس کے انعقاد تک ملتوی کر دی جائے چنانچہ فی الحال صرف جہاز سازی کو کم کرکے ایک کروڑ پچاس لاکھ کر دیا گیا ہے امیر البحر موصوف نے تقریر ختم کرتے ہوئے کہا کہ اس طرز عمل سے یہ سمجھ لینا چاہئے کہ امریکہ کو یقین ہے کہ اسلحہ محدود کرنے کا اصول قائم رہے گا اور کانفرنس سے نئے اور بہتر نتائج برآمد ہوں گے۔

## ترکوں پر گولی چلا دی گئی

### دو ترک ہلاک تین مجروح

استنبول ۲ ہر اپریل۔ رومانیہ اور بلغاریہ کی سرحد پر گولی چلنے کی اطلاع موصول ہوئی ہے واقعات اس طرح بیان کئے جاتے ہیں۔ سرحدی پہرہ داروں اور دیہاتی ترکوں میں تصادم ہو گیا جس نے خطرناک صورت اختیار کر لی سرحدی پہرہ داروں نے دیہاتی ترکوں پر گولی چلا دی دو ترک شہید اور تین شدید مجروح ہوئے ہیں بلغاریہ کے مسلمانوں میں اس واقعہ سے سخت ہیجان پھیل گیا ہے۔ اور کئی ایک جگہ پر بغاوت بھی ہو گئی ہے۔ اس حادثہ کے متعلق حکومت رومانیہ نے ایک بیان شائع کیا ہے جس میں بیان کیا گیا ہے کہ دیہاتی ترکوں کی ایک مسلح جماعت نے سرحدی پہرہ داروں پر حملہ کر دیا جس سے تین پہرہ دار شدید مجروح ہوئے۔ ترکوں کی یلغار کو روکنے کے لئے پہرہ داروں نے گولی چلا دی جس سے دو ترک ہلاک ہو گئے۔

بلغاری سفیر موسیو ... نے غازی مصطفیٰ کمال پاشا صدر جمہوریہ ترکیہ سے ملاقات کی اور رومانیہ اور بلغاریہ کی سرحد پر گولی چلنے کے واقعہ کے متعلق اپنی حکومت کی پوزیشن صاف کرتے ہوئے بیان کیا کہ اس واقعہ سے بلغاری پہرہ داروں کا کوئی تعلق نہیں ہے۔

# کراچی کے ہولناک حادثہ پر مسلمانان دہلی کا اہتمام باشان جلسہ

## نہتے مجمع پر گولیاں چلانے اور تحقیقات سے حکومت کے گریز پر شدید احتجاج

### سید عطاء اللہ شاہ بخاری کو ان کی سزا یابی پر مبارکباد

دہلی ۲۷ ہر اپریل۔ کل بعد نماز جمعہ جامع مسجد دہلی میں جمعیۃ علماء ہند کی زیر سرکردگی مسلمانان دہلی کا ایک عظیم الشان جلسہ منعقد ہوا۔ جلسہ کی صدارت کے لئے حضرت مولانا حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند نے حضرت علامہ مفتی محمد کفایت اللہ صاحب صدر جمعیۃ علماء ہند کا نام نامی پیش فرمایا جس کی تائید مولانا عبد الماجد صاحب ناظم جمعیۃ علماء صوبہ دہلی نے فرمائی اور حضرت قبلہ مفتی صاحب اللہ اکبر کے فلک بوس نعروں کے درمیان صدر منتخب ہوئے جلسہ کی کارروائی کلام اللہ کی تلاوت سے شروع ہوئی اس کے بعد صدر محترم نے اپنی مفصل اور مبسوط تقریر میں مسلمانان کراچی کی ہولناک خونریزی اور فوج کی گولیوں سے سینکڑوں ارباب توحید کے مجروح اور ہلاک ہونے کی تفصیل بیان کی اور ان تمام واقعات پر روشنی ڈالی جو کراچی میں گولی چلنے تک پیش آئے دوران تقریر میں ہزار مسلمانوں کا اجتماع اللہ اکبر کے نعرے لگا رہا تھا اور حادثہ کراچی پر ہر طرف غم اور غصہ کی لہر دوڑ گئی تھی بالآخر صدر محترم نے ذیل کی تجویز پیش فرمائی جو بالاتفاق فلک شگاف نعروں کے درمیان منظور ہوئی۔

(۱) مسلمانان دہلی کا یہ عظیم الشان جلسہ کراچی کے خونین حادثے پر جس میں مسلمانوں کے ایک نہتے مجمع پر بے دریغ آتشباری کرکے چالیس پچاس قیمتی جانیں تلف کی گئیں ... حکام کی اس ... قابل مذمت ... مجروحین کے ... کی طرف سے ...

(۲) مسلمانان دہلی کا یہ عظیم الشان جلسہ حضرت مولانا سید عطاء اللہ شاہ بخاری کو ان کی سزا یابی اور مجاہدانہ سرگرمیوں اور سرفروشانہ مساعی پر مبارکباد دیتا ہے۔ اور دعا کرتا ہے کہ خدائے تعالیٰ ان کو ثبات و استقلال عطا فرمائے اور عدالت اپیل میں حق کو غالب کرے اور ان کو کامل طور پر بری کرے۔

جلسہ تجاویز اللہ اکبر کے نعروں کے درمیان منظور کی گئیں۔ اور جلسہ دعا پر ختم ہوا۔

## سندھ میں ژالہ باری کی تباہ کاری

### متعدد افراد ہلاک۔ مکانات منہدم

کراچی ۵ ہر اپریل۔ گذشتہ دنوں ژالہ باری سے جو نقصان ہوا ہے اس سلسلہ میں محکمہ زراعت کو جو تفصیلات موصول ہوئی ہیں ان سے معلوم ہوتا ہے کہ لاڑکانہ کے ضلع میں وہ فصلیں جو جنوری میں کہر اور سردی کے نقصانات سے بچ گئی تھیں اور اب اس تازہ آفت سے بالکل تباہ ہو گئی ہیں۔ خاص کر آم اور انگور کے پھل کو بہت نقصان پہنچا ہے سرکاری طور پر بیان کیا جاتا ہے کہ کھیتوں میں کام کرنے والے کسانوں کو اس ژالہ باری کے طوفان سے شدید ضربات پہونچیں اور ان میں سے کئی آدمی ہلاک ہو گئے ہیں یہ ژالہ باری بیس منٹ تک جاری رہی۔ چار مکانات منہدم ہو گئے اور دس بکیں زندہ درگور ہو گئے۔

مسٹر جے رام داس دولت رام کانگریس سکریٹری اور پروفیسر گھنشیام داس مصیبت زدہ علاقہ میں دورہ کر رہے ہیں اور مصیبت زدگان کو امداد بہم پہنچا رہے ہیں۔

## ہندو یونیورسٹی میں ہندی کے ذریعہ تعلیم

### غیر ملکی زبان سے نفرت

الہ آباد ۵ ہر اپریل۔ پنڈت مالویہ نے اخبارات کے نام ایک بیان شائع کیا ہے جس میں وہ اس بات پر اظہار افسوس کرتے ہیں کہ دنیا میں صرف ہندوستان ہی ایک ایسا بدقسمت ملک ہے جہاں اعلیٰ تعلیم غیر ملکی زبان میں دی جاتی ہے اس کی وجہ یہ ہے کہ برطانوی راج ہونے کی وجہ سے انگریزی زبان عدالتوں، دفتروں اور کونسلوں میں بولی جاتی ہے۔ اسی کا نتیجہ ہے کہ لوگوں میں علم و فضل کا چرچہ ناکافی رہا اور قومی لٹریچر کے فروغ کو زوال پہونچا۔ ہندو یونیورسٹی ایک مثال قائم کرنے کی کوشاں ہے۔ گھنشام داس برلا نے ہندی کے کورس کے لئے موزوں کتابیں تیار کرنے کی غرض سے پچاس ہزار روپیہ عطیہ دیا ہے یہ کتابیں ایف اے کی تعلیم ہندی زبان میں دی جائے گی۔ مالوی جی نے امداد کے لئے اپیل کی ہے۔

## ملتان میں فساد کا خطرہ

### ایک ہندو قتل کر دیا گیا؟

لاہور ۵ ہر اپریل۔ ملتان سے ایک خبر موصول ہوئی ہے کہ وہاں مسلمانوں کے ایک گروہ نے بیر بھان نامی ایک دودھ بیچنے والے کو کل شام کو قتل کر دیا کہا جاتا ہے کہ کچھ دنوں پہلے اس ہندو دودھ والے سے اور کچھ مسلمانوں سے جھگڑا ہو گیا تھا جس میں بہت سخت کلامی ہوئی۔ آج شام کو بہت سے مسلمان یکایک اس دودھ والے کی دوکان پر پہنچے اور کہا جاتا ہے کہ انہوں نے اس کو قتل کر دیا ڈپٹی کمشنر مع چند افسروں اور پولیس کے موقعہ پر پہنچ گئے اور دو مسلمانوں کو گرفتار کر لیا۔ شہر میں بڑی سنسنی پھیل گئی اور تمام ہندو دکانیں بند ہو گئیں۔ پولیس کا پہرہ ہے۔ مسلح پولیس اور ایک مجسٹریٹ پہونچ گیا ہے اس جگہ کے قریب ایک بڑا مجمع لگا ہوا ہے کہا جاتا ہے کہ جو ہم گیٹ میں دو مسلمان جو اپنی دوکانوں پر بیٹھے ہوئے تھے زخمی ہوئے کیونکہ ان کی دوکانیں پر برچھیاں پھینکی گئیں۔ شہر میں سب طرف بد امنی پھیلی ہوئی تھی۔

## دو سکھ ہلاک ایک مجروح

امرتسر ۵ ہر اپریل۔ سکھوں کی دو پارٹیوں میں لڑائی ہو گئی جس میں بھالے اور دیگر ہتھیار آزادانہ طور پر استعمال کئے گئے لڑائی میں دو سکھ ہلاک ہو گئے اور ایک شدید مجروح ہوا۔ بیان کیا جاتا ہے کہ مویشیوں کے چرانے پر لڑائی ہوئی۔

## چلتی ٹرین میں عورت کو لوٹ لیا

بریلی ۵ ہر اپریل۔ اطلاع ملی ہے کہ چندوسی اور ... کے درمیان چلتی ٹرین میں ڈاکہ ڈالا گیا اور ایک عورت لوٹ لی گئی۔ بیان کیا جاتا ہے کہ جب ٹرین روانہ ہوئی ایک نوجوان ڈبہ میں داخل ہوا جس میں عورت بیٹھی ہوئی تھی اور اس کا ٹرنک اور بستر نیچے پھینک کر فرار ہو گیا۔ پولیس تحقیقات کر رہی ہے۔

## زلزلہ کہاں کہاں آیا؟

کلکتہ ۵ ہر اپریل۔ اطلاعات موصول ہوئی ہیں کہ منگل کی رات کو زلزلے کے جھٹکے مندرجہ ذیل مقامات پر بھی محسوس کئے گئے۔

سراج گنج، ڈھاکہ، میگراٹ، بہرامپور، کومیلا، اتنگیل، میمن سنگھ، مانک گنج، بانی دہرہ، بیتور، جالپور، جلپائی گوری، دیبری، آسام ... (بہار اور دیگر مقامات ...)

یہ بھی اطلاع ملی ہے کہ زلزلہ کے بعد میمن سنگھ میں آسمان پر کوئی چیز دکھائی دی جو بجلی کی طرح چمکتی تھی اور جس سے تمام ... جنوب تک نصف آسمان ڈھکا ہوا تھا جس کی شکل ... کے چاند سے ملتی تھی یہ آہستہ آہستہ مغرب سے مشرق کو حرکت کر رہا تھا اور دس منٹ کے بعد غائب ہو گیا۔

## ایک روز میں دو قتل

لکھنؤ ۵ ہر اپریل۔ سرخ گڑھ سے آمدہ ایک پیغام مظہر ہے کہ ۳ ہر اپریل کو پولیس کا ایک ہیڈ کانسٹیبل جو ڈیوٹی پر نہیں تھا قتل کر دیا گیا تھا۔ اس سلسلہ میں معلوم ہوا ہے کہ ایک اور شخص کو بھی اسی روز قتل کیا گیا تھا۔ ابھی تک اس سلسلہ میں کوئی گرفتاری عمل میں نہیں آئی۔ اسی رات ایک امیر نوجوان بھی قتل کر دیا گیا۔ اور اس کی نعش کرنل گنج کے ایک تالاب میں سے برآمد ہوئی۔

## آل انڈیا کانگریس کمیٹی کا اجلاس

### جنگ میں ہندوستان کی شمولیت سے انکار

جبلپور ۲۶ ہر اپریل۔ کل سہ پہر کو آل انڈیا کانگریس کمیٹی کا اجلاس کانگریس پنڈال میں پھر شروع ہوا بابو راجندر پرشاد صدر تھے۔

پہلا ریزولیوشن صدر کی جانب سے پیش ہوا جو بلوہ فیروز آباد کے متعلق تھا۔ ریزولیوشن کی عبارت حسب ذیل ہے۔

ہجوم نے فیروز آباد میں جو وحشت ناک کارروائی کی ہے اور ڈاکٹر جیا رام کی تمام فیملی کو جس میں بچے اور بعض شامل تھے زندہ جلانے کا جو ظلم آمیز فعل کیا ہے یہ کمیٹی اس پر اظہار افسوس کرتی ہے یہ کمیٹی امید کرتی ہے کہ تمام فرقوں کے رہنما اس بات کو محسوس کریں گے کہ مذہبی جنون مشتعل ہونے پر کتنا غضب ڈھاتا ہے اور وہ ایسی کوئی بات کہنے یا ایسا کوئی کام کرنے سے احتراز کریں گے جس سے اس قسم کے جنون کو تقویت پہنچے یہ کمیٹی تمام لوگوں سے اپیل کرتی ہے کہ ایسی موثر تدابیر اختیار کریں جن سے تمام فرقے خاص کر ہندو اور مسلمان اس بات کو محسوس کریں کہ آپس میں مل کر رہیں اور ایک دوسرے کا احترام کریں۔

ایسا معلوم ہوتا ہے کہ آج سوشلسٹوں کے لئے شکست کا دن تھا۔ کیونکہ انہوں نے اجلاس میں جو بھی ریزولیوشن پیش کیا وہ نامنظور ہو گیا۔

### جنگ اور کانگریس

مسٹر سمپورنانند نے مندرجہ ذیل ریزولیوشن پیش کیا۔

بین الاقوامی صورت حالات کو مد نظر رکھتے ہوئے نیز جنگ کے اچانک چھڑ جانے کے خطرہ کے پیش نظر جس میں سلطنت برطانیہ بھی حصہ لے یہ ضروری ہے کہ کانگریس اس امر کا اعلان کر دے کہ ہندوستان جنگ میں شامل ہونے کے خلاف ہے جس میں حکومت برطانیہ شامل ہو گی اور ابھی سے تمام ہندوستانی قوم کو اس بات کے لئے تیار کرنا شروع کر دے کہ وہ اس قسم کی جنگ چھڑ جانے پر ہندوستانی روپے اور آدمیوں اور دیگر ذرائع کو اس میں استعمال کرنے کی مزاحمت کریں اور اس قسم کی صورت حالات کو "سوراج" حاصل کرنے کے لئے استعمال کریں یہ تجویز دو ووٹوں کی کثرت سے مسترد ہو گئی۔

## پٹھانوں میں جنگ

### طرفین سے گولیوں کی بارش

احمد آباد ۵ ہر اپریل۔ سو مقام ... کے نزدیک چند مسلمانوں اور پٹھانوں کے درمیان ایک خونناک جنگ ہوئی جس میں دھاریاں، لاٹھیاں، بندوقیں اور چاقو آزادانہ استعمال کئے گئے۔

دونوں پارٹیاں تو تو میں میں کے بعد ہاتھا پائی پر اتر آئیں لیکن جلدی لڑائی شدید صورت اختیار کر گئی اور ایک دوسری طرف سے گولیاں چلنے لگیں جس سے اٹھ پٹھان شدید مجروح ہوئے پولیس کو اطلاع دی گئی لیکن وہ دیر سے پہنچی۔ مجروحین کو ہسپتال پہنچا دیا گیا۔

## کانگریسی اداروں پر پابندی کی مذمت

### صدر کانگریس کا بیان

جبلپور ۲۶ ہر اپریل۔ روانگی سے قبل بابو راجندر پرشاد نے آل انڈیا کانگریس کمیٹی کے اجلاس کے متعلق نمائندہ "یونائیٹڈ پریس" کو مندرجہ ذیل بیان دیا آل انڈیا کانگریس کمیٹی نے ملک کی صورت حالات کو مد نظر رکھا اور کانگریس کی قوت اور نظام کو مضبوط کرنے اور تعمیری پروگرام پر عمل کرنے کا فیصلہ کیا اس واقعہ کے باوجود کہ تحریک سول نافرمانی گذشتہ سال واپس لے لی گئی۔ لیکن سرحد میں کانگریسی انجمنوں اور مدناپور میں ان کی ملحقہ انجمنوں پر پابندی جاری ہے۔ ہندوستانی سیوا دل اور خدائی خدمتگاروں کی ایسوسی ایشن جو کانگریس کی ملحقہ جماعتیں ہیں ابھی تک خلاف قانون ہیں۔ کانگریس آجکل محض پروٹسٹ کے ریزولیوشن ہی پاس نہیں کرتی بلکہ آل انڈیا کانگریس کمیٹی نے اہل ملک سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ کانگریس کی قوت کو مضبوط کریں جس سے اس قسم کی باتوں کا انسداد ہو سکے۔

### بنگال کی صورت حالات

بنگال کی صورت حالات کا ذکر کرتے ہوئے آپ نے فرمایا کہ بنگال جابرانہ پالیسی کا شکار ہو رہا ہے ہزارہا نوجوان بغیر سماعت مقدمہ نظر بند ہیں بہت سے نظر بندوں کے رشتہ دار اور گھر والوں کے گذر اوقات کا کوئی ذریعہ ہی نہیں ہے کمیٹی نے اس قسم کے مصیبت زدگان سے اظہار ہمدردی کیا ہے اور ان کے خلاف مقدمہ کی سماعت کا مطالبہ کیا ہے نظر بندوں کے گھر والوں کے لئے فنڈ جمع کرنے کی بھی اپیل کی ہے۔ میں فنڈ کے لئے اپیل شائع کرنے والا ہوں اور امید ہے کہ ملک اس کا حوصلہ افزا جواب دے گا۔

پارلیمنٹری بورڈ کے متعلق بابو راجندر پرشاد نے فرمایا کہ کانگریس پارلیمنٹری بورڈ ایک مضبوط جماعت ہے جس میں مختلف صوبوں کے نمائندے نیز ممتاز اصحاب شامل ہیں۔ آل انڈیا کانگریس کارکنوں کی کوششوں سے ہو گا کہ وہ ممبران کی تعداد بڑھائیں اور نئے آئین پر عمل کریں۔ ہمیں ٹھوس بنیاد ڈالنے کی کوشش کرنی چاہئے اور مجھے امید ہے کہ تمام کانگریسی اس بات کو محسوس کریں گے کہ ٹھوس بنیاد کے بغیر کانگریس مضبوط نہیں ہو سکتی۔

## کپور تھلہ میں جتھوں کی روانگی

### چوبیس افراد گرفتار

کپور تھلہ ۵ ہر اپریل۔ ... پر مشتمل ایک کسان جتھہ ... موضع ... تحصیل ... سے روانہ ہوا اور ... کی گرفتاری ... کیا گیا ... (باقی ناقابل خواندگی)

# مولانا سید عطاء اللہ شاہ بخاری کے مقدمہ کا فیصلہ

## چھ ماہ قید بامشقت کی سزا اور بی کلاس کی سفارش

### شاہ صاحب ضمانت پر رہا کر دئے گئے

گورداسپور ۵ ہر اپریل۔ سردیوان سکھ آنند سپیشل مجسٹریٹ نے آج امیر شریعت حضرت مولانا سید عطاء اللہ شاہ بخاری کے مقدمہ کا فیصلہ سنا دیا۔ مجسٹریٹ نے آپ کو چھ ماہ قید کی سزا دی اور بی کلاس کی سفارش کی۔ ڈپٹی کمشنر صاحب نے حسب ہدایت سیشن جج گورداسپور۔ آپ کی درخواست ضمانت کو پیش کئے جانے کا حکم دیا جس کی سماعت کے بعد آپ کو چھ ہزار روپیہ کی ضمانت اور مچلکہ پر تا سماعت اپیل رہا کر دیا گیا۔

فیصلہ سننے کے لئے مسلمان انبوہ در انبوہ کچہری کے گرد جمع تھے۔ پولیس کا انتظام ...

انگریزی کا مجرم دو سال قید بامشقت اور دو ہزار روپیہ جرمانہ کی سزا کا مستوجب ہو سکتا ہے۔ لیکن تبلیغ کانفرنس کی اہمیت اور دیگر امور کے پیش نظر میں آپ کو صرف چھ ماہ قید بامشقت کی سزا دیتا ہوں۔ جرمانہ وغیرہ کچھ نہیں آپ کو بی کلاس میں رکھا جائے گا۔ میں اعتراف کرتا ہوں کہ مقدمہ کی سماعت کے دوران میں آپ کا رویہ شریفانہ رہا ہے۔

### ضمانت پر رہائی

فیصلہ سننے کے بعد بہت سے حضرات نے عدالت کے اندر شاہ صاحب سے مصافحہ کیا۔ اور انہیں ہار پہنائے۔

فیصلہ سننے کے فوراً بعد شیخ شریف حسین صاحب مولانا مظہر علی صاحب اظہر شیخ سراج الدین صاحب اور لالہ لشوری لال صاحب وکلاء نے درخواست ضمانت ڈپٹی کمشنر صاحب کی عدالت میں پیش کی۔ کیونکہ مسٹر کھوسلہ سیشن جج ... (باقی ناقابل خواندگی)

## امارت شرعیہ بہار کا تبلیغی و تنظیمی نظام

### حضرت شیخ الہند ثانی کا ارشاد گرامی

(ناقابل خواندگی)

## شہدائے کراچی کی یاد

### مسلمانان نوساری کا جلسہ عام

نوساری ۱۷ ہر اپریل ۱۹۳۵ء کو ایک مسلمانان نوساری کا جلسہ عام زیر صدارت جناب مولوی موسیٰ ابراہیم بایات صاحب منعقد ہوا جس میں بالاتفاق آراء مندرجہ ذیل تجویز پاس ہوئیں۔

(۱) مسلمانان نوساری کا یہ جلسہ عام اس واقعہ ... کراچی ۱۹۳۵ء کو نہتے مسلمانوں کے مجمع پر گولیاں برسائی گئیں ... غم و غصہ کا اظہار کرتا ہے۔ ... متعلق اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا کرے۔

(۲) یہ مسلمانان نوساری کا یہ جلسہ عام ... کی جائے نیز شہدائے کے پسماندگان کو اور مجروحین کو مناسب معاوضہ دیا جائے اس وقت تک ہندوستان کے مسلمانوں کو چاہئے کہ وہ سلور جوبلی کا بائیکاٹ کریں۔ اور یہ ثابت کریں کہ سارے مسلمان آپس میں بھائی بھائی ہیں۔

(حکیم محمد اسمعیل ابن حافظ موسیٰ سکرٹری انجمن اسلام نوساری)

## البانیہ نے ایک صوبہ کو آزادی دیدی

میڈرڈ ۵ ہر اپریل۔ ہسپانیہ کی جمہوری حکومت نے اپنی چوتھی سالگرہ کی یادگار میں صوبہ کیٹلونیا کو کامل آزادی دینے کا اعلان کیا ہے۔ اس صوبہ میں اکتوبر ۱۹۳۴ء میں غدر مچا تھا اور بغاوت کی گئی تھی جس کی یاد اش میں مرکزی حکومت نے تمام مراعات واپس لے لی تھیں۔ اب سالگرہ کے موقع پر صوبہ کیٹلونیا کو کامل آزاد قرار دیا گیا ہے صرف مسلح فوج و پولیس پر مرکزی حکومت کی نگرانی باقی رہے گی۔

## حاجیوں کا جہاز اسلامی جدہ سے روانہ ہو گیا

کراچی۔ حاجیوں کا جہاز اسلامی جدہ سے ۲۰ ہر اپریل کو کراچی اور بمبئی کے لئے روانہ ہو گیا۔ توقع ہے کہ یہ جہاز یکم یا دوم مئی کو کراچی پہونچ جائے گا۔

## مصر میں برطانوی ہائی کمشنر کا اقتدار

قاہرہ ۳ ہر اپریل۔ ابراشی پاشا مدار المہام قصر شاہ فواد نے استعفیٰ دیدیا ہے۔ بیان کیا جاتا ہے کہ برطانوی ہائی کمشنر اور نسیم پاشا وزیر اعظم مصر نے ابراشی پاشا کو مستعفی ہونے پر مجبور کیا جن سیاسی حلقوں پر برطانوی اثر پایا جاتا ہے۔ ان کا بیان ہے کہ ابراشی پاشا کو بادشاہ کی مرضی میں بہت زیادہ دخل حاصل ہو گیا تھا جس کی وجہ سے برطانوی مفاد کو خطرہ لاحق ہو گیا ہے۔


**جنگلو رسٹی** مورخہ ۲۸ ہر مارچ ۱۹۳۵ء

(اشتہار — متن ناقابل خواندگی)

**مفت! مفت! مفت!**

**بول کیا چاہتا ہے؟**

بے اندازہ دولت سے مالا مال ہونا۔ دنیا کی سیر کرنا۔ محبوب کو بس میں کرنا۔ ملازمت یا روزگار حاصل کرنا۔ مردوں کی روحوں سے ملاقات کرنا۔ بیشن کو زیر کرنا۔ افسر کو مہربان کرنا۔ ہمزاد تسخیر کرنا علم تو یا مسمریزم سیکھنا چاہتا ہے تو آج ہی ایک خط لکھ کر ہماری عجیب و غریب کتاب "دولت کی کنجی" مفت طلب کریں۔

**دھوکہ سے بچو — اصلی مال خریدو**

**جوہر عشبہ چوب چینی رجسٹرڈ**

**رسالہ — اٹھتی ہوئی جوانی بالکل مفت**

پتہ: سید شاستری جام نگر کاٹھیاواڑ

**خضاب چھوڑ دو**

پتہ: بال کالا اسٹورس پوسٹ ... دربھنگہ

**بچوں والو ہوشیار**

**بال جیون گھٹی**

**شربت روح افزا** (رجسٹرڈ)

موسم گرما میں نہ صرف تمام ہندوستان میں اپنے خواص کی وجہ سے مشہور و مقبول ہو چکا ہے۔

دوا خانہ ہمدرد یونانی دہلی

**معجون مقوی معدہ**

دوا خانہ ہمدرد یونانی دہلی

حسب ضابطہ گورنمنٹ آف انڈیا سے رجسٹر شدہ ... دہلی

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

ید اللہ علی الجماعۃ

تار کا پتہ "الجمعیۃ دہلی" ٹیلیفون نمبر ۵۴۲۸

# سہ روزہ الجمعیۃ دہلی

مدیر مسئول۔ ہلال احمد زبیری (بی اے) معاون۔ محمد عثمان فارقلیط

جلد ۲۱ | دہلی یوم یکشنبہ یکم صفر المظفر ۱۳۵۴ہجری مطابق ۵ مئی ۱۹۳۵ء | نمبر ۳۱


## مر کر بھی شہیدانِ محبت ہوئے غازی

آسان حقیقی ہے نہ کچھ سہل مجازی
کچھ لطف و نظر لازم و ملزوم نہیں ہیں
دل خوب سمجھتا ہے ترے حرفِ کرم کو
قائم ہے نہ وہ حسنِ رُخِ یار کا عالم
اے عشق تری تیغ بہرحال ہے ثابت
کر جلد ہمیں ختم کہیں اے غمِ جاناں

معلوم ہوئی راہ محبت کی درازی
اک یہ بھی تمنا کی، نہ ہو شعبدہ بازی
ہر چند وہ اُردو ہے نہ ترکی ہے نہ تازی
باقی ہے نہ وہ شوق کی ہنگامہ نوازی
مر کر بھی شہیدانِ محبت ہوئے غازی
کام آئے گی کس روز تری سینہ گدازی

معلوم ہے دنیا کو یہ حسرت کی حقیقت
خلوت میں وہ میخوار ہے جلوت میں نمازی

(از مولانا حسرت موہانی)

## دلچسپ حقائق و معلومات

## معاصرین کے افکار و آرا

### افسوسناک ذہنیت

### اشاعت زبان ہندی

### خداوندی امانت

### علیگڈھ کا حشر

### مہاسبھائی چال

(باقی صفحہ ۸ کالم ۲ کے نیچے ملاحظہ فرمائیے)


## پادری کی لڑکی کا قبولِ اسلام

اچین کے ایک جلیل القدر پادری کی لڑکی نے جب اسلامی تعلیمات کا مقابلہ کیا اور مسلمانوں کے مذہب اور انکے اعمال کو بغور دیکھا تو اس کے دل میں اسلام کی صداقت و حقانیت جاگزیں ہوگئی اور اس نے یہ فیصلہ کر لیا کہ یقیناً اسلام ہی وہ مذہب ہے جو دنیا و آخرت میں نجات کا راستہ بتاتا ہے ...

ملنے کا پتہ:- منیجر الجمعیۃ دہلی



Regd No L 1793.

# The Al-Jamiat

Vol. XXI No 30 DELHI WEDNESDAY 1st MAY 1935. PRICE ONE ANNA



نورانی قرآن مجید

نہایت صاف جلی اور نہایت صحیح قرآن خرید کر … قرآن الجمعیۃ بک ایجنسی دہلی سے طلب فرمائیے
قیمت مجلد پارچہ …

پادری کی لڑکی کا قبول اسلام

… نیجر الجمعیۃ دہلی


## ہندوستان کے طول و عرض میں یوم شہداء

### حکومت کے رویہ کی شدید مذمت

حسب اعلان سابق کل روز جمعہ بوقت ۴ بجے شام ٹاؤن ہال کلکتہ میں مسلمانوں کا عظیم الشان جلسہ منعقد ہوا۔ مجمع کئی ہزار تعداد اس میں خصوصیت یہ تھی کہ کلکتہ کے ہر طبقہ کے لوگ جمع تھے۔ تجارتی طبقہ میں مرغی ہٹہ کو لوٹولہ کے اکثر لوگ آئے تھے، سورتی اور میمن حضرات بھی تھے۔ بنگالی مسلمان بھی تھے اور ہوڑہ اور چوبیس پرگنہ سے آئے ہوئے لوگ بھی تھے۔

جلسہ میں حسب ذیل قرار دادیں منظور کی گئیں:

(۱) مسلمانانِ کلکتہ کا یہ جلسہ عام حکومت ہند و حکومت بمبئی کی اس کارروائی کی پر زور مذمت کرتا ہے کہ اس نے کراچی میں گولی چلنے کے حادثہ پر ایک غیر جانبدار کمیٹی مقرر کرنے سے انکار کر دیا اور حکومت ہند سے مطالبہ کرتا ہے کہ وہ فی الفور اس قسم کی کمیٹی مقرر کرے۔

(۲) یہ جلسہ اعلان کرتا ہے کہ حکومت بمبئی نے جو کمیونک شائع کیا ہے وہ اس حیثیت سے ناقابل اطمینان ہے کہ وہ بالکل ایک طرفہ ہے اور حکام کے سامنے مسلمانانِ کراچی کو بھی معاملہ کے پیش کرنے کی اجازت دینے بغیر شائع کیا گیا ہے …

### جبلپور

### حیدرآباد سندھ

### بنارس


## تقریرِ سیر چھپ کر تیار ہوگئی

حضرت سحبان الہند مولانا الحاج حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند کی یہ تقریر اپنی بے شمار خصوصیات کے اعتبار سے ایک عجیب و نادر مجموعہ ہے جو حضرت موجودہ دور میں بلکہ آئندہ نسلوں کے لئے بھی یادگار رہے گا۔ شریعت مقدسہ کے نہایت ادق مسائل و دشوار مقامات اس طرح بیان کئے گئے ہیں کہ ہر عالم و عامی ان کو سمجھ سکتا ہے اور ان سے افادہ کر سکتا ہے۔ اس پر حضرت مولانا کی سلاست زبان اور رعنائی بیان نے وہ کام کیا ہے کہ مضامین کی دقت اور مسائل کی دشواری کے باوجود شروع سے لیکر آخر تک دلچسپی برابر قائم رہتی ہے۔ ہندوستان کے مختلف شہروں اور قصبوں میں ہزاروں لاکھوں مسلمان ایسے ہوں گے جو حضرت مولانا کے مواعظ حسنہ سے مستفید ہو چکے ہیں اور ایک مرتبہ نہیں صدہا مرتبہ حضرت مولانا کی تقریریں سننے کے باوجود پھر اس کے مشتاق رہتے ہیں … حضرت مولانا کی اکثر تقریروں کا لب لباب ہے اور اس میں سیر کے متعلق بہت سے وہ مضامین جو حضرت مولانا اپنی مختلف تقریروں میں ارشاد فرمایا کرتے ہیں۔ انداز بیان اور خوبیٔ زبان کی تمام خصوصیتوں کے ساتھ جمع کر دیئے گئے ہیں۔ تقریرِ سیر میں جو مضامین زیر بحث آئے ہیں ان کے عنوانات مختصر طور پر بطور نمونہ درج ذیل کئے جاتے ہیں تاکہ کتاب کی ہمہ گیری و وسعت کا کچھ اندازہ کیا جا سکے۔

### مختصر فہرست مضامین

روحانی اور جسمانی تربیت، عالم بالا کی خدمات … نبی کریم کے مشاہدات، انبیاء علیہم السلام کی تاریخ … جاہل پیروں سے سوال، مستقبل کی تاریخ … ملت ابراہیمی کا اتباع، نماز کی مثال … حیاء اور ایمان کا تعلق، انبیاء میں تفاوت …

پتہ:- منیجر اخبار الجمعیۃ گلی قاسم جان دہلی

## بال عمر بھر نہ اُگیں

گورنمنٹ آف انڈیا سے باضابطہ رجسٹری شدہ سوپیور رجسٹرڈ

دنیا بھر میں اپنی قسم کی واحد دوائی ہے جس کے استعمال سے غیر ضروری بال ایک دفعہ دور ہو کر عمر بھر پیدا نہیں ہوتے۔ گذشتہ چار سالوں میں ہزاروں لوگ اس حیرت انگیز ایجاد سے فائدہ اٹھا چکے ہیں آپ بھی محروم نہ رہیں۔ قیمت فی شیشی دو روپیہ، تین شیشی پانچ روپے (۵ر) محصول ڈاک علاوہ (ملنے کا پتہ)

سوپیور فارمیسی (رجسٹرڈ) حلقہ 33A لاہور (پنجاب)

## مشہور و معروف دو ترجمہ والا معجزنما متوسط قرآن مجید معہ کامل تفسیر

## حیرت انگیز رعایتی اعلان

اس قرآن پاک کی ضخامت ایک ہزار صفحات ہیں، کاغذ سفید ولایتی نارو ہے … دو ترجمے ہیں، پہلا ترجمہ حضرت مولانا شاہ رفیع الدین صاحب کا تحت اللفظ ہے، دوسرا ترجمہ حکیم الامت مولانا اشرف علی صاحب تھانوی کا بامحاورہ ہے … سائز ۲۰×۲۶، صفحات ۹۲۸ …

ملنے کا پتہ:- منیجر اخبار الجمعیۃ گلی قاسم جان دہلی

# کرنل نواب سر احمد سعید خاں صاحب کا خطبۂ صدارت

## اسلام روحانی اور جسمانی حقوق کا مکمل ضابطہ ہے

## پنجاب کے مسلمانوں کی اقتصادی زبوں حالی

### کفایت شعاری ہی سودی قرضوں کا علاج ہے

(گزشتہ سے پیوستہ)

اگر کسی شخص کی مالی حالت خراب ہے تو اس کا مقابلہ دو طریقوں سے کیا جا سکتا ہے، (۱) مصارف میں کمی کر کے اور یا (۲) اپنی آمدنی کے ذرائع میں اضافہ کے ذریعہ آخر الذکر طریقہ عملاً اتنا آسان نہیں جتنا عام خیال کرتے ہیں، اس کی تکمیل ایک ...

اس کی ہے کہ عوام اور زراعت پیشہ طبقہ کی اقتصادی مشکلات کو دور کرنے کے لئے ایک طرف تو گورنمنٹ ایک مکمل پروگرام تیار کرے اور دوسری طرف آپ اپنی قوم میں اس درجہ بیداری پیدا کریں کہ وہ اس پروگرام کی تکمیل میں پورا حصہ لے سکے۔ میرے خیال میں اب وقت آگیا ہے کہ کوآپریٹو "یعنی امداد باہمی" کے اصول پر ہر گاؤں میں سوسائٹیاں قائم کی جائیں جو لوگوں کو ان کی پیداوار کی ضمانت پر روپیہ دیں تاکہ وہ گورنمنٹ اور زمینداروں کے مطالبہ جات کو آسانی کے ساتھ ادا کرنے کے قابل ہو سکیں اور کم نرخ پر فوراً اپنی اجناس فروخت کرنے پر مجبور نہ ہوں ...

# سامی زبانیں اور اقوام قدیم کا لسانی تمدن

## عربی زبان کی برتری علم اللسان کی روشنی میں

## دنیا میں زبانوں کی بنا کس طرح پڑی؟

(از جناب حکیم اسمٰعیل احسن عیش صدر جمعیۃ علماء برما)

سامی زبانوں کے ذکر سے پہلے کچھ مختصر سا بیان سامی زبان کا بھی مناسب معلوم ہوتا ہے۔

سامی زبان کی تین قسمیں ہو گئی ہیں اول بربری زبان دوسری مصری زبان تیسرے کوشی زبانیں۔

### بربری زبان

قبائل بربری اتنے کچھ ہیں کہ گنے بھی نہیں جا سکتے شمالی افریقہ میں یہ پھیلے ...

### سامی

سامی قوموں کا انتساب سام بن نوح پر ہوتا ہے۔ ان کی دو بڑی قسمیں ہیں ایک شرقی اور ایک غربی۔ پھر ان دونوں کے بھی انواع و فروع ہیں۔

قسم شرقی میں اہل بابل کی زبان اور اہل اشوریا (اشور) کی زبان ہے۔ اہل بابل کی سلطنت پہلی سلطنت ہے اور ان کی مملکت عالم میں قدیم ترین مملکت ہے۔ بابل دریائے فرات پر ایک مشہور شہر تھا۔ علمائے عرب نے اس کے متعلق عجیب عجیب بیان کئے ہیں جو اس کی ایک امتیازی خصوصیت ہیں۔ وہ کہتے ہیں کہ بابل اتنے بڑے قطعے پر آباد تھا کہ اس کے سات شہر ہو گئے تھے اور ہر شہر میں ایک ایسا عجوبہ تھا جو دوسرے میں نہ تھا۔ ایسی کہانیاں پرانی قوموں کے بیان میں اکثر پائی جاتی ہیں۔

(باقی آئندہ)

## انتقادات

### بالِ جبریل

"مصنف:۔ ڈاکٹر سر محمد اقبال، مطابع و ناشر:۔ تاج کمپنی لمیٹڈ براندرتھ روڈ لاہور۔ حجم ۲۲۴ صفحات، سائز ۱۷×۲۷، کاغذ سفید چکنا دبیز قسم اعلیٰ کتابت بیلی دیدہ زیب، طباعت موزوں، مجلد مطلا قیمت فی جلد تین روپے۔ ملنے کا پتہ تاج کمپنی لمیٹڈ، براندرتھ روڈ لاہور"

تاج کمپنی لمیٹڈ لاہور نے اعلیٰ قسم کی طباعت کے لئے جو شہرت حاصل کی ہے اس سے ملک کا علم دوست طبقہ بہت بڑی حد تک واقف ہو چکا ہے۔ خصوصیت کے ساتھ تاج کمپنی کا یہ امتیازی کارنامہ تمام ملک کے اندر مشہور و معروف ہے کہ اس نے قرآن حکیم کو بہترین آرٹ پیپر پر مختلف رنگوں میں بلاکوں کی چھپائی کے ساتھ شائع کیا ہے۔ اور فن طباعت کے اس شعبہ کو اس درجہ ترقی دی ہے کہ آج تک مشرقی تاریخ میں اس کی مثال نہیں پائی جاتی۔ الجمعیۃ کے کالموں میں تاج کمپنی کے مطبوعہ پنج سورہ اور قرآن مجید کے جو اشتہارات چھپتے رہے ہیں ان سے قارئین کرام کو اچھی طرح معلوم ہو گیا ہوگا کہ اس سلسلے میں اس کمپنی نے اپنے کام کے کس قدر شاندار نمونے پیش کئے ہیں ...

## کلکتہ کارپوریشن کا مسلمان میئر

### مسٹر فضل الحق کا انتخاب

کلکتہ ۳۰ اپریل۔ مسٹر اے۔ کے فضل الحق ایم۔ اے۔ بی۔ ایل آج کلکتہ میونسپل کارپوریشن کے بالاتفاق رائے میئر (میر بلدیہ) منتخب ہو گئے۔ یہ پہلا موقعہ ہے کہ کارپوریشن کا میئر ایک مسلمان منتخب ہوا ہے۔ مسٹر فضل الحق مشہور قومی کارکن ہیں۔ اور ہندو مسلمانوں میں مساوی طور پر ہر دلعزیز ہیں۔ مسٹر سنت کمار راؤ کو ڈپٹی میئر منتخب کیا گیا۔ دونوں کو بنگال کی کانگریس پارٹی نے نامزد کیا تھا۔


## ضروری اعلان

### خریداران الجمعیۃ کیلئے

مدت خریداری ختم ہونے سے قبل ہی جو حضرات اپنا چندہ بذریعہ منی آرڈر ارسال فرما دیتے ہیں ان کو اخبار مسلسل پہنچتا رہتا ہے مگر جو حضرات وی پی کے منتظر رہتے ہیں ان کا اخبار مدت خریداری ختم ہوتے ہی بند ہو جاتا ہے اور جب تک وی پی کا روپیہ وصول ہو اور نئی مدت خریداری قائم کی جائے انکا اخبار بند رہتا ہے۔ اسطرح سخت تکلیف ہوتی ہے۔ اسلئے جملہ خریدار صاحبان سے گزارش ہے کہ وہ اختتام مدت کی اطلاع موصول ہوتے ہی آئندہ کیلئے چندہ خریداری بذریعہ منی آرڈر ارسال فرما دیا کریں۔ اسطرح ہمیں اور انہیں دونوں کو آسانی ہوا کرے گی۔


# مولانا شفیع داؤدی کے انتخاب کا مقدمہ شروع ہوگیا

## الزامات کی طولانی فہرست

### الحاج مسٹر یونس کی افتتاحی تقریر

(گزشتہ سے پیوستہ)

### امارت شرعیہ کے خلاف غلط بیانیاں

ریسپانڈنٹ نہ صرف عبدالمجید خاں کے خلاف اس قسم کے جھوٹے الزامات کی اشاعت کرتا رہا ہے بلکہ اس قدر پست و دنی ہو گیا ہے کہ اس نے اس صوبہ کے ایک مقدس ترین مسلم ادارہ یعنی امارت شرعیہ پر حملے کئے جس کا صدر مقام پھلواری شریف میں ہے اور جس کے امیر حضرت شاہ محی الدین صاحب ہیں ...

اور مولانا محمد علی نے بھی اس کی تائید و حمایت کی تھی، اس نے اپنے جھوٹے تحریری و زبانی بیانات میں یہ بھی کہا کہ ایک صاحب جن کا نام محمد ادریس ہے اور جو موضع دہیا نواں تھانہ ہلسہ کے رہنے والے ہیں جلالۃ الملک سلطان ابن سعود کے نہایت خاص ہیں اور سلطان کے یہ مرید خاص ان کی حمایت کر رہے ہیں۔ انہوں نے بالکل خلاف واقعہ یہ بھی شائع کیا کہ مولانا محی الدین صاحب امیر شریعت، مولانا ابوالبشارت کریم صاحب اور مولانا عبدالجبیر صاحب امیر جماعت اہل حدیث صوبہ بہار و اڑیسہ نے تحریری بیانات دیئے ہیں کہ وہ شفیع داؤدی کے خلاف نہیں ہیں وغیرہ وغیرہ۔ یہ امر بھی بہت ضروری ہے کہ میں یہ کہوں کہ اس قسم کے بے سروپا بیانات کی اشاعت نے عبدالمجید خاں کے انتخاب کے نتیجہ پر زبردست اثر ڈالا۔

### خواجۂ اجمیری کی طرف نسبت

...

# بصائر و نظائر

دنیا میں کونسا ایسا انسان ہے جو یہ نہ چاہتا ہو کہ اس کی اولاد نیک بخت، خلیق عادل، پارسا اور شجیع ہو۔ اور مال و دولت اور جاہ و حشمت اس کی ہمرکاب ہو۔ ہر بچہ کا باپ قدرتاً یہی خواہش رکھتا ہے کہ اس کا نور نظر اس کی زندگی میں اور مرنے کے بعد عیش و آرام کی زندگی بسر کرے اور اس کو کسی قسم کی ذہنی اور جسمانی اذیت نہ پہونچے ...

تربیت کو ثانوی درجہ بھی نہ دیا جائے اس کی نسل انگریزیت کیلئے تیار نہ ہو تو پھر کس کی ہو؟ ...

مسلمانوں کی اس آوارگی کو دیکھ کر یقین کے ساتھ کہا جا سکتا ہے کہ جب تک موجودہ نسل کا سرمایا تبدیل نہ ہوگا۔ اور بنیادیں اکھڑ کر نہ پھینک جائیں گی اس وقت تک نہ تو اصلاح کی کوئی تحریک کامیاب ہو سکتی ہے اور نہ مسلمان اپنے ذلیل موقف کو چھوڑ سکتے ہیں ...

اخبار الجمعیۃ کی توسیع اشاعت کے لئے سعی فرما کر اپنی علم نوازی اور مذہبیت کا ثبوت بہم پہونچائیے۔


## بلاغِ مبین

مصنفہ مولانا حفظ الرحمٰن صاحب سیوہاروی

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ان تمام خطوط و فرامین کا مجموعہ جو آپ نے مختلف اوقات میں بادشاہوں اور حکمرانوں کے نام دعوت اسلام کے سلسلہ میں بھیجے اور انکے متعلق مفصل تاریخی بحث بیش بہا تاریخی اور حدیثی تحقیقات بہت سے لاینحل اشکالات کے شافی جوابات رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا تیس سالہ تبلیغی اسوۂ حسنہ تبلیغ اسلام کے سادہ اور خالص اسلامی اصول قرآن و حدیث کی روشنی میں اعلیٰ کتابت و طباعت، خوشنما جدید طرز کا ٹائیٹل دو اصل نامہ مبارک کا فوٹو۔ قیمت دو روپیہ مجلد لائق مجلد

ملنے کا پتہ:۔ دفتر بلاغ مبین دہلی

## حضرت شاہ ولی اللہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ

کی جلیل القدر نادر تصنیف

### الخیر الکثیر

جو آج تک زیور طبع سے آراستہ نہیں ہوئی تھی سب سے پہلی مرتبہ مجلس علمی ڈابھیل نے اسکو بہت اہتمام کے ساتھ صحیح نسخہ بہم پہنچا کر اعلیٰ کتابت و طباعت کے ساتھ شائع کیا ہے۔ قیمت عمر

ملنے کا پتہ:۔ (مولوی) محمد عبدالرحیم مالک مکتبہ شرقیہ محلہ سوئیوالان دہلی

## سرمہ نور

اگر آنکھوں کی قدر ہے تو ان دو سرموں میں سے کوئی سرمہ اپنے حسب حال انتخاب کر کے استعمال کیجئے۔

سرمہ ۱۔ آنکھوں کی خارش، سرخی، دھندھ، جالا، پھولا، ناخونہ اور پلکوں کا گرنا پرانے سے پرانے رہنے کیلئے خصوصاً بیحد مفید ہے۔ اس کے استعمال سے بفضلہ تعالیٰ جملہ امراض کا ازالہ ہو جاتا ہے۔ جن لوگوں کو کسی قسم کا مرض نہیں ہے وہ بھی اس کا استعمال کر کے اپنی آنکھوں کی حفاظت کر سکتے ہیں۔ انشاء اللہ انکی آنکھوں کو کسی قسم کا مرض لاحق نہ ہوگا۔ قیمت فی تولہ دو روپیہ آٹھ آنہ، ۶ ماشہ کی شیشی ایک روپیہ چار آنہ

سرمہ ۲۔ یہ سرمہ بھی مثل ۱ کی طرح تمام امراض چشم سوائے رونا اور پلکوں کے گرنے کیلئے مفید ہے۔ خصوصاً موتیابند کے ابتدائی پانی کو نکال دیتا ہے۔ اگر پانی جم گیا ہو تو اسکا استعمال مفید نہ ہوگا۔ طلبا اور وہ حضرات جو نوشت و خواند کا کام زیادہ کرتے ہیں ان کیلئے خاص کر اس سرمہ کا استعمال بہت مفید ہے۔ عینک لگانے سے پہلے اگر اس سرمہ کا استعمال شروع کر دیں تو انشاء اللہ چشمہ کی ضرورت نہ پڑیگی۔ قیمت فی تولہ پانچ روپیہ، ۳ ماشہ کی شیشی ایک روپیہ چار آنہ محصولڈاک و پیکنگ ذمہ خریدار

ملنے کا پتہ:۔ (مولانا) نور الدین بہاری دہلی سیری الا باغ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

# الجمعیۃ دہلی

یوم یکشنبہ یکم صفر المظفر ۱۳۵۷ھ ہجری

# یورپ کی آئندہ جنگ

## جرمنی کا "نیا پروگرام" اور برطانیہ کا "پرانا وعدہ"

جنگ عظیم میں ناکامی کے بعد جرمنی کی جو حالت ہوگئی تھی اس سے وہ اب نکل چکا ہے اور جمعیۃ اقوام سے علیحدگی اختیار کرکے اس نے اپنے گزشتہ سیاسی ضعف و اضمحلال کی تلافی شروع کردی ہے۔ جرمنی کے ہوائی اور بحری بیڑے دس میں سرعت کے ساتھ اضافہ ہو رہا ہے۔ ہر ہٹلر کی قیادت میں فوجی قوت کے تمام شعبوں کو درست کیا

کر رہے ہیں کہ وہ اپنی بحری اور ہوائی قوت کو اور بھی زیادہ بڑھائے بالخصوص بحری قوت کے متعلق برطانوی حکومت کو اس کا یہ پرانا وعدہ یاد دلایا گیا ہے کہ وہ اپنے بحری بیڑے سے کسی دوسری دولت کے بحری بیڑے کو ہرگز نہیں بڑھنے دیگی اور جب کبھی کوئی دولت اس کی سعی کرے گی کہ وہ اپنی قوت کو برطانوی ...

مقبوضات، اپنی تجارت اور اپنے اثر سے بھی ... جنگ ہوگا ۱۹۱۴ء میں جنگ کے امکانات اگر دوس تھے تو اس وقت ... آخر کب تک ... یورپ کے ... مادیت کی تہذیب پر ... دست و گریبان ہوکر رہیں گے اور وہ دن جب کہ یہ ایک دوسرے کے خون سے اپنا ہاتھ رنگین کر رہے ہوں گے اور اپنے تمام آلات حرب کو جمع کرکے ان کی قوت و اثر اندازی کا آخری امتحان لے رہے ہوں گے ان کی موجودہ تہذیب کی تباہی کا بھی آخری دن ہوگا۔ اور شاید اس تباہی کے بعد وہ صبح ہوگی جبکہ امن و امان کا آفتاب افق مشرق پر طلوع ہوکر اپنے نور سے دنیا کو منور کردے گا۔

# شذرات

## جامع مسجد بمبئی اور جامع مسجد دہلی

بمبئی کی جامع مسجد کے متعلق یہ خبر شائع ہوئی تھی کہ وہاں کے ٹرسٹیوں نے وقف کا روپیہ سلور جوبلی پر خرچ کرنے کا فیصلہ کیا ہے اور اس روپیہ سے مٹھائیاں تقسیم کرنے اور مسجد کے در و دیوار پر چراغاں کرنے کی تجویز زیر غور ہے۔ الجمعیۃ میں اس تجویز پر ایک مقالہ بھی لکھا گیا تھا جو قارئین کرام کے ملاحظہ سے گزرا ہوگا۔ مگر اب ہمیں یہ معلوم کرکے مسرت ہوئی کہ مسلمانوں کی رائے عامہ کا لحاظ رکھتے ہوئے اور اللہ رب العزت کے خوف سے ڈرتے ہوئے جامع مسجد کے متولیوں نے اپنے اس ارادہ کو فسخ کردیا۔ اور ایسا ہی کا اندیشہ نہیں ہے کہ وقف کا روپیہ اس طرح مصرف کے خلاف نہ صرف لہو و لعب پر خرچ کیا جائے بلکہ ایک ایسے کام میں خرچ کیا جائے جو مسلمانوں کی مرضی اور ان کے قومی فیصلہ کے خلاف ہے۔ اسی جامع مسجد میں جہاں متعلق اس قسم کی غلط تجاویز کو عملی جامہ پہنانے والے تھے مسلمانوں کے ...

... بھی سوال ہے کہ وہ موجودہ حالات میں سلور جوبلی کے جشن سے علیحدہ رہنا چاہتے ہیں اور بالخصوص حادثہ کراچی کی تحقیقات سے حکومت کے گریز کو سخت غصہ کی نظر سے دیکھ رہے ہیں۔ اگر اس خبر میں کوئی شائبہ بھی صحت کا نہیں ہے تو ہم اراکین جامع مسجد کمیٹی سے امید کرتے ہیں کہ وہ بہت جلد اس کی تردید کردیں گے۔

## کلکتہ کارپوریشن کے یورپین اراکین

مسٹر فضل الحق کارپوریشن کلکتہ کے پہلے مسلم ممبر ہیں جنہیں میئر منتخب ہونے کا فخر حاصل ہوا ہے۔ اس سے قبل کئی مرتبہ مسٹر فضل الحق کی صدارت کا سوال اٹھایا گیا اور گزشتہ سال تو وہ ایک مرتبہ منتخب بھی ہو گئے تھے مگر حکومت نے اس انتخاب ہی کو ناجائز قرار دیدیا اور دوبارہ انتخاب کیا گیا جس میں بعض قانونی و آئینی موشگافیوں ...

# حوادث و احکام

## استفتاء

## الجواب



# دار الحکومت

## "جواہرات" آٹھ آنہ سیر فروخت ہوگئے

### اگرسین کی باؤلی کے قریب جواہرات کی کان

دہلی یکم مئی۔ اگرسین کی باؤلی کے نواح میں قیمتی جواہرات کی کان کے انکشاف کے سلسلہ میں جو خبر اڑائی گئی تھی اس کے متعلق مزید تحقیقات کی گئی اور بہت سے پتھر کان سے برآمد کئے گئے مگر بہت جلد ثابت ہوگیا کہ وہ بہت ہی معمولی قسم کے پتھر ہیں اس لئے ان کو دیہاتیوں کے ہاتھ آٹھ آنہ سیر کے حساب سے فروخت کردیا گیا۔ ڈسٹرکٹ بورڈ دہلی نے حکام کو معاملات کے متعلق مزید اطلاع دی جس پر کھدائی کو ممنوع قرار دیدیا گیا ہے ان پتھروں کا جب امتحان کرکے دیکھا گیا تو معلوم ہوا کہ ان کی کوئی خاص اہمیت نہیں ہے۔ ابھی حکام نے یہ فیصلہ نہیں کیا ہے کہ اس معاملہ میں کیا قدم اٹھایا جائے۔

# بنگال کے مقدمہ سازش اور دہشت انگیزی کا فیصلہ سنا دیا گیا

## چھ ملزموں کو کالا پانی اور ۲۵ کو ایک سے دس سال تک کی سزا

### ملک معظم کے خلاف جنگ کرنے اور بم فیکٹری قائم کرنیکے الزامات

کلکتہ یکم مئی۔ بنگال کے مختلف اضلاع کے رہنے والے چالیس نوجوانوں کے خلاف بنگال پولیس نے ملک معظم کے خلاف جنگ کرنے اور آئین کے ماتحت قائم شدہ حکومت کا تختہ الٹنے کے الزام میں مقدمہ چلایا تھا۔ ملزمان کے خلاف ... بم فیکٹری کھولنے اور زہریلی گیس بنانے کا بھی الزام لگایا تھا۔ ۱۹۳۲ء میں اس مقدمہ کی سماعت شروع ہوئی اور اکتوبر ۱۹۳۳ء میں ختم ہوئی۔ گرفتار شدہ ملزمان میں سے دو شخص وعدہ معاف گواہ بن گئے تھے۔ دوران سماعت مقدمہ میں چار ملزمان جیل سے فرار ہوگئے تھے جن میں سے تین دوبارہ گرفتار ہوئے ایک ابھی تک روپوش ہے ایک ملزم سماعت کے دوران میں فوت ہوگیا۔ چار ملزمان کو عدالت نے رہا کردیا۔ آج صبح عدالت نے اس مقدمہ کا فیصلہ سنا دیا چھ ملزمان کو حبس دوام چھ کو دس دس سال دس ملزمان کو سات سات سال اور دس ملزمان کو ایک سال سے پانچ سال تک کی سزائیں دی گئیں اس مقدمہ کا فیصلہ تقریباً بارہ سو صفحات پر مشتمل ہے جو چار ملزم اس مقدمہ میں رہا کئے گئے تھے ان میں سے دو کو قانون ترمیم ضابطہ فوجداری کی رو سے حراست میں لے لیا گیا اور ایک ملزم کو اس الزام میں گرفتار کرلیا گیا کہ وہ جیل سے فرار ہوگیا تھا اس طرح ایک شخص عدالت سے صحیح سلامت گھر تک پہونچ سکا۔ جو ملزم ابھی تک روپوش ہے اس کی سزا تاریخ گرفتاری سے شروع ہوگی۔ ٹربیونل نے اپنے فیصلہ میں لکھا ہے کہ ملزموں پر ملک معظم کے خلاف جنگ کرنے کی سازش کا الزام ثابت ہے۔

# فرانس اور برطانیہ کے جزائر پر قبضہ کرنیکے ارادے

## صدر امریکہ کا حکم

واشنگٹن ۳۰ اپریل۔ پریزیڈنٹ روزویلٹ نے ملٹری کمیٹی کو حکم دیا ہے کہ محکمہ جنگ کی سکیموں کو شائع نہ کرے۔ پریزیڈنٹ نے کمیٹی کو تنبیہ کی ہے کہ وہ دیگر قوموں کے متعلق کسی غیر دوستانہ بات کی اشاعت کو بند کرے ورنہ وہ اگر ضروری سمجھیں گے تو کمانڈر انچیف کے اختیارات استعمال کریں گے۔ اس تنبیہ کی وجہ یہ معلوم ہوتی ہے کہ کمیٹی کے روبرو دو اہم تجاویز پیش کی گئی تھیں ایک تو یہ کہ جنگ کے وقت یا ہنگامی صورت میں ریاستہائے متحدہ امریکہ کو اپنے ساحل کے نزدیک فرانس اور برطانیہ کے جزائر پر قبضہ کرنے کے لئے تیار رہنا چاہئے۔ دوسری تجویز نیو فاؤنڈلینڈ اسی حد کے قریب ہوائی مستقر بنانے کی اسکیم تھی۔

# اطالوی سفیر کو قتل کرنیکی سازش

ہوسٹن یکم مئی۔ کل پولیس نے اسٹیٹ ہاؤس کے باہر ایک شخص کو گرفتار کیا ہے۔ اس پر شبہ یہ ہے کہ وہ اطالوی سفیر کو قتل کرنے کی تدبیر کر رہا تھا۔ ملزم کے پاس سے ایک چاقو بھی برآمد ہوا ہے۔ اطالوی سفیر کو اسٹیٹ گورنر شرف باریابی بخشنے والے تھے۔

# چین کے اشتراکیوں کا جاپانی فوج سے تصادم

... ایک اطلاع مظہر ہے کہ جیہول کے علاقہ میں جاپان کی بے قاعدہ فوج کا چینی اشتراکیوں سے زبردست تصادم ہوگیا جس میں درجنوں اشخاص ہلاک و مجروح ہوئے۔ چین کی نیشنل گورنمنٹ کے طیارے متنازعہ علاقہ پر پرواز کر رہے ہیں اور علاقہ کو غیر ملکی باشندوں سے خالی کرایا جا رہا ہے۔

# دو اشخاص کو گولی ماردی گئی

# روس اور فرانس میں معاہدہ

# جرمنی میں مزید پادریوں کی گرفتاری

# جاٹوں کے جھگڑے میں ایک شخص ہلاک

# پٹرول ٹیوبوں سمیت ہلاک

# مولانا شفیع داؤدی کے انتخاب کا مقدمہ

# دہلی میں بارود پیستے ہوئے ایک عورت ہلاک

دہلی یکم مئی۔ آج سہ پہر سول ہسپتال کے بالمقابل بارود کی دکان میں آگ لگ گئی جس سے ایک ... سالہ عورت ... مجروح ہوکر مرگئی۔ بیان کیا جاتا ہے ...

# مجسٹریٹ کی کوٹھی پر بم پھٹ گیا

## ایک تانگہ والہ کی پراسرار حرکت

# لاہور کے قریب ایک اور بم پھٹا

## ایک مسلمان مجروح ہوگیا

# دہلی میں تین جگہ آتشزدگیاں

# ملتان میں پھر تشویش

## ایک برہمن کی لاش کنوئیں سے برآمد ہوئی

# بہار کے متعدد مقامات پر پولیس کے چھاپے

# فرخ آباد میں بم پھٹ گیا

## ایک شخص مجروح ۔ پولیس کی آمد

# برما میں طوفان ۔ دو لڑکیاں ہلاک

# ۱۱۳ سکھ اور مسلمان گرفتار

## گائے ذبح کرنے میں سکھوں کی مزاحمت

# کراچی میں حکم امتناعی کی مزید توسیع

# مسٹر راجگوپال آچاریہ کی گوشہ نشینی

# مسجد قصی میں شہدائے کراچی کی نماز جنازہ

# امانہ اور کرشن کانت مالویہ میں مقابلہ

# ایک گاؤں جلکر خاک ہوگیا

# نواکھلی میں ذبح گاؤ پر پابندیاں

# سرحد میں ایک پورے خاندان کا قتل

# مسز بینا سرکار کے شوہر کی خودکشی

# زنا کے الزام سے میئر کلکتہ کی برات

# لیڈر کانگریس پارٹی بمبئی کا چیلنج

# برطانوی فوجی افسروں کے مشاہرے

## نائب وزیر ہند کا جواب

لندن ۹ اپریل۔ آج ہاؤس آف کامنز کے اجلاس میں مسٹر ... نے برطانوی گورنمنٹ سے درخواست کی کہ خیال ہے کہ مجوزہ آئینی تبدیلیوں کے ماتحت گورنمنٹ ہند اگر ہندوستانی خزانہ سے برطانوی ریٹائرڈ فوجی افسروں کو تنخواہ دینے سے انکار کردے تو برطانوی گورنمنٹ اُن ریٹائرڈ فوجی افسروں کی تنخواہوں کے متعلق انہیں گارنٹی دیدے۔

مسٹر بٹلر نے جواب دیا کہ گورنمنٹ اس قسم کے معاہدہ پر غور نہیں کرے گی کیونکہ اس نے خاص تحفظات اُن کے لئے فراہم کردئے ہیں۔ اور اگر اس کے خلاف خاص حالات پیدا ہوں تو نہ اس کی ذمہ داری نہ ... نہیں۔

مسٹر ... نے تجویز کیا کہ مسٹر بٹلر کے کاغذات ... کو کوئی اہمیت نہیں۔

مسٹر بٹلر نے اثبات میں جواب دیتے ہوئے فرمایا کہ میں اُن کی دھمکیوں کو اسی قدر اہمیت دیتا ہوں جس کی وہ مستحق ہیں۔

# سوداگروں کی کشتی پر ڈاکہ

## ایک سوداگر کو گولی ماردی

# مس کملا نہرو کا سفر یورپ

# گوشت خوروں کو گوشت نہ کھلایا جائے

# حوروں اور بیماروں کیلئے نشستیں

## ارٹیسٹ فرنچائز کمیٹی کا اجلاس

# ملتان میں ہڑتال ختم ہوگئی

## فوجی گشت۔ ایک مسلمان گرفتار

# کلکتہ میں قیامت کی گرمی

# جرمنی میں بحری بیڑہ کے استحکام کیلئے جہازوں کی تعمیر

## اٹلی اور انگلستان میں اضطراب۔ سرجان سائمن کا بیان

### جرمنی حکومت کی درخواست پر بحری گفت وشنید ملتوی کردی گئی

روم ۱۳ اپریل۔ اس اعلان پر کہ جرمنی نے مزید آبدوز کشتیوں کی تعمیر کا حکم دیا ہے اٹلی کے ایک ذمہ دار اخبار نے خاص توجہ مبذول کی ہے۔ اخبار کا بیان ہے کہ جرمنی کی بحری طاقت ... جس کی تفصیل یہ ہے کہ معاہدہ وارسائی کو ٹھکراتے ہوئے جرمنی نے مندرجہ ذیل پروگرام بنایا ہے "جدید جنگی جہازات کی تعمیر ان میں سے ہر جہاز ... ہزار ٹن کا ہوگا۔"

لندن ۱۳ اپریل۔ کل برطانوی کابینہ میں جرمنی کی ہوائی اور بحری قوت کے اضافہ کا حیرت انگیز الفاظ میں ذکر کیا گیا۔ ... کی اطلاع ہے کہ جرمنی اور انگلستان کے درمیان بحری معاملات پر جو گفتگو ہونے والی تھی وہ جرمنی حکومت کی درخواست پر ملتوی کردی گئی ہے۔ ... بحری مطالبات کے سلسلہ میں انگلستان اور جرمنی کے درمیان معاہدہ کا کوئی امکان نہیں ہے۔

کل دارالعوام میں سرجان سائمن نے اپنی تقریر میں اس خبر کی تصدیق کی کہ جرمنی ۱۲ آبدوز کشتیاں تعمیر کرا رہا ہے جس سے معاہدہ وارسا کی ... ہوتی ہے آپ نے جرمنی کے اس اقدام سے برطانوی حکومت کو آگاہ کیا۔

# جرمنی کی جنگی تیاریاں

## دارالعوام میں زبردست بحث

رگبی ۲۹ اپریل ایسٹر کی تعطیلات کے بعد ... دارالعوام کا اجلاس ہوا۔ ... ہفتہ کی کارروائی کا ... پروگرام اہم غیر ملکی معاملات پر بحث ... جمعیت الاقوام کے خاص اجلاس کے نتائج پر غور ... سرجان سائمن ایک بیان دیں گے ... جرمنی کی ابزادی اسلحہ کے متعلق بھی ذکر ہوگا۔

# ڈسٹرکٹ تبلیغ کانفرنس لدھیانہ کی جلاس کی کارروائی

## ۳۵ ہزار فرزندان توحید کا اجتماع

### اہم قراردادوں کی منظوری

لدھیانہ ۲۰ اپریل ۱۹۳۵ء ٹھیک ۹ بجے زیر صدارت منتخب صدر صاحبزادہ فیض الحسن کارروائی شروع ہوئی۔ مولانا حبیب الرحمن صاحب نے حضرت مولانا سید حسین احمد صاحب مدنی کا تعارف حاضرین سے کرایا فرمایا یہ ہندوستان میں واحد شخصیت ہے ... کی خوش قسمتی ہے کہ تشریف لائے۔ لدھیانہ کی تاریخ میں آپ کی تشریف آوری سنہری حروف میں لکھی جائے گی۔

اس کے بعد خواجہ عبدالرحیم عاجز نے ایک دلگداز نظم پڑھی۔

اس کے بعد حضرت مولانا سید حسین احمد صاحب مدنی ...

مولانا سید عطاء اللہ بخاری کو مبارکباد

(۴) یہ کانفرنس امیر شریعت سید عطاء اللہ شاہ بخاری کو قادیان میں ...

# صوبہ ... کی ایک ... کا انتقال

# فرزئے قادیان مرد تھا یا عورت

## رپورٹ شائع کرنے پر ... روپیہ جرمانہ

# سرحد میں فوجی لاری پر حملہ

# جہاز اکبر جدہ سے روانہ ہوگیا

کراچی یکم مئی۔ حاجیوں کا جہاز اکبر ۲۸ اپریل کو جدہ سے بمبئی اور کراچی کے لئے روانہ ہوگیا یہ جہاز ۸ مئی کو کراچی پہونچے گا۔ جہاز اسلامی آج صبح پہنچنے والا ہے۔


# جوائنٹ پارلیمنٹری کمیٹی کی رپورٹ

## اردو میں

مشترکہ پارلیمنٹری کمیٹی کی رپورٹ کا اردو ترجمہ شائع ہوگیا ہے اور ہم نے الجمعیۃ بک ایجنسی کیلئے اس کے نسخے برائے فروخت حاصل کرلئے ہیں جو حضرات آئندہ دستور اساسی کے متعلق برطانوی مدبرین کا نقطۂ نگاہ معلوم کرنا چاہیں اور اردو زبان میں تمام آئینی مسائل پر مفصل بحث پڑھنے کے خواہشمند ہوں وہ فوراً ہم سے رپورٹ کا ایک نسخہ طلب فرمالیں۔ یہ کتاب ۴۳۴ صفحات کی ہے اور اس کی قیمت فی جلد ۳ؔ ہے۔ محصولڈاک ۱۰؍ ہوگا۔ فرمائشیں جلد موصول ہونی چاہئیں۔

منیجر الجمعیۃ بک ایجنسی۔ گلی قاسم جان دہلی




# ملک وملت کے خادموں کی فوج

## الہ آباد میں ایک مفید ادارہ کا قیام

### ڈاکٹر محمود اللہ جنگ بیرسٹر کی ایک مفید تجویز

جدید اصلاحات کے افتتاح اور ہندوستان کی دستوری حکومت کے ارتقاء کے ساتھ پبلک زندگی کے مطالبات کو وسیع قبولیت حاصل ہوگی اور اقلیتوں کو نئی ذمہ داریوں کا بار برداشت کرنا اور جدید خطرات کا مقابلہ کرنا ہوگا پسماندہ اقلیتوں کی خدمت کے لئے ایک مخصوص تربیت یافتہ محبان وطن کی جماعت کی بے غرضانہ ووالہانہ خدمات کی ضرورت ہے کام کی اہمیت کے تناسب سے تعمیر توسیعت کے محکمہ جات کا عملہ شاخوں میں بحالات موجودہ ضرورت کہ اقلیتوں کے لئے وقت کا ایک ایک لمحہ صرف کیا جائے اور اس قربانی سے کسی قسم کا دریغ نہ کیا جائے۔

(۲) میں اقلیتوں کے آئینی مفادات کی حفاظت وترقی کے لئے آئینی ... اختیار کروں گا۔

(۳) میں بیورو کے مفاد کی نگرانی انتہائی جوش کے ساتھ کرونگا اور اس کے کام کو ترقی دینے کے لئے ہر ممکن کوشش کروں گا۔

(۴) میں اور میرا خاندان اگر ہیں اس بسراوقات ... قناعت کروں جس کو بیورو مہیا کر سکے گا۔

(۵) میں تمام ہندوستانیوں کو بھائی سمجھوں گا اور تمام مذہبی اداروں کی عزت کروں گا اور ایک پاک زندگی بسر کروں گا۔

## اغراض ومقاصد

بیورو کے اغراض تری کارکنوں کو تربیت دینا ہے ان کو اس امر کے لئے تیار کرنا ہے کہ وہ انسانیت کی خدمت کے لئے اپنی زندگیوں کو وقف کردیں۔ بیورو ہندوستان کی کمزور اور کم ترقی یافتہ اقلیات کے مفاد کی حفاظت کریگا اور اس کو ترقی دیگا اور ملک کے وسیع مفاد کے حق میں ان کے محکمہ جات تعمیر توسیعت کو ...

(۱) میں نہایت دیانتدارانہ طور پر پسماندہ اقلیات کے بہترین مفادات کے حق میں کام کرونگا مگر ملک کے وسیع ترین مفادات کی خدمت کے نقطۂ نظر کے ساتھ ... کروں گا۔

وقف۔ پبلک وقف کی حفاظت مشورہ۔ اس پر اختیار رائے سے فائدہ اٹھانا۔

# انجمن حمایت اسلام اور مجلس احرار

انجمن حمایت الاسلام کے سالانہ جلسہ پر مسلسل ... ورز انجمن کے اراکین اور عامۃ المسلمین میں جو رسہ کشی رہی بعض ذمہ دار دوست اس کی تمام تر ذمہ داری مجلس احرار پر ڈال رہے ہیں اگر ذمہ داری کے معنی یہ ہیں کہ مجلس احرار کے کسی کارکن نے خود جاکر یا اشارۃً کنایۃً کسی کو آمادہ کرکے چودہری ظفر اللہ کے خلاف قرارداد منظور کرانے کے لئے کیا ہے تو یہ سراسر غلط ہے البتہ مجلس احرار کا قصور یہ ہے کہ اس نے عوام الناس میں ایک صحیح اسلامی جذبہ پیدا کردیا ہے کہ رسول عربی کے بعد نبوت کے اجرا اپنے اصلی رنگ میں دیکھیں اگر مرزائیوں کا نظریہ قبول کرلیا جائے تو مسلمان نئی نئی نبوتوں کی بنا پر کیا تقسیم در تقسیم ہونے نہ چلے جائیں گے۔ ...

ظفر اللہ کے خلاف جو انجمن کی سٹیج پر اور صدر کی اجازت سے ریزولیوشن پیش ہوا۔ اس کی تردید نہیں تو بے تعلقی کا ضرور اعلان کیا جائے۔ میرے خیال میں یہ اور غلطی ہے۔ اگر انجمن مسلمانوں کے خالص مذہبی معاملہ میں یوں بے تعلقی کا اظہار کرے گی۔ تو مسلمانوں سے کیا توقع رکھ سکتی ہے؟ ڈر ہے کہ کہیں مسلمان انجمن سے بے تعلقی کا اعلان نہ کردیں۔

آخر میں ان تمام معزز دوستوں کے دل سے یہ شک رفع کرنا چاہتا ہوں کہ مجلس احرار نے حمایت اسلام کے جلسہ پر قبضہ کرنے میں خاص دلچسپی نہیں لی۔ ہاں اس قدر سچ ہے کہ مجلس احرار قادیانیوں کو مسلمانوں کے اداروں سے نکالنے اور ان دشمنان اسلام کے شر سے محفوظ رہنے کی عام طور پر تلقین کرتی ہے۔

# برما میں اسلام کی ضیا پاشیاں

# ڈاکوؤں اور وہابیوں میں جنگ


# سونے کی ڈلیاں کوڑیوں کے مول

طاقت وہ طاقت جس سے بوڑھے جوان اور جوان قابل فخر نوجوان بن جاتے ہیں صرف حب زرین (رجسٹرڈ) ہی کے ذریعہ حاصل ہوسکتی ہے جس کے استعمال سے قوت کا لازوال خزانہ حاصل ہوسکتا ہے۔

مکمل خوراک (بیس گولیاں) صرف دو روپیہ آٹھ آنہ (عہ/ ۲) میں

دواخانہ کنز المجربات (رجسٹرڈ) کوچہ چیلان گلی راجان دہلی سے طلب کریں

# مجرب امساک

منگانے کا پتہ:۔ مینیجر نیو ٹو فارمیسی ... بالمقابل ... نزد فتحپوری۔ دہلی۔ DELHI

# حب سنہری مقوی

رشید ایجنڈ کو گلی قاسم جان دہلی

# اٹھتی ہوئی جوانی بالکل مفت

# شرطیہ علاج

# شربت فولاد

# قرص جریان

# آرائش جمال

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

ید اللہ علی الجماعۃ

تار کا پتہ "الجمعیۃ" دہلی
ٹیلیفون نمبر ۵۷۳

سہ روزہ
الجمعیۃ دہلی

مدیر مسئول ہلال احمد زبیری (بی اے) معاون محمد عثمان فارقلیط

جلد ۲۱ | دہلی یوم پنجشنبہ ۵ صفر المظفر ۱۳۵۴ ہجری مطابق ۹ مئی ۱۹۳۵ء | نمبر ۳۲

# ارض مقدس میں اکناف عالم کے مسلمانوں کی موتمر

## حجاز کے دستور و نظام کے متعلق پاسبان حرم کا اعلان

### معاصر ام القری کا ایک اہم مقالہ

حج کے موقع پر معاصر ام القری نے ذیل کا مقالہ شائع کیا ہے:-

ہم یہ سطور ایسے موقع پر لکھ رہے ہیں جبکہ اقطار و اکناف عالم کے مسلمان بیت اللہ الحرام میں فوج در فوج آ رہے ہیں تاکہ وہ اللہ کا نام بلند کریں اپنے لئے فوائد و منافع حاصل کریں اور ارکان اسلام میں سے ایک اہم رکن ادا کریں۔ ... حج کا مقصد یہ ہے کہ مسلمان ایک دوسرے سے تعارف پیدا کریں اور آپس میں الفت کی بنا ڈالیں تاکہ ان کی مساعی میں وحدت کا رنگ نمایاں ہو اور ان کے قلوب دین الٰہی کے رشتہ سے مربوط ہو جائیں ...

میرا نظام وشعار محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا دین ہے۔ یہ اس شخص کا قول ہے جو قبلہ اسلام کا خادم اور مسلمانوں پر اپنی جان و عزت فدا کرنے والا ہے ... آپ کے اعمال سے اس کی تائید ہوتی ہے اور حجاج بیت اللہ الحرام اپنی آنکھوں سے ان کا مشاہدہ کر سکتے ہیں ... ہماری خواہش ہے کہ مسلمان اصول کتاب اللہ و سنت رسول صلے اللہ علیہ وسلم کی طرف رجوع کریں۔ افسوس ہے ان مسلمانوں پر جو اپنی بدو جہد میں وحدت کا رنگ نہ پیدا کریں ...

# معاصرین کے افکار و آراء

## مہاسبھا کی سفیہانہ ذہنیت

ہم ہندو مہاسبھا کے اس ریزولیوشن پر انتہائی پر زور الفاظ میں نفرت و ملامت کا اظہار کرتے ہیں اور ہماری خواہش ہے کہ تمام شریف اور سمجھدار ہندو اس کے خلاف آواز بلند کریں۔ ہمیں یقین ہے کہ مندرجہ بالا ریزولیوشن ہندوستانی سیاسیات میں نئی پیچیدگیاں پیدا کر دے گا ... آج ہندو مہاسبھا مسلمانان کراچی کی مرگ پر اظہار اطمینان کر کے گولیاں چلانے والے حکام کی پیٹھ ٹھونک سکتی ہے ...

مخالفت سے روکنے کی سعی کرتے ہیں اور ان کے فتنہ کو محض فروعی مسائل کا اختلاف قرار دے کر مسلمانوں کو اس سے اجتناب کرنے کی دعوت دیتے ہیں چنانچہ کونسل آف اسٹیٹ اور اسمبلی کے چند ارکان نے اپنے دستخط کے ساتھ ایک اعلان شائع کیا ہے جس میں مسلمانوں کو قادیانیوں کی مخالفت سے روکا ہے کہ ان سے اختلاف محض فروعی ہے اس لئے مخالفت مت کرو ... قادیانیوں سے فروعی اختلاف نہیں ہے بلکہ اصولی اختلافات ہیں ...

## عالم انوار

وہ نغمہ بلبل رنگیں نوا اک بار ہو جائے
کلی کی آنکھ کھل جائے، چمن بیدار ہو جائے

نظر وہ ہے جو اس کون و مکاں سے پار ہو جائے
مگر جب روئے تاباں پر پڑے بیدار ہو جائے

تجلی چہرہ زیبا کی ہو، کچھ جام رنگیں کی
زمیں سے آسماں تک عالم انوار ہو جائے

سحر لائے گی کیا پیغام بیداری شبستاں میں
نقاب رخ الٹ دو، خود سحر بیدار ہو جائے

نظر اس حسن پر ٹھہرے تو آخر کس طرح ٹھہرے
کبھی جو پھول بن جائے، کبھی رخسار ہو جائے

کچھ ایسا دیکھ کر چپ ہوں بہار عالم امکاں
کوئی اک جام پی کر جس طرح سرشار ہو جائے

چلا جاتا ہوں ہنستا کھیلتا موج حوادث میں
اگر آسانیاں ہوں زندگی دشوار ہو جائے

(جناب اصغر گونڈوی)

## قومی زندگی کی صحیح بنیاد

## مسلمان کون ہے؟

## سلور جوبلی اور مسلمان

## حادثہ کراچی اور مسلم کانفرنس

## قادیانی فتنہ

## ضروری گزارش

---

Regd No. L 1793.

The Jamiat

Vol. XXI No. 31 DELHI. TUESDAY 1935 PRICE ONE ANNA

4612
Moulvi Mehdi Hassan Sb Mufti
P.O. Rander
Dt Surat

نورانی قرآن مجید
نہایت صاف جلی اور خوبصورت صحیح قرآن شریف اگر درکار ہو تو نورانی قرآن مجید الجمعیۃ بک ایجنسی دہلی سے طلب فرمایئے
قیمت مجلد بارہ آنہ

پادری کی لڑکی کا قبول اسلام
اور اس کے حیرت انگیز کارنامے معلوم کرنے ہوں تو ناول مذکور دیکھئے جس کو پڑھ کر آپ اسلام کی حقانیت کے قائل ہو جائیں گے
قیمت فی جلد ۸ علاوہ محصول ڈاک
مینیجر الجمعیۃ دہلی

# حادثہ کراچی پر احتجاج کا سلسلہ

آج مورخہ ۱۹ اپریل ۱۹۳۵ء مطابق ۱۵ محرم الحرام ۱۳۵۴ھ کو جمعیت تعلیم الاسلام محمدی کی درسگاہ میں زیر صدارت حضرت مولانا حافظ سید احمد شاہ صاحب مدرس مدرسہ عربیہ ہذا جلسہ منعقد ہوا۔ حافظ نذیر احمد متعلم نے تلاوت کلام اللہ کی۔ اور ایک صاحب نے پر اثر نظم پڑھی۔ بعدہ محمد ذاکر سیالوی ناظم جمعیت ہذا نے حادثہ کراچی کے متعلق تقریر کرتے ہوئے مندرجہ ذیل تجاویز پیش کیں جو باتفاق منظور ہوئیں۔

(۱) یہ اجلاس حادثہ فاجعہ کراچی کے متعلق حکومت بمبئی کا تحقیقاتی کمیشن کے تقرر سے انکار کر دینے کو مسلمانوں کے زخمی دلوں پر نمک پاشی سمجھتے ہوئے حکومت ہند پر واضح کرتا ہے کہ اس المناک حادثہ کے متعلق جب تک آزاد تحقیقاتی کمیشن کے ذریعہ ملزم حکام کراچی کو پوری پوری سزا نہ ہو گی مسلمانان ہند ہرگز ہرگز اطمینان و چین سے نہ بیٹھ سکیں گے۔ لہٰذا حکومت سے قانون کے نام پر پر زور گزارش کرتا ہے کہ اس اہم معاملہ کو اپنے ہاتھ میں لے اور حکومت بمبئی سے اس انکار پر باز پرس کرتے ہوئے اور اس مسلمانوں کے جذبات و حسیات کا صحیح اندازہ کر کے بلا رعایت منصفانہ فیصلہ کرے۔

(۲) یہ اجلاس ہندوستان کے تمام جانثار مسلم رہنمایان ملت سے پر زور استدعا کرتا ہے کہ اگر حکومت نے اس دردناک حادثہ میں مظلومین کراچی کی داد رسی نہ کی تو ابھی سے کوئی پر امن عملی پروگرام تجویز کیا جائے جو مسلمانوں کے نیتجی خون کا پورے پورا طلب ہو۔

(نور محمد۔ از محمدی۔ ضلع جھنگ۔ پنجاب)

### جالندھر

## جمعیۃ تبلیغ الاسلام کا جدید انتخاب

جمعیت تبلیغ الاسلام شہر آگرہ کے ممبران عام کا سالانہ جلسہ مورخہ ۲۸ اپریل ۱۹۳۵ء کو بمقام دفتر جمعیت ہذا منعقد ہوا جس میں ممبران جماعت منتظمہ کا انتخاب کیا گیا اور مندرجہ ذیل حضرات جمعیۃ ہذا کے عہدیدار منتخب ہوئے۔

(۱) جناب مولانا مولوی قاری حافظ حاجی محمد طیب صاحب مہتمم دارالعلوم دیوبند ضلع سہارنپور صدر جمعیۃ ہذا۔

(۲) جناب مولانا مولوی قاری حافظ حاجی حسین احمد صاحب ... ضلع سہارنپور نائب صدر جمعیۃ ہذا۔

(۳) جناب مولانا مولوی قاری سلطان حسن صاحب شہر آگرہ نائب صدر جمعیۃ ہذا۔

(۴) جناب کپتان نواب حافظ محمد جمشید علی خاں صاحب۔ او بی ای رئیس باغپت ضلع میرٹھ۔ نائب صدر جمعیۃ ہذا۔

(۵) راجہ سید احمد علی صاحب علوی سی بی ای۔ ایم ایل سی سلیم پور ہاؤس قیصر گنج لکھنؤ۔ نائب صدر جمعیۃ ہذا۔

(۶) جناب مولوی حکیم عبدالرحمن خاں صاحب رئیس قصبہ خورجہ ضلع بلند شہر نائب صدر

(۷) جناب نواب محمد عبدالوہاب خاں صاحب رئیس قصبہ دترات ضلع علی گڑھ ناظم کلیات۔

(۸) جناب سید محمد عبدالحی صاحب رئیس قصبہ کوڑا جہاں آباد ضلع فتح پور (یو۔پی) ناظم

(۹) جناب مولوی حکیم عبدالستار صاحب گھٹیا اعظم خاں شہر آگرہ۔ ناظم

(۱۰) جناب سید مقدس حسین صاحب بی اے۔ ایل ایل بی وکیل گلاب خانہ۔ شہر آگرہ۔ ناظم۔

(ناظم تبلیغ)

## یو۔پی احرار کانفرنس

اسلامی ضرورتوں کو ملحوظ رکھتے ہوئے یو۔پی احرار کانفرنس بتاریخ ۱۱، ۱۲ مئی ۱۹۳۵ء بروز ہفتہ و اتوار کو سہارنپور میں ہونی قرار پائی ہے ...

(محمود علی خاں جنرل سکریٹری یو۔پی احرار کانفرنس)

## ۱۲ مئی کو یوم شہید منایا جائے

بمبئی کی جمعیۃ تبلیغ نے اپنے اجلاس میں ذیل کی تجویز منظور کی ہے:-

یہ اجلاس عام گورنر جنرل آف انڈیا اور گورنر بمبئی کے اس غلط اور مسلم آزار رویہ کو مد نظر رکھ کر کہ وہ کراچی فائرنگ کے متعلق غیر جانبدارانہ تحقیقاتی کمیشن مقرر کرنا نہیں چاہتے۔

تمام مسلمانان ہند کو توجہ دلاتا ہے کہ وہ غیرت اسلامی سے کام لیتے ہوئے شہدائے کراچی کی یادگار میں ۱۲ مئی ۱۹۳۵ء کو یوم شہید منائیں اور ہر جگہ جلسہ عام منعقد کر کے (۱) غیر جانبدار کمیشن کا پر زور مطالبہ کریں۔

(ب) عام چندہ کے ذریعہ روپیہ جمع کر کے مسلم ٹریجڈی لیگ کراچی کے صدر صاحب کی خدمت میں بھیجیں۔

# گونڈوہ میں ہندوؤں کی شرارتیں

موضع گونڈوہ تحصیل سندیلہ ضلع ہردوئی میں صرف تین مکان مسلمانوں کے ہیں اور گرد و نواح کے کسی کسی گاؤں میں ایک دو مکان ہیں جو تمام مفلس اور غریب ہیں جن کو پریشان کرنے اور اجاڑنے کے لئے اس گرد و نواح کے تمام ہندو جن کی تعداد ہزاروں ہے۔ متحد ہو کر کام کر رہے ہیں جس کے ماتحت دفعہ ۱۴۴ لگے ہوتے ہوئے، ۹ محرم ۱۲ اپریل ۱۹۳۵ء جمعہ کو عین نماز جمعہ کے وقت رام نومی کا خلاف قانون جلوس نکال کر مسجد کے سامنے اذان سے اختتام نماز تک ۴ بجے تک گھنٹہ گھڑیال دف اور جے کار کے نعرے لگتے رہے اور خوشامد سے منع کرنے پر بھی نہ مانے ... ان کی بابت حکام بالا کو درخواستیں اور تار دیے گئے مگر حکام مقامی پولیس ہندو ہیں اس لئے ابھی تک کوئی سماعت نہ ہوئی اور اب ہندو دوسرے ذرائع سے بھی پریشان کرنے کے انتظامات کر رہے ہیں جس سے جان و مال مذہب سخت خطرے میں ہے ضرورت ہے کہ ہمدردان قوم امداد کریں اور گورنمنٹ کو ...

انصاف پر مجبور کریں۔ دیگر آپ کا حال بھی عجیب ہے کہ علماء لاکھ تعزیہ داری سے منع کریں مگر آپ بنا کر ہی چھوڑتے ہیں۔ الجمعیۃ

(خادم سخن علی)

## انتقال پر ملال

نہایت افسوس کے ساتھ اطلاع دی جاتی ہے کہ جناب مولوی حکیم سید غلام احمد صاحب نابینا چھ ماہ کی طویل علالت کے بعد ۱۲ اپریل کو اس جہان فانی سے دار البقاء کی طرف کوچ کر گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحوم حافظ قرآن و حدیث کے علاوہ عربی و فارسی زبانوں کے ماہر صوم و صلوٰۃ کے پابند نہایت صلح اور غریب پرور بزرگ تھے اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنے جوار رحمت میں جگہ دے آمین۔ (سید نذیر احمد۔ حیدر آباد دکن)

## انتقال پر ملال

مورخہ ۲۸ اپریل بوقت ۲ بجے سہ پہر جناب ہیڈ ماسٹر غلام محمد صاحب اے وی لوئر مڈل سکول ٹل بعارضہ ... پانچ دن بیمار رہ کر رحلت فرما گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون مرحوم نہایت خلیق، ہمدرد خلائق اور قوم پرست انسان تھے ... آپ لوئر مڈل سکول ٹل میں ہیڈ ماسٹری کے فرائض انجام دیتے رہے ...

بال عمر بھر نہ اگیں
گورنمنٹ آف انڈیا سے باضابطہ رجسٹری شدہ سویپور رجسٹرڈ
... جیسو فارمیسی (رجسٹرڈ) لاہور (پنجاب)

دھوکے سے بچو
اصلی مال خریدو
جوہر عشبہ چوب چینی رجسٹرڈ
خون صاف کرنے کی مشہور دوا ہے
... منیجر شفاخانہ حکیم ڈاکٹر غلام نبی زبدۃ الحکماء لاہور

تقریر تفسیر چھپ کر تیار ہو گئی

حضرت سحبان الہند مولانا الحاج حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند کی یہ تقریر اپنی بے شمار خصوصیات کے اعتبار سے ایک عجیب و نادر مجموعہ ہے جو نہ صرف موجودہ دور میں بلکہ آئندہ نسلوں کے لئے بھی یادگار رہے گا۔ شریعت مقدسہ کے نہایت ادق مسائل و دشوار نکات اس طرح پیش کئے گئے ہیں کہ ہر عالم و عامی ان کو سمجھ سکتا ہے اور ان سے افادہ کر سکتا ہے۔ اس پر حضرت مولانا کی سلاست زبان اور روانی بیان نے وہ کام کیا ہے کہ مضامین کی دقت اور مسائل کی دشواری کے باوجود شروع سے لیکر آخر تک دلچسپی برابر قائم رہتی ہے۔ ہندوستان کے مختلف شہروں اور قصبوں میں ہزاروں لاکھوں مسلمان ایسے ہوں گے جو حضرت مولانا کے مواعظ حسنہ سے مستفید ہو چکے ہیں اور ایک مرتبہ نہیں صدہا مرتبہ حضرت مولانا کی تقریریں سننے کے باوجود ہمیشہ اس کے مشتاق رہتے ہیں کہ ایک مرتبہ پھر کہیں حضرت مولانا کی تقریر سننے کا اتفاق ہو۔ ان تمام مسلمانوں کے لئے یہ مژدہ جانفزا ہو گا کہ یہ تقریر تفسیر حضرت مولانا کی اکثر تقریروں کا لب لباب ہے اور اس میں تفسیر کے متعلق بہت سے وہ مضامین جو حضرت مولانا اپنی مختلف تقریروں میں ارشاد فرمایا کرتے ہیں۔ انداز بیان اور خوبی زبان کی تمام خصوصیتوں کے ساتھ مجتمع کر دیئے گئے۔ تقریر تفسیر میں جو مضامین زیر بحث آئے ہیں ان کے عنوانات مختصر ازخروارے بطور نمونہ درج ذیل کئے جاتے ہیں، تاکہ کتاب کی ہمہ گیری و وسعت کا کچھ اندازہ کیا جا سکے۔

مختصر فہرست مضامین

روحانی اور جسمانی تربیت
عالم بالا کی خدمات
عالم سفلی کے سحرات
روحانی اطباء

نبی کریم کے شاہدات
انبیاء علیہم السلام کی تاریخ
مادیات و روحانیات کا فرق
حضرت آدم کی مناسبت

جاہل پیروں سے سوال
مستقبل کی تاریخ
قبروں سے اٹھنا
مسلمانوں سے حضرت حق کا پہلا خطاب

ملت ابراہیمی کا اتباع
نماز کی مثال
حج کی مثال
مساجد حرمین کی مثال

حیا اور ایمان کا تعلق
انبیاء میں تفاوت
ذکر الٰہی موجب نجات ہے۔
حضرت ذوالنون کا واقعہ

... منیجر اخبار الجمعیۃ گلی قاسم جان دہلی

بجلی کی عینک رجسٹرڈ
جرمن سائنس کی نئی ایجاد ہے نہ لیمپ کی ضرورت نہ کسی لالٹین کی ضرورت رات کو ضرورت کے وقت عینک لگا لیں اور آنکھوں پر لگا کر جو کام کرنا چاہتے ہیں شروع کریں۔ کسی قسم کا خطرہ نہیں ہے۔ عورت، مرد سب استعمال کر سکتے ہیں ...
ملنے کا پتہ
جرمن ناولٹی اسٹور کراچی شہر

مفت! مفت! مفت!
بول کیا چاہتا ہے؟
بلا اندازہ دولت سے مالا مال ہونا۔ دنیا کی سیر کرنا۔ محبوب کو بس میں کرنا۔ ملازمت یا روزگار حاصل کرنا ... اگر تم یہ سب کچھ چاہتے ہو تو آج ہی ایک خط لکھ کر ہماری عجیب و غریب کتاب "دولت کی پری" مفت طلب کریں
اٹھارہواں ایڈیشن ختم ہونے والا ہے
منیجر کارخانہ دولت کی دیوی ۱۷ شجاع آباد (پنجاب)

مشہور و معروف دو ترجمہ والا معجز نما متوسط قرآن مجید معہ کامل تفسیر
حیرت انگیز رعایتی اعلان
... الجمعیۃ گلی قاسم جان دہلی

# تمام دنیا کے مسلمان قادیانیوں کو دائرۂ اسلام سے خارج سمجھتے ہیں
## ہندوستان کی حکومت اُن کی سرپرستی کررہی ہے
### گورنر پنجاب کی تقریر پر سابق جسٹس لاہور کا احتجاج

انجمن حمایت الاسلام کے گزشتہ اجلاس میں گورنر پنجاب نے تقریر کرتے ہوئے مسلمانوں اور قادیانیوں کی موجودہ کشمکش کو فرق اسلامیہ کی باہمی آویزش سے تعبیر کیا تھا اور اس کے متعلق مخصوص ناصحانہ انداز میں چند نصیحتیں فرمائی تھیں۔ گورنر پنجاب کی اس تقریر سے اس دلچسپی کو بالکل واضح کردیا تھا جو قادیانیوں اور مسلمانوں کے معاملہ میں اس وقت حکومت کی جانب سے ظاہر کی جارہی ہے۔ ...

کا فیصلہ قادیانیوں کے مسلمان ہونے کے متعلق موجود ہے کس طرح احمدیہ اسلام سے خارج قرار دے سکتی ہے اور بعض حکومت پرست حضرات کے اقوال سے بھی استدلال کیا ... سر ظفر علی نے پھر ایک مراسلہ اخبار سول اینڈ ملٹری گزٹ ...

# مولانا شفیع داؤدی کے انتخاب کا مقدمہ
## مدعا علیہ کا بیان
## استغاثہ کی شہادتیں

الحاج مسٹر محمد یونس بیرسٹر کی افتتاحی تقریر کے بعد مقدمہ کی حسب ذیل کارروائی عمل میں آئی :-

### بوگس اور مردوں کا ووٹ

میں نے کوئی بوگس ووٹ یا مردہ شخصوں کا ووٹ یا ڈبل ووٹ پاس نہیں کیا۔

دفعہ ۲ میں جو مجھ پر یہ الزام لگایا گیا ہے کہ میں نے عبدالمجید خاں کے بعض پولنگ ایجنٹوں کو بہکا کر انہیں اپنے فرض سے غافل بنادیا سراسر جھوٹ اور افترا ہے۔ ...

(باقی صفحہ ہذا کالم ۲ کے نیچے ملاحظہ فرمائیے)

(باقی آئندہ)

# سامی زبانیں اور اقوام قدیم کا لسانی تمدن
## عربی زبان کی برتری علم اللسان کی روشنی میں
### دنیا میں زبانوں کی بنا کس طرح پڑی؟

(از جناب حکیم سید محمد حسن عیش مدیر جمعیۃ علماء برما)

(گزشتہ سے پیوستہ)

بابل کے عروج کے بعد جب زوال شروع ہوا تو چودہ سو قبل مسیح میں اہل اشور نے اس پر غلبہ و قبضہ حاصل کرلیا جو ساتویں صدی قبل مسیح کے اواخر تک رہا۔ ...

ان تینوں خطوں کے بعض حروف باہم مقابل پیش کئے جاتے ہیں -

(باقی آئندہ)

# ممالک خارجہ کے اہم حالات و کوائف

## حجاج کی تعداد

اس سال اطراف عالم کے مسلمانوں نے بڑے اطمینان اور سکون کے ساتھ حج کیا۔ اگرچہ بیت اللہ الحرام میں بعض عاقبت نااندیش۔ شقی اور مفسدہ پردازوں نے والی حجاز اور ان کے فرزند پر حملہ کرکے ابتری پیدا کرنی چاہی تھی مگر خدا کے فضل سے کوئی ناگوار حادثہ پیش نہیں آیا جس سے حجاج کی خصوصی حالت اور ذرائع تباہی محفوظ رہے۔ معاصر ام القریٰ نے اقطار عالم کے حجاج کی تعداد شائع کی ہے جس سے امسال حجاج کی عددی کثرت کا اندازہ لگایا جاسکتا ہے -

| نام ملک | تعداد | نام ملک | تعداد |
|---|---|---|---|
| سنگال | ۳۰ | مصر | ۵۳۶۱ |
| کیپ ٹاؤن | ۵۹ | مغاربہ | ۲۸۸۰ |
| انجبار و سواحل افریقیہ | ۱۳۹ | سوڈان | ۸۶۶ |
| جاوا | ۳۶۰۹ | جاپان | ۴ |
| اٹالی | ۶۷۹ | ہنگری | ۱ |
| ترکی | ۱۵۶ | انگلستان | ۲ |
| عراق | ۱۷۰ | صومال | ۲۷ |
| فلسطین و شرق اردن | ۱۴۳۲ | حبش | ۲۹ |
| شام | ۷۱۸ | حضارم و عدن | ۲۸۴ |
| ہندوستان | ۱۱۱۱۳ | یمن | ۴۹۱ |
| چین | ۲۲۳ | ایران | ۱۰۶۳ |
| بخارا و ترکستان | ۵۲۳ | یوسنہ و سربیا | ۴۲ |
| تکارنہ | ۸۷۹ | البانیا | ۱۱ |
| افغانستان | ۱۷۰۷ | | |
| خلیج فارس | ۸۹ | میزان کل | ۳۳۸۹۸ |

اس تعداد میں وہ حجاج شریک نہیں ہیں جو موٹروں، اونٹوں اور دیگر ذرائع سے براستہ خشکی حجاز مقدس پہونچے ہیں۔

## نواب سر مزمل اللہ خاں

ناظرین کرام نواب بہادر الحاج سر مزمل اللہ خاں آف بھیکم پور کے نام نامی سے بخوبی واقف ہوں گے۔ گزشتہ سال آپ نے اپنے خرچ سے بجلی کا ایک انجن خرید کر حرم شریف میں روشنی کیلئے حجاز روانہ کیا تھا جس کو امسالہ حج کے موقعہ پر کام میں لایا گیا۔ امسال خود نواب صاحب ممدوح کو ارض حرم میں حضوری کی سعادت نصیب ہوئی اور وہاں موصوف نے اپنی انتہائی فیاضی اور روائتی سخاوت کا ثبوت دے کر حصول دارین کا وہ سامان پیدا کرلیا جو بڑے بڑے رئیسوں اور نوابوں کو بھی لیا اوقات حاصل نہیں ہوا کرتا۔ چنانچہ آپ نے مندرجہ ذیل رقم مختلف مدات پر خرچ کرنے کیلئے بطور ہدیہ تقسیم کی :-

والی حجاز کی سلامتی کی خوشی میں ۵۰۰ ریال - ہوائی جہاز ۔۔۔ روپیہ نہر زبیدہ ۱۵۰ - دار الغرباء ۲۰۰ - سلطان کے باڈی گارڈ کیلئے ۱۰۰ ...

## حکومت حجاز نے تردید کردی

## حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا ایک خط

## شراب نوشی اور نوجوان لڑکیاں

## ہنگری کا نو مسلم حاجی

## حجاز کے قیدیوں کو معافی

## کلام الملوک

## الجزائر میں دارو گیر

شمالی افریقہ میں فرانس کے خلاف عربوں میں سخت ہنگامہ برپا ہے۔ حکومت نے مخالفوں کے ۲۵ اشخاص کو گرفتار کرلیا ہے جن لوگوں نے ان گرفتاریوں کے خلاف احتجاجی مظاہرے کئے ان میں سے بھی ۴۰ افراد کو گرفتار کرلیا گیا۔


# ضروری اعلان
## خریداران الجمعیۃ کیلئے

مدت خریداری ختم ہونے سے قبل ہی جو حضرات اپنا چندہ بذریعہ منی آرڈر ارسال فرمادیتے ہیں ان کا اخبار مسلسل پہنچتا رہتا ہے مگر جو حضرات وی پی کے منتظر رہتے ہیں ان کا اخبار مدت خریداری ختم ہوتے ہی بند ہوجاتا ہے۔ اور جب تک وی پی کا روپیہ وصول ہو اور نئی مدت خریداری قائم کی جائے اُن کا اخبار بند رہتا ہے۔ اس طرح سخت تکلیف ہوتی ہے۔ اسلئے جملہ خریداصاحبان سے گزارش ہے کہ وہ اختتام مدت کی اطلاع موصول ہوتے ہی آئندہ کیلئے چندہ خریداری بذریعہ منی آرڈر ارسال فرمادیا کریں۔ اس طرح ہمیں اور انہیں دونوں کو آسانی ہوا کرے گی۔

شربت فولاد

یہ شربت اعلیٰ درجہ کا مقوی معدہ و جگر اور معدہ کی کمزوری سے جو دست آتے ہیں ان کو بھی چند خوراکیں روک دیتی ہیں خون کی سرخی ... شربت فولاد تمام ہندوستان میں اپنے قیمتی فوائد اور ارزانی کے لحاظ سے ایک امتیازی شہرت رکھتا ہے۔

ہمدرد دواخانہ یونانی دہلی

شربت روح افزا (رجسٹرڈ)

موسم گرما میں ہر قسم کی شکایت کیلئے اکسیر ہے۔ تمام ہندوستان میں اپنے خواص کی وجہ سے مشہور و مقبول ہوچکا ہے۔ بڑے بڑے راجہ، نواب اس کو ہمیشہ استعمال کرتے ہیں۔ فی بوتل ایک روپیہ چار آنے۔

ہمدرد دواخانہ یونانی دہلی



# سرمہ نور

اگر آنکھوں کی قدر ہے تو ان دو سرموں میں سے کوئی سرمہ اپنے حسب حال انتخاب کرکے استعمال کیجئے۔ ...

ملنے کا پتہ: (مولانا) نور الدین بہاری دہلی



رسالہ
# اٹھتی ہوئی جوانی بالکل مفت

گمراہ نوجوانوں کو راہ راست پر لانے کے لئے
بچوں کی صحیح طریقہ سے پرورش کرکے نوجوان بنانے کے لئے
اٹھتی ہوئی جوانی کی حفاظت کرنے کے لئے
جوانی واپس لانے کی تدبیریں بتلانے کے لئے

پتہ :- وید شاستری رام نگر کاٹھیاواڑ



# "نگارستان کشمیر"

(مصنفہ قاضی ظہور الحسن صاحب سیوہاروی)

کشمیر جنت نظیر کی جدید ترین تاریخ، سلاطین و مہاراجگان کشمیر کی حکومت کا صحیح مرقع، متعصب ہندو مورخین کشمیر کے ان بے بنیاد جھوٹے الزامات کے دنداں شکن جوابات جن سے اسلامی سلاطین کشمیر کے دامن کو داغدار کیا ہے ... ۲۱۰ صفحہ کی کتاب ...

ملنے کا پتہ :- مکتبہ شرقیہ سوئیوالان دہلی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

# الجمعیۃ دہلی

یوم پنجشنبہ ۵ صفر المظفر ۱۳۵۴ھ ہجری

# تحقیقات آجرہ کے متعلق سرکاری گزٹ کی تفصیلات

## مہاراجہ کولہاپور کے منصفانہ احکام

حادثہ قتل کے واقعات

اصل واردات

وجوہ نزاع

سفارشات اور احکام

# شذرات

## ریاست بہاولپور کے ہندو رہنما

ریاست بہاولپور کے فرماں روا نے موجودہ دور میں اپنی غیر مسلم رعایا کے ساتھ جس قابل قدر رواداری کا ثبوت پیش کیا ہے اس کی مثال دوسری دیسی ریاستوں میں ملنا دشوار ہے۔ ایسے ایسے مواقع پر جبکہ پرسنل کا بھوت نہ صرف مطلق العنان حکمرانوں بلکہ آئینی حکومتوں کے ذمہ دار عہدہ داروں کو بھی اپنی بات کی پچ اور ناجائز ضد پر مجبور کر دیتا ہے ریاست بہاولپور کے بیدار مغز فرماں روا نے محض امن و عافیت اور رعایا پروری کی خاطر اپنی سطے شدہ پالیسی کو بدل دیا ہے اور محض ہندو لیڈروں کے کہنے سے ایسی روش اختیار کی ہے جو رعایائے بہاولپور کے غیر مسلم طبقہ کو زیادہ سے زیادہ مطمئن کرنے والی ہو، اور جس کے ماتحت تمام دنیا کے سامنے یہ کہا جا سکے کہ بہاولپور کی ریاست ہر قسم کے مذہبی و فرقہ وارانہ تعصبات سے پاک ہے مگر اس رواداری اور انصاف شعاری کے باوجود وہاں کے ہندو رہنماؤں کا جو رویہ ہے وہ نہیں حد درجہ قابل اعتراض نظر آتا ہے۔ بغیر کسی معقول وجہ کے خواہ مخواہ ایسی صورتیں اختیار کی جاتی ہیں جو ہندو مسلم کشیدگی کو بڑھانے والی ہوں اور جن کا مقصد سوائے شورش انگیزی اور مفسدہ پردازی کے اور کچھ نہ ہو۔ چونکہ بہاولپور کے قریب ہی پنجاب کا دارالحکومت لاہور واقع ہے اور وہاں کا ہندو پریس اپنی اشتعال انگیز تحریرات اور بے سروپا پروپیگنڈا کے لئے خاص شہرت رکھتا ہے اور معمولی معمولی باتوں کو طول دے کر بھڑکا دیتا ہے...

اس جذبہ کو ابھی طرح سمجھ رہے تھے جو اس انکار اور اس اعلان کی تہ میں کام کر رہا تھا۔ چنانچہ انہوں نے یہ بیانات اخباروں میں چھپوا دیا کہ پنڈت جی خواہ اس جگہ سے کھڑے ہوں یا نہ کھڑے ہوں مگر انہیں یہ یاد رکھنا چاہیئے کہ کانگریس صرف یہی ایک جگہ ان کے لئے خالی چھوڑ سکتی ہے۔ یہ نہیں ہو سکتا کہ کسی موجودہ کانگریسی رکن کو ہٹا کر انہیں جگہ دی جائے۔ اور اس کے ساتھ ہی ساتھ پنڈت کرشن کانت کے مقابلہ میں ایک کانگریسی امیدوار کے نام کا بھی اعلان کر دیا گیا۔ اب پنڈت جی کے مشیر گھبرائے اور انہوں نے دونوں سیٹوں کو اپنے ہاتھ سے جاتا دیکھ کر ایک سیٹ پر رضامندی ظاہر کر دی۔ معاہدہ یہ ہوا کہ کرشن کانت مالوی کے مقابلہ سے کانگریسی امیدواروں کو اس شرط کے ساتھ ہٹا لیا جائے کہ جب پنڈت مالوی چاہیں اس نشست پر اسمبلی میں جا سکیں۔ اب اس سلسلہ کی تازہ ترین خبر یہ ہے کہ خود پنڈت جی ہی اس نشست پر جانے کو تیار ہو گئے ہیں۔ شاید لوگوں کو یہ واقعات اس کر اس بات پر تعجب ہو کہ پنڈت جی باوجود برہمن ہونے کے بنیوں کی طرح سودا کرنا کیسے جانتے ہیں مگر ہمیں اس پر تعجب نہیں ہے۔ ہم تو اس تمام روئداد میں کانگریس کی اس پالیسی کو سمجھنے سے قطعاً عاری ہیں کہ آخر پنڈت مالوی جی کی بار بار خوشامد کیوں کی جا رہی ہے اور کانگریس کا اس میں کیا فائدہ سوچا گیا ہے کہ پنڈت جی اسمبلی میں آ ہی جائیں۔

## ہندو مہاسبھا کی مدافعت

مسٹر جناح نے ہندوستان سے جاتے ہوئے ایک بیان دیا تھا جس میں موجودہ سیاسی حالات بالخصوص ہندو مسلم تعلقات کے متعلق اظہار رائے کیا گیا تھا۔ اس بیان میں مسٹر جناح نے کانگریس کے موجودہ رویہ کی نہایت شاندار الفاظ میں تعریف کی تھی۔ اور اسمبلی میں کانگریسی ارکان کا قومی و ملکی اعتبار سے...

## پنڈت مالویہ اور اسمبلی

# حوادث و احکام

استفتاء

الجواب

# دار الحکومت

## دہلی میں تباہ کن آتشزدگی

### پچاس ہزار روپے کا نقصان

دہلی ... ایک ... میں کیمیکل کمپنی کے گودام میں زبردست آگ لگ گئی۔ آگ کے شعلے بہت بلند تھے اور آسمان پر ابر سا چھا گیا تھا۔ واقعہ یہ ہے کہ کچھ آدمی تیزاب صاف کر رہے تھے کہ اس میں کہیں سے چنگاری آ پڑی اور آگ کے شعلے بھڑک اٹھے۔ قریب ہی ایک مسجد بھی ہے آگ لگتے ہی ہزاروں آدمیوں کا ہجوم ہو گیا۔ مسلم نوجوانوں کی ایک بڑی تعداد آ گئی اور انہوں نے جان کو خطرہ میں ڈال کر آگ بجھانے میں امداد دی ... پوٹاش کی آگ لگ گئی جس سے دو شخص زخمی ہوئے۔ نقصان کا اندازہ پچاس ہزار روپے سے زائد لگایا جا رہا ہے۔

## مہرولی میں ڈیڑھ سو مکانات جل گئے

### ۱۸ بکریاں آگ کی نذر

دہلی ... مہرولی سے خوفناک آتشزدگی کے باعث ڈیڑھ سو گھروں کے خاک سیاہ ہو جانے کی خبر موصول ہوئی ہے۔ معلوم ہوا ہے کہ گذشتہ ... کو دن میں قصبہ میں کسی جگہ آگ لگ گئی اور ہوا کے تیز جھونکوں کے ساتھ تمام قصبہ میں پھیل گئی جس سے زمینداروں کے تقریباً سو گھر اور ... کے تقریباً پچاس گھر جل کر خاک کا تودہ بن گئے۔

## ہنگری کے نومسلم ڈاکٹر اسد کا ورود دہلی

## حضرت مولانا عبدالحلیم صاحب صدیقی کا ورود

## دہلی کے ایک مشہور تاجر رئیس کا وصال

# روس اور فرانس کا معاہدہ یورپ کیلئے خطرناک ہے

## جرمنی کے خلاف فوجی اتحاد کی اسکیم

### ہوائی جہاز پاش پاش۔ سات افراد ہلاک

برلن ... جرمنی کے اخبارات فرانس اور روس کے درمیان معاہدہ کی پرزور مذمت کر رہے ہیں وہ اس کو جرمنی کے خلاف فوجی اتحاد سے تعبیر کرتے ہیں۔ جرمن اخبارات یہ الزام لگا رہے ہیں کہ روس اور فرانس کے درمیان خفیہ معاہدہ ہوا ہے اس سلسلہ میں یہ بیان کیا جاتا ہے کہ ... کرایا ہے کہ اگر جرمنی کے خلاف روس کو فرانس کی امداد کرنی پڑی تو سوویٹ روس کی افواج رومانیہ کو پار کر کے وہاں پہنچ جائیں گی۔

برلن کے مشہور اخبار نے یہ رائے ظاہر کی ہے کہ یہ معاہدہ ایک فوجی معاہدہ ہے جو یورپ کے امن کے لئے خطرناک ہے ... ایک اور اخبار نے مبینہ خفیہ معاہدہ کے متعلق ریمارک کیا ہے کہ ان حالات کی موجودگی میں جب یہ کہا جاتا ہے کہ یہ معاہدہ کسی تیسری حکومت کے خلاف نہیں ہے تو پوزیشن نہایت مضحکہ خیز ہو جاتی ہے۔

جرمنی کا جو ہوائی جہاز ... سے غائب تھا جب کہ ... روانہ ہوا تھا۔ وہ ... کی سرحد کے قریب پہاڑ پر ٹوٹا ہوا پایا گیا ہے۔ ... جو سات افراد سوار تھے سب مردہ پائے گئے۔

## مداخیل لشکر نے ایک خاندان کو بالکل ختم کر دیا

### سرحدی قبائل میں رات بھر جنگ

## سندھ اور اڑیسہ کی علیحدگی

### جدید انتخابات ۱۹۳۶ء میں ہوں گے

## دکن میں واعظوں کے داخلہ پر پابندی

## اعلیٰ حضرت نظام دکن کی جوبلی

## جوبلی کے صدقہ میں قیدیوں کی ضیافت

## اپنے مریدوں کے نام سر آغا خاں کا پیغام

## کرشن کانت مالویہ اسمبلی کے ممبر ہو گئے

## دہلی میونسپلٹی کی طرف سے ملک معظم کو مبارکباد

## جوبلی کیخلاف اشتہارات کی تقسیم

### دہلی میں تلاشیاں اور گرفتاریاں

## فرانس اور روس میں معاہدہ

### دلچسپ شرائط اور وعدے

## ہٹلر کے رشتہ دار گرفتار کرلئے گئے

### آسٹریا میں جنگ کا خطرہ

## جوبلی کے موقعہ پر لندن میں گڑبڑ

## جوبلی پر خطابات کی تقسیم نہیں ہوگی

## ترکی افواج کی پیشقدمی

### چینی ترکستان میں حالات کی رفتار

## چین میں اشتراکی فوج کی پسپائی

## برطانیہ میں جوبلی کے بائیکاٹ کی تلقین

## عرب اور یہودیوں میں خونریز جنگ

## صلح کیلئے ہٹلر کی شرائط

## حضرت مولانا نور الدین صاحب بہاری کو صدمہ

## ملتان میں فرقہ وارانہ کشیدگی

## جوبلی میں شرکت کے متعلق علماء کا فتویٰ

## اسپین کا کابینہ مستعفی ہو گیا

# ترکی کے ایک ضلع میں قیامت خیز زلزلہ

## پانچ سو اشخاص ہلاک۔ بارہ سو مجروح۔ تین ہزار مکانات تہ وبالا

استنبول ۷ مئی۔ کل صبح ضلع کوترچ میں ایک زبردست زلزلہ آیا جس نے شہر کی عمارتوں کو تہ وبالا کر دیا چونکہ لوگ بیدار ہو چکے تھے اس لئے زلزلے کے جھٹکے محسوس ہوتے ہی وہ کھلے میدان میں نکل گئے اور جو لوگ اپنے بستروں پر دراز تھے ان کو جان بچانے کا موقعہ نہ مل سکا آخری اطلاع کے مطابق معلوم ہوا ہے کہ اب تک اس زلزلہ میں پانچ سو اشخاص ہلاک اور ۱۲۰۰ زخمی ہو چکے ہیں اور تین ہزار کے قریب مکانات منہدم ہو گئے ہیں زلزلہ کے ساتھ طوفان باد بھی تھا جس نے قیامت برپا کر دی۔ نوج بیدلیس اور اعلیٰ حکام کشتگان زلزلہ کی فوری امداد کے لئے موقعہ پر پہنچ گئے ہیں۔ ہلاک شدگان کی صحیح تعداد اس وقت معلوم ہو گی جب مکانات کا ملبہ ہٹایا جائے گا اور رسل و رسائل کے ذرائع اصلاحات قائم ہو جائے گی۔

# فلپائن میں بغاوت پھوٹ پڑی

## سڑکیں لاشوں سے پٹی پڑی ہیں

منیلا ۷ مئی۔ فلپائن کے جدید دستور اساسی کے نفاذ کے سلسلہ میں ایک خونناک بغاوت ہو گئی جس کا اثر دور تک پھیلا۔

انتہا پسند جماعت جو سکڈالسٹ کے نام سے مشہور ہے، فلپائن کے مجوزہ نظام حکومت یعنی "دولت مشترکہ" کے خلاف ہے۔ یہ شورش اسی نے پیدا کی ہے۔ اسی کمیٹی کے متعلق امریکی کو استصواب رائے ہونے والا تھا۔

اس شورش کا اثر سب سے زیادہ لاگونا میں ہوا۔ جہاں سینکڑوں آدمی مارے گئے اور بہت سے زخمی ہوئے۔ کیبنا میں باغیوں نے بے حد بے دردی کا مظاہرہ کیا۔ سڑکیں لاشوں سے پٹی پڑی ہیں۔

تین ہزار مسلح سکڈالسٹوں نے سنٹا روزا کی میونسپلٹی کی عمارت پر قبضہ کر لیا لیکن ہر کارہ نے فوج نے ان کو ایک مقابلہ میں وہاں سے نکال دیا بہت سے آدمی اس جگہ بھی مارے گئے۔

کانسٹیبلری کے مسلح گرد و منقلات میں گھوم رہے ہیں۔

بلوان کو انٹ اور برزال کے صوبوں میں صورت حال بہت تشویشناک ہے یہاں باغیوں نے عامۃ الناس میں بہت جوش پیدا کر دیا ہے۔

منیلا کے شمالی اور جنوبی حصوں میں ٹیلیفون کے تار کاٹ دئے گئے ہیں۔ ریاستہائے متحدہ امریکہ سے جنگی کشتیاں طلب کی گئی ہیں اور بحری بیڑے جزائر فلپائن کے لئے روانہ ہو گئے ہیں۔

# یو۔پی گورنمنٹ نے شرح سود مقرر کر دی

## سرکاری گزٹ میں اعلان

نینی تال ۷ مئی۔ یو۔پی گورنمنٹ کے تازہ گزٹ میں جو کل شائع ہوا ہے دو اعلان کئے گئے ہیں۔ یہ اعلان شرح سود کے متعلق ہیں جو آئندہ ایکٹ ادا قرضہ جات زراعت کے ماتحت تمام لوگوں سے وصول کیا جایا کریگا۔

پہلا اعلان یہ ہے کہ ۸ مئی سے مذکورہ قانون کے ماتحت زراعت پیشہ لوگوں کے خلاف ڈگری کی ادائیگی کی کسی ڈگری میں ۳ فی صدی سے زیادہ سود نہیں شمار کیا جائے گا۔

دوسرے اعلان میں محفوظ اور غیر محفوظ قرضہ جات کی شرح سود کی فہرست مندرج ہے اور اس فہرست کا نفاذ ۸ مئی سے ہوگا۔

# مولانا سید عطاء اللہ شاہ بخاری کی اپیل

معلوم ہوا ہے کہ ۹ اپریل کو سپیشل مجسٹریٹ گورداسپور کے فیصلہ کے خلاف حضرت مولانا سید عطاء اللہ شاہ بخاری کی طرف سے سیشن جج گورداسپور کی عدالت میں اپیل دائر کر دی گئی ہے۔ مرافعہ کی سماعت کے لئے ۲۲ اور ۲۳ مئی مقرر ہوئی ہے۔

# لندن کی سڑکوں پر ۶۰ سو انسانوں کا خون

# وانا میں پانچ کینیٹ گرفتار

# ہم امن کے خواہشمند ہیں نہ جنگ کے

## ہر ہٹلر کا اعلان

# سلور جوبلی کیخلاف سرخ اشتہارات کی تقسیم

## دہلی اور میرٹھ میں خانہ تلاشیاں

دہلی ۸ مئی۔ صبح جب سلور جوبلی کے سلسلہ میں سکولوں کے بچے سارے شہر میں یونین جیک تقسیم کر رہے تھے اسی وقت شہر میں سلور جوبلی کے خلاف کسی گمنام نوجوان پارٹی کی جانب سے سرخ اشتہارات تقسیم کئے جا رہے تھے ان پوسٹروں پر کسی پریس کا نام نہیں تھا۔ پولیس بھی سرگرم نظر آ رہی تھی۔ چنانچہ آج علی الصبح ہی ۶ بجے کے قریب آریہ ویر دل کے ایک کارکن مسٹر ہرشچندر کے مکان پر سی۔ آئی۔ ڈی کی ایک پارٹی سردار کرم سنگھ کی زیر سرکردگی پہنچی…

# اسمبلی اور کونسل کے ارکان کو مستعفی ہو جانا چاہیے

## حادثہ کراچی پر احتجاج کی صورت

کراچی ۷ مئی۔ سندھ پراونشل خلافت کمیٹی نے کل ایک خاص جلسہ منعقد کر کے مندرجہ ذیل قرارداد منظور کی ہیں۔

(۱) یہ جلسہ حادثہ فاجعہ کراچی کے متعلق اپنے دلی غیظ و غضب کا اظہار کرتا ہے اور اسمبلی اور صوبجاتی کونسلوں کے نمائندگان سے درخواست کرتا ہے کہ چونکہ حکومت نے آزاد تحقیقاتی کمیٹی کے قائم کرنے سے انکار کر دیا ہے اس لئے وہ نہیں چاہئے کہ احتجاج کے طور پر مستعفی ہو جائیں۔

(۲) یہ جلسہ آل انڈیا لیڈروں سے استدعا کرتا ہے کہ ایک غیر سرکاری…

# ہم حریفوں کا اچھی طرح مقابلہ کر سکتے ہیں

## جرمنی کے جنرل گورنگ کا اعلان

# آئندہ اصلاحات میں کانگریس کی شرکت

## صدر کانگریس کا بیان

# جلال آباد میں تبلیغی جلسہ

# مصری وزیر اعظم نیوبار پاشا مستعفی ہو گئے

# جزائر ملایا کے ایک سلطان کا برطانیہ کو عطیہ


خفیہ با تصویر کارڈ

اخبار الجمعیۃ میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے

میں نے کلزانہ کا استعمال مختلف بیماریوں میں کثرت سے کیا ہے اور اسے ہمیشہ حیرت انگیز طریقہ پر مفید نتیجہ خیز پایا ہے۔ میں اسے تقریباً تمام امراض کیلئے اکسیر اعظم سمجھتا ہوں۔

ڈاکٹر ڈبلیو۔ ٹی۔ جاری۔ رنگون

کلزانہ

تمہارے جسم کو مضبوط اور تندرست کر دیگی

مشہور و معروف ڈاکٹروں کی رائے سنئے وہ آپ کو بتائیں گے کہ آپکے اکثر امراض کی بنیادی وجہ یہ ہوتی ہے کہ آپ کے جسم میں ضروری عناصر کم ہو جاتے ہیں۔ صرف کلزانہ کے استعمال سے آپکے جسم کو از سر نو کھوئی ہوئی طاقت اور تندرستی حاصل ہو سکتی ہے کیونکہ وہ ایک ایسی مرکب دوا ہے جس میں تقریباً تمام ضروری عناصر شامل ہیں۔

اس مجرب اور لاثانی دوا کے استعمال میں دیر نہ کیجئے۔ آج ہی سے اس کا استعمال شروع کر دیجئے۔

کلزانہ کی خوراکوں کا ایک نصاب آپکو ان تمام شکایات سے نجات دلادیگا جو تندرستی پر اثر انداز ہوتی ہیں مثلاً عام کمزوری۔ تنک مزاجی۔ انیمیا۔ دانتوں کی کمزوری اور جلدی امراض وغیرہ

ایک تندرست انسان بنو اور آج ہی سے کلزانہ کا استعمال شروع کر دو

تمام دوا فروشوں اور دوکانداروں کے یہاں ملتی ہے

Kalzana

تندرستی کے لئے ایک مجرب غذا ہے جو کہ ہاتھ سے نہیں چھوئی گئی

جوائنٹ پارلیمنٹری کمیٹی کی رپورٹ

اردو میں

مشترکہ پارلیمنٹری کمیٹی کی رپورٹ کا اردو ترجمہ شائع ہو گیا ہے اور ہم نے الجمعیۃ بک ایجنسی کیلئے اس کے برائے فروخت حاصل کر لئے ہیں جو حضرات آئندہ دستور اساسی کے متعلق برطانوی مدبرین کا نقطہ نگاہ معلوم کرنا چاہیں اور اردو زبان میں تمام آئینی مسائل پر مفصل بحث پڑھنے کے خواہشمند ہوں وہ فوراً ہم سے رپورٹ کا ایک نسخہ طلب فرمائیں۔ یہ کتاب ۲۴ صفحات کی ہے اور اس کی قیمت ۸ فی جلد ہے۔ محصول ڈاک ۔ رہوگا۔ فرمائشیں جلد موصول ہونی چاہئیں۔

منیجر الجمعیۃ بک ایجنسی گلی قاسم جان دہلی

صرف تین روپیہ میں چار گھڑیاں

ایک عدد اصلی جرمن ٹائم پیس ایک عدد ڈمی پاکٹ واچ دو عدد ڈمی رسٹ واچ

ملنے کا پتہ۔ منیجر دی جرمن ناولٹی سٹور کراچی شہر




# مسلم یونیورسٹی کورٹ کے جلسہ میں

## بعض ممبران کا بیان

### بعض اہم حقائق کا انکشاف

مسلم یونیورسٹی کورٹ کا سالانہ جلسہ منعقدہ ۹ اپریل ۳۵ء زیر صدارت جناب آنریبل سر شاہ سلیمان صاحب چیف جسٹس الہ آباد ہائیکورٹ بقواعد و روایات تسکینی کے لحاظ سے نہایت افسوسناک تھا۔ مختصر تفصیل اس اجمال کی یہ ہے کہ کورٹ کے اجلاس کے لئے جو ایجنڈا جاری ہوا اس میں ڈاکٹر ضیاء الدین احمد صاحب سی۔ آئی۔ ای کو عہدہ وائس چانسلری پر مقرر کرنے کے متعلق…

# شہدائے کراچی کی یاد

## بدایوں میں تیسرا شاندار جلسہ

# سورت میں تیسری بار مردم شماری

# کوئی شخص سائیکل پر سوار نہیں ہوسکتا

# روس میں مذہب پروروں کا حشر


دھوکہ سے بچو اصلی مال خریدو

جوہر عشبہ چوب چینی (رجسٹرڈ)

خون صاف کرنے کی مشہور دوا ہے

منیجر شفا خانہ حکیم ڈاکٹر غلام نبی زبدۃ الحکماء لاہور

خضاب چھوڑ دو

پتہ: سیال کالا سٹورس پوسٹ کنسی سمری دربھنگہ

سوزاک کا تیر بہدف علاج

رشید ایجنسی گلی قاسم جان دہلی

بال عمر بھر نہ اگیں

گورنمنٹ آف انڈیا سے باضابطہ رجسٹری شدہ سوپر رجسٹرڈ

لاہور (پنجاب)

شمشیر برہنہ

بنگلور سٹی

بچون والو ہوشیار

بال جیون گھٹی رجسٹرڈ

پتہ: منیجر بال جیون کاریالیہ علی گڑھ شہر

مفت! مفت! مفت!

بول کیا چاہتا ہے؟

منیجر کارخانہ دولت کی دیوی مدن شجاع آباد (پنجاب)

اخبار "خاتون" کا وراثت نمبر

سوا سو صفحہ کا باتصویر قیمت ۸

"خاتون" کا وراثت نمبر منگوا کر اپنی سہیلیوں کو تحفۃً دیجئے۔

وراثت نمبر۔ میں مسلم خاتون کے حقوق "وراثت" پر بحث ہوگی۔

وراثت نمبر۔ اپنی نوعیت کا ایک کار آمد یادگار زمانہ مجموعہ ہوگا۔

وراثت نمبر۔ میں شریعت حقہ کی طرف سے غفلت کر کے رواج کی پابندی کرنے والوں اور لڑکیوں کے حقے غصب کرنے والے مسلمانوں کو احکام خداوندی سے ڈرایا جائیگا۔

وراثت نمبر۔ خاتون میں مشہور اہل قلم خواتین کے افسانے نظمیں اور مضامین شائع ہو رہے ہیں۔

وراثت نمبر۔ میں علمائے کرام اور مشہور ادیب حضرات کے مضامین اور شعراء کی نظمیں ہونگی

مقامی ایجنٹ سے خریدیے یا ۸ کے ٹکٹ بھیجکر منگوائیے۔

منیجر "خاتون" سانگلی اسٹریٹ بمبئی ۸

Regd No. L 1793.

# The Aljamiat

Vol. XXI No. 32 DELHI THURSDAY 9th MAY 1935 PRICE ONE ANNA



نورانی
قرآن مجید
نہایت جلی اور نہایت صحیح قرآن شریف اگر درکار ہو تو نورانی قرآن مجید الجمعیۃ بکڈپو دہلی سے طلب فرمائیں
قیمت مجلد بارہ روپیہ



پادری کی لڑکی
کا
قبول اسلام
منیجر الجمعیۃ دہلی


## وائسرائے کی خدمت میں تار

۱۹ اپریل ۱۹۳۵ء روز یکشنبہ بوقت شب ساڑھے آٹھ بجے ٹاؤن ہال میں جو جلسہ منعقد کیا گیا تھا گو وہ کامیابی کے اعتبار سے خاصا کامیاب تھا لیکن صرف ایک جلسہ کر لینے سے ہم اپنے مقصد میں کامیاب نہیں ہوسکتے۔

اس وقت تک جس قدر اطلاعات ہیں اخبارات کے ذریعہ موصول ہوئی ہیں ان سے معلوم ہوتا ہے کہ گورنمنٹ تا ہنوز شہدائے کراچی کے خون ناحق کا اونی انتقام لینے کے لئے تیار نہیں ہے۔

اور نہ مظلومین سے کسی قسم کی ہمدردی کا اظہار کرنے پر آمادہ نظر آتی ہے لہذا ضروری معلوم ہوتا ہے کہ ایک تار وائسرائے بہادر کی خدمت میں روانہ کیا جائے اور نا عاقبت اندیش حکام کے برطرف کئے جانے کا مطالبہ کیا جائے

چنانچہ ممبران کمیٹی انجمن "فلاح عام" سب ساتھیوں کو آگاہ کر دینا چاہتے ہیں کہ ۲۹ اپریل ۱۹۳۵ء روز دوشنبہ ۱۱ بجے دن کو انجمن مذکور کے پریذیڈنٹ و نائب پریذیڈنٹ کے نام سے تار ارسال کیا جائے گا۔

نیز ہم اس اعلان کے ذریعہ گورنمنٹ سے اپیل کرتے ہیں کہ شہدائے کراچی کے پسماندگان سے پوری ہمدردی اور مظلومین کے خون ناحق کا تدارک ضرور کیا جائے۔ جس کے لئے ایک آزاد کمیشن کا تقرر بہت ضروری ہے۔

(احمد علی۔ رجب علی۔ (مولانا) عبداللہ سیفی۔ عباس دہلوی)

## مسلم راجپوتان پنجاب کے اجتماع عظیم کی تیاریاں

مسلم راجپوتوں کی موجودہ زبوں حالی کو سنوارنے اور قوم میں تنظیم و یکجہتی پیدا کرنے کے لئے انجمن مسلم راجپوتان امرتسر کا ایک اجلاس خان صاحب چودھری فضل الدین خان صاحب کی صدارت میں ان کے دولت کدہ پر زیر ... بروز جمعۃ المبارک ۳ بجے بعد نماز جمعہ منعقد ہوا جس میں انجمن کا سالانہ اجلاس بلانے اور مسلم راجپوتان پنجاب کو ایک پلیٹ فارم پر جمع کرنے کے لئے ایک استقبالیہ کمیٹی بنائی گئی جو حسب ذیل افراد پر مشتمل ہے۔

## تبلیغ احرار کانفرنس

## تعلیم قرآن اور پنجابی اسکول

## مولانا سید عطاء اللہ شاہ بخاری کی سزایابی کے خلاف احتجاج

## انجمن فدائے سنت مراد آباد کا جلسہ

## ایڈیٹر اخبار الفضل کی ہمدردیوں کا شکریہ

## واقعات فیروزآباد کی تحقیقات

## تقریر سیرت کے متعلق معزز اخبارات و رسائل کی رائیں

### رسالہ معارف کا تبصرہ

### پادری کی لڑکی

### رسالہ جامعہ کی تنقید

### تقریر سیرت

حضرت سحبان الہند مولانا الحاج حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند کی یہ تقریر اپنی بے شمار خصوصیات کے اعتبار سے ایک عجیب و نادر مجموعہ ہے۔

### اخبار خلافت کی رائے

### معجز نما قرآن مجید

منیجر اخبار الجمعیۃ گلی قاسم جان دہلی

### حمائل شریف مترجم

منیجر اخبار الجمعیۃ گلی قاسم جان دہلی


بداللہ علی الجماعۃ

# سہ روزہ الجمعیۃ دہلی

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

مدیر مسئول۔ ہلال احمد زبیری (بی اے) معاون۔ محمد عثمان فارقلیط

جلد ۲۱ دہلی۔ یوم دوشنبہ ۹ صفر المظفر ۱۳۵۴ھ ہجری مطابق ۱۳ مئی ۱۹۳۵ء نمبر ۳۳


## دنیا بھر کی دولت کا اندازہ

### حکومتوں کے خزانوں میں جمع شدہ سونے کی مقدار

### انگلستان اور امریکہ کی سرمایہ داری

## معاصرین کے افکار و آراء

### دشمنوں کا گروہ

### اجراڑ کی تحقیقات کا نتیجہ

### قوت ایمانی کا اثر

## حاصل کونین

جو تیرے عشق کو، کونین کا حاصل سمجھتے ہیں

کہ ہم ایک ایک ذرہ کو تری منزل سمجھتے ہیں

وہی کچھ دہر میں راز نظام دل سمجھتے ہیں

## قومیت کی وبا

## اول خویش

## ضروری گزارش

# مولانا شفیع داؤدی کے انتخاب کا مقدمہ

## استغاثہ کی شہادتیں

(گذشتہ سے پیوستہ)

پٹنہ ۷ اپریل۔ آج پھر مسٹر عبدالحمید خاں سے مسٹر یونس نے سوالات کئے ان سوالات کے جواب میں عبدالحمید خاں نے جو کچھ بیان کیا اُس کا خلاصہ حسب ذیل ہے:-

"میں یقیناً مذہب کا بہت خیال رکھتا ہوں۔ یہ بالکل جھوٹ ہے کہ میں جادو کی پرستش کرتا ہوں ...

نمبر ۲ آگے چل کر گواہ نے بیان کیا کہ وفد کی کوئی رپورٹ تیار نہیں ہوئی تھی ... ایک سوال کے جواب میں گواہ نے بیان کیا کہ وہ اور دوسرے لوگ ... تقریباً دس روز رہے اور اس مدت میں انہوں نے سلطان ابن سعود سے تین یا چار بار ملاقات کی۔

### مسٹر فیض القادر کا بیان

اس کے بعد مسٹر فیض القادر کا حسب ذیل بیان ہوا:-

"میرے بھائی شیخ منظور کا نام ... اسمبلی کے ووٹروں کی فہرست میں ہے ..."

### حافظ محمد ثانی کا بیان

### شیخ عدالت حسین کا بیان

### مولانا عبدالحلیم صاحب صدیقی کی شہادت

... اور وہ دونوں ایک ہی جہاز ... ایس۔ اکبری سے گئے تھے۔ سلطان ابن سعود نے شفیع داؤدی پر اظہار اعتماد نہیں کیا۔ اس لئے کہ اس کا کوئی موقع ہی نہیں آیا ہے۔ مولانا شفیع داؤدی عربی زبان بولنے اور سمجھنے سے قاصر تھے۔ وہ (مولانا عبدالحلیم صدیقی) کہیں مولانا شفیع داؤدی اور سلطان ابن سعود کے درمیان ترجمان کی خدمت انجام دیتے رہے تھے۔ سلطان ابن سعود نے شفیع داؤدی کی معرفت کبھی کوئی بلاغ (پیغام) ہندوستان کو نہیں بھیجا۔ وہ پیغام جو ایک چھوٹے اشتہار کی صورت میں بلاغ کے نام سے شائع ہوا تھا، سلطان ابن سعود نے مولانا عبدالحلیم صدیقی وغیرہ کے پاس ہندوستانی مسلمانوں میں تقسیم کرنے کے لئے بھیجا تھا جسے انہوں نے (مولانا عبدالحلیم نے) دہلی میں تقسیم کروا دیا تھا ... مگر شفیع داؤدی اس میں شریک نہیں ہوئے تھے۔ موتمر اسلامی مکہ کے سوا اور کہیں منعقد نہیں ہو سکتا۔

### جرح

مسٹر خورشید حسنین کی جرح پر مولانا (عبدالحلیم صدیقی) نے بیان کیا کہ وہ شفیع ...

# ممالک خارجہ کے اہم حالات و کوائف

... کی رو سے ان دونوں چیزوں کی ممانعت کر دی گئی ہے ... اس قسم کی حرکت کرتا ہوا دیکھا گیا تو اس کو گرفتار کر لیا جاتا ہے۔

مصلحین نے ان چیزوں کو اس لئے ممنوع قرار دیا ہے کہ وہ چین کی قدیم تہذیب کو برباد کرنے والی ہے اور ان کی موجودگی میں وہ خاص نقشہ ہوتا ہے جن پر چینی اقوام کو ہمیشہ فخر رہا ہے۔

## ترکی نے محصول لگادیا

ترکی پارلیمنٹ میں ایک مسودہ قانون پیش ہے جس کا مفاد یہ ہے کہ ہر قسم کے آبی یا بحری طیاروں پر ترکی سمندر میں وارد ہوتے ہی محصول عائد کر دیا جائے اور اس میں ملکی و غیر ملکی کوئی تخصیص نہ کی جائے ...

## چینی لڑکیوں پر قیود

## ترکی اور عراق

## ایران کا ازدواجی قانون

## ایرانی حکومت اور اجنبی مدارس

## شاہ مانچوکو کا مسلمان بھائی

## چین میں تحریک اصلاح نسواں

جلالت مآب نے مزید فرمایا کہ چین کی مسلمان عورتیں نہایت جفادار، منکسر المزاج اور خلیق ہیں ... اسلام کی محافظ بھی عورتیں ہیں کیونکہ وہ مذہبی اسپرٹ کے ساتھ اپنی اولاد کو بھی مذہبی لائن پر ڈال دیتی ہیں۔ مانچو کو میں کوئی مسلمان عورت بے نمازی نہیں ہے۔

# داخلہ مصر و فلسطین کی اجازت نہیں ملی

## ہندوستانی حجاج کے ساتھ انگریزی حکومت کا ظلم

### کوہ طور سے مولانا مفتی محمد نعیم صاحب کا مکتوب گرامی

الحمدللہ احکام حج سے فارغ ہو کر چند روز مکہ معظمہ میں قیام کر کے جدہ آیا اور جدہ میں داخلہ مصر اور فلسطین کے لئے بہت کوشش کی لیکن اجازت نہ ملی آخر صرف مصر کی اجازت پر بر راستہ سویز مقام طور جو کہ فلسطین کا پہلا شہر ہے اور ...

آج ہمارا پہلا یوم ہے انشاء اللہ اتوار کی صبح یہاں سے سویز کو روانہ ہو جائیں گے۔ سویز پہنچ کر داخلہ مصر کی کوشش کروں گا اگر کسی طرح ممکن نہ ہوا تو انشاء اللہ قدس پہنچ کر قدس کے قیام اور داخلہ مصر کی اجازت بہت ممکن ہے مل جائے گی ورنہ دمشق کو روانہ ہو جاؤں گا، وہاں سے بیروت اور بیروت سے پھر واپس دمشق ہو کر عراق کی طرف روانہ ہوں گا۔ انشاء اللہ ہر مقام سے روانگی کی اطلاع دیتا رہوں گا۔ اگر آپ خط لکھنا چاہیں تو بیت المقدس زاویہ ہندیہ معرفت شیخ ناظر حسن مہتمم زاویہ ہندیہ کی معرفت روانہ کر سکتے ہیں ...

اس قبل تشنیع کے خلاف میں نے قرارداد پیش کی اور مولانا قاری محمد طیب صاحب مہتمم مدرسہ دیوبند کی تائید نیز دیگر حضرات مثل حسرت موہانی، آزاد سبحانی وغیرہ کی تائید سے قرارداد پاس ہوئی۔ نیز یہ بھی تجویز ہوا کہ ایک وفد یہ قرارداد لے کر سلطان مدظلہ کی خدمت میں جائے اور دیگر مطالبات متعلق حج بھی پیش کرے۔ چنانچہ دس ہزار حجاج ہند کے نمائندہ اجتماع نے تقریباً ۱۹ آدمی کا انتخاب کیا۔ روانگی سے قبل مولوی سنبھل وغیرہ کے مشورہ سے چند مطالبات میری قیام گاہ پر مرتب کئے گئے۔ چنانچہ یہ وفد وقت مقررہ پر سرکاری موٹروں پر معاون مالیہ اس کے بعد سلطان کی خدمت میں حاضر ہوا ...



# دنیائے اسلام کیلئے قادیانیت کا فتنۂ عظیم

## مرزائیت مجوسیت کے اثرات کا نتیجہ ہے

## فرق باطلہ کے مقابلہ میں ملت کے محفوظ رکھنے کی ضرورت

(ڈاکٹر سر محمد اقبال صاحب کا بیان)

انجمن حمایت اسلام لاہور کے جلسہ میں گورنر پنجاب کی تقریر اور اس پر سر ظفر علی کے احتجاج کے بعد ڈاکٹر سر محمد اقبال نے حسب ذیل بیان اخبارات کو بغرض اشاعت دیا ہے:-

### وقت کا زبردست مسئلہ

مسلمانوں اور قادیانیوں کے درمیان مذہبی بحث ایک الیسا ... مسئلہ ہے ...

جماعت سے تعلق رکھتا ہو اپنی فراست اور بصیرت کو اس حد تک ترقی نہیں دے سکتا کہ وہ ان مسائل کو سمجھ سکے جو ایک ایسی جماعت کی ترکیب تشکیل سے تعلق رکھتے ہوں جس کی ثقافت کے نظریے یورپین اقوام کی ثقافت سے بالکل مختلف ہوں۔

### مخصوص حالات

### ختم نبوت کے عقیدہ کی اہمیت

### وحدت ملی کے لئے خطرہ

### بیسویں صدی کی مجوسیت

### مذہبی رواداری

### ہندوستان کا روشن خیال طبقہ

... ہندوستان کی مختلف جماعتوں کی زندگی سے مذہبیت کا عنصر بالکل خارج ہو جائیگا ... دل مذہب کی بجائے کسی اور چیز کا طالب ہوگا ... روس میں ہو دار ہو چکی ہے۔

(باقی صفحہ ۵ پر ملاحظہ فرمائیے)

... اپنی روشن خیالی کہلانے والے مسلمانوں میں سے بعض مغرب زدہ اصحاب ایسے بھی ہیں جو مذہب کے معاملہ میں رواداری کی تلقین کرتے ہیں۔ سر ہربرٹ ایمرسن اگر مسلمانوں کو قادیانیوں کے ساتھ رواداری برتنے کی ہدایت فرمائیں تو انہیں معذور سمجھا جا سکتا ہے ...

# فیروز آباد کے فرقہ وارانہ فساد کا آغاز و انجام

## حکام کی غفلت اور کوتاہ اندیشی کے نتائج

### ہندو اخبارات کے پروپیگنڈہ کی حقیقت

امسال محرم اور رام نومی کا الحاق تعاجس کی وجہ سے قصبہ پر فکر کے بادل چھائے ہوئے تھے۔ اہل ہنود میں موجودہ تحصیلدار صاحب کے مشورہ سے بہت قبل سے کمیٹیاں ہو رہی تھیں۔ جناب حاکم پرگنہ صاحب اور قصبہ کی ... پولیس نے بھی محرم شروع ہونے سے پہلے ہی انتظامات شروع کر دئے۔ ۲۶ ذی الحجہ کو ڈپٹی ظہور الحسن صاحب حاکم پرگنہ آگرہ سے تشریف لائے اور چند ...

... سے سنگبازی کا نور دکھلانے کو تیار تھے۔ جب یہ دیکھا کہ اب بھی کوئی حرکت کے مسلمان مشتعل نہیں ہوئے تو انہوں نے دوکانات اور مندر کی چھتوں سے اینٹیں برسانا شروع کر دیں۔ تمام افسران بھی موقع پر موجود تھے۔ ڈپٹی کلکٹر صاحب کے ہاتھ اور پولیس انسپکٹر صاحب کی گردن پر اور چند سپاہیوں کے ... پولیس میں سے دو زخمی ہو گئے۔

### مکان سے آگ کے شعلے

### پولیس کی گولیاں

### مندر پر آوارگی

(جمیل بہاری فیروزآبادی)


## سرمہ نور

... آنکھوں کی خارش، سرخی، دھند، جالا، پھولا، ناخونہ اور پلکوں کا گرنا پرانے سے پرانے روہے کیلئے مخصوص اور مفید ہے ... انشاء اللہ ان کی آنکھوں کو کسی قسم کا مرض لاحق نہ ہوگا۔ قیمت فی تولہ ... (عمہ) ...

ملنے کا پتہ
(مولانا) نورالدین بہاری دہلی بیرون لاہوری دروازہ

## "نگارستان کشمیر"

(مصنفہ قاضی ظہورالحسن صاحب سیوہاروی)

کشمیر جنت نظیر کی جدید ترین تاریخ، اسلاطین و مہاراجگان کشمیر کی حکومت کا صحیح مرقع، متعصب ہندو مورخین کشمیر کے ان بے بنیاد جھوٹے الزامات کے دندان شکن جوابات جن سے اسلامی سلاطین کشمیر کے دامن کو آلودہ کیا ہے۔ اس کے برعکس ہندو تہذیب کے پراگندہ حالات و مظالم کی تفصیلات، مندروں کے انہدام گئو کشی، جنیئو شکنی اور جبریہ اشاعت اسلام وغیرہ منافرت پیدا کرنے والے پروپیگنڈے کی حقیقت، حضرت عیسیٰ علیہ السلام اور مریم صدیقہ کی قبور کی تحقیق، مرزائے قادیان کی ہرزہ سرائی کے محققانہ جوابات، مشاہیر کشمیر اور اسلامی آثار کی عظیم الشان تاریخ ۹ ابواب پر مشتمل ۱۰۰ صفحہ کی کتاب اعلیٰ کتابت و طباعت، خوشنما رنگین ٹائیٹل قیمت دو روپے آٹھ آنہ (عہ) - (اخبار کا حوالہ ضرور دیجئے)

ملنے کا پتہ: مکتبہ شرقیہ، سوئیوالان - دہلی

# اگر روس نے فرانس کا ساتھ دیا تو جاپان جرمنی کا ساتھ دیگا

برلن ۱۰ مئی۔ روس اور فرانس میں حال ہی میں جو معاہدہ ہوا ہے اس پر جرمنی بھر میں اظہار ناراضگی کیا جارہا ہے۔ جرمنی کے پریذیڈنٹ نے اس معاہدہ کے متعلق اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ جرمنی کے دو لاکھ جوان فرانس کی اینٹ سے اینٹ بجادینے کے لئے کافی ہیں وہ روس کو ناکوں چنے چبا سکتے ہیں۔ اگر روس نے ہونے والی جنگ میں جرمنی کے خلاف فرانس کی مدد کی تو اس صورت میں اسے یہ معلوم ہونا چاہیئے کہ جاپان جرمنی کی ہر طرح مدد کرے گا۔ جرمنی جنگ کو پسند نہیں کرتا۔ لیکن اسے مجبور کیا جارہا ہے کہ وہ میدان جنگ میں کود ے۔

# چینی بالشویک ہندوستانی سرحد پر

## زبردست جنگ کا امکان

شنگھائی ۱۰ مئی۔ کمیونسٹ افواج جو یونانفو کی طرف بڑھی آرہی تھیں پسپا ہوکر پیچھے کی طرف ہٹ گئی ہیں دریائے یانگسی کو عبور کرنے کے بعد وہ صوبہ زیچوان میں داخل ہوگئی ہیں یہ صوبہ چینی کمیونسٹوں کا بڑا مضبوط گڑھ ہے۔ ۱۹۳۳ء میں بھی جب کیانگسی سودیٹ کے ۲ قلعے کمیونسٹوں سے چھین لئے گئے تھے تو کمیونسٹ ...

# سیاسیات سے راجگوپال اچاریہ کی علیحدگی

# ڈاکٹر انصاری صاحب کے بڑے بھائی کا انتقال

# ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ پولیس کی موٹر ...

# گائے کے ٹھیکیداروں کا واویلا

# تانگہ اور موٹر کا تصادم، تانگہ والا ہلاک

# سر محمد اقبال صاحب کا بیان

(بسلسلہ صفحہ ۳)

# جوبلی کی تقریب میں عورتوں کا مینا بازار

## شرفا کی عورتوں اور بچوں پر چند گھنٹوں کی قیامت

### شہر میں سخت ہیجان۔ تحقیقاتی کمیٹی کا تقرر۔ جامع مسجد میں احتجاج

دہلی ۹ مئی۔ کل جوبلی کی تقریب میں باغ کمپنی میں عورتوں کے لئے مینا بازار لگایا گیا تھا کل کا دن صرف عورتوں کے لئے مخصوص تھا۔ اعلان یہ کیا گیا تھا کہ تمام انتظام عورتوں کا ہوگا مگر یہ اعلان عملاً غلط ثابت ہوا اس زنانہ تقریب کا خاص پہلو یہ تھا۔ عام پروپیگنڈا کی وجہ سے قوم اور ملت کی مستورات بالخصوص پردہ نشین خواتین نے بکثرت شرکت کی اس موقعہ پر لوگوں نے اپنی آنکھوں سے بے حیائی اور بے غیرتی کے جو شرمناک اور تکلیف دہ مناظر دیکھے ہیں ان کو ضبط قرطاس پر لاتے ہوئے بدن پر رونگٹے کھڑے ہوتے ہیں۔ کل کا منظر اس قدر عبرت انگیز تھا کہ الامان والحفیظ! کوئی شریف اور غیرت مند انسان ان واقعات کو دیکھنے کی تاب نہیں لاسکتا تھا جو ... مستورات کے سلسلہ میں ظاہر ہوئے۔ باغ کے تمام دروازوں پر ہوسناک غنڈوں اور بدمعاش آوارہ لوگوں کا ہجوم تھا۔ جگہ جگہ بدمعاشوں کے ٹھٹ لگے ہوئے تھے۔ ہر طرف سے عورتوں پر آوازے کسے جاتے تھے۔ ہاتھوں سے بھی مستورات کو چھیڑا گیا پردہ نشین عورتوں ...

کا اظہار کرتا ہے جو اس نے سلور جوبلی کی زنانہ تقریب کیلئے پوسٹروں کے ذریعہ اعلان کیا تھا اور یقین دلایا تھا کہ اس میں عورتوں کے شایان شان انتظام ہوگا مگر اس اعلان کے باوجود جس بے نظمی اور پانی کی قلت اور دوسرے مصائب کو از خود پیدا کر کے جو مشکلات ان مہمان عورتوں کیلئے مہیا کی گئیں وہ اس کی ناقابلیت اور تہذیب و شرافت سے بیگانگی کا کھلا ہوا ثبوت ہے۔ کمیٹی باغ میں مستورات سے وہ سلوک کیا گیا جس نے مشرقی تہذیب کو پامال کردیا ہے خواتین کو چاہیئے کہ وہ آئندہ اس قسم کے پرفریب اعلانات سے دھوکہ نہ کھائیں۔

# دفتر الجمعیۃ میں آکر اطلاع دیجئے!

مینا بازار میں جوبلی کے سلسلے میں عورتوں کا جو میلہ مقرر کیا گیا تھا ...

# تحقیقاتی کمیٹی کا تقرر

# جامع مسجد میں احتجاج

# اجرار کے مظالم پر پردہ ڈالنے کی کوشش

# ہائی کورٹ کے جج کا دربار میں شرکت سے انکار

# ڈیڑھ لاکھ روپیہ کا مالیہ معاف

# کان کی سل گرنے سے تین افراد ہلاک

# ڈاکوؤں کی وحشیانہ حرکات

## تین آدمی زندہ جلا دئے

بریلی ۹ مئی۔ ایک قصبہ سے دلیرانہ ڈاکہ کی اطلاع ملی ہے جس میں ایک شخص ہلاک ہوگیا اور ایک زخمی ہوا اور دو ہزار روپے کا نقصان ہوگیا یہ ڈاکو بندوقوں، نیزوں اور لاٹھیوں سے مسلح تھے اور ایک ہندو کے مکان میں گھس کر اور ایک شخص کو گولی مار کر نقد اور زیورات اڑا لے گئے۔

رنگون ۹ مئی۔ ساکیانگ ضلع میں ڈاکوؤں کے ایک گروہ نے برمیوں کے ایک خاندان کو جو تین اشخاص پر مشتمل تھا زندہ جلادیا۔ ڈاکوؤں نے نیم شب میں مکان پر حملہ کیا مگر مالک مکان نے دروازہ کھولنے سے انکار کردیا جس پر ڈاکوؤں نے مکان کو آگ لگادی جس سے مالک مکان، بیوی اور بیٹا جل کر ہلاک ہوگئے۔

# ہندو مسلمانوں میں پھوٹ ڈلوانے والا

## بھکشو اتما کیخلاف سناتنیوں کا احتجاج

لاہور ۹ مئی۔ راولپنڈی میں بھکشو اتما صدر ہندو مہا سبھا نے اپنی تقریر میں سماج کا جو اصلاحی پہلو پیش کیا تھا اس سے سناتن دھرمیوں کو بڑا طیش آیا اور ...

# مولوی شفیع داؤدی کیخلاف انتخابی درخواست

## ٹربیونل نے خارج کردی

# جوبلی کے خلاف سرخ اشتہارات کی تقسیم

## میرٹھ میں تلاشیاں۔ دہلی میں گرفتاریاں

# جوبلی فنڈ کا چندہ خلاف قانون ہے

## ناگپور میونسپلٹی پر دعویٰ

# ایک گاؤں میں شدید آتشزدگی

# قاہرہ کے یہودیوں کا مقدمہ خارج ہوگیا

# ہنگامی قوانین دوبارہ جاری ہونگے

# پنڈت جواہرلال نہرو کی رہائی سے انکار

# مدراس میں بم پھٹ گیا

# مزدوروں میں فساد



بسم اللہ الرحمن الرحیم

# الجمعیۃ دہلی

یوم دوشنبہ ۹ صفر المظفر ۱۳۵۴ھ ہجری

# دہلی کی پیشانی پر کلنک کا ٹیکہ

## ۸ مئی ۱۹۳۵ء کے واقعات

آج شہر میں یہ کیفیت ہے کہ جس طرف بھی جائیے اور جس شخص سے بھی بات کیجئے گفتگو کا صرف ایک ہی موضوع ہوگا۔ ۸ مئی کا وہ "مینا بازار" جو سلور جوبلی کی تفریحات کے سلسلہ میں میونسپل کمیٹی دہلی کے زیر انتظام کمپنی باغ میں برپا کیا گیا تھا اور جس کے متعلق یہ اعلان عام تھا کہ وہ صرف عورتوں کے لئے مخصوص ہوگا اس "مینا بازار" میں جو انتہائی شرمناک اور حیا سوز واقعات پیش آئے انہوں نے دہلی کے باشندوں کے دلوں میں منتظمین و عملین کے خلاف نہایت سخت نفرت اور غصہ کے جذبات پیدا کردئے ہیں اور اگر ان جذبات کی صحیح ترجمانی نہ کی جائے تو یہ غفلت اور کوتاہی دہلی کے اخبارات کی زبردست فرض ناشناسی بلکہ قومی غداری ... کے مترادف ہوگی۔ شہر میں ایسے معزز شریف اور معتبر حضرات کی کوئی کمی نہیں ہے جنہوں نے ۸ مئی کے واقعات کو خود اپنی آنکھوں سے دیکھا ان کے تدارک کے لئے حتی الامکان سعی بلیغ کی اور تمام رات اس بدانتظامی اور مجرمانہ غفلت کے قدرتی نتائج کو دور کرنے کی غرض سے عملی جدوجہد کرتے رہے۔ چاندنی چوک کا بازار جو دہلی کا سب سے بڑا بازار ہے اور جہاں ہر قسم کے راہگیروں کی بہت بڑی تعداد آدھی رات کے بعد تک گزرتی رہتی ہے اور جہاں شب کے ابتدائی حصہ میں بکثرت دو کاندار اپنی دوکانوں پر موجود رہتے ہیں اس نظارہ کے چشم دید گواہ ہیں جس کی تفصیلات نے لوگوں کے دلوں میں ناسور ڈالدئے ہیں اور ان کی سمجھ میں نہیں آتا کہ وہ ان ناقابل تلافی جرائم کی چارہ جوئی کس طرح کریں اور اس کے لئے زیادہ سے زیادہ مؤثر ذرائع کیا اختیار کئے جائیں۔

### اعلان عام

ہمارے علم میں جو واقعات تواتر کے ساتھ اور مستند ذرائع سے لائے گئے ہیں اُن کو تمام وکمال کسی اخبار کے کالموں میں نہیں لکھا جاسکتا اور نہ اُن کی شدید مذمت کے لئے مؤثر الفاظ میسر آسکتے ہیں۔ تاہم ان واقعات کا ایک عام خاکہ پیش ...

سے یہ کہا گیا کہ وہ اپنے گھروں میں جاکر اپنی ماؤں اور بہنوں سے "مینا بازار" کا تذکرہ کریں انہیں بتائیں کہ وہاں پردہ کے کیسے بہترین انتظامات ہیں اور انہیں آمادہ کریں کہ وہ مینا بازار میں چند گھنٹوں کے لئے آکر اور کھلی فضا میں رہ کر واپس چلی جائیں۔ اس پروپیگنڈا کے ساتھ ساتھ شہر کے بہت سے خان بہادروں اور رئیس صاحبوں اور میونسپل کمشنروں کے اسمائے گرامی اس امر کی ضمانت کے طور پر پیش کئے گئے کہ انتظامات میں بڑے بڑے لوگوں کو دخل ہے اور وہ بھی اس مینا بازار کو مسلمانوں کے اونچے اور دولتمند طبقہ میں کامیاب بنانا چاہتے ہیں۔

### پروپیگنڈا کا اثر

یہ پروپیگنڈا روزانہ آہستہ آہستہ ہوتا رہا اور جیسی کہ ہر پروپیگنڈا کی خاصیت ہوتی ہے اس نے بہت سے شریف خاندانوں کی پردہ نشین خواتین کے دماغ مختل کردئے اور وہ بغیر اس کے کہ کوئی صحیح فیصلہ کرسکیں اس پر آمادہ ہوگئیں کہ مینا بازار میں جائیں اور وہاں جاکر خالص عورتوں کے بازار میں خرید و فروخت کریں۔ اکثر عورتوں کو اپنی تمام عمر میں کبھی کمپنی باغ یا چاندنی چوک دیکھنے کا اتفاق بھی نہیں ہوا تھا وہ صرف نام سنتی تھیں ... انہوں نے اس وقت تک کبھی گھر سے باہر پاؤں نہیں نکالا تھا ... قدم نہیں رکھا تھا ان کے عجیب و غریب خیالات تھے۔ وہ سمجھتی تھیں کہ کمپنی باغ کسی چار دیواری کے اندر ہوگا۔ وہاں داخل ہونے کے بعد ہر عورت مردوں کی نگاہوں سے محفوظ ہوگی، وہاں جانے میں پردہ اور بے پردگی کا کوئی سوال پیدا نہ ہوگا وغیرہ وغیرہ ان کے علاوہ ایسی عورتیں بھی تھیں کہ جو برقع میں باہر نکلتی رہتی ہیں ان کا خیال ہوا کہ مینا بازار کے متعلق یہ تھا کہ وہ کم سے کم "پردہ باغ" کے نمونہ پر ہوگا وہاں سواریوں کے کھڑے ہونے کا علیحدہ بندوبست کیا جائیگا داخلہ کے وقت سے لے کر واپسی تک صرف عورتوں سے واسطہ پڑے گا ...

کو یہ ہدایات تھیں کہ نہ سٹر سوہن لال کا دستخطی اجازت نامہ (جن کا رنگ سبز تھا) اور جس پر Admit لکھا ہوا تھا دیکھ کر ہر موٹر کو اندر جانے دیں وہ اس کے مجاز نہیں تھے کہ عورت یا مرد کا سوال اٹھائیں۔ چنانچہ بہت سی ایسی موٹریں گذریں جو مردوں سے خالی نہیں تھیں۔ اور انہیں نہیں روکا گیا۔ ان میں سے مرد اندر رہے۔ میونسپل کمشنروں کی موٹریں بھی اس وقت کمپنی باغ کے اندر گئیں جو مینا بازار کے لئے مقرر کیا گیا تھا اور جس کے دوران میں کوئی چھ برس سے زائد کا بچہ کمپنی باغ میں داخل نہیں ہوسکتا تھا۔ شاید اس وقت کے لئے ان تمام مردوں کو چھ برس سے کم عمر کا سمجھ لیا گیا تھا۔ پولیس کانسٹبل، ملازمین میونسپلٹی، بڑے بڑے عہدہ دار اور خطاب یافتہ حضرات، میونسپل کمشنران، سکریٹری میونسپلٹی اور بعض دوکاندار گویا اس عام اعلان سے بالکل مستثنیٰ قرار دیدئے گئے تھے۔ چند بدمعاشوں نے بھیس بدلکر اپنا داخلہ حاصل کیا۔ اور ان میں سے صرف ایک کو پکڑا گیا۔ ٹاؤن ہال میں جو باغ کے اندر ہی ہے مردوں کو بار بار دیکھا گیا۔

### پریشانی اور بے حرمتی

عورتوں کی تعداد ہزاروں تک پہنچ گئی تھی اور ان کے ساتھ بے شمار بچے تھے مگر پانی کا کوئی انتظام نہیں تھا صرف چار گوشوں میں چار چار مٹکے پانی کے بھروا کر رکھوادئے تھے جو چند منٹوں ہی میں خشک ہوگئے تھے اور اس کے بعد پانی کی جو تکلیف ہوئی وہ ناقابل بیان ہے۔ بچوں کا رونا اور بلکنا اور عورتوں کا پریشان ہوکر باہر نکلنا اور باہر کسی سواری کا انتظام نہ ہونا اور ان کا گھبرا کر مدد کے لئے ادھر ادھر پھرنا اور بدمعاشوں کا موقع پاکر ان کو چھیڑنا اور دست درازیاں کرنا ایسے واقعات ہیں جنہوں نے کم سے کم ان عورتوں کے لئے عرصہ حیات تنگ کردیا تھا اور ان کی سمجھ میں نہیں آتا تھا کہ وہ کیا کریں کس طرح زمین پھٹ جائے اور وہ سما جائیں۔ سینکڑوں عورتیں جو باغ کے اندر سے بے پردگی کو دیکھ کر اس لئے باہر آئیں کہ کسی طرح اپنے گھر کو جائیں گویا بد سے بدتر حالات میں مبتلا ہوگئیں بہت سی عورتوں کو چاندنی چوک میں ٹھوکریں کھاتے ہوئے دیکھا گیا۔ کوئی میونسپل کمشنر مینا بازار کمیٹی کا کوئی ذمہ دار رکن، وہاں موجود نہیں تھا جو ان کی امداد کرتا۔ قریب کے محلوں کے شرفا نے ان کو ان کے گھروں تک پہنچانے کا بندوبست کیا۔ اور یہ سلسلہ شب کو بہت دیر تک جاری رہا۔ اس مصیبت میں بہت سے بچے غائب ہوگئے جن کی تلاش میں سخت دشواری ہوئی اور کہا جاتا ہے کہ ایک بچہ اب تک غائب ہے۔ عورتوں کے متعلق کچھ نہیں کہا جاسکتا کیونکہ ابھی تک تادم تحریر ہمارے پاس کوئی قطعی اور موثق شہادت موجود نہیں ہے۔

### ایک قابل غور

سوال یہ ہے کہ کیا ان تمام واقعات کو یوں ہی دبا دیا جائے اور ان کے متعلق کوئی کارروائی نہ کی جائے؟ ہماری ناچیز رائے میں یہ طریقہ صحیح نہیں ہے اس سے ان لوگوں کی ہمت افزائی کا اندیشہ ہے جو اس قسم کے اعلان اور اس قسم کی غفلت کے ذمہ دار ہیں بلاشبہ ہم ان واقعات کی ذمہ داری ایک بڑی حد تک خود ان عورتوں پر جو وہاں آئیں اور ان کے مردوں پر بھی سمجھتے ہیں جس سے ہرگز انکار نہیں کیا جاسکتا مگر وہ ایک بالکل جداگانہ معاملہ ہے اور اس سے منتظمین مینا بازار کی ذمہ داری میں ذرہ برابر فرق نہیں آسکتا یہ ایک حقیقت ہے کہ مینا بازار کے لئے جو پروپیگنڈا کیا گیا وہ بعد کے واقعات سے سراسر دھوکہ ثابت ہوگیا۔ اگر منتظمین یہ نہ کہتے کہ پردہ کا معقول انتظام ہوگا اور چھ برس سے زیادہ عمر کا کوئی بچہ بھی داخل نہ ہوسکے گا اور صرف عورتیں ہی انتظام کریں گی اور صرف عورتوں ہی کو دوکانوں کا لائسنس دیا جائیگا۔ اور عورتوں کا وقت مخصوص و متعین ہوگا تو ہم سمجھتے ہیں کہ بہت سی عورتیں ...

### شام کے وقت

### تردید حقیقت

### اندر بھی مرد تھے

پردہ کا کوئی بندوبست کیا گیا۔

(۹) کیا عورتوں کے باغ کے اندر جانے entrance اور باہر آنے exit کا کوئی خاص راستہ متعین کیا گیا۔

(۱۰) کیا آنے والی سواریوں کے علیحدہ کھڑے ہونے اور واپسی کے وقت ان کے بغیر کسی دقت کے مہیا ہوجانے کا کوئی اہتمام کیا گیا۔

(۱۱) کیا پولیس کی کافی جمعیت دروازوں اور چاروں طرف کے راستوں پر باہر کی طرف انتظام کرنے کو حاصل کی گئی۔ اور کیا اس قسم کی غفلت شعاری کے نتائج افسوسناک نہیں ہوئے۔

(۱۲) کیا اتنے بڑے اجتماع کے لئے گرمی کے موسم میں پانی کا کوئی معقول بندوبست کیا گیا۔

یہ اور اس قسم کے صدہا ایسے اہم ترین امور ہیں جن کا انتظام کرنے کے بعد وہ قدم اٹھانا چاہیئے تھا جو "مینا بازار" کے اعلان کی صورت میں اٹھایا گیا۔ اگر ان سوالات کا صحیح جواب اثبات میں ہے تو خیر کوئی جھگڑا نہیں۔ ہم بالکل مطمئن ہوجائیں گے لیکن اگر نفی میں ہے تو کون یہ کہہ سکتا ہے کہ ۸ مئی کی شام کو دہلی کے ماتھے پر جو کلنک کا ٹیکہ لگا اس کی ذمہ داری منتظمین مینا بازار پر نہیں تھی۔

# حوادث و احکام

## استفتاء

گرز چلاہے

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ نور محمد جی مرحوم کی موروثی جائداد ہے، یہ اپنے سلب سے ایک لڑکی دھولی بائی و ایک لڑکا نیاز محمد چھوڑ کر انتقال کرگئے۔ پسر نیاز محمد کا بھی انتقال ہوگیا۔ اور ان کے سلب سے ایک لڑکی نور بائی ہے اور بیوہ نیاز محمد ہے۔ تشریح کا:۔

دختر نور محمد دھولی بائی۔ دختر نیاز محمد نور بائی بیوہ نیاز محمد ناتھی بائی یہ تینوں مستورات موجود ہیں ان کا شرعاً کتنا کتنا حصہ ہے؟

## الجواب

جائداد موروثی شرعاً ترکہ میت کا نہیں ہوسکتا ہے۔ لہٰذا اس کو تقسیم بھی شرعاً درست نہ ہوگی۔ کیونکہ یہ جائداد اصلی و قدیمی مالک کی ملکیت ہی ہوتی ہے صرف کاشت کرنے و قابض ہونے سے شرعاً ملکیت ثابت نہیں ہوتی۔ فقط واللہ اعلم

حبیب المرسلین عفی عنہ
نائب مفتی مدرسہ امینیہ دہلی

# آہ مولوی حاجی سید عبد اللطیف صاحب مرحوم

یوں تو اہل دولت و ثروت میں عموماً بہت کم افراد ان اوصاف حمیدہ و خصائل محمودہ کے حامل ہوتے ہیں جو قدرت نے مولوی حاجی سید عبد اللطیف صاحب مرحوم خلف مولوی محمد عبد الاحد صاحب مالک مجتبائی دہلی کی سرشت میں ودیعت فرمائی تھیں مگر خصوصاً دہلی تو آپ کے بعد ایک تجربہ کار باخدا محب علم سخی النفس کریم الطبع عابد و زاہد رئیس کے وجود سے خالی ہوگئی۔

مولوی حاجی سید عبد اللطیف صاحب مرحوم کی عمر تقریباً ساٹھ سال کی ہوگی آپ اپنے بھائیوں سے بڑے تھے کچھ عرصہ سے مرض اختلاج القلب میں مبتلا تھے ...

# زنانہ مدارس میں پروپیگنڈا

# قارئین الجمعیۃ کے خیالات

## مجلس احرار اسلام سرحد کی سرگرمیاں
## حکومت کی مرزائیت نوازی کا کھلا ثبوت

جناب ایڈیٹر صاحب تسلیم!

زیدہ تحصیل صوابی میں حسب اعلان ۱۳ر اپریل کو شعبۂ تبلیغ احرار اسلام زیدہ کے زیر اہتمام عظیم الشان جلسہ منعقد ہوا جس کے منعقد ہونے کے لئے زیدہ اور علاقہ کے دیگر مرزائیوں نے ایڑی چوٹی کا زور لگایا لیکن علماء احرار مولانا غلام غوث صاحب صدر احرار مولانا حکیم فضل حق صاحب دیوبندی، مولانا لطف اللہ صاحب مولوی فاضل مولوی سید الشاہ حسین صاحب مولانا مدرار الدین صاحب ناظم شعبۂ تبلیغ مردان مولانا لطف الرحمن صاحب سابق مبلغ مرزائیت مردان مولانا محمد شاہ صاحب کوٹھہ اوران کے سوا بیسیوں علماء و اسلام دور دراز سے تاریخ مقررہ پر پہنچ چکے تھے۔ ...

## جمعیت علماء صوبہ سرحد کا مرکزی اجلاس
### جدید انتخاب اور اہم تجاویز

(۱) جمعیت العلماء صوبہ سرحد کا یہ مرکزی اجلاس شریعت بل کی سلیکٹ کمیٹی کو پرزور الفاظ میں متنبہ کرتا ہے کہ وہ قرآن پاک کو کھیل نہ بنائیں اور بلا ترمیمات اصل بل کو پاس کرکے تاریخی کام میں مسلمانوں کی مدد کریں۔

(۲) جمعیت علماء صوبہ سرحد کا یہ اجلاس ظفر اللہ خان قادیانی کے تقرر پر ایگزیکٹو کونسل ہند پر زبردست احتجاج کرتا ہے اور اعلان کرتا ہے کہ کوئی مرزائی مسلمانوں کا نمائندہ نہیں ہوسکتا اور حکومت بزور دستی مرزائیوں کو مسلمانوں کی جگہ دیتی ہے اس کا لازمی نتیجہ یہ ہوگا کہ مسلمان گورنمنٹ کے اس فعل کو مذہبی مداخلت تصور کریں گے۔

(۳) یہ اجلاس مولانا سید عطاء اللہ شاہ صاحب بخاری کی سزا پر سخت تشویش کا اظہار کرتا ہے اور اس کو گورنمنٹ کی قادیانیت نوازی تصور کرتا ہے۔

(۴) یہ اجلاس کراچی کے واقعہ کے بارہ میں حکومت کے اعلان کا یہ معنی سمجھتا ہے کہ گولی چلانے میں نہایت بے احتیاطی کی گئی ہے۔ گورنمنٹ اپنے فیصلہ پر نظر ثانی کرکے مسلمانوں کو مطمئن کرے۔

(۵) یہ اجلاس ان مضامین کے اخبارات میں شائع ہونے پر جو قاضی محمد یوسف پشاوری مرزائی کی طرف منسوب کئے جاتے ہیں سخت رنج کا اظہار کرتا ہے اور گورنمنٹ سے مطالبہ کرتا ہے کہ وہ تحقیقات کرکے قرار واقعی سزا دے۔ مسلمان آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی شان میں بے ادبی کو کسی طرح برداشت نہیں کرسکتے۔ ...

ڈیرہ اسمٰعیل خاں۔ رمضان خاں صاحب وکیل۔ مولانا محمد افضل صاحب
تحصیل پشاور۔ سید سر صاحب شاہ تحصیل۔ عبدالودود صاحب۔ محمد اکرم خان صاحب
مردان۔ مولوی عنایت اللہ صاحب۔ مولوی زین الدین صاحب۔
تحصیل چارسدہ۔ مولوی خلیل الرحمن صاحب تنگی۔ ضیاء الحق صاحب تنگی
تحصیل صوابی۔ مولانا عبدالرفیع صاحب۔ مولانا لطف اللہ صاحب
بنوں۔ قاضی حبیب الرحمن صاحب۔ شیخ مامون صاحب۔

## جشن جوبلی میں دعوت

## روم میں یوپی نمائندوں کا اجتماع

## فرانسیسی وزیر اعظم کا بازو ٹوٹ گیا

## حکام پرستوں کے پروپیگنڈہ کی تردید

## شہر دہلی میں مسلمانوں کا مسافر خانہ

## درخواست دعا

محترم ایڈیٹر صاحب! ... حضرت ناظم مدرسہ تجوید القرآن ...


**حب مقوی سنہری**

رشید اینڈ کو گلی قاسم جان دہلی



**رسالہ اٹھتی ہوئی جوانی بالکل مفت**

پتہ۔ ... سٹری ... کاٹھیاواڑ



دھوکہ سے بچو
اصلی مال خریدو
**جوہر عشبہ چوب چینی** (رجسٹرڈ)
خون صاف کرنے کی مشہور دوا
... حکیم ڈاکٹر غلام نبی زبدۃ الحکماء لاہور



**خضاب چھوڑ دو**

اس تیل کے استعمال سے ... بال کالا اسٹورس پوسٹ کسی سمری (دربھنگہ)



**سونے کی ڈلیاں کوڑیوں کے مول**

طاقت کی طاقت جس سے بوڑھے جوان اور جوان قابل فخر نوجوان بن جاتے ہیں صرف حب زرین (رجسٹرڈ) ہی کے ذریعہ حاصل ہوسکتی ہے جس کے استعمال سے قوت کا لازوال خزانہ حاصل ہوسکتا ہے۔

مکمل خوراک ۳۲ گولیاں صرف دو روپیہ آٹھ آنہ (عہ/۲)

دواخانہ کنز المجربات (رجسٹرڈ) کوچہ چیلان گلی راجان دہلی سے طلب کریں



**حبوب امساک**

DELHI

منیجر ... فارمیسی ... دہلی



## جوائنٹ پارلیمنٹری کمیٹی کی رپورٹ
### اردو میں

مشترکہ پارلیمنٹری کمیٹی کی رپورٹ کا اردو ترجمہ شائع ہوگیا ہے اور ہم نے الجمعیۃ بک ایجنسی کیلئے اس کے نسخے برائے فروخت حاصل کرلئے ہیں جو حضرات آئندہ دستور اساسی کے متعلق برطانوی مدبرین کا نقطۂ نگاہ معلوم کرنا چاہیں اور اردو زبان میں تمام آئینی مسائل پر مفصل بحث پڑھنے کے خواہشمند ہوں وہ فوراً ہم سے رپورٹ کا ایک نسخہ طلب فرمالیں یہ کتاب ۲۰۰ صفحات کی ہے اور اس کی قیمت فی جلد عہ ہے محصولڈاک ... فرمائشیں جلد موصول ہوجانی چاہئیں۔

منیجر الجمعیۃ بک ایجنسی۔ گلی قاسم جان دہلی

SHARBAT ROOHAFZA

شربت روح افزا (رجسٹرڈ)

موسم گرما میں ہر قسم کی شکایت کیلئے اکسیر۔ تمام ہندوستان میں اپنے خواص کی وجہ سے مشہور و مقبول ہوچکا ہے۔ بڑے بڑے راجہ نواب اس کو ہمیشہ استعمال کرتے ہیں

فی بوتل ایک روپیہ چار آنے

دواخانہ ہمدرد یونانی دہلی

REGISTERED "NAMAK JALINOOS" No. 624

نمک جالینوس (رجسٹرڈ)

معدے اور آنتوں کو قوت دیتا اور ان کو رزی ... بدہضمی اور دائمی قبض کو رفع کرکے غذا کو صحیح طور پر ہضم کرتا ہے ... قیمت فی شیشی ... آنے

ہمدرد دواخانہ یونانی دہلی


# اٹلی نے حبش کے خلاف جنگ کی تیاریاں شروع کردیں
## حبش کی سات لاکھ فوج مقابلہ کیلئے موجود ہے
### یورپین فرمیں حبش کیلئے جنگی اسلحہ فراہم کررہی ہیں

روم ۸ر مئی۔ اطالوی اور مشرقی افریقہ کی نوآبادیات کے تحفظ کے لئے فوجوں کو جنگ کے لئے تیار رہنے کے احکام دیدیئے گئے ہیں۔ سرکاری کمیونک میں بیان کیا گیا ہے کہ چونکہ یورپین اسلحہ ساز کارخانوں نے حبش کو کثیر تعداد میں اسلحہ فراہم کئے ہیں اور شاہ حبش نے حال کی تقریر میں حبشی افواج کو تیار رہنے کے احکام دئے تھے اس لئے حکومت کو ایسے احکام جاری کرنے کی ضرورت محسوس ہوئی۔ مسولینی نے فوجوں کو تیار رہنے کا حکم دیدیا ہے جنگ کے لئے ۱۹۱۲ء کے محفوظ ملازموں کو بھی واپس بلا لیا گیا ہے جنہوں نے صرف چھ ماہ تک ہی ملازمت کی تھی۔ ایریٹریا کے ہائی کمشنر نے فوجوں کو تیار رہنے کے لئے نقارے پر چوٹ لگائی۔

لندن ۸ر مئی۔ ریوٹر کو لندن میں مقیم اطالویوں سے معلوم ہوا ہے کہ اٹلی اب بھی حبش سے سمجھوتہ کرنے اور مصالحتی کمیشن مقرر کرنے کے لئے تیار ہے۔ معلوم ہوا ہے کہ اس وقت حکومت حبش کے پاس ۹۰ ہزار بندوقیں ۱۵۰۰ ہزار مشین گنیں ۲۰۰ توپیں اور ۷ لاکھ سپاہی موجود ہیں اور اسلحہ کے لئے حکومت نے یورپین فرموں کو آرڈر دے رکھے ہیں اور لاکھوں اشخاص کو فوجی تربیت دی جارہی ہے اطالوی امور خارجہ کے دفتر نے ریوٹر کو اطلاع دی ہے کہ باہر سے حبش میں مشین گنیں کثیر تعداد میں جارہی ہیں اور یورپ کی مختلف اقوام حبش کو اسلحہ بہم پہونچا رہی ہیں تاکہ گورے اطالویوں کو مار ڈالا جائے لہٰذا اٹلی کے لئے ضروری ہے کہ وہ تیار ہوجائے کیونکہ مسولینی موجودہ صورت حال کو برداشت نہیں کرسکتے۔ ادیس ابابا (پایہ تخت حبش) کی اطلاع مظہر ہے کہ اٹلی نے حبش کے خلاف جنگی کارروائی کرنے کا جو اعلان کل کیا تھا اس کا جواب حبش نے سات لاکھ سپاہ کی تیاری کے حکم سے دیدیا ہے۔ حبش کے ایک جنگی افسر نے کہا کہ ہم آخر دم تک اپنے ملک کی حفاظت کے لئے لڑیں گے۔

## احمد آباد میں یوم کراچی

۱۹ر اپریل ۱۹۳۵ء بعد نماز جمعہ مسجد جامع میں حکیم بدر نظامی راحتی کی جانب سے ایک جلسہ طلب کیا گیا تھا جس کی صدارت میونسپل کمشنر جناب صفدر حسین بخاری صاحب نے فرمائی۔ مسٹر بدر نظامی نے مظالم کراچی اور اس کی تحقیقات سے گورنمنٹ کے انکار پر تبصرہ کرتے ہوئے حسب ذیل ریزولیوشن پیش کیا جو بالاتفاق منظور ہوا:-

"مسلمانان احمد آباد کا یہ جلسہ عام گورنمنٹ سے پرزور اپیل کرتا ہے کہ کراچی میں فدائے رسول غازی عبدالقیومؒ کی نماز جنازہ کے سلسلہ میں حکام نے مسلمان مردوں، عورتوں اور بچوں پر جو گولیاں چلائیں اس کے متعلق پوری پوری تحقیقات کرے اور غیر ضروری وجوہات پیش کرکے مسلمانوں کے اسی مطالبہ کو نہ ٹھکرائے۔"

اس کے بعد جناب صدر نے مناسب تقریر کے بعد حسب ذیل ریزولیوشن پیش کئے جو نہایت گرمجوشی کے ساتھ منظور کئے گئے۔

"یہ جلسہ ہر طبقہ کے مسلمانوں سے درخواست کرتا ہے کہ چونکہ گورنمنٹ نے تحقیقات کراچی سے انکار کردیا ہے۔ لہٰذا ملک معظم جارج پنجم اور ان کے خاندان کے ساتھ پوری پوری ہمدردی ہونے ہوئے بھی بطور دادخواہی کے سلور جوبلی میں کسی قسم کا حصہ نہ لیں۔"

"یہ جلسہ مولانا عبدالمجید سندھی اور جناب گزدر صاحبان کو مبارکباد دیتا ہے جنہوں نے تحقیقات کراچی سے گورنمنٹ کے انکار پر بطور احتجاج کے بمبئی کونسل سے استعفیٰ دیدیا ہے۔"

بتاریخ ۲۰ر اپریل ڈہالگرواڑا محلہ کے نوجوانوں کی طرف سے جلسہ وعظ مقرر کیا گیا تھا۔ حضرت مولانا غلام فرید صاحب سیالکوٹی نے اپنے وعظ میں مسلمانوں کی موجودہ حالت پر تبصرہ کرتے ہوئے اسلام کی سچی خوبیاں اپنے اندر پیدا کرنے کی تلقین کرتے ہوئے مظلومین کراچی کی امداد کی طرف توجہ دلائی۔ بعد میں مسٹر بدر نظامی راحتی نے کراچی اور سرہند شریف کی مسجد کے مختصر حالات سنائے اور اعلان کیا کہ مظلومین کراچی کی امداد کے لئے آئندہ جمعہ کو مسجد جامع میں جلسہ ہوگا۔ ...

## دیکھئے افلاس کیا کرتا ہے
### ایک پورا خاندان آگ میں جل مرا

مدراس ۸ر مئی۔ ہندوستان کا افلاس انتہا کو پہونچ چکا ہے یہ اس دردناک واقعہ سے ثابت ہوتا ہے جس کے بارے میں اڈرسے سات میل کے فاصلہ پر موضع بیالپلائم میں ایک شخص اس کی بیوی۔ اس کی لڑکی اور دو لڑکے اپنی زندگی سے ... خاندان کے کھیا ... نے اپنی بیوی اور بچوں کو ... جہاں فانی ہمارے لئے زندہ رہنے کی جگہ نہیں ہے ...

## دارالعوام میں حکومت کی سرحدی پالیسی کا ذکر
### قبائل کو غیر مسلح کرنے کے ارادے

لندن ۸ر مئی۔ کل دارالعوام میں نائب وزیر ہند مسٹر بٹلر نے انڈیا بل میں ایک ترمیم پیش کی جس سے منشاء یہ تھا کہ کونسل آف اسٹیٹ میں خواتین کو بھی نمائندگی دی جائے۔

مسٹر بٹلر نے اپنی ترمیم پیش کرتے ہوئے بیان کیا کہ حکومت کی تجویز یہ ہے کہ عورتوں کے لئے ۷ نشستیں مخصوص کی جائیں یعنی ایک مدراس میں ایک بمبئی بنگال پنجاب بہار اور یوپی میں۔ ...

## گاؤں کا گاؤں تباہ ہوگیا

لفقان کا اندازہ تقریباً ۵۰ ہزار روپیہ لگایا جاتا ہے۔

## خریداروں کیلئے ضروری اطلاع

... ۱۳ر مئی ۱۹۳۵ء

(۱) ۴۳۵۲ ایم صفدر حسین صاحب صدیقی ہیڈ مولوی
(۲) ۹۳ ... محمد علی حسین صاحب
(۳) ۴۳۹۵ اسمٰعیل ولی بھائی صاحب
(۴) ۴۳۹۹ منشی محمد خاں ولی خاں صاحبان
(۵) ۴۸۸۳ مولوی سعید احمد صاحب
(۶) ۴۹۰۳ مولوی بشیر الدین صاحب
(۷) ۴۹۱۶ چودھری یار محمد خاں صاحب کارندہ
(۸) ۴۹۲۵ ایم۔ اے۔ ٹی زبیڈہ داداسیاں اینڈ کمپنی

## درخت جڑ سے اکھڑ گئے

## سہارنپور میں مسلم یونٹی بورڈ کا اجلاس

## علی گڈھ مسلم یونیورسٹی اور جوبلی

## افسر ... کی قیمت تیرہ روپیہ ہوگئی
### جوبلی کا دلچسپ مذاق

## کالکا شملہ ٹرین لڑ گئی

## حکومت کی قادیانیت نوازی کیخلاف احتجاج

## حاجی رحیم بخش انتقال فرماگئے!

# جوبلی کی دلچسپیاں
## لائلپور میں اندھیرا، امرتسر اور راولپنڈی میں ہنگامہ
### مسجد سے یونین جیک اتار کر سیاہ جھنڈا لہرادیا

لندن ۷ر مئی۔ کل رات کو ملک معظم جارج نے اپنی سلور جوبلی کے موقعہ پر اپنی سلطنت کو ذیل کا پیغام براڈکاسٹ کیا "میں اپنی زندگی کے بقیہ ایام اپنی رعایا کی خدمت کے لئے وقف کرتا ہوں" شاہی جلوس کے وقت سات ہزار اشخاص بے ہوش ہوگئے ۲۷ آدمی ہسپتال پہونچائے گئے جن میں سے ایک آدمی مرگیا۔

لائلپور کی اطلاع مظہر ہے کہ یہاں جوبلی کی خوشی میں روشنی کا زبردست انتظام کیا گیا تھا لیکن رات کو ۹ بجے کرنٹ جاتا رہا اور تمام شہر میں تاریکی چھاگئی۔ پاور ہاؤس سے ٹیلیفون کا سلسلہ بھی کاٹ دیا گیا۔

باریسال کی ایک اطلاع ہے کہ ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کے بنگلہ میں ایک شخص جوبلی کی تقریب کے سلسلہ میں بجلی کا تار لگا رہا تھا کہ اس کا شکار ہوکر فوراً ہلاک ہوگیا

بمبئی کی اطلاع ہے کہ وہاں مدن پورہ کی بڑی مسجد پر بھی روشنی کی گئی مگر کسی نے اہتمام مجت کے بعد بجلی کے تار کاٹ دئے اور اندھیرا چھا گیا۔

راولپنڈی ۸ر مئی۔ سلور جوبلی کے سلسلہ میں بعض مسلمانوں نے ایک مسجد میں یونین جیک لہرایا اور روشنی کی رضاکاروں کی ایک جماعت مسجد میں داخل ہوگئی اور روشنی گل کردی اور یونین جیک اتار کر سیاہ جھنڈا لہرادیا مسجد کے منتظموں نے پولیس کو طلب کرکے حالات پر قابو پایا۔

امرتسر ۸ر مئی۔ کل صبح کالج کے میدان میں انجمن اسلامیہ کے زیر اہتمام مسلمان لڑکوں میں مٹھائی تقسیم کی جانے والی تھی اور بادشاہ کی درازی عمر کے لئے دعا کا انتظام کیا گیا تھا جب شیخ صادق حسن دعا مانگنے کے لئے کھڑے ہوئے تو مسلمانوں نے شور مچادیا کہ جب تک حادثہ کراچی کی تحقیقات نہ کی جائے اس وقت تک دعا نہ مانگی جائے چنانچہ دعا مانگنے کا پروگرام ملتوی کردیا گیا۔

لندن ۸ر مئی۔ جوبلی کے ٹکٹوں کی مانگ اس قدر زیادہ رہی کہ ۲۴ گھنٹے میں سو کروڑ ٹکٹ فروخت ہوگئے۔ کل ایک ارب چھاپے گئے ہیں۔

## مرزائیت سے توبہ

## یوپی احرار کانفرنس کی تیاریاں

## سیرت کے جلسے

آئندہ جون میں سیرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے متعلق متعدد مقامات کی سیرت کمیٹیاں مجھ کو حاضری کی دعوت دے رہی ہیں۔ نقرس نے باوجود اپنے ضعف و اضمحلال اور کمزوری و ناتوانی کے اہالی اسلامی مسلمانان ناگپور سے تو کلاً علی اللہ ۱۵ر جون کے لئے وعدہ کرلیا ہے اس لئے ان تمام حضرات سے جو امسال اپنے جلسوں میں مجھے مدعو کرنے کی خواہش رکھتے ہیں میں درخواست کرتا ہوں کہ اس سلسلے میں کوئی خط و کتابت نہ کریں۔ اور ڈاک کے بے جا مصارف کا بار برداشت کرنے سے احتراز کریں۔

فقیر احمد سعید کان اللہ لہٗ
سکریٹری مرکزی جمعیۃ علماء ہند دہلی

## سب انسپکٹر اور دو سپاہیوں پر دلچسپ مقدمہ

## آتشزدگی سے ستر ہزار کا نقصان

شیخوپورہ ۹ر مئی۔ ... روئی اوٹنے کے کارخانہ میں آگ لگ گئی۔ جس سے ستر ہزار روپیہ کی مالیت کی روئی اور ... جل کر خاک ہوگیا اور سات ہزار روپیہ کی مالیت کا مال بچالیا گیا۔

## ہوائی جہاز کو حادثہ تین اشخاص ہلاک




## تندرستی

تمہارے لئے آخرکار نوجوانی کا مژدہ آگیا سیناٹوجن ایک ایسی دوا ہے جو تمہاری گم شدہ قوتوں کو دوبارہ واپس لے آئے گی سیناٹوجن میں قوت صحت اور تازگی کے تمام عناصر موجود ہیں۔ ...

عام ناطاقتی
اعصابی کمزوری
بےخوابی
اضمحلال طبع اور کمی خون
کے لئے سیناٹوجن استعمال کیجئے

SANATOGEN

ایک سچی اور لاثانی طاقت کی غذا ہے
جو کہ ہر دوا فروش کے یہاں بازار میں ملتی ہے

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۶۹۳

یداللہ علی الجماعۃ

تار کا پتہ "الجمعیۃ دہلی"
ٹیلیفون نمبر ۵۷۳۸

# سہ روزہ الجمعیۃ دہلی

مدیر مسئول۔ ہلال احمد زبیری (بی اے) معاون۔ محمد عثمان فارقلیط

جلد ۲۱ | دہلی یوم پنجشنبہ ۱۲ صفر المظفر ۱۳۵۴ ہجری مطابق ۱۶ مئی ۱۹۳۵ء | نمبر ۳۴


## جنگ آزادی میں ترکوں کا حصہ

### یورپ کا مرد بیمار کس طرح جوانمرد اور فاتح بنا

### مسئلہ یونان اور سیاسی کانفرنسیں

## معاصرین کے افکار و آراء

### پان ہندوازم

### مینا بازار یا غنڈوں کی تماشہ گاہ

### آزادی نسواں کی حدود

### ڈاکوں کی کثرت

## سوز و ساز

جو نظر سے مدعا پرواز ہے
لطف میں اب جور کا انداز ہے
کچھ تو کہئے کن ترانی ہی سہی
کاروان دل بھی پیچھے رہ گیا
اللہ اللہ شورشِ ضبطِ سکوت
پرتوِ حسن تبسم دیکھنا!
درد کا انجام دیکھا چاہیئے
کون اٹھا چاہتا ہے بزم سے
ذرہ ذرہ آئینہ ہے حسن کا
گفتگو تک راز تھا ایمائے دل

پھر بھی اپنا راز اپنا راز ہے
مژدہ اے دل ابتدائے ناز ہے
ذرہ ذرہ گوش بر آواز ہے
زندگی کتنی سبک پرواز ہے
ہم زبان حال دل کا راز ہے
گلستاں دنیائے سوز و ساز ہے
ابتدا، تو حشر کا آغاز ہے
رنگِ محفل مائلِ پرواز ہے
پھر بھی رازِ حسن اب تک راز ہے
اب خموشی مدعا پرواز ہے

کوکب اپنا رہنما ہے نورِ عشق
ہر شعاعِ دل پرِ پرواز ہے

(کوکب شاہجہانپوری)

### اندرونی حالات


Regd No. L 1793.

# The Aljamiat

VOL. XX No. 33 — DELHI. MONDAY. 13th MAY. 1935. PRICE ONE ANNA


## بنت عمیر


اخبار الجمعیۃ میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے


## تقریر سیر کے متعلق معزز اخبارات و رسائل کی رائیں

### رسالہ معارف کا تبصرہ

### رسالہ جامعہ کی تنقید

### اخبار خلافت کی رائے


### تقریر سیر

حضرت سحبان الہند مولانا الحاج حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند کی یہ تقریر اپنی بے شمار خصوصیات کے اعتبار سے ایک عجیب و نادر مجموعہ ہے جو نہ صرف موجودہ دور میں بلکہ آئندہ نسلوں کے لئے بھی یادگار رہے گا۔ شریعت مقدسہ کے نہایت ادق مسائل اور دشوار نکات اس طرح پیش کئے گئے ہیں کہ ہر عالم و عامی ان کو سمجھ سکتا ہے اور ان سے افادہ کر سکتا ہے۔ اس پر حضرت مولانا کی سلاست زبان اور روانی بیان نے وہ کام کیا ہے کہ مضامین کی دقت اور مسائل کی دشواری کے باوجود شروع سے لے کر آخر تک دلچسپی برابر قائم رہتی ہے۔ یہ تقریر سیر حضرت مولانا کی اکثر تقریروں کا لب لباب ہے اور اس میں سیرت کے متعلق بہت سے وہ مضامین جو حضرت مولانا اپنی مختلف تقریروں میں ارشاد فرمایا کرتے ہیں انداز بیان اور خوبیٔ زبان کی تمام خصوصیتوں کے ساتھ مجتمع کر دیئے گئے ہیں۔

پوری کتاب ۲۰۰ سو صفحات پر مشتمل ہے اور نہایت بہتر کتابت و طباعت کے ساتھ شائع کی گئی ہے۔ اس کے باوجود قیمت علاوہ محصولڈاک صرف ایک روپیہ (عہ) رکھی گئی ہے تاکہ امیر و غریب سب حضرات مساوی فائدہ اٹھا سکیں۔

ملنے کا پتہ
منیجر اخبار الجمعیۃ گلی قاسم جان دہلی


## پادری کی لڑکی


### معجز نما قرآن مجید

## حمائل شریف مترجم

منیجر اخبار الجمعیۃ گلی قاسم جان دہلی

# بصائر و نظائر

کہا جاتا ہے کہ موجودہ زمانہ تہذیب و ترقی کا زمانہ ہے جس نے قدامت پرستی اور دقیانوسیت کی بنیادوں کو اکھاڑ کر پھینک دیا ہے۔ مذہبی اوہام پرستیوں اور پارینہ عقائد کی جگہ روشن خیالی اور تجدید پروری نے لے لی ہے۔ ایمان بالشہود نے ایمان بالغیب کی مسند سنبھال لی ہے۔ حریت ضمیر اور آزادیٔ رائے نے اطاعت و ایمان کی حیثیت باقی نہیں رکھی اور خدا کی ذات و صفات کا صحیح تصور خواب و خیال ہو کر رہ گیا ہے۔ مذہب کا نام لیکر جن چیزوں سے لوگوں کو ڈرایا جاتا تھا اور جس کی بنا پر حلال و حرام کی تفریق اور نیکی و بدی کا امتیاز قائم تھا وہ فرنگی آداب و اطوار کی بدولت فنون لطیفہ میں شامل کر لی گئی ہیں اور ریسرچ اور تحقیقات کے علمی شعبوں نے کائنات کی ہر چیز سے استفادہ کا دروازہ کھول دیا ہے۔ غرض دور حاضرہ کی آزادیوں کے متعلق جو کچھ بھی کہا جائے کم ہے اور جو لوگ الحاد و دہریت اور فرنگی سیلاب سے بچ کر مذہب اور ایمان کی صراط مستقیم پر اب تک قائم ہیں وہ پرانے نظریہ کے بموجب کرامت سے کچھ کم نہیں ہے۔

مادی ترقی اور فرنگی تہذیب نے حقائق کی دنیا ہی پلٹ کر رکھدی ہے۔ آج نماز نہ پڑھنے والوں کو ملعون نہیں کیا جاتا بلکہ نمازیوں کو بدنام کیا جاتا ہے اور ان کو شرمندہ کرنے کی کوشش کی جاتی ہے گویا نماز کا نہ پڑھنا اب قابل شرم نہیں ہے بلکہ نماز پڑھنا شرم و ندامت کے قابل ہے۔ اس زمانہ میں روزہ نہ رکھنے والوں کو نہیں بلکہ روزہ داروں کو شرم کرنی چاہئے۔ گویا روزہ رکھنا اور نفس کشی کرنا تہذیب حاضر کی نظر میں قابل مذمت ہے اور اس کی خلاف ورزی کرنے والوں کو روشن خیال، وسیع النظر، تعلیم یافتہ اور مہذب کہا جاتا ہے!

افسوس تہذیب حاضر کو شرمائے! اس تہذیب نے گناہ کا احساس ہی باقی نہیں چھوڑا بلکہ گناہ کو ثواب۔ وحشت کو تہذیب، جہالت کو علم، بے شرمی اور بے حیائی کو آزادی کی شکل و صورت دیدی ہے آج گناہ کو گناہ کہتے ہوئے بھی طبیعت جھجکتی ہے کیونکہ یہ تنگ نظری، دقیانوسیت، ملائیت اور قدامت [illegible]

[illegible]

ایک تو خود گناہ سے بچے اور دوسروں کو بھی اس سے بچے رہنے کی ہدایت کرے!

ہم چاہتے ہیں کہ آئندہ سینما پر ذرا تفصیل سے روشنی ڈالیں اگرچہ تہذیب حاضر ہم کو کتنا ہی شرمندہ کرنے کی کوشش کرے۔

فنون لطیفہ، صنعت و حرفت، تہذیب و ترقی، حقوق و مزایا کی آڑ لے کر وہ ہر گناہ، ہر جرم، ہر بدی اور ہر شرارت کی طرف لپکتا ہے۔ لیکن دل کی کپکپی کے ساتھ نہیں بلکہ آزادیٔ ضمیر کا نعرہ لگاتا ہوا، ہر گناہ کی بستی میں قدم رکھدیتا ہے اور شرم و ندامت پاس سے چھو کر بھی نہیں نکلتی۔ اس لئے نہ تو وہ انسانوں سے شرماتا ہے، نہ اس کو توبہ اور انابت کی توفیق نصیب ہوتی ہے، نہ ضمیر کی آواز دامنگیر ہوتی ہے، نہ خدا کا خوف اس کے دل کو پکڑتا ہے اور نہ موت اور یوم الحساب کا تصور اس کو بے چین کرتا ہے، بلکہ گناہ کر کے خوش ہوتا ہے کہ روشن خیالی کی ایک خطا ادا ہوئی اور ایمان کی گرفت ڈھیلی پڑی!

اس قماش کے لوگ خواہ اپنے آپ کو زبان سے مسلمان ہی کیوں نہ کہیں مگر حقیقت میں یہ وہ لوگ ہیں جو دل سے خدا کے منکر اور مذہب اور منہاج انبیاء سے بیزار ہیں وہ فرنگی علوم کی تحصیل کے بعد یا فرنگی تہذیب کے اثر سے دوسری زندگی کے وجود کو بھی تسلیم نہیں کرتے [illegible] کچھ مانتے ہوں تو مانتے ہوں مگر ان کا یقین یہی ہے کہ بس یہی دنیا ہے اور یہی عیش و راحتیں ہیں جو کچھ کرنا ہے اس دنیا میں بے خوف ہو کر کر لو۔

ان ھی الا حیاتنا الدنیا نموت و نحیا وما نحن بمبعوثین۔ (۲۳:۳۷)

جو کچھ بھی ہے بس یہی دنیا ہے مرنا اور جینا ساتھ ساتھ لگا ہوا ہے اور ہم کو دوبارہ اٹھنا نہیں ہے!

## زلزلہ آزما عمارت بنانے کی ترکیب

### حکومت ہند کے پیٹنٹ آفس نے تسلیم کرلیا

مسٹر سید مہدی حیدر پرنسپل پیوٹ انجینئرنگ اسکول لکھنؤ نے زلزلہ آزما عمارت بنانے کی ترکیب ایجاد کی ہے جس سے عمارت پر زلزلہ کا اثر نہ ہوگا یہ ترکیب ایسی ہے کہ زمین کے نیچے زلزلے کے جھٹکے کے اثرات زائل ہو جائیں گے ساتھ ہی ہر قسم کے مکان بھی جس طرح آجکل بنتے ہیں بن سکیں گے۔

یہ ایجاد حکومت ہند کے پیٹنٹ آفس میں تسلیم کرلی گئی ہے اور ترکیب کا خلاصہ گورنمنٹ آف انڈیا گزٹ میں شائع ہو چکا ہے مسٹر حیدر زلزلہ بہار کے بعد سے اپنا تجربہ کر رہے ہیں اور خیال کیا جاتا ہے کہ یہ ایجاد سابقہ ایجادات کو مات کر دے گی۔


# گرمیوں کا موسم ہے

ان دنوں ہیضہ اور بدہضمی کی شکایات بہت ہو جاتی ہیں۔ پیاس بہت لگتی ہے۔ پانی بہت پیا جاتا ہے۔ پیٹ پھول جاتا ہے۔ دست و بدہضمی اور پیٹ کے بیشمار امراض اس ساری طاقت کا ستیاناس کر دیتے ہیں جو کہ سردیوں میں حاصل کی ہوئی ہوتی ہے۔ اس واسطے آجکل کے دنوں میں

## امرت دھارا کی شیشی ہر وقت پاس رکھو

امرت دھارا کی دو چار بوندیں وہ کام دینگی کہ آپ حیران ہو جائیں گے

یہ وقت بے وقت کی تکلیف گھبراہٹ اور فکر سے بچاتی ہے۔

جس گھر میں موجود ہو تو سمجھ لینا چاہئے کہ ایک بڑا ڈاکٹر یا حکیم گھر میں موجود ہے۔

چاہے کوئی بیماری ہو استعمال کرو ضرور فائدہ ہوگا بہت عجیب چیز ہے۔ ہزارہا استعمال کرنے والوں کی رائے ہے کہ امرت دھارا ہر وقت ہر ایک کو پاس رکھنی چاہئے۔ نہ جانے کسی وقت ضرورت پڑ جاوے۔ قیمت فی شیشی [illegible]

احتیاط — [illegible]

خط و کتابت و تار کے لئے پتہ: امرت دھارا — لاہور

المشتہر: [illegible]

ہمارے ایجنٹ: میسرز بہاری لال گماسی رام کماری باؤلی اسٹریٹ دہلی


# فسادات فیروزآباد

کے متعلق

## جمعیۃ علماء صوبہ متحدہ (مرادآباد) کے تحقیقاتی وفد کی رپورٹ

اس مرتبہ محرم اور رام نومی کے ساتھ ساتھ ہونے سے یہ خطرہ محسوس کیا جاتا تھا کہ کہیں باہمی آویزش کے باعث فسادات پیش نہ آجائیں۔ خدا کا شکر ہے کہ ہندوستان کی اس طول و طویل آبادی میں بہت سے مقامات پر محرم و رام نومی امن و امان سے گزر گئی لیکن ملک کی بدقسمتی سے بعض مقامات کے ساکنان نے اپنے فرائض کو نہ پہچانا اور آویزش کی صورتیں پیدا ہوگئیں جن کے نتائج خطرناک رونما ہوئے۔ انہیں مقامات میں ایک مقام فیروزآباد ضلع آگرہ ہے جہاں ہندو مسلم فساد ہوا جس کی دلخراش خبریں اخبارات میں شائع ہوئیں۔ سرکاری بیان پڑھا گیا۔ ہندو اور مسلمانوں کے بیانات کی اشاعت ہوئی۔ بہی خواہان ملک کے [illegible]

کرنے کی جد و جہد کرتے رہتے ہیں۔ سب کا خیال تھا کہ آئندہ الیکشن ۱۹۳۶ء کے اول یا آخر میں ہوگا۔ مگر یکایک معلوم ہوا کہ الیکشن ۱۹۳۵ء میں ہی ہوگا جس کے بعد تمام سے عمل میں حرکت پیدا ہوئی اور قومی و ملکی کاموں کی طرف سرگرمی کا اظہار ہونے لگا۔ یہی زمانہ تھا جس میں محرم اور رام نومی ساتھ ساتھ آئے۔ موجودہ برسر اقتدار جماعت نے بہ ہدایت و مشورہ تحصیلدار صاحب جو در اصل جد بجد کم پرگنہ کے عملی مشیر کار تھے۔ محرم و رام نومی کا پروگرام تیار کر کے خوش دلی یا بزدلی کے ساتھ ساتھ پسند کر لیا جو سنہ ۱۹۰۶ء کے تصفیہ کے لحاظ سے کم و بیش تھا جس کی وجہ سے لوگوں میں ناراضی پیدا ہوگئی اور محرم اور رام نومی [illegible]

[illegible]

# ممالک خارجہ کے اہم حالات و کوائف

## لندن میں شاہی مسرتیں

ملک معظم کی سلور جوبلی کے سلسلہ میں لندن میں مسرتوں اور شادیوں کے جو مظاہر ہو رہے ہیں اس کا اندازہ کون لگا سکتا ہے؟ پیٹ بھروں کی خوشیوں کا اندازہ پیٹ بھرے ہی لگا سکتے ہیں اور [illegible] مسرت سے بہرہ اندوز ہو سکتے ہیں جن [illegible] ان سے دریافت کرو کہ جشن کیا بلا ہوتا ہے [illegible] اور ماتم کا فلسفہ بتادیں گے۔

لندن میں شاہی جوبلی میں شرکت کے لئے دنیا کے متمول انسان پہونچ گئے ہیں اور جشن کی مسرتوں سے بہرہ یاب ہو رہے ہیں۔ اسٹیٹسمین کے نامہ نگار مقیم لندن کا بیان ہے کہ اس موقعہ پر باہر سے ۵ لاکھ اشخاص تندرستی کے ساتھ لندن پہونچ چکے ہیں۔ ماہرین نے تخمینہ لگایا ہے کہ جوبلی کی مسرتوں پر دو کروڑ پونڈ خرچ کئے جائیں گے۔ اور اس خطیر رقم میں سے لندن کے باشندوں کو کافی حصہ ملے گا۔ لندن کے ہوٹلوں [illegible]

ہیں۔ پس خدا ان کو سلامتی کے ساتھ لیجائے اور سلامتی کے ساتھ واپس لائے۔

## مصر اور حجاز کے تعلقات

ایک مدت سے حجاز اور مصر میں کشیدگی چلی آتی ہے جو دور ہونے میں نہیں آتی۔ نتیجہ یہ ہے کہ نہ تو مصر حکومت حجاز کو تسلیم کرتا ہے اور نہ حجاز حکومت مصر کو۔ مصری مفکرین آج کل اس کوشش میں ہیں کہ ان دونوں اسلامی حکومتوں کے درمیان مودت پیدا ہو جائے اور سیاسی روابط کے بعد و ملۂ حرب کی تحریک کو عملی جامہ پہنایا جائے جس کے علیحضرت سلطان ابن سعود ہیں۔ خدا کا شکر ہے کہ ان زعماء کی کوششیں کامیاب ہو رہی ہیں۔ اور وہ وقت دور نہیں جبکہ دونوں حکومتوں میں سیاسی روابط قائم ہو جائیں گے۔

اب تک اس کشیدگی کا یہ نتیجہ نکلا ہے کہ حجاز مقدس کے وہ اوقاف جو سرزمین مصر میں ہیں ان کی آمدنی حجاز نہیں پہنچ سکی جاتی اور لاکھوں روپیہ سالانہ مصری حکومت [illegible]

## ارض روم کانگرس

۲۲ جولائی ۱۹۱۹ء کو پہلی کانگریس مصطفیٰ کمال پاشا کی صدارت میں منعقد ہوئی اور اس نے یہ فیصلہ کیا کہ ایک نمائندہ جماعت منتخب کی جائے جو ضرورت کے وقت اناطولیہ کی حکومت اپنے ہاتھ میں لے لے اور ملک کی حفاظت کا سامان کرے۔ اس کانگریس کی ہدایت کے مطابق تمام ترکی فوجیں جو یونانی حملے کی مدافعت کر رہی تھیں، اناطولیہ کے سرکز کے ماتحت متحد ہو گئیں اور ایک قومی عہدنامہ تیار کیا جانے لگا جو ساری قوم کے لئے قابل قبول ہو۔

## سیواس کانگرس

[illegible] کو سیواس کانگریس نے ایک قدم اور آگے بڑھایا۔ اناطولیہ سلطان کی حکومت سے علیحدہ ہو گیا اور اس نے ملکی اور فوجی انتظام اپنے ہاتھ میں لے لیا۔ سلطان نے خوف زدہ ہو کر [illegible]

عمل سے یہ ثابت کر دیا ہے کہ اسے غیر ملکیوں کے ماتحت رہنا ہرگز منظور نہیں اور وہ ان سے لڑنے کو تیار ہے۔ قوم کی قوت اور جد و جہد کو متحد اور منظم کرنے کی ضرورت ہے۔ ایک کانگریس جو تمام قوم کی نمائندہ ہو منعقد کی جائے اور وہ یہ فیصلہ کرے کہ ملک کی حفاظت کے لئے کیا تدابیر اختیار کرنی چاہئیں۔

تھے۔ اب صرف وہ لوگ باقی تھے جنہوں نے صرف بعض چیزوں میں جماعت اتحاد و ترقی کا ساتھ دیا تھا اور جن کا وجود ترکی کے لئے نہایت مفید و ضروری تھا مشکل یہ تھی کہ ملک کے سربرآوردہ اشخاص میں سے کوئی ایسا نہ تھا جو کبھی نہ کبھی اس جماعت کا رکن نہ رہا ہو۔

حکومت پھر سلطان کے ہاتھ میں آگئی۔ اس نے پارلیمنٹ کو برخاست کر دیا۔ چونکہ اس پارلیمنٹ کی حیثیت ایک کٹھ پتلی سے زیادہ نہ تھی اس لئے اس کے برخاست کئے جانے سے کوئی حرج نہیں ہوا۔ مگر سلطان نے نئے انتخابات کا حکم نہیں دیا۔ اور ملک کی حکومت خود اس کے اور ان ریاستوں کے ہاتھ میں آئی جن کی فوجیں قسطنطنیہ پر قابض تھیں۔ وہ اپنی مجلس وزراء میں کبھی کبھی ایسے لوگوں کو بھی رکھتا تھا جن کی قابلیت اور حب وطن میں شبہ کی گنجائش نہ تھی۔ مگر جہاں انہوں نے بیرونی حکومتوں کے احکام پر آنکھ بند کر کے عمل کرنے سے انکار کیا وہ فوراً موقوف کر دئے جاتے تھے۔

## ترکی کے حصے بخرے کرنے کی تجویز

ترکوں کے سامنے صلح کی شرائط پیش کرنے سے پہلے اتحادی ترکوں کے متعلق ایک خطرناک فیصلہ کر چکے تھے وہ یہ تھا کہ مشرقی ادنیٰ میں ایک یونانی سلطنت قائم کی جائے جس میں مشرقی اور مغربی تھریس، سمرنا اور اس کے عقب کا علاقہ شامل ہو۔ وہ سمجھتے تھے کہ اس ترکیب سے [illegible]

[illegible]

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# الجمعیۃ دہلی

یوم پنجشنبہ ۱۲ صفر المظفر ۱۳۵۴ ہجری

## تحقیقات آجرہ کی روشنی میں ایک لمحۂ فکریہ

گزشتہ سے پیوستہ اشاعت میں تحقیقات آجرہ کے نتائج اور ان کے متعلق مہاراجہ کولہاپور کے احکام پر ہم نے جو مقالہ افتتاحیہ سپرد قلم کیا تھا اس کے خاتمہ پر یہ وعدہ کیا تھا کہ ہم ان واقعات اور اس تحقیقات کے متعلق آئندہ اشاعت میں کچھ مزید اظہار خیال کریں گے مگر ایک نہایت اہم مسئلہ پر کسی قدر تفصیل سے لکھنے ...

ہیں تلاش کی جائیں جن کو حق بجانب ٹھہرا کر بالکل دبا دیا گیا ہو تو ہمیں یقین ہے کہ ایسی بہت سی مثالیں مل جائیں گی۔ موجودہ آئینی حکومت میں ایسے واقعات اکثر پیش آتے رہتے ہیں کہ مقامی طور پر پہلے تو پبلک کے جذبات سے کھیلا جاتا ہے، ان کی جائز شکایات سے اغماض برتا جاتا ہے ...

## حوادث و احکام

### استفتاء

### الجواب

### استفتاء

## مسٹر شفیع داؤدی کا مقدمہ

## قادیانی اور اخبار اسٹیٹسمین



## شفیع داؤدی پانچ سال تک انتخاب میں کھڑے ہونیکے نااہل ہیں

### "انہوں نے انتخاب کے متعلق غلط حسابات داخل کئے ہیں"

### لیکن ہم وائسرائے سے سفارش کرتے ہیں کہ وہ اس "ناقابلیت" کو دور کردیں

### انتخابات کے مقدمہ میں ٹریبونل کا فیصلہ

شفیع داؤدی کے مقدمہ میں ٹریبونل نے جو فیصلہ صادر کیا ہے اس فیصلہ میں مقدمہ کی شہادت کے مطابق ٹریبونل آئینی حیثیت سے اس نتیجہ پر پہنچا ہے کہ شفیع داؤدی کی داخل کردہ فرد حساب دو وجوہ سے ناقص تھی۔ اول یہ کہ وہ باقاعدہ نہیں تھی اور ثانیاً یہ کہ وہ اپنی تفصیلات میں غلط تھی اور اس کے بعد یہ رائے ظاہر کی ہے کہ قانون کے مطابق شفیع داؤدی گزشتہ انتخاب کی تاریخ سے پانچ سال تک کے لئے انتخاب میں کھڑے ہونے کے قابل نہیں رہے ہیں، لیکن اس نتیجہ پر پہنچنے کے باوجود ٹریبونل نے وائسرائے سے یہ سفارش کی ہے کہ وہ مہربانی فرما کر اس ناقابلیت کو جو قانون کے مطابق پیدا ہوتی ہے ... دور کردیں۔ اس سفارش کے لئے ٹریبونل نے جو خاص وجہ پیش کی ہے وہ یہ ہے کہ شفیع داؤدی کو قانونی مشورہ حاصل نہیں تھا۔

اس کے علاوہ ٹریبونل نے یہ بھی رائے ظاہر کی ہے کہ حلقہ انتخاب کے ایک حصہ میں ووٹروں کی خاطر مدارات کی گئی لیکن یہ خاطر مدارات پولنگ کے دن ہوئی جبکہ بہت سے ایسے ووٹر جن کی مدارات کی گئی یہ فیصلہ کر چکے ہوں گے کہ ریسپانڈنٹ کو ووٹ دینا چاہئے۔ اس لئے انتخاب کے نتیجہ پر اس قسم کی خاطر مدارات کا کوئی خاص اثر نہیں پڑا۔

اسی طرح دربھنگہ میں ووٹروں کا سواری کے ذریعہ بھیجنا اور اشتہارات میں ایسی زبان کا استعمال کیا جانا جو افسوسناک تھی مگر ٹریبونل نے ان امور کو ناکافی قرار دے کر یہ آخری فیصلہ کیا کہ انتخاب ناجائز نہیں ہے ... اس لئے ان سے ساڑھے سترہ سو روپیہ خرچہ دلوایا۔

## تحریک آزادی کو کچلنے کیلئے حکومت کی پر اسرار تدابیر کا انکشاف

### مجھے کانگریس کیخلاف پروپیگنڈہ کرنے کی ہدایت کی گئی مگر کوئی انعام نہ ملا

### وزیر ہند کے خلاف ایک لاکھ روپے ہرجانہ کا دعویٰ

لاہور ۱۳ مئی۔ آج ایڈیشنل سب جج کی عدالت میں امرتسر کے سائیں چراغ دین کے استغاثہ کی سماعت ہوئی جو انہوں نے وزیر ہند پر ایک لاکھ روپیہ کے ہرجانہ کے لئے دائر کیا ہوا ہے ... ۱۹۳۰ء میں جب پنجاب کے اندر تحریک آزادی اور سول نافرمانی زوروں پر تھی حکومت نے سائیں چراغ دین کو اس شرط پر گرانقدر انعامات دینے کا وعدہ کیا تھا کہ وہ اس تحریک کو ناکام بنائے ... آئندہ سماعت ۱۵ مئی کو ہوگی۔

## نئے آئین کے ماتحت کانگریس عہدے قبول کرلیگی

### کونسلوں میں کانگریسی ممبران کا داخلہ

## راجگوپال آچاریہ اور ڈاکٹر انصاری کی علیحدگی

### صدر کانگریس کا بیان

## پٹنہ کے قریب ایک نوجوان کا قتل

## پارلیمنٹ میں معاہدہ پونہ منظور ہوگیا

### مخالفوں کی ہڑبونگ کا حشر

## وزیر خارجہ فرانس پر قاتلانہ حملہ

## دو بچوں کا وحشیانہ قتل

## ہوابازوں کی لاشیں مل گئیں

## فیروزآباد کی پولیس میں اضافہ

## ہوائی حملہ کو روکنے کیلئے برطانیہ کی اسکیم

### شہریوں کی حفاظت زمین دوز کوٹھڑیوں میں

## بنارس میں ایک مشہور پنڈت کا قتل

## یونان کے ۳۲ افسروں کو سزائے موت

## امتحان میں ناکامی پر خودکشی

## صدر ڈسٹرکٹ بورڈ میرٹھ کو حادثہ

## رانی گنج کا ہندو مسلم فساد

## فائر بریگیڈ کے دو انجنوں میں تصادم

## یو۔پی کونسل کا اجلاس

## سونے کی برآمد جاری ہے

## وائسرائے ہند کا آئندہ جانشین

## چینی ترکستان سے ہندوستانیوں کا اخراج

## ہم جنگ کیلئے تیار نہیں ہیں

### ہٹلر کی طرف سے صلح پسندی کا اعلان

## ضلع اسکاٹ میں تباہ کن آتشزدگی

## جرمنی میں ننوں کی گرفتاری

## سلور جوبلی پر دردناک قربانی

## مالیر کوٹلہ میں ہندو مسلم فساد ہوگیا

اب ہم اپنے ایکا بریلیت اور مدبر حاکم لوکل گورنمنٹ سے استدعا کرتے ہیں کہ وہ جلد از جلد ہماری اس پُرآشوب حالت پر رحم فرما کر ہماری حقیقی معروضات پر غور فرمائیں اور حق بحقدار رسید کے مصداق ہمارے جائز مطالبات کو پورا فرمائیں گے۔

(نامہ نگار)

## حضرت شیخ الہند مدنی کا ورود مسعود

جناب ایڈیٹر صاحب السلام علیکم!

۹ محرم ۱۳۵۴ھ کو جمعہ کے دن حضرت العلام مولانا مولوی سید حسین احمد صاحب شیخ الحدیث دارالعلوم دیوبند احقر کی درخواست پر مدرسہ عربیہ منبع العلوم قصبہ گلاوٹھی میں تشریف لائے اور آپ نے ہی جمعہ کی نماز پڑھائی ...

## جمعیۃ الانصار کانفرنس کے اجلاس کا التوا

فیروزآباد میں ہندو مسلم فسادات فضا کمدر ہوگئی ہے ... جمعیۃ الانصار کا کانفرنس کا سالانہ اجلاس ...

## آسٹریا ہنگری اور اٹلی کا اتحاد

ویانا ۹ مئی۔ دریائے ڈینیوب کے کنارے کی حکومتوں کی جو کانفرنس ہو رہی تھی اس کے متعلق ایک سرکاری اعلان شائع ہوا ہے ...

تناسب آبادی کے لحاظ سے ان کی قلت تعداد ہی سے ان کی دست عمل و مخالفت کا اندازہ ہر شخص آسانی سے لگا سکتا ہے۔

### تعلیمی نظام

ہندوؤں کے تعلیمی ادارات جن میں اسکول ہائی اسکول ... موجود ہیں ...

# قارئین الجمعیۃ کے خیالات

## ہردوار اور جوالاپور میں ہندو راج
## مسلمانوں کی گردن پر دو حکومتوں کا جوا
## زعمائے ملت اور حکام کیلئے قابل غور مسئلہ

جناب ایڈیٹر صاحب تسلیم!

اگرچہ موجودہ حکومت عالیہ برطانیہ کا وقت آغاز حکمرانی سے یہ منشا رہا ہے کہ برٹش رعایا کی جملہ اقوام اپنے اپنے حقوق کے ساتھ خوش و فارغ البال رہیں ...

### غلبہ کلی کل ہندو

میونسپل بورڈ ... ہندو ... مسلمان ملازم ...

### مسلم آبادی اور ملازمتوں کا تناسب


### خضاب چھوڑ دو

بنبہ بال کالا اسٹورس پوسٹ کستی سمری دربھنگہ

### جوہر عشبہ چوب چینی (رجسٹرڈ)

### کاسیر علاج

رشید ابنڈ کو گلی قاسم جان دہلی

### بول کیا چاہتا ہے؟

مفت ... مفت

### شمشیر برہنہ

### رسالہ اٹھتی ہوئی جوانی بالکل مفت

ویدشاستری جام نگر کاٹھیاواڑ

### سرمہ نور

نور الدین بہاری دہلی

### نگارستان کشمیر

مکتبہ شرقیہ سوئیوالان دہلی










# پولینڈ، فرانس اور روس میں اتحاد قائم کرنیکی کوشش
## کانفرنس ریاستہائے بلقان میں اضطراب۔ وارسا مشن کی کامیابی
## وزیر خارجہ فرانس اور اسٹالن صدر جمہوریہ روس کی ملاقات

وارسا ۱۰ مئی۔ مسٹر لاوال وزیر خارجہ فرانس اور حکومت پولینڈ کے درمیان کل دوستانہ طریقہ پر پولینڈ کے معاملہ پر گفت و شنید ہوئی ...

ماسکو ۱۰ مئی۔ کل مسٹر لاوال روس پہنچ جائیں گے۔ آپ کی آمد کے لئے روس میں زبردست تیاریاں ہو رہی ہیں ... مسٹر لاوال منگل کے روز اسٹالن صدر جمہوریہ روس سے ملاقات کریں گے۔

## اٹلی اور حبش کی جنگی تیاریاں
### مصالحت کی کوشش

لندن ۱۰ مئی۔ حکومت برطانیہ اور حکومت فرانس کے درمیان یہ مشورہ ہو رہا ہے کہ کوئی ایسی ترکیب کی جائے کہ جس سے ایک ایسا مصالحتی بورڈ وجود میں آ جائے جس پر دونوں حکومتوں کو اعتبار ہو۔

بہت سی عورتیں اور غلام بھی ان جنگی تیاریوں میں شریک ہیں ...

## حبش کیلئے جرمنی اسلحہ فراہم کر رہا ہے؟
### جرمنی پر اٹلی کے اخبار کا الزام

لندن ۱۰ مئی۔ اطالیہ کے ایک اخبار نے جرمنی کے خلاف حبش کو ہتھیار دینے کا الزام لگایا ہے ...

## جاپان کی صنعت پارچہ سے امریکہ کو رشک

لندن ۱۲ مئی۔ امریکہ اور جاپان میں پارچہ بافی کے سلسلہ میں جنگ جاری ہے ...

بہرحال امریکہ اور جاپان کی یہ تجارتی جنگ اور جاپان کے حملے دلچسپ اور سبق آموز ہیں اور تعجب نہیں رنگ لائیں۔


### الجمعیۃ کیلئے ایجنٹوں کی ضرورت

حسب ذیل مقامات پر الجمعیۃ کے لئے ایجنٹوں کی ضرورت ہے۔ کمیشن معقول دیا جائے گا۔

پٹنہ۔ مظفرپور۔ حیدرآباد دکن۔ بھوپال۔ بریلی۔ لکھنؤ۔ آگرہ۔ علی گڑھ۔ ڈھاکہ۔ کلکتہ۔ لاہور۔ امرتسر۔ انبالہ۔ راولپنڈی۔

جو اصحاب ان مقامات کے لئے الجمعیۃ کی ایجنسی لینا چاہیں وہ حسب ذیل پتہ پر خط و کتابت کریں۔ "منیجر الجمعیۃ دہلی"


## نوجوانوں کی گرفتاریاں
### سرخ اشتہارات کی تقسیم

لاہور ۱۰ مئی۔ نوجوان بھارت سبھا لاہور کے ایک کارکن کو ... سرخ اشتہارات تقسیم کرنے کے الزام میں گرفتار کر لیا گیا۔

## ہٹلر کو گالیاں دینے پر بیوی کو طلاق
### ایک آسٹرین کو سزا

لندن ۹ مئی۔ جرمنی سے ایک دلچسپ اطلاع موصول ہوئی ہے ...

## ایک مشنری قتل کر دیا گیا

باریسال ۱۰ مئی۔ ... بنگلہ کے ایک کمرہ میں مردہ پایا گیا ... پولیس تحقیقات کر رہی ہے۔

## برما میں خوفناک آتشزدگی

رنگون ... میں آگ لگ جانے سے ایک شخص بری طرح جل گیا ...

## سلور جوبلی میں ۷۰ لاکھ روپیہ

## راجگوپال اچاریہ مستعفی ہو گئے

مدراس۔ کانگریس کی سیاسیات اور مسٹر راجگوپال اچاریہ کے درمیان ...

## مسلمانوں کی دو پارٹیوں میں فساد

کراچی ... مسلمانوں کی دو پارٹیوں میں فساد ہو گیا ...

## بندوق اور ریوالور برآمد ہوئے

## برطانیہ اور اسلامی دنیا کا اتحاد

لندن ۹ مئی۔ سلور جوبلی کے موقعہ پر لندن میں برطانوی لارڈوں اور مسلم لیڈروں نے مل کر ایک کونسل بنائی ہے ...

## پچاس ہزار کے نوٹ نذر آتش

رنگون ... میں آگ لگ گئی جس سے پچاس مکانات جل گئے ...

## وزیر ہند پر دعویٰ کیا جائیگا
### حادثہ کراچی کی صدائے بازگشت

لاہور ... کراچی میں مسلمانوں پر فائرنگ کے سلسلہ میں وزیر ہند کے خلاف قانونی چارہ جوئی کرنے کے متعلق غور و خوض کر رہی ہے ...

## الہ آباد ہائیکورٹ کے جج ہلاک ہو گئے
### موٹر کھڈ میں جا پڑی

سر جارلس کنڈل جج الہ آباد ہائیکورٹ نینی تال سے کاٹھگودام جا رہے تھے ...

## وزیر ہند کو ہندوستان سے تنخواہ نہ دیجائے
### اسمبلی کے اجلاس میں تجویز

## رانی گنج میں فرقہ وارانہ فساد
### پولیس کو گولی چلانی پڑی

کلکتہ ۱۰ مئی۔ پرسوں رات کو رانی گنج میں فرقہ وارانہ فساد ہو گیا ...

## دردانیال کا مسئلہ

## چھ ماہ میں ۵۴۰ ڈاکے

کلکتہ ۹ مئی۔ بنگال گورنمنٹ کی ایک رپورٹ مظہر ہے کہ ستمبر ... بنگال میں ۵۴۰ ڈکیتیاں عمل میں آئیں ...


## جوائنٹ پارلیمنٹری کمیٹی کی رپورٹ
### اردو میں

مشترکہ پارلیمنٹری کمیٹی کی رپورٹ کا اردو ترجمہ شائع ہو گیا ہے اور ہم نے الجمعیۃ بک ایجنسی کیلئے اس کے برائے فروخت حاصل کر لئے ہیں جو حضرات آئندہ دستور اساسی کے متعلق برطانوی مدبرین کا نقطہ نگاہ معلوم کرنا چاہیں اور اردو زبان میں تمام آئینی مسائل پر مفصل بحث پڑھنے کے خواہشمند ہوں وہ فوراً ہم سے رپورٹ کا ایک نسخہ طلب فرمالیں۔ یہ کتاب ۲۴۴ صفحات کی ہے اور اس کی قیمت فی جلد ۱۲؍ ہے محصول ڈاک ۲؍ ہوگا۔ فرمائشیں جلد موصول ہونی چاہئیں۔

ملنے کا پتہ

منیجر الجمعیۃ بک ایجنسی گلی قاسم جان دہلی

## اطلاع ضروری

ہر خاص و عام کو بذریعہ اشتہار ہذا آگاہ کیا جاتا ہے کہ ہم نے اپنے ملازم محمد ادریس و محمد الیاس ... کو ان کی بد دیانتیوں کی وجہ سے اپنے کارخانہ کی ملازمت سے علیحدہ کر دیا ہے ... ہمارے ذمہ کسی قسم کی ذمہ داری نہ ہوگی۔

المشتہر حاجی شیخ عبد الخالق عبد المالک سوداگران ظروف بازار چوک مراد آباد

## خوشخبری خوشخبری خوشخبری
## کمزور طلباء کیلئے نادر موقع

ہم نے جماعت چہارم تا دہم (میٹرک) کے طلباء کے لئے انگریزی حساب اردو وغیرہ مضامین کی خاص کلاسوں کا انتظام کیا ہے۔ انفرادی صورت میں سال میں دو جماعتوں کا امتحان پرائیویٹ دلوایا جاتا ہے۔

پتہ: محمد علی برمکان مولوی عبد الرحمن صاحب ترکمان دروازہ دہلی

## وزیر ہند پر دعوی کیا جائیگا

(۱) الف سے ے تک کی سکیم حفاظت (۲) بچوں کی تعلیم و شادی کی سکیم (۳) مشترکہ بیمہ
مندرجہ ذیل حقائق و اعداد ظاہر کریں گے کہ وینس نے اب تک کتنی ترقی کی ہے
مطالبات ادا شدہ ... محفوظ سرمایہ زائد از ...
کام حاصل شدہ ... گورنمنٹ سیکیورٹی ...
تفصیلات برائے ایجنسی یا چیف ایجنسی کمیشن یا تنخواہ یا سپروائزر حسب ذیل پتہ پر خط و کتابت کیجئے
دی وینس انشورنس کمپنی لمیٹڈ چاندنی چوک دہلی




# لاہور میں مسجد شہید گنج کے متعلق ایجی ٹیشن

## موچی دروازہ کے باہر ساٹھ ہزار مسلمانوں کا اجتماع

## مولانا ظفر علی خاں کی پر جوش تقریر اور اس کے بعد گرفتاریاں

لاہور ۲۰ جولائی۔ آج حسب اعلان مسلمان نماز جمعہ سے فارغ ہو کر باغ بیرون موچی دروازہ میں جمع ہونے شروع ہو گئے ... کے عین مرکز میں پرچم اسلام بلند کیا گیا تھا۔ یہ پرچم کشائی مولانا ظفر علی خاں کو کرنا تھی۔ ...

ہے کہ ہر مسلمان کفن بردوش نیلی قمیص دکھائی دے۔

**زعمائے احرار کا شدید انتظار**

ملک لال خاں صاحب نے سٹیج پر کھڑے ہو کر فرمایا۔ میں مسلمانوں کو بتا دینا چاہتا ہوں کہ ...

تائید پر سید حبیب شاہ صاحب کو صدارت کی کرسی پیش کی گئی جسے آپ نے شکریہ ادا کرنے کے بعد قبول فرمایا اور اسٹیج پر تشریف لا کر فرمایا۔

حکومت پنجاب نے مسلمانوں کو ان کی امن پسندی اور صبر و ضبط کے عوض یہ اعلان کیا ہے کہ وہ مسجد جسے مسجد شاہ چراغ کہا جاتا ہے ... آج کل لاہور سشن کورٹ قائم ہے مسلمانوں کو دیدی گئی ہے ...

آج پرچم اسلام بھی وہ اپنے پاک ہاتھوں ہی سے لہرائیں گے۔ مولانا کے پرچم لہرانے کے بعد ان کے خدام تقریریں فرمائیں گے اور آخیر میں میں تقریر کروں گا۔

جلسہ کا آغاز تلاوت قرآن مجید سے ہوا ...

**مولانا ظفر علی خاں کی تقریر**

**ابتدائی کارروائی**

**نیلی قمیص پہننے کا عہد**

**پرچم لہرایا گیا**

میاں فیروز الدین احمد کی تحریک اور مولانا ظفر علی خاں کی ...

(باقی صفحہ ۶ پر ملاحظہ فرمائیں)

# ولادت مسیح کے متعلق ایک علمی بحث

## عقل و نقل کی روشنی میں

(مولانا قاضی انوار الحق صاحب مفتی ریاست بانگرول کے قلم سے خاص الجمعیۃ کیلئے)

(۷)

**دوسری قوموں کی تاریخی روایات**

(۷) بعض تصورات محض جذبات حقیقت کے وقوع کا باعث بن جاتے ہیں جیسے انسان اگر تنگ دیوار پر چلے تو باوجود کہ زمین کی طرح اس پر بھی پاؤں اطمینان سے ...

سوم یہ دعویٰ کوئی نیا نہ تھا بلکہ ایسے امر کا وقوع اس سے پیشتر بھی کئی دفعہ ہو چکا تھا ...

**وجوہ وقوع**

**طبی تحقیقات**

**فلاسفہ متقدمین و متاخرین**

(ب) فلاسفہ کا دعویٰ ہے کہ جو حامی ہے۔ سانپ بالوں سے ... پیدا ہو سکتے ہیں تو جب ایک کلیتہ جنس ... حضرت عیسیٰ کا اپنی جنس یعنی ماں سے پیدا ہونا کیسے محال ہوا؟

چنیوٹ لاہور میں اس مقام پر جہاں آج سے ... اورنگ زیب عالمگیر کے بھائی دارا شکوہ کے خانساماں نے مسجد تعمیر کی جس کا نام مسجد عبد اللہ خاں رکھا گیا اور جو آج مسجد شہید گنج کے نام سے مشہور ہے ... (باقی صفحہ ۶ پر ملاحظہ فرمائیں)


**کیا آپ کو عملیات سے بدظنی ہے؟**

تجربہ صرف ایک رات کا مجرب عمل۔ یا۔ سات روز کا عمل پڑھ کر اپنی بدگمانی رفع کیجئے

اگر آپ تنگدستی سے فراغ دستی، بیروزگاری سے روزگار یا اپنے کاروبار میں حیرت انگیز ترقی و برکت حاصل کرنا چاہتے ہیں ... تو صرف ایک رات کا مجرب عمل ... سات روز کا عمل ...

حب صحت افزا۔ معدہ کی تمام بیماریوں کا مشہور و مقبول علاج ...

ملنے کا پتہ:۔ حافظ اشفاق احمد انصاری — انصاری دواخانہ پرچھا دل مظفر نگر یوپی (انڈیا)

دوا کے پارسل میں ہونگے ... علاوہ محصول ڈاک ... پر محصول معاف ہے



**طبیہ کالج مسلم یونیورسٹی علی گڑھ**

طبیہ کالج مسلم یونیورسٹی علی گڑھ میں نئے طلبا کا داخلہ ۲۶ جولائی ۳۵ء سے یکم اگست ۳۵ء تک ہوگا۔ داخلہ کی درخواستیں پرنسپل طبیہ کالج علی گڑھ کے دفتر میں ۱۵ جولائی ۳۵ء تک پہنچ جانی چاہئیں اور امیدوار کو دفتر کی جانب سے مقررکی ہوئی تاریخ پر کالج میں حاضر ہونا چاہئے مقررہ تعداد پوری ہونے کے بعد کسی طالب علم کا داخلہ نہ کیا جائیگا۔

پرنسپل طبیہ کالج مسلم یونیورسٹی علی گڑھ



**فرانسیسی کوک شاستر**

(با تصویر) اس کوک شاستر کو پڑھ کر ... یہ بلکہ یہ زمانہ موجودہ کے نہایت عیش پرست ملک فرانس کے مشہور کوک شاستر کا اصلی ترجمہ ہے ...

منیجر جنرل سپلائی سٹورٹ لاہور



**امریکن کمپنی کی پیشینگوئی سچ ہوئی**

آج ہندوستان میں وہ چیز کا دور ہو گیا جس کا ہر گھر میں ضرورت ہے ...

سینما کی سچی مشین مع فلم ریل صرف نو روپیہ میں

مراکل رنگ ...

دی ایسٹ امپورٹ اینڈ ایکسپورٹ کمپنی نواب گنج دہلی

بسم اللہ الرحمن الرحیم
# الجمعیۃ دہلی
یوم شنبہ ۱۸ ربیع الثانی ۱۳۵۴ھ ہجری

# مسجد شاہ چراغ کی واپسی
## پنجاب کے ہندو اخبارات کا شرمناک رویہ

لاہور کی ایک قدیم مسجد کو شہید کر کے سکھوں نے اپنی بلند فطرت اور اعلیٰ کیرکٹر کا جو ثبوت ہم پہنچایا وہ کوئی ایسی بات نہیں ہے جو چند مہینوں یا سالوں میں فراموش کر دی جائے ...

مگر پنجاب کے ایک ہندو اخبار پر جب آج ہماری نظر پڑی تو ہم نے نہ صرف یہ کہ اسے انسانیت و وطنیت کے اس تقاضہ سے گریز کرتے ہوئے دیکھا بلکہ ایک نہایت مفسدانہ اور شرارت آمیز ...

... تو گویا اس سے جواب طلب ہو سکتا ہے۔ حکومت نے اگر مسجد خریدی تھی اور اسے مسلمانوں کی عبادت گاہ جانتے ہوئے پبلک عمارت بنایا تھا تو یہ اس کی غلطی تھی۔ اگر وہ عمارت آج بھی بدستور موجود ہے اور حکومت اس کو واپس دے رہی ہے تو کسی ہندو کی اس سے بڑھ کر تنگ نظری اور کوتاہ اندیشی نہیں ہو سکتی کہ وہ اس جائز بلکہ مستحسن فعل کے لئے اسے مطعون کرے اور اس طرح مسلمانوں کے ساتھ اپنی قلبی عداوت کا ثبوت بہم پہنچائے۔

... کو جو ایک دوسرے ... میں استعمال ہو رہی تھی مسلمانوں کو واپس کر کے ایک بہتر مثال قائم کی۔ ایک ہندوستانی ہونے کی حیثیت سے ہر ہندو و جیسائی ... پارٹی کا فرض تھا کہ وہ اس فعل پر اظہار اطمینان کرتا کیونکہ یہ معاملہ کچھ باہمی تصادم کا نہ تھا بلکہ ایک ایسے فریق کے مقابلہ میں تھا جو سب کے لئے یکساں حیثیت رکھتا ہے۔ اگر ہندوؤں کا کوئی مندر اسی طرح گورنمنٹ کے قبضہ میں ہوتا اور اسے کسی سرکاری عمارت کے لئے استعمال کیا جا رہا ہوتا اور وہ دوبارہ ہندوؤں کو واپس کر دیا جاتا تو ہم ایک ہندوستانی مسلمان ہونے کی حیثیت سے اپنا فرض سمجھتے کہ حکومت کے اس فعل کو سراہیں۔ حکومت کی جانب سے جب کسی ایک فرقہ کے ساتھ ایسا سلوک کیا جائے جس سے دوسرے فرقے کے حقوق میں قطعاً مداخلت نہ ہوتی ہو تو انسانیت، وطنیت اور قومیت کا تقاضہ یہ ہے کہ اس کے اظہار تشکر میں سب شریک ہوں اور اگر یہ جذبات نہ ہوں تو کم سے کم مصلحتاً ہی حکومت کے اس فعل کی تعریف کی جائے کیونکہ آج وہ کل ہماری باری ہے۔

## ضروری گزارش

خریداران اخبار الجمیعۃ خط و کتابت کے وقت اپنے نمبر خریداری کا حوالہ ضرور دیا کریں ورنہ عدم تعمیل کی شکایت معاف۔

(مینیجر الجمعیۃ دہلی)

# شذرات

## مسلم زعماء کی گرفتاری

حکومت کا یہ فیصلہ کہ اس نے مولانا ظفر علی خاں اور ان کے رفقاء کار کو گرفتار کر کے لاہور سے باہر بھیج دیا اور ان پر یہ نوٹس تعمیل کرائے کہ وہ اپنے مقامات پر نظر بندی کی حالت میں زندگی بسر کریں اور لاہور میں آ سکیں کوئی دانشمندانہ فعل نہیں ہے کیونکہ ہمارے نزدیک لاہور کی موجودہ فضا میں اس کی ہرگز ضرورت نہ تھی جہاں تک نقص امن کا تعلق ہے حکومت کو گزشتہ مدت میں اچھی طرح یہ تجربہ ہو چکا تھا کہ مولانا ظفر علی خاں اور دیگر حضرات نے جو مسجد کے ایجی ٹیشن کو چلا رہے تھے شہر کے اندر امن و سکون قائم رکھنے میں حیرت انگیز ضبط کا اظہار کیا تھا۔ اگر انتہائی اشتعال کے مواقع پر مولانا ظفر علی خاں مسلمانوں کے جوش ...

... بھی علم ہے اور وہ اخلاقی حیثیت سے سکھوں کو قصور وار سمجھتی ہے اور مسلمانوں کے زخموں کا اندمال کرنے کی بھی فکر میں ہے۔ مسلم زعماء کے ساتھ یہ طرز عمل کسی طرح بھی خوشگوار نتائج پیدا کرنے والا نہ ہو گا۔ بلکہ ایسے آزمودہ کار لیڈر کی غیر موجودگی میں اس کا اندیشہ ہے کہ کہیں لوگ قابو سے باہر نہ ہو جائیں اور کوئی نامناسب صورت پیدا نہ ہو جائے۔ ہم اب بھی یہ توقع رکھتے ہیں کہ پنجاب کی حکومت اپنے اس طرز عمل کو جلد ہی بدل دے گی۔

## برما کونسل کی ایک تجویز

برما کونسل میں یہ تجویز نہایت معقول پیش ہونے والی ہے کہ کونسل کو توڑ کر دہی طرز حکومت پھر رائج کر دیا جائے جو اس کونسل سے پہلے تھا کیونکہ مصارف کی زیادتی کے ساتھ اس کونسل سے فائدہ کچھ بھی نہیں ہوا ہے۔ ہماری رائے میں صوبہ برما کے نمائندے جس نتیجہ پر پہنچے ہیں حقیقتاً وہی حال تمام ہندوستان کا ہے۔ ہر صوبہ میں کم و بیش یہی محسوس کیا جا رہا ہے کہ آئینی اصلاحات جو باشندگان ملک کو اپنے معاملات میں ... اس کی کوشش کی جائے کہ ... کو اور زیادہ حاصل کیا جائے۔ اگر برما کونسل میں یہ قرارداد منظور ہو گئی تو دوسرے صوبوں میں بھی کم سے کم اسی قرارداد کو منظور کر کے ہی ان مصارف کے خلاف احتجاج کا ایک طریقہ پیدا کیا جائے۔ اور یہ بتایا جائے کہ ملک ان مصارف کے متعلق کیا خیال کرتا ہے۔

# کوئٹہ کے زخمیوں کی خبر گیری
## وائسرائے کے ڈاکٹر کی رپورٹ

حسب ذیل رپورٹ لفٹنٹ کرنل ڈیلو اس اسٹوارٹ ایف آر سی ایس آئی ایم ایس سرجن ہز ایکسیلنسی وائسرائے نے کوئٹہ کے زخمیوں کی خبر گیری کے بارے میں مرتب کی ہے۔

یہ بہت ہی دانشمندی کی بات تھی کہ زیادہ تر جراحت والے زخمیوں کو کوئٹہ کے آس پاس ایسے اسپتالوں میں بھیج دیا گیا جہاں جراحت کا سامان بہترین مہیا تھا۔

۳۰ مئی کو زلزلہ کے موقعہ پر جن ڈاکٹروں اور نرسوں نے زخمیوں کی امداد میں نہایت ہی اعلیٰ درجہ کا کام کیا اور نیز حکام ریلوے اور اپنی خوشی سے مدد کے لئے آگے بڑھنے والے منتق صد شکریہ ہیں جن کی وجہ سے زخمیوں کی روانگی میں سہولت پیدا ہوئی اور راستہ کے اسٹیشنوں پر ان کی دیکھ بھال ہوئی۔ اور نیز وہ لوگ بھی مستحق تحسین ہیں جنہوں نے راستہ میں انہیں کھانا کھلایا۔

... شفا خانوں سے کی جا سکتی تھی جس انتظام کے ماتحت ہیٹھک ہڈی کو لہے کی ہڈی اور ران کی ہڈی ٹوٹے ہوئے مریض ایک جگہ الگ الگ کمروں میں رکھے گئے تھے وہ نہایت ہی مناسب تھا اور ہر ایک مریض کے علاج میں جو ندا بیر اختیار کی گئیں ان کی تفصیل اصولی علاج کی اعلیٰ ترین کتابوں کے بتائے ہوئے طریقہ کا عملی مظاہرہ تھا۔

ہر ایک مریض کے لئے بہترین اور مناسب ترین آلات و سامان ... موجود تھے ...

ٹوٹی ہوئی ران کو درست کرنے کے لئے جیسے آلات اور سامان کی ضرورت ہوتی ہے وہ سب بھی موجود تھے اور پٹیاں اور تار وغیرہ سب بہترین ساخت کے استعمال کئے گئے۔ یہاں تک کہ ایک مریض کے زخم میں بھی خرابی یا سمیت نہیں پیدا ہونے پائی اور تمام مریض نہایت ہی آرام سے رکھے گئے۔ مجروح اعضا فلالین کے بنے ہوئے بہترین ساخت کے گوٹھوں میں تھے۔

# دنیائے اسلام کی ایک بہترین مذہبی درسگاہ
## دارالعلوم دیوبند
(۲)

اب تک ہم نے اس سلسلہ میں جو کچھ لکھا ہے وہ مولوی محمد طیب صاحب مہتمم دارالعلوم دیوبند کے مراسلہ کے متعلق تھا۔ ہمارے علم و یقین میں مجلس شوریٰ کے مختلف جلسوں کی بعض کارروائیاں ...

جب تک قلم سے معدوم ہو جائیں۔ اس قسم کی مطلق العنانی جس کے بعد مجلس شوریٰ کا وجود بالکل بیکار ہو جاتا ہے اور دارالعلوم کے تمام نظم و نسق کی ذمہ داری تنہا حضرت سرپرست صاحب ...



# مولانا ظفر علی خاں کے بعد دوسرے ڈکٹیٹر کا تقرر
## لاہور میں ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کے حکم کی خلاف ورزی
## ہلکا لاٹھی چارج اور مسجد کے باہر پولیس کا پہرہ

لاہور میں ابھی تک سکون پیدا نہیں ہوا ہے اور مقامی حکام کی گھبرائی کارروائیاں اس کی بدحواسی اور تشویش کو ظاہر کر رہی ہیں۔ ڈپٹی کمشنر نے دفعہ ۱۴۴ کے ماتحت ایک نوٹس جاری کیا ہے جس کی رو سے شہید گنج کی مسجد کے سلسلہ میں ہر قسم کے جلوس نکالنے کی بھی ایک ماہ کے لئے ممانعت کر دی ہے۔ کیونکہ ان کے خیال میں اس سے نقص امن کا اندیشہ ہے۔

کل شام کو بادشاہی مسجد میں بعد نماز عصر سات آٹھ ہزار مسلمانوں کا اجتماع ہوا جس میں میاں عبدالکریم کو مولانا ظفر علی خاں صاحب کی جگہ دوسرا ڈکٹیٹر چنا گیا۔ اس کے بعد ایک قرارداد میں ان مسلمان رہنماؤں کو مبارکباد دی گئی جنہیں گرفتار کر کے لاہور سے خارج کر دیا گیا ہے۔

... ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کے حکم کی خلاف ورزی کی۔ ہزار مسلمانوں کا ایک جلوس بھی کہتے ہیں کہ جلسہ کے بعد مسجد سے نکالا گیا جسے وائی گیٹ کے قریب پولیس نے روکا بھی مگر جب مجمع نہ رکا تو پولیس نے ہلکے طریقہ پر لاٹھی چارج کیا۔ لاٹھی چارج کے بعد کچھ لوگ تو منتشر ہو گئے بقیہ نے قریب کی ایک مسجد میں جا کر پناہ لی۔ اس سلسلہ میں سات آدمی گرفتار کر لئے گئے۔

مسجد کے باہر لاریوں میں پولیس کے آدمی پہرہ دے رہے ہیں پولیس کی لاریوں کے ساتھ ساتھ جیل کی لاریاں بھی تیار کھڑی ہیں۔ گذشتہ شب گرفتار شدہ آرڈر کی خلاف ورزی میں ... گرفتاریاں ہوئیں۔

# کوئٹہ میں ایک اور زبردست زلزلہ
## چلتن پہاڑ گرد و غبار میں چھپ گیا

... کوئٹہ میں پھر زبردست زلزلہ آیا۔ زلزلہ سے پہلے زمین کے نیچے سے گڑگڑاہٹ کی آواز آئی اس کے بعد یکایک زمین ہلنے لگی۔ زلزلہ کے بعد ہی چلتن پہاڑ غبار سے بالکل چھپ گیا گویا ایسا معلوم ہوتا تھا کہ پہاڑ زمین میں دھنس گیا ہے۔ کوئٹہ میں اس وقت جو لوگ موجود ہیں وہ پے درپے زلزلوں سے بے حد پریشان ہیں اور سراسیمہ ہیں اور قدرت کے رازہائے سربستہ ان کی سمجھ سے باہر ہیں۔

# کالی ماتا کی مورتی تخت سے جنگل میں چلی گئی
## سونے اور چاندی کے زیورات غائب ہو گئے

میمن سنگھ ۱۵ر جولائی۔ مکتر گنج سے یہاں ایک اطلاع موصول ہوئی ہے کہ ...

# ۱۰ افراد ہلاک، ۲ مجروح
## کوئلہ کی کان میں دھماکہ

ڈور لنڈ ۱۵ر جولائی۔ ایک مقامی کوئلہ کی کان میں دو ہزار فٹ کی گہرائی پر ایک زوردار دھماکہ ہوا جس سے دس افراد ہلاک اور ۲ مجروح ہو گئے۔

# سوشلسٹوں کی نئی انجمن
## آل انڈیا کسان کانگریس قائم ہو گئی

الہ آباد ۱۵ر جولائی۔ معلوم ہوا ہے کہ سوشلسٹ ایک ادبی تنظیم آل انڈیا کسان کانگریس کے نام سے قائم کرنا چاہتے ہیں۔ جو آل انڈیا ٹریڈ یونین کانگریس کی طرح ہو گی۔

# سب انسپکٹر پر حملہ کی تفصیلات

راجشاہی ۱۵ر جولائی۔ کل یہ خبر دی جا چکی ہے کہ ایک سب انسپکٹر اور دو پولیس کانسٹیبلوں پر حملہ کیا گیا اور وہ زخمی ہو گئے۔ اب اس سلسلہ میں معلوم ہوا ہے کہ اس جھگڑے میں حملہ آور بھی مجروح ہوئے۔ کل رات کو سپرنٹنڈنٹ پولیس موقعہ پر پہنچے اور ایک مسلح فوج تعینات کر دی گئی ہے۔

# مولانا شوکت علی پر حکم امتناعی کی تعمیل
## میعاد میں غیر معینہ مدت کے لئے توسیع

بمبئی ۱۵ر جولائی۔ حال ہی میں مولانا شوکت علی پر حکم امتناعی کی تعمیل کی گئی تھی جس کے ذریعہ ان کو کراچی جانے کی ممانعت کر دی گئی تھی جہاں کہ وہ گولی چلنے کے واقعہ کے متعلق تحقیقات کے لئے جانا چاہتے تھے اب میعاد غیر معینہ عرصہ کے لئے توسیع کر دی گئی ہے۔

# لائل پور میں فساد ہو گیا

لاہور ۱۶ر جولائی۔ چک نمبر ... لائل پور میں زمینداروں کی دو پارٹیوں میں فساد ہو گیا۔ ... آدمی زخمی ہوئے ... آدمی گرفتار کر لئے گئے۔

# مسجد کے سامنے باجا
## ۲۰ ہندو اور ۱۵ مسلمان گرفتار

... ۱۵ر جولائی۔ گذشتہ ہفتہ کو دور کے قریب ایک گاؤں میں جو ہندو مسلم جھگڑا ہو گیا تھا وہ مسجد کے سامنے باجا بجانے پر ہوا تھا۔ پولیس نے اس سلسلہ میں ۲۰ ہندوؤں اور ۱۵ مسلمانوں کو گرفتار کیا ہے۔

# ۱۲ ہزار افراد ہلاک ہوئے
## چین میں سیلاب کی تباہ کاریاں

شنگھائی ۱۵ر جولائی۔ غیر سرکاری ... اندازہ ہے کہ حال میں چین کے دریائے یانگ سی ... سیلاب آیا تھا اس میں تقریباً ۱۲ ہزار افراد ہلاک ہو گئے۔

# وائسرائے کوئٹہ ریلیف فنڈ
## بنگال چیمبر آف کامرس کا عطیہ

... ۱۵ر جولائی۔ ... بنگال چیمبر آف کامرس نے ... روپیہ دیا ...

# ایک سکھ پر حملہ کرنے کا الزام
## چار مسلمانوں سے طلبی ضمانت

امرتسر ۱۵ر جولائی۔ امام بخش، شمس دین، علی محمد اور لعقوب سے مجسٹریٹ درجہ اول نے ... ایک سکھ سے ... حملہ کرنے کے الزام میں ... ضمانت طلب کی ہے۔

# دہلی میں اروِن ہسپتال کی تعمیر
## موسم سرما میں رسم افتتاح ادا ہو گی

دہلی ۱۷ر جولائی۔ اروِن ہسپتال کی عمارت تقریباً مکمل ہو چکی ہے۔ یہ ہسپتال شمالی ہند میں اپنی قسم کا بہترین ہسپتال ہو گا۔ معلوم ہوا ہے کہ موسم سرما میں ... اس وقت اس ہسپتال کی رسم افتتاح ادا کی جائے گی۔

# ولنگڈن ٹائم کی مخالفت

دہلی ۱۷ر جولائی۔ پچھلے سال نومبر کے مہینہ ... ولنگڈن ٹائم رائج کیا گیا تھا ... آئندہ موسم سرما میں اس کو پھر رائج کرنے کے متعلق ... آف کامرس اور دوسری ... تجارتی جماعتوں سے رائے طلب کی گئی ہے ... کئی جماعتوں نے اس وقت کو دوبارہ رائج کرنے کی مخالفت کی ہے۔

# "ارجن" کی ضمانت داخل ہو گئی

کل دہلی کے ہندی معاصر "ارجن" نے ... روپیہ کی ضمانت داخل کر دی۔ ...

# ۱۳ سال میں ایف اے

مظفر نگر کی ایک لڑکی زیب النساء نے ۱۳ سال کی عمر میں ایف اے کا امتحان نمایاں طور پر پاس کیا ہے۔ آپ کے والد کا نام میاں عزیز محمد قریشی ہے۔ زیب النساء کو آئندہ تعلیم جاری رکھنے کے لئے ... وظیفہ دیا گیا ہے۔

# حبش میں جاپان کی املاک
## روئی کی کاشت کے لئے اراضی

... جاپان کو روئی کی کاشت کرنے کے لئے ... لاکھ ایکڑ زمین رعایتی پٹہ پر دی ہے ... شمالی یورپ ... منطقہ حارہ کے تمام پھل پائے جاتے ہیں ...

# پولیس میں حاضری نہ دینے کا الزام
## ایک نظر بند بنگالی کی گرفتاری

... اس طرح نظر بندی کے قوانین کی خلاف ورزی کرنے کے الزام میں ایک نظر بند ... کو قانون ترمیم ضابطہ فوجداری بنگال کے ماتحت گرفتار کیا گیا ...

# برما میں کونسل توڑ دینے کا مطالبہ
## بیکار خرچ سے کوئی فائدہ نہیں ہے

رنگون ... کونسل کے آئندہ اجلاس ماہ اگست میں مندرجہ ذیل تحریک پیش کی جائے گی۔

"یہ نظر رکھ کر کہ ... موجودہ کونسل سے کوئی فائدہ نہیں ... اس لئے یہ کونسل حکومت سے سفارش کرتی ہے کہ اس کونسل کو توڑ دیا جائے اور وہ طرز حکومت ... جاری کر دی جائے۔"

ایک دوسری اہم تحریک بھی پیش کی جائے گی جس کا مقصود یہ ہے کہ برمی زبان کو تمام سرکاری دفتروں میں لازمی زبان قرار دیا جائے۔

# پولیس پر گاؤں والوں کا حملہ
## سب انسپکٹر اور کانسٹیبل زخمی ہو گئے

راجشاہی ۱۵ر جولائی۔ ... ایک سب انسپکٹر اور دو کانسٹیبلوں پر ... گاؤں والوں نے حملہ کر دیا اور وہ زخمی ہو گئے۔ ... پولیس کے علاوہ گاؤں والوں میں بھی کئی آدمی زخمی ہوئے۔

کل شام کو سپرنٹنڈنٹ پولیس نے موقعہ کا معائنہ کیا اور ایک مسلح پولیس کو متعین کر دیا گیا ہے۔

# کانگریس اور عہدے
## سر تیج بہادر سپرو کا مشورہ

الہ آباد ۱۶ر جولائی۔ الہ آباد میں سر تیج بہادر سپرو کو نامہ نگار نے گھیر لیا۔ اس دوران میں موصوف سے دریافت کیا گیا کہ مجوزہ اصلاحات کے ماتحت عہدے قبول کرنے کے متعلق کانگریس نے کیا فیصلہ کیا ہے اور اس کے بعد آپ نے اس سلسلہ میں اپنا خیال ظاہر کرتے ہوئے کہا کہ اگر کانگریس عہدے قبول کرے تو کوئی مضائقہ نہیں۔

جب لاہور کے مسلمان سکھ تنازعہ کی طرف موصوف کی توجہ مبذول کی گئی تو اس وقت آپ نے کہا کہ بلاشبہ فی الحال چند تحفظات کی سخت ضرورت ہے۔ ورنہ ہندوستانی خطرات اور مشکلات کا مقابلہ کرنا ہو گا۔

# راولپنڈی میں کوئی فساد نہیں ہوا

لاہور ۱۶ر جولائی۔ یہاں یہ افواہ پھیلی ہوئی تھی کہ راولپنڈی میں ہندو مسلم فساد ہو گیا ہے جس سے لوگوں میں خاصی پریشانی پھیل گئی تھی لیکن تحقیقات سے معلوم ہوا کہ یہ خبر از سر تا پا غلط ہے اور راولپنڈی میں بالکل امن ہے۔

# لاہور میں مسجد شہید گنج کے متعلق ایجی ٹیشن

(بسلسلہ صفحہ ۱)

... نایا گیا۔ ان کو تواتی سے آپ کو بھی بطور نظر بند منٹگمری بھیج دیا گیا ...

## مسلمانوں کی ہڑتال

ان حضرات کی گرفتاری کی خبر بجلی کی طرح تمام شہر میں پھیل گئی اور مسلمانان لاہور میں ایک ہیجان پیدا ہو گیا چنانچہ اسی وقت مسلمان دکانداروں نے بطور احتجاج اپنی دکانیں بند کرنی شروع کر دیں ...

... دو تین مقامات پر ان مشاعروں کو جن میں چوہدری شاہ الدین اور حافظ معراج الدین قابل ذکر ہیں۔ پولیس نے گرفتار کر لیا اور نام وغیرہ نوٹ کئے چونکہ ان کی گرفتاری کسی دفعہ کے ماتحت نہیں آئی تھی اس لئے چھوڑ دیا جاتا رہا۔

## موچی دروازہ کا کیمپ

موچی دروازہ کے باہر میونسپل باغ میں پرچم اسلامی جو کل لہرایا گیا تھا لہرا رہا ہے اور ساتھ ایک خیمہ لداری میں نیلی پوش رضاکار کافی تعداد میں موجود ہیں۔ (مسلم نیوز سروس)

## ملک برکت علی خاں کوتوالی میں

لاہور ۱۵ر جولائی۔ آج شام کے ... بجے ملک برکت علی خاں ایڈووکیٹ کو جنہوں نے کل پرچم اسلامی لہرائے جانے کے موقع پر ایک موثر تقریر کی تھی ... کوتوالی میں ... (مسلم نیوز سروس)

## سرکاری بیان

لاہور ۱۵ر جولائی۔ آج شام کے ... بجے حکومت پنجاب کا حسب ذیل پریس کمیونک موصول ہوا ہے۔

"کل لاہور میں بارہ ہزار مسلمانوں کا ایک اجتماع منعقد ہوا جس میں مسجد شہید گنج کے انہدام کے خلاف ایجی ٹیشن کے لائحہ عمل کا اعلان کیا گیا۔ بعض تقاریر کے لہجہ اعتدال سے حد درجہ متجاوز تھا۔ ان تقریروں میں حکومت سے طرز عمل کے متعلق بعض بیانات کا اعادہ کیا گیا جن کے متعلق مقررین جانتے تھے کہ وہ غلط بیانات ہیں۔ اس اجتماع ... ایک جماعت کی سرگرمیوں ... حکومت پنجاب نے مندرجہ ذیل حضرات کو لاہور سے خارج کر کے خاص مقامات پر نظر بند کر دیا ہے۔

(۱) مولانا ظفر علی خاں (۲) سید محمد حبیب
(۳) میاں فیروز الدین احمد (۴) ملک لال خاں

... نوٹس کی تعمیل ... مولانا سید حبیب ... اور علامہ ... فیروز الدین احمد ... تحفظ مسجد شہید گنج سے کرائی۔ ہر سہ اصحاب کے نام علیحدہ علیحدہ نوٹس تھے نوٹس کا مضمون یہ تھا کہ یہ حضرات ... بجے شب سے پہلے پہلے ضلع لاہور چھوڑ دیں۔

نوٹس کی تعمیل کے فوراً بعد مولانا ظفر علی خاں کو پولیس اپنی موٹر میں بٹھا کر کرم آباد لے گئی۔

مولانا سید حبیب کو منٹگمری لے جایا گیا جہاں ان پر یہ پابندی عائد کی گئی کہ وہ حدود بلدیہ منٹگمری سے ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کی اجازت کے بغیر باہر نہیں جا سکتے اور تا حکم ثانی ان کو بلدیہ منٹگمری کی حدود ہی میں رہنا پڑے گا۔

میاں فیروز الدین احمد کے مکان واقع کوچہ گگی اندرون موچی دروازہ پر جب پولیس رات کے اڑھائی بجے نوٹس کی تعمیل کے لئے پہنچی تو میاں صاحب اس وقت مکان کی بالائی چھت پر سو رہے تھے۔ پولیس نے میاں صاحب کو جگایا اور نیچے آنے کو کہا۔ تو آپ نے پولیس کو یہ کہہ کر نیچے اترنے سے انکار کر دیا کہ وہ کرفیو آرڈر کے ماتحت ۵ بجے سے پہلے گھر سے باہر نہیں نکل سکتے انہیں پولیس کرفیو آرڈر کی خلاف ورزی کے الزام میں گرفتار کرے۔ چنانچہ پولیس ساڑھے پانچ بجے تک آپ کے انتظار میں بیٹھی رہی اور جب وہ نیچے اترے تو آپ کو ایک موٹر میں جو اسی غرض کے لئے وہاں پہلے سے موجود تھی، بٹھا کر کوتوالی ...

## دوسری تقریریں

## مولانا ظفر علی خاں کی ڈکٹیٹرشپ

## زعماء کی مجلس احرار ... تحریک

## گرفتاریاں اور نظر بندیاں

# صوبجات متحدہ میں سوشلسٹوں کے ارادے

نہایت معتبر ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ الہ آباد کے سوشلسٹوں کا ارادہ ہے کہ وہ صوبجات متحدہ میں پھر کسان تحریک کو شروع کریں اور اس مقصد کے لئے ایک آل انڈیا کسان کانگریس قائم کریں۔ یہ کانگریس اس قسم کی ہو گی جس قسم کی آل انڈیا ٹریڈ یونین کانگریس ہے۔

# انتقادات

## کشیدہ کاری کیلئے خوشنما نمونے

ایسٹ انیلڈ اینڈ کسیورٹ کمپنی دہلی نے کشیدہ کاری کی سائنٹفک شیٹ بک کے ذریعہ لڑکیوں اور خواتین کی ہنرمندی میں آسانیاں پیدا کر دی ہیں۔ یہ کتاب خاص قسم کے اوراق پر مشتمل ہے ہر ورق پر مختلف قسم کے دلچسپ بیل بوٹے، بیتے، موزوں اشعار، آیات و کلمات طیبات نقش ہیں۔ کشیدہ کرنے کے لئے صرف ایک مرتبہ اس عجیب و غریب کاغذ پر روشنائی یا رنگ پھیرنا پڑتا ہے اور کپڑے پر پھول پتے اتر آتے ہیں۔ ایک ایک ... ہزاروں مرتبہ کام آتا ہے اور خراب نہیں ہوتا ہم ناظرین سے سفارش کرتے ہیں کہ وہ اس عجیب و غریب ... سے فائدہ اٹھائیں اور موجدین کی حوصلہ افزائی فرمائیں۔

# کوئٹہ کے علاقہ میں داخل ہونے پر پانچ سو روپیہ جرمانہ یا چھ ماہ قید

## حکومت کے جدید قواعد کا اعلان

کوئٹہ ۱۶ جولائی چیف کمشنر بلوچستان نے کوئٹہ میں داخلہ کی ممانعت کے متعلق قواعد شائع کردیے ہیں۔ ان قواعد کے مطابق بغیر اجازت جو شخص سب ڈویژن کوئٹہ میں داخل ہوگا اس کو پانچ سو روپیہ جرمانہ یا چھ ماہ قید کی سزا دی جائے گی۔

### علاقہ سے اخراج

# میونسپل کمیٹی پلول

## ایک لائق مسلم ممبر کی ناراضگی کا مطالبہ

# ادارۂ انوریہ جامعہ ڈابھیل کا عظیم الشان جلسہ

## واقعہ ہائلہ پشاور وایبٹ آباد اور مسجد شہید گنج کے متعلق تجاویز

## شیخ الحدیث مولانا سراج احمد صاحب کی حقائق افروز تقریر

۱۲ جولائی بروز جمعہ بعد جمعہ زیر اہتمام ادارہ انوریہ مسجد جامعہ میں ایک عظیم الشان جلسہ منعقد ہوا جس میں جمیع اساتذہ وطلبہ اور اہل بستی نے شرکت کی۔ شیخ الحدیث حضرت مولانا سراج احمد صاحب رشیدی نے تقریر کرتے ہوئے طلبہ کو خطاب فرمایا کہ "انما المؤمنون اخوۃ" کا اصلی مطلب اور حقیقی معنی یہ ہے کہ اگر مغرب میں ایک پرستار رب اکبر کسی مصیبت میں گرفتار ہو تو مشرق کے مسلمانوں کا فرض ہے کہ وہ اسے اپنا بھائی سمجھتے ہوئے اس کے ساتھ ہمدردی کریں ہر ممکن طریقے سے اس کی امداد کرنا تمام مسلمانان عالم کا فرض اولین ہے۔

# سیرت النبی کی اشاعت وتبلیغ

## مسلمانان کراچی کا کام

# پانچ سو(۵۰۰) روپیہ ماہوار

المشتہر ڈاکٹر شفیع احمد پانچ دری مہتمم رسالہ مستکار دہلی

# سالانہ داخلہ آیورویدک طبیہ کالج سہارنپور

اندر گورنمنٹ انڈین ٹیوشن بورڈ و ڈسٹرکٹ بورڈ سہارنپور

۱۰ اگست ۱۹۳۵ء تک داخلہ کھلا رہیگا تمام درخواستیں بنام سکرٹری ہونا چاہیں۔

پراسپکٹس مفت۔ حکیم ناظر حسن نسیم آنریری سکرٹری

# جامعہ ملیہ دہلی میں داخلہ

جامعہ میں اچھی تعلیم اور بہترین تربیت کا انتظام ہے۔

داخلہ یکم اگست سے ہوگا۔ داخلہ کیلئے درخواستیں مع فیس داخلہ ۱۰ جولائی تک پہنچ جانی ضروری ہیں۔ فیس داخلہ ابتدائی درجوں کے لئے پانچ روپے ہے اور اونچے درجوں کے لئے دس روپے۔ فارم داخلہ ودستور العمل دفتر رجسٹرار سے طلب فرمایئے۔

دعا فقط فیاض احمد سہیل رجسٹرار جامعہ ملیہ اسلامیہ دہلی

# ناظرین ومشتہرین کی خاص توجہ کیلئے

# کرسمس نمبر

دو سو روپیہ انعام کی نمبر اور معمہ

دو سو روپیہ انعام کی نمبر اور معمہ

تیج دہلی کا شہرۂ آفاق کرسمس نمبر جو نہ صرف ہندوستان بلکہ دنیا کے دیگر ملکوں سے بھی خراج تحسین حاصل کرچکا ہے۔ امسال بھی حسب دستور نئے مبارک سہو و پرانی روایتی شان وشوکت اور آب وتاب کے ساتھ شائع ہوگا۔

تیج کرسمس نمبر کا اثر ورسوخ مسلمہ ہے۔ کہ ہندوستان ہی نہیں بلکہ امریکہ یورپ اور جاپان کی عظیم شخصیتیں بھی اپنے بیش قیمت مضامین سے اس کے کالموں کو زینت بخشتی ہیں۔ علاوہ ازیں رنگین تصاویر، فوٹو، کارٹون، ڈرامے اور نظمیں بھی اس کی زینت میں خاص اضافہ کرتی ہیں۔

قیمت معہ محصول ڈاک

ایجنسی اور اشتہار کے لئے بہ پتہ ذیل پر خط وکتابت کیجئے

بہ پتہ منیجر اخبار تیج دہلی

# تعلیم الاسلام

ملنے کا پتہ: الجمعیۃ بک ایجنسی دہلی

# اشتہار دینے سے

کامیابی یقینی ہوتی ہے۔ مگر شرط یہ ہے کہ کسی مشہور اخبار میں دیا جائے۔ الجمعیۃ میں اشتہار دینا فائدہ مند ہے۔

(منیجر)



# مسلمانوں کی آئندہ نسل اور قرآن

(از ابو محمد مصلح)

ساڑھے تیرہ سو برس پہلے آفتاب قرآن کے طلوع نے جہالت کی تاریکیوں کو دور کیا اور عالم انسانیت کو ہر قسم کے انوار سے نوازا۔

# کانوں کے اندر عورتوں کو ملازم نہ رکھا جائے

## بین الاقوامی لیبر کانفرنس کا فیصلہ!

بین الاقوامی لیبر کانفرنس نے اپنی ایک نشست میں کانوں کے اندر کام کرنے والی عورتوں کی ملازمت کے بارے میں غور کرنے کے لئے ایک کمیٹی مقرر کی تھی۔

# اشتہار دینے سے

کامیابی یقینی ہوتی ہے۔ مگر شرط یہ ہے کہ کسی مشہور اخبار میں دیا جائے۔

(منیجر)

# عمال بلدیہ توجہ فرمائیں

(محمد اکرم علی خاں وارثی دہلوی)

# قرص جریان

ہمدرد دواخانہ یونانی دہلی

# شربت اکسیر خاص

ہمدرد دواخانہ یونانی دہلی

# نگارستان کشمیر

(مصنفہ قاضی ظہور الحسن صاحب سیوہاروی)

ملنے کا پتہ: مکتبہ شرقیہ سوئیوالان دہلی

# جوائنٹ پارلیمنٹری کمیٹی کی رپورٹ

(اردو میں)

فرمائشیں جلد موصول ہونی چاہئیں

ملنے کا پتہ

الجمعیۃ بک ایجنسی بلیماران دہلی

# حضرت سحبان الہند مولانا الحاج حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند

کی

# تقریر سیرت

معارف

جامعہ

خلافت

ملنے کا پتہ: منیجر الجمعیۃ بک ایجنسی بلیماران دہلی

# جنت اور دوزخ

ملنے کا پتہ: مکتبہ علمیہ گلی قاسم جان دہلی

تار کا پتہ: "الجمعیۃ دہلی"

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۲۹۳

Aljamiat

الجمعیۃ دہلی

سہ روزہ

ایڈیٹر: ہلال احمد زبیری (ایم۔ اے)

جلد ۲۲ | دہلی یوم یکشنبہ ۲۶ ربیع الثانی ۱۳۵۴ھ ہجری مطابق ۲۸ جولائی ۱۹۳۵ء | نمبر ۷

# لاہور میں گیارہ جتھے گرفتار کئے جا چکے

## اکسٹھ مسلمانوں کی سول نافرمانی، گرفتاری اور سزائیں

### مقامی مسلم لیڈروں کی موجودہ تحریک سے علیحدگی

## ۴۴ گرفتاریاں

## چھ ماہ قید اور بیس روپیہ جرمانہ

## رہنماؤں پر آوازے

## گورکھا فوج

## مجروحین و شہدا کی تعداد کے متعلق تحقیقاتی کمیٹی

## سرکاری بیان

## پنجاب میں مختلف مقامات پر جلوس اور جلسے

## امرتسر کا جتھا

## باہر سے آنے والوں کی روک تھام

# نواب مالیر کوٹلہ کے بیٹے پر مجمع کا حملہ

## محل کے سامنے عورتوں کا مظاہرہ

### گرفتار شدگان کی رہائی کا مطالبہ

## آرتی اور نماز کا تصفیہ

# اٹلی حبش کی سرحد سے فوجیں واپس بلالے

## ملک گیری کی پالیسی کو ترک کرنے کا مطالبہ

### جاپان کے لیڈروں کا بحری تار

## مولوی عبدالاول صاحب کو صدمہ

# نغمہ رنگیں

قسمت نے تیرے وصل کو دوراں بنا دیا
مشکل جو بات تھی اُسے آساں بنا دیا

کنج قفس کو میں نے گلستاں بنا دیا
تھیں سازگار میرے تصور کو وسعتیں

رحمت نے اسکی اور پشیماں بنا دیا
خود ہی عرق عرق تھا میں شرم گناہ سے

صیاد ہی کے گھر کو گلستاں بنا دیا
چھیڑا کچھ ایسا نغمۂ رنگیں اسیر نے

جب میں نے زندگی ہی کو حرماں بنا دیا
تجدید شوق کی مجھے اب تو ہیں ندیے

چھالوں کو میں نے ابر بیاباں بنا دیا
جب مجھ سے دیکھی جا نہ سکی اسکی تشنگی

اک مشت خاک تھی جسے انساں بنا دیا
قدرت نے دیکھ صرف دل دردآشنا

تو نے تو اس چمن کو بھی زنداں بنا دیا
پابندیاں ہیں اب مرے نغموں پہ باغباں

تکمیل ضبط کر کے محبت میں اے قمر
اک بیوفا کو میں نے پشیماں بنا دیا

(قمر سہسرامی از دارالاقامہ الٰہ آباد)
(خاص الجمعیۃ کے لئے)

# فوجی سپاہیوں کا ایک گاؤں پر حملہ

## ۱۳ دیہاتی زخمی اور ایک ہلاک

### تحقیقات کے متعلق تفصیل

# حبش میں ہندوستانی رعایا کا تحفظ کیا جائیگا

## شہنشاہ حبش کا برطانوی حکومت سے وعدہ

# جمعیۃ الطلباء افغان دہلی کا پہلا سالانہ اجلاس

# دہلی میں ہیضہ کی وبا

## احتیاطی تدابیر کے متعلق میلتھ آفیسر کا اعلان



# حب زرین (رجسٹرڈ)

کمزوروں کو زور اور ضعیفوں کو طاقتور، نوجوان مایوس الیاء کو جوان بنانے والی اکسیر صرف حب زرین ہی ہیں۔ جن کے چند دن کے استعمال سے امید سے زائد طاقت حاصل ہو جاتی ہے۔ پوری شیشی ۶/ علاوہ محصولڈاک۔

دواخانہ کنز المجربات کوچہ چیلان گلی راجان دہلی سے منگائیے

# اخبار الجمعیۃ کے ایجنٹ صاحبان

کو مطلع کیا جاتا ہے کہ ان کی خدمت میں جو بل ماہ جون ۱۹۳۵ء کے متعلق روانہ کئے گئے ہیں ان کی رقم فوراً دفتر کو روانہ کریں اور آئندہ سے ماہ بماہ مطالبہ بھیجنے کا بندوبست کریں۔ ایسی صورت میں فیس منی آرڈر دفتر الجمعیۃ کے مطالبہ سے وضع کی جاسکتی ہے۔ جو حضرات ماہ بماہ رقم نہیں بھیجیں گے ان کی ایجنسیوں کا جاری رہنا غیر ممکن ہو جائے گا۔

منیجر الجمعیۃ۔ دہلی

# پادری کی لڑکی کا قبول اسلام

الجمعیۃ بک ایجنسی بلیماران دہلی

# ساوتری

الجمعیۃ بک ایجنسی بلیماران دہلی

# مصفا خون کی شرطیہ گولیاں

گدڑی اینڈ کو جالندھر شہر

# پانچ ترجمہ کا قرآن مجید

# حمائل شریف مترجم مع خلاصۃ التفاسیر

مشہور معروف ذو ترجمۃ الاعجز نما متوسط قرآن مجید مع کامل تفسیر

# حیرت انگیز رعایتی اعلان

# غریبوں کا قرآن مجید معرّا

ملنے کا پتہ: الجمعیۃ بک ایجنسی بلیماران دہلی

# بلاغ مبین

الجمعیۃ بک ایجنسی دہلی

# اختر اور رضیہ

الجمعیۃ بک ایجنسی بلیماران دہلی

# لاہور میں اضطراب و ہیجان کے تین دن

## دس سے زیادہ مسلمان شہید اور بے شمار مجروح

## ۳۶ گھنٹے تک سڑکوں پر مظاہرے اور فوج و پولیس سے تصادم

گزشتہ ہفتہ میں لاہور سے مسجد شہید گنج کے متعلق مسلمانوں کے ایجی ٹیشن کی نہایت ہیجان انگیز خبریں آتی رہیں۔ تین روز تک بہت سی مرتبہ لاٹھی چارج کئے گئے۔ گولیاں چلائی گئیں، اور خلاف قانون مجمعوں کو منتشر کرنے کے جتنے طریقے ممکن ہیں استعمال کئے گئے۔ ابتدا مجمع شب و روز سڑکوں پر پڑا رہا مگر اس کے بعد مقامی کارکنوں کے سمجھانے اور مولانا ظفر علی خان صاحب کے پیغام کو سننے پر مجمع نے وہاں سے ہٹنا گوارا کر لیا۔ اب صورت حال پر سکون ہے اور اجتماعی شکل میں جو سول نافرمانی شروع کی گئی تھی اسے تحمال کو تنگ کر دیا گیا ہے۔

اب صرف جتھے بھیجے جا رہے ہیں جنہیں شہید گنج کے راستے میں گرفتار کر لیا جاتا ہے جس وقت یہ الفاظ لکھے جا رہے ہیں جتھوں کی صورت میں ۸۰ آدمیوں کے گرفتار ہو جانے کی اطلاع موصول ہو چکی ہے۔

چونکہ اتفاق سے گذشتہ تاریخ کے الجمعیۃ کی تعطیل تھی اس لئے ہم نے قارئین کرام کی واقفیت کے واسطے اس عرصہ کی تمام خبروں کو جمع کر دیا ہے تاکہ تفصیلات کا علم حاصل ہو جائے۔ سرکاری بیانات اور غیر سرکاری ذرائع مثلاً ایسوسی ایٹڈ پریس، یونائیٹڈ پریس، اور اخبارات کے نامہ نگاروں کی اطلاعیں یکے بعد دیگرے مرتب کی گئی ہیں جن سے مختلف حالات واضح ہو جاتے ہیں اور واقعات کا سلسلہ ان خبروں تک پہنچ جاتا ہے جو صفحہ اول پر تازہ ترین تاروں سے دی جا رہی ہیں۔

### حکومت پنجاب کے سرکاری بیانات

#### ۱۹ جولائی کے واقعات

لاہور ۱۹ جولائی۔ لاہور کے آج کے واقعات کے متعلق حکومت پنجاب نے آج رات کے بارہ بجے حسب ذیل پریس کیونک شائع کیا ہے۔

آج بادشاہی مسجد میں نماز جمعہ کے موقع پر نہایت دھواں دھار تقریریں کی گئیں ... عام اجتماع تو منتشر ہو گیا اور لوگ چپ چاپ اپنے گھروں کو چلے گئے۔ لیکن ایک غیر ذمہ دار عنصر نے ...

منتشر کرنے کے لئے گولی چلانے کی ضرورت نہ پڑی۔ لیکن نو بجے کے قریب دہلی دروازہ کے باہر ہجوم زیادہ ہو گیا جس کا رویہ اگرچہ متشددانہ نہیں تھا۔ لیکن معاندانہ ضرور تھا لیکن معاندانہ ضرور تھا اور اس کے گرد فوج اور پولیس کا پہرہ لگا رہا۔ ... میں متعدد مقامات پر پولیس کو ہجوم منتشر کرنے پڑے۔ لیکن گولی چلانے کی ضرورت محسوس نہ ہوئی۔

پولیس امداد فوج کو کمک پہنچائی گئی ہے۔ اور حالات پر قابو پا لیا گیا ہے۔

#### ۲۰ جولائی کی رات اور ۲۱ جولائی کی صبح

[illegible]

# نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کی سیرت مقدسہ اور مسلمانان ہند کی سیاسی زندگی

## اچھوتوں کی نئی اقلیت اور سکھوں کی عبرت انگیز مثال

### حضرت سحبان الہند مولانا الحاج حافظ احمد سعید صاحب کی دوسری تقریر سیرت

(۷)

#### پست اقوام کے لیڈر کا ایک واقعہ

گزشتہ رمضان کا ذکر ہے۔ ایک صاحب بڑے سوٹڈ بوٹڈ میرے مکان پر تشریف لائے۔ میں نے دریافت کیا جناب کون ہیں۔ فرمانے لگے جناب میں پست اقوام کا نمائندہ ہوں۔ میں نے عرض کیا میرے ...

ہوتے ہیں ورنہ ہم کو حقوق دلاؤ۔ اُن سے حقوق حاصل کرنا تمہارا اصلی مقصد ہے۔ اس سے زیادہ نہ تمہاری غرض ہے اور نہ تمہاری خواہش ہے۔ رہا تمہارا مسلمان ہونا تو تمہیں ...

یہ پست اقوام کی علیحدگی اور آدی ہندوؤں کو ایک اقلیت تسلیم کرنے کی پالیسی اصل میں میاں فضل حسین کی ایک ایسی احمقانہ پالیسی ہے جس کا اثر اگر یہ پالیسی کامیاب ہو گئی تو ایسا خوفناک ہو گا جس کی تلافی ناممکن ہو گی۔ آدی ہندوؤں کی ایک جدا گانہ اقلیت کا تعلق جہاں تک مسلمانوں سے ہے میں سمجھتا ہوں کہ اس سے بڑھ کر مسلمانوں کی کوئی حماقت نہیں ہو سکتی کہ وہ اچھوت اقوام کو ہندوؤں سے علیحدہ ایک اقلیت تسلیم کریں۔ ہاں یہ ضرور ہے کہ اس پالیسی سے ہندوؤں کو اگر چڑانا اور پریشان کرنا مقصود ہو تو یہ پالیسی بہت اچھی ہے لیکن سوائے میاں فضل حسین اور اُن کی ذریت کے کون ایسا احمق مسلمان ہو گا ...

#### ٹوڈی مسلمانوں کی تعریف

#### میاں فضل حسین کی غلط پالیسی

صاحبو! مجھے افسوس ہے کہ آج پھر ایک تیسری بحث آگئی۔ میں تقریر سیرت کو اس بحث سے بچانا چاہتا تھا مگر کروں ایک چیز آگئی اور وہ میری سرخی والا قصہ ہے کہ اب خود بخود آئے ...

### سیاسیات سے اجتناب

### سیٹ مسلمان کی درود ووٹ ہندو کا

### سیاسیات پر ایک سلسلہ مضامین

جس میں عہد حاضرہ کی سیاسی معلومات کا بہترین ذخیرہ ہو گا اور سیاسی اکثر علمی اصطلاحات کی عام فہم تشریح کی جائے گی جن کی ضرورت اخبار بین طبقہ کو ہمیشہ پڑتی ہے۔ قارئین کرام اس مضمون کا انتظار فرمائیں۔


# ہیضہ!

## اگرچہ ایک خوفناک و مہلک وبا ہے تاہم

## امرت دھارا

اس کیلئے بھی ہمیشہ ایک موثر حفظ ماتقدم اور کامل علاج ثابت ہوئی ہے امرت دہارا معدہ کی امراض عمومی و خانگی تکالیف کے لئے نہایت ضروری دوا ہے

### ہمیشہ اپنے پاس رکھئے!

قیمت فی شیشی سالم دو روپیہ آٹھ آنہ Rs. 2/8/- نصف شیشی سوا روپیہ Rs. 1/4/- نمونہ کی شیشی آٹھ آنے Rs. -/8/-

احتیاط! نقلوں سے بچو کیونکہ سخت و دیرینہ امراض میں دھوکہ دیکر دکھ و تشویش کو بڑھا دیں گی صحت کے معاملہ میں کبھی نقلوں پر اعتبار نہ کرو!

خط و کتابت و تار کیلئے پتہ: المشتہر منیجر امرت دہارا او شدھالیہ امرت دھارا بھون امرت دہارا روڈ امرت دہارا ڈاک خانہ لاہور

ہمارے ایجنٹ: میسرز بہاری لال گھاسی رام، کھاری باؤلی اسٹریٹ دھلی

# الجمعیۃ بک ڈپو دہلی کی مذہبی ادبی اور درسی کتابوں کا نایاب ذخیرہ

تعلیم الاسلام | اصحاب بدر | حیات حافظ خاں | بلاغ مبین | پارلیمنٹری کمیٹی کی رپورٹ | سیاسیات ہند | تاریخ المشاہیر | اشاعت اسلام

تقریر سیرت — حضرت سحبان الہند مولانا الحاج حافظ احمد سعید صاحب

حمائل شریف مترجم مع خلاصۃ التفاسیر

حیرت انگیز رعایتی اعلان

الجمعیۃ بک ڈپو گلی قاسم جان بلیماران دہلی

الجمعیۃ دہلی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# الجمعیۃ دہلی

یوم یکشنبہ ۲۶ ربیع الثانی ۱۳۵۴ ہجری

# لاہور میں سکھوں کی اشتعال انگیزی کا انجام

## خون مسلم کی ارزانی

شہید گنج کی مسجد کے متعلق گورنمنٹ نے بعد میں جو اقدامات فرمائے ہوئے انہوں نے تمام ہندوستان کے مسلمانوں کو دفعۃً مضطرب بنا دیا۔ ان واقعات کی تفصیلات پیش کے بعد یہ امر واضح ہو جاتا ہے کہ سکھوں ...

عرصہ تک اسے فراموش نہیں کریں گے مگر اس سے انکار نہیں کیا جا سکتا کہ ان کا جو قدم اٹھا وہ صحیح نہیں تھا اور انہوں نے جو اندازہ لگایا وہ غلط تھا۔



# شذرات

## مالیر کوٹلہ میں آرتی

مالیر کوٹلہ میں ایک عرصہ سے ایسی صورت حالات پیدا کی جا رہی تھی کہ مسلمانوں کا پیمانہ صبر لبریز ہو جائے اور وہ احتجاجی مظاہرے کی شکل اختیار کرنے پر مجبور ہوں۔ مسجد کے قریب نماز کے مقررہ اوقات میں آرتی کا مسئلہ اکثر مقامات پر اشتعال کا موجب ہو چکا ہے اور اس کے باعث نہایت شدید فسادات رونما ہوئے ہیں مگر ابھی تک اس معاملے میں حقوق ہمسائیگی کا احساس اور رواداری کے جذبات دوسری قوم کے اندر پیدا نہیں ہو سکے ہیں۔ بلکہ یہ دیکھا جا رہا ہے کہ جہاں کہیں سیاسی میدان پر ہندو مسلم تعلقات خراب ہوتے ہیں اور کوئی نہ کوئی رنجش کی وجہ موجود ہوتی ہے وہاں خواہ مخواہ یہ سوال پیدا کر کے باہمی تصادم کی صورتیں نکال لی جاتی ہیں اور عشاء کی نماز کے اوقات میں آرتی کا عمل شروع ...

## جمعیۃ اقوام اور حبش

جمعیۃ اقوام کا وجود اس لئے ضروری سمجھا گیا تھا کہ دنیا میں امن و امان قائم رہے اور کوئی قوم کسی دوسری قوم کے خلاف بغیر کسی معقول وجہ کے جنگ نہ کر سکے۔ چنانچہ اس جمعیۃ کا جو دستور العمل بنایا گیا تھا اس میں ان تمام امور کی رعایت رکھی گئی ہے اور ہر رکن جمعیۃ پر یہ پابندی عائد ہے کہ اگر کوئی دوسری قوم اس کے خلاف کسی جارحانہ کارروائی کی شکایت کرے اور جنگ کا خطرہ موجود ہو تو جمعیۃ کی طرف سے تمام معاملہ کی تحقیقات کرائی جائے گی اور اگر تحقیق سے یہ ثابت ہو گیا کہ زیادتی اس رکن کی طرف سے کی جا رہی ہے تو اس کو روکا جائے گا کہ وہ باز آ جائے۔ اور کوئی رکن جمعیۃ اس کی ہرگز امداد نہیں کرے گا ...

# حوادث و احکام

### استفتاء

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ ۱۲ ربیع الاول ۱۴ رجون کو عید میلاد کا جلسہ نہایت شان و شوکت سے منایا گیا۔ صوبہ سرحد کے مشہور علمائے کرام جو موجود تھے اجلاس میں شامل ہوئے اور سیرت نبی پر تقریریں کی گئیں۔ لیکن بنگو کا مسجد کا امام جس کا نام ملا بلال ہے۔ اور دوسرا خانزادہ غلام احمد خاں نے سیرت نبی کے جلسے کی سخت مخالفت کرنے لگے اور مسجد میں بلا خلاف تقریر کرنے لگے۔ تقریر میں وہ کہتے تھے کہ (۱) بارہ وفات کا نام عید میلاد رکھنا بدعت ہے۔ (۲) اور اس دن جلسہ کرنا شرک اور بدعت ہے کیونکہ یہ جلسہ اصحاب رسول پاک نے نہیں کی ہے ... (۳) ...

### الجواب

یہ صحیح ہے کہ عید میلاد ... بارہ ربیع الاول کو جلسہ ... میں مضائقہ نہیں ... کرنے کا حکم نہیں دیا ... کی اجازت دی ہے ... میلاد کے مروجہ ...

### استفتاء

### الجواب

# دار العلوم دیوبند کی مجلس شوریٰ کے اجلاس

## حضرت مولانا حکیم عبدالرحمان خانصاحب صدر مجلس کا ذمہ دارانہ بیان

## ناقابل انکار حقائق کی تصدیق

جناب مولانا حکیم عبدالرحمان خاں صاحب رئیس خورجہ صدر مجلس شوریٰ دار العلوم دیوبند نے حسب ذیل بیان بغرض اشاعت ارسال فرمایا ہے جو ہر حیثیت سے ایک ذمہ دارانہ اور کاشف حقیقت بیان ہے:-

پھر مجلس شوریٰ کا عدم اور وجود برابر ہے۔ اور وہ بیکار ہے۔ اپنے تحریری استعفے پیش کر دئے تھے۔ مگر حضرت کے خاص طور پر اور اراکان کے عام طور پر اصرار سے اور اس اطمینان دلانے پر کہ سعی کی جاوے گی کہ یہ مسئلہ اس طرح طے ہو جائے کہ قابل قبول ...



# لاہور میں اضطراب و ہیجان کے تین دن

(بسلسلہ صفحہ ۲)

فرقوں کے درمیان خوشگوار تعلقات پیدا کرنے کی کوشش کریں ہمارا خیال ہے کہ صوبہ کے موجودہ مفاد اور اس کی بہبودی کا فوری تقاضہ ہے کہ ہر دو فرقوں کے درمیان جو کشیدگی موجود ہے اس کو بغیر کسی تاخیر کے جلد از جلد ختم کر دیا جائے۔ ہمارے خیال میں یہ معاملہ بہت اہم ہے فرقہ وارانہ پارٹی اور انفرادی فساد سب سے بالاتر ہے ہم نیک اعتقادی پیدا کرنے کے زبردست خواہشمند ہیں۔ ہم انفرادی اور اجتماعی طور پر خوشگوار تعلقات پیدا کرنے کی ہر ممکن کوشش کریں گے۔

آخر میں ہم اپیل کرتے ہیں کہ صوبہ میں ایسی فضا پیدا کی جائے جس سے صلح کی کوشش کرنے والوں کو کامیابی نصیب ہو ...

گرفتاریوں کی تعداد پانچ تک پہنچ گئی تھی جب گرفتار شدگان کو لاریوں میں بٹھا کر لے جانے لگے تو مسلمان لاریوں کے آگے زمین پر لیٹ گئے اس لئے لاریاں تھوڑی سی حرکت کرنے کے بعد رک گئیں۔ آدھ گھنٹہ کے بعد پولیس نے جبراً ایسی ہی کوشش کی لیکن لوگ پھر زمین پر لیٹ گئے اور مطالبہ کیا کہ ہمیں بھی گرفتار کر لیا جائے۔

### ... سے زیادہ زخمی اور بے ہوش

مسجد کریم بخش کے اوپر ہزاروں مسلمان جمع تھے چوک میں اور محلہ بازاروں میں ہزاروں کا ہجوم تھا جنہیں پولیس نے چاروں طرف سے روک رکھا تھا۔ میدان میں پانچ سو کے قریب آدمی مسلمان جو نعرہ ہائے تکبیر بلند کر رہے تھے۔ پولیس ہجوم پر بار ...

### مجروحین کی طبی امداد

### مسجد شاہی کا جلسہ

### گرفتار کئے ہوئے لوگ قیادت ...

### پانچ جانچ

### نماز با جماعت

### گرفتاریوں کی بھرمار

### مسلمانوں کا نام و نشان

شاہد کو بے رحمی کر چھوڑ دیا۔

### نقصان جان

ایک مسلمان محمد ساکن ... ایک سکھ کانسٹیبل نمبر ... الیشر سنگھ نے بڑی بے رحمی سے مارا تھا شہید ہو گیا ہے۔ دو اور مسلمانوں کی شہادت کی بھی افواہ مشہور ہے لیکن تا حال تصدیق نہیں ہوئی۔ (ملت)

# مجمع کے سامنے تقریریں

## پر امن رہنے کی مؤثر اپیل اور مجمع کا قابل قدر طرز عمل

لاہور ۲۱ جولائی رات کل دہلی دروازہ کے باہر مسلمانوں کے ہجوم پر فائرنگ کی خبر سنتے ہی مولانا اختر علی خاں ڈاک پہنچ گئے۔ اس وقت چوک میں فوج کی گارد بیٹھی تھی۔ مولانا اختر علی خاں اسی وقت ... کی کوٹھی پر پہنچے جہاں مسلم اکابر اور علماء میں سے چند ایک تازہ صورت حالات پر غور ...

### ملک لال دین کی تقریر

### مولانا اختر علی خاں کی تقریر

### پولیس والوں کیلئے ...

### اخبارات پر پابندی

### کرفیو آرڈر

### شام کے وقت ...

... اے پروردگار مسلمانوں کے مصائب کا خاتمہ کر مسلمانوں کو کامیاب و کامران بنا مسلمانوں کو نصرت دوام رکھ اور مسلمانوں کو توفیق بخش کہ وہ اپنے امیر کے ہر حکم کو بلا تامل بجا لائیں۔"

اس دعا پر آمین، آمین کی صدائیں سنائی دیں۔ آپ نے مجمع سے مخاطب ہوتے ہوئے کہا۔

"حضرات! آپ نے میرے پیچھے نماز ادا کی ہے۔ میں تمہارا امام تھا اس لحاظ سے تمہارا امیر ہوں۔ تم ابھی ابھی خدا سے دعا مانگ ہو کہ وہ تمہیں اپنے امیر کی متابعت کی توفیق بخشے۔ سو میں آپ سے درخواست کرتا ہوں کہ آپ ہر حالت میں پر امن رہیں۔"

آپ کی تقریر تیر بہدف ثابت ہوئی اور مسلمان اسی وقت جہاں تھے وہیں بیٹھ گئے رہنماؤں نے آج صبح فائرنگ تک نہایت پر امن بیٹھے رہے۔ (ترجمان)

### پر سکون حالت

آج صبح کی صورت حال میں جو تبدیلی ہوئی ہے وہ بالکل ناقابل یقین ہے۔ کل کوتوالی کی قریب کی سڑکوں پر ہزاروں آدمیوں کا ہجوم تھا اور جہاں انسانوں کا متلاطم سمندر نظر آ رہا تھا وہاں آج اس کے مقابلہ میں بالکل سنسان ہے حرکت معمولی طور پر آمد و رفت ہو رہی ہے۔ بہر کیف حکومت نے حفاظتی تدابیر کو ترک نہیں کیا ہے۔

### باہر سے افواج کی طلبی

سیالکوٹ سے ڈورسٹ شائر رجمنٹ کی ایک بٹالین ...

### مسلمانوں کا جلسہ

# دفعہ ۱۴۴ کا اعلان

دفعہ ۱۴۴ ضابطہ فوجداری ذیل کا حکم جاری کیا گیا ہے۔

... ہجوم کے گوردوارہ کی طرف جانے سے نقض امن اور خونریزی کا اندیشہ ہے۔

... فوجداری کی رو سے حاصل ہیں اعلان کرتا ہوں کہ ضلع لاہور کی حدود کے اندر پانچ آدمیوں کا ہجوم جمع نہ ہو۔ یہ حکم ۲۲ جولائی سے شروع ہو کر ایک ماہ تک نافذ رہے گا۔ اس کی خلاف ورزی کرنے والوں کو گرفتار کر لیا جائے گا۔

# لاہور کے اخبارات پر احتساب کی میعاد

## ۷ اگست تک کا نوٹس

لاہور ۲۲ جولائی۔ مجھے معلوم ہوا ہے کہ ۱۵ جولائی کو زیر دفعہ ۱۴۴ ضابطہ فوجداری آپ پر ایک نوٹس جاری کیا گیا تھا جو روزنامہ "احسان" کی اشاعت سے متعلق تھا جس کی میعاد ۲۲ جولائی کی رات تک تھی جس میں آپ کو یہ ہدایت کی گئی تھی کہ شہید گنج کے متعلق تمام خبریں اور مضامین شائع کرنے سے دو گھنٹے پیشتر ڈائرکٹر محکمہ اطلاعات پنجاب سے سنسر کرا لیے جایا کریں۔ اب ...

# پارلیمنٹ میں لاہور کے متعلق سوالات

## نائب وزیر ہند کا بیان

جنرل کلفٹن براؤن کے سوالات کے جواب میں مسٹر بٹلر نائب وزیر ہند نے دار العوام کے اجلاس میں اس بات پر اظہار کیا ہے کہ لاہور میں گذشتہ ہفتہ جو فرقہ کی نوبت آئی۔ انہوں نے کہا کہ لوگوں کے کثیر مجمعے نے جو زیادہ تر مسلمانوں پر مشتمل تھے جمع ہوئے اور شروع ہی سے جو پولیس کے خلاف نہایت ہی ہنگامہ خیز شکل اختیار کر لی۔ پولیس اور سوار پولیس کے پیہم حملوں کے باوجود انہوں نے منتشر ہونے سے انکار کر دیا سوائے اس کے کہ وہ عارضی طور پر منتشر ہو جاتے تھے۔ ہفتہ کے دن جب مجمع کو منتشر کرنے کی کوشش ناکام ثابت ہوئی تو دو دفعہ فیر کی نوبت آئی جو مجسٹریٹ کے اعلان کے بعد اختیار کی گئی اور اسی طرح اتوار کے دن جب مجمع بے حد ہنگامہ پرور ہو گیا تو ۳ دفعہ فیر کئے گئے۔

ہفتہ کے دن آٹھ زخمی ہوئے اور اتوار کے دن دس آدمیوں سے زیادہ زخمی ہونے کی اطلاع نہیں ملی۔ اتوار کے دن شب میں تو بجے صورت حال پر سکون تھی۔ ہندو اور مسلمان اس بات کی امکانی کوشش کر رہے ہیں کہ وہ اپنے ہم مذہبوں کو قانون کی خلاف ورزی سے روکیں مگر شاید ہفتہ فوج کے چار دستے رینو موجود تھے جو آئندہ بھی موجود رہیں گے۔ اور جب تک صورت حال درست ...

# مسلم لیگ اور کانفرنس کا مشترکہ اجلاس

## لاہور کے متعلق قرارداد

# مسجد شہید گنج کا انہدام اور کانگریس

## کانگریس کی مجلس عاملہ کو مداخلت کی دعوت

غازی عبدالعزیز صدر مجلس اتحاد ملی ... شہید گنج کے انہدام سے ہندوستان میں فرقہ وارانہ منافرت پیدا ہو گئی ہے۔ اسے دور کرنے کیلئے کانگریس کو اپنی تمام توجہات مرکوز کر دینی چاہئیں۔

کانگریس نے کسی قسم کی غفلت برتی تو ہندوستانیوں کو تصور کر لینا چاہئے کہ ہندوستان صدیوں تک بھی سوراج حاصل نہ کر سکے گا۔ اگر آزاد خیال لوگوں نے ابھی اس اہم معاملہ کی طرف توجہ نہ کی تو آئندہ آنے والی نسلیں ان کو برے الفاظ سے یاد کریں گی۔ اگر کانگریس کی مجلس عاملہ نے اب نازک موقع پر قابو پایا، تو سوراج بہت جلد ہندوستانیوں کے قدموں میں ہوگا۔ اگر کانگریس اس مسئلے کا تصفیہ کرنا چاہتی تو وہ ایسا کرنے پر قادر تھی۔

# مسجد شہید گنج کا ایجی ٹیشن نتیجہ خیز نہیں ہو سکتا

## مخلص اور پرجوش نوجوانوں کی قربانیاں بے سود ثابت ہونگی

### مجلس احرار کے زعماء کا متفقہ اعلان

لاہور کا ہر ایک شخص ابتداء سے اس امر کو جانتا ہے کہ مجلس احرار مسجد شہید گنج کے معاملہ میں کسی قسم کی سول نافرمانی کو بے سود ...

### ہیجان کا دور

### عدالتی کے فیصلے

### میاں عبدالعزیز کے ہاں مشورہ

### سول نافرمانی کے متعلق تذبذب

# لاہور کے سربرآوردہ مسلمانوں کا جلسہ

## مسلمانوں سے اپیل

لاہور ۲۳ جولائی۔ نواب صاحب ممدوٹ کی کوٹھی پر لاہور کے سربرآوردہ مسلمانوں کا ایک جلسہ بدیں غرض منعقد ہوا کہ موجودہ صورت حال پر غور کرکے کوئی راہ نکالے ...

### مصیبت زدگان کوئٹہ

### غلط امیدیں اور غلط نتیجہ

### خونی ڈرامہ

### مخلص نوجوانوں سے اپیل

# بنگال کے دہشت پسندی سرگرمیاں

## ٹرین کو پٹڑی سے اتارنے کی کوشش

# کراچی میں دفعہ ۱۴۴

## تین پریسوں پر پابندی

# اینٹی کمیونل ایوارڈ کانفرنس

## لکھنؤ میں بھی منعقد ہوگی

# بمبئی کے وقف ایکٹ کی منظوری

# کانگریس کی مجلس عاملہ کا اجلاس

# مسجد شہید گنج کے متعلق مختلف مقامات پر احتجاج

## سکھوں کے وحشیانہ رویہ کی مذمت

### سہارنپور

### چھپا نگر

### عظیم آباد

### دربھنگہ

### شبقدر

### سوہدرہ

### پشاور


## غریبوں کا قرآن مجید معرّا

... الجمعیۃ بک ڈپو۔ گلی قاسم جان۔ بلیماران۔ دہلی


# بمبئی میں زلزلہ

## سورت میں بھی محسوس کیا گیا



# مالیر کوٹلہ میں ہنگامہ ہوگیا

## کثیر تعداد میں مسلمانوں کی گرفتاریاں

مالیر کوٹلہ میں بجائے اس کے کہ امن و سکون قائم ہوتا اور زیادہ گڑبڑ ہوگئی ہے۔ ...

### مزید تفصیلات

### نمازیوں کی گرفتاری اور لاٹھی چارج

# مسجد شہید گنج پر جتھے جارہے ہیں

## ۲۷ رضاکاروں کی گرفتاریاں اور سزایابی

### عام حالت پرسکون ہے

### مقامی علماء کا فتویٰ

# ہندوستانی شہروں کے درمیان ہوائی ڈاک

## محکمہ ڈاک و تار کا اعلان

# بجلی گرنے کے حادثات

## متعدد مقامات پر ہلاکت

# گراموفون کے گندے ریکارڈ پر جھگڑا

## ایک سکھ ہلاک

# پولیس کو بلا وارنٹ گرفتاری کا اختیار

# دارالامراء میں برطانوی مبنی تعلقات

## ایک سوال کا جواب

# مارشل لا کا نفاذ

## شورش پسندوں کو گولی سے اڑا دینے کا فیصلہ

# ایران کو لباس کا خبط

## ٹوپیوں کی نائٹ شہدی

# بلجیم کی پارلیمنٹ میں ہنگامہ

## کابینہ مستعفی ہوجائے گی

# جاپان اور روس کے اختلافات

# جاپان کے خلاف اٹلی میں اظہار اضطراب

## اخبارات کی نکتہ چینی

# روزنامہ "خلافت" اور خلافت پریس سے

## تین ہزار کی ضمانت

# ہیضہ ختم ہورہا ہے

# مسٹر احمد ابراہیم ہارون جعفر کا انتخاب منسوخ

# کابل میں نہایت شدید زلزلہ آیا

## ایک مسجد منہدم ہوئی اور نمازی دب گئے

# پونا میں سکھوں کے ساتھ اظہار ہمدردی

## مہاسبھائیوں کی اشتعال انگیزیاں

# حیدرآباد کے اخبار سے طلبی ضمانت

# پیرس میں ایک ہزار گرفتاریاں

# ڈسٹرکٹ بورڈ الہ آباد کا آئندہ انتخاب

## ڈسٹرکٹ کانگریس کمیٹی بائیکاٹ کریگی

# سفیر اٹلی کا احتجاج

## شاہ حبش کی سالگرہ کی دعوت میں شامل ہونے سے انکار


رسالہ

## اٹھتی ہوئی جوانی بالکل مفت

... پتہ: حکیم شاستری جام نگر کاٹھیاواڑ

# صوبہ سرحد میں یوم شریعت کے جلسے

## شریعت بل کی پرزور تائید اور حکومت و اراکین کونسل سے متفقہ مطالبہ

پشاور

پشاور ۱۸ جولائی بعد از نماز جمعہ جامع مسجد مہابت خاں میں جمعیۃ العلماء صوبہ سرحد کے زیر اہتمام مسلمانان پشاور و مضافات کا عظیم الشان اجلاس زیر صدارت جناب فخر قوم مولانا شاکر اللہ صاحب صدر جمعیۃ العلماء صوبہ سرحد منعقد ہوا۔ تلاوت قرآن شریف کے بعد جناب صدر نے اللہ اکبر کے فلک شگاف نعروں میں جلسہ کی غرض و غایت بیان فرماتے ہوئے کہا کہ ممبران کونسل و حکومت کا فرض ہے کہ جب مجلس منتخبہ نے رائے عامہ معلوم کر کے شریعت بل کو پاس کر دیا تو اس کے بعد اس میں کسی قسم کی رکاوٹ پیدا کرنے سے احتراز کرے۔

محمد صادق بی۔ اے۔ ایل ایل بی وکیل ایبٹ آباد نے کہ فخر قوم ڈاکٹر صاحب نے نہایت ہی واضح الفاظ میں فرمایا کہ ان شخصوں کو کوئی حق حاصل نہیں جو شریعت کا منکر ہو اور اپنے آپ کو مسلمان بھی کہے۔ آپ نے فرمایا کہ قرآن مقدس کے ایک کلمے کا منکر بھی کافر ہے اور جو شخص ایک رکوع کا منکر ہو میں نہیں سمجھتا کہ وہ شخص کس طرح اپنے آپ کو مسلمان کہتا ہے۔ بس واضح الفاظ میں کہہ دینا چاہتا ہوں کہ منکرین شریعت بل کو اپنے نام مسلمانوں کی فہرست سے خارج کر لینا چاہیئے۔ صاحب صدر کی تقریر کے بعد حاضرین نے متفقہ طور پر ریزولیشن کو منظور کیا۔ جمعیۃ العلماء صوبہ سرحد کی مخلصانہ کوششوں کا نتیجہ ہے کہ صوبہ سرحد کے تمام ... بلند شریعت بل کی حمایت شروع کر دی۔

# مزدوروں کے کام کے اوقات میں تخفیف

## بین الاقوامی لیبر کانفرنس کا انیسواں سالانہ اجلاس

(بذریعہ ڈاک بنام الجمعیۃ)

بین الاقوامی لیبر کانفرنس کا انیسواں سالانہ اجلاس بمقام جنیوا بتاریخ ۵ تا ۲۵ جون ۱۹۳۵ء منعقد ہوا۔ علاوہ دیگر اقوام کے چار نئے ممبر امریکہ، روس، افغانستان اور اکواڈور نے پہلی مرتبہ کانفرنس میں شرکت کی غرض سے اپنے نمائندے بھیجے۔ اس مرتبہ کانفرنس کو اس وجہ سے اور بھی خاص اہمیت حاصل ہوئی کہ مزدوروں کے کام کے اوقات میں تخفیف کئے جانے کا مسئلہ درپیش تھا۔ ...

# جمعیۃ علماء صوبہ متحدہ کا جلیل الشان اجلاس عام

## مراد آباد میں علماء ربانی کا ورود مسعود

۱۷، ۱۸، ۱۹ اگست ۱۹۳۵ء بروز شنبہ، یکشنبہ، دوشنبہ کو جمعیۃ علماء صوبہ متحدہ کے عام اجلاس منعقد ہوں گے۔ توقع کی جاتی ہے کہ حضرات مندرجہ ذیل اس مبارک اجلاس میں شرکت فرمائیں گے۔ سید نا حضرت مولانا حسین احمد صاحب (مدنی)، حضرت مولانا مفتی کفایت اللہ صاحب صدر جمعیۃ علماء ہند، امیر الہند حضرت مولانا ابوالکلام صاحب آزاد، حضرت علامہ مولانا شبیر احمد صاحب عثمانی، حضرت مولانا سید سلیمان صاحب ندوی، ...

# آزادی پر سب کچھ قربان کر دوں گا

## شہنشاہ حبش کا بیان

# جنگ حبش خلاف اٹلی کا حملہ

## مصری حریت کی ایک کھوپڑیاں

## ہارڈنگ لائبریری میں مشاعرہ



## کیا آپ کو کمزوری محسوس ہوتی ہے؟

... سیناٹوجن ... کمزوری اور اس سے پیدا ہونے والی بہت سی تکالیف ... اور کئی انتہا کے بہت مفید ثابت ہوئی ہے۔

SANATOGEN

ایک بچی اور لاثانی طاقت کی غذا ہے

جو بہت احتیاط سے تیار کی گئی ہے

## ونیس کی ہر دلعزیزی

دی ونیس انشورنس کمپنی لمیٹڈ چاندنی چوک دہلی

## فرانسیسی کوک شاستر

منیجر جنرل سپلائی اسٹور شاہ لاہور

## حیرت انگیز رعایت

اظہار اینڈ کو دہلی

## مفت مفت مفت

بلا اینڈ کو پل بنگس دہلی



# گورنمنٹ کی مجلس تحقیق فلاحت

## بعض مفید فیصلے اور آئندہ کے متعلق تجاویز

## زراعت اور صنعت و حرفت کو وسعت دینے کا سوال

آج سے شملہ میں امپیریل کونسل آف ایگریکلچرل ریسرچ (مجلس تحقیق فلاحت) کے بورڈ کا اجلاس شروع ہوا ہے جو ۲۵ جولائی تک جاری رہے گا۔ یہ اجلاس آج ۱۲ بجے دوپہر کو کونسل چیمبر کے کمیٹی روم میں منعقد ہوا۔ صدر مجلس سرنٹی وجیا راگھوا چاریہ وائس چیئرمین کونسل نے ایک مختصر تقریر میں قدیم و جدید اراکین کا اجلاس میں خیر مقدم کیا۔ اور پھر ایجنڈا کی کارروائی شروع ہوئی۔

### ٹڈی کی تحقیقات

اس کے بعد اس مسئلہ پر غور کیا گیا کہ حکومت پنجاب کی تجویز ہے کہ لائل پور میں ٹڈی کی تحقیقات کا تجربہ جاری رکھا جائے۔ اور طے کیا گیا کہ یہ اسکیم تین سال تک اور جاری رہے، مگر ہر سال بدستور کام کا پروگرام ٹڈی کی تحقیقاتی کمیٹی کے پاس آتا رہے۔

### مرغیوں کی خارش

### شکر سازی

### سن کے ریشے نکالنے کی ترکیب

### شہد کی مکھیوں کی تربیت کے لئے مالی امداد

### جانوروں کی داشت کے متعلق تجاویز

### کیشیئں کا تقرر

### پھلوں کا مرض

### تمباکو کی کاشت

### کی بیماری

### خشک دودھ

ڈاکٹر شفیع احمد پی ایچ ڈی اسسٹنٹ سکرٹری دہلی

## پانچ سو روپیہ ماہوار (۵۰۰)

## مصفا خون کی شربتی گولیاں

گدری اینڈ کو جالندھر شہر

## ضرورت نکاح

## ۱۰۰ روپے انعام۔ جادو کی انگوٹھی

بنگال سرمیر ماؤس ... بنگال

## شربت اکسیر خاص

ہمدرد دواخانہ یونانی دہلی



## قرص جبریان

ہمدرد دواخانہ یونانی دہلی

## سالانہ داخلہ آیورویدک اینڈ یونانی طبیہ کالج سہارنپور

ایڈیڈ گورنمنٹ اینڈ انڈین میڈیسن بورڈ و ڈسٹرکٹ بورڈ سہارنپور

۱۴ اگست ۱۹۳۵ء تک داخلہ کھلا رہے گا۔ تمام درخواستیں بنام سکرٹری روانہ کریں۔ پراسپیکٹس مفت۔

حکیم ناظر حسن نسیم آنریری سکرٹری

تار کا پتہ: الجمعیۃ دہلی

بر ہلال الکلام

Aljamiat

# الجمعیۃ دہلی

سہ روزہ

ایڈیٹر: ہلال احمد زبیری (بی اے)

جلد ۲۲ | دہلی یوم پنجشنبہ یکم جمادی الاول ۱۳۵۴ ہجری مطابق یکم اگست ۱۹۳۵ء | نمبر ۸


## لاہور میں مجلس احرار اور مجلس تحفظ مساجد شہید گنج کی مشترکہ کمیٹی بنا دی گئی

### احراری لیڈر بھی مسلمانوں کے ساتھ چلنے پر مجبور ہوگئے

### مشترکہ کمیٹی کا اجلاس ۳۰ جولائی کو منعقد ہوگا

### مسجد شہید گنج کے تحفظ کی عملی تدابیر اختیار کرنے کا فیصلہ

لاہور ۲۸ جولائی

[illegible]

### کانگریس ورکنگ کمیٹی کا اجلاس

عہدوں کے سوال پر شدید اختلافات

[illegible]

### برکت علی ہال کا دوسرا اجتماع

[illegible]

### افسوسناک اختلافات

[illegible]

### زعماء مجلس احرار کا بیان

[illegible]

### احرار کا نقطۂ نگاہ

[illegible]

### اصل قرارداد

[illegible]

### پرامن فضا اور فوجوں کی واپسی

[illegible]

### سب کمیٹی کے ارکین

[illegible]

## واقعات لاہور کی صدائے بازگشت

### برطانوی دارالعوام میں ایک فوجی انگریز کے سوالات

### ہندوستانی فوج کے مقابلہ میں برطانوی اور گورکھا فوج کو ترجیح

لندن ۲۹ جولائی

[illegible]

## آگرہ اور کانپور کے ہندو مسلم فسادات

### ملزمین کو ہائیکورٹ سے بری کر دیا گیا

[illegible]

## اشتراکیوں نے نازیوں کا جھنڈا پھاڑ کر پھینک دیا

### سڑکوں اور کوچوں میں زبردست بلوہ، تیرہ آدمی زخمی

لندن ۲۹ جولائی

[illegible]

## دہلی کے قصابوں کی ہڑتال کا خاتمہ

### پبلک کو سخت تکلیف اور پریشانی

[illegible]



## مناجات

(کلام بلاغت نظام عالی جناب غازی ...)

پھر شان مسلماں کو او خالق اکبر دے | پھر تخت سلیماں دے پھر بخت سکندر دے
آفاق گرج جائے جس سے بلالی ہو | ان پست ادانوں وہ شورش محشر دے
پھر حرب سے پہاڑوں کی بنیاد ہلا ڈالیں | پھر شیر کے پنجوں میں شاہ نوری حیدر دے
بیڑے کو جلا ڈالیں دریا میں چلا جائیں | طارق سا تو کل دے بے باکی بابر دے
وشمن ہو کسی سے پھر وہ چاند سی سلطانی | خولہ سی جواں ہمت پھر قوم کو دختر دے
فاروق کے ہاتھوں میں شلاق سیاست ہو | خالد کی قیادت میں اسلام کا لشکر دے
پھر ساریہ کی فوجیں کو سوسے نظر آئیں | پھر بعد مکانی کے حائل نہ رہیں پردے
سبطین سا پھر دل میں توحید کا جذبہ ہو | پھر حق کی حمایت میں ہر پیر و جواں سر دے
پھر مصر و دائم سے مسجد میں خراج آئے | درویشوں کی جھولی کو دیناروں سے بھر بھر دے
ہر مرد مسلماں کو بوبکر و عبیدہ کر | بھٹکی ہوئی امت کو پھر حب پیمبر دے

آواز دل پر خوں تا عرش پہنچ جائے
غازی کی دعاؤں کو جبریل کا شہپر دے

(خاص الجمعیۃ کے لئے)

## جبشہ اور اٹلی کی آئندہ جنگ

### بعض اہم امور کے متعلق معلومات

[illegible]

## دارالعلوم دیوبند کی مجلس شوریٰ کا اجلاس

(سلسلۂ مطبوعہ)

[illegible]


## وہ کتابیں جن کو پڑھنے اور پڑھ کر محفوظ رکھنے کی ضرورت ہے

طب روحانی | دعائے مقبول | رسول کی دعائیں | احسن الوظائف | ضیاء الملک | دستور العمل اطباء | شفاء الامراض

الجمعیۃ بک ڈپو بلیماران دہلی

## حب زرین (رجسٹرڈ)

کمزوروں اور ضعیفوں کو طاقتور، نوجوان، مایوس کو امیدوار بنانے والی اکسیر صفت
ناگپور ۲۳ اگست۔ گزشتہ تمام رات یہاں بارش ہوتی ... جس سے سڑکوں اور شہر کے زیریں حصہ میں سیلاب آ گیا۔ بارش ... کے قریب ہوئی۔ ابھی تک نقصان مال کی اطلاع موصول نہیں ہوئی۔

## مکہ مکرمہ میں بارش

جدہ ۲۰ اگست۔ گزشتہ ہفتہ مکہ مکرمہ میں متواتر چار گھنٹے ...

---



## اصلی کوک شاستر (رجسٹرڈ)

کارخانہ جاپان ناولٹی سٹور ... گورداسپور

## صرف دو روپیہ بارہ آنہ میں پانچ گھڑیاں

ایک عدد اصلی جرمن ٹائم پیس۔ دو عدد ڈی رسٹ واچ۔ دو عدد ڈی پاکٹ واچ

کارخانہ جاپان ناولٹی سٹور نمبر ۲۰ پٹھانکوٹ ضلع گورداسپور

## غریبوں کا قرآن مجید مترجم

## وہ کتابیں جن کو پڑھنے اور پڑھ کر محفوظ رکھنے کی ضرورت ہے

طب روحانی | دعائے مقبول | رسول کی دعائیں | احسن الوظائف | ضیاء القلوب | دستور الاطباء | ہادی الطیر

الجمعیۃ بک ڈپو بلیماران دہلی

## تندرستی

عام ناطاقتی

اعصابی کمزوری

بدہضمی

اضمحلال طبع اور کمی خون

کے لئے سناٹوجن استعمال کیجئے

SANATOGEN

## الجمعیۃ بک ڈپو دہلی کی مذہبی ادبی اور درسی کتابوں کا نایاب ذخیرہ

اشاعت اسلام | تعلیم الاسلام | سیاسیات ہند | حیات ... | پادری کی لڑکی کا قبول اسلام | تقریر سیاسی | مطالعات الاسلامیہ | علم الصرف حصہ اول | مختار العربیہ

## حمائل شریف مترجم مع خلاصۃ التفاسیر

## حیرت انگیز رعایتی اعلان

الجمعیۃ بک ڈپو گلی قاسم جان بلیماران دہلی

مسلسل افسانہ (خاص الجمعیۃ کیلئے)

# طوفان حوادث

(۵)

خادم حسین اور انسپکٹر تارا سنگھ نے حیرت کے ساتھ شاہد علی کی جانب دیکھا اور ان کی بات کی تصدیق کرنے کے لئے نعش کی طرف جھک کر دیکھا۔ پھر خادم حسین نے کہا "واقعی یہ بہت عجیب بات ہے"

شاہد علی نے کہا "بہت ہی عجیب ہے مگر اس سے معلوم ہوتا ہے کہ رات انہوں نے ڈھیلی ہوئی قمیص پہنی اور جو قمیص اس سے پہلے پہنے ہوئے تھے وہ اتار ڈالی"

یہ بیچ کا ہیرا کافی بڑا اور وزنی ہے۔ یہ یقیناً لال من جوہری کے مال مسروقہ کا ایک حصہ ہے۔

شاہد علی نے اپنے نیچے کے ہونٹ کو بائیں دانتوں سے دبایا اور انگوٹھی کو اپنے دونوں ہاتھوں میں ادھر ادھر گھمانا شروع کیا۔ پھر آہستہ سے کہا "آپ جو کہتے ہیں اگر یہ درست ہے تو میں اس سے ایک حیرت انگیز نتیجہ نکالنے پر مجبور ہوں"

انسپکٹر تارا سنگھ نے کہا "یعنی اس قتل اور ہیرے کے چوروں ...

...

## تیسرا باب

...

# انتقادات

## الاطفال یعنی سالانہ نمبر "ہمدرد صحت" دہلی

انسانی طبیعت کی گوناگونی کا اندازہ اس بات سے بخوبی ہوتا ہے کہ ایک طرف نوجوان اسے غیر معمولی لگاؤ ہے اور دوسری طرف اس کی ضروریات سے یکسر تغافل۔ دیگر متمدن ممالک کے متعلق یہ رائے شاید صحیح نہ ہو لیکن ہندوستانیوں پر تو پورے طور پر منطبق ہوتی ہے۔ ہندوستانی ماں باپ اپنے بچوں پر فدا ہوتے ہیں مال تو کیا ضرورت پڑے تو جان تک ان پر قربان کر دینا ایک معمولی ...

...

## محمود اور فردوسی

...

## رسالہ "معلم" دہلی

...

# مسودہ قانون شریعت

(جو حافظ محمد عبداللہ صاحب لائل پوری کی طرف سے اسمبلی میں پیش ہونے والا ہے)

جمعیۃ علمائے صوبہ متحدہ کے سالانہ اجلاس میں حافظ محمد عبداللہ صاحب لائل پوری کے مجوزہ مسودہ قانون پر حسب ذیل قرارداد منظور کی گئی ہے جس کو ہم گزشتہ اشاعت میں شائع بھی کر چکے ہیں:-

"(الف) جمعیۃ علمائے صوبہ متحدہ کی یہ باقاعدہ کانفرنس جس میں صوبہ متحدہ کے نامور اور دیگر صوبوں کے بھی منتخب علماء جمع ہیں اس شریعت بل کے مقصد اور اصول سے جو مولانا حافظ محمد عبداللہ صاحب ایم۔ ایل۔ اے نے مجلس قانون ساز ہند میں پیش کیا ہے اتفاق اور اس کی حمایت کرتا ہے یعنی یہ کہ مسلمانوں کے باہمی مقدمات میں مدار فیصلہ قرآن و حدیث اور مذہبی احکام کے خلاف کسی رسم و رواج کے موافق ہرگز فیصلہ نہ کیا جائے۔

(ب) اور مجلس قانون ساز ہند کے مسلمان ممبران اسلامیہ انجمنیں مسلم اخبارات اسلامی ادارات سے یہ کانفرنس ...

...

## اغراض و مقاصد

...





الفاظ چاہیے ہیں ...

سید شاستری جام نگر کاٹھیاواڑ

مشک، عنبر اور جواہرات کا نفیس مرکب ...

بابرکت ہمدرد دواخانہ یونانی دہلی

ہمدرد دواخانہ یونانی دہلی


# رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت یا مصطفیٰ کمال اور رضا شاہ کی تقلید

## اپنے ہاتھوں اسلامی کلچر کی تباہی اور حکومت سے حفاظت کا مطالبہ

## حضرت سحبان الہند مولانا الحاج حافظ احمد سعید صاحب کی دوسری تقریر سیرت

(۱۵)

### حماریں یاسر کی تعزیت

حضرت ام المومنین کو خبر ... آپ نے فوراً ...

...

### گائے کی قربانی

ہمارے ایک ہندو دوست جیل میں کہا کرتے تھے۔ مولوی صاحب یہ کیا بات ہے آپ لوگ گائے کو کیوں مارتے ہیں آخر اعلیٰ حضرت حضور نظام نے گاؤ کشی بند کر دی۔ کابل میں گاؤ کشی بند ہو گئی لیکن ...

...

### مصطفیٰ کمال پر قیاس نہ کرو

چونکہ مصطفیٰ کمال اور رضا خان بااختیار و اقتدار ہیں اس لئے وہ جب چاہیں یورپین تمدن سے علیحدہ ہو سکتے ہیں۔ وہ آپ کی طرح نہیں ہیں آپ نے اگر کوئی غلط چیز اختیار کر لی تو اس کی اصلاح ناممکن ہو جائے گی۔ آج مسلمان سینکڑوں بدعات میں مبتلا ہیں لیکن باوجود سمجھانے کے اُن بدعات کو ترک نہیں کرتے ...

...

### جیل کی دوستی

...

### مشرکین کے ہاتھ کا کھانا

...

(باقی آئندہ)

# معاصرین کے افکار و آراء

## کالے اور گورے رنگ کی جنگ

اٹلی اور حبشہ کی جنگ چھڑ گئی تو یہ کالے اور گورے رنگ کی جنگ ہوگی۔ اور اس لحاظ سے زیادہ خوفناک اور عالمگیر نوعیت کی ہوگی۔ مسٹر ڈبلیو۔ ای۔ بی۔ ڈوبوائس نے بھی ایک جلسہ میں مذکورہ بالا جنگ کے تباہ کن نتائج کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ

"جاپان نے پہلے ہی اٹلی اور حبشہ کا ساتھ دینے کا اعلان کر دیا ہے۔ دوسری طرف ابی سینیا کے سلطان ...

...

غلط اس منزل کی جانب نہ چھوڑنا چاہئے کیونکہ ایک طرف ہندی کے حامی ناگری رسم الخط اور ہندی زبان کو تمام ہندوستان میں پھیلانے کی سعی کر رہے ہیں۔ اور پنجاب کے اکثر ہندو جو بدقسمتی سے اردو کو صرف مسلمانوں کی زبان سمجھنے کے عادی ہیں۔ ان کی پشت پر ہیں۔ دوسری جانب سکھوں کی کوشش ہے کہ پنجاب میں پنجابی زبان اور گورمکھی رسم الخط رائج کیا جائے۔ اور بعض مسلمان اکابر بھی ان کی اعانت کر رہے ہیں۔ اس لئے اگر آپ اپنی سعی و ہمت کا کرشمہ دکھانے کے لئے اس وقت کا انتظار نہیں کرنا چاہتے جب اردو دوستادی جائے یا کم از کم موجودہ اقتدار سے محروم کر دیا جائے تو اس کی حمایت و حفاظت کا کام فوراً شروع ہو جانا چاہئے۔ (احسان)

## احتجاج

...

(۱) ... کے خلاف احتجاج

(۲) ... کے خلاف احتجاج

(۳) ... احتجاج

...

## اردو کے تحفظ و اشاعت کا مسئلہ

...

خریداران الجمعیۃ کو چاہئے کہ جواب طلب امور کے لئے جوابی کارڈ یا پانچ پیسے کے ٹکٹ ضرور ارسال فرمایا کریں ورنہ عدم تعمیل ارشاد معاف۔ (منیجر)


## امداد باہمی کی تین (۳) شاندار کامیاب تجویزیں

اول شادی فنڈ: اپنے عزیز بچوں کو ممبر کرا کر آپ ۵۰۰ روپے تک کی امداد بوقت شادی حاصل ہونے کا فائدہ حاصل کر سکتے ہیں۔ چندہ ماہوار صرف ایک پیسہ ... دوئم گولڈن ایڈ سکیم۔ اس سکیم میں ممبر ہو کر آپ پانچ ہزار روپے تک انعام ... سوئم ... اس سکیم میں ممبر ہو کر آپ اپنی لڑکیوں کیلئے ۵۰۰ روپے تک کی امداد ...

| نام و پتہ ممبران شادی و گولڈن ایڈ جن کو روپیہ دیا گیا | ... | ... | ... | ... | کمپنی نے منافع ممبر کے روپوں سے کتنا گنا زیادہ دیا |
| --- | --- | --- | --- | --- | --- |
| ... | ۲۴۴ | ۵/۸ | | ۱۲ ۱۴۴ | ۳۰ گنا |
| ... | | ۶/۸ | ۱۲ | ۳۰ | ۴۷ گنا |
| ... | ۲۷۱ | ۷/۸ | | ۴۵۲ | ۶۰ گنا |
| محمد یا پاشا ... مدراس | ۴۱۸ | ۸/۸ | | ۵۰۰ | ۵۹ گنا |
| ... منشی محلہ بلیپور (مدراس) | ۵۴۰ | ۹/۸ | ۳ ۱۱ | ۱۸۵ | $19\frac{1}{2}$ گنا |
| ... اجمیر | ۱۶۱۴ | ۱۶ | ۱۲ | ۶۳ | ۴ گنا |

نوٹ:- اسی طرح آپکی کمپنی نے قریباً پندرہ ہزار روپیہ کم از کم ۴ گنا اور زیادہ سے زیادہ ۶۰ گنا تک تقسیم کیا ہے۔ خیال کیجئے کہ اس سے بہتر اور کیا مفید تجویز ہو سکتی ہے۔ مفصل حالات معلوم کرنے کیلئے ایک کارڈ تحریر کر کے فارم داخلہ و قواعد جس قدر درکار ہوں مفت منگوا لیں۔

ضرورت ہے! ضرورت ہے!! ضرورت ہے!!!

کمپنی کو ہر قصبہ، شہر، ضلع میں بارسوخ، محنتی، دیانتدار ایجنٹوں کی ضرورت ہے۔ کمیشن معقول دیا جاتا ہے۔ ہمارے ایجنٹ پچاس سو روپے ماہوار معمولی محنت سے کما سکتے ہیں۔ مسٹر محمد مستان آف گنٹور (مدراس) نے ایک سال میں تین ہزار روپے سے زائد کمیشن لیا ہے۔ جلد درخواست کریں۔ اپنے اور کاموں کے ساتھ اس کام کو کر کے اپنی آمدنی بڑھا سکتے ہیں۔ ایجنسی فارم حاصل کرنے کے لئے درخواست کے ہمراہ ۱ کا ٹکٹ ارسال کریں۔ بغیر ٹکٹ موصول ہوئے ایجنسی فارم نہیں بھیجا جاوے گا۔ نوٹ کر لیں۔

سید عباس علی شاہ "احسان" مینجنگ ڈائرکٹر

دی لدھیانہ پراویڈنٹ انشورنس کمپنی لمیٹڈ بستی کوٹھی نمبر ۱۵ لودھیانہ (انڈیا)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

# الجمعیۃ دہلی

یوم چہارشنبہ ۲۸ جمادی الاول ۱۳۵۴ہجری

# جمعیۃ علمائے صوبہ متحدہ کا سالانہ اجلاس

## شعبہ تبلیغ کا قیام

گذشتہ ہفتہ مراد آباد میں جمعیۃ علمائے صوبہ متحدہ کا جو عظیم الشان سالانہ اجلاس منعقد ہوا اس کی قراردادیں الجمعیۃ میں شائع کی جا چکی ہیں۔ ان ہی قراردادوں میں ایک قرارداد شعبہ تبلیغ کے قیام و نظام کے متعلق بھی منظور کی گئی ہے...

### مختلف طبقات کا تعاون

### تعمیری و اصلاحی ضروریات

### ہندوستان کے دوسرے صوبے

## ریاست حیدرآباد میں شدید فساد

...کیا گیا ہے وہ ٹھیک ہفتہ بیان کی تائید میں ہے۔ آج سے کچھ دن قبل ریاست حیدرآباد میں فتنہ و فساد کی جو تخم ریزی کی گئی تھی اس کی فصل اب سکندرآباد میں کاٹی جا رہی ہے اور ہم نے جن خطرناک نتائج کی طرف اشارہ کیا تھا وہ اب منظر عام پر آ رہے ہیں۔ ابھی ہمیں مزید تفصیلات کا انتظار ہے جس کے بعد شاید ہم کسی قدر وضاحت کے ساتھ کچھ لکھ سکیں۔

### مولوی محمد طیب صاحب کا جواب

# "امروہہ کی علما کانفرنس کے ۲۵ ہزار پوسٹر پولیس والوں کو چسپاں کرتے ہوئے دیکھا گیا"

## علمائے فرنگی محل نے بھوپال کے فتوے پر دستخط کرنے سے صاف انکار کر دیا

## الٰہ آباد کی "تحریک تنظیم" علما کا اختلاف، وقت کی ضروریات اور دیگر اہم مسائل

### مراد آباد کے عظیم الشان جلسہ میں حضرت مولانا قطب الدین عبدالوالی کی بصیرت افروز تقریر صدارت

علمائے کرام! آج سے چند سال پیشتر اس ضلع کے مقام امروہہ میں جمعیۃ علمائے ہند کے دو اجلاس منعقد ہوئے تھے جس میں دو فریق ہو گئے تھے۔ بدقسمتی سے میں ایک ایسی جماعت میں شریک تھا جس میں مولانا محمد علی رحمۃ اللہ علیہ، مولانا شوکت علی وغیرہ شریک تھے اور اس وقت ان کے خلوص پر اعتماد کیا جا سکتا تھا۔ اس میں شک نہیں...

...گول میز میں شرکت کی تھی۔ چنانچہ حاجی صاحب نے وائسرائے کے کمرہ میں بیٹھ کر وائسرائے سے اپنی اس غرض کا اظہار کیا تو وائسرائے نے ان سے کہا کہ تم نے مسلمانوں کا کیا کام کیا۔ ہندوؤں نے نہایت مہذب محاذ قائم کر لیا ہے تم نے ان کے مقابلہ میں کیا کیا۔ ضرورت ہے کہ تم بھی ان کے مقابل میں اپنی تنظیم قائم کرو...

...چلائی گئیں۔ اور جس وقت تحقیقاتی کمیٹی کا مطالبہ کیا گیا اور اسمبلی میں ہندو وزرا کی سمجھ دار اور قوم پرور جماعت نے بھی اختلاف نہیں کیا تو یہ مطالبہ اپنی عدم قوت کے باعث قابل التفات نہیں سمجھا گیا۔ اگر آج افغانستان کا یا تندہ قتل ہوتا یا ترکستان کا، یا کسی دوسرے آزاد ملک کا تو گورنمنٹ کو مجبوراً اس کی تحقیقات کرانی ہوتی۔ لیکن ہم اپنی مجبوری کے باعث کسی شمار و قطار میں نہیں ہیں۔ اگر آج ہم ہندوستان میں آزاد ہوتے اور یہاں کا نظام حکومت ہمارے اختیار میں ہوتا تو کراچی میں ہمارے ساتھ یہ سلوک ہرگز نہ کیا جاتا۔

### مسجد شہید گنج

مسجد شہید گنج لاہور کے رنجدہ حادثہ پر ہم جس قدر بھی غم کریں اور جس قدر بھی ماتم کریں کم ہے...

### اتحاد و تنظیم کی ضرورت

### اختلاف اور مخالفت

### حیدرآباد



# دارالحکومت

## انجمن وکیل قوم پنجابیاں کی جانب سے ایٹ ہوم
### خان بہادر شیخ محمد جان صاحب کی خدمت میں سپاسنامہ

دہلی ۲۵ اگست۔ کل شام کو پنجابی اسکول کی گراؤنڈ پر انجمن وکیل قوم پنجابیاں کی جانب سے خان بہادر شیخ محمد جان صاحب سوداگر کلکتہ کے اعزاز میں ایک پر تکلف دعوت جاری دی گئی۔ شہر کے معززین جن میں صدر بازار کے پنجابی سوداگران و دکلا، میونسپل کمشنران آنریری مجسٹریٹ، خطاب یافتگان و دیگر حضرات شامل تھے اس دعوت میں شریک ہوئے۔ چائے نوشی کے بعد سب سے پہلے خان صاحب حافظ محمد صدیق صاحب خانی نے صدر مجلس کی حیثیت سے...

## اسمبلی کے آئندہ اجلاس میں
### مسٹر آصف علی کے سوالات

شملہ ۲۴ اگست۔ مسٹر آصف علی ایم ایل اے کے مندرجہ ذیل استفسارات اگر صدر نے قبول کر لئے تو اسمبلی کے آئندہ اجلاس میں پیش کئے جائیں گے۔

(۱) افغانستان میں ہندوستانی ساہوکاروں کی مشکلات۔

(۲) حادثہ جبل پور میں سپاہیوں کا مبتلا رہنا۔

(۳) حبشہ میں جنگ چھڑ جانے پر ریڈ کراس یا ہلال احمر بھیجنے کی اجازت۔

دوسرے استفسارات صوبہ دہلی کے متعلق ہیں۔ مثلاً کسانوں کی شکایات، بجلی کا زیادہ کرایہ، نزول کی اراضی، دہلی کی کسان کانفرنس کی قراردادیں، نئی دہلی میں زمین کی فروخت وغیرہ۔ مزید استفسارات فوج، سول محکمہ، بیرونی ممالک میں ہندوستانیوں کے متعلق ہیں۔

دوسرے سوالات لارڈ زٹلینڈ کی اس تقریر کے متعلق ہیں جو انہوں نے پارلیمنٹ میں کی ہے...

## دہلی میونسپلٹی کا اہم اجلاس
### گائے بھینسوں پر محصول عائد کرنے کا مسئلہ التوا میں

دہلی ۲۴ اگست۔ کل صبح مسٹر ہیپلا اسسٹنٹ ڈپٹی کمشنر کی صدارت میں میونسپلٹی دہلی کا ہفتہ وار اجلاس منعقد ہوا جس میں متعدد اہم فیصلے کئے گئے۔ فرقہ وارانہ امور پر بحث کے دوران میں خاص گرما گرم بحث ہوئی۔ شہر کے شمالی حصہ میں توسیع کے لئے دو لاکھ بارہ ہزار نو سو ستر روپے منظور کئے گئے۔ بھینسوں اور بکریوں پر ٹیکس لگانے کا مسئلہ معرض التوا میں ڈال دیا گیا...

## ایک ہونہار نوجوان عالم کا انتقال
### دارالحدیث رحمانیہ دہلی میں تعزیتی جلسہ

افسوس کہ مولوی عبدالحلیم صاحب ناظم بہاری مدرس دارالحدیث رحمانیہ چند ماہ کی طویل علالت کے بعد وطن ہی میں داعی اجل کو لبیک کہتے ہوئے عالم بقا کو رحلت فرما گئے۔ اناللہ وانا الیہ راجعون۔ جس وقت اس حادثہ جانکاہ کی اطلاع بذریعہ تار دارالحدیث رحمانیہ پہنچی حضرت مہتمم صاحب و نیز تمام اساتذہ و طلبہ پر غم و اندوہ اور سکتہ کا عالم طاری ہو گیا...

## سرحدی قبائل کا زور
### پسپائی سے انکار اور تنبیہات سے لاپروائی

تہیا گلی ۲۴ اگست۔ باوجودیکہ قبائل کو سختی کے ساتھ آگاہ کر دیا گیا تھا کہ پشاور کی سرحد سے ہٹ جائیں وہ اب تک موجود ہیں اور حکومت نے جو انہیں فی الفور لڑائی سے روکنے کے لئے بہت ہی سخت رویہ اختیار کیا ہے۔ باغی قبیلہ کے افراد چینی کی سرکردگی میں جمع ہو رہے ہیں اور ان سب کو غلہ اور رسد تقسیم کی جا رہی ہے۔

## سابق شاہ امان اللہ روما میں ہیں
### افغانستان آنے کی افواہ غلط ہے

کراچی ۲۶ اگست۔ بمبئی کے ایک اخبار میں جو یہ خبر شائع ہوئی تھی کہ شاہ امان اللہ اطالیہ سے واپس ایشیا آ رہے ہیں۔ اس کے متعلق تحقیقات کرنے سے معلوم ہوا ہے کہ سابق شاہ گذشتہ چند دنوں سے مریض تھے اور وہ ۱۹ ماہ حال کو روما واپس آ گئے۔

## سر عبدالرحیم کی یورپ سے واپسی
### جدید آئین کے متعلق اظہار خیال

بمبئی ۲۳ اگست۔ سر عبدالرحیم صدر اسمبلی حال ہی میں یورپ کے دورہ سے واپس آئے ہیں۔ آپ نے ایک ملاقات کے دوران میں کہا کہ ہندوستان کے آئین کے متعلق میری ذاتی رائے یہ ہے کہ ملک معظم کی حکومت اس میں مزید توسیع کر دیتی۔ لیکن حبشت پسندوں کی مخالفت کی وجہ سے وہ اب نہیں کر سکتی۔ آپ نے یہ بھی فرمایا کہ فیڈریشن کے عمل میں آنے کے لئے کئی سال کا مزید عرصہ درکار ہوگا۔

## گوجرانوالہ میں سکھ مسلم کشیدگی
### حالات بگڑ رہے ہیں

امرتسر ۲۳ اگست۔ ایک سالہ سکھ بچے کو چاقو مار کر ہلاک کرنے کے جرم میں گوجرانوالہ کے نواح میں ایک گاؤں میں سکھ مسلم کشیدگی بڑھ رہی ہے۔ کل اسی گاؤں کے پاس ایک سکھ نے ایک مسلمان ترکھان پر حملہ کر دیا اور حالات زیادہ بگڑ گئے۔ کل کی طرح پھر سکھ اور مسلمان جمع ہو گئے مگر پولیس نے پہنچ کر امن قائم کر دیا۔

## اٹلی کا جواب جمعیۃ اقوام کو
### اگر نہر سویز بند کر دی گئی تو......

سینٹر سوتنی ہونے والے ہیں۔ چنانچہ اس خبر پر کہ نہر سویز کو اطالوی جنگی جہازوں کے لئے بند کر دیا جائے گا، یہ اعلان کیا ہے کہ وہ اس پابندی کی کوئی پرواہ نہ کریں گے اور اگر ایسا کیا گیا تو قوت کے ساتھ اس میں داخل ہوں گے۔ اور روکنے والی طاقتوں کے خلاف جنگ شروع کر دیں گے۔

شاہ حبشہ نے اپنی نوجوان قوم کو تیار رہنے کا حکم دے دیا ہے بس اب اعلان جنگ کی دیر ہے!

## اطالوی بمبار ہوائی بیڑے کی روانگی جنگی
روما ۲۳ اگست۔ تازہ ترین اطلاع مظہر ہے کہ آج بمبار اطالوی بیڑے کے چند طیارے نیپلز میں پہنچے اور مختصر قیام کے بعد مشرقی افریقہ کی طرف روانہ ہو گئے۔

## بحیرہ روم میں فوجی سرگرمیاں

مالٹا ۲۴ اگست۔ بحیرہ روم میں جتنا بحری بیڑا موجود ہے اس وقت پوری سرگرمی سے اسلحہ جنگ اور گولہ بارود جمع کر رہا ہے۔ آج صبح پولیس نے پبلک میں پمفلٹ تقسیم کئے جن میں ہدایات درج تھیں کہ اگر طیاروں کے ذریعہ بمباری کی گئی تو اہل مالٹا کو زہریلی گیسوں اور دیگر ہلاکت خیز چیزوں سے کس طرح محفوظ رہنا ہوگا۔

## سترہ مرتبہ سزا پانے والا میونسپل افسر

کراچی ۲۲ اگست۔ محمد عثمان پیر بخش کو دو الزامات میں دو سال اور ۶ ماہ کی قید سخت کی دو جداگانہ سزائیں دی گئیں۔ ملزم پر یہ الزام تھا کہ وہ خود کو کراچی کارپوریشن کا ایک افسر ظاہر کرتا تھا اور خوانچہ فروشوں اور میوہ فروشوں سے کچھ روپیہ اینٹھتا تھا۔ ملزم کے متعلق بیان کیا جاتا ہے کہ ملزم اس سے قبل ۱۶ مرتبہ سزا پا چکا ہے۔

## ایک سے زائد کرپانیں رکھنے والے سکھوں کو سزا ملی

لاہور ۲۳ اگست۔ آج شیخ عبدالعزیز مجسٹریٹ درجہ اول کی عدالت سے دو کالی سکھوں مسمیان جھنڈا سنگھ اور سوہن سنگھ کو زیر دفعہ ۱۹ ایکٹ اسلحہ دو دو کرپانیں رکھنے کے الزام میں تا برخاست عدالت قید محض اور پانچ پانچ روپے جرمانہ کی سزا دی گئی۔

# مزار کا کو شاہ و شہید گنج کے متعلق تحقیقات
## تھانہ نولکھا پولیس کی تفتیش اور وکلاء کی بحث

جن میں مندرجہ ذیل اصحاب قابل ذکر ہیں۔ سید محسن شاہ صاحب ایڈوکیٹ، شیخ عظیم احمد صاحب ایڈوکیٹ، شیخ اکبر علی صاحب ایڈوکیٹ، شیخ حسن دین صاحب ایڈوکیٹ، مولانا غلام محی الدین صاحب قصوری ایڈوکیٹ، ملک محمد اسلم صاحب بیرسٹر، شیخ قمرالدین صاحب پلیڈر، شیخ علیم بخش زرگر، خواجہ برادری، حاجی نادر بخش صاحب لنڈا بازار، حاجی احمد دین صاحب اور شیخ فیروزالدین صاحب متولی مزار مذکور۔

### مسلم وکلاء کا فیصلہ

مذکورہ بالا وکلاء نے قانونی پہلوؤں پر غور کرتے ہوئے اس امر پر بھی غور کیا کہ مسلم اور سکھ وکلاء کا تھانہ میں اجتماع ضروری ہے یا نہیں اور جب کہ مقدمہ عدالت میں دائر ہو چکا ہے وکلاء کا تھانے میں بلایا جانا کہاں تک درست ہے۔ چنانچہ کافی غور و خوض کے بعد مسلم وکلاء کا تھانہ نولکھا میں جانا غیر ضروری قرار دیا گیا اور شیخ اکبر علی ایڈوکیٹ کی قیادت میں وکلاء کا ایک مختصر سا وفد تیار کیا گیا اور وفد کو ہدایت کی گئی کہ سردار نرندر سنگھ صاحب سٹی مجسٹریٹ سے اس ضمن میں دریافت کرے...

### تازہ صورت حالات

آج دو بجے بعد دوپہر "سیاست" کے دفتر میں مسلم وکلاء اور نمائندگان مزار حضرت کاکو شاہ رحمۃ اللہ علیہ جمع ہوئے...

## قضیہ شہید گنج کے مقدمات

لاہور ۲۶ اگست۔ قضیہ مسجد شہید گنج کے سلسلے میں آغا عبدالکریم شورش، مولوی عبدالحفیظ اور محمد اسحاق صاحب کو مسٹر ٹپ مجسٹریٹ درجہ اول کی عدالت سے زیر دفعہ ۱۸۸ تعزیرات ہند مختلف المیعاد قید کی سزائیں دی گئی تھیں۔

سزائے قید کے خلاف سید عنایت شاہ صاحب آف سیاست نے ملزموں کے مختارنامے حاصل کر کے فیصلوں کی نقول حاصل کیں اور شیخ قمرالدین وکیل اور ڈاکٹر خلیفہ شجاع الدین بیرسٹر کے توسط سے عدالت سیشن میں اپیلیں دائر کیں۔ حافظ معراج الدین کی اپیل اس سے قبل دائر ہو چکی تھی...

## شاہی مسجد کے قریب جتھا
### ننگی کرپانوں کا مظاہرہ

لاہور ۲۶ اگست۔ شہر کے مسلم حلقوں میں اس سے سخت ہیجان پیدا ہو گیا ہے کہ آج صبح کرپانوں سے مسلح سکھوں کے ایک اجتماع نے شاہی مسجد کے شمال مشرقی مینارہ کے قریب رنجیت سنگھ کی سمادھ کے عقب میں جتھا کر کے مسلمانوں کو مشتعل کرنے کی کوشش کی۔ واقعات اس طرح بیان کئے جاتے ہیں کہ ۷ بجے صبح کے قریب کالجوں کے چند مسلم طلباء شاہی مسجد کے شمالی حصہ میں مطالعہ میں مصروف تھے...

## آغا عبدالکریم صاحب شورش کا عرضہ

# ولادتِ مسیح کے متعلق ایک علمی بحث
## عقل و نقل کی روشنی میں

(مولانا قاضی انوار الحق صاحب مفتی ریاست مانگرول کے قلم سے خاص الجمعیۃ کے لئے)

(۱۶)

(۱) ڈاکٹر صاحب کا فرمانا کہ ان کی کوئی مکمل سوانح عمری موجود نہیں تو پھر کس طرح سے کہہ سکتے ہیں کہ ان کی ولادت کس قدر کمزور دلیل ہے۔ کیا کسی شخص کی سوانح عمری کا موجود نہ ہونا کبھی اس کی لاولدی ہونے کی دلیل ہو سکتا ہے؟

اجاگی۔ کم از کم ہم تو اس لایعنی مقدمہ کو سمجھنے سے قاصر ہوں کہ کشمیر میں آنے کا شادی سے کیا لازمی تعلق ہے۔ کیا جو شخص کشمیر میں آتا ہے تو اسی قدرت مذہب یا ریاست کے قانون کی رو سے لازماً شادی کرنی پڑتی ہے؟ ...

# حوادث و احکام

## استفتاء

## الجواب

# مسلمانانِ عالم کے نام اپیل

یہ حقیقت ہے کہ برلن میں ۱۹۲۲ء سے ایک مسلمانانِ عالم مقیم برلن کی واحد منتظم شدہ جماعت بنام جماعتِ اسلامیہ برلن موجود ہے اور اس جماعت میں تمام مسلمانوں کی اقوام موجود ہیں اور ہر مسلمان اس جماعت کا ممبر نہایت آسانی سے ہو سکتا ہے۔ جماعت اسلامیہ کی امداد کہیں سے نہیں ہوتی بلکہ صرف ممبران چندہ وغیرہ اس کا کام نہایت خوش اسلوبی سے چلا رہے ہیں۔ اسی وجہ سے جماعت اسلامیہ برلن نے اس وقت اس بات کی کوشش نہیں کی کہ ایک مسجد تعمیر کی جائے اور خواہ مخواہ غریب ہندوستان کا پیسہ برباد ہو۔ ۱۹۲۳ء میں فرقہ احمدیہ برلن میں وارد ہوا اور مسجد تعمیر کی کیونکہ بہت زیادہ رقم ہندوستان سے تمام مسلمانوں سے جمع کر کے برلن لائے جماعت اسلامیہ نے کوشش کی کہ ملکر کام کیا جائے تو بہت اچھا ہوگا لیکن احمدیہ فرقہ نے ساتھ مل کر کام کرنے سے انکار کر دیا اور احمدیہ فرقہ نے مسلمانانِ عالم مقیم برلن سے علیحدہ ہو کر مسجد تعمیر کی لیکن خرابی یہ کی کہ مسجد کا نام رجسٹر میں بطور ذاتی ملکیت ٹھہرا دیا۔ وہ دستاویز جو جماعت اسلامیہ نے جرمن کچہری سے منگوائی ہے اس میں لکھا ہے کہ مولوی صدر الدین مقیم لاہور ...

ریاض احمد محمد صدر جماعت اسلامیہ برلن، ڈاکٹر فرید الطاف (مصری) عبد اللطیف عبد الوہاب (عراقی) حیدر کریم جعفری (ہندی) منصور الدین احمد (ہندی) محمد کاسائف (روسی) ذکریا محسن الدین، احمد بد ادر (اسلامی) مولوی الشیخ۔ انگار (جامعہ ازہر مصر) حسنی احمد محمد ذکریا ہاشمی (پروفیسر برلن علوم مشرقیہ) محمد غنی اختر۔ محمد حسن مرفن (جرمن نومسلم) وغیرہ وغیرہ۔

(نوٹ) اصل دستاویز معہ دستخط کے جماعت اسلامیہ برلن کے دفتر میں موجود ہے۔ جو چاہے دیکھ لیں۔ علاوہ ازیں ہم اخبارات کے بہت مشکور ہوں گے جو وہ جب چھپے ایک نسخہ روانہ کر دیں تمام اسلامی جرائد کا فرض ہے کہ وہ مسلمانانِ ہند تک اس اپیل کو پہنچائیں۔ پتہ جماعت اسلامیہ

Islamische Gemeinde e.V. Berlin Grunewald

Sch... Hohenzollern... Abt. 5. Wilmersdorf. 3700/32

# حضرت مولانا غلام غوث صاحب کی گرفتاری
## بفہ میں احتجاجی جلسہ

مورخہ ۱۶ اگست بروز جمعہ گیارہ بجے دن کو میاں عبد القیوم ناظم جمعیۃ العلماء نے تار پر مولانا عبد الودود صاحب سرحدی کا پشاور سے بذریعہ تار برقی اطلاع ملی کہ حضرت مولانا غلام غوث صاحب کو پبلک ٹرانکوئلٹی بل کے ماتحت گرفتار کر لیا گیا۔ یہ اطلاع باوجود شدت برسات کے فوراً شہر میں پھیل گئی۔ چنانچہ جامع مسجد بفہ میں بعد نماز کے فوراً احتجاجی جلسہ منعقد ہوا۔ میاں عبد القیوم نے حضرت مولانا ...

مؤید:- مولوی احمد گل صاحب بفہ

یہ مسلمانانِ بفہ و مضافات کا یہ جلسہ عام پر زور الفاظ میں مولانا غلام غوث صاحب صدر مجلس احرار سرحد و امیر شریعت کی گرفتاری پر صدائے احتجاج بلند کرتا ہے اور حکومت سرحد سے مطالبہ کرتا ہے کہ مولانا صاحب کی گرفتاری پبلک ٹرانکوئلٹی بل کے ماتحت حکومت کے انصاف پر ایک بدنما داغ ہے۔ لہذا سر گنتھ گورنر صاحب بہادر صوبہ سرحد سے یہ جلسہ مطالبہ کرتا ہے کہ مولانا صاحب کے خلاف مقدمہ فوراً واپس لے کر صوبہ سرحد کے مسلمانوں کے مذہبی جذبات کو جو کہ پہلے سے ہی مجروح ہیں رکھ کر امن پسندی کا ثبوت دیں۔

محرک:- کامریڈ پیر خان صاحب سابق اسیر فرنگ بفہ

مؤید:- محمد بایزید خان بفہ

آخر میں عام مسلمانوں کے جذبات کے ماتحت صاحب صدر نے فرمایا کہ یہ ضروری جلسہ ہمارے زخم خوردہ دلوں کو تسکین نہیں دے سکتا لہذا تمام علاقہ کے اطلاع کے بعد جمعیۃ العلماء کے حکم کے ماتحت جب عام اجلاس ہوگا تو اس کے بعد عملی پروگرام پر تمام کار بند ہو کر اپنے حقیقی رہنما کے قدم بقدم چل کر کام کریں گے۔ اور مسٹر فارسی سلیمان صاحب نے اعلان کیا کہ چونکہ مولانا صاحب نے فی الحال خالص مذہبی کام کی طرف توجہ کر کے اپنے ذمہ صوبہ سرحد کی مجلس احرار کی صدارت کا کام لیا اور تمام ضلع میں تبلیغی دورہ کرتے ہوئے مرزائیت کا انکشاف کرتا رہا جس پر ما قبل ازیں بھی حکومت پشاور نے اسکو ایک ماہ کے امتناعی نوٹس پر پابند کرتے ہوئے پشاور میں ان کا داخلہ بند کیا اور ...

الضاری کہدر اسٹور رجسٹرڈ ہونی لمیٹڈ قائم کر کے دیانتی اور ملکی دستکاری کو فروغ دے رہے ہیں۔

(۱) اس میں ہر قسم کے کپڑے چرخے کے سوت سے باریک نفیس موٹے رنگ برنگ کے نقشے مردانے زنانے مصرف کے تیار ہوتے ہیں اور خالص کہدر کے کاریگران الگ الگ ہیں۔ اسی طرح مل سوت کے کپڑے بھی ہر قسم کے تیار ہوتے ہیں۔ اس کے بھی کاریگران جدا جدا اور ہر ایک کا شعبہ الگ الگ ہے۔

(۲) پردہ کے مصرف کے لئے بھی ہر قسم کے پردے تیار ہوتے ہیں جن کا مل میں تیار ہونا مشکل ہے اور یہاں کا پردہ غیر ممالک بھی جاتا ہے جس کے مزید تفصیل کی ضرورت نہیں۔

یہاں کا تیار کردہ کہدر وصاف دام ... مہاراجہ و مہاراجہ بہار ... وغیرہ تحریک سودیشی سے قبل ہی بڑے ذوق و شوق سے استعمال کرتے آ رہے ہیں۔ الغرض یہاں کی سودیشی اور کہدر سوتی پارچہ بافی اس گئی گزری حالت میں بھی قابل تعریف ہے اور ارباب سیاست یہاں کے کہدر سے بخوبی واقف ہیں۔ مگر جب ان کی توجہات الضاری کہدر اسٹور لمیٹڈ رجسٹرڈ کی طرف منعطف کرانا ہے اور اراکین اسٹور کی سرمایہ داروں کے مقابلہ میں ہمت افزائی مقصود ہے ...

# نامہ نگاروں کیلئے قابل لحاظ امور

جو حضرات اخبار میں کوئی مضمون یا خبر یا مراسلہ برائے اشاعت ارسال فرماتے ہیں ان کے لئے حسب ذیل امور کا لحاظ رکھنا ضروری ہے۔

(۱) تمام مضمون خوشخط لکھا ہوا ہونا چاہیئے شکستہ میں نہیں لکھنا چاہیئے۔

(۲) دو سطروں میں فاصلہ کافی ہونا چاہیئے تاکہ اگر کوئی غلطی کاٹ کر بنانا ہو یا اگر کوئی عبارت بدلنا ہو تو ایک سطر پر دوسری سطر بآسانی لکھی جا سکے۔

(۳) مضمون صرف کاغذ کے ایک طرف لکھنا چاہیئے دونوں طرف نہیں لکھنا چاہیئے۔

(۴) حتی الامکان زیادہ سے زیادہ اختصار کو ملحوظ رکھنا چاہیئے جو مراسلہ جتنا مختصر ہوگا اتنا ہی بہتر ہے۔

(۵) ہر مضمون یا خبر یا مراسلہ بھیجتے وقت اس کو اچھی طرح سمجھ لینا چاہیئے کہ اس کا چھپ جانا یقینی نہیں ہے جس مراسلہ کو ضروری سمجھا جاتا ہے اسکو کسی نہ کسی اشاعت میں اخبار کی آسانی کے مطابق شائع کیا جاتا ہے ...

# صوبہ بہار کے انصاری پارچہ باف کاریگروں کی اقتصادی بیداری


## اخبار الجمعیۃ
میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے

## مسلمانوں کیلئے مفت تحفہ

## غریبوں کا قرآن مجید معرا

## وہ کتابیں جن کو پڑھنے اور پڑھ کر محفوظ رکھنے کی ضرورت ہے
طب روحانی — رسول کی دعائیں — ضیاء الحکمت — فتاوی اشرفیہ — حسن الوظائف — دستور العمل
الجمعیۃ بک ڈپو گلی قاسم جان دہلی

## جو چاہو گے ہو جائیگا

## بچوں کیلئے اردو کی ایک عجیب و غریب کتاب

## جنت اور دوزخ

## خضاب چھوڑو

## نروید پرلز

## قلم آم بیجی

## حب زرین
دواخانہ کنز المجربات کوچہ چیلان گلی راجان دہلی

## نگارستان کشمیر

## وینس کی ہر دلعزیزی

## قانون

## بال عمر بھر نہ اُگنے کا جوہر

تارکا پتہ "الجمعیۃ دہلی"

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۸۹۳

Aljamiat

# الجمعیۃ دہلی

(ایڈیٹر ہلال احمد زبیری (ایم۔ اے)

جلد ۲۲ | دہلی یوم یکشنبہ ۲ رجمادی الثانی ۱۳۵۴ھ ہجری مطابق یکم ستمبر ۱۹۳۵ء | نمبر ۱۶

## مسولینی گوروں کے مفاد کیلئے کالوں کو فتح کرنے پر تلا ہوا ہے

### اطالیہ نے حقیقی ارادوں کو چھپانے کی کوئی کوشش نہیں کی ہے

### مسلمانان مصر و حبش کے جذبات اٹلی کے خلاف

لندن ۳۰ اگست۔ سرایبے بیلی نے (؟) لندن میں ایک مکتوب شائع کرایا ہے جس میں لکھا ہے کہ سینور مسولینی ایک اطالوی سلطنت قائم کرنے کی غیر محدود خواہشات کے ساتھ یوروپ کے امن و امان پر ایک کاری ضرب لگا رہا ہے اسے اپنے حقیقی ارادوں کے ظاہر کرنے میں کوئی بھی باک نہیں ہے۔ اور وہ اس خیال کی تردید کرنے کے لئے کسی تکلیف گوارا نہیں کرتا کہ اس نے کالے باشندوں کے ملک کو گوروں کے مفاد کی خاطر فتح کرنے کا فیصلہ کر لیا ہے۔ اس غرض کے لئے وہ ان تمام جنگی وسائل کے استعمال پر تلا ہوا ہے جو اس وقت گوری قوموں کے قبضہ و اقتدار میں ہیں۔

ہندوستان اور تمام ایشیا کے باشندے حبش کی قسمت کو نہایت عمیق جذبات اضطراب کے ساتھ دیکھ رہے ہیں اور ان کو حبشی سے ہمدردیاں باشندگان افریقہ کے مقابلہ میں کچھ کم نہیں ہیں۔ سینور مسولینی نے اپنے معاہدوں جس میں جمعیۃ اقوام والا معاہدہ بھی شامل ہے ردی کی ٹوکری میں ڈال دیا ہے۔

لندن ۳۰ اگست

ڈیلی ٹیلیگراف کے نامہ نگار مقیم عدیس ابابا نے لکھا ہے کہ موجودہ صورت حال کا ایک اہم پہلو یہ بھی ہے کہ مسلمانوں کے جذبات مذہبی طور پر اٹلی کے خلاف زیادہ بڑھ رہے ہیں۔ گزشتہ زمانہ میں عیسائیوں اور مسلمانوں کے درمیان زبردست کشمکش رہ چکی ہے مگر جنگ کا خطرہ دونوں قوموں کو اس حد تک قریب لا رہا ہے جس کا پہلے بھی تصور بھی نہ کیا جا سکتا تھا۔ سینٹ جارج کے گرجا میں دعا کے موقع پر مسلمانوں کی پہلی دفعہ موجودگی ایک ایسا واقعہ ہے جس کی کوئی نظیر نہیں ملتی۔ مسلمانوں کو اس جدید اقدام کی اجازت اماموں نے بھی دیدی ہے۔

مصر میں حبشی حکومت کے ایجنٹ کو مسلمانوں کی جانب سے سینکڑوں درخواستیں موصول ہوئی ہیں جن میں حبشی فوج کے اندر داخل ہونے کی خواہش ظاہر کی گئی ہے۔ اندازہ کیا جاتا ہے کہ تقریباً پانچ ہزار آدمی ایک غیر ملکی فوج میں بھرتی ہونے کے لئے تیار ہیں۔

## کوئٹہ میں کھدائی کا کام

### چار لاکھ روپیہ کی مالیت اور چار سو ستر لاشیں

شملہ ۳۰ اگست۔

کوئٹہ سے جو اطلاعات موصول ہوئی ہیں ان سے معلوم ہوتا ہے کہ ... تک جو ... سے جائداد نکالی گئی ہیں۔ ان کی مالیت کا اندازہ ... لاکھ روپیہ ہے۔ بہت سی جائداد ابھی تک باقی ہے جو اس طریقہ سے نکالی جا سکتی ہے مگر مشکل یہ ہے کہ اس کے مالکوں کا پتہ نہیں ملتا۔ ۴۸۲ انسانوں اور ۱۱۰ جانوروں کی لاشوں کو ... نکال کر ٹھکانے لگایا گیا ہے۔ ... لاشوں کو اب ... بغیر کھدائی کے نکالا جا سکتا ہے۔ سڑکیں نسبتاً صاف ہو گئی ہیں۔ ... کی تعمیر کا کام بتدریج ہو رہا ہے۔ ... کیمپوں میں رہا ... کی تعداد میں اضافہ نہیں ہوا۔ کچھ مقامی آدمی اپنے وطن کو جا رہے ہیں۔

## سرحد پر اب تک لڑائی ہو رہی ہے

### اشتعال انگیز پمفلٹ تقسیم کئے جا رہے ہیں

شبقدر ... اگست۔ ایک سرکاری کمیونک شائع ہوا ہے جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ علاقہ ... میں کسی قدر تبدیلیاں ہوئی ہیں ... مخالف لشکر اب تک بادشاہ گل کے زیر کمان ... اور ... کے درمیان ... کل رات کو علاقائی کیمپ ... نے ... حاجی ترنگ زئی اور فقیر لنگر اپنے لشکروں میں مزید بھرتی کر رہے ہیں ... بادشاہ گل کا بھیجا ہوا ... کی طرف سے حکومت کی توجہ دوسری جانب مبذول کرانے کے لئے اشتعال انگیز پمفلٹ بھی تقسیم کئے گئے۔

غلانائی کیمپ کے قریب ... مخالف پارٹی نے گولیاں چلائیں اس کا جواب ... سرکاری کیمپ پر ... دفعدار لال سنگھ اور نکی رام نامی سپاہی مجروح ہوئے۔

## بلجیم کے بادشاہ اور ملکہ کو موٹر کا حادثہ کس طرح پیش آیا

### ایک اندوہناک واقعہ کی تفصیلات

... کار کو چلا رہے تھے کہ وہ اچانک قابو سے باہر ہو گئی۔ کار ایک جھیل کی طرف مڑ گئی۔ اور ایک درخت سے اس کی ٹکر ہوئی ملکہ کا سر درخت سے جا کر لگا اور وہ فوراً جاں بحق ہو گئیں۔ کار کے ڈرائیور کو جو پیچھے کی جانب بیٹھا ہوا تھا کوئی چوٹ نہیں آئی ملکہ شاہ کے پاس بیٹھی ہوئی تھیں۔ شاہ کے سر میں ضربات آئیں ... بادشاہ حادثہ سے اس قدر متاثر ہوئے کہ وہ ٹھیک حالات بیان بھی نہ کر سکے۔ ...

واقعہ یوں بیان کیا جاتا ہے کہ شاہ جھیل کی جانب کار کو مڑ رہے تھے لیکن حادثہ کی اصل وجہ ابھی تک ایک راز ہے کیونکہ سڑک بالکل صاف تھی اور خطرناک نہیں تھی۔

زخموں کی مرہم پٹی کے بعد بادشاہ کو ... لے جایا گیا جہاں وہ مقیم تھے۔ ملکہ کی لاش بھی وہاں پہنچائی گئی۔ ...

## اکسائز بل ... / انڈین پریس کے منیجر کو سزا

### ایکٹ کارخانجات کی خلاف ورزی

الہ آباد ۳۰ اگست۔ ... انڈین پریس الہ آباد ... کے منیجر کو اتوار کو کام لینے کے الزام میں ایکٹ کارخانجات کی دفعہ ... کے ماتحت ... روپیہ جرمانہ کی سزا ہوئی ہے۔

منیجر موصوف پر اس بنا پر ... روپیہ کا جرمانہ کیا گیا کہ انہوں نے اتوار کو کام لینے کے بار ... کارخانجات کو مطلع نہیں کیا تھا۔

## فسادات سکندر آباد کے مجروحین و مقتولین

### سرکاری اعلان

حیدرآباد دکن ۲۹ اگست۔ حکومت نظام کے محکمۂ اطلاعات کی جانب سے کل ایک اعلان شائع کیا گیا ہے جس کے ذریعہ عوام کو مطلع کیا گیا ہے کہ سکندرآباد کے فرقہ وارانہ فساد کے دوران میں ہلاک شدگان اور مجروحین کی جو تعداد بیرونی اخبارات میں دی گئی ہے وہ بہت زیادہ ہے ...

## شملہ میں اسمبلی کا تازہ اجلاس

### حبش کی جنگ کے متعلق قرارداد پیش کرنے کی تجویز

دہلی ۳۰ اگست۔ کل رات تقریباً ایک درجن ممبران اسمبلی شملہ جاتے ہوئے دہلی سے گزرے ان میں مسٹر عبدالمتین چودھری، پنڈت نیل کنٹھ داس، ڈاکٹر بنرجی ... کے نام قابل ذکر ہیں ...

پنڈت نیل کنٹھ داس (کانگریس پارٹی) نے اپنی روانگی سے بیشتر نمائندہ پریس کو ایک بیان دیا جس کے دوران میں آپ نے ہندوستانی رائے عامہ کے خلاف ہندوستانی افواج کی عدیس ابابا کو روانگی کے خلاف اظہار ناراضگی کیا اور فرمایا کہ وہ اس کے خلاف صدائے احتجاج اسمبلی میں التوائے اجلاس کی تحریک پیش کرنے پر غور کر رہے ہیں۔

## مسلمانان پٹنہ کا عظیم الشان جلسہ

### "صوبہ بہار کا وقف بل بغیر مناسب ترمیم کے ناقابل قبول ہے"

پٹنہ ... اگست۔

مسلمانان پٹنہ کا ایک عظیم الشان جلسہ ... عبدالقدوس صاحب وکیل کی صدارت میں وقف بل پر غور کرنے کی غرض سے کل منعقد ہوا۔ ... اس میں یہ قرارداد منظور کی گئی ... وقف بل اپنی موجودہ شکل میں مسلم مفاد کے لئے مضرت رساں ہے ...

مولوی شفیع داؤدی نے مسلمانوں کے اس عظیم الشان جلسے سے علیحدہ اپنا ایک مخصوص جلسہ وقف بل کی حمایت میں منعقد کیا لیکن ... تمام سرگرمیاں ناکام ثابت ہوئیں۔

## جرمنی میں ۳۹ پھانسیاں

### برسر اقتدار سیاسی پارٹی کا جذبہ انتقام

برلن ... اگست۔ ...

## مسولینی کے اعلان پر اظہار طمانیت

سرکاری حلقوں میں حکومت اٹلی کے اس کمیونک پر اظہار طمانیت کیا جا رہا ہے ...

## جمعیۃ اقوام کی سرگرمیاں

لندن ۲۹ اگست۔ جمعیۃ اقوام کی کونسل کے جلسہ میں ...

## مسلمانان دہلی کا تعزیتی جلسہ

دہلی ۳۰ اگست

نماز جمعہ کے بعد جامع مسجد میں مسلمانان دہلی کا ایک عام جلسہ ہوا جس میں مولانا عظمت الٰہی صاحب نائب ناظم جمعیۃ علماء صوبہ دہلی اور مولانا محمد شفیع صاحب نے مولانا عبدالحلیم صاحب ناظم بہاری ... کی بے وقت موت پر اظہار افسوس کیا۔ ...

## سیاہی فروش کو سزائے قید

### ٹریڈ مارک نقل کرنے کا الزام

دہلی ۳۰ اگست۔ آج مسٹر ... سٹی مجسٹریٹ نے ایک سیاہی فروش ... کو ... تعزیرات ہند ... سیاہی فروش ... ٹریڈ مارک نقل کرنے کے جرم میں ... روپے جرمانہ یا دو ماہ قید محض کی سزا دی۔ ملزم نے فوراً جرمانہ دے دیا۔

## میرٹھ میونسپل بورڈ کے ممبر کی علیحدگی

میرٹھ ... اگست۔ اطلاع ملی ہے کہ ... میونسپل بورڈ کے ممبر ... علیحدہ کر دیا ہے۔ ...

---



## حزب اللہ بہاولپور کی مساعی اتحاد کا انجام

### کوئی خاطر خواہ کامیابی حاصل نہیں ہو سکی

### اراکین وفد کی جانب سے ایک بیان

**زمیندار اور مجلس احرار کا افسوسناک تصادم**

مسجد شہید گنج کی واگزاری کے سلسلہ میں مجلس احرار اور زمیندار کے درمیان جو کشمکش پیدا ہو گئی تھی۔ اور ایک دوسرے پر تنقید کا جو ایک ہولناک سلسلہ شروع ہو گیا تھا اس سے نہ صرف مسلمانوں کو پریشان کر دیا تھا بلکہ مسلمان جماعتوں میں منقسم ہوتے چلے جا رہے تھے۔ ...

پورے غور کے ساتھ پبلک یا رائے عامہ کا مطالعہ بھی کیا۔ ... اصحاب سے مسئلہ کے تمام پہلوؤں پر مفصل بحث و تمحیص بھی کی ... مولانا احمد علی صاحب، مولانا ظفر علی خان صاحب مدیر "احسان"، چودھری افضل حق صاحب، مولانا سید محمد داؤد غزنوی، ڈاکٹر محمد عالم صاحب ...

**ارکان وفد کرم آباد میں**

**اصولی اختلاف**

## گمشدہ کی تلاش

تقریباً سات سال سے میرا چچا زاد بھائی مسمی غلام احمد ولد حافظ نور زمان صاحب مرحوم گھر سے غائب ہیں۔ ...

## بارہ کا اندوہناک واقعہ

(اخبار الجمعیۃ کیلئے شہر و تفسیر سے کیجئے)

## دام واپس

جڑی بوٹی میڈیکل اسٹور پوسٹ ہرالکی ...

## الجمعیۃ بک ڈپو دہلی کی مذہبی ادبی اور درسی کتابوں کا نایاب ذخیرہ

**حیرت انگیز رعایتی اعلان** — مشہور و معروف دو ترجمہ و الاعجاز تمام متوسط قرآن مجید معہ کامل تفسیر

**حمائل شریف مترجم مع خلاصۃ التفاسیر**

**پادری کی لڑکی کا قبول اسلام**

**کفرستان ابو جہل کی ایک سعادتمند روح**

**تاج کمپنی کی مطبوعات**

**تقریر دلپذیر**

**پانچ ترجموں والا قرآن شریف**

**تعلیم الاسلام** | **اصحاب بدر** | **حیات حافظ خاں** | **بلاغ مبین**

**اشاعت اسلام** | **تاریخ المشاہیر** | **سیاسیات ہند** | **پانچ کمیٹی کی رپورٹ**

**مرقاۃ العربیہ** | **جنت کی کنجی** | **دوزخ کا کھٹکا** | **علم الصرف**

**الجمال والکمال** | **معارف الاخلاق** | **معلم الصرف و معلم النحو** | **اختر و رضیہ**

الجمعیۃ بک ڈپو۔ گلی قاسم جان بلیماران دہلی

# اسلام نے کسی انسان کے جسم کو بحیثیت انسان ناپاک قرار نہیں دیا۔

## مولوی حلال کو حرام اور حرام کو حلال نہیں کر سکتے

### حضرت سحبان الہند مولانا الحاج حافظ احمد سعید صاحب کی دوسری تقریر سیرت

(۱۶)

#### ان المؤمن لا ینجس

مجھے ان صاحب کے استفسار پر بے ساختہ ہنسی آگئی اور ساتھ ہی ایک حدیث بھی یاد آگئی۔ ایک دفعہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ ... حضور سے راستے میں ملاقات کی اور ...

وہ عورام سے نکاح کرنا چاہتے ہیں تو میری بیٹی کو طلاق دیدیں اور بنی ہشام کی لڑکی سے شادی کرلیں۔ فاطمہ میرے جسم کا ایک ٹکڑا ہے جس کو وہ ناپسند کرتی ہے اس چیز کو میں بھی ناپسند کرتا ہوں اور جس چیز سے فاطمہ کو تکلیف ہوتی ہے اس سے مجھکو بھی تکلیف ہوتی ...

جسم پر موجود ہو تو وہ حصہ جسم ناپاک ہوگا خواہ وہ مسلمان کا بدن ہو یا کافر کا۔ اور اگر ظاہری نجاست لگی ہوئی نہ ہو تو وہ جسم پاک ہے۔ محض اس بنا پر کہ کسی کافر کا جسم ہے اسکو ناپاک کہا جائے یہ صحیح نہیں ہے۔ یہ امر کہ کسی آدمی کے جسم کو ناپاک سمجھا جائے اور محض اس بنا پر ناپاک سمجھا جائے کہ اس کے خیالات یا عقائد ہمارے خلاف ہیں یہ ایک ایسا غلط اور نامعقول خیال ہے کہ کوئی سمجھدار اس کا قائل نہیں ہو سکتا، چہ جائیکہ اسلام ایسی نامعقول بات کہے۔ اگر بہ اصول تسلیم کیا جائے کہ کافر یا مشرک کا جسم ناپاک ہے تو پھر کسی کافر کے ہاتھ کی چھوئی ہوئی چیز کا کیا سوال ہے، بلکہ اس کا مطلب تو یہ ہوگا کہ کسی کافر کو ہاتھ لگانا یا اس کے پاس بیٹھنا یا اس سے ...

اقرع بن حابس کا واقعہ

میت کی توجہ بریرہ کا واقعہ

جسم انسانی کا حکم

حضرت علی اور نکاح ثانی

# جزیرہ منڈانو میں اسلام

## سماٹرا کے ایک فاضل سیاح کی بیان کردہ معلومات

(خاص الجمعیۃ کے لئے)

[مندرجہ ذیل معلومات مجھ کو سفر حج میں امیر حکیم عبداللہ ... باشندہ جزیرہ سماٹرا سے جو دنیا کے سفر پر نکلے ہیں حاصل ہوئی ہیں۔ امیر موصوف سماٹرا کی ڈچ یونیورسٹی کے گریجویٹ ہیں۔ برسوں تبلیغ اسلام کے سلسلہ میں جزائر فلپائن اور سیام کا سفر کرچکے ہیں۔ چھ برس قبل سماٹرا سے دنیا کے سفر پر نکلے ہیں۔ تقریباً ایک برس ہندوستان کے مختلف شہروں کا سفر کرکے حج کے لئے جا رہے ہیں۔ وہاں سے شام، مصر، ترکی، ایران ہوتے ہوئے براہ روس یوروپ کا سفر ...

### حکومت

فلپائن کے تمام جزائر پر ایک گورنر جنرل حکومت کرتا ہے۔ ایک مجلس قانون ساز ہے جس میں ۲۴ منتخب ممبر اور ۲ سرکاری نمائندے ہیں۔ آج سے دو برس قبل امریکی حکومت نے جزائر کو نیم آزادی عطا کی ہے۔

### تعلیمی حالت

منڈانو کے مسلمان اسلام کے بڑے شیدائی ہیں۔ زمانہ قدیم سے ان میں عربی تعلیم کا رواج چلا آرہا ہے۔ جزیرہ کی مسجدیں ...

### جغرافیہ

### مذہبی حالت

### تاریخ

اہل اسپین کے آنے سے مرکزی حکومت کمزور ہوتی گئی یہاں تک کہ اسپین والوں کو غلبہ حاصل ہوگیا اور اسلامی حکومت بالکل بے دست و پا ہو کر رہ گئی۔ دسمبر ۱۸۹۸ء سے ریاستہائے متحدہ امریکہ کے ماتحت فلپائن کے تمام جزائر آگئے اور اب تک اس کی حکومت ہے۔

تبدیل کرنے کے لئے جبر و اکراہ سے کام لیا۔ جب پندرہویں صدی میں اسپین والے آئے تو اپنے کو سربرآوردہ قوم کا آدمی ظاہر کرکے بڑے بڑے حقوق اور مراعات کا دعویٰ کیا اور

(باقی صفحہ ۹ پر ملاحظہ فرمائیں)

اخبار الجمعیۃ کی توسیع اشاعت کے لئے سعی فرما کر اپنی علم نوازی کا ثبوت بہم پہونچایئے۔

(منیجر الجمعیۃ دہلی)




شربت اکسیر رجسٹرڈ

اگر آپ اشتہاری ادویات سے بدگمان ہوگئے ہوں تو صرف ایک روپیہ آٹھ آنہ خرچ کرکے ہمارے کارخانے کا شربت اکسیر استعمال کرکے قدرت خدا کا تماشہ دیکھئے

صاحبان! یہ شربت اکسیر جسکا اشتہار آپکے پیش نظر ہے اسکا نسخہ مجھے ایک کہنہ مشق انگریزی ڈاکٹر سے ملا ہے اور شربت اکسیر کا اشتہار دینے سے قبل سدہا مریضوں پر جب مجھے کامل اطمینان ہوگیا تو یہ اشتہار آپ کے سامنے پیش کیا جاتا ہے۔ اگر میری تحریر کو نمونہ سمجھیں تو ایک شیشی شربت اکسیر منگاکر ضرور استعمال فرمائیں میری تحریر کی صداقت آپ کو فوراً ہو جائیگی

جریان جو نامردی اور ضعف باہ کا پیش خیمہ ہے کیسا ہی پرانا کیوں نہ ہو شربت اکسیر کے استعمال سے جڑ سے جاتا رہتا ہے ...

پتہ: ایس - بی - بخشی - اینڈ کمپنی





عرق سوزاک

سوزاک کیلئے دنیا میں بہترین دوا

ہر قسم کے سوزاک کیلئے آزمائی ہوئی دوا ہے۔ سوزاک خواہ نیا ہو یا پرانا ایک دو خوراک میں ہی اثر ظاہر ہوتا ہے۔ پیشاب کی تکلیف فوراً رفع ہو جاتی ہے۔ قرحہ کو جلد بھر دیتا ہے۔ سوزاک کے جراثیم کی افزائش کو روکتا ہے۔

ایک شیشی میں ۱۸ خوراک
عرق سوزاک قیمت فی شیشی دو روپے چار آنہ

ہمدرد دواخانہ یونانی دہلی

ہم اور آپ قانون کی ہوا میں سانس لیتے ہیں ...
آہ ہماری کتنی بدنصیبی ہے
رسالہ قانون لاہور
ہمیں چاہئیے کہ قانون کو باقاعدہ پڑھا کریں

آپ کا مستقبل

یقیناً تفکرات اور پریشانیوں کی زد سے بچ سکتا ہے

بشرطیکہ آپ آج ہی

مسلم انڈیا انشورینس کمپنی لمیٹڈ لاہور

میں اپنی زندگی کا بیمہ کرالیں۔ ہندوستان میں یہی

مسلمانوں کی واحد بیمہ کمپنی

ہے جسکے ڈائرکٹروں میں باوقار اور مایہ ناز مسلمان ہستیاں شامل ہیں۔ کمپنی کی بعض ... نہایت عمدہ اور مفید ہیں جنمیں

شرح چندہ کم اور منافع زیادہ

ہے مسلم انڈیا میں بیمہ کرانا "یک کرشمہ دو کار" کے مترادف ہے یعنی اپنے اہل و عیال کی فلاح و بہبود اور اپنی قوم کی معاونت

مزید معلومات: مینیجنگ ڈائرکٹر مسلم انڈیا انشورنس کمپنی لمیٹڈ۔ لاہور
یا
منظور احمد عثمانی بی۔ اے انسپکٹر مسلم انڈیا انشورنس کمپنی لمیٹڈ لاہور، فتحپوری، چاندنی چوک دہلی
سے حاصل کریں


# مغرب کی جدید تہذیب کے تباہ کن نتائج

## نوجوان مردوں اور عورتوں کی مخبوط الحواسی

(ولایتی ڈاک کے مقتبسات)

### (۷) والدین کی مرضی کے خلاف کورٹ شپ

#### متعدد بار اپنی معشوقہ کو قتل کرنے کی کوشش

لورپول کی ایک عدالت میں وکیل سرکار نے ملزم مسٹی ولیم الفرڈ کیمبل جونی کا وہ حیرت خیز بیان پڑھ کر سنایا جو پولیس نے پیش میں لکھوایا تھا۔ الزام یہ تھا کہ اس نے ایک دوشیزہ ... 

اس بات پر آمادہ ہوگئے کہ پل پر سے اپنے آپ کو گرا دیں۔ اس بچی کو تنہا رہ جانے کا اندیشہ تھا اس لئے وہ خود پہلے گرنے پر اصرار کرتی تھی۔ میں نے سہارا دیا اور وہ "پیارے! الوداع" کہہ کر گر گئی۔ جب مجھ گرنے کی ہمت نہ ہوئی اور میں نے دیکھا کہ وہ ابھی نہیں مری۔ کسی کے دیکھ لینے کے ڈر سے میں بھاگا اور کوہ نیچے ڈرائیو کی زراعت گاہ میں چھپ گیا۔ اس وقت بارش بہت زور کی ہو رہی تھی۔ ...

### (۸) بیوی کی زندگی میں چھ عورتوں سے شادی

#### روپیہ اینٹھنے کے طریقے اختیار کرتا رہا

برسٹل کے ایک شخص آرنسٹ الفرڈ ٹیس نے سالسبری کی عدالت کے فیصلے کے خلاف فوجداری عدالت عالیہ میں اپیل کی۔ اس شخص کو سالسبری کی عدالت نے بیوی کے جیتے جی دوسری شادی کرنے کے جرم میں پانچ سال کی تعزیری غلامی کی سزا ...

اگرچہ اس وقت بھی میرے خیالات پراگندہ ہیں، لیکن میرا خیال ہے کہ میں نے سوائے ذاتی تاثرات کے سب کچھ لکھ دیا ہے اور یہیں اس بیان کو ختم کرتا ہوں۔" دونوں نے مقدمہ کی پیروی کا حق محفوظ رکھا۔ دونوں کا مقدمہ مانچسٹر کی عدالت کے سپرد کیا گیا اور دونوں میں سے کسی نے بھی ضمانت پر رہا ہونا پسند نہیں کیا۔

# ختم نبوت

(از مولانا سید محمد صاحب امام خطیب شمس العلماء مولانا سید احمد صاحب امام جامع مسجد دہلی)

(باقی صفحہ ۹ پر ملاحظہ فرمائیں)

مسلسل افسانہ (خاص الجمعیۃ کیلئے)

# طوفان حوادث

(۶)

ہرنرائن نے اس جانب دیکھتے ہوئے کچھ سوچ کر کہا "نہیں وہ اس وقت وہی قمیص پہنے ہوئے تھے جو کل شام کو ان کے جسم پر تھی۔"

"اس میں بٹن لگے ہوئے تھے؟"

شاہد علی نے اپنی جیب میں سے انگوٹھی نکال کر ہرنرائن کو دیتے ہوئے کہا "اسے اچھی طرح دیکھو، کیا اس سے پہلے تم نے اسے کبھی دیکھا ہے؟"

ہرنرائن نے اسے اچھی طرح الٹ پلٹ کر دیکھا اور کہا "جی نہیں اس سے پہلے میں نے اسے نہیں دیکھا۔"

"تمہیں یقین ہے کہ اس وقت ساڑھے نو بجے تھے؟"

"راجہ صاحب روزانہ شب کو ٹھیک ساڑھے نو بجے دودھ پینے کے عادی تھے اور میں وقت مقررہ پر روزانہ دودھ کو ٹھے پر لے جاتا تھا جہاں وہ سوتے تھے لیکن پچھلی رات انہوں نے مجھے حکم دیا تھا کہ ان کے پڑھنے کے کمرے میں دودھ پہنچاؤں کیونکہ وہاں انہیں کچھ دیر کام کرنا ہے۔"

"اچھا، اس کے بعد تم نے انہیں نہیں دیکھا؟"

"اس کے بعد میں نے انہیں باتیں کرتے سنا تھا۔"

"اس سے تمہارا کیا مطلب؟"

...

(باقی آئندہ)

"پھر اس کے بعد تم نے راجہ صاحب کو نہیں دیکھا؟"
"نہیں اس کے بعد نہیں دیکھا۔"
"اچھا اس شخص کی طرف دیکھ کر بتاؤ کیا شب میں تم نے انہیں دیکھا تو کیا قمیص پہنے ہوئے تھے؟"

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# الجمعیۃ دہلی

یوم یکشنبہ ۲ر جمادی الثانی ۱۳۵۴ھ

# مسلمانانِ ہند کیلئے تعمیری کاموں کی ضرورت

## اصلاح رسوم و معاشرت

جمعیۃ علمائے صوبہ متحدہ کے سالانہ اجلاس میں شعبہ تبلیغ قائم کیا گیا ہے اس کے متعلق اظہار رائے کرتے ہوئے ہم نے گزشتہ اشاعت میں اس امر پر زور دیا تھا کہ اس وقت ہندستان کے علماء در علما کو اپنی قوم کے تعمیری کاموں کی طرف زیادہ سے زیادہ توجہ منعطف کر دینی چاہئے کیونکہ یہ وقت نہ تو کسی سیاسی ہیجان کا ہے اور نہ اس وقت ملک کے اندر عام طور پر کوئی ایسی تحریک جاری ہے جو خالص سیاسی مقاصد رکھتی ہو اور اہل ملک کی تمام توجہ کو اپنی طرف جذب کر لینے میں حق بجانب ہو۔ اس وقت ضرورت ایسے کاموں کی ہے جو سکون کے زمانہ میں قوم کو ہر اعتبار سے قوی اور مستحکم بنانے والے ہوں اور اس کے اندر جو اجتماعی کمزوریاں موجود ہیں ان کو دور کر کے دوسری اقوام کے دوش بدوش چلنے کی قوت پیدا کرنے کی صلاحیت رکھتے ہوں۔

# پنجاب کے زمینداروں پر ساہوکاروں کا انتہائی ظلم

## قرضہ کمیٹی کا قیام اور اس کی حمایت کیلئے اپیل

(از مولوی عبداللہ صاحب قصوری)

زمیندار ہندوستان کے لئے بمنزلہ ریڑھ کی ہڈی کے ہے۔ اسی پر حقیقت میں نظام حکومت کا انحصار اور اسی پر تجارتی منڈیوں کی گرم بازاری اور کارخانوں کی رونق کا مدار ہے۔ بنئے کی روز افزوں دولت اور ملک کی سرمایہ داری غریب مزدور کی روح فرسا مشقت اور جفاکش کسان کی شبانہ روز محنت کا نتیجہ ہے۔ لیکن افسوس ہے کہ مالی اور تعلیمی لحاظ سے انہی جماعتوں ...

... کیونکر سمجھا جا سکتا ہے۔ یہ موجودہ نظام کا ایک روشن پہلو ہے کہ اسمبلی نے زمیندار و مزدور کی اس مصیبت کا علاج سوچا۔ جدید قانون قرضہ پاس کر کے ۱۹؍ اپریل ۱۹۳۵ء سے صوبہ میں نافذ کر دیا۔ اس قانون کی رو سے قرضداروں کو خاص مراعات حاصل ہو گئیں۔ ...

# حوادث و احکام

استفتاء

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین اندریں مسئلہ کہ ایک مسلم عاقل بالغ نے بحالت سکر بیوی کی کسی حرکت کے سبب غیظ و غضب سے از خود رفتہ ہو کر دو عورتوں کی مواجہت میں کہا کہ "بلاؤ چار آدمی کے سامنے طلاق دیں (اور بیوی کی طرف اشارہ کر کے کہا کہ) اس حرامزادی کو طلاق دیتے ہیں۔ اس حرامزادی کو طلاق دیتے ہیں۔ اس حرامزادی کو طلاق دیتے ہیں اس حرامزادی ..."

الجواب

...

محمد کفایت اللہ کان اللہ لہ

## ضروری تصحیح

...

# زوجین کے حقوق شرعیہ کا تحفظ

## ریاست حیدرآباد کیلئے ایک مسودۂ قانون

ریاست حیدرآباد دکن کی مجلس علماء نے حسب ذیل مسودہ قانون اس غرض سے مرتب کیا ہے کہ اسے ریاست کی کونسل میں پیش کرنے کے لئے منظور کرایا جائے۔ ...

تمہید

مختصر نام و تاریخ نفاذ

توضیح

دعاوی فسخ نکاح و تفریق

## شوہر کی مفقود الخبری

...

## معاصر مدینہ کا جدید ابتلا

...

## شاہی جامع مسجد کے متعلق سرکاری اعلان

...



# شمالی مغربی سرحد پر کیا ہو رہا ہے؟

## لشکروں کا اجتماع اور باہمی جھگڑے

## برطانیہ نے ایک زمین خریدلی

ایک عرصہ کے انکار اور بغاوت کے بعد قبیلہ توری خیل نے آخر کار حکومت کی اطاعت قبول کر لی اور بیس ہزار روپیہ بیکر زرمک کے قریب ایک علاقہ انگریزوں کے ہاتھ فروخت کر دیا۔ یہ وہ علاقہ ہے جس پر سالہا سال سے محسودیوں اور وزیریوں میں جنگ آزمائی ہوتی رہی ہے۔

...

اس طرح سے حکومت نے قبائل کے درمیان ایک ثالث بخیر کا کام کیا اور ایک بہت پرانے جھگڑے کو طے کر دیا۔

## چمنی کا قتل

...

# صوبہ بہار کے حالات

(نامہ نگار خصوصی کے قلم سے)

## ایکشن پارٹی کا قیام

...

## ضمنی انتخاب

...

# کوئٹہ کے زلزلہ سے قبل

## شہر اور اسکے مضافات کی حالت

حکومت کے سرکاری ریکارڈ سے مستند معلومات حاصل کر کے ایک پمفلٹ مرتب کیا گیا ہے جس میں زلزلہ کوئٹہ کے متعلق مختلف عنوانات کے ماتحت بہت سے ضروری مباحث پر بحث کی گئی ہے۔ ...

(باقی صفحہ پر ملاحظہ فرمایئے)

# دارالحکومت

## خانبہادر شیخ محمد حسن صاحب جاجی کے اعزاز میں شاندار ڈنر

## صدر بازار کے سرآوردہ تاجروں کی جانب سے

## سپاسنامہ اور اس کا جواب

...

# پنجاب میں یوم شمشیر

...

# نواب صاحب چھتاری کے چچا کی وفات

## اظہار افسوس کیلئے دفاتر بند رہے

...

# ایک بھنگی کو ریوالور لگ گیا

...

# ریاست دھار کی جانب سے سرکاری اعلان

## "یہ مسجد ہے اور آئندہ بھی مسجد ہی رہے گی"

دھار دربار گزٹ مورخہ ... اگست ۱۹۳۵ء جلد ۵ نمبر ... حصہ ... میں حسب ذیل اعلان محکمہ حضور دربار دھار کی جانب سے شائع کیا گیا ہے۔

...

تاریخ ... اگست ۱۹۳۵ء

(دستخط) ... بی۔ ایس۔ ...

دربار اور کونسل سکرٹری دربار دھار

# پریوی کونسل میں مسجد شہید گنج کا مقدمہ

## مسٹر جناح کے وکیل ہونے کی توقع

...

# حکومت اٹلی کی تازہ کارروائی

## پندرہ ہندوستانیوں کی گرفتاری

...

# اطالوی کمیونک

...

# جاپانی جہازوں پر اشتراکیوں کی آتشباری

## روس اور جاپان میں جنگ کا خطرہ

...

# حبش کے ساتھ ہمدردیاں ختم ہو رہی ہیں

## فرانس کے سرکاری حلقوں کا خیال

...

# مسٹر عظمت اللہ کے خلاف درخواست مسترد

## سیشن جج نے فیصلہ سنا دیا

...

# ولادت مسیح کے متعلق ایک علمی بحث

## عقل و نقل کی روشنی میں

(مولانا قاضی انوار الحق صاحب مفتی ریاست مانگرول کے قلم سے خاص الجمعیۃ کیلئے)

(۱۶)

(۵) بعض اور حضرات نے حضرت مسیح کے باپ ثابت کرنے میں اس آیت کو پیش کیا ہے۔ والتی احصنت فرجھا فنفخنا فیھا من روحنا اور کہا کہ چونکہ محصنہ خاوند والی عورت کو کہتے ہیں۔ لہذا احصنت کا معنی یہ ہوگا کہ خاوند کے ذریعہ سے اپنی شرمگاہ کی حفاظت کی۔

(جواب) سب سے پہلے مکمل حدیث ملاحظہ فرمائیں تاکہ ڈاکٹر صاحب کا ولاتقربوا الصلوٰۃ پر عمل بلا ملاحظہ و انتم سکاری ظاہر ہو جائے۔ حدیث یہ ہے۔

واخرج ابن جریر وابن ابی حاتم عن الربیع قال ...

# جمعیۃ علمائے سہارنپور کا عظیم الشان جلسہ

## اراکین بھرتی کرنے کا فیصلہ

آج بتاریخ ۲۴ر اگست ۳۵ء کو بعد نماز جمعہ جمعیۃ العلماء ضلع سہارنپور کی جانب سے ایک عظیم الشان جلسہ بصدارت مولانا منظور النبی صاحب منعقد ہوا تلاوت کلام پاک کے بعد مولانا نے اپنی صدارتی تقریر شروع کی جس میں ملک کے موجودہ حالات پر روشنی ڈالتے ہوئے جمعیۃ العلماء کے اغراض و مقاصد بیان فرمائے تقریر تقریباً ایک گھنٹہ تک جاری رہی آخر میں موصوف نے مسلمانوں سے اپیل کی کہ جمعیۃ العلماء کے مقاصد کو تقویت پہونچانے کے لئے اور اس کی آواز کو مضبوط بنانے کے لئے ۴ر سالانہ فیس بھری اور جمعیۃ العلماء کے ممبر بنیں تاکہ دنیا اور گورنمنٹ پر یہ بات روشن ہو جاوے کہ جمعیۃ العلماء کے مطالبات کی پشت پر ...

## ختم نبوت

## حضرت مولانا غلام غوث صاحب کی گرفتاری

## مسلمانوں میں بے انتہا اضطراب

## جزیرہ سندانو میں اسلام

## میونسپلٹی کا آئندہ انتخاب

## نامہ نگاروں کیلئے قابل لحاظ امور

## ایک کارخانہ کی وجہ سے عوام کو تکلیف

## کوئٹہ کے زلزلہ سے قبل


## دام واپس

## سیناٹوجن سے طاقت اور تندرستی محسوس کیجئے

SANATOGEN

## خضاب چھوڑ دو

## جذباتی دنیا کا شاہکار

## غریبوں کا قرآن مجید معرا

## مسلمانوں کیلئے مفت تحفہ

## نگارستان کشمیر

## وینس کی ہردلعزیزی

## صرف دو روپیہ بارہ آنہ میں پانچ گھڑیاں

## وہ کتابیں جن کو پڑھنے اور پڑھ کر محفوظ رکھنے کی ضرورت ہے

## زبردست انقلاب

## الفاظ جانتے ہیں

## حیرت انگیز رعایت

## بچوں کیلئے اردو کی ایک عجیب و غریب کتاب

## بچوں کی اکسیر

## بال جیون گھٹی

## جنت اور دوزخ

رجسٹرڈ نمبر ڈی ۱۷۹۳

تار کا پتہ "الجمعیۃ دہلی"

Aljamiat

# الجمعیۃ دہلی

سہ روزہ

(ایڈیٹر ہلال احمد زبیری (ایم اے

جلد ۲۲ | دہلی یوم پنجشنبہ ۶ جمادی الثانی ۱۳۵۴ ہجری مطابق ۵ ستمبر ۱۹۳۵ء | نمبر ۱۷

## راولپنڈی میں مسجد شہید گنج کانفرنس کا کامیاب اجلاس

### ڈکٹیٹر کا انتخاب اور دوبارہ سول نافرمانی شروع کرنے پر غور

### صوبہ پنجاب اور صوبہ سرحد کے مندوبین کا کثیر اجتماع

راولپنڈی ۲ ستمبر۔ مسجد شہید گنج کانفرنس راولپنڈی منعقدہ ... کامیاب رہی ...

(۳) نمائندہ مجلس شوریٰ کا قیام

اس کے بعد ایک مجلس شوریٰ کا قیام عمل میں لایا گیا جو پنجاب اور صوبہ سرحد کے تمام بڑے بڑے شہروں کے مسلم نمائندوں پر مشتمل ہوگی۔

(۴) یوم مسجد شہید گنج

تیسری قرارداد میں مجلس اتحاد ملت کے فیصلہ پر مہر تصدیق و توثیق ثبت کی گئی اور اس امر پر زور دیا گیا کہ ۱۳ ستمبر کو تمام پنجاب و صوبہ سرحد میں یوم احتجاج (یوم شہید گنج) منایا جائے۔

سول نافرمانی

آخری قرارداد سول نافرمانی کے متعلق تھی جس پر زبردست بحث ہوئی ...

امیر شریعت اور نائب امیر شریعت کا انتخاب

## چھپرہ میں انڈیپنڈنٹ پارٹی کا قیام

چھپرہ ۲۹ ستمبر

ایسوسی ایٹڈ پریس کی اطلاع

## میونسپلٹی کی ملازمتوں میں فرقہ وارانہ تناسب

### آبادی کی بنا پر مسلمانوں کی تعداد بڑھانے کا مطالبہ

دہلی ۲ ستمبر

دہلی میونسپل کمیٹی کے گیارہ ممبران نے دہلی میونسپل کمیٹی کو ایک خط لکھا ہے جس میں یہ خواہش ظاہر کی گئی ہے کہ کمیٹی کے ماتحت ملازمتوں میں فرقہ وارانہ تناسب میں تبدیلی کی جائے۔

## طرابلس الغرب میں قیامت صغریٰ

### مساجد کو شہید کر کے گرجے اور چراگاہوں میں بدل دیا گیا

## ڈاکٹر ضیاء الدین کی اصلاحات

### مسلم یونیورسٹی سے ایک طالب العلم کا اخراج

علیگڑھ ۲ ستمبر

ایک اطلاع مظہر ہے کہ مسلم یونیورسٹی کے ایک طالب علم کو ... اندر یونیورسٹی سے نکل جانے کا حکم دیا گیا ہے۔

## مسلمانوں پر گولیوں کی بارش

## جمعیۃ علمائے صوبہ دہلی کا سالانہ اجلاس

### مجلس عاملہ کا فیصلہ

دہلی ۲ ستمبر

آج دفتر جمعیۃ علماء ہند واقع گلی قاسم جان میں جمعیۃ علماء صوبہ دہلی کی مجلس عاملہ کا جلسہ زیر صدارت حضرت مفتی صاحب منعقد ہوا ...

## اسمبلی کا اجلاس شروع ہو گیا

### کانگریس پارٹی مسٹر گاباکی تحریک التوا کی تائید کرے گی

شملہ ۲ ستمبر

## میرٹھ میں ایک مسجد کے قریب گوردوارہ بنانے کی کوشش

### سکھ مسلم فساد ہوتے ہوتے رہ گیا

میرٹھ ۲ ستمبر

---



## زوجین کے حقوق شرعیہ کا تحفظ

(سلسلہ صفحہ ۴)

فسخ نکاح بصورت ولایت باپ و جد

فسخ نکاح بصورت لعان

ارتداد

اطلاع

توضیح

حق فسخ بصورت وجود عیب قبل نکاح

حق فسخ بصورت حدوث عیب بعد نکاح

فقیر سید محمد بادشاہ حسینی القادری

معتمد مجلس علماء دکن

## پنڈت جواہر لال نہرو فروری سے پہلے رہا نہیں ہوں گے

شملہ ۲۷ اگست۔ پنڈت جواہر لال نہرو کی رہائی کے متعلق قیاس آرائیوں کے سلسلہ میں معلوم ہوا ہے کہ ابھی تک حکومت بنگال نے اس سوال پر غور نہیں کیا ہے ...

## مغرب کی جدید تہذیب کے تباہ کن نتائج

(سلسلہ صفحہ ۳)

---

## الجمعیۃ بک ڈپو دہلی کی مذہبی ادبی اور درسی کتابوں کا نایاب ذخیرہ

حمائل شریف مترجم مع خلاصۃ التفاسیر

حیرت انگیز رعایتی اعلان

پادری کی لڑکی کا قبول اسلام

کفرستان اجودھیا کی ایک سعادت مند روح

تاج کمپنی کی مطبوعات

تفریحات شیر

پانچ حروف القرآن شریف

بلاغ مبین

حیات حافظ خاں

پائیر کمیٹی کی رپورٹ

سیاسیات ہند

اشاعت اسلام

تاریخ التشاہیر

اصحاب بدر

تعلیم الاسلام

علاج مستقبل

دوزخ کا کھٹکا

جنت کی کنجی

مرقاۃ العربیہ

معارف الاسلام

اجمال والکمال

اختر اور رضیہ

معلم الصرف اور معلم النحو

الجمعیۃ بک ڈپو گلی قاسم جان بلی ماران دہلی

# اسلام نے کسی انسان کے جسم کو بحیثیت انسان ناپاک قرار نہیں دیا ہے

## شریعت کے احکام اور قومی غیرت کا سوال

### حضرت سحبان الہند مولانا الحاج حافظ احمد سعید صاحب کی دوسری تقریر

(۲)

**انما المشرکون نجس کا مطلب**

آپ کو ایک آیت انما المشرکون نجس کی غدا جائے کہاں سے یاد کرادی گئی ...

نجاست کی ہوتی ہے تو وہ ناپاک ہے خواہ کسی انسان کا جسم ہو۔

**غیرت وحمیت کا سوال**

**تصدیق نبوت اور نزول عذاب**

حضرات! آپ نے دیکھا ایک طرف نبوت وقرآن کی تصدیق تھی اور دوسری طرف رسالت پناہ کی رحمت عامہ کی شہرت تھی اللہ تعالیٰ نے اس شہرت کا تحفظ کیا اور اس کی پرواہ نہیں کی کہ یہ اپنے کفر اور تکذیب میں مضبوط ہوجائیں گے کیونکہ وہ جانتے تھے کہ جن کی قسمت میں ایمان نہیں ہے وہ تو کسی طرح بھی ایمان نہ لائیں گے اگر عذاب نازل کرکے بھی دکھا دیا تو بھی محروم القسمت لوگوں کو ایمان نصیب نہ ہوگا۔

باب زمزم و کوثر سفید نتواں کرد

گلیم بخت کسے را کہ بافتند سیاہ

...

حضرت نوح علیہ السلام اپنی قوم کی نافرمانی اور اذیت کا ذکر ان الفاظ میں کرتے ہیں ...

وما نحن بتارکی الٰہتنا عن قولک وما نحن لک بمؤمنین۔ ان نقول الا اعتراک بعض الٰہتنا بسوء

...

حضرت شعیب کو جو کچھ کہا گیا اس کا خلاصہ ...

(باقی آئندہ)

**کفار کے جواب پر سرکار دو عالم کا اضطراب**

...

خط وکتابت کے وقت چٹ نمبر کا حوالہ ضرور دیا کریں ورنہ عدم تعمیل ارشاد معاف۔

(منیجر الجمعیۃ دہلی)

# معاصرین کے افکار وآراء

## تہذیب مغرب کی کشتی

ہم عرض کرچکے ہیں کہ برطانیہ کے نزدیک حبش واطالیہ کی جنگ برطانوی مفاد ومفاد کا سوال ہے۔ اور برطانیہ کی خواہش یہ ہے کہ برطانوی مفاد کی حفاظت جنگ کے بغیر ہی ہوجائے لیکن اطالیہ ...

خود شہنشاہ حبش ... ملکی فوج جدید اسلحہ سے آراستہ تو ہیں لیکن اس کے سپاہی بڑے بہادر اور جنگ آزما قبائل سے منتخب کئے گئے ہیں ...

مسجد شہید گنج کے سکھ مسلم مناقشہ میں بعض سکھ ایک گز زیادہ کرپان رکھنے کے جرم پر ایکٹ اسلحہ کی خلاف ورزی میں گرفتار ہوئے حکومت کے اس طرز عمل کو سکھ قوم نے مداخلت فی المذہب قرار دیکر بطور احتجاج مورچہ قائم کر دیا حکومت نے ہائیکورٹ میں چلے مقدمہ کے فیصلہ کا بہانہ بنا کر ... بند کر دی۔

مسجد شہید گنج کے انہدام سے بعض مسلمانوں نے حکومت اور سکھوں کے طرز عمل کو مسلمانوں کے خلاف دیکھ کر نیز سکھوں کے ...

# قصبہ پیران دھار کے قدیم تاریخی حالات
## جامع مسجد کے کتبے اور دیگر معلومات

(از نامہ نگار الجمعیۃ)

جناب ایڈیٹر صاحب! مرآت لعالم جلد اول حصہ دوم صفحہ ۹۰ بعنوان تذکرہ بعض تعمیرات ملک دکھن سے ماخوذ کرکے حسب ذیل مضمون ارسال خدمت ہے۔

صوبہ مالوہ میں پیران دھار جس کی جامع مسجد کے متعلق اخبارات تشویشناک خبریں شائع کر رہے ہیں ایک قدیم قصبہ ہے اس کا نام دھار نگری تھا جسکو راجہ دھار سنگھ نے آباد کیا ... آثار قدیمہ زمانہ شاہان غوری و خلجی سے مکانات شاہی کے نشان باقی رہ گئے ہیں ایک جامع مسجد قدیم ہے ...

فی ذالک لآیات لقوم یعقلون۔ جامع مسجد پر یہ ابیات نقش ہیں۔

# معائنہ مدارس شبینہ دکن

# دور حاضر کے چند اہم ترین معاملات پر علمائے کرام کا فتویٰ

(گزشتہ سے پیوستہ)


# محبوب عاشق کے قدموں پر

علم محبت کے شائقین جو سب طرف سے مایوس ہو چکے ہیں، آخری مرتبہ ہمارا شاہی جنتر منگا کر اپنے دل کی مراد حاصل کریں ...

ملنے کا پتہ: کارخانہ جاپان ناولٹی سٹور ۲۲ پٹھان کوٹ ضلع گورداسپور

# صرف دو روپیہ پندرہ آنہ میں سات گھڑیاں

ایک عدد اصلی جرمن ٹائم پیس۔ دو عدد ڈمی پاکٹ واچ۔ چار عدد ڈمی رسٹ واچ ...

ملنے کا پتہ: منیجر جرمن کمرشل ایجنسی ۲۲ پٹھان کوٹ ضلع گورداسپور (پنجاب)

Kalzana

# ایک تیر سے دو شکار



# بچوں کی اکسیر دوا

بال جیون گھٹی



قرص جریان

# ساوتری کا دوسرا ایڈیشن چھپ کر تیار ہو گیا

ساوتری کا پہلا ایڈیشن ختم ہو چکا تھا اور اس کو دوبارہ طبع کرنے کا انتظام کیا جا رہا تھا کہ اس دوران میں بہت سی فرمائشیں موصول ہوئیں جن کی تعمیل نہ کی جا سکی اور فرمائش کرنے والے حضرات کو اطلاع دیدی گئی کہ دوسرا ایڈیشن زیر طبع ہے۔ مکمل ہونے پر ارسال کیا جائے گا۔ اب جبکہ یہ ایڈیشن چھپ کر تیار ہو چکا ہے ان تمام حضرات کو نیز ان شائقین کو جن کی فرمائشیں ابھی تک موصول نہیں ہوئیں اطلاع دی جاتی ہے کہ وہ از سر نو اس کتاب کیلئے اپنی فرمائش ارسال فرمائیں۔ تازہ فرمائشیں برابر بھیجی جا رہی ہیں اور اسکی توقع نہیں ہے کہ یہ ایڈیشن بھی زیادہ عرصہ تک باقی رہ سکے۔ ساوتری کی قیمت فی جلد ۱۸ اور ۵ محصول ڈاک کے لگانے پڑتے ہیں۔

ساوتری ایک تبلیغی افسانہ ہے جس کی زیادہ سے زیادہ اشاعت ہونی چاہئے۔ اس لئے جو حضرات مفت تقسیم کرنے کے لئے طلب فرمائیں گے انہیں خاص رعایت دی جائے گی۔

منیجر الجمعیۃ بک ڈپو گلی قاسم جان دہلی

# آپ کو خدا کی قسم ضرور پڑھیں!

ملنے کا پتہ: کارخانہ جاپان ناولٹی سٹور ۲۲ پٹھان کوٹ ضلع گورداسپور

تارکا پتہ :- الجمعیۃ دہلی

Aljamiat

الجمعیۃ دہلی

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

ایڈیٹر :- ہلال احمد زبیری (ایم - اے)

جلد ۲۲ | دہلی - یوم یکشنبہ ۲۱ رجب المرجب ۱۳۵۴ ہجری مطابق ۲۰ اکتوبر ۱۹۳۵ء | نمبر ۲۸

# فرانس نے حبش کے حصے بخرے کرنے کا پروگرام پیش کر دیا

## موسیولاول کی تجاویز اور جدید انکشافات

## اٹلی کی جانب سے حملوں کی تیاریاں

### گفتگوئے مصالحت کی حقیقت

**فرانسیسی وزیر اعظم کی تجاویز مصالحت**

اگرچہ سرکاری طور پر ابھی تک یہ اعلان نہیں کیا گیا ہے کہ مصالحت کی گفتگو کے ... موجودہ وقت نامناسب ہے لیکن فرانس کے وزیر اعظم موسیو لاول نے ... ساتھ مسولینی سے ... شروع کر دی ہے اور معلوم ہوا ہے کہ ان کی طرف سے صلح کی تین تجاویز پیش کی گئی ہیں۔

موسیولاول کی تجویز یہ ہے کہ "اب تک اٹلی نے جو مقامات فتح کرلئے ہیں ان پر ہمیشہ کے لئے اٹلی کا قبضہ تسلیم کر لیا جائے۔ صوبۂ تگرے کو اٹلی کے ماتحت ایک علیحدہ آزاد صوبہ بنا دینا چاہیئے۔ ہرار اور اوگادن کی ریاستیں اٹلی کے حوالہ کر دی جائیں۔ اور باقی تمام حبش کیلئے ایک بین الاقوامی حکومت قائم کر دی جائے۔"

**فرانس کو اٹلی کی دھمکی اور ایک مشترکہ خطرہ**

اب اس امر کا انکشاف ہوا ہے کہ موسیو لاول کی جانب سے جو تجاویز پیش کی گئی ہیں وہ اس تشویش کی بنا پر ہیں ... اٹلی کی طرف سے موصول ہوئی ہے ... فرانس کو اس امر کی دھمکی دی گئی ہے کہ موجودہ حالات میں اٹلی جرمنی کے مقابلہ میں فرانس کی حفاظت نہیں کر سکے گا ... برطانیہ میں اس صورت حال سے پریشانی کا اظہار کیا جا رہا ہے۔

### پہلے کی خبریں

**اطالوی فوج پر حملہ**

روم ۱۶ اکتوبر - اکسم سے اطلاع ملی ہے کہ ... اطالوی فوج کے دائیں بازو پر حبشی فوج نے حملہ کیا ... اطالوی فوج پر حملہ کیا جائے گا۔ حبشی فوج کی یہ کوشش کہ دریائے ... کو پار کرے ناکام رہی کیونکہ اطالوی فوج نے زبردست مقابلہ کیا ... بہت نقصان ہوا ہے۔

**مسولینی کا بیٹا بال بال بچ گیا**

معلوم ہوا ہے کہ اٹلی کے ڈکٹیٹر سنیور مسولینی کا لڑکا ... جبکہ وہ علاقہ ... حبشیوں نے ... ہوائی جہاز پر ... سانئور ... ہوائی مستقر کو صحیح سلامت واپس آگیا۔

**مسولینی نے مفاہمت سے پھر گریز کیا**

سرکاری طور پر بیان کیا جاتا ہے کہ پیرس میں اطالوی سفیر اور موسیو لاول کے درمیان گفت و شنید کے موقع پر مفاہمت کے لئے کوئی تجویز پیش نہیں کی گئی ... بالکل ... ہے کہ جنگ کی ... اب آگے بڑھ رہی ہے۔

**مزید افواج کی روانگی**

نیپال کہا جاتا ہے کہ مستقل فوج کی ایک اور ڈویژن نیپلز سے مشرقی افریقہ بھیجی گئی ہے ... لائبیا میں فوج کے چار ڈویژن ہیں۔

# کوٹ تیلی کے مسلمانوں کو ہجرت کے لئے کس طرح دعوت دی گئی

## دھلی میں ساڑھے پانچ سو مہاجرین کی آمد اور انکا بیان

## اخبارات میں پروپیگنڈا کرنے والوں کا غیر ذمہ دارانہ گریز

## جامع مسجد میں مسلمانان دہلی کے جلسہ کا اعلان

**اہالی کی والی مسجد کے متعلق مزید تفصیلات**

**متولی صاحب کے منصوبے اور مسلمانوں کے مطالبات**

**پولیس کی امداد طلب کرنیکا خطرناک طریقہ**

**جمعیۃ علماء کی امداد**

**استقبالیہ کمیٹی کا جلسہ ملتوی**

**ریاست کی پولیس**

یہ بھی معلوم ہوا ہے کہ ریاست کھیتڑی کی پولیس بکثرت دہلی میں آئی ہوئی ہے جو ان مہاجرین کی پوری نگرانی کر رہی ہے اور ان کی نقل و حرکت کو گہری نظر سے دیکھ رہی ہے۔
(نامہ نگار خصوصی)

**ایک پندرہ سالہ مسلمان لڑکی کا اغوا اور قتل**

لاہور ۱۵ اکتوبر۔ تھانہ ... ضلع لاہور سے ایک پندرہ سالہ مسلمان لڑکی کے قتل کی اطلاع موصول ہوئی ہے۔ بیان کیا جاتا ہے کہ ایک مسلمان ایک نوجوان لڑکی کو دہلی ... کہ اس پندرہ ... نے جو سکھ ... قتل کر دیا اور ... لڑکی چھین کر لے گئے ... بعد وہ لڑکی کو فروخت کرنے کی غرض سے جگہ جگہ پھراتے رہے۔ لیکن انہیں اپنے مقصد میں کامیابی نہیں ہوئی۔ آخر انہوں نے قانون کی گرفت میں آنے کے ڈر سے لڑکی کو قتل کر کے ٹھکانے لگا دیا۔ پولیس نے اس سلسلہ میں ایک سکھ مسمی ہزارہ سنگھ کو گرفتار کیا ہے۔ بیان کیا جاتا ہے کہ ملزم نے اقبال جرم کر لیا ہے۔

**پیام تعلیم**

نہایت خوشی کی بات ہے کہ "پیام تعلیم" کا سالنامہ ... ۱۹۳۵ء کو ... شائع ہو رہا ہے ... لاجواب تحفہ بچوں کے لئے ایک ایسی چیز ہوگی ...

منیجر "پیام تعلیم" قرول باغ - دہلی



# الجمعیۃ بکڈپو دہلی کی مذہبی ادبی اور درسی کتابوں کا نایاب ذخیرہ

**قرآن مجید و حمائل شریف وغیرہ**

پانچ ترجموں والا قرآن شریف

دو ترجموں والا معجز نما متوسط قرآن مجید

قرآن مجید نورانی معجز نما

حمائل شریف مترجم مع خلاصۃ التفاسیر

پانزدہ سورہ قرآن مجید مع دعائے گنج العرش

**مذہبی کتابیں**

صحیح بخاری

ترجمان القرآن

الجمال والکمال

تقریر دلپذیر

جنت کی کنجی

دوزخ کا کھٹکا

پاک زندگی

فتاوی اشرفیہ

اربعین

معارف الاسمٰی

خاموش تبلیغ

**تاریخی کتابیں**

اشاعت اسلام

بلاغ مبین

حالات انبیاء

تاریخ المشاہیر

اصحاب بدر

علمائے سلف

تذکرۂ علماء

تذکرۃ الصلحاء

خواتین اندلس

اسلامی عقائد و احکام اور اسلامی تاریخ

حیات حافظ خاں

اختر اور زبیدہ

**تبلیغی افسانے**

انزیلا

ساوتری

خاموش تبلیغ

**اوراد و وظائف**

طب روحانی

دعائے مقبول

احسن الوظائف

**سیاسی و اقتصادی کتابیں**

سیاسیات ہند

پارلیمنٹری کمیٹی کی رپورٹ

سکہ و شرح تبادلہ

ریاست

مالیات عامہ

**بچوں کیلئے کتابیں**

تعلیم الاسلام

بچوں کا تحفہ

اربعین

**عورتوں کیلئے کتابیں**

خانہ داری

خواتین اندلس

علامہ راشد الخیری کی تصنیفات

**طبی کتابیں**

ضیاء الحکمت

دستور العمل طلباء

ان تمام کتابوں کے ملنے کا پتہ حسب ذیل ہے

الجمعیۃ بکڈپو گلی قاسم جان - بازار بلیماران - دہلی

# معاصرین کے افکار و آراء

## لیڈر کی پہچان

# شذرات

## مجالس مقننہ میں عہدوں کا سوال

بسم اللہ الرحمن الرحیم

# الجمعیۃ دہلی

یوم یکشنبہ ۲۱ رجب المرجب ۱۳۵۴ ہجری

# جمعیۃ اقوام کے فیصلے

## اقتصادی تعزیرات اور ان کا انجام

جنیوا، لندن، پیرس، اور روم سے جو خبریں موجودہ جنگ میں بین الاقوامی سیاسیات کے متعلق آرہی ہیں اس وقت صرف وہی ہمارے سامنے ہیں اور ان ہی کی بنیاد پر کوئی رائے قائم کی جاسکتی ہے۔ جمعیۃ اقوام کے پردہ کے پیچھے جو کچھ ہو رہا ہے اس سے کسی کو بھی یقینی طور پر واقفیت حاصل نہیں ہو سکتی۔

## اٹلی کے خلاف بین الاقوامی تدابیر

## مالی اور اقتصادی دباؤ

## باہمی تصادم کا خطرہ

## ہولناک جنگ ہوگی

## حوادث و احکام

### استفتاء

### الجواب

## ریاست و دارالکامن

# "دین مرزا اور اسلام"

(از حضرت مولانا ابوالقاسم محمد حفظ الرحمان صاحب سیوہاروی)

(۲)

دعویٰ ہمسری

| قول مرزا | قرآن عزیز |
| --- | --- |
| خدا سے ہمسری کا دعویٰ | خدا کا کوئی ہمسر نہیں |
| یا قمر یا شمس یا انت منی و انا منک (حقیقۃ الوحی) | لیس کمثلہ شیء وهو السمیع البصیر (شوریٰ) |

# قرآن حکیم کے حقائق و معارف اور شریعت مقدسہ کے رموز و نکات

## خلف وعید اور افضلیت ملائکہ کی بحث

حضرت سحبان الہند مولانا الحاج حافظ احمد سعید صاحب کی دوسری تقریر سیرت

(۲۸)

ابوعمرو بن علاء اور عمرو بن عبید کا مناظرہ

# مملکت حیدرآباد کی عام اقتصادی، معاشرتی اور سیاسی ترقیاں

## اعلیٰ حضرت حضور نظام خلد اللہ ملکہ کا عہد مسعود

## سال آئندہ کا میزانیہ اور عام حالات پر تبصرہ

(گزشتہ سے پیوستہ)

(باقی آئندہ)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

# الجمعیۃ دہلی

یوم یکشنبہ ۲۱ رجب المرجب ۱۳۵۴ہجری

# جمعیۃ اقوام کے فیصلے

## اقتصادی تعزیرات اور ان کا انجام

جنیوا، لندن، پیرس، اور روم سے جو خبریں موجودہ جنگ میں بین الاقوامی سیاسیات کے متعلق آرہی ہیں اس وقت صرف وہی ہمارے سامنے ہیں اور ان ہی کی بنیاد پر کوئی رائے قائم کی جاسکتی ہے۔ جمعیۃ اقوام کے پردہ کے پیچھے جو کچھ ہو رہا ہے اس سے کسی کو بھی یقینی طور پر واقفیت حاصل نہیں ہو سکتی۔ یہ امر ضروری ہے کہ حبش کے ساتھ برطانیہ کی بہت زیادہ اور فرانس کی کچھ کم ہمدردی کا جو بظاہر اعلان کیا جارہا ہے اس کے پس پشت یقیناً کچھ ذاتی مفاد اور انفرادی اغراض اپنا کام کر رہی ہوں گی اور وہ عمیق ڈپلومیسی جس نے اس وقت برطانیہ کو اٹلی سے تعلقات منقطع کرنے پر مجبور کر دیا ہے ضرور سلطنت کی توسیع یا حفاظت و مدافعت سے کچھ تعلق رکھتی ہوگی جس کا انکشاف بہت جلد ہو جائے گا اور خود ان ہی مدبرین کی زبان اور قلم سے ہو جائے گا جو اس وقت اس حکمت عملی کی تکمیل میں مصروف ہیں لیکن ہمیں فی الحال جو کچھ جنیوا کے واقعات کی رفتار سے معلوم ہوتا ہے وہ صرف اس قدر ہے کہ جمعیۃ اقوام کی روح رواں یعنی دولت برطانیہ آہستہ آہستہ لیکن قطعی اور غیر مبہم طریقہ پر یورپ کو اٹلی اور حبش کی جنگ میں براہ راست شرکت کی طرف لے جا رہا ہے اور ایسے اسباب پیدا کئے جارہے ہیں جن کے بعد ان دول کو جو اس وقت محض اقتصادی تعزیرات کی منظوری دے رہی ہیں آخر کار اٹلی کے خلاف نبرد آزما ہونا پڑے گا۔ اور یہ جنگ اگر کچھ طویل ہوئی تو صرف اٹلی اور حبش ہی کی جنگ نہیں رہے گی بلکہ اور حکومتیں بھی اس میں شریک ہونے پر مجبور ہو جائیں گی۔

### اٹلی کے خلاف بین الاقوامی تدابیر

### مالی اور اقتصادی دباؤ

### باہمی تصادم کا خطرہ

### ہولناک جنگ ہوگی

# شذرات

## مجالس مقننہ میں عہدوں کا سوال

آل انڈیا کانگریس کمیٹی کا جو اجلاس مدراس میں منعقد ہو رہا ہے اس کے سامنے آئندہ مجالس مقننہ کے اندر عہدوں کو قبول کرنے یا نہ کرنے کا سوال پھر از سر نو پیش کیا جا رہا ہے اور اگرچہ ورکنگ کمیٹی نے یہ قرارداد منظور کر دی ہے کہ آل انڈیا کمیٹی فی الحال اس مسئلہ پر کوئی فیصلہ نہ کرے ...

## ریاست وہار کا امن

# معاصرین کے افکار و آراء

## لیڈر کی پہچان

## یہ پنجاب نہیں ہے

## ایک خطرناک تحریک

# حوادث و احکام

## استفتاء

## الجواب

# قرآن حکیم کے حقائق و معارف اور شریعت مقدسہ کے رموز و نکات

## خلف وعید اور افضلیت ملائکہ کی بحث

حضرت سحبان الہند مولانا الحاج حافظ احمد سعید صاحب کی دوسری تقریر سیرت

(۲۸)

### ابوعمرو بن علاء اور عمرو بن عبید کا مناظرہ

### خلف وعید پر ایک عجیب استدلال

### حدیث قدسی کا آخری حصہ

### معترض کا جواب

### موت ایک ضروری اور لازمی چیز ہے

# دین مرزا اور اسلام

(از حضرت مولانا ابوالقاسم محمد حفظ الرحمٰن صاحب سیوہاروی)

(۲)

### دعویٰ ہمسری

| قول مرزا | قرآن عزیز |
|---|---|
| خدا سے ہمسری کا دعویٰ | خدا کا کوئی ہمسر نہیں |
| یا قمر یا شمس انت منی وانا منک (حقیقۃ الوحی) | لیس کمثلہ شیء وھو السمیع البصیر (شوریٰ) |

### رسالت و نبوت

### خدا اور اولاد

### خدا کی توہین

(باقی صفحہ ہذا کالم ۲ میں ملاحظہ فرمائیے)

(باقی آیندہ)

# مملکت حیدرآباد کی عام اقتصادی، معاشرتی اور سیاسی ترقیاں

## اعلیٰ حضرت حضور نظام خلد اللہ ملکہ کا عہد مسعود

## سال آئندہ کا میزانیہ اور عام حالات پر تبصرہ

(گذشتہ سے پیوستہ)

### عہد ماضی کی ترقیاں

# طوفان حوادث

(۱۸)

## گیارہواں باب

انسپکٹر تارا سنگھ نے اس کاغذ کے پرزے کو بغور دیکھا اور کہا "لال قبرستان! مجھے تو اس میں کوئی خاص بات نہیں معلوم ہوتی اور اگر ہو بھی تو اس واقعہ سے اس کا کوئی تعلق ہونے کا کیا ثبوت ہو سکتا ہے۔ آپ اس سگریٹ کیس کے متعلق بھی یقین کے ساتھ نہیں کہہ سکتے کہ کس کا ہے۔"

شاہد علی نے انسپکٹر کے ہاتھ سے کاغذ کا پرزہ لے لیا اور کہا "ممکن ہے کہ آپ کا خیال صحیح ہو لیکن میرا دل گواہی دے رہا ہے کہ اس کا تعلق اس واقعہ سے ضرور ہے۔ بہت ممکن ہے کہ لال قبرستان کسی مقام کا نام ہو۔ ..."

انسپکٹر نے کہا "R سے تو اور نام بھی ہو سکتے ہیں!"

...

# حبشی افواج کی ہزیمت اور بغاوت کے اسباب و علل

## اٹلی کے خلاف جمعیۃ اقوام کی کاروائیاں

## مسولینی کی جانب سے مفاہمت کی کوششوں کا آغاز

## مسلمانوں کے ایک روحانی پیشوا کا قتل

### جنگ کی رفتار اور مسلسل واقعات

### اطالوی قنصل مقیم کلکتہ کا بیان

کلکتہ ۱۴ اکتوبر۔ اطالوی قنصل جنرل مقیم کلکتہ نے حکومت اٹلی کا ایک اعلان شائع کیا ہے جو کہ پریس اور پروپیگنڈا کی وزارت نے شائع کیا ہے۔ بیان میں لکھا ہے کہ "اٹلی کی جانب سے نہ ہی اعلان جنگ کیا گیا ہے اور نہ اعلان جنگ کیا جائے گا۔" ...

### اٹلی پر مالی دباؤ

### حبشی سرداروں کی بغاوت

### بمباری

### مذہبی پیشواؤں پر اٹلی کے مظالم

### اطالویوں کی کمیٹی کا فیصلہ

### وہ سب کمیٹیوں کا تقرر

### بغاوت کے اسباب

### مکمل کمیٹی کا اجلاس

### پروپیگنڈا اور رشوت

### ایک اور زبردست مقابلہ

### حملہ کی مشکلات

### برطانیہ اور فرانس کا اتحاد

### کیا اٹلی ان تدابیر سے متاثر نہ ہوگا

## "طوفان حوادث" کتاب کی شکل میں

## مالیر کوٹلہ کی ہڑتال کھل گئی

## دہلی رہتک سڑک پر لاریوں کا تصادم

### چھ مسافر مجروح ہوئے

# دس ہزار اچھوتوں کی کانفرنس میں ڈاکٹر امبیدکر کی تقریر اور متفقہ قرارداد کی منظوری

## ہندو مذہب بنیادی طور پر انسانی مساوات کے خلاف ہے

### ہماری نجات صرف اپنا مذہب تبدیل کر دینے ہی میں مضمر ہے

...

# پیر جماعت علی شاہ صاحب کا احمد آباد میں ورود

## مسلمانوں کو "کافر" "حرامزادہ" اور "ولد الزنا" کا خطاب

جناب ایڈیٹر صاحب الجمعیۃ۔ سلام مسنون

گذارش ہے کہ ہمارا حسب ذیل مضمون الجمعیۃ میں شائع فرما کر ثواب دارین حاصل کیجئے۔ ...

(نامہ نگار)

## کانگریس کی ورکنگ کمیٹی اور آل انڈیا کانگریس کمیٹی

### گاندھی جی کو سیاست میں واپس لینے کی سعی

## مسلمان تعلیم یافتہ توجہ کریں

### این ڈبلیو آر کو کلرکوں کی ضرورت

## جامعہ ملیہ کو امداد دینے کی مخالفت

### مقامی حکومت کا افسوسناک رویہ

## فسادات فیروز آباد کے دو ملزمین

### بری کر دیئے گئے

## پردہ نشین عورتوں کی رائے شماری کا مسئلہ

### حد بندی کی کمیٹی کو غور کرنا پڑے گا

## دہلی ٹائم میں تبدیلی

## آسام میں ایک ریلوے اسٹیشن دریا کی نذر ہو گیا

## لاہور میں خانہ تلاشیاں

### اشتراکیت کے پروپیگنڈا کا خوف

## اٹلی کی ضروریات کے متعلق بہت ...

### گفتگوئے مصالحت

## اٹلی اور حبش کی جنگ کتنے عرصہ جاری رہیگی

### ایک واقف حال کا اندازہ

## حضرت مولانا احمد سعید صاحب کے تار کا جواب

### مہاراجہ پٹیالہ کی جانب سے

## انجمن ٹیکس دہندگان کا جلسہ

### پانی کے متعلق شکایات

## ڈاکٹر سید محمود صاحب کی علالت

## جرمنی لیگ سے علیحدہ ہو سکتا ہے

### قرضہ ادا کر دیا

## بمبئی سوشلسٹوں کے جلسے میں گڑبڑ

## حکومت ترکی کے فوجی استحکامات

### طول و عرض ملک میں کارخانوں کا اجراء


## ساوتری کا دوسرا ایڈیشن چھپ کر تیار ہو گیا

ساوتری کا پہلا ایڈیشن ختم ہو چکا تھا اور اس کو دوبارہ طبع کرانے کا انتظام کیا جا رہا تھا کہ اس دوران میں بہت سی فرمائشیں موصول ہوئیں جن کی تعمیل نہ کی جا سکی اور فرمائش کرنے والے حضرات کو اطلاع دیدی گئی کہ دوسرا ایڈیشن زیر طبع ہے مکمل ہونے پر ارسال کیا جائے گا۔ اب جب کہ یہ ایڈیشن چھپ کر تیار ہو چکا ہے ان تمام حضرات کو جن شائقین کو جن کی فرمائشیں ابھی تک موصول نہیں ہوئی ہیں اطلاع دی جاتی ہے کہ وہ از سر نو اس کتاب کیلئے اپنی فرمائش ارسال فرمائیں۔ تازہ فرمائشیں برابر بھیجی جا رہی ہیں اور اس کی توقع نہیں ہے کہ یہ ایڈیشن بھی زیادہ عرصہ تک باقی رہ سکے۔

ساوتری کی قیمت فی جلد ۸ ہے اور ۸ محصول ڈاک کے منگانے پڑتے ہیں۔

ساوتری ایک تبلیغی افسانہ ہے جس کی زیادہ سے زیادہ اشاعت ہونی چاہئے۔ اس لئے جو حضرات مفت تقسیم کرنے کے لئے طلب فرمائیں گے انہیں خاص رعایت دی جائے گی۔

منیجر الجمعیۃ بکڈپو گلی قاسم جان دہلی

# مولانا ظفر علی خاں صاحب اور حکومت پنجاب

## "زمیندار" کے انکم ٹیکس کی وصولی میں بے جا زیادتی

روزنامہ "زمیندار" پر حکومت پنجاب کو جو خاص توجہات اور عنایات گزشتہ ربع صدی کے اندر ضمانتوں، ضبطیوں، قرقیوں اور قیدوبند کی مصیبتوں کی شکل میں وقتاً فوقتاً مبذول ہوتی رہی ہیں، ان کی حقیقت اخبار بین اصحاب اور بالخصوص ناظرین "زمیندار" سے پوشیدہ نہیں۔ ہندوستان کے اردو جرائد میں "زمیندار" پہلا اخبار ہے جس نے زندگی کے ہر شعبہ کے متعلق فرزندان اسلام کے صحیح جذبات وحسیات کی ترجمانی اور حکومت سے اسلامی حقوق کے مطالبہ کے سلسلہ میں بیباکانہ صاف گوئی اور حق پرستی کا علم بلند کیا۔ حکومت کو "زمیندار" کی یہ روش ناگوار گزری۔

مولانا ظفر علی خاں کا جرم جو گورنمنٹ کے نزدیک ناقابل معافی ہے کہ انہوں نے خداداد جرأت سے حکومت کے غضب کے مقابلہ میں ایسی آزاد نگاری اور حریت پسندی کو شعار قرار دیا جو ہر غیور اور روشن ضمیر انسان کا پیدائشی حق ہے اور جس پر انگلستان کے اخبار نویسوں کو ناز ہے۔ اگر "زمیندار" کے ان تمام مضامین پر ایک تنقیدی نظر ڈالی جائے جن کی اشاعت کی پاداش میں حکومت نے اس کی ضمانتیں اور پریس ضبط کئے تو صاف نظر آئے گا کہ حکومت کی رائے میں ہر اس اخبار کو اپنی زندگی سے ہاتھ دھونے کے لئے تیار رہنا چاہئے جو عمال حکومت کے اقوال وافعال پر نکتہ چینی کرنا اپنا مقصد قرار دیگا۔ ...

تشدد آمیز مطالبہ کا سلسلہ اسی طرح قائم ہے گویا اس معاملہ میں حکومت کے ساتھ مولانا ظفر علی خاں صاحب کے لین دین کا وہی تعلق ہے جو ایک ساہوکار کا "زمیندار" سے ہے حکومت جانتی ہے اور اچھی طرح جانتی ہے کہ زمیندار کی ضمانتوں کا مطالبہ اور ضبطیوں کا نقصان حقیقۃً غریب مسلمان پورا کرتے رہے ہیں لیکن محکمۂ انکم ٹیکس کے ذمہ دار حکام کی ستم ظریفی ملاحظہ ہو کہ "زمیندار" کو ایک بہت بڑا سرمایہ دار سمجھتے ہیں۔ حالانکہ "زمیندار" مالی پریشانیوں کی وجہ سے ناقابل رشک شہرت حاصل کر چکا ہے۔ ...

# صوبہ سرحد کے ایک ہر دلعزیز رہنما کا انتقال

## نماز جنازہ میں تین ہزار مسلمانوں کی شرکت

خان غلام محمد خاں از لوند خوڑ سابق صدر ڈسٹرکٹ کانگریس کمیٹی مردان وممبر آل انڈیا کانگریس کمیٹی کے عم بزرگوار خان صاحب محمد زردول خان ۱۹۳۵ء بوقت ۵ بجے صبح ایک بوجہ بند ہونے حرکت قلب کے اس دار فانی سے رحلت کر گئے ہیں۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔

مرحوم کی عمر پچاس برس تھی ... میں تحریک خلافت کے سلسلہ میں دو دفعہ اپنے برادر زادہ خان غلام محمد خان کے ہمراہ سزایاب ہوئے تھے۔

مرحوم کی وفات کی خبر سکر علاقہ بھر سے تقریباً تین ہزار نفوس نے نماز جنازہ میں شرکت کی ... ہندو وسکھ صاحبان بھی بہ تعداد کثیر شامل ہوئے۔ ... اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنے جوار رحمت میں جگہ دے اور لواحقین خصوصاً خان غلام محمد خان وخان رشید دل خان کو صبر جمیل اور قوم کو خان مرحوم کا نعم البدل عطا فرمائے۔ آمین ثم آمین

(حیات الدہ از لوند خوڑ)

# بلوچستان میں زلزلے کے زبردست جھٹکے

## کوئٹہ میں کھدائی کا کام اور موسم کی کیفیت

کوئٹہ ۱۷ اکتوبر۔ مقامی ریلوے افسروں سے ایک اطلاع موصول ہوئی ہے کہ سٹنگ روڈ ریلوے اسٹیشن پر جو کوئٹہ سے جنوب مغرب کی جانب ۱۹ میل کے فاصلہ پر واقع ہے وہاں شام کے ۵ بجکر ۵ منٹ پر زلزلہ کا ایک شدید جھٹکا محسوس کیا گیا۔

اسی وقت کولپور، مارواڑ، اسٹیشن کو بلپور اسٹیشن اور ہیرک اسٹیشن میں بھی زلزلہ کا ایک جھٹکا محسوس کیا گیا جو کچھ سیکنڈ تک رہا۔ کل پیرودن کے ۱۱ بجے کے قریب زلزلہ کا ایک اور جھٹکا محسوس کیا گیا۔

"قلات جو کہ ریاست کا ہیڈ کوارٹر ہے وہاں بھی آج صبح زلزلہ کا ایک شدید جھٹکا محسوس کیا گیا جبکہ لوگ اپنے مکانوں سے باہر کی طرف دوڑے۔ ... اور اس سے قلات کی چند عمارتوں کو بہت نقصان پہنچا تھا اب ان جھٹکوں سے وہ تباہ شدہ عمارتیں بھی گر پڑی ہیں لیکن اتلاف جان کا کوئی واقعہ نہیں ہوا۔

کوئٹہ میں موسم شدید سخت ہے اور آج صبح ... درجہ حرارت درجہ انجماد تک پہنچ گیا تھا۔ ...

ہندو و پرائمری اسکولوں پر البا اراکے گورنمنٹ نے اپنی پالیسی کو ... ۸ مارچ ۱۹۳۵ء کو ہندوستان ٹائمز وغیرہ میں شائع ہو چکا ہے اور اب وہ تمام پرائمری اسکولوں کے منتظمین اور میونسپل ارکان پر پہنچ چکا ہے جس سے تمام پرائمری اسکول اور لازمی تعلیم کا ضبط صدا سمجھا ہو گیا یعنی پنجاب کے قوانین کا نفاذ صوبہ دہلی میں جاری کیا جا رہا ہے۔ ...

## ہندو مسلم پرائمری مدارس گورنمنٹ کا حملہ

### میونسپل کمیٹی دہلی والوں کا طالبان علم کی تعلیم میں ...

اخبار الجمعیۃ میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دو

# سیاح پیر

پیری مریدی کا مقصد تو یہ تھا کہ انسان کو راہ راست دکھلائی جائے اور رشد وہدایت کے ذریعہ انسان کے سامنے بہترین اخلاق بہتر تہذیب ... پیش کی جائے۔ ...

# مملکت حیدر آباد کی ترقیاں

(سلسلہ صفحہ ۷)

## ریلوے کی خریداری


## بچوں کی اکسیر دوا

## بال جیون گھٹی

## فوٹو کھینچنے کا آسان طریقہ

### اصلی فوٹو کیمرہ

کارخانہ جاپان نادلٹی سٹور ۲۲ پٹھان کوٹ ضلع گورداسپور

## آپکی بیوی تندرست اور خوبصورت ہونی چاہئے

SANATOGEN

ایک بچی اور لاثانی طاقت کی غذا ہے

## قلم آم - لیچی

## الفاظ چاہتے ہیں یا ......

## جو چاہو گے ہو جائے گا

## ارکان اسلام

## صرف دو روپیہ پندرہ آنہ میں سات گھڑیاں

کارخانہ نیچر جرمن کمرشل ایجنسی ۲۲ پٹھان کوٹ ضلع گورداس پور

## دینی بکڈپو کی نایاب کتابیں

دینی بک ڈپو بیت المسید کوچہ ناہر خان دہلی



HAB - MOBHI - KHAS

## حب مبہی خاص

ہمدرد دواخانہ یونانی دہلی

## مصری جدید برقعہ

آج کل بھی مصر کے شاہی خاندان میں اس برقعہ کا استعمال ہے۔

خاتون اسٹور بازار فتحپوری دہلی

## دہلی کا چاند

ناظم القمر دہلی

## امساک کی گولیاں (رجسٹرڈ)

## ونیس کی ہر دلعزیزی

دی ونیس انشورنس کمپنی لمیٹڈ چاندنی چوک دہلی

## خضاب چھوڑ دو

بال کالا اسٹورس کنسی سمری دربھنگہ

## ہسٹریا سائیڈ

## حب مشتہی رجسٹرڈ

### معدہ کی بیماریوں کا آبحیات

جناب بلال احمد صاحب زبیری ایم اے مدیر الجمعیۃ کا ارشاد

حکیم سید عزیز الدین نصرتی مالک نصرتی دواخانہ جنسٹھ ضلع مظفر نگر یو۔ پی

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

تار کا پتہ: "الجمعیۃ دہلی"

Aljamiat

الجمعیۃ دہلی

سہ روزہ

(ایڈیٹر: ہلال احمد زبیری (ایم۔اے)

جلد ۲۲ — دہلی یوم پنجشنبہ ۲۵ رجب المرجب ۱۳۵۴ہجری مطابق ۲۴ اکتوبر ۱۹۳۵ء — نمبر ۲۹

# حبش کے مورچوں پر اٹلی کی بھاری توپوں نے زبردست گولہ باری کی

## حبشیوں نے اپنے وطن کی مدافعت میں جان لڑادی

## جنوبی حبش میں ہولناک جنگ کے شعلے بلند ہو رہے ہیں

## اٹلی کے جہازوں پر پابندیاں عائد کر دی گئیں

## مسولینی نے حبش پر انتداب قائم کرنیکا مطالبہ پیش کر دیا

## نئی دہلی کے اسٹیشن پر ایک بم پھینکا گیا

### دو یورپین بال بال بچ گئے

## کوس رحیل

(کلام بلاغت نظام عالی جناب نواب غازی بہادر آف گوردھا (سی پی))

محبوب کی امت ہیں ہم عرش ہلا دینگے
لوگو! نہ ہمیں چھیڑو طوفان بچا دینگے

ہم وارث جنت ہیں جانباز و بہادر ہیں
اسلام کی عظمت پر سر اپنے کٹا دینگے

پھر خاک مسلمان کی ہمدوش فلک ہوگی
وحدت کے بگولوں سے آفاق کو چھا دینگے

اک باپ کے بیٹے ہیں سب بھائی ہیں آپس میں
ہم مشرق و مغرب کی تفریق مٹا دینگے

کیا چینی و افغانی کیا ترکی و تورانی
کیا ہندی و ایرانی ہم سب کو ملا دینگے

جمہور کو بخشیں گے منشور برابری
نمرود کی آتش کو گلزار بنا دینگے

ہادی جو ہمارا تھا اسے غریباں تھا
ہم ظلم کے قلعوں کو بنیاد سے ڈھا دینگے

اک خون کا قطرہ بھی رہ جائے اگر تن میں
ناموس شریعت پر ہم نذر چڑھا دینگے

غازی ہیں مجاہد ہیں ہم کوہ عزیمت ہیں
رستے میں ہمالہ ہو ٹھوکر سے ہٹا دینگے

## سردار کھڑک سنگھ گرفتار کر لئے گئے

### سیالکوٹ کی تقریر کا نتیجہ

## ہوائی جہازوں کی بمباری

## دست بدست جنگ

## فرانس اور اٹلی کی گفت و شنید

## حبش پر اٹلی کا انتداب

## ادیس ابابا کو مصر کے شاہزادے کی رونگی

## حبشی اپنی طاقت بڑھا رہے ہیں

## اطالوی جہازوں کیلئے دشواریاں

## اٹلی کی فوجوں میں ملیریا بخار

## برطانوی سمندروں میں زبردست طوفان

### پانچ افراد کی ہلاکت

## لاہور میں بم پھٹ گیا

### چھ نوجوانوں کی گرفتاری

## حضرت مولانا سید عطاء اللہ شاہ بخاری کا مقدمہ

### ہائیکورٹ میں سیشن جج گورداسپور کا فیصلہ

## دیوی کو خوش کرنے کیلئے انسانی قربانی

### ایک لڑکی کا خون

## ہندو مہاسبھا کے نائب صدر کا قتل

### مالیر کوٹلہ میں بدامنی

دہلی سے ہر قسم کی کتابیں منگانے کا پتہ یاد رکھیے:- الجمعیۃ بک ڈپو گلی قاسم جان دہلی





# الجمعیۃ بک ڈپو دہلی کی مذہبی ادبی اور درسی کتابوں کا نایاب ذخیرہ

## قرآن مجید و حمائل شریف وغیرہ

### پانچ ترجموں والا قرآن شریف

دنیا میں یہ پہلا قرآن شریف ہے جو پانچ ترجموں کے ساتھ شائع ہوا ہے۔ حضرت مولانا شاہ عبدالقادر صاحبؒ، حضرت مولانا شاہ ولی اللہ صاحبؒ، حضرت شیخ سعدیؒ، حضرت مولانا شاہ رفیع الدین صاحبؒ اور مولانا اشرف علی صاحب تھانوی کے تراجم یکجا جمع کئے گئے ہیں۔

### دو ترجموں والا مجلد متوسط قرآن مجید

### قرآن مجید نورانی معرا

### حمائل شریف مترجم مع خلاصہ تفسیر

### یازدہ سورۃ قرآن مجید

## مذہبی کتابیں

### صحیح بخاری

### ترجمان القرآن

### اجمال و اکمال

### تقریر تیسیر

### جنت کی کنجی

### دوزخ کا کھٹکا

### پاک زندگی

### فتویٰ اشرفیہ

### اربعین

### معارف الاسلامی

### خاموش تبلیغ

## تاریخی کتابیں

### اشاعت اسلام

### بلاغ مبین

### حالات انبیاء

### تاریخ المشاہیر

### اصحاب بدر

### علمائے سلف

### تذکرۃ الصحابیات

### خواتین اندلس

### اسلامی تاریخ

### حیات حافظ خاں

## تبلیغی افسانے

### انزبلا

### ساوتری

### خاموش تبلیغ

## اوراد و وظائف

### طب حافی

### اربعین

### رسول کی دعائیں

### دعائے قبول

### احسن الوظائف

### دستور العمل

## سیاسی و اقتصادی کتابیں

### سیاسیات ہند

### پارلیمنٹری کمیٹی کی رپورٹ

### سکہ و شرح تبادلہ

## بچوں کیلئے کتابیں

### تعلیم الاسلام

## عورتوں کیلئے کتابیں

### خانہ داری

## علامہ راشد الخیری کی تصنیفات

## طبی کتابیں

### ضیاء الحکمت

ان تمام کتابوں کے ملنے کا پتہ حسب ذیل ہے

الجمعیۃ بک ڈپو گلی قاسم جان - بازار بلیماران - دہلی

# قرآن حکیم کے حقائق و معارف اور شریعت مقدسہ کے رموز و نکات

## فقیری و سرمایہ داری کے درجات اور حیات و وفات مسیح پر بحث

### حضرت سحبان الہند مولانا الحاج حافظ احمد سعید صاحب کی دوسری تقریر سیرت

(۲۹)

**الید العلیا خیر من الید السفلی**

اسی قسم کی ایک اور مشہور روایت ہے جس میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اوپر کے ہاتھ کو نیچے کے ہاتھ سے بہتر اور افضل فرمایا ہے جس کا مطلب یہ ہے کہ سخی کا ہاتھ فقیر کے ہاتھ سے بہتر ہے کیونکہ فقیر کا ہاتھ لینے کے وقت پھیلا ہوا ہوتا ہے اور نیچا ہوتا ہے اور دینے والا اوپر سے اسکے ہاتھ میں ڈالتا ہے ...

کے ہاتھ کی دو حالتوں کی طرف اشارہ ہے۔ ایک فقیر طامع یا طامع عالم جو لوگوں کے آگے اپنی حاجت پیش کرتا ہے اور ہاتھ پھیلا کر ان سے مانگتا ہے یہ ہاتھ جو لینے کے وقت دینے والے کے سامنے پھیلایا جاتا ہے۔ اس میں خیر نہیں ہے۔ دوسرے وہ خود دار فقیر ...

بعثت چاہیاں لانا ہر مسلمان کیلئے جزو ایمان ہے۔ اسی طرح ان باغیان رسالت کو کافر و دشمن اسلام سمجھنا بھی ضروری ہے۔ اللہ پر ایمان لانے کی شرط یہ ہے کہ طاغوت کے کفر کا اقرار کیا جائے۔ فمن یکفر بالطاغوت ویومن باللہ فقد استمسک بالعروۃ الوثقیٰ۔ جو شخص طاغوت کا انکار کرے اور اللہ پر ایمان لائے وہی شخص کامل الایمان ہے ...

**حدیث کی دوسری توجیہ**

اسی حدیث کی ایک دوسری توجیہ بھی اپنے اکابر سے منقول ہے جس کا خلاصہ یہ ہے کہ یہ دونوں ہاتھ دو آدمیوں کے ہاتھ نہیں ہیں بلکہ ایک ہی شخص ...

# عازمان حج کیلئے چند طبی ہدایات

## بعض خطرناک امراض سے بچنے کی تدابیر

(از ڈاکٹر عبد المجید ایم۔ بی۔ بی۔ ایس۔ انڈین میڈیکل (افسر انگریزی قنصل خانہ۔ جدہ)

سفر حج کے دوران میں بیماری سے تحفظ کے لئے حسب ذیل ہدایات پر عمل کرنا چاہیئے۔

چونکہ حج کا زمانہ ہر سال موسم سرما سے قریب ہوتا جاتا ہے اسلئے حجاز میں جا کر خاص فصل یا ددھ ملا کر پہننا مفید ہوگا۔ اگر اور کوئی چیزیں ہیں تو گرم پانی استعمال کرنا چاہیئے۔

**فصلی بخار**

یہ بیماری جونکہ مچھروں کی کثرت کی وجہ سے بہت عام ہے اس سے تحفظ کی احتیاط کرنی چاہیئے ...

**چیچک**

یہ بیماری حجاز اور نجد میں بہت ہوتی ہے ...

**ہیضہ**

**سرد ہوائیں**

**غذا**

**دمی**

# "دین مرزا" اور اسلام

(از حضرت مولانا ابو القاسم محمد حفظ الرحمٰن صاحب سیوہاروی)

(۳)

**رسالت و نبوت**

| قرآن عزیز | قول مرزا |
|---|---|
| شان خصوصی سید المرسلین صلعم | دعوئی ہمسری |
| اذ قال عیسی بن مریم یٰبنی اسرائیل انی رسول اللہ الیکم مصدقا لما بین یدی من التوراۃ و مبشرا برسول یاتی من بعد اسمہ احمد (صف) | ومبشرا برسول یاتی من بعد اسمہ احمد۔ قرآن کریم میں جو احمد کی بشارت ہے وہ احمد میں ہوں (ازالہ اوہام صفحہ ۶۷۳) (تائید) |

علیٰ (الحدیث) (مسند احمد) (در شرح السنۃ عن العرباض بن ساریہ) میں تم کو اپنی نبوت کی ابتداء کے متعلق ابھی بتاتا ہوں۔ میں ابراہیم کی دعا اور عیسیٰ کی بشارت ہوں۔ قل یاایہا الناس انی رسول اللہ الیکم جمیعا (اعراف) اے محمد تو کہہ اے لوگو! میں ...

مجھے الہام ہوا ہے۔ قل یاایہا الناس انی رسول اللہ الیکم جمیعا (معیار الاخیار صفحہ ...) مرزا کا دعویٰ ہے کہ ان پر بھی وحی نازل ہوئی۔ وما ارسلناک الا رحمۃ للعالمین (حقیقۃ الوحی) حقیقۃ الوحی صفحہ ۸۲ میں اس آیت کو بھی اپنے الہام وحی میں شامل کیا ہے۔

علیہم الصلوٰۃ والسلام — قول مرزا — محمد رسول اللہ صلعم کی توہین — واذ اخذ اللہ میثاق النبیین الخ ...

# ساوتری کا دوسرا ایڈیشن چھپ کر تیار ہوگیا

ساوتری کا پہلا ایڈیشن ختم ہوچکا تھا اور اس کو دوبارہ طبع کرانے کا انتظام کیا جارہا تھا کہ اس دوران میں بہت سی فرمائشیں موصول ہوئیں جن کی تعمیل نہ کی جاسکی اور فرمائش کرنے والے حضرات کو اطلاع دیدی گئی کہ دوسرا ایڈیشن زیر طبع ہے۔ مکمل ہونے پر ارسال کیا جائے گا۔ اب جبکہ یہ ایڈیشن چھپ کر تیار ہوچکا ہے ان تمام حضرات کو نیز ان شائقین کو جن کی فرمائشیں ابھی تک موصول نہیں ہوئی ہیں اطلاع دی جاتی ہے کہ وہ از سر نو اس کتاب کیلئے اپنی فرمائش ارسال فرمائیں۔ تازہ فرمائشیں برابر پہنچ رہی ہیں اور اس کی توقع نہیں ہے کہ یہ ایڈیشن بھی زیادہ عرصہ تک باقی رہ سکے۔ ساوتری کی قیمت فی جلد ۸ آنے اور ۵ محصول ڈاک کے لگانے پڑتے ہیں۔

ساوتری ایک تبلیغی فسانہ ہے جس کی زیادہ سے زیادہ اشاعت ہونی چاہئے۔ اس لئے جو حضرات مفت تقسیم کرنے کے لئے طلب فرمائیں گے انہیں خاص رعایت دی جائے گی۔

منیجر الجمعیۃ بک ڈپو گلی قاسم جان دہلی



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# الجمعیۃ دہلی

یوم پنجشنبہ ۲۵ رجب المرجب ۱۳۵۴ھ ہجری

# ڈاکٹر امبیدکر کے دل کی آواز

## اخوت، ہمدردی اور مساوات کی تلاش

جب سے کہ دس ہزار اچھوتوں کی کانفرنس میں تقریر کرتے ہوئے ان کے لیڈر ڈاکٹر امبیدکر نے ہندو سوسائٹی سے تنگ آ کر تبدیلی مذہب کے ارادہ کا اعلان کیا ہے ہندوستان کے تمام اخبارات میں ایک ہلچل مچ گئی ہے اور ایک طرف گاندھی جی، پنڈت مالویہ اور راجندر بابو سے لیکر اچھوتوں کے دوسرے رہنماؤں تک کے بیانات ڈاکٹر امبیدکر کو اس ارادہ کی تکمیل سے باز رکھنے کے لئے شائع ہو رہے ہیں اور دوسری طرف ملک کی تمام تبلیغی جماعتیں انہیں اپنے اپنے مذہب کے قبول کر لینے کی دعوت دے رہی ہیں۔

ہم نے ڈاکٹر امبیدکر کی تقریر، ہندو رہنماؤں کے بیانات، اور مختلف تبلیغی جماعتوں کے دعوتی پیغامات سب کو بغور پڑھا ہے۔ جو دلائل ڈاکٹر امبیدکر کے لئے ہندو مذہب ہی پر قائم رہنے کی غرض سے پیش کئے گئے ہیں ان کو بھی دیکھا ہے اور جو علاج ان کے مرض کا دوسروں نے تجویز کیا ہے وہ بھی ہمارے سامنے ہے۔ اس سے قبل کہ ڈاکٹر امبیدکر یا کسی شخص کو جوان ہی کے جیسے حالات میں مبتلا ہو کوئی مشورہ دیا جائے سب سے پہلے ضرورت اس امر کی ہے کہ ان کے صحیح مرض کو دریافت کیا جائے اور اس مرض کا وہ علاج جو صدہا سال کے تجربات سے تیر بہدف ثابت ہوچکا ہو وہ ان کے لئے تجویز کیا جائے۔

### ہندو مذہب میں ذات پات کے امتیازات

جیسا کہ ڈاکٹر امبیدکر نے خود بھی کہا ہے اس وقت انہیں جو تکلیف محسوس ہو رہی ہے اور جس کا علاج ایک عرصہ دراز کی سعی لاحاصل کے بعد بھی نہیں ہوسکا ہے وہ یہ ہے کہ انہوں نے اور ان کے دوسرے ساتھیوں نے اپنی زندگی کے لئے جو نظام منتخب کر رکھا ہے اور جس مذہب کی پیروی کو وہ عملاً اختیار کرچکے ہیں وہ انھیں دوسرے انسانوں کے ساتھ مساوی درجہ دینے کے لئے تیار نہیں ہے نہ صرف یہ کہ اس مذہب کے پیرو اپنے حقیقی اصولوں کو چھوڑ کر مذہب کے خلاف اچھوتوں پر ظلم کرنے کے لئے تیار ہوگئے ہیں بلکہ "ہندو دھرم" ...

### عیسائیت اور اسلام

# دولت آصفیہ کے مدارس

## بچوں کا نصاب تعلیم اور مقتضیات وقت

### قابل توجہ حکام تعلیمات

ذیل میں ایک ترکی ریڈر سے چند اسباق پیش کئے جاتے ہیں، اس کے ساتھ ہی دوسرے کالم میں حیدرآباد دکن کے "درسیہ عثمانیہ" کے اسباق کے چند ٹکڑے دئے جاتے ہیں۔ یہ امر مسلم ہے کہ کسی بھی ملک اور قوم کے بننے بگڑنے کا انحصار ہوتا ہے۔ اب تو بہت کی تعمیر کے لئے وہ اسباق مفید ہونگے یا یہ اس کا فیصلہ ہم ناظرین پر چھوڑتے ہیں۔ یہاں خصوصیت سے ان کو رجی طلب کیا جاتا ہے جو حیدرآبادی عظمت کو ابھارنے کی کوشش میں مصروف ہیں۔ اب وہ دن بھی رہا جب بچوں کو ایک چمچا تھا اس کی دم میں کانٹا چبھایا جائے۔ ہم حیران ہیں آخر کب تک ہم کو مذہبی و ملی حیثیت کی خدمت سے محروم رکھا جائے گا ...

ہمارے بچوں میں پرچم آصفی اور اس کی عزت و نمود سے ملک کے ساتھ جہاں نثاری، ملک و ملت سے محبت نیز خدمت خلق کا جذبہ پیدا کرسکتے ہیں؟ ملک بظاہر ترقی کر رہا ہے لیکن ہم کہیں گے یہ ترقی نہیں بلکہ تنزل ہے۔ حقیقی ترقی کا راز اس دور میں انگریزی نے بھی اتو وہ صرف جاپان و ترکی ہے۔ ہمارا فرض ہے کہ پہلے ہم اپنے بچوں کو غیرت مند جاپانی ملکی حمیت اور قومی جذبات میں پیدا کریں ...

# شذرات

### ہندو مہا سبھا کی مذموم ذہنیت

ہندوستان کے مایہ ناز شاعر و بلند پایہ ادیب مولانا حالی مرحوم کی صد سالہ برسی کے موقع پر پانی پت میں جو عظیم الشان اجتماع ہو رہا ہے اس کی صدارت کے لئے ہز ہائینس نواب صاحب بھوپال کا اسم گرامی پیش کیا گیا ہے ...

جنگ میں کوئی دشواری نہیں پیش آئے اور حبش اس انتظار میں بیٹھا ہے کہ برطانیہ اور دوسری حکومتیں نے اٹلی کے بائیکاٹ اور حبش کو اسلحہ بہم پہنچانے کی جو تجاویز منظور کر دی ہیں ان کے مطابق ان قوموں کے جہاز اسلحہ لے کر اس کی امداد کے لئے پہنچ جائیں ...

### صدر جہاں کاہ

### حبش اور اٹلی کی جنگ

### مساوات اسلامی کا عالمگیر اعتراف

### ترکی کی ریڈر کے چند سبق



# مہاجرین کوٹ تپلی کے متعلق عظیم الشان جلسہ

## حضرت مولانا احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند کی تقریر

دہلی ۱۸ اکتوبر۔ نماز جمعہ کے بعد جامع مسجد دہلی میں ایک عظیم الشان جلسہ مہاجرین کوٹ تپلی کے متعلق ہوا جس کی صدارت حضرت علامہ مفتی محمد کفایت اللہ صاحب نے کی۔ مولانا احمد سعید صاحب۔ مولانا عبدالماجد صاحب نے ریاست کوٹ تپلی کے مفصل حالات بیان کئے اور یہ کہا کہ ان مہاجرین اس سلسلہ میں کوئی خط و کتابت نہیں کی اور دہم سے مشورہ کیا۔ اب چونکہ یہ لوگ اچانک دہلی آ گئے ہیں اس لئے یہاں کے مسلمانوں کو چاہئے کہ جب تک ہو سکے ان کے قیام و طعام کا انتظام کریں۔ اگر یہ مہاجرین ہم سے اس معاملہ میں مشورہ کرتے تو ہم ان کو یہی مشورہ دیتے کہ وہ ہجرت نہ کریں اور وہیں رہ کر پُر امن طور پر اپنے جائز مطالبات کو حکام سے منوائیں۔

آخر میں یہ تجویز پیش ہو کر بالاتفاق منظور ہوئی:-

مسلمانان دہلی کا یہ جلسہ کوٹ تپلی کے مہاجرین کی اس حالت زار پر رنج و غم کا اظہار کرتا ہے کہ وہ بے خانماں اور خانہ برباد ہو کر پا پیادہ گھروں سے میل کا راستہ میں ہزاروں صعوبتیں برداشت کرتے ہوئے دہلی پہنچے ہیں۔ جن میں عورتیں بچے اور ضعیف اور بوڑھے بڑی تعداد میں شامل ہیں۔ ان مہاجرین کی تعداد ۵۲۹ ہے۔ یہ جلسہ حکومت سے استدعا کرتا ہے کہ وہاں غریب الوطن اور خستہ حال مہاجرین کو جلد از جلد ان کے وطن مالوف میں ازالہ شکایات کے بعد پہنچانے کے ذرائع اختیار کرے۔ یہ جلسہ مسلمانان ...

# ڈاکٹر امبیدکر کو دعوت اسلام

## حضرت ناظم جمعیۃ علماء ہند کا برقی پیغام

حضرت مولانا احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند نے حسب ذیل برقی پیغام ڈاکٹر امبیدکر کے نام ارسال فرمایا ہے۔

"آپ بنی نوع انسان کے لئے احسن عالمگیر مساوات اور احساس اخوت و ہمدردی کی تلاش کر رہے ہیں وہ اسلام میں بدرجہ اتم موجود ہے۔

میں آپ کی دلی تمنا کے حصول کے لئے آپ کو اس دین فطرت کی طرف پرخلوص دعوت دیتا ہوں۔"

## ڈاکٹر امبیدکر کب مذہب تبدیل کرینگے

### گاندھی جی کے بیان پر اظہار خیال

بمبئی ۱۸ اکتوبر۔ پریس کے نمائندے نے آج ڈاکٹر امبیدکر سے ملاقات کی ...

کریں گے اور یہ کہ یہ تبدیلی صرف انفرادی ہوگی یا پوری جماعت کے ساتھ یہ اقدام ہی گے۔ تو آپ نے جواب دیا کہ میں اپنا مذہب تبدیل کرنے کا فیصلہ کر چکا ہوں۔ اگر عوام میرے ساتھ نہ آئیں تو مجھے اس کی مطلق پرواہ نہیں ہے یہ فیصلہ کرنا ان کا کام ہے اگر وہ اسے اچھا سمجھیں گے تو میری تقلید کریں گے ...

## اچھوتوں کیلئے نئے مذہب کی تلاش

### قرآن حکیم کا مطالعہ

## ریلیف کمیٹی کا قیام

## مسلمانان دہلی کی عام ہمدردی

جمعیۃ علماء ہند کے دفتر میں ... ریلیف کمیٹی بنائی گئی تھی وہ اپنا کام نہایت مستعدی کے ساتھ انجام دے رہی ہے لگ بھگ مہاجرین کو اگر دیکھ رہے ہیں اور ان کی حالت زار اور ان کی بیچارگی سے سخت متاثر ہیں ...

## میر افضل کی مسجد کا انہدام

### نصیر الدین اوکنسر کی خاموشی

## کوئٹہ میں خوفناک زلزلے

# آپ کا مستقبل

یقیناً تفکرات اور پریشانیوں کی زد سے بچ سکتا ہے

بشرطیکہ آپ بھی

## مسلم انڈیا انشورنس کمپنی لمیٹڈ لاہور

میں اپنی زندگی کا بیمہ کرالیں ہندوستان میں یہی

## مسلمانوں کی واحد بیمہ کمپنی

ہے جسکے ڈائرکٹروں میں باوقار اور مایہ ناز مسلمان ہستیاں شامل ہیں۔ کمپنی کی بعض اسکیمیں نہایت عمدہ اور مفید ہیں جنمیں

## شرح چندہ کم اور منافع زیادہ

ہے مسلم انڈیا میں بیمہ کرانا "بیک کرشمہ دو کار" کے مترادف ہے یعنی اپنے اہل و عیال کی فلاح و بہبود اور اپنی قوم کی اعانت

مزید معلومات { مینجنگ ڈائرکٹر مسلم انڈیا انشورنس کمپنی لمیٹڈ لاہور / منظور احمد عثمانی بی۔ اے۔ انسپکٹر مسلم انڈیا انشورنس کمپنی لمیٹڈ (لاہور) فتحپوری چاندنی چوک دہلی } سے حاصل کریں

# جمعیۃ اقوام اپنے کام میں مشغول ہے

## اٹلی کے خلاف تعزیرات کی رفتار

جنیوا ۱۸ اکتوبر۔ جمعیۃ اقوام کی اقتصادی سب کمیٹی نے برطانوی ڈیلیگیٹ ایڈن کی اس تجویز کے اصول پر اظہار پسندیدگی کیا ہے جس میں یہ سفارش کی گئی ہے کہ اٹلی کے برآمدی مال کا بائیکاٹ کیا جائے کمیٹی نے فرانس کی اس تجویز کو بھی منظور کر لیا ہے کہ اٹلی کو خاص خاص اشیاء کی برآمد پر پابندی عائد کی جائے ... جمعیۃ اقوام کی کوآرڈی نیشن کمیٹی نے کل اس امر پر مزید غور کیا کہ اٹلی اور حبش کے درمیان جلد مصالحت کرانے کی غرض سے اٹلی کے خلاف کس قسم کا اقتصادی دباؤ ڈالنے کی سفارش کی جائے۔

بیان کیا جاتا ہے کہ جمعیۃ اقوام کے سیکرٹریٹ کو آج کل جمعیۃ کے ممبروں کے پاس سے بے شمار پیغامات موصول ہو رہے ہیں ...

### غلامی اور آزادی

روم ۲۰ اکتوبر۔ جنرل ڈی بونو نے اعلان شائع کیا ہے جس کی رو سے اٹلی نے حبش میں اپنے مقبوضات کے تمام غلاموں کو رہا کر دیا ہے۔ ایک اطلاع مظہر ہے کہ حبش کی سرحدوں پر صورت حالات میں کوئی تبدیلی نہیں ہوئی ہے۔

## حکومت برطانیہ قرضہ لے رہی ہے

### جنگ کے آثار

بمبئی ۱۹ اکتوبر۔ لندن کے باخبر حلقوں سے یونائیٹڈ پریس کو اطلاع موصول ہوئی ہے کہ برطانوی حکومت ملکی حفاظت کے لئے ۲۵ کروڑ پونڈ کا قرضہ لے رہی ہے۔

## امریکہ میں زلزلہ

نیویارک ۱۹ اکتوبر۔ ہیلینا سے ... میل کے فاصلہ پر دو پہاڑی مقامات ... کو زلزلہ سے سخت نقصان ہوا ہے۔ لوگ سڑکوں پر سے بھاگ رہے تھے کہ ہیلینا میں ایک آدمی ہلاک ہو گیا۔ تمام لوگ ہراساں ہو کر سڑکوں پر بھاگ گئے ...

### برطانیہ کو فرانس کا جواب



# اٹلی کی فوجوں نے مفتوحہ علاقوں میں استحکامات شروع کر دئیے

## بندرگاہ مصوع پر پندرہ انچ دہانے والی توپیں چڑھا دی گئیں

## حبش کیلئے برطانیہ نے سامان جنگ بھیجنا شروع کر دیا

## فریقین ایک زبردست لڑائی کی تیاریاں کر رہے ہیں

### مسلسل واقعات و حالات

#### مصوع پر توپیں لگائی جا رہی ہیں

#### مصوع میں نواح کی حالت

سویز ۱۸ اکتوبر۔ ... ایک میل کے دائرے کے اندر سمندر میں جہاز ہی جہاز نظر آتے ہیں۔ بہت سے جہازوں کو کھڑے ہوئے پانچ ماہ گزر چکے ہیں اور ان کو بیچانے کے لئے ابھی تک مال ہی نہیں ملا۔ سامان جنگ پہنچانے والے جہازوں کو ترجیح دی جا رہی ہے۔ سامان رسد کی سخت پریشانی ہو رہی ہے ...

#### اٹلی کے ایک جہاز میں آگ لگ گئی

#### حبش کا ناکام ٹی کا سردار

#### شہنشاہ حبش کی تقریر

#### اٹلی کا مال بھیجا جائے

#### اٹلی کے قنصل کا بیان

#### برطانیہ سے اسلحہ کی روانگی

# جنگ حبش کے متعلق برطانیہ اور فرانس کا رویہ

## اخبارات میں آئندہ پالیسی پر بحث

لندن ۱۸ اکتوبر۔ پارلیمنٹ کا اجلاس آئندہ سہ شنبہ سے شروع ہو جائے گا۔

سر سیموئیل ہور وزیر خارجہ ... سرسیموئیل ہور کی تقریر کا انتظار کیا جا رہا ہے۔

### ٹائمز لندن

### فرانسیسی کابینہ کا اجلاس

### ڈیلی ٹیلیگراف

# مصری جدید برقعہ

آج کل بھی مصر کے شاہی خاندان میں اس برقعہ کا استعمال ہے۔ بہترین تراش خوش وضع پردہ کا پورا محافظ۔ آج ہی کرچ بیرونی کچھ نکتہ ناپ بھیجئے بذریعہ وی پی ... کریپ سلک ... بوسکی سلک ...

خاتون اسٹور بازار فتحپوری دہلی

# طوفان حوادث

مسلسل افسانہ

"طوفان حوادث" کو جلد ختم کر دینے کا اس قدر تقاضا کیا گیا کہ بالآخر اسے علیحدہ کتابی شکل میں چھپوانا ہی پڑا۔ اب یہ کتاب پریس سے چھپ کر آ گئی ہے اور جن خریداروں نے ۵۔ کے ٹکٹ لفافے میں رکھ کر ارسال کئے ہیں انہیں ڈاکخانہ سے پوسٹل سرٹیفیکیٹ حاصل کر کے بھیجی جا رہی ہے۔

طوفان حوادث کے گیارہ باب الجمعیۃ میں چھپ چکے ہیں اور چھ باب اور باقی ہیں جو کتاب کے ساتھ شامل کر کے مکمل صورت میں طبع کرا دئیے گئے ہیں۔ ان آخری ابواب میں ان تمام رازہائے سربستہ کا انکشاف ہوا ہے جو طوفان حوادث میں ابتداء سے ناظرین کو محو حیرت بنائے رہے ہیں ...

کتاب کی قیمت ۸ مقرر کی گئی ہے مگر تمام مستقل خریداران الجمعیۃ سے جو افسانہ کی اشاعت کے دوران میں خریدار رہے ہیں نصف قیمت ۴ رہ جائے گی ...

دہلی کے مقامی ایجنٹوں سے بھی طوفان حوادث کی جلدیں خریدی جا سکتی ہیں۔ "مینیجر الجمعیۃ بک ڈپو دہلی"

# کاروائی مجلس عاملہ جمعیۃ علمائے صوبہ متحدہ

## منعقدہ ۱۶/۱۷ اکتوبر ۱۹۳۵ء

(زیر صدارت حضرت مولانا قطب الدین عبدالوالی صاحب مدظلہ)

# اوقاف بل کے مسلم وفد کی عرضداشت میں

## ٹی پارٹی

# جشن سلور جوبلی کا پروگرام

## حیدرآباد میں سرکاری فارغ تعطیل

# حضرت مولانا حسین احمد صاحب مدنی کی ذات گرامی پر اتہامات و بہتانات کی بارش

## ناقابل انکار حقائق کا اظہار اور بے بنیاد دعاوی کی موثر تردید

## تلبیس و تدلیس اور کذب و دروغ کے تمام پردے چاک ہو گئے

یہ تحریر آپ حضرت کی بارگاہ میں محض اظہار حقیقت اور بیان واقعات اصلیہ کی غرض سے پیش کی جاتی ہے۔ اگر یہاں پر مستند مراکز سے واقعات پر پردہ ڈالنے بلکہ مسخ کرنے کی کوشش اور انتہائی کوشش عمل میں نہ لائی گئی ہوتی تو شاید اس تحریر کی نوبت ہی نہ آتی۔ اس سے اپنی ستائش ہرگز مقصود نہیں۔ اگرچہ آیت وَاَمَّا بِنِعْمَةِ رَبِّكَ فَحَدِّثْ اس کی اجازت دے رہی تھی اور اسی طرح کسی شخص پر حملہ کرنا یا انتقام لینا یا اس کی توہین کرنا یا مجادلہ اور مکابرہ بھی عمل میں لانا مقصود نہیں ہے۔ اگرچہ آیات والذین اذا اصابهم البغی هم ینتصرون اور جزاء سیئة سیئة مثلها۔ اور لا یحب الله الجهر بالسوء من القول الا من ظلم وغیرہ ...

## ونیس کی ہر دلعزیزی

ونیس ہر ایک جیب و ضرورت کے مطابق سکیم جاری کرتی ہے

دی ونیس انشورنس کمپنی لمیٹڈ چاندنی چوک دہلی

## بچوں کی اکسیر دوا

حکیم تلسی پرشاد اگروال کی گورنمنٹ ہندی رجسٹری شدہ

## بال جیون گھٹی

بچوں کی بخار کھانسی، بدہضمی، دودھ ڈالنا، دست ہونا وغیرہ ہر ایک بیماری کی اکسیر دوا ہے

المشتہر منیجر بال جیون کاریالیہ علی گڑھ شہر یوپی

## غلّم ام لیچی

سکریٹری بہار نرسری پوسٹ لہیریاسرائے دربھنگہ

## ایک صد روپیہ انعام

مفت — مفت — مفت

سکریٹری انڈین کلب جالندھر شہر (پنجاب)

## خضاب جھومر و

بال کالا سٹورس کمپنی سری دربھنگہ

## اعجاز غوثیہ

حکیم مولوی محمد غوث خاں پنجاب

## اشتہار سلام علیکم خون

سکریٹری جنرل کمیٹی قصبان دہلی

## حب زرین

مہر کیش کمپنی (رجسٹرڈ) دہلی

## آپ کی قسمت

## تجارت کرو فائدہ اٹھاؤ

## صرف چار روپیہ میں سات گھڑیاں

ایک عدد اصلی ریلوے ریگولیٹر واچ دو عدد دو عدد ریسٹ واچ

پتہ :- کارخانہ جاپان ٹائم اسٹور ۲۲ پٹھان کوٹ ضلع گورداسپور





# انجمن حمایت اسلام فیض آباد کا دسواں سالانہ جلسہ

## اکابرین امت کا اجتماع

تاریخ ... اکتوبر ... یوم دو شنبہ سہ شنبہ چہار شنبہ انجمن حمایت اسلام فیض آباد کا دسواں سالانہ جلسہ ... میں منعقد ہوا۔ جس میں ہندوستان کے مشہور علماء کرام نے شرکت فرمائی ...

### پہلی نشست

### دوسری نشست

### تیسری نشست

### چوتھی نشست

### پانچویں نشست

### چھٹی نشست

حاجی محمد میاں الفاضی نائب ناظم انجمن حمایت اسلام فیض آباد

## مسلمانان لکھیمپان کا عظیم الشان جلسہ

### امہات الامۃ کے خلاف احتجاج اور دیگر قراردادیں

قصبہ لکھیمپان ضلع مونگیر۔ آج بتاریخ ۱۱ اکتوبر ۱۹۳۶ء بعد نماز جمعہ جامع مسجد سلطانی میں مسلمانان لکھیمپان کا ایک عظیم الشان جلسہ منعقد ہوا جس میں مولوی سید شاہ حبیب الرحمن صاحب سلطانی قاضی نے کتاب امہات الامۃ کے متعلق پر جوش تقریر فرمائی جس میں مقرر موصوف نے طابع و ناشر کے خلاف نفرت و غصہ کا اظہار فرمایا اور مجمع عام نے بھی اس کتاب کے شائع کنندہ کے خلاف بے حد غم و غصہ ظاہر کیا۔ نیز مولوی صاحب موصوف نے دوران تقریر میں مسجد شہید گنج کے متعلق اجمالاً ماتم فرماتے ہوئے احترام مساجد پر کافی روشنی ڈالی جس سے مسلمانوں کے دلوں پر گہرا اثر پڑا اور بالاتفاق مندرجہ ذیل قراردادیں پاس ہوئیں۔

(۱) مسلمانان لکھیمپان کا یہ جلسہ کتاب "امہات الامۃ" مصنفہ شمس العلماء ڈپٹی نذیر احمد صاحب کے طابع و ناشر مسٹر شاہد احمد صاحب کے خلاف انتہائی غصہ و رنج و غم کا اظہار کرتا ہے کیونکہ اس میں حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم و حضرات صحابہ و اہل بیت و حضرات امہات المومنین کی شان میں ایسی گستاخیاں کی گئی ہیں کہ کوئی کلمہ گو اس کو برداشت نہیں کر سکتا ہے۔ نیز طابع و ناشر کتاب مذکور سے پر زور مطالبہ کرتا ہے کہ فوراً اس کتاب کی اشاعت روک کر تمام نسخے نذر آتش کر دیں۔ و نیز یہ جلسہ حکومت برطانیہ سے درخواست کرتا ہے کہ ہندوستان کے آٹھ کروڑ مسلمانوں کے مذہبی جذبات کو ملحوظ رکھتے ہوئے کتاب مذکور کو فوراً بحق سرکار ضبط کر کے طابع و ناشر کے خلاف قانونی کارروائی کرے۔

(۲) نیز یہ جلسہ گورنمنٹ سے پر زور مطالبہ کرتا ہے کہ اراضی مسجد شہید گنج مسلمانوں کے حوالہ کر دے۔

(۳) یہ جلسہ اٹلی کے نازیبا رویہ کو حقارت کی نظروں سے دیکھتا ہے اور مسلمانان حبش کے ساتھ دلی ہمدردی ظاہر کرتے ہوئے ان کے لئے دعائے خیر کرتا ہے۔

(ذرا اہتمام انجمن سلطانیہ لکھیمپان)

## ایک تیر سے دو شکار



انٹرنیشنل ٹریڈنگ کمپنی پوسٹ بکس ۶۷۱۲ (اے - ج) کلکتہ

## جو چاہو گے مل جائے گا

نیشنل جنرل ٹریڈنگ کمپنی ۲۲ پٹھان کوٹ ضلع گورداسپور

## مجلس مردمی

## شربت اکسیر

## حیران

## الفاظ چاہتے رہیں گا

## دینی بک ڈپو کی نایاب کتابیں

## ارکان اسلام



## کلزانہ

### تمہاری بیوی کو تندرست و توانا بنا دے گی

# Kalzana

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۹۳

تار کا پتہ "الجمعیۃ دہلی"

Aljamiat

الجمعیۃ دہلی

سہ روزہ

(ایڈیٹر:- ہلال احمد زبیری (ایم-اے)

جلد ۲۲ | دہلی - یوم دوشنبہ ۲۹ رجب المرجب ۱۳۵۴ ہجری - مطابق ۲۸ اکتوبر ۱۹۳۵ء | نمبر ۲۰


# جنیوا کی طرف سے جشیوں کی مایوسی - سینور مسولینی کی شرائط صلح

## مشرقی اور جنوبی محاذوں پر اٹلی کے اقدامات

## بحر اوسط میں برطانوی نقل و حرکت کا انتظار

## حبش پر تسلط قائم کر لینے کی تجاویز

ادیس ابابا ۲۶ اکتوبر۔

سرکاری حلقوں کے بیان کے مطابق حکومت حبش نے عزم کر لیا ہے جب تک کہ حبش کے علاقہ پر اطالوی کا قبضہ ہے کسی قسم کی گفت و شنید نہیں کرے گی۔ اسی وجہ سے سر سیموئل ہور کی تقریر پر حبشی حلقوں میں اظہار مایوسی کیا جا رہا ہے۔

حکومت حبش کے خیال میں اٹلی کے خلاف اقتصادی کارروائی کا طریقہ صرف سست طریقہ ہے بلکہ ان کے خیال میں یہ غیر مؤثر ہی ثابت ہوگا۔ اس کے ساتھ یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ برطانیہ تنہا فوجی کارروائی کرے گا اور وہ اس وقت تک حبش کی مدد نہیں کر سکتا۔ یہ بھی رائے ظاہر کی ہے کہ اب آخری وقت صلح کی کوئی امید نہیں ہے۔

### صلح کی گفت و شنید

پیرس کی تازہ ترین اطلاعات سے معلوم ہوتا ہے کہ موسیو لاوال وزیر اعظم فرانس کو سینور مسولینی کی جانب سے اس قسم کا کوئی اشارہ ہو گیا ہے کہ وہ بھی اب صلح چاہتا ہے۔ مگر دوسرے حالات سے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ سینور مسولینی صلح کے متعلق گفت و شنید کے سلسلہ میں یہ دیکھ رہا ہے کہ بحر اوسط میں برطانیہ کیا فوجی اقدام کرتا ہے۔ برطانوی نقل و حرکت کا اندازہ لگانے کے بعد مسولینی صلح کے لئے اپنی رضامندی کا اظہار کرے گا۔

### اٹلی کی شرائط صلح

مسولینی نے ایم لاوال کو جن کے متعلق اشارہ کیا ہے ان کی تفصیل ایک فرانسیسی اخبار کے بیان کے مطابق حسب ذیل معلوم ہوتی ہے۔

(۱) اٹلی نے جس علاقہ پر قبضہ کر لیا ہے اسے مستقلاً اطالوی حدود میں داخل کر لیا جائے۔

(۲) حبش کے غیر امہری صوبوں پر اٹلی کا انتداب دے دیا جائے۔

(۳) اور جو امہری صوبے باقی بچیں ان پر بین الاقوامی انتداب اطالوی غلبہ کے ساتھ قائم کر دیا جائے۔

### جشیوں کی شکست اور اٹلی کی فتوحات

روم ۲۵ اکتوبر۔ دوروا کے محاذ پر اٹلی کو شکست دینے کیلئے ایک طرف راس سیوم نے حبس محاذ کی تیاریاں کی تھیں وہ اسمرہ کی اطلاعات کے مطابق ناکام رہا۔ راس سیوم اب حبشی افواج کو دوبارہ تیار کر رہا ہے اور جنوبی محاذ کے متعلق کہا جاتا ہے کہ اطالوی فوج نے مستقبل پر حملہ کو روک دیا ہے۔ حبش کمک کا انتظار کر رہے ہیں۔

ایک سرکاری بیان مظہر ہے کہ اطالوی باقاعدہ افواج نے علاقہ شیلی میں جنوبی محاذ پر موضع کلیفو پر قبضہ کر لیا۔

### اٹلی کے ہوائی جہازوں کی پرواز

اسمرہ ۲۵ اکتوبر۔ معلوم ہوا ہے کہ اٹلی کے ہوائی جہاز جن میں سات قومی مسولینی کا جہاز بھی شامل تھا جنوبی محاذ پر ... میل تک پرواز کرتے رہے۔ اس جنگلی جشیوں نے مشین گن سے جواب دیا لیکن اس کا اٹلی کے ہوائی جہازوں پر کوئی اثر نہیں ہوا۔ راس سیرم کی جائے پناہ اٹلی کے ہوائی جہازوں کو نہ معلوم ہو سکی اور نہ کہیں حبشی فوج بڑی تعداد میں نظر آئی۔

# لاہور میں ایک سکھ کی ارتھی کے جلوس پر ہیجان انگیز مناظر

## سکھوں اور ہندوؤں کا انتہائی اشتعال انگیز رویہ

## پولیس کے لاٹھی چارج سے مجمع منتشر ہو گیا

لاہور ۲۴ اکتوبر۔ آج صبح دس بجے سکھوں کی طرف سے منادی کے ذریعہ اعلان کیا گیا کہ ہندو اور سکھ مکمل ہڑتال کر کے بشن سنگھ کی ارتھی کے جلوس میں شامل ہوں۔ یہ بھی بیان کیا جاتا ہے کہ منادی کرنے والوں نے بعض الفاظ اشتعال انگیز تھے اور وہ ہندوؤں سکھوں کو مسلمانوں کے خلاف بھڑکانے کی کوشش کر رہے تھے۔

### مورچہ لگا دیا

جب جلوس کو شہر میں داخلے کی اجازت نہ دی گئی تو جلوس والے سرکلر روڈ اور رتن چند روڈ پر مورچہ لگا کر بیٹھ گئے۔ اور نعرے لگانے لگے۔ ہندو اور سکھ سینکڑوں کی تعداد میں وہاں چاروں طرف جمع ہو کر نعرے لگانے لگے اور سرکلر روڈ کی طرف جانے سے انکار کر دیا۔

### ہندوؤں اور سکھوں کی ہڑتال

چنانچہ اس اعلان کے مطابق ہندوؤں اور سکھوں نے مکمل ہڑتال کر دی اور بشن سنگھ کی ارتھی کے جلوس نکالنے کے لئے میو ہسپتال کے باہر کافی ہجوم اکٹھا ہو گیا۔ اور تین بجے کے بعد وہ بشن سنگھ کی لاش حاصل کر کے جلوس کی صورت میں شاہ عالمی دروازہ کے باہر سرکلر روڈ کے چوک میں پہنچا تو پولیس کی جمعیت اور ذمہ دار افسروں نے جلوس کو آگے بڑھنے سے روک دیا اور حکم دیا کہ جلوس کو جیسا کہ پہلے منظور کیا گیا ہے سرکلر روڈ کے راستے شہر کے باہر باہر سے راوی کے بازار میں لے جایا جائے۔

جلوس والوں نے سرکلر روڈ سے جانے سے انکار کر دیا اور مصر ہوئے کہ ارتھی کا جلوس شاہ عالمی دروازہ کے اندرونی بازار سے گزر کر براستہ واٹر ورکس ہیرا منڈی لے جایا جائے لیکن اہل جلوس کو شہر میں داخل ہونے کی اس لئے اجازت نہ دی گئی کہ اہل جلوس چونکہ زیادہ مشتعل تھے اور کلہاڑیوں، کرپانوں، تلواروں، نیزوں، برچھیوں اور لاٹھیوں وغیرہ سے مسلح تھے۔ لہذا ان کا شہر میں سے گزرنا خالی از خطرہ نہ تھا۔ جلوس میں ہندو اور سکھ کثیر طور پر شامل تھے جن کی تعداد پانچ ہزار کے قریب بیان کی جاتی ہے۔

### ڈاکٹر امبیدکر کا آئندہ مذہب کیا ہو گا

### ہندو سبھا کے لیڈروں کا بیان

بمبئی ۲۵ اکتوبر

ڈاکٹر امبیدکر سے ہندو مہا سبھا کے چند لیڈروں نے جو ملاقات کی ہے اس کی تفصیلات ایسوسی ایٹڈ پریس نے شائع کی ہیں ان تفصیلات سے معلوم ہوتا ہے کہ ان لیڈروں کو ڈاکٹر امبیدکر کی گفتگو سے پتہ چلتا ہے کہ وہ عیسائی یا مسلمان نہیں ہوں گے بلکہ بدھ مذہب قبول کریں گے۔

# سرحدی قبائل نے فوج کو پسپا کر دیا

## بہت سے آدمی ہلاک اور زخمی ہوئے

## نائب وزیر ہند کا بیان پارلیمنٹ میں

لندن ۲۵ اکتوبر۔ دار العوام میں نائب وزیر ہند مسٹر بٹلر نے فرمایا کہ شملہ سے جو مراسلہ موصول ہوا ہے اس کے مطابق ۹ اکتوبر کو ہندوستان کی شمالی مغربی سرحد پر جو اطلاعات ملی تھیں ان میں ...

# مسجد شہید گنج کی تحریک کے متعلق

## حضرت مولانا احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند کا اہم بیان

ملاحظہ ہو صفحہ ۳

### انجمن ضیاء الادب دہلی کا جلسہ

دہلی ۲۵ اکتوبر۔ گزشتہ شب نیشنل لائبریری میں ایک عظیم الشان مباحثہ زیر صدارت عالیجناب مسٹر آصف علی صاحب بیرسٹر ایم۔ ایل۔ اے حسب ذیل موضوع پر منعقد ہوا۔

"ہندوستان کی بدحالی کا باعث سیاسی نہیں بلکہ اقتصادی ہے"

مندرجہ ذیل حضرات نے موافقت و مخالفت میں تقاریر کیں۔

(۱) دیش بندھو صاحب گپتا میونسپل کمشنر (۲) ہلال احمد صاحب زبیری ایم۔ اے ایڈیٹر الجمعیۃ (۳) علامہ کابل صاحب سب ایڈیٹر ریاست (۴) مولانا عاقل صاحب ایم۔ اے (۵) مسٹر وحید الدین صاحب وکیل (۶) مسٹر سعید احمد صاحب۔ آخر میں رائے شماری ہونے پر موضوع کثرت آراء سے مسترد ہو گیا۔ اور جناب صدر کی دلچسپ اختتامی تقریر کے ساتھ جلسہ برخاست ہوا۔

# ریاست لوہارو ایجنٹ گورنر جنرل کے ماتحت

## نواب صاحب کیلئے صرف چار سو روپیہ ماہوار الاؤنس

دہلی کے اخبار ریاست کا بیان ہے کہ ایجنٹ گورنر جنرل ریاستہائے پنجاب کے حکم سے لوہارو کے موجودہ حکمران نواب امین الدین کے اختیارات کلی طور پر معطل کر دئے گئے ہیں۔ آئندہ تمام ایڈمنسٹریشن کا کام ایجنٹ گورنر جنرل کے حکم سے ہوا کرے گا۔ نواب صاحب ریاست کے انتظامات میں دخل نہ دے سکیں گے۔ آپ کو صرف چار سو روپیہ کے قریب ماہوار یعنی پانچ ہزار روپیہ سالانہ الاؤنس ملا کرے گا اور یہ فیصلہ ایجنٹ گورنر جنرل نے پولیٹیکل سکریٹری گورنمنٹ ہند کے ایما سے کیا ہے۔

ممکن ہے کہ نواب لوہارو کی بے اختیاری اور آپ کے الاؤنس مقرر ہونے کا باعث وہ ڈیپوٹیشن ہو جو پچھلے دنوں سر جی گلینسی کے ہاں گیا تھا۔

ریاست لوہارو کی سالانہ آمدنی ایک لاکھ ۳۰ ہزار روپیہ کے قریب ہے۔ گورنمنٹ نے دس فی صدی یعنی تیرہ ہزار روپیہ سالانہ نواب صاحب کے تمام خاندان کے لئے وقف کیا ہے۔ جس میں سے پانچ ہزار روپیہ سالانہ نواب صاحب کو ملے گا باقی آٹھ ہزار روپیہ خاندان کے دوسرے ممبروں میں تقسیم ہو گا۔






# الجمعیۃ بک ڈپو دہلی کی مذہبی ادبی اور درسی کتابوں کا نایاب ذخیرہ

## قرآن مجید و حمائل شریف وغیرہ

### پانچ ترجموں والا قرآن شریف

(نوٹ) ہمیشہ سے عادت تھی کہ مدرسہ اگرچہ ۶ شوال سے کھل جاتا تھا مگر طلبا جدید کا داخلہ، امتحان، ترتیب اسباق تقسیم کتب، رفع تعارض وغیرہ میں اتنی دیر لگ جاتی تھی کہ عموماً اسباق اخیر شوال یا ابتداء ذیقعدہ میں شروع ہوتے ...

(۵) صفر ۵۳ھ حاضری (تعلیم ۱۹ دن، امتحان ...

(نوٹ) رجسٹر مدرسہ میں حاضری ۱۸ دن، جلسہ بیکار مدرسہ ۲ دن، امتحان ۳ دن، جمعہ ۴ دن، جلسہ کلکتہ ایک دن، بیکار مدرسہ ۲۹ دن، سفر ۹ دن دکھلایا گیا ہے۔

دن کہنے سے بجز استحقاق لعنت اور کیا فائدہ ہے۔

(۲) سال ختم شدہ یعنی ۵۲-۵۳ھ میں حاضری و غیر حاضری تعلیم و عدم تعلیم حسب ذیل ہوئی ہے۔

(۱) شوال۔ حاضری (تعلیم ۷ دن، اجلاس عاملہ ...

---


# مندرجہ ذیل آپ مفت حاصل کر سکتے ہیں

**رسالہ امراض مخصوصہ مرداں** — اس رسالہ میں مردوں کی مخصوص امراض کی وجہ تسمیہ علامات وغیرہ کا پورا نقشہ کھینچا گیا ہے اور گم شدہ طاقت بحال کرنے کے واسطے اصول و نسخہ جات ہیں۔ آخیر میں آزمودہ شدہ ادویہ کی تیار کردہ دوائیاں ہیں۔ لیکن چاہیے کہ شادی شدہ ہیں طالب علم ہرگز درخواست نہ کریں۔ ایک آنہ کا ٹکٹ آنے پر بھیجا جاویگا۔

**لیکچر ہندوستانیوں کی جسمانی کمزوری** — یہ لیکچر کوئی ونود وید بھوشن پنڈت ٹھاکر دت شرما وید نے ایس۔ پی۔ ایس کے ہال میں جادو کی لالٹین سے دیا تھا۔

**رسالہ ملیریا بخار** — اس میں ملیریا موسمی بخار کی مکمل تشریح ہے۔ ہر ایک شخص کو اس رسالہ کو پڑھنا چاہیے کیونکہ کوئی گھر اس بیماری سے خالی نہیں رہتا۔ ایک آنہ کا ٹکٹ بھیجکر مفت منگوالیں۔

**رسالہ امرت** — مشہور و معروف دوائی امرت دھارا جو ایک ہی دوائی کل امراض کا علاج ہے اس کی مکمل تشریح اس کے اندر ہے۔

**فہرست ادویات** — امرت دھارا اوشدھالیہ کی تمام ادویات کی فہرست بھی مفت بھیجی جاتی ہے

**سو سالہ عجیب کیلنڈر مفت!**

خط و کتابت و تار کیلئے پتہ — امرت دھارا ۱۲۰ لاہور

ہمارے ایجنٹ:۔ میسرز بہاری لال گھاسی رام کھاری باؤلی اسٹریٹ دہلی


---


جناب ہلال احمد صاحب زبیری ایم اے مدیر الجمعیۃ کا ارشاد

میں نے حب مشتہی کی چند گولیاں خود استعمال کیں ہیں معدہ کے لئے نہایت مفید پایا کھانے کے بعد ان کے استعمال سے ہضم میں مدد ملتی ہے اور بھوک جلد لگتی ہے بعض دوستوں نے بھی میرا اس امر کی تصدیق کی کہ پیٹ کے درد اور معدہ و جگر کے دوسرے امراض میں یہ گولیاں بہت فائدہ کرتی ہیں۔

# حب مشتہی رجسٹرڈ

## معدہ کی بیماریوں کا آبحیات

درد شکم، ہیضہ، کمزوری معدہ، دائمی قبض، کثرت ریاح، بادی بواسیر، پرانے دست، متلی، قے، پیچش وغیرہ دور کرنے میں لاجواب ہیں۔ انتہا درجہ کی ہاضم قبض کشا ... نہایت خوش ذائقہ اور وبائی اثرات زائل کرنے میں عجیب۔ نصرتی دواخانہ کی تیاری کی خوشی میں یہ قیمت رکھی گئی ... جاتی ہیں فی شیشی ۴۴ گولی چار آنہ۔ چار شیشی سے کم نہ روانہ ہونگی۔ محصول ... ایک درجن شیشی تین روپے۔ محصول و پیکنگ علاوہ۔ اخبار کا حوالہ ضرور دیں۔

وہ کامیاب عمل جس نے مجھے کامیاب بنایا

عطیہ مرشدی حضرت شاہ عبد الرحیم صاحب رائے پوری۔ دنیا کے جملہ امور میں جبکہ مادی وسائل بیکار رہ جاتے ہیں اس عمل سے حیرت انگیز ترقی پر کامیابی ہوتی ہے ... میں یہ کامیاب عمل بالکل مفت بھیجا جاتا ہے۔

حکیم عزیز الدین نصرتی مالک نصرتی دواخانہ (رجسٹرڈ) چرتھاول مظفر نگر یو۔ پی

(محمد عرفان)


---


# فلسفہ تعلیم اسلام

وہ معرکۃ الآرا تصنیف جس کا بچشم شوق عرصہ درازی انتظار کیا جا رہا تھا شائع ہوگئی ہے اور ایسے وقت میں چھپکر شائع ہوئی ہے جب کہ دنیائے اسلام کو اسکی سخت ضرورت ہے۔ مغربی تہذیب و تمدن نے مسلمانوں کو اپنے مذہبی اعمال و عقائد سے بے خبر کر دیا ہے۔ اور مغربی تعلیم انکو دہریت و بے دینی کی طرف لیجا رہی ہے ہر شخص کا زاویہ نگاہ یہ ہے کہ وہ عقائد و احکام اسلامیہ کو عقل و فلسفہ کے معیار پر کسے اور علوم حاضرہ کی روشنی میں دیکھے۔ یہ کتاب اس ضرورت کو بخوبی پورا کرتی ہے۔ اس کے مطالعہ سے معلوم ہوگا کہ یہ کتاب مسلمانوں کے لئے کس قدر مفید ہے اور اس زمانہ میں جبکہ تعلیم جدید نے معتقدات میں تزلزل پیدا کر دیا ہے۔ اس کتاب کی اشاعت کیسی ضروری ہے۔

اسلام کے وہ تمام معتقدات جن پر ایمان لائے بغیر کوئی عبادت و عمل مقبول نہیں ہو سکتا نہایت شرح و بسط کے ساتھ ۹۰ عنوانات کے تحت میں بیان کئے گئے ہیں تمام معتقدات اسلامیہ کو علوم عقلیہ فلسفہ منطق سائنس ہیئت، طب، تشریح اور تاریخ وغیرہ سے قرآن حدیث فقہ و تفسیر کلام و تصوف کی روشنی میں اس طرح ثابت کیا ہے کہ جس کے مطالعہ کے بعد کسی قسم کے شک و شبہ کی مطلق گنجائش باقی نہیں رہتی اور جو شخص بھی اس کتاب کو ایک سرسری نظر سے دیکھ لیتا ہے اسلام کی روشنی اسکے دل و دماغ کو چمکا دیتی ہے۔

ہر مسلمان کا فرض ہے کہ اس کتاب کو خود پڑھے اور اپنے متعلقین کو پڑھائے تاکہ اپنے مقدس مذہب کے سچے اصول سے کما حقہ واقف ہو کر دین و دنیا کی برکتیں حاصل کرے۔ لکھائی چھپائی دیدہ زیب کاغذ چکنا سفید قسم اعلی سائز ۲۰×۲۶، صفحات ۳۸۰ قیمت بلاجلد ۲ مجلد تین روپے محصولڈاک ۱۱

ملنے کا پتہ:۔ الجمعیۃ بک ڈپو بلیماران دہلی


---



# حرکات اسلام

## سید غلام بھیک صاحب کا اظہار برائت

## مہاجرین کوٹ تیلی سے بے تعلقی

سید غلام بھیک صاحب نیرنگ ایم۔ ایل۔ اے کی جانب سے ایک مخصوص مراسلہ ۲۹ اکتوبر کے احسان میں شائع کیا گیا ہے جس میں سید صاحب نے اخبارات کی اس اطلاع کے متعلق اپنی اور اپنے خاندان کی ... احقر مظہر الدین کی جانب سے بہتری کا اظہار کیا ہے جس کا مفاد یہ تھا کہ کوٹ تیلی کے ... ہزار مسلمانوں نے سید غلام بھیک صاحب کے اعتماد اور ان کی اعانت کے بھروسہ پر ہجرت کی ہے۔

ہم نہیں سمجھ سکتے کہ آخر سید نیرنگ صاحب کو اس اطلاع کی تغلیط و تردید کی کیوں ضرورت پیش آئی جو کسی نامہ نگار نے خود مہاجرین کی زبانی دفتر الامان میں سن کر اخبارات کو روانہ کی تھی پھر سید صاحب موصوف اور احقر مظہر الدین کی زندگی کا یہ پہلا ...

---

# دین مرزا اور اسلام

(بسلسلہ صفحہ ۲)

غیر الماکرین کی تدبیر کچھ کارگر نہ ہوئی اور حضرت مسیح پکڑے بھی گئے حوالات میں بھی بند رہے۔ کوڑے بھی کھائے۔ گالیاں بھی سنیں طمانچے بھی کھائے۔ ٹھٹھے بھی ہوئے اور بالآخر صلیب پر بھی چڑھائے گئے۔ غرض ہر قسم کی ذلت و رسوائی سہی۔ انا للہ وانا الیہ راجعون پس یہودیوں کے تمام منصوبے کے پورا ہونے کے بعد اگر بچا ہے تو ہڈیاں نہ توڑنے کی وجہ سے حضرت مسیح میں جان باقی رہ گئی تو کیا خدا کی یہ زبردست تدبیر تھی جس کا قرآن عزیز میں اتنے زور سے حفاظت مسیح کے سلسلہ میں دعوی کیا گیا ہے۔ نعوذ باللہ من ہذہ الخرافات (مؤلف)

**قرآن عزیز — رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا معجزہ شق القمر**

اقتربت الساعۃ وانشق القمر۔ قریب آگئی ساعت (قیامت) اور پھٹ گیا چاند۔

عن ابن مسعود قال انشق القمر علی عہد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرقتین فرقۃ فوق الجبل وفرقۃ دونہ فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اشہدوا۔ (بخاری جلد ۲)

عبد اللہ بن مسعود کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں معجزہ شق القمر پیش آیا۔ اور دوسری روایت میں ہے کہ ہم خود اس وقت مجلس میں موجود تھے اور چاند کے دو ٹکڑے ہوگئے ایک ٹکڑا پہاڑ پر نظر آتا تھا اور دوسرا پہاڑ کے دوسری جانب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ گواہ رہو۔

اور حضرت انس کی حدیث میں ہے کہ مشرکین مکہ کی طلب پر آپ نے یہ معجزہ دکھایا۔

**قول مرزا — معجزہ شق القمر سے انکار**

ایک صاحب نے (مرزا سے) پوچھا شق القمر کی نسبت حضور کیا فرماتے ہیں، فرمایا ہماری رائے میں وہ ایک قسم کا خسوف تھا۔ (اخبار بدر قادیان مورخہ ۲۲ مئی سنہ ۱۹۰۸ء)

**قرآن عزیز — ملائکہ اور شیطان مستقل وجود رکھتے ہیں**

ان اللہ وملئکتہ یصلون علی النبی یا ایہا الذین آمنوا صلوا علیہ وسلموا تسلیما۔ بیشک اللہ اور اس کے فرشتے نبی صلے اللہ علیہ وسلم پر رحمت و درود بھیجتے ہیں۔ اے ایمان والو تم بھی اس نبی پر درود و سلام بھیجا کرو۔

فسجد الملئکۃ کلہم الا ابلیس۔ (بقرہ) شیطان کے سوا سب فرشتوں نے سجدہ کیا۔

**قول مرزا — ملائکہ اور شیطان دو قوتیں ہیں**

اگر کوئی کہے کہ شیطان و ملائکہ دکھلا دو تو کہنا چاہیئے کہ تمہارے اندر یہ خواہش کہ بیٹھے بٹھائے تا گاناً بدی کی طرف متوجہ ہو جاتا یہاں تک کہ خدا سے تعالے کی ذات سے بھی منکر ہو جاتا اور کبھی نیکی میں ترقی کرنا اور انتہا درجہ کی انکسار و فروتنی و عجز و نیاز میں گر جانا یہ اندرونی کشش جو تمہارے اندر موجود ہے ان سب کے محرک جو قوتیں ہیں وہ ان دو الفاظ ملک و شیطان کے وجود میں مجسم ہیں۔

(ارشاد مرزا غلام احمد قادیانی مندرجہ الحکم ۳۱ مئی سنہ ۱۹۰۸ء)

(باقی آئندہ)

---


# نسخہ طریق تشخیص امراض

# آپ ضرور کامیاب ہو سکتے ہیں

# بچوں کی اکسیر دوا

# بال جیون گھٹی

# امساک کی گولیاں

# مصری جدید برقعہ

آجکل مصر کے شاہی خاندان میں اس برقعہ کا استعمال ہے

خاتون اسٹور بازار فتحپوری دہلی

# تجارت کرو نفع اٹھاؤ

# جوہر جیلانی

دواخانہ رشیدیہ دیوبند

# دینی بکڈپو کی نایاب کتابیں

دینی بکڈپو بیت السبیل کوچہ ناہر خاں دہلی

# ونس کی ہولناک ریزی

# بے تصدیق بات پر کر نہ سکا ہے

# نمک سلیمانی

ہمدرد دواخانہ یونانی دہلی

# ارکان اسلام

# احکام شب برات

# قدیم مشہور دوکان

Aljamiat
الجمعیۃ دہلی
(ایڈیٹر: ہلال احمد زبیری (ایم اے))
جلد ۲۲ | دہلی یوم شنبہ ۱۱ر شعبان المعظم ۱۳۵۴ھ ہجری ۔ مطابق ۹ ر نومبر ۱۹۳۵ء | نمبر ۳۲

# حبشیوں نے اٹلی کے ایک رسالہ کو پسپا کردیا

## اطالوی ہوائی جہاز گولیوں سے گرا لئے گئے

## میکالے پر حملہ کے لئے پیشقدمی کی تفصیلات

### سڑکوں کی تعمیر اور موٹروں کا راستہ

ادیس ابابا ۸ر نومبر

اطالوی فوج کا ایک رسالہ ارٹیرین گرسیں بیچ نیگے کی قیادت میں میکالے کے اندر ادیغراط کی طرف سے داخل ہوگیا۔ گزشتہ شب حبشی سپاہیوں نے رات کے وقت اس پر حملہ کیا اور اسے پسپا کردیا۔ جانبین کا نقصان نامعلوم ہے۔

اسمرہ کی ایک اطلاع مظہر ہے کہ جمعرات کے روز صبح کے وقت اٹلی کی فوجیں پیشقدمی شروع کریں گی۔ بائیں جانب کا حملہ اکولا پر ہوگا اور اطالوی مقدمۃ الجیش میکالے سے دس میل پر قیام کرے گا۔

ادیغراط اور حوصنین کے درمیان سڑک مکمل ہوگئی ہے۔ امید کی جاتی ہے کہ میکالے میں پہلے داخل ہونے کا اعزاز راس گوگا کے ساتھیوں کو دیا جائے گا۔

### میکالے پر اٹلی کے قبضہ کی توقع

روم ۸ر نومبر

شدید بارش کے دوران میں اطالوی افواج کا خاص حصہ منگل کے روز میکالے سے ۲۵ میل پر آگو لایا گیا۔ توقع کی جاتی ہے کہ کل میکالے پر اٹلی کا قبضہ ہو جائے گا۔ اس عرصہ میں کہ فوج آرام لے رہی ہے ہزاروں مزدوروں کی جماعتیں سڑک صاف کر رہی ہیں تاکہ جس راستہ پر ٹٹو وغیرہ گزرتے ہیں وہ موٹروں کے لئے صاف ہو جائے اور مقبوضہ سرحد سے قریب تک موٹر پہنچ سکیں۔

### اٹلی کے دو جہازوں کو گرادیا

ادیس ابابا ۸ر نومبر

حبشیوں کا بیان ہے کہ ان کی افواج نے اٹلی کے دو ہوائی جہازوں کو پرواز کرتے ہوئے گولیاں مار کر نیچے گرادیا۔ یہ واقعہ ویپ شیلی کے علاقہ میں ظہور پذیر ہوا ہے۔

## ریاست دھار کی جامع مسجد کے متعلق احتجاجی جلسہ

### مسلمانان دہلی کا پرزور مطالبہ

دہلی ۸ر نومبر

کل شام کو نماز مغرب کے بعد جامع مسجد میں مسلمانان دہلی کا ایک جلسہ منعقد ہوا جس میں جامع مسجد دھار کے متعلق تفصیلی حالات بیان کئے گئے۔ ...

## مسجد نبوی کیلئے بجلی کی روشنی کا انتظام

### حضور نظام حیدرآباد کا فرمان

حیدرآباد (دکن) ۷ر نومبر

ہز اگزالٹڈ ہائینس حضور نظام نے ایک فرمان جاری کیا ہے جس میں یہ ظاہر کیا گیا ہے کہ اگر ملک ابن سعود کی حکومت نے کوئی اعتراض نہ کیا تو حضور نظام کا ارادہ ہے کہ اپنے مصارف سے مسجد نبوی میں بجلی کی روشنی کا انتظام کردیں۔ حکومت حیدرآباد کے سامنے مذکورہ بالا تجویز اور فوری مصارف کے متعلق دیگر تجاویز سلوک بجلی کے سلسلہ میں زیر غور ہیں۔

یہ فرمان مسٹر تعلقات جنگ کی اپیل کے جواب میں شائع کیا گیا ہے۔

## سکھ کسی صورت میں بھی سمجھوتہ کیلئے تیار نہیں

### ماسٹر تارا سنگھ کا بیان

## معاصرین کے افکار و آراء

### پیر صاحب کی خدمت میں چند معروضات

## راولپنڈی میں گوردوارہ سے ملحقہ زمین کا تنازعہ

### نمائندہ پریس کو کمشنر راولپنڈی کا بیان

## عبدالستار اور عبدالغفور کی رہائی

## کمپنی باغ میں نہانے کیلئے حوض

### پندرہ ہزار روپیہ کی منظوری

## اجمیر شریف میں مسجد شہید گنج کے متعلق جلسہ

### چار مقررین پر مقدمہ چلانے کا فیصلہ

اجمیر کی ایک اطلاع مظہر ہے کہ گزشتہ عرس کے موقع پر درگاہ شریف میں مسجد شہید گنج کے متعلق جو جلسہ ہوا تھا اس جلسہ میں تقریریں کرنے والے چار مقررین پر مقدمہ چلانے کا مقامی حکومت نے فیصلہ کیا ہے۔ ان حضرات کے نام ابھی معلوم نہیں ہو سکے ہیں۔ مگر یونائیٹڈ پریس کا بیان ہے کہ وہ پنجاب کے رہنے والے ہیں۔

## برما میں سیلاب

### گاڑی کی آمد و رفت بند

رنگون ۸ر نومبر۔ برما کے مختلف علاقوں میں تین روز تک مسلسل بارش ہونے کی وجہ سے رنگون اور مانڈلے ریلوے لائن کئی مقامات سے ٹوٹ گئی ہے۔ گاڑیاں شدید اسے آگے بالکل نہیں جاسکتیں ٹونگ وو نگی اور کیا پدانگ کے درمیان گاڑیوں کی آمد و رفت بند ہوگئی ہے۔

## دھنباد میں فساد

### مسجد کے سامنے باجہ کا سوال

دھنباد ۸ر نومبر۔ موضع تالانگا سے ایک ہندو مسلم فساد کی اطلاع موصول ہوئی ہے جس میں چار آدمی شدید مجروح ہوئے۔ بیان کیا جاتا ہے کہ ایک ہندو تہوار کے موقعہ پر ایک مقامی مسجد کے سامنے سے باجہ کے ساتھ جلوس نکالنے کے سوال پر تنازعہ شروع ہوا۔ مجروحین کو ہسپتال میں پہنچایا گیا۔ پولیس صورت حالات پر قابو پانے میں کامیاب ہوگئی ہے۔

## پانچ مسلمانوں اور ایک ہندو کی مزید گرفتاری

لاہور ۸ر نومبر۔ کل اندرون دہلی دروازہ سے پانچ مسلمانوں کی قانون ترمیم ضابطہ فوجداری پنجاب کے ماتحت پکٹنگ کرنے کے سلسلہ میں گرفتاری عمل میں آئی۔ ایک ہندو کو دہلی دروازہ سے باہر ہندوؤں سے خریدو کی ایک پمفلٹ تقسیم کرنے کے الزام میں زیر دفعہ ... ایکٹ گرفتار کر لیا گیا۔





# الجمعیۃ بکڈپو دہلی کی مذہبی ادبی اور درسی کتابوں کا نایاب ذخیرہ

## قرآن مجید و حمائل شریف وغیرہ

### پانچ ترجموں والا قرآن شریف

## مذہبی کتابیں

### صحیح بخاری

### ترجمان القرآن

## تاریخی کتابیں

### اشاعت اسلام

## تبلیغی افسانے

### ازبلا

## سیاسی و اقتصادی کتابیں

### سیاسیات ہند

### پارلیمنٹری کمیٹی کی رپورٹ

## بچوں کیلئے کتابیں

## عورتوں کیلئے کتابیں

## طبی کتابیں

الجمعیۃ بکڈپو گلی قاسم جان ۔ بازار بلیماران ۔ دہلی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# الجمعیۃ
دہلی

یوم شنبہ ۱۱ شعبان المعظم ۱۳۵۴ ہجری

# مسلمانان سرحد زندہ باد
## اتفاق و اتحاد کی شاندار فتح

۲۴ نومبر کو پشاور سے دفتر جمعیۃ علمائے ہند میں حضرت مولانا مفتی محمد کفایت اللہ صاحب صدر جمعیۃ علمائے ہند اور حضرت مولانا احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند کے نام برقی پیغامات موصول ہوئے تھے جن میں یہ اطلاع دی گئی تھی کہ ۲۶ نومبر کو صوبہ سرحد کی کونسل میں شریعت بل پیش ہونے والا ہے ... اس روز پشاور میں تشریف لا کر کونسل کی کارروائی ملاحظہ فرمائیں مگر محترم صدر و ناظم جمعیۃ اسی روز دہلی سے باہر تشریف لیجا چکے تھے اور مقررہ تاریخ پر پشاور پہنچنا ...

# شب برأت کی شرعی حقیقت اور مسلمانوں کا طرز عمل
## روحانی پاکیزگی کی ایک رات جس میں رب العالمین تجلی فرماتا ہے
## مسلمانوں کے تن نیم جاں میں بدعات و رسوم کا زہر ہلاہل

(از جناب مولانا محمد ... نائب ناظم جمعیۃ علمائے ہند دہلی)

الاعمال الی رب العالمین فاحب ان یرفع عملی و انا صائم

## ڈسٹرکٹ بورڈ میرٹھ کی فہرست رائے دہندگان

ہمیں یہ معلوم کر کے حیرت ہوئی کہ مولانا بشیر احمد صاحب ... وائس چیئرمین ڈسٹرکٹ بورڈ میرٹھ کا اسم گرامی بورڈ کے آئندہ انتخابات سے قبل فہرست رائے دہندگان سے خارج کر دیا گیا ... کسی کی شکایت اور استغاثہ کے مقامی حکام نے خود اپنی تحریک اور اپنے ارادہ سے اعتراض قائم کیا ... کو اس کے متعلق باضابطہ ... کر کے پرزور احتجاج کرنا چاہئے۔

## دہلی میں بجلی کا انتظام

دہلی میونسپل کمیٹی نے ۱۸ نومبر کو مسٹر آصف علی کی تحریک پر یہ قرارداد منظور کر کے باشندگان شہر کی صحیح ترجمانی کا حق ادا کیا ہے کہ آئندہ سال جب کمیٹی سے دہلی الیکٹرک کمپنی کا معاہدہ ختم ہو جائے تو کمیٹی اپنے حدود کے اندر بجلی کا لائسنس حاصل کر کے اس کے لئے خود تمام انتظامات ...

(بسلسلہ صفحہ ہذا کالم ۵)

# اللہ تعالیٰ کے احسانات و انعامات احاطہ شمار سے باہر ہیں
## دنیا میں ہر ذی روح کی ضروریات کا وہی کفیل ہے
### حضرت سحبان الہند مولانا الحاج حافظ احمد سعید صاحب کی دوسری تقریر سیرت

(۲۳)

### حضرت حق کا تردد و تامل

(باقی آئندہ)

# حج کے متعلق معلومات و ضروری حالات
## عالمگیر مساوات و مرکزیت کا دینی مظاہرہ

(۳)

(مکہ مکرمہ سے)

وأذن فی الناس بالحج یأتوک رجالا و علی کل ضامر یأتین من کل فج عمیق

### جلالۃ الملک ابن سعود کا عہد مبارک

(باقی صفحہ ہذا کالم ۳ کے نیچے ملاحظہ ہو)

## ناظرین الجمعیۃ کے لئے ایک نادر تحفہ
### طاقت کا لاثانی اکسیری نسخہ

ناظرین! آج میں آپ کو ایک عجیب و غریب مقوی نسخہ بتلاتا ہوں ...

سیوک شری شیام بہاری لال وید بھوشن شیام چکر کاریالیہ ۵۲ (رجسٹرڈ) شاہجہانپور یو۔پی۔ انڈیا

### کرشن کا اوتار

راجہ کرشن جیسا کہ میرے پر ظاہر کیا گیا درحقیقت ایسا کامل انسان تھا جس کی نظیر ہندوؤں کے کسی رشی میں نہیں پائی جاتی ...

(لیکچر سیالکوٹ صفحہ ۳)

### سبحانک ہذا بہتان عظیم

(باقی آئندہ)

اخبار الجمعیۃ کی توسیع اشاعت کے لئے سعی فرما کر اپنی علم نوازی کا ثبوت ہم پہنچایئے ... "منیجر الجمعیۃ۔ دہلی"

# "دین مرزا" اور اسلام
(از حضرت مولانا ابو القاسم محمد حفظ الرحمٰن صاحب سیوہاروی)

(۷)

### قول مرزا
مضحکہ خیز اقرار (ٹیچی)

### سبیلا (آل عمران)

### حج کے متعلق قول مرزا

### حضرت محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کا اوتار

(ضمیمہ رسالہ جہاد صفحہ ۵)

### حج کے متعلق قرآن عزیز کا فرمان
وللہ علی الناس حج البیت من استطاع الیہ

دہلی سے ہر قسم کی کتابیں منگانے کا پتہ یاد رکھئے: "الجمعیۃ بکڈپو بلیماران۔ دہلی"

# پنجاب کے اخبارات کو گورنر باجلاس کونسل کا انتباہ

## فرقہ وارانہ کشیدگی پیدا کرنے والی خبریں شائع نہ کی جائیں

### ورنہ سخت کاروائی کی جائیگی

آج چیف سکرٹری حکومت پنجاب نے ایک پریس کمیونکے شائع کیا ہے جس کا مضمون حسب ذیل ہے:۔

گورنر باجلاس کونسل نے اپنے پریس کمیونکے مورخہ ۱۷ اگست ۱۹۳۵ء میں اخبارات کے ایڈیٹروں اور مالکان سے اپیل کی تھی کہ وہ اس قسم کی خبریں شائع کرنے سے احتراز کریں جن سے دونوں قوموں کے درمیان فرقہ وارانہ تلخی اور کشیدگی پیدا ہونے کا امکان ہو۔ ...

اس لئے گورنر باجلاس کونسل یہ مناسب سمجھتے ہیں کہ پہلے ایک انتباہ شائع کردیں کہ ان اخبارات اور چھاپہ خانوں کے خلاف انڈین پریس (ہنگامی اختیارات) ایکٹ کے ماتحت فوری اور سخت کاروائی کی جائیگی جو ایسی خبریں یا ایسا مصالحہ شائع کریں گے جن سے ملک معظم کی رعایا کی مختلف قوموں میں فرقہ وارانہ منافرت اور دشمنی کے بڑھنے کا امکان ہو۔

# حضرت کاکو شاہ کے مزار اور مسجد شہید گنج کو کس طرح منہدم کیا گیا

## عدالت میں سکھ گواہوں کے بیانات

### لاہور میں فوجداری کے مقدمہ کی مفصل کاروائی

(بسلسلہ اشاعت گزشتہ)

### رنگ سنگھ گواہ استغاثہ کا بیان

رنگ سنگھ گواہ استغاثہ نے بیان کیا کہ میں ماہ اگست میں لاہور میں آیا تھا اور گوردوارہ شہید گنج میں ٹھہرا تھا۔ ...

### مسجد کا انہدام

...

### شناخت پریڈ

...

### قبر کی بنیادیں نکالنے کا حکم

...

### سوہن سنگھ گواہ استغاثہ کا بیان

...

### گواہ پر جرح

...

# پنجاب میں فرقہ وارانہ کشمکش

## بائیکاٹ اور پکٹنگ

لاہور ۵ نومبر ابھی تک لاہور میں فرقہ وارانہ اقتصادی بائیکاٹ کو جاری ہے۔ چنانچہ زیر دفعہ ... قانون ترمیم ضابطہ فوجداری ایک مسلمان کو ایک ہندو دکان پر پکٹنگ کرنے کے الزام میں گرفتار کیا گیا ہے۔ اس شخص نے ایک پٹھان کو ایک ہندو کی دکان سے روئی خریدنے سے منع کیا اور جب وہ نہیں مانا تو اسے دھمکایا۔ اتنے میں اکٹھا ہو گیا۔

# پنجاب کونسل میں مسجد شہید گنج کا معاملہ

## حکومت کا بیان

لاہور ۴ نومبر آج پنجاب کونسل میں ہوم ممبر نے شہید گنج مسجد کے متعلق ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے بتایا کہ مسلمان لیڈر ... مولوی ظفر علی خاں صاحب مالک و ایڈیٹر زمیندار ... سید حبیب صاحب مالک اخبار سیاست ... ملک لال خاں کو حکومت کی طرف سے ... ماہانہ بطور الاؤنس ملتے ہیں۔ ...

# صوبہ مدراس کا ریکارڈ

## ۱۵ اخبارات اور ۳۵ مطابع سے ضمانت

مدراس ۳ نومبر مدراس کونسل میں ایک سوال کے جواب میں ہوم ممبر نے بیان کیا کہ ۱۹۳۴ء سے ۱۵ اخبارات اور ... مطبعوں سے ضمانت طلب کی گئی ہے جن میں ... ضمانت داخل کی۔ ضمانت کا کل ... روپیہ ... اخبارات کا روپیہ واپس کر دیا ہے۔ ...

# مسلم یونیورسٹی میں صنعتی تعلیم

## ۱۰ ہزار روپیہ کی منظوری

علی گڑھ ۴ نومبر سالہا سال کے پیہم مطالبات کے بعد مسلم یونیورسٹی علی گڑھ اس قابل ہوگئی کہ فنی تعلیم کو شروع کرسکے۔ پچھلے ہفتہ یونیورسٹی کی ایگزیکٹیو کونسل نے اس مطالبے کیلئے مبلغ دس ہزار روپیہ منظور کرلیا ہے۔ ...

# ایسٹ انڈ ویسٹ کارپوریشن کے فنیجنگ ڈائرکٹری

## نظام گورنمنٹ سے ہرجانہ کا مطالبہ

حیدرآباد کی ایک خبر مظہر ہے کہ فرسٹ کلاس مجسٹریٹ نے ...


# فلسفۂ تعلیم اسلام

وہ معرکۃ الآرا تصنیف جس کو حکیم شفیق عرصہ دراز سے نظام ایک جاری اخبار شائع ہوگی ہے اور ایسے وقت میں چھپکر شائع ہوئی ہے جب کہ دنیائے اسلام کو اسکی سخت ضرورت ہے۔ مغربی تہذیب و تمدن نے مسلمانوں کو اپنے مذہبی اعمال و عقائد سے بے خبر کردیا ہے۔ اور مغربی تعلیم انکو دہریت و بے دینی کی طرف لیجا رہی ہے۔ ہر شخص کا نقطۂ نگاہ یہ ہے کہ وہ عقائد و احکام اسلامیہ کو عقل و فلسفہ کے معیار پر کسے اور علوم حاضرہ کی روشنی میں دیکھے۔ یہ کتاب اس ضرورت کو بخوبی پورا کرتی ہے۔ اس کے مطالعہ سے معلوم ہوگا کہ یہ کتاب مسلمانوں کیلئے کس قدر مفید ہے اور اس زمانہ میں جبکہ تعلیم جدید نے معتقدات میں تزلزل پیدا کر رکھا ہے اس کتاب کی اشاعت کیسی ضروری ہے۔

اسلام کے وہ تمام معتقدات جن پر ایمان لائے بغیر کوئی عبادت و عمل مقبول نہیں ہوتا نہایت شرح و بسط ... عنوانات کے تحت میں بیان کئے گئے ہیں۔ تمام معتقدات اسلامیہ کو علوم جدیدہ فلسفہ منطق سائنس ہیئت طب تشریح تاریخ وغیرہ سے قرآن حدیث فقہ و تفسیر کلام و تصوف کی روشنی میں اس طرح ثابت کیا ہے کہ جس کے مطالعہ کے بعد کسی قسم کے شک و شبہ کی مطلق گنجائش باقی نہیں رہتی اور جو شخص بھی اس کتاب کو سرسری نظر سے دیکھ لیتا ہے اسلام کی روشنی اسکے دل و دماغ کو منور کردیتی ہے۔

ہر مسلمان کا فرض ہے کہ اس کتاب کو خود پڑھے اور اپنے متعلقین کو پڑھائے تاکہ اپنے مقدس مذہب کے سچے اصول سے کماحقہٗ واقف ہو کر دین و دنیا کی برکتیں حاصل کرے۔ لکھائی چھپائی دیدہ زیب کاغذ چکنا سفید قسم اعلیٰ سائز ۲۰×۲۶ صفحات ۲۸۰ قیمت بلا جلد ۲ مجلد تین روپے محصولڈاک ... 

ملنے کا پتہ:۔ الجمعیۃ بک ڈپو بلیماران دہلی

# عطر محمدی رجسٹرڈ

## عطروں کا سرتاج

تمام دنیا کے مسلمانوں کے سرتاج حضور سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم خوشبو کو بہت پسند فرماتے تھے ... یہ عطر تیار کیا ہے اور یہ عطر حضور کے نام سے منسوب کر کے گورنمنٹ سے رجسٹرڈ کرالیا ہے۔

تمام مسلمان جانتے ہیں کہ عطر لگانا سنت ہے۔ لیکن عطر محمدی اپنی روح کو اپنے نام کی طرح ... متوجہ کر دیگا۔ عطر کو لگاتے ہی دماغ تازہ ہوجاتی ہے۔ کیونکہ یہ اس کی غذا ہے۔ دل کو فرحت اور قلب کو تقویت حاصل ہوتی ہے اس کا آپ خود تجربہ فرمائیں گے۔ امید ہے کہ نیازمندان کی محنت و جانفشانی کی داد فرماکر ہمت افزائی فرمائی جاوے گی۔

قیمت:۔ فی تولہ چھ روپے۔ چار روپے۔ دو روپے۔ محصولڈاک ذمہ خریدار ملنے کا پتہ:۔

موجد ایس جمال اینڈ سنز تاجر عطر بلیماران دہلی

# نورانی قرآن مجید معرا

اس شان کا اتنا خوشنما، اتنی صحت اور اس قدر طہارت و پاکیزگی کے ساتھ چھپا ہوا تمام ہندوستان کے بازاروں میں اس کے سوا دوسرا قرآن شریف آپ کو مشکل سے ملے گا۔ اس نورانی قرآن شریف کی کتابت ایک ایسے عربی کے خوشنویس سے کرائی گئی ہے ... اور اب ہندوستان میں ان سے اچھا کوئی خوشنویس نہیں ہے۔

نورانی قرآن مجید کی صحت کیلئے حافظوں اور عالموں کی ایک جماعت اکٹھی کی گئی تھی جنہوں نے دردِ دل اور خلوص کے ساتھ اس قرآن مجید کی صحت انتہائی جانفشانی کے ساتھ کی ہے۔

نورانی قرآن مجید کی کتابت صاف اور روشن ہے۔ ...

نورانی قرآن مجید کا ٹائٹل رنگین ... 

... ملنے کا پتہ:۔ الجمعیۃ بک ڈپو گلی قاسم جان دہلی




# جنگ حبش کے تین دن

## لاکھوں کی تعداد میں فوجوں کا اجتماع اور خونریز لڑائیاں

۵ نومبر

اسمرہ کی اطلاع ہے کہ میکالے کی حفاظت کیلئے حبشیوں کی ایک لاکھ سپاہیوں پر مشتمل ہے۔ جارحانہ اقدامات شروع کر دیئے ہیں۔ ...

کردیا اور حوصلین پر قبضہ کرلیا ہے۔ ہوائی جہازوں کے ذریعہ گشت کرنے پر معلوم ہوا کہ دشمن کی فوج کا ایک چھوٹا دستہ ... سے میکالے کی جانب جارہا تھا اور جنوب کی طرف سے ایک بڑا دستہ جو دس ہزار فوج پر مشتمل تھا اس طرف جارہا تھا جس سے دوبدو لڑائی چھڑنے کا خدشہ ہے۔ ...

# شہنشاہ حبش کو قتل کرنے کی کوشش

## شاہی محل میں بم پایا گیا

روما ۵ نومبر اسمرہ کا ایک تار مظہر ہے کہ شاہ نجاشی کو ہلاک کرنے کی کوشش کی گئی۔ ابھی تک اس خبر کی تصدیق نہیں ہوئی ہے لیکن بیان کیا جاتا ہے کہ عدیس ابابا میں شاہی محل کے اندر ایک بم پایا گیا ہے۔ ...

# بین الاقوامی سیاسیات کا نقشہ

## جنیوا کی بساط پر دول یورپ کی شطرنجی چالیں

### مالی امداد کے لئے حبش کی درخواست

جنیوا ۴ نومبر حبشہ نے جمعیت اقوام سے اقتصادی امداد کی درخواست کی ہے۔ ...

### یورپ پر جنیوا کی کاروائی کا اثر

لندن ۵ نومبر۔ اخبار ٹائمز کا نامہ نگار مقیم جنیوا لکھتا ہے کہ لیگ کی کاروائیوں کا سطحی یورپ پر گہرا اثر پڑ رہا ہے۔ ...

### روم میں غلہ کی کمی

...

### مصر کو اٹلی کی دھمکیاں

...

# تیل کی برآمد پر پابندی

## اٹھارہ اراکین کی کمیٹی کا فیصلہ

لندن ۵ نومبر اٹھارہ اراکین کی اقتصادی سب کمیٹی نے کل جنیوا میں اس بات پر غور کیا کہ ان اشیاء میں جن پر ... پابندی لگانے کی تجویز منظور ہوئی ہے۔ تیل، کوئلہ اور لوہا کو بھی شامل کر دیا جائے۔ ...

# جرمنی میں عسکری تعلیم کا عظیم الشان انتظام

...

# برطانیہ پر سازش کا الزام

## جاپان میں خطرات کا اظہار

ٹوکیو ۴ نومبر جاپان کا خیال ہے کہ چین کی مالی تدابیر کی بنا پر سرفریڈرک راس کی سرگرمیاں ہیں۔ ...

# طرابلس میں اٹلی کے زہرہ گداز مظالم

## دو ہزار عربوں کی گرفتاری اور بے تحاشا قتل

...

# نظر بندان تحریک مسجد شہید گنج اور حکومت

## مولانا غلام محمد مظہر امرتسری کیساتھ افسوسناک سلوک

...

# بمبئی اچھوت کانفرنس کی تصدیق

## کراچی کے چار ہزار اچھوتوں کا فیصلہ

کراچی ۳ نومبر کراچی کے ہزار اچھوتوں نے متفقہ طور پر ... اعلان کی تصدیق کی ہے ...

# مسلم یونیورسٹی کا پرو وائس چانسلر

...

# ملدریڈ میں طوفان

...

# کوڑے کی سزا منسوخ کردیجائے

## اسمبلی میں مسٹر آصف علی کا مسودہ قانون

...

# عبد الستار اور عبد الغفور

## رہائی میں تاخیر

...

# دہلی میں بجلی کے نرخ بہت گراں ہیں

## میونسپل کمیٹی کو چاہئے کہ فوری تدابیر اختیار کرے

...

# صوبہ کانگریس کمیٹی کا اجلاس

## میرٹھ میں انڈین نیشنل کانگریس کو دعوت

...


مسلسل افسانہ

# طوفان حوادث

اردو زبان کے مشہور ادیب و افسانہ نگار مولوی شبیر حسن صاحب ... کا ایک بہترین افسانہ ... حالات و واقعات ... 

... ملنے کا پتہ:۔ منیجر الجمعیۃ بک ڈپو گلی قاسم جان دہلی




دہلی سے ہر قسم کی کتابیں منگانے کا پتہ یاد رکھئے۔ الجمعیۃ بک ڈپو بلیماران دہلی

# عثمانیہ کلب پانی پت کا سالانہ تقریری مقابلہ

عثمانیہ کلب پانی پت کا سالانہ تقریری مقابلہ ۲۲-۲۳-۲۴ نومبر ۱۹۳۳ء کو ہونا قرار پایا ہے۔ ہائی سکولوں کے طلباء کے علاوہ اس سال تمام ہندوستانی یونیورسٹیوں کے کالجوں کے طلباء کے لئے بلا لحاظ مذہب و ملت ایک سنیئر سیکشن کا افتتاح کیا جا رہا ہے۔ ہائی سکولوں کے طلباء کیلئے جن میں جامعہ ملیہ بھی شامل ہے مضمون زیر بحث یہ ہے کہ "دنیا اصلاح اخلاق کا بہترین ذریعہ ہے" اور کالجوں کے طلباء کے لئے یہ مضمون ہے کہ "ہندوستانی اخلاق کو بلند معیار پر لانے کے لئے مخلوط تعلیم (Co-education)

# دفعہ خامس اعتراض اور اس کا جواب

نامہ نگار صاحب تحریر فرماتے ہیں دنیا میں ہر جگہ عقیدت کی شہرت ہے ہزاروں مرید، معتقد، شاگرد ہیں یہ سب لوگ جو کچھ صدقات زکوٰۃ آپ کے اسم گرامی سے روانہ فرماتے ہیں آپ اس کو خزانہ دارالعلوم میں داخل نہیں فرماتے بلکہ نہایت احتیاط و امانت و دیانت سے بدست خود طالبین علوم کو دیتے ہیں الخ

(الجواب) اس دفعہ کے متعلق جناب حاجی صاحب نے کچھ نہیں فرمایا۔ نامہ نگار صاحب نے اس دفعہ میں بالخصوص نہایت عجیب طریقہ پر نہر اگلے ہیں اس کے جواب میں میں صرف یہ کہنا چاہتا ہوں کہ جو اموال یا نقود مدرسہ کے لئے میرے پاس آتے ...

# حضرت مولانا حسین احمد صاحب مدنی کی ذات گرامی پر تہمات و بہتانات کی بارش

## ناقابل انکار حقائق کا اظہار اور بے بنیاد دعاوی کی موثر تردید

## تلبیس و تدلیس اور کذب و دروغ کے تمام پردے چاک ہو گئے

(۵)

بہرحال ضروری تو یہ ہے کہ ان ایام کو دارالعلوم کی خدمات میں ہی شمار کیا جائے اور اگر بالفرض نہ بھی شمار کریں تو تمام سال میں ایام غیر حاضری صرف (۵) دن ہوتے ہیں جو کہ ملحوظ پانچ دن بھی نہیں پڑتے حالانکہ میری شرط ہر ماہ میں ایک ہفتہ ...

دینیہ کی ہیں اور کیا آج کسی یونیورسٹی اور کسی کالج کا بڑے سے بڑا پروفیسر یا کسی مذہبی مدرسہ کا مدرس اتنی خدمات انجام دیتا ہے یا نہیں۔ بعض غیر متعلق طلباء نے نقشہ مندرجہ ذیل روزانہ منٹوں اور گھنٹوں کے لحاظ سے ہر روز لکھ کر ترتیب ...

# پست اقوام کی ترقی

## رب العالمین کا سچا فرمان اور فریضہ مسلم

(از مولانا مولوی محمد میاں صاحب ناظم شعبہ تبلیغ جمعیۃ علمائے صوبہ متحدہ)

خدا کی زمین میں فرعون مصر نے سر اٹھا رکھا تھا باشندگان مصر کے چند گروہ کر کے انہیں سے ایک کو بری طرح ذلیل و خوار کر رکھا تھا۔ تو خدائے قدوس نے حضرت موسیٰ علیہ و علیٰ نبینا الصلوٰۃ والسلام کو بھیجا کیونکہ تمام انسانوں کو سچا پروردگار یہ چاہتا ہے کہ کمزوروں اور درماندوں پر احسان فرمائے ان کو سردار بنائے۔ ان کو وارث ملک کر کے ان کو اقتدار بخشے (دیکھو سورہ قصص پہلا رکوع)

علماء اسلام۔ تمام مذہبوں میں اکمل تر ہے ان تمام مقاصد ...

پہلی تجویز میں یہ طے کیا گیا کہ کانفرنس کی رائے میں موجودہ گورنمنٹ آف انڈیا ایکٹ رجعت پسندانہ اصول و طرز کے خلاف اور مایوس کن ہے اور کوئی ترقی پسند سیاسی جماعت موجودہ نظام سے تعاون نہیں کر سکتی باوجود اس ایکٹ کے عیوب و نقائص کے اس کی ضرورت ہے کہ وطن پرست اصحاب ان کونسلوں اور اسمبلی میں موجودہ ایکٹ کے ماتحت قائم ہوں اس پر قبضہ کر کے ہندوستان کے لئے اس سے بہتر اصلاحات کے حصول کے لئے ان کونسلوں اور اسمبلی کو استعمال کریں۔ دوسری تجویز میں شیعیان ہند سے اپیل کی گئی کہ وہ دور حاضرہ کی موجودہ کشمکش اور سیاسی فضا کو مدنظر رکھتے ہوئے ہر صوبہ میں شیعہ پراونشل پولیٹیکل پارٹیز قائم کریں اور ہر صوبہ کی سیاست کو ...

# آل انڈیا شیعہ پولیٹیکل کانفرنس

# تجارت کرو فائدہ اٹھاؤ

# اعجاز غوثیہ


# وینس کی ہر دلعزیزی



# ایک تیر سے دو شکار

انٹرنیشنل ٹریڈنگ کمپنی پوسٹ بکس ۲۰۰۱ کلکتہ

# جوانی کی حفاظت کرو

لیسیتھین
ایم - بین
اے - آئی
آر - او
کلکتہ

Kalzana

# حب زریں

# دینی بکڈپو کی نایاب کتابیں

# جوہر جیلانی

دواخانہ رشیدیہ دیوبند

# مصری جدید برقعہ

اٹلی بھی مصر کے شاہی خاندان میں اس برقعہ کا استعمال ہے

خاتون اسٹور بازار فتحپوری دہلی

# خضاب چھوڑ دو

# قلم ہم ہیں



# نمک جالینوس

ہمدرد دواخانہ یونانی دہلی

# حب مبہی خاص

# قدیمی مشہور دوکان

# ایجنسی مکانات

# بے تصدیق بات پر شک ممکن ہے

# ارکان اسلام

# ساوتری

آج شب کو صرف ایک ساڑھے نو بجے

# پروفیسر شنکر راؤ کا مشہور سرکس

اس میں ۵۰ حیرت انگیز کرتب کرنے والے کھلاڑی اور ۱۰۰ سدھائے ہوئے عجیب و غریب جنگلی جانور ہیں

# کارلیکر گرانڈ سرکس

افریقہ کے جنگلوں کے ۲۰ خونخوار شیر

نیپال کی پہاڑی کے ۶ ہاتھی۔ ریچھ۔ گھوڑے، بکرے، کتے، بندر، طوطے اور دیگر بے شمار جانور ہیں

ہر ایک شخص کو روز دیکھنا ہوگا

پیپل پارک نزد پتھر والا کنواں دہلی میں

جمعہ، ہفتہ۔ اتوار کو ایک کھیل دن کے پانچ بجے بھی ہوتا ہے

مایوسی سے بچنے کیلئے آج ہی اپنی جگہ ریزرو کرا لیجئے

# بکس مردمی

خاص رعایتی تحفہ

Aljamiat

# الجمعیۃ دہلی

(ایڈیٹر:۔ ہلال احمد زبیری (ایم ۔ اے))

جلد ۲۲ | دہلی ۔ یوم چہارشنبہ ۱۵ ر شعبان المعظم ۱۳۵۴ھ ہجری ۔ مطابق ۱۳ ر نومبر ۱۹۳۵ء | نمبر ۳۴

## پیغامات

(از جناب مشتاق صاحب راندی سورتی)

### بنام حبش

اے حبش تو ہے بلال پاک باطن کا وطن — مسلموں کے واسطے گلریز تھا تیرا چمن
وہ مصیبت ان کی وہ تیری کرم فرمائیاں — آج تک بھولے نہیں ہیں ہم وہ در پر محن

دی مسلمانوں کو پہلے جس نے دنیا میں پناہ — بے کس و مظلوم سے کی جس نے آخر تک نباہ
راحتیں پہونچائیں جس نے ہر طرح اسلام کو — نیکدل کتنا نجاشی تھا حبش کا بادشاہ

مسلموں کی جاں حمایت میں تری قربان ہے — ساتھ مظلوموں کا دینا ان کا اک ایمان ہے
وہ تری ہر ایک خدمت کیلئے تیار ہیں — انکے مذہب میں عوض احسان کا احسان ہے

مسلموں کا دل مصیبت سے تری غمناک ہے — درد سے تیرے مسلمانوں کا سینہ چاک ہے
غم نہ کھا تو خنجر جاں اسکو بنا کر چوم لے — تو امانت دار مکتوب شہ لولاک ہے

### بنام حکومت اٹلی

ہے ترے ظلم و ستم سے سینۂ مسلم فگار — خون سے اکی زمیں تیری ہے ابتک لالہ زار
اسکے دل میں زخم تازہ ہے تری شمشیر کا — دامن تہذیب ہے تیرا لہو سے داغدار

تو ہی اے اٹلی سر مسلم سے تھا سنگ زما — تو ہی تھا خون تن اسلام کا رنگ آزما
عالم اسلام تیرے ظلم کو بھولا نہیں — تو ہی اے اٹلی ٹریپولی میں تھا جنگ آزما

### مختار اٹلی موسولینی کے نام

چاہتا ہے تو شرارت سے کہ ہو اک انقلاب — عالم انسانیت میں پھیل جائے اضطراب
موسولینی دیکھ یہ فرعونیت اچھی نہیں! — دیکھتا ہے آج بھی تو دن میں امپائر کا خواب

تیرے ترکش میں بھرے ہیں خون سے آلودہ تیر — کس قدر بگڑا ہوا ہے تیری فطرت کا خمیر
کیوں نہیں میں گڑ نہیں جاتا تو اپنے بوجھ سے — تجھ کو کیا مطعون بھی کرتا نہیں تیرا ضمیر

# حبش کے لئے برطانیہ کی امداد روانہ ہوگئی

## اٹلی نے ایک اور اہم مقام پر قبضہ کر لیا

## حبش کے جنوب میں زبردست حملہ کی توقع

## اٹلی کے آئندہ منصوبوں کا انکشاف ہوگیا

اسمرہ ۱۰ ر نومبر

اطالوی افواج نے سا سا نیبہ پر بھی قبضہ کر لیا جو جیجیگا سے ستر میل کے فاصلہ پر واقع ہے اور ہرار کی مدافعت کے سلسلہ میں ایک اہم مقام ہے۔

اٹلی کی شمالی فوجیں اب میکالے کے جنوب کی طرف داخل ہوگئی ہیں اور اس بڑے راستہ پر آگئی ہیں جس سے ادیس ابابا کو کارواں جایا کرتے ہیں۔ لیکن یہ خیال کیا جاتا ہے کہ بحالات موجودہ اٹلی کی پیش قدمی اپنے انتہائی نقطہ تک پہنچ چکی ہے کیونکہ اب توجہ کا مرکز مغرب کی طرف چلا گیا ہے جہاں اٹلی کی فوجیں حملہ کرنے کا فیصلہ کر رہی ہیں۔

میکالے کے چاروں طرف کامیاب کارروائیوں کے بعد دریائے تاکازے کے برابر جنوب میں ساسا نیبہ پر پیش قدمی سے اٹلی کی ...

### بم پھٹ گیا

#### حیدرآباد میں تین آدمی زخمی ہوئے

کراچی ۱۰ ر نومبر

ایک مقامی اخبار میں یہ اطلاع شائع ہوئی ہے کہ حیدرآباد (سندھ) میں ایک تقریب کے موقع پر ایک بم پھٹ جانے کی وجہ سے تین آدمی مجروح ہوئے ہیں جنہیں ہسپتال میں داخل کر دیا گیا۔ مجروحین میں دو لڑکے بھی ہیں جو اس جگہ کھیل رہے تھے۔ اور اسکے موقع پر پولیس تحقیقات کر رہی ہے۔

### صوبہ سرحد میں تلوار کی اجازت دی جائے

#### کونسل کی غیر سرکاری قرارداد

پشاور ۹ ر نومبر ۔ آج کونسل کے اجلاس میں ایک غیر ...

### تعزیرات کے نفاذ سے قبل اٹلی کی تیاریاں

### اٹلی کے سفیر کی مصر کو دھمکیاں

### کینیا اور یوگنڈا کے راستے سے طبی امداد

### برطانیہ کے تجارتی بورڈ کا فیصلہ

### نزولی میں علم و عرفان کی بارش

#### حضرت ناظم جمعیۃ علماء ہند کا ورود

### جاپان کے ایک جنگی جہاز کی چین پر چڑھائی

شنگھائی ۱۰ ر نومبر

گذشتہ شام کو ایک جاپانی بحری سپاہی کو گولی سے قتل کر دینے کے باعث صورت حال بہت زیادہ خراب ہوگئی ہے اور چین و جاپان کے درمیان انتہائی کشمکش کا آغاز ہوگیا ہے ...

... امن قائم کئے گئے ہیں کہ راستہ میں چینیوں کو روک کر ان سے سوالات کریں اور ان کی تلاشی لیں۔ ایک جاپانی جنگی جہاز چین کے لئے روانہ ہوگیا ہے اور سخت جنگی تدابیر کی دھمکی دی گئی ہے۔ بہت زیادہ کشیدگی کا خطرہ محسوس کیا جاتا ہے۔

ہر قسم کے قرآن کریم و حمائل شریف معریٰ و مترجم نیز ہر قسم کی کتابیں الجمعیۃ بکڈپو دہلی سے طلب فرمائیے


# الجمعیۃ بکڈپو دہلی کی مذہبی ادبی اور درسی کتابوں کا نایاب ذخیرہ

## قرآن مجید و حمائل شریف وغیرہ

پانچ ترجموں والا قرآن شریف

دنیا میں یہ پہلا قرآن شریف ہے جو پانچ ترجموں کے ساتھ شائع ہوا ہے۔ حضرت مولانا شاہ عبدالقادر صاحب، حضرت مولانا شاہ ولی اللہ صاحب، حضرت شیخ سعدی، حضرت مولانا شاہ رفیع الدین صاحب اور مولانا اشرف علی صاحب تھانوی کے تراجم جمع کئے گئے ہیں ...

دو ترجموں والا مع تفسیر قرآن مجید

قرآن مجید معریٰ

حمائل شریف مترجم مع خلاصۃ التفاسیر

یازدہ سورہ قرآن مجید مع دعائے گنج العرش

## مذہبی کتابیں

صحیح بخاری

ترجمان القرآن

الجمال والکمال

تفسیر

جنتی کنجی

دوزخ کا کھٹکا

پاک زندگی

فتاویٰ اشرفیہ

اسلامی عقائد و احکام

الیعین

معارف اسمی

خاموش تبلیغ — ایک قصہ کے پیرایہ میں موعظت و حکمت کا ایک دریا ہے۔ قیمت ۱۲ ر

## تاریخی کتابیں

اشاعت اسلام — "دنیا میں اسلام کیونکر پھیلا" اس موضوع پر فخر الہند حضرت مولانا حبیب الرحمن ...

بلاغ مبین

حالات انبیاء

تاریخ المشاہیر

اصحاب بدر

علمائے سلف

تذکرہ علماء

تذکرۃ الصلحاء

خواتین اندلس

اسلامی تاریخ

حیات حافظ خاں

اختر اور رضیہ — ان دونوں کے دلوں میں محبت کی آگ بھڑک رہی تھی ...

## تبلیغی افسانے

از بلا

ساوتری

## بچوں کیلئے کتابیں

تعلیم الاسلام

خاموش تبلیغ

بچوں کا تحفہ

## اوراد و وظائف

طب روحانی

اربعین

رسول کی دعائیں

وعائے مقبول

حسن الوظائف

## عورتوں کیلئے کتابیں

خانہ داری

خواتین اندلس

علامہ راشد الخیری کی تصنیفات

## طبی کتابیں

ضیاء الحکمت

دستور العمل اطباء

## سیاسی و اقتصادی کتابیں

سیاسیات ہند

پارلیمنٹری کمیٹی کی رپورٹ

سکہ و شرح تبادلہ

ریاست

مالیات عامہ

ان تمام کتابوں کے ملنے کا پتہ حسب ذیل ہے

الجمعیۃ بکڈپو ۔ گلی قاسم جان ۔ بازار بلیماران ۔ دہلی


(جید برقی پریس دہلی میں باہتمام ہلال احمد زبیری پرنٹر و پبلشر چھپکر دفتر الجمعیۃ دہلی سے شائع ہوا)

# اللہ رب العزت کی نعمتوں کا شکریہ اعتراف عجز کے سوا اور کچھ نہیں ہو سکتا

## ایک مسلمان کیلئے دنیا کی محرومیوں پر شکوہ کرنا باعث شرم ہے

### حضرت سحبان الہند مولانا الحاج حافظ احمد سعید صاحب کی دوسری تقریر

(۳۴)

**حضرت موسیٰ علیہ السلام کا بقیہ قصہ**

انہی احسانات کی طرف حضرت موسیٰ نے اشارہ کرتے ہوئے بارگاہ الٰہی میں عرض کیا تھا الٰہی اول تو ان احسانات کا شمار میری طاقت سے خارج ہے۔ پھر یہ کہ اگر میں کسی نعمت کا شکریہ ادا بھی کروں تو یہ ایک مستقل احسان ہے کیونکہ نیک عمل کی توفیق ...

مائل ہو جاتے اللہ تعالیٰ نے ہماری آبرو رکھی اور غیروں کے سامنے شرم رکھ لی اگر کافروں کو وہ سب کچھ مل جاتا جو وہ دنیا چاہتے تھے تو نہ معلوم ہمارا کیا حشر ہوتا وہ تو خدا نے خیر کی کہ غیروں کو وہ نہ دیا جو وہ دینا چاہتے تھے ورنہ ہم اس دنیا کے پیچھے کافر ہو جاتے۔

یہی حالت ہے اللہ تعالیٰ دنیا دیدیں تو خوش ہیں اسلام بہت اچھا مذہب ہے اور اگر تنگدستی یا فقر سے واسطہ پڑ جائے تو ناراض ہیں۔ میں یہ نہیں کہتا کہ تمام مسلمان ایسے ہی ہیں۔ اگر مخلص بندے نہ ہوں تو دنیا کس طرح قائم رہ سکتی ہے۔ لیکن اس میں شک نہیں کہ بہت سے مسلمانوں کی عملی حالت خراب ہے۔ جب مسلمان روپے کے لالچ میں فسق کر سکتا ہے تو کفر کرنے میں کونسی چیز مانع ہے۔ آج صدہا مسلمان ملازمتوں کے لالچ میں قادیانی نہیں ہو رہے ہیں۔

**چودھری ظفر اللہ سے اختلاف**

آپ کو معلوم ہے ہندوستان کے مسلمانوں نے چودھری ظفر اللہ ...

... ہے۔ اس آیت میں جو سب سے گہری بات ہے وہ یہ ہے کہ ہم پر بھی عدم اعتماد کا اظہار کیا گیا ہے اور ہمارے ایمان و استقلال کی کمزوری کا اظہار کیا گیا ہے۔ گویا ہم ایسے ضعیف الاعتقاد ہیں کہ کافروں کی دولت و ثروت دیکھ کر ان کی طرف ...

... میں سے بعض وہ لوگ ہیں جو اے ہمارے پیغمبر آپ کو صدقات و خیرات اور مال غنیمت کی تقسیم پر عیب لگاتے ہیں ان کی حالت یہ ہے کہ ان کو کچھ دیدو تو راضی ہیں اور اگر نہ دو تو خفا ہو جاتے ہیں۔ یہ حرکت تو منافقوں کی بیان کی گئی ہے۔ آج ہم سب کی ...

---

# حج کے متعلق معلومات و ضروری حالات

## عالمگیر مساوات و مرکزیت کا دینی مظاہرہ

(مکہ مکرمہ سے)

(۴)

**مکانات**

حکومت کو ان مکانات کا خاص طور پر خیال ہے جن میں حجاج قیام کرتے ہیں چنانچہ اس کام کے لئے ایک خاص کمیٹی مقرر ہے جو حجاج کے مکانات کی تفتیش اور صفائی اور طبی معائنہ کرتی ہے اور ہر کمرہ میں ساکنان کی تعداد کا تعین کرتی ہے اور مکانات کا کرایہ حکومت کی طرف سے نہایت کم اور موزوں مقرر ہے اور حاجی کے اختیار میں ہے کہ خواہ وہ پورا مکان لے یا کچھ حصہ یا ایک کمرہ حسب ضرورت لے۔

۴۔ ادارہ رئیس المعلمین حجاج جاوہ مکہ
۵۔ ادارہ رئیس المعلمین حجاج بقیہ اقوام مکہ
۶۔ حج کمیٹی مکہ
۷۔ مجلس مزورین مدینہ منورہ۔

ہر حاجی کے امکان میں ہے کہ وہ جب چاہے مذکورہ بالا مراکز سے مراجعت کرے ہم حجاج کو نصیحت کرتے ہیں کہ جب ان کو کوئی معاملہ پیش آوے تو حکومت کے ہر محکمہ سے مراجعت کر سکتے علاوہ ازیں محکمہ پولیس و دیگر دفاتر سے بھی ہر وقت ...

**دینی ہدایات**

... ان کا ازالہ کرنے وہ کمیٹیاں مندرجہ ذیل ہیں۔

۱۔ مجلس مراقبت حجاج جدہ
۲۔ ادارہ نقیب و وکلاء ہند جدہ
۳۔ ادارہ رئیس المعلمین حجاج ہند مکہ

... ہوتی ہے اس پر لازم ہے کہ طواف خانہ کعبہ اور سعی درمیان صفا و مروہ بجالائے اور امکانی صورت میں خشوع و خضوع سے تمام مناسک ادا کرے اور جملہ معاصی سے اجتناب کرے۔

(باقی آئندہ)

من آنچہ شرط بلاغست با تو میگویم
تو خواہ از سخنم پند گیر و خواہ ملال

(باقی آئندہ)

---

# ”دین مرزا“ اور اسلام

(از حضرت مولانا ابو القاسم محمد حفظ الرحمٰن صاحب سیوہاروی)

(۸)

**مخلصانہ گزارش**

بندگان محترم و عزیزان گرامی! یہ ہے مرزائیوں کا وہ مذہب جو خاتم الانبیاء محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے دین حق کو پامال کرنے کے لئے ایجاد و بندہ ہے۔ تم نے دیکھا کس طرح مرزائیت کے پردہ میں عیسائیت، یہودیت، اور شرک کی فحش اور غلط تعلیم دی گئی ہے؟ بلکہ ...

کا قول ہے۔ ومعلوم ان انواع الهدايۃ كشف والهام ورؤيا صالحۃ ومكالمات ومخاطبات وتحديث لينكشف بها غوامض القرآن ويزداد اليقين (حمامۃ البشریٰ صفحہ) اور یہ بات طے شدہ ہے کہ ہدایت کی اقسام میں سے کشف بھی ہے اور الہام بھی ...

احمدیہ صفحہ ۱۲۲) ایک دل سے دو متناقض باتیں نہیں نکل سکتیں کیونکہ ایسے طریق سے انسان پاگل کہلاتا ہے یا منافق۔ چہ جائیکہ نبی یا مجدد مانا جائے یا کہا جائے کہ وہ دانستہ مذاہب اسلام کا مضحکہ کرتا اور اس کی مذاق اڑا کر اس کو برباد کرنا چاہتا ہے اور کسی شریف اور سمجھدار انسان کے نزدیک وہ قابل تعریف و ستائش نہیں ہو سکتا بلکہ سخت مجرم اور قابل سزا ہے ...

کو لوٹ رہے ہیں لیکن یہ واضح رہے کہ خاتم الانبیاء صلے اللہ علیہ وسلم کا یہ دین دجالوں اور کذابوں کی ان پھونکوں سے بجھ نہیں سکتا۔ یہ اپنے جلال و جبروت اور صداقت ابدی کے ساتھ قیامت تک فروزاں و تاباں رہے گا۔ يريدون ليطفئوا نور الله بافواههم والله متم نوره ولو كره الكافرون۔

**عطر محمدی** (رجسٹرڈ)

عطروں کا سرتاج

تمام دنیا کے مسلمانوں کے سرتاج حضور سرور عالم صلے اللہ علیہ وسلم کو خوشبو مرغوب تھی اس لئے ہم نے طبی صلاح کے ساتھ مناسب ترکیب سے یہ عطر تیار کیا ہے اور یہ عطر حضور کے نام سے منسوب کر کے گورنمنٹ سے رجسٹرڈ کرا لیا ہے۔

تمام مسلمان یہ جانتے ہیں کہ عطر لگانا سنت ہے لیکن عطر محمدی ...

امید ہے کہ نیاز مندان کی محنت و جانفشانی کی داد فرما کر ہمت افزائی فرمائی جاوے گی۔

قیمت: فی تولہ چھ روپے۔ چار روپے دو روپے محصول ڈاک وغیرہ بذمہ خریدار۔

موجد ایس۔ جمال الدین سنز تاجر عطر بلیماران دہلی

**جوہر جیلانی**

دواخانہ رشیدیہ دیوبند

مصدقہ

حکیم محمد احمد خاں صاحب مرحوم

کی حیرت انگیز ایجاد

روغن بواسیر ...

منیجر دواخانہ رشیدیہ دیوبند

دہلی سے ہر قسم کی کتابیں ملنے کا پتہ یاد رکھئے: الجمعیۃ بکڈپو دہلی

---



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# الجمعیۃ دہلی

یوم چہارشنبہ ۱۵ شعبان المعظم ۱۳۵۴ ہجری

# برطانوی پارلیمنٹ کا آئندہ انتخاب

## نیشنل گورنمنٹ کے حامیوں کیساتھ پبلک کا سلوک

برطانوی پارلیمنٹ کا آئندہ انتخاب ۱۴ نومبر کو ہونے والا ہے چنانچہ اس سلسلہ میں حسب معمول مختلف پارٹیوں کی طرف سے پورے زور شور کے ساتھ پروپیگنڈا کیا جا رہا ہے۔ وہی لیڈر جو کل تک وزارت کی کرسیوں پر بیٹھے ہوئے نہ صرف اپنی قوم بلکہ تمام دنیا کی قسمتوں کا فیصلہ کیا کرتے تھے آج ووٹ مانگنے کی غرض سے دربدر دھکے کھاتے پھر رہے ہیں۔ نتیجہ انتخاب کے متعلق شروع میں جو پیشگوئیاں ہو رہی تھیں ان سے تو یہ معلوم ہوتا تھا کہ قدامت پسندوں ہی کی اکثریت ...

... جلسے بے اثر کر دیئے گئے۔ مسٹر چیمبرلین کے جلسے میں پولیس طلب کی گئی مگر پھر بھی کچھ نہ ہو سکا اور مسٹر ... کے ساتھ تو بہت ہی برا سلوک کیا گیا بے چارے کو پہلے تو مارا پیٹا اور اس کے بعد منہ پر تھوک دیا۔

... تمام فریقوں کو نافذ کرنے کے ذمہ دار ہیں۔ لیکن بہرحال جب پبلک کو قوت حاصل ہو جاتی ہے اور وہ جانتی ہے کہ اس کا ووٹ ہی ایک شخص کو اعلیٰ سے اعلیٰ مدارج پر پہنچا سکتا ہے تو وہ پھر انتقام بھی خوب لیتی ہے اور یہی آج کل جمہوریت کی سب سے بڑی خوبی اور قابل تعریف بات سمجھی جاتی ہے۔

## شذرات

**مولانا سید سلیمان ندوی کی علالت**

ہمیں سب سے پہلے حضرت مولانا سید سلیمان صاحب ندوی کی علالت طبع کا حال مولانا سید مسعود علی صاحب ندوی کے اس ...

ہم حضرت حق جل مجدہٗ کی درگاہ میں دست بدعا ہیں کہ وہ حضرت مولانا کو صحت کاملہ عطا فرمائے اور اسلام اور مسلمانوں کی خدمت کیلئے تا دیر زندہ و سلامت رکھے۔ قارئین الجمعیۃ کی خدمت میں بھی جاری استدعا ہے کہ وہ مولانا کی صحتیابی کیلئے دعا فرمائیں۔

... اخبارات میں مولانا سید سلیمان صاحب ندوی کی تشویش انگیز علالت کی خبر شائع ہو چکی ہے۔ اللہ کے فضل و کرم سے مولانا نے صحت حاصل کرنا شروع کر دی ہے۔ ... اسی طرح ذات الجنب (پلوریسی) کے مرض میں بھی نمایاں تخفیف ہے۔ آج صبح کے وقت حرارت ۹۹ تک اتر گئی ہے۔ امید ہے کہ انشاء اللہ جلد ہی کل سکون حاصل ہو جائے گا۔ مقامی معالجوں میں جناب ڈاکٹر ... بڑی جانفشانی و دلسوزی سے علاج کر رہے ہیں ...

**بمبئی کا ایک پر اسرار اغوا**

... ہدایت فرمائی۔

**فریضہ حج اور مسلمانان ہند**

سلطان ابن سعود کی حکومت نے امسال فریضہ حج کی ادائیگی میں جو آسانیاں پیدا کر دی ہیں اور مصارف کی تخفیف اور انتظامات کی ...

**صوبہ سرحد میں ہندی کا سوال**

صوبہ سرحد کی آبادی ہمیشہ اپنے اتحاد و اتفاق کے لئے مشہور رہی اور وہاں کی ہندو اور سکھ اقلیتیں اپنی زبان اپنے لباس اور اپنی طرز وضع و قطع کے لحاظ سے وہاں کے دیگر باشندوں کے مقابلہ میں کوئی امتیازی صورت اختیار کئے ہوئے نہیں تھی۔ ...

جو عریانی و افراط کے باعث سوسائٹی کی بدحالی، سینما اور تصاویر کے ذریعہ جرائم کے جدید طریقوں کی نشر و اشاعت، اور یہاں کے رؤسا کی عیاشی و نفس پرستی سے اچھی طرح واقف ہیں۔ بمبئی ان تمام لغویات کا مرکز بنا ہوا ہے اس لئے اس قسم کے ”سنسنی خیز“ واقعات کی ابتدا بھی قدرتاً وہیں سے ہونی چاہئے۔

**لاہور کا فیصلہ**

... بالکل صحیح ارشاد فرمایا کہ ...

# اخبار انقلاب کی دریدہ دہنی کے خلاف صوبہ سرحد میں ہیجان

## جمعیۃ علمائے سرحد کا اجلاس خصوصی اور متفقہ قرارداد

پشاور ۸ نومبر آج بوقت چار بجے علمائے سرحد کا ایک اہم اجلاس زیر صدارت مولانا مولوی لطف اللہ صاحب مسجد قاسم علی خاں میں منعقد ہوا۔ جلسہ میں انقلاب کی اس گستاخی پر جو انہوں نے مولانا جانشین شیخ الہند رحمۃ اللہ علیہ حضرت مولانا حسین احمد صاحب کی شان میں کی ہے سخت اظہار ناراضگی کیا گیا اور مندرجہ ذیل تجویز منظور ہوئی۔

(۱) علماء سرحد کا یہ اجلاس خصوصی اخبار انقلاب کی اس گستاخی اور دشنام طرازی پر جو اس نے علماء ہند کے سرتاج اور مسلمانان ہند کے محترم رہنما و بزرگ دین مولانا حسین احمد صاحب صدر المدرسین و سرپرست دارالعلوم دیوبند کے حق میں کی ہے سخت اظہار نفرت و حقارت کرتا ہے اور انقلاب کو متنبہ کرتا ہے کہ وہ ہمارے مذہب کو اپنی شہرہ آفاق یاوہ گوئی کا تختہ مشق نہ بنائے ورنہ اس کا نتیجہ اس کے حق میں اچھا نہ ہوگا۔ (از دفتر جمعیۃ العلماء سرحد)

# معاصرین کے افکار و آراء

**غلط اور مضرت رساں رہنمائی**

تعزیہ مسجد شہید گنج کے سلسلہ میں پیر جماعت علی شاہ نے ایک ایسا قدم بغیر سوچے سمجھے اور نتائج پر غور کئے اٹھایا ہے جس نے پنجاب کے اندر خصوصیت کے ساتھ اور اس سے ملحقہ مقامات پر نہایت تلخی اور مختلف فرقوں کے اندر باہم کشیدگی پیدا کر دی ہے۔ مسجد شہید گنج کی وجہ سے مسلمانوں کے اندر ان دنوں سخت جوش اور ہیجان پھیلا ہوا ہے اور مسلمانوں کا قومی خاصہ ہے کہ وہ جب کسی مذہبی جذبہ سے متاثر ہو کر جوش میں آ جاتے ہیں تو ...

تقریر کرنے کا ارادہ پیر صاحب نے کیا حالانکہ یہاں جس وقت آپ تشریف لائے تو دہلی کے چند سربرآوردہ مسلمان تاجروں کا ایک ڈیپوٹیشن آپ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا کہ اس تحریک سے خود مسلمانوں ہی کو سخت نقصان پہنچیگا اور دہلی کے تجارت پیشہ طبقہ کو اس کا کافی تجربہ ہو چکا ہے اسلئے براہ کرم اس تحریک کو ختم کر دیجئے ...

**اقتصادی بائیکاٹ کا غلط قدم**

**تحریک بائیکاٹ کی مضرتیں**

**اعلان تعطیل**

چونکہ ۱۵ شعبان المعظم کو دفتر اور پریس بند رہے گا اس لئے ۱۷ نومبر کا پرچہ شائع نہ ہوگا۔ ناظرین کرام ... انتظار فرمائیں۔ (منیجر)

# جنگ حبش کے تین دن

## اٹلی کی تازہ فتوحات اور آئندہ حملوں کی تیاریاں

۷ نومبر

روما کا تار ہے کہ اسمرہ سے اطالوی ذریعہ سے اطلاع موصول ہوئی ہے کہ اطالوی لشکر راس گگسا کے سپاہیوں سمیت رات کے گیارہ بجے میکالے میں داخل ہو گئے۔ اطالوی شہر نے ان کا پرجوش خیر مقدم کیا۔ ابی سینیا کی سپاہ نے کوئی مزاحمت نہیں کی۔

کمانڈنگ افسر ٹھہر گیا اور شہریوں کی جانب سے جو تحفے پیش کئے گئے ان کو قبول کیا۔ بکریاں اور انڈے پیش کئے گئے اور پادریوں کا ایک جلوس کی نذروں سے ملنے کے لئے آیا۔ اس کے بعد راس گگسا اور اس کے آدمی اور اطالوی فوج شہر میں داخل ہو گئی۔

...

کہا جاتا ہے کہ اس کے بعد اٹلی کا ارادہ سیلیکاٹ اور اینٹیلو پر حملہ کرنے کا ہے۔ مگر اطالوی ذرائع سے جو خبریں آئی ہیں ان سے معلوم ہوتا ہے کہ اطالوی فوجیں اینٹیلو سے آگے تک پہنچ چکی ہیں۔

راس گگسا کو شاہ اٹلی کے نام پر شہر میکالے کا گورنر مقرر کیا گیا۔ شہریوں کا ایک بڑا ہجوم ہاتھوں میں سفید جھنڈے لئے ہوئے اور خیر مقدم کے نعرے بلند کرتا ہوا آیا اور فوج کا خیر مقدم کیا جس سے ظاہر ہو گیا کہ اطالوی فوج کا مقابلہ نہیں کیا جائیگا۔

# بین الاقوامی بساط پر دول یورپ کی شطرنجی چالیں

## اقتصادی بائیکاٹ اور اٹلی کے خلاف تعزیرات

### امریکہ میں بائیکاٹ کے احکام کی بےاثری

نیویارک ۸ نومبر۔ وزارت تجارت کی رپورٹ سے معلوم ہوتا ہے کہ نیوا اور لیبانس کے تجارتی اور تجارتی حلقوں میں خاص انہماک دیکھا جا رہا ہے۔ گزشتہ پانچ سال سے اس بندرگاہ کی جہاز رسانی کرنے کی ہفتہ وار اوسط ۲ ہوتی، مگر سات ہفتوں سے یہ اوسط ترقی کر کے ۷ فی ہفتہ تک پہنچ گئی ہے۔ اعداد و شمار سے واضح ہوتا ہے کہ ستمبر اور اکتوبر میں امریکہ سے اطالیہ کے لئے تیل کی ترسیل ... فی صدی بڑھ گئی ہے۔ سرکاری حلقوں کا بیان ہے کہ نیوا اور لیبانس سے اطالیہ کے لئے روئی وغیرہ ارسال کی جا رہی ہے۔ ... امریکن تجارت روزویلٹ کی تنبیہ کے باوجود اپنے مال کی ترسیل کے انتظام میں منہمک ہو گئے ہیں۔

### برطانوی سفیر کی رپورٹ

لندن ۸ نومبر۔ کابینہ انگلستان کے کابینہ سر ایرک ڈرمنڈ سفیر انگلستان متعینہ اطالیہ کی اس رپورٹ پر جو انہوں نے سینور مسولینی کی کل کی گفت و شنید کے متعلق ارسال کی تھی بحث و تمحیص کر کے فیصلہ کیا کہ انگلستان اور اطالیہ کی موجودہ کشیدگی کو رفع کرنے کے لئے مزید تبادلہ خیالات نہایت ضروری ہے۔ یہ خیال کیا جاتا ہے کہ موجودہ مساعی کی دونوں حکومتوں کے مناسبات کی اصلاح میں کامیاب نظر آ رہی ہیں۔

### برطانی چائے کا بائیکاٹ

اخبار ڈیلی ٹیلیگراف کا نامہ نگار مقیم روم لکھتا ہے کہ اٹلی میں کفایت شعاری کی تحریک کی جا رہی ہے۔ ...

### برطانیہ اور مصر

قاہرہ ۸ نومبر۔ ایک سرکاری اعلان مظہر ہے کہ حکومت برطانیہ نے مصری وزیر مقیم لندن کو یقین دلایا ہے کہ برطانیہ نے موجودہ صورت حالات سے فائدہ اٹھانے کا کبھی ارادہ نہیں کیا نہ ہی مصر کے معیار کو کم کرنے کا خیال رکھتا ہے اور نہ وہ سکندریہ میں بحری فوج کا مرکز قائم کرنا چاہتا ہے۔

### بائیکاٹ کے متعلق جرمنی کا اعلان

جنیوا ۸ نومبر۔ ۱۸ ارکان کی کمیٹی نے باقاعدہ طور پر تعزیری احکام کو منظور کر لیا ہے اس لئے ۱۸ نومبر سے تعزیری احکام نافذ ہو جائیں گے۔ ...

### مسولینی کی انتہائی حماقت

کلکتہ ۸ نومبر۔ اخبار سٹار آف انڈیا کا نمائندہ خصوصی لندن سے رقمطراز ہے۔ ...

### اٹلی اور برازیل کا تجارتی معاہدہ

جنیوا ۸ نومبر۔ اٹلی کے خلاف اقتصادی تعزیرات کے سلسلہ میں برازیل کو بھی دعوت دی گئی تھی ...

### شہنشاہ حبش کی امریکہ سے اپیل

نیویارک ۸ نومبر۔ گزشتہ رات شہنشاہ حبش نے ایک براڈ کاسٹ تقریر میں ریاست ہائے امریکہ سے اپیل کی ہے کہ وہ تعزیری پابندیوں میں شامل ہو کر لیگ کی امداد کرے۔ شہنشاہ نے تقریر میں فرمایا کہ میں کسی شخص سے اٹلی کے خلاف تلوار اٹھانے کو نہیں کہتا۔ ... کوئی انکار نہیں کر سکتا کہ ہماری امداد کرنا انسانیت کی امداد کرنا ہے۔

### تیل پر پابندی

لندن ۸ نومبر۔ اٹلی کو تیل کی سپلائی بند کرنے پر پابندی کی غرض سے مستقبل میں کامیابی کا کم امکان ہے۔ ...

### آئرلینڈ اور حبش

ڈبلن ۸ نومبر۔ ڈائل (آئرش پارلیمنٹ) نے فیصلہ کیا ہے کہ فری سٹیٹ کی حکومت کو اٹلی کے خلاف اقتصادی بندشیں عائد کرنے کا اختیار دے دیا گیا ہے۔

### ہندوستان اور تعزیری پابندیاں

نئی دہلی ۸ نومبر۔ معلوم ہوا ہے کہ اٹلی کے خلاف تعزیری پابندیوں پر حکومت ہند آئندہ سے عملدرآمد کرنے کا ارادہ رکھتی ہے جو کہ بین الاقوامی لیگ نے مقرر کی ہے۔ ...

# یونان میں پھر شاہی دور

## ملوکیت پسندوں کی حیرت خیز کامیابی

اتھنز ۷ نومبر۔ عام استصواب کا نتیجہ حسب ذیل نکلا ہے۔ شاہ کی بحالی کے موافق ۱۴۹۲۰۰۰ آراء، جمہوریت جاری رکھنے کی موافقت میں ۳۲۴۵۴ آراء، ضائع شدہ کاغذات ۳۲۹۸۔

شاہ جارج کو اطلاع دینے کے لئے یہاں سے حکومت کا ایک خاص وفد اس ہفتہ کے آخر میں روانہ ہوگا جو آپ کو اطلاع دیگا۔ ... گزشتہ انتخاب میں جمہوریت پسندوں کا زبردست اڑا ہے۔

## ریوالور اور کارتوس برآمد ہوئے

### ایک بنگالی مسلمان کے گھر پر چھاپہ

منشی گنج ۷ نومبر۔ منشی گنج تھانہ کا انچارج مع پولیس پارٹی کے ہمراہ ایک مسلمان کے مکان پر چھاپہ مارا جہاں سے ایک ریوالور اور اکیس کارتوس اپنے قبضہ میں لئے۔ مالک مکان، چار دیگر آدمی اور ایک عورت کو گرفتار کر لیا گیا۔ کہا جاتا ہے کہ یہ تمام چیزیں ڈھاکہ کے سرجنٹ اس کے ہاں سے برآمد ہوئی ہیں۔

## ہندوستان سے سونے کی برآمد

بمبئی ۹ نومبر۔ اس ہفتہ بھی بمبئی سے یورپ اور امریکہ کو ... روپیہ کا مزید سونا گیا۔ ...

## ترجمان القرآن جلد دوم

(از مولانا ابوالکلام آزاد)

ترجمان القرآن جلد دوم ... پریس میں چھپ رہا تھا، اب قریب الاختتام ہے۔ اس کی ضخامت پہلی جلد سے بڑھ گئی ہے۔ ... اگرچہ اس جلد کی ضخامت پہلی جلد سے سو صفحے زیادہ ہو گئی ہے، تاہم قیمت وہی رہے گی یعنی سات روپے مجلد ...

نوٹ:- الجمعیۃ بک ڈپو نے بھی ترجمان القرآن کی دوسری جلد کے خریداروں کو بہم پہنچانے کا انتظام کیا ہے۔ ...


# الحاد و دہریت کا سیلاب

وہ معرکۃ الآراء تصنیف جس کا بڑے شوق و عرصہ دراز سے انتظار کیا جا رہا تھا شائع ہو گئی ہے اور ایسے وقت میں چھپ کر شائع ہوئی ہے جب کہ دنیائے اسلام کو اس کی سخت ضرورت ہے۔ مغربی تہذیب و تمدن نے مسلمانوں کو اپنے مذہبی اعمال و عقائد سے بے خبر کر دیا ہے اور مغربی تعلیم ان کو دہریت و بے دینی کی طرف لے جا رہی ہے۔ ... یہ کتاب اس ضرورت کو بخوبی پورا کرتی ہے۔ ...

صفحات ۲۳۸ قیمت ... مجلد ...

ملنے کا پتہ:- الجمعیۃ بک ڈپو بلیماران دھلی



# طوفان حوادث

اردو زبان کے مشہور ادیب و افسانہ نگار مولوی شبیر حسین صاحب مارہروی کا ایک بہترین افسانہ جس میں ایک رئیس کے متعلق حیرت انگیز واقعات دکھائے گئے ہیں اور ایسے حالات میں جب کہ نہایت پراسرار طریقہ پر ایک رئیس کا قتل ہوا ہے اور اصل مجرم کے متعلق کسی کو ذرہ برابر شبہ بھی نہیں ہو سکتا۔ ایک ماہر سراغ رساں کی قابلیت و صلاحیت کا نمونہ پیش کیا ہے۔ اس افسانہ کو ایک مرتبہ شروع کر دینے کے بعد ختم کئے بغیر چھوڑنا ناممکن ہے۔ جن حوادث کا طوفان اس کتاب میں برپا کیا گیا ہے وہ اس قدر دلچسپ جاذب توجہ اور ہنگامہ خیز ہیں کہ ایک حادثہ کے بعد دوسرے کا مطالعہ لازمی و لابدی ہو جاتا ہے۔ ... قیمت صرف آٹھ آنے علاوہ محصول ڈاک۔ ۳۰ اکتوبر ۱۹۳۵ء سے قبل کے خریداران الجمعیۃ کو ... کتاب بھیج دی جائے گی۔

ملنے کا پتہ:- الجمعیۃ بک ڈپو بلیماران دھلی




# لاہور میں جمعہ کے دن مسجد شہید گنج کے متعلق مظاہرے

## جلسہ اور جلوس کی کارروائی

تعلیم الاسلام حضرت العلامہ مفتی محمد کفایت اللہ صاحب

بچوں کا تحفہ

اربعین

### طبی کتابیں

ضیاء الحکمت

دستور العمل اطباء

### عورتوں کیلئے کتابیں

خانہ داری

خواتین اندلس

علامہ راشد الخیری کی تصانیف

ان تمام کتابوں کے ملنے کا پتہ: الجمعیۃ بک ڈپو بلیماران دہلی

Aljamiat

# الجمعیۃ دہلی

تار کا پتہ "الجمعیۃ دہلی"

(ایڈیٹر:- ہلال احمد زبیری (ایم۔اے)

جلد ۲۲ | دہلی یوم پنجشنبہ یکم رمضان المبارک ۱۳۵۴ھ ہجری۔ مطابق ۲۸ نومبر ۱۹۳۵ء | نمبر ۳۷

# حبش کے سپہ سالار نے اٹلی کے تین فوجی رسالوں کو بھگا دیا

## حبشی فوجوں کا نئے شہروں اور علاقوں پر دوبارہ قبضہ

## جنگ کا رُخ بالکل بدل گیا

## جمعیۃ اقوام کے متفقہ فیصلوں سے فرانس کا انحراف

حرارہ ۲۵ نومبر

گیبر بڈیر جسے حبشیوں نے فطرہ کی وجہ سے چھوڑ دیا تھا۔ اب کی بابت یہ اہم سرکاری اطلاع موصول ہوئی ہے کہ اس پر دوبارہ قبضہ ہوگیا ہے اور حبشی فوج لاریوں میں بھر بھر کر جنوب کی جانب بھیجی جارہی ہے۔ حبشیوں کی طبیعت اس وقت لڑنے کے لئے نہایت موزوں ہے۔ اور ان کو ہوائی گولہ باری کا کوئی اندیشہ نہیں ہے کیونکہ ان کے مقابلہ میں اس وقت بہت کم ہوائی جہاز ہیں۔ ان ہوائی جہازوں کی قلت کا اندازہ اس امر سے ہوتا ہے کہ تعداد نہایت ہی قلیل ہے۔ جججیا کے ہسپتال سے معلوم ہوا ہے کہ ارگڈن کی لڑائی کے موقعہ پر ان کے صرف ۲۰۰ آدمی مجروح ہوئے تھے۔ بلبل حسن پر اب تک گولہ باری نہیں ہوئی ہے۔ اور سیاسانیہ دونوں پر حبش کا مستحکم قبضہ ہے۔

### حبش کو سامان جنگ پہنچ رہا ہے

بربرا ۲۵ نومبر۔ جب سے کہ حبش کے لئے سامان جنگ پر پابندی اٹھالی گئی ہے سب سے پہلے جہاز حبش کو سامان جنگ پہنچانے کی غرض سے بربرا میں آگئے ہیں اور حبشی اپنا سامان اتار رہے ہیں۔ حبشی حملہ کی وجہ سے اٹلی جرلوغوبی کی طرف پسپا ہو رہا ہے۔

### اٹلی کی فوج کھانا چھوڑ کر بھاگ گئی

ادیس ابابا ۲۵ نومبر۔ حکومت حبش کا بیان ہے کہ راس سیوم کے فوجی دستے نے شمالی مکیلے کی طرف تین اٹلی کے فوجی دستوں کو زبردست شکست دے کر بھگا دیا ہے کہتے ہیں کہ جس وقت اٹلی کی فوج بیلوں کا بھنا ہوا گوشت کھا رہی تھی جو کہ انہیں وہیں کے دیہاتوں سے دستیاب ہوئے تھے اچانک حبشی فوجوں نے مکیلے کے شمالی حصہ پر حملہ کر دیا۔ ابی سینیا والوں نے ان کے کمانڈر کو قتل کر لیا اور اٹلی کی فوج پریشان ہو کر بھاگ گئی۔ اور اپنا کھانا حملہ آوروں کے لئے چھوڑ گئی۔

### حبشیوں کا ایک اور علاقہ پر قبضہ

حرارہ ۲۶ نومبر تازہ حملہ کے دوران میں حبشیوں نے فافان کی وادی کے قریب کے بہت سے علاقہ پر قبضہ کر لیا جو کہ اٹلی والوں نے گزشتہ ہفتہ میں مشینوں کی مدد سے فتح کیا تھا۔

شہنشاہ کی آمد نے فوجی دستوں کو پھر مرتب کر کے ان کی حالت کو بہتر کر دیا ہے جو کہ مخالفین کی تازہ شکستوں کی وجہ سے متزلزل ہوگئی تھی۔

### اٹلی کے خلاف فرانس لیت و لعل کر رہا ہے

جنیوا ۲۵ نومبر۔ پیرس کے ہفتہ کے اجلاس کے بعد جس میں مسٹر ایم لاول اور سر جارج کلارک (ایلچی گورنمنٹ برطانیہ) موجود تھے۔ اٹھارہ ارکین کی کمیٹی نے ۲۹ نومبر کے اجلاس کو ملتوی کر دیا ہے۔ یہ خیال کیا جاتا ہے کہ فرانس دیدہ دانستہ اٹلی پر پابندیوں کے بارے میں دیر کر رہا ہے تاکہ اقتصادی تعزیرات کا اثر بھی ظاہر ہو جائے اور مسٹر ایم لاول سے جو صلح کی گفتگوئیں ہو رہی ہیں ان پر بھی برا اثر نہ پڑے۔

رپورٹر کو معلوم ہوا ہے کہ مسٹر ایم لاول نے اس اجلاس کو جو لندن میں منعقد ہونے والا تھا ملتوی کردینے کی تجویز کی ہے۔ کیونکہ وہ فرانس کی موجودہ اندرونی حالت کی وجہ سے اجلاس میں شریک ہونا دشوار خیال کرتے تھے۔

پیرس سے موصول شدہ خبریں بتلاتی ہیں کہ مسٹر لاول اس تاخیر کو صلح کرنے کی تدابیر کو کامیاب بنانے میں صرف کریں گے تا کہ مونومبر کو بیگ کی کمیٹی نے جو التجا کی ہے کہ فرانسیسی اور انگریزی حکومتیں دوبارہ امن کے لئے کوشش کریں اس کو عملی صورت دی جاسکے۔ اٹھارہ ارکین کی کمیٹی کے اجلاس کے ملتوی ہو جانے کی خبریں اٹلی پہنچیں تو اظہار اطمینان کیا گیا۔ اٹلی کے ایک سرآوردہ آفیسر نے رپورٹر سے کہا کہ بہت عرصہ کے بعد جنیوا سے پہلی خبر موصول ہوئی ہے جسے دانشمندی پر مبنی کہا جا سکتا ہے۔

اس کے ساتھ ہی پٹرول پر پابندی کا خطرہ نہایت سختی کے ساتھ محسوس کیا جا رہا ہے۔ یہ خیال کیا جاتا ہے کہ اٹلی کا ایلچی جو کہ پیرس میں ہے اس نے مسٹر ایم لاول کو مطلع کیا ہے کہ تیل پر پابندی کی تاخیر اٹلی میں بڑی تشویش پیدا کرے گی۔ لیکن افسران نے پیرس کی اس اطلاع پر اظہار خیال سے انکار کر دیا ہے کہ اس قسم کی پابندی لڑائی کا الٹیمیٹم سمجھی جائے گی۔

# چین دو حصوں میں تقسیم کر دیا گیا

## ایک نئی آزاد مملکت کا قیام

ٹوکیو ۲۵ نومبر

صوبہ تین ستن میں حکومت چین نے مارشل لا نافذ کر دیا ہے کیونکہ آزادی پسند پارٹی نے میونسپل آفیسر پولیس ہیڈ کوارٹرز اور پیکن مکڈن ریلوے پر زبردستی قبضہ کرلیا۔

اس سلسلے میں اس سے چند گھنٹے پیشتر خبر ملی تھی کہ اگرچہ شمالی چین میں ہوبالی شانٹنگ شانسی چہار اور سوئیان کے صوبوں کو ملا کر ایک آزاد ریاست قائم کرنے کی تحریک ظاہراً دبائی جا چکی ہے لیکن یہی تحریک ایک نئے قالب میں زور پکڑ رہی ہے ...

... یہاں پر افواہ سرگرم ہے کہ آزادی پسند لوگوں نے سرکاری دفاتر پر رستی قبضہ کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ حکومت پولیس کے ذریعہ سے امن قائم رکھنے کا بندوبست کر رہی ہے۔


### مولانا احمد سعید صاحب کا وعظ

مسلمانان دہلی کی اطلاع کیلئے اعلان کیا جاتا ہے کہ حضرت مولانا الحاج حافظ احمد سعید صاحب ۲۹ نومبر ۱۹۳۵ء بعد نماز جمعہ مدرسہ حسین بخش میں وعظ فرمائیں گے چونکہ ۲۹ نومبر کو رمضان المبارک کا پہلا جمعہ ہوگا اس لئے حسب دستور سابق مولانا موصوف ماہ رمضان کے ہر جمعہ کو مدرسہ حسین بخش ہی میں اپنے مواعظ حسنہ سے سامعین کو مستفیض فرمائیں گے اور مسجد فتحپوری و الاق میں وعظ نہیں ہوگا۔

خاکسار محمد میاں مدرس مدرسہ شیخ حسین بخش مرحوم و مغفور


# پشاور میونسپلٹی کے انتخابات

## چار اراکین بلا مقابلہ منتخب ہوئے

پشاور ۲۵ نومبر

کل چالیس اشخاص مسٹر عبدالرشید مجسٹریٹ کی عدالت میں پشاور میونسپلٹی کمیٹی کے انتخاب کے لئے کھڑے ہوئے جن میں سے ۱۴ مسلمان تین ہندو اور ایک سکھ انتخاب کئے جائیں گے۔ مندرجہ ذیل چار راشخاص بلا مقابلہ منتخب ہوئے:- مسٹر عبدالرب۔ مسٹر علی گل خان۔ مسٹر عبداللہ شاہ۔ مسٹر رحیم بخش۔

# مولانا سید سلیمان ندوی کی علالت

مولانائے موصوف کی علالت کے متعلق ۱۸ نومبر تک کے حالات اخبارات میں شائع ہو چکے ہیں۔ دفعتہً ۱۹ سے پھر بخار و ضعف بڑھنا شروع ہوا جس سے سخت پریشانی ہوئی۔ ۲۱ کا دن و رات بہت نازک گزرے اسی پریشانی میں ہم نے لکھنؤ لیجانے کا قصد کیا لیکن معالجوں نے کسی طرح مناسب نہیں سمجھا۔ اس کے بعد لکھنؤ کا قصد ملتوی کر دیا گیا۔ الحمدللہ کل سے حالت بہتر نظر آرہی ہے۔ حرارت میں نمایاں کمی ہے اور بفضلہ تعالیٰ صحت میں ترقی ہو رہی ہے۔ خدا کرے رفتہ رفتہ یہ مرض یونہی زائل ہو جائے اور موصوف پورے طور پر صحتیاب ہو جائیں۔ والسلام (مسعود علی ندوی)

# ایک بنگالی نظر بند کو سزائے موت

## بوڑھا باپ بیہوش ہوگیا

کلکتہ ۲۵ نومبر۔ کلکتہ ہائیکورٹ نے نظر بند وہنی کمار بردی کی سزائے موت کی تصدیق کر دی ہے یہ سزا اس کو سب انسپکٹر شاہ علی کو قتل کرنے کے جرم میں سپیشل ٹریبونل کی عدالت سے دی گئی تھی۔ عدالت کا حکم سنتے ہی ملزم کا بوڑھا باپ بیہوش ہو گیا اور اس کو ہسپتال پہنچایا گیا۔

# معاصرین کے افکار و آراء

### جمعیۃ علماء سوء کا ترجمان

### مدینہ کا مسلک

### فطرت بدکا مظاہرہ

### غلط تعبیر

### ہمارے مقالہ کی ایک کمی


# الحاد و دہریت کا سیلاب

وہ معرکۃ الآراء تصنیف جس کا بڑے شوق و عرصہ دراز سے انتظار کیا جا رہا تھا شائع ہوگئی ہے اور ایسے وقت میں چھپ کر شائع ہوئی ہے جب کہ دنیائے اسلام کو اس کی سخت ضرورت ہے۔ مغربی تہذیب و تمدن نے مسلمانوں کو اپنے مذہبی اعمال و عقائد سے بے خبر کر دیا ہے۔ اور مغربی تعلیم ان کو دہریت و بے دینی کی طرف لے جارہی ہے۔ ہر شخص کا زاویہ نگاہ یہ ہے کہ وہ عقائد و احکام اسلامیہ کو عقل و فلسفہ کے معیار پر کسے اور علوم حاضرہ کی روشنی میں دیکھے یہ کتاب اس ضرورت کو بخوبی پورا کرتی ہے اس کے مطالعہ سے معلوم ہوگا کہ یہ کتاب مسلمانوں کے لئے کس قدر مفید ہے اور اس زمانہ میں جب کہ تعلیم جدید نے معتقدات میں تزلزل پیدا کر دیا ہے۔ اس کتاب کی اشاعت کیسی ضروری ہے۔

اسلام کے وہ تمام معتقدات جن پر ایمان لائے بغیر کوئی عبادت و عمل مقبول نہیں ہوتا نہایت شرح و بسط کے ساتھ ... کے تحت میں بیان کئے گئے ہیں۔ تمام معتقدات اسلامیہ کو علوم عقلیہ فلسفہ منطق۔ سائنس۔ ہیئت۔ طب تشریح اور تاریخ وغیرہ سے قرآن و حدیث فقہ و تفسیر کلام و تصوف کی روشنی میں اس طرح ثابت کیا ہے کہ جس کے مطالعہ کے بعد کسی قسم کے شک و شبہ کی مطلق گنجائش باقی نہیں رہتی اور جو شخص بھی اس کتاب کو سرسری نظر سے دیکھ لیتا ہے اسلام کی روشنی اس کے دل و دماغ کو جگمگا دیتی ہے۔

ہر مسلمان کا فرض ہے کہ اس کتاب کو خود پڑھے اور اپنے متعلقین کو پڑھائے تاکہ اپنے مقدس مذہب کے سچے اصول سے کماحقہ واقف ہو کر دین و دنیا کی برکتیں حاصل کرے۔ لکھائی چھپائی دیدہ زیب کاغذ چکنا سفید قسم اعلیٰ سائز ۲۶×۲۰

صفحات ۴۳۰ قیمت بلا جلد عہ مجلد تین روپے۔ محصولڈاک ۱۱

ملنے کا پتہ:- الجمعیۃ بک ڈپو۔ بلیماران دہلی

محمد اسحٰق محمد یحییٰ بازار کھاری باؤلی دہلی

انجمن منصور الہند گھوسی

تجارت کرو فائدہ اٹھاؤ

بے تصدیق بات رشکن ہے

خضاب چھوڑ دو

آتنک نگرہ فارمیسی جام نگر کاٹھیاواڑ

مرچنٹ کمرشل کمپنی گورنمنٹ رجسٹرڈ ... بمبئی

بال کالا اسٹور ... در بھنگہ

# الجمعیۃ بک ڈپو دہلی کی مذہبی ادبی اور درسی کتابوں کا نایاب ذخیرہ

### مذہبی کتابیں

صحیح بخاری

ترجمان القرآن

اجمال و اکمال

تقریر ریت

جنت کی کنجی

دوزخ کا کھٹکا

پاک زندگی

معارف الاسلام

فتاوی افریقہ

### تاریخی کتابیں

اشاعت اسلام

بلاغ مبین

حالات انبیاء

تاریخ المشاہیر

اصحاب بدر

تذکرۃ الصلحاء

خواتین اندلس

اسلامی عقائد و احکام

اور اسلامی تاریخ

حیات حافظ خاں

### تبلیغی افسانے

اربلا

ساحرہ

خاموش تبلیغ

### سیاسی و اقتصادی کتابیں

سیاسیات مہند

پارلیمنٹری کمیٹی کی رپورٹ

سکھ و شرح تبادلہ

### اوراد و وظائف

طب روحانی

رسول کی دعائیں

اربعین

دعائے مقبول

### طبی کتابیں

ضیاء الحکمت

حسن الوظائف

دستور العمل اطباء

### متفرق کتابیں

طوفان حوادث

### عورتوں کیلئے کتابیں

خانہ داری

خواتین اندلس

اختر اور ضیعہ

### بچوں کیلئے کتابیں

تعلیم الاسلام

بچوں کا تحفہ

ان تمام کتابوں کے ملنے کا پتہ حسب ذیل ہے

الجمعیۃ بک ڈپو بلیماران دہلی

# صابرین و مخلصین کی ارواحِ طیبہ کا ملاءِ اعلیٰ میں استقبال

## اللہ کے مقدس بندے دنیا تو کیا جنت کی بھی خواہش نہیں کرتے

## حضرت سحبان الہند مولانا الحاج حافظ احمد سعید صاحب کی دوسری تقریر سیرت

(۳۷)

### مخلص مسلمانوں کا نظریہ

میرے معزز دوستو! عدمِ اعتماد کا اظہار تو کسی شخص پر کیا جاتا ہے جو اپنے اعتماد کو زائل کر چکا ہو اور جو جماعت اپنے اعتماد کو قائم کر چکی ہو اس پر عدمِ اطمینان کس طرح کیا جا سکتا ہے۔ اللہ تعالیٰ کے مخلص بندے جو تمام مصائب کا مسرت آمیز استقبال کیا کرتے ہیں ان کی طرف سے نہ تو یہ خطرہ ہے کہ وہ کافروں کی دولت دیکھ کر کافر ہو جائیں گے اور نہ وہ آیت میں داخل ہیں یہ طاعت کا دوسرا ...

کی شکل نہیں دیکھی۔ میں نے ان کی ہزار طرح حسرتیں پامال کر دیں ان کے افلاس اور ان کی غربت نے ان کی ایک تمنا بھی پوری نہ ہونے دی اور انہوں نے کبھی مجھ سے کوئی شکایت نہیں کی یہ مرے نو ہزار حسرتیں سینہ میں لیکر مرے اور ہزاروں تمنائیں ان کے ساتھ ان کی قبر میں دفن ہوئیں۔ انہوں نے کبھی دنیا کی طرف نگاہ بھر کر نہیں دیکھا ...

ہے کہ وفات کے وقت ان کے سامنے جنت اور جنت کی نعمتیں پیش کی گئیں تو انہوں نے اُن کی طرف سے منہ پھیر لیا اور فرمایا۔

ان کان منزلتی فی الحب عندکم
ما قد رأیت فقد ضیعت ایامی

فرماتے ہیں اگر میری محبت کا یہی صلہ ہے جو مجھ کو دکھایا جا رہا ہے تو میری تمام زندگی بے کار رہی اور میری عمر ضائع ہوئی۔ مطلب یہ ہے کہ ہم نے آپ سے محبت کی ہے آپ ہمیں جنت دینا چاہتے ہیں۔ ہمارا مقصد اصلی تو آپ ہیں ہم ان جنات نعیم کو لیکر کیا کریں۔ حضرت رابعہ بعض دفعہ جذب میں فرمایا کرتی تھیں۔ لو کانت الجنۃ نصیب المشتاقین بلا وصال ...

جمال دوا دیلاہ و لو کانت السقر نصیب العاشقین مع وصال فوا شوقاہ۔ اگر ہم بدقسمتوں کو جنت دی گئی اور آپ کا جمال میسر نہ ہوا تو ایسی جنت پر افسوس ہے اور اگر عاشقوں کی ...

عرض کرتے ہیں الٰہی یہ کون لوگ ہیں جن کے استقبال کے لئے ہم کو بھیجا جاتا ہے۔ یہ زمین کے رہنے والے اور ہم آسمان کے باشندے ہیں ان خاکی بندوں کا استقبال کیوں کرایا جاتا ہے۔ ارشاد ہوتا ہے تم کو خبر نہیں یہ وہ لوگ ہیں جنہوں نے دنیا میں کبھی مسرت دیکھی ...

کہ خدا کی قسم فلاں کام اس طرح ہوگا تو اللہ تعالیٰ ان کی قسم کے باعث اس کام کو اسی طرح کر دے۔ آپ کہتے ہیں دنیا نہیں طلب میں کہتا ہوں وہ جنت نہیں لینا چاہتے۔ ابن فارض رحمۃ اللہ علیہ کے متعلق مشہور ...

# مزار حضرت کاکو شاہ رحمۃ اللہ علیہ کے مقدمہ کی مزید سماعت

## استغاثہ کی نہایت اہم شہادتیں

لاہور ۲۰ نومبر۔ آج مسٹر ٹیل مجسٹریٹ درجہ اول کے روبرو مزار کاکو شاہ کے انہدام کے الزام میں گوردوارہ شہید گنج کمیٹی اور گوردوارہ پربندھک کمیٹی کے ستر اکالی سکھوں کے خلاف مقدمہ زیر دفعہ ۲۹۵ تعزیرات ہند کی مزید سماعت ہوئی۔ استغاثہ کی طرف سے مسٹر صدیقی اور ملزموں کی طرف سے لالہ شام لال ایڈووکیٹ پیروی کر رہے تھے۔

عاشق حسین محرر تھانہ نولکھا نے بیان کیا کہ ۶ ستمبر کو میں تھانہ ...

### محمد شریف پولیس کانسٹبل کا بیان

محمد شریف پولیس کانسٹبل نے بیان کیا کہ ۵ مارچ ۳۵ء کو میں تھانہ نولکھا میں تعینات تھا۔ ۵ مارچ ۳۵ء کو اسمٰعیل ولد نتھی قوم آرائیں جاروب کش خانقاہ پیر کاکو شاہ متصل شہید گنج لاہور نے تھانہ میں رپورٹ کی تھی جسے میں نے روزنامچہ میں درج کر لی۔ اس نے جو کچھ کہا تھا میں نے درست درج کر لیا تھا اور مابعد اسے پڑھ کر سنائی گئی تھی۔ اس وقت شیخ مولا بخش اسسٹنٹ ...

### شیخ حاجی قادر بخش کا بیان

### شیخ مولا بخش اسسٹنٹ سب انسپکٹر نولکھا کا بیان

### حاجی پیر بخش سوداگر کی شہادت

... سردار دیال سنگھ اسسٹنٹ سب انسپکٹر پولیس سی آئی ڈی نے کہا کہ میں لوکل گوردوارہ کمیٹی کے ممبروں اور عہدیداروں کے نام جانتا ہوں۔ تارا سنگھ ٹھیٹر اور کلدیپ سنگھ علی الترتیب صدر اور سکرٹری ہیں۔ اور نرنجن سنگھ گوردوارہ شہید گنج کا گرنتھی ہے ...

... تھی تاکہ یہ معلوم کرے کہ دیوار بہت عرصہ پہلے گری ہوئی ہے۔ لیکن جب ہم نے دیوار پر سے مٹی ہٹا کر دیکھا تو دیوار تازہ گرائی ہوئی معلوم ہوتی تھی۔ شمالی سمت کی دیوار بھی گری ہوئی تھی مغرب شرقی دیوار باقی تھی

(باقی صفحہ ۵ پر ملاحظہ فرمائیے)


## زکام۔ کھانسی و دمہ خشک و تر

یہ موذی امراض جو برسوں انسان کو گھن کی طرح کھاتی رہتی ہیں اور اگرچہ دب جاوین مگر جڑ سے نہیں چھوڑتیں۔ ان کو بیخ و بن سے اکھاڑنے کے واسطے کوی دنودوئید بھوشن پنڈت ٹھاکر دت شرما دید موجد امرت دھارا نے بہت تجربوں کے بعد مندرجہ ذیل ادویات کو تیار کیا ہے۔ جو ہزاروں کو صحت یاب کر چکی ہیں!

**گولی کھانسی** نئی کھانسی کے واسطے جبکہ وہ خشک ہو اور گلے میں خراش ہو اکسیر ہے۔ قیمت ۶۰ گولی (عہ) ایک روپیہ نمونہ دو آنے چار آنے۔

**گولی کھانسی روغنی** نئی کھانسی کے واسطے جب کہ بیزہ ہو قیمت ایک روپیہ (عہ) نمونہ ۴ر

**اکسیر بدن** یہ معتدل دوائی ہے۔ بلغمی خشک یا دونو قسم کی کھانسی یا دمہ کو بیخ و بن سے اکھاڑتی ہے۔ آرام آہستہ آہستہ ہوتا ہے۔ مگر مستقل اور طاقت جسم کے ساتھ ساتھ بڑھتی ہے۔ تپ دق تک کی کھانسی کو بھی مفید ہے ایک صحت یافتہ مریض نے لکھا کہ آپ گناہ کرتے ہیں جو زیادہ اشتہار نہیں دیتے ... ہر موسم اور مزاج کے موافق آجاتی ہے۔ قیمت عہ نصف شیشی ۱۲ر

**کف کیتورس** نزلہ و زکام جو نیا ہو یا کھانسی بلغمی کے واسطے بے نظیر دوا ہے۔ قیمت ایک روپیہ نمونہ ۴ر

**صدفری** پرانی کھانسی ہر قسم کو مفید ہے۔ اگرچہ ذرا سی حرارت بھی رہتی ہو وہ بھی دور ہوتی ہے قیمت دو روپے

**مینتھو** کھانسی نئی پرانی کو مفید ہے۔ خاص کر جب کہ بھوک کم لگتی ہو جسم کمزور رہتا ہو۔ دواء موجود ہو قیمت عہ ایک روپیہ آٹھ آنے۔

**جیا گھٹکا** یہ دوائی بلغمی دمہ یا پرانی کھانسی کے واسطے ہے خاص کر جبکہ تنفس ساقط ہو ... گولا اچیرن۔ ارق بسنگرہنی۔ درد معدہ۔ درد شکم وغیرہ کو نافع ہیں قیمت ۳۲ گولی دو روپے ۱۶ گولی ایک روپیہ نمونہ ۸ر

**راحت** کھانسی۔ دمہ۔ بلغمی تر دونوں کے واسطے یہ نئی دوائی تیار ہوئی ہے۔ اکثر سات دن کے اندر آرام آ جاتا ہے۔ قیمت فی شیشی دو روپے نمونہ ۸ر

**مرسپ** دمہ خشک و تر نئے یا پرانے یا کھانسی کو مفید ہے۔ قیمت ۳۲ گولی دو روپے ۱۶ گولی ایک روپیہ۔

**نوٹ**:۔ امرت دھارا ہر مرض کو اکسیر ہے ان ادویات کے ساتھ بطور بدرقہ جاری رکھی جائے تو ہاضمہ کو مدد دیتی ہے اور کھانسی وغیرہ سب کو مفید ہے۔ قیمت فی شیشی عہ نصف عہ نمونہ ۸ر

خط و کتابت و تار کا پتہ۔ امرت دھارا نمبر ۱۲ لاہور

المشتہر

منیجر امرت دھارا اوشدھالیہ امرت دھارا بھون امرت دھارا روڈ امرت دھارا ڈاکخانہ لاہور

ہمارے ایجنٹ:۔ میسرز بہاری لال گھاسی رام کھاری باؤلی اسٹریٹ دہلی


# حج کے متعلق معلومات و ضروری حالات

## عالمگیر مساوات و مرکزیت کا دینی مظاہرہ

(مکہ مکرمہ سے) (۷)

### تنبیہات

۱۔ مندرجہ بالا اخراجات و انعامات میں وہی قرش امیری کرایہ کشتی بوقت قدوم حجاج و بوقت واپسی بھی شامل ہے۔ اگر کسی حاجی نے اس کو جہاز کے کرایہ کے ساتھ جہاز راں کمپنی کو دیدیا ہو تو اس کو کمپنی سے وصول کر لیا جائے گا اور مطلوبہ حساب سے کم کر دیا جائے گا۔

۲۔ حکومت نے حجاج کی حالت ...

### ایضاحات

بعد اشت کرنے پڑیں گے۔

(۱) جن حاجیوں کے پاس سونا نہیں ہوگا اُن سے دوسرا سکہ اُس دن کے نرخ سے سونے کے معاوضہ میں قبول کر لیا جائیگا۔

(۲) جس وقت حاجی جدہ پہونچے اور اپنے معلم کا نام لے اُس کو ...

### بیان مسافات

---


# الجمعیۃ دہلی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

یوم پنجشنبہ یکم رمضان المبارک ۱۳۵۴ھ ہجری


# "مولانا ظفر علی خاں"

## ابھی تک کیوں آزاد نہیں کئے گئے

جب سے کہ تحریک واگزاری مسجد شہید گنج کے سلسلہ میں مسٹر باؤنڈ نے پنجاب کونسل میں ایک بیان دیا تھا اور یہ کہا تھا کہ حالات کے پرسکون ہو جانے کی صورت میں حکومت اس کے لئے آمادہ ہے کہ تمام نظر بندوں کو رہا کر دے اور جن اخبارات سے ضمانتیں طلب کی گئی ہیں ان کی ضمانتیں واپس کر دے اس وقت سے برابر اس امر کی جدوجہد کی جا رہی تھی کہ حکومت کو صحیح حالات کا احساس کرایا جائے اور اسے اپنے وعدہ کے ایفا پر مجبور کیا جائے۔ چنانچہ اسی سلسلہ میں اراکین مجلس مقننہ کا ایک وفد حکومت پنجاب کے چیف سکرٹری سے ملا اور اس کے سامنے موجودہ حالات رکھکر اس بات پر زور دیا کہ تحریک مسجد شہید گنج کے تمام نظر بندوں کو فی الفور رہا کر دینا چاہئے۔ اور اس سے یہ بھی کہا کہ اگر بفرض محال ان حضرات کی رہائی کے بعد پھر کبھی حکومت یہ محسوس کرے کہ ان کی آزادی حکومت کے نزدیک خطرناک ہے تو انہیں پھر نظر بند کیا جا سکتا ہے۔ اور دوسرے ہی دن حکومت کے احکام جاری ہو گئے اور نظر بندوں میں صرف چار حضرات کو رہا کر دیا گیا۔

باوجود بار بار غور کرنے کے ہماری سمجھ میں نہیں آتا کہ حکومت نے نظر بند حضرات کی رہائی میں یہ امتیاز کیوں رکھا کہ چار حضرات کو رہا کر دیا اور باقی کو بدستور پابند و مقید رہنے دیا۔ مسجد شہید گنج کی تحریک کے قائد اعظم مولانا ظفر علی خاں جن کی رہائی اس سلسلہ میں سب سے زیادہ ضروری تھی اور جنہیں سب سے پہلے نظر بند کیا گیا تھا ہنوز آزاد نہیں کئے گئے ہیں اور ان کی پابندیوں اور نظر بندیوں کا جاری رہنا سخت تشویش و اضطراب کا موجب بن رہا ہے۔ اگر مسجد شہید گنج کے سلسلہ میں حکومت اس نتیجہ پر پہنچی ہے کہ موجودہ فضا پرسکون ہے اور پیر جماعت علی شاہ صاحب کی ڈکٹیٹر شپ کے زمانہ میں اس کا کوئی خطرہ نہیں ہے کہ مسلمانوں کا حکومت سے کوئی تصادم ہو یا سول نافرمانی کے امکانات پیدا کئے جائیں اور عام رائے بھی یہی ہو رہی ہے کہ مقدمات کی سماعت کے دوران میں کوئی اقدام عمل بے سود بلکہ مضرت رساں ہوگا تو پھر اس نتیجہ کے بعد حکومت کے لئے یہ امتیاز قائم کرنا کہ چند حضرات کو تو رہا کر دیا گیا اور باقی کو بدستور چھوڑ دیا گیا کس طرح صحیح ہو سکتا ہے۔

یہ بات کہ پنجاب کونسل کے مسلم اراکین نے مسٹر باؤنڈ سے کس طرح ملاقات کی اور اس کے بعد حکومت نظر بندوں کی رہائی کے فیصلہ پر کس طرح پہنچی صرف ان ہی لوگوں کو معلوم ہو سکتی ہے جو حکومت کے محرم راز ہوں۔ ہمارے سامنے تو صرف ایک دن مسٹر باؤنڈ سے ملاقات اور دوسرے دن نظر بندوں کی رہائی کا واقعہ علی الترتیب آتا ہے۔ کہا جاتا ہے کہ حکومت نے چند "گروپ" بنائے ہیں اور ان کی رہائی کے لئے اپنے ذہن میں ایک ترتیب مقرر کی ہے۔ لیکن یہ گروپ کس اصول پر بنائے گئے ہیں اور سب سے پہلے گروپ میں مولانا ظفر علی خاں ...

### جنگ کا رخ بدل گیا

جنگ حبش کا رخ اب نمایاں طور پر بدلا ہوا ہے۔ اٹلی کی فوجوں کو کئی مواقع پر شکستیں ہو چکی ہیں اور انہیں نہایت ذلت کے ساتھ پسپا ہونا پڑا ہے۔ حبشیوں نے اپنے متعدد شہر اطالوی قبضہ سے نکال لئے ہیں اور اس علاقہ پر بتدریج دوبارہ اقتدار حاصل کیا جا رہا ہے جو اٹلی کی افواج نے مہینوں کی محنت کے بعد حاصل کئے تھے۔ ان خبروں کے ساتھ ہی یہ خبر بھی آئی ہے کہ حبش پر سامان اسلحہ کے متعلق جو بین الاقوامی پابندیاں عائد تھیں ان کے اٹھ جانے کے بعد بعض ممالک سے سامان جنگ حبش کے لئے کافی تعداد میں بھیجا گیا ہے اور برطانوی سمالی لینڈ کے بندرگاہوں سے یہ سامان حبش کے پاس پہنچ رہا ہے۔ سامان جنگ کی فراہمی کے بعد حبشیوں کی قوت میں یقیناً بہت زیادہ اضافہ ہو جائے گا اور ان کی سب سے بڑی کمزوری جو اسلحہ کے متعلق تھی دور ہو جائیگی۔ اس وقت وہ اور زیادہ سرفروشی اور جانبازی کے ساتھ جنگ کر سکیں گے۔ اور ان کی فتح کے امکانات اور زیادہ قوی ہو جائیں گے ...

### ایک خطرناک اصول

### فرانس کی حرکت

# مسائل رمضان المبارک

رمضان المبارک کا مہینہ اسلامی برکات میں سے ایک عظیم الشان برکت کا مہینہ ہے اس مبارک مہینہ میں حق جل مجدہ کی خاص رحمتوں کا نہایت فضل پر نزول ہوتا ہے۔ بہت خوش قسمت ہیں وہ مسلمان جو اس مہینہ سے فائدہ اٹھانے میں کامیاب ہوئے اور جنہوں نے اس مقدس مہمان کی میزبانی کا حق ادا کر دیا۔

### روزہ کے فضائل

سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ رمضان کی چاند رات کو دوزخ کے دروازے بند کر دئے جاتے ہیں اور جنت کے دروازے کھول دئے جاتے ہیں منادی کی طرف سے اعلان کیا جاتا ہے یا باغی الخیر اقبل و یا باغی الشر اقصر اے بھلائی کے طالب تیرے لئے بہترین موقعہ ہے اگر کچھ حاصل کر سکتا ہے تو کر لے اور اے برائی کے طالب اس مہینے کا احترام کر اور کم از کم اس مہینے بھر تو اپنی برائیوں سے باز آ۔ ایک حدیث قدسی میں ارشاد ہوتا ہے کہ ہر نیکی کا ثواب دس سے لیکر سات سو گنے تک ہو جاتا ہے۔ بندے کے اخلاص کی قدر اس کے ثواب میں زیادہ ہوتی رہتی ہے لیکن روزے کو سب کے ساتھ ایک ...

کا قصد کرنا اور زبان سے بصوم غد نویت کہنا مستحب ہے۔ اگر نیت روزہ کی نہ کرے اور تمام دن نہ کھائے رہے تو روزہ صحیح نہ ہوگا۔ اگر سحری کھانے کے بعد روزہ کی نیت کر لی لیکن ابھی صبح صادق نہیں ہوئی تو نیت کے بعد بھی صبح صادق سے پہلے کھانا پینا درست ہے۔ رمضان کے ہر روزہ کی نیت ہر روز کرنی چاہئے اور سحری کھانا بھی نیت کے قائم مقام ہے۔

### سحری کھانا

سحری کھانے کی حدیث شریف میں بہت فضیلت آئی ہے اور اس کو انبیاء علیہم السلام کی سنت فرمایا گیا ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ سحری کھایا کرو اس میں بہت برکت ہے۔ یہ ضروری نہیں کہ پیٹ بھر کر ہی کھائے بلکہ جس قدر رغبت ہو کھا لے ایک دو لقمے کھا لینے یا پانی کے ایک دو گھونٹ پی لینے سے بھی سنت ادا ہو جائے گی۔ سحری آخری وقت میں کھانی مستحب ہے۔ بشرطیکہ طلوع صبح صادق سے یقیناً پہلے ختم کر دی جائے ...

### روزہ کی نیت

روزہ کیلئے نیت کرنا ضروری ہے۔ نیت یعنی دل سے روزہ ...

تندرست پر روزہ فرض ہے۔ بشرطیکہ کوئی شرعی عذر نہ ہو۔

### روزہ کی فرضیت

### افطار

### مستحبات

### مکروہات

### روزہ کا ٹوٹ جانا

قصداً کھا پی لینا۔ قصداً منہ بھر کر قے کرنا۔ کان یا ناک میں دوا ڈالنا۔ قصداً جماع کرنا۔ حلق کے راستہ یا حقنہ کے ...

### قضا اور کفارہ

### روزہ قائم رکھنا

### روزہ نہ رکھنے کے عذر

### نماز تراویح

عورت اگر تراویح کے وقت طاہر ہو جاوے اور اسی طرح سنت کا فر جو اسلام لائے ان سب کو تراویح پڑھنا سنت ہے۔ اگرچہ ان لوگوں کو اس روز روزہ نہیں رکھنا ہوگا۔ (مراقی الفلاح)

اس سلسلہ کا اور بھی مفید لٹریچر ان کے ہاں سے شائع ہو چکا ہے قارئین کرام ان کتابوں کو الجمعیۃ بکڈپو بلیماران دہلی سے طلب فرما سکتے ہیں۔

# انتقادات

## سید عزیز حسن صاحب بقائی کی تصانیف

حافظ سید عزیز حسن صاحب بقائی ایڈیٹر پیشوا کی چند تصانیف جو عورتوں کی تعلیم و تربیت سے تعلق رکھتی ہیں ہمیں بغرض تنقید موصول ہوئی ہیں۔

**نو بچی کی استانی** یہ کتاب نہایت دلچسپ پیرایہ میں بچوں کے لئے لکھی گئی ہے اور اس کی تصنیف میں یہ امر خاص طور پر ملحوظ رکھا گیا ہے کہ اس کو پڑھنے والی بچیاں ہونہار سلیقہ شعار بن سکیں۔ چھوٹی چھوٹی کہانیوں اور دلچسپ مکالموں میں تربیت کے متعلق بہترین مواد جمع کیا گیا ہے تاکہ دلچسپی کے ساتھ معلومات میں اضافہ بھی ہوتا رہے اور عادات و اطوار بھی پسندیدہ ...

### گھروالی کی تربیت

### تعلیم خانہ داری

# جمعیۃ علماء سوء کا ترجمان

(بسلسلہ صفحہ اول)

یہ اقتضاء ہے کہ جن معاملات میں پیر صاحب کسی قسم کی واقفیت نہیں رکھتے اس کی زمام ان کو دی جائے۔ خود پیر صاحب اپنی خانقاہ کی زاہدانہ مصروفیتوں کی وجہ سے اس قسم کی ذمہ داری کو قبول کرنیکا رجحان نہیں رکھتے۔ رہا الامان کے طبقہ کے مسلمانوں کی "ہوشیاری اور وحدت کا نقشہ" تو وہ تحریک کے سب سے بڑے ترجمان معاصر احسان کے اس مقالہ میں دیکھا جا سکتا ہے جس میں اس نے دس لاکھ رضا کاروں اور دس لاکھ روپیہ کی اپیل کے متعلق لکھا ہے اس کے یہ الفاظ الامان کے مدیر کے دماغ کو ٹھیک کر سکتے ہیں ...

# حوادث و احکام

## استفتاء

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیانِ شرع متین اس مسئلہ میں کہ زید کہتا ہے کہ بغیر معنی اور مطلب سمجھے ہوئے قرآن پاک کی تلاوت کرنا بے سود اور بے ثواب ہے۔ کیا زید کا یہ قول درست ہے۔ اگر نہیں تو مدلل تحریر فرمائیے کہ بغیر مطلب سمجھے ہوئے تلاوت کرنے میں کیا فائدہ اور کتنا ثواب ہے۔

## الجواب

قرآن مجید کی عبارت اور نظم کی حفاظت بھی ایک مقصود اور مہتم بالشان امر ہے۔ حضرت حق تعالیٰ نے انا نحن نزلنا الذکر وانا لہ لحافظون میں قرآن مجید کے اپنی طرف سے نازل فرمانے کو ذکر کرنے کے ساتھ اس کی حفاظت کا بھی خود ہی ذمہ لیا ہے اور عالم اسباب میں حفاظت کا ذریعہ یہ قرار دیا کہ مسلمان اپنے سینوں میں اس کی حفاظت کریں اور ظاہر ہے کہ اس حفاظت کیلئے اس کی عبارت اور نظم کو پڑھنا اور یاد کرنا لازمی تھا اسلئے شریعت مقدسہ نے نفس عبارت کی تلاوت کو بھی موجب اجر و ثواب قرار دیا ہے۔ حدیث شریف میں ہے کہ جو شخص نظم قرآنی میں سے ایک حرف کی تلاوت کرے وہ دس نیکیوں کے اجر کا مستحق ہوتا ہے اور پھر یہ بتیں کہ الٓمٓ ایک حرف قرار دیا جائے۔ ...

## استفتاء

## الجواب

# جنگ حبش کی خبریں

لندن ۲۴ نومبر جنگ کے متعلق مورچوں سے اول تو خبریں سے کے ذرائع بہت کم ہیں۔ اس کے علاوہ زبردست سنسر بٹھا دیا گیا ہے۔ اس سے خبریں موصول ہونے میں بڑی مشکلات پیش آ رہی ہیں۔

۲۵۰۰۰ آدمی بھی بغاوت کر گیا تو پھر اس کا لڑکا ابولد بھی بغاوت کر جائے گا اور مجبل ماما کے لئے راستہ صاف ہو جائے گا لیکن حبشیوں کو پورا اعتماد ہے کہ راس کاسا بغاوت نہیں کرے گا بلکہ اٹالین کا پر سخت مقابلہ کرے گا۔

حبشیوں کا کہنا ہے کہ انہوں نے انالے پر دوبارہ قبضہ کر لیا ہے۔ بیان کیا جاتا ہے کہ حبش کی فوجیں انالے کے جنوب میں سات میل تک بڑھی چلی گئیں اور اٹلی کی فوج مقابلہ پر نہیں آئی۔ حرار خالی ہو رہا ہے۔ بہت سے لوگ دارالسلطنت کی جانب بڑھ رہے ہیں۔

## شہنشاہ حبش کے دورہ کا اثر

مسٹر والٹر کالنس نے تار ارسال کیا ہے کہ شہنشاہ حبش کے دورہ سے جنوبی مورچہ پر صورت حالات بہت زیادہ امید ہو گئی ہے۔ ...

## لیگ کا بائیکاٹ

## جنگ کی تیاریاں

## صلح کا دروازہ بند

روم ۲۴ نومبر ایک اعلیٰ افسر نے بیان کیا کہ برطانیہ اور فرانس کے لوگوں نے صلح کا دروازہ بند کر دیا ہے۔

اٹلی کو جانے والے کوئلہ، فولاد اور پٹرول پر پابندی لگانے کے امکان کی حکومت اٹلی پوری نگاہ رکھ رہی ہے ...

## کھانے کی کمی

## اٹلی کی فوج بھاگ گئی

## جہازوں کی فروخت بند

واشنگٹن ۲۴ نومبر۔ شپنگ بورڈ نے اٹلی کو جانے والے امریکہ کے ناکارہ جہازوں کی فروخت پر پابندی لگا دی ہے۔ اس کا یہ مطلب ہے کہ اٹلی کو آہنی ٹکڑوں کی سپلائی بند کر دی گئی ہے۔

## حکومت روس کا جواب

## چینی کمانڈر کی بغاوت کا اثر

## جرمنی میں پادریوں کی گرفتاری اور اسکی مذہبی معاملات کے متعلق حکومت سے کشمکش

## تیل کے تاجروں کے خلاف امریکہ کی اپیل

واشنگٹن ۲۴ نومبر حکومت امریکہ نے امریکہ کی صنعت تیل کے ارباب حل و عقد سے التماس کی ہے کہ وہ رضاکارانہ طور پر برطانیہ کے لئے تیل کی ترسیل کو بند کر دیں۔

# حکومت اٹلی کو برطانیہ کا جواب

## برطانوی حکومت اپنی ذمہ داریوں سے پہلو تہی نہیں کریگی

## لیگ کی حمایت میں متفقہ کارروائی جاری رکھی جائے گی

لندن ۲۴ نومبر۔ سائنر گرانڈی جو لندن میں اٹالین سفیر ہے کل صبح دفتر وزارت خارجہ میں گئے۔ مسٹر سیمول ہور نے اٹلی کے اس نوٹ کا جواب ان کے حوالہ کر دیا جس میں لیگ میں شامل سلطنتوں کی کارروائی کے خلاف پروٹسٹ کیا گیا تھا۔ ان سلطنتوں نے اٹلی کے خلاف اس وجہ سے پابندیاں لگائی ہیں کہ اٹلی نے لیگ کے کانونٹ کی پروا نہ کرتے ہوئے حبش سے جنگ چھیڑ دی ہے۔

## صلح کی گفتگو نہیں کی جائے گی

## برطانیہ کا عزم بالجزم

سلطنت برطانیہ اٹلی کے ساتھ دوستی کے زبردست جذبات رکھتی ہے ...

## اٹلی نے عہداً جنگ چھیڑی ہے

## مراد آباد کے ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کا فیصلہ

## کانگریسی گرمیاں ڈسٹرکٹ بورڈ کی امیدواری سے محروم نہیں کر سکیں

## روس پر برطانیہ کا قرضہ

### ادائیگی کی صورتیں

لندن ۲۳ نومبر۔ زار کے عہد کے روس بانڈوں کی قیمت میں یک دم ۳ فی صدی کا اضافہ ہو گیا جس سے یہ افواہ زور پکڑ رہی ہے کہ سوویٹ حکومت عنقریب ہی زار روس کے عہد کے بانڈوں کی مالی ذمہ داری قبول کرے گی۔ ...

## افغانستان میں کرنسی نوٹ جاری ہوگئے

## ارکان پنجاب کونسل کی موٹر پر حملہ

### ہیڈ کانسٹبل اور دو کانسٹبلوں کا چالان

## جزائر غرب الہند میں طوفان

## ایرانی سفیر کو کابل میں اعلیٰ تمغہ

## قماربازی کے الزام میں ۱۲۴ گرفتاریاں


### وینس کی ہر دلعزیزی

وینس ہر ایک حسب ضرورت کے مطابق سکیم پیش کرتی ہے

تفصیلات کے لئے ایجنسی یا چیف ایجنسی کمپنی یا خود ذیل کے پتہ پر خط و کتابت کیجئے

دی وینس انشورنس کمپنی لیمیٹڈ چاندنی چوک دہلی




# انگریز ہندوستانی جی حضوریوں کو کس نظر سے دیکھتے ہیں

## ہندوستان کے ایک وفادار کو سابق وائسرائے کا نہایت دلچسپ خط

سابق وائسرائے صاحب لکھتے ہیں کہ میرا خیال ہے کہ مجھ کو کم از کم آپ کو جواب دینا چاہئے ...

## وائسرائے کی پوزیشن کیا ہوتی ہے

## مسلمانان پہاڑ گنج نئی دہلی کا جلسہ

## افسران پی ڈبلیو ڈی کے خلاف صدائے احتجاج

(۳) انجمن ہذا کا یہ عظیم الشان جلسہ مسلمانان ہند حضوصاً مسلمانان دہلی سے اپیل کرتا ہے کہ وہ مظلوم اور بے کس مہاجرین کے لئے ہر ممکن طریقہ سے امداد کریں اور ایک مدرسہ مہاجرین کی مذہبی اور دنیاوی تعلیم کے لئے قائم کریں۔

(مولوی) حکیم کریم بخش پہاڑ گنج دہلی

# مزار حضرت کاکو شاہ رحمۃ اللہ علیہ کے مقدمہ کی مزید سماعت

(بسلسلہ صفحہ ۲)

## احسان فوٹو گرافر سی۔ آئی۔ ڈی کا بیان

## ۲۱ نومبر کی کارروائی

# آل انڈیا مسلم لیگ کا اجلاس

## محمد علی جناح کا نقطۂ نگاہ

بمبئی ۲۳ نومبر مسٹر محمد علی جناح پریذیڈنٹ آل انڈیا مسلم لیگ کو ہدایت کی ہے ...

# یو۔ پی کانگریس بورڈ کا اجلاس

## کوئی انقطاعی فیصلہ نہیں ہوا

## انجمن مہاجرین تخارستان کا سالانہ جلسہ

### متعدد قرار دادوں کی منظوری

# دار الحکومت

## دہلی کانگریس کمیٹی کا اعلان

### بہترین مضمون نگار کو انعام

## آزاد ہوا کیں میں محمد الہی کی رسم

### مولانا عبد الماجد صاحب کی تقریر


# نورانی قرآن مجید معریٰ

## خود منگائیے اور غریبوں کو ہدیہ کیجئے

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اس قرآن شریف کا قاعدہ اور سطر درجہ کا ہی اسکول فار قرآن شریف کی نام سے موسوم کیا جاتا ہی نمونہ تقریباً یہی ہی اصل الفاظ اتنی ادنیٰ کی وجہ سے یہی ہیں لکھی گئی ہیں صرف خط کا نمونہ دکھایا گیا ہے

# امارت شرعیہ صوبہ بہار کے وفد کا دورہ

## حضرت مولانا ابوالمحاسن محمد سجاد صاحب کی بصیرت افروز تقریر

امارت شرعیہ صوبہ بہار کا وفد کول نیاٹنڈ ضلع مانبھوم کے پرجوش اور مخلص مسلمانوں کی دعوت پر ۱۳ شعبان ۵۴ھ جمعہ کو حسب پروگرام بمقام بھاگا پہنچا۔ اس وفد میں حضرت مولانا ابوالمحاسن محمد سجاد صاحب نائب امیر شریعت و حضرت مولانا سید شاہ محمد قمرالدین صاحب برادر حضرت امیر شریعت و حضرت مولانا سید شاہ محمد قمرالدین صاحب برادر حضرت امیر شریعت مدظلہ و مولانا حفیظ الحسن صاحب و مولانا غلام یحیٰی صاحب و مولانا محمد طٰہٰ صاحب مبلغین امارت شرعیہ شریک تھے۔ یہاں جناب محمد اسحٰق خانصاحب نہایت مخلص اور امارت شرعیہ کے ہمدرد ایک معزز شخص ہیں جن کی تجویز مقامی کارکنان نے وفد کا قیام انہی کے دولت خانہ پر ہوا اور ۹ بجے شب کو جلسہ منعقد ہوا جس میں اطراف و جوانب کے مسلمان کثیر شریک ہوئے، جلسہ میں سب سے پہلے قرآن مجید کی تلاوت مولانا حافظ عبدالرحمن صاحب نے کی، بعدہ مولانا حفیظ الحسن صاحب مبلغ امارت شرعیہ نے ایک گھنٹہ تقریر فرمائی۔ توحید و رسالت کے حقائق اور نماز و زکوٰۃ کی اہمیت کو نہایت خوبی کے ساتھ آپ نے بیان فرمایا اس کے ساتھ اجتماعی زندگی کو سمجھاتے ہوئے نماز و زکوٰۃ کے ادا کرنے کے شرعی طریقوں کو بتایا اور یہ بھی واضح فرمایا کہ قیام امارت اور نظام بیت المال کے رہتے ہوئے کسی کو یہ اختیار نہیں ہے کہ اپنی زکوٰۃ خود جہاں چاہے خرچ کردے حاضرین اس بیان سے بہت محظوظ ہوئے۔ بعدہ حضرت مولانا ابوالمحاسن محمد سجاد صاحب نے ایک گھنٹہ تک تقریر فرمائی جس میں آپ نے مذہب اور دین کی حقیقت کی تشریح کرتے ہوئے یہ بیان فرمایا کہ مسلمانوں کی تمام زندگی، تمام کاروبار جو قوانین الٰہیہ کے ماتحت ہوں وہ سب عین مذہب ہیں اور انہی قوانین کی عدم پابندی سے نقصان، خسران، ذلت و خواری ہے، اور اسلامی زندگی کے متعلق ایک اہم قانون یہ ہے کہ کل مسلمان ایک نظام اور ایک امیر کے ماتحت زندگی بسر کریں تمام تعلیم یافتہ حضرات خصوصیت سے بہت زیادہ متاثر ہوئے۔ یہ جلسہ شب کو ساڑھے دس بجے ختم ہوا۔ جلسہ کے نظم و انتظام میں جناب مولوی حافظ شمس الہدیٰ صاحب و منشی محمد حنیف صاحب وغیرہ نے نہایت اخلاص کے ساتھ حصہ لیا اور اس جلسہ کی کامیابی میں ان کی کوششوں کو بہت کچھ دخل ہے۔ اس اطراف کے مسلمان ان حضرات کے شکر گذار ہیں۔

(نیاز مند۔ سید عبدالسلام مانوی کولہ نرپتی جھریا)

## براری بازار میں وفد امارت کا دورہ

کل بتاریخ ۱۹ شعبان ۵۴ھ امارت شرعیہ صوبہ بہار کا وفد بمقام براری بازار ضلع مانبھوم بذریعہ موٹر مقام بھاگا بازار سے پہونچا۔ ...

## عازمان حج کیلئے ریل کے کرایہ میں رعایت

### ایک معقول مطالبہ

## قدیمی مشہور دوکان

محمد اسحٰق محمد یحییٰ بازار کھاری باولی دہلی

# کفرستان اجودھیا میں ایک سعادتمند روح

اجودھیا کی ایک دیوی کا قرآن مجید سننا، اس کی کشش سے متاثر ہونا۔ اسلام کی محبت کو اپنے دل میں پرورش کرنا ایک خیال سنیاسیوں اور ظالم و جابر عزیز و اقارب کے زمرہ کا استقلال کہ صبر و استقامت کے ساتھ برداشت کرنا اور ایک مرتبہ اسلام کی حقانیت کا اندازہ لگا کر اسی پر ایمان لے آنا اور ہر قسم کے مصائب میں صرف خدا پر بھروسہ رکھنا کوئی آسان کام نہ تھا مگر ساوتری نے یہ سب کچھ کر دکھایا۔ بے شک یہ اسی کی ہمت تھی۔ آج ہم جب ان واقعات کو پڑھتے ہیں تو رونگٹے کھڑے ہو جاتے ہیں پھر اس لڑکی کا پنڈتوں کے تمام دلائل کو رد کر دینا اگر اسلامی معجزہ نہیں تو اور کیا تھا۔ جن حضرات نے ابھی تک اس کتاب کو نہیں پڑھا ہے ان کے لئے ضروری ہے کہ اس کی ایک جلد منگا کر اپنے پاس رکھیں ممکن نہیں کہ ایک مرتبہ شروع کرنے کے بعد اس کتاب کو ختم کرنے پر مجبور نہ ہو جائیں۔

اس کتاب کی مقبولیت کا یہ عالم ہے کہ پہلا ایڈیشن بہت جلد ختم ہو گیا۔ اب دوسرا ایڈیشن پہلے کی نسبت زیادہ تعداد میں چھپوایا گیا ہے۔ جو حضرات فوراً فرمائش بھیجیں گے وہ بلا تاخیر کام لیں گے۔ انہیں تیسرے ایڈیشن کا انتظار کرنا پڑے گا۔ قیمت صرف آٹھ آنہ ۸/ علاوہ محصولڈاک۔ ملنے کا پتہ:

الجمعیۃ بک ڈپو گلی قاسم جان دہلی

# الحاد و دہریت کا سیلاب

وہ معرکۃ الآراء تصنیف جس کا بڑی شدت سے مدت دراز سے انتظار کیا جا رہا تھا شائع ہو گئی ہے اور ایسے وقت میں چھپ کر شائع ہوئی ہے جبکہ دنیائے اسلام کو اس کی سخت ضرورت ہے۔ مغربی تہذیب و تمدن نے مسلمانوں کو اپنے مذہبی اعمال و عقائد سے بے خبر کر دیا ہے۔ اور مغربی تعلیم ان کو دہریت و بے دینی کی طرف لے جا رہی ہے۔ ہر شخص کا زاویۂ نگاہ یہ ہے کہ وہ عقائد و احکام اسلامیہ کو عقل و فلسفہ کے معیار پر کسے اور علوم حاضرہ کی روشنی میں دیکھے۔ یہ کتاب اس ضرورت کو بخوبی پورا کرتی ہے اس کے مطالعہ سے معلوم ہوگا کہ یہ کتاب مسلمانوں کے لئے کس قدر مفید ہے اور اس زمانہ میں جب کہ تعلیم جدید نے معتقدات میں تزلزل پیدا کر رکھا ہے۔ اس کتاب کی اشاعت کیسی ضروری ہے۔

اسلام کے وہ تمام معتقدات جن پر ایمان لائے بغیر کوئی عبادت و عمل مقبول نہیں ہوتا نہایت شرح و بسط کے ساتھ ۱۶ عنوانات کے تحت میں بیان کئے گئے ہیں۔ تمام معتقدات اسلامیہ کو علوم عقلیہ فلسفہ منطق۔ سائنس۔ ہیئت۔ طب تشریح اور تاریخ وغیرہ سے قرآن و حدیث فقہ و تفسیر کلام و تصوف کی روشنی میں اس طرح ثابت کیا ہے کہ جس کے مطالعہ کے بعد کسی قسم کے شک و شبہ کی مطلق گنجائش باقی نہیں رہتی اور جو شخص بھی اس کتاب کو سرسری نظر سے دیکھ لیتا ہے اسلام کی روشنی اس کے دل و دماغ کو چمکا دیتی ہے۔

ہر مسلمان کا فرض ہے کہ اس کتاب کو خود پڑھے اور اپنے متعلقین کو پڑھائے تاکہ اپنے مقدس مذہب کے سچے اصول سے کماحقہ واقف ہو کر دین و دنیا کی برکتیں حاصل کرے۔ لکھائی چھپائی دیدہ زیب کاغذ چکنا سفید قسم اعلیٰ سائز ۲۰×۲۶ صفحات ۴۸۰ قیمت بلا جلد عہ مجلد تین روپے۔ محصولڈاک ۱۱

ملنے کا پتہ:۔ الجمعیۃ بک ڈپو۔ بلیماران دہلی

# طوفان حوادث

اردو زبان کے مشہور ادیب و افسانہ نگار مولوی شبیر حسین صاحب۔ مارہروی کا ایک بہترین افسانہ جس میں سراغرسانی کے متعلق حیرت انگیز واقعات دکھائے گئے ہیں اور ایسے حالات میں جب کہ نہایت پراسرار طریقہ پر ایک رئیس کا قتل ہوا ہے اور اصل مجرم کے متعلق کسی کو ذرہ برابر شبہ بھی نہیں ہو سکتا۔ ایک ماہر سراغ رساں کی قابلیت و صلاحیت کا نمونہ پیش کیا ہے۔ اس افسانہ کو ایک مرتبہ شروع کر دینے کے بعد ختم کئے بغیر چھوڑنا ناممکن ہے۔ جن حوادث کا طوفان اس کتاب میں برپا کیا گیا ہے وہ اس قدر دلچسپ جاذب توجہ اور ہنگامہ خیز ہے کہ ایک حادثہ کے بعد دوسرے کا مطالعہ لازمی و لابدی ہو جاتا ہے زندگی کے متعلق ہزاروں تجربات اور فطرت انسانی کی اندرونی معلومات کا ایک بہترین بیش بہا ذخیرہ ہے۔ ادبی ذوق رکھنے والے حضرات اس افسانہ کو جو اپنی نوعیت کا ایک انتہائی تعجب خیز افسانہ ہے ضرور منگا کر پڑھیں قیمت صرف آٹھ آنہ علاوہ محصولڈاک۔ ۳۰ اکتوبر ۱۹۳۵ء سے قبل کے خریداران الجمیعۃ کو ۵/ کے ٹکٹ ارسال کرنے پر کتاب بھیجی جائے گی۔

ملنے کا پتہ:۔ الجمعیۃ بک ڈپو۔ بلیماران دہلی

## آتشک، سوزاک

## خضاب

ہمدرد دواخانہ یونانی دہلی

دینی بکڈپو کی نایاب کتابیں

دینی بکڈپو جامع مسجد کوچہ ناہر خان دہلی



# بھوپال کی خبریں

## شاکر علی خاں اور طرزی صاحب کی رہائی

بھوپال ۲۱ نومبر۔ اعلیٰ حضرت نواب صاحب نے کچھ دن ہوئے شاکر علی خاں کو ان کے والد کی وفات کی وجہ سے بمرحم خسروانہ رہا کر دیا تھا مگر آج طرزی مشرقی صاحب کی رہائی کا بھی حکم دیدیا۔ شاکر علی خاں انجمن خدام وطن کے سکریٹری اور طرزی مشرقی اسی انجمن کے صدر ہیں۔ ان دونوں پر بغاوت کا الزام لگایا گیا تھا۔ جس کی وجہ سے ۲ سال اور ۹ ماہ کی سزا بامشقت کا حکم سنایا گیا تھا۔ یہ دونوں صاحبان ملکی اور غیر ملکی تحریک بھوپال کے روح رواں ہیں۔ شاکر علی خاں نے ابھی تک قید سے رہا ہو کر اپنا آئندہ پروگرام نہیں بنایا ہے۔ کہا جاتا ہے کہ طرزی صاحب کی رہائی ان کی سخت علالت کا باعث ہوگی۔

## مشیر وطن ضبط

مشیر وطن جو زیر ادارت مسٹر بھگوان دیال شاطر آگرہ سے چھپ کر بھوپال میں شائع ہوتا تھا ضبط کر لیا گیا کہا جاتا ہے کہ بعض وقت اسٹیشن آنا تو ساگر والوں نے اسے روک دیا۔ دراصل مضامین کو قانون کے خلاف بتلایا گیا۔

## صبح وطن سے ضمانت

یہ خبر انتہائی افسوس سے سنی جائے گی کہ بھوپال کا پرچہ صبح وطن سے ڈیڑھ ہزار کی ضمانت صرف دو مضامین "رعایا کا مطالبہ" اور "ڈھکنا" پر طلب کی ہے اور اس سے بھی زیادہ افسوسناک خبر یہ ہے کہ اس کے ایڈیٹر مہدی میاں سابق اسسٹنٹ ہتھم تاریخ جن کو پیشن ملتی تھی بند کر دی گئی ہے ہمیں امید ہے کہ گورنمنٹ اپنی شرافت کا ثبوت دیکر ان کی پنشن کو بحال رکھے گی۔

(محمد حسین منصل مسجد خان الوارہ۔ بھوپال)

جامعہ قاسمیہ مدرسہ شاہی مسجد نہایت مدلل مفصل دلکش تقریر فرمائی۔ راقم الحروف نے اس کی تائید کی اور فلک شگاف نعروں سے بالاتفاق آراء تجاویز منظور ہوئیں۔

(۱) مسلمانان مراد آباد کا یہ عظیم الشان جلسہ لڑکیوں کی لازمی تعلیم سے اظہار نفرت کرتے ہوئے مسلمانوں کے لئے تباہ کن خیال کرتا ہے۔ اور اراکین میونسپل بورڈ مراد آباد سے پرزور مطالبہ کرتا ہے کہ وہ اسے ناقابل برداشت اور ہلاکت خیز تحریک کی پوری مخالفت کرتے ہوئے مسترد کر دیں۔

(۲) اجلاس طے کرتا ہے کہ اس جلسہ کی کارروائی اخبارات میں بھیجدی جائے۔

محرک:۔ مولانا محمد اسمٰعیل صاحب۔

موید:۔ راقم الحروف سید محمود احمد ناظم انجمن فدائے سنت مراد آباد

## ملا رموزی صاحب کا مکتوب گرامی

### والد مرحوم کیلئے دعائے مغفرت کی استدعا

۱۵ نومبر ۱۹۳۵ء کو میرے والد صاحب قبلہ شاہ سید محمد صالح کا انتقال ہو گیا آپ کے اخبار کے ذریعہ حضرات علمائے کرام و مشائخ عظام سے درخواست ہے۔ نیز محترم ناظرین و ناظرات الجمعیۃ سے التماس ہے کہ وہ والد مرحوم کیلئے دعائے مغفرت فرمائیں اور میرے اور میرے متعلقین کیلئے دعائے صبر و استقامت تاکہ میں قلبی و دماغی سکون پاکر مذہب و ملت کی خدمت گزاری میں مصروف رہ سکوں۔

(ملا رموزی)

اخبار الجمعیۃ میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے

## سکندر آباد میں تعلیمی مساعی

## کام کے اوقات میں تخفیف

## مسلمانان مراد آباد کا جلسہ

### لڑکیوں کیلئے جبری تعلیم کی مخالفت

# ماہ رمضان المبارک میں عام رعایتی اعلان

## دو روپیہ کی کتابیں بالکل مفت

آج کی تاریخ سے آخر ماہ رمضان المبارک تک جو حضرات الجمعیۃ کے جدید خریدار ہونگے ان کی خدمت میں دو روپیہ کی کتابیں الجمعیۃ بکڈپو کی طرف سے بالکل مفت پیش کی جائینگی۔ خریداری کی فرمائش کے ساتھ اپنی منتخب شدہ کتابوں کے نام لکھ دینے چاہئیں اور اس امر کی تصریح کر دینی چاہئے کہ ہم الجمعیۃ کے سالانہ خریدار ہونا چاہتے ہیں، یہ کتابیں جن کی مجموعی قیمت دو روپیہ ہے ہمیں بغیر کسی قیمت کے بھیجدی جائیں اور الجمعیۃ کا سالانہ چندہ صرف چھ روپیہ ہم سے وصول کر کے ہمیں سال بھر کیلئے خریدار بنا لیا جائے۔ اس طرح جو پارسل کتابوں کا ارسال کیا جائے گا اسمیں صرف اخبار کی سالانہ قیمت لگائی جائیگی کتابیں بالکل مفت ارسال ہونگی۔

یہ بھی ہو سکتا ہے کہ اگر کوئی صاحب الجمعیۃ کے خریدار بننا چاہیں اور دو روپیہ سے زائد کی کتابیں منگانا چاہیں تو کتابوں کی مجموعی قیمت میں سے رعایت کے دو روپیہ مجرا دیدیئے جائیں۔ اور باقی کا وی پی ان کی خدمت میں ارسال کر دیا جائے۔

یہ رعایتی اعلان بلا تخصیص استطاعت و حیثیت عام ہے اور اس مدت میں جو شخص الجمعیۃ کا سالانہ خریدار بننا چاہے وہ فائدہ اٹھا سکتا ہے اور سال بھر تک صرف چار روپیہ میں اپنے نام اخبار جاری کرا سکتا ہے۔ ۳۰ رمضان المبارک کے بعد یہ رعایت یک قلم بند کر دی جائیگی اور دو روپیہ کی کتابیں مفت روانہ نہیں کی جائیں گی۔

# سیرۃ النبی جلد پنجم چھپ گئی

الحمدللہ سیرۃ النبی کے اہم سلسلہ کی پانچویں جلد چھپ گئی اس جلد کا موضوع تعلیمات نبوی میں سے عبادات کی تشریح و تفصیل ہے، اس میں پہلے عبادت کی حقیقت اور اسلام میں عبادت کے انواع و اقسام کا بیان ہے، پھر اسلام کے فرائض خمسہ، نماز، زکوٰۃ، روزہ، حج اور جہاد میں سے ہر ایک پر علیحدہ علیحدہ سیر حاصل بحثیں ہیں، پھر توکل، صبر، اخلاص، تقویٰ اور شکر کے معانی و مطالب قرآن مجید کی تعلیمات کی روشنی میں سمجھائے گئے ہیں، امید ہے شائقین اس کی خریداری میں عجلت فرمائیں گے، تاکہ رمضان المبارک کے مقدس مہینہ میں اس کا مطالعہ فرما سکیں۔

تاجرین کتب کو چاہیئے کہ جلد سے جلد مطلوبہ نسخے اپنے شہر کے شائقین کیلئے ریل کے ذریعہ سے منگوا کر تیار رکھیں، تاکہ محصول کی کفایت سے تاجر و خریدار دونوں کو فائدہ پہنچے۔

تقطیع کلاں، ضخامت ۴۰۰ صفحے، قیمت: قسم اعلیٰ عہ، قسم دوم للعہ

منیجر دار المصنفین اعظم گڑھ

حق مضمون اشتہار ہذا محفوظ ہے کوئی صاحب اسے نقل کر کے فائدہ کی جگہ نقصان نہ اٹھائیں۔

# رعایت کا مبارک مہینہ

جو سال میں ایک ہی بار آتا ہے اس سے ضرور فائدہ اٹھایئے

گیارہ ماہ گذرنے کے بعد خدا کے فضل و کرم سے رمضان المبارک کا مہینہ نصیب ہوتا ہے یہ بھلائیوں اور نیکیوں کا مہینہ ہے اسلئے ہم نے بھی یہی مہینہ اپنے خریداروں کو فائدہ پہنچانے کے لئے انتخاب کر رکھا ہے۔ لہٰذا حسب معمول اعلان کیا جاتا ہے کہ مندرجہ ذیل گھڑیوں ٹائم پیسوں کی قیمت میں چھ رعایت کر دی گئی ہے۔ اس رعایت سے ہر شخص خواہ کسی حیثیت کے ہوں فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ جلد سے جلد فرمائش بھیجیے ورنہ یہ نادر موقعہ پھر ایک سال بعد آئے گا۔ راقم منیجر



رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۲

تار کا پتہ "الجمعیۃ دہلی"

Aljamiat

# الجمعیۃ دہلی

(ایڈیٹر: ہلال احمد زبیری (ایم۔اے)

جلد ۲۲ | دہلی۔ یوم یکشنبہ ۴ رمضان المبارک ۱۳۵۴ھ ہجری۔ مطابق یکم دسمبر ۱۹۳۵ء | نمبر ۳۸


## یورپ میں ایک ہولناک جنگ عظیم کے آثار پیدا ہو رہے ہیں

### فرانس کی سرحد پر اٹلی کی فوجوں کا اجتماع

### تیل کی پابندی نے مسولینی کے غصہ کو مشتعل کر دیا

لندن ۲۹ نومبر

## فرانس کی موجودہ حکومت پر اعتماد

### فرانک کی قیمت میں اضافہ

پیرس ۲۹ نومبر۔ اطلاع موصول ہوئی ہے کہ حکومت فرانس کو ۲۰۲ ووٹوں کے مقابلہ میں ۳۵۰ ووٹوں سے اعتماد کا ووٹ حاصل ہو گیا۔ اس کا یہ مطلب ہے کہ موسیو لاول کے اس مطالبہ کو منظور کر لیا گیا ہے۔ ...

## ڈسٹرکٹ بورڈ میرٹھ کے انتخابات میں مقامی حکام کا عجیب و غریب طرز عمل

### مولانا بشیر احمد صاحب کا نام فہرست رائے دہندگان سے کس طرح خارج کیا گیا

### لوکل گورنمنٹ نے باوجود تحریری درخواست اور برقی پیغامات کے کوئی جواب نہیں دیا

میرٹھ ۱۸ نومبر۔ ضلع میرٹھ کے مقامی حکام نے ڈسٹرکٹ بورڈ کے انتخابات کے سلسلہ میں جو طرز عمل اختیار کیا ہے ...

## حضرت مولانا عبدالحلیم صاحب صدیقی کی تشریف آوری

### سنہری مسجد میں تراویح

حضرت مولانا عبدالحلیم صاحب صدیقی رکن مجلس عاملہ جمعیۃ علمائے ہند ...

## اطالوی فوجوں کی گولہ باری

### تمام شہر کو مسمار کر دیا

## برلائل میں مزدوروں کی ہڑتال

### کارخانہ کو مجبوراً بند کرنا پڑا

دہلی ۳۰ نومبر

## ایک مجروح سکھ کا شفاخانہ میں انتقال

### ارتھی کا جلوس نکالا جائے گا

لاہور ۲۸ نومبر

## آل انڈیا مسلم لیگ کا اجلاس

### ۳۰ دسمبر کو منعقد ہوگا

دہلی ۳۰ نومبر۔ یہ اعلان کیا گیا ہے کہ آل انڈیا مسلم لیگ کا اجلاس ۳۰ دسمبر کو بمقام دہلی منعقد ہوگا۔ ...

## والوال پر دوبارہ قبضہ

---

۲۸ نومبر ۳۵ء

## آل انڈیا اہل حدیث کانفرنس کا عظیم الشان اجلاس

### متعدد قراردادوں کی منظوری

...


روزانہ قومی اخبار کانپور

زیر ادارت مولانا سید محمد اسمٰعیل صاحب ذبیح کانپوری

قومی اخبار و نیکلی اڈیشن

ایجنٹوں کی ضرورت

اشتہارات کے لئے بہترین جگہ

طاقت مردمی کی شرطیہ گولیاں

گدڑ شی اینڈ کمپنی جالندھر شہر (پنجاب)

خریداران الجمعیۃ کیلئے جنس مردمی خاص رعایتی تحفہ

اکسیر البدن

طلاء کشور

پتہ: حکیم عبدالقدیر کشور رسیزری منڈی دہلی


## الجمعیۃ بکڈپو دہلی کی مذہبی ادبی اور درسی کتابوں کا نایاب ذخیرہ

### مذہبی کتابیں

صحیح بخاری

ترجمان القرآن

اجمال و اکمال

تقریریں

جنت کی کنجی

دوزخ کا کھٹکا

پاک زندگی

معارف الآہی

فتاویٰ اشرفیہ

### تاریخی کتابیں

اشاعت اسلام

بلاغ مبین

حالات انبیاء

تاریخ انشاء میر

اصحاب بدر

تذکرۃ الصلحاء

خواتین اندلس

اسلامی عقائد و احکام

اسلامی تاریخ

حیات حافظ رحمت خاں

### تبلیغی افسانے

ازبلا

ساوتری

خاموش تبلیغ

### سیاسی و اقتصادی کتابیں

سیاسیات ہند

پارلیمنٹری کمیٹی کی رپورٹ

سکہ و شرح تبادلہ

### اوراد و وظائف

طب روحانی

رسول کی دعائیں

دعائے مقبول

احسن الوظائف

### متفرق کتابیں

طوفان حوادث

### بچوں کیلئے کتابیں

تعلیم الاسلام

بچوں کا تحفہ

اربعین

### طبی کتابیں

ضیاء الحکمت

دستور العلاج

### عورتوں کیلئے کتابیں

خانہ داری

خواتین اندلس

علامہ راشد الخیری کی تصانیف

ان تمام کتابوں کے ملنے کا پتہ:

الجمعیۃ بکڈپو بلیماران دہلی

## معاصرین کے افکار و آرا

### مسلمانان کوٹ تلی کے مصائب

ریاست جے پور کے ماتحت کوٹ تلی ایک چھوٹی سی ریاست ہے جہاں سے تقریباً دو ہزار مسلمانوں نے ہندوؤں کے مظالم سے تنگ آکر ترک وطن کیا اور دہلی کی جامع مسجد کی سیڑھیوں پر ڈیرے ڈال دیے۔

بھر گئے۔ مگر ایک مہاجر مسلمان نے بھی مصائب سے گھبرا کر اپنے مقدس وطن کو خیرباد نہ کہا کیونکہ کوئی غیرت مند انسان اس کو گوارا نہیں کرسکتا کہ اپنا بار دوسروں پر ڈالنے کی ذلت برداشت کرے۔

کرانے کے بعد جو بھی کوئی جواب ہاں سے نہیں ملا۔ ...

(ترجمہ از ہندوستان ٹائمس)

### ڈسٹرکٹ بورڈ میرٹھ کے انتخابات

### لاہور کی فضاء

### حوادث و احکام

### ایک سعید بچے کا خط حضرت مفتی صاحب قبلہ کے نام

میرے بزرگ میرے رہبر جناب مفتی صاحب دامت برکاتہم
السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ۔ دست بستہ گزارش حقیر بندہ کی یہ ہے کہ میں جبکہ قرآن شریف پڑھنے کیلئے مسجد میں جایا کرتا تھا اور رات کے وقت اپنے گھر میں مطالعہ کیا کرتا تھا ایک روز جبکہ میری طبیعت پڑھنے کی طرف بالکل رجوع نہ تھی ...

### حضرت مفتی صاحب قبلہ کا جواب

### ملک حبش کا نقشہ

ملک کی عام حالت، اور باشندگان ملک کی زبان اور دیگر امور کے بارے میں اب تک کوئی واقفیت ہم تک نہیں پہنچ سکی ہے حتیٰ کہ حبش کے صحیح نقشے جن میں اکثر شہروں اور بڑے بڑے مقامات کے نام ہوں مفقود تھے۔ جنگ کے بعد انگلستان کے مشہور اخبارات ٹائمس آف لندن اور ڈیلی میل نے دو نقشے شائع کیے ہیں ...

### استفتاء

### الجواب

(بقیہ مضمون کالم ۲)

---

بسم اللہ الرحمن الرحیم

# الجمعیۃ دہلی

یوم یکشنبہ ۴ رمضان المبارک ۱۳۵۴ھ

# یورپ میں جنگ کے شعلے

## مسولینی کی بدحواسیاں

اٹلی کے ڈکٹیٹر مسولینی کا دماغ اپنے شخصی وقار اور مستبدانہ تسلط کے برقرار رکھنے کی مضطربانہ کوششوں میں اس درجہ خراب ہوگیا ہے کہ اب اسے تدبر و دانشمندی کا کوئی معمولی سبق بھی اس سے باز نہیں رکھ سکتا کہ وہ غلطیوں پر غلطیاں کرتا چلا جائے اور اس نے حبش کے خلاف جو خونریز اور انسانیت سوز جنگ جاری کی ہے اس کو کامیاب بنانے کے لئے ایسے طریقے اختیار کرے جو اس کے ملک کو ہمیشہ کے لئے تباہ و برباد کردینے والے ہوں۔ جمعیۃ اقوام کے خلاف مسولینی کا غصہ جس قدر تیز و تند ہے اس کی کیفیت کبھی کبھی اخبارات میں آتی رہتی ہے اور آج کی تازہ خبروں سے تو ایسا معلوم ہوتا ہے کہ وہ ان تدابیر کے خلاف جو جمعیۃ اقوام نے اختیار کی ہیں حقیقی جنگ کرنے پر تلا ہوا ہے ...

... کی حالت میں مسولینی اپنے ہوش و حواس کو کھو بیٹھا اور اس نے حبش کی جنگ کو ختم کرنے کے بجائے اور ممالک جمعیۃ اقوام کے خلاف اعلان جنگ کرنے کا بندوبست شروع کر دیا۔ اگر اس دھمکی کو بھی دوسری غلطیوں کی طرح مسولینی نے عملی جامہ پہنا دیا تو ہمیں یورپ میں بھی ایک زبردست جنگ کا یقین رکھنا چاہیے۔ فرانس اور برطانیہ مل کر اٹلی کا قلع قمع کردینے کو بہت کافی ہیں۔ اور اگر جرمنی بھی میدان میں آجائے تو شاید وہ کچھ نہیں کرسکتا۔ ان سب کی باہمی رقابتوں کو اگر مسولینی کی حماقت کا یہ دلت مناظرہ کا موقع مل گیا تو جنگ ضرور خونریز ہوگی۔

## شذرات

### ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ میرٹھ کا طرز عمل

ہم آج کی اشاعت میں کسی دوسری جگہ ان واقعات کو کسی قدر تفصیل کے ساتھ پیش کر رہے ہیں جو میرٹھ کانگریس کمیٹی کے محترم صدر مولانا بشیر احمد صاحب رکن مجلس عاملہ جمعیۃ علماء ہند کا اسم گرامی ڈسٹرکٹ بورڈ میرٹھ کی فہرست رائے دہندگان سے خارج کردینے کے متعلق ظہور میں آئے ہیں۔ ان تفصیلات کو پڑھنے کے بعد ہر شخص ...

جس میں ذرا سی بھی معقولیت و عدل پسندی ہوگی بآسانی اس نتیجہ پر پہنچ سکتا ہے کہ ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ ضلع میرٹھ کا طرز عمل کسی اعتبار سے بھی صحیح نہیں تھا۔ اور مولانائے ممدوح نے جن قانونی نکات کی بنا پر ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کو اپنے حکم پر نظرثانی کرنے کے لئے توجہ دلائی تھی وہ نہایت اہم اور وزنی تھے۔ لیکن اس تمام داد بیداد سے زیادہ افسوسناک یہ امر ہے کہ لوکل سیلف گورنمنٹ کے سکریٹری کو ایک مفصل درخواست بھیجنے اور اس کی متعدد بار یاد دہانی ...

---

# انگلستان کی مسلم سوسائٹی کے عہدہ سے میں نے استعفا کیوں دیا

## ووکنگ مشن کی فریب کارانہ کارروائیاں

## اسلام کے نام پر قادیانیت کا پروپیگنڈا کیا جاتا ہے

(از مسٹر احمد بینٹ سابق سکریٹری مسلم سوسائٹی برطانیہ عظمیٰ)

میرا ارادہ یہ تھا کہ بعنوان بالا پر ناہموار خشی اختیار کروں تاکہ سوسائٹی خود اپنے اندر اصلاح کرکے اس فرض کو ادا کرسکے جو انگریزی زندگی کے مقابلہ میں وقعت حاصل کرنے کے لئے بہرحال ادا کرنا چاہیے لیکن موجودہ واقعات نے میری مسلالت ...

قادیانی خیالات کا زبردست غلبہ ہے حالانکہ میں یہ بتلا دینا چاہتا ہوں کہ قادیانی اثرات کے لئے کسی ایسی جماعت میں کوئی جگہ نہیں ہونی چاہئے جو اسلام کی تبلیغ و اشاعت کا مدعی ہو جیسا کہ ہندوستان کے مفتی اعظم اور جمعیۃ علماء ہند کے پریزیڈنٹ حضرت مولانا ...

... میں پھنسنا نہیں چاہتا ہوں تمام اسلامی دنیا کو نہایت صاف طور سے بتلا دینا چاہتا ہوں کہ میں ان حرکات کی وجہ سے اس مسلم سوسائٹی کا جو کہ انگلستان میں قائم ہے ممبر نہیں رہنا چاہتا اور ان کی ممبری سے بھی مستعفی ہوتا ہوں۔

دواخانہ رشیدیہ دیوبند

مصفّٰی

مسیح الملک ثانی جناب حکیم محمد احمد خاں صاحب دہلوی کی حیرت انگیز ایجاد

جوہر جیلانی

منیجر دواخانہ رشیدیہ دیوبند

بے تصدیق بات پر شک ممکن ہے

لیکن جب لاکھوں اشخاص تصدیق کر چکے ہیں ڈنکے کی چوٹ پر کہہ رہے ہیں کہ مقویات سرتاج عالم آتنک نگرہ گولیاں ... لاثانی علاج ثواب شک کس لئے آپ بھی ایک دفعہ آزمائش کرکے دیکھ لیں۔

| قیمت | فی ڈبیہ | ۳۲ گولیاں | ایک روپیہ |
|---|---|---|---|

آتنک نگرہ فارمیسی جام نگر کاٹھیاواڑ

---

# عاشقان الٰہی کے لئے دنیا کی کسی چیز سے محبت کرنا شرک ہے

## حضور نبی کریم کو حق تعالیٰ کی تسلی و تشفی

## حضرت سحبان الہند مولانا الحاج حافظ احمد سعید صاحب کی دوسری تقریر سیرت

(۳۴)

حضرت! اگر مخلوق میں کوئی خوبی ہے بھی تو وہ عارضی ہے بلکہ یوں کہو کہ عارضی بھی اور بالعرض بھی ہے اور حضرت حق کے تمام کمالات بالذات ہیں ... جیسے حضرت خلیل علیہ السلام نے فرمایا تھا انی وجہت وجھی للذی فطر السموات والارض حنیفا وما انا من المشرکین ...

کے لئے ہے جو رب العٰلمین ہے اور جس کا کوئی ہمسر اور شریک نہیں ہے۔ بات وہی ہے جو حضرت ابراہیم نے کہی تھی لیکن انداز بیان کے قربان جائیے حضرت خلیل نے جو کچھ کہا تھا اُس سے بہت زائد کہا ...

بلکہ اتنے بحث طلب ہی تھے کہ اگر یہاں ان کو تفصیلاً ترک نہ کردوں تو یہ ختم ہی نہیں ہوسکتے۔ اصل گفتگو تو اس میں ہو رہی تھی کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے کس طرح فرمایا کہ جس قدر اذیتیں مجھ کو دی گئیں اتنی کسی نبی کو نہیں دی گئیں۔ اس شبہ کا جواب میں عرض کر رہا تھا کہ اذیت کے درجات متفاوت ہیں۔ اگر بیٹے کو ایک طمانچہ مارے تو اس کی حیثیت اور ہے اور اگر بیٹا باپ کو مارے تو اس کی حیثیت اور ہے ...

رحمۃ للعالمین کی امت پر شفقت

---

# نزول رحمت باری کی مبارک ساعتیں

## روزہ کے فضائل احادیث نبوی کی روشنی میں

## رمضان المبارک میں مسلمانوں کے فرائض

(از حضرت مولانا الحاج حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند)

رمضان المبارک کا مہینہ آگیا۔ ربانی رحمتوں کے دروازے کھول دئے گئے اور روزہ داروں کے لئے رضاء الٰہی اور جنت کا مژدہ سنا دیا گیا۔ لیکن مسلمانوں نے اس کے لئے کیا تیاری کی ہے؟ کیا یہ سال بھی یوں ہی گزر گیا اور اب تو جہد نہ اپنے اعمال کی اصلاح ...

نہ ہوگی۔ (ترمذی)

لوگو جہاد کیا کرو اللہ تعالیٰ غنیمت عنایت کرے گا۔ روزے رکھا کرو تندرست رہوگے۔ سفر کیا کرو مالدار ہوجاؤگے۔ (طبرانی)

روزہ اور قرآن دونوں قیامت میں شفاعت کریں گے ...

### روزہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# الجمعیۃ دہلی

یوم یکشنبہ ۴ رمضان المبارک ۱۳۵۴ھ

## یورپ میں جنگ کے شعلے

### مسولینی کی بدحواسیاں

ادارۂ الجمعیۃ نے بھی یہ فیصلہ کیا ہے کہ تحریک آزادی سے مسلمانان ہند کی وابستگی بالخصوص اراکین جمعیۃ علمائے ہند کی پنج دہ سالہ قربانیوں اور عملی جد و جہد کے پیش نظر اس موقع پر الجمعیۃ کا ایک شاندار جوبلی نمبر نکالا جائے جو سیاسیات حاضرہ کے متعلق اہم مضامین کا مجموعہ ہو اور جس میں ہندوستان کے سیاسی تاریخ کے ساتھ سعی آزادی میں مسلمانوں کے حصہ کو نمایاں کیا جائے۔ الجمعیۃ کا یہ خاص نمبر کثیر تعداد میں شائع کر کے تمام ملک کے مسلمانوں تک پہنچایا جائے گا۔ اور ہندوستان کی سیاسی و اسلامی تاریخ میں ایک یادگار نمبر ہوگا۔

تمام مشتہرین کیلئے جو اپنی تجارت کو فروغ دینا چاہتے ہیں اور تمام ایجنٹوں کیلئے جو زیادہ سے زیادہ پرچے فروخت کر کے نفع حاصل کرنے کے خواہشمند ہیں یہ ایک نادر موقع ہے کہ مشتہرین اپنے اشتہارات کو جلد از جلد روانہ کریں اور ایجنٹ اپنی تعداد سے بذریعہ خط فوراً مطلع فرمائیں کہ یہ نمبر کس قدر ارسال کیا جائے۔

الجمعیۃ کے گولڈن جوبلی نمبر کا سائز موجودہ سائز کا نصف ہوگا۔ اسکے صفحات تقریباً پچاس ہونگے۔ ٹائٹل سفید چکنا رنگین ہوگا اور نہایت سی گوناگوں صحافتی دلچسپیوں کا اسمیں اضافہ کیا جائیگا۔ قیمت صرف ۲ رہوگی تاکہ زیادہ سے زیادہ تعداد میں فروخت ہو سکے۔ جو ایجنٹ ریلوے کے ذریعہ پارسل منگائیں وہ پہلے سے مطلع کر دیں۔ مشتہرین کو فوراً نرخ اشتہارات خط و کتابت سے طے کر لینا چاہئے۔

(منیجر الجمعیۃ بلیماران دہلی)

دہلی سے ہر قسم کی کتابیں ملنے کا پتہ یاد رکھئے۔ الجمعیۃ بک ڈپو بلیماران دہلی

دہلی سے ہر قسم کی کتابیں منگانے کا پتہ یاد رکھئے۔ الجمعیۃ بک ڈپو بلیماران دہلی

## مرکز اسلام

### سرخپوشوں کی جماعت کے ایک محترم رکن کا دورہ
### مدرسہ انوار الاسلام چودھواں کا معائنہ

بندہ سرخ پوشوں کی جماعت کا ایک فرد ہے اور سرخی سے پوری طرح سے آبائی نسبت رکھتا ہے سرخ پوشوں کی علمی اور اقتصادی حالت اور ارتقاء اسلام کا صحیح اندازہ لگانے کے لئے بندہ نے گذشتہ ماہ میں جنوبی ڈیرہ اسمعیل خاں کا دورہ کیا اس دوران سیاحت میں مندرجہ ذیل مقامات کے برلوران سرخ پوش اور دیگر مسلمانوں سے مختلف موضوعات پر گفتگو رہی۔ اس تبادلۂ خیالات میں سیاسیات اور اشاعت مذہب کا عنصر اکثر غالب رہا۔

گرگی وادن۔ درازندہ۔ لنڈی۔ چودھواں وغیرہ۔

میں بندہ کے گشت کا اتفاق ہوا ان مقامات میں چودھواں مخصوص طور پر قابل تذکرہ ہے۔ یہاں حال ہی میں ایک مدرسہ "مدرسہ انوار الاسلام" کا اجراء ہوا ہے۔ اس کی سرپرستی کا سہرا آنریری جی مولوی محمد افضل خاں باٹر بازئی کے سر۔

---

...سرکاری مطالبات ... حکومت حجاز نے ... میں تخفیف کر دی ہے ... حج کے اخراجات میں کچھ نہ کچھ تخفیف ضرور ہونی چاہیئے ... امید ہے کہ اب مسلمان اس موقعہ سے فائدہ اٹھائیں گے اور پہلے سے بڑی تعداد میں حج میں شریک ہوں گے۔

وللہ علی الناس حج البیت من استطاع الیہ سبیلا۔

### مصارف حج

کرایہ جہاز مع خوراک و فیس قرنطینہ والسی

درجہ اول — درجہ دوم — درجہ سوم

---

## دارالعلوم دیوبند کے نظم و نسق کی موجودہ نوعیت
## اور اسکے بہی خواہوں سے اپیل

(نامہ نگار)

ہندوستان کے مذہبی اداروں میں دارالعلوم دیوبند کو جو شان مرکزیت حاصل ہے وہ محتاج ایضاح و تشریح نہیں۔ دارالعلوم ہی وہ منبع ہے جہاں سے رشد و ہدایت کے چشمے پھوٹے ...

...

## قضیۂ ناموضیہ دارجلینگ کا بہترین فیصلہ

دو سال سے مسلمانان دارجلینگ نے خان بہادر ڈاکٹر عبدالعزیز خان صاحب کا مقاطعہ اس لئے کر رکھا تھا کہ وہ قادیانی ہیں ...

...

---

## Iftari

ہمدرد دواخانہ یونانی دہلی

---


## عید مبارک کی خوشی میں
## تین صد روپیہ کے نقد انعامات کا آخری سنہری موقع

Rs 320

آج ہی کوپن بھیجدیں — تین غلطی تک کے کوپن کو انعام ملے گا — آج ہی کوپن بھیج دیں

**ناظرین الجمعیۃ کیلئے خاص رعایت** داخلہ فیس ۱۶ کوپن ۵ روپے ۳۶ کوپن ۱۰ روپے اور سرزائد فی کوپن ۵ آنہ۔ تمام کوپن کے پوسٹ کرنے کی آخری تاریخ ۲۴ دسمبر ۱۹۳۵ء ہے۔

| تیسرا انعام ۲۰ روپیہ | دوسرا انعام ۱۰۰ روپیہ | پہلا انعام ۲۰۰ روپیہ |
|---|---|---|
| سب سے زیادہ کوپن بھیجنے والا | قریب قریب صحیح کوپن | صحیح کوپن یا قریب صحیح کوپن |

**شرائط** فیس داخلہ دو کوپن کیلئے ایک روپیہ ہے۔ اور سرزائد فی کوپن ۸ آنہ ...

### کوپن آسان علمی معمہ نمبر ۲

منیجر فاروقی اینڈ کمپنی بیگم بلڈنگ لاہور


---

## ایک قتل کے مقدمہ میں ملزم کی رہائی
### محمد اسلم خاں صاحب بیرسٹر کی فاضلانہ بحث

آج چیف جسٹس صاحب اور مسٹر جسٹس منیر کے اجلاس میں حیدر ساکنہ کوٹ فتح خاں کی اپیل کا فیصلہ کر دیا ہے جس کو موت کی سزا کا حکم تھا۔ اس پر الزام یہ تھا کہ اس نے اپنے ایک رشتہ دار ... کی بیوی مسماۃ نشان کے ساتھ ملکر اپنی سوتیلی ماں مسماۃ سیداں کو ... قتل کر دیا ...

## رب کعبہ کے پرستارو! حجاز چلو
### حج کے اخراجات میں ۵۰ فی صدی تخفیف

(از الحاج محمد امین چودھری سابق نیل کمشنر)

حج ان پر فرض ہے جو صاحب استطاعت اور العدی کی راہ میں جان و مال کی قربانی پیش کر سکتے ہیں قرآنی وعدہ ہے کہ وللہ علی الناس حج البیت من استطاع الیہ سبیلا ومن کفر فان اللہ غنی عن العالمین۔

...


## ونیس کی ہردلعزیزی

دی ونیس ... کمپنی ... چاندنی چوک دہلی


---

## مسلمانان بنارس کا تار
### گورنر یو۔پی کے نام

السلام علیکم۔ احاطہ مسجد جامع گیان باپی بنارس میں جمعۃ الوداع کے متعلق حسب ذیل تار ہز ایکسیلنسی گورنر یو۔پی کے نام انجمن مذکور کی طرف سے بھیجا گیا ہے۔

گزشتہ جنوری کی الوداع میں مسلمانوں کیلئے جا بیجا پرامن دیوبند جماعت کے ساتھ احاطہ مسجد گیان باپی میں ... آئندہ جمعۃ الوداع میں اس کے اعادہ کا اندیشہ ہے آپ کی ملاخلت متمنی ہیں۔

## دعوت اسلام

برادران اسلام! انجمن اسلامیہ گورکھپور کا نیسواں سالانہ جلسہ بتاریخ ... منعقد ہوگا ...

## مدرسہ اسلامیہ محمودیہ عربیہ اللہ والا
## کا سینتالیسواں سالانہ جلسہ

بروز جمعہ بتاریخ ۱۷ رمضان المبارک ۱۳۵۴ھ مطابق ... دسمبر ۱۹۳۵ء حسب دستور سابق جامع مسجد ... میں منعقد ہوگا ...

---

## مسلم خواتین کا جلسہ

بخدمت جناب ایڈیٹر صاحب تسلیم ...

## فیروز آباد کا وقف علی الاولاد

## ہمدردان اسلام سے اپیل

---


## عطر محمدی

عطروں کا سرتاج

موجد۔ ایس جمال الدین سنز تاجر عطر بلیماران دہلی

## ضرورت

محمد فضل الرحمن چشتی علی گڑھ الہ آباد

## ضرورت

پتہ۔ انجمن معرفت اخبار الجمعیۃ دہلی

## کرٹیول

کرٹیول مینوفیکچرنگ کمپنی بازار فتحپوری دہلی

## بے تصدیق بات پرشک ممکن ہے

## ایک تیر سے دو شکار



انٹرنیشنل ٹریڈنگ کمپنی پوسٹ بکس ۷۳ کلکتہ

## کفرستان اجودھیا میں ایک سادھو کا تمدن ہے

الجمعیۃ بک ڈپو گلی قاسم جان دہلی

## فلسفۂ ماہ رمضان المبارک

## قدیمی مشہور دکان

## خضاب چھوڑ دو

## حب مبہی خاص

ہمدرد دواخانہ یونانی دہلی

Aljamiat

الجمعیۃ دہلی

ایڈیٹر۔ ہلال احمد زبیری (ایم۔اے)

جلد ۲۲ | دہلی۔ یوم جمعہ ۲۳ رمضان المبارک ۱۳۵۴ ہجری۔ مطابق ۲۰ دسمبر ۱۹۳۵ء | نمبر ۴۳

# برطانیہ اور فرانس کی مجوزہ شرائط صلح

## لندن میں قرطاس ابیض کی اشاعت

معاہدہ صلح کے سلسلہ میں جو تجاویز مرتب کی گئی ہیں ان کی اشاعت پذیر ہو چکی ہے۔ مصالحت کی یہ تجاویز جنیوا میں شائع کر دی گئی ہیں جو حسب ذیل ہیں:۔

برطانیہ اور فرانس کی حکومتیں متفقہ طور پر شہنشاہ حبش سے اٹلی اور حبشہ کے درمیان علاقوں کے حسب ذیل تبادلہ کی سفارش کرتی ہیں۔

اس کے ساتھ ہی اطالیہ کو حبشہ کی اقتصادی تنظیم میں حصہ لینے کے علاوہ ایک خاص منطقہ میں ہاشندوں کے مفاد کے لئے۔۔۔ کر سکے گی۔

### حبشہ پر جمعیۃ اقوام کا انتداب

حبشہ کے انتظام و انصرام کی باگ ڈور شاہ حبشہ کے ہاتھ میں ہو گی لیکن جمعیۃ اقوام اس کی امداد کے لئے ایک خاص پروگرام مرتب کرے گی۔۔۔

جمعیۃ اقوام کی طرف سے مقرر کردہ مشیر اعلیٰ اطالوی قوم کا فرد بھی ہو سکتا ہے لیکن وہ اس چیف ایڈوائزر کے ماتحت ہو گا۔

### اور عدوا اٹلی کو دیدیا جائے

اول مشرقی ٹگری کا علاقہ جو جنوب میں دریائے ۔۔۔ اور عدوا اطالیہ کے قبضہ میں چلا جائے گا۔

دوم۔۔۔

تیسرے یہ کہ ۔۔۔

## انگلستان کے اخبارات کا تبصرہ

### ڈیلی ٹیلیگراف

لندن ۱۴ دسمبر۔ لندن کے اخبار ڈیلی ٹیلیگراف نے فرانس اور برطانیہ کی تجاویز مصالحت کے موضوع پر مقالہ افتتاحیہ لکھتے ہوئے۔۔۔

### ڈیلی ہیرالڈ

ڈیلی ہیرالڈ لکھتا ہے "یہ کہنا کہ اطالیہ کو جو علاقہ دیا جا رہا ہے وہ محض تبادلہ کے طور پر ہے، صورت حالات کی مناقشانہ ترجمانی ہے۔ ان تجاویز کا مقصد اطالوی تہدد و تشدد کے شکار ملک کے علاقہ سے محروم کرنا اور اقتصادی طور پر اٹلی کو لوٹنا ہے۔"

### ٹائمز

اخبار "ٹائمز" رقمطراز ہے کہ پیرس میں مرتب شدہ تجاویز مصالحت کی اشاعت سے عوام کا وہ اضطراب دور نہیں ہوا جو قیاس آرائیوں سے پیدا ہو چکا ہے۔۔۔

### ڈیلی میل

"ڈیلی میل" نے سر سیموئل ہور کے طرز عمل کی تائید کرتے ہوئے انہیں مشورہ دیا ہے۔۔۔

### نیوز کرانیکل

"نیوز کرانیکل" لکھتا ہے کہ پیرس کے عہد نامہ کے متعلق جو اضطراب انگیز افواہیں پھیل رہی تھیں اس کی اشاعت سے۔۔۔

### مارننگ پوسٹ

مارننگ پوسٹ رقمطراز ہے کہ ان تجاویز مصالحت کا مطلب صرف یہ ہے کہ اطالیہ کو فائدہ پہنچایا جائے۔۔۔

### ایڈیٹر سٹیٹس مین کا مقدمہ

### جنوبی حبشہ میں اطالیہ کو اقتصادی مراعات

| آج کی تازہ خبریں |
| --- |
| صفحہ ۴ پر ملاحظہ فرمائیے |

# مسلمانوں کی اجتماعی خوشی اور مسرت کا مبارک دن

## اللہ کی عظمت و کبریائی کا عالمگیر اسلامی مظاہرہ

### نماز عید الفطر کی ترکیب۔ صدقۂ فطر اور چند ضروری مسائل

(از جناب مولانا محمد عظمت اللہ صاحب نائب ناظم جمعیۃ علمائے صوبہ دہلی)

رمضان کا بابرکت مہینہ ختم ہو رہا ہے متقی اور پاک باز مسلمان اس کی جدائی کو کافی طور پر محسوس کر رہے ہیں اور ان کے لئے اس کا فراق سوہان روح ہے۔۔۔

باوجود انہوں نے اس کو غیر اسلامی بنا دیا ہے۔۔۔

### عید کی نماز عید گاہ میں پڑھو

### عید گاہ میں کیا کرنا چاہئے

(باقی صفحہ ۳ پر ملاحظہ فرمائیے)

| ایک ضروری اطلاع |
| --- |
| ہر قسم کے قرآن شریف اور حمائلیں خواہ ان کا اشتہار دہلی کے کسی کتب خانہ نے دیا ہو اور خواہ وہ کسی جگہ ملتے ہوں "الجمعیۃ بکڈپو بلیماران دہلی" سے طلب فرمائیے۔ اور حسب ذیل امور کو ملحوظ خاطر رکھئے:۔ (۱) فرمائش بھیجتے وقت قرآن شریف کا عنوان یا اس کی تشریح صاف الفاظ میں لکھئے۔ (۲) اپنا پتہ خوشخط تحریر فرمائیے اور اگر پارسل ریلوے لائن سے منگوانا ہو تو اسٹیشن کا نام بھی علیحدہ صاف طور پر لکھ دیجئے۔ |
| رعایتی اعلان۔ رمضان المبارک میں ہر قرآن شریف پر الجمعیۃ بکڈپو کی طرف سے رعایت دی جائے گی۔ مترجم قرآن پر چار آنے اور معریٰ پر ۲ رعایت کے ہونگے۔ یہ رعایت رمضان کے بعد نہیں دی جا سکے گی۔ |

# الجمعیۃ بکڈپو کے قرآن مجید حمائل مع پنجسورہ مجلد معریٰ اور مترجم

## پانچ ترجموں والا قرآن شریف

دنیا میں یہ پہلا قرآن شریف ہے جو پانچ ترجموں کے ساتھ شائع ہوا ہے۔ حضرت مولانا شاہ عبد القادر صاحب، حضرت مولانا شاہ ولی اللہ صاحب، حضرت شیخ سعدی، حضرت مولانا شاہ رفیع الدین صاحب اور مولانا اشرف علی صاحب تھانوی کے تراجم یکجا چھپے ہیں۔۔۔

## حمائل شریف مترجم مع خلاصۃ التفاسیر

## قرآن کریم مترجم و محشی حضرت شیخ الہند

رئیس المحدثین امام المفسرین حضرت مولانا محمود حسن صاحب ۔۔۔ مولانا شبیر احمد صاحب عثمانی استاذ علم حدیث و تفسیر جامعہ اسلامیہ ڈابھیل (سورت)

اس قرآن پاک کا ترجمہ حضرت شیخ الہند رحمۃ اللہ علیہ نے بزمانہ اسیری جزیرہ مالٹا میں بہت تحقیق و تدقیق اور غور و فکر کے ساتھ بڑی مدت میں مکمل فرمایا تھا۔۔۔

## نورانی قرآن مجید معریٰ

## اکتالیس خوبیوں والا قرآن مجید

## مذہبی کتابیں

### جنت کی کنجی

### دوزخ کا کھٹکا

### حمائل شریف الٹ دار

### پاک زندگی

### معارف الاسمیٰ

### صحت نما قرآن شریف معریٰ

### صحت نما حمائل شریف

### مجالس الابرار

# رمضان المبارک کی رعایت کو یاد رکھئے۔ ہر مترجم قرآن مجید پر ۴ اور ہر معریٰ قرآن مجید پر ۲ رعایت دی جائیگی۔ اور دہلی کے تمام کتب خانوں کے قرآن مجید الجمعیۃ بکڈپو بلیماران دہلی سے بھیجے جائینگے

## دو ترجموں والا معمولی قرآن شریف

## کلام مجید مترجم

## معجز نما حمائل شریف مترجم

## قرآن شریف مترجم

## خوشنما حمائل شریف معریٰ

## قرآن مجید معریٰ

## خوشنما قرآن مجید مترجم

### فتاویٰ اشرفیہ

### فتاویٰ رشیدیہ

### بہشتی زیور مکمل مجلد

### پنجسورہ بلکہ دہ سورہ مترجم مع فضائل و خواص و تعویذات

### صحیح بخاری

مجتبائی پریس کی مطبوعہ بخاری شریف جو سفید اور چکنے کاغذ پر ہے اور جس کے نسخے آج مفقود ہو رہے ہیں اس کی چند جلدیں ہمارے بکڈپو میں باقی ہیں فرمائش کے ساتھ پانچ روپے پیشگی ارسال کرنے چاہئیں باقی کا وی پی کیا جاسکتا ہے۔ قیمت فی جلد مکمل ۔۔۔ علاوہ محصول ڈاک

ملنے کا پتہ:۔ الجمعیۃ بکڈپو، بازار بلیماران دہلی

جید برقی پریس دہلی میں باہتمام ہلال احمد زبیری پرنٹر و پبلشر چھپ کر دفتر اخبار الجمعیۃ دہلی سے شائع کیا

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# الجمعیۃ دہلی

یوم جمعہ ۲۳ رمضان المبارک ۱۳۵۴ھ ہجری


# پنڈت جواہر لال نہرو کے مضامین

## مذہب اسلام سے کامل ناواقفیت

اگرچہ پنڈت جواہر لال نہرو خود آج کل یورپ کا دورہ کر رہے ہیں لیکن ان کے بعض مضامین نہایت زور شور کے ساتھ ہندوستانی اخبارات میں اشاعت پذیر ہو رہے ہیں۔ یہ وہ مضامین ہیں جو پنڈت جی نے اپنی قید کے زمانہ میں جیل کے اندر لکھے ہیں اور جنھیں انگریزی اخبارات و رسائل کے بعد اردو اخبارات نے ترجمہ کر کے شائع کرنا شروع کیا ہے اور ان مضامین کے متعلق یہ کہا جاتا ہے کہ وہ فرقہ پرستی کے خلاف موثر جنگ کرنے کی غرض سے لکھے گئے ہیں اور ان میں فرقہ پرستوں اور ان کے لیڈروں کی قلعی کھولی گئی ہے ...

## سکھوں کا غلط اقدام

تازہ اطلاع موصول ہوئی ہے کہ شرومنی گوردوارہ پربندھک کمیٹی نے بالآخر کرپانوں پر امتناع کے سلسلہ میں سول نافرمانی کا فیصلہ کر ہی لیا اور ...

# معاصرین کے افکار و آراء

## مسلمان اور کانگریس کی جوبلی

حضرت مولانا ابو الکلام آزاد صاحب نے کلکتہ سے مسلمانوں کے نام ایک پُر زور اپیل شائع کی ہے جس میں انہوں نے حسن اتفاق قرار دیکر کہ اسلامی عید کے دن کانگریس کی پچاسہ سالہ سالگرہ پڑ رہی ہے ...

## ہندوستان کیلئے ایک مفید سبق

مصر کی جماعت وفد و لبرل جماعت کے اتحاد سے ہندوستان کو بھی ایک بہت اہم اور مفید سبق ملتا ہے ...

# مسلمانوں کی اجتماعی خوشی اور مسرت کا مبارک دن

(بسلسلہ صفحہ اول)

### عید کی نماز پڑھنے کا طریقہ

### عیدگاہ عورتیں نہ جائیں

### دعا نہ مانگو

### عید کا خطبہ

### معانقہ

## گولڈن جوبلی

## خان بہادر حافظ ہدایت حسین صاحب کا انتقال

### نئی دہلی میں اچانک حادثہ فاجعہ

آل انڈیا مسلم لیگ نمایندہ گول میز کانفرنس کا حرکت قلب بند ہو جانے سے انتقال ہو گیا۔ خان بہادر صاحب عرصہ سے قلبی عارضہ میں مبتلا تھے اور ڈاکٹر مختار احمد صاحب انصاری کے زیر علاج تھے۔ آج بارہ بجے آپ کسی کام کے سلسلے نئی دہلی کے ڈاک خانہ کے سامنے سے گزر رہے تھے وہاں یکایک آپ کی موت ہو گئی۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ ... آپ کی اچانک موت پر اظہار تعزیت کرنے کے لئے آل انڈیا مسلم لیگ کی کونسل کی ایک ضروری میٹنگ مدعو کی جائے گی۔ ... صبر جمیل عطا فرمائے۔ آمین۔

## اعلان

چونکہ ادارۂ الجمعیۃ گولڈن جوبلی کے خاص نمبر کی ترتیب و تدوین میں مشغول ہے جو موجودہ سائز کے نصف سائز پر تقریباً پچاس صفحات میں رنگین ٹائیٹل کے ساتھ شائع ہوگا۔ اور خریداران الجمعیۃ کی خدمت میں بغیر کسی مزید قیمت کے پیش کیا جائے گا۔ ... خاص نمبر کی شکل میں شائع کیا جائے گا۔ منیجر الجمعیۃ





# انبیاء علیہم السلام کے اذعان و یقین کی کیفیت

## حضرت نوح کا جواب اپنے بیٹے کو

### حضرت سحبان الہند مولانا الحاج حافظ احمد سعید صاحب کی دوسری تقریر سیرت

(۴۳)

### ایک شبہ کا ازالہ

سیدنا ابراہیم علیہ الصلوٰۃ والسلام کی بحث میں ممکن ہے کسی کو یہ شبہ پیدا ہو کہ اگر انبیاء علیہم السلام اذعان و یقین کے مجسمے ہوا کرتے ہیں اور ان کو کبھی ذات و صفات اور عالم برزخ کے سلسلے میں شک و شبہ ...

اتنے بڑے گروہ کا مسئلہ الٰہیات اور عالم برزخ و قیامت میں متفق اللفظ اور متفق اللسان ہونا ہی اس گروہ کی صداقت و حقانیت کی صاف اور صریح دلیل ہے ...

### حضرت نوح علیہ السلام کی وفات

### اذعان و یقین کا بڑا ثبوت

... انبیاء کا حصہ ہے اور صرف انبیاء ہی کا حصہ ہے۔

(باقی آئندہ)

# جرمنی میں قادیانیوں کے دجل و فریب کی پردہ دری

## انجمن اسلامیہ برلن کا اجلاس عام

## برلن کی مسجد کو ذاتی ملکیت بنا لینے پر شدید احتجاج

(از جناب حبیب الرحمٰن صاحب قریشی جنرل سکرٹری انجمن اسلامیہ برلن)

جرمنی میں جب سے احمدیہ فرقہ "اشاعت اسلام" کے لئے وارد ہوا ہے اس وقت سے ان کا بہترین مشغلہ یہ ہے کہ وہ مسلمانان برلن میں نااتفاقی پیدا کریں اور ہندوستان میں باطل اور لغو پروپیگنڈا کر کے اشاعت اسلام کے نام سے اپنا پیٹ پالیں ...

### قادیانی متولی کو دعوت شرکت

اس جلسہ کے ایجنڈا میں دو باتیں بہت ضروری تھیں ایک مسئلہ فلسطین دوسرا مسئلہ احمدیوں کا۔ جلسہ کے دعوت نامہ میں یہ تحریر کیا گیا تھا کہ مسجد برلن ذاتی ملکیت بنا لی گئی ہے ...

### مسئلہ فلسطین

### علمائے اسلام کے فتاوی

اس روداد سے مسلمانان ہند کو معلوم ہو جائے گا کہ وہ حضرات جن کے سر پر ممالک غیر میں اشاعت اسلام کا سہرا بندھا ہوا ہے کیا کر رہے ہیں۔ یہ ہیں وہ احمدی قادیانی حضرات جو اس کا دعویٰ کرتے ہیں کہ جتنے مسلمان یورپ میں ہوئے ہیں یہ انہی کا کام ہے ...

### قادیانیوں کا مسئلہ

### متفقہ فیصلہ

خریداران اخبار الجمعیۃ کو چاہئے کہ خط و کتابت کے وقت اپنے نمبر خریداری کا حوالہ (جو کہ آپکے نام سے پہلے پتہ کے شروع میں لکھا ہوا ہوتا ہے) ضرور دیا کریں۔

(منیجر الجمعیۃ۔ دہلی)

# مزار حضرت کاکو شاہ کے انہدام کا مقدمہ

## گواہان استغاثہ پر مکرر جرح

لاہور ۱۷ دسمبر آج مسٹر ... کے روبرو انہدام مزار کاکو شاہ رحمۃ اللہ علیہ کے سلسلہ میں گوردوارہ شہید گنج کمیٹی کے ارکان وغیرہ سولہ سکھوں کے خلاف مقدمہ ... کی مزید سماعت ہوئی۔ اور متعدد گواہان استغاثہ پر ... نے مکرر جرح کی۔

عبدالعزیز گواہ نے بیان کیا مجھے اس امر کا کوئی علم نہیں ... اور نارا سنگھ کی کوئی تکرار ہوئی تھی ... میں اس وقت وہاں موجود نہ تھا۔


ہمالیہ پہاڑ جہاں سونے چاندی اور تانبے کی کانیں ہیں ... شلاجیت پیدا ہوتا ہے ... چالیس سال سے ...

طاقت و قوت بڑھانے اور قوت مردمی کا بے تحاشا اضافہ کرنیوالی تمام اقسام کے جریان سیلان کو دور کرنیوالی رقیق منی کو گاڑھا کرنیوالی علماء و حکماء کی تعریف کردہ

اکسیر اعظم

اصلی شلاجیت اصلی

حکیم وید ڈاکٹروں نے متفق ہو کر تجربہ کر کے ظاہر کر دیا ہے کہ دنیا بھر کی ادویات میں شدہ شلاجیت کی برابر ہر قسم کے جریان کو دفع کر کے طاقت دینے والی کوئی دوا نہیں ...

پانچ تولہ کی قیمت سوا دو روپے (عہ) دس تولہ کی قیمت سوا چار روپے (للعہ) بیس تولہ کی آٹھ روپے (عہ) محصولڈاک ۵/۔ چالیس تولہ آدھ سیر ساڑھے پندرہ روپے (ﷲعہ) اسی تولہ یا ایک سیر تیس روپے (للعہ) علاوہ محصول ڈاک۔

پتہ:۔ مالک فرم ہمالیہ ڈپو ہردوار ضلع سہارن پور

HIMALYA DEPO HARDWAR (SAHARANPUR)

تصدیق

ہماری شلاجیت کی صداقت میں ... جناب مفتی مولانا سید قاسم علی ازہری امام و صدر انجمن طلبا مراد آباد تحریر فرماتے ہیں:۔ آپ کا شلاجیت میں نے ذاتی طور پر بھی استعمال کیا ... فی الواقعہ بہت مفید اور بہترین چیز ہے ...

## جنگ حبش کے تین دن

### ۱۵ دسمبر

**شہنشاہ حبش پر برطانیہ کا دباؤ**

انگلستان نے مورخہ ۱۰ دسمبر کو سفیر انگلستان متعین ادیس ابابا کے نام ایک ٹیلیگرام ارسال کرتے ہوئے اسے ہدایت کی تھی کہ اپنے انتہائی اثر و رسوخ کو صرف کرتے ہوئے شہنشاہ کو مشورہ دیں کہ مجوزہ خراطہ پر غور و خوض کرنے کے بعد معقول جواب دیں

### ۱۶ دسمبر

**جنگ حبش پر روما کے پوپ کا سکوت**

**مسولینی کا خاتمہ شیاطین**

**مسلمانان حبش کا اعلان**

**حبش کے نازک حالات**

### ۱۷ دسمبر

**برطانیہ اور فرانس کا خفیہ معاہدہ**

**حبشہ کے سرداروں کی غداری**

**برطانوی پارلیمنٹ کا اجلاس**

**مسولینی کے مزید مطالبات**

**ریڈیو ٹیلیفون**

**حبشیوں کی پیشقدمی**

## حبشیوں پر بمباری شروع کر دی گئی

### عنقریب شدید جنگ چھڑنے والی ہے

**فلسطین میں گولی چل گئی**

**فوج اور وطنی جماعت میں ٹکر**

**سیاسی قیدیوں کی رہائی**

**دار العوام میں تجویز**

**نحاس پاشا اور نسیم پاشا کا اظہار مودت**

**دونوں نے ایک دوسرے سے گلے ملے**

## مسٹر فضل الحق بھی مستعفی ہو گئے

### نمائندہ اخبارات کو بیان

کلکتہ ۱۷ دسمبر آج دوپہر میئر کلکتہ کارپوریشن مسٹر فضل الحق نے اپنا استعفیٰ داخل کر دیا۔ ۱۵ مسلم ممبروں کے استعفے سے جو صورت پیدا ہو گئی تھی اس کی وجہ سے ہی میئر نے استعفے داخل کیا ہے۔

**خورجہ علی گڑھ لائن پر حادثہ**

**مال گاڑی کا انجن اتر گیا**

## سکھ کرپان کی ممانعت کیخلاف ستیہ گرہ کریں گے

### شرومنی گوردوارہ پربندھک کمیٹی کا فیصلہ

**چین میں جاپانی افواج**

**مولانا سید سلیمان ندوی کی علالت و صحت**

**کوئٹہ میں پھر زلزلہ**

**حجاز و یمن کی حدود کا فیصلہ**

**دو کمیٹیوں کا تقرر**

**الاسکا میں زلزلہ آیا**

**دہلی میں شدت کی سردی**

**قانون حفظ عامہ کا نفاذ**

**پشاور میں مزید توسیع**

**ترکی علماء ہندوستان آئیں گے**

## مسلمانوں کو کانگریس کی جوبلی غلط طریق سے منانی چاہیے

### مولانا حبیب الرحمن صدر مجلس احرار کی اپیل

**کانگریس کی جوبلی اور کراچی کارپوریشن**

**عام تعطیل اور چراغاں کرنیکا فیصلہ**

**بریلی میں افسوسناک مقدمہ بازی**

**نماز تراویح کو روکنے کی کوشش**

**کلکتہ کارپوریشن میں مسلمانوں کی حق تلفی**

**مسلم اراکین کے استعفے**

**ایک مسلمان پر سکھ کا کرپان سے حملہ**

**امرتسر کی ایک مسجد کے سامنے تنازعہ**

**چھ ماہ کیلئے نیک چلنی کی ضمانت**

## ملا طاہر سیف الدین معصوم عن الخطا ہیں

### ملا صاحب کے وکیل کا عدالت میں بیان

**غازی امان اللہ خان کا عزم جینوا**

## حجاج کا قافلہ

### حجاز میں کامل امن و سکون

**درگاہ اجمیر کے متعلق عظیم اجتماع**

**آل انڈیا اہلحدیث کانفرنس کی اپیل**

## مدرسہ اظہار العلوم اور مسلمانوں کی مصیبتوں کا علاج

(نائب ناظم۔ حمید اللہ)

## ہندوستان کی تحریک آزادی کے سلسلہ میں ایک تاریخی یادگار منانے کیلئے

# الجمعیۃ کا خاص نمبر

دسمبر ۱۹۳۵ء کے آخری ہفتہ میں تمام ملک کے اندر کانگریس کی پچاس سالہ جوبلی نہایت شاندار طریق پر منائی جائیگی۔ ہندوستان کے تمام قوم پرور اخبارات اس موقع پر اپنے مخصوص نمبر نکال کر عوام الناس کو کانگریس کی تاریخ اور اس کی سرگرمیوں سے آگاہ کریں گے اور اب تک تحریک آزادی کو فروغ دینے کیلئے جو کچھ کیا جا چکا ہے اسے منظر عام پر لائیں گے۔

ادارہ الجمعیۃ نے بھی یہ فیصلہ کیا ہے کہ تحریک آزادی سے مسلمانان ہند کی وابستگی بالخصوص اراکین جمعیۃ علمائے ہند کی پنج دہ سالہ قربانیوں اور عملی جدوجہد کے پیش نظر اس موقع پر الجمعیۃ کا ایک شاندار جوبلی نمبر نکالا جائے جو سیاسیات حاضرہ کے متعلق

### اہم مضامین کا مجموعہ

### مشتہرین اور ایجنٹ اخبارات متوجہ ہوں

منیجر الجمعیۃ بلیماران دہلی


**انگریزی جنتری مع ڈائری ۱۹۳۶ء**

**اردو میں چھپ کر تیار ہو گئی**

**گپت منتر**

**ایک صد روپیہ انعام**

SIDH MANTAR ASHRAM

No. 29/1 KATRISARAI

(GAYA)

**افطاری**

IFTARI

**روزہ داروں کیلئے**

**صرف تین روپیہ میں چار گھڑیاں**

**ایک عدد اصلی جرمن ٹائم پیس ایک عدد ڈمی پاکٹ واچ دو عدد ڈمی رسٹ واچ**

منیجر ... امرتسر (پنجاب)

**برص اور پھلبہری کی نایاب دوا**

# ایک عجیب غریب نایاب نسخہ
## جس کے شاید آپ بھی مشتاق ہوں

# درگاہ خواجہ صاحب رحؒ کے مسودہ قانون پر تنقید

(از جناب سعید رضی صاحب سکریٹری پراونشل کانگریس کمیٹی اجمیر)

سخن طرازی و دانش ہنر نظیری نیست
قبول دوست نگر نالۂ حزیں گردد

میں اجمیر کے مسلمانوں کا اجتماعی زندگی کی ماتم انگیز خرابیوں کا ایک عرصہ سے مطالعہ کر رہا ہوں، اور بہت جلد اس بات میں اپنے ...

## انجمن حمایت اسلام لاہور کی اپیل

# چند ادویات

## جن کے استعمال سے آپ پھر سے تندرست۔ جوان۔ پھرتیلے۔ جوشیلے ہو سکتے ہیں

اکسیر ... قیمت ...

اکسیر الف ... قیمت فی گولی دو روپے ۸ گولی ...

اکسیر ... کثرت احتلام سے جب انسان ... قیمت ...

دت مکروصوح ... 

طلا ... مفصل حالات جاننے کے لئے رسالہ العراض مخصوصہ مردمان مفت منگوا دیں!!

خط و کتابت ذیل کے پتہ پر: امرت دھارا ۱۲۰ لاہور

المشتہر: مینیجر امرت دھارا اوشدھالیہ۔ امرت دھارا بھون۔ امرت دھارا سڑک۔ امرت دھارا ڈاکخانہ لاہور

ہمارے ایجنٹ :- میسرز بہاری لال گھاسی رام کھاری باؤلی اسٹریٹ دہلی

# الجمعیۃ بکڈپو کی بچوں کیلئے کتابیں

**تعلیم الاسلام** مسلمان بچوں کی مذہبی معلومات کیلئے حضرت علامہ مفتی محمد کفایت اللہ صاحب کی بہترین تصنیف ...

**بچی کی استانی** ...

**طلسمی قاعدہ** ...

**بچوں کا تحفہ** ...

**اربعین** ...

**بچوں کی بوستاں** ...

**بچوں کی گلستان** ...

**اخلاقی سبق** ...

**مکتبہ جامعہ** ...

ملنے کا پتہ :- الجمعیۃ بک ڈپو بلیماران دہلی

دہلی سے ہر قسم کی کتابیں منگانے کا پتہ یاد رکھئے۔ الجمعیۃ بک ڈپو بلیماران دہلی

**خضاب چھوڑ دو** ... بال کالا اسٹورس کسی سری در بھنگہ

# مفت

سہ رنگا باتصویر دیواری کیلنڈر اور شاہی جنتری ۱۹۳۶ء

... بے شیر ایڈ کمپنی جالندھر شہر (پنجاب)

**عماد شباب** عورتوں کے حسن کو واپس لاتا ہے ... نشاط فارمیسی چاندنی چوک دہلی

**بے تصدیق ہاہ پر شک ممکن ہے**

**ضرورت ہے**

... Manager, prosperity Scheme Corporation 24 ... Calcutta

# الجمعیۃ بکڈپو کے ادبی اصلاحی افسانے

اختر اور رضیہ ... نقش آخر ... غم شب ... آفتاب دمشق ... صید زبوں ... طوفان حوادث

ملنے کا پتہ :- الجمعیۃ بک ڈپو بلیماران دہلی

## ہندوستانی مشہور واحد خوشبوئیں

حبش کا نقشہ

خالد کمپنی ۹۴ چھتہ لال میاں دہلی

## ونیس کی ہر دلعزیزی

دی وینس انشورنس کمپنی لمیٹڈ چاندنی چوک دہلی

# بیس ہزار روپیہ کا شرطیہ علاج

**سفوف جذام** ...

**سفوف دمہ** ...

(مولانا) مولوی محمد ابراہیم صاحب ڈاکخانہ چترا ضلع ہزاری باغ

**قدیمی مشہور دو کان** ...



**معجون شباب آور** ...

ہمدرد دواخانہ یونانی دہلی

**کان ظرافت** ...

## عید مبارک کی خوشی میں

Rs. 320

# تین صد بیس روپیہ کے نقد انعامات کا آخری سنہری موقع

آج ہی کوپن بھیجدیں — تین غلطی تک کے کوپن کو انعام ملیگا — آج ہی کوپن بھیج دیں

ناظرین الجمعیۃ کیلئے خاص رعایت — داخلہ فیس ... کوپن کے پوسٹ کرنے کی آخری تاریخ ۲۴ دسمبر ۱۹۳۵ء ہے۔

پہلا انعام 200 روپیہ — صحیح کوپن یا قریب صحیح کوپن

دوسرا انعام 100 روپیہ — قریب قریب صحیح کوپن

تیسرا انعام 20 روپیہ — سب سے زیادہ کوپن بھیجنے والا

شرائط: ...

## کوپن آسان علمی معمہ نمبر ۲

منیجر فاروقی اینڈ کمپنی سلیم بلڈنگ لاہور

رجسٹرڈ نمبر ایل 1793

# کانگریس گولڈن جوبلی نمبر

عید مبارک
# الجمعیۃ دہلی
ایڈیٹر۔ ہلال احمد زبیری (ایم۔ اے)

جلد ۲۶ | دہلی یوم شنبہ یکم شوال المکرم ۱۳۵۴ھ مطابق ۲۸ دسمبر ۱۹۳۵ء | نمبر ۲۲

## ہندی ہیں ہم وطن ہے ہندوستاں ہمارا
(اقبال)

کانگریس کے سالانہ اجلاس
مقامات، تاریخیں اور صدر




# ان کتابوں کو دیکھکر ہر اُردو داں دین اسلام کا کامیاب مبلغ اور صاحب بصیرت محقق بن سکتا ہے

رمضان المبارک اور عید الفطر کی تقریب میں ۱۵ شوال تک مندرجہ ذیل کتب نہایت ارزاں قیمت پر دیجائینگی آپ فوراً فرمائش بھیجکر فائدہ اٹھائیے پھر ایسا موقع ہاتھ نہ آئیگا

**رعایت پر رعایت** اس مدت میں جو صاحب بالخصوص کتابیں منگوائیں گے ... مفت ہدیہ پیش کیجائیں گی اور دس روپے کی کتابیں خریدنے والے حضرات کو ایک سال کیلئے الفرقان مفت جاری کیا جائیگا ...

**ضروری نوٹس** (۱) محصولڈاک بذمہ خریدار ... (۲) بعض کتابیں تھوڑی تعداد میں ہیں ... (۳) اپنا پتہ اور ریلوے اسٹیشن کا نام خوشخط اور صاف لکھیے۔

## دنیا میں اسلام کیونکر پھیلا

## حمائل شریف مترجم مع خلاصہ تفسیر بیان القرآن

## زیور مدلل بہشتی زیور بہترین تحفہ جدید

## رد بدعت کا مکمل میگزین

## اسلامی تعلیمات تعقل کی کسوٹی پر

## چند علمی تاریخی اور اصلاحی کتابیں

ایمان و عرفان کی باطل سوز
تجلی
ماہوار رسالہ
# الفرقان
زیر ادارت حضرت مولانا محمد منظور صاحب نعمانی

سالانہ چندہ ... قسم اول کاغذ اعلیٰ ... قسم دوم کاغذ معمولی ... نمونہ مفت

الفرقان ہر قمری مہینے میں کم از کم ۶۰ صفحات پر بریلی سے شائع ہوتا ہے

الفرقان: دین الٰہی کا زبردست مبلغ اور مذاہب باطلہ کے مقابلہ میں اسلام کا بہترین مناظر ہے۔
الفرقان: جھوٹے پیر، اہل بدعت اور غدار لیڈروں کیلئے موت کا پیغام ہے۔
الفرقان کا خصوصی مقصد ... اہل سنت کی حمایت ... اور شرک و بدعت ... الفرقان ہر قسم کے اختلافی مسائل پر ... بحث کرتا ہے۔ الفرقان میں ایک معرکۃ الآرا مناظرہ شائع ہو رہا ہے ... الفرقان میں آجکل مولانا محمد منظور صاحب نعمانی کی بے نظیر تصنیف "بوارق الغیب" شائع ہو رہی ہے ... علم غیب کی تحقیق و تنقیح میں قرآن و حدیث اور دیگر دینی کتابوں کے ایک ہزار حوالے دیئے گئے ہیں۔

الفرقان میں آجکل حضرت مولانا اعزاز علی صاحب شیخ الادب والفقہ دارالعلوم دیوبند کا ایک نہایت اعلیٰ تاریخی مضمون مسلسل شائع ہو رہا ہے جسمیں تاریخ کی روشنی میں دکھلایا گیا ہے کہ دنیا کو اسلام نے کس کس طرح روکا گیا۔

نوٹ: الفرقان کا سال محرم سے شروع ہوتا ہے ...

صاعقہ آسمانی | اسلامی توحید | تحفۃ الاسلام | قبلہ نما | استفسار الاسلام | ملاح جنین | مباحثہ شاہجہانپور | تاریخ الاسلام | ابو بقراطی | آئینہ رضاخانیت | شہاب ثاقب | براہین قاطعہ | مبلہ خداشناسی | جمال قاسمی | خلاصۃ العقائد | اخلاق محمدی | کائنات روحانی | سیف حق و رسیلہ

مکتوب کا پتہ
# دفتر الفرقان بریلی (یو۔پی)


(مدیر برقی پریس دہلی میں ... باہتمام ... چھپکر دفتر اخبار الجمعیۃ سے شائع کیا)

# تمنائے آزادی

(از رشحات قلم شاعر انقلاب حضرت جوش ملیح آبادی)

اللہ کرے آہند اس فتنۂ دوراں میں
کانٹوں کو بناتی ہے جو باد صبا گلشن
دل ملتے ہیں جس سے سبو معبود وہ مے ٹپکا،
راتوں کو چمکتے ہیں سینے میں جو شاعر کے
اوراق سے اڑ جائیں اغیار کی تحریریں
ہاں نوح کی کشتی کی تقدیر ملے تجھ کو
اے طاق وطن! تجھ میں آ کاش پر افشاں ہو
اے کاش کبھی تیری ظلمت کی طرف دیکھے

ہو گوئے ظفرمندی تیرے خم چوگاں میں
آئے وہ صبا تیرے اجڑے ہوئے بستاں میں
پیمانۂ ہندو میں مینائے مسلماں میں
وہ عقدہ کشا غنچے مہکیں ترے داماں میں
اب مہر تری جھلکے ہر دفتر دیواں میں
اب بحر سیاست کے بپھرے ہوئے طوفاں میں
وہ نور کہ غلطاں تھا قندیل سلیماں میں
وہ شمع کہ روشن ہے خلوتگہ یزداں میں

ساقی کے تبسم سے اور جوش کے بربط سے
روشن ہوں کنول تیری محراب زر افشاں میں



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# الجمعیۃ دہلی

یوم شنبہ یکم شوال المکرم ۱۳۵۴ ہجری

## کانگریس کا ماضی اور مستقبل

آج جبکہ کانگریس اپنی زندگی کے پچاس سال گزارنے کے بعد گولڈن جوبلی منا رہی ہے اور تمام ملک میں ایک سرے سے لے کر دوسرے سرے تک اس موقع پر شاندار جشن کے انتظامات ہو رہے ہیں ہمارے لئے نہ صرف مناسب بلکہ ضروری ہے کہ ہم اس قومی مجلس کے گزشتہ ریکارڈ پر ایک نظر ڈالیں اور یہ دیکھیں کہ کانگریس نے اپنے سفر حیات کی جو پچاس منزلیں طے کی ہیں ان میں اسکی قومی و ملکی خدمات کا اندازہ کیا ہے۔ اس کا مقصد حیات کیا تھا، اس کی تکمیل کے لئے اس نے کیا کیا، کس حد تک اسے کامیابی ہوئی اور کس حد تک باقی ہے، نصف صدی کی مسلسل و پیہم سیاسی جدوجہد میں اسے کیا تجربات حاصل ہوئے ہیں۔ اور ان تجربات سے وہ اپنی آئندہ زندگی میں کیا فائدہ حاصل کر سکتی ہے۔ اس کے ماضی کی روشنی میں اس کے مستقبل کی کامیابی کو تلاش کرنا اس وقت ہمارا فرض اولین ہے جس طرح کوئی مسافر کسی ایسے راستہ پر جو بے شمار خطرات سے بھرا ہوا ہو اور جس میں قدم قدم پر خوفناک مصائب کا سامنا کرنا پڑتا ہو پچاس میل کی طویل مسافت طے کرنے کے بعد تازہ دم ہونے کے لئے کسی سنگ راہ کے قریب سر جھکا کر بیٹھ جائے اور یہ سوچنے لگے کہ اس سفر کی جو منزلیں گزر گئیں اس میں مجھے کیا کیا حوادث پیش آئے، میں نے کہاں کہاں ٹھوکریں کھائیں، کن کن مصائب کا مقابلہ کیا اور کس طرح کیا، میری ترقی کی رفتار کیا رہی اور کیا ہونی چاہئے تھی، اور اس تمام سرگزشت پر ایک طائرانہ نظر ڈالتے ہوئے اپنے باقیماندہ سفر کے لئے گزشتہ واقعات سے ایک مشعل ہدایت تیار کرے، اور اس مشعل کی روشنی میں از سر نو اپنے سفر کو شروع کر کے منزل مقصود تک جلد پہنچنے کے امکانات پیدا کر لے۔ بالکل یہی کیفیت اس وقت کانگریس کی ہونی چاہئے اسے اپنی پنجاہ سالہ زندگی کا جائزہ لینے کے بعد اپنے اصول اور پنا پروگرام اور زیادہ بصیرت کے ساتھ تیار کرنا چاہئے تاکہ حصول مقصد میں جو دشواریاں پہلے پیش آتی رہی ہیں اور واقعات و حوادث نے جو سبق اسے سکھا دئے ہیں ان سے پورا پورا فائدہ حاصل کیا جا سکے۔

### پیدائش وجود

اگرچہ کانگریس کا سب سے پہلا اجلاس بمبئی میں ۱۸۸۵ء میں منعقد ہوا تھا لیکن یہ ایک عجیب و غریب بات معلوم ہوتی ہے کہ اس مجلس کی تشکیل کا تخیل ایک سال قبل خود ارباب حکومت ہی کے دماغ میں آیا تھا اور وہ ہستی جس کی طرف کانگریس کی تاسیس و تخلیق کی نسبت کی جاتی ہے ایک انگریز مسٹر ایلن آکٹیوین ہیوم کی ہستی تھی جو انڈین سول سروس سے تعلق رکھتے تھے۔ لارڈ ڈفرن کا زمانہ تھا اور مسٹر ہیوم نے کانگریس کے قیام کی سعی لارڈ ڈفرن کے مشورہ ہی سے کی تھی۔ اس لئے جس طرح تاریخ عالم میں اور بہت سے ایسے واقعات یادگار ہیں کہ استبداد کا خاتمہ کرنے والوں نے اپنی زندگی کے ابتدائی دن آغوش استبداد میں پرورش پاکر ہی گزارے ہیں اسی طرح یہ واقعہ بھی ہمیشہ یادگار رہے گا کہ انڈین نیشنل کانگریس خود حکومت ہی کے ایما سے پیدا ہوئی ایک انگریز ہی اس کی پیدائش کا سبب بنا اور ارباب اقتدار ہی کی سرپرستی و رہنمائی میں اس نے ہوش سنبھالا۔ کانگریس اس وقت پیدا ہوئی جبکہ ۱۸۵۸ء کو اٹھائیس سال کا عرصہ گزر چکا تھا۔ ایسٹ انڈیا کمپنی کا سیاسی اقتدار تو سرسٹھ سال سے قائم تھا۔ ملکہ وکٹوریہ کے مشہور اعلان مجریہ ۱۸۵۸ء کے بعد برطانیہ کی ہندوستان میں براہ راست حکومت قائم ہوئے بھی ستائیس سال ہو چکے تھے، گیارہ وائسرائے ہندوستان پر یکے بعد دیگرے حکمرانی کر کے انگلستان واپس جا چکے تھے، لارڈ میکالے کی تعلیمی پالیسی کو ہندوستان میں جاری ہوئے ایک عرصہ گزر گیا تھا اور اب اس کے ثمرات کافی نمایاں ہو چکے تھے۔ ہندوستان میں انگریزی پڑھے لکھے لوگوں کی ایک خاصی تعداد پیدا ہو چکی تھی اور اس تعداد میں ہر روز اضافہ ہو رہا تھا۔ انگریزوں کو ہندوستان میں اپنا نظام حکومت چلانے اور عام امن و امان قائم کرنے کے لئے جو غیر ملکیوں سے ہوا کرتی ہے اور جس کی موجودگی میں کسی غیر ملکی قوم کے لئے دوسری قوم پر حکومت کرنا غیر ممکن ہو جاتا ہے اس امر کی ضرورت تھی کہ وہ برابر میکالے کی تعلیمی پالیسی کو آگے بڑھاتے رہیں جس کا نتیجہ یہ تھا کہ ہر سال انگریزی تعلیم ترقی کر رہی تھی اور اسی نسبت سے سرکاری نظام حکومت میں ہندوستانیوں کا اشتراک عمل بڑھ رہا تھا۔ سرکاری محکموں میں انگریزی پڑھے لکھے ملازموں کی تعداد اب ایسی ہو گئی تھی کہ مقابلہ کا سوال پیدا ہونے لگا تھا اور ہندوستانی انگریزوں کی زبان پڑھنے اور ان ہی کے علوم و فنون میں تعلیم حاصل کرنے کے بعد ان سے ہمسری کا دعویٰ کرنے لگے تھے اور دفتری شکایات روز بروز بڑھتی جا رہی تھیں مسٹر ہیوم نے اس صورت حال کا مطالعہ کرنے کے بعد اس خوف سے کہ کہیں وہ بددلی جو ہر روز کی شکایات سے پیدا ہوتی ہے پھر کسی بغاوت کی شکل اختیار کر کے نظم حکومت کو درہم برہم نہ کر دے یا کم سے کم حکومت کے لئے شدید مشکلات پیدا کر دینے کی موجب نہ بن جائے ایک باقاعدہ منظم جماعت کی تشکیل کا تخیل پیش کیا اور جس طرح انگریزی تعلیم اپنی سرپرستی میں دے کے اپنے دفاتر کے لئے عمال پیدا کئے تھے اسی طرح سیاسی تحریک بھی اپنی ہی سرپرستی میں دینا شروع کی تاکہ اپنے ڈھب کے لیڈر اور اپنے مطلب کی سیاست پیدا کی جا سکے۔ مسٹر ہیوم نے کلکتہ یونیورسٹی کے گریجویٹوں کے نام ایک کھلی چٹھی لکھی انہیں اصلاح و تنظیم پر آمادہ کیا اور جب کانگریس کا پہلا اجلاس بمبئی میں منعقد ہوا تو وہی اس کی روح رواں سمجھے گئے۔

### آغاز سفر

بمبئی کے سب سے پہلے اجلاس منعقدہ ۱۸۸۵ء میں مختلف مقامات کے مندوبین کی تعداد ۷۲ تھی۔ ان میں زیادہ تر بنگال، بمبئی اور مدراس کے باشندے تھے۔ اس اجلاس نے کانگریس کے حسب ذیل تین بنیادی مقاصد متعین کئے۔

(۱) ہندوستان کی آبادی جو مختلف و متضاد عناصر سے مرکب ہے ان سب کو متحد و متفق کر کے ایک قوم بنانا۔

(۲) اور اس طرح جو ہندوستانی قوم پیدا ہو اس کی دماغی، اخلاقی، اجتماعی اور سیاسی صلاحیتوں کو دوبارہ زندہ کرنا۔

(۳) ایسے حالات کی اصلاح و ترمیم کرنا جو ہندوستان کے لئے مضرت رساں اور غیر منصفانہ ہوں اور اس طریقے سے ہندوستان اور انگلستان کے درمیان اتحاد و یگانگت کو استوار کرنا۔

ان اغراض و مقاصد کے پیش نظر کانگریس نے اپنے سفر کا آغاز کیا تھا جس کو آج پچاس سال گزر چکے ہیں۔ ایک عرصہ دراز تک کانگریس ان اصولوں کی پابندی میں سال بسال ایسی قرار دادیں منظور کرتی رہی جن کا لہجہ مودبانہ اور جن کا انداز بیان انتہا درجہ استدعا سے ملتا جلتا ہوتا تھا۔ قومی اتحاد کے سلسلہ میں کانگریس صرف اتنا کر سکی کہ اس نے ایک مشترکہ پلیٹ فارم پیدا کر دیا جس پر ہر ہندو، مسلمان، پارسی، عیسائی جسے ہندوستان کے مفاد سے دلچسپی ہو اپنے خیالات کا اظہار کر سکتا تھا عام اصلاحی تحریک کے متعلق اس نے آپس کے تبادلۂ خیالات اور ارتباط باہمی کے لئے سال بھر کے اندر ایک تقریب مہیا کر دیا اور ملازمتوں میں ہندوستانیوں کو جو تکالیف و شکایات ہوتی تھیں ان کے اظہار کی ایک صورت نکال دی۔ تقریباً بیس سال کانگریس کو اسی طرح گزر گئے۔ اور وہ اعتدال پسند قائد رہنماؤں کی قیادت میں ہندوستانیوں کی سیاسی خواہشات کو مدلل و موجہ پیرایہ میں پیش کرتی رہی۔ اس عہد میں دادا بھائی نوروجی، فیروز شاہ مہتا، مسٹر ڈبلیو ویڈربرن سر سریندر ناتھ بنرجی، گوکھلے کے اسماء گرامی خاص طور پر قابل یادگار ہیں لیکن اس ابتدائی دور میں بھی ہمیں کم سے کم دو نام ایسے مسلمانوں کے ملتے ہیں جنہوں نے نہ صرف کانگریس میں شرکت کی بلکہ کانگریس کی رہنمائی و قیادت کا سہرا ان کے سروں پر باندھا گیا۔ اور وہ ۱۸۸۷ء اور ۱۸۹۶ء میں علی الترتیب کانگریس کے سالانہ اجلاس کے صدر منتخب کئے گئے یہ نام بدرالدین طیب جی اور محمد رحیم اللہ سیانی کے ہیں۔ اور کانگریس کا ہر مورخ ان کا شمار ہمیشہ حامیان کانگریس کی صف اول میں کرتا ہے۔

### پہلا دور

کانگریس کا یہ دور جو ۱۸۸۵ء میں شروع ہو کر ۱۹۰۵ء تک جاری رہا کسی اعتبار سے تصادم و مناقشہ کا دور نہیں تھا کانگریس کو سرکاری و نیم سرکاری حلقوں میں ایک آئینی جماعت سمجھا جاتا تھا اور اس کی درخواستوں کو جو مختلف قرار دادوں کی شکل میں پیش کی جاتی تھیں اگر منظور نہیں کیا جاتا تھا تو کم سے کم ان کے خلاف اظہار غیظ و غضب بھی نہیں کیا جاتا تھا اس زمانہ میں کانگریسی بننے کے لئے کسی بڑی قربانی کی ضرورت نہ تھی بلکہ کانگریس کی سیاسیات بھی ایک لحاظ سے دماغی تفریح کے مترادف تھیں جن میں ہر شخص حصہ لے سکتا تھا جو تعلیم اور دولت سے بہرہ اندوز ہو۔ ہندوؤں نے چونکہ انگریزی تعلیم کی طرف سب سے پہلے توجہ کی اور بالخصوص بنگال اور دوسرے پریسیڈنسی صوبوں میں ہندو نوجوانوں نے بہت جلد انگریزی علوم و فنون میں دستگاہ حاصل کر لی اور ان کے تعلیم یافتہ طبقہ کی تعداد سرعت کے ساتھ بڑھنے لگی۔ اور ۱۸۵۷ء کے انقلاب کے بعد مالی حیثیت سے انہیں نسبتاً کم نقصان پہنچا اور ان کے تجارتی مشاغل نے انہیں اقتصادی حیثیت سے کم تباہ و برباد کیا اس لئے کانگریس کے ابتدائی دور میں زیادہ تر ہندو ہی کانگریس کو چلانے اور آگے بڑھانے کے ذمہ دار رہے مسلمان کچھ اپنی تعلیمی کمزوری اور اقتصادی پسماندگی کی وجہ سے اور کچھ اس انقلاب کے اثر سے جو ہندوستان کے اندر ان کے اقتدار کو ختم کر دینے کا موجب ہوا تھا عرصہ تک عملی سیاسیات سے علیحدہ رہے۔ اور ان کا اس دور میں پیچھے رہ جانا بہت سی مشکلات و پیچیدگیوں کا موجب ہوا۔ اس دور کی خصوصیات میں سے جو خصوصیت نمایاں نظر آتی ہے وہ یہ تھی کہ کانگریس پر انگریزی خیالات اور انگریزی اصولوں کا بہت بڑا غلبہ تھا۔ اول تو ہندوستان کی خود اپنی سیاسی زندگی کچھ تھی ہی نہیں جب انتظامات ملکی میں باشندگان ملک کو دخل دینے کا کوئی اختیار نہ تھا تو سیاسی زندگی کہاں سے پیدا ہوتی۔ اور اس پر مستزاد یہ کہ ہندوستانی لیڈروں نے اپنی تمام تر سیاسی تربیت اپنے حکمرانوں کے زیر اثر پائی تھی اور ہر قسم کے اطوار و عادات میں وہ اکثر انگریزوں ہی کی نقل کرتے تھے۔ الا ماشاء اللہ ان باتوں کا براہ راست اثر یہ تھا کہ سیاسیات میں ہندوستانی رنگ نمایاں ہوا تھا اور کانگریس کو حقیقتاً عوام الناس سے کوئی بھی تعلق نہ تھا وہ ایک خاص طبقہ کے چند افراد کی نمائندہ تھی۔ اور اس کی آواز سوائے ان چند امور کے جو خود حکومت ہی کی خواہش کے مطابق ہوں اور کسی امر میں موثر نہ ہوتی تھی۔ اگرچہ یہ بالکل صحیح ہے کہ اس کی مسلسل و پیہم آواز سے ملک کے اندر ایک بیداری اور سیاسی سرگرمی برابر بڑھ رہی تھی۔

### تقسیم بنگال

اس دور کے اواخر میں جبکہ کانگریس کی پیدا کی ہوئی بیداری نے بنگال، بمبئی اور صوبہ متوسط میں تعلیم یافتہ اور پرجوش نوجوانوں کی ایک مستقل جماعت پیدا کر دی تھی لارڈ کرزن کی ایک حرکت نے کانگریس کی تاریخ کا رخ بدل دیا۔

لارڈ کرزن کی حکومت نے ۱۹۰۵ء میں صوبہ بنگال کو دو مستقل صوبوں میں منقسم کرنے کا ارادہ ظاہر کیا جس کی نہایت شدید مخالفت کی گئی لیکن باوجود اس مخالفت کے لارڈ کرزن نے اپنی ضد کو نہ چھوڑا اور بنگال کے مشرقی و مغربی حصوں کو دو علیحدہ صوبوں کی شکل دیدی گئی۔ اس پر بنگالی نوجوانوں میں سخت ہیجان برپا ہوا اور اس امر پر عہد لے لئے گئے کہ وہ جب تک تقسیم بنگالہ کے قانون کو منسوخ نہ کرا لیں گے اس وقت تک چین سے نہ بیٹھیں گے۔ اس سے پہلے کبھی اس قدر شدید سیاسی اضطراب و ہیجان برپا نہ ہوا تھا۔ یہ پہلا موقع تھا کہ عوام الناس ایک حد تک وسیع پیمانہ پر ایجی ٹیشن کے نام سے واقف ہوئے۔ کانگریس جو تمام ملک کی سیاسی نمائندگی کرتی تھی اور سال بھر کے اہم واقعات کو جمع کرکے ایک مرتبہ ان کے متعلق ایک رائے ظاہر کرنے کے لئے مجتمع ہوتی تھی۔ اس اہم ترین واقعہ سے متاثر ہوئے بغیر نہ رہ سکی۔ کلکتہ میں ۱۹۰۶ء میں جو جلاس ہوا اس کے اندر بنگال کے مندوبین نے تقسیم بنگالہ کے مسئلہ پر سخت تقریریں کیں اور کانگریس کا لہجہ بالکل بدلا ہوا نظر آنے لگا۔ اور اس اعتدال پسند طبقہ کو جو اب تک کانگریس کی رہنمائی کرتا رہا تھا انتہا پسند طبقہ کے مقابلہ میں شکست ہونے لگی۔ دادا بھائی نوروجی کی صدارت میں کلکتہ کانگریس نے ایک قرارداد منظور کر لی جس کا مفاد یہ تھا کہ چونکہ کانگریس اب سن بلوغ کو پہنچ گئی ہے اس لئے اس کو حق حاصل ہے کہ وہ اپنے پاؤں پر خود کھڑی ہو اور ہندوستان کے لئے آزادی حاصل کرے اگرچہ بہت سے معتدلین جن کی ایک خاص سیاسی ذہنیت پیدا ہو گئی تھی اس اعلان سے غیر مطمئن نظر آنے لگے لیکن انتہا پسند اس کے بعد بھی مطمئن نہ ہوئے۔ اور آئندہ سال ان دونوں جماعتوں کے درمیان سخت کشمکش کا گزرا۔

## سورت کی بغاوت

انتہا پسند طبقہ کی قیادت اس وقت ایک نہایت ذی اثر شخصیت کو حاصل تھی جو بمبئی اور صوبہ متوسط کے مرہٹہ نوجوانوں پر کافی اثر رکھتی تھی ہماری مراد تلک آنجہانی سے ہے جو کانگریس کے پلیٹ فارم پر عوام الناس کے سب سے پہلے لیڈر تھے۔ انہیں کانگریس کے اعتدال پسند رہنماؤں سے شدید اختلاف تھا اور وہ اس خوشامدانہ درخواست کی پالیسی کو جس پر ایک عرصہ سے عمل کیا جا رہا تھا نہ صرف بے نتیجہ بلکہ مضرت رساں خیال کرتے تھے۔ ان کا مطمح نظر خالص ہندوانہ تھا اور وہ انگریزی وضع و تراش کے دشمن تھے۔ اور ہر بات میں ہندوستانی طریق کار دیکھنا چاہتے تھے۔ کلکتہ میں کانگریس کو ناگپور کی دعوت دی گئی تھی مگر اس وقت کے معتدل رہنماؤں نے انتہا پسندوں کے خوف سے ناگپور میں اجلاس نہیں کیا بلکہ سورت میں کانگریس کا اجلاس منعقد ہوا تلک کی پارٹی نے اس اجلاس میں بھی شرکت کی اور معتدل رہنماؤں کے خلاف سخت … نوبت یہاں تک پہنچی کہ کانگریس کے کیمپ … انتہا پسند اگرچہ اس کشمکش میں کامیاب … مگر معتدلین نے … کانگریس پر اپنا ہی اقتدار … کا نتیجہ یہ ہوا کہ کانگریس دو حصوں میں منقسم ہو گئی … معتدلین ہی کے … کی بنیاد رکھی … انتہا پسندوں نے علیحدہ … دی۔ اس واقعہ کے بعد کانگریس کے اصل نظام سے تلک ایک عرصہ تک علیحدہ رہے اور جب تک ۱۹۱۶ء میں کانگریس کا ایک متحدہ اجلاس لکھنؤ میں منعقد نہ ہوا انہوں نے اور ان کی پارٹی نے اپنا نظام علیحدہ رکھا۔

## مسلمانوں کی علیحدگی

اس موقع پر تقسیم بنگال کے سلسلہ میں ایک ایسے واقعہ کی طرف توجہ دلانا ضروری معلوم ہوتا ہے جو ہندوستان کی سیاسی تاریخ میں خاص اہمیت رکھتا ہے۔ یعنی اس وقت جبکہ تقسیم بنگال کے خلاف زبردست ہیجان برپا تھا اور سودیشی کی تحریک اس ایجی ٹیشن کو کامیاب بنانے کے لئے نہ صرف بنگال میں بلکہ بنگال کے دوسرے صوبوں میں بھی پھیل رہی تھی اور کانگریس سے ہندوؤں کے عوام الناس کی دلچسپی بڑھ رہی تھی کہ ۱۹۰۶ء میں مسلم لیگ کی تاسیس ہوئی اور اس نے مسلمانوں کا ایک مستقل سیاسی نظام کانگریس سے علیحدہ قائم کر دیا۔ اگرچہ اس موقعہ پر لیگ کا قیام حکومت کی مخصوص حکمت عملی کا ایک نتیجہ بتایا جاتا ہے۔ اور اس میں کوئی شبہ بھی نہیں ہے کہ کانگریس کو ہندوؤں میں روز بروز بڑی قوت حاصل ہو رہی تھی اور اس کے معتدلین کے طبقہ سے نکل کر انتہا پسندوں کے ہاتھوں میں چلے جانے سے جو خطرات پیدا ہو چلے تھے ان کے پیش نظر حکومت کے لئے یہی ایک بہترین صورت ہو سکتی تھی کہ وہ کانگریس کی متحدہ قومی حیثیت کو مجروح کرنے کی تدبیر اختیار کرے اور ظاہر ہے کہ مسلم لیگ کا قیام اس سلسلہ میں بڑی حد تک حکومت کے مقصد کو پورا کرنے والا تھا لیکن اس کے ساتھ ہی بعض ایسے عناصر بھی اس وقت کی صورت حالات میں رونما تھے جن کو نظرانداز نہیں کیا جا سکتا۔ کانگریس جب تک ابتدائی سیاسیین کے قبضۂ اقتدار میں رہی اس کے اندر ہندوستانیت سے زیادہ انگریزیت موجود تھی اور ایک مسلمان کے لئے جو تعلیم و تمول میں اسی سطح پر ہو جس پر کہ ہندوؤں کے لیڈر ہوتے تھے یہ آسان تھا کہ کانگریس کے اجلاس میں شریک ہو کر وہاں اپنے آپ کو اجنبی محسوس نہ کرے لیکن تحریک بنگال سے لے کر تلک آنجہانی کی تحریک انتہا پسندی تک ہندو عوام کو کانگریس میں جو دخل ہوا اس نے کانگریس کی نوعیت بڑی حد تک خالص ہندوانہ کر دی اور کانگریس کا نظام خواہ اصولاً ہو مگر عملاً ایک ہندو نظام نظر آنے لگا تلک آنجہانی نے کانگریس کے اندر مذہبیت کو ایک خاص انداز کے ساتھ داخل کیا اور تحریک بنگال نے جو ایک خالص ہندو تحریک تھی اپنے ظاہری آثار کے اعتبار سے تمام قومی جدوجہد کو ایک مخصوص رنگ میں رنگ دینے کی کوشش کی۔ یہ تمام باتیں کانگریس کے عوام میں مقبول ہوتی تھیں اس طرح منظر پر آئیں کہ کانگریس جارحانہ طور پر ایک ہندو نظام معلوم ہونے لگی اور اس کی مشترکہ حیثیت کو اس غلبہ سے سخت نقصان پہنچا۔ اس دور میں مسلمان عوام الناس کو کانگریس کے اندر کوئی چیز ایسی نظر نہ آئی جو ان کے تخیل کو اپیل کرتی ہو برعکس اس کے کانگریس کا پلیٹ فارم تلک آنجہانی کے جیسے نے ہندو دھرم کے مخصوص خیالات کا مظہر بنا دیا جن کا اثر آج تک بھی نظر آ رہا ہے۔ کانگریس کی وسعت و ترقی کے زمانہ میں اس پہلو نے جس قدر سخت نقصان اسے پہنچایا اس کا اندازہ مشکل ہے۔ اگرچہ یہ صحیح ہے کہ کانگریس

جس قوم کا غلبہ تھا وہ اسی کے خیالات و افکار کی آئینہ دار ہو سکتی تھی۔ مسلمان چونکہ من حیث القوم اس وقت اس سے الگ رہے اسلئے ان کا کوئی اثر کانگریس پر نہ پڑا لیکن اس دلیل کو کافی سمجھ لینا ہمارے نزدیک سخت غلطی ہوگی جیسا کہ ہم ابھی لکھ چکے ہیں کانگریس کے ابتدائی دور میں مسلمانوں کا زیادہ کثرت کے ساتھ حصہ نہ لینا محض اس وجہ سے تھا کہ اس وقت کانگریس اعلیٰ طبقہ کے اندر محدود تھی اور مسلمانوں میں اس قدر تعلیم اور دولت نہ تھی کہ وہ اس طبقہ کے دوش بدوش چل سکیں لیکن جس وقت وہی کانگریس اعلیٰ طبقہ سے نکل کر عوام الناس میں مقبولیت حاصل کرنے لگی ہے تو اس کے محترم رہنماؤں کی یقیناً یہ غلطی تھی کہ انہوں نے کانگریس کو ایسی ظاہری شکل و صورت دیدی جس سے وہ صاف ایک ہندو نظام معلوم ہونے لگی اور اس کے متعلق یہ شبہ کرنا بھی دشوار ہو گیا کہ وہ قومیت متحدہ سے کوئی دور کا واسطہ رکھتی ہے۔ اگر اس وقت کانگریس کو خالص سیاسی نظام کی حیثیت سے عوام الناس میں بھی اسی طرح لایا جاتا جس طرح کہ معتدلین کانگریس کو خواص میں لائے تھے تو ہمیں یقین ہے کہ اگر زیادہ وسعت کے ساتھ نہیں تو ایک نہ ایک حد تک دوسری قوموں کو بھی چند سال کے بعد ہی کانگریس سے وہ دلچسپی پیدا ہو جاتی جو صرف ہندوؤں کو رہی۔ چونکہ اس زمانہ کے ہندو زعماء کانگریس کے زیر سایہ ایک عرصہ دراز تک سیاسی تعلیم و تربیت حاصل کر چکے تھے اور اپنے ملک کے حالات سے کماحقہ واقف تھے اور ان کا تعلق ایک ایسی قوم سے تھا جو اکثریت میں تھی اس لئے ان کی ذمہ داری نہایت اہم تھی اگر مسلمانوں نے خود متاثر ہو کر یا حکومت کے ایما سے ایک مشترکہ و متحدہ پلیٹ فارم کو چھوڑ کر اپنا علیحدہ نظام قائم کیا اور وہ اس کے لئے لائق ملامت ہیں تو ان حضرات کی ذمہ داری بھی کچھ کم نہیں ہے جنہوں نے کانگریس کو اپنے طرز عمل سے ایک ہندو جماعت بنانے کی کوشش کی اور دوسری قوموں بالخصوص مسلمانوں کو اپنے مخصوص انداز و طریق سے متوحش کر دیا۔

## مقاصد کی نئی تشکیل

بہرحال کانگریس کی تاریخ میں یہ دور جو سورت کے سالانہ اجلاس کے بعد شروع ہوتا ہے ایک خاص اہمیت رکھتا ہے اگرچہ سورت کے بعد بھی ۱۹۱۶ء تک یعنی ۹ سال کے لئے کانگریس کا نظام معتدلین کے ہاتھوں میں رہا لیکن کانگریس کے بعد عوام الناس میں انتہا پسند طبقہ نے اس قدر زبردست اسپرٹ پیدا کر دی کہ خود وہ حضرات بھی جو اعتدال کے ساتھ کانگریس کو لے جانا چاہتے تھے اپنے لئے دشواریاں محسوس کرنے لگے اور عام خواہش کے مطابق انہیں بھی بالآخر اپنے مسلک وفاداری میں کچھ نہ کچھ ترمیم کرنی ہی پڑی۔ سورت کا جو اجلاس انتہا پسندوں اور معتدلین کی جنگ کے بعد اس طرح ختم ہوا تھا کہ انتہا پسندوں کو کانگریس سے علیحدہ ہو جانا پڑا۔ اسی اجلاس کے اندر انتہا پسندوں کی غیر موجودگی میں اپنے مقاصد کا حسب ذیل خاکہ تیار کرنا ہی پڑا۔ انہوں نے انڈین نیشنل کانگریس کی ایک قرارداد میں صاف طور پر یہ اعلان کیا کہ

"انڈین نیشنل کانگریس کے مقاصد یہ ہیں کہ ہندوستان کے باشندے ایک ایسا طرز حکومت حاصل کریں جو سلطنت برطانیہ کے اندر دوسرے خود مختار ممالک کو حاصل ہے اور وہ سلطنت کے حقوق اور ذمہ داریوں میں ان ممالک کے ساتھ برابر کے شریک و سہیم ہوں۔"

اور اس کے بعد انتہا پسندوں کے مقابلہ میں اپنی پوزیشن کو مستحکم کرنے اور اپنے عقیدہ کی پابندی کے باعث کانگریس میں ان کو غلبہ حاصل کرنے سے روکنے کے لئے حسب ذیل الفاظ بھی بڑھائے:-

"یہ مقاصد آئینی ذرائع سے اس طرح حاصل کئے جائیں گے کہ موجودہ طرز حکومت میں اصلاح کی جائے گی، قومی اتحاد کو ترقی دی جائے گی، عامۃ الناس کی خدمت کا جذبہ پیدا کیا جائے گا اور ملک کے ذہنی، اخلاقی، اقتصادی اور صنعتی ذرائع و وسائل کو آگے بڑھایا جائے گا۔"

لیکن اس قسم کی تمام آئینی دیواریں ان پرجوش نوجوانوں کو کانگریس پر قبضہ کرنے سے باز نہ رکھ سکیں جو زمانہ کے ساتھ ساتھ چل رہے تھے اور جنہوں نے مقتضیات زمانہ کے مطابق کانگریس سے یہ مطالبہ کیا تھا کہ وہ اپنے دقیانوسی خیالات و افکار کو چھوڑ کر اور زیادہ آزادی کے ساتھ قدم اٹھائے۔ ۱۹۰۷ء سے ۱۹۱۶ء تک برابر انتہا پسند پارٹی سے معتدلین کی گفتگوئیں ہوتی رہیں حتیٰ کہ خود معتدلین نے بھی یہ محسوس کر لیا کہ جب تک کانگریس کی رگ و پے میں تازہ خون کا دورہ نہ ہوگا اور وہ نوجوان جن کا جوش و خروش قوم کے لئے بمنزلۂ حیات کے ہے کانگریس کی باگ ڈور نہ سنبھالیں گے اس وقت تک کانگریس ایک بے روح جسم کے مانند رہے گی اور غالباً اسی وجہ سے انہوں نے ۱۹۱۶ء میں لکھنؤ کے اندر بابو امبیکا پرشاد موزمدار کی صدارت میں بظاہر ایک متحدہ و متفقہ اجلاس منعقد کیا اور دونوں جماعتیں ایک جگہ جمع ہو گئیں۔ مگر درحقیقت کانگریس باقاعدہ طور پر انتہا پسندوں کے حوالہ کر دی گئی کیونکہ ایک ایسے نظام کو چلانے کی جو ملک کی سیاسی خواہشات و حسیات کا ترجمان ہو صحیح طور پر ایسی ہی جماعت میں اہلیت ہو سکتی تھی کانگریس اس وقت سے لیکر اب تک ملک کے اسی طبقہ کے ہاتھوں میں رہی ہے جسے انتہا پسند کہا جاتا ہے۔

## ۱۹۱۹ء کی اصلاحات

۱۹۱۶ء کی شاندار کامیابی کے بعد تلک آنجہانی زیادہ عرصہ تک زندہ نہیں رہے مگر انہوں نے کانگریس پر جس جماعت کو اقتدار دیدیا تھا وہ آج بھی اپنی اور زیادہ ترقی یافتہ شکل میں کانگریس کے تمام نظام کو چلا رہی ہے ۱۹۱۶ء کے سالانہ اجلاس کو جو لکھنؤ میں منعقد ہوا اتفاقی حیثیتوں سے اہمیت حاصل ہے کہ کانگریس معتدلین کے ہاتھوں سے نکل کر زیادہ آزاد خیال اور باعمل طبقہ کے ہاتھوں میں آگئی اور درمیان میں کانگریس کے اندر جو اختلافات ہو گئے تھے۔ اور کانگریس دو حصوں میں منقسم نظر آتی تھی وہ اختلافات ختم ہو گئے اور کانگریس پھر ایک متحدہ جماعت بن گئی۔ ہندوستان کو جو نئی اصلاحات ملنے والی تھیں ان کے لئے ایجی ٹیشن ایک وسیع پیمانہ پر شروع کر دیا گیا اور ان ہی اصلاحات کے متعلق ہندوستانیوں کے مطالبہ کو زیادہ موثر بنانے کی غرض سے مسلم لیگ اور کانگریس کے درمیان ایک میثاق مرتب ہوا جس میں فرقہ وارانہ نیابت کے متعلق مختلف صوبوں کے بارے میں چند فیصلے



کئے گئے تھے۔ الغرض یہ اجلاس ان اہم واقعات کی جو آئندہ ۱۹۱۹ء اور ۱۹۲۰ء میں نمودار ہونے والے تھے ایک حیرت انگیز تمہید ثابت ہوا اور ۱۹۱۶ء کے اجلاس لکھنؤ کے بعد ہی کانگریس نے اپنے ایک بالکل نئے دور میں قدم رکھا جو اگرچہ ہماری یاد میں ہر وقت تازہ ہونے کے باعث شاید کوئی اہمیت نہ رکھتا ہو مگر حقیقۃً وہ نہ صرف کانگریس بلکہ ہندوستان کی تمام تاریخ میں نہایت اہم ہیں۔

## ۱۹۲۰ء کا ذہنی انقلاب

کانگریس کی تاریخ میں کوئی سال اتنا انقلاب انگیز نہیں گزرا ہے جتنا کہ ۱۹۲۰ء کا سال تھا۔ ۱۹۱۹ء میں پنجاب کے اندر جو ہنگامے ہوئے اور جلیانوالہ باغ میں گولیاں چلائی گئیں اور مارشل لا کا اعلان کر کے شہری آبادی پر بہرہ نامعلوم مظالم توڑے گئے اس نے تمام ملک میں ایک سرے سے لے کر دوسرے سرے تک آگ لگا دی۔ کانگریس کو اس وقت آزادی پسند طبقہ کے ہاتھوں میں آئے ہوئے چار سال گزر چکے تھے اور اس دوران میں کانگریس کے جو سالانہ اجلاس منعقد ہوئے تھے ان میں اور ان کے بعد مسلسل و منظم پروپیگنڈا کے ذریعہ انتہا پسند پارٹی نے ملک کے اندر کافی جوش اور بیداری پیدا کر دی تھی اور جنگ عظیم کے بعد ناکافی اصلاحات کے نفاذ سے جو توقعات مجروح ہوئی تھیں ان کا تمام ہندوستانی آبادی پر بہت زیادہ اثر تھا اور اسی ماحول میں تلک آنجہانی کی وفات کے بعد ملک اور کانگریس کی عنان قیادت ایک ایسے لیڈر کے ہاتھ میں آئی تھی جو آئندہ ہندوستان کی تحریک آزادی کے سلسلہ میں انتہائی شہرت حاصل کرنے والا تھا گاندھی جی نے اس موقع پر اپنے ستیہ گرہ کے اصول کی آزمائش شروع کی اور ۱۹۱۹ء کے واقعات نے ان کے ایجی ٹیشن میں ایک نئی جان ڈال دی۔ ان تمام باتوں سے زیادہ موثر اور انقلاب انگیز واقعہ جو پیش آیا وہ جنگ عظیم کے بعد ترکوں کے ساتھ دول عظمیٰ کی بے انصافی اور خلافت کو تباہ کرنے کی کوشش اور اس کا ہندوستان کے مسلمانوں پر انتہائی درجہ میں اثر انداز ہونا تھا۔ مسئلہ خلافت نے ہندوستانی مسلمانوں کو اس درجہ مضطرب کر دیا کہ ان کے اندر قومی و اجتماعی حیثیت سے ایک انقلاب عظیم برپا ہوا ان کا وہ سیاسی جمود جو انہیں ہر قسم کے سیاسی میدان سے کوسوں دور رکھتا تھا اس طرح آن کی آن میں تبدیل بحرکت ہو گیا کہ ہندوستان کے اندر ان سے زیادہ فعال و حساس قوم اور کوئی نظر نہ آئی کانگریس کے لئے یہ ایک عجیب و غریب نفسیاتی تجربہ تھا جس سے اس نے فی الحقیقت پورا فائدہ اٹھایا اور ہمارے نزدیک گاندھی جی کی سب سے بڑی ملکی خدمت یہی ہے کہ انہوں نے اس موقع پر کانگریس اور ملک کو صحیح مشورہ دیا۔ مسلمان جو تحریک خلافت کی وجہ سے حکومت برطانیہ کے خلاف ہر قسم کی جدوجہد کرنے کے لئے آمادہ تھے ان کے مقصد کو کانگریس نے اپنا مقصد بنا کر ایک نہایت عمدہ مثال قائم کی اور علی برادران نے انگلستان سے وفد خلافت کی ناکام واپسی کے بعد مسلمانان ہند کو یہی مشورہ دیا کہ جب تک ہندوستان آزاد نہیں ہوتا اور وہ خود اپنے ملک میں اپنی کوئی آواز پیدا نہیں کر سکتے اس وقت تک دنیا کا کوئی ملک ان کی بات سننے کے لئے آمادہ نہیں ہوگا تمام … اسلام کی آزادی ہندوستان کی آزادی کے ساتھ وابستہ ہے اگر ہندوستان آزاد ہو جائے تو حجاز، عراق، فلسطین، شام، مصر سب کچھ آزاد ہو سکتا ہے۔ ہندوستان کے علماء کی ایک مقتدر جمعیۃ معرض وجود میں آئی اور اس نے حریت و آزادی کا وہی سبق مسلمانوں کو اجتماعی حیثیت سے دیا جو علماء اسلام ہمیشہ انفرادی حیثیت سے دیتے آئے تھے۔ جمعیۃ علمائے ہند کی رہنمائی میں مسلمان جوق در جوق کانگریس کے اندر شریک ہو گئے اور گاندھی جی نے مسلمانوں کی طرف جو دوستی کا ہاتھ بڑھایا تھا اس کا نہایت پر تپاک خیر مقدم کیا گیا۔ مسلمانوں کی اس اجتماعی شرکت نے کانگریس کی کایا ہی پلٹ دی اور ایسا معلوم ہوا کہ ایک وہ آتش فشاں جو زمین کے اندر ہی اندر سلگ رہا تھا اچانک پھٹ پڑا۔ جب کانگریس کے پنڈال میں ہندو اور مسلمان دوش بدوش بیٹھے اور انہوں نے اپنے ملک کی آزادی کے لئے متحدہ قرار دادیں منظور کیں تو ہندوستان کے اندر ایک عجیب و غریب فضا پیدا ہو گئی اور کچھ عرصہ کے لئے ایسا نظر آنے لگا کہ ہندوستان کے اس متحدہ مطالبہ کو دنیا کی کوئی قوت ایک لمحہ کے لئے بھی رد نہ کر سکے گی۔ تمام ملک کی ذہنیتوں میں انقلاب عظیم برپا ہو گیا۔ حکومت کا رعب و داب جو عوام الناس کو انتہائی مظالم کے مواقع پر بھی صبر و تحمل کے لئے مجبور کر دیا کرتا تھا یکقلم رخصت ہو گیا اور دو سال تک متواتر ایسے مناظر دیکھنے میں آئے کہ اس سے پہلے کبھی ہندوستان کی تاریخ میں نظر نہ آئے تھے۔ ایک ہی پلیٹ فارم سے ہزاروں ہندو اور مسلمان جیلخانوں میں قید و بند کے مصائب برداشت کرنے کے لئے آئے اور ایک ہی مقصد کے لئے عوام الناس نے قربانیاں پیش کیں۔ یہی وہ زمانہ تھا کہ کانگریس حقیقی معنی میں ایک نمائندہ جماعت بنی اور اس میں مسلمان بھی بکثرت شریک ہوئے۔ اور اس پر انڈین نیشنل کانگریس کا صحیح معنی میں اطلاق ہوا۔

## جمود و تعطل

لیکن جیسا کہ ہم سب کو معلوم ہے یہ صورت حال زیادہ عرصہ تک قائم نہ رہی۔ اس کا رد عمل بہت جلد شروع ہو گیا۔ ترک تعاون کی تحریک کے بجائے فرقہ وارانہ فسادات کی گرم بازاری ہونے لگی اور کانگریس ایک کافی طویل زمانہ کے لئے اپنی عظمت رفتہ پر ماتم کناں خاموش بیٹھی رہی۔ گاندھی جی نے سیاسیات سے علیحدگی اختیار کر لی اور کچھ عرصہ کے لئے ایسا معلوم ہونے لگا کہ گویا آزادی اور تحریک آزادی کا نام اب کوئی ہندوستان کے اندر سننے کا روادار نہیں۔ کانگریس کے تفرقے اور باہمی منافقتیں اسی طرح جاری رہیں گے اور وطن عزیز کی غلامی کے سلاسل روز بروز زیادہ مضبوط ہوتے چلے جائیں گے جن لوگوں نے ۱۹۱۹ء اور ۱۹۲۰ء کا دور اپنی آنکھوں سے دیکھا تھا اور پھر ۱۹۲۳ء اور ۱۹۲۴ء کے پرآشوب زمانوں سے گزر رہے تھے ان کی آنکھیں خون کے آنسو روتی تھیں اور جس طرح بہار کے بعد خزاں کا زمانہ شاداب پھولوں کو مرجھا دیتا ہے اسی طرح لوگوں کے چہرے کمہلائے ہوئے نظر آتے تھے۔ تقریباً سات سال اسی جمود و تعطل میں گزر گئے کانگریس کے اندر کئی پارٹیاں پیدا ہوئیں کونسلوں میں جانے یا بائیکاٹ کرنے کے سوال نے گرما گرم بحثوں کو چھیڑ دیا۔ سوراجیسٹ کونسلوں میں گئے، پھر جوابی تعاون کرنے والوں کی ایک علیحدہ شاخ پھوٹی، ایک طبقہ برابر عدم تعاون ہی پر قائم رہا۔ پھر دہلی کے اجلاس میں جو مولانا ابوالکلام صاحب کی صدارت میں منعقد ہوا تھا ان جماعتوں کے درمیان مولانا محمد علی کی کوششوں سے اتحاد و اتفاق کی صورتیں پیدا ہو گئیں۔ مگر یہ سب کچھ کانگریس کے اندر ہوتا رہا باہر کامل جمود تھا اور ایسا معلوم ہوتا تھا کہ قوم ۱۹۲۰ء کی تحریکات سے تھک جانے کے بعد کچھ آرام لے رہی ہے یا آپس میں برسر پیکار ہے۔

## سائمن کمیشن

۱۹۲۷ء میں کانگریسی حلقوں کے اندر پھر ذرا حرکت شروع ہوئی۔ کانگریس نے اپنے عقیدہ میں "آزادی" کو داخل کر لیا۔ پنڈت موتی لال نہرو کی قیادت میں اسمبلی کے اندر سوراج پارٹی نے جو کام کیا تھا اس کے نتائج بہتر صورت میں ظاہر ہوئے مسلسل و متواتر مطالبات سے حکومت مجبور ہوئی کہ ایک شاہی کمیشن مقرر کرنے کا اعلان کرے اور نئے دستور اساسی کی تشکیل کے مسئلہ نے ملک کے تمام سیاسی حلقوں میں ہلچل پیدا کر دی۔ اس سلسلہ میں سب سے پہلا مسئلہ جس کی طرف توجہ منعطف ہوئی ہندو مسلم اتحاد کا مسئلہ تھا۔ جاننے والے اچھی طرح جانتے تھے کہ اگر ہندو مسلم اتحاد نہ ہوا اور کوئی متفقہ اسکیم نہ پیش کی جا سکی تو ایسی حالت میں آئندہ دستور اساسی کے متعلق بہتر توقعات قائم کرنا اپنے نفس کو خود فریب دینا ہے۔ چنانچہ ۱۹۲۷ء کے سالانہ اجلاس میں جو بمقام مدراس منعقد ہوا تھا ڈاکٹر انصاری نے اس مسئلہ کی طرف کانگریس کی توجہ نہایت شد و مد کے ساتھ منعطف کرائی اور اس پر بہت زور دیا کہ ہندو مسلم اتحاد کی قابل عمل تجاویز پر فوراً غور کرکے فیصلہ کرنا چاہئے۔ کانگریس نے اس مقصد کے لئے ایک کمیٹی بنا دی اور وہ اپنے کام میں مشغول ہو گئی۔ اگلے سال جب سائمن کمیشن ہندوستان میں آیا تو نہ صرف کانگریس بلکہ ملک کی تمام مؤثر جماعتوں نے اس کا مکمل مقاطعہ کیا اور ہندوستان کی قسمت کا فیصلہ ایک خالص غیر ملکی کمیشن کے سپرد کر دینے پر متفقہ احتجاج کیا گیا۔ کانگریس نے اس کمیشن کے تقرر کو ہندوستان کی انتہائی توہین سے تعبیر کیا۔ اور اس سے قبل پشاور میں جمعیۃ علمائے ہند کا جو سالانہ اجلاس زیر صدارت حضرت مولانا انور شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ منعقد ہوا تھا اس میں اس کمیشن کی پرزور مذمت کی گئی۔ غرض ہر طرف سے کمیشن کا مقاطعہ ہوا لیکن یہ امر انتہائی رنج و افسوس کے ساتھ یاد کرنا پڑتا ہے کہ تمام ۱۹۲۸ء کے دوران میں متواتر مساعی کے باوجود فرقہ وارانہ مسائل کا کوئی اطمینان بخش حل پیدا نہ ہو سکا کانگریس کی سرگرمی میں نہرو رپورٹ تیار کی گئی اور اس میں کوئی شبہ نہیں کہ اس دستور کی ترتیب و تدوین میں کانگریس کے محترم زعماء نے بہت کافی محنت اور قابلیت صرف کی مگر افسوس ہے کہ ان مخصوص حالات کے باعث جو نہرو رپورٹ کی ترتیب کے وقت پیدا ہو گئے تھے۔ اس رپورٹ کو قومی و متفقہ حیثیت سے کوئی مقبولیت حاصل نہ ہوئی۔ سکھوں کی اکثریت نے اسے مسترد کیا، مسلمانوں کی اکثریت نے اسے مسترد کیا، اور … نتیجہ یہ ہوا کہ اس وقت کے وزیر ہند برکنہیڈ نے جو چیلنج ہندوستان کو دیا تھا اس کا موثر جواب نہ دیا جا سکا کوئی متفقہ "کانسٹی ٹیوشن" نہ بن سکا اور سائمن کمیشن کے متحدہ مقاطعہ سے جو فوائد حاصل ہو سکتے تھے وہ ہم ہندوستانیوں کی اس کوتاہی کے باعث بالکل رائیگاں گئے۔

## درجۂ نو آبادیات

اگرچہ نہرو رپورٹ سے فرقہ وارانہ مسئلہ کے اطمینان بخش حل کا فائدہ تو حاصل نہ ہوا مگر ایک نئی بحث آزادی کامل اور درجۂ نو آبادیات کی کانگریسی حلقوں میں زور و شور کے ساتھ چھڑ گئی۔ کانگریس اپنے عقیدہ کے متعلق گزشتہ اجلاس میں یہ فیصلہ کر چکی تھی کہ

"انڈین نیشنل کانگریس کا منتہائے مقصود آزادی ہوگا۔"

لیکن نہرو رپورٹ میں جس دستور اساسی کا جو مسودہ پیش کیا گیا تھا اور جسے کانگریس کمیٹی کی تائید و حمایت حاصل ہو گئی تھی، درجۂ نو آبادیات پر مبنی تھا۔ اس سے ایک بحث کانگریسی حلقوں میں اس موضوع پر جاری تھی بالآخر ۱۹۲۸ء میں کلکتہ کے اندر جو اجلاس پنڈت موتی لال نہرو کے زیر صدارت ہوا اس میں یہ فیصلہ کر دیا گیا اور اس فیصلہ پر دونوں جماعتوں کا اتفاق ہو گیا کہ اگر ۱۹۲۹ء کے آخر تک حکومت برطانیہ نے ہندوستان کے لئے درجۂ نو آبادیات کی منظوری نہ دی تو پھر کانگریس آزادی کامل کا اعلان کر دے گی اور درجۂ نو آبادیات سے کوئی واسطہ نہ رکھے گی۔ کانگریس کی یہ تجویز گویا حکومت کے نام ایک چیلنج تھا۔ جسے اسی اسپرٹ میں قبول بھی کیا گیا۔ ۱۹۲۹ء کے آغاز میں گاندھی جی اور پنڈت موتی لال نہرو جیسے کانگریسی زعماء سے حکومت کی گفت و شنید ہوتی رہی۔ اس کے بعد لارڈ ارون انگلستان گئے اور انہوں نے وہاں سے واپس آ کر ایک ایسا گول مول اعلان کر دیا جس میں درجۂ نو آبادیات کے الفاظ بھی موجود تھے اور جس سے حصول مقصد کی کوئی مدت بھی متعین نہ ہوئی تھی۔ اس اعلان پر بہت کچھ بحثیں ہوئیں۔ ہندوؤں کا ایک مشترکہ بیان بھی شائع ہوا۔ گاندھی جی سے وائسرائے کی ملاقات بھی ہوئی مگر نتیجہ صفر کے برابر رہا اور دسمبر ۱۹۲۹ء میں لاہور کے اندر انڈین نیشنل کانگریس کا جو اجلاس منعقد ہوا اس میں پنڈت جواہر لال نہرو کی صدارت میں آزادی کامل کا اعلان کر دیا گیا۔

## نہرو رپورٹ کا خاتمہ

لاہور کے اسی اجلاس میں بعض اور بھی نہایت اہم تجاویز منظور کی گئیں جن میں سے ایک تجویز نہرو رپورٹ کے متعلق بھی تھی۔ نہرو رپورٹ چونکہ آج تک نہایت شدید اختلافات کا باعث تھی اور اقلیتیں اسے اپنے حقوق کی حفاظت کے لئے غیر اطمینان بخش قرار دیتی تھیں اس لئے کانگریس نے کمال دانشمندی سے اپنی ایک مستقل قرارداد کے ذریعہ لاہور میں نہرو رپورٹ کو دفن کر دیا۔ اور اس کے خاتمہ کا ریزولیشن اس تصریح کے ساتھ منظور کیا گیا کہ چونکہ ملک کی دو بڑی اقلیتیں مسلمان اور سکھ اس رپورٹ سے مطمئن نہیں ہیں اس لئے اسے ختم کیا جاتا ہے اور یہ وعدہ کیا جاتا ہے کہ کانگریس آئندہ کبھی بھی کسی ایسے نظام حکومت کو منظور نہیں کرے گی جسے تمام متعلقہ حلقوں کی تائید و حمایت حاصل نہ ہوگی۔ اس قرارداد نے کانگریس کے متعلق اس فضا کو بالکل صاف کر دیا جو بعض حلقوں میں ہو گئی تھی اور اب کانگریس کے خلاف وہ تمام شکایتیں جو نہرو رپورٹ کے سلسلہ میں پیدا ہوئی تھیں ختم کر دی گئیں اسی فیصلہ کے ساتھ کانگریس

# پچاس سالہ کوششوں اور قربانیوں کی یاد
## کانگریس کی گولڈن جوبلی

(از حضرت العلامہ مولانا مفتی محمد کفایت اللہ صاحب صدر جمعیۃ علمائے ہند)

بدقسمت ہندوستان غیر ملکی حکومت کا عرصہ سے محکوم ہے ہندوستان کی چونتیس کروڑ آبادی کے گلوں میں غلامی کے طوق پڑے ہوئے ہیں۔ اس بدقسمتی اور غلامی کا احساس اور اس سے نجات حاصل کرنے کی کوششوں کی ابتداء پچاس سال قبل اس مجلس نے کی تھی جس کا نام انڈین نیشنل کانگریس یعنی ہندوستان کی قومی مجلس ہے۔

گزشتہ پچاس برس میں کانگریس پر مختلف دور آئے اور محبان وطن کو بڑی بڑی قربانیاں کرنی پڑیں۔

ہم یہ نہیں کہتے کہ کانگریس نے مقصد آزادی وطن کے حصول میں کوئی نمایاں کامیابی حاصل کرلی ہے لیکن اس حقیقت کا انکار بھی نہیں کیا جا سکتا کہ گزشتہ پچاس سال کے اندر ہندوستان کی موجودہ سیاسی بیداری اور راہ حریت میں قابل قدر فداکاری اسی مجلس کی ان تھک کوششوں کا نتیجہ ہے۔

اس سنہری موقعہ پر ہندوستان کی تمام قوموں کا مشترکہ طور پر یہ وطنی فریضہ ہے کہ کانگریس کی گولڈن جوبلی کو کامیاب بنانے میں پورے جوش و خروش سے کام کریں۔ اور اپنی قومی بیداری اور وطن دوستی کا ثبوت بہم پہونچائیں۔

میں مسلمانوں سے خصوصاً مخلصانہ اپیل کرتا ہوں کہ وہ اپنے محبوب وطن ہندوستان کی آزادی کے راستے میں جس طرح قربانیاں دینے میں پیچھے نہیں رہے اسی طرح وہ آزادی طلب مشترکہ مجلس کی جوبلی منانے میں بھی اپنی قومی زندگی کا پورا پورا ثبوت پیش کریں۔ مجھے امید ہے کہ وہ ایسا ہی کرینگے۔

محمد کفایت اللہ

# انڈین نیشنل کانگریس کی گولڈن جوبلی
## الجمعیۃ کو مبارکباد

(از جناب ڈاکٹر مختار احمد صاحب انصاری)

میں الجمعیۃ کو انڈین نیشنل کانگریس کی گولڈن جوبلی منانے پر مبارکباد دیتا ہوں۔ کیونکہ صرف کانگریس ہی وہ ادارہ ہے جو تمام فرقوں کی خدمت کا جن میں مسلمان بھی شامل ہیں ایک قابل فخر ریکارڈ پیش کرسکتا ہے۔ مسلمانوں کی خدمت کے سلسلہ میں صرف مسئلہ خلافت ہی کی ایک مثال کافی ہے جس کو کانگریس نے خود اپنا مسئلہ بنا لیا تھا۔ کانگریس صحیح معنی میں ایک قومی ادارہ ہے کیونکہ یہ تمام فرقوں کی مشترکہ خواہشات وحیات کی واحد ترجمان ہے۔

کانگریس کی اس مشترکہ حیثیت کو دیکھتے ہوئے نہایت مناسب ہے کہ اس کی گولڈن جوبلی تمام قومیں یکساں جوش و خروش کے ساتھ منائیں اور الجمعیۃ کے لئے بھی اس جوبلی کو منانا بالکل موزوں ہے کیونکہ الجمعیۃ اس معزز و محترم ادارہ کا ترجمان خصوصی ہے جو جمعیۃ علمائے ہند کے نام سے موسوم کیا جاتا ہے اور جس نے حضرت مفتی محمد کفایت اللہ صاحب اور مولانا احمد سعید صاحب اور مولانا ابوالمحاسن محمد سجاد صاحب اور ان کے رفقار کار کی قیادت و رہنمائی میں حصول آزادی کے لئے ہمیشہ کانگریس کا ساتھ دیا ہے اور قوم کی آواز پر جس کا مسلمان بھی ایک حصہ ہیں ہمیشہ لبیک کہا ہے۔

میری دعا ہے کہ جمعیۃ العلماء اپنے عظیم المرتبت زعماء کی قیادت میں اور بھی زیادہ ملک اور ملت کی خدمات انجام دے اور مسلمانوں کے اندر آزادی وطن کی خاطر جدوجہد کرنے کے جذبات اور بھی زیادہ وسعت کے ساتھ پیدا کردے۔

ایم۔ اے۔ انصاری



سے قائم ملک سے یہ بھی اپیل کی کہ وہ ہندوستان کی آزادی کے لئے ایک فیصلہ کن جنگ کے لئے تیار رہو تھا اور اس راہ میں جس قدر بھی مشکلات و مصائب کا سامنا کرنا پڑے انھیں خندہ پیشانی کے ساتھ برداشت کرے مسلمانوں کے سمجھ دار طبقہ میں کانگریس کے اس اقدام عمل کو نہایت پسندیدگی کی نظر سے دیکھا گیا اور فرقہ وارانہ معاملات کے متعلق نہرو رپورٹ کے ساتھ کانگریس کی وابستگی سے اس قومی نظام کو جو شدید نقصان پہنچ گیا تھا اس کی تلافی اس طرح ہوئی کہ لاہور کے اجلاس میں مذکورہ قرار دادوں کی منظوری اور ان کے بارے میں ...

### تحریک آزادی

### گول میز کانفرنس اور کانگریس

### دوسری سول نافرمانی

### واقعات کا سبق

### مقاصد کی تکمیل

### ہندو مسلم اتحاد

... ہے اور اگر اس ہندو مسلم مسئلہ کا حل تلاش کرلیا تو آزادی کی منزل کچھ بھی دور نہیں رہے گی۔


## اعلان تعطیل

۲۸ دسمبر کو دفتر الجمعیۃ میں تقریب ... تعطیل رہیگی اس لئے قارئین کرام یکم جنوری ... الجمعیۃ کا انتظار نہ فرمائیں۔

منیجر الجمعیۃ دہلی

# کانگریس کی پنجاہ سالہ عید زریں

(از حضرت مولانا عبدالحلیم صدیقی رکن مجلس عاملہ جمعیۃ علمائے ہند)

جس نامبارک اور غیر مسعود ساعت میں وطن عزیز پر غلامی کی لعنت مسلط ہوئی اس وقت سے غیور فرزندان وطن آزادی وطن کے نام پر پروانہ وار قربان ہوتے چلے آرہے ہیں۔ یہ بھی ایک قطعی حقیقت ہے کہ آزمائش وابتلا کا ابتدائی دور نہایت صبر آزما تھا جب کہ قانون وانصاف کی جگہ تعزیر وانتقام کی روح کار فرما تھی اس نازک مرحلہ میں (جب کہ مسلمانوں کے سوا باقی اقوام ہند میں آزادی کا تصور کرنے والا دماغ نہ تھا) مقدس قربانگاہ وطن پر فقط مسلم زعماء ملت (لیڈر شپ) کے بجائے اصلیہ مقدس علماء حکام احرار اور با اثر شخصیتوں کی نعشیں بھینٹ چڑھ رہے تھے۔

تقریباً ایک ربع صدی گزر جانے کے بعد جب کہ جذبہ انتقام نے انجام تسکین پاکر مقصد تحریک بڑی حد تک حاصل کر دیکھا تھا اور قانون وانصاف آہستہ آہستہ اپنی جگہ حاصل کرنے کی سعی میں مصروف تھے۔ ...

ہندوستان کے طول وعرض میں شاندار طریقہ پر منانے کی تیاریاں میں مصروف ہیں۔ اس میں شک نہیں کہ جب کبھی کانگریس نے آزادی کی راہ میں موجودہ حکومت کے جابرانہ قوانین کے خلاف پر امن جنگ کی دعوت دی تو ملک کے لاکھوں فرزندوں نے اس کی دعوت پر لبیک کہتے ہوئے خود کو ترنم کے مصائب وِمحن کے لئے پیش کر دیا لیکن غالب آبادی وطن کی آزادی کے نام پر کوئی حقیری حقیر قربانی بھی پیش نہ کر سکی۔

ہندوستان میں جتنے والی تمام قوموں سے بلا امتیاز مذہب وملت مادر وطن کا مطالبہ ہے کہ ... ہندوستانی آزادی کی جدوجہد کی پچاس سالہ عید زریں پورے جوش واخلاص کے ساتھ ...

## اپیل

پر امن جنگ آزادی کے ایک ادنےٰ سپاہی کی حیثیت سے میرا عقیدہ ہے کہ کانگریس گولڈن جوبلی میں حصہ لینا ہر ہندوستانی کا قطعی فرض ہے ...

فرمائیں گے۔ اس زریں جشن مسرت کو اس طرح منائیں گے کہ ... بکمال عزت واحترام یاد ہمارے دلوں سے فراموش نہ ہو اپنی ملت نجیبہ اسلامیہ کی غیرت دینی و دوستی سے امید واثق ہے کہ کانگریس گولڈن جوبلی میں اپنی شایان شان حصہ لینے پر دعوت دے گی اور مسلمان اس مظاہرہ میں ...

قوموں سے پیچھے نہ رہیں گے اور تقریب جشن جوبلی کو کامیاب بنا کر عید مبارک کی مسرت ... تحریک آزادی سے اپنے قدیم ... قربانیوں کو فراموش نہ کریں گے۔

---


# آل نبی واولاد علی کی خدمت میں ایک بے بہا تحفہ

# کنز الانساب اردو

تاریخ داں صاحبان کیلئے بھی نہایت مفید

ہر زمانہ لوگ جس قدر اشتہاری دنیا سے بدظن ہو رہے ہیں۔ وہ محتاج بیان نہیں مگر تاہم کسی عمدہ سے عمدہ چیز کو لوگوں تک پہنچانے کے لئے بجز اشتہار کے اور کوئی ذریعہ ہی نہیں ملتا۔ بنا بریں ہم خدا کے فضل وکرم سے بتا دینا چاہتے ہیں کہ ہم خلوص دل سے میدان میں آئے ہیں اور جو کچھ مشتہر کرنے لگے ہیں اس کو صداقت پر مبنی خیال کرتے ہیں۔ لہذا سادات عظام والا کرام کو خوشخبری دی جاتی ہے کہ ہم بعد از محنت جلیل اور بصرف اخراجات کثیر کے مندرجہ بالا کتاب مرتب کرنے میں کامیاب ہو گئے ہیں۔ اس کتاب کو دیکھ کر ہر ایک سید صاحب اپنا شجرہ درست کر سکتا ہے۔ اس میں تمام سادات کے خاندانوں کا ذکر ہے کہ کون کون بزرگ ہندوستان میں کہاں کہاں سے آئے اور سلسلہ سیادت کیونکر جاری ہوا۔ نسب نامہ ابوالبشر حضرت آدم سے زمانہ رسالت مآب حضرت محمد مصطفےٰ صلعم تک اور نسب نامہ سادات اولاد حضرت علیؑ سے لیکر آج تک جو مختلف اضلاع کے مختلف مقامات میں مدفون یا سکونت پذیر ہیں۔ یعنی تمام ہندوستان۔ پنجاب۔ سندھ۔ کشمیر۔ بنگالہ وغیرہ کے علیحدہ علیحدہ حالات درج کئے گئے ہیں کتاب کے ملاحظہ کرنے پر آپ پر بخوبی روشن ہو جائے گا کہ ان کے جد امجد وہ ہیں جن کے لئے خدا نے اس عالم کو پیدا کیا۔ تمام سادات کے لئے لازم ہے کہ وہ اس کتاب کو منگا کر اپنا اور اپنے آباء واجداد کا رتبہ دیکھیں۔ جناب رسول خدا اور آئمہ ہدا کے افعال واقوال کو آئینہ کی طرح صاف دکھایا ہے۔ نسب تاریخ۔ سیر۔ فضائل وغیرہ کی جان ہے۔ گویا ایک چمن کھلا ہے جس کی خوشبو دماغوں کو معطر اور دلوں کو بلغ باغ کرتی ہے۔ جتنی سوانح عمریاں اردو میں آج تک لکھی گئی ہیں یہ ان سب کی سرتاج ہے۔ مطالب یہ ہے دریا کو کوزہ میں بند کر دیا ہے۔ مفصل ومکمل حالات حضرت شمس تبریز علیہ الرحمۃ بھی اس میں درج ہیں پبلک کی اور کیا خوش قسمتی ہو سکتی ہے۔ اس مژدہ جان بخش کو سنکر ہمارے دینی بھائی جس قدر مسرت کریں کم ہے اور اس مبارک موقعہ کی یادگار میں اگر جان ومال قربان کر دیں تو کم ہے۔ دنیا کو معلوم ہے کہ اس عظیم الشان کتاب کی سخت ضرورت محسوس ہو رہی تھی۔ حقیقتاً یہ ایک عجیب وغریب اور نہایت محنت اور وقت طلب کام تھا ہماری ناچیز کوششیں اور ہمارے ہی کر درد ملک کی جدوجہد سے حسن اختتام کو پہنچا ہے اور یہ اسی پاک پروردگار کا تفضل ہے۔ جس نے اس قابل کیا کہ اس گرانبہا تحفہ کو آپ کی خدمت میں پیش کر رہے ہیں۔ اور ہم بڑے فخر سے اس بات کا اعلان کرتے ہیں آپ کتاب کو ملاحظہ کرکے خود بخود اس کی تعریف میں رطب اللسان ہوں گے ہر مذہب وملت کے لئے یکساں مفید ہے۔

یہ کتاب ۲۰۰ صفحہ پر مشتمل ہے۔ سائز $\frac{20 \times 26}{8}$ کاغذ لکھائی چھپائی دیدہ زیب

قیمت بغیر جلد چار روپیہ للعہ مجلد للعہ علاوہ محصولڈاک

ملنے کا پتہ

# منیجر کتب خانہ نامی۔ خانیوال ملک پنجاب



# ایبکو جنتری مع ڈائری ۱۹۳۶ء

## اردو میں چھپ کر تیار ہوگئی

اس جنتری میں اسلامی ہندی بنگلہ اور انگریزی تاریخیں مع تعطیلات میلہ تہوار عرس وغیرہ مکمل طریقہ پر درج ہیں پینڈ کی ڈائری تاریخ وار ہے۔ دلچسپ اور مفید معلومات حفظان صحت کے زریں اصول اور دیگر کار آمد مضامین سے لبریز ہے صفحات ۱۳۲ سائز ۷×۵ انچ ہے طباعت وکتابت اعلےٰ ہے قیمت رعایتی مع محصول ڈاک ۶ ہے لیکن ناظرین الجمعیۃ کے لئے مفت ارسال کی جائے گی۔ بشرطیکہ فرمائش ۲۰ جنوری ۱۹۳۶ء تک آئے۔ بمعہ ٹکٹ ... معاف ہمراہ کر پتہ صاف لکھیں۔

المشتہر

این اسمٰعیل انگریزی دواخانہ نمبر ۹، کولوٹولہ اسٹریٹ کلکتہ


---



# "میں"

(از رشحات قلم جناب ڈاکٹر سعید احمد صاحب بریلوی)

گجر دم وہ مرا انگڑائیاں لیتے ہوئے اُٹھنا
کدالوں پھاوڑوں کو گالیاں دیتے ہوئے اُٹھنا

مٹھا پیکر فراساد کینہ ہاتھوں کے پھالوں کو
اُٹھانا فخر سے پھر چُوم کر گینتی کدالوں کو

لگانا قہقہہ اک زور کا اترا کے چل دینا
"بسی ہے پیلی پیاری موہن میں" گا کے چل دینا

وہ محنت کرتے کرتے پھر نہا جانا پسینے میں
تنفس، جیسے کوئی دھونکنی چلتی ہو سینے میں

پسینے سے بدن کے بھینی بھینی بُو کے گل پیدا
ہوا کے ٹھنڈے جھونکوں سے سرور وکیف کل پیدا

امیری یا غریبی کچھ نہ تھی سب ایک جیسے تھے
ضرورت احتیاج افلاس نامانوس کلمے تھے

خدا کے سب خزانے عام تھے ہر ایک بندے پر
زمین سے رزق ملنا منحصر تھا کام دھندے پر

زمینیں اغنیا کی تھیں نہ دولت اغنیا کی تھی
ہوا کی اور پانی کی طرح ہر شے خدا کی تھی

جو لے لے کھود کر، دولت اسی کی سمجھی جاتی تھی
پرائی جیب میں حصہ لگاتے شرم آتی تھی

بجا اک فخر تھا انسان کو بازو کی قوت پر
بھروسہ تھا فقط اللہ پر یا اپنی محنت پر

---

میں آیا ہوں تو کیسی دلکشی تھی بزم دنیا میں
بھری تھیں کس قدر رنگینیاں ہر کوہ وصحرا میں

جدھر دیکھو جہاں میں رخ خوشی تھی مسکراہٹ تھی
لطافت تھی چمک تھی، روشنی تھی جگمگاہٹ تھی

فلک پر چار سو چھائی ہوئی مستی و رعنائی
زمیں پر ہر طرف بکھری ہوئی خوبی و زیبائی

گیاہ سبز کی مخمل بچھی تھی مرغزاروں میں
نہفتہ سینکڑوں موسیقیاں تھیں آبشاروں میں

کہیں آتش فشانوں سے صدائے زیر وبم پیدا
کہیں بادل کے کڑکے سے ہزاروں تال سم پیدا

پہاڑوں میں کہیں چشموں کا بل کھاتے ہوئے چلنا
کہیں کھیتوں میں ندی کا بھجن گاتے ہوئے چلنا

کہیں دریا میں عکس مہ سے پیدا نور کی موجیں
تلاطم سے جو بن جاتی تھیں موتی چور کی موجیں

بھبوکا سا شفق کا رنگ دریا کی روانی میں
گماں ہوتا تھا شاید لگ گئی ہو آگ پانی میں

محبت کے سمندر موجزن تھے قلب انساں میں
نہاں تھے دوسروں کے درد کے نشتر رگ جاں میں

عجب کچھ سادگی تھی جس پہ سو پرکاریاں صدقے
خلوص ایسا کہ جس پر لاکھ اظہاریاں صدقے

مگر اللہ! یہ کیا ہو گیا اب تیری دنیا کو؟
گلوں پر کس لئے ترجیح دی ہے خار صحرا کو؟

یہ کیسا انقلاب آیا کہ دنیا کی ہوا بدلی
چمن مرجھا گئے میرے گلستاں کی فضا بدلی

عجب اک برہمی چھائی ہوئی ہے آج محفل میں
خوشی کا اب اثر باقی نہیں شاید کسی دل میں

مٹا دی ظلم نے صد حیف اس دنیا کی رنگینی
ہے بے مقصد زندگی کا خود پرستی اور خود بینی

الٰہی! بندہ وخواجہ کی یہ تقسیم کیسی ہے
ابا کرتی ہے فطرت جس سے یہ تنظیم کیسی ہے

محبت سے عداوت ہوگئی یہ کیا تماشا ہے
جہاں دیکھو وہاں نفرت ہی نفرت کارفرما ہے

ذرا سے دھات کے ٹکڑوں پہ سر کٹوائے جاتے ہیں
غضب ہے بھائیوں کو آج بھائی کھائے جاتے ہیں

فروغ ایسا ہوا بدخصلتوں کو بدشعاروں کو
کہ جینا آج مشکل ہو گیا ایمان داروں کو

طبیعت زیست سے بیزار سی معلوم ہوتی ہے
جو محنت تھی وہ اب بیگاری سی معلوم ہوتی ہے

اسی دنیا میں یارب کیا مجھے تو نے بسایا تھا؟
الٰہی کیا میں جنت سے اسی دنیا میں آیا تھا؟

# جمعیۃ علماء اور کانگریس

(از حضرت مولانا الحاج حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند)

بعض خوش فہم حضرات جو سیاسیات سے دور رہتے کے باوجود مسائل سیاسیہ پر اظہار رائے کیا کرتے ہیں انہوں نے یہ نظریہ قائم کر لیا ہے کہ جمعیۃ علماء اور کانگریس ایک حقیقت متحدہ کے دو نام ہیں ۔ ان کے خیال میں یہ دو جماعتیں نہیں ہیں بلکہ صرف نام کے اعتبار سے ان کو دو کہا جاسکتا ہے ورنہ اپنی حقیقت اور اپنی ذات کے اعتبار سے ان دونوں میں عینیت و اتحاد ہے یہ نہیں کہا جاسکتا کہ اس قسم کے غلط خیال اور فاسد نظریہ کے قائم کرنے اور ایک لایعنی تخیل کے اظہار کی علت اور اس کے اسباب کیا ہیں ۔ اگر ہم ان کی نیت پر کوئی حملہ نہ کریں اور یہ سمجھیں کہ یہ حضرات خوش فہم محض اپنی ذاتی اغراض و مصالح جیسے نتائج کاسدہ کی بنا پر ایسا کرتے ہیں تب بھی اس سے تو انکار نہیں ہو سکتا کہ یہ لوگ مخالفین کے پروپیگنڈے سے اپنی سادگی اور بے وقوفی کے باعث متاثر ہو گئے ہیں اور بجائے اس کے کہ یہ لوگ خود معاملہ کی تحقیق کرتے اور جمعیۃ علماء ہند کے اغراض و مقاصد سے واقفیت حاصل کرتے ۔ انہوں نے یہ کہنا شروع کر دیا ہے کہ جمعیۃ علماء ہند تو حقیقتاً کانگریس کا دوسرا نام ہے یا کانگریس واقعتاً جمعیۃ علماء ہند کا دوسرا نام ہے ۔ جو لوگ اس قسم کے اظہار خیال پر اپنی مصالح کے اعتبار سے مجبور ہیں ان سے تو روئے سخن کی ضرورت نہیں البتہ جو لوگ اپنی سادگی اور عدم واقفیت کے باعث متاثر ہو گئے ہیں ان سے ضرور اس قدر گذارش ہے ۔

## وحدت الوجود کی نفی

کہ ان دونوں جماعتوں میں نہ تو عینیت ہے اور نہ کوئی ان دونوں کی حقیقت میں وحدت ہے بلکہ یہ دونوں دو جماعتیں ہیں جو اپنی حقیقت ، اپنے قوام اور اپنی ہیئت ترکیبی کے اعتبار سے بالکل جدا ہیں ۔ جمعیۃ علماء ہند جس جماعت کا نام ہے وہ خالص مسلمانوں کی جماعت ہے اس میں ملک کی دیگر اقوام شریک نہیں ہیں اور نہ اس کے قواعد و ضوابط کے ماتحت شریک ہو سکتی ہیں ۔ اس جماعت میں صرف مسلمان ہی شریک ہو سکتے ہیں ۔ چونکہ جمعیۃ علماء ہند کے قواعد و ضوابط کے ماتحت علماء کی تعداد غیر علماء سے زائد ہونی ضروری ہے اس لیے جماعت کا نام جمعیۃ علماء ہے ۔ ہر چند کہ جمعیۃ علماء حضرات علماء کی جماعت ہے لیکن اس کا یہ مطلب نہیں ہے کہ غیر علماء اس جماعت میں شریک نہیں ہو سکتے یا اس وقت شریک نہیں ہیں ۔ بہر حال جمعیۃ علماء ہند ایک مسلمانوں کی جماعت ہے ۔ رہی کانگریس تو کانگریس جس جماعت کا نام ہے وہ ملک کی ایک مشترک جماعت ہے جس میں ہندوستان کی کم و بیش تمام جماعتیں شریک ہیں یا اس کا دروازہ تمام قوموں کے لیے کھلا ہوا ہے یہ امر دیگر ہے کہ کوئی شریک ہو یا نہ ہو ۔ یا شریک ہو اور شریک ہو کر علیحدہ ہو جائے ۔ بہر حال کانگریس ملک کی

وہ متحدہ جماعت ہے جس میں ملک کے تمام مسلم اور غیر مسلم شریک ہیں ۔ اور کانگریس ہی ملک کی نمائندہ جماعت ہے ۔ اور آئندہ ہندوستان کی صحیح معنی میں یہی جماعت پارلیمنٹ بننے والی ہے اس مختصری تمہید کے بعد یہ بات اچھی طرح ذہن نشین ہو گئی ہوگی کہ جمعیۃ علماء ہند اور کانگریس علیحدہ علیحدہ دو جماعتیں ہیں اور جو لوگ وحدت الوجود اور عینیت کے قائل ہیں وہ گمراہ اور گمراہی میں مبتلا ہیں ۔ دو جماعتوں کا علیحدہ علیحدہ ہونا ایک ایسی کھلی ہوئی حقیقت ہے کہ اس میں کسی سمجھدار انسان کی دو رائیں نہیں ہو سکتیں لیکن غلط فہمی پھیلانے والے اور غلطی میں مبتلا ہونے والوں نے مجھے اس امر پر مجبور کیا کہ میں ایک دفعہ پھر اس امر کو ظاہر کر دوں اور یہ بتا دوں کہ چند آدمیوں کا باہمی اشتراک اور چیز ہے اور ان کی حقیقت کا متحد ہو جانا اور چیز ہے ۔ اس سے پیشتر کہ میں اس موضوع پر تفصیل کے ساتھ بحث کروں مناسب معلوم ہوتا ہے کہ جمعیۃ علماء ہند اور کانگریس کی مختصری تاریخی کیفیت ظاہر کر دوں تاکہ جو کچھ مجھے عرض کرنا ہے اس کو سمجھانے اور ناظرین الجمعیۃ کو اس کے سمجھنے میں آسانی ہو ۔

## کانگریس کا قیام

۱۸۵۷ء کے ہنگامی انقلاب اور آزادی کی غیر منظم جدوجہد اور ناکام کوشش کے بعد ہندوستان تمام مختلف حصوں میں تقسیم ہو گیا تھا نہ یہاں کوئی مرکزی جماعت تھی اور نہ کوئی مرکزی انجمن قائم ہو سکتی تھی ایک طرف حکومت نہایت ہوشیاری کے ساتھ ہر قسم کی دیکھ بھال کرتی تھی اور دوسری طرف رعایا اتنی خائف تھی کہ وہ کسی قسم کے اجتماع سے ڈرتی تھی ۔ اگر سوشل اصلاح کی غرض سے کوئی مقامی انجمن قائم ہوتی تھی ...

[illegible]

... رونما ہوئی اس کا بانی اصل میں کون تھا اور یہ شکل کیوں پیش آئی ۔

## ہندو مسلمانوں کی تقسیم

یہی بحث تھی جس نے ہندو اور مسلمانوں کو دو حصوں میں تقسیم کیا ۔ بحث کا یہی وہ ابتدائی نقطہ ہے جسے ہندوستان کی بدقسمتی کا پہلا دن کہنا چاہیے ۔ حکومت کا خوف کہیے یا اس دور کی ذہنیت سے تعبیر کیجیے ۔ بہر حال یہ وہ چیز تھی جس نے دو قوموں میں منافرت کی تخم ریزی کی ... کہ ہندوستان ... اس بوجھ کو نہ اٹھا سکا ... قوم نے دوسری قوم پر انقلاب کی ذمہ داری ڈالنے کی کوشش کی ہندوؤں کی جانب سے یہ سعی کی گئی کہ ۱۸۵۷ء کے انقلاب کی تمام ذمہ داری مسلمانوں پر ڈالی جائے اور اپنے آپ کو سچا وفادار ظاہر کیا اور مسلمانوں نے اپنی وفاداری پر ایڑی چوٹی کا زور خرچ کر دیا اور انگریزوں کو یہ باور کرانے کی پوری کوشش کی کہ ہم پورے وفادار ہیں یہ جو کچھ ہوا یا جو کچھ کیا گیا سب ہندوؤں کی جانب سے ہوا اور ہندوؤں نے ہم کو تو صرف ہماری سادگی کے باعث آلۂ کار بنا لیا ۔ غرض انگریزی حکومت کی پہلی صبح اور حکومت برطانیہ کا پہلا دن ہندوستانی اقوام کی باہمی تفریق کا پہلا دن اور پہلی صبح تھی ۔ اس کشمکش کا نتیجہ جو کچھ ہوا وہ ظاہر ہے ۔ ہم کو تو آج تک یہ پتہ نہ چلا کہ حکومت نے کس کو ذمہ دار قرار دیا اور کس کو بے گناہ سمجھا کون باغی لکھا گیا اور کون وفادار سمجھا گیا ۔ ہاں یہ ضرور سنا کہ ہندو کہتے ہیں ہم کامیاب ہو گئے اور مسلمان یہ کہتے ہیں کہ ہم نے تمام الزام ہندوؤں کے سر رکھ دیا اور حکومت کو ہماری

وفاداری کا یقین ہو گیا ۔ حکومت کے دل کی بات تو خدا ہی جانتا ہے کہ اس نے کس کو وفادار سمجھا اور کس کو باغی لیکن ان مساعی کا نتیجہ یہ ضرور ہوا کہ مسلمان اور ہندو دونوں میں ایسی تفریق ... کرنے کے لیے ...

[illegible]

سفوف جذام ... (مولانا) مولوی محمد ابراہیم صاحب ڈاکخانہ چیترا ضلع ہزاری باغ

بخشی پاکٹ ڈائری ۱۹۳۶ء ۵ رنگین تصویروں والی چھپ کر تیار ہو گئی ہے ایک آنہ کا ٹکٹ بھیج کر مفت طلب فرمایئے ۔ ملنے کا پتہ منیجر بخشی پاکٹ ڈائری نمبر ۲ کولوٹولہ اسٹریٹ کلکتہ



... مسلمانوں کو علیحدہ رکھا گیا ...

مسلم لیگ کا قیام ...

جمعیۃ علمائے ہند اور خلافت کمیٹی ...

علمائے کرام کا مستحسن اقدام ...

[illegible]

بڑے بالوں کی محبت ... پان ... بٹالہ ... منیجر پانیلا ہوس بٹالہ (پنجاب) A.D/35

حب زرین (رجسٹرڈ) ... نیچروا خانہ کنز المجربات ... کوچہ چیلان گلی راجان دہلی سے طلب کریں

ہر معمولی پڑھا لکھا
شخص ہمارے پریس سے ۱۰۔۵ منٹ میں نہایت آسانی کیساتھ جس زبان میں چاہیں سینکڑوں نقلیں بلا کسی مزید خرچ کے چھاپ سکتا ہے ۔ قیمت صرف پچیس روپیہ معہ محصول ۔ آرڈر کے ساتھ چوتھائی رقم پیشگی اور ریلوے سے بذریعہ ... آنا چاہیے ۔
پتہ :۔ منیجر پریس سلطان پور براستہ گھوسی ضلع اعظم گڈھ

# ہندوستانی مسلمان اور حریت و آزادی

(از مسٹر آصف علی بیرسٹرایٹ لا ایم ایل اے دہلی)

حریت، اسلام کی تعلیم اور اسلامی عقائد کی بنیادی چٹان ہے، ورنہ شاید اسلام عرب کے صحرا سے باہر نہ پہونچ سکتا۔ سب سے بڑی غلامی خیال اور دماغ اور عقائد کی غلامی ہے اور اسلام نے اس دماغی اور عقائد کی غلامی کے خلاف سب کو پہلے علم بغاوت یا علم آزادی بلند کیا۔ اور ہزاروں برس کے پرانے عقائد اور مادی معبودوں کو ختم کر کے ذہنی آزادی کی بنیاد ڈالی۔ یہی وجہ تھی کہ دنیا کے ایک بڑے حصے میں اس آزادی کی برقی رو نے اسلام کے چند ہی برس کے اندر پھیل گئی اور وہ لوگ جو اس رو میں آگئے ایک مہذب اور ترقی کرنے والے تمدن کے بانی ہو گئے۔

ہندوستان میں اسلام پہلے درویشوں اور تاجروں اور زندگی کے ایسے انسانی نمونوں کے ساتھ پہونچا کہ جن کی نیک زندگی کی مثال تلقین کا بہترین ذریعہ تھی۔ پھر فرمانرواؤں کا دور دورہ ہوا اور کم و بیش آٹھویں صدی سے سندھ میں اور بارھویں صدی کے آخر سے شمالی ہند میں مسلمان فرمانروا اور حکام تاجر اور دستکار اس ملک کے رہنے والوں کی طرح اس ملک کو اپنا وطن بنا کر رہنے لگے۔

## ہندوستان میں مسلمانوں کی تعداد

آج ہندوستانی مسلمانوں کی تعداد مختلف صوبوں اور ریاستوں میں ملا کر آٹھ کروڑ کے قریب ہے بلکہ اس سے کچھ زیادہ ہی ہے اور ۱۹۳۶ء تک ساڑھے آٹھ کروڑ کے قریب ہو جائے گی۔ ان میں چار کروڑ کے قریب بالغ مرد اور عورتیں اور باقی بچے ہیں۔ صوبہ سرحد میں چالیس لاکھ کے قریب، صوبہ پنجاب میں ڈیڑھ کروڑ، بنگال میں دو کروڑ نوے لاکھ کے قریب، یوپی …

… بیر اقلیت سوائے آسام کے زیادہ سے زیادہ پندرہ فی صدی اور کم سے کم تین چار فی صدی تک ہے۔ مسلمان جن صوبوں میں …

یہی وہ مذہب کے لحاظ سے مسلمان ہیں مگر زبان اور رہنے سہنے کے لحاظ سے سوائے چند مخصوص خاندانوں کے اسی صوبہ کی آبادی کا نمونہ ہیں۔ یہ ضرور ہے کہ ان میں سے اکثر بیشتر سادی اردو بول اور سمجھ سکتے ہیں۔ مگر عام طور پر …

### تاریخی پس منظر

… کے قابل ہو گئے۔ اور دہلی کا پایۂ تخت بجائے ہندوستان کی راجدھانی ہونے کے انگلستان کی راجدھانی کی کٹھ پتلی کی طرح اوقات بسر کرنے پر مجبور ہو گیا۔ ۱۸۵۷ء میں اودھ …

کی حکومت جناب شمالی ہندوستان میں سب سے بڑی ریاست تھی ختم کر دی گئی اور ۱۸۵۷ء میں مغلوں کا ٹمٹماتا ہوا چراغ آخری لو دے کر گل ہو گیا۔

ان انقلابات کے دوران میں ہندوستان کے مسلمان …

### انقلاب کا اثر

ان تمام حالات کا قدرتی تقاضہ یہ تھا کہ ہندی مسلمان ایک عرصہ کے لئے قریب قریب سیاسی میدان سے نکل گئے اور …

ان کے ذہنی قوا مفلوج ہو گئے۔ اب تخت تو کوئی باقی رہا نہ تھا، دوبارہ کسی تخت کے قائم کرنے کا خیال دماغوں میں آ سکتا تھا۔ کیونکہ مغربی نظام اور سروسامان نے دنیا کے …

… نہ دستکار اور نہ جاگیروں میں ان کا ورثہ تھا۔ خاندان مغلیہ کا چراغ ایک طرف، اور بنگال اور اودھ …


# جرمن کا بنا ہوا خوفناک پستول

## اپنے پاس آزادی سے رکھئے

گرچہ ہر آواز بے انتہا خوفناک صورت غرض بالکل اصلی پستول کی مانند ہے۔ صرف یہ فرق ہے کہ اصلی پستول سے آدمی یا جانور مر جاتا ہے اور اس کے فیر کرنے سے حواس باختہ ہو کر بھاگ جاتا ہے … دہشت ناک آواز نکلتی ہے جو سننے والے کے ہوش اڑا دیتی ہے … بہار، بنگال اور بہار اڑیسہ کے چار علاقوں میں لائسنس … کو غلط طریقہ پر استعمال کرنے لگے اور گورنمنٹ کو مجبوراً ان چار صوبوں میں حکم جاری کرکے اس پستول پر لائسنس لگانا پڑا۔ باقی تمام ہندوستان کے لئے پوری آزادی ہے اور ہر شخص نہایت آزادی کے ساتھ اپنے پاس رکھ سکتا ہے۔ ایک وقت میں اس پستول کے اندر دس کارتوس رکھ سکتے ہیں اور پھر جب چاہیں فیر کر سکتے ہیں۔ جب دس کارتوس ختم ہو جائیں تو پھر دوبارہ دس بھر لیں۔ بہت مضبوط ہے اور جان و مال کی حفاظت کے لئے بہترین چیز ہے۔ دیکھنے میں بھی بالکل اصلی پستول معلوم ہوتا ہے۔ اس کے ساتھ سو کارتوس مفت بھیجے جاتے ہیں۔ قیمت ایک عدد پستول معہ سو کارتوس صرف چار روپیہ محصول ڈاک ۸؍ اس کے کارتوس علیحدہ بھی بکتے ہیں۔ جب کارتوس کی ضرورت ہو تو ہم سے منگائیے۔ ایک روپیہ کے ایک سو ملتے ہیں۔ واضح رہے کہ یہ پستول بچوں کا کھلونا نہیں ہے۔

ملنے کا پتہ

سول ایجنٹ بی کے برادرس کمپنی فولاد خاں اسٹریٹ دہلی



# اے ضعف باہ و دیگر امراض پیرنج کے مریضو!

اگر تم مختلف علاج کرا کے مایوس ہو چکے ہو، اگر تم شرمندہ رہتے ہو، اگر زندگی پر موت کو ترجیح دیتے ہو تو ایک آنہ (۱) کا ٹکٹ بھیجکر رسالہ امراض مخصوصہ مرداں مفت منگوالو اور اس کے مطالعہ سے تم پھر سے تندرست اور جوان بن جاؤ گے۔

خط و کتابت و تار کا پتہ: امرت دھارا ۱۰۲ لاہور

المشتہر

منیجر امرت دھارا اوشدھالیہ امرت دھارا بھون امرت دھارا روڈ امرت دھارا ڈاکخانہ لاہور

ہمارے ایجنٹ: میسرز بہاری لال گھاسی رام کھاری باؤلی اسٹریٹ دہلی




نہ ہو کر علماء کی غیر تنظیمی حالت کی وجہ سے امت محمدیہ کو کوئی ضرر اور نقصان پہنچ جائے۔ چنانچہ ہندوستان کے چند مخلصین نے دہلی میں ایک جماعت مرتب کی جس کا نام جمعیۃ علماء ہند رکھا گیا۔ یہ جمعیۃ ایک ایسے دور میں بنائی گئی جو حقیقتاً جنگ کا زمانہ تھا۔ ہندوستان میں اتحاد و اشتراک عمل کی حکومت تھی ہر طرف سے سوراج اور آزادی کی آوازیں آ رہی تھیں۔ انگریزوں سے ہندوستان خالی کرانے کی تاریخ بھی مقرر ہو چکی تھی اور متحدہ ہندوستان نے یہ فیصلہ کر لیا تھا کہ جب تک اس ملک کو اجنبی حکومت سے آزاد نہ کرایا جائیگا تب تک نہ تو دنیا میں امن ہو سکتا ہے اور نہ کوئی زندہ رہ سکتی ہے … شعائر اسلامی کا بقاء اور مسلمانوں کا صحیح تحفظ اس پر موقوف تھا کہ ہندوستان کو جس طرح ہو آزاد کرایا جائے۔

### جمعیۃ علماء ہند کا مسلک

یہ امر ظاہر ہے کہ جو جماعت جس ماحول میں بنے گی اور جن اغراض کے ماتحت بنے گی وہی اس کا مسلک اور وہی اس کا …

### تحریک آزادی کی حمایت

…

حاصل کرنا ہے۔ ہمارا مقصد ایک اسلامی مقصد ہے۔ ہم حصول مقصد کی غرض سے ہر اس شخص اور ہر اس جماعت کے ساتھ اشتراک عمل کریں گے جس سے ہم کو یہ امید ہو کہ وہ ہمیں ہمارے مقصد تک پہنچا دے گی یا ہمارے مقصد کو ہم سے قریب کر دیگی۔ اگر اس مختصر توضیح اور تشریح کے بعد بھی کوئی خوش فہم جمعیۃ علماء اور کانگریس کو متحد الوجود کہنا چاہتا ہے۔ یا ہم کو ہندو پرست …

اور ہندوؤں کا غلام سمجھتا ہے تو پھر ہم اس کے جواب میں بجز اس کے کہنا چاہتے ہیں۔ ربنا احکم بالحق وربنا الرحمن المستعان علی ما تصفون۔

اگر اپنے وطن کو آزاد کرانے اور عالم اسلامی کی خدمت کرنے کا نام ہندو پرستی اور ہندوؤں کی غلامی ہے تو اچھا یہی سہی حضرت امام شافعی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے خوب فرمایا ہے۔

ان کان رفضاً حب آل محمد

فلیشھد الثقلان انی رافضی

حضرت ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں۔

ان کان نصباً حب صحب محمد

فلیشھد الثقلان انی ناصبی

فقیر احمد سعید کان اللہ لہ


# سچا انعام

کانگریس کی پچاس سالہ گولڈن جوبلی کی خوشی میں ہزار ہا روپیہ کے رسٹ واچ اور ٹائم پیس وغیرہ سندری سہاگ تیل کے خریدار کو آخر جنوری تک انعام میں دیجائیگی

دوستو۔ یاد رکھئے کہ ہمارے کارخانہ کے انعام میں نہ کسی قسم کا دھوکا ہے نہ فریب۔ بلکہ سچا انعام ہے جو ہم اپنے خریداروں کو بطور تحفہ دیکر ان کے دلوں میں گولڈن کانگریس جوبلی کی یادداشت قائم کرانا چاہتے ہیں۔ لہذا آپ اپنی فرمائش فوراً بھیجئے۔ ورنہ تاریخ مقررہ کے بعد کوئی انعام نہیں دیا جائیگا۔ اور اسکی شکایت فضول ہوگی۔ دیکھئے پھر نہ کہنا ہمیں خبر نہ ہوئی۔

یارو دوستو۔ ایسا سنہری موقعہ بار بار نہیں آتا ہے۔ لہذا فوراً اپنی فرمائش بھیجئے۔ ورنہ پھر آپ کو افسوس کرنا ہوگا۔

ضروری اطلاع: سندری سہاگ تیل کے خریداروں کو جو گھڑیاں انعام میں دیجاتی ہیں۔ وہ اصلی گھڑی ہے وہ نقلی نہیں ہے۔ کیونکہ آجکل بعض اشتہاری سوداگر انعام میں جو گھڑیاں پیش کرتے ہیں وہ اصلی گھڑی نہیں ہوتی ہے بلکہ وہ ٹوٹے رسٹ واچ، ٹوٹے پاکٹ واچ یعنی کھلونا گھڑی ہوتی ہے۔ اس لئے ہمارے خریدار اطمینان رکھیں۔ انھیں ہمارے یہاں سے اصلی گھڑی انعام میں دیجاتی ہے۔

فرمائش بھیجنے سے پہلے یہ نوٹ پڑھیں

سندری سہاگ کی انعامی اشیاء تیل کے پارسل کے ہمراہ روانہ ہونگی۔ علیحدہ علیحدہ روانہ نہ ہوگی۔ محصول بذمہ خریدار ہوگا۔



سندری سہاگ تیل

انعامی ربڑ کا چھاپہ خانہ: تین شیشی سندری سہاگ دو روپیہ آٹھ آنہ لی جائے گی۔ اور ایک عدد ربڑ کا چھاپہ خانہ انعام میں دیا جائیگا۔ اس چھاپہ خانہ سے نام و پتہ وغیرہ بہت آسانی سے ۵ منٹ کے اندر سینکڑوں چھاپ لیجئے۔ جو صاحب قیمت ۳ شیشی سندری سہاگ کی فرمائش بھیجیں گے۔ ان کے پارسل میں یہ چھاپہ خانہ بطور انعام بھیجدیا جائیگا۔

انعامی دستی رومال: ایک شیشی سندری سہاگ کے خریدار کو انعام میں ایک نینی خوبصورت دستی رومال انعام میں پارسل کے اندر بند کر کے بھیجدیا جائیگا۔ قیمت ایک شیشی سندری سہاگ ایک روپیہ

(فرمائش کے وقت اخبار الجمعیۃ کا حوالہ دیجئے)

ملنے کا پتہ: ایس اے بی بخشی کمپنی۔ گھڑی والی کوٹھی نمبر ۳۲ کولوٹولہ اسٹریٹ کلکتہ

تقویم پاکٹ ڈائری ۱۹۳۶ء ۵ تصویروں والی چھپ کر تیار ہو گئی ہے۔ ایک آنہ کا ٹکٹ آنے سے مفت روانہ کیجاتی ہے۔ منیجر بخشی پاکٹ ڈائری

کے نوابوں کی ستھیں دوسری طرف کچھ جانے کے سوائے معدودے چند تعلقہ داروں اور بڑے زمینداروں اور رئیسوں کے جن کا شمار پچاس پچاس کے اندر ممکن تھا تمام جاگیرداریاں ختم ہو گئیں اور فوجی کلیفاں اور سرداروں

اس لئے قدرتی طور پر پہلے نظر آدھر ہی گئی۔ اور انگریزی حکومت کے تصادم نے چونکہ ان کی عمارتوں کو زیر و زبر کیا تھا اس لئے یہ بھی فطرتی تقاضہ تھا کہ ہندی مسلمان نئے تصادم سے اجتناب کریں۔

جن کی بے بہرہ رہ جائیں گے اور آگے چلکر نقصان اٹھائیں گے اور برابر کانگریس میں شریک ہوتے رہے۔ چنانچہ سیٹھ رحمت اللہ سایانی اور بدرالدین طیب جی بمبئی کے سرکردہ مسلمانوں میں سے اور نواب سید محمد مدراس کے مسلمان۔

متمول ہیں اور نہایتاً آزاد خیال تھی۔

## مسلمانوں کا علیحدہ سیاسی نظام

۱۹۰۶ء تک عام مسلمانوں کا ماسوائے ان مسلمانوں کے جو کانگریس میں شریک تھے نہ کوئی سیاسی نظام تھا اور نہ۔

## عید الفطر کی خوشی میں رعایتی اعلان

سولہ خوبیوں والا مترجم قرآن مجید

تعویزی حمائل قرآن مجید

(۱) تختی کلاں (۲) حاشیہ پر فوائد مترجم قرآن شریف صحیح القرآن (۴) کاغذ موٹا دبیز متن خاشدہ (۵) خط نہایت موٹا (۶) کاغذ اعلیٰ (۷) چھپائی عمدہ (۸) ترجمہ تحت اللفظ (۹) ہر کے کی علی جلد (۱۰) جلد پر چاندی کی بیل (۱۱) اعراب اپنی اپنی جگہ پر (۱۲) حروف علیحدہ علیحدہ (۱۳) آیتوں اور اوقات کا نشان (۱۴) نامور علماء کی تصدیق صحت

یہ قرآن شریف بلا مبالغہ آج سے پہلے لاکھ روپیہ کو ملنا مشکل تھا۔ ایک انچ لمبا پون انچ چوڑا ہے۔ پورے تیس پارے۔ بچوں کے گلے میں پہنے اور آپس میں تحفہ دینے کیلئے اس سے بہتر چیز کوئی نہیں۔ قیمت اصلی ایک روپیہ چار آنے (۱۴/) رعایتی بارہ آنہ (۱۲/)

### کشتہ فولاد

قوت باہ پیدا کرتا ہے۔

### تاریخ اسلام اردو

### سیدہ کا لال

### کنز الانساب اردو

دیکھ کر ہر ایک سید صاحب اپنا شجرہ درست کر سکتا ہے کہ کون کون بزرگ ہندوستان میں کہاں کہاں سے آئے اور سلسلہ سیادت کیونکر جاری ہوا صفحہ ۷۶۲ قیمت رعایتی چار روپے

### گولی زبردست امساک

استعمال کر کے اپنی زندگی کو تباہ و برباد مت کیجئے۔ اسی گولی ایک بار آزمائش کیجئے۔ قیمت ایک روپیہ آٹھ آنہ (عہ/)

**مینجر کتب خانہ نامی۔ خانیوال ملک پنجاب**

### ہندوستان کی واحد خوشنویس

وظیفہ خوار سرکار نظام عفت مآب فاطمہ اکبری کے ہاتھ کی لکھی ہوئی حمائل شریف جس میں شاہ عبدالقادر صاحب کا بامحاورہ ترجمہ بھی ہے چھپکر تیار ہو گئی ہے۔

### ابی سینیا کا مفصل نقشہ

جو موجودہ نقشوں سے بوجہ کثرت مقامات و معلومات سبقت لے جا چکا ہے۔ منگا کر اخبار بینی کا شوق پورا کیجئے۔

قیمت صرف دس آنہ (۱۰/)

**خالد کمپنی ۹۷ چھتہ لال میاں دہلی**

## نئی بنیادیں

یہ انسانی فطرت کا تقاضہ تھا کہ ہندی مسلمانوں میں جو معاملہ فہمی اور سیاست و تدبر کے زعیم ہو سکتے تھے ایک طرف تو گئے گزرے اقتدار کا ماتم کریں اور دوسری طرف نئی بنیادیں ڈالنے کی کوشش کریں۔

### بے تصدیقات پر شک ممکن ہے

لیکن جب لاکھوں اشخاص تصدیق کر چکے ہیں اور ڈنکے کی چوٹ پر کہہ رہے ہیں کہ مقویات سرتاج عالم آتنک نگرہ گولیاں ضعف، بدہضمی، خون ومنی کی خرابی، درد کمر، جریان، احتلام، سرعت انزال، رقت منی کی لاثانی علاج تو اب شک کس لئے آپ بھی ایک دفعہ آزمائش کر کے دیکھ لیں۔

| قیمت | فی ڈبیہ | ۳۲ گولیاں | ایک روپیہ |
| --- | --- | --- | --- |

**آتنک نگرہ فارمیسی جام نگر کاٹھیاواڑ**



بدیسی مال کا بائیکاٹ کریں اور دیسی صنعتوں اور دستکاریوں کو بڑھائیں۔ کانگریس نے دیسی مصنوعات کی ترقی پر زور دیا۔ اس وقت مسلمانوں کے ان رہبروں نے جنہیں اس تحریک کا جوش سے خیر مقدم کرنا چاہئے تھا اور مسلمانوں کو دیسی

سیاست میں تیز گئے اور لیگ نرم مزاج طبقہ کے ہاتھوں سے نکل کر پرجوش طبقہ کے ہاتھ میں پہونچ گئی اور ایک مرتبہ پھر ۱۹۱۶ء سے ہی لیگ اور کانگریس اور اس کے بعد کانگریس لیگ اور خلافت کمیٹی ہم خیال اور ہم زبان ہو کر ایک طرف ہندوستان

## فرقہ وارانہ تنگ دلی کا دور

## موجودہ سیاسی دور کا آغاز

## تحریک خلافت کا زمانہ

قوم کا مایہ فخر ہونی چاہئے۔ ادھر ہندو برہمن بھی اس دور بینی کی کمی نظر آتی تھی جو وقتی حالات پر فراخدلی سے نتیجہ پالیتی ہے۔

## صحیح رہنمائی

اقلیت دونوں جماعتوں کے اندر خوش و خرم اور متحد ہو کر اپنی قسمتوں کے متفقہ فیصلے کرینگے۔ کوئی اکثریت خواہ وہ مسلمانوں کی ہو یا ہندوؤں کی عزت خوشحالی سے آشنا نہیں

ہندی مسلمانوں کی ترقی کا واحد ذریعہ اقتصادی دروازوں کا کھلنا ہے اور اقتصادی دروازے اسی دن کھلیں گے کہ جس دن صوبہ وارانہ خود مختار حکومتیں اکثریت اور

### خضاب چھوڑ دو

### بواسیر ناسک تیل

یہ تیل رسائن شالہ نے مخصوص طریقہ پر تیار کیا ہے کیسی ہی بواسیر کیوں نہ ہو اس کے لگانے سے دور ہو جاتی ہے۔ مسوں کا پھولنا میں جلن ہونا مسوں سے خون گرنا وغیرہ جملہ تکالیف کو دور کر کے مسوں کو جڑ سے گرا دیتا ہے۔ ترکیب استعمال مسوں پر لگا کر لنگوٹ کس لیں دن میں دو مرتبہ لگائیں قیمت دو روپیہ (عہ/)

### اشوکا رسٹ

عورتوں کو ایام تو تکلیف ہو یا ایام ٹھیک مقررہ وقت پر نہ آتے ہوں تو یہ واکمل صحت پیدا کر کے مرض کو بھگا دیتی ہے نہایت ہی تیر بہدف چیز ہے۔ مفصل اور بڑی فہرست ادویات مفت طلب فرمائیں۔ ترکیب استعمال کھانا کھانے کے بعد سوا تولہ دونوں وقت۔ قیمت فی بوتل صرف ایک روپیہ چار آنے (عہ/)

### برہمی شربت

یہ شربت شائقین کیلئے رسائن شالہ نے بڑے اہتمام کے ساتھ تیار کیا ہے اس کے استعمال سے دل و دماغ کو تراوٹ پہونچتا ہے قوت اور صحت بخشتا ہے۔ ہسٹریا، مرگی، نسیان و دماغ کی بیماریوں کیلئے بہت مفید ہے۔ دماغی کام کرنے والے حضرات اسے ایک بار ضرور استعمال کریں یہ لاثانی شربت ہمارے یہاں دستیاب ہو سکتی ہے فی بوتل (عہ/)

### رکت شودھک

بگڑے ہوئے خون کو صاف کرتا ہے۔ کھجلی، درد اور جوڑوں کے درد، گرمی اور سوزاک، جریان منی وغیرہ کو جڑ سے دور کر کے جسم کو بالکل تندرست کر دیتا ہے۔ شباب واپس لاتا ہے۔ ایام حمل کی مصیبتوں سے عورتوں کو بچاتا ہے۔ دیسی ادویات سے تیار کیا ہے تمام امراض کیلئے مفید ہے ہر موسم میں استعمال ہو سکتا ہے۔ مقدار خوراک ایک تولہ سے تین تولے تک قیمت فی شیشی (۸/)

**آیورویدک رسائن شالہ طبی کالج چاوڑی بازار دہلی!**

**ہمالیہ** پہاڑ ہیں جہاں سونا چاندی لوہے کی کانیں ہوتی ہیں وہاں ان کا ست بکثرت عنایات پروردگار بسیم البشوری گرپاسے یہ شلاجیت پیدا ہوتا ہے ہم ایسے دشوار گزار مقامات سے عرصہ ۴۴ سال سے منگا کر طب ویدک طریقہ سے صاف کرتے ہیں جو کہ ہر موسم میں استعمال کیا جاسکتا ہے جس کے ہزارہا سرٹیفکیٹ ہمارے پاس ہیں۔

قوت بڑھانیوالی عجیب طاقت دینے والی تمام قسم کے جریان سلسل البول کو دور کرنیوالی رشی منی علما و حکما کی تعریف کردہ اکسیر اعظم دوا

# اصلی شلاجیت

حکیم وید ڈاکٹروں نے متفق ہو کر تجربہ کرکے یہ ظاہر کر دیا ہے کہ دنیا بھر کی ادویات میں شدھ شلاجیت کی برابر ہر قسم کے جریان کو دفع کرکے طاقت دینے والی کوئی دوائی نہیں ہے جس کے استعمال کرنے سے بوڑھے جوان اور جوان نوجوان بنجاتے ہیں۔ دو چار خوراک سے ہی فائدہ نظر آتا ہے۔ بدن سے سستی کمزوری یکایک دور ہو جاتی ہے۔ کچھ دن استعمال کرنیسے ہر قسم کی دھات و جریان کی کمزوریاں۔ خواب میں احتلام ہو جانا اور نطفہ کا پتلا پڑ جانا۔ پیشاب کیساتھ دھات کا جانا پیشاب میں شکر کا جانا۔ بار بار پیشاب آنا۔ مثانہ کی کمزوری۔ نامردی و ناطاقتی۔ کمر کا درد۔ تھکاوٹ۔ دماغی کمزوریاں۔ سر کا درد۔ چکر آنا۔ پاگل پن۔ مرگی وغیرہ ہمیشہ کیلئے دور ہو جاتے ہیں۔ اور منی (دھات) کو طاقتور بناتا ہے۔ اسکے استعمال سے نیا صاف خون پیدا ہوتا ہے۔ دل و دماغ اور جسم میں طاقت آنکھوں میں روشنی بدن میں پھرتی و چستی اور چہرہ پر رونق آجاتی ہے۔ ایک خوراک سے ہی پیشاب کی جلن کرک پیلی رنگت دور ہو جاتی ہے۔ سات دن استعمال کرنیسے پرانے سوزاک کو آرام ہو جاتا ہے۔ ایسے ہی خونی و بادی بواسیر کو بھی دور کرتا ہے۔ ہر قسم کا بائی کا درد (ریاح) کا درد۔ ہاتھ پاؤں۔ کمر اور پسلی کا درد۔ پرانی چوٹ کا درد یعنی جسم کی ہر تکلیف کو اور ورم و نزلہ زکام کھانسی اور کف۔ دمہ۔ تپ دق۔ بدن پیلا پڑنا۔ پیٹ اور سانس کی بیماریوں کو دور کرنے کی خاص طاقت اور اثر رکھتا ہے۔ اسکے اوصاف یونانی و مصرانی طب و حکمت کی بڑی بڑی کتابوں میں لکھے ہیں۔ دنیا میں کوئی بیماری ایسی نہیں کہ جس کو شلاجیت سے نفع نہ پہنچے۔ عورتوں کی کمزوری اور پیشاب کے ساتھ سفیدی آنے کو دور کرنیکی خاص دوا ہے۔ دانتوں کا ہلنا مواد بڑھ جانا (پایوریا) منہ سے بدبو آنا اس سے اچھا ہوتا ہے۔

ہر سال جو شخص کم سے کم ہماری اس اصلی شلاجیت کو ایک ماہ (۵ تولہ) بھی کھاتا ہے اور بچوں کو بھی کھلاتا ہے تب ہر قسم کی بیماریوں سے بچکر موٹا تازہ اور تندرست رہے گا۔ ترکیب استعمال ہر زبان میں چھپا ہوا بلا قیمت ساتھ بھیجا جاتا ہے اور قیمت بھی بغرض فائدہ ہر خاص و عام بہت کم رکھی گئی ہے۔ ۵ تولہ قیمت ؏ ۔ ۱۰ تولہ قیمت للعہ ۔ ۲۰ تولہ قیمت ۴؎ محصولڈاک ۵؍ ۔ ۴۰ تولہ قیمت ۵؎ ڈاک خرچ ۸؍ ۔ ۸۰ تولہ ۱۰؎ ڈاک خرچ عہ؍

## ملنے کا پتہ:۔ ہمالیہ ڈپو ہردوار ضلع سہارنپور (یو پی)

## تصدیق

(۱) ہماری شلاجیت کی صداقت میں کیرویو نیورسٹی مصر جامعہ ازہر کے سند یافتہ جناب مفتی مولانا حکیم سید محمد قاسم علی صاحب ازہری رئیس اعظم امام و صدر انجمن اطباء مراد آباد سے تحریر فرماتے ہیں: "آپکی شلاجیت میں نے ذاتی طور پر بھی استعمال کیا و نیز اکثر مریضوں کو استعمال کرایا۔ بڑی مسرت کے ساتھ ... ہمالیہ ڈپو ہردوار کو مبارکباد دیتا ہوں کہ آپ کا صاف شدہ شلاجیت فی الواقعہ بہت ہی مفید و بہتر ہے جریان، سوزاک، قلیل الماء وغیرہ ... بہترین چیز ہے۔"

(۲) ... آپکی اصلی شلاجیت کا استعمال کرنا افضل ... مفید ثابت ہوا ہے۔"

(۳) "جناب مہربان من بعد سلام علیکم ... ۲۵ تولہ روانہ کریں ... اس سے فائدہ ہوا ہے۔" ایس محمد یوسف بھیرین کلکتہ

(۴) "جناب منیجر ہمالیہ ڈپو ہردوار تسلیم۔ واضح ہو کہ آپ کے یہاں سے شلاجیت منگائی تھی واقعی آپکی شلاجیت بہت فائدہ مند ہے ..."

(۵) "میں نے اصلی شلاجیت منگایا تھا ... فائدہ ملا ہے۔ پانچ تولہ اور روانہ کیجئے" ... مسجد خاص کا ٹھیاواڑ

(۶) "آپ کی اصلی شلاجیت سے ہمیں فائدہ ہوا ہے اس لئے پتہ ذیل پر اور جلد سے جلد بھیجنا" صالح بھائی ابراہیم راوت ... سورت

(۷) "ہم نے جنیتر آپ کی شلاجیت منگا کر استعمال کی تھی جو کہ بہت مفید ثابت ہوئی ہے۔ لہٰذا ۱۰ تولہ شلاجیت کا وی پی ارسال فرمادیں" سید احمد ہیڈ ماسٹر ... رودالہ

(۸) "آپ کے یہاں سے پانچ تولہ شلاجیت منگائی تھی جس کے استعمال سے بہت فائدہ معلوم ہوا" حافظ ... الہ آباد



# مسلمانوں کی وطن دوستی

(از پروفیسر اشتیاق حسین قریشی۔ ایم۔ اے)

مسلمانوں نے برادران وطن کے دوش بدوش تحریک آزادی میں حصہ لیا ہے اور ہر قسم کی قربانی میں وہ کسی سے پیچھے نہیں رہے ہیں۔ اعتدال پسند دوں اور کانگریسیوں کی صفوں میں مسلمان یکساں سرگرم عمل نظر آتے ہیں۔ اظہار جذبات اور ایثار میں وہ کسی سے کم نہیں ہیں۔ اُن کے دلوں میں وطن کی محبت اور آزادی کی خواہش اسی طرح موجزن ہے جس طرح اُن کے دوسرے ہم وطنوں کے دلوں میں ہے اور وہ ہندوستان کو آزاد، خوشحال اور قوی دیکھنے کے اسی حد تک متمنی ہیں جیسے کہ اور ہندوستانی ہیں۔ ہندوستان کے افلاس کو دیکھ کر اُن کی آنکھیں بھی نم ناک ہو جاتی ہیں ...

کہ جب وہ جہاز میں بیٹھ کر اپنے وطن واپس آتا ہے تو اُس کا دل اپنے ملک کی سرزمین کو دیکھ کر اچھلنے لگتا ہے اور وہ ہندوستان کے شاداب ساحل کو دیکھ کر کبھی اس کی خوبصورتی سے مسرور ہوتا ہے اور کبھی اس کی ذلت پر خون کے آنسو بہاتا ہے۔

یہ سب کچھ صحیح ہے، لیکن پھر بھی بعض حلقوں میں اس کی وطن دوستی کو شک و شبہ کی نظر سے دیکھا جاتا ہے، کہا جاتا ہے کہ اُس کے دل میں ہندوستان کی محبت نہیں ہے اُس کی امیدوں کا مرکز ہندوستان سے باہر ہے ...

ہمدردی حب وطن کی دشمن ہیں؟ اس کا جواب اس پر منحصر ہوگا کہ وطن دوستی کی کیا تعریف ہے۔

سب سے پہلے، یہ سمجھ لینا ضروری ہے کہ ہندوستان کیا چاہتا ہے اگر ہندوستان کی یہ خواہش ہے کہ وہ آزاد ہو کر اپنی قسمت حاصل کرے ...

پڑا! اس کا سبب یہ ہے کہ ساڑھے تیرہ سو سال پہلے، اُسے اپنے رسول کے ذریعہ ایک پیغام ملا تھا۔ اور وہ پیغام یہ ہے:

یاایھا الذین آمنوا کونوا قوامین بالقسط شھداء للہ ولو علی انفسکم او الوالدین والاقربین۔ (سورہ ۴ آیت ۱۳۵)

اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو، انصاف کو قائم رکھو، اور خدا کیلئے گواہ بنو خواہ وہ خود تمہارے یا تمہارے ماں باپ یا قریبی رشتہ داروں کے خلاف ہو۔

وتعاونوا علی البر والتقوی ولا تعاونوا علی الاثم والعدوان۔ (سورہ ۵ آیت ۲)

ایک دوسرے کی نیکی اور تقویٰ میں مدد کرو اور گناہ اور زیادتی میں مدد نہ کرو۔

ولا یجرمنکم شنآن قوم علی الا تعدلوا۔ (سورہ ۵ آیت ۸)

کسی قوم کی نفرت تمہیں اس پر انصاف کرنے سے باز نہ رکھے ...

## دکھ کا گھر کھانسی

کھانسی معمولی مرض ہے ... بہت سے خطرناک اور متعدی امراض کا پیش خیمہ ہوتی ہے

کھانسی سے جلد بچو اور اپنی صحت کی حفاظت کرو

## امیکو کھانسی کا شربت

Amico Cough Syrup.

ہر قسم کی کھانسی اور امراض سینہ کیلئے نہایت مفید اور بے مثل دوا ہے

... قیمت فی شیشی بارہ آنے۔ تین شیشیاں دو روپے (عہ) علاوہ محصولڈاک

ملنے کا پتہ: این اسمٰعیل انگریزی دواخانہ نمبر ۹، کولوٹولہ اسٹریٹ کلکتہ

علماء و فضلاء کی بیشمار قیمتی آراء میں سے چند یہاں لکھی جاتی ہیں

| عمدۃ العلماء مولانا شبیر احمد عثمانی | نواب صدر یار جنگ علامہ شروانی |
| --- | --- |
| سرسری مطالعہ کی بنا پر میں کہہ سکتا ہوں کہ یہ کتاب مدارس کے نصاب میں داخل کئے جانے کے لائق ہے اس موضوع میں شاید ہی اس سے بہتر کوئی کتاب ملک میں لکھی گئی ہو حقیقتاً آپ نے عربی زبان کے طالبین پر بڑا احسان کیا ہے۔ | میں نے کتاب عربی کا معلم کا مطالعہ کیا ... جو مدارس میں رائج ہیں ... امید ہے کہ طلبا کلام ربانی سے بھی اس ... بڑا فائدہ ہوگا۔ |
| پروفیسر دکن کالج پونا، علامہ شیخ عبدالقادر صاحب ایم۔ اے۔ آئی۔ ایس | پروفیسر جامعہ ملیہ دہلی الاستاذ الفاضل خواجہ عبدالحی |
| یہ کتاب ایسے نہج جدید پر لکھی گئی ہے جو میری رائے میں نہایت مفید اور سہل ہے | میں نے اب تک اس موضوع پر جس قدر کتابیں دیکھی ہیں ان سب میں ... |

کتاب تسہیل الادب الملقب بہ **عربی کا معلم** حصہ اول و دوم مع کلید قیمت مجموعہ دو روپیہ

الجمعیت دہلی — زمیندار لاہور

ملنے کا پتہ:۔ مولوی عبدالستار خان، ۲۳۲ بھنڈی بازار بمبئی ۳

بے انصافی کے راستہ پر گامزن ہونے میں مدد پہونچائیں گے لیکن کیا یہ جائز کسی طرح ہندوستان کے ساتھ محبت میں حائل ہے؟ میرے دل میں اپنے وطن کے مستقبل کا جو نقشہ ہے وہ اس سے زیادہ شاندار ہے کہ وہ دوسروں کی آزادی اور خودمختاری اور تسکین پر چھاپہ مارے یا دوسروں کی بے انصافی میں مددگار ہو میں یہ دیکھنا چاہتا ہوں کہ میرا وطن دنیا میں امن و سکون انصاف و ایمانداری کا علم بردار ہو، میں یہ دیکھنا چاہتا ہوں کہ دنیا کی آنکھیں میرے ملک کی طرف لگی ہوں اور یہ وسیع ملک جس میں جغرافیہ، مذہب، اقوام، تخیلات، عقائد اور محسوسات کی ایک دنیا آباد ہے خود ایک دنیا ہے، وہ دنیا بھر کے اندر صلح و آشتی پیدا کرے بلکہ تمام دنیا میں صلح و آشتی کا مبلغ ہو یہ دعوی درستی ہے، اس مقصد کے حصول میں ہر ہندوستانی مسلمان کا فرض ہے کہ بڑی سے بڑی قربانی کرے اور ہر بہتر ہندوستانی قوم کے سامنے اس نصب العین کو پیش کرتا ہے۔ ہندوستانی مسلمان اگر اپنی زندگی کا مقصد پورا کرنا چاہتا ہے تو وہ ضرور اس تحریک میں پیش پیش ہوگا اور کمال اخلاص کے ساتھ اس میدان میں سرگرم عمل رہے گا، کوئی غلط رہنمائی اسے اس فریضہ کی ادائیگی سے باز نہیں رکھ سکتی۔

رہا ہندوستان کے باہر دوسری اقوام کے ساتھ محبت کا مسئلہ میں اس سے ہرگز انکاری نہیں ہوں نہ ہو سکتا ہوں کہ ہر ہندوستانی مسلمان کے دل میں ایران، توران، حبشہ، عرب، چین وانگلستان کے تمام مسلمانوں سے محبت موجود ہے، وہ ان کی تکالیف سے بے چین ہو جاتا ہے اور جب وہ ان سے ملتا ہے تو اسے دلی میں ایک عجیب مسرت پاتا ہے۔ لیکن کیا یہ محبت ہندوستان کے ساتھ محبت کے راستہ میں حائل ہے؟ اگر میں بے انصافی کے معاملہ میں خود اپنے ماں باپ کا طرفدار نہیں ہو سکتا تو ایران و توران کے مسلمانوں کی طرفداری کیا کروں گا؟ مجھے ان اقوام سے اس لئے محبت ہے کہ ان کا اور میرا نصب العین ایک ہے، میں دنیا میں جو کام کرنا چاہتا ہوں اس میں ان اقوام کو بھی اپنے ساتھ مسلمان کہتی ہوں اپنا شریک کار سمجھتا ہوں اور چونکہ

دنیا میں میرا مقصد یہ ہے کہ انصاف کی حکومت قائم ہو، لہٰذا اگر وہ بے انصافی کریں گے تو میرا فرض ہوگا کہ ان کی مخالفت کروں اور اس مخالفت میں مجھے خود مظلوم سے زیادہ جد و جہد کرنی پڑے گی اس لئے کہ میرے خدا نے مجھے حکم دیا ہے کہ میں بے انصافی اور ظلم کے خلاف جد و جہد کروں پس اگر ہندوستان خود کسی کے خلاف بے انصافی نہیں کرنا چاہتا تو دوسرے ممالک کے ساتھ میری محبت سے اسے نقصان نہیں پہنچ سکتا، اس لئے کہ دوسرے ممالک کے ساتھ میری محبت مجھے ان کی بے انصافی میں شریک نہیں کر سکتی بعض لوگوں کے دل میں یہ خیال ہے کہ مسلمان ہندوستان کو غیر ممالک کی اسلامی قوموں کے حوالہ کر دیں گے۔ یہ خیال سراسر بے بنیاد ہے اس لئے کہ نہ دوسری مسلمان قومیں ہندوستان کو فتح کرنا چاہتی ہیں نہ ہندوستانی مسلمان کسی دوسری قوم کا محکوم بن کر رہنا چاہتے ہیں۔ اگر ہندوستان آزاد ہوگا اور اپنے ملک میں خود اپنی حکومت ہوگی تو مسلمانوں کو اس کی کیا ضرورت پیش آئے گی کہ اپنا ملک دوسروں کے حوالہ کر دیں؟ مسلمان اس سے زیادہ کچھ نہیں چاہتے کہ ان کو آزادی حاصل ہو وہ خود بے انصافی کا شکار ہونا چاہتے ہیں نہ دوسروں کے ساتھ بے انصافی کرنی چاہتے ہیں تاریخ میں ایسا بارہا ہو چکا ہے کہ ہندوستانی مسلمانوں نے ہندوستان پر دوسری اقوام کے حملوں کو بہادری سے روکا ہے اور اس کی حفاظت کی ہے پھر اس کا کیا سبب ہے کہ یہ باور کیا جائے کہ آئندہ بھی وہ ایسا ہی کریں گے۔ اور اپنی خود مختاری کی حفاظت کریں گے۔

بعض طبائع کو یہ امر ناگوار ہے کہ ہندوستانی مسلمان اپنی ہستی کو ہندوستان کی اکثریت میں مدغم نہیں ہونے دیتے ان کے عقائد، تمدن، رسم و رواج حتیٰ کہ ناموں تک میں اختلافات ہے بعض اہل قلم نے بھی ان خیالات کا اظہار کیا ہے، ہندوستانی مسلمان اپنی ہستی کو برقرار ضرور رکھنا چاہتے ہیں لیکن اس سے ان کی وطن دوستی پر حرف نہیں آتا ان کا ایمانداری کے ساتھ عقیدہ ہے کہ وہ اپنے وطن کی سلامتی کر کے اپنی ہستی کو قائم رکھکر زیادہ خدمت کر سکتے

ہیں یہی نہیں، بلکہ انہیں اپنے مذہب اور اپنے تمدن پر اس قدر اعتماد ہے کہ وہ اس کا وجود دنیا کی ترقی کے لئے ضروری سمجھتے ہیں، نہ دنیا کو اس سے فائدہ پہونچ سکتا ہے کہ تمام اقوام یک رنگی کی غیر دلچسپ یکانگت میں گرفتار ہو جائیں اور کوئی تنوع باقی نہ رہے نہ ہندوستان کو اس سے کچھ فائدہ پہونچ سکتا ہے کہ کوئی قوم اپنی خصوصیات کو ترک کر دے۔ ہندوستان کا تاج اگر آج تک اور اور اس کی صنعت سے فروغ پا رہا ہے تو تاج محل، اور جامع مسجد بھی اس کے عارض زیبا پر بدنما دھبے نہیں ہیں ابھی ہندوستان کو بہت [illegible] باقی ہیں، مسلمان اور ان کا تمدن ابھی ان گتھیوں کے سلجھانے میں ہندوستان کی مدد کر سکتا ہے۔ اس لئے ہندوستانی مسلمان اپنے [illegible] ہندوستان کیلئے مفید سمجھتے ہیں ان کی یہ ضد کہ وہ اپنے آباد اجداد کے راہ کو چھوڑ کر راضی نہیں ہوتے اپنے وطن کے ساتھ محبت کی کمی پر مبنی نہیں ہے بلکہ اس کی بنیاد [illegible]

الغرض ہندوستانی مسلمانوں کا تمام جد و جہد [illegible] ہے اور وطن کی محبت اس کے خمیر میں شامل ہے، مسلمان متعدد بار اپنے آزادانہ خیالات اور رہنماؤں کے ساتھ وفاداری کا ثبوت دے چکے ہیں کہ وہ وطن دوستی میں کسی سے پیچھے نہیں ہیں۔ البتہ ہندوؤں کے متعلق ان کا خیال شاید بعض صاحبان کو پسند نہ ہو لیکن جہاں تک مجھے معلوم ہے غیر مسلم سب کے سب بھی ہندوستان کو انصاف پسند اور صلح کوش بنانا چاہتے ہیں حقیقت یہ ہے کہ تمام صحیح الخیال ہندوستانیوں کو وطن کی آزادی عزیز ہے اس لئے ہے کہ ہندوستانی قوم اپنے معتقدات محسوسات کے مطابق دنیا کی خدمت کرنی چاہتی ہے اور یہ اس وقت تک ناممکن ہے

جب تک ہندوستان آزاد نہ ہو، چونکہ ہندوستانی مسلمان یہ سمجھتا ہے کہ وہ دنیا کو راہ راست پر لانے میں بہا انجام دے سکتا ہے [illegible] اور ہندوستان کی آزادی کے سب [illegible]


# مفت

سہ رنگا باتصویر دیواری کیلنڈر

اور شاہی جنتری ١٩٣٦ء

مختلف مقامات کے دس اردو پرچے لکھے معزز اصحاب کے مکمل پتے بھیجکر کیلنڈر اور جنتری دونوں مفت طلب فرما دیں ملنے کا پتہ

اے شیر اینڈ کمپنی جالندھر شہر (پنجاب)



# مریضوں کو خوشخبری

## نیو احسان کمپنی دہلی

[illegible]

**نیکٹارول شربت و گولیاں برائے مردان** [illegible]

**گولیاں برائے مستورات** [illegible]

**حسن افزا پوڈر** [illegible]

**ویٹامینوٹ ٹکیاں** [illegible]

نیو احسان کیمیکل [illegible] چاندنی چوک دہلی

# طاقت کا ایک کایا پلٹ نسخہ

## جس کی آپ کو مدت سے تلاش تھی!

[illegible]

کوپن منی آرڈر میں اپنا نام اور پتہ خوشخط تحریر کریں۔

اخبار کا حوالہ ضرور دیں۔ ۔۔۔ پھر ملیں گے اگر خدا لایا۔

ملنے کا پتہ:

ایم۔ اے حق شوق منزل نقشبندیہ بہاولپور سٹیٹ بہاولپور



# مذہبی کتابیں

**ترجمان القرآن** حضرت مولانا ابوالکلام آزاد نے قرآن حکیم کے مطالب اردو زبان میں اپنے خاص انداز تحریر کیساتھ قلمبند فرمائے ہیں اور ابتداء میں سورۃ فاتحہ کی ایک نہایت فصیح و بلیغ تفسیر لکھی ہے جو اپنی آپ نظیر ہے۔ لکھائی چھپائی نہایت دیدہ زیب ہے کاغذ سفید چکنا ہے [illegible] مجلد [illegible] غیر مجلد [illegible] محصول ڈاک ایک روپیہ۔

**الجمال والکمال** سورہ یوسف کی محققانہ تفسیر اردو میں یہ ایک بہترین تصنیف ہے جسے قاضی محمد سلیمان سلمان منصور پوری نے نہایت دلچسپ انداز میں مرتب فرمایا ہے قیمت ١٢ علاوہ محصول ڈاک

**تقریر سیرت** یہ تقریر حضرت سحبان الہند مولانا الحاج حافظ احمد سعید صاحب کے مواعظ حسنہ کا ایک نادر مجموعہ ہے جس میں شریعت مقدسہ کے نہایت ادق مسائل و دشوار نکات اس طرح پیش کئے گئے ہیں کہ ہر عالم و عامی اسکو سمجھ سکتا ہے اور ان سے استفادہ کر سکتا ہے حضرت مولانا کے انداز بیان اور خطیبانہ زبان کی تمام خصوصیات اس کتاب میں جمع کر دی گئی ہیں جس کے متعلق ہندوستان کے مشہور [illegible] اخبارات اور رسائل نے بہترین آراء کا اظہار کیا ہے، پہلا ایڈیشن قریب ختم ہے جو حضرات فوراً منگائیں گے انھیں دوسرے ایڈیشن کا انتظار کرنا پڑیگا پوری کتاب دو سو صفحات پر مشتمل ہے جس کی قیمت علاوہ محصول [illegible]

**جنت کی کنجی** حضرت مولانا الحاج حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند نے ان تمام احادیث کو اردو زبان میں شستہ و پاکیزہ ترجمے کر کے ایک جگہ جمع کر دیا ہے جن کے اندر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے متبعین کو جنت کی بشارت دی ہے اصلاح اعمال کیلئے بہترین کتاب ہے قیمت [illegible]

**دوزخ کا کھٹکا** حضرت مولانا الحاج حافظ احمد سعید صاحب کی یہ دوسری تصنیف ہے جو جنت کی کنجی کے طرز پر شائع کی گئی ہے اس میں ان احادیث نبوی کا ترجمہ ہے جو دوزخ کی وعید سے تعلق رکھتی ہیں ان تمام اعمال کی ایک فہرست ہے جن سے ہر ایک مسلمان کو بچنا چاہئیے قیمت [illegible]

**پاک زندگی** اس کتاب میں حضرت مولانا احمد سعید صاحب نے سیدنا حضرت ابراہیم علیہ السلام اور حضور آقائے دوجہان صلی اللہ علیہ وسلم کی زندگیوں کو ایک عجیب انداز میں پیش کیا ہے قیمت صرف ۴ر

**معارف الاسمی** رحمۃ للعالمین اور الجمال والکمال جیسی بلند پایہ کتابوں کے مصنف علامہ قاضی محمد سلیمان صاحب منصور پوری نے اسماء الحسنیٰ کی شرح اس نام سے تصنیف کر کے شائع کرائی تھی قیمت ١٢

**فتاوی اشرفیہ** حضرت مولانا الحاج علامہ مولوی اشرف علی صاحب تھانوی دام برکاتہم کے فتاوی کا مجموعہ ہے جس میں اہم ترین مسائل کے متعلق شریعت حقہ کے احکام کی وضاحت کی گئی ہے قیمت مجلد [illegible] علاوہ محصول ڈاک

ملنے کا پتہ

الجمعیۃ بک ڈپو بلیماران دہلی



# ہر قسم

کی کتابیں وقرآن مجید وحمائلین ملنے کا

پتہ:۔ الجمعیۃ بک ڈپو بلیماران دہلی



# نگارستان کشمیر

کشمیر جنت نظیر کی جدید ترین تاریخ، سلاطین و مہاراجگان کشمیر کی حکومت کا صحیح مرقعہ، متعصب ہندو مورخین کشمیر کے بے بنیاد و جھوٹے الزامات کے دندان شکن جوابات جن سے اسلامی سلاطین کشمیر کے دامن کو آلودہ کیا ہے اس کے برعکس ہندو تہذیب کے پست کنندہ حالات اور مظالم کی تفصیلات ہندو دور کے انہدام ڈلہ کی رسم جنیو شکنی اور جبریہ اشاعت اسلام وغیرہ منافرت پیدا کرنے والے مکروہ پیگنڈے کی حقیقت حضرت عیسیٰ اور مریم صدیقہ کی قبروں کی تحقیق فرمائے قادیان کی ہرزہ سرائی کے محققانہ جوابات مشاہیر اور اسلامی معاثر کی عظیم الشان ۹ ابواب پر مشتمل ۳۰۰ صفحہ کی کتاب اعلیٰ کتابت طباعت خوشنما رنگین ٹائیٹل قیمت دو روپے آٹھ آنے (۲۸ر) (اخبار کا حوالہ ضرور دیجئے)

ملنے کا پتہ:۔ الجمعیۃ بک ڈپو بلیماران دہلی

# جمعیۃ علمائے ہند اور تحریک آزادی

## مسلمانوں کی صحیح رہنمائی

### تلقین اتحاد

اے حضرات علماء کرام و حضار جلسہ میں اولاً جمعیۃ کی تمام کارکن والنٹیروں کے باحسن اسلوب انجام پانے پر خدائے قادر و توانا کا شکر ادا کرتا ہوں اور ثانیاً یہ عرض ہے کہ اگرچہ میں ناقابل انکار عذر کی وجہ سے آپکے جلسوں کی شرکت سے بظاہر محروم رہا لیکن آپ یقین کیجئے کہ میرا دل آپ کے مجمع سے بہت کم غائب ہوا ہے اور مجھے یہ معلوم ہوکر نہایت مسرت ہوئی کہ حکیم قوم کی روح (جماعت علماء) نے بعض حق شعب سیاسیہ میں پھر ایک مرتبہ اپنی زندگی کا ثبوت پیش کیا ہے نہیں وہ بالکل مردہ سمجھی جاری تھی اور جن لوگوں کا مردہ ثابت ہوتی تو اسلامی عزت و وقار کا بالکل ہی خاتمہ تھا۔ آپ رنجیدہ نہ ہوں تو میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ آپ کا علم و تدین اگر اب بھی عالم اسلامی کے خوفناک مصائب سے آنکھ بند کئے رکھنے کا جواز دیتا تو آج دنیا ہماری غیرت ایمانی اور شرافت انسانی دونوں کے بیک وقت دفن کئے جانے پر ماتم کناں ہوتی۔

اور اب بھی اگر ہم چند تجاویز پاس کر کے اور صرف چند ساعتوں کی گرمی نمائش کو اپنی تمام تقریروں اور خطبوں کا ماحصل سمجھ کر منتشر ہو گئے تو ہماری مثال ٹھیک اس مریض کی سی ہوگی جو ایک اکسیر شفا کی تکرار زبان سے بار بار کرتا رہے لیکن اس کا استعمال ایک دفعہ بھی نہ کرے۔

میں اس وقت آپ سے رخصت ہو رہا ہوں اور جو کچھ مجھے کہنا تھا خطبہ صدارت میں کہہ چکا ہوں اور جو مبسوط مضمون مولوی شبیر احمد صاحب عثمانی نے آپ کو آج ہی کے اجلاس میں سنایا ہے اس کے ضمن میں بھی میرے مقاصد اور محسوسات نہایت خوبی سے ادا ہو گئے ہیں اور حضرات علماء متدینین نے بحث و تمحیص کے بعد جو امور طے کئے ہیں اُن سے بھی یہ بنا ضعیف چنداں علیحدہ نہیں ہے اسلئے آپ مجھ کو اس سے زائد کہنے کی ضرورت نہیں کہ تم سب کو مل کر متوکلاً علی اللہ اُن طے شدہ تجاویز پر عمل کرنا اور کرانا چاہئے جن سے ہمارے ایمان ہمارے کعبہ ہماری ملت ہماری عزت و آبرو ہمارے مقامات مقدسہ اور ہمارے وطنی اور قومی حقوق کا تحفظ ہو سکتا ہے۔ اگر اس وقت بھی تم نے غفلت اور تن آسانی اختیار کی تو شاید عافیت حاصل کرنے کا یہ آخری موقعہ ہوگا جس کو ہم جان بوجھ کر اپنے ہاتھ سے کھو دیں گے جو صراط مستقیم آپ نے معلوم کر لیا ہے قرآن و سنت کی روشنی میں اس پر بیباکانہ چلے جانا چاہئے اور کمین و شماتت کی طرف مطلق التفات نہ کیجئے الا ہذا صراطی مستقیما فاتبعوہ ولا تتبعوا السبل فتفرق بکم عن سبیلہ جو لوگ اس وقت آپ سے علیحدہ ہیں اُن کو بھی حکمت اور موعظۂ حسنہ سے اپنی جماعت کے اندر جذب کیجئے اور اگر اس میں مجادلہ کی نوبت آوے تو بالتی ہی احسن ہونا چاہئے۔

کچھ شبہ نہیں کہ حق تعالیٰ شانہ نے آپ کی ہموطن اور ہندوستان کی سب سے زیادہ کثیر التعداد قوم (ہنود) کو کسی نہ کسی طریق سے آپ کے ایسے پاک مقصد کے حصول میں مؤید بنا دیا ہے۔

اور میں ان دونوں قوموں کے اتفاق و اجتماع کو بہت ہی مفید اور منتج سمجھتا ہوں۔ اور حالات کی نزاکت کو محسوس کر کے جو کوشش اس کے لئے فریقین کے عمائد نے کی ہے اور کر رہے ہیں اس کی میرے دل میں بہت قدر ہے۔ کیونکہ میں جانتا ہوں کہ صورت حال اگر اس کے خلاف ہوگی تو وہ ہندوستان کی آزادی کو ہمیشہ کے لئے ناممکن بنا دیگی۔ ادھر دفتری حکومت کا آہنی پنجہ روز بروز اپنی گرفت کو سخت کرتا جائے گا۔ اور اسلامی اقتدار کا اگر کوئی دھندلا سا نقش باقی رہ گیا ہے تو وہ بھی ہماری بداعمالیوں سے حرف غلط کی طرح صفحۂ ہستی سے مٹ کر رہیگا۔ اسلئے ہندوستان کی آبادی کے یہ دونوں عنصر بلکہ سکھوں کی جنگ آزما قوم کو ملا کر تینوں اگر صلح و آشتی سے رہیں گے تو سمجھ میں نہیں آتا کہ کوئی چوتھی قوم خواہ وہ کتنی ہی بڑی طاقتور ہو ان اقوام کے اجتماعی نصب العین کو محض اپنے جبر و استبداد سے شکست کر سکے گی۔ ہاں میں یہ پہلے بھی کہہ چکا ہوں اور آج پھر کہتا ہوں کہ ان اقوام کی باہمی مصالحت و آشتی کو اگر آپ خوشگوار اور پائدار دیکھنا چاہتے ہیں تو اس کی حدود کو خوب اچھی طرح دلنشین کر لیجئے اور وہ حدود یہی ہیں کہ خدا کی باندھی حدود میں اس سے کوئی رخنہ نہ پڑے جس کی صورت بجز اس کے کچھ نہیں کہ اس صلح و آشتی کی تقریب سے فریقین کی مذہبی امور میں کسی ادنیٰ امر کو بھی ہاتھ نہ لگایا جائے اور دنیوی معاملات میں ہرگز کوئی ایسا طریقہ اختیار نہ کیا جائے جس سے کسی فریق کی ایذا رسانی اور دل آزاری مقصود ہو۔ یہ بات افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ اب تک بہت جگہ عمل اس کے خلاف ہو رہا ہے۔ مذہبی معاملات میں تو بہت لوگ اتفاق ظاہر کرنے کے لئے اپنے مذہب کی حد سے گزر جاتے ہیں لیکن محکموں اور ابواب معاش میں ایک دوسرے کی ایذا رسانی کے درپے رہتا ہے۔

میں اس وقت جمہور سے خطاب نہیں کر رہا ہوں بلکہ میری یہ گزارش دونوں قوموں کے زعماء (لیڈروں) سے ہے کہ اُن کو جلسوں میں ہاتھ اٹھانے والوں کی کثرت اور ریزولیوشنوں کی زبانی تائید سے دھوکا نہ کھانا چاہئے کہ یہ طریقہ سطحی لوگوں کا ہے۔ انکو ہندو مسلمانوں کے نجی معاملات اور سرکاری محکموں میں متعصبانہ رقابتوں کا اندازہ کرنا چاہئے۔

اگر فرض کرو ہندو مسلمان کے برتن سے پانی نہ پئے یا مسلمان ہندو کی ارتھی کو کندھا نہ دے تو یہ ان دونوں کے لئے مہلک نہیں البتہ ان دونوں کی دو حریفانہ جنگ آزمائیاں اور ایک دوسرے کو ضرر پہنچانے اور نیچا دکھانے کی وہ کوششیں جو انگریزوں کی نظروں میں دونوں قوموں کا اعتبار ساقط کرتی ہیں اتفاق کے حق میں سم قاتل ہیں مجھے امید ہے کہ آپ حضرات میرے اس مختصر مشورہ کو سرسری نہ سمجھ کر ان باتوں کا عملی انسداد کریں گے۔

اب آخر میں میں دعا کرتا ہوں کہ اللہ جل شانہ ہم کو اور آپ کو نیکی اور سمجھ دے اور ہمارے دلوں کو سیدھا کرنے کے بعد کج نہ کرے اور ہماری وجہ سے ہمارے مذہب پر تضحیک کا موقع نہ دے اور ہم کو ہر ایک آسان اور کٹھن منزل میں صبر و استقلال کے ساتھ ثابت قدم رکھے اور اس وقت کے حالات سے بہتر حالات میں پھر ہم کو جمع کرے۔ آمین یا رب العالمین وصلی اللہ تعالیٰ علی خیر خلقہ محمد و آلہ وصحبہ اجمعین برحمتک یا ارحم الراحمین۔

(ماخوذ از کارروائی سالانہ اجلاس جمعیۃ علماء ہند منعقدہ دہلی)
۱۹ نومبر ۱۹۲۰ء

### مسلمان اور حصول آزادی

جمعیۃ العلماء کا مقصد اور نصب العین مسلمانوں کی مذہبی رہنمائی ہے اور مسلمانوں کے مذہبی تعلقات حدود ہندوستان سے متجاوز ہیں ان پر خلافت اسلامیہ کی حمایت واجب اس کے تحفظ کی تدابیر کرنا ضروری۔ مسلمانان عالم کے ساتھ ہمدردی لازم۔ مسلمانوں کے ساتھ جنگ کرنا یا اعداء اسلام کو اس قسم کی امداد دینا جس سے مسلمانوں کو یا خلافت کو نقصان پہنچے قطعاً حرام ہے۔

پس جمعیۃ العلماء کا نصب العین بھی دو حصوں میں منقسم ہو گیا۔ اندرون ملک میں مذہبی رہنمائی بیرون ہندوستان کے مذہبی تعلقات کا تحفظ۔ اور چونکہ مسلمانان ہندوستان بغیر حصول آزادی نہ ہندوستان میں مذہبی احکام پر آزادی کے ساتھ عمل پیرا ہو سکتے ہیں اور نہ بیرون ہندوستان اپنے مسلمان بھائیوں کے ساتھ اسلامی تعلقات قائم رکھ سکتے ہیں۔ اس لئے ہمارے عملی نظام کا پہلا حصہ حصول آزادی کی تدابیر کا اختیار کرنا ہے۔ اور دوسرا حصہ اندرون ملک میں نظام مذہب کے استحکام و بقا کی صورتیں اختیار کرنا اور چونکہ حصہ دوئم کی تحصیل میں بھی پوری کامیابی اسی وقت ہو سکتی ہے۔ جب کہ حصہ اول میں مساعی کامیاب ہو جائیں اس لئے نظام عمل کی ترتیب میں حصہ اول ہی کو تقدم حاصل ہے۔

(حضرت مولانا حبیب الرحمن صاحب عثمانی)
صدر اجلاس چہارم جمعیۃ العلمائے ہند منعقدہ گیا ۱۹۲۲ء

### ایک ضروری اطلاع

ہر قسم کے قرآن شریف اور حمائلیں خواہ ان کا اشتہار دہلی کے کسی کتب خانہ سے دیا گیا ہو اور خواہ وہ کسی جگہ ملتے ہوں "الجمعیۃ بکڈپو بلیماران دہلی" سے طلب فرمایئے اور حسب ذیل امور کو ملحوظ خاطر رکھئے:- (۱) فرمائش بھیجتے وقت قرآن شریف کا عنوان یا اس کی تشریح صاف الفاظ میں لکھئے (۲) اپنا پتہ خوشخط تحریر فرمایئے اور اگر پارسل ریلوے لائن سے منگوانا ہو تو اسٹیشن کا نام بھی علیحدہ صاف طور پر لکھ دیجئے زیادہ سے زیادہ رعایت دی جائے گی۔



### بدقسمت ہندوستان

ہندوستان بھی ان بدقسمت ملکوں میں سے ایک ملک ہے۔ جو اپنے اوپر آپ حکومت کرنے کے حق سے مدتہائے دراز سے محروم ہے۔ اور لمبے لوگوں کے استبداد و استعمار کا تختۂ مشق بنا ہوا ہے۔ جن کو طبعی طور پر ہندوستانیوں کے ساتھ نسل و رنگ یگانگت ارتباط کا تعلق نہیں ہو سکتا۔ دولت۔ تعلیم۔ تہذیب۔ اخلاق ملکات غرض ہر لحاظ سے ہندوستان بہت سے اُن ممالک سے آگے ہے جو مستقل اور آزاد ہیں اور ان کی آزادی کو تمام مہذب اور متمدن حکومتیں تسلیم کرتی اور ان کو مستحق سمجھتی ہیں۔

پھر کیا وجہ ہے کہ ہندوستان اس نعمت سے محروم اور دوسروں کا دست نگر ہے اس محرومی و بدنصیبی کے اسباب و دواعی کی داستان بہت طویل ہے اور مجھے اس پر آپ کا زیادہ وقت صرف کرانا منظور نہیں۔

آپ نے یہ مقولہ جو آب زر سے لکھے کے قابل ہے سنا ہوگا۔

"آزادی عطا نہیں کی جاتی بلکہ وہ طاقت اور ہمت سے حاصل کی جاتی ہے"

ہندوستان کے لئے بھی نعمت آزادی سے بہرہ اندوز ہونے کا ایک ہی راستہ تھا کہ وہ اپنی قوت اور طاقت سے اس کو حاصل کرتا۔ قوت اور طاقت کے لئے ضروری نہ تھا کہ وہ مادی ہی ہو بلکہ روحانی اور فکری قوت بھی اس کے لئے کافی تھی۔ اگر تمام ہندوستان کے باشندے ہم خیال اور ہم آہنگ ہو کر آزادی کا مطالبہ کریں تو دنیا کی کوئی بڑی سے بڑی قوت بھی اُن کے مطالبہ کو ٹھکرا نہیں سکتی اور اعلیٰ سے اعلیٰ سطوت و جبروت رکھنے والی قوتیں اس مطالبہ کے سامنے سر تسلیم خم کرنے پر مجبور ہوں۔

(حضرت مولانا انور شاہ صاحب مرحوم)
صدر اجلاس ہشتم جمعیۃ العلمائے ہند منعقدہ پشاور ۱۹۲۷ء

### ہندوستان کی مکمل آزادی

خالص مذہبی وجوہ کے علاوہ ملکی اور وطنی حیثیت سے بھی مسلمانوں کا سب سے اول یہ فریضہ ہے کہ ہندوستان کو برطانوی اقتدار سے آزاد کرایا جائے یہی وجہ ہے کہ آج سے تقریباً دس سال پیشتر جمعیت علماء ہند نے ہندوستان کی مکمل آزادی کو اپنے مقاصد میں داخل کیا۔ اور دیگر اسلامی جمعیتوں کے علاوہ انڈین نیشنل کانگریس نے بھی آزادی کامل کو اپنا نصب العین قرار دیا۔ اور یہ ایک حقیقت مسلمہ ہے کہ اگر جمعیت العلماء ہند اور عامۃ المسلمین تحریک خلافت کے سلسلہ میں اگر کانگریس میں عمومی حیثیت سے شریک نہ ہوتے تو کانگریس اس قدر جلد اس مرتبہ پر نہیں پہونچتی جہاں آج وہ نظر آ رہی ہے مسلمانوں کے حب وطنی اور شوق آزادی کا یہ ایک کرشمہ ہے کہ آج پھر کانگریس نے ایک نئی کروٹ لی ہے۔

(حضرت مولانا معین الدین صاحب اجمیری)
صدر اجلاس نہم جمعیۃ العلمائے ہند منعقدہ امروہہ ۱۹۳۰ء

### مسلمانوں کا وطن

یہ ملک ہندوؤں اور مسلمانوں کا وطن ہے۔ انگریزوں نے اس کو اپنا وطن نہیں بنایا اور دنیا میں کوئی غیر سلطنت کسی غیر ملک میں ہمیشہ قائم نہیں رہی ہے۔ انگریزوں کے فطرت کا قاعدہ اور تاریخ کا نتیجہ بدل نہیں جائے گا۔ اسی کے ساتھ نہ تو ہندو مسلمانوں کو اس ملک سے نکال سکتے ہیں اور نہ مسلمان ہندوؤں کو فنا کر سکتے ہیں۔ اس بنا پر ان دونوں ہمسایہ قوموں کا فائدہ اسی میں ہے کہ وہ آپس میں اتحاد کو قائم رکھ کر اس ملک کی فلاح و بہبودی کی کوشش کریں۔ اور اپنی آزادی کے متخیلہ کو عملاً کامیاب بنانے کے لئے دوش بدوش سرگرم عمل رہیں۔

(حضرت مولانا سید سلیمان صاحب ندوی)
صدر اجلاس ہفتم جمعیۃ العلمائے ہند
منعقدہ کلکتہ ۱۹۲۶ء

### کانگریس گولڈن جوبلی نمبر کیلئے

#### حضرت مولانا حبیب الرحمن صاحب صدر مجلس احرار کا پیغام

محترمی! وعلیکم السلام۔ آپنے مجھ سے جوبلی نمبر کے لئے پیغام مانگا ہے کاش میں پیغام دینے کے قابل ہوتا۔ یا میرے پیغام میں اثر ہوتا تو میں اہل ملک اور بالخصوص مسلمانوں کو یہ پیغام دیتا کہ وطن کی آزادی کے لئے اپنی ہر عزیز سے عزیز متاع کو بھی قربان کر دیں۔ کاش ملک کے لوگ اس حقیقت کو سمجھتے۔

کانگریس کے بانیوں میں ہمارے جد امجد بھی تھے۔ مجھے اس کا فخر حاصل ہے کہ ہندوستان کے علماء میں سے سب سے پہلے میرے جد امجد نے مسلمانوں کو مشورہ دیا کہ وہ کانگریس میں شریک ہو کر وطن کی خدمت کریں۔ السلام۔

حبیب الرحمن



# ضروری اطلاع

## اس کے پڑھنے سے لاکھوں کا بھلا ہوگا

### شرطیہ علاج اور شرطیہ وعدہ

ہندو کو دھرم اور مسلمان کو ایمان کی قسم ہے اگر میری دوائی کے استعمال سے حسب دل خواہ فائدہ نہ ہو تو مطلع تحریر بھیجکر قیمت واپس منگوالیں، عدم صحت کی صورت میں کسی کا پیسہ رکھنا گناہ سمجھتا ہوں اگر کوئی صاحب اس دوائی سے اب بھی فائدہ نہ اٹھائے تو اس کی قسمت۔

### ضروری اطلاع

یہ یاد رہے کہ میری دوائی صرف نامردی سستی جریان احتلام سرعت کمزوری عزی اور جریان الرحم لیکوریا کیلئے مخصوص ہے یہ امراض خواہ کسی سبب سے ہوں جلق یا کثرت مباشرت یا عادات بد سے سب کیلئے یکساں مفید ہے آتشک یا سوزاک سے پیدا کی ہوئی کمزوری کیلئے اسکا استعمال گویا طاقت کا بیمہ کرانا ہے اور مادرزاد کیلئے میری دوائی مفید نہیں۔

ملنے کا پتہ: مینیجر دار الشفاء گولیاں بٹالہ ضلع گورداس پور پنجاب

## نورانی قرآن مجید معریٰ

اس شان کا اتنا خوشنما اتنی صحت اور اس قدر ارزاں

پاکیزگی کے ساتھ چھپا ہوا تمام ہندوستان کے بازاروں میں اس کے سوا دوسرا قرآن شریف آپ کو مشکل سے ملیگا اس نورانی قرآن شریف کی کتابت ایک ایسے عربی کے خوشنویس سے گراں معاوضہ دے کر کرائی گئی ہے جو ہندوستان کے مایہ ناز خوشنویس ہیں، اس کی صحت کے لئے حافظوں اور عالموں کی ایک جماعت اکٹھی کی گئی تھی جنھوں نے درد دل خلوص کے ساتھ اس قرآن مجید کی صحت انتہائی جانفشانی کے ساتھ کی ہے اس کی کتابت صاف اور روشن ہے اعراب زیر زبر پیش ایسے با موقع ہیں کہ عورت مرد بوڑھا بچے جوان سب آسانی کے ساتھ تلاوت کلام پاک کر سکتے ہیں۔

آپ بھی نورانی قرآن مجید کا ایک نسخہ جلد منگا لیجئے ورنہ پھر دوسرے ایڈیشن کا انتظار کرنا پڑیگا ہدیہ بلحاظ خوبیوں کے بہت ہی کم ہے یعنی ایک روپیہ بلا جلد مجلد بارچہ ایک روپیہ آٹھ آنہ مجلد چرم نقرئی دو روپیہ محصول ڈاک گیارہ آنے جو صاحب ایک سے زیادہ جلدیں منگائیں گے ان کو محصول میں بہت کفایت ہوگی۔

## صحت نما قرآن شریف معریٰ

جو علما کا پسندیدہ ۲۷ عالموں کی ایک جماعت کا صحت کیا ہوا نہایت صحیح بہت ستا مع مقدمہ ترغیب القرآن و اختلاف قراۃ ہے یہ تمام ہندوستان میں مقبولیت کی نظر سے دیکھا جا رہا ہے اور ہر مکتب میں پڑھایا جانے لگا ہے ثواب حاصل کرنیوالے یہ قرآن مجید زیادہ ...

... ہر صفحہ کی پیشانی منقش ہے سب سے ضروری مقدم کلام پاک کی صحت ہے جو ۲۷ علماء کی ایک جماعت نے نہایت کوشش کیساتھ کی ہے جن کے آخر میں مہریں بھی درج ہیں اس کی صحت اس قدر لاجواب ہے جس کی وجہ سے اس کا نام ہی صحت نما قرآن مجید مشہور ہو گیا ہے ہدیہ رعایتی بلا جلد ۱۴؍ مجلد بارچہ عہ؍ مجلد چرمی عہ؍ دس یا دس سے زائد جلدیں منگانیوالوں کو فی جلد ۲؍ رعایت دی جائیگی محصول ڈاک بذمہ خریدار۔

ملنے کا پتہ
الجمعیۃ بک ڈپو بلیماران دہلی

---



[illegible]

## جوانی نمو اور قوت حاصل کرو

اگر آپ کمزور ہو گئے ہیں یا کسی بیماری کی وجہ سے آپ کا جسمانی نظام کمزور اور سست ہو گیا ہو تو

### امیکوٹانک AMICOTONIC

استعمال کریں

... حاصل ہوتا ہے۔ یاد رکھئے یہ معمولی اور اشتہاری دوا نہیں ہے ... نہایت مجرب اور اکسیر ... عورت ہر موسم میں بلا خطر استعمال کر سکتے ہیں۔ اس دوا نے ملک میں بڑی مقبولیت حاصل کی ہے ہزاروں مریض شفایاب ہو گئے ہیں ایک دفعہ آپ بھی آزمائش کریں۔ قیمت فی شیشی (۳۲) خوراک ایک روپیہ آٹھ آنہ تین شیشیاں (للعہ) علاوہ محصولڈاک

### امیکو طلاء

یہ عجیب و غریب دوا ہے۔ فن کیمیاوی اور جدید معلومات کا نچوڑ ہے۔ نہایت مجرب اور اکسیر ہے اس دوا کا ہر جز قابل قدر ہے اس کے استعمال سے عضو مخصوص کی خرابیاں، لاغری، کجی اور تمام کمزوریاں رفع ہو جاتی ہیں۔ یہ طلاء نہایت قوت بخش اور مفید ہے۔ ضعیف اور کمزور انسان کے لئے یا نوجوان جوانی غلط کاریوں کے باعث اپنی زندگی کی لذت سے محروم ہیں، ان کی معاون اور مددگار ہے۔ یہ دوا بالکل بے ضرر ہے اس کے استعمال سے نہ جلن ہوتی ہے نہ چھالا پڑتا ہے۔ پوری کیفیت اور ترکیب استعمال کا پرچہ ہمراہ دیا جاتا ہے یہ دوا کریم کی شکل میں ٹیوب میں بند ہے۔ قیمت فی ٹیوب جس میں تقریباً بیس دفعہ استعمال کرنے کی دوا ہے ایک روپیہ آٹھ آنہ (عہ؍) علاوہ محصولڈاک۔

ملنے کا پتہ: امین اسمٰعیل انگریزی دواخانہ ۵۸ کولوٹولہ اسٹریٹ کلکتہ

## ایمان و عرفان کی باطل سوز تجلی

# الفرقان بریلی

(زیر ادارت حضرت مولانا محمد منظور صاحب نعمانی)

**الفرقان** - دین الٰہی کا زبردست مبلغ اور مذاہب باطلہ کے مقابلہ میں اسلام کا بہترین مناظر ہے۔

**الفرقان** - جھوٹے پیروں اور جعلی مولویوں اغذار کیڈروں کے لئے موت کا پیغام ہے۔

**الفرقان** - کا خصوصی نصب العین توحید و سنت کی حمایت ہے شرک و بدعت کے خلاف اس کی جنگ نہایت کامیاب ہے وہ قبر پرستی پیر پرستی اور ایسی تمام لعنتوں سے مسلمانوں کو نجات دلانا چاہتا ہے۔

**الفرقان** ہر قسم کے اختلافی مسائل پر انتہائی متانت اور بے نظیر سنجیدگی کیساتھ بحث کرتا ہے۔

**الفرقان** میں ایک معرکۃ الآرا مناظرہ شائع ہو رہا ہے جو دیوبند و بریلی کی جنگ کے لئے فیصلہ کن ہوگا

**الفرقان** میں آج کل مولانا محمد منظور صاحب نعمانی کی بے نظیر تصنیف «بوارق الغیب» شائع ہو رہی ہے جس میں صرف ایک مسئلہ علم غیب کی تحقیق و تنقیح میں قرآن و حدیث اور دیگر دینی کتابوں سے ایک ہزار حوالے دیئے گئے ہیں۔

**الفرقان** میں آج کل حضرت مولانا اعزاز علی صاحب شیخ الادب و الفقہ دار العلوم دیوبند کا ایک نہایت اعلیٰ تاریخی مضمون مسلسل شائع ہو رہا ہے، جس میں تاریخ کی روشنی میں دکھلایا گیا ہے کہ دنیا کو اسلام سے کس کس طرح روکا گیا۔

**نوٹ** - الفرقان کا سال محرم سے شروع ہوتا ہے مضامین کے تسلسل کی وجہ سے شروع سال سے جاری کرنا اچھا ہے +

جائے تو مجھے امید ہے کہ میں اس کا پتہ چلا لوں گا۔
بنواری لال۔ پیر صاحب اگر آپ نے یہ کام کر لیا تو پھر سب کام بن جائے گا۔

مشہد پور کے بازار میں ایک خوبصورت اور دلشاد ربا طائفہ پر ایک طوائف رہتی تھی جس کا نام منتری بائی تھا۔ شکل و صورت ہی خدا نے ایسی دی تھی، اور چونکہ ...

کی اصلاح کے لئے اٹھ کھڑے ہوئے ہیں۔ ہماری سب سے بڑی غلطی تھی جس کا خمیازہ ہم آج بھگت رہے ہیں۔
سید جمال۔ بہرحال اب اس وقت تو ہمیں یہ سوچنا چاہئے کہ یہ فسادات کس طرح بند ہوں۔
احسن۔ اگر کسی طرح یہ معلوم ہو جائے کہ یہ آخر لوگ پر پتھر کون پھینکتا ہے۔ تو شاید کوئی صورت نکل سکے۔
گردھاری لال۔ میں نے اور میرے کئی ایک دوستوں نے ...

ہم میں ابھی کو یقین ہو جائے اور ہم اس بات میں کامیاب ہو جائیں کہ ہماری قوم ہماری بات سننے لگے تو اس سے بڑھ کر ... کو ہٹانے کے لئے ہمارے سامنے ہماری پوری قوم ہوگی اور جو کام کہ یہ تھوڑے سے کمزور ہاتھ کسی طرح نہیں کر سکتے۔ اس کے کرنے کے لئے لاکھوں ہاتھ اٹھ جائیں گے۔ ہماری تحریکوں کے ناکام رہنے کا سب سے بڑا سبب یہی ہے کہ ہم ...

(باقی صفحہ ۲۹ پر ملاحظہ ہو)


# آپ کا مستقبل

یقیناً تفکرات اور پریشانیوں کی زد سے بچ سکتا ہے

بشرطیکہ آپ بھی

## مسلم انڈیا انشورنس کمپنی لمیٹڈ لاہور

میں اپنی زندگی کا بیمہ کرالیں ہندوستان میں یہی

## مسلمانوں کی واحد بیمہ کمپنی

ہے جس کے ڈائرکٹروں میں باوقار اور مایہ ناز مسلمان ہستیاں شامل ہیں کمپنی کی بعض سکیمیں نہایت عمدہ اور مفید ہیں جن میں

## شرح چندہ کم اور منافع زیادہ

ہے مسلم انڈیا میں بیمہ کرانا ایک کرشمہ دو کار کے مترادف ہے یعنی اپنے اہل و عیال کی فلاح و بہبود اور اپنی قوم کی معاونت

مزید معلومات

منیجنگ ڈائرکٹر مسلم انڈیا انشورنس کمپنی لمیٹڈ لاہور

یا

منظور احمد عثمانی بی اے انسپکٹر مسلم انڈیا انشورنس کمپنی لمیٹڈ (لاہور) فتحپوری چاندنی چوک دہلی

سے حاصل کریں




# حسین جاسوس

(سلسلہ صفحہ ۲۶)

رقص و سرود کی محفل میں حصہ لینے والے اپنے دل کے علاوہ اپنا بہت روپیہ بھی اس کے قدموں میں ڈال آتے تھے۔

سید جمال ایک بہت ہی اونچے خاندان کا ہونہار فرزند تھا۔ چہرہ پر فراست اور وجاہت کے تمام آثار موجود تھے اچھا لمبا قد خوب بھرا ہوا اور متناسب جسم، ... اور گہری آنکھیں سب ایسی چیزیں تھیں کہ قصبے کے نوجوانوں میں سب سے پہلے اسی پر نظر پڑتی تھی۔ ماں باپ نے تربیت اور تعلیم کا بھی پورے طور پر خیال رکھا تھا۔ اس لئے اس کے اخلاق بھی بہت ہی پسندیدہ اور قصبے کے نوجوانوں سے بالکل الگ تھے۔ اپنے ملک اور اپنی ...

شیخ قدرت اللہ اور پنڈت رام کشن کو منتری سے واقف کے کوٹھے پر چڑھتے دیکھا تھا، اور ایک مرتبہ محض اتفاق سے اس نے انہی دونوں کو خاص اس زمانے میں بھی کہ جب قصبے میں ہندو مسلمانوں کے درمیان سخت لڑائی ہو رہی تھی ساتھ ساتھ اس بالاخانے سے اترتے دیکھا تو اسے سخت حیرت ہوئی۔ یہ صحیح تھا کہ ان لڑائیوں کی وجہ سے ہندو مسلمانوں کے باہمی تعلقات بالکل ختم نہیں ہو گئے تھے، لیکن فسادات کے دوران میں یہ ضرور ایک عجیب سی بات تھی کہ ایک ہندو اور ایک مسلمان ساتھ ساتھ گھومتے پھریں۔ ...

... اسی فکر میں غرق رہتا تھا کہ یہ لڑائیاں کیوں ہوتی ہیں۔ بالکل خاموش طریقے پر تحقیقات کرے، اور اپنے مشاہدات پر ... دن غور کرنے کے بعد اس نے اپنے دل میں ان فرقہ وارانہ جھگڑوں کی بناء کے متعلق ایک رائے قائم کر لی تھی، اور اب جب کہ کانگریس کمیٹی نے اسے اس کام پر مامور بھی کر دیا تو اس نے پختہ ارادہ کر لیا کہ خواہ کچھ ہو جائے ان فسادات کا راز ضرور فاش کر کے رہوں گا۔ اس نے ایک سے زائد مرتبہ ...

... سے زیادہ متعصب ہندو قصبے بھر میں کوئی نہ تھا۔ اور ہندوؤں کو مسلمانوں کے خلاف بھڑکانے میں اس سے زیادہ کوشش اور کسی نے نہیں کی تھی۔ اس کی حیرت کا اصلی باعث یہی تھا کہ ایک حد سے زیادہ متعصب ہندو اور ایک حد سے زیادہ متعصب مسلمان ہندو مسلم فساد کے زمانے میں اس قسم کے تعلقات کیسے قائم رکھ سکتے ہیں۔
لیکن یہ ایک حقیقت تھی کہ یہ دونوں بالعموم ایک ہی ...

... کی قیادت بھی حاصل ہو گئی تھی اور دوران جنگ میں اگرچہ وہ خود کبھی کسی خطرے میں نہ پڑتے تھے لیکن جو کچھ ہوتا تھا وہ زیادہ تر انہی کے مشوروں کے مطابق ہوتا تھا۔ ایک ہوشیار ...

... اپنی تعلیم کے زمانے میں کالج میں کئی مرتبہ ڈراموں میں حصہ لے چکا تھا اور ضرورت کے وقت بھیس بدلنا بھی خوب جانتا تھا ...


# الجمعیۃ بک ڈپو کے ادبی اصلاحی افسانے

**اختر اور رضیہ** ان دونوں کے دلوں میں محبت کی آگ بھڑک رہی تھی جب بد باطنوں نے چاہا کہ ان کو ایک دوسرے سے بدظن کر دیں اور ایسی غلط فہمی پیدا کریں کہ ان کی محبت کی دنیا ہمیشہ کے لئے اجڑ کر رہ جائے مگر وہ بالآخر کامیاب نہ ہوئے اور تمام دنیا کی ذلت و خواری ان کے حصہ میں آئی عبرت آموز اصلاحی افسانہ کو ضرور پڑھیے قیمت ۴ر محصول ڈاک بذمہ خریدار

**نیم شب** از اشتیاق حسین صاحب قریشی ایم اے اس ڈرامہ کا زمانہ ۱۹۸۵ء ہے مصنف نے بیان کیا ہے کہ اس وقت ہندوستان میں اشتراکیت کا زور ہوگا نئی حیثیت سے وہ جد و جہد دشواریاں مصائب کامیابیاں دکھائی ہیں جو ہر بڑی تحریک کا خاصہ ہیں قیمت آٹھ آنے علاوہ۔

**آفتاب دمشق** تثلیث اور توحید کی آویزش ہلال اور صلیب کے مقابلے اس افسانہ میں عجیب و غریب انداز کے ساتھ دکھائے گئے ہیں۔ قیمت ۸ر محصول ڈاک بذمہ خریدار

**طوفان حوادث** اردو زبان کا ایک بہترین افسانہ میں سراغ

رسانی کے متعلق حیرت انگیز واقعات دکھائے گئے ہیں اور ایسے حالات میں جب کہ نہایت پُراسرار طریقہ پر ایک رئیس کا قتل ہوا ہے اور اصل مجرم سے متعلق کسی کو ذرہ برابر شبہ بھی نہیں ہو سکتا ایک سراغرساں کی قابلیت و صلاحیت کا نمونہ پیش کیا ہے اس افسانہ کو ایک مرتبہ شروع کر دینے کے بعد ختم کئے بغیر چھوڑنا ناممکن ہے قیمت صرف آٹھ آنہ (۸ر) علاوہ محصول ڈاک۔

**نقش آخر** از اشتیاق حسین صاحب قریشی ایم اے اس ڈرامہ میں غدر دہلی کے حالات قدیم مغلیہ تہذیب کا مٹنا انگریزوں کا تسلط اور سر سید احمد خاں کا تعلیمی پروگرام اس انداز میں بیان کیا گیا ہے کہ پڑھنے والے ایک گہرے غور و فکر پر مجبور ہوتے ہیں غدر ۱۸۵۷ء میں آخری تاجدار دہلی کی بے بسی ... قیمت دس آنے ۱۰ر

**صید زبوں** از اشتیاق حسین صاحب قریشی ایم اے اس ڈرامہ میں عورتوں کے حق خلع کی حمایت کی گئی ہے اور اس کے باقاعدہ اجراء پر زور دیا گیا ہے اسلام میں عورتوں کے متعلق جو شرعی قوانین ہیں اگر انکو جاری کر دیا جائے تو مظلوم عورت اپنی موجودہ پست حالت سے نکل کر بہت بلند جگہ پہنچ سکتی ہے قیمت ۱ر محصول ڈاک علاوہ

ملنے کا پتہ: الجمعیۃ بک ڈپو بلیماران دہلی



کالج اور اسکولوں کے طالب علموں اور تعلیم یافتہ مردوں عورتوں کی تفریح اور دلچسپی کے لئے ایک عجیب و غریب چیز

# تعلیمی تاش

اس تاش کی ایجاد نے تعلیمی دنیا میں انقلاب پیدا کر دیا ہے ہر ایک کلاس کے طالب علم اعلیٰ تعلیم یافتہ لوگ وکیل، بیرسٹر، کالجوں کے پروفیسر، اسکولوں کے ہیڈ ماسٹر سب ہی اس تاش کو کھیل سکتے ہیں اس کے کھیلنے سے بازاری تاش سے زیادہ لطف آتا ہے یہ تاش اس طرح پر تیار کیا گیا ہے کہ باپ اپنے بیٹے کے ساتھ اور استاد اپنے شاگرد کے ساتھ کھیل سکتا ہے۔ اس کے کھیلنے سے وقت ضائع نہیں ہوتا بلکہ قابلیت بڑھتی ہے یہ تاش اردو و انگریزی۔ فارسی عربی ہر ایک زبان میں کھیلا جا سکتا ہے۔ بڑے بڑے ماہرین تعلیم نے پسند کیا ہے اس کے ذریعہ استاد اپنی جماعت کو اردو اور انگریزی کی تعلیم دے سکتا ہے کوئی کلب اور کوئی اسکول اس تاش سے خالی نہیں رہنا چاہئے قیمت فی بکس ۱۰۴ کارڈ ۱ر چھوٹا بغیر انگریزی قیمت ۸ر کھیلنے کے قواعد کی کتاب بکس کے ہمراہ مفت دی جاتی ہے اپنے شہر کے بڑے بڑے کتب فروشوں سے خریدیئے

منیجر الجمعیۃ بک ڈپو بلیماران دہلی

# سات دن کی اہم خبروں کا خلاصہ

## ۱۸ ردسمبر

### سر سیموئیل ہور کا استعفا

سر سیموئیل ہور کی پیش کردہ تجاویز صلح کامیاب نہ ہوسکیں۔ لہٰذا سر سیموئیل ہور کو فوراً وزارت خارجہ سے استعفا دینا پڑا۔ برطانیہ اور دوسرے یورپ کے ممالک کی فضا میں ان تجاویز صلح کے متعلق جو پیرس میں سر سیموئیل ہور نے ایم لاوال کی شرکت میں تجویز کی تھیں، نفرت کے سخت اثرات پائے جاتے ہیں۔

### لیگ کونسل کا اجلاس

جنیوا میں لیگ کونسل کا ایک مختصر اجلاس ہوا اور سر ایم لاوال اور مسٹر ایڈن نے تجاویز صلح کی وضاحت پر تقاریر کیں۔ اور سامعین کو یہ تبلایا کہ ان کا مقصد ہرگز یہ نہیں ہے کہ وہ حبش یا اٹلی کو ان کی مرضی کے خلاف ان تجاویز پر معاہدہ کرنے کی کوشش کریں۔

### تیرہ اراکین کی کمیٹی کا فیصلہ

تیرہ اراکین کی کمیٹی کا اجلاس دو گھنٹے تک منعقد رہا۔ اور تجاویز صلح کی بابت فیصلہ کیا گیا جس کی حقیقت ابھی پوشیدہ رکھی گئی ہے۔ اسی اجلاس میں ایک ریزولیوشن جس کی اتفاق رائے سے پاس کیا گیا ہے۔ جو کونسل کو پیش کیا جائے گا۔

### شیعہ حضرات کے جلوس کی ممانعت

لاہور میں آٹھ کے روز شیعہ حضرات حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی یادگار میں جلوس نکالا کرتے ہیں لیکن گذشتہ فرقہ وارانہ تصادم کی وجہ سے حکومت نے اس دفعہ جلوس نکالنے کی شیعہ حضرات کو اجازت نہیں دی۔ اس امر پر شیعہ طبقہ کے حضرات نے بہت افسوس ظاہر کیا ہے۔

### فلسطین میں مجلس مقننہ

یہ خیال کیا جاتا ہے کہ فلسطین کا ہائی کمشنر یہودیوں اور عربوں کو لیجسلیٹو کونسل کی تشکیل کے متعلق بعض دستوری تجاویز پیش کرے گا۔

### انہدام مزار کا کیو شاہ کا مقدمہ

لاہور میں ہندو مزار کا کیو شاہ کے سلسلہ میں جو سولہ سکھ مجرم قرار دئے گئے تھے انہوں نے ۲۵ گواہان صفائی کی فہرست عدالت میں پیش کی ہے اور ساتھ ہی یہ کہا ہے کہ وہ دس گواہان صفائی اپنے ساتھ لائیں گے۔

### سندھ اور اڑیسہ کی علیحدگی

لندن کی خبر ہے کہ سندھ اور اڑیسہ کے علیحدہ صوبے بنانے کا مسودہ عنقریب شائع کردیا جائے گا۔ ان دونوں صوبوں کی تقسیم کی غرض بیان کی جاتی ہے۔ کیونکہ صوبائی خود مختاری کا سوال پیدا ہوتا ہے تو یہ دونوں علاقے بھی ...

## ۱۹ ردسمبر

اس کے نئے نمائندگی رسائیں۔

### سن کی صنعت و حرفت

نئی دہلی۔ کل سن کی صنعت کے متعلق مشکلات پر بحث کرنے کے لئے ایک کانفرنس منعقد ہوئی جس کا اجلاس دو گھنٹے تک رہا۔ اور اس اجلاس میں جیوٹ ایسوسی ایشن کے نمائندے بھی سر فرینک نوٹس اور سر جیمز گرگ کے سامنے تشریف لائے۔ مجلس میں طرفین کی مشکلات پر بحث ہوئی اور سر فرینک نوٹس نے یہ وعدہ کیا کہ وہ جیوٹ ایسوسی ایشن کے خیالات کی بنگالی حکومت چند سے کریں گے۔

### بنگال میں کاشتکاروں کا تحفظ

بنگال کونسل میں کاشتکاروں اور زمینداروں کے تحفظ کے لئے ایک مسودہ قانون پیش کیا گیا اور اس پر بحث کی گئی۔ اس بحث سے یہ اخذ کیا جاتا ہے کہ یہ مسودہ قانون ...


# قوت مردمی کا حیرت انگیز علاج

## لکثری کورس

جوانی اور نوجوان بچپنے اور بڑھاپے کو دور کرکے جوانی کی امنگیں پیدا کرنے کیلئے یقینی کامیاب اور بے مثل علاج ہے جس کے استعمال سے تمام بے اعتدالیوں اور بڑھاپے کی شکایت ... زائل شدہ طاقت اور جوانی کی امنگیں دوبارہ لوٹ آتی ہیں ... لکثری کورس ...

لکثری کورس کی لگانے کی چار دوائیں | لکثری کورس کی کھانے کی چار دوائیں

۱۔ طلاء مقوی ... ۲۔ ... ۳۔ تکمیل ... ۴۔ رگ ٹونک آئل ...

۱۔ اسکن ... ۲۔ سفوف مصلح ... ۳۔ روح عنبر ... ۴۔ مارالحیات ...

قیمت دو روپے سات آنے (عہ)

پتہ:- سعید برادرس کمپنی کلاں محل دہلی



## ضرورت ہے

کم از کم ایسے اصحاب کی جو تاریخ اشاعت سے ایک ماہ کے اندر اندر درخواستیں دیدیں۔ کسی خاص لیاقت تجربہ یا لیاقت کا ہونا ضروری نہیں۔ آمدنی معقول اور کام پر منافع ہے۔ المشتہر

مینیجر پراسپیرٹی سکیم کارپوریشن ۲۴ کوٹولہ کلکتہ

Manager Prosperity Scheme Corporation 24 Cotolla St. CALCUTTA



## درود شریف

... منیجر صوفی پنڈی بہاؤالدین ضلع گجرات





# الجمعیۃ بکڈپو کی تاریخی کتابوں کا نایاب ذخیرہ

**رحمۃ للعالمین** علامہ قاضی محمد سلیمان صاحب سلمان منصور پوری کی بہترین تصنیف ہے۔ خصائص النبی، معجزات، اسماء الرسول، خصائص القرآن، خصائص الاسلام کے عنوانات سے اس کتاب میں اسلامی معلومات اور دینی تحقیقات کے دریا بہادیئے ہیں۔ کتاب پانچسو صفحات کی ہے اور اگرچہ اس سلسلہ کی یہ تیسری جلد ہے مگر اپنے مضامین کے اعتبار سے مکمل ہے۔ قیمت بلا جلد ... محصول ڈاک علاوہ۔

**اشاعت اسلام** "دنیا میں اسلام کیونکر پھیلا" اس موضوع پر فخر الہند مولانا حبیب الرحمن صاحب ناظم دارالعلوم دیوبند رحمۃ اللہ علیہ نے بڑی تحقیق و تدقیق کے بعد یہ کتاب تصنیف فرمائی جو پانچسو سے زائد صفحات پر مشتمل ہے اور اپنے اندر واقعات کا بہترین ذخیرہ رکھتی ہے۔ قیمت تین روپے محصول علاوہ۔

**بلاغ مبین** حضرت مولانا حفظ الرحمن صاحب سیوہاروی نے ان تمام خطوط و فرامین کو مجموعہ کو ایک جگہ جمع کردیا ہے جو نبی کریم صلعم نے مختلف اوقات میں بادشاہوں اور حکمرانوں کے نام دعوت اسلام کے سلسلہ میں بھیجے تھے ان پر فاضل مصنف نے تاریخی و حدیثی روشنی بھی ڈالی ہے دو خطوط کے فوٹو بھی ہیں قیمت ... محصول ڈاک بذمہ خریدار۔

**تاریخ تبلیغ اسلام** اسلام کی دعوت انبیاء علیہم السلام نے اپنے اپنے عہد میں کس طرح دی۔ اور حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت کے بعد دین اسلام کس طرح مکمل ہوا اور آقائے دوجہاں کے غلاموں نے کس طریقہ پر دنیا میں اس دین کو پھیلایا اور مبلغین اسلام پر کیا کیا مظالم کئے گئے اس کی تفصیل اس کتاب میں درج ہے قیمت ...

**حالات انبیاء** حضرت آدم علیہ السلام سے لیکر آنحضرت تک انبیاء علیہم السلام کے مختصر تاریخی حالات نہایت سلیس اور آسان زبان میں لکھے گئے ہیں یہ کتاب بعض انگریزی مدارس اسلامیہ کے شعبہ دینیات کے نصاب میں داخل ہوچکی ہے قیمت چار آنے علاوہ محصول ڈاک۔

**تذکرۃ الصلحاء** مشاہیر مشائخ ہندوستان اور بزرگان دین و صوفیائے کرام کی ہدایت تاریخ جس سے تاریخ وفات اور مدفن کا پتہ چلتا ہے قیمت آٹھ آنہ علاوہ محصول ڈاک۔

**اسلامی عقائد و احکام اور اسلامی تاریخ** حضرت مولانا سید محمد میاں صاحب ...

**خواتین اندلس** مسلمانوں کے زمانہ میں سرزمین اندلس نے ایسی ایسی باکمال خواتین پیدا کی تھیں جنھوں نے علوم و فنون کے دریا بہادیئے تھے بہت سی کتابوں سے بڑی تلاش و جستجو سے ان خواتین کے حالات اخذ کرکے نہایت دلچسپ پیرایہ میں لکھے گئے ہیں ...

**عشرہ مبشرہ** حضرت ابوبکر صدیق، حضرت عمر فاروق، حضرت عثمان غنی، حضرت علی، حضرت ابوعبیدہ، حضرت سعد، حضرت سعید، حضرت عبدالرحمن، حضرت طلحہ، حضرت زبیر کی سوانح عمریاں درج ہیں یہ وہ جلیل القدر صحابہ ہیں جنھیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جنتی ہونے کی بشارت دی تھی قیمت بارہ آنے محصول ڈاک علاوہ۔

**تاریخ المشاہیر** علامہ قاضی محمد سلیمان صاحب سلمان منصور پوری کی تصنیف ہے جس میں عہد اسلامی کے امراء و علماء، مشائخ و اصفیاء، ملوک، قاضی القضاۃ اور شعراء وادباء کی مستند سوانح عمریاں جمع کی گئی ہیں ... قیمت ایک روپیہ آٹھ آنے علاوہ محصول۔

**اصحاب بدر** جس میں جنگ بدر کے تفصیلی حالات اور ۳۱۳ صحابہ کرام کی سوانح عمریاں درج ہیں علامہ قاضی محمد سلیمان صاحب سلمان منصور پوری کی تصنیف ...

**نشر الطیب فی ذکر الحبیب** حضرت مولانا اشرف علی صاحب تھانوی مدظلہ العالی کی ... تصنیف ...

**حیات حافظ رحمت خان** ...

**خلافت صدیقی** حضرت صدیق اکبر کے مقدس حالات قیمت ... محصول ...

**خلافت فاروقی** حضرت عمر فاروق کے حالات زندگی قیمت پانچ آنے

ملنے کا پتہ:- الجمعیۃ بکڈپو، بلیماران دہلی


"ہاں ہاں یہ کیا کررہی ہو" ...

مشتری - (بھرائی ہوئی آواز میں) ...

گل شیر - ...

## بسلسلہ صفحہ ۳۱

عنقریب پاس ہو جائے گا۔

### ریلوے کانفرنس کا اجلاس

دہلی میں شپنگ ریلوے کانفرنس کا اجلاس منعقد ہوا۔ اور حکومت سے یہ درخواست کی گئی کہ حال میں جو ریلوے لائنیں جنوبی ہندستان اور بنگال کے درمیان کھولی گئی ہیں ... پر تراثر ڈالا ہے ... اور بیل گاڑیوں کم ہونے کی وجہ سے ریل کی ذریعے جانے لگے ہیں۔

### سنٹرل ایجوکیشنل بورڈ کا اجلاس

دہلی کے سنٹرل ایڈوائزری بورڈ آف ایجوکیشن کا ایک اجلاس ہوا اور بیکاری اور تعلیم کے متعلق بہت سے مسائل پر غور کیا گیا۔

### آل انڈیا موسیقی کانفرنس

دہلی میں کل آل انڈیا میوزک کانفرنس کا اجلاس ہوا اس میں بہت سے صاحب ذوق تشریف فرما تھے۔

### پھولوں کی نمائش

دہلی میں سات اور آٹھ تاریخ کو اردن میموریل پارک میں پھولوں کی نمائش ہوگی۔

### کلکتہ کارپوریشن کا اجلاس

کلکتہ کارپوریشن کا ایک اجلاس منعقد ہوا ... سپلائی کمیٹی کی رپورٹ پر متفقہ طور پر فیصلہ کیا گیا۔

### بہار میں صوبہ سرحد کا جواب

بہار اور اڑیسہ میں اسلامی کوشش کی جا رہی ہے کہ مدرسوں کی ابتدائی جماعتوں میں ہندوؤں اور مسلمانوں دونوں کے لئے ہندی زبان میں تعلیم دی جائے۔

### حبش میں گھمسان کی لڑائی

درہ دمبیدگانہ کی لڑائی کے بعد حبشی شہر میں گھس گئے۔ دونوں سرحدوں پر نہایت گھمسان کی لڑائی شروع ہو گئی ... کہا جاتا ہے کہ زبردست مقابلے کے بعد ... ہوئی۔

### مجلس ریاضی کا اجلاس

آج سر جی۔ ایس باجپائی نے دہلی کی انڈین میتھمیٹکل سوسائٹی (انجمن ریاضی) کے اجلاس میں افتتاحی تقریر کی۔

### سینور مسولینی کی متکبرانہ تقریر

بدھ کے روز سینور مسولینی نے ایک نہایت غیر ہمدردانہ انداز میں ایک تقریر کی اور بیان کیا کہ اٹلی مشرقی افریقہ میں اپنی مرضی پر عمل کرتے رہے گا۔

### ایم لاول کی تقریر

ایم لاول نے فرانسیسی چیمبر میں ایک تقریر کی۔ اور تجاویز صلح ...

### غازی امان اللہ خاں کا قصد جنیوا

غازی امان اللہ خاں نے جنیوا جانے کا ارادہ کیا ہے۔ تاکہ وہ بین الاقوامی سیاست کا مطالعہ کر سکیں۔

### ۲۰ر دسمبر

### دہلی کے تعلیمی بورڈ کا اجلاس

دہلی کے محکمہ تعلیم کے سنٹرل ایڈوائزری ...

(سلسلہ کے لئے ملاحظہ ہو صفحہ ۳۴)

کے متعلق تمام اعتراضات کا جواب دیا۔ کہا جاتا ہے کہ سامعین نے وزیر اعظم کے خیال کی تائید کی۔

### عراق میں چیچک کا ٹیکہ

برطانوی قنصل متعینہ بصرہ نے ایک تار سے معلوم ہوا ہے کہ عراق کے حکام صحت نے چیچک کے ٹیکہ کی پابندی کا حکم ان لوگوں کے لئے منسوخ کر دیا ہے جو ہندوستان سے سیلون میں سفر کر کے آویں۔


عالیجناب فخر قوم آغا مصطفٰی شاہ صاحب رضوی پشاوری خلف عالیجناب مرحوم و مغفور آغا میر سید فضل علی شاہ صاحب آنریری مجسٹریٹ میونسپل کمشنر رئیس اعظم صوبہ سرحد پشاور

... سدھ مکر دھوج کا استعمال ضرور کریں۔

ساحت ہندوستان کے بعد پنڈت صاحب کی تیار کردہ سدھ مکر دھوج کی اس کامیابی پر ... اور بوقت فرصت اپنے قومی اخبارات میں مفصل ریویو کروں گا۔

**قوت باہ کے** لئے لاثانی دوا ہے۔ میں نے آپ کی دوا سدھ مکر دھوج کو خود استعمال کیا واقعی قوت باہ کے لئے لاثانی دوا ہے اگر حسب ہدایت استعمال کی جاوے تو عمر بھر کسی دوسری دوائی کی ضرورت نہیں۔ حکیم محمد عارف سٹیشن ماسٹر والی۔ خیرپور۔

**بیماری دور ہو گئی** ... سدھ مکر دھوج کے استعمال سے بیماری دور ہو گئی واقعی لاجواب اکسیر ہے (عبد القدوس بی۔ اے۔ بی۔ ٹی۔ انسپکٹر آف سکولز۔ کولار) معدہ جگر اور تبخیر کیلئے مجرب دوا ہے اور طاقت مردمی کے لئے اکسیر ہے (بابو محمد ابراہیم گارڈ۔ وزیر آباد)

# آجکل سردیوں کے دن میں

انسانی، نفسانی، حیوانی، اور جسمانی، امراض کے دور کرنے کے لئے کویراج پنڈت امرناتھ ناگر ویدکوی رتن راج وید کا بیش بہا جواہرات اور کوبل کندن سونے والا

# سدھ مکر دھوج

کھاؤ اور شیر بنجاؤ یہ وہ دوا ہے جسکا اثر آپکی پشتوں تک رہیگا

سدھ مکر دھوج نامردوں کو مرد، بڈھوں کو جوان، جوانوں کو جواں مرد بناتا ہے، راجوں مہاراجوں اور رئیسوں کے لئے بے بہا طاقت کا خزانہ بخشنے والا زبردست واجی کرن یعنی مقوی ٹانک ہے۔ امراض دل و دماغ کے لئے لاثانی اور تیر بہدف اکسیر ہے مرگی۔ ہسٹریا۔ کمی بصارت موتیابند۔ دل کی دھڑکن، دمہ، کھانسی، پھلبہری (سفید داغ) پرسوت بلغمی امراض سر اور جسم کا ملنا۔ کانپنا وغیرہ کے دفعیہ کے لئے لاجواب دوا ہے جسم میں تازہ خون پیدا کرتا ہے اور چہرے پر سرخی لاتا ہے بھنگ چرس افیون، شراب، چنڈو اور کوکین کی عادت چھڑا دیتا ہے، عورتوں اور مردوں کیلئے یکساں مفید ہے۔

**استعمال کرنے کے یہی سنہری سردیوں کے دن ہیں**

قیمت ایک ماشہ یا ۲ یا ۳ خوراک چھ روپے (عہ) ۳ ماشہ (عہ)

ملنے کا پتہ۔ مینیجر سدھ مکر دھوج ٹیلیفون نمبر 2724

**آیورویدک شفا گھر** پوسٹ بکس ۱۱ لاہور

(بالمقابل ٹانگہ سٹینڈ لوہاری انارکلی)

کراچی کے ایجنٹ۔ میسرز تولا رام امین برادرس، مرادخان روڈ، کراچی۔



دنیا بھر کے مشاہیر اطباء کا متفقہ فیصلہ ہے کہ

# عرق ماء اللحم نسخہ خاص دو آتشہ

سرتاج مقویات ہے

زندگی جیسی عزیز اور پیاری چیز ہے وہ ظاہر ہے لیکن تندرستی ہی ایک ایسی نعمت عظمیٰ ہے کہ بغیر اس کے زندگی بے لطف ... تندرستی ہزار نعمت ہے ... اگر آپ کو تندرستی کی کچھ بھی قدر ہے اور تندرست رہنا چاہتے ہیں تو ہمارا تازہ کشید کیا ہوا عرق ماء اللحم استعمال کیجئے اور پیری میں شباب کا لطف اٹھائیے یہ امر مسلمہ ہے کہ عرق ماء اللحم مقوی ارواح ہے ... خون پیدا کرنا اس کی خاصیت ہے ... جو جناب مسیح الزماں حکیم حاجی محب علی خان صاحب کا خاندانی نسخہ ہے ایک مرتبہ استعمال کیجئے ... قدرت کا راز پوشیدہ ہے قیمت فی بوتل چار روپے ...

**ترکیب استعمال** ...

**منفعت** ...

ملنے کا: ہمدم یونانی دواخانہ بازار لال چاہ پوسٹ بکس نمبر ۲ دہلی




# جنگ حبش کے سات دن

## ۱۸ر دسمبر

بدھ کے روز سینور مسولینی نے نہایت غیر ہمدردانہ انداز میں ایک تقریر کی اور کہا کہ اٹلی مشرقی افریقہ میں اپنی مرضی پر عمل کرکے رہیگا۔

ایم لاول کو فرانسیسی دیوان میں سامعین کی تائید حاصل ہو گئی۔

جنیوا میں تجاویز صلح کو کسی قسم کی حمایت حاصل نہ ہو سکی گو تیل کی پابندی کے متعلق یہ مسئلہ برابر پیچیدہ ہو رہا ہے کہ بلی کے گلے میں گھنٹی باندھنے کی ذمہ داری کون اپنے سر لے کیونکہ سینور مسولینی تیل پر پابندی کو اعلان جنگ کے مترادف بتاتا ہے۔

روم کی اطلاع کے مطابق حبش والوں نے اطالویوں کے شمالی محاذ پر ایک زبردست حملہ کیا۔ حملہ رات کے وقت ہوا جب کہ چاروں طرف نہایت خوفناک اندھیرا چھایا ہوا تھا اطالویوں کو اس حملہ میں شکست فاش ہوئی۔

## ۱۹ر دسمبر

سر سیموئل ہور کو ان تجاویز کی پاداش میں جو انہوں نے فرانسیسی وزیر اعظم کے مشورے سے حبش کی نسبت پیش کی تھیں وزارت خارجہ کے عہدہ سے مستعفی ہونا پڑا۔

تیرہ اراکین کی کمیٹی کا اجلاس دو گھنٹہ کے لئے منعقد ہوا اور تجاویز صلح کی بابت ایک متفقہ فیصلہ کیا گیا اور یہ طے کیا گیا کہ اسے فی الحال پوشیدہ رکھا جائے اور کونسل کے اجلاس میں پیش کیا جائے۔

## ۲۰ر دسمبر

برطانوی دار العوام میں مسٹر بالڈون نے ایک تقریر کی اور اس میں ظاہر کیا کہ موجودہ حکومت لیگ کی وفادار ہے اور یہ کہا کہ تجاویز صلح بالکل مردہ ہو چکی ہیں اور حکومت ان کو زندہ کرنے کے لئے بالکل کوئی کوشش نہیں کرے گی۔

اطالویوں اور حبشیوں کو درمیان گھمسان کی لڑائی ہوئی جو اپنی قسم کی پہلی لڑائی تھی۔ کہا جاتا ہے اس لڑائی میں اطالویوں نے حبشیوں کو پیچھے ہٹا دیا

ادیس ابابا کا تار موصول ہوا ہے کہ حبشی فوجیں مکیلے میں داخل ہو گئیں ہیں جہاں اطالوی گیارہ نومبر کو داخل ہوئے تھے۔ حبشیوں کی پسماندہ فوج جو مکیلے پہنچی صرف حبشیوں پر مشتمل تھی۔

درہ دمبیگانہ پر نہایت گھمسان کی لڑائی ہوئی۔ اس لڑائی کا آغاز حبشیوں کی طرف سے ہوا تھا اور اطالویوں کی فوج کو متواتر دو روز تک حبشیوں کا مقابلہ کرنا پڑا۔ اور آخر کار

(باقی صفحہ ۳۴ پر ملاحظہ فرمائیے)


# دماغی کام کرنیوالے "شمیم" استعمال کرتے ہیں

**شمیم** ہندوستان کے تازہ اور خوشبودار پھولوں، بوٹیوں اور مغزیات سے بنایا ہوا تیل ہے جو بالوں کو بڑھاتا ہے اور گرنے سے روکتا ہے، اور بالوں کو سفید نہیں ہونے دیتا اور جو بال قبل از وقت سفید ہو گئے ہوں شمیم کے مسلسل استعمال سے سیاہ ہو جاتے ہیں شمیم کے استعمال سے دماغ میں قوت اور آنکھوں میں روشنی آتی ہے نیند خوب لاتا ہے دماغی کام کرنیوالوں عورت مرد دونوں کے لئے اس کے فوائد بہت مفید ثابت ہوئے ہیں ایک شیشی کی قیمت ایک روپیہ (عہ)

ملنے کا پتہ:

**دی ینگ انڈیا فارمیسی دہلی**



# ہسٹریا سائیڈ

جملہ امراض نسوانی کیلئے بے بہا اکسیر صفت دنیائے طب کی نئی ایجاد ہے۔ کم خوابی، کمزوری دماغ، اختناق الرحم، باد گولہ، ہسٹریا کو جڑ سے اکھاڑ پھینکتی ہے سنئے اہل الرائے اصحاب ہسٹریا سائیڈ کیلئے کیا تحریر فرماتے ہیں:۔

## دہلی کے معزز و گرامی ایڈیٹر کیا فرماتے ہیں:۔

(۱) مولانا جناب سردار علی صاحب صابری سابق ایڈیٹر ریاست حال ایڈیٹر "دین دنیا" دہلی۔ مسز صابری کو "ہسٹریا سائیڈ" کے استعمال سے حیرت انگیز فائدہ ہوا امراض نسوانی کے لئے "ہسٹریا سائیڈ" سے بہتر دوا ایجاد نہیں ہوئی۔

(۲) جناب عبد الحی صاحب سنبھلوی ایڈیٹر روزانہ "وحدت" "الامان" "ہسٹریا سائیڈ" عورتوں کے بدترین اور تکلیف دہ مرض ہسٹریا کا ایک کامیاب علاج ہے اور خواتین کے امراض دماغی اور دیگر نسوانی امراض کو بھی بے حد مفید ہے۔

(۳) حضرت خواجہ حسن نظامی صاحب کے ایڈیٹر "منادی" "ہسٹریا سائیڈ" سے میری بڑی لڑکی حور بانو کو بہت فائدہ ہوا

(۴) جناب شیو نرائن صاحب بھٹناگر مالک ایڈیٹر روزانہ "وطن" دہلی سابق ایڈیٹر "تیج" روزانہ دہلی ہسٹریا کے دیرینہ و کہنہ مریضوں کے لئے "ہسٹریا سائیڈ" اکسیری علاج ثابت ہوا ہے میرے ایک رشتہ دار کی اہلیہ کو دورہ سے قطعی نجات اس بے نظیر ایجاد سے ہوئی۔

(۵) جناب دیوان شمبھو ناتھ ایڈیٹر اخبار "سوراجیہ" دہلی عورتوں کے امراض کیلئے "ہسٹریا سائیڈ" ایک جادو صفت اکسیر ہے ذاتی تجربہ سے میں اس کا مداح ہوں، لوگ اس بے بدل دوا سے پورا فائدہ اٹھائیں۔

(۶) جناب آر ایل لاہری صاحب انبار خبر فراد دہلی، میرے بزرگ میں مسز ... سپتال ہسٹریا سے بہت تنگ تھیں دن میں کئی بار غشی کے دورے پڑتے تھے میں نے "ہسٹریا سائیڈ" کیطرف توجہ دلائی مجھے بیحد مسرت ہوئی جب انہوں نے کچھ عرصہ کے بعد بیان کیا کہ ہسٹریا سائیڈ کے استعمال سے اب وہ قطعی شفا حاصل کر چکی ہے قیمت عہ فی شیشی۔ پتہ:۔

**میڈیکل ریسرچ لیبوریٹری حوض قاضی دہلی**



# الجمعیۃ بک ڈپو کی عورتوں کیلئے کتابیں

**خانہ داری** معاشرت کی اصلاح اور خانہ داری کے موضوع پر اس وقت اس سے بہتر تصنیف موجود نہیں اس کتاب میں ۴۴ مضامین ہیں جو خانہ داری کی تمام ضروریات پر حاوی ہیں قیمت عہ محصول ڈاک بذمہ خریدار۔

**خواتین اندلس** یعنی اسپین کی بڑی بڑی اعلیٰ پایہ کی شاعرہ ادیب مصور بذلہ سنج لطیفہ گو حاضر جواب خواتین کے حالات نہایت دلچسپ پیرایہ میں لکھے ہیں قیمت ۸ر محصول ڈاک علاوہ

**مرآۃ العروس** عورتوں کی اصلاح حالت اور ان کے تمدن و معاشرت کی بہتری کے لئے نہایت دلچسپ افسانہ کی صورت میں یہ کتاب ڈاکٹر نذیر احمد صاحب مرحوم نے تصنیف فرمائی تھی، جو بہت مقبول ہو چکی ہے اور جس کی زبان آج بھی بہترین سمجھی جاتی ہے قیمت ۱ر محصول ڈاک علاوہ

**ایامیٰ** یہ کتاب ڈاکٹر نذیر احمد صاحب ہی کی تصنیف ہے جس میں بیوہ عورتوں کے نکاح ثانی کی ضرورت کو ایک دلچسپ قصے کے پیرایہ میں بیان کیا گیا ہے کتاب شروع سے آخر تک پڑھنے کے قابل ہے قیمت عہ محصول ڈاک علاوہ

**اتالیق نسواں** عورتوں کی عملی کام اور انتظام خانہ داری سکھانے بہو بیٹیوں کو سگھڑ اور سلیقہ شعار بنانے والی مشہور و مقبول کتاب ہے۔

شریف لڑکی کو جو کچھ ضرور جاننا چاہیے وہ سب اس کتاب میں ہے ۱۰ حصے ۲۰۰ شکلیں ۱۳۰۰ صفحے مشاہیر قوم نے بیحد پسند فرمایا ہے قیمت للعہ علاوہ محصول

**جمال ہمنشیں** جنت مکان محترمہ خاتون اکرم کے ادبی مضامین کا مجموعہ جو مختلف رسائل میں شائع ہو چکے ہیں قیمت صرف عہر محصول ڈاک علاوہ

**پیکر وفا** محترمہ خاتون اکرم مرحومہ کا ایک افسانہ ہے جس میں ایک بیوی کی وفا پرستی دکھائی ہے قیمت عہ محصول ڈاک بذمہ خریدار

**عصمتی دستر خوان** مرغن کھانے کی ترکیب اور باورچی خانہ کا انتظام قیمتی ہدایات درج ہیں قیمت دو روپے مجلد دو روپے چھ آنے

**عصمتی کشیدہ** اس میں کشیدہ کاری کے اچھے نمونے دیئے گئے ہیں اور ہدایتیں درج ہیں قیمت عہ محصول ڈاک علاوہ

**سیدہ کا لال** واقعات کربلا کا دردناک مرقع از علامہ راشد الخیری قیمت عہر علاوہ محصول

**گرفتار قفس** تڑپا دینے والی نظموں کا مجموعہ از علامہ راشد الخیری قیمت ۸ر علاوہ محصول

**سمرنا کا چاند** تعلیم کی ترغیب اور ترتیب کی رہنمائی پر یہ موثر قصہ لکھا گیا ہے قیمت ایک روپیہ چار آنہ (عہ)

ملنے کا پتہ:۔ الجمعیۃ بک ڈپو بلیماران دہلی۔

## بسلسلہ صفحہ ۳۳

کامیابی اطالویوں کو حاصل ہوئی۔

### ۲۱ دسمبر

پیرس کی یہ اطلاع موصول ہوئی ہے کہ لیگ کونسل کا اجلاس شاید اگلے ہفتے میں منعقد ہوگا ...

### ۲۲ دسمبر

اٹلی کے ایک نمائندہ نے بیان کیا کہ تجاویز صلح کے بالکل مردہ ہو جانے کی وجہ سے یہ خیال کیا جاتا ہے کہ اطالویوں ...

کا مقابلہ کرنے والا اب کوئی نہیں ہے۔ لہٰذا وہ اپنے دستور العمل پر نہایت اطمینان سے عمل کریں گے۔

حکومت رومانیہ کی اس پابندی سے اطالویوں کو بہت نقصان ہوا کہ ... اطالویوں کو دیا جائے۔ ... اطالوی اس سے بہت پریشان ہیں۔

دریائے تکازی کی لڑائی کے بعد بہت سے اریٹریا کے سپاہیوں نے حبشیوں کے سامنے ہتھیار ڈال دئے ہیں۔

(باقی صفحہ ۳۰ پر ملاحظہ فرمائیے)


### برص اور پھلبہری کی نایاب دوا

... ویدیا راج اٹھل کشور رام نمبر ۲۹/۱ ڈاک خانہ کٹری سرائے (گیا)

### کرٹیول

درد گردہ اور ریگ مثانہ کیلئے اکسیر دوا ہے جو قیمتی معدنی نمکوں سے تیار کی جاتی ہے اپنے شہر کے انگریزی دوا فروشوں سے خریدیئے۔

المشتہر کریٹوا مینوفیکچرنگ کمپنی بازار فتحپوری دہلی

### قدیمی مشہور دوکان

اس بڑہاپا کو دور کرنے کیلئے ہندوستانی کارخانہ نے اپنا اعتبار رکھ دیا ہے ... مطابق دوا خوردہ ... مناسب قیمت پر خریداروں کو بہم پہنچانے کا فیصلہ کیا ہے ... اس کے علاوہ ہماری دوکان سے اچار مربجات ورق وغیرہ عمدہ کفایت سے خرید کر روانہ کئے جاتے ہیں۔

محمد اسحٰق محمد یحییٰ بازار کھاری باؤلی دہلی

### گپت منتر

### یک صد روپیہ انعام

... یہ منتر ہے اس منتر سے قسمت کھل جاتی ہے ... انعام دیا جائیگا قیمت ... دیکھئے ساتھ آنہ ...

SIDH MANTAR
ASHRAM No 29/1
KATRISARAI (GAYA)

### الجمعیۃ بکڈپو کی بچوں کیلئے کتابیں

**تعلیم الاسلام** ...

**الاربعین** ...

**بچوں کی آسانی** ...

**بچوں کی بوستان** ...

**بچوں کی گلستان** ...

**طب قاسمی علم** ...

**اخلاقی سبق** ...

**بچوں کا تحفہ** ...

**مکتبہ جامعہ** ...

| | |
|---|---|
| ہمارے نبی ۳ | آخری نبی ۲ |
| ہمارے رسول ۵ | بچوں کی نظمیں ۵ |

ملنے کا پتہ: الجمعیۃ بکڈپو بلیماران دہلی




طلاء اعظم
لڑکپن کی غلط کاریوں اور جوانی کی بے احتیاطیوں کی اصلاح کرتا ہے۔ بگڑی ہوئی مردہ رگوں میں خون پہنچا کر نہایت قوت بخشتا ہے۔ مخصوص عضو کی تمام خرابیاں مثلاً کمزوری، لاغری، کجی، سستی وغیرہ وغیرہ دور کرتا ہے۔ یہ سریع الاثر طلا اپنے فوائد کے لحاظ سے بے نظیر ہے۔ جدید سائینٹفک اصولوں پر سخت محنت سے بڑی مدت میں تیار ہوتا ہے۔ قیمت فی شیشی صرف تین روپے

### ایک تیر سے دو شکار

ہمارا او ڈی کلاب یا حنا اپنی گداز خوشبو سے دل و دماغ کو معطر اور ٹھنڈا کرتا ہے ہم نے اس کو مقبول عام بنانے کے لئے ۴ شیشی کی قیمت ... ایک ہی وقت میں ... ڈومی طلائی گھڑیاں ... ایک پاکٹ واچ ... بطور انعام کے دیا جائیگا ڈاک محصول پیکنگ علاوہ ...

انٹرنیشنل ٹریڈنگ کمپنی پوسٹ بکس ۱۲۷۶ (اج) کلکتہ




# حسین جاسوس

(بسلسلہ صفحہ ۳)

کا ارادہ ترک کرنا مجبوراً پڑا ...

گل شیر - کیوں ؟ تم ایسا کیوں چاہتی ہو ؟

مشتری - کیا اب میں صاف ہی صاف کہہ دوں کہ مجھے تم سے محبت ہوگئی ہے اگر سننا چاہتے ہو تو سن لو۔ لیکن میں جانتی ہوں کہ میں ... میں ہی ایک عورت ہی ہوں اور میرے سینے میں بھی دل ہے اور دل میں جذبات ہیں میں جانتی ہوں کہ میں نے نسوانی شرف کو خاک میں ملا دیا ہے مجھے معلوم ہے کہ میں ہرگز اس قابل نہیں ہوں کہ کوئی شریف مرد میری محبت کی قدر کرے لیکن ان سب باتوں کے باوجود میں اپنے دل کو اور دل سے اپنے جذبات کو نکال کر نہیں پھینک سکتی ہوں جس طرح کوئی اور عورت تم سے محبت کر سکتی ہے اسی طرح میں بھی کر سکتی ہوں میں اپنی قدر و قیمت سے خوب واقف ہوں اور کبھی ایک لمحہ کے لئے بھی میرے دل میں یہ خیال نہیں آ سکتا کہ تمہیں اپنا بنا لوں لیکن یہ بھی نہیں ہو سکتا کہ تمہاری محبت کو دل سے نکال دوں تم کبھی میرے نہیں ہو سکتے اور میری محبت کا انجام جو کچھ ہونا ہے وہ مجھے اچھی طرح معلوم ہے لیکن یہ محبت ایک بازاری عورت کی محبت نہیں بلکہ ایک عورت کی محبت ہے جو کبھی فنا نہیں ہوا کرتی۔

گل شیر - مشتری ! تم نے مجھ سے محبت کرنے میں غلطی کی اگر کسی طرح بھی ہو سکے تو اس خیال کو دل سے نکال دو۔

مشتری - یہ بالکل ناممکن ہے میں نے سب طرح کوشش کر لی۔ تم خواہ کسی کے بھی ہو مشتری اب تمہاری ہے اور صرف تمہاری۔

گل شیر - کیا تم اپنا پیشہ ترک کر دو گی ؟

مشتری - عرصہ ہوا کہ میں ترک کر چکی۔

گل شیر - اچھا اس وقت ان باتوں کو موقوف کرو۔ تمہاری خدمت میں آتے ہوں گے۔

مشتری - اب میں کسی منتظر نہیں رہتی ...

... تم وقت پر کام ... اگر ... ہی یہ بات نہ ہی کہ صورت حالات ایسی ہو جائے گی۔

مشتری - کیا میں بھی تمہارے کسی کام آ سکتی ہوں ؟ (خوش ہو کر) خدا کرے تم کو کوئی ایسا کام ہو جس میں میری جان تمہارے کام آ جائے !

گل شیر - اب ہی تو مشکل پیدا ہو گئی۔ روپیہ کے بدلے میں تمہاری خدمات خریدنے کو میں ہر وقت تیار تھا لیکن اب میرا منہ جیسے کسی نے سی دیا ہے مہربان کی طرح کھلتی ہی نہیں۔

مشتری - اچھ تمہیں تہا ہی تم کیا ... تم مجھ سے کوئی کام لو گے تو کیا تم یہ سمجھتے ہو کہ میری نظروں میں تمہاری عزت کم ہو جائے گی۔

گل شیر - اگر تمہیں مجھ سے اسی قدر محبت ہو گئی ہے کہ جس قدر تم نے ظاہر کی تو اس کے معنی یہ ہیں کہ اب تم میرا کام کرنے پر مجبور ہو تم انکار نہیں کر سکتیں۔ اب یہ اپنی مرضی کا سودا نہ رہا اور یہ مجھے اچھا نہیں معلوم ہوتا کہ تمہیں مجبور کر کے کوئی کام لوں میں تو سودا ہی کرنا چاہتا تھا اس کا اب موقع نہ رہا۔

مشتری - اچھا مجھ سے کام لینے نہ لینے کا تمہیں اختیار ہے لیکن تم بتا تو دو کہ کیا کام ہے۔

گل شیر - اصل یہ ہے کہ تمہارے یہاں جو یہ پنڈت جی اور یہ شیخ صاحب آتے ہیں مجھے ان پر شک ہے کہ اس قصبے میں جب کبھی ہندو مسلم فساد کرایا کرتے ہیں۔ اکثر ایسا ہوتا ہے کہ یہ دونوں اٹھ کر سامنے والے کمرے میں جا بیٹھتے ہیں اور باتیں کرتے رہتے ہیں۔ اب بقر عید قریب آ رہی ہے اور میرا دل کہتا ہے کہ یہ ضرور مشورہ کر کے کچھ تجویزیں سوچا کرتے ہوں گے تم سے میں صرف اتنا چاہتا تھا کہ تم کسی طرح ان کی تنہائی کی گفتگو چپکے سے سن کر مجھے بتا دیتیں۔

مشتری - اسے یہ سمجھو کوئی کام ہے میں روز ان کی ...

مشتری - لیکن وہ روز تمہیں یہاں بیٹھے ہوئے دیکھنے کے عادی ہو چکے ہیں۔ اب تمہیں نہ دیکھیں گے۔ تو کچھ شک نہ کریں۔

گل شیر - اچھا تو ابھی تمہیں تکلیف کیا کرو۔ دیکھ لیں وہ کیا باتیں کیا کرتے ہیں پھر ضرورت کے مطابق کام کریں گے۔

مشتری - اگر میں نے یہ کام کر دیا تو پھر تو تم مجھ سے خوش ہو جاؤ گے ؟

گل شیر - میں تم سے ناراض کب تھا یہ ضرور ہے کہ میری خوشی کی ایک خاص حد ہے۔

اس گفتگو کے بعد کئی ہفتے گزر گئے لیکن مشتری کو اپنی کارگزاری دکھانے کا موقع نہ ملا۔ کیونکہ اس عرصہ میں شیخ جی اور پنڈت جی اگرچہ آتے تو برابر رہے لیکن کبھی انہوں نے علیحدہ بیٹھ کر بات چیت نہ کی۔ مگر کوئی پانچ ہفتے گزرنے کے بعد ایک دن گل شیر کے آتے ہی مشتری نے کہا۔

"آج میں تم سے مٹھائی لیکے رہوں گی"

گل شیر - مٹھائی ؟ کیسی مٹھائی ؟

مشتری - (مسکرا کر) آج میں نے تمہارا چور پکڑ لیا ہے۔

گل شیر - کیا بات ہے صاف صاف کہو۔

مشتری - کل تمہارے جانے کے بعد شیخ صاحب اور پنڈت جی ساتھ ساتھ آئے تھے۔ تھوڑی دیر یہاں بیٹھے رہے اور پھر اٹھ کر باتیں کرنے کے لئے کمرے میں چلے گئے میں چپکے سے اٹھی اور برابر والے کمرے میں جا بیٹھی یہ باتیں بہت آہستہ آہستہ ہو رہی تھیں اور شروع میں تو کچھ میری سمجھ میں نہ آیا لیکن پھر کسی قدر صاف آوازیں آنے لگیں۔ تمہارا خیال بالکل درست ہے۔ دونوں میں یہی سازش ہو رہی تھی کہ اس بقر عید پر کس طرح فساد کرایا جائے۔

گل شیر - تم نے کیا کیا باتیں سنیں ؟

مشتری - میں بڑی مشکل سے کہیں کہیں دو چار لفظ سن سکی۔ بقر عید، ہندو، مسلمان، فساد، قربانی اور اسی قسم کے اور بہت سے لفظ میرے کان میں پڑے جن سے میں نے نتیجہ تو نکال لیا کہ تمہارا شک بالکل صحیح ہے لیکن پوری بات کوئی نہ سن سکی۔ آج پھر باتیں کرنے کا ان میں باہم وعدہ ہوا ہے اور اب میں نے کچھ ایسا انتظام کر دیا ہے کہ میں ان کی گفتگو کا ایک ایک لفظ سن سکوں گی۔

گل شیر - آج میں ہی کیوں نہ چھپ جاؤں۔

مشتری - نہیں۔ ہمیں کوئی چھوٹے سے چھوٹا موقع بھی شک کرنے کا انہیں نہ دینا چاہئے۔

گل شیر اپنے وقت پر آیا تھا۔ پنڈت جی اور شیخ جی کا ابھی تک پتہ نہ تھا۔ بار بار گل شیر کو یہ اندیشہ پیدا ہوتا تھا کہ کہیں وہ دونوں کچھ کھٹک نہ گئے ہوں اور وہ اسی خیال سے پریشان ہو جاتا تھا۔ بہت دیر کے بعد وہ دونوں آئے لیکن گل شیر کے معمول کے مطابق اس کا وقت ختم ہو چکا تھا اس لئے وہ اٹھ کر چلا آیا اور وہ رات بڑی بے چینی سے گزاری۔ دوسرے روز وہ اپنے مقررہ وقت پر مشتری کے یہاں پہنچا تو اسے بے حد خرم اور مسرور پایا۔

"آج میں نے سب کچھ سن لیا ہے" اس نے مسکرا کر کہا۔

گل شیر - جلدی سے سناؤ کیا کیا باتیں ہوئی تھیں۔

مشتری - مختصر یہ ہے کہ اس بقر عید پر فساد کرانے کا فیصلہ ہو گیا ہے۔ مقبائی ٹولہ میں کوئی حاجی سیٹھ رہتے ہیں ان کے مکان کے برابر کسی ہندو کا مکان ہے اور پھر بہت سے گھر ہندوؤں ہی کے ہیں۔ یہ طے ہوا ہے کہ حاجی سیٹھ اپنے دروازے کے سامنے گلی میں گائے ذبح کریں گے شیخ جی نے یہ کام اپنے ذمہ لیا ہے کہ حاجی سیٹھ کو آمادہ کر دیں اور مسلمانوں کی ایک جماعت کو بھی موقعہ پر تیار رکھیں تاکہ ہندوؤں سے مقابلہ ہو سکے۔ پنڈت جی کے سپرد یہ کام ہے کہ وہ پہلے سے حاجی سیٹھ کی گائے کا ذکر سنا کر ہندوؤں کو بھڑکائیں اور قربانی کے وقت اس محلے کے ہندوؤں سے حاجی سیٹھ کے مکان پر حملہ کرا دیں۔

گل شیر - افوہ ! ان بدمعاشوں کی یہ حرکتیں ہیں مشتری ! مجھے تم پر پورا پورا بھروسہ ہے پھر بھی یہ کہنا چاہتا ہوں کہ دیکھو اس معاملے میں کسی قسم کا دھوکا یا غلط بیانی نہ ہو تم خفا نہ ہو میں نے برا کیا کہ ایسا لفظ زبان سے نکالا لیکن یہ معاملہ میرا ذاتی نہیں ہے قوم اور ملک کا ہے اس لئے مجھے ہر ضروری احتیاط کرنی چاہئے۔

مشتری - میں تمہارا مطلب سمجھ گئی تم بالکل اطمینان رکھو۔ اور پرسوں شام کو مغرب سے پہلے اگر تم میرے یہاں آ جاؤ اور گوارا کرو تو سب کچھ اپنے کانوں سے سن سکتے ہو۔


### مجلس علمی ڈابھیل کا گرانقدر علمی کارنامہ

حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی (قدس سرہ) کی دوسری نادر تالیف طبع ہوگئی

... حضرت شاہ ولی اللہ صاحب قدس سرہ ... شاہ صاحب ... مجلس علمی ... کی مفصل فہرست مضامین بھی مرتب کر کے شامل کر دی گئی ہے۔

آخر رمضان المبارک تک اس کی رعایتی قیمت ... تاجروں کو معقول کمیشن دیا جائیگا۔

فہرست مطبوعات ... مفت طلب فرمائیے ...

سید احمد رضا ناظم مجلس علمی ڈابھیل ... قاضی محلہ بجنور

گل شبیر - پرسوں کیا ہے؟

مشتری - پرسوں پھروہ کچھ مشورہ کریں گے اور اس مشورہ میں یہاں کے دونوں اخبار والے ایڈیٹر بھی شریک ہوں گے۔

گل شبیر (حیرت سے) کیا "پیام امن" کے ایڈیٹر؟

مشتری - ہاں وہ بھی اور "شانتی" کے ایڈیٹر صاحب بھی۔

گل شبیر - خدایا تیری پناہ! دنیا میں انسان اب کس کا اعتبار کرے۔ لیکن یہ ایڈیٹر بھی تمہارے مکان پر آئیں گے؟

مشتری - مجھ سے کہا گیا ہے کہ میرے گانے کی تعریف سنکر پنڈت جی اور شیخ صاحب کے دو دوست یہاں آنا چاہتے ہیں۔ ان کی چار کی دعوت بھی اسی جگہ ہے۔

گل شبیر (کچھ سوچکر) مشتری! تم نے ان کی یہ بہت ہی بڑی خدمت انجام دی ہے خدا تمہیں اس کی جزا دیگا۔ لیکن کیا یہ ممکن ہے کہ میرے علاوہ کچھ اور لوگ بھی تمہارے سونے کے کمرے میں چھپ سکیں۔؟

مشتری - تم جو کچھ چاہو وہ سب کچھ ہو سکتا ہے۔

گل شبیر - اچھا تو پرسوں میرے علاوہ پانچ آدمی تمہارے یہاں آئیں گے یہ سب لوگ الگ الگ آئیں گے تاکہ کسی کو شبہ نہ ہو۔ جو شخص تم سے یہ کہے کہ مجھے گل شبیر خاں نے بھیجا ہے اسے تم اس کمرے میں چھپا دینا اور کچھ نہ کہنا۔ مشتری کو محبت کی نگاہوں سے دیکھ کر) اچھا بس اور کچھ نہیں۔!

---

سید جمال نے اسی روز یہ تمام حالات کانگرس کمیٹی کے خاص خاص ممبروں سے بیان کئے اور کہا کہ "میں چاہتا ہوں کہ قصبے کے دو ہندو اور دو مسلمان معززین کو کرحن بر عوام کو بھروسا ہو اس بات پر راضی کیا جائے۔ کہ مشتری کے یہاں جاکر اپنے لیڈروں اور اپنے اخباروں کے حالات دیکھ لیں ایک شخص کانگرس کا بھی پہونچ جائے تو بہتر ہے اور میرے خیال میں بابو بھگوان سہائے اس کام کے لئے سب سے زیادہ موزوں ہوں گے۔ سب نے اس رائے کو پسند کیا اور دوسرے روز کوشش کرکے پنڈت کرپارام، لالہ ہزاری مل، مرزا اسعد اللہ بیگ اور ماجر کرم داد خاں کو جو شہر پور کے سب سے بڑے رئیس اور عوام میں ہر دلعزیز تھے تمام حالات سنا کر اس بات پر رضامند کر لیا گیا کہ وہ الگ الگ اور بھیس بدل کر مشتری کے مکان پر پہونچ جائیں۔

سب لوگ قرارداد کے مطابق پہونچ گئے مشتری نے سب کو اس طرح چھپا دیا کہ اگر کوئی اس کمرے کے اندر بھی آجائے تو کچھ پتہ نہ چلے مغرب سے کچھ دیر پہلے شیخ جی اور پنڈت جی اپنے دو دو دوستوں کو لئے ہوئے پہونچے۔

شیخ جی (مشتری سے) آج آپ کے گل شیر خاں صاحب کہاں ہیں؟

مشتری (مسکرا کر) ہمارے پٹھان دی تندرو دان؟ وہ دن میں تو کبھی نہیں آیا کرتے۔

پنڈت جی - ہاں ہمیں خیال ہی نہ رہا کہ آج ہم دن ہی میں دوستوں سمیت آگئے تو پہلے آپ لوگ

چار پی لیجئے (مشتری سے) جی تو چاہتا ہے کہ آپ بھی شریک ہوں مگر ہمارے پنڈت صاحب بہت ہی کٹر قسم کے ہندو ہیں چھوت چھات کا حد سے زیادہ خیال کرتے ہیں۔

مشتری - آپ چار پئیں، میں اتنے گانے کی تیاری کرتی ہوں۔ مذہب کا خیال تو ہر شخص کو کرنا چاہئے۔

کمرے میں بیٹھکر چاروں میں بے تکلفی کے ساتھ باتیں شروع ہوگئیں۔ "شانتی" کے ایڈیٹر صاحب نے شکایت کی کہ چھ چھ مہینے اور سال سال بھر اپنے اخبار کے زور سے مواد ہم بیچا یا کرتے ہیں لیکن نفع سارا کا سارا پنڈت جی اور شیخ جی کے حصے میں آتا ہے۔ شیخ جی نے کہا کہ ہمیں کیا مل جاتا ہے۔ سال بھر تک روزانہ عدالتوں کے پھیرے کرتے کرتے لمبی چوڑی جوتیوں [illegible] رہ جاتے ہیں پھر یہ سب اتنا ہی ملتا ہے کہ روٹی پیٹ بھر مل جائے۔ مزے تو وکیلوں کے ہیں۔ ایک ایک پیشی کے سو سو دو دو سو روپے لیتے ہیں اور فرسٹ کلاس کا کرایہ الگ۔

پنڈت جی - اچھا صاحب اب کام کی باتیں کیجئے ہماری تجویز تو آپکو معلوم ہوگئی۔ شیخ جی نے وعدہ کیا ہے کہ یہ حاجی سیٹھ سے بقر عید پر گؤ کی قربانی کرائینگے اور گھر کے دروازے کے سامنے تاکہ محلے کے ہندوؤں کی اس پر نظر پڑے۔ یہ میرا کام ہے کہ ہندوؤں کی ایک بڑی جماعت تیار رہے گی اور حاجی سیٹھ کے مکان پر حملہ کردے گی شیخ جی کچھ مسلمانوں کو بھی موقع پر تیار رکھینگے اب یہ آپ لوگوں کا کام ہے کہ بقر عید تک خوب زور دار مضامین لکھ لکھ کر ہندو مسلمانوں کے جذبات اچھی طرح مشتعل کردیں، وکیلوں سے معاملہ کرلیا گیا ہے اور جن لوگوں کو فائدہ پہونچیگا ان سے بھی کمیشن طے ہوگیا ہے ہمارا معاملہ تو کھرا ہوتا ہے، پچھلے موقعوں پر آپنے دیکھا کہ آپ کا حصہ گھر بیٹھے آپ کی خدمت میں پہونچ گیا تھا۔

شیخ جی (ہنسکر) اب ان صاحبان کو کوئی انکار تھوڑا ہی ہے، مگر پنڈت جی میں نے سنا ہے کہ اس مرتبہ کانگرس والے بڑا زور لگا رہے ہیں کہ فساد نہ ہونے پائے۔

شانتی کے ایڈیٹر - اجی کانگرس والوں کی آپ نے بھلی کہی وہ جرخہ چلانا جانیں، انہیں سیاسیات میں کیا دخل ہے جب تک ہندوستان میں ایسے لوگ موجود ہیں کہ جو ہندو مسلمانوں کو لڑاتے رہیں اس وقت تک کانگرس کچھ نہیں کرسکتی۔ وہ اپنی اہنسا اور حق وصداقت لئے بیٹھے رہیں، یہ زمانہ ان چیزوں کا نہیں ہے، آج کل تو عیاری مکاری دغابازی فریب اور جھوٹ کا دور دورہ ہے یہ باتیں کانگرس کو آتی نہیں۔

پنڈت جی - اس دفعہ تو یہ بھی ارادہ ہے کہ دو ایک مردے موٹوں کو بھی پھانس لیا جائے۔ پولس والوں کو رقم اگر مل سکتی ہے تو مال دار اسامیوں ہی سے مل سکتی ہے میں نے تو سوچ لیا ہے کہ اس مرتبہ کسی نہ کسی منشی کے قتل کے سلسلہ میں راجہ کرم داد خاں کا نام آجائے گا اور مسلمانوں کے قتل کے الزام میں سیٹھ ہزاری مل [illegible] ہوں گے تب ذرا لطف آئے گا۔

شیخ جی - ہاں تو بہت اچھا۔

---

لیکا یک برابر والے کمرے کا پردہ اٹھا اور کرم داد خاں اور دیگر معززین گالیاں دیتے ہوئے نکلے۔ سازش کھل گئی، بھانڈا پھوٹ گیا اور شیخ جی اور پنڈت جی کو اب اپنے گھروں میں سے باہر نکلنا دشوار ہوگیا، دسمبر کا ہی کی سب امیدوں پر پانی پھر جانے کے علاوہ یہ سخت بڑی مصیبت ہوگئی کہ اب جس طرف سے نکلتے تھے لوگ انھیں گالیاں دیتے تھے ان کے منہ پر تھوکتے تھے اور کبھی کبھی ایک آدھ لات گھونسے سے بھی ان کی تواضع ہو جاتی تھی۔ کوئی ان سے بات نہ کرتا تھا اور کوئی ان کے پاس کھڑا ہونے کا روادار نہ تھا۔ خارش زدہ کتوں کی طرح وہ اپنی بوٹیاں نوچتے الگ الگ پھرا کرتے تھے۔

ان واقعات پر ابھی صرف چار ہی روز گذرے تھے کہ ایک روز صبح کو تمام قصبے میں یہ خبر مشہور ہوگئی کہ مشتری طوائف کو کسی نے قتل کردیا اور اس کا تمام مال اسباب لوٹ لیا گیا۔ پولیس تحقیقات کے لئے پہونچی تو معلوم ہوا کہ مرنے والی نے جب اس سے پوچھا گیا کہ کون تھا تو کچھ ایسا لفظ کہا تھا کہ جسے پنڈت سمجھا جائے پولیس نے یہ بھی دیکھا کہ مشتری کے سفید کپڑوں پر جو خون کے دھبے تھے وہ کسی کے ہاتھ کے نشانات تھے سید جمال نے پولیس کو تمام واقعات بتا کر اپنا شک ظاہر کیا اور پنڈت جی اور شیخ جی گرفتار کرلئے گئے کپڑوں پر انگلیوں کے جو چھاپے بن گئے تھے ان سے شناخت کی گئی تو معلوم ہوا کہ نشانات انہی حضرات کی انگلیوں کے ہیں ملزموں نے یہ دیکھکر کہ تمام شہادتیں

دیا ہوگا جس اقبال جرم کرلیا اور سزایاب ہوگئے۔ سید جمال نے اس واقعے کے بعد شادی نہیں کی جو پوتا ہے کہ وہ لوگ انھیں ہمیشہ قبرستان جاتے اور مشتری کی قبر پر پھول چڑھاتے دیکھا کرتے ہیں۔

**تمت**

**آزادی** یہ جان اسٹورٹ مل کی کتاب لبرٹی کا صحیح اور بامحاورہ ترجمہ ہے جو سیاسیات کے درس کا ایک اہم جزو ہے، اہل انگلستان کے ان چند ارباب فکر میں سے ہے جس نے اپنی بلند خیالی اور زور قلم سے یورپ کے اہل فکر میں انقلاب پیدا کردیا۔ مترجمہ سعید انصاری صاحب بی اے (جامعہ) مع مقدمہ پروفیسر محمد مجیب صاحب بی اے آکسن قیمت ایک روپیہ آٹھ آنہ (عہ) محصول ڈاک علاوہ

**نہرو رپورٹ** ہندوستان کے ہندو اساسی کی تشکیل کیلئے یہ رپورٹ مرتب ہوئی تھی جس میں سیاسیات ہند اور ہندوستانیوں کے مطالبات کا پوری وضاحت سے تذکرہ ہے قیمت ۸ محصول ۱۰ علاوہ [illegible]

**مالیات عامہ** ہندوستان کے موجودہ اقتصادی حالات پر مالیات عامہ سے جوازک اس کا بیان اور ہمارے افلاس کے اسباب پر ایک دردناک تبصرہ ان تمام باتوں کو سمجھنے والوں کیلئے یہ کتاب بڑی مفید ہے مصنف بے نظمان ربانی ایم اے بی ایس سی مترجمہ مولوی قاضی تلمذ حسین صاحب قیمت ۱۲ محصول ڈاک علاوہ۔

الجمعیۃ بک ڈپو بلیماران دہلی

**مطبوعات اردو سرکل لائل پور**

**پیکار** گالزوردی کا ایک ڈرامہ۔ سرمایہ و محنت میں تصادم۔ پیکار۔ ایک آتشین شعلہ ہے جسے اندیشہ فرنگ نے حریر و پرنیاں میں چھپا رکھا ہے۔ ترجمہ مع مقدمہ از باری مجلد قیمت ایک روپیہ (عہ)

**دی راج** ایک روسی محب وطن خاتون کا شاندار ارشاد کا زاریت ظلم و ستم کی تصویر آسار وائلڈ کی ایک پر زور ڈرامہ کا ترجمہ ۹ر

**ہندوستان** عہد قدیم کی داستان از محمد بشیر خاں۔ اس کتاب کا مطالعہ طلباء میں جذبہ وطنیت پیدا کرنے کے ساتھ تاریخ کا شوق بھی پیدا کرتا ہے۔ زبان سلیس اور عام فہم انداز بیان دلچسپ۔ قیمت ۳ر

**سراج الدولہ سے بہادر شاہ تک**

زیر ترتیب

ہندوستان کی صد سالہ تاریخ مغلیہ عظمت مرہٹی جرأت۔ افغانی شجاعت اور راجپوتی سطوت ایمان حیثیت میں۔ نوجوان ادیب باری کی شاندار تصنیف ضخامت اندازاً تین صد صفحات قیمت تقریباً تین روپیہ

**میکدہ** کلام بلاغت نظام علامہ منیر دستی قیمت ۱۲

ملنے کا پتہ:-

منیجر اردو سرکل لائل پور (پنجاب)

**بچوں کو پڑھانے کی مشین**

اگر کسی اردو اور عربی قاعدے کے ذریعہ ایک بڑا پانچ سال کا صرف ڈیڑھ ماہ کے قلیل عرصہ میں اردو پڑھنے لکھنے اور قرآن مجید پڑھنے کی استعداد حاصل کرلے تو کیا ایسے قاعدے کو "پڑھانے کی مشین" کہنا بیجا ہوگا؟

بات صرف یہ ہے کہ آسان سے مشکل تک پہنچنے کا زرین اصول جس کامیابی کیساتھ عربی کا نیا قاعدہ اور اردو کا نیا قاعدہ کی ترتیب میں استعمال کیا گیا ہے وہ کسی قاعدہ میں نہیں پایا جاتا اسی لئے بچے بڑی آسانی سے اردو و عربی کے حروف شناس ہو جاتے ہیں معصوم بچوں پر رحم کر دو اور یہی قاعدے پڑھاؤ ہر ایک قاعدہ دو حصوں میں لکھا گیا ہے

قیمت فی قاعدہ ۲ آنے

ملنے کا پتہ:-

مولوی عبدالستار خان

۲۳۲ بھنڈی بازار۔

بمبئی ۳



# سات دن کی اہم خبروں کا خلاصہ

(بسلسلہ صفحہ ۲۲)

بورڈ کا جلسہ آج ختم ہوا اور بہت سے ریزولیوشن پاس کئے گئے۔

**صوبہ آسام کا ہائی کورٹ** آسام کی لیجسلیٹو اسمبلی میں یہ فیصلہ کیا گیا کہ صوبہ میں ہائی کورٹ قائم کیا جائے۔

**مسٹر بالڈون کے خلاف نکتہ چینی** مسٹر بالڈون کے خلاف مسرتوں کے تجاویز صلح میں حصہ لینے کے متعلق سیاسی حلقوں میں اور اخبارات نہایت شدید نکتہ چینی کی جارہی ہے۔

## ۲۱ دسمبر

**پنجاب یونیورسٹی کا جلسہ تقسیم اسناد** آج پنجاب یونیورسٹی کا سالانہ جلسہ تقسیم اسناد منعقد ہوا اور سر ہربرٹ ایمرسن نے تقریر کی۔

**پنجاب کا سنٹرل ایڈوائزری بورڈ** پنجاب کے محکمہ تعلیم کے سنٹرل ایڈوائزری بورڈ کا آج اجلاس منعقد ہوا اور پنجاب میں بالغوں کی تعلیم کے موضوع پر سر ایچ ایمرسن نے خطبہ صدارت پڑھا۔

**دہلی میں پانی کا خرچ** دہلی کے جوائنٹ واٹر بورڈ کی رپورٹ آج شائع ہوئی ہے جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ دہلی میں آج کل روزانہ دس ملین گیلن پانی صرف ہوتا ہے۔

**صوبہ بنگال کا ایک مسودہ قانون** بنگال کی لیجسلیٹو کونسل میں کورٹ آف وارڈز امنڈمنٹ بل کی سخت مخالفت کی گئی اس بل کا مقصد یہ ہے کہ عدالت کو قرضخواہوں کی امداد کیلئے مزید حقوق دئے جائیں۔

**بنگال کونسل کا ایک نیا ممبر** بنگال کے گورنر نے رائے گریس چندر [illegible]

بہادر کو بنگال لیجسلیٹو کونسل کا ممبر مقرر کیا ہے۔

**برطانوی کابینہ کی جدید تشکیل** خیال کیا جاتا ہے کہ برطانوی کابینہ کی دوبارہ تشکیل کے بعد وزیر خارجہ کو عارضی طور پر مقرر کیا جائے گا۔ لندن کی پارلیمنٹ کے دارالعوام و دارالامرا ۴ فروری تک بند رہیں گے۔

**نماز جمعۃ الوداع میں مداخلت** بنارس میں جمعۃ الوداع کے روز مسجد گیان واپی میں جگہ کی گنجائش کی کمی کی وجہ سے مسلمانوں نے مسجد سے باہر نماز پڑھنے کا قصد کیا۔ یہ امر چونکہ دفعہ ۱۴۴ کی خلاف ورزی کا باعث تھا۔ لہذا پولیس اس میں مخل ہوئی اور مسلمانوں اور پولیس کے درمیان تصادم ہوگیا۔ اس سلسلہ میں ۲۲ مسلمانوں کو سخت قید وجرمانہ کا حکم ہوا۔

## ۲۲ دسمبر

**مجلس بے روزگاری کا اجلاس** صوبہ متحدہ کی مجلس بے روزگاری کا آج اجلاس ہوا جس کی رپورٹ شائع ہوچکی ہے۔ عوام الناس اس رپورٹ کو نہایت پسندیدگی کی نظر سے دیکھ رہے ہیں۔

**مالکان کارخانہ جات کے مطالبہ کی مخالفت** اسپیشل ٹرف بورڈ کے اجلاس میں بمبئی کے ایوان تجارت نے مالکان کارخانہ جات کے اس مطالبہ کی بہت مخالفت کی۔ کہ مالکان مذکور کو انکلستان کے مقابلہ کے لئے حکومت کی مزید امداد ملنی چاہئے

**پتھروں کی بارش** کلکتہ میں ایک کوٹھی پر پتھروں کی شدید بارش ہوئی۔ کوٹھی کے نوکر چاکر سب باہر نکل آئے اور دیر تک پتھر اسی طرح برستے رہے اور اس امر کی کوئی ظاہرا صورت نظر نہ آئی کہ پتھر کہاں سے آتے ہیں۔ پولیس اس معاملہ کی تفتیش کررہی ہے۔ کہا جاتا ہے کہ باوجود پتھروں کی سخت بارش ہونے کے جتنے لوگ

اس بارش میں موجود تھے۔ تعجب ہے آدمی کو بھی نہیں لگا۔

**دہلی میں ہفتہ جوبلی کا آغاز** دہلی میں ہفتہ جوبلی کا آغاز ہوگیا ہے جناب ڈاکٹر انصاری صاحب نے کانگریس سودیشی نمائش کا افتتاح فرمایا اور ایک برجستہ تقریر میں حاضرین کو مخاطب کرتے ہوئے ارشاد فرمایا کہ یہ موقع ہندوستانیوں کے لئے باعث فخر ہے کہ آج کانگریس ملک کی بہبودی کے لئے پچاس سال متواتر ساعی رہ کر اپنے پچھلے ریکارڈ کو دیکھ رہی ہے اور اس ریکارڈ کو ہندوستان کی تاریخ میں مایہ ناز پاکر کانگریس کا ہفتہ جوبلی منا رہی ہے۔

**سر سیموئل ہور کی صحت** سر سیموئل ہور کو ڈاکٹروں نے مشورہ دیا ہے کہ وہ تین ماہ اور آرام کریں۔

**آئندہ وائسرائے کی اپیل** ہندوستان کے آئندہ وائسرائے لارڈ

لنلیتھگو نے ایڈنبرا کے ہیڈ ماسٹروں کی کانفرنس کے اجلاس میں ایک تحریری پیغام بھیجا ہے۔ اور یہ درخواست کی ہے کہ وہ انڈین سول سروس کے لئے نہایت موزوں طلباء مہیا کریں۔

**عراق میں غیر ملکیوں کے متعلق قانون** عراق کی اطلاعات سے معلوم ہوتا ہے کہ وہاں کی حکومت اس ایجی ٹیشن کو کوئی اہمیت نہیں دے رہی ہے جو عراق میں غیر ملکی مزدوروں کے متعلق بنایا گیا ہے۔ مگر یہ ایک حقیقت ہے کہ حران کی لیجسلیٹو کونسل اس امر پر بہت غور کررہی ہے۔

**منگولیا میں جنگی تیاریاں** منگولیا کی ایک خبر سے ... نے جنگ کی ان تیاریوں پر تقریر کی ہے جو منگولیا کے خارج دارالحکومت روزانہ ترقی پذیر ہیں۔

# الجمعیۃ بکڈپو کی مذہبی کتابوں کا نایاب ذخیرہ

**ترجمان القرآن** حضرت مولانا ابوالکلام آزاد دہلوی قرآن حکیم کے مطالب اور معانی تمہارے خاص انداز تحریر کیساتھ ظاہر فرمائے ہیں اور ابتدا میں سورہ فاتحہ کی ایک نہایت فصیح وبلیغ تفسیر ہے جو ایک بے نظیر ہے لکھائی چھپائی نہایت دیدہ زیب سے کاغذ سفید چکنا ہے قیمت جلد اول للعہ مجلد للعہ محصول ڈاک ایک روپیہ قیمت جلد دوم مجلد غیر مجلد

**تفسیر بیان القرآن** حضرت مولانا اشرف علی صاحب تھانوی کی تفسیر جو بارہ جلدوں میں شائع ہوئی ہے۔ اردو داں مسلمانوں کیلئے ایک نعمت غیر مترقبہ ہے جس میں قرآن حکیم کے مطالب نہایت شرح وبسط کیساتھ عام فہم زبان میں لکھے گئے ہیں معمولی اردو جاننے والے اور علماء کرام مساوی طور پر فائدہ حاصل کرسکتے ہیں قیمت کامل رہ جلد للعہ علاوہ محصول ڈاک

**البیان فی علوم القرآن** (انگریزی) مولانا عبدالحق صاحب مفسر دہلوی مصنف تفسیر حقانی کی معرکۃ الآرا تفسیر کے مقدمہ کا انگریزی ترجمہ جو ہندوستان اور بیرون ہند میں مقبولیت خاص حاصل کرچکا ہے اور انگریزی زبان میں اپنی آپ مثال ... صرف چند جلدیں باقی رہ گئی ہیں قیمت فی جلد ... محصول ڈاک علیحدہ۔

**الجمال والکمال** سورہ یوسف کی محققانہ تفسیر اردو میں یہ ایک بہترین تصنیف ہے جسے قاضی محمد سلیمان منصور پوری نے نہایت دلچسپ انداز میں مرتب فرمایا ہے۔ قیمت ۸ر علاوہ محصول ڈاک

**فلسفہ تعلیم اسلام** اسلام کے ان تمام تعلیمات کو جن پر ایمان لانے پر ہر ولی عباد ذہن مقبول نہیں ہوتا علوم عقلیہ، فلسفہ، منطق، سائنس ہیئت، طب، تشریح اور تاریخ وغیرہ قرآن وحدیث وفقہ وتفسیر کلام وتصوف کی روشنی میں اس طرح ثابت کیا ہے کہ جس کے مطالعہ کے بعد کسی قسم کی شک وشبہ کی مطلق گنجائش باقی نہیں رہتی ہر شخص بھی اس کتاب کو سرسری نظر سے دیکھنے سے اسلام کی روشنی اس کے دل ودماغ کو چمکا دیتی ہے، لکھائی چھپائی دیدہ زیب کاغذ چکنا سفید ضخامت ۲۶×۲۰ صفحات ۸۳۰ قیمت ... جلد للعہ مجلد تین روپے محصول ۱۱

**تقریر سیرت** یہ تقریر حضرت سحبان الہند مولانا الحاج حافظ احمد سعید صاحب کی ہے جو خطبہ حسنہ کا ایک نادر مجموعہ ہے جس میں شریعت مقدسہ کے نہایت دقیق مسائل و دشوار نکات اس طرح بیان کئے گئے ہیں کہ ہر عالم وعامی ان کو سمجھ سکتا ہے اور ان سے استفادہ کرسکتا ہے حضرت مولانا ممدوح نے از ابتدا تا انتہا زبان اور خوبی زبان کی تمام خصوصیات اس کتاب میں جمع کردی گئی ہیں جس کے متعلق ہندوستان کے اکثر سربرآوردہ اخبارات اور رسائل نے بہترین آرا کا اظہار کیا ہے پہلا ایڈیشن قریب الختم ہے جو حضرات فوراً نہ منگائیں گے انھیں دوسرے ایڈیشن کا انتظار کرنا پڑیگا۔ پوری کتاب ... صفحات پر مشتمل ہے جس کی قیمت علاوہ محصول ڈاک

**ترجمہ اردو تفسیر حسینی تفسیر قادری** تفسیر کی مشہور ومعروف کتاب ہے جو دو جلدوں میں نول کشور پریس کی چھپی ہوئی ہے تقطیع بڑی ہے ہر آیت کی تفسیر علیحدہ علیحدہ کی گئی ہے قیمت ... جلد غیر مجلد ... مجلد ... محصول ڈاک بذمہ خریدار

الجمعیۃ بکڈپو بلیماران دہلی

**طوفان حوادث**

اردو زبان کے مشہور ادیب وافسانہ نگار مولوی شبیر حسین صاحب امروہوی کا ایک بہترین افسانہ ہے جس میں سراغرسانی کے متعلق حیرت انگیز واقعات دکھائے گئے ہیں اور ایسے حالات میں جبکہ نہایت پراسرار طریقہ پر ایک رئیس کا قتل ہوا ہے اور اصل مجرم کے متعلق کسی کو ذرہ برابر شبہ بھی نہیں ہوسکتا ایک ماہر سراغرساں کی قابلیت وصلاحیت کا نمونہ پیش کیا ہے اس افسانہ کو ایک مرتبہ شروع کردینے کے بعد ختم کئے بغیر چھوڑنا ناممکن ہے جن حوادث کا طوفان اس کتاب میں برپا کیا گیا ہے وہ اس قدر دلچسپ جاذب توجہ اور ہنگامہ خیز ہیں کہ ایک حادثہ کے بعد دوسرے کا مطالعہ لازمی ولابدی ہوجاتا ہے زندگی کے متعلق ہزاروں تجربات اور فطرت انسانی کی اندرونی معلومات کا ایک بہترین دلچسپ ذخیرہ ہے ادبی ذوق رکھنے والے حضرات اس افسانہ کو جداگانہ نوعیت کا ایک انتہائی تعجب خیز افسانہ ہے ضرور منگائیں قیمت صرف آٹھ آنہ علاوہ محصول ڈاک ۲۰ اکتوبر ۱۹۳۵ء سے قبل کے خریداران الجمعیۃ کو ۵ کے ٹکٹ ارسال کرنے پر مفت بھیجا جائے گی۔

ملنے کا پتہ:-

الجمعیۃ بک ڈپو، بلیماران دہلی

## ہورلاول تجاویز کا استرداد

ان تجاویز صلح کو مسترد کر دیا گیا ہے جن کو مسٹر لاول اور سر سیموئل نے پیش کیا تھا۔ اب یہ اندیشہ محسوس کیا جاتا ہے کہ مسٹر لاول کہیں مستعفی نہ ہو جائیں۔ فرانس والے نئے وزیر اعظم کے تقرر کے بارے میں نہایت متفکر ہیں۔

## غلامانہ ذہنیت کا مظاہرہ

پراونشل کانگریس نے اپنے اجلاس میں یہ ریزولیوشن پاس کیا ہے کہ سرکاری افسروں کو ایڈریس دینا غلامانہ ذہنیت کا مظاہرہ ہے۔ لہذا کانگریس کے ممبروں کو یہ چاہیئے کہ وہ ہندوستان میں آنے والے نئے وائسرائے کو ایڈریس نہ پیش کیا کریں۔

## ۲۳ دسمبر

### کوئٹہ کی دوبارہ تعمیر

زلزلہ کے متاثر زلزلوں نے کوئٹہ کو جو بالکل تباہ کر دیا ہے۔ حکومت کا خیال ہے کہ پھر کوئٹہ کی پرانی طرز پر بنایا جائے۔

### چاندی کی قیمت

دہلی کی چاندی کے بازار کی حالت درست ہوتی جا رہی ہے۔ چاندی کی قیمت میں استقلال پیدا ہو گیا ہے۔ نئے حال چاندی کی قیمت ۵۵ روپے کے قریب ہے۔

### فوجی افسروں کی پنشن میں اضافہ

حکومت ہند نے یہ فیصلہ کیا ہے کہ ہر جو فوجی افسر ہندوستانی فوج میں ملازم ہو گا ان کی پنشن میں اضافہ کیا جائے گا۔

### نیا برطانوی وزیر خارجہ

سر اسٹیفن برطانیہ کے نئے وزیر خارجہ مقرر ہوگئے ہیں۔ حالانکہ اطالویوں نے ان کے تقرر کے خلاف بے اطمینانی کا اظہار کیا تھا۔

## جنگ حبش کے سات دن

(سلسلہ صفحہ ۳۲)

### ۲۳ دسمبر

ٹوبیانی کی اطلاع ہے کہ اطالیہ کی اس جنگی فوج کو بہت نقصان پہنچا ہے جو ادوا اور ہڑ پر اوڈلے ہوئے ہے اس کی وجہ یہ بیان کی جاتی ہے کہ حبشیوں نے شائر پر حملہ کر دیا ہے حبشیوں کے اس حملہ نے اطالویوں کو یہ محسوس کرا دیا ہے کہ انہوں نے اپنے دو فوجی دستوں کو یہاں سے میکالے بھیج کر چیچنگ کی پالیسی کے لحاظ سے بہت سخت غلطی کی ہے۔ کیونکہ ان دو فوجی دستوں کے میکالے چلے جانے سے دریائے تنگازی کے مورچہ پر صرف ایک فوجی دستہ باقی رہا اور یہ فوجی دستہ اکیلا حبشیوں کے مقابلہ کے لئے نہایت کمزور ہے۔

*

روم کی اطلاع ہے کہ اودی ابی کے مقام پر حبشیوں اور اطالویوں کے درمیان سخت لڑائی ہوئی۔ حبشی شکست کھا کر بھاگ نکلے اور اطالویوں نے ان کا تعاقب کیا۔ طرفین کے مجروحین کی تعداد ابھی شمار نہیں کی گئی ہے۔

### ۲۴ دسمبر

اسمرہ کی اطلاع ہے کہ اطالویوں نے تامبین کے علاقہ میں حبشیوں پر دھاوا بولدیا۔ اس میں طرفین کے ۸۵۰ آدمی کام آئے۔ اطالویوں کا بیان ہے کہ انہوں نے اطالوی ہوائی جہاز ... نہایت کامیاب رہے ... ہوائی جہازوں کا سامان ...

*

عصمہ اشیا نعوروں کا تھا۔

*

ادیس ابابا کی اطلاع ہے کہ حبش والوں نے اطالویوں کی پیشقدمی کی اور ادی گولہ کے علاقہ پر قبضہ کر لیا۔

*

لندن کی اطلاع ہے کہ فرانس اور برطانیہ کے بری بحری افسران نے آپس میں گفتگو کی جس کا موضوع یہ تھا کہ اگر اطالوی ان میں سے کسی پر حملہ آور ہوں گے تو دونوں ایک جانب سے مقابلہ کریں گے۔

### فلسطین میں یہودیوں کی مشن نئی

فلسطین میں جمہوری حکومت کی جو تجاویز پیش کی گئی ہیں بیان کیا جاتا ہے کہ یہودیوں نے ان کی سخت مخالفت کی ہے۔

### ۲۴ دسمبر

### ایک صندوق میں لاش

بمبئی میں ایک لاش صندوق میں بند پائی گئی۔ یہ لاش ایک عورت کی ہے۔ اس معاملہ کی تحقیقات زیر تحقیقات ہیں۔

### پوسہ ایگریکلچر ریسرچ انسٹیٹیوٹ

پوسہ ضلع بہار کے ایگریکلچرل ریسرچ انسٹیٹیوٹ دہلی میں منتقل کیا جا رہا ہے۔ اس امر کی ... انسٹیٹیوٹ کا افتتاح ... لارڈ ولنگڈن ... کریں گے جو آئندہ ...

---

## دولت پیدا کرنیوالی کتابیں

### صدائے صور

اس کتاب کی تدبیر عمل کے کوئی کام ... اس کتاب میں ... قیمت عہ محصول ڈاک بذمہ خریدار

### آسان کاروبار

اس میں ڈیڑھ سو سے زیادہ آسان صنعتیں لکھی گئی ہیں جن کو ایک معمولی سمجھ کا آدمی بھی اختیار کر کے روپیہ ڈیڑھ روپیہ مالیانہ کچھ مشکل نہیں اس کتاب میں ماہرین فن اور شناق لوگوں کی بتائی ہوئی ترکیبیں درج کی گئیں ہیں قیمت فی جلد ۸ محصول ڈاک بذمہ خریدار

### کون کپڑے نہیں پہنتا

اور کون نہیں چاہتا کہ اس کے کپڑے اچھے دھلے ہوئے ہوں آپ اس کتاب دھوبی کی مدد سے اپنے گھر میں کپڑے دھو سکتے ہیں سوتی اونی ریشمی زرین ہر قسم کے کپڑے دھونے چکنائی سیاہی وغیرہ کے دھبے دور کر کلپ استری کی آسان تدبیریں درج ہیں جن سے واقف ہو کر آپ واشنگ فیکٹری قائم کر سکتے ہیں قیمت فی جلد دس آنہ

### اسکول ماسٹر

اردو والوں کے لئے انگریزی سیکھنے کی عام فہم سہل ترین لاجواب کتاب ہے پروفیسر السنہ مشرقیہ جناب حاجی محمود حسن صاحب سابق ہیڈ ماسٹر ٹریننگ انسٹیٹیوٹ بمبئی کی تصنیف ہے قیمت بارہ آنے ۱۲

### اتالیق خطوط

خط لکھنے کا بھی ایک علیحدہ فن ہے پرانا طرز بدل چکا ہے نئے طرز نے مقبولیت عام حاصل کر لی ہے جو لوگ معمولی نوشت خواند کی قابلیت کے بعد اس کتاب کو پڑھیں گے انہیں اچھا خط لکھنا آ جائیگا اور جو بڑے اس کو پڑھینگے وہ بھی فائدہ حاصل کر سکیں گے قیمت ۸ محصول ڈاک بذمہ خریدار

منیجر الجمعیۃ بکڈپو بلیماران دہلی

## طبی کتابیں

### ضیاء الحکمت

یہ کتاب عربی سے ترجمہ ہو کر اردو میں جس سے عوام و خواص یکساں فائدہ اٹھا سکتے ہیں ایک بہترین کتاب ہے عربی میں اس کا نام تحفۃ الحکمت تھا اردو ترجمہ جامع کمالات روحانی بقراط ثانی طبیب نامی جناب حکیم سلامت اللہ صاحب سونی پتی نے فرمایا ہے طبی قواعد و ضوابط کی مختصر تشریح و توضیح کے بعد بے شمار مختلف امراض کے علاج نہایت خوبی کے ساتھ بتائے گئے ہیں جس کی ڈاکٹر یا کسی کے گھر میں یہ کتاب ہو گی اسے کسی ڈاکٹر یا کسی طبیب کا محتاج ہونا نہیں پڑے گا۔ کتاب کی ضخامت ۳۸۴ صفحات ہے قیمت ۱۲

### دستور العمل اطبا

جو حضرات علم طب کا شوق رکھتے ہیں ان کے لئے یہ کتاب اپنی آپ نظیر ہے اس کے مصنف بھی طبیب حاذق جناب حکیم خواجہ محمد سلامت اللہ صاحب ہی ہیں جنہوں نے اپنے مطب کے تجربات کا ذکر اس کتاب میں دل کھول کر کیا ہے اور اس طرح ان صدری نسخوں کو جو پشت ہا پشت سے استادوں کی معرفت سینہ بسینہ چلے آرہے تھے طشت از بام کر دیا ہے قیمت فی جلد ۸ محصول ڈاک بذمہ خریدار

### پانچسو صدری مجرب نسخے

بن باسی سنیاسیوں جوگیوں فقیروں اور حکیموں اور تجربہ کاروں سے حاصل کئے ہوئے اور آزمائے ہوئے پانچسو عجیب و غریب نسخے اس کتاب میں جمع کئے گئے ہیں یہ ایک نفیس طبیب کی یادگار ہے قابل قدر کتاب ہے قیمت ۸

منیجر الجمعیۃ بکڈپو بلیماران دہلی

## الحاد و دہریت کا سیلاب

وہ معرکۃ الآرا تصنیف جس کا بچشم شوق عرصہ دراز سے انتظار کیا جا رہا تھا شائع ہو گئی ہے اور ایسے وقت میں چھپ کر شائع ہوئی ہے۔ جب کہ دنیائے اسلام کو اس کی سخت ضرورت ہے۔ مغربی تہذیب و تمدن نے مسلمانوں کو اپنے مذہبی اعمال و عقائد سے بے خبر کر دیا ہے، اور مغربی تعلیم ان کو دہریت و بے دینی کی طرف لے جا رہی ہے، ہر شخص کا زاویہ نگاہ یہ ہے کہ وہ عقائد و احکام اسلامیہ کو عقل و فلسفہ کے معیار پر کسے اور علوم حاضرہ کی روشنی میں دیکھے یہ کتاب اس ضرورت کو بخوبی پورا کرتی ہے اس کے مطالعہ معلوم ہو گا کہ یہ کتاب مسلمانوں کے لئے کس قدر مفید ہے اور اس زمانہ میں جبکہ تعلیم جدید نے معتقدات میں تزلزل پیدا کر دیا ہے، اس کتاب کی اشاعت کیسی ضروری ہے۔

اسلام کے وہ تمام معتقدات جن پر ایمان لائے بغیر کوئی عبادت و عمل مقبول نہیں ہوتا نہایت شرح و بسط کیساتھ ۱۰۹ عنوانات کے تحت میں بیان کئے گئے ہیں، تمام معتقدات اسلامیہ کو علوم عقلیہ فلسفہ منطق، سائنس، ہیئت، طب، تشریح اور تاریخ وغیرہ سے قرآن و حدیث فقہ تفسیر کلام و تصوف کی روشنی میں اس طرح ثابت کیا ہے کہ جس کے مطالعہ کے بعد کسی قسم کے شک و شبہ کی مطلق گنجائش باقی نہیں رہتی اور جو شخص بھی اس کتاب کو سرسری نظر سے دیکھلیتا ہے اسلام کی روشنی اسکے دل و دماغ کو چکا دیتی ہے،

ہر مسلمان کا فرض ہے کہ اس کتاب کو خود پڑھے اور اپنے متعلقین کو پڑھائے تاکہ اپنے مقدس مذہب کے سچے اصول سے کما حقہ واقف ہو کر دین و دنیا کی برکتیں حاصل کرے لکھائی چھپائی دیدہ زیب کاغذ چکنا سفید قسم اعلیٰ سائز ۲۰×۲۶ صفحات ۴۰۴ قیمت بلا جلد عہ مجلد عہ تین روپے محصول ڈاک ۱۰

ملنے کا پتہ

الجمعیۃ بک ڈپو بلیماران دہلی

دہلی پرنٹنگ پریس دہلی میں باہتمام بلال احمد زبیری پرنٹر و پبلشر چھپکر دفتر اخبار الجمعیۃ سے شائع کیا۔

# الجمعیۃ بک ڈپو دہلی کی سیاسی و اقتصادی کتابوں کا نایاب ذخیرہ

### سیاسیات ہند

اس کتاب میں انگلستان کے تمام بڑے بڑے سیاسین اور مدبرین کے وہ مضامین جمع کئے گئے ہیں جو ہندوستان کے سیاسی حالات موجودہ تحریکات اور گذشتہ تاریخ سے تعلق رکھتے ہیں پہلے یہ کتاب صرف انگریزی میں شائع ہوئی تھی اب اس کا ترجمہ ہمارے کتب خانہ میں موجود ہے قیمت عہ محصول ڈاک بذمہ خریدار

### پارلیمنٹری کمیٹی کی رپورٹ

مشترکہ پارلیمنٹری کمیٹی نے جو رپورٹ ہندوستان کے آئندہ دستور اساسی کے متعلق پیش کی تھی انڈیا بل اسی رپورٹ کی بنیاد پر وضع کیا گیا ہے ہندوستانی دستور کے تمام اہم مسائل اس رپورٹ میں موجود ہیں اس کا اردو ترجمہ ہمارے پاس آگیا ہے جو صاحب طلب کریں فوراً ارسال کریں قیمت ایک روپیہ

### سکہ اور شرح تبادلہ

اس کتاب میں ہندوستان کی اقتصادی حالت اور موجودہ افلاس و غربت کے اسباب و علل پر بحث کی گئی ہے اردو زبان میں اس موضوع پر کوئی کتاب شائع نہیں ہوئی تھی محمد احمد صاحب کاظمی کی تصنیف ہے اور عام فہم زبان میں لکھی گئی ہے حجم ۲۲ صفحات قیمت ایک روپیہ

### آزادی

جان اسٹورٹ مل کی کتاب لبرٹی کا صحیح اور بامحاورہ ترجمہ ہے جو سیاسیات کے درس کا ایک اہم جزو ہے انگلستان کے ان چند ارباب فکر میں سے ہے جس نے آزادی خیال اور مذہبی ظلم سے یورپ کے اہل فکر میں انقلاب پیدا کر دیا۔ مترجمہ سید انصاری صاحب بی۔ اے ... قیمت ایک روپیہ آٹھ آنہ محصول ڈاک علاوہ۔

### نہرو رپورٹ

ہندوستان کے دستور اساسی کی تشکیل کیلئے یہ رپورٹ مرتب ہوئی تھی جس میں سیاسیات ہند اور ہندوستانیوں کے مطالبات کا شرح و صفاحت سے ذکر ہے قیمت مکمل عہ محصول ڈاک بذمہ خریدار۔

### مالیات عامہ

ہندوستان کے موجودہ اقتصادی حالات پر مالیات عامہ کے جو اثر کیا ان کا بیان اور ہمارے افلاس کے اسباب پر ایک دلچسپ تبصرہ ان مسائل سے دلچسپی رکھنے والوں کیلئے یہ کتاب بڑی مفید ہے مصنف ... ایم اے ایل ایل بی۔ مترجمہ مولوی قاضی محمد حسین صاحب، قیمت ۱۲ محصول ڈاک علاوہ

### مبادی معاشیات

علم المعیشت پر ایڈورڈ ... کی مشہور و معروف تصنیف ہے جس کا اردو ترجمہ ڈاکٹر ذاکر حسین خان صاحب ایم۔ اے۔ پی۔ ایچ۔ ڈی نے کیا ہے فن کے مبتدیوں کے لئے یہ بہت مفید ہے۔ اردو میں اس فن پر بہت کم کتابیں ہیں اور جو ہیں بھی وہ عام مطالعہ کیلئے زیادہ موزوں نہیں۔ مبادی معاشیات کا انداز بیان ایسا صاف ہے کہ ہر شخص پڑھکر فائدہ اٹھا سکتا ہے قیمت ۱۲ محصول ڈاک علاوہ۔

### انقلاب فرانس

مولوی عبد القادر صاحب بی۔ اے کی تصنیف ہے۔ جامعہ نے دنیا کے مختلف ممالک کے انقلابات پر مختصر کتابوں کا ایک سلسلہ شروع کیا ہے، یہ کتاب اس سلسلہ کی پہلی کڑی ہے۔ روس، امریکہ، آئرلینڈ وغیرہ کے انقلابات کے حالات زیر ترتیب ہیں ناظرین کے لئے یہ بہت ہی عجیب اور پر از معلومات سلسلہ ہے خصوصاً یہ پہلی کتاب اردو زبان میں اس موضوع پر ایک خاص حیثیت کی حامل ہے فوراً طلب فرمایئے۔ قیمت صرف ۱۲

### کسان

جناب محمود علی ... نے انگریزی سے ترجمہ کیا ہے۔ اس کتاب میں کسان کے افلاس کے اسباب اور ان کے علاج پر مفصل بحث کی گئی ہے۔ اور بتایا گیا ہے کہ قدیم زمانہ میں کسان کا کیا درجہ تھا اور دیہی نظام کی کیا صورت تھی؟ پھر کس طرح رفتہ رفتہ اس کو خوشحال سے محتاج بنایا گیا ہے؟ اور اب کیا صورتیں اختیار کی جائیں کہ دوبارہ اس کے دن پھر جائیں۔ کسانوں کے قریب طبقے سے دلچسپی رکھنے والے حضرات ضرور ضرور پڑھیں۔ قیمت ایک روپیہ آٹھ آنہ

### تلاش حق

گاندھی جی کی آپ بیتی کا اردو ترجمہ از ڈاکٹر سید عابد حسین صاحب ایم۔ اے۔ پی ایچ ڈی۔ بڑی خوشی کی بات ہے کہ اردو میں ایسی مفید کتاب کا ترجمہ کامیاب ہوا ہے کہ ہر شخص اپنے پورے اطمینان کا اظہار کر سکتا ہے۔ تلاش حق کی دو جلدیں ہیں جن میں تقریباً ۵۰۰ صفحات پر مشتمل ہیں۔ مہاتما جی کی زندگی کے مختلف حصوں کے سات بلاک ہیں کتاب اس خیال سے کہ غریب امیر ہر شخص کے ہاتھوں تک پہنچ سکے دو قسم کے کاغذ پر چھپوائی گئی ہے قسم اول عمدہ کاغذ دونوں حصے ۔ قسم دوم دونوں حصے صرف ۔

### دو خدائی خدمتگار

جناب ڈاکٹر خان صاحب اور خان عبد الغفار خان کے حالات زندگی انگریزی زبان میں گاندھی جی کے ارشاد پر مہادیو ڈیسائی نے لکھے تھے یہ کتاب انہی حالات کا نہایت سلیس اور نفیس اردو ترجمہ ہے۔ ... یہ سرحد کی سیاسی تحریک سے ابتدائی واقفیت حاصل کر سکتے ہیں۔ کتاب بہت خوبصورت چھپی ہے اور آٹھ تصویریں بھی ہیں قیمت صرف بارہ آنہ ۱۲

### ضبط نفس

کا اردو ترجمہ از ڈاکٹر سید عابد حسین صاحب گاندھی جی کی یہ کتاب ابھی شائع ہوئی ہے اور تمام نوجوانوں کو خواہ شادی شدہ ہوں یا غیر شادی شدہ اس میں بہترین مشورے دیئے گئے ہیں اور ضبط نفس کے دو طریقے تجویز کئے ہیں جو انسان کو انسان بنا سکتے ہیں۔ قیمت ۱۲

### جمال الدین افغانی

یہ وہ کتاب نہیں جو اردو اکادمی کا مقالہ ہے بلکہ خاص طور پر طلبا کیلئے لکھی گئی ہے سید صاحب کے حالات زندگی، اور ہندوستان، ایران، ترکی، مصر اور فرانس کے کارناموں کا تفصیلی تبصرہ ہے مفتی محمد عبدہ اور سید صاحب کی تصاویر بھی ہیں۔ قیمت آٹھ آنے۔

### اعلان

کانگریس گولڈن جوبلی کی تقریب اور عید الفطر کی خوشی کے سلسلہ میں یہ اعلان کیا جاتا ہے کہ اس صفحہ کی تمام سیاسی، اقتصادی کتابوں میں سے جو صاحب کم سے کم پانچ روپیہ کی کتابیں طلب فرمائیں گے انہیں ایک جلد تفسیر سیرت مصنفہ حضرت مولانا احمد سعید صاحب قیمتی ایک روپیہ مفت دی جائے گی ایک روپیہ کی کتابوں کیلئے ٹکٹ ڈاک محصول آنا چاہئے

منیجر الجمعیۃ بکڈپو بلیماران دہلی

### خطبات صدارت

شیخ المحدثین حضرت مولانا سید محمد انور شاہ صاحب

حضرت مولانا محمد انور شاہ صاحب کی ذات گرامی کسی تعارف کی محتاج نہیں ہے آپ جمعیۃ علماء ہند کے سالانہ اجلاس منعقدہ پشاور میں جو بے نظیر خطبہ بحیثیت صدر اجلاس پڑھا تھا اس کے متعلق صرف اس قدر کہنا کافی ہے کہ آج تک اس طرح پر معلومات سیاسیہ اور مذہبیہ سے لبریز کوئی خطبہ جمعیۃ علماء ہند کے پلیٹ فارم پر نہیں پڑھا گیا مسلمانوں کے لئے اس کا مطالعہ بیحد ضروری ہے یہ خطبہ صدارت مباحث ذیل پر مشتمل ہے:۔ (۱) ضرورت ملی و تقسیم عمل (۲) ادلی الامر کی تشریح (۳) مسئلہ ختم نبوت (۴) اہل اسلام کا ارتباط دینی (۵) معاہدہ مسلمین با غیر مسلمین و دار الاسلام۔ دار الحرب۔ دار الامان کی بحث (۶) نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہود مدینہ کے ساتھ معاہدہ (۷) صوبہ سرحد کی سیاسی حالت (۹) دہلی کی تجویز مفاہمت (۱۰) دار القضاء کی ضرورت (۱۱) مسلمان عورتوں کی بے کسی اور فتنہ ارتداد (۱۲) نصب امیر یا قاضی کے اختیارات (۱۳) فریضہ تبلیغ و اصول تبلیغ (۱۴) تربیت مسلمین (۱۵) لڑکیوں کی میراث سے محرومی (۱۶) رخصتی پر روپیہ لینا (۱۷) تحفظ اوقاف۔ اس خطبہ کی بہت کم جلدیں رہ گئی ہیں اگر فرمائش بھیجنے میں تاخیر کی تو پھر اس نایاب خطبہ کا حاصل کرنا بہت مشکل ہو جائے گا۔ لکھائی چھپائی اور کاغذ نہایت عمدہ ہے ظاہری اور باطنی محاسن کے باوجود قیمت صرف ۱۲ ہے محصول ڈاک خریدار کے ذمہ ہوگا۔

### خطبہ صدارت مولانا حسین احمد صاحب مدنی

جو ۲۲ اگست ۱۹۲۳ء کو پاٹودی ہاؤس میں پڑھا گیا قیمت صرف ۱

دنیائے ادب کے ماہر مولانا سید سلیمان صاحب ندوی سے تقریباً تمام علمی طبقہ اچھی طرح واقف ہے یوں تو آپ کی ہر اردو تصنیف زبان و معلومات کا اعلیٰ معیار ہے مگر خصوصیت سے مولانا کا خطبہ صدارت جو آپ نے جمعیۃ علمائے ہند کے اجلاس منعقدہ ۱۱، ۱۲، ۱۳، ۱۴ مارچ ۱۹۲۶ء کلکتہ میں پڑھا گیا قیمت صرف ۸

حضرت مولانا شاہ معین الدین صاحب اجمیری کا خطبہ صدارت جو جمعیۃ علمائے ہند کے اجلاس منعقدہ ۳، ۴، ۵ مئی ۱۹۲۶ء کو امروہہ میں پڑھا گیا قیمت ۸

خطبہ صدارت حضرت مولانا ابو المحاسن محمد سجاد صاحب نائب امیر شریعت صوبہ بہار جو جمعیۃ علمائے ہند کے اجلاس خصوصی منعقدہ ۱۵، ۱۶، ۱۷ جمادی الآخر ۱۳۴۵ھ مراد آباد میں پڑھا گیا۔ قیمت ۸

خطبہ صدارت حضرت مولانا شیخ الہند رحمۃ اللہ علیہ جو مسلم یونیورسٹی علی گڑھ میں ۲۹ اکتوبر ۱۹۲۰ء کو پڑھا گیا قیمت ۳

خطبہ صدارت جانشین حضرت شیخ الہند مولانا حسین احمد صاحب جمعیۃ علمائے ہند کے اجلاس منعقدہ ۹ دسمبر ۱۹۲۳ء بمقام کوکناڈا پڑھا گیا قیمت ۳

خطبہ صدارت لعل حریت حضرت مولانا ابو الکلام صاحب آزاد جو اجلاس خصوصی انڈین نیشنل کانگریس منعقدہ ۱۵ دسمبر ۱۹۲۳ء کو دہلی میں پڑھا گیا قیمت ۳

مضامین مولانا ابو الکلام صاحب آزاد حصہ اول قیمت ۱۰

مولانا ابو الکلام صاحب آزاد کا معرکۃ الآرا بیان جو آپ نے مجسٹریٹ کلکتہ کی کچہری میں دیا تھا قیمت ۳

تازہ مضامین مولانا ابو الکلام صاحب آزاد ۱۲

### مولانا ابو الکلام صاحب آزاد کا آخری پیغام

جو آپ نے جیل جانے سے ایک روز قبل تحریر فرمایا تھا قیمت ایک آنہ

حیات محمود سفرنامہ اسیر مالٹا۔ اسلامی دنیا کا کونسا ایسا انسان ہے جو حضرت شیخ الہند کے نام نامی سے واقف نہیں جن حضرات کو آپ کی زیارت اور فیض صحبت کا موقع ملا ہے ان کے قلوب اس کی کچھ قدر کر سکتے ہیں۔ اسیر الہند حضرت مولانا حسین احمد صاحب مدنی جانشین شیخ الہند صدر المدرسین دار العلوم دیوبند نے حضرت کی زندگی کے کچھ صحیح واقعات مرتب کئے ہیں جس میں آپ کے حالات سفر اور اسارت مالٹا اور مظالم فرنگ کا مکمل نقشہ کھینچ کر دکھایا ہے۔ اس کتاب کے پڑھنے سے آپ کو حضرت شیخ الہند کے حالات زندگی کے علاوہ اور بہت سے علمی گوشوں پر عبور حاصل ہو گا مسلمانوں کے لئے اس کا مطالعہ از حد ضروری ہے صرف چند جلدیں رہ گئی ہیں اصلی قیمت ۱۲ رعایتی صرف ۸ محصول ڈاک علاوہ

# مدینہ والے آقا کی سیرت

مسلمانوں کے آقا و مولا حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی حیات طیبہ کے بصیرت افروز واقعات حضرت سحبان الہند مولانا الحاج حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند کی زبان مبارک نے ہلکی صاف اور شستہ اردو میں سلاست بیان و لطافت ادب کے ساتھ اتنے عام فہم پیرایہ میں جسے ہر لکھا پڑھا مسلمان آسانی سمجھے اور اس سے حسب دلخواہ متمتع ہو اگر کہیں مل سکتے ہیں وہ مولانائے ممدوح کی تقریر سیرت ہی میں مل سکتے ہیں جس نے تمام ہندوستان کے اندر شہرت عام اور بقائے دوام حاصل کرلی ہے۔

اخبارات و رسائل کے ایڈیٹران خصوصی نے اس تقریر پر شاندار تنقیدیں شائع کی ہیں، اہل بصیرت نے اسے دیکھتے ہی آنکھوں سے لگایا اور دل میں جگہ دی۔ پہلا ایڈیشن ہاتھوں ہاتھ فروخت ہوچکا ہے۔ صرف چند کاپیاں باقی رہ گئی ہیں۔ دوسرا ایڈیشن تیار ہے اور پہلے سے زیادہ آب و تاب کے ساتھ طباعت سے آراستہ ہوا ہے، کاغذ سفید اور چکنا ہے، کتابت نسبتاً جلی ہے، حجم دو سو صفحات سے بھی بڑھ گیا ہے، اور قیمت وہی ایک روپیہ عہ رکھی گئی ہے جو پہلے تھی، شائقین سیرت کو چاہیئے کہ آج ہی اس نئے ایڈیشن کے لئے آرڈر ارسال فرمائیں۔ قیمت مع محصول ڈاک ایک روپیہ سات آنے (عہ) ہے

# ہندوستان کا افلاس اور اقتصادی تباہ حالی

ہندوستان باوجود اس قدر زرخیز ملک ہونے کے اتنا مفلس اور غریب کیوں ہے کہ اس کے لاکھوں کروڑوں باشندوں کو پیٹ بھر کر روٹی بھی نہیں ملتی؟ یہ ایک سوال ہے جس کے جوابات بہت سے ہو سکتے ہیں اور ہر جواب میں موجودہ افلاس کے اسباب میں سے ایک سبب پر زور دیا جا سکتا ہے۔ مگر تمام اسباب کی بنیاد حقیقتہً ایک ہی ہے اور وہ اس ملک کی انتہائی بدقسمتی ہے، جب تک ہماری اقتصادی و مالی پالیسی ہمارے ہاتھ میں نہیں ہوگی اور ہم خود اپنی دولت کے متعلق فیصلہ نہیں کرسکیں گے اس وقت تک یہ افلاس اور یہ تباہ حالی دور نہیں ہو سکتی۔

اگر اس مسئلہ پر آپ کو اردو زبان میں ایک مفید اور عام فہم کتاب پڑھنا ہے اور موجودہ افلاس کا صحیح سبب اور مالی کمزوریوں کی اصل وجہ سمجھنی ہے تو آج ہی اس موضوع کے متعلق ایک بہترین اردو کتاب منگا کر اپنی معلومات میں اضافہ کیجئے۔ قیمت فی جلد ایک روپیہ (عہ) اور مع محصول ڈاک ایک روپیہ سات آنے (عہ) ہے

ملنے کا پتہ

منیجر الجمعیۃ بک ڈپو بلیماران دہلی